

تفسیر
ضیاء القرآن
حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ
الاحزاب تا الطور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ضیاء القرآن

التمہیدی

پیر محمد کرم شاہ ایم اے (الازہری)

سجادہ نشین بھیرہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ضیاء القرآن

التبیان

جلد چہارم

الاحزاب ــ تا ــ الطّور

پیر محمد کرم شاہ ایم اے (الازہر)

سجادہ نشین بھیرہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور

جملہ حقوق بحق ضیاء القرآن پبلی کیشنز محفوظ ہیں
ضیاء القرآن جلد چہارم کے حقوق کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہیں

نام کتاب	ضیاء القرآن (جلد چہارم)
مفسر	حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمتہ اللہ علیہ
ناشر	محمد حفیظ البرکات شاہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
سال اشاعت	2015ء
مطبع	ضیاء القرآن پرنٹنگ پریس، لاہور
تعداد	تین ہزار
کمپیوٹر کوڈ	QT4

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ، لاہور فون: 37221953 فیکس:۔042-37238010
9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔فون: 37247350 فیکس 042-37225085
14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی
فون 021-32212011-32630411 فیکس 021-32210212
e-mail:-info@zia-ul-quran.com
Visit our website: www.zia-ul-quran.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	سورۃ الاحزاب	۵
۲	سورۃ سبا	۱۰۷
۳	سورۃ فاطر	۱۳۷
۴	سورۃ یٰسٓ	۱۶۵
۵	سورۃ الصّٰفّٰت	۱۹۵
۶	سورۃ صٓ	۲۲۳
۷	سورۃ زمر	۲۲۵
۸	سورۃ مومن	۲۸۷
۹	سورۃ حٰمٓ السجدہ	۳۲۷
۱۰	سورۃ شوریٰ	۳۵۹
۱۱	سورۃ زخرف	۳۹۷
۱۲	سورۃ الدّخان	۴۳۱
۱۳	سورۃ الجاثیہ	۴۴۷
۱۴	سورۃ الاحقاف	۴۶۷
۱۵	سورۃ محمّد	۴۹۹
۱۶	سورۃ فتح	۵۲۳
۱۷	سورۃ حجرات	۵۷۵
۱۸	سورۃ قٓ	۶۰۵
۱۹	سورۃ الذّٰریٰت	۶۲۳
۲۰	سورۃ الطّور	۶۴۳

فہرست نقشہ جات

نمبر شمار		صفحہ
۱	عہدِ نبوّت میں عرب قبائل کے علاقے	۱۸
۲	نقشہ جنگِ خندق	۲۲
۳	صحرائے الاحقاف	۴۹۰
۴	نقشہ متعلّقہ سورۃ الاحقاف	۴۹۴

تعارف سورۃ الاحزاب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ پاک کا نام الاحزاب ہے۔ جو اس سورت کی آیت نمبر ۲۰ میں مذکور ہے۔ نیز اس میں غزوۂ احزاب کا تفصیلی تذکرہ ہے، جو نتائج کے اعتبار سے ایک فیصلہ کن جنگ تھی۔ اس لیے اس سورت کو اسی نام سے معنون کیا گیا۔ اس میں نو رکوع، تہتر آیتیں اور ایک ہزار دو صد اسی کلمات اور پانچ ہزار سات صد نوے حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی (1)۔ اس میں جن واقعات کا تذکرہ ہے یعنی غزوۂ احزاب (2)، بنی قریظہ (3) اور نکاحِ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا (4)، وہ اس بات کی شہادت دے رہے ہیں کہ اس کا نزول ۵ھ میں ہوا۔

مضامین: اس سورۂ مبارکہ میں تاریخِ اسلام کے اہم واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ عرب کے جاہلانہ رسم و رواج میں دوررس اور انقلابی نوعیت کی اصلاحات کی گئی ہیں۔ حضور سرورِ عالم ﷺ کی خانگی زندگی کے کئی گوشوں کو آشکارا کیا گیا ہے۔ ازواجِ مطہرات اور خاندانِ رسالت کو خصوصی ہدایات اور ارشادات فرمائے گئے ہیں۔ مسلم معاشرہ میں مرد و زن کے آزادانہ اختلاط کو روکا گیا ہے۔ پردہ کے نظام کو بروئے کار لانے کے لیے ابتدائی ہدایات دی گئی ہیں۔ حضور سرورِ کائنات ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کا اعلان فرما دیا گیا ہے۔ اِن تمام اُمور نے اس سورت کو بڑی اہمیّت بخش دی ہے۔ ہر چیز کا تفصیلی بیان تو اپنے اپنے مقام پر آئے گا، اس تعارف میں صرف اجمالی اشارات کیے گئے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ قارئینِ کرام سورت کا مطالعہ کرنے سے پہلے ان امور کو اپنے ذہن میں محفوظ کر لیں اور جب ان کے تفصیلی ذکر کے مقام سے ان کا گزر ہو تو وہ بے خبری میں ہی نہ گزر جائیں بلکہ وہاں توقّف کریں، غور و تدبّر کریں اور قرآنِ کریم کی روشنی سے اکتسابِ نور کرتے ہوئے آگے بڑھیں۔

اس سورت کے آغاز میں عہدِ جاہلیت کی رسوم و عادات پر ضربِ کاری لگائی گئی ہے۔ لیکن اس سے پہلے یہ فرما دیا کہ بندۂ مومن پر لازم ہے کہ اپنے خداوندِ ذوالجلال کے ہر حکم کی بے چُون و چرا تعمیل کرے اور اگر ایسا کرتے ہوئے اُسے لوگوں کی ملامت کا ہدف بننا پڑے یا لوگوں کی برہمی اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑے تو ذرا نہ گھبرائے بلکہ اپنے ربِ کریم پر توکّل کرے اور اپنے سارے کام اس کے سپُرد کر دے اس سے بہتر کارساز اور کون ہو سکتا ہے؟ ساتھ ہی یہ نکتہ بھی بیان کر دیا کہ دل ایک ہی ہوتا ہے، یا اس دل میں دنیا اور اہلِ دنیا کی محبت خیمہ زن ہو گی یا خدا کی بندگی کا جذبہ اپنا پرچم لہرائے گا۔ ان دو میں سے ایک کا انتخاب ناگزیر ہے۔ اگر انسان کے پہلو میں دو دل ہوتے تو ممکن تھا کہ ایک دل میں خدا اور دوسرے میں دنیا کو وہ جگہ دے دیتا۔ اور بیک وقت دونوں کشتیوں میں سوار رہ سکتا۔ لیکن دل صرف ایک ہے، اب یہ تمہاری مرضی چاہے اسے بیت اللہ بناؤ۔ چاہے اسے دنیا کی آلائشوں کے سپُرد کر دو۔

1۔ روح المعانی، جلد 11، جز 21، ص 142 2۔ السیرۃ النبویۃ لابن کثیر، ج 3، ص 180 3۔ ایضاً، ص 250 4۔ ایضاً، ص 277

اس اثر آفرین اور دلنشین تمہید کے بعد عہدِ جاہلیت کی دو رسموں کا قلع قمع کر دیا۔ اس وقت یہ رواج تھا کہ اگر کسی کی زبان سے اپنی بیوی کے بارے میں یہ لفظ نکل جاتے کہ تُو میرے لیے میری ماں کی طرح ہے تو وہ ہمیشہ کے لیے اس پر حرام ہو جاتی۔ یہ بالکل لغو بات تھی۔ صرف زبان ہلا دینے سے ایک عورت اس کی ماں کیسے بن سکتی ہے؟ اس لیے اس رسم کو باطل قرار دیا۔ لیکن بیوی کو ماں کہنا بھی پرلے درجے کی حماقت ہے اس لیے ایسا کہنے سے بھی روک دیا اور اس قسم کی غیر ذمہ دارانہ گفتگو کرنے والے پر کفارہ ادا کرنا لازم قرار دے دیا۔ تفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔

دوسرا رواج ان میں یہ تھا کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے کے بیٹے کو اپنا متبنّٰی بنا لیتا تو وہ ہر لحاظ سے اس کا حقیقی بیٹا شمار ہوتا۔ حقیقی بیٹے کے تمام حقوق اور سب مراعات اسے حاصل ہو جاتیں۔ وہ وراثت میں حصہ دار بن جاتا۔ اس کی بیوی متبنّٰی بنانے والے پر حرام ہو جاتی۔ گھر کی مستورات کے ساتھ اس کا خلط ملط حقیقی بیٹے کی طرح بے تکلفانہ اور بے حجابانہ ہوتا۔ یہ قبیح رسم طرح طرح کی حق تلفیوں اور اخلاقی قباحتوں کا سبب بن کر رہ گئی تھی۔ متوفّٰی کے حقیقی وارث جدی جائیداد سے محروم ہو جاتے اور ایک اجنبی لے پالک سب کچھ ہڑپ کر جاتا۔ ایک اجنبی نوجوان بے حجابانہ، وقت بے وقت جب آنے جانے لگتا تو اس طرح کئی اخلاقی قباحتیں جنم لینے لگتیں۔ اس لیے ضروری تھا کہ اس قبیح رسم کی بیخ کنی کر دی جاتی۔ لیکن صدہا سال سے یہ رسم چلی آ رہی تھی۔ اس کی جڑیں وہاں کی سوسائٹی میں بڑی گہری ہو چکی تھیں۔ لہٰذا ناگزیر تھا کہ سرورِ عالم ﷺ خود عملی طور پر اس رسم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتے۔ چنانچہ حضرت زید جو حضور ﷺ کے متبنّٰی تھے، ان کی زوجہ حضرت زینب سے بعد طلاق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نکاح فرما کر اس قبیح رسم کا خاتمہ کر دیا۔ اگرچہ بدفطرت لوگوں نے طوفانِ بدتمیزی برپا کیا، لیکن حضور سرورِ کونین ﷺ کی آفتاب سے تابندہ تر زندگی اور سیرت کے سامنے وہ فتنہ اپنی موت آپ مر گیا۔

غزوۂ احد میں گھاٹی کے تیراندازوں کی فروگزاشت کے باعث مسلمانوں کو سخت جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ کفارِ مکہ کے دلوں میں اپنی بالادستی کا خیال جم گیا۔ انہوں نے مسلمانوں کے خلاف اپنی سرگرمیاں تیز کر دیں۔ صحرائی بدو قبائل نے بھی جب مسلمانوں کے جانی نقصانات کا چرچا سنا تو انہوں نے بھی شرارتیں شروع کر دیں۔ مدینہ طیبہ میں یہودیوں کے جو قبائل، بنی نضیر اور بنی قریظہ آباد تھے باوجود دوستی کے معاہدوں کے وہ بھی مسلمانوں کو آنکھیں دکھانے لگ گئے۔ مسلمانوں کے ایک دستہ نے لاعلمی سے بنی عامر کے دو آدمی مار ڈالے۔ ان کی دیت میں حسبِ معاہدہ بنی نضیر کو بھی اپنا حصہ ادا کرنا تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے محلہ میں تشریف لے گئے اور انہیں اپنا حصہ ادا کرنے کے لیے کہا۔ وہ بظاہر بڑے احترام سے پیش آئے اور ایک مکان کی دیوار کے نزدیک حضور کو بٹھایا۔ چھت پر چکی کا ایک بھاری پاٹ رکھا تھا۔ انہوں نے سازش کی کہ چپکے سے کوئی آدمی اوپر چڑھ جائے اور اس کو نیچے پھینک دے۔ ان کا ارادہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شہید کرنے کا تھا۔ جبرئیل امین نے حسبِ حکمِ الٰہی فوراً مطلع کر دیا۔ حضور وہاں سے اٹھ کر چلے آئے۔ بنی نضیر کو اس غدر کے باعث حکم دیا کہ وہ دس دن کے اندر مدینہ سے نکل جائیں۔ عبداللہ بن اُبی کی انگیخت پر پہلے تو وہ اکڑ گئے اور مدینہ چھوڑنے سے صاف انکار کر دیا۔ نبی کریم ﷺ نے ان کے محلہ کا محاصرہ کر لیا۔ کوئی منافق ان کی امداد کے لیے نہ آیا۔ آخر انہوں نے جان بخشی کی التجا کی جو قبول کر لی گئی اور ایک ایک

اونٹ پر جتنا گھریلو سامان وہ لے جا سکتے تھے، انہیں لے جانے کی اجازت دے دی گئی۔ یہ لوگ خیبر اور وادی القریٰ میں جا کر آباد ہو گئے۔ انہوں نے مشرکینِ عرب کو مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے لیے اکسایا اور عرب کے بدو قبائل کے پاس بھی ان کے وفد گئے۔ انہیں بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ چنانچہ دس بارہ ہزار کے لشکر نے ایک چھوٹی سی بستی پر ہلہ بول دیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو خائب و خاسر کیا اور اپنے رسولِ مکرم کو فتحِ مبین عطا فرمائی۔ تفصیلی حالات آیات کے ضمن میں مذکور ہیں۔ اس سے ایک تو یہ فائدہ ہوا کہ کفار کے غبارہ سے ہمیشہ کے لیے ہوا نکل گئی۔ پہلے وہ حملہ آور تھے اور مسلمان صرف دفاعی جنگ لڑ رہے تھے۔ اب مسلمان آگے بڑھ کر حملہ کرنے کی پوزیشن میں ہو گئے اور کفار صرف دفاع اور وہ بھی ''بے دلی'' سے کرنے پر قانع ہو گئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس روز اعلان فرما دیا: ''لَنْ تَغْزُوَكُمْ قُرَيْشٌ بَعْدَ عَامِكُمْ هٰذَا وَلٰكِنَّكُمْ تَغْزُوْنَهُمْ'' (1)۔ یعنی آج کے بعد قریش تم پر لشکر کشی نہ کر سکیں گے، اب تم ہی ان پر لشکر کشی کرو گے۔

دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ منافق بے نقاب ہو گئے۔ اس نازک مرحلہ میں انہوں نے جس بزدلی اور لاتعلقی کا ثبوت دیا، اُس نے اُن کو بے نقاب کر دیا۔ اب مسلمان اُن کو خوب پہچان گئے اور ان کی اذیت رسانیوں سے محتاط ہو گئے۔ تیسرا فائدہ یہ ہوا کہ بنی قریظہ، یہودی قبیلہ، جس کے مسلمانوں کے ساتھ عہد و پیمان تھے اس نے جنگ کے دوران میں عہد شکنی کی اور دشمن کے ساتھ مل گیا، لیکن حضور کی حکمتِ عملی سے مشرکین اور یہود کی اجتماعی کوششیں ناکام ثابت ہوئیں۔ آخر کار یہ قبیلہ بھی کیفرِ کردار کو پہنچا۔ تفصیلات اپنے اپنے مقام پر آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے دشمنانِ حق کے دلوں پر اسلام کی دھاک بٹھا دی۔ عرب کے سارے قبائل سہم گئے۔ ان کے دلوں میں مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے جو فاسد خیالات وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے رہتے تھے، وہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئے۔ مدینہ طیبہ کی فضا اب یہود کی اذیت رسانیوں سے محفوظ ہو گئی۔

عام طور پر سیاسی راہنماؤں کی خانگی زندگی اور پبلک زندگی الگ الگ ہوا کرتی ہے۔ ان میں بیّن تضاد پایا جاتا ہے۔ وہ دوسروں کو تو سادگی اور کفایت شعاری کی تلقین کرتے ہیں اور ان کے اپنے گھروں میں تکلفات اور سامانِ عشرت کی بھرمار ہوتی ہے۔ وہ لوگوں کو اعلیٰ کردار اور پاکیزہ سیرت کی تلقین کرتے ہیں، لیکن ان کے اہلِ خانہ کا دامن غفلت، سہل انگاری اور طرح طرح کی آلودگیوں سے ملوث ہوتا ہے۔ لیکن راہبرِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہلبیت کو حکم دیا جا رہا ہے کہ اگر تمہیں دنیا کی آسائشیں اور آرائشیں عزیز ہیں تو پھر تم اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول کے گھر کی زینت نہیں بن سکتی ہو۔ سارے خاندانِ نبوت کے لیے اخلاق، عبادات، تزکیۂ باطن اور پاک نفسی کا ایک مخصوص منشور پیش کیا جا رہا ہے، انہیں ان کے مقامِ رفیع کا احساس دلا کر اس کی عظیم ذمہ داریوں کو نبھانے کا تاکیدی حکم دیا جا رہا ہے۔

پردے کا جو حکیمانہ نظام قرآنِ کریم سارے مسلم معاشرہ میں نافذ کرنا چاہتا ہے، اس کے ابتدائی احکامات بھی یہاں ذکر کر دیئے گئے ہیں۔ لیکن کردار کی بلندی، اخلاق کی پاکیزگی، عباداتِ الٰہی میں ذوق و شوق صرف خانوادۂ نبوت تک ہی محدود نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے ہر مرد و زن کو جن خوبیوں سے متصف ہونا چاہیے آیت نمبر ۳۵ میں بڑی تفصیل سے ان کو بیان کر دیا گیا۔

ان تمام امور کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جن خصوصی انعامات، عظیم احسانات اور غیر متناہی کمالات

1۔ تفسیر ابن کثیر، ج 3، ص 477۔ سیرت ابن ہشام، ج 3، ص 274

سے سرفراز فرمایا ہے، ان کو بڑے دلفریب انداز میں اس سورت میں بیان کر دیا گیا تا کہ جن وانس بلکہ ساری کائنات کو پتہ چل جائے کہ وہ ہستی جو قرآنِ کریم جیسی عظیم البرکت کتاب لے کر تشریف لائی ہے، جو اسلام جیسے دینِ فطرت کی داعی بن کر آئی ہے، جس نے نوعِ انسانی کو قیامت تک کے لیے شریعتِ بیضاء کی صورت میں ایک جامع ضابطۂ حیات مرحمت فرمایا ہے اس کی شان اپنے بھیجنے والے کی بارگاہ میں کیا ہے، تا کہ کوئی کند ذہن کسی تاویل سے اللہ تعالیٰ کے محبوبِ مکرم کی رفعتِ شان کا انکار نہ کر سکے۔ فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کا فرستادہ اور خاتم النبیین ہے۔ اس سراجِ منیر کے افقِ وجود پر طلوع ہونے کے بعد چراغوں، ستاروں اور چاند کی روشنی کی ضرورت نہیں رہی۔ اب کوئی نیا نبی نہیں بھیجا جائے گا۔ نیز فرمایا کہ وہ سب صداقتوں کی سچائی کا گواہ ہے۔ اس کا وجود، اس کی صفات، اس کے اقوال، اس کے اعمال، اس کے سارے احوال اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والے ہیں۔ یہ سراجِ منیر بن کر تشریف لایا ہے۔ پھر فرمایا: میں اور میرے فرشتے سب اس کی ثنا گستری کر رہے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی میرے محبوب رسول پر، قائدِ انسانیت پر، اس آفتابِ عالمتاب پر درود وسلام بھیجا کرو۔

ان کے علاوہ کئی دلآویز حقائق ہیں جو اپنے اپنے مقام پر پوری آب وتاب کے ساتھ چمک رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان سے استفادہ کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ الاحزاب مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اسکی آیتیں ۷۳، اسکے رکوع ۹

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اے نبی (مکرم! ہمارے حسب سابق) ڈرتے رہیے اللہ تعالیٰ سے ۲ اور نہ کہنا مانیے کفار اور منافقین کا ۳ بے شک اللہ تعالیٰ

۱ اس مبارک سورت کا آغاز یٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ کے پُرجلال کلمات سے کیا گیا ہے۔ براہِ راست اس خصوصی خطاب کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں چند ایسی اصلاحات کا حکم دیا جا رہا ہے جو قدامت پرست اہلِ عرب کے رسم و رواج کے سراسر خلاف تھیں۔ معاشرہ میں جب کوئی فعل رواج پکڑ جاتا ہے اور پُشت ہا پُشت سے لوگوں کا اس پر تعامل ہوتا ہے تو اسے ایک تقدّس اور احترام حاصل ہو جاتا ہے، وہ لوگوں کی عقیدت کا مرکز بن جاتا ہے اور وہ اس بارے میں اتنے جذباتی ہو جاتے ہیں کہ اس میں کسی اصلاح اور ترمیم کو برداشت نہیں کرتے اور کسی بڑی سے بڑی ہستی کو بھی اس میں ردو بدل کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ قوموں کی اصلاح کا بیڑا اٹھانے والوں کے لیے سب سے صبر آزما لمحے وہی ہوتے ہیں جب وہ اپنی قوم کے غلط اور مضرت رساں رسم و رواج کے خلاف علمِ جہاد بلند کرتے ہیں۔

کیونکہ اس سورت میں عرب کے قدامت پسند معاشرہ اور ان کے غلط رواجوں کی اصلاح کرنا مقصود ہے، اور قوم کے شدید ردِّ عمل کا اندیشہ ہے اس لیے اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو خصوصی طور پر خطاب فرما کر چند ہدایات سے سرفراز کر رہے ہیں تاکہ حضورؐ کے خلاف کذب و افتراء کے جو طوفان اٹھنے والے ہیں، ان میں آپ ثابت قدمی اور استقامت کا مظاہرہ کریں۔

دوسرے انبیاء کو ہمیشہ ان کے نام سے مخاطب کیا جاتا ہے: یا آدم، یا نوح، یا ابراھیم۔ ''اے آدم، اے نوح، اے ابراہیم۔'' لیکن اپنے حبیب کو جب بھی خطاب فرمایا تو نام سے نہیں بلکہ اسمِ وصفی سے۔ اس سے مقصود حضورؐ کی عظمتِ شان اور جلالتِ قدر کا اظہار ہے (1)۔ چنانچہ علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر مفسرین نے لکھا ہے: نَادَاهُ جَلَّ وَعَلَا بِوَصْفِهٖ دُوْنَ اسْمِهٖ تَعْظِيْمًا لَّهٗ وَتَفْخِيْمًا (2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی تعظیم و تکریم اور اظہارِ شان کے لیے وصفِ نبوت سے یاد فرمایا اور نام لے کر ندا نہیں دی۔

صاحبِ لسان العرب لفظ ''نبی'' کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ اس کے ماخذِ اشتقاق کے متعلق اہلِ لُغت کے تین قول ہیں۔ (۱) یہ نبأ سے مشتق ہے (۲) یا نبوۃ سے (۳) یا نباوۃ سے مشتق ہے۔ پہلے قول کے مطابق نَبِیٌّ بروزنِ فَعِیلٌ بمعنی مُفْعِل مُخْبِر ہوگا یعنی جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا ہو۔

علامہ جوہری اور فرّاء دونوں کی رائے یہی ہے کہ یہ نبأ سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا۔

الجوہری: وَالنَّبِيءُ الْمُخْبِرُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لِاَنَّهٗ اَنْبَاَ عَنْهُ وَهُوَ فَعِيْلٌ بِمَعْنٰى مُفْعِلٌ۔

قَالَ الْفَرَّاءُ: اَلنَّبِيءُ هُوَ مَنْ اَنْبَاَ عَنِ اللّٰهِ فَتُرِكَ هَمْزَةٌ

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 131 — 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 21، ص 43-142

اور اگر اس کا ماخذِ اشتقاق اَلنَّبْوَۃُ یا اَلنَّبَاوَۃُ ہو تو اس کا معنی ہے بلند اور اونچی چیز۔ کیونکہ نبی دوسروں سے ہر لحاظ سے ارفع و اعلیٰ ہوتا ہے، اس لیے اسے نبی کہتے ہیں۔ وَاِنْ اُخِذَ مِنَ النَّبْوَۃِ وَالنَّبَاوَۃِ وَھِیَ الِارْتِفَاعُ عَنِ الْاَرْضِ اَوْ ھِیَ الشَّیْءُ الْمُرْتَفِعُ اَیْ اِنَّہٗ اَشْرَفُ عَلٰی سَائِرِ الْخَلْقِ۔ (لسان العرب)(1)

لیکن علامہ اصفہانی نے مزید تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ نبأ ہر خبر کو نہیں کہا جاتا بلکہ صرف اس خبر کو نبأ کہتے ہیں جس میں یہ تین اوصاف ہوں۔ (۱) فائدہ مند ہو (۲) اہم اور عظیم ہو (۳) اور ایسی ہو کہ اس کے سننے سے علم یا کم از کم غلبۂ ظن حاصل ہو۔ اَلنَّبَأُ ذُوْ فَائِدَۃٍ عَظِیْمَۃٍ یَحْصُلُ بِہٖ عِلْمٌ اَوْ غَلَبَۃُ ظَنٍّ وَّلَا یُقَالُ لِلْخَبَرِ فِی الْاَصْلِ نَبَأٌ حَتّٰی یَتَضَمَّنَ ھٰذِہِ الْاَشْیَاءَ الثَّلَاثَۃَ۔

اس لفظ پر تفصیلی بحث کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ اَلنُّبُوَّۃُ سَفَارَۃٌ بَیْنَ اللّٰہِ وَبَیْنَ ذَوِی الْعُقُوْلِ مِنْ عِبَادِہٖ لِاِزَاحَۃِ عِلَّتِھِمْ فِیْ اَمْرِ مَعَادِھِمْ وَمَعَاشِھِمْ وَالنَّبِیُّ لِکَوْنِہٖ مُنَبِّأً بِمَا تَسْکُنُ اِلَیْہِ الْعُقُوْلُ الذَّکِیَّۃُ وَھُوَ یَصِحُّ اَنْ یَّکُوْنَ فَعِیْلًا بِمَعْنٰی فَاعِلٍ: وَاَنْ یَّکُوْنَ بِمَعْنَی الْمَفْعُوْلِ۔ (المفردات)(2) یعنی نبوت اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان پیغام رسانی کو کہتے ہیں جس سے ان کی دنیا اور عقبیٰ کی بیماریاں دور ہوتی ہیں اور نبی کیونکہ ایسی باتوں سے آگاہ کرتا ہے جس سے عقلِ سلیم کو تسکین ہوتی ہے اس لیے یہ فاعل اور مفعول دونوں معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شاید انہی تحقیقات کے پیشِ نظر اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب قدس سرہٗ نے ''النبی'' کا ترجمہ غیب کی خبریں دینے والا کیا ہے(3)۔ مولانا بدرِ عالم نے بھی نبی کا یہی معنی ذکر کیا ہے۔ ترجمان السنہ۔ ج سوم ص ۴۴۱

۲ تقویٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا شعار تھا۔ حضور کے دامنِ تقدس پر کسی ناپسندیدہ فعل کی گرد تک بھی نہیں پڑی تھی، جس سے پرہیز کا حکم دیا جا رہا ہو۔ اس لیے اس ارشاد کا مقصد یہ ہے کہ اے حبیب! جس طرح آج تک آپ نے تقویٰ کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اسی طرح اب بھی ہمیشہ کی طرح بڑی استقامت کے ساتھ راہِ تقویٰ پر گامزن رہیے۔ اَلْمَقْصُوْدُ الْاَمْرُ وَالثَّبَاتُ عَلَیْھَا۔ (روح المعانی)(4)

۳ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفار و منافقین کے ساتھ بھی بڑے لطف و کرم سے پیش آیا کرتے اور ان کی دلداری کا خیال رکھتے۔ اس سے انہیں یہ غلط فہمی ہو گئی کہ اب اگر وہ کوئی صلاح و مشورہ دیں گے تو حضور قبول کر لیں گے۔ چنانچہ جنگِ احد کے بعد ابوسفیان، عکرمہ اور ابوالاعور مدینہ میں آئے اور عبداللہ بن ابی کے ہاں مہمان ٹھہرے۔ پہلے انہوں نے امان طلب کی۔ اس کے بعد خدمتِ اقدس میں حاضری دی اور کچھ معروضات پیش کرنے کی اجازت چاہی۔ ان لوگوں کی معیت میں عبداللہ بن ابی اور طعمہ بن ابیرق بھی چلے آئے۔

اثنائے گفتگو ابوسفیان وغیرہ نے کہا کہ آپ لات، منات، عزیٰ ہمارے معبودوں کے خلاف کہنا ترک کر دیجیے اور اعلان کر دیجیے کہ یہ بت بھی شفاعت کریں گے اور جو لوگ ان کی پوجا کرتے ہیں یہ ان کو بچا لیں گے۔ تو ہم آپ سے اور آپ کے رب سے اس کے بعد کوئی تعرض نہیں کریں گے۔ ان کا یہ بیہودہ اور لغو مشورہ سن کر حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت کوفت ہوئی۔ حضرت عمر بھی خدمت اقدس میں حاضر تھے۔ عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجیے کہ میں ان (گستاخوں) کے سر قلم کر دوں۔

1۔ لسان العرب، ج 1، ص 63-162
2۔ مفردات راغب، ص 89-788
3۔ کنز الایمان مع خزائن العرفان، سورۂ احزاب، ص 751، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 21، ص 143

كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝۱ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

خوب جاننے والا، بڑا دانا ہے۔ اور پیروی کرتے رہیئے جو وحی کیا جاتا ہے آپ کیطرف اپنے رب کیجانب سے ۔ یقیناً اللہ تعالٰے

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝۲ وَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝۳

جو کچھ تم کرتے رہتے ہو اس سے اچھی طرح باخبر ہے ۴ اور (اے محبوب!) بھروسہ رکھیے اللہ پر اور کافی ہے اللہ تعالٰے (آپکا) کارساز ۵

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ

نہیں بنائے اللہ تعالٰے نے ایک آدمی کے لیے دو دل اس کے شکم میں ۶ اور نہیں بنایا اس نے تمہاری بیویوں

الّٰۗـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَاۗءَكُمْ اَبْنَاۗءَكُمْ ۭ

کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری مائیں ۷ اور نہیں بنایا اس نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے فرزند

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں انہیں پہلے امان دے چکا ہوں۔ پھر ان کو حضور نے مدینہ طیبہ سے نکل جانے کا حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ کفار اور منافق اس قابل نہیں کہ ان کی بات مانی جائے۔ آپ صرف ان احکام کی پیروی فرمایئے جو علیم وحکیم خدا نے آپ پر نازل فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جو تمہاری انفرادی، اجتماعی، سیاسی اور معاشی ضرورتوں سے باخبر ہے اور اس کا ہر حکم حکمتوں سے پُر ہے۔ ایسے علیم وحکیم خدا کی فرمانبرداری سے ہی تم دونوں جہانوں میں سرخرو ہو سکتے ہو(1)۔

۴ آپ صرف ان احکام کی پابندی کریں جو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی آپ پر نازل فرمائے ہیں اور وہ تمہارے عمل کو جانتا ہے۔

۵ باقی رہیں کفار کی دھمکیاں اور منافقین کی ریشہ دوانیاں اور شرارتیں تو آپ ان کی قطعاً پروانہ کریں، اپنے رب پر بھروسہ کریں، اپنے سارے کام اسی کے سپرد کر دیں۔ اس کارساز کی تائید ونصرت کے بعد آپ کو کسی بداندیش کی ایذا رسانی کا ہرگز کوئی خوف نہیں ہونا چاہیے۔

۶ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو دو ہاتھ، دو پاؤں، دو کان اور دو آنکھیں دی ہیں لیکن دل صرف ایک ہی دیا ہے۔ یہاں متضاد خیالات اور عقائد کی گنجائش نہیں۔ ایک دل میں ایک ہی عقیدہ سما سکتا ہے۔ یا انسان خدا کا بندہ بن جائے یا اسے چھوڑ کر غیر کی بندگی اختیار کر لے۔ یہ ناممکن ہے کہ آپ کفر اور اسلام دونوں کے علمبردار بنے رہیں، حق اور باطل دونوں سے رشتۂ عقیدت جوڑے رکھیں۔ زندگی کے اس پُرشور سمندر کو دو کشتیوں میں سوار ہو کر جو عبور کرنا چاہتا ہے وہ غرق ہو جاتا ہے۔ یا صدیق وفاروق کی صف میں شامل ہو جاؤ یا ابولہب اور ابوجہل کی سنگت اختیار کر لو۔ عبداللہ بن ابی جیسے منافق لوگوں کی یہاں قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔

۷ یہ بتا دینے کے بعد کہ یہاں دو رنگی کی گنجائش نہیں۔ اسلام کو من وعن اس کے سارے تقاضوں کے ساتھ قبول کرنا ہوگا یا

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 131

ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ ۝۴

یہ صرف تمہارے منہ کی باتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ تو سچی بات کہتا ہے اور وہ ہدایت دیتا ہے سیدھی راہ پر چلنے کی ۸

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

بُلایا کرو اُنہیں ان کے باپوں کی نسبت سے۔ یہ زیادہ قرینِ انصاف ہے اللہ کے نزدیک۔ اگر تمہیں علم نہ ہو ان کے باپوں کا تو پھر

فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ

وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں ۹ اور نہیں ہے تم پر کوئی گرفت جو تم

اسے چھوڑ دینا ہوگا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ تم دورِ جاہلیت کے غلط رسم ورواج کو بھی اپنائے رکھو اور مسلمانی کا دم بھی بھرتے رہو۔ اس وضاحت کے بعد اب دورِ جاہلیت کے قبیح رسم ورواج میں اصلاح کا آغاز ہوتا ہے۔

ان کے ہاں ایک رواج یہ تھا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو یوں کہتا: اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّیْ کہ تو مجھ پر اس طرح ہے جس طرح میری ماں کی پشت، ان الفاظ کو طلاق شمار کیا جاتا۔ اور وہ عورت اس پر حرام ہو جاتی۔ اسلام نے اس کی اصلاح کی اور فرمایا کہ یوں ہی زبان سے کہہ دینے سے حقیقت نہیں بدل جایا کرتی کہ کسی کو ماں کہہ دیا تو وہ ماں بن گئی، اس لیے ان الفاظ سے بیوی کو طلاق نہیں ہوتی۔ لیکن اسلام کے شائستہ معاشرہ میں اس قسم کا اندازِ گفتگو ازحد ناپسندیدہ ہے، اس لیے ایسا کہنے والے پر اسلام نے کفارہ ادا کرنا ضروری قرار دیا۔ ظہار کے مسائل کی تفصیل سورۃ المجادلہ میں بیان کی جائے گی۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

۸ اسی طرح ان کے ہاں یہ رواج بھی تھا کہ اگر کوئی شخص کسی کو اپنا متبنّٰی بنالیتا تو اسے حقیقی بیٹے کی طرح اس متبنّٰی بنانے والے کی طرف منسوب بھی کیا جاتا اور اس متبنّٰی کو وہ تمام حقوق حاصل ہو جاتے جو حقیقی صُلبی بیٹے کے ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ بات حقیقت کے سراسر خلاف تھی، دوسرا اس سے طرح طرح کی پیچیدگیاں اور الجھنیں پیدا ہو جاتیں۔ کئی مستحق لوگوں کی حق تلفی ہوتی اور خاندان کے افراد میں تلخیاں پیدا ہو جاتیں، اس لیے اسلام نے اس رواج کو بھی منسوخ کر دیا اور بتا دیا کہ کسی کے بیٹے کو اپنا بیٹا کہہ دینے سے وہ حقیقت میں تمہارا بیٹا نہیں بن جاتا۔

۹ اس آیت میں اللہ تعالیٰ حکم دیتے ہیں کہ جب انہیں بلاؤ تو ان کو ان کے حقیقی باپوں کی نسبت سے بلاؤ۔ انہیں ان لوگوں کا بیٹا کہہ کر مت پکارو جنہوں نے انہیں متبنّٰی بنایا ہے، اور اگر تمہیں ان کے حقیقی باپوں کا علم نہیں ہے، تو پھر وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔ انہیں بھائی یا دوست کہہ کر پکارو۔ عربی زبان میں وہ لڑکا جسے اپنے حقیقی باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کیا جائے اسے الدعی کہتے ہیں۔ اس کی جمع الادعیاء ہے جو یہاں مذکور ہے۔ اس کا مصدر الدعوۃ ہے (1)۔

اس آیت سے اپنے نسب کی حفاظت کا حکم بھی دیا گیا ہے اور اس بات سے سختی سے روک دیا کہ کوئی شخص دانستہ اپنے آپ کو

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 121

اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

نادانستہ کر بیٹھو ۔ البتہ وہ کام جو تمہارے دل قصداً کرتے ہیں (ان پر ضرور گرفت ہوگی) اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے ۱۰

کسی غیر کا بیٹا کہے۔ علامہ قرطبی نے اس موقع پر بہت سی احادیث نقل کی ہیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے(1)۔

۱۰ گفتگو میں جو بات ارادہ اور نیت کے بغیر زبان سے نکل جائے اس پر مواخذہ نہیں ہوگا۔ البتہ جو خلافِ شرع باتیں تم جان بوجھ کر قصداً کرو گے اس کی سزا تمہیں ضرور دی جائے گی۔ اگر غلطی کرنے کے بعد تمہیں ندامت ہو اور تم سچے دل سے توبہ کر لو، تو تمہاری توبہ قبول ہوگی۔ بیشک اس کی بخشش بڑی عام ہے اور اس کا دامنِ رحمت بڑا وسیع ہے۔

تمام علمائے تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ آیت حضرت زید بن حارثہ کے حق میں نازل ہوئی۔ یہ شام کے باشندے تھے۔ تہامہ کے چند سواروں کا ادھر سے گزر ہوا، یہ ابھی بچے ہی تھے انہوں نے انہیں پکڑ لیا، اپنے ساتھ لائے اور انہیں فروخت کر دیا۔ حکیم بن حزام بن خویلد نے جو ام المؤمنین حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا کے بھتیجے تھے انہیں خرید لیا اور خرید کر اپنی پھوپھی صاحبہ کو تحفۃً پیش کیا۔ حضرت ام المؤمنین نے زید کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بطورِ ہدیہ پیش کیا۔ حضور نے انہیں آزاد کر دیا اور اپنا متبنّٰی بنا لیا۔

زید کے والد حارثہ اپنے لڑکے کے فراق میں دیوانہ ہو گئے اور اس کی تلاش میں ملک ملک کی خاک چھان ماری۔ اپنے بیٹے کے فراق میں جو قصیدہ انہوں نے لکھا اُسے پڑھ کر آج بھی دل پسیج جاتا ہے۔ چند شعر آپ بھی ملاحظہ فرمائیے اور ایک بدو کی بلاغت اور اس کے درد و سوز سے آگاہی حاصل کیجیے۔

بَكَيْتُ عَلٰى زَيْدٍ وَّلَمْ اَدْرِ مَا فَعَلَ اَحَيٌّ فَيُرْجٰى اَمْ اَتَى دُوْنَهُ الْاَجَلُ

میں زید کے فراق میں روتا رہتا ہوں۔ مجھے اس کے حال کا کوئی علم نہیں۔ کیا وہ زندہ ہے، تاکہ اس کے لوٹ آنے کی امید کی جائے یا موت کی آغوش میں سو چکا ہے۔

تُذَكِّرُنِيْهِ الشَّمْسُ عِنْدَ طُلُوْعِهَا وَتَعْرِضُ ذِكْرَاهُ اِذَا غَرْبُهَا اَفَلْ

سورج جب طلوع ہوتا ہے تو وہ اس کی یاد تازہ کر دیتا ہے اور جب وہ غروب ہونے لگتا ہے تو پھر بھی اس کی یاد مجھے ستانے لگتی ہے۔

وَاِنْ هَبَّتِ الْاَرْيَاحُ هَيَّجْنَ ذِكْرَهٗ فَيَا طُوْلَ مَا حُزْنِيْ عَلَيْهِ وَمَا وَجَلْ

جب ہوائیں چلتی ہیں تو اس کی آتشِ شوق کو بھڑکا دیتی ہیں، اس کی جدائی میں میرا غم اور اس کے متعلق میرے اندیشوں کا سلسلہ کتنا طویل ہے۔

سَاُعْمِلُ نَصَّ الْعِيْسِ فِي الْاَرْضِ جَاهِدًا وَلَا اَسْاَمُ التَّطْوَافَ اَوْ تَسْاَمُ الْاِبِلْ

میں اپنی اعلیٰ نسل کی سانڈنی کو زمین میں چلاتا رہوں گا، اور نہ میں اس کی تلاش میں طواف کرنے سے تھکوں گا اور

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 121

اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَ اَزۡوَاجُہٗۤ اُمَّہٰتُہُمۡ ؕ

نبی (کریم) مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ اُنکے قریب ہیں ۱۱ اور آپ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں ۱۲

نہ ہی میری اونٹنی۔

حَیَاتِیۡ اَوۡ تَاۡتِیۡ عَلَیَّ مَنِیَّتِیۡ فَکُلُّ امۡرِءٍ فَانٍ وَّ اِنۡ غَرَّہُ الۡاَمَلُ

مجھے اپنی زندگی کی قسم! میں اس کی تلاش جاری رکھوں گا۔ حتی کہ میری موت آجائے۔ ہر شخص فانی ہے۔ اگرچہ امید اسے دھوکہ میں رکھے۔

حارثہ اپنے بھائی کے ہمراہ بچے کو تلاش کرتا ہوا مکہ آیا اور یہاں اپنے نورِ نظر کو دیکھ کر ان کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔ حضور کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یہ ہمارا بچہ ہے، آپ اس کا فدیہ لے لیجیے اور اسے ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیجیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اگر یہ بچہ تمہارے ساتھ جانا چاہے، تو کوئی فدیہ لیے بغیر اسے تمہارے ساتھ جانے کی اجازت دی جائے گی۔ تم اسے اختیار دے دو چاہے یہاں رہے یا اپنے وطن لوٹ جائے۔ انہوں نے زید کو اختیار دے دیا۔ خوش بخت زید نے اپنے وطن واپس جانے پر نبی کریم ﷺ کی غلامی کو پسند کر لیا۔ حضور نے بھی از راہِ بندہ پروری زید کو اپنا متبنیٰ بنالیا۔ اس روز کے بعد زید کو زید بن حارثہ کے بجائے زید بن محمد (ﷺ) کہا جانے لگا۔

قرآنِ کریم کی جب یہ آیتیں نازل ہوئیں تو سب سے پہلے زید کو اپنے باپ کی طرف منسوب کیا جانے لگا اور انہیں پھر سے زید بن حارثہ کہہ کر پکارا جانے لگا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی غلامی نے زید کے بخت خُفتہ کو بیدار کر دیا۔ یہ ہی وہ زید ہیں جنہیں اس لشکر کا سپہ سالار بنایا گیا جو قیصرِ روم کی پیش قدمی کو روکنے کے لیے سرکارِ دو عالم ﷺ نے روانہ فرمایا تھا۔ ان کی قیادت میں اس روز بڑے بڑے جلیل القدر صحابہ تھے حتیٰ کہ حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ یہی وہ زید ہے جس نے غزوۂ موتہ میں دو لاکھ دشمن کی سپاہ کے مقابلہ میں لشکرِ اسلام کی قیادت کی اور اسلام کے پرچم کو بلند رکھنے کے لیے اپنی جان قربان کر دی۔ مصطفےٰ کریم ﷺ کی غلامی کے صدقے میں تاجِ شہادت نصیب ہوا۔ اسی آقا کی نظرِ کرم نے ان کے نام کو، ان کے ذکر کو جاوداں بنا دیا۔ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی مَنْ اَحَبَّہٗ وَاَطَاعَہٗ وَسَلَّمَ وَبَارَکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔ اٰمِیْنْ

۱۱ اللہ تعالیٰ اس تعلق کی کیفیت اور نوعیت بیان فرماتے ہیں جو نبی کریم ﷺ کو اپنے غلاموں کے ساتھ ہے۔ بتایا تمہاری خیر خواہی، اصلاحِ احوال، فلاحِ دارین اور تم پر لطف و کرم فرمانے میں میرا محبوب تم پر تمہارے نفسوں سے بھی زیادہ مہربان اور شفیق ہے۔ جتنا میرے نبی کو تمہاری عزت، خوشحالی، اخلاقی برتری کا خیال ہے تمہیں خود بھی اپنا اس قدر خیال نہیں۔ اس حقیقت کی وضاحت ایک دوسری آیت میں بھی کر دی گئی ہے: عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۲۸﴾ (1) یعنی جو چیز تمہارے لیے تکلیف دہ ہے وہ انہیں بھی بڑی گراں گزرتی ہے، وہ تمہارے متعلق حریص ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے بڑے مہربان اور رحیم ہیں۔ امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہ سے ایک حدیث روایت کی ہے۔ اسے بھی پڑھیے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: اِنَّمَا مَثَلِیْ وَمَثَلُ اُمَّتِیْ کَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَجَعَلَتِ الدَّوَابُّ

1۔ سورۃ التوبہ: 128

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ

اور قریبی رشتہ دار ایک دُوسرے کے زیادہ حقدار ہیں، کتاب اللہ کی رُو سے عام

وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيْهِ وَ اَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ وَاَنْتُمْ تَقْتَحِمُوْنَ فِيْهِ (قرطبی)(1) یعنی میری اور میری امت کی حالت اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی ہو اور مختلف جانور اور پروانے اس میں گرنے کے لیے دوڑتے چلے آ رہے ہوں۔ میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑ رہا ہوں اور تم اس میں گرنے پر اصرار کر رہے ہو۔

صحیح بخاری کی یہ حدیث بھی ملاحظہ فرمائیے:

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَا مِنْ مُّؤْمِنٍ اِلَّا وَ اَنَا اَوْلٰى بِهٖ فِی الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَيُّمَا مُؤْمِنٍ مَّاتَ وَ تَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهٗ مَنْ كَانُوْا وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضِيَاعًا فَلْيَاْتِنِیْ فَاَنَا مَوْلَاهُ(2)۔

یعنی کوئی ایسا مومن نہیں جس کا دنیا و آخرت میں میں والی نہیں۔ اگر تم چاہتے ہو تو یہ آیت پڑھو اَلنَّبِیُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ الآیۃ اور جو مومن فوت ہو اور اپنے پیچھے مال چھوڑ جائے، تو اس کے قریبی رشتہ دار اس کے وارث ہوں گے اور جو مومن قرضہ وغیرہ چھوڑ جائے تو وہ میرے پاس آئے، میں اس کا والی ہوں۔

حضور کی شانِ کریمی پر انسان قربان جائے۔ کتنی شفقت اور محبت کا اظہار فرمایا جا رہا ہے۔

جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہمارے ساتھ ایسا تعلق ہے، حضور کی خیر خواہی اور لطف و کرم کا یہ عالم ہے تو پھر حیف ہے ہم پر اگر ہم حضور کی شریعت کو چھوڑ کر اپنے نفسوں کی خواہشات کی پیروی میں لگ جائیں، اپنے دوستوں کو خوش کرنے کے لیے، اعلیٰ حکام کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہم اپنے نبی پاک کی اطاعت سے سرتابی کریں۔ نیز اسلامی حکومتوں اور قانون ساز اداروں کو بھی اس امر کا پورا پورا احساس ہونا چاہیے کہ وہ کس رؤف و رحیم کا دامن چھوڑ رہے ہیں اور کس کی اطاعت کو اپنا شعار بنا رہے ہیں؟ وَكَوْنُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ اَیْ اَرْاَفُ بِهِمْ وَ اَعْطَفُ عَلَيْهِمْ اِذْ هُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى النَّجَاةِ وَ اَنْفُسُهُمْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهَلَاكِ(3)۔ ''یعنی حضور کے اولیٰ بالمومنین ہونے کا مطلب یہ ہے کہ حضور ان پر ان کے نفسوں سے بھی زیادہ مہربان اور شفقت کرنے والے ہیں کیونکہ حضور انہیں نجات کی طرف بلاتے ہیں اور ان کے نفس انہیں ہلاکت کی دعوت دیتے ہیں''۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: مَنْ لَّمْ يَرَ نَفْسَهٗ فِیْ مِلْكِ الرَّسُوْلِ وَ لَمْ يَرَ وِلَايَتَهٗ عَلَيْهِ فِیْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهٖ لَمْ يَذُقْ حَلَاوَةَ سُنَّتِهٖ(4): یعنی جو شخص اپنے آپ کو حضور کا غلام نہ سمجھے اور اپنے تمام حالات میں اپنے آپ پر حضور کی حکمرانی تسلیم نہ کرے، اس نے سنت کی شیرینی کا مزہ ہی نہیں چکھا۔

۱۲ حضور رسالت مآب علیہ التحیات والتسلیمات کی ازواجِ مطہرات کی عزت افزائی فرمائی جا رہی ہے کہ یہ مسلمانوں کی مائیں ہیں۔ اس تعلق کے باعث ہر مومن کا فرض ہے کہ ان کا اسی طرح احترام کرے جس طرح اپنی ماں کا احترام کرتا ہے۔ اگر ان

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 122۔ صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب شفقتہ ﷺ علی امتہ و مبالغتہ فی تحذیرھم مما یضرھم، ج 2، ص 248

2۔ صحیح بخاری، کتاب فی الاستقراض واداء الدیون، باب الصلوٰۃ علی من ترک دینا، ج 1، ص 323 3 بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 212 4۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7 ص 39

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ

مومنوں اور مہاجرین سے ۱۳ مگر یہ کہ تم کرنا چاہو اپنے دوستوں سے کوئی بھلائی (تو اسکی اجازت ہے) یہ

ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَ

(حکم) کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے ۱۴ اور (اے حبیب!) یاد کرو جب ہم نے تمام نبیوں سے عہد لیا اور

مِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا

آپ سے بھی اور نوح، ابراھیم، موسیٰ اور عیسےٰ بن مریم سے بھی ۱۵ اور ہم نے ان

جسمانی ماؤں کا احترام نہ کرنے والا رحمتِ الٰہی سے محروم ہوجاتا ہے، تو جو بدنصیب اپنی روحانی ماؤں کے متعلق گستاخیاں کرنے سے باز نہیں آتے انہیں اپنے حشر کا ابھی سے اندازہ کرلینا چاہیے۔

۱۳ ہجرت کے بعد وارث کا مہاجر ہونا ضروری تھا۔ اگر کوئی شخص دارِ حرب میں رہ جاتا، تو وہ ورثہ سے محروم کردیا جاتا۔ نیز ہجرت کے بعد مہاجرین اور انصار میں جو بھائی چارہ قائم کیا گیا تھا، وہ بھی کچھ عرصہ کے لیے وراثت کا سبب بنا رہا۔ لیکن بعد میں ان عبوری احکام کو منسوخ کردیا گیا اور ورثہ کی تقسیم قریبی رشتہ داروں کے درمیان محصور کردی گئی (1)۔

۱۴ وراثت کے متعلق تو صراحۃً یہ بتادیا گیا کہ یہ وارثوں کا حق ہے لیکن اگر کوئی شخص اپنے کسی محسن یا دوست کی خدمت کرنا چاہتا ہے، تو اسے بھی موقع دیا گیا کہ مال کے تیسرے حصہ تک اس کے لیے وصیّت کرسکتا ہے جس کی تفصیل سورۂ نساء میں گزر چکی ہے۔ کتاب سے مراد قرآنِ کریم بھی ہوسکتا ہے اور لوحِ محفوظ بھی جس میں تکوینی اور تشریعی اُمور تفصیل سے درج کردیئے گئے ہیں (2)۔

۱۵ انبیائے کرام علیہم السلام سے یہ پختہ وعدہ لیا گیا کہ تبلیغِ دین کی جو ذمہ داری انہیں سونپی گئی ہے اس میں وہ سرِ مُو غفلت نہیں کریں گے۔

پہلے اجمالاً جملہ انبیاء کا ذکر فرمایا۔ بعد میں چند اولوا العزم رسولوں کے نام کی تصریح کردی جو صاحب کتاب اور صاحب شریعت تھے۔ ان میں سب سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر فرمایا تاکہ حضور کی عظمت وشوکت کا اظہار ہوجائے۔ نیز اس امر کی طرف بھی اشارہ کردیا کہ اگرچہ حضور کی بعثت تمام انبیاء کے بعد ہوئی، لیکن تخلیق میں اوّلیت کا شرف حضور فخر الاوّلین و الآخرین کو ہی حاصل ہے۔

چنانچہ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب اس آیت کا مطلب پوچھا گیا تو حضور نے فرمایا:

''كُنْتُ اَوَّلَهُمْ فِى الْخَلْقِ وَآخِرَهُمْ فِى الْبَعْثِ'' (3)۔

یعنی پیدائش میں میں سب سے پہلے تھا اور بعثت میں سب نبیوں کے بعد۔

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 140 2۔ ایضاً 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 127

مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝۷ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ

سب سے پختہ عہد لیا تھا۔ یہ کہ (آپ کا ربّ) پوچھے سچوں سے انکے سچ کے متعلق اور اس نے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ ع ۱۷

تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے دردناک عذاب۔ اے ایمان والو! یاد کرو اللہ تعالیٰ کے احسان کو ۱۶ جو اس نے

۱۶ ان آیات میں اس تائید اور عنایت کی طرف اشارہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے غزوۂ خندق میں مسلمانوں کو سرفراز فرمایا تھا۔ ان آیات کے مفہوم کو سمجھنے کے لیے ان نازک حالات کا جائزہ لینا از حد اہم ہے جن سے مسلمانوں کو واسطہ پڑا تھا۔ اس لیے اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کا پس منظر پیشِ خدمت ہے۔

مدینہ طیبہ میں یہود کے دو مشہور قبیلے آباد تھے، بنی نضیر اور بنی قریظہ۔ اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مدینہ منورہ میں پہنچتے ہی ان سے دوستی کا معاہدہ کر رکھا تھا، لیکن ان کے دلوں میں اسلام سے عداوت کے شعلے بھڑکتے رہتے تھے۔ وہ ہر ایسے موقع کی تلاش میں رہتے جب کہ وہ اپنی اس باطنی خباثت کا مظاہرہ کر سکیں۔ غزوۂ احد میں جب گھاٹی پر متعین تیراندازوں کی عجلت اور غلطی کے باعث اسلامی لشکر کو سخت جانی نقصان ہوا، تو یہود کے حوصلے بڑھ گئے۔ دوستی کے معاہدہ کے باوجود بنی نضیر نے حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شہید کرنے کی ناپاک سازش کی جس میں وہ بری طرح ناکام ہوئے۔ اس عہد شکنی اور غداری کے باعث حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں مدینہ طیبہ سے نکل جانے کا حکم دیا۔ عبداللہ بن اُبی نے انہیں جا کر شہ دی کہ وہ اپنے گھروں میں ڈٹے رہیں۔ اگر لڑائی کی نوبت آئی تو وہ اپنی جمعیت کے ساتھ مسلمانوں کے خلاف جنگ کرے گا، اور اس نے یقین دلایا کہ دوسرے کئی بدو قبائل بھی ان کی امداد کے لیے مدینہ پر دھاوا بول دینگے۔ اس لیے بنی نضیر نے اس حکم کی تعمیل سے انکار کر دیا اور صاف صاف کہلا بھیجا کہ ہم اپنے گھروں کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ آپ سے جو کچھ ہو سکتا ہے کر گزریئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مُہلت کی مدت ختم ہوتے ہی ان کا محاصرہ کر لیا۔ عبداللہ بن اُبی دبک کر اپنے گھر میں بیٹھا رہا۔ کسی کو ہمت نہ ہوئی کہ ان کے دوش بدوش کھڑا ہو کر مسلمانوں کا مقابلہ کرے۔ جب بنی نضیر نے حالات کو اپنی توقع کے خلاف پایا تو انہوں نے مدینہ طیبہ چھوڑنے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ چنانچہ تین آدمیوں کو ایک اونٹ پر جتنا سامان وہ لاد سکتے تھے لاد کر لے جانے کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اجازت دے دی۔ بنی نضیر جلاوطنی کے بعد کچھ خیبر میں آ کر آباد ہو گئے اور بعض وادی القریٰ میں فروکش ہو گئے۔ لیکن انہوں نے یہاں آ کر بھی اسلام کے خلاف سازش کرنی شروع کر دی۔ ان کا ایک وفد جس میں سلام بن ابی الحقیق، کنانہ بن ربیع بن ابی الحقیق۔ سلام بن مشکم اور حیی بن اخطب، قبیلہ بنو نضیر سے اور بنو وائل سے ابو عمارہ شریک تھے، مکہ پہنچا اور قریش کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف جنگ پر ابھارنا شروع کیا اور انہیں یقین دلایا کہ وہ اس جنگ میں ان کے ساتھ ہوں گے۔ یہاں تک کہ اسلام اور بانی اسلام کو ختم کر کے دم لیں گے۔ قریش نے ان سے پوچھا کہ اے علمائے یہود! تم صاحبِ کتاب ہو اور علم و فضل میں تمہارا مقام بہت اونچا ہے۔ تم

جانتے ہو کہ محمد (فداہٗ ابی وامی) سے ہم برسرِ پیکار ہیں۔ ہمیں ذرا یہ تو بتاؤ کہ ہم راہِ راست پر ہیں یا وہ؟ یہودی وفد نے کہا: تمہارا دین ان کے دین سے بہتر ہے اور اُن سے کہیں زیادہ تم راہِ حق پر گامزن ہو۔ بیوقوف اتنی سی بات پر خوشی کے مارے آپے سے باہر ہو گئے۔ چنانچہ وہ بھی اس معاہدہ میں شریک ہو گئے اور مسلمانوں کو نیست و نابود کر دینے کا عزم کر لیا۔

اس وفد کی ملاقات جب ابوسفیان سے ہوئی تو اُس نے ان کا بڑا پُرتپاک خیر مقدم کیا اور انہیں کہا کہ ہمارے نزدیک سب سے پسندیدہ لوگ وہ ہیں جو محمد (فداہ روحی) کی عداوت پر ہمارے ساتھ معاہدہ کرتے ہیں۔ یہودی اور کیا چاہتے تھے، انہوں نے ابوسفیان کی اس آمادگی کو دیکھ کر کہا کہ آپ قریش میں سے پچاس سردار چن لیں اور آپ بھی اُن میں ہوں۔ پھر ہم سب جا کر کعبہ کے غلاف کو پکڑ کر اور اپنے سینے کعبہ کی دیواروں کے ساتھ ملا کر وعدہ کریں کہ ہم پیغمبرِ اسلام کی عداوت میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں گے، اور جب تک ہم میں سے ایک شخص بھی زندہ رہا وہ اسلام کے خلاف جنگ جاری رکھے گا۔ چنانچہ قریش کے پچاس سرداروں اور یہودیوں کے اس وفد نے کعبہ کے غلاف کو پکڑ کر اسلام اور مسلمانوں کو ختم کرنے کا معاہدہ کیا۔ (مظہری)(1)


یہاں سے وہ بنی غطفان کے پاس پہنچے، انہیں اسلام کے خلاف خوب بھڑکایا۔ قریش کے ساتھ جو طے پایا تھا اسے بھی خوب نمک مرچ لگا کر بیان کیا اور ساتھ ہی یہ لالچ بھی دیا کہ اگر تم اس جنگ میں ہمارا ساتھ دو گے تو ہم خیبر کے باغات کی کھجوروں کا سارا پھل اس سال تمہاری نذر کریں گے۔ چنانچہ بنی غطفان کا سردار عیینہ بن حصین اپنے قبیلے سمیت اس سازش میں شریک ہو گیا۔ عیینہ نے اپنے دوست قبائل بنی اسد، بنی مرہ اور اشجع کو بھی اس جنگ میں شرکت کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی۔

قریش کے لشکر کا کمانڈر ابوسفیان تھا۔ غطفان اور اس کے حلیف قبیلوں کا پرچم عیینہ کے ہاتھ میں تھا۔ اس طرح یہ دس بارہ ہزار کا لشکرِ جرار مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے لیے اور اس کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دینے کے لیے روانہ ہوا۔ سرزمینِ عرب میں اتنا عظیم لشکر آج تک کسی نے نہیں دیکھا تھا۔

اللہ تعالیٰ کا محبوب بھی اپنے دشمنوں کے عزائم سے بے خبر نہیں تھا۔ مختلف قبائل میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جو غلام تھے انہوں نے ساری تفصیلات سے آگاہ کر دیا۔ حضور نے صحابہ کرام کو مشورہ کے لیے طلب فرمایا۔ حالات بڑے نازک تھے۔ ایک چھوٹی سی بستی پر اتنے لشکرِ جرار کی یلغار کیسے روکی جائے؟ جب کہ اس بستی میں بھی مار ہائے آستین کی کمی نہ تھی۔ حضرت سلمان نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمارے ملک فارس میں جب دشمن یوں حملہ کرنے کی نیت سے دھاوا بول دیتا، تو ہم اپنے شہر کے اردگرد خندق کھود کر اس کی پیش قدمی کو روک دیتے تھے۔ ارشاد ہو تو مدینہ طیبہ کے اردگرد خندق کھود دی جائے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اس تجویز کو بہت پسند فرمایا اور شہر کی اس جانب جدھر سے چڑھائی کا خدشہ تھا، خندق کھودنے کے لیے نشانات لگا دیئے گئے۔ ہر دس آدمی کو چالیس گز خندق کھودنے کا فریضہ سونپا گیا۔ خندق کھودنے کے کام میں سب مسلمان شریک تھے، کوئی بھی مستثنیٰ نہ تھا۔ فخرِ دو جہاں، سرورِ کون و مکان اپنے دستِ مبارک میں کُدال لیے اپنے غلاموں کے دوش بدوش خندق کھودنے میں مصروف تھے اور مٹی اٹھا اٹھا کر باہر پھینک رہے تھے۔ صحابہ کرام کہتے ہیں کہ شکمِ مبارک کے بال مٹی سے اٹ گئے تھے اور جلد مبارک دکھائی نہیں دیتی تھی۔

بخاری شریف میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جاڑے کا موسم تھا۔ غضب کی سردی تھی۔ صحابہ کرام بھوک

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج7، ص289-91



عہد نبوت میں
عرب قبائل کے علاقے
نقشہ متعلقہ سورۃ الاحزاب آیت ۹ تا ۲۷

سے نڈھال ہیں، تھکاوٹ سے چور ہیں، لیکن اپنے محبوب قائد کے ارشاد کی تعمیل میں سرگرمِ عمل ہیں۔ شمعِ توحید کے ان پروانوں کو اللہ تعالیٰ کے پیارے حبیب نے جانبازی اور فدائیت کا یوں مظاہرہ کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا:

اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْآخِرَهْ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَ الْمُهَاجِرَهْ

یعنی زندگی تو آخرت کی زندگی ہی ہے۔ میرے پروردگار! انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔

اپنے حق میں یہ دعا سن کر صحابہ کرام پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی، کیف و سرور سے بے خود ہو کر یہ گانے لگے:

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِهَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا(1)

یعنی ہم منزلِ عشق و محبت کے وہ مسافر ہیں جنہوں نے اپنے ہادی و مُرشد کے دستِ مبارک پر اس بات پر بیعت کی ہے کہ ہم جب تک زندہ رہیں گے کلمۂ حق کو بلند کرنے کیلئے مصروف جہاد رہیں ہے۔

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی کبھی اپنے شیریں اور دلنواز لہجہ سے اپنے ایک غلام حضرت عبداللہ بن رواحہ کے یہ شعر بھی پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَةً عَلَیْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَیْنَا(2)

یعنی اے میرے مولا کریم! اگر تیری مہربانی نہ ہوتی تو ہم راہِ ہدایت پر گامزن نہ ہوتے، نہ ہم زکوٰۃ دیتے اور نہ ہمیں نماز کی توفیق ملتی۔ اے اللہ! ہم پر اطمینان و سکون نازل فرما اور اگر ہمارا مقابلہ دشمنوں سے ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ۔

عمرو بن عوف کہتے ہیں کہ میں، سلمان، حذیفہ، نعمان بن مقرن المزنی اور چھ انصاری اپنے حصہ کی چالیس گز خندق کھود رہے تھے، تو اتفاق سے ایک چٹان آ گئی۔ ہم نے سارا زور لگایا، بڑے جتن کیے لیکن وہ نہ ٹوٹی۔ میں نے حضرت سلمان سے کہا کہ آپ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا ماجرا بیان کریں تا کہ جو ارشاد ہو اس پر عمل کیا جائے۔ حضرت سلمان خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور چٹان کے متعلق گزارش کی کہ ہمارے بازو شل ہو گئے ہیں، ہماری کُدالیں کُند ہو گئی ہیں، لیکن وہ ٹوٹنے کا نام نہیں لیتی۔ یہ سن کر حضور خود اٹھے اور اس جگہ کی طرف روانہ ہوئے وہاں پہنچ کر حضرت سلمان کے ہاتھ سے گینتی پکڑی اور اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر ضرب لگائی۔ اس سے اتنی روشنی پیدا ہوئی جیسے کسی نے گھپ اندھیرے میں اچانک چراغ جلا دیا ہو۔ اور اس کا تیسرا حصہ ٹوٹ کر الگ جا گرا۔ حضور نے فرمایا اللہ اکبر اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ الشَّامِ۔ مجھے ملکِ شام کی کنجیاں دے دی گئیں۔ دوسری مرتبہ پھر حضور نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ضرب لگائی، پھر اسی طرح روشنی نمودار ہوئی اور تیسرا حصہ ٹوٹ گیا۔ حضور نے فرمایا: اللہ اکبر اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ فَارِسِ۔ مجھے ملکِ ایران کی کنجیاں بخش دی گئیں۔ تیسری مرتبہ چوٹ لگائی، باقی ماندہ چٹان بھی ریزہ ریزہ ہو گئی اور حضور نے فرمایا: اللہ اکبر اُعْطِیْتُ مَفَاتِیْحَ الْیَمَنِ۔ مجھے یمن کی کنجیاں مرحمت کر دی گئیں۔ اسی طرح نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ضربوں سے نہ صرف اس چٹان کو پارہ پارہ کر دیا، بلکہ دنیا کی دو بڑی عالمی طاقتوں روم اور ایران کے سنگین قلعوں کو بھی ہلا کر رکھ دیا اور ان ممالک کی فتح کی نوید بھی اپنے غلاموں کو سنا دی۔ ظاہری حالات کی نزاکت کسی سے مخفی نہیں۔ سارا عرب امڈ کر آ رہا ہے۔ مدینہ کا ماحول بھی ساز گار نہیں۔ یہاں بھی یہودیوں اور منافقوں کی ایک

1۔ صحیح بخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ الخندق وھی الاحزاب، ج2، ص588 2۔ ایضاً، ج2، ص589

بھاری جمعیت موجود ہے۔فوج کے لیے نہ ساز وسامان ہے اور نہ خوراک کا معقول انتظام ہے۔ان حالات میں جب بظاہر دشمن کے اس زبردست حملہ کے پیشِ نظر اپنی سلامتی بھی مشکوک ہو اتنی عظیم مملکتوں کی فتح کی بشارت صرف اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول ہی دے سکتا ہے جس کی نگاہِ نبوت کے سامنے مستقبل کے واقعات بھی صاف دکھائی دے رہے ہیں (1)۔

یہاں ایک اور بات غور طلب ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بشارت دیتے ہوئے ہر بار یہ فرمایا: اُعْطِیْتُ، کہ مجھے ان ملکوں کی کنجیاں دی گئی ہیں۔اور سب جانتے ہیں کہ یہ ملک حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں فتح ہوئے اور حضور کی یہ بشارت پوری ہوئی۔اس سے معلوم ہوا کہ حضرت فاروقِ اعظم، حضور نبی کریم کے خلیفہء برحق تھے، اسی لیے جو ممالک آپ کی خلافت کے زمانہ میں فتح ہونے والے تھے انہیں حضور نے اپنی ذات کی طرف منسوب فرمایا۔اگر آپ خلیفہء برحق نہ ہوتے بلکہ غاصب اور ظالم ہوتے، جیسے بعض نادان لوگ کہا کرتے ہیں تو اس بشارت کا قطعاً کوئی محل نہ ہوتا۔کبھی کوئی شخص اپنے دشمن اور مخالف کی فتوحات کو اپنی طرف منسوب نہیں کیا کرتا۔ہمیشہ اپنوں کی فتوحات اور انہی کے کارناموں کو اپنی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے جن ملکوں کی فتح کا وعدہ اپنے حبیبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا تھا، اس وعدہ کا خلافتِ فاروقی میں پورا ہونا آپ کے خلیفہء برحق ہونے کی اتنی روشن دلیل ہے کہ کسی حق پسند اور منصف مزاج کو کسی دوسری دلیل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔

یہ روایت صرف اہلِ سنت کی کتابوں میں ہی نہیں تاکہ کوئی یہ کہہ کر اپنے دل کو بہلالے کہ یہ سنیوں کی گھڑی ہوئی روایت ہے۔بلکہ شیعہ حضرات کی صحیح ترین حدیث کی کتابوں میں موجود ہے جس سے خلفائے راشدین کی خلافت کی حقانیت ثابت ہوتی ہے۔ناظرین کے فائدہ کے لیے شیعہ کتب کی روایت بھی درج ہے۔ممکن ہے اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے اسے کسی کی ہدایت کا سبب بنادے۔

فروعِ کافی جلد دوم کتاب الروضہ ص ۲۵ مطبوعہ تہران میں درج ہے: عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ لَمَّا حَفَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الْخَنْدَقَ مَرُّوْا بِکُدْیَۃٍ فَتَنَاوَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الْمِعْوَلَ مِنْ یَّدِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَوْ مِنْ یَّدِ سَلْمَانَ فَضَرَبَ بِھَا ضَرْبَۃً فَتَفَرَّقَتْ بِثَلَاثِ فِرَقٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فُتِحَ عَلَیَّ فِیْ ضَرْبَتِیْ ھٰذِہٖ کُنُوْزُ کِسْرٰی وَ قَیْصَرَ (2)۔یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خندق کھودنے کا حکم دیا، تو ایک چٹان آگئی۔حضور نے حضرت امیر المؤمنین یا حضرت سلمان کے ہاتھ سے کُدال پکڑی اور اس چٹان پر ضرب لگائی۔اس کے تین ٹکڑے ہوگئے۔حضور نے فرمایا: میری اس ضرب سے میرے لیے کسریٰ اور قیصر کے خزانے فتح ہوگئے ہیں۔حملہ حیدری میں اس واقعہ کو اس طرح نظم کیا گیا ہے:

بپاسخ چنیں گفت خیر البشر کہ چوں جست برق نخست از حجر

حضور نے جواب فرمایا کہ جب پہلی ضرب سے پتھر سے آگ نکلی (بجلی کوندی)

نمودند ایوان کسریٰ بمن دوم قصرِ رومؔ سوم از یمنؔ

مجھے کسریٰ کے محلات دکھائے گئے اور دوسری ضرب پر روم کا محل، تیسری ضرب کے وقت یمن۔

سبب را چنیں گفت روح الامین کہ بعد از من اعوان و انصار دین

1۔تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 31-129 2۔فروع کافی، کتاب الروضۃ، ج 2، ص 25

جبرئیل علیہ السلام نے اس کا سبب یہ بیان کیا کہ میرے بعد دین اسلام کے مددگار اور جان نثار

بریں مملکت ہا مسلط شوند بآئین من اہل آں بگردند

ان ملکوں پر قابض ہوں گے اور وہاں میری شریعت کا قانون نافذ کریں گے۔

بریں مژدہ و شکر و لطف خدا بہر بار تکبیر کردم ادا

اس بشارت اور اللہ تعالیٰ کے لطف پر میں نے ہر بار تکبیر کہی۔

شنیدند آں مژدہ چوں مومناں کشیدند تکبیر شادی کناں(1)

مومنوں نے جب یہ مژدہ سنا، تو سب نے خوش ہو کر نعرہ تکبیر بلند کیا۔

اسی طرح دیگر کتابوں میں بھی یہ واقعہ مذکور ہے۔

شب و روز کی محنتِ شاقہ سے کفار کے لشکر کے آنے سے پہلے خندق تیار کر لی گئی۔ مدینہ طیبہ کے تین اطراف ایسے تھے، جہاں سے عمومی حملہ کی توقع نہ تھی۔ جنوب کی طرف گھنے باغات تھے۔ مشرق اور مغرب کی طرف پتھریلا علاقہ اور سخت چٹانیں تھیں۔ جہاں جگہ جگہ گہری اور چوڑی دراڑیں تھیں۔ صرف شمال کی سمت ہی کھلی اور غیر محفوظ تھی اور حملہ کا اسی جانب سے خطرہ تھا۔ چنانچہ کوہِ سلع کو پشت کی طرف رکھ کر شہر کی شمالی جانب پانچ گز چوڑی اور پانچ گز گہری خندق کھود کر مکمل کر لی گئی۔ دشمن کے وہاں پہنچنے سے پہلے حضور تین ہزار جان نثاروں کو لے کر موزوں مقامات پر خیمہ زن ہو گئے۔ کفار کا لشکر جو ایک طوفان کی صورت میں آگے بڑھا چلا آ رہا تھا، اسے یہ خیال تھا کہ وہ مدینہ کی بستی کو پہلے ہلہ میں ہی نیست و نابود کر کے رکھ دے گا۔ انہوں نے جب اپنے سامنے اتنی چوڑی اور گہری خندق دیکھی تو حیرت زدہ ہو کر رہ گئے۔ ان کی جنگی منصوبہ بندی میں ایسی تدبیر کا سان گمان بھی نہ تھا۔ مجبوراً خندق کی دوسری طرف ہی انہوں نے اپنے خیمے نصب کر لیے اور مسلمانوں کو اپنے محاصرہ میں لے لیا اور حملہ کے لیے مناسب وقت کا انتظار کرنے لگے۔


ایک روز ابوجہل کا بیٹا عکرمہ، عمرو بن عبدِ وُدّ عرب کا مشہور شہ سوار اور جنگجو اپنے کئی ساتھیوں کے ساتھ گھوڑوں پر سوار ہو کر خندق کا چکر کاٹنے لگے۔ ایک جگہ خندق نسبتاً تنگ تھی۔ اس نے گھوڑے کو ایڑ لگائی۔ گھوڑا بجلی کی سرعت کے ساتھ کود کر خندق کے دوسرے کنارے پر جا پہنچا۔ وہاں پہنچ کر اس نے بلند آواز سے للکارا: ھَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ؟ ہے کوئی میرے ساتھ مقابلہ کرنے والا؟ کافر کی یہ للکار سن کر اللہ اور اس کے رسول کا شیر علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اپنی تلوار ہوا میں لہراتے ہوئے سامنے جا کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''اے عبدِ ود کے بیٹے! میں نے سنا ہے کہ تو نے یہ عہد کیا ہوا ہے کہ اگر کوئی قریشی تجھ سے دو چیزوں کا مطالبہ کرے گا تو تو ان دو میں سے ایک ضرور دے گا۔ اس نے بڑی نخوت سے کہا: ہاں، میں نے ایسا عہد کیا ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا: میں تجھ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پاک پر ایمان لے آ اور اسلام قبول کر لے۔ اَدْعُوْکَ اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی رَسُوْلِہٖ وَاِلَی الْاِسْلَامِ۔ اس نے کہا مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ شیرِ خدا نے فرمایا: پھر میری دوسری درخواست یہ ہے کہ آ اور میرے ساتھ مقابلہ کر۔ وہ کہنے لگا: میرے، آپ کے والد ابوطالب کے ساتھ بڑے دوستانہ مراسم تھے۔ میں یہ پسند نہیں کرتا کہ آپ میری تلوار

1۔ دیوان حملہ حیدری، ص 97

سے قتل ہوں۔ اسلام کے شیر نے کفر کی لومڑی کو فرمایا: لیکن میں اس بات کو بہت پسند کرتا ہوں کہ میری ذوالفقار تیرا سر قلم کرے۔ یہ سن کر وہ غُصّہ سے دیوانہ ہو گیا۔ اس نے اپنے گھوڑے کی پشت سے چھلانگ لگا دی۔ اس کی کونچوں کو کاٹ دیا اور حیدرِ کرار سے پنجہ آزمائی کے لیے آگے بڑھا۔ سارا کفر سارے اسلام کے مدِ مقابل تھا۔ دونوں نے اپنی شجاعت کے جوہر دکھائے۔ پے در پے حملے کرنے کے لیے ایک دوسرے پر جھپٹتے رہے۔ اتنی گرد و غبار اڑی کہ دونوں اس میں چھپ گئے۔ دونوں لشکر اپنے اپنے بہادروں کی تلواروں کی جھنکار اور ان کے آپس میں ٹکرانے کی آواز سن رہے تھے۔ دکھائی کچھ نہیں دیتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا محبوب اپنی چشمِ اشکبار سے سیدنا علی کی کامیابی کے لیے مصروف دعا ہو گیا۔ علی کی تلوار صاعقہ بن کر چمکی۔ اس کے فولادی خَود کو اور اس کی زِرہ کو چیرتی ہوئی دشمن خدا کو دو ٹکڑے کرتی ہوئی زمین پر آ رُکی۔ چند لمحوں کے لیے سناٹا چھا گیا۔ یہ لمحے مسلمانوں کے لیے قیامت کے لمحے تھے۔ جب غبار چھٹا تو دنیا نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا شیر، مصطفٰے کریم کی آغوشِ ناز میں پروان چڑھنے والا بھائی اور حسنینِ کریمین کا پدرِ بزرگوار اس کافر کی چھاتی پر چڑھا بیٹھا ہے اور تلوار سے اس کا سر تن سے جدا کر رہا ہے۔ مسلمانوں کی خوشی کا کیا عالم ہو گا۔ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی مسرت و شادمانی کی کیا کیفیت ہو گی، اس کا حال اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ یہی وہ ضربِ حیدری ہے جس نے کفر کے چھکے چھڑا دیئے اور ان کے سارے منصوبوں پر پانی پھیر دیا۔

اس واقعہ کے بعد ایک مہینہ کے قریب کفار محاصرہ کیے رہے لیکن پھر کسی کو یہ جرأت نہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے شیروں کے کچھار کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ سکے۔

اگرچہ یہ سب ہنگامہ یہود کے ایک قبیلہ بنی نضیر کی ریشہ دوانیوں سے رونما ہوا تھا، لیکن دوسرا یہودی قبیلہ بنی قریظہ اس میں بالکل ملوث نہیں تھا۔ اس کے سردار کا نام کعب بن اسد قرظی تھا۔ یہ لوگ مسلمانوں کے ساتھ کیے ہوئے دوستی کے معاہدہ کی پوری طرح پابندی کر رہے تھے۔ ایک دن موقع پا کر بنی نضیر کا رئیس حیی بن اخطب بنی قریظہ کے سردار کعب کو ملنے کے لیے گیا تا کہ اس کو بھی اپنے ساتھ مَلانے کی کوشش کرے۔ جب کعب کو اس کے آنے کی خبر ہوئی تو اس کا ماتھا ٹھنکا۔ اس نے اندازہ کر لیا کہ ضرور کوئی خباثت کرے گا۔ اس نے اپنے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا اور اس کو ملنے سے انکار کر دیا۔ حیی نے کہا: اے کعب! دروازہ کھول۔ کعب نے کہا: تم بد بخت آدمی ہو، مجھے بھی تم کسی بلا میں مبتلا کر دو گے، اس لیے میں تمہارے لیے دروازہ نہیں کھولوں گا۔ حیی نے اسے طعنہ دیتے ہوئے کہا: تم اس لیے دروازہ نہیں کھول رہے کہ تمہیں روٹی نہ کھلانی پڑے۔ بخل کا یہ الزام کعب کے لیے ناقابلِ برداشت تھا۔ اس نے بادلِ نخواستہ دروازہ کھول دیا۔ جب دونوں تنہائی میں بیٹھے، تو حیی نے کہا: یَا کَعْبُ! جِئْتُكَ بِعِزِّ الدَّهْرِ بِبَحْرٍ طَامٍ۔ جِئْتُكَ بِقُرَيْشٍ عَلٰى قَادَتِهَا وَ سَادَتِهَا۔ اے کعب! میں تمہارے پاس زمانہ بھر کی عزت لے کر آیا ہوں۔ ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر لے کر آیا ہوں۔ میں تمہارے پاس قریش کے جنگجو اُن کے سرداروں سمیت لے کر آیا ہوں۔ بنی غطفان اور کئی دوسرے قبائل کے نوجوان بھی اس لشکرِ جرار میں شامل ہیں۔ ہم نے یہ پختہ وعدہ کیا ہے کہ جب تک ہم حضور کا خاتمہ نہ کر دیں گے اور اسلام کو جڑوں سے اکھیڑ کر نہ پھینک دیں گے اس وقت تک یہاں سے نہ ٹلیں گے۔ اسلام اور مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کا ایسا زرّیں موقع پھر نہیں ملے گا۔ اس موقع کو غنیمت جانو اور ہمارے ساتھ شامل ہو جاؤ۔ ہم باہر سے حملہ کریں گے اور تم پشت کی طرف سے ہلہ بول دینا۔ کعب نے پہلے تو صاف صاف انکار کر دیا اور کہا: جِئْتَنِيْ بِذُلِّ الدَّهْرِ وَ



نقشہ جنگ خندق

متعلقہ سورۃ الاحزاب، آیات نمبر ۹ تا ۲۷

بِجِهَامٍ قَدْ اُهْرِقَ مَاءُهٗ۔ اے حیی تم میرے پاس زمانہ بھر کی عزت نہیں لائے بلکہ جہان بھر کی ذلت اور رسوائی لے کر آئے ہو۔ اور جو لشکر تمہارے ساتھ ہے یہ ایسا بادل ہے جو صرف گرجنا اور کڑکنا جانتا ہے۔ اس میں بارش کا ایک قطرہ بھی نہیں۔ پیغمبرِ اسلام سے ہمارا دوستی کا معاہدہ ہے اور آج تک ان کی طرف سے اس کی معمولی خلاف ورزی بھی نہیں ہوئی۔ میں اس معاہدہ کو توڑنا نہیں چاہتا۔ لیکن حیی اس کو عہد شکنی پر برانگیختہ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ کامیاب ہو گیا اور کعب نے آخر کار مسلمانوں سے دوستی کے معاہدہ کو بالائے طاق رکھ دیا اور حیی اور لشکر کفار کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ کر دی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہ بات سنی تو اس کی تصدیق کے لیے قبیلۂ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ اور خزرج کے رئیس حضرت سعد بن عبادہ کو چند خاص آدمیوں کے ساتھ بنو قریظہ کی طرف بھیجا اور فرمایا کہ اگر یہ اطلاع غلط ہو تو بھرے مجمع میں آ کر بتا دینا۔ لیکن اگر درست ہو تو کنایۃً بتانا۔ ایسا نہ ہو کہ اس حادثہ سے مسلمانوں کے حوصلے پست ہو جائیں۔ یہ حضرات جب بنی قریظہ کی گڑھی میں پہنچے تو وہاں کا سماں ہی بالکل نرالا تھا۔ جنگ کی تیاریاں زور شور سے ہو رہی تھیں۔ تلواریں، بھالے، تیر کمانیں اسلحہ خانے سے نکال کر تقسیم کی جا رہی تھیں۔ انہوں نے کعب سے گفتگو کرنا چاہی اور اسے سمجھانا چاہا، لیکن وہاں تو نیتوں میں فتور پیدا ہو چکا تھا، وہ کوئی معقول بات سننے کے لیے تیار نہ تھے۔ تو تو، میں میں تک نوبت پہنچی۔ بنی قریظہ نے صاف صاف کہہ دیا کہ ہمارے درمیان اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے درمیان قطعاً کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ حضرت سعد بن معاذ نے اپنے ساتھیوں کو ان کے ساتھ الجھنے سے روکا اور فرمایا: اب یہ معاملہ گالی گلوچ سے طے نہیں ہوگا۔ اب معاملہ بہت آگے بڑھ گیا ہے۔ واپس آ کر انہوں نے اس عہد شکنی کی اطلاع حضور کی خدمت میں اشارتاً کر دی۔ رفتہ رفتہ یہ بات عام ہو گئی۔ مسلمانوں کی پریشانی کی حد ہو گئی۔ پہلے تو صرف بیرونی حملہ آور سے مقابلہ تھا اب گھر بھی محفوظ نہ رہا۔ بنی قریظہ کے نوجوان کسی وقت بھی عقب سے حملہ کر کے حالات کو سنگین بنا سکتے تھے۔

منافقین جو اب تک مصلحت بینی کے پیشِ نظر بادلِ نخواستہ اسلامی لشکر میں شامل تھے انہوں نے برملا کھسکنا شروع کر دیا۔ وہ طرح طرح کی بہانہ سازیاں کرنے لگے، لیکن اللہ تعالیٰ کے محبوب کے سچے خادم ان حالات میں بھی ثابت قدمی کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کفار کی جمعیت اور طاقت کو منتشر کرنے کے لیے بنی غطفان کے سرداروں عیینہ اور ابو الحارث بن عمرو سے بات چیت شروع کی۔ اگر تم محاصرہ اٹھا کر چلے جاؤ تو مدینہ کی کھجوروں کا تیسرا حصہ تمہیں دے دیا جائے گا۔ انہوں نے آمادگی کا اظہار کیا۔ ابھی یہ بات مکمل نہیں ہوئی تھی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کو مشورہ کے لیے طلب فرمایا۔ وہ حاضر ہوئے تو انہیں ساری گفتگو سے خبردار کر دیا گیا۔ انہوں نے عرض کی: اے ہمارے آقا! اگر یہ معاہدہ حضور کو پسند ہے اور خوشی کا باعث ہے تو ہمیں منظور ہے۔ اگر یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے تو بھی ہمیں مجالِ انکار نہیں۔ اگر حضور محض ہماری سلامتی کے پیشِ نظر یہ معاہدہ کر رہے ہیں، تو پھر ہم یہ معاہدہ کرنے کے لیے تیار نہیں۔ جب ہم کافر اور مشرک تھے اس وقت بھی ہم ان قبائل کو خاطر میں نہیں لاتے تھے۔ بطورِ مہمان یا خرید کر تو یہ مدینہ کی کھجوریں کھا سکتے تھے، ویسے زبردستی کسی کو کھجور کا ایک دانہ لینے کی بھی جرأت نہیں تھی۔ اب تو ہمیں اللہ تعالیٰ نے عزتِ اسلام سے مشرف کیا ہے۔ ہماری غیرتِ ایمانی اور حمیّتِ اسلامی کب گوارا کر سکتی ہے کہ وہ یونہی ہماری کھجوروں میں حصہ دار بن جائیں۔ رحمتِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں نے محض تمہاری سلامتی کے پیشِ نظر ان سے یہ بات چیت شروع کی ہے۔ اس تاریک ماحول میں، ان صبر آزما مشکلات میں غیرت و جرأت کا یہ

مظاہرہ دیکھ کر حضور کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ انہوں نے عرض کی: وَاللّٰہِ لَا نُعْطِیْھِمْ اِلَّا السَّیْفَ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰہُ بَیْنَنَا وَ بَیْنَھُمْ: ہمارے پاس انہیں دینے کے لیے صرف تلوار ہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے درمیان اور ان کے درمیان فیصلہ فرمائے۔

اہلِ ایمان کے صبر وخلوص کا جب امتحان ہو چکا تو نُصرتِ خداوندی رونما ہونے لگی۔ بنی غطفان کا ایک نوجوان نعیم بن مسعود بن عامر بن غطفان بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا، اور عرض کرنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو نورِ ایمان سے منور کر دیا ہے۔ میرے مسلمان ہونے کی کسی کو خبر نہیں۔ اگر میں کسی خدمت کے قابل ہوں تو ارشاد فرمایئے دل وجان سے حاضر ہوں۔ حضور کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: تم تنہا تو اس آڑے وقت میں اسلام کی کوئی نمایاں خدمت نہیں کر سکتے۔ البتہ اگر کسی طرح تم دشمن کی صفوں میں انتشار پیدا کر دو تو یہ ہماری بڑی امداد ہوگی۔ اَلْحَرْبُ خُدْعَۃٌ، یہ جنگ ہے اور جنگ میں ایسی تدبیر جائز ہے۔ نعیم کے بنی قریظہ کے ساتھ گہرے مراسم تھے۔ وہ اپنے قبیلہ سے کھسک کر ان کے ہاں گیا اور انہیں جا کر کہا: میری جو دلی محبت اور دیرینہ تعلقات تمہارے ساتھ ہیں ان کا تمہیں بخوبی علم ہے۔ انہوں نے کہا: بیشک ہمیں تم پر کسی قسم کا شبہ نہیں۔ پھر اس نے بڑے رازدارانہ انداز میں کہا قریش اور غطفان کے قبائل مدینہ پر حملہ کے لیے آئے ہیں اور تم نے مسلمانوں سے دوستانہ معاہدہ توڑ کر ان کی امداد کا اعلان کر دیا۔ لیکن تمہاری اور ان کی حالت یکساں نہیں۔ تمہاری یہاں رہائش ہے، تمہارے بال بچے، مال ومنال، زمین ومکان سب یہیں ہیں۔ تم کسی حالت میں انہیں چھوڑ کر یہاں سے نہیں جا سکتے۔ لیکن ان کے اہل وعیال اور مال ومتاع یہاں سے بہت دور اپنے اپنے علاقہ میں محفوظ ہیں۔ انہیں موقع ملا تو وہ مسلمانوں پر حملہ کرینگے اور کامیابی کی صورت میں ان کی ہر چیز پر قبضہ کر لیں گے بصورت دیگر وہ یہاں سے چلے جائیں گے اور تمہیں تنہا چھوڑ دیں گے۔ خود سوچ لو کیا ایسی صورت میں تم تنہا اس شخص کا مقابلہ کر سکتے ہو؟ میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ تم جنگ چھڑنے سے پہلے انہیں کہو کہ وہ چند مقتدر لوگ تمہارے پاس بطورِ یرغمال بھیج دیں تا کہ تمہیں یقین ہو جائے کہ وہ کسی حال میں تمہیں مسلمانوں کے رحم وکرم پر چھوڑ کر اپنے وطن نہیں لوٹیں گے۔ یہود قریظہ اس کی بات سے بڑے متاثر ہوئے۔ کہنے لگے: قَدْ اَشَرْتَ بِنُصْحٍ: تم نے ہمیں صحیح مشورہ دیا ہے۔

وہاں سے نکل کر وہ قریش کے پاس آیا اور ابوسفیان اور چند چیدہ قریشیوں سے جا کر ملا اور کہا: میرے تمہارے ساتھ عرصۂ دراز سے دوستانہ مراسم ہیں، اسے تم خوب جانتے ہو۔ اور پیغمبرِ اسلام سے مجھے جو عداوت ہے وہ بھی تمہیں معلوم ہے۔ مجھے ایک خبر ملی ہے۔ دوستی اور محبت کا تقاضا یہ ہے کہ میں تمہارے گوش گزار کر دوں۔ لیکن خدارا کسی کو نہ بتانا اور یہ راز فاش نہ کرنا۔ انہوں نے اسے یقین دلایا کہ یہ راز افشا نہیں ہونے دیا جائے گا۔ نعیم نے کہا کہ تم جانتے ہو بنی قریظہ کا دوستانہ معاہدہ مسلمانوں کے ساتھ تھا جو انہوں نے توڑ دیا اور تمہارے ساتھ مل گئے۔ اب وہ اس عہد شکنی پر بڑے پچھتا رہے ہیں۔ انہوں نے اظہارِ ندامت کرتے ہوئے معاہدہ کی تجدید کے لیے گفت وشنید شروع کر دی ہے۔ انہوں نے حضور کو کہا ہے کہ ہم اپنی وفاداری کے اظہار کے لیے قریش اور غطفان کے چند مقتدر آدمی کسی طرح بلا کر آپ کی خدمت میں پیش کر دینگے۔ آپ ان کو قتل کر دیجیے۔ پھر ہم آپ کے ساتھ مل کر کفار پر حملہ کر دیں گے اور انہیں مار بھگائیں گے۔ پیغمبرِ اسلام نے ان کی یہ تجویز منظور کر لی ہے۔ اگر یہودی تم سے بطورِ رہن چند آدمی طلب کریں، تو خبردار! ایک آدمی بھی نہ بھیجنا۔ بعینہٖ یہ بات اس نے غطفان کے سرداروں کو جا کر بتائی۔

اتفاق کی بات ہے کہ ہفتہ کی رات کو ابوسفیان نے عکرمہ بن ابی جہل اور ورقہ بن غطفان کو چند دوسرے سرداروں کے ساتھ یہود

کے پاس روانہ کیا اور انہیں کہلا بھیجا کہ ہم یہاں زیادہ دیر نہیں ٹھہر سکتے۔ حالتِ سفر میں ہمارے جانور ہلاک ہو رہے ہیں۔ خود بھی ہم طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ محاصرہ کو اب مزید طول دینا ہمارے لیے ممکن نہیں۔ اس لیے اب مزید تاخیر کیے بغیر ہمیں کوئی فیصلہ کن قدم اٹھانا چاہیے۔ کل ہم سامنے سے مسلمانوں پر حملہ کریں گے اور تم پیچھے سے ہلہ بول دو تاکہ اس مخمصہ سے جان چھوٹے اور ہم فارغ ہو کر اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں۔ یہود نے جواب دیا کہ کل یوم سبت (ہفتہ) ہے اور ہم اس روز کوئی کام نہیں کرتے۔ دوسرا ہم مسلمانوں سے دشمنی کا خطرہ مول لینے سے پہلے یہ یقین کرنا چاہتے ہیں کہ تم کسی وقت ہمیں بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے نہیں جاؤ گے اور ہمیں تب یقین آئے گا جب چند معزز آدمی تم ہمارے پاس بطور رہن بھیج دو۔ اگر تمہیں یہ شرط منظور نہیں، تو پھر ہم محمد (فداہ ابی وامی) کے مقابلہ کی تاب نہیں رکھتے۔ تم تو کل گھروں کو چلے جاؤ گے۔ ہم یہاں سے بھاگ کر کہاں سر چھپائیں گے؟ جب وفد نے بنی قریظہ کی گفتگو ابوسفیان وغیرہ کو جا کر بتائی، تو وہ کہنے لگے کہ بخدا نعیم نے جو اطلاع ہمیں دی تھی وہ درست ہے۔ ابوسفیان نے ان کی یہ شرط ماننے سے صاف صاف انکار کر دیا۔ اس طرح بنی قریظہ کو یقین ہو گیا کہ نعیم نے جو مشورہ دیا تھا، وہ صحیح تھا۔ انہوں نے حملہ آور لشکر کو کہلا بھیجا کہ جب تک تم اپنے آدمی بطورِ یرغمال ہمارے پاس نہیں بھیجو گے ہم تمہارا ساتھ دینے کے لیے تیار نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ وہ ایک دوسرے سے بدگمان ہو گئے اور اسلام کے خلاف ان کا اتحاد پارہ پارہ ہو گیا۔

جاڑے کا موسم تھا، بلا کی سردی پڑ رہی تھی، سامانِ رسد بھی آہستہ آہستہ ختم ہو رہا تھا۔ یہود کے ساتھ تعلقات بھی ٹوٹ چکے تھے۔ حوصلے پست اور ہمت ٹوٹ چکی تھی۔ ایک رات کو سخت آندھی آئی۔ ان کے خیموں کی طنابیں ٹوٹ گئیں۔ ہانڈیاں الٹ گئیں۔ گھوڑے رسے تڑا کر بھاگ نکلے۔ سارے لشکر میں سراسیمگی پھیل گئی۔ وہ سمجھے کہ یہ تند و تیز آندھی انہیں تباہ کر کے رکھ دے گی۔ ابوسفیان جو اس ساری شرارت کا سرغنہ تھا، اپنے اونٹ پر سوار ہوا اور کہا: یارو! میں تو جا رہا ہوں۔ تم بھی کوچ کرو۔ تم دیکھ نہیں رہے کہ جھکڑ کیا قیامت ڈھا رہا ہے۔ ابوسفیان پر ایسی بدحواسی طاری تھی کہ اونٹ پر سوار ہونے سے پہلے اس کا عقال (رسی) کھولنا یاد نہ رہا۔ جب اس نے اسے ایڑ لگا کر اٹھانا چاہا تب اسے پتہ چلا کہ اس کا پاؤں رسی سے بندھا ہوا ہے۔ اسی حالت میں اس نے عقال کو تلوار سے کاٹا اور سر پر پاؤں رکھ کر وہاں سے بھاگ نکلا۔ قریش اور غطفان نے جب اپنے کمانڈر انچیف کو یوں بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دیکھا، تو انہوں نے بھی بھاگ جانے میں عافیت سمجھی۔

حضرت حذیفہ نے ابوسفیان اور اس کے لشکر کے فرار کا آنکھوں دیکھا حال بارگاہِ رسالت میں عرض کیا، تو رحمتِ مجسم علیہ الصلوٰۃ والسلام خوشی سے ہنس پڑے۔ یہاں تک کہ حضور کے دندان مبارک کی سپیدی ظاہر ہو گئی۔ مسلمان جب صبح بیدار ہوئے اور لشکرِ کفار کے پڑاؤ کی طرف دیکھا تو وہاں ٹوٹی ہوئی طنابوں، الٹی ہوئی ہانڈیوں، بجھی ہوئی آگ اور بکھرے ہوئے سامان کے سوا کوئی چیز نظر نہ آئی۔ کفر کی کالی گھٹا ناپید ہو چکی تھی۔ یثرب نگر کا مطلع صاف ہو چکا تھا۔ جہاں سورج کی سنہری کرنیں مسرت، کامیابی اور اطمینان کی نوید سنا رہی تھیں۔

یہ ان حالات کا اجمالی خاکہ ہے جن میں یہ آیات نازل ہوئیں اس کی روشنی میں اگر آپ ان آیات کا مطالعہ کریں گے تو آپ کو ان کا مفہوم سمجھنے میں بڑی آسانی ہوگی۔

عَلَيْكُمْ إِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَّجُنُودًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ

تم پر کیا۔ جب (حملہ آور ہو کر) آ گئے تھے تم پر (کفار کے) لشکر پس ہم نے بھیج دی ان پر آندھی اور ایسی فوجیں جنہیں تم دیکھ نہیں سکے تھے[1]

وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ۝ إِذْ جَآءُوكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ

اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے تھے خوب دیکھ رہا تھا۔ ۱۸ جب اُنہوں نے ہلّہ بول دیا تھا تم پر اوپر کی طرف سے بھی اور

علامہ ابنِ کثیر فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اگر حضور کو رحمۃ للعالمین بنا کر نہ بھیجا ہوتا تو یہ آندھی لشکرِ کفار کے ہر سپاہی کو ہلاک کر دیتی۔ حضور ﷺ کی شانِ رحمۃ للعالمینی کے طفیل کفار کو بھی عذابِ الٰہی سے پناہ ملی (1)۔ اَللّٰھُمَّ اَحْیِنَا عَلٰی دِیْنِہٖ وَاَمِتْنَا عَلٰی مِلَّتِہٖ وَ احْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِہٖ تَحْتَ لِوَاءِ حَمْدِہٖ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ الْمُكَرَّمِ وَرَسُوْلِكَ الْمُعَظَّمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

۱۷ اے فرزندانِ اسلام! کیا تم اللہ تعالیٰ کے اس انعام کو فراموش کر سکتے ہو جو اس نے اس وقت تم پر فرمایا جب عرب کے سارے قبائل ایک لشکرِ جرار کی صورت میں تم پر حملہ آور ہوئے تھے، ان کے مقابلہ میں تمہاری تعداد بھی بہت کم تھی۔ تمہاری مالی حالت بھی بڑی کمزور تھی۔ تمہاری صفوں میں جو منافق گھسے ہوئے تھے، وہ بھی قدم قدم پر تمہیں اذیت پہنچا رہے تھے۔ بنو قریظہ نے کفار کے ساتھ ساز باز کر لی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ان نازک اور ناگفتہ بہ حالات میں تمہاری امداد کے لیے جھکڑ اور تیز آندھی بھیج دی جنہوں نے کفار کے کیمپ میں کھلبلی مچا دی، پھر فرشتوں کا ایسا لشکر بھیج دیا جنہیں تم دیکھ نہیں سکتے تھے، لیکن ان کے نعرہ ہائے تکبیر سے کفار کے دل دہل گئے۔ ان کے اوسان خطا ہو گئے اور وہ ذلت آمیز پسپائی پر مجبور ہو گئے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی نصرت تم پر ترس نہ کھاتی تو کفار کا یہ ریلا تمہیں خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے جاتا اور آج تمہارا نام و نشان بھی نہ ملتا۔

یہ احسان صرف ان مسلمانوں پر ہی نہیں جو اس روز حبیبِ خدا کے ہمرکاب تھے اور غزوۂ احزاب میں شریک تھے، بلکہ قیامت تک آنے والے ہر مسلمان پر ہے۔ اس لیے سب فرزندانِ اسلام پر فرض ہے کہ وہ اس احسان کو ہمیشہ یاد رکھیں اور شکرِ الٰہی میں کوتاہی نہ کریں اور اگر کبھی ان حالات سے انہیں دوچار ہونا پڑے تو مایوس اور دل شکستہ نہ ہو جائیں، بلکہ اپنے ربِ کریم پر کامل بھروسہ کر کے کفر کے مقابلے میں ڈٹے رہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم ﷺ اور حضور کے جان نثار صحابہ کی برکت سے ان کی بھی ضرور مدد فرمائے گا۔

۱۸ جس جان نثاری کا تم نے ثبوت دیا، بھوک اور سردی کی شدت میں پیٹ پر پتھر باندھ کر جس طرح تم نے خندق کھود کر تیار کی، ایک ماہ تک جس طرح تم کفر کی سرکش لہروں کے سامنے سینہ سپر رہے، اللہ تعالیٰ ان تمام حالات کو دیکھتا رہا۔ جب تم نے اپنی بندگی کا حق ادا کر دیا، تو اس کی شانِ بندہ نوازی نے تمہیں فتح مبین عطا فرمائی۔

ایک مخلص کارکن کے لیے یہ بات کتنی ہمت افزا ہے کہ اس کا کریم رب اس کی ہر کوشش کو دیکھ رہا ہے۔ دنیا اگر اس سے باخبر نہ ہو اور اس کی قدر نہ کرے، جب ربِ کریم دیکھ رہا ہے اور وہ قدر افزائی فرما رہا ہے، تو پھر مزید کسی چیز کی خواہش باقی نہیں رہتی۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص71-470

اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَ

تمہارے نیچے کی طرف سے بھی اور جب مارے دہشت کے آنکھیں پتھرا گئیں اور کلیجے منہ کو آ گئے ۱۹ اور تم

تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝۱۰ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا

اللہ تعالیٰ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگ گئے ۲۰ اس موقع پر خوب آزما لیا گیا ایمان والوں کو اور وہ خوب سختی سے جھنجھوڑے

شَدِيْدًا ۝۱۱ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

گئے۔ ۲۱ اور اس وقت کہنے لگے تھے منافق اور جن کے دلوں میں روگ تھا کہ

مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝۱۲ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

نہیں وعدہ کیا تھا ہم سے (فتح کا) اللہ اور اس کے رسول نے مگر صرف دھوکہ دینے کیلئے ۲۲ اور یاد کرو جب کہتی پھرتی تھی انہیں سے ایک جماعت

۱۹ یعنی دشمن نے ہر طرف سے تمہیں گھیر لیا تھا۔ صورت حال اتنی بھیانک تھی کہ دہشت کے مارے آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں۔ خوف و ہیبت سے کلیجے منہ کو آ رہے تھے۔ حناجر جمع ہے۔ اس کا واحد حنجرہ ہے، حلق کی نچلی طرف کو حنجرہ کہتے ہیں۔ جب انسان حد درجہ خوفزدہ ہو تو اسے یوں محسوس ہوتا ہے کہ دل اچھل کر باہر نکل رہا ہے۔ وَاِشَارَةٌ اِلٰى مَا يُدَاخِلُهُمْ مِّنَ الْخَوْفِ حَتّٰى اِظْلَمَّتْ اَبْصَارُهُمْ (1) یعنی خوف کی وجہ سے آنکھوں کا پتھرا جانا۔

۲۰ ان کلمات سے پتہ چلتا ہے کہ سب لوگوں کی سوچ اور اندیشے یکساں نہ تھے۔ منافق تو یہ خیال کر رہے تھے کہ اب اسلام کا درخت جڑوں سے اُکھڑ جائے گا۔ یہ آندھی اس چراغ کو بجھا دے گی۔ بزدل لوگ میدانِ جنگ سے بھاگنے کی تدبیریں کرنے لگے تھے۔ طرح طرح کے حیلے بہانے کر کے واپس لوٹنے کی اجازت طلب کرنے لگے تھے۔ بعض نے تو اجازت مانگنے کو بے جا تکلف خیال کیا۔ جونہی موقع ملا مورچہ کو خالی چھوڑ کر چپکے سے کھسک گئے۔ لیکن مردانِ پاکباز کا ایک ایسا گروہ بھی تھا جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے وعدوں پر پکا یقین تھا۔ حالات بیشک حوصلہ شکن تھے۔ فضا خطرات کے مہیب بادلوں سے اٹی ہوئی تھی، لیکن ان وفا کیشوں کے عزم و ثبات میں ذرا فرق نہ آیا۔ ان اندھیروں میں ان کے نورِ یقین کی تابندگی دید کے قابل تھی۔

۲۱ آزمائش بڑی سخت تھی۔ ایک بھونچال تھا۔ ہر چیز تھر تھر کانپ رہی تھی۔ امتحان کی اس بھٹی سے مسلمان کندن بن کر نکل رہے تھے۔ جن لوگوں نے نفاق کا لباس پہنا ہوا تھا، وہ ننگے ہو کر سامنے آ رہے تھے۔

۲۲ منافق دل میں تو خوش تھے کہ اچھا ہوا مسلمانوں کی بربادی کی گھڑی آ گئی جس کا وہ بڑی بیتابی سے انتظار کر رہے تھے۔ انہوں نے پہلے سرگوشیاں کیں اور پھر لوگوں کے سامنے برملا یہ کہنا شروع کر دیا کہ وہ فتح اور کامیابی کا وعدہ کہاں گیا؟ اگلے روز تو

1۔ مفردات، ص 387

يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

کہ اے یثرب والو! تمہارے لیے اب یہاں ٹھہرنا ممکن نہیں (جان عزیز ہے) تو لوٹ چلو (اپنے گھروں کو) ۲۳ اور اجازت مانگنے لگا انمیں سے ایک

النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ ۱۰

گروہ نبی کریم سے یہ کہہ کر کہ (حضور) ہمارے گھر بالکل غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ غیر محفوظ نہ تھے ۲۴ (اس بہانہ سازی سے) ان کا ارادہ محض

اِلَّا فِرَارًا ۝۱۳ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا

(میدانِ جنگ سے) فرار تھا ۲۵ اور اگر گھس آتے (کفار کے لشکر) ان پر مدینہ کے اطراف سے پھر ان سے درخواست کی جاتی

الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ۝۱۴ وَلَقَدْ كَانُوْا

فتنہ انگیزی میں شرکت کی تو فوراً اسے قبول کر لیتے ۲۶ اور توقف نہ کرتے اسمیں مگر بہت کم ۲۷ حالانکہ یہی لوگ پہلے

یہ خوشخبریاں سنائی جارہی تھیں کہ تم قیصر وکسریٰ کے ممالک فتح کروگے اور آج مدینہ میں اپنی جان کے لالے پڑے ہیں۔ لوگوں کو فریب دینے کے لیے وہ صرف باتیں ہی تھیں اور محض دھوکہ دیکر سادہ لوح لوگوں کو اپنے جتھہ میں شامل کرنا تھا۔ اس قسم کی ہرزہ سرائی میں بشیر بن معتب ایک منافق پیش پیش تھا۔

۲۳ منافقین کی سرگرمیاں مسلمانوں میں خوف وہراس پھیلانے تک ہی محدود نہ تھیں، بلکہ وہ تو انہیں یہ مشورے بھی دینے لگے تھے کہ جان کی ضرورت ہے تو میدان چھوڑ کر چپکے سے گھر واپس چلے جاؤ۔ وہ اپنے دوستوں کو ناصح مشفق بن کر سمجھاتے کہ تم اچھے بھلے سیانے لوگ ہو۔ اپنی بے سروسامانی کو دیکھو، اپنی تعداد کی قلت کو دیکھو اور اُدھر دشمن کے ساز وسامان اور اس کی ٹھاٹھیں مارتی ہوئی فوجوں کو دیکھو کہ جب حرکت میں آتی ہیں تو زمین کانپنے لگتی ہے۔ حملہ ہونے کی دیر ہے، وہ مسلمانوں کو پیس کر رکھ دیں گی۔ یارو! ایسی کشتی کے سوار کیوں بنتے ہو جو ڈوب رہی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ جیسے بن پڑے یہاں سے نکل جاؤ، ورنہ پھر یہ نہ کہنا کسی نے ہمیں بروقت مشورہ نہ دیا تھا۔

۲۴ دشمنوں کے اس پراپیگنڈے کا اثر بھی ظاہر ہونے لگا تھا، وہ لوگ جن کے دلوں میں نفاق کا روگ تھا یا جو کمزور اور بزدل تھے وہ گھر لوٹنے کے لیے طرح طرح کے حیلے بہانے کرنے لگے۔ کوئی آکر کہتا: یارسول اللہ! ہمارے گھر بالکل غیر محفوظ ہیں۔ ہوسکتا ہے دشمن کسی وقت حملہ کردے اور ہمارے بال بچوں کو تہ تیغ کردے اور ہمارا گھر بار لوٹ لیا جائے، مہربانی فرما کر ہمیں اجازت دیجیے کہ ہم واپس جا کر اپنے گھروں کی حفاظت کریں۔ ۲۵ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے محبوب! یہ سب ان کی حیلہ سازیاں ہیں۔ ان کے گھر محفوظ ہیں۔ انہیں کسی قسم کا خطرہ نہیں، صرف میدانِ جہاد سے بھاگنے کے لیے بہانے بنا رہے ہیں۔

۲۶ اگر خدانخواستہ دشمن کا لشکر شہر میں داخل ہوجائے اور وہ انہیں مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کی دعوت دے تو یہ لوگ اس

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ

اللہ تعالٰے سے وعدہ کر چکے تھے کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے ۲۸ اور اللہ تعالٰے سے جو وعدہ کیا جاتا ہے

مَسْـُٔوْلًا ۝۱۵ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ

اُسکے متعلق ضرور باز پُرس کیجاتی ہے ۲۹ فرمادیجئے (اے بھگوڑو!) تمہیں نفع نہیں دے گا بھاگنا اگر تم بھاگنا چاہتے ہو موت سے یا

الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۶ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ

قتل سے اور (اگر بھاگ کر تم نے جان بچا بھی لی) تو تم لطف اندوز نہ ہو سکو گے مگر تھوڑی مُدّت ۳۰ فرمایئے کون بچا سکتا ہے تمہیں

اسلام دشمنی کے باعث جو ان کے دلوں میں پوشیدہ ہے اسی وقت ہتھیار سجا کر دشمن کے جھنڈے تلے جمع ہو جائیں گے، پھر نہ انہیں اپنے بال بچے کا خیال ستائے گا اور نہ اپنے گھروں کی حفاظت کا فرض یاد رہے گا۔ تمام چیزوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اسلام کو مٹانے کے جوش میں کفار کے لشکر میں شریک ہو جائیں گے۔ ان آیات میں کفار و منافقین کی ذہنیت کا کتنا حقیقت پسندانہ تجزیہ کیا جا رہا ہے اور ان کے اندازِ فکر اور طریقِ کار کی کیسی صحیح تصویر کھینچی جا رہی ہے۔

۲۷ کفار کی دعوت پر لبیک کہنے میں وہ صرف اتنی مہلت مانگیں گے کہ گھروں میں رکھے ہوئے ہتھیار لے آئیں اور پوری طرح مسلح ہو کر اسلام کو مٹانے کے لیے ان کے لشکر میں شریک ہو جائیں۔

۲۸ آج تو ان کا یہ عالم ہے کہ بھاگ جانے کی تدبیریں سوچ رہے ہیں لیکن پہلے تو بڑے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے اور خدا کی قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم اسلام کے لیے جان دے دیں گے، خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے، سر کٹا دیں گے مگر پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیں گے۔ کہاں گئے ان کے وعدے اور کہاں گئے ان کے دعوے؟ منافقوں کا ہمیشہ یہی شعار ہوتا ہے کہ جب باتیں بنانے کا وقت ہوتا ہے تو زمین و آسمان کے قلابے ملا کر رکھ دیتے ہیں اور اپنے اخلاص اور بہادری کے بارے میں ایسی ڈینگیں مارتے ہیں کہ سننے والا حیران ہو جاتا ہے۔ لیکن جب عمل کا وقت آتا ہے تو ان کی قلعی کھل جاتی ہے اور ان کا غلیظ باطن آشکارا ہو جاتا ہے۔

۲۹ وہ یہ گمان نہ کریں کہ جو وعدے انہوں نے خداوند عالم سے کیے تھے انہیں بھلا دیا جائے گا۔ اور ان سے کسی قسم کی باز پرس نہیں ہوگی۔ ان کا یہ خیال غلط ہے، اللہ تعالٰی ان سے ہر بات کے متعلق باز پُرس کرے گا۔

۳۰ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں: اے محبوب! انہیں کہیے کہ اگر تم موت اور قتل سے بچنے کے لیے میدانِ جنگ سے بھاگ جانا چاہتے ہو، تو تمہارے جیسا نادان اور کون ہوگا؟ یاد رکھو! موت سے کسی کو مفر نہیں۔ یہاں میدانِ جنگ میں قتل ہونے سے اگر آج تم بچ بھی گئے تو کیا پھر ہمیشہ کے لیے زندہ رہو گے؟ آج نہیں تو کل بہر حال تم نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ اس لیے چند روزہ زندگی کے لیے اپنے نام پر بزدلی اور نامردی کی تہمت نہ لگنے دو۔

مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَ

اللہ تعالیٰ سے اگر وہ تمہیں عذاب دینے کا ارادہ کرلے یا اگر وہ تم پر رحمت فرمانا چاہے ۳۱ اور

لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ

نہیں پائیں گے وہ لوگ اپنے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار ۳۲ اللہ تعالیٰ

يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ

خوب جانتا ہے جہاد سے روکنے والوں کو تم میں سے اور انہیں جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں (اسلامی کیمپ چھوڑ کر،

اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَاِذَا

ہماری طرف آجاؤ ۳۳ اور خود بھی جنگ میں شرکت نہیں کرتے مگر برائے نام ۳۴ پرلے درجے کے کنجوس ہیں تمہارے معاملہ میں ۳۵ پھر

۳۱ سن لو اگر اللہ تعالیٰ تمہیں کسی عذاب کے شکنجہ میں کسنا چاہے تو کوئی ایسا نہیں جو تمہیں زبردستی چھڑا لے۔ اور اگر وہ تمہیں اپنی کسی نوازش سے سرفراز کرنا چاہے تو کسی کی مجال نہیں کہ وہ رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جائے۔ اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً سے پہلے یہ عبارت مقدر ہے مَنْ ذَا الَّذِیْ یُصِیْبُكُمْ بِسُوْٓءٍ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً۔ لیکن اختصار کے لیے اسے مقدر کر دیا کیونکہ ہر ذی فہم یہ سمجھ سکتا ہے۔ عرب کہتے ہیں مُتَقَلِّدًا سَیْفًا وَّ رُمْحًا (1)۔

۳۲ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی امداد کا ہاتھ کھینچ لیا اور اپنی تائید سے محروم کر دیا تو پھر کون تمہاری امداد کرے گا؟ اس لیے جھوٹی امیدوں میں گرفتار ہو کر اپنے آپ کو خواہ مخواہ عذاب کا مستحق نہ بنا دو۔

۳۳ تعویق کہتے ہیں کسی کو کسی کام سے پھیر دینا۔ معوِّق پھیرنے والا، موڑنے والا (2)۔ منافقین کو بتایا جا رہا ہے کہ تم لوگوں کے دلوں میں خوف و ہراس پیدا کرتے ہو اور انہیں اسلام کے درخشاں مستقبل سے بدظن کرتے ہو اور جہاد میں شرکت سے روکتے ہو۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ تمہاری ان حرکتوں کا اللہ تعالیٰ کو علم نہیں؟ یقیناً وہ تمہاری جملہ سازشوں سے باخبر ہے اور تمہیں وہ سزا مل کر رہے گی جس کے تم مستحق ہو۔

۳۴ تم محض دکھلاوے کے لیے دن بھر میں ایک آدھ چکر میدانِ کارزار میں لگا جاتے ہو۔ اللہ تعالیٰ اس حقیقت سے بے خبر نہیں، وہ تمہاری چالوں کو خوب جانتا ہے۔

۳۵ حالتِ جنگ اور امن میں منافقین کا جو رویہ ہے اس کا مزید انکشاف کیا جا رہا ہے۔ اَشِحَّةٌ جمع ہے شَحِیْحٌ کی۔ اس کے دو معنی ہیں بخیل اور حریص۔ یہاں پہلا معنی مراد ہے اور اگلی آیت میں اس کا دوسرا معنی مراد ہے۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 307 2۔ ایضاً، ج 7، ص 308

جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ

جب خوف (دہشت) چھا جائے تو آپ انہیں ملاحظہ فرمائیں گے کہ وہ آپ کی طرف یوں دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرا رہی

يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ

ہوتی ہیں اس شخص کی مانند جس پر موت کی غشی طاری ہو ۳۶ پھر جب خوف دُور ہو جائے تو تمہیں سخت اذیت پہنچاتے ہیں اپنی تیز زبانوں سے

حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ

بڑے حریص ہیں مالِ غنیمت کے حصول میں ۳۷ (درحقیقت) یہ لوگ ایمان ہی نہیں لے آئے ۳۸ پس اللہ نے ضائع کر دیئے ہیں انکے اعمال ۳۹

صاحبِ لسان العرب لفظ شُحٌّ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ شُحٌّ صرف بخل کو نہیں کہتے بلکہ شدید بخل کو کہتے ہیں۔ اَلشُّحُّ اَشَدُّ الْبُخْلِ اور بعض علماء لغت نے شُحٌّ اور بخل کا فرق بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مال خرچ کرنے میں کنجوسی کو تو بخل کہتے ہیں، لیکن مال خرچ کرنے اور کسی کے ساتھ بھلائی کرنے میں کنجوسی کو شُحٌّ کہتے ہیں۔ اَلْبُخْلُ بِالْمَالِ وَالشُّحُّ بِالْمَالِ وَالْمَعْرُوْفِ (1) یعنی غریب اور مسکین مسلمانوں کی امداد کے لیے یا جہاد کی تیاری کے لیے انہیں مال دینے کی دعوت دی جاتی ہے تو ایک دمڑی خرچ کرنا بھی ان کے لیے مشکل ہو جاتا ہے۔ پرلے درجہ کی کنجوسی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

۳۶ اور جب خوف طاری ہوتا ہے تو پھر ان کی حالت دیدنی ہوتی ہے۔ آنکھیں گھومنے لگتی ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ موت کے فرشتہ نے اپنا ہاتھ ان کی شہ رگ پر رکھ دیا ہے اور وہ دبوچ رہا ہے۔ مرنے والے کی جو حالت ہوتی ہے وہی ان بزدلوں کا حال ہوتا ہے۔ کنجوسوں کی بزدلی کی کتنی صحیح تصویر کھینچی گئی ہے۔

اپنے ہاں کے دولتمندوں کو دیکھیے کہ انہیں اپنے پڑوس میں بسنے والے مسکینوں اور اپنے خاندان کے خستہ حال یتیموں اور بیواؤں پر کبھی ترس نہیں آتا۔ ان کے لیے ایک کوڑی خرچ کرنا بھی انہیں مشکل معلوم ہوتا ہے۔ لیکن جب اشتراکیت کے علمبردار ان کی فیکٹریوں پر دھاوا بول دیتے ہیں اور ان کو اپنے گھیرے میں لے لیتے ہیں، اس وقت ان کا حال بعینہٖ وہی ہوتا ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔ کاش! امت کے اغنیاء اپنے غریب اور محتاج بھائیوں کی امداد فیاضی سے کریں اور یتیم بچوں کی صحیح تعلیم و تربیت کا فریضہ ادا کریں، تو قطعاً انہیں ان روح فرسا حالات سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

۳۷ جب جانباز مجاہدین کی کوششوں سے دشمن پسپا ہو جاتا ہے تو ان کے ہوش ٹھکانے لگتے ہیں۔ اس وقت ان کی خسیس فطرت دوسرے روپ میں ظاہر ہوتی ہے۔ مالِ غنیمت میں سے زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے لیے جھپٹنے لگتے ہیں۔ ان کی بھوکی للچائی ہوئی نظریں ہر چیز کو ہڑپ کرنے کے لیے بے چین ہو جاتی ہیں۔ یہ لوگ جانباز مجاہدوں پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے لگتے ہیں۔ یوں پتہ چلتا ہے کہ اس فتح و کامیابی کا سہرا صرف ان باتونی لوگوں کے سر ہے۔ وہ مجاہدین جو فولادی چٹان بن کر دشمن کے

1۔ لسان العرب، ج 2، ص 495

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ

اور ایسا کرنا اللہ تعالٰے کے لیے بالکل آسان ہے ۔ (دُشمن بھاگ گیا لیکن یہ بُزدل) یہی خیال کر رہے ہیں کہ ابھی جتھے

يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى

نہیں گئے ۴۰ اور اگر جتھے (دوبارہ پلٹ کر) آجائیں تو یہ پسند کریں گے کہ کاش! وہ صحرا میں

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا

بدوؤں کے ہاں ہوتے (آنے جانے والوں سے) تمہاری خبریں پُوچھتے ۴۱ اور اگر یہ (بُزدل) تم میں موجود بھی ہوتے تو یہ (دشمن سے) جنگ

سامنے سینہ تان کر کھڑے رہے اور دشمن کے ہر حملہ کو پسپا کرتے رہے، ان کا اس فتح میں کوئی حصہ ہی نہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ تمہارا جنگی منصوبہ ناقص تھا۔ تم نے اپنا فرض ادا کرنے میں غفلت برتی ہے، تم نے گولا بارود استعمال کرنے میں بڑے اسراف سے کام لیا ہے، تم نے دشمن کو قتل کرنے میں انسانی جذبات کا احترام نہیں کیا وغیرہ وغیرہ۔ ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس طرح ان بہادروں کے کردار کو داغدار اور مشکوک ثابت کر دیں اور اپنی بدعملی کے باوجود سارا کریڈٹ خود لے لیں۔

سَلَقَ کا لغوی معنی تو یہ ہے کہ کسی چیز سے چمٹ جانا، لیکن اس کا استعمال عیب جوئی اور طعن و تشنیع کرنے میں ہوتا ہے اَلْسِنَة کا واحد لِسان ہے "زبان"۔ حِدَادٌ: نہایت تیز دھار۔ اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ ان کی اس عیب جوئی اور الزام تراشی میں عفو و درگزر کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔ تیز دھار والی تلوار کی طرح ان کی زبانیں بڑی بے رحمی سے ان پر پیہم برستی رہتی ہیں۔

آپ نے اگر کبھی نکمے لوگوں کو مخلص کارکنوں پر الزامات لگاتے دیکھا ہو تو بالکل یہی منظر آپ کو دکھائی دیا ہوگا۔ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ: مالِ غنیمت میں سے زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کے لیے آپ ان کو حریص پائیں گے۔ یہاں یہ لفظ (اَشِحَّةً) دوسرے معنی (حریص) میں مستعمل ہوا ہے۔ دونوں جگہ اَشِحَّةً منصوب ہے۔ یا تو یہ حال ہے یا مخصوص بالذم۔ کیونکہ دونوں جگہ اس کا معنی علیحدہ علیحدہ ہے اس لیے تکرار کا اعتراض بے جا ہے (1)۔

۳۸ بتا دیا کہ اس قسم کی کمینہ حرکتیں صرف انہی لوگوں سے صادر ہوتی ہیں جن کے سینے میں نورِ ایمان نہیں ہوتا۔ جب ایمان کا چراغ جگمگانے لگتا ہے تو انسان اس قسم کی رذیل حرکتیں نہیں کر سکتا۔

۳۹ لوگوں کو دکھانے کے لیے اگر وہ کچھ نیک عمل کرتے ہیں تو وہ باطل قرار دے دیئے جاتے ہیں۔

۴۰ ان کی بزدلی کا ایک اور منظر پیش کیا جا رہا ہے کہ شجاعت و بہادری کی ڈینگیں مارنے والوں کا حال یہ ہے کہ جب سے دشمن کا لشکرِ جرار مدینہ طیبہ کے باہر خیمہ زن ہوا رستم و سہراب کے یہ فرزند دبک کر اپنے تہ خانوں میں جا بیٹھے۔ اب دشمن سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ بھی گیا ہے لیکن یہ ابھی تک اپنے بلوں میں گھسے بیٹھے ہیں اور باہر نکلنے کا نام نہیں لیتے۔ انہیں بار بار بتایا جا رہا ہے کہ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 21، ص 165

إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ

ع ۲ ۱۲ ۱۸

کرتے مگر برائے نام - بیشک تمہاری رہنمائی کے لیے اللہ کے رسول (کی زندگی) میں بہترین نمونہ ہے ۴۲ یہ نمونہ اس کے لیے ہے

مطلع صاف ہو چکا ہے، اب کوئی خطرہ نہیں نکل آؤ اپنے ان بلوں سے لیکن انہیں یقین نہیں آتا۔

۴۱ خدانخواستہ اگر چند قبائل اکٹھے ہو کر پھر حملہ کر دیں تو یہ اپنا سر پیٹ لیں اور واویلا کرتے ہوئے کہیں: کاش! ان مضبوط اور خوبصورت مکانات اور ان مرمریں آرام دہ محلات کے بجائے وہ کسی صحرا میں بدوؤں کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہوتے۔ جہاں دشمن کے حملہ کا ہر وقت دھڑکا لگا نہ ہوتا۔ آیت میں بادون ''بدو'' سے ہے۔ اس کا معنی جنگل میں نکل جانا اور وہاں آباد ہو جانا ہے۔ يُقَالُ بَدَا يَبْدُوْ بَدْوًا بَدَاوَةً اِذَا خَرَجَ اِلَى الْبَادِيَةِ (1)۔ اَلْاَعْرَابُ: سُكَّانُ الْبَادِيَةِ خَاصَّةً وَالْوَاحِدُ مِنْهُمُ الْاَعْرَابِيُّ نِسْبَةٌ اِلَى الْاَعْرَابِ۔ (المنجد) (2) یعنی جنگل میں رہنے والوں کو اعراب کہتے ہیں، اس کا واحد اعرابی ہے۔

۴۲ نظریات جب تک صرف نظریات ہوں نہ ان کے حسن و قبح کا صحیح اندازہ لگایا جا سکتا ہے، نہ ان میں یہ کشش اور جاذبیت پائی جا سکتی ہے کہ وہ کسی کو عمل پر ابھار سکیں۔ دلائل کے آپ انبار لگا دیجیے، فصاحت و بلاغت کے دریا بہا دیجیے لوگ تحسین و آفرین ضرور کریں گے، لیکن ان نظریات کو اپنانے اور اس اپنانے کی جو ذمہ داریاں ہیں اور ان ذمہ داریوں کو نباہنے کی رہ میں جو خطرات ہیں ان کو وہ اٹھانے کے لیے آمادہ نہیں ہوں گے۔ اسلام فلسفیانہ نظریات کا مجموعہ نہیں کہ آپ اپنے ڈرائنگ روم میں آرام دہ صوفوں پر بیٹھ کر انہیں موضوعِ بحث بنائیں۔ اپنے ذہنِ رسا سے طرح طرح کی ترمیمیں پیش کریں۔ مجلسِ مذاکرہ منعقد کر کے مقالے پڑھیں اور پھر یہ سمجھ لیں کہ ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ بلکہ یہ تو ایک نظامِ حیات ہے جو زندگی کے ہر موڑ پر راہنمائی کرتا ہے اور ہر مرحلہ پر پیغام دیتا ہے۔ اس پر عمل کرنا اور اس کی تعلیمات پر کاربند ہونا اس وقت تک آسان نہیں جب تک ایک عملی نمونہ ہمارے پاس نہ ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لیے صرف قرآن نازل کرنے پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ اس کی تبلیغ کرنے کے لیے اپنے محبوب کو منتخب فرمایا تاکہ وہ ارشاداتِ خداوندی پر خود عمل کر کے دکھائے اور ان پر عمل کرنے سے زندگی میں جو زیبائی اور نکھار پیدا ہوتا ہے اس کا عملی نمونہ پیش کرے تاکہ جو حق کے متلاشی ہیں وہ قرآنی تعلیمات کی عملی تصویر دیکھ کر اس کو اپنے سینہ سے لگا لیں۔

یہ آیت اپنے الفاظ کے اعتبار سے عام ہے۔ اسے زندگی کے کسی ایک شعبہ کے ساتھ وابستہ نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جس موقع پر اس کا نزول ہوا، اس نے اس کی اہمیت کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ یہ آیت غزوۂ خندق کے ایام میں نازل ہوئی جب کہ دعوتِ حق پیش کرنے والوں کے راستہ میں پیش آنے والی ساری مشکلات اور آلام و مصائب پوری شدت سے رونما ہو گئے۔ دشمن سارے عرب کو ساتھ لے کر آدھمکا ہے۔ یہ حملہ اتنا اچانک ہے کہ اس کو پسپا کرنے کے لیے جس تیاری کی ضرورت ہے اس کے لیے خاطر خواہ وقت نہیں۔ تعداد کم ہے۔ سامانِ رسد کی اتنی قلت ہے کہ کئی وقت فاقہ کرنا پڑتا ہے۔ مدینہ کے یہودیوں نے عین وقت پر دوستی کا معاہدہ توڑ دیا ہے۔ ان کی غداری کے باعث حالات مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ دشمن سیلاب کی طرح بڑھا چلا آ رہا ہے۔ اس کے پہنچنے سے قبل مدینہ طیبہ کی مغربی سمت کو خندق کھود کر محفوظ بنا دینا از حد ضروری ہے۔

اِن حالات میں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے دوش بدوش موجود ہیں۔ خندق کھودنے کا موقع آتا ہے، تو ایک عام سپاہی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 309 2۔ المنجد، ص 495

كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا رَاَ

جو اللہ تعالیٰ سے ملنے اور قیامت کے آنے کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے ۴۳ (منافقین کا حال آپ پڑھ چکے)

کی طرح خندق کھودنے لگتے ہیں۔ مٹی اٹھا اٹھا کر باہر پھینک رہے ہیں۔ دوسرے مجاہدین کی طرح فاقہ کشی کی تکلیف بھی برداشت فرماتے ہیں۔ اگر صحابہ نے پیٹ پر ایک پتھر باندھ رکھا ہے تو شکمِ رسالت پر دو پتھر بندھے دکھائی دیتے ہیں۔ مہینہ بھر شدید سردی میں میدانِ جنگ میں صحابہ کے ساتھ دن رات قیام فرما ہیں۔ دشمن کے لشکرِ جرار کو دیکھ کر بھی پریشان نہیں ہوتے۔ بنو قریظہ کی عہد شکنی کا علم ہوتا ہے تب بھی جبینِ سعادت پر بل نہیں پڑتے۔ منافقین طرح طرح کی حیلہ سازیوں سے میدانِ جنگ سے راہِ فرار اختیار کرنے لگتے ہیں تب بھی پریشانی نہیں ہوتی۔ ان تمام ناگفتہ بہ حالات میں عزم و استقامت کا پہاڑ بنے کھڑے ہیں۔ قدم قدم پر صحابہ کی دلجوئی فرماتے ہیں۔ منافقین سے صرفِ نظر کرتے ہیں۔ دشمن کو مرعوب کرنے کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جاتا۔

پھر جنگی اور سیاسی خطوط پر ایسی تدبیریں کی جاتی ہیں کہ دشمن آپس میں ٹکرا جاتا ہے اور حملہ آور خود بخود محاصرہ اٹھا کر ایک دوسرے پر گالیوں کی بوچھاڑ کرتے ہوئے، ایک دوسرے پر غدّاری اور عہد شکنی کے الزامات لگاتے ہوئے بھاگ جاتا ہے۔ غرضیکہ یہ ایک ماہ کا عرصہ ایسا ہے کہ محبوبِ رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کے سارے پہلو اپنی پوری دلفریبیوں کے ساتھ اجاگر ہو جاتے ہیں۔ اس وقت یہ آیت نازل فرمائی گئی کہ ان مہیب خطرات میں تم نے میرے پیارے رسول کا طریقۂ کار دیکھ لیا۔ یہ کتنا راستبازانہ، سچا اور اخلاص وللّٰہیت کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ یہی تمہاری زندگی کے ہر موڑ پر تمہارے لیے ایک خوبصورت نمونہ ہے۔ اس کے نقشِ قدم کو خضرِ راہ بنالو۔ اس کے دامنِ شفقت کو مضبوطی سے تھام لو، یقیناً منزل تک پہنچ جاؤ گے۔

اُسْوَۃٌ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں۔ اَلْاِسْوَۃُ وَالْاُسْوَۃُ الْقُدْوَۃُ یعنی پیشوا، راہنما، امام۔ اس کا دوسرا معنی یوں رقم فرمایا ہے: اَلْاُسْوَۃُ وَالْاِسْوَۃُ لُغَتَانِ وَھُوَ مَا یَتَأَسّٰی بِہِ الْحَزِیْنُ اَیْ یَتَعَزّٰی بِہٖ (1)۔ یعنی جس سے کوئی غمزدہ اور شکستہ دل تسلی حاصل کر سکے۔ یعنی غمگسار۔

حضور کی ذاتِ اقدس میں تمہارے لیے شانِ غم گساری ہے۔ علامہ جوہری نے صحاح میں بھی یہی معنی کیا ہے۔ اَلْاِسْوَۃُ وَالْاُسْوَۃُ بِالْکَسْرِ وَالضَّمِّ لُغَتَانِ ھِیَ مَا یَتَأَسّٰی بِہِ الْحَزِیْنُ یَتَعَزّٰی بِہٖ (2)۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: اَلْاُسْوَۃُ الْقُدْوَۃُ وَالْاُسْوَۃُ مَا یُتَأَسّٰی بِہٖ اَیْ یُتَعَزّٰی فَیُقْتَدٰی بِہٖ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِہٖ وَیُتَعَزّٰی بِہٖ فِیْ جَمِیْعِ اَفْعَالِہٖ وَیُتَعَزّٰی بِہٖ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِہٖ وَقَدْ شُجَّ وَجْھُہٗ وَکُسِرَتْ رُبَاعِیَتُہٗ وَقُتِلَ عَمُّہٗ وَجَاعَ بَطْنُہٗ وَلَمْ یَلْفِ اِلَّا صَابِرًا مُحْتَسِبًا وَشَاکِرًا رَّاضِیًا (3)۔

ترجمہ: اسوہ کا ایک معنی راہنما ہے اور اس کو بھی اسوہ کہتے ہیں جو غمزدہ دل کی تسلی کا باعث ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رخِ انور زخمی کیا گیا، دندانِ مبارک توڑے گئے، حضور کے چچا کو شہید کیا گیا۔ بھوک برداشت کی۔ لیکن ان تمام حالات میں صابر و شاکر رہے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے طلب گار اور اس کی قضا پر راضی۔

۴۳ ہر آدمی کے لیے حضور بہترین نمونہ نہیں بلکہ ان نیک بختوں کے لیے جو اللہ تعالیٰ سے ملنے کی اور روزِ محشر دوبارہ زندہ ہونے

1۔ لسان العرب، ج14، ص35-36 2۔ الصحاح، ج6، ص2268 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج14، ص56-155

الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ

اور جب ایمان والوں نے (کفار کے) لشکروں کو دیکھا تو فرطِ جوش سے پکار اُٹھے یہ ہے وہ لشکر جس کا وعدہ ہم سے اللہ اور اسکے رسول نے فرمایا

صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝۲۲ مِنَ

تھا اور سچ فرمایا تھا اللہ اور اس کے رسول نے۔ اور دشمن کے لشکرِ جرار نے ان کے ایمان اور جذبہ تسلیم میں اور اضافہ کر دیا ۴۴ اہلِ

الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ

ایمان میں ایسے جوانمرد ہیں جنہوں نے سچا کر دکھایا جو وعدہ اُنہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا ۴۵ ان جوانمردوں سے کچھ

قَضٰى نَحْبَهٗ ۫ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝۲۳ لِيَجْزِيَ

تو اپنی نذر پوری کر چکے ۴۶ اور بعض (اس ساعت سعید کا) انتظار کر رہے ہیں ۴۷ (جنگ کے مہیب خطرات کے باوجود) انکے (عزم) میں ذرا تبدیلی نہیں ہوئی

کی امید رکھتے ہیں وہی اس بہترین نمونہ سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ انہی کے دلوں کو جمالِ مصطفوی اپنی طرف کھینچ سکتا ہے۔

۴۴ ان خوفناک حالات میں منافقین کی بزدلی اور بد باطنی کا ذکر ہوا۔ اب اہلِ ایمان کے ایمان افروز حالات اور جذبات کا بیان شروع ہو رہا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے محبوب کے قدموں میں اپنی جان اور اپنا دل نثار کر دیا تھا۔ ارشاد فرمایا کہ کفار کا لشکرِ جرار دیکھ کر اور اپنے آپ کو مہیب خطرات میں گھرا دیکھ کر مسلمانوں کے یقین اور ایمان میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ نورِ ایمان میں اور جلا پیدا ہو گئی۔ قضائے الٰہی کے سامنے تسلیم و رضا کا جو درس انہیں دیا گیا تھا وہ پھر تازہ ہو گیا اور کہنے لگے: یہ تو بعینہٖ وہی چیز ہے جس کا وعدہ ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے فرمایا۔ جس طرح اس حملہ کا وعدہ پورا ہوا اسی طرح غلبۂ اسلام کا وعدہ بھی یقیناً پورا ہو گا۔ جس وعدہ کا یہاں ذکر ہے۔ گزشتہ صفحات میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ جب خندق کھودتے ہوئے چٹان نمودار ہوئی تو حضور نے تین ضربیں لگا کر اسے پارہ پارہ کر دیا نیز شام، ایران اور یمن کی فتح کی خوش خبری بھی دے دی۔

۴۵ رِجَالٌ پر تنوین تعظیم کی ہے۔ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو قوت و مردانگی میں بے نظیر تھے۔ يُقَالُ فُلَانٌ رَجُلٌ فِيْ رِجَالٍ اَیْ كَامِلُ الرُّجُوْلِيَّةِ بَيْنَهُمْ (المنجد)(1) یعنی اہلِ ایمان میں ایسے جواں مرد اور پاکباز عشاق بھی ہیں جنہوں نے اپنے ربِ کریم سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کر دکھایا۔ خندق کھودتے ہوئے مل کر وجد آفریں لہجہ میں وہ یہ شعر پڑھا کرتے تھے:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا(2)

وہ صرف لاف زنی نہ تھی بلکہ جب وقت آیا تو انہوں نے سر کٹا کر، جان دے کر اپنے دعوئے محبت کی لاج رکھ لی اور قیامت تک آنیوالے عاشقانِ باصفا کے لیے ایک زندہ مثال قائم کر دی۔ کسی قیمت پر انہوں نے اپنے ایمان پر حرف نہیں آنے دیا۔

۴۶ نَحْبٌ کہتے ہیں نذر اور عہد کو۔ لبید کا شعر ہے:

1۔ المنجد، ص 251 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 292

أَلَا تَسْأَلَانِ الْمَرْءَ مَاذَا يُحَاوِلُ أَنَحْبٌ فَيُقْضٰى أَمْ ضَلَالٌ وَّبَاطِلُ

کیا تم اس سے نہیں پوچھتے کہ وہ کیا ارادہ کر رہا ہے؟ کیا اس نے کوئی وعدہ کیا ہے جسے پورا کیا جائے گا یا یہ صرف گمراہی اور جھوٹی لاف زنی ہے(1)

یعنی بعض تو وہ بیدار بخت ہیں کہ انہوں نے سرفروشی اور جانبازی کی جو نذر مانی تھی اسے پورا کر دیا اور جان دے کر شہداء کی صف میں شامل ہو گئے۔ اسلام کے ان جانباز مجاہدین کا شمار نہیں کیا جا سکتا جس کو دیکھو محبتِ رسول اور عشقِ خدا کے بادۂ گلفام سے مخمور ہے اور جریدۂ عالم پر عشق و وفا کے ایسے تابندہ نقوش ثبت کر کے جا رہا ہے جن کی چمک قیامت تک ہر لحہ فزوں تر ہوتی رہے گی۔

حضرت مصعب بن عمیر اپنے مالدار باپ کے بڑے لاڈلے بیٹے تھے، بڑے خوش پوش تھے، ان کا زرق برق قیمتی لباس آنکھوں کو خیرہ کر دیتا تھا، ناز و نعم میں پلے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی نگاہِ کرم نے انہیں اسلام کے لیے چن لیا۔ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر درِ مصطفےٰ کی غلامی اختیار کی۔ انصارِ مدینہ نے جب عقبہ کے میدان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ حق پرست پر بیعت کی تو حضور نے ہجرت سے پہلے حضرت مصعب کو ان کے ہمراہ یثرب روانہ کیا تا کہ وہاں جا کر اسلام کی تبلیغ کریں۔ ان کی تبلیغی سرگرمیوں سے اوس و خزرج کے کئی سردار مشرف با سلام ہوئے اور گھر گھر میں توحید کا نور جگمگانے لگا۔ کوہِ احد کی ترائی میں جب کفر حق سے پنجہ آزما ہوا تو یہ بھی دیگر غلامانِ حبیبِ کبریا کی طرح شوقِ شہادت سے جھومتے ہوئے دادِ شجاعت دینے لگے۔ کیف و مستی کا یہ عالم تھا کہ اپنے تن بدن کا ہوش نہ تھا۔ اپنی ذات کا فکر نہ تھا۔ صرف ایک ہی دھن تھی کہ اسلام کا پرچم سرنگوں نہ ہونے پائے، اللہ تعالیٰ کے حبیبِ کریم کو کوئی گزند نہ پہنچے۔ زخموں سے چور ہو کر گرے اور جامِ شہادت نوش فرمایا۔ جنگ ختم ہوئی تو محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم سر بالیں تشریف لائے۔ اسلام کے اس بہادر سپاہی کی نعش کے قریب کھڑے ہو گئے۔ اس کے لیے دعا فرمائی اور پھر یہ آیت تلاوت کی: مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ (الآیہ) پھر فرمایا: اَشْهَدُ اَنَّ هٰؤُلَاءِ شُهَدَاءُ عِنْدَ اللهِ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأْتُوْهُمْ فَزُوْرُوْهُمْ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ اَحَدٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ اِلَّا رَدُّوْا عَلَيْهِ (قرطبی عن بیہقی) یعنی حضور نے فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں یہ لوگ قیامت تک شہید ہیں۔ پس ان کے پاس آؤ۔ ان کے مزارات کی زیارت کرو۔ اس ذاتِ پاک کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے قیامت تک جو بھی انہیں سلام کرے گا، وہ جواب دیں گے(2)۔

حضرت انس بن نضر کو بدر میں شریک نہ ہونے کا از حد ملال تھا۔ ہمیشہ کہتے کہ افسوس کہ میں کفر و اسلام کے پہلے معرکہ میں شرکت سے محروم رہا۔ اب اگر خدا نے موقع دیا تو دنیا دیکھے گی کہ شمعِ جمالِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیہ والثناء کے پروانے جاں سپاری کا کیسا منظر پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ جنگِ احد میں شامل ہوئے۔ لشکرِ اسلام میں جب کھلبلی مچی اور یہ افواہ پھیل گئی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے تو بعض مسلمان دل شکستہ ہو کر بیٹھ رہے۔ یہ پاس سے گزرے، پوچھا یوں بیٹھے کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا: حضور شہید ہو گئے۔ آپ نے انہیں للکارا کہ رسولِ پاک کے بعد زندہ رہ کر کیا کرو گے؟ آؤ اس بات پر ہم بھی جان دے دیں جس پر حضور نے جان دیدی ہے۔ پھر تلوار بے نیام کی اور دشمن پر ٹوٹ پڑے۔ کفار پر پے در پے وار کرتے جا رہے تھے اور زبان سے یہ کہتے جا رہے تھے: يَا سَعْدُهَا وَرِيْحُ الْجَنَّةِ وَرَبِّ النَّضْرِ وَاِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَهَا دُوْنَ اُحُدٍ۔ اے سعد! نضر کے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 60-158
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 310

اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

(اذن جہاد میں ایک حکمت یہ بھی ہے) کہ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے اپنا وعدہ سچا کرنے والوں کو ان کے سچ کے باعث ۴۸ اور عذاب دے منافقوں کو اگر اسی

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

مرضی ہو یا ان کی توبہ قبول فرمالے ۴۹ بیشک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے اور (ناکام) لوٹا دیا اللہ تعالیٰ نے

رب کی قسم! مجھے جنت کی خوشبو آ رہی ہے اور مجھے یہ خوشبو کوہِ احد کے پیچھے سے آ رہی ہے۔ یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔ جب ان کے زخم گنے گئے تو اسی ۸۰ سے زیادہ تھے اور کوئی عضو بھی سلامت نہ بچا تھا کہ ان کی پہچان ہو سکے۔ ان کی ہمشیرہ نے ان کی انگلیوں کے پورے دیکھ کر انہیں پہچانا(1)۔

تپید یک دم و کردند زیب فتراکش خوشا نصیب غزالے کہ زخم اوکاریست

۴۷ اور جو لوگ میدانِ جہاد سے سلامت واپس آئے انہیں اپنے صحیح وسلامت واپس آنے پر خوشی نہیں ہے، بلکہ وہ شہادت سے محرومی کے باعث بڑے غمزدہ اور دل گرفتہ ہیں اور وہ اس سہانی گھڑی کا بڑی بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں جب وہ خونِ شہادت سے سرخرو ہو کر بارگاہِ رب العزت میں حاضر ہوں گے۔

انہی جانثاروں کی بے لوث اور بے دریغ قربانیوں کے باعث اسلام کو یہ عزت وشوکت نصیب ہوئی۔ انہوں نے اپنے خون ناب سے آبیاری کر کے شجرِ اسلام کو سدا بہار بنایا، انہی کی کوششوں کی برکت سے آج ہمیں ایمان کی نعمت نصیب ہے۔ لیکن امت میں ایک ایسا بدقسمت فرقہ بھی پیدا ہو گیا ہے جو خود تو اسلام کے لیے کچھ کر نہیں سکتے، الٹا اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے اسلام کے لیے باعث ننگ و عار ہیں، ہر قدم خلاف شریعت اٹھاتے ہیں، سنتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے تارک ہیں، شکل، عمل، سیرت اور کردار سے اسلام کا منہ چڑا رہے ہیں۔ لیکن ان وفا شعار غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء اور دین کے جوانمرد سپاہیوں پر زبانِ طعن دراز کرنا کمالِ ایمان خیال کرتے ہیں اور سمجھتے یہ ہیں کہ ان اولوالعزم ہستیوں کو جتنا برا کہیں گے اتنا ہی ان کے گناہ جھڑیں گے اور ان کے رتبے بلند ہوں گے۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ زبانِ قدرت تو ان کی تعریف میں رطب اللسان ہے، قرآن کے صفحات تو ان کی پاک باطنی کی شہادت دے رہے ہیں، فرشتے ان کی شجاعت، بسالت، سخاوت اور عدالت کی قسمیں کھا رہے ہیں، حورانِ فردوس ان کی راہ میں اپنی آنکھیں بچھانے کے لیے بے تاب ہیں اور اپنے آپ کو مسلمان کہلانے والا بے عمل انسان ان پر کیچڑ اچھالنے سے باز نہیں آتا۔

۴۸ اللہ تعالیٰ ان کی قربانیوں کو ضائع نہیں کرے گا بلکہ اپنی شانِ کریمی کے مطابق انہیں جزا دے گا۔

۴۹ باقی رہے منافقین تو ان کے متعلق جیسی اس کی مرضی ہوگی ایسا کرے گا، چاہے تو ان کی بداعمالیوں کے باعث انہیں قعرِ ضلالت میں گرا ہوا چھوڑ دے۔ اسی حالت میں انہیں موت آ جائے اور ہمیشہ کے لیے دوزخ میں پھینک دیئے جائیں۔ اور چاہے تو اپنی رحمت اور مہربانی سے انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کر دے اور راہِ حق پر چلنے کی توفیق مرحمت فرما دے۔ وہ بڑا غفور

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 311

كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ

کفار کو درآنحالیکہ اپنے غصہ میں (پیچ و تاب کھا رہے) تھے (اس لشکر کشی سے) انہیں کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اور بچالیا اللہ نے مومنوں کو جنگ سے ۵۰

وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝۲۵ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ

اور اللہ تعالیٰ بڑا طاقتور، ہر چیز پر غالب ہے۔ اہلِ کتاب سے جن لوگوں نے کفار کی امداد کی تھی اللہ تعالیٰ نے

الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا

انہیں ان کے قلعوں سے اُتار لیا اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا ایک گروہ کو تم

تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝۲۶ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَ

قتل کر رہے ہو اور دوسرے گروہ کو قیدی بنا رہے ہو ۵۱ اور اس نے وارث بنا دیا تمہیں ان کی زمینوں، ان کے مکانوں اور

رحیم ہے۔ اس کی شان پوزش پذیری اور اس کی صفتِ رحمت سے یہ چنداں بعید بھی نہیں کہ وہ ایسا کرم فرما دے اور ڈوبتے ہوؤں کا بازو پکڑ کر انہیں کنارے پر لگا دے۔

۵۰ مسلمانوں پر اپنے خصوصی لطف و کرم کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ تم نے دیکھا کہ کفر کس طمطراق سے مدینہ پر حملہ آور ہوا تھا اور ہم نے کس طرح ان کو خائب و خاسر، مخذول و مردود کر کے بھاگ جانے پر مجبور کر دیا اور جنگ کی نوبت ہی نہیں آنے دی۔ اللہ تعالیٰ کی قوت و غلبہ کا تم نے نظارہ کیا ہے۔ وہ اپنے بندوں کی اسی طرح چارہ سازی فرماتا ہے اور ان کے دشمنوں کو اسی طرح ذلیل و رسوا کرتا ہے۔

۵۱ آپ بنو قریظہ کی غداری اور عہد شکنی کا تذکرہ تفصیلاً پڑھ چکے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے عالمِ غیب سے اسباب پیدا کر کے ان کے منصوبوں کو خاک میں نہ ملا دیا ہوتا تو مسلمانوں پر جو گزرتی اس کا تصور کرنا مشکل نہیں، لیکن جب تقدیرِ الٰہی نے تدبیر کے شاطروں کو مات دیدی۔ قریش و غطفان اور بنی اسد وغیرہ قبائل اپنے جنگجو بہادروں سمیت پسپا ہو گئے تو اب بنو قریظہ کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ حضور ایک ماہ تک کھلے میدان میں کفار کے سامنے سینہ سپر رہنے کے بعد اپنے غلاموں سمیت گھروں میں پہنچے ہی تھے اور سر مبارک دھونے کی تیاری ہی فرما رہے تھے کہ جبرئیل نمودار ہوئے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے تو ابھی تک ہتھیار اتارے ہی نہیں اور آپ نے اتار بھی دیئے۔ میں ملائکہ کے ایک گروہ کے ساتھ کفار کے تعاقب میں تھا اور انہیں روحاء تک بھگا کر واپس آیا ہوں اور حکمِ خداوندی یہ ہے کہ جب تک بنی قریظہ کا خاتمہ نہ کر لیا جائے اس وقت تک ہتھیار اتارنے کی اجازت نہیں۔ فرمانِ الٰہی ملتے ہی حضور نے حضرت بلال کو حکم دیا کہ وہ اذان دے اور بلند آواز سے یہ اعلان کر دے مَنْ كَانَ سَامِعًا مُّطِيْعًا فَلَا يُصَلِّيَنَّ الْعَصْرَ اِلَّا بِبَنِيْ قُرَيْظَةَ (1)۔ یعنی ہر اطاعت گزار مسلمان عصر کی نماز بنی قریظہ میں ادا کرے۔ مدینہ طیبہ میں منادی کرنے کے لیے ایک اور آدمی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج7، ص314

دوڑایا جو یہ اعلان کر رہا تھا: یَا خَیْلَ اللّٰہِ ارْکَبِیْ۔ اے اللہ تعالیٰ کے شہ سوارو! اپنے گھوڑوں پر سوار ہو جاؤ۔ یہ اعلان سنتے ہی مسلمان ہتھیار سجائے اپنے گھروں سے نکلنے لگے۔ حضور گھوڑے پر سوار تھے جس کا نام "لحیف" تھا۔ سو صحابہ کے ایک دستے نے گھوڑوں پر سوار ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد حلقہ بنا لیا جن کے پاس سواری کا انتظام نہ تھا وہ پیادہ چل پڑے۔ اس روز لشکرِ اسلام کا پرچم سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو عطا فرمایا گیا۔ یہ لشکر جلد ہی بنو قریظہ کی گڑھی کے قریب پہنچ گیا۔ حضرت علی نے قلعہ کی دیوار کے نزدیک پرچم گاڑ دیا۔ یہودیوں نے جب مسلمانوں کو آتے ہوئے دیکھا تو دروازے بند کر دیئے اور مرد و زن چھت پر چڑھ گئے اور مسلمانوں پر گالیوں کی بوچھاڑ کرنے لگے۔ حضرت اُسید بن حضیر نے ان کی اس حرکت پر غضبناک ہو کر فرمایا: یَا اَعْدَاءَ اللّٰہِ لَا نَبْرَحُ عَنْ حُصُوْنِکُمْ حَتّٰی تَمُوْتُوْا جُوْعًا(1)۔ "کہ اے اللہ کے دشمنو! ہم تمہارے قلعوں کا ایسا محاصرہ کریں گے کہ تم بھوکے مر جاؤ گے"۔ انہوں نے اپنی دیرینہ دوستی کا واسطہ دیا۔ آپ نے فرمایا کہ میرے اور تمہارے درمیان سب تعلقات منقطع ہو گئے ہیں۔ حضور نے رات وہاں بسر کی۔ صبح ہوتے ہی ان کے اس قلعہ کا محاصرہ کر لیا اور مختلف مقامات پر تیر انداز بٹھا دیئے۔ یہود بھی پتھر اور تیر برساتے رہے۔ مسلمان بھی ان کا مؤثر جواب دیتے رہے۔ جب ان کی شرارت شدت اختیار کرنے لگی تو حضور کے ارشاد سے مسلمانوں نے انہیں باقاعدہ اپنی زد میں لے لیا۔ انہوں نے پتھر برسانے بند کر دیئے اور گفتگو کرنے کی اجازت طلب کی جو انہیں بخشی گئی۔

یہود نے ابنِ اش بن قیس کو اپنا نمائندہ بنا کر بارگاہِ رسالت میں بھیجا۔ اس نے آ کر کہا کہ جن شرائط پر آپ نے بنو نضیر کو یہاں سے نکلنے کی اجازت دی تھی، انہی شرائط پر ہمیں بھی یہاں سے نکل جانے کی اجازت دے دیجیے۔ ہم اپنی عورتوں، بچوں اور بارِ شتر کے ساتھ مدینہ چھوڑ جاتے ہیں باقی ہر چیز آپ سنبھالیے۔ حضور نے انکار کر دیا۔ پھر اس نے کہا ہم سارا مال و متاع یہاں چھوڑ جاتے ہیں، صرف ہماری جان بخشی کی جائے۔ یہ تجویز بھی مسترد کر دی گئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تم اپنے متعلق میرا فیصلہ اگر ماننے کے لیے تیار ہو تو تمہارے ساتھ مفاہمت کی بات چیت کی جا سکتی ہے۔ وہ مشورہ کرنے کے لیے قلعہ میں واپس گیا اور سارا ماجرا انہیں کہہ سنایا۔ ان کے سردار کعب بن اسد نے کہا: اے میری قوم! تین تجویزیں ہیں ان میں سے کوئی ایک پسند کر لو۔ انہوں نے پوچھا بتایئے۔ اس نے کہا سب سے بہتر تو یہ ہے کہ تم مسلمان ہو جاؤ۔ اب اس امر میں ذرا شبہ نہیں رہا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) وہی رسولِ مکرم ہے جس کی بشارت اور ذکر ہماری کتابوں میں موجود ہے۔ آج تک محض حسد کے باعث ہم ان کی مخالفت کرتے رہے۔ اب وقت ہے ایمان لے آؤ۔ تم، تمہارا بال بچہ اور مال و متاع سب بچ جائے گا اور نعمتِ ہدایت سے بھی مالا مال ہو جاؤ گے۔ میں تو مسلمانوں سے کیے ہوئے معاہدہ کو توڑنے کے لیے تیار نہ تھا۔ اس بدبخت (حیی بن اخطب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) کی نحوست نے ہمیں اس مصیبت میں مبتلا کیا۔ قوم نے کہا کہ ہم ایمان تو کسی قیمت پر لانے کے لیے تیار نہیں۔ اس نے کہا دوسری تجویز یہ ہے کہ اپنی عورتوں اور بچوں کو اپنی تلواروں سے کاٹ ڈالو اور پھر مسلمانوں پر ٹوٹ پڑو۔ نتیجہ دیکھا جائے گا۔ قوم نے کہا ان معصوم بچوں اور عورتوں کو بلا گناہ ذبح کر دینا کہاں کی انسانیت ہے؟ ہم ایسا نہیں کریں گے۔ اس نے کہا تیسری تجویز یہ ہے کہ آج سبت کی رات ہے۔ مسلمانوں کو علم ہے کہ یہودی آج حملہ نہیں کریں گے، وہ بالکل مطمئن اور بے خوف و خطر بیٹھے ہوں گے۔ آؤ ان کی اس بے خبری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اچانک ان پر ہلہ بول دیں۔ ہو سکتا ہے کہ ہم انہیں شکست دے دیں۔ انہوں نے اس سے کہا کہ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 316

تو ہمیں سبت کی بے حرمتی کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔ پہلے جن لوگوں نے اس کی بے حرمتی کی تھی انہیں اس کی عبرتناک سزا ملی۔ ان کے سردار کعب نے کہا: مَا بَاتَ مِنْكُمْ مُنْذُ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ لَيْلَةً وَاحِدَةً جَازِمًا: تم سب ہمیشہ سے گومگو کا شکار رہتے ہو۔ کسی چیز کے متعلق فیصلہ کن بات کرنے کی تم میں صلاحیت نہیں۔ پچیس دن تک محاصرہ جاری رہا۔ آخر کار جب وہ عاجز آ گئے اور ان میں تابِ مقاومت نہ رہی تو حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے کو قبول کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ چنانچہ ان کے جوانوں کو الگ کر کے انہیں رسیوں میں جکڑ دیا گیا اور بچوں اور عورتوں کو الگ ایک محفوظ مقام پر پہنچا دیا گیا۔ مسلمان جب ان کے قلعہ میں داخل ہوئے تو انہوں نے اسلحہ کے وہ انبار دیکھے جو یہودیوں نے مسلمانوں پر عقب سے حملہ کرنے کے لیے تیار کر رکھے تھے۔ ان میں پندرہ سو تلواریں۔ دو ہزار نیزے۔ پانچ صد ڈھالیں اور دیگر اسلحہ تھا۔ اس کے علاوہ شراب کے مٹکوں کے مٹکے بھرے ہوئے رکھے تھے۔ شراب تو ساری کی ساری انڈیل دی گئی۔ دوسرے ساز و سامان پر قبضہ کر لیا گیا۔ ان میں کثیر التعداد مویشی اور اونٹ وغیرہ تھے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام الگ ایک جگہ تشریف فرما تھے کہ بنی اوس قبیلہ کا ایک وفد حاضر خدمت ہوا اور عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! یہودی قبیلہ بنونضیر کے دوستانہ تعلقات بنی خزرج کے ساتھ تھے۔ ان کی سفارش پر حضور نے بنی نضیر کی جاں بخشی فرما دی اور ہر آدمی کو ایک بارِ شتر لے جانے کی بھی اجازت دے دی۔ بنی قریظہ کے ساتھ ہمارے قدیم سے دوستانہ تعلقات ہیں۔ اب وہ اپنی غلطی پر از حد پشیمان بھی ہیں۔ اس لیے حضور نے جس طرح بنوخزرج کی عزت افزائی فرمائی تھی اسی طرح ہماری وجہ سے ہمارے اس دوست قبیلہ کو بھی بخش دیں۔ وہ بار بار اپنی یہ درخواست پیش کرتے رہے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خاموش رہے۔ جب ان کا اصرار حد سے بڑھ گیا تو ارشاد فرمایا کہ کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ تمہارے قبیلہ اوس سے کوئی شخص ان کے متعلق فیصلہ کر دے؟ انہوں نے عرض کی: بجا ہے۔ حضور نے فرمایا: میں سعد بن معاذ کو حکم مقرر کرتا ہوں۔ انہوں نے مسرّت کا اظہار کرتے ہوئے عرض کیا کہ منظور ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ یہودیوں نے خود حضرت سعد کا نام تجویز کیا تھا۔ حضرت سعد خندق میں زخمی ہو گئے تھے۔ حضور نے انہیں مسجد کے قریب رفیدہ کے خیمہ میں ٹھہرایا ہوا تھا۔ تاکہ اپنی نگرانی میں ان کی مرہم پٹی کرائی جائے اور ان کی عیادت میں آسانی ہو۔ بنی اوس اپنی حسبِ پسند حضرت سعد کو حکم مقرر کرا کے ان کو لینے کے لیے خیمہ میں گئے اور ایک گدھے پر سوار کر کے انہیں بارگاہِ رسالت میں لے آئے۔ راستہ میں آپ کو ہموار کرنے کی کوشش کرتے رہے کہ آپ حکم مقرر ہوئے ہیں۔ بنی قُریظہ سے ہمارے قدیمی دوستانہ تعلقات ہیں، ان کے ساتھ نرم برتاؤ کرنا۔ تم نے دیکھا نہیں بنی خزرج نے بنی نضیر کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا۔ جب انہوں نے افہام و تفہیم اور منت و سماجت کی حد کر دی تو سعد نے صرف اتنا جواب دیا:

قَدْ آنَ لِسَعْدٍ اَنْ لَّا یَأْخُذَهُ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ۔ ''اب سعد کا ایسا وقت آ گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت اسے متاثر نہیں کر سکتی''۔ جب سعد کی سواری حضور کی قیام گاہ کے قریب پہنچی تو حضور نے حاضرین کو فرمایا: قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ۔ اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ سعد کو اتارا گیا۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اُحْکُمْ فِیْهِمْ یَا سَعْدُ! اے سعد! ان کے بارے میں فیصلہ کرو۔ انہوں نے عرض کی: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَقُّ بِالْحُکْمِ: کہ اللہ اور اس کا رسول ہی فیصلہ فرمانے کا حق دار ہے۔ ارشاد ہوا: اَمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَحْکُمَ فِیْهِمْ (1): اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے کہ تم ان کے بارے میں فیصلہ کرو۔ سعد نے پھر اپنی قوم سے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 320

ع ۳ ۷ ۱۹

اَمْوَالَهُمْ وَ اَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ﴿۲۷﴾

ان کے مال و متاع کا اور وہ ملک بھی تمہیں دے دیئے جہاں تمہارے قدم ابھی نہیں پہنچے ۵۲ اور اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَ زِیْنَتَهَا

اے نبی مکرم! آپ فرما دیجیے اپنی بیبیوں کو ۵۳ کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اسکی آرائش (و آسائش) کی خواہاں ہو

پوچھا کہ بنی قریظہ کے بارے میں جو حکم کروں تمہیں منظور ہے۔ انہوں نے کہا بیشک منظور ہے۔ آپ نے فرمایا: میرا فیصلہ تو یہ ہے کہ ان کے بالغوں کو قتل کر دیا جائے اور ان کی عورتوں اور بچوں کو غلام بنا لیا جائے اور ان کے مال اور جائیدادیں مہاجرین و انصار میں تقسیم کر دی جائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَقَدْ حَكَمْتَ فِيهِمْ بِحُكْمِ اللهِ مِنْ فَوْقِ سَبْعَةِ اَرْقِعَةٍ۔ اے سعد! تم نے وہی فیصلہ کیا جو اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر فیصلہ فرمایا ہے۔ چنانچہ ان کو ان کی غداری، عہد شکنی اور دشمن سے ساز باز کرنے کے جرم میں قتل کر دیا گیا۔ ظَاهَرَ: عَاوَنَ: مدد کرنا۔ صَيَاصِيهِمْ جمع ہے اس کا واحد صِيصَةٌ ہے اس کا معنی قلعہ اور گڑھی ہے (1)۔

۵۲ تمہیں ان کی زمینوں اور مکانوں اور مال و متاع کا وارث بنا دیا اور ایسی زمین کی فتح بھی تمہارے مقدر میں لکھ دی جہاں تک ابھی تم نہیں پہنچے۔

۵۳ فخرِ کائنات، باعثِ ایجادِ عالم، سلطانِ دنیا و دین صلی اللہ علیہ وسلم کی خانگی زندگی صرف آرام و آسائش کے اسباب سے ہی خالی نہ تھی بلکہ ضروریاتِ زندگی بھی اکثر فراہم نہ ہوتی تھیں۔ مسلسل کئی کئی دنوں تک چولہے میں آگ نہیں جلائی جاتی تھی اور کھجور وغیرہ پر بسر اوقات کی جاتی۔ اکثر جو کی روٹی یا گندم کے ان چھنے آٹے کی روٹی دسترخوان کی زینت ہوتی۔ لباس کا معاملہ بھی خوراک سے مختلف نہ تھا۔ موٹا جھوٹا جیسا میسر آیا خود بھی پہن لیا اور امہات المومنین کو بھی دے دیا۔ مسلمانوں کے مالی حالات جب تک ناسازگار تھے امہات المومنین بڑے صبر و شکر سے یہ سب کچھ برداشت کرتی رہیں۔ کوئی مطالبہ نہیں، کوئی فرمائش نہیں، کسی چیز کے نہ ملنے کا شکوہ نہیں، شکایت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے محبوب کی رفیقۂ حیات بننے کی سعادت پر زندگی کی ساری مسرتیں اور راحتیں انہوں نے قربان کر دی تھیں۔ اگرچہ وہ سب کی سب امیر والدین کی بیٹیاں تھیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ حضرت ابوبکر صدیق کی نورِ نظر تھیں جو مکہ کے خوشحال اور کامیاب تاجر تھے۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت فاروقِ اعظم کی لختِ جگر تھیں جو اپنے قبیلہ کے سردار تھے۔ اسی طرح دیگر ازواجِ مطہرات کا بھی حال تھا۔ ماں باپ نے انہیں بڑے ناز و نعم سے پالا تھا۔ اس وقت وہاں کے معاشرہ میں جن آسودگیوں کا تصور کیا جا سکتا تھا وہ سب انہیں میسر تھیں اور ان کی پہلی ازدواجی زندگی بھی امیرانہ بلکہ شاہانہ ماحول میں بسر ہوئی تھی۔ یکایک اس فرحت انگیز اور آرام بخش زندگی کو ترک کر کے امہات المومنین نے درویشانہ زندگی کو جس خوشی سے اپنایا اور جس خوبصورتی سے اسے نبھایا وہ انہی کا حصہ تھا۔ وہ اس فقر و درویشی کی زندگی پر ناز کرتیں اور ان ساری کلفتوں کو اپنے لیے دارین کی سعادتوں کا باعث سمجھتیں۔

لیکن جب فتوحات کا سلسلہ شروع ہوا اور مالِ غنیمت کثرت سے تقسیم ہونے لگا۔ عام مسلمانوں کی معاشی حالت تیزی سے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 312

بدلنے لگی۔ خصوصاً مدینہ کے یہودی قبائل بنی نضیر، قینقاع اور قریظہ کا مال ومتاع، ان کی زرعی زمینیں، باغات اور رہائشی مکانات مسلمانوں میں بطور غنیمت تقسیم کیے گئے، تو مسلمانوں کی سابقہ محرومیاں اور تنگ دستیاں قصۂ ماضی بن گئیں۔ مسلمان خواتین کی بود و باش اور لباس وخوراک میں بھی خوش آئند تبدیلیاں پیدا ہوگئیں۔ اس وقت امہات المومنین نے اقلیمِ فقر وغنا کے تاجدار کے سامنے دامنِ طلب پھیلایا۔ علامہ ابو حیان لکھتے ہیں: فَقَعَدْنَ حَوْلَهُ قُلْنَ يَا رَسُوْلَ اللهِ بَنَاتُ كِسْرٰى وَ قَيْصَرَ فِي الْحُلِيِّ وَالْحُلَلِ وَالْإِمَاءِ وَالْخَوَلِ وَنَحْنُ عَلٰى مَا تَرَاهُ مِنَ الْفَاقَةِ وَالضِّيْقِ۔ یعنی ایک روز ازواجِ مطہرات حضور کے اردگرد بیٹھ گئیں اور عرض کی: یارسول اللہ! قیصر اور کسریٰ کی بیٹیاں زیور اور طرح طرح کے لباسوں میں ملبوس ہیں۔ ان کے پاس گولیوں اور خادموں کی کمی نہیں اور فقر وفاقہ کی وجہ سے ہمارا یہ حال ہے۔ اس لیے ازراہِ کرم ہمیں بھی اب پہننے کے لیے اچھے لباس اور کھانے کے لیے لذیذ کھانا ضرور ملنا چاہیے۔ بنظرِ انصاف اگر دیکھا جائے تو اس میں قطعاً کوئی ناروا بات نہ تھی، کوئی بے ادبی کا پہلو نہ تھا۔ جب عام مسلمان خواتین اچھا کھانے لگی تھیں اور اچھا پہننے لگی تھیں تو ازواجِ مطہرات کا یہ مطالبہ کسی طرح بھی ناجائز نہ تھا۔ لیکن رحمتِ عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے خاطرِ عاطر پر یہ بھی ناگوار گزرا۔ حضور کی ذات عام حکمرانوں کی طرح نہ تھی جس کی کارگزاری کے اثرات اس کی اپنی ذات تک محدود ہوں۔ آپ تو ساری اولادِ آدم کے لیے قیامت تک راہنما تھے۔ اگر حضور اس قسم کے مطالبات کو تسلیم کر لیتے اور آپ کے اہلِ بیت کی خورونوش، لباس وغیرہ میں آرائش اور تکلّف کا واہمہ تک بھی پایا جاتا تو آنے والے فرمانرواؤں کیلئے دروازہ کھل جاتا اور وہ تکلّفات، تصنّع اور آرائش کو سُنّتِ نبوی کہہ کر اپناتے اور ایک ایسی ابتری اور بدنظمی رونما ہوتی جس کا تدارک ممکن نہ رہتا۔ حضور اپنے منصبِ بلند کو، اپنے مقامِ نبوت کی ذمہ داریوں کو ملاحظہ فرما رہے تھے اور قلبِ نازک پر یہ مطالبہ بھی گراں گزر رہا تھا۔ چنانچہ ایک روز صدیقِ اکبر کاشانۂ نبوت میں حاضر ہوئے، ان کے بعد فاروقِ اعظم بھی آگئے۔ دیکھا کہ ازواجِ مطہرات اردگرد حلقہ بنائے بیٹھی ہیں اور حضور بالکل خاموش درمیان میں تشریف فرما ہیں اور حضور کے چہرۂ اقدس پر ناگواری کے آثار ہیں۔ حضرت عمر نے سوچا اب ایسی بات کرنی چاہیے جس سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہنس پڑیں اور اس افسردگی کا خاتمہ ہو۔ عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! اگر میری بیوی بنتِ خارجہ مجھ سے خرچہ مانگنے کی جرأت کر لے تو حضور دیکھیں گے کہ میں اُس کے سر کا قیمہ بنا کر رکھ دوں گا۔ یہ سن کر حضور ہنس دیئے اور مہرِ سکوت توڑتے ہوئے فرمایا: اے عمر انہیں دیکھو یہ میرے اردگرد اس لیے حلقہ بنائے بیٹھی ہیں کہ مجھ سے خرچ کا مطالبہ کریں۔ حضرت صدیق نے اپنی بیٹی حضرت عائشہ کو پکڑا اور ان کی گردن پر تھپڑ رسید کیے، اسی طرح حضرت عمر نے اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ کو گردن سے پکڑ کر تھپڑ رسید کیے۔ اور کہا کہ کیا اس کے بعد تم حضور سے ایسی چیز کا سوال کرو گی جو حضور کے پاس نہ ہو؟ دونوں نے کہا آئندہ ہم ہرگز ایسا نہ کریں گی۔

اس کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انتیس یا تیس دن عزلت نشینی اختیار فرمائی۔ ایک ماہ بعد یہ آیات نازل ہوئیں۔ حضور بالاخانہ سے اُترے اور سب سے پہلے حضرت صدیقہ کے پاس تشریف فرما ہوئے۔ ارشاد فرمایا: اے عائشہ! میں آج تجھ سے ایک بات پوچھنے آیا ہوں۔ تم اس کے جواب میں جلدی نہ کرنا۔ جواب دینے سے پہلے اپنے والدین سے ضرور مشورہ کر لینا۔ انہوں نے عرض کی: ارشاد فرمایئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دو آیتیں پڑھ کر سنائیں۔ حضرت صدیقہ نے آیتیں سننے کے بعد گزارش کی: أَفِيْ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللهَ وَ رَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ۔ کیا میں اس معاملہ میں اپنے والدین سے مشورہ کروں گی؟

فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾ وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ

تو آؤ تمہیں مال و متاع دے دوں اور پھر تمہیں رخصت کر دوں بڑی خوبصورتی کے ساتھ ۵۴ اور اگر تم چاہتی ہو

اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا

اللہ کو اور اس کے رسول کو اور دارِ آخرت کو تو بیشک اللہ تعالیٰ نے تیار کر رکھا ہے انکے لیے جو تم میں سے نیکوکار ہیں

عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَنْ يَأْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ

اجرِ عظیم ۵۵ اے نبی کریم کی بیبیو! جس کسی نے تم میں سے کھلی ہوئی بیہودگی کی تو اس کے لیے

يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾

عذاب کو دو چند کر دیا جائے گا اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ پر بالکل آسان ہے ۵۶

میں نے اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور دارِ آخرت کو پسند کر لیا ہے۔ اس کے بعد حضور نے دیگر ازواج سے بھی یہی بات کہی۔ سب نے یہی جواب دیا۔ انسان قربان جائے حضور کی ازواجِ طاہرات اور مسلمانوں کی ماؤں پر جنہوں نے زندگی کی ساری لذتوں کو ٹھکرا دیا۔ فقر و فاقہ، غربت و درویشی کو قبول کیا اور مصطفٰے علیہ اطیب التحیۃ والثناء کی کنیز بننے کی سعادت کو نہ چھوڑا (1)۔

باتیں کر لینا بہت آسان ہے لیکن کر کے دکھانا ہر کسی کے بس کا روگ نہیں۔

۵۴ یعنی اگر تم دنیا اور متاعِ دنیا کو پسند کرو گی تو پھر کاشانۂ نبوت کی زینت نہیں بن سکتیں۔ تمہیں علیحدہ کر دوں گا۔ لیکن علیحدگی بڑی خوبصورتی سے اور آبرومندانہ طریقے سے ہوگی۔ یہاں سے یہ سبق بھی دیا گیا کہ اگر تعلقات منقطع کرنے کا موقع آجائے، تو اس وقت بھی تمہارے ہاتھوں سے شائستگی کا دامن چھوٹنے نہ پائے۔

۵۵ تمام ازواجِ مطہرات نے بصد مسرت اپنے مطالبات ترک کر دیئے اور اللہ تعالیٰ، اس کے رسولِ کریم ﷺ اور دارِ آخرت کو پسند فرمایا اور وہ اس بشارت کی مستحق ہوگئیں جس کا ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے۔

صد حیف! ان کم فہموں اور بدبختوں پر جو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ پڑھ کر بھی ازواجِ مطہرات کی شان میں گستاخی اور ہرزہ سرائی سے باز نہیں آتے۔

۵۶ تم نبی کریم ﷺ کی بیویاں ہو، ساری اُمت کی بچیوں اور خواتین کے لیے تمہاری زندگی ایک نمونہ ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمہارا بڑا اُونچا مقام ہے۔ لیکن اس رفعتِ شان اور عظمتِ مقام کے تقاضے پورا کرنا بھی تم پر لازم ہے۔ خبردار! تمہارے اُجلے دامن پر کوئی داغ لگنے نہ پائے۔ اگر تم نے کوئی ایسی حرکت کی تو یاد رکھو تمہیں اس کی سزا بھی دگنی دی جائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ پر ایسا کرنا کوئی مشکل نہیں۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 31-130۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 227

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ

اور جو تم میں سے فرماں بردار بنی رہی اللہ کی اور اس کے رسول کی اور نیک عمل کرتی رہی تو ہم اس کو

اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ

اس کا اجر بھی دو چند دیں گے اور ہم نے اس کے لیے عزت والی روزی تیار کر رکھی ہے ۵۷ اے نبی کی ازواج (مطہرات) تم

كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ

نہیں ہو دوسری عورتوں میں سے کسی عورت کی مانند۔ اگر تم پرہیزگاری اختیار کرو ۵۸ پس ایسی نرمی سے بات نہ کرو کہ طمع کرنے لگے وہ (بے حیا)

الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ

جس کے دل میں روگ ہے ۵۹ اور گفتگو کرو تو باوقار انداز سے کرو ۶۰ اور ٹھہری رہو اپنے

۵۷ اسی طرح تم میں سے جس نے اطاعت وفرمانبرداری کا شیوہ اختیار کیا اسے اجر بھی دگنا ملے گا اور اسے ہم باعزت رزق عطا فرمائیں گے۔

۵۸ یہاں پھر اس حقیقت کو دوسرے عنوان سے بیان کر دیا کہ تمہارا حال دوسری عورتوں کا سا نہیں۔ ان سے اگر کوئی غلطی ہو جائے تو اس کی وہ خود ذمہ دار ہیں اور مطعون ہوگی تو ان کی اپنی ذات مطعون ہوگی، لیکن اگر تم نے کوئی ایسی حرکت کی تو دامنِ نبوّت داغدار ہو جائے گا، رشد وہدایت کا وہ چشمہ گدلا ہو جائے گا جس سے دنیا بھر کے پیاسوں نے پیاس بجھانی ہے، وہ آفتاب گہنا جائے گا جس کے مقدر میں ہمیشہ کے لیے سارے عالم کو منور کرنا ہے۔ تم ذرا ان بھیانک نتائج کا تصور کرو جو تمہاری معمولی سی لغزش پر مترتب ہو سکتے ہیں۔ تم ذرا ان مشکلات کا اندازہ لگاؤ جو تمہاری کج رَوی سے دعوتِ اسلامی کی راہ میں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اس لیے جادۂ زیست پر ہر قدم پھونک پھونک کر رکھو، ہر کام سوچ سمجھ کے کرو، تقویٰ و پارسائی کا وہ بلند معیار قائم کرو کہ نکتہ چینوں کی آنکھیں پتھرا جائیں، لیکن انہیں کوئی داغ نظر نہ آئے، وہ اپنی زبان درازی کے باوجود اپنے آپ کو گونگا محسوس کریں۔

۵۹ اگر کسی مجبوری کے باعث تمہیں کسی نامحرم سے بات کرنی پڑے، تو اس کے ساتھ ایسے باوقار انداز سے بات کرو کہ اس کے بیمار دل میں کوئی فاسد خیال پیدا ہی نہ ہو۔ گفتگو کا لہجہ کئی غلط فہمیوں اور جسارتوں کا سبب بن سکتا ہے۔ اس دروازے کو ہی بند کر دیا۔

۶۰ اس کے ساتھ ساتھ گفتگو میں کوئی ایسی تلخی اور ناشائستگی بھی نہ ہو جسے شریعت ناپسند کرے اور لوگوں کی دل شکنی اور دلآزاری ہو۔

فَالْقَوْلُ الْمَعْرُوْفُ هُوَ الصَّوَابُ الَّذِيْ لَا تُنْكِرُهُ الشَّرِيْعَةُ وَلَا النُّفُوْسُ۔ (قرطبی)(1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 178

بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ

گھروں میں اور اپنی آرائش کی نمائش نہ کرو جیسے سابق دَورِ جاہلیت میں رواج تھا ۶۱ اور نماز قائم

۶۱ آیت میں جو اہم الفاظ ہیں پہلے ان کا مفہوم ذہن نشین کر لیجیے۔ اس کے بعد اس آیت کا مقصد اور مفہوم سمجھنے کی کوشش فرمایئے۔ وَ قَرْنَ: یہ لفظ یا قرار سے ماخوذ ہے یا وقار سے، دونوں سے مقصد یہ ہے کہ امہات المؤمنین کو اپنے گھروں میں سکون و وقار سے ٹھہرنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور بلاضرورت گھروں سے نکلنے کی ممانعت فرمائی جا رہی ہے اور زمانہء جاہلیت میں عورتیں جس طرح بن ٹھن کر بازاروں میں بے حجاب پھرا کرتی تھیں اور اپنے حسن و جمال کی نمائش کیا کرتی تھیں اس سے سختی سے روکا جا رہا ہے۔ اگرچہ یہاں خطاب صرف ازواج الرسول سے ہے لیکن اُمّت کی ساری خواتین کے لیے یہی حکم ہے(1)۔ تَبَرُّجٌ: علامہ ابن منظور اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہر اونچی چیز جو دور سے نمایاں ہو، اس کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔ وَكُلُّ ظَاهِرٍ مُّرْتَفِعٍ وَقَدْ بَرَجَ (لسان العرب)(2) بروج کو بھی بروج اسی لیے کہا جاتا ہے کہ وہ دور سے دکھائی دیتے ہیں۔ اسی سے تبرج ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے عورت کا اپنے حسن و جمال اور آرائش کو غیر مردوں کے سامنے ظاہر کرنا۔ اَلتَّبَرُّجُ اِظْهَارُ الْمَرْاَةِ زِيْنَتَهَا وَمَحَاسِنَهَا لِلرِّجَالِ(3)۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں عورتیں ناز و ادا سے مٹکتی اور لچکتی ہوئی سرِ بازار ٹہلا کرتی تھیں۔ اس سے باز رہنے کا حکم دیا جا رہا ہے(4)۔

اسلام کے نزدیک عفت و عصمت کی جو قدر و منزلت ہے۔ اس کے پیشِ نظر یہ احکام صادر فرمائے جا رہے ہیں۔ ان راستوں کو ہی بند کیا جا رہا ہے، ان اسباب کا ہی قلع قمع کیا جا رہا ہے جن کے ذریعہ اس متاعِ گرانمایہ کے لُٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ کوئی زیرک قیمتی جواہرات رکھ کر اپنے گھر کے دروازے چوروں کے لیے نہیں کھولتا۔ جو لوگ اس زعمِ باطل میں مبتلا ہیں کہ ان کے گھروں کی خواتین، ان کی بچیاں، بہنیں پختہ کردار کی مالک ہیں، وہ اگرچہ قیمتی اور بھڑکیلے ملبوسات پہن کر بے پردہ گھومتی رہیں تو ان کی عزت و آبرو پر کوئی آنچ نہیں آسکتی۔ انہیں ہم نرم سے نرم الفاظ میں ''بھولا'' کہہ سکتے ہیں۔ اور ان کا یہ بھولا پن انہیں ایک روز ایسے گڑھے میں پھینک دے گا جس سے نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی۔ فطرتِ انسانی کے حیوانی تقاضوں کی شدت سے ان کی دانستہ چشم پوشی انہیں ایسے بھیانک نتائج سے دو چار کر دے گی کہ ان کا قلبی سکون برباد اور ذہنی توازن بگڑ کر رہ جائے گا۔ اس وقت وہ پچھتائیں گے جب چڑیاں کھیت چُگ گئی ہوں گی۔ اس وقت وہ زار زار روئیں گے، لیکن ان کو اپنے درد کا درماں نہیں ملے گا۔

اسلام نے مسلمانوں کو جو ثقافت اور تہذیب عطا کی ہے، وہ تو ان آیات میں مذکور ہے۔ اب اگر ہمارے قائدین اپنی ملت کی بچیوں کو کوئی دوسری ثقافت سکھانا چاہیں اور مغربی تمدن و معاشرت کے آداب کی تعلیم دینا چاہیں تو ان کی مرضی۔ اسلام نے، قرآن نے اور حاملِ قرآن نے تو مسلمان عورتوں کو اس حیا سوز اور غیرت باختہ طرزِ معاشرت سے سختی سے روکا ہے۔ بزار نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ عورتیں بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی:

''یارسول اللہ! مرد ساری فضیلتیں لے گئے۔ جہاد میں شرکت کا شرف بھی صرف انہیں نصیب ہوتا ہے۔ کیا کوئی عمل ایسا ہے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 178-179 2۔ لسان العرب، ج 2، ص 211 3۔ ایضاً، ج 2، ص 212 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 179

جو ہم کریں اور ہمیں مجاہدین کا درجہ حاصل ہو"۔ فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ: مَنْ قَعَدَتْ مِنْكُنَّ فِيْ بَيْتِهَا فَاِنَّهَا تُدْرِكُ عَمَلَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ ارشاد فرمایا: تم میں سے جو عورت اپنے گھر میں بیٹھے گی اسے مجاہدین فی سبیل اللہ کا درجہ ملے گا۔ (روح المعانی)(1)

امام ترمذی اور بزار نے حضرت ابن مسعود سے یہ حدیث نقل کی ہے۔ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ الْمَرْءَةُ عَوْرَةٌ فَاِذَا خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ وَ اَقْرَبُ مَا تَكُوْنُ مِنْ رَّحْمَتِ رَبِّهَا وَ هِيَ فِيْ قَعْرِ بَيْتِهَا(2) یعنی حضور نے فرمایا: عورت کا مستور اور باپردہ رہنا ہی بہتر ہے۔ جب وہ گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اُسے جھانکنے لگتا ہے۔ جب تک وہ اپنے گھر کی چار دیواری میں رہتی ہے وہ رحمتِ الٰہی سے قریب تر ہوتی ہے۔

پاکستان، جسے مملکتِ اسلامیہ ہونے کا دعویٰ ہے۔ وہاں مردوں اور عورتوں کا بے دریغ اختلاط، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں مخلوط تعلیم، عورتوں کا ان دفتروں میں ملازمت کرنا جہاں مرد ہوتے ہیں، ایسے اجتماعات اور مذاکروں میں شرکت کرنا، عام بازاروں اور شاہراہوں پر ننگے سر، چست لباس پہنے، نیم عریاں ہو کر گھومنا پھرنا ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ اور ہمارا طرزِ عمل اسلام کی تہذیب وثقافت پر ناروا زیادتی بلکہ اسے مسخ کرنے کے مترادف ہے۔

شیعہ، حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر ایک اعتراض کرتے ہیں، اس کے متعلق بھی یہاں کچھ وضاحت کر دینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ازواجِ مطہرات کو گھروں میں ٹھہرے رہنے کی تاکید کی۔ لیکن حضرت عائشہ نے اس کی خلاف ورزی کی۔ مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ گئیں۔ وہاں سے بصرہ کا رُخ کیا۔ صرف اسی پر اکتفا نہیں بلکہ خلیفۂ برحق حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے خلاف جنگ لڑی۔ یہ حکمِ الٰہی کی صریح خلاف ورزی ہے اور سخت گناہ ہے۔

اس کے متعلق مختصراً عرض ہے کہ حضرت ام المؤمنین حج کی نیت سے مکہ مکرمہ روانہ ہوئیں اور حج کے لیے گھر سے نکلنے کی قطعاً ممانعت نہیں۔ اس آیت کے نزول کے بعد بھی حضور ﷺ کی معیت میں اُمہات المؤمنین نے حج اور عمرہ کے لیے سفر کیے بلکہ اکثر غزوات میں بھی کسی نہ کسی رفیقۂ حیات کو شرفِ ہمرکابی سے مشرّف فرمایا۔ معلوم ہوا کہ اس آیت سے مُطلقاً گھروں سے نکلنے کی ممانعت نہیں بلکہ بلاضرورت بن سنور کر باہر نکلنا ممنوع ہے۔ نیز اس سفرِ حج میں حضرت اُمِ سلمہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہما بھی ساتھ تھیں۔ اور یہ بھی نہیں کہ کسی محرم کی معیت کے بغیر آپ تشریف لے گئیں ہوں بلکہ آپ کے ساتھ آپ کے بھانجے حضرت عبداللہ بن زبیر حضرت اسماء کے فرزند اور آپ کی بہن حضرت ام کلثوم زوجۂ طلحہ کے بیٹے بھی ساتھ تھے۔

مناسکِ حج سے جب فارغ ہوئیں اور واپسی کی تیاری کر رہی تھیں تو اطلاع ملی کہ باغیوں نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے۔ مدینہ طیبہ میں فتنہ وفساد کے شعلے بھڑکنے لگے ہیں اور یہ باغی حضرت سیدنا علی کے لشکر میں داخل ہو گئے ہیں۔ یہ المناک خبریں سن کر آپ کے غم واندوہ کی حد نہ رہی۔ مسلمانوں میں رونما ہونے والے اس خونی انقلاب نے آپ کو حد درجہ متاثّر کر دیا۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 6۔ درمنثور، زیر آیت ہذا، ج 5، ص 374، دار الکتب العلمیہ بیروت

2۔ ایضاً، جامع ترمذی، کتاب الرضاع، باب کراھیۃ الدخول علی المغیبات، ج 1، ص 140

آنے والے خطرات کا تصور کر کے مضطرو پریشان ہو رہی تھیں۔ آپ ابھی اسی حالت میں تھیں کہ باغیوں سے خوفزدہ ہو کر حضرت طلحہ، زبیر، نعمان بن بشیر، کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہم کئی دوسرے صحابہ کے ساتھ مدینہ سے مکہ آ گئے اور آ کر بتایا کہ حضرت عثمان کو شہید کر دینے کے بعد باغیوں نے بڑی ڈینگیں مارنی شروع کر دیں اور خلیفہ شہید کو گالیاں بکنے لگے۔ جس سے یہ لوگ بہت رنجیدہ خاطر ہوئے اور ان ظالموں کو ان کی قبیح اور مذموم حرکتوں پر سرزنش کی۔ وہ باغی اپنی طاقت کے نشہ میں اس قدر مخمور تھے کہ انہوں نے ان حضرات کا صفایا کرنے کا بھی منصوبہ بنانا شروع کر دیا۔ انہیں اس امر کا بھی احساس ہوا کہ اگر وہ باغی انہیں قتل کرنا چاہیں گے تو ان کو کوئی روک نہیں سکے گا، اس لیے وہ مکہ چلے آئے۔ حضرت ام المومنین نے فرمایا کہ جب تک حالات پرسکون نہ ہو جائیں اور حضرت علی ان ظالموں کو اپنے ہاں سے دور نہ بھگا دیں، اس وقت تک ہمیں واپس نہیں جانا چاہیے۔ فی الحال کسی محفوظ مقام پر ٹھہر کر حالات کے رو بہ اصلاح ہونے کا انتظار کرنا چاہیے۔ سب نے اس رائے کو پسند کیا اور اپنے عارضی قیام کے لیے بصرہ کو منتخب کیا۔ کیونکہ یہاں مسلمانوں کے لشکر موجود تھے۔ ان حضرات نے حضرت ام المؤمنین کو بھی بصرہ جانے پر مجبور کیا تا کہ ان کی معیت سے حالات کو معمول پر لانے میں مدد ملے۔ کیونکہ ہر دل میں ان کی عظمت اور ان کا احترام موجود ہے۔ آپ بھی صرف اس خیال سے ان کے ساتھ بصرہ جانے پر آمادہ ہوئیں کہ ان کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کئی جلیل القدر صحابہ باغیوں کی دست درازی سے محفوظ ہو جائیں گے۔

ان باغیوں کو جب اس واقعہ کا علم ہوا تو انہوں نے بڑے غلط رنگ میں یہ خبر امیر المؤمنین کی خدمت میں پیش کی اور آپ کو چڑھائی کرنے پر برانگیختہ کیا۔ وَحَمَلُوْهُ عَلٰى اَنْ يَّخْرُجَ اِلَيْهِمْ وَيُعَاقِبَهُمْ۔ حضرت امام حسن، امام حسین، عبداللہ بن جعفر، عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ ہنوز یہ اقدام مصلحت کے خلاف ہے اور ہمیں انتظار کرنا چاہیے تا کہ صحیح حالات معلوم ہو جائیں۔ لیکن تقدیرِ الٰہی میں کچھ اور تھا۔ حضرت علی نے اپنے فرزندوں اور مخلص بھتیجوں کے اس مشورہ کو قبول نہ فرمایا اور بصرہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جب بصرہ کے قریب پہنچے تو امیر المومنین نے قعقاع کو ام المومنین کی خدمت میں بھیجا۔ اس نے حاضر ہو کر عرض کی: يَا اُمَّاهْ مَا اَشْخَصَكِ وَاَقْدَمَكِ هٰذِهِ الْبَلْدَةَ۔ اے مادرِ محترم! آپ کا اس شہر میں آنے کا مقصد کیا ہے؟ یعنی کیا آپ اس پر قبضہ کرنے کی نیت سے آئی ہیں؟ فَقَالَتْ اَیْ بُنَیَّ اَلْاِصْلَاحَ بَیْنَ النَّاسِ۔ میرے فرزند! میرے یہاں آنے کا مقصد تو اس آتشِ فساد کو بجھانا اور لوگوں کے درمیان صلح کرانا ہے۔ آپ نے وہیں حضرت طلحہ اور زبیر کو بھی بلا لیا۔ قعقاع نے ان حضرات سے پوچھا: صلح کی پھر کیا صورت ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ اِقَامَةُ الْحَدِّ عَلٰى قَتَلَةِ عُثْمَانَ وَتَطْيِيْبِ قُلُوْبِ اَوْلِيَائِهٖ۔ قاتلانِ عثمان سے قصاص اور آپ کے وارثوں کے دلوں کو خوش کرنا۔ قعقاع نے کہا: یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک باہمی انتشار ختم نہیں ہوتا۔ ہم سب متحد ہو جائیں، فتنہ وفساد کی آگ بجھ جائے، حالات معمول پر آ جائیں تو پھر ان باغیوں سے انتقام لیا جا سکے گا۔ اس لیے پہلے آپ لوگ صلح کے لیے اپنی آمادگی کا اظہار کریں۔ قَالَا اَصَبْتَ وَاَحْسَنْتَ۔ طلحہ و زبیر نے کہا اے قعقاع تم نے بجا کہا ہے اور نہایت عمدہ بات کی ہے۔ ہم صلح کے لیے کلیۃً آمادہ ہیں۔ قعقاع نے واپس جا کر حضرت امیر المومنین کی خدمت میں سارا ماجرا بیان کیا اور ان حضرات کے صلح کرنے کی خواہش سے حضرت امیر المومنین بڑے خوش ہوئے فَسُرَّ بِهٖ وَاسْتَبْشَرَ۔ صلح ہونے میں کسی کو کوئی شبہ نہ رہا۔ اپنے اپنے گھروں کو واپس جانے کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔

تین راتیں گزر گئیں۔ اگلے روز صلح کا اعلان ہونے والا تھا اور صبح سویرے حضرت امیر المؤمنین اور حضرات زبیر وطلحہ کی ملاقات کا پروگرام بن چکا تھا۔ جب قاتلانِ عثمان کو ان حالات کا علم ہوا تو ان کی پریشانی کی کوئی حد نہ رہی۔ انہیں یقین تھا کہ ان کی سلامتی مسلمانوں کے باہمی انتشار میں ہے۔ اگر صلح ہوگئی تو ان کی خیر نہیں۔ چنانچہ ساری رات مشورہ کرنے میں گزر گئی۔ آخر یہ طے پایا کہ کچھ باغی حضرت ام المؤمنین کے لشکر میں گھس جائیں اور کچھ یہیں رہیں اور صبح کے دھندلکے میں ام المومنین کے لشکر پر تیر برسانا شروع کر دیں۔ وہ یہ خیال کریں گے کہ امیر المومنین نے صلح کو توڑ دیا ہے اور امیر المومنین سمجھیں گے کہ صلح شکنی کی ابتدا دوسری جانب سے ہوئی ہے۔ جب تیروں کی بوچھاڑ شروع ہو جائے گی اور لشکر آپس میں گتھم گتھا ہو جائیں گے تو اس وقت یہ تحقیق کرنے کی کسے فرصت ہوگی کہ ابتداء کس نے کی ہے؟ اس طرح صلح کا یہ منصوبہ دھرے کا دھرا رہ جائے گا اور ہم رسوا ہونے سے بچ جائیں گے۔

اسی سازش کے مطابق عمل کیا گیا۔ چنانچہ دونوں لشکروں میں اتنی خونریز جنگ چھڑ گئی جس کا کسی کو سان گمان بھی نہ تھا۔ حضرت ام المومنین اونٹ پر سوار تھیں۔ آپ کے لشکر کے جوان ایک ایک کر کے ناموسِ رسالت پر سر کٹا رہے تھے اور پسپا ہونے کا نام نہ لیتے تھے۔ سینکڑوں بہادر اپنی ہی تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ڈھیر ہو رہے تھے۔ اسلام کے لیے یہ حادثہ بڑا جانکاہ تھا۔ دشمنانِ اسلام کی چال کتنی گہری اور خطرناک تھی۔ یہ گھاؤ ابھی تک مندمل نہیں ہوئے۔

یہ ہے جنگِ جمل کے اسباب وعوامل کی صحیح اور سچی تصویر، جو علامہ طبری اور دیگر ثقہ مؤرخین نے مختلف طُرُق سے حضرت امام حسن عبداللہ بن جعفر اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے۔ اس کے علاوہ جس کسی نے لکھا ہے، وہ ان رافضیوں کی اختراع اور بہتان تراشی ہے جو ان قاتلانِ عثمان کے پیروکار تھے۔ کسی حق کے متلاشی کو ان لغویات کی طرف التفات نہیں کرنا چاہیے(1)۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر میں ان باغیوں کے اثر ونفوذ کا کیا عالم تھا اس کے لیے صرف نہج البلاغۃ کی یہ عبارت پڑھ لیجیے: وَقَدْ قَالَ لَهُ قَوْمٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ لَوْ عَاقَبْتَ قَوْمًا مِّمَّنْ اَجْلَبَ عَلٰى عُثْمَانَ ، فَقَالَ يَا اِخْوَتَاهُ اِنِّيْ لَسْتُ اَجْهَلُ مَا تَعْلَمُوْنَ وَلٰكِنْ كَيْفَ لِيْ بِقُوَّةٍ وَّ الْقَوْمُ وَالْمُجْلِبُوْنَ عَلٰى حَدِّ شَوْكَتِهِمْ يَمْلِكُوْنَنَا وَلَا نَمْلِكُهُمْ وَهَا هُمْ هٰؤُلَاءِ قَدْ ثَارَتْ مَعَهُمْ عَبْدَانُكُمْ وَالْتَفَّتْ اِلَيْهِمْ اَعْرَابُكُمْ وَهُمْ خِلَالُكُمْ يَسُوْمُوْنَكُمْ مَا شَاءُوْا(2)۔

ترجمہ: حضرت امیر سے آپ کے بعض نیاز مندوں نے کہا اگر آپ ان لوگوں کو سزا دیں جنہوں نے حضرت عثمان پر چڑھائی کی تھی تو سارا فتنہ ختم ہو جائے۔ آپ نے فرمایا: اے بھائیو! میں اس چیز سے بے خبر نہیں ہوں جسے تم جانتے ہو۔ لیکن ہم ابھی انہیں سزا نہیں دے سکتے کیونکہ حملہ آور طاقتور ہیں، وہ ہم پر غالب ہیں، ہمیں ان پر غلبہ نہیں ہے اور اب تو تمہارے غلام بھی ان کے ساتھ مل کر شور مچا رہے ہیں اور تمہارے بدّو ان کے ساتھ مل گئے ہیں اور وہ تمہارے ہاں موجود ہیں۔ جس طرح چاہتے ہیں سلوک کرتے ہیں۔

ان حالات کو پڑھنے کے بعد ایک منصف مزاج حضرت صدیقہ پر کوئی الزام لگانے کی جرأت نہیں کر سکتا اور بد باطن کو کوئی باز نہیں رکھ سکتا۔ ام المومنین اپنے محرم بھانجوں کی معیت میں حج کی نیت سے روانہ ہوئیں اور ازواجِ طاہرات سے حضرت ام سلمہ اور حضرت صفیہ بھی ہمراہ تھیں۔ حج سے فراغت کے بعد حضرت عثمان کی شہادت کا حادثہ فاجعہ پیش آیا۔ آپ کا بصرہ کی طرف سفر بھی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 22، ص 10-9۔ تاریخ طبری، ج 3، جز 5، ص 205-166، مطبوعہ مطبعہ حسینیہ مصریہ

2۔ نہج البلاغۃ، ج 2، ص 98، مطبوعہ مطبعۃ الاستقامۃ مصر

جس غرض سے تھا وہ بھی آپ نے پڑھ لی۔ آپ قطعاً بغاوت یا امیر المومنین کے خلاف جنگ کرنے کی نیت سے ادھر تشریف نہیں لے گئی تھیں۔ بدسرشت لوگوں کی دسیسہ کاری سے بلاتوقع جنگ چھڑ گئی۔ اس میں کسی کا قصور نہ تھا۔ نہ امیر المومنین کا اور نہ ام المومنین کا۔

اس کے بعد حضرت صدیقہ کے تقویٰ اور خوفِ الٰہی کا یہ عالم تھا کہ جب بھی یہ آیت پڑھتیں، تو اس قدر روتیں کہ دوپٹہ آنسوؤں سے بھیگ جاتا (1)۔

حضرت امیر المومنین کو بھی اس اچانک لڑائی پر از حد افسوس تھا۔ اس معرکہ میں اپنے لشکر کی فتح پر آپ کو قطعاً کوئی خوشی نہ تھی۔ جنگ ختم ہوئی۔ آپ میدانِ جنگ میں تشریف لے گئے۔ قدم قدم پر بہادر اور غیور جوانوں کی لاشوں کے ڈھیر دیکھے تو فرطِ غم سے آپ کی زبان سے یہ الفاظ نکلے۔ یَا لَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ ھٰذَا وَکُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا۔ کاش! اس سے پہلے میری زندگی کا چراغ بجھ گیا ہوتا اور میں بھلا دیا گیا ہوتا۔ دشمنانِ اہل بیت، کی طرف سے حضرت صدیقہ پر یہ الزام بھی بڑی شدومد سے لگایا جاتا ہے کہ پہلے آپ لوگوں کو حضرت عثمان کے قتل پر ابھارا کرتی تھیں اور آپ کو ایک یہودی ''نعثل'' کے نام سے پکارا کرتی تھیں اُقْتُلُوْا نَعْثَلًا فَقَدْ فَجَرَ۔ نعثل کو قتل کرو وہ فاسق ہو گیا ہے۔ اور جب ان کے اکسانے پر لوگوں نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا اور حضرت علی مرتضیٰ کو اپنا خلیفہ منتخب کر لیا تو آپ قصاص کا مطالبہ کرنے لگیں۔ یہاں تک کہ امیر المومنین سے جنگ شروع کر دی۔ اس اعتراض کو دور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس روایت کی تحقیق کی جائے (2)۔

حضرت علامہ محمود البغدادی الآلوسی اپنی شہرۂ آفاق تفسیر روح المعانی میں لکھتے ہیں کہ کَذِبٌ لَّا اَصْلَ لَہٗ وَھُوَ مُفْتَرِیَاتُ ابْنِ قُتَیْبَۃَ وَ ابْنِ اَعْثَمَ الْکُوْفِیِّ وَ السَّمْسَاطِیِّ وَ کَانُوْا مَشْھُوْرِیْنَ بِالْکَذِبِ وَ الِافْتِرَاءِ۔ یعنی یہ روایت سراپا کذب وافترا ہے۔ اس کی کوئی اصل نہیں۔ یہ ابن قتیبہ، ابن اعثم الکوفی اور سمساطی کی گھڑی ہوئی روایتوں میں سے ہے۔ اور یہ لوگ جھوٹ اور افترا پردازی میں مشہور تھے۔ ایک جھوٹی روایت کو سند بنا کر حضرت ام المومنین پر اعتراض کرنا حد درجے کی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ اسی طرح یہ الزام بھی اصلاً بے بنیاد ہے کہ حضرت صدیقہ کے دل میں امیر المومنین سے بغض وعناد تھا، اسی وجہ سے آپ نے ان سے جنگ کی۔ کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو حضرت صدیقہ کبھی حضرت امیر المومنین کے مناقب اور اوصافِ جمیلہ بیان نہ کرتیں۔ حالانکہ آخر دم تک حضرت سیدنا علی کے اوصاف جمیلہ بیان کرتی رہیں (3)۔

دیلمی نے یہ حدیث حضرت ام المومنین سے ہی روایت کی ہے۔ اِنَّھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ حُبُّ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ کہ حضرت علی سے محبت عبادت ہے (4)۔ اس واقعہ کے بعد بھی آپ حلفیہ بیان فرمایا کرتیں: وَاللّٰہِ مَا کَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ عَلِیٍّ فِی الْقَدِیْمِ اِلَّا مَا یَکُوْنُ بَیْنَ الْمَرْاَۃِ وَاَحْمَاءِھَا۔ یعنی خدا کی قسم! میرے اور علی مرتضیٰ کے درمیان قطعاً کوئی ناراضگی یا دشمنی نہ تھی بجز اس کے کہ جو عورت اور سسرال والوں کے درمیان ہوا کرتی ہے (5)۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بھی اس جنگ کے اختتام کے بعد حضرت ام المومنین کو بڑی عزت وتکریم اور ادب واحترام کے ساتھ مدینہ طیبہ روانہ کیا۔ اس بات کا پورا انتظام کیا کہ راستے میں انہیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ بصرہ کی معزز ومحترم خواتین کو آپ کے ہمراہ روانہ کیا۔ آپ کے بھائی محمد بن ابی بکر کو بھی ساتھ بھیجا اور سب کو تاکید فرمائی کہ ام المومنین کو راستہ میں کسی طرح کی بھی تکلیف نہ پہنچے۔ اس برتاؤ سے پتہ چلتا ہے کہ امیر المومنین کے دل میں حضرت صدیقہ کا کتنا احترام تھا (6)۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 11-10 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً 4۔ ایضاً 5۔ تاریخ طبری، ج 3-5، ص 225 6۔ ایضاً

الصَّلٰوةَ وَاٰتِیْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا یُرِیْدُ

کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اطاعت کیا کرو اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول کی ۶۲ اللہ تعالےٰ تو یہی چاہتا

اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ

ہے کہ تم سے دُور کردے پلیدی کو اے نبی کے گھر والو ! اور تم کو پوری طرح پاک

تَطْهِیْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا یُتْلٰى فِیْ بُیُوْتِكُنَّ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ

صاف کردے ۶۳ اور یاد رکھو اللہ کی آیتوں اور حکمت کی باتوں کو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں۔

جنگِ جمل کا واقعہ بیشک تاریخِ اسلام کے ان المناک واقعات میں سے ایک ہے جس پر قلبِ سلیم آج بھی گریاں اور سوگوار ہے۔ لیکن ان انتہائی ناخوشگوار حالات میں بھی ان حضرات کے باہمی عزت واحترام کا یہ حال تھا۔

۶۲ پردہ کے احکام ذکر کرنے کے بعد عبادات واعمالِ صالحہ کا حکم دیا تاکہ کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت کے باعث اگر وہ نماز وزکوٰۃ کا تارک ہوگا، تو اس سے کسی قسم کی باز پرس نہیں ہوگی۔ نیز پردہ کے احکام کو پہلے ذکر کر کے ان کی اہمیت سے خبردار کردیا۔

۶۳ رکوع کے آغاز سے روئے سخن محبوبِ رب العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کی طرف ہے۔ پہلے فرمایا: اگر تم دنیا اور دنیا کی آسائشوں اور زیبائشوں کی طلب گار ہو تو تم کاشانۂ نبوّت کی زینت بننے کے قابل نہیں، پھر آؤ متاعِ دنیا کی جتنی تمہیں ہوس ہے وہ لے لو اور یہاں سے رخصت ہوجاؤ۔ اس کاشانۂ اقدس میں دنیا کے چاہنے والوں کی قطعاً گنجائش نہیں۔ اور اگر تم اپنے دلوں سے دنیا کی چاہت نکال کر پھینک دو، اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کی محبت اور لگن تمہارا مقصدِ حیات بن جائے، تو پھر یہ عزت وکرامت تمہیں مبارک ہو۔ تمہیں ایسے انعام واکرام سے نوازا جائے گا جس کا تم تصور بھی نہیں کرسکتیں۔ تمہیں اپنے مقام کی بلندی اور اس کی نزاکتوں کا ہر لحظہ پاس رکھنا چاہیے۔ اگر تم نے ذرا غفلت سے کام لیا تو تمہیں دوگنی سزا دی جائے گی۔ اور اگر تم نے اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے انجام دیا، تو تمہیں اجر بھی دوگنا ملے گا۔ اس کے بعد انہیں بات کرنے کا طریقہ سکھایا۔ گھروں میں باوقار طریقہ سے رہنے اور اظہارِ زینت سے باز رہنے کی ہدایات دیں۔ لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ کے کلمات سے دل میں کہیں عُجب اور غرور نہ پیدا ہوجائے اور عبادات کی ادائیگی میں سُستی نہ کرنے لگیں، اس لیے نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا اور آخر میں یہ ارشاد فرمایا کہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اطاعت کو اپنا شعار بنالو۔

یہ ہدایات، یہ پند وموعظت، یہ تاکیدات، یہ خصوصی احکام آخر کیوں؟ بتادیا کہ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمہارا دامن ہر داغ سے منزہ ہو۔ تمہاری سیرت اپنی تابندگی اور روشنی میں مہر وماہ سے فزوں تر ہو۔ کیونکہ آدھی اولادِ آدم کی ہدایت پذیری کا تعلق تمہاری ذات سے ہے۔ اگر تمہارا کردار ذرا بھی مشکوک ہوا تو ہدایت کا یہ سرچشمہ گدلا ہوجائے گا۔ حق کے رُخِ زیبا پر شکوک کی

گرد چھا جائے گی اور ہدایت پذیری کا عمل سست ہو جائے گا۔ تمہارا کردار جتنا روشن، تمہاری سیرت جتنی تاباں اور تمہارے اعمال جتنے پاکیزہ ہوں گے، اسلام کی اشاعت میں اتنی ہی ترقی ہوگی۔ اور اس معیار پر تم تب ہی پوری اُتر سکتی ہو جب تم ان احکام، ہدایات اور ارشادات پر پابندی سے عمل پیرا رہو۔

اس کے بعد ازواجِ مطہرات کو یہ بات سمجھائی کہ تمہارے حجرے ظاہری سج دھج سے بیشک خالی ہیں۔ یہ اتنے سادہ ہیں کہ اُن میں بسر اوقات قطعاً خوشگوار معلوم نہیں ہوتی، لیکن تمہارے انہی سادہ سادہ حجروں کو اللہ تعالیٰ نے نزولِ وحی کے لیے چن لیا ہے اور یہ وہ اعزاز ہے جس سے شاہی محلات محروم ہیں۔ اس لیے اس نعمت کی قدر کرو اور جو وحی نازل ہوتی ہے اور حضور کی عملی زندگی کے جو حسین مناظر تمہیں دیکھنے نصیب ہوئے ہیں ان کو لوحِ دل پر نقش کر لو اور اللہ تعالیٰ کی بندیوں کو سیرتِ محمدی ﷺ سے آگاہ کرتی رہو۔

یہ ہے اس آیت کا سیاق و سباق۔ اسے دیکھنے کے بعد یہ تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے کہ آیت کے اس جملہ (اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ) میں بھی وہی مخاطب ہیں جن سے پہلے اور بعد میں خطاب ہو رہا ہے۔ اور وہ ازواجِ مطہرات ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہن اور اہلِ بیت سے بھی ازواجِ مطہرات مراد ہیں۔

فرقہ وارانہ تعصب سے بلند اور خالی الذہن ہو کر اگر ان آیات کا مطالعہ کیا جائے تو ان آیات کا یہی مفہوم ہے جو بلا تکلف سمجھ آتا ہے۔ خدا نہ بھلا کرے فرقہ وارانہ تعصبات کا کہ وہ حق فہمی کی راہ میں پہاڑ بن کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

شیعہ حضرات کو اس بات پر اصرار ہے کہ اہلِ بیت میں ازواجِ مطہرات داخل نہیں، اس سے مراد فقط حضراتِ خمسہ ہیں یعنی امام المرسلین ﷺ، امیر المومنین علی مرتضیٰ، حضرت سیدہ طاہرہ اور حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے جو دلائل انہوں نے پیش کیے ہیں، وہ پیش خدمت ہیں۔ انہیں پڑھیے، سنجیدگی سے ان میں غور کیجیے اور از روئے انصاف یہ فیصلہ کیجیے کہ راہِ حق سے کون بہک گیا ہے؟ وہ فرماتے ہیں:

۱۔ آیت کے اس جملہ میں ضمیریں مذکر ذکر کی گئی ہیں۔ (عَنْکُمْ اور یُطَهِّرَکُمْ) اگر ان کا مرجع ازواجِ مطہرات ہوتیں تو مؤنث کی ضمیریں ذکر کی جاتیں۔ عَنْکُمْ کے بجائے عَنْکُنَّ اور یُطَهِّرَکُمْ کے بجائے یُطَهِّرَکُنَّ ہوتا۔

۲۔ آیت کے اس حصہ میں ''بیت'' واحد مذکور ہے۔ یہ چیز ازواج کی نفی کرتی ہے کیونکہ جہاں ان کے گھروں کا ذکر ہے وہاں بیت کی جمع بیوت مذکور ہے۔ جیسے وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ اور وَاذْکُرْنَ مَا یُتْلٰی فِیْ بُیُوْتِکُنَّ۔

۳۔ اس سلسلہ میں جو بڑی وزنی بات انہوں نے کہی ہے، وہ یہ ہے کہ اِنَّمَا حصر کے لیے آتا ہے یعنی جو چیز اس کے بعد مذکور ہے اس کے لیے یہ فعل ثابت ہے اور جو مذکور نہیں اس سے یہ فعل منفی ہے۔ نیز ارادہ کی دو قسمیں ہیں ارادۂ محضہ یعنی وہ ارادہ جس کو مراد کا پایا جانا یا نہ پایا جانا مستلزم نہیں، دوسرا وہ ارادہ جس کے ساتھ مراد کا پایا جانا ضروری ہے۔ یعنی ایسا ارادہ جس پر تطہیر اور اذھابِ رجس ضرور مترتب ہوگا۔ اس مقام پر ارادہ محضہ نہیں ہے، کیونکہ ایسا ارادہ تو ہر مومن کے لیے ہے کہ وہ ہر ناپاکی سے منزّہ ہو، ظاہری اور باطنی نجاستوں سے اس کا دامنِ حیات پاک ہو، اہلِ بیت کی اس میں کوئی خصوصیت نہیں۔ حالانکہ یہ مقام مدحِ اہلِ بیت کا ہے۔ یہاں تو کسی ایسی چیز کا ذکر ہونا چاہیے جو ان کے ساتھ مخصوص ہو اور وہ ارادہ کا دوسرا معنی ہے جس سے ان حضرات کی عصمت ثابت ہوتی ہے۔ لیکن ازواج کی عصمت کا کوئی بھی قائل نہیں۔ یہاں وہی لوگ مراد ہوں گے جن کی عصمت ثابت ہے اور وہ یہ حضرات خمسہ ہی

ہیں۔اس لیے ثابت ہوا کہ یہاں اہلِ بیت سے مراد ازواج نہیں ہیں(1)۔امید ہے یہ پیچ در پیچ دلیل آپ نے سمجھ لی ہوگی۔

۴۔کتب اہلسنت میں بھی ایسی احادیث بکثرت موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل بیت سے مراد ازواج نہیں بلکہ حضراتِ خمسہ ہیں۔شیخ الطائفہ طوسی نے التبیان میں اور شیخ طبرسی نے مجمع البیان میں اور اسی فرقہ کے دوسرے مفسرین نے اپنی تفاسیر میں یہی دلائل پیش کیے ہیں۔آیئے!ان دلائل کا بنظرِ انصاف جائزہ لیں۔

ان کی پہلی دلیل یہ ہے کہ اگر ازواج مراد ہوتیں تو ضمیریں مؤنث کی ذکر کی جاتیں۔اس لیے گزارش ہے کہ آیت کے اس حصہ میں اَهْلَ الْبَيْتِ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔یہ لفظ مذکر ہے اگرچہ معنی مؤنث ہے اور عربی زبان میں بسا اوقات معنی کا لحاظ نہیں رکھا جاتا،صرف لفظ کے مطابق ضمیر ذکر کر دی جاتی ہے۔قرآنِ کریم میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔سورۂ ہود کی آیت ۷۳، ۷۲، ۷۱ ملاحظہ فرمایئے جہاں فرشتے حضرت ابراہیم کی خدمت میں حاضر ہیں۔حضرت اسحاق کی ولادت کا مژدہ سنا رہے ہیں۔پاس ہی حضرت سارا کھڑی ہیں۔آپ وفورِ مسرت سے ہنس پڑتی ہیں۔ساتھ ہی اظہارِ تعجب کرتے ہوئے فرماتی ہیں: يٰوَيْلَتٰى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝ (ہود:72) یعنی میں بوڑھی اور میرا شوہر بھی بوڑھا، کیا میرے ہاں بچہ ہوگا؟ یہ بڑی عجیب وغریب بات ہے۔فرشتے حضرت سارہ کو خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں: اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۭ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ (ہود:73) ''اے حضرت خلیل کی رفیقۂ حیات! کیا تم اللہ تعالیٰ کے حکم پر تعجب کر رہی ہو؟ اے اہلِ بیت تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں''۔''تَعْجَبِيْنَ'' مؤنث کا صیغہ ہے لیکن بعد میں اَهْلَ الْبَيْتِ کے لفظ کے پیشِ نظر ''عَلَيْكُمْ'' میں مذکر کی ضمیر استعمال ہوئی ہے۔آپ دور کیوں جاتے ہیں اسی پارہ کی پہلی آیت میں من یقنت منکن پر غور کیجیے۔يَّقْنُتْ مذکر کا صیغہ ہے لیکن بلا اختلاف اس سے مراد ازواج ہیں۔چاہیے تو یہ تھا کہ ''مَنْ تَقْنُتْ'' ہوتا،لیکن من کے لفظ کو ملحوظ رکھتے ہوئے يَّقْنُتْ فرمایا گیا۔اس لیے ان کا یہ استدلال کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔

دوسری دلیل کے بارے میں عرض ہے کہ ازواجِ مطہرات کے حجروں کی دو حیثیتیں ہیں ایک حیثیت تو یہ ہے کہ امہات المومنین کی قیام گاہیں ہیں۔دوسری حیثیت یہ ہے کہ ان حجروں میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات اقامت گزیں ہیں۔جب ان حجروں کا ذکر ازواج کی قیام گاہوں کی حیثیت سے ہو تو انہیں جمع ذکر کیا جاتا ہے اور جب حضور کی نسبت سے ہو تو واحد۔وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ (الاحزاب:32) میں ہر زوجۂ محترمہ کو حکم ہے کہ وہ اپنے اپنے حجرہ میں ٹھہرے۔اسی طرح مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ (الاحزاب:34) میں بھی ہر بی بی کا حجرہ مراد ہے،کیونکہ وحی کا نزول مختلف حجرات میں ہوتا تھا۔لیکن اہل البیت میں ''بیت'' سے مراد حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قیام گاہ ہے اس لیے اس کو واحد ذکر کیا گیا۔

تیسرا استدلال بھی بڑا انوکھا ہے۔آپ کی دلیل کا دارومدار اس بات پر ہے کہ یہ مقام مدحِ اہلِ بیت کا ہے۔حالانکہ یہ مقام مقامِ مدح نہیں بلکہ مقام موعظت وارشاد ہے جو باتیں اور جو خوبیاں اہلِ بیت کو اپنانی چاہئیں اور جس ضابطۂ حیات کی انہیں پابندی کرنا چاہیے اس کا تفصیلی ذکر ہو رہا ہے،اس لیے اس دلیل کی بنیاد ہی درست نہیں۔نیز عصمتِ انبیاء کا عقیدہ تو متفقہ عقیدہ ہے۔لیکن دوسرے حضرات کی عصمت آپ کا اپنا مفروضہ ہے،اس پر دلیل کی عمارت کیسے تعمیر کی جاسکتی ہے؟ نیز اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو یہاں سے عدمِ عصمت ثابت ہوتی ہے ورنہ تحصیلِ حاصل لازم آئے گی۔یعنی جو ہستیاں پہلے ہی معصوم اور ہر طرح

1۔تفسیر التبیان از شیخ الطائفہ الطوسی،متولد 385ھ،متوفی 460ھ،ج8،ص 41-339،مطبوعہ مطبعۃ النعمان،النجف الاشرف۔مجمع البیان فی تفسیر القرآن از ابوعلی فضل بن حسین الطبرسی، ج8،ص 57-356،مطبوعہ کتاب فروشی اسلامیہ تہران

کے رجس سے منزّہ اور مبرا ہیں، ان کے متعلق یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ ان کو پاک اور طاہر کرنا چاہتا ہے اس کا کوئی مطلب نہیں۔ اس کے علاوہ اگر اہل بیت کی عصمت کا ذکر ہی بطور مدح کرنا مقصود ہوتا تو آیت یوں ہونی چاہیے تھی: اِنَّمَا اَرَادَ اللّٰهُ وَ اَذْهَبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ طَهَّرَكُمْ تَطْهِيْرًا لیکن سب جانتے ہیں کہ آیت اس طرح نہیں ہے۔

ان صاحبان نے چوتھی دلیل یہ پیش کی ہے کہ اہلسنت کی کتب میں بھی بکثرت ایسی احادیث ہیں جو اکابر صحابہ ابوسعید خدری، انس بن مالک، واثلہ بن اسقع، ام المومنین عائشہ، ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔ جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اہلِ بیت سے مراد حضراتِ خمسہ ہی ہیں اور ازواج اہلِ بیت میں داخل نہیں۔ اس کے متعلق گزارش ہے کہ وہ احادیث جن میں یہ مذکور ہے کہ یہ آیت فقط ان حضراتِ قُدسی صفات کے حق میں نازل ہوئی ان کے راوی مجروح اور ساقط الاعتبار ہیں۔ جن کی تفصیل ذیل میں پیش کی جارہی ہے اور جن کے راوی ثقہ اور قابل اعتماد ہیں، ان میں کوئی تخصیص مذکور نہیں۔ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ امہات المومنین اور یہ حضرات سب اہلِ بیت ہیں۔ یہی حق ہے اور اسی پر ہمارا ایمان ہے۔

پہلی حدیث: حضرت انس سے مروی ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ صبح کے لیے تشریف لاتے تو حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مکان کے پاس سے گزرتے اور فرماتے اَلصَّلٰوةَ يَا اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔ چھ ماہ تک حضور کا یہ معمول رہا(1)۔

گزارش ہے کہ حضرت انس سے روایت کرنے والے کا نام علی بن یزید ہے۔ اس کے بارے میں علمائے جرح وتعدیل کی رائے ملاحظہ فرمایئے: لَيْسَ بِقَوِيٍّ ، مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ عَنِ الثِّقَاتِ وَقَالَ ابْنُ عَدِيٍّ اَحَادِيْثُهٗ لَا تُشْبِهُ اَحَادِيْثَ الثِّقَاتِ (تہذیب التہذیب)(2) یعنی یہ قوی نہیں ہے۔ ثقات سے منکر حدیثیں روایت کرتا ہے۔ ابن عدی فرماتے ہیں کہ اس کی مرویات ثقات کی احادیث سے کوئی مشابہت نہیں رکھتیں۔

اسی مضمون کی ایک حدیث اور مروی ہے جس کے راویوں میں ابوداؤد ہے۔ علامہ ابنِ کثیر نے اس کے بارے میں لکھا ہے اَبُوْدَاوٗدَ الْاَعْمٰى هُوَ نُفَيْعُ بْنُ حَارِثٍ كَذَّابٌ(3)۔ اندھے ابوداؤد کا نام نفیع بن حارث ہے وہ کذاب ہے، بہت بڑا جھوٹا ہے۔

علامہ ابن حجر لکھتے ہیں: مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ يَضَعُ لَيْسَ بِشَيْءٍ كَانَ مِمَّنْ يَّغْلُوْفِي الرَّفْضِ۔ یعنی محدثین نے اس کی حدیث کو ترک کردیا ہے۔ یہ ضعیف ہے، اپنی طرف سے حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔ یہ کوئی چیز نہیں ہے۔ رفض میں بڑا غالی تھا۔ (تہذیب التہذیب)(4)

تیسری حدیث واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جس میں ان سے یہ منقول ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت سیدہ کے ہاں گیا۔ حضرت علی مرتضیٰ کے بارے میں پوچھا۔ سیدہ نے بتایا کہ بارگاہِ رسالت میں گئے ہیں۔ میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگا۔ اسی اثناء میں حضور تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت علی اور دونوں شہزادے بھی تھے۔ حضور نے دونوں کو اپنے ہاتھ سے پکڑا ہوا تھا۔ یہاں تک کہ گھر تشریف لائے۔ پس شہزادوں کو اپنی رانوں پر بٹھایا اور سیدنا علی اور حضرت سیدہ کو اپنے قریب کیا۔ پھر ان پر اپنی چادر ڈالی پھر یہ آیت پڑھی: اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ الآیۃ پھر فرمایا: اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلِيْ وَ اَهْلُ بَيْتِيْ اَحَقُّ۔ یا اللہ! یہ لوگ

1۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر باب ومن سورۃ الاحزاب، ج2، ص152 2۔ تہذیب التہذیب از شہاب الدین ابی الفضل احمد بن علی بن حجر العسقلانی متوفی 852ھ، ج7، ص396، مطبوعہ دار صادر بیروت 3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص483 4۔ تہذیب التہذیب، ج10، ص471

میرے اہلِ بیت ہیں اور میرے اہلِ بیت زیادہ حقدار ہیں۔ واثلہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں بھی آپ کی اہلِ بیت میں سے ہوں؟ تو آپ نے فرمایا: ''وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِیْ''۔ تو بھی میری اہل سے ہے۔ واثلہ کہا کرتے: ''اِنَّهَا لَمِنْ اَرْجٰی مَا ارْتَجٰی''۔ یعنی حضور کا یہ ارشاد وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِیْ میرے لیے سب سے بڑی امید ہے(1)۔

اس سند میں محمد بن معصب ایک راوی ہے۔ اس کے متعلق بھی علمائے جرح کی رائے سنیے: قَالَ یَحْیٰی لَمْ یَکُنْ مِّنْ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ کَانَ مُغْفِلاً کَانَ کَثِیْرَ الْخَلَطِ(2)۔ یعنی یحییٰ کہتے ہیں کہ ''اس شخص کا شمار علمائے حدیث میں نہیں ہے۔ یہ بالکل احمق آدمی تھا اور روایات میں بکثرت الٹ پھیر کر دیا کرتا تھا۔'' نیز اس میں تو واثلہ کو بھی حضور نے اپنی اہل میں شمار کیا، تو تخصیص کہاں رہی؟

حضرت امِ سلمہ سے ایک حدیث مروی ہے جس میں حضرت امِ سلمہ فرماتی ہیں کہ یہ آیت اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ الآیہ۔ میرے گھر میں نازل ہوئی اور یہ حضرات خمسہ کے لیے خاص ہے۔ اس کے راویوں میں ایک عبداللہ بن عبدالقدوس ہے جس کے متعلق علامہ ابنِ حجر نے لکھا ہے: قَالَ ابْنُ مُعِیْنٍ لَیْسَ بِشَیْءٍ رَّافِضِیٌّ خَبِیْثٌ(3)۔ یہ کچھ نہیں ہے رافضی ہے اور خبیث النفس ہے۔

حضرت امِ سلمہ کی ایک روایت میں یہ ہے کہ جب ان حضرات پر آپ نے اپنی چادر ڈالی تو میں نے عرض کی: وَاَنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! حضور کریم نے فرمایا: ''وَاَنْتِ'' یعنی تو بھی میرے اہل بیت میں سے ہے۔ اس سے ازواجِ مطہرات کا اہل بیت میں شامل ہونا صراحت سے ثابت ہوا۔

ایک اور روایت جو امِ سلمہ سے مروی ہے اس میں بھی یہ الفاظ ہیں کہ یہ آیت میرے گھر میں نازل ہوئی تو اس کے راوی عطیہ ہیں۔ اس کے متعلق بھی علماء کی رائے سنیے: قَالَ اَحْمَدُ هُوَ ضَعِیْفُ الْحَدِیْثِ۔ امام احمد کہتے ہیں کہ یہ ضعیف الحدیث ہے۔ پھر آپ نے کہا کہ عطیہ، کلبی کے پاس جایا کرتا تھا اور اس کی کنیت اس نے ابوسعید مقرر کر رکھی تھی۔ جب لوگ اس سے پوچھتے کہ تم نے یہ حدیث کس سے سنی ہے، وہ کہتا کہ میں نے ابوسعید سے سنی ہے۔ کلبی کا نام نہ لیتا تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ ابوسعید سے مراد ابوسعید خدری مشہور صحابی ہیں۔ حالانکہ اس نے وہ حدیث کلبی سے سنی ہوتی(4) اور کلبی کے متعلق علامہ ابنِ حجر نے لکھا ہے: کَانَ بِالْکُوْفَةِ کَذَّابَانِ اَحَدُهُمَا الْکَلْبِیُّ(5) کوفہ میں دو کذاب تھے، ان میں ایک یہ کلبی تھا۔ تمام علمائے جرح وتعدیل نے اس کو مردود قرار دیا ہے۔

یہاں بھی عن عطیہ عن ابی سعید عن ام سلمہ مذکور ہے۔ اس سند میں عطیہ کا آجانا ہی اس روایت کو پایۂ اعتبار سے ساقط کر دیتا ہے۔ حضرت امِ سلمہ سے اسی مفہوم کی ایک اور حدیث منقول ہے جس کے راویوں میں عبدالحمید بن بہرام ہے جو شہر بن حوشب سے روایت کرتا ہے۔ اس کے متعلق حاتم سے پوچھا گیا: یُحْتَجُّ بِحَدِیْثِهٖ قَالَ حَاتَمٌ لَا۔ وَلَا بِحَدِیْثِ شَهْرٍ وَّ لٰکِنْ یُّکْتَبُ حَدِیْثُهٗ(6) رَآهُ کَثِیْرٌ مِّنَ الْعُلَمَاءِ اَنَّهٗ لَیْسَ بِحُجَّةٍ۔ تو انہوں نے کہا کہ اس کی حدیث اور شہر بن حوشب کی حدیث دونوں حجت نہیں ہیں البتہ اس کی حدیث لکھنے کی اجازت ہے۔ اکثر علماء کے نزدیک یہ قابلِ سند نہیں ہے۔

حضرت ابوسعید خدری سے ایک اور حدیث مروی ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ حضور نے ارشاد فرمایا کہ یہ آیت ان پانچوں کے بارے میں نازل ہوئی۔ اس کے راویوں میں ایک عطیہ ہے جس کا ذکر گزر چکا ہے، دوسرا مندل ہے جس کے متعلق ابنِ حجر لکھتے ہیں: قَالَ اَحْمَدُ ضَعِیْفُ الْحَدِیْثِ۔ قَالَ یَحْیٰی لَیْسَ بِشَیْءٍ۔ اَلْبُخَارِیُّ اَدْخَلَهٗ فِی الضُّعَفَاءِ۔ (تہذیب التہذیب)(7) امام

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج22، ص6 2۔ تہذیب التہذیب، ج9، ص59-458 3۔ ایضاً، ج5، ص303 4۔ ایضاً، ج7، ص225
5۔ ایضاً، ج9، ص178 6۔ ایضاً، ج6، ص110 7۔ ایضاً، ج10، ص99-298

احمد نے کہا کہ مندل ضعیف الحدیث ہے یحییٰ کہتے ہیں کہ وہ کچھ بھی نہیں۔ امام بخاری نے بھی اس کا شمار ضعفاء میں کیا ہے۔

اس تفصیل سے یہ چیز واضح کرنا مقصود ہے کہ اس قسم کی احادیث جن میں یہ تصریح موجود ہے کہ یہ آیت صرف حضراتِ خمسہ کے بارے میں نازل ہوئی یا ازواجِ مطہرات اس میں داخل نہیں وہ تمام روایات قابلِ حجت نہیں تا کہ ان ضعیف احادیث کے پیش نظر قرآنِ کریم کی اس نص کا انکار کر دیا جائے اور سیاق و سباق سے جو معنی سمجھا جاتا ہے، اس کی نفی کر دی جائے۔ احادیث اگر صحیح بھی ہوں تو وہ قرآنِ کریم کے مفہوم کی ناسخ نہیں ہو سکتیں۔ نہ ان کی وجہ سے قرآنِ کریم کی نصوص میں تغیر و تبدل کیا جا سکتا ہے، چہ جائیکہ جب وہ ایسے راویوں سے مروی ہوں جو پایۂ اعتبار سے ساقط ہیں۔

اب آیئے ذرا یہ دیکھیں کہ قرآنِ کریم کی اصطلاح میں اہل کے لفظ کا اطلاق بیوی پر ہوتا ہے یا نہیں۔

ایک آیت تو آپ پہلے پڑھ چکے ہیں جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اہلیہ حضرت سارہ کا ذکر ہے۔ گھر میں کوئی بچہ ہے نہ بچی۔ صرف حضرت سارہ زوجہ خلیلؑ ہیں۔ ان کے بارے میں ارشاد ہے: رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ (ہود) کوئی آدمی بھی یہ جرأت نہیں کر سکتا کہ یہاں اہلِ بیت کے لفظ سے حضرت سارہ کو نکال سکے۔ اسی طرح حضرت کلیم علیہ السلام مدینؔ سے اپنی اہلیہ محترمہ اور اپنے بچوں کے ہمراہ مصر واپس جا رہے ہیں۔ ان کا گزر وادیٔ سینا سے ہوتا ہے۔ رات کی تاریکی ہے، جاڑے کا موسم ہے، ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ دور سے ایک آگ جلتی نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس منظر کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے: فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ؕ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا (القصص:29) یعنی جب موسیٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب علیہ السلام کے ساتھ مقرر کی ہوئی مدت پوری کر لی اور اپنے اہل و عیال کے ساتھ روانہ ہوئے تو کوہِ طور کی ایک سمت میں انہوں نے آگ دیکھی اور اپنے اہل کو کہا کہ تم ذرا یہاں ٹھہرو، میں نے آگ دیکھی ہے۔ یہاں بھی اہل سے بیوی اور بچے سب مراد ہیں۔

سورۂ طٰہٰ میں ہے فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّيْۤ اٰنَسْتُ نَارًا (طٰہٰ:10)۔ کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اس سفر میں آپ کی زوجہ آپ کے ہمراہ نہ تھیں؟ قرآنِ کریم کی ان متعدد آیات کے بعد بھی اگر کوئی شخص اہل بیت سے ازواجِ مطہرات کو خارج کرنے پر مُصر ہو تو اس کی ہٹ دھرمی کی داد دینی چاہیے۔ حدیث شریف میں ہے: اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ فَاَعْطَى الْاَهْلَ حَظَّيْنِ وَاَعْطَى الْعَزَبَ حَظًّا (1)۔ اَلْاَهْلُ الَّذِیْ لَهٗ زَوْجَةٌ وَّعِيَالٌ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اہل کو مالِ غنیمت میں دو حصے دیئے اور اکیلے آدمی کو ایک حصہ دیا۔ اہل کا معنی بتایا گیا ہے کہ جس کی بیوی بھی ہو اور بچے بھی ہوں۔

آخر میں اہلِ لُغت کی توضیح بھی ملاحظہ فرمالیں۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں: اَهْلُ الرَّجُلِ: اَهْلُ الدَّارِ ..... وَقَدْ اَهَلَ فُلَانٌ يَاْهُلُ وَيَاْهِلُ اُهُوْلًا اَیْ تَزَوَّجَ وَكَذٰلِكَ تَاَهَّلَ قَالَ اَبُوْ زَيْدٍ اَهْلَكَ اللّٰهُ فِی الْجَنَّةِ اَیْ اَدْخَلَكَهَا وَزَوَّجَكَ فِيْهَا (صحاح) (2)

ہم اپنے محاورہ میں بھی بیوی کو اہلِ خانہ یا گھر والی کہتے ہیں۔ یہ حضرات فرمائیں کہ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کی زوجہ محترمہ آپ کی اہل بیت سے تھیں یا نہیں؟ حضرت شہر بانو حضرت سید الشہداء کے اہلِ خانہ میں سے تھیں یا نہیں؟

آپ کی اپنی بیوی صاحبہ آپ کے اہل خانہ میں سے ہے؟ ذرا آپ اپنی بیگم صاحبہ کو یہ کہہ کر تو دیکھیں کہ وہ آپ کی اہلِ خانہ یا گھر والی نہیں ہے، تو آپ کو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ آپ کی بیگم صاحبہ تو آپ کی اہلِ خانہ

1۔ سنن ابوداؤد، کتاب الخراج، باب فی قسم الفیء، ج2، ص54۔ مسند امام احمد، ج6، ص25 2۔ الصحاح، ج4، ص1628-29

ع ۴ ۷ ۱

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ﴿٣٤﴾ إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ

بیشک اللہ تعالیٰ بڑا لطف فرمانے والا، ہر بات سے باخبر ہے۔ بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں،

وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ

مومن مرد اور مومن عورتیں فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں، سچ بولنے والے مرد

وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ

اور سچ بولنے والی عورتیں، صابر مرد اور صابر عورتیں، عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں

وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ

خیرات کرنے والے اور خیرات کرنے والیاں، روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں، اپنی عصمت کی حفاظت

ہوں۔ ائمہ کبار کی ازواجِ طاہرات تو ان کے اہل میں شمار ہوں۔ کیا آپ کو صرف حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواجِ مطہرات سے جنہیں قرآنِ کریم نے امہات المومنین فرمایا ہے، بیر ہے کہ آپ انہیں اہلِ بیت میں شمار نہ کرنے پر بضد ہیں۔ لاحول ولاقوۃ۔

ہم اہل سنت کے نزدیک حضور سرورِ کائنات کی ازواجِ مطہرات بھی اہل بیت ہیں۔ سیدنا علیٰ مرتضیٰ، سیدہ طاہرہ، حسنین کریمین بھی اہل بیت میں سے ہیں، جس طرح متعدد صحیح احادیث میں مذکور ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خصوصی طور پر ان کو اپنی عباء کے سایہ میں لینے اور ان کو ھٰؤُلَآءِ اَھْلُ بَیْتِی فرمانے میں حکمت یہ ہے کہ عرب میں بھی بلکہ ہر جگہ مسلّمہ دستور یہ ہے کہ نسب باپ کی طرف سے چلتا ہے نہ کہ ماں کی طرف سے۔ مثلاً اگر باپ گوندل ہو اور ماں راجپوت ہو تو اس کے بطن سے جو اولاد ہوگی، وہ گوندل کہلائے گی نہ کہ راجپوت۔ اس بین الاقوامی طور پر مسلمہ قاعدہ کے مطابق حضرت سیدنا علی کے فرزندانِ ارجمند حضرت ابو طالب کی اولاد اور نسل سے شمار ہونے چاہئیں تھے نہ کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد اور نسل سے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جس طرح دیگر بیشمار خصوصیات سے نوازا ہے یہ خصوصیت بھی بخشی ہے کہ حضرت سیدنا علی کی اولاد حضرت سیدہ طاہرہ کے بطن سے اولادِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء شمار ہوئی نہ کہ ذرّیتِ ابو طالب۔ اسی نسبت کی برکت سے ساداتِ کرام میں سے جو حضرات شریعتِ اسلامیہ کی پابندی کرتے اور راہوارِ عزیمت پر سوار ہو کر ریاضت اور مجاہدہ کے میدان میں قدم رکھتے ہیں وہ دیگر حضرات سے گوئے سبقت لے جاتے ہیں۔ وَاللّٰہُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ۔ یہاں پر علامہ آلوسی نے بڑی ایمان افروز بحث کی ہے جسے خوفِ طوالت سے نقل نہیں کر سکا۔ اہلِ ذوق سے استدعا ہے کہ روح المعانی کے اس مقام کا مطالعہ کریں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں خانوادۂ نبوت کی سچی محبت اور غلامی نصیب فرمائے۔ قیامت کے دن انہی کی سنگت میں لواء الحمد کے نیچے ہمارا حشر ہو۔ آمین ثم آمین۔ بِجَاہِ حَبِیْبِہِ الْکَرِیْم صلی اللہ علیہ وسلم وَاَھْلِ بَیْتِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَاَوْلِیَاءِ مِلَّتِہِ الْکَامِلِیْنَ آمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ

کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والیاں اور کثرت سے اللہ کو یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں تیار کر رکھا

اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا

ہے اللہ نے ان سب کے لیے مغفرت اور اجرِ عظیم ۶۴ نہ کسی مومن مرد کو یہ حق پہنچتا ہے اور نہ کسی

۶۴ یہ امت جسے خیر الامم کے لقب سے نوازا گیا ہے اس کے افکار اور اس کا کردار، نظریات اور اعمال کیسے ہونے چاہئیں؟ اس آیت میں انہیں تفصیل سے بیان کر دیا گیا ہے۔ بتا دیا کہ یہاں مرد اور عورت میں کوئی امتیاز نہیں۔ اللہ تعالیٰ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ واجمل التحیۃ کے ہر مرد اور ہر عورت کو ان صفاتِ عالیہ سے متصف اور اخلاقی اور عملی لحاظ سے اس مقام رفیع پر فائز دیکھنا چاہتا ہے۔ یہاں حکم کی صورت میں ان صفات کو ذکر نہیں کیا کہ یوں کرو اور ایسے بنو، بلکہ حکایۃً بتایا گیا کہ اسلام کو قبول کرنے والے مرد اور عورتیں ایسی ہوا کرتی ہیں: (۱) مسلمین اور مسلمات: یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ اکرم کے سامنے سر جھکا دینے والے، اپنے ہر کام کو اپنے رب کریم کے سپرد کر دینے والے، سراپا اطاعت وانقیاد، پیکرانِ تسلیم ورضا۔ (۲) مومنین اور مومنات: یعنی اس دینِ قیم کے ہر حکم کی صداقت اور سچائی کو دل سے ماننے والے، ان کے عمل اور اعتقاد میں تضاد کی بُو تک نہیں۔ جس ضابطۂ حیات کے مطابق وہ زندگی بسر کر رہے ہیں، دل کی گہرائی سے وہ اس کی عظمت اور افادیت کے قائل ہیں، ان کے ہاں کسی ذہنی کشمکش کا نام ونشان تک نہیں۔ اس امت کے مرد ہوں یا عورتیں۔ ان کا عقیدہ بھی ایک ہے اور ان کا عمل بھی یکساں۔ (۳) قانتین اور قانتات: وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگے رہتے ہیں۔ ایسا نہیں کہ جی میں آیا تو دست بستہ حاضر ہو گئے اور جی نہ چاہا تو ہفتوں غیر حاضر رہے۔ قنوت ایسی اطاعت کو کہتے ہیں جس میں نافرمانی کی آمیزش نہ ہو۔ اَلْقُنُوْتُ: اَلْقِيَامُ بِالطَّاعَةِ الَّتِيْ لَيْسَ مَعَهَا مَعْصِيَةٌ (لسان العرب)(1)۔ (۴) صادقین اور صادقات: وہ قول میں بھی سچے ہیں اور عمل میں بھی کھرے ہیں۔ نہ ان کی زبان پر ایسی بات آتی ہے جس میں کذب بیانی سے کام لیا گیا ہو اور نہ ان کے عمل میں کھوٹ پن کی ملاوٹ پائی جاتی ہے۔ (۵) صابرین اور صابرات: جس راہ کو انہوں نے حق یقین کر لیا ہے اور جو منزل انہوں نے اپنے لیے مقرر کی ہے اس کی طرف ثابت قدمی سے بڑھے چلے جا رہے ہیں۔ راہ میں پیش آنے والی مشکلات نہ انہیں ہراساں کر سکتی ہیں اور نہ منزل سے رخ موڑنے پر مجبور کر سکتی ہیں۔ نہ وہ نیک اعمال میں سستی کرتے ہیں اور نہ اپنا دامن گناہوں سے آلودہ ہونے دیتے ہیں۔ وہ بڑی سختی سے اپنے طے کیے ہوئے لائحہ عمل پر کاربند ہیں اور بڑے ذوق شوق سے اپنی منزل کی طرف رواں ہیں۔ (۶) خاشعین اور خاشعات: اس کے باوجود غرور ونخوت کی انہیں ہوا تک نہیں لگی۔ عجز وانکسار ان کا شیوہ ہے۔ جلوت وخلوت میں یہی ان کا شعار۔ (۷) متصدقین اور متصدقات: اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے رہتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرنے اور صدقات دینے میں کبھی بخل سے کام نہیں لیتے۔ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال سے اس کی راہ میں خرچ کرنا اپنے لیے باعثِ سعادت تصور کرتے ہیں۔ (۸) صائمین اور

1۔ لسان العرب، ج2، ص73

مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ

مومن عورت کو کہ جب فیصلہ فرما دے اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول کسی معاملہ کا تو پھر انہیں کوئی اختیار ہو اپنے اس

مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا

معاملہ میں ۶۵ اور جو نافرمانی کرتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی تو وہ کھلی گمراہی میں مبتلا

صائمات: فرضی روزے بھی رکھتے ہیں اور نفلی روزے رکھنے کا شوق بھی دامنگیر رہتا ہے۔ (۹) الحافظین اور الحافظات: اپنے دامنِ عصمت کو آلودہ نہیں ہونے دیتے۔ جذبات کتنے شدید ہوں، ماحول کتنا رُومان انگیز ہو یہ اپنے رب کی حکم عدولی کی جرأت نہیں کرتے۔ مدعا یہ بھی ہے کہ ان تمام ذرائع سے کلیۃً اجتناب کرتے ہیں جو اس فعلِ بد کے ارتکاب کا ذریعہ یا محرّک بنتے ہیں۔ (۱۰) ذاکرین اور ذاکرات: آخر میں سب سے اہم اور جامع صفت کا ذکر فرما دیا کہ وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں محو رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی یاد کا شوق کبھی مدہم نہیں پڑتا۔ سوتے، جاگتے، اٹھتے، بیٹھتے، لین دین کرتے ہوئے، ہل چلاتے ہوئے، دفتر میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے غرضیکہ زندگی کی ہر ضرورت کو پورا کرتے ہوئے وہ اپنے رب کی یاد میں کوشاں رہتے ہیں (1)۔

حضرت امام مالک فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی مجھے پہنچا ہے۔ حضور نے فرمایا:

ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالْمُقَاتِلِ خَلْفَ الْفَارِّيْنَ وَ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَغُصْنٍ شَجَرٍ اَخْضَرَ فِيْ شَجَرٍ يَابِسٍ وَّ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ مِثْلُ مِصْبَاحٍ فِيْ بَيْتٍ مُّظْلِمٍ وَّ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ يُرِيْهِ اللّٰهُ مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ حَيٌّ۔ رَوَاهُ رُزَيْنٌ (مظہری) (2) ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ غافل لوگوں میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے والا ایسا ہے جس طرح میدانِ جنگ سے بھاگنے والوں میں مجاہد ہوا کرتا ہے، جس طرح خشک درخت میں سبز شاخ، جس طرح اندھیرے گھر میں روشن چراغ اور غافلوں میں اللہ تعالیٰ اپنے ذکر کرنے والے کو اس زندگی میں ہی جنت میں اس کا محل دکھا دیتا ہے۔

آپ نے ان صفات کا تفصیل سے مطالعہ کر لیا جو ایک مومن مرد اور عورت میں پائی جاتی ہیں۔ اب آپ خود ہی فیصلہ فرمائیے کہ جس امت کے مرد و زن کا یہ کردار ہو اور جس معاشرہ میں ان اخلاقی قدروں کی بالادستی ہو، وہ امت کتنی عظیم ہوگی اور وہ معاشرہ کتنا پاکیزہ ہوگا۔

۶۵ حضرات قتادہ، مجاہد، ابن عباس اور دیگر ائمہ تفسیر کا یہ قول ہے کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پھوپھی عمیمہ کی صاحبزادی اور اپنے جد امجد حضرت عبدالمطلب کی نواسی، خاندان بنی ہاشم کی معزز خاتون حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو اپنے آزاد کردہ غلام کے لیے شادی کا پیغام بھیجا اور انہوں نے اور ان کے بھائی عبداللہ نے اس کو قبول کرنے سے انکار کیا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبرئیل یہ آیت طیبہ لے کر حاضر ہوئے۔ کسی مومن مرد اور عورت کے لیے اس بات کی اجازت نہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کا رسول مکرم اسے کوئی حکم دے، تو وہ انکار کر دے۔ جب یہ ارشادِ خداوندی حضرت زینب اور ان کے بھائی عبداللہ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 44-343 2۔ ایضاً، ص 344۔ مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الدعوات، باب ذکر اللہ والتقرب الیہ، ج 1، ص 199

مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ

ہوگیا ۶۶ اور یاد کیجیے جب آپ نے فرمایا اس شخص کو جس پر اللہ نے بھی احسان فرمایا اور آپ نے بھی

اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ

احسان فرمایا اپنی بی بی کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور آپ مخفی رکھے ہوئے تھے اپنے جی میں وہ بات

مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى

جسے اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ کو اندیشہ تھا لوگوں (کے طعن و تشنیع) کا حالانکہ اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس سے

زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

ڈریں ۶۷ پھر جب پوری کرلی زید نے اسے طلاق دینے کی خواہش، تو ہم نے اسکا آپ سے نکاح کر دیا تاکہ (اس عملی سنت کے بعد) ایمان والوں

نے سنا تو فوراً زید سے نکاح کرنے پر اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود ان کا نکاح حضرت زید سے پڑھا۔ دس دینار مہر ادا کیا، کچھ پارچہ جات، گھریلو ضرورت کا سامان اور خورونوش کی چیزیں ان کے ہاں بھیج دیں (1)۔

اگرچہ یہ آیت اس خاص موقع پر نازل ہوئی لیکن اپنے الفاظ کے اعتبار سے یہ عام ہے۔ کسی مسلمان فرد، قوم، حکومت یا حکومتِ اسلامیہ کے مقرر کیے ہوئے کسی کمیشن اور قانون ساز ادارہ کو اس امر کا اختیار نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد کو نظر انداز کر کے اپنے لیے کوئی نئی راہِ عمل تجویز کرے۔ مسلمان ہوتے ہوئے اطاعتِ رسول کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں (2)۔ ایک طرف ہم سچے مسلمان ہونے کے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں اور دوسری طرف ادنیٰ سے فائدہ کے لیے ہم احکامِ اسلام کو بڑی آسانی سے پسِ پُشت ڈال دیتے ہیں۔ ہماری اس دوغلی روش کے باعث اسلام رُسوا ہو رہا ہے اور ہم اس چشمۂ فیض سے فیضیاب نہیں ہو رہے بلکہ دوسروں کی محرومی کا باعث بن رہے ہیں۔

۶۶ یہاں صاف فرما دیا کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی، اس کے رسولِ مکرم کے حکم سے سرتابی کی وہ کان کھول کر سن لے کہ وہ راہِ راست سے بھٹک گیا۔ رُشد و ہدایت کے اُجالے سے نکل کر گمراہی کے اندھیروں میں بھٹک رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس محرومی سے بچائے۔ آمین

۶۷ جو رسمیں کسی معاشرہ میں جڑ پکڑ جاتی ہیں لوگ ان کے اتنے گرویدہ ہو جاتے ہیں کہ ان سے دست کش ہونا پسند نہیں کرتے۔ خواہ وہ رسمیں لغو اور بیہودہ کیوں نہ ہوں۔ عوام الناس تو محض قدامت پسندی اور کورانہ تقلید کے باعث ان رسوم کو ترک

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 186۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 490۔ معجم کبیر، ج 24، ص 45، رقم الحدیث: 124

2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 490

کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے اور اہلِ دانش وفہم اس خوف سے ایسا کرنے کی جرأت نہیں کرتے کہ اس طرح ان کا معاشرتی نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ قوم ذہنی انتشار میں مبتلا ہو جائے گی اور لاقانونیت پھیل جائے گی۔ اس لیے عوام اپنے نقطۂ نظر سے اور خواص اپنے اندیشوں کے باعث مروّجہ رسوم کو نہیں چھیڑتے اور اگر کوئی شخص ان میں ردّ و بدل اور اصلاح کی کوشش کرتا ہے، تو اس کے خلاف مخالفت کا طوفان اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ عرب میں دیگر لغو رسموں کے علاوہ یہ بیہودہ رسم بھی تھی کہ جب کوئی شخص کسی کو اپنا مُتبنّٰی بنا لیتا تو اسے وہی حقوق حاصل ہو جاتے جو حقیقی فرزند کو حاصل ہوتے ہیں۔ وہ متبنّٰی بنانے والے کے مرنے کے بعد اس کا وارث ہوتا۔ اس کی زوجہ کی بھی وہی حیثیت ہوتی جو سگے بیٹے کی زوجہ کی ہو۔ وہ اجنبی لڑکا اس قبیلہ کا فرد شمار ہونے لگتا۔ اس طرح اس رسم کے باعث طرح طرح کی خرابیاں مترتب ہو رہی تھیں۔ نسب میں خلط ہو رہا تھا۔ بیٹا وہ کسی کا ہوتا لیکن متبنّٰی بننے سے اپنے خاندان سے کٹ جاتا اور دوسرے خاندان کا فرد شمار ہوتا۔ اگر کسی کی حقیقی اولاد نہ ہو تو اس کے دوسرے قریبی رشتہ دار اس کے مالِ متروکہ کے حقدار بنتے ہیں لیکن متبنّٰی ہونے کی صورت میں یہ اجنبی بچہ ان کے سارے حقوق کو غصب کر لیتا اور خونی اور نسبی قرابت رکھنے والے قریبی رشتہ دار بھائی بھتیجے محروم کر دیئے جاتے جو صریح ظلم تھا۔ پھر ایسے متبنّٰی کی زوجہ کے ساتھ اگر بعینہٖ وہی سلوک کیا جائے تو حرمتِ مصاہرت کا دائرہ بہت وسیع ہو جاتا ہے۔ متبنّٰی بنانے والے پر اس کے متبنی کی بیوی حرام، اس کی بیوی کی ماں حرام، اگر کوئی اس کی بیٹی ہو تو وہ حرام۔ یہ عورتیں جن سے نکاح حلال ہے ان سے اس رسم کے باعث نکاح حرام ہو جاتا تھا۔ اس جاہلانہ رسم سے طرح طرح کی خرابیاں پیدا ہو رہی تھیں اور معاشرہ گوناگوں مشکلات میں مبتلا تھا۔ لیکن سماج کے اس رواج کی اصلاح کرنے کی ہمت کسی میں نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق پر رحم فرماتے ہوئے جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا تو حضور نے ان تمام رسوم ورواج کو ختم کر دیا۔ اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سوسائٹی کے دباؤ کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا جرأت مندانہ اقدام نہ فرماتے تو اور کون اصلاح کرتا؟ اگر یہ موقع بھی ہاتھ سے نکل جاتا تو قیامت تک ان محرومیوں کا سلسلہ جاری رہتا۔

سورۂ پاک کے آغاز میں حکم دیا کہ متبنّٰی تمہارا حقیقی بیٹا نہیں۔ یوں ہی صرف زبان ہلا دینے سے کسی کا بیٹا اپنا بیٹا نہیں بن سکتا۔ اس لیے نہ ان کو اپنا بیٹا سمجھو نہ زبان سے اس کی فرزندی کی نسبت اپنی طرف کرو۔ اس ارشاد پر عمل کی ابتداء بھی ذاتِ رسالتمآب سے ہوئی۔ حضرت زید جنہیں زید بن محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہہ کر پکارا جاتا تھا، اب پھر اپنے حقیقی باپ کی طرف منسوب ہو کر زید بن حارثہ کہے جانے لگے۔

لیکن ابھی تک اس رسم ورواج کے کئی غلط اثرات باقی تھے جن کے متعلق قوم کے جذبات از حد حساس واقع ہوئے تھے۔ ان کے خلاف سوچنا بھی ان کے اختیار میں نہ تھا۔ اپنے متبنّٰی کی زوجہ ان کے نزدیک بعینہٖ اس حیثیت کی مالک تھی جو اپنے حقیقی بیٹے کی زوجہ کی حیثیت تھی۔ عرب کا قانون بھی اپنے بیٹے کی بیوی، مطلقہ ہو یا بیوہ سے نکاح کی اجازت نہیں دیتا تھا۔ قرآن نے بھی اس کی حرمت کو برقرار رکھا۔ متبنی کی بیوی کی حیثیت بھی وہی تھی، اس کے حرام ہونے میں انہیں قطعاً کوئی شبہ نہ تھا۔ اسلام نے اس قبیح رسم اور اس پر مترتب ہونے والے نتائج کو منسوخ کر دیا۔ جب حضرت زید نے حضرت زینب کو طلاق دے دی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق انہیں اپنی زوجیت کا شرف بخشا اور اس رسمِ بد پر کاری ضرب لگا کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس کا خاتمہ کر دیا۔

واقعہ کی صحیح صورت تو یہ ہے جو آپ کے سامنے بلاکم وکاست پیش کر دی گئی۔ لیکن یورپ کے متعصب اور تنگ نظر پادریوں نے جنہوں نے دنیا کو دھوکا دینے کے لیے مؤرخ، محقق اور مستشرق کا لباس اوڑھ رکھا ہے، تاریخِ اسلام کے اس سادہ سے واقعہ کو یوں اچھالا اور اسے ایسا رنگ دیا کہ اچھے اچھے سمجھ دار ان کے دامِ فریب میں پھنس گئے اور دولتِ ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ آیئے! قرآنِ کریم کے کلماتِ طیبات کو سمجھنے کی کوشش کریں اور جہاں جہاں انہوں نے ٹھوکر کھائی یا دانستہ اپنی بد باطنی کا مظاہرہ کیا ہے اس کی نشاندھی کریں تا کہ حقیقت اپنی رعنائیوں کے ساتھ آشکارا ہو جائے (1)۔

بعض غلط اور بالکل باطل روایات کا سہارا لے کر یہ کہا جاتا ہے کہ جب حضرت زینب کا نکاح حضرت زید سے ہو گیا تو ایک روز اچانک حضور ان کے گھر تشریف لے گئے۔ وہ گھر پر موجود نہ تھے۔ حضرت زینب بے دھیانی کے عالم میں بیٹھی تھیں۔ اچانک جب ان پر نظر پڑی تو حضور ان پر فریفتہ ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے واپس ہوئے۔ سُبْحَانَ اللهِ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ۔ پاک ہے دلوں کو بدلنے والا۔ یہ آواز حضرت زینب نے سن لی۔ زید آئے ساری بات کہہ سنائی۔ حضرت زید نے یوں ہی مناسب سمجھا کہ وہ اپنی زوجہ کو طلاق دے دیں تا کہ حضور ان سے نکاح کر سکیں۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ حضور نے زبان سے تو یہ فرمایا کہ زید اپنی زوجہ کو طلاق نہ دے اور اس معاملہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے۔ لیکن حضور کی دلی خواہش یہی تھی کہ زید طلاق دیدے تو حضور ان سے نکاح کریں۔ محض ظاہر داری کے طور پر نبی کریم نے انہیں طلاق دینے سے منع فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات پر عتاب فرمایا اور کہا کہ تم زبان سے کچھ کہہ رہے ہو اور دل میں کچھ چھپاتے ہو۔ میں تمہارے دل کے پوشیدہ رازوں کو ظاہر کر دوں گا۔ چنانچہ ان بد باطنوں نے اس آیت کے ان جملوں ''اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللهَ وَ تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللهُ مُبْدِيْهِ''۔ کا یہی معنی لیا ہے (2) اور اپنی خبثِ باطنی کے باعث بارگاہِ رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات میں گستاخی کی جرأت کی۔

دل ہرگز برداشت نہیں کرتا کہ ان کی اس یاوہ گوئی کو لکھنے کی جرأت کروں لیکن جب تک اسے لکھا نہ جاتا اس کا ردّ ممکن نہ تھا۔ میں آپ کو ایک عقیدت مند کی حیثیت سے نہیں ایک حقیقت پسند کی حیثیت سے ان کی اس ہرزہ سرائی میں غور کرنے کی دعوت دیتا ہوں، صداقت خود بخود نکھر کر سامنے آجائے گی۔

اگر حضرت زینب ایک اجنبی خاتون ہوتیں، کسی غیر قبیلہ کی فرد ہوتیں جنہیں حضور نے کبھی نہ دیکھا ہوتا، تو پھر ان کی اس بے سروپا حکایت کو ماننے کی وجہ بھی ہوتی کہ اچانک دیکھا اور دل میں ان کی خوبصورتی کو دیکھ کر جذبۂ الفت پیدا ہوا۔ حالانکہ واقعہ ایسا نہیں۔ آپ حضور کی پھوپھی زاد ہیں، حضرت عبدالمطلب کی نواسی ہیں، حضور کے سامنے ولادت ہوئی، حضور کے گھر کے صحن میں ان کا بچپن گزرا، حضور کی آنکھوں کے سامنے وہ جوان ہوئیں، صبح وشام اپنی پھوپھی کے ہاں آمد ورفت رہتی۔ کونسی ایسی بات تھی جس کا حضور کو علم نہ تھا۔ ان کی زندگی کا کونسا ایسا پہلو تھا جو حضور پر مخفی تھا اور اس روز اچانک آشکارا ہوا اور محبت کا طوفان امڈ آیا (3)۔ نعوذ باللہ

اور سنیے! حضرت زینب ان سعادت مند خواتین میں سے تھیں جو اسلام کے ابتدائی دور میں ایمان سے مشرف ہوئیں۔ پھر حضور کی ہجرت کے بعد مکہ چھوڑ کر مدینہ طیبہ میں آگئیں۔

مزید غور فرمایئے۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں حضرت زید کے لیے شادی کا پیغام بھیجا تو انہوں نے اور ان کے بھائی

1۔ حیاۃ محمد، از محمد حسین ہیکل، ص 307 ومابعد (ماخوذ) مطبوعہ مطبعۃ دار الکتب المصریہ قاہرہ
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 190
3۔ الانسان الکامل، ص 104، مطبوعہ مطبع سحر جدہ۔ احکام القرآن از ابن عربی، ج 3، ص 1543، مطبوعہ دار الفکر بیروت

نے یہ خیال کیا کہ حضور اپنی ذاتِ اقدس کے لیے رشتہ طلب فرمارہے ہیں، اس خیال کے پیش نظر انہوں نے بطیبِ خاطر بصد مسرت اس پیغام کو قبول کیا۔ لیکن جب پتہ چلا کہ یہ پیغام زید کے لیے تھا، تو پھر وہ صورتِ حالات پیدا ہوئی جس کا ذکر ابھی گزر چکا ہے۔

جب حقیقت حال یہ ہے تو کوئی غیرت مند اور حقیقت پسند شخص اس داستان سراپا ہذیان کو قبول نہیں کر سکتا۔ یہ عجیب بات ہے کہ جب حضرت زینب کنواری تھیں اور حضور کے حرم کی زینت بننے کو اپنے لیے اور اپنے کنبہ کے لیے باعثِ صد عزت محسوس کرتی تھیں، اس وقت تو حضور کے دل میں کوئی کشش پیدا نہ ہوئی اور جب ایک سال سے زائد عرصہ آپ کے آزاد کردہ غلام کے ساتھ ازدواجی زندگی بسر کر چکیں تو اچانک یہ صورت پیدا ہوگئی جو ان عقل کے اندھوں کو نظر آنے لگی۔

آپ پوچھ سکتے ہیں کہ پھر قرآنِ کریم کے ان جملوں کا مطلب کیا ہے۔ (۱) اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس روکے رکھو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ حضور کو یہ فرمانے کی کیا وجہ تھی؟ (۲) تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ: وہ کیا بات تھی جسے حضور اپنے دل میں چھپانا چاہتے تھے۔ (۳) تَخْشَى النَّاسَ کا معنی کیا ہے۔ حضور لوگوں سے کیوں خوف فرمارہے تھے؟

آیئے یہ بھی سن لیجیے تاکہ آپ کے دل کی ہر خلش دور ہو جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

حضرت زینب نے ارشادِ نبوی کے مطابق حضرت زید سے نکاح تو کر لیا تھا لیکن مزاج اور طبیعت کا تفاوت قائم رہا۔ آپ کو اپنے عالی خاندان اور شریف النسب ہونے پر جو فخر تھا اس سے ان کی خانگی زندگی تلخیوں سے دوچار ہوتی رہتی تھی۔ وہ اپنے خاوند کے ساتھ وہ سلوک روا نہ رکھتیں جو روا رکھنا چاہیے تھا۔ تلخ کلامی اور تو تو میں میں کی نوبت اکثر آتی رہتی تھی۔ حضرت زید بھی غیرت مند جوان تھے۔ وہ آئے دن کی یہ بے عزتی اور تذلیل برداشت کرتے کرتے تھک گئے تھے، ان کا پیمانۂ صبر لبریز ہو چکا تھا۔ خانگی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے ان کی ساری کوششیں ناکام ہو چکی تھیں۔ سال بھر کی ترش کلامی کے باعث زید دل برداشتہ ہو گئے۔ باہمی مودت والفت کی جگہ شدید نفرت نے لے لی اور طلاق کے بغیر اس الجھن کا انہیں کوئی حل نظر نہیں آتا تھا۔ کیونکہ یہ نکاح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیا تھا، اس لیے ان کی یہ مجال نہ تھی کہ چپکے سے طلاق دے کر انہیں فارغ کر دیتے۔ حضور کی خدمت میں عرض کرنا ضروری تھا، چنانچہ حاضر ہوئے اور اپنی ساری بپتا کہہ سنائی۔ حضور کو بھی زید کے اس ارادے سے بڑی تشویش ہوئی اور یہ بالکل قدرتی عمل تھا۔ کل اتنا مجبور کر کے نکاح کیا اور آج زید نے طلاق دے دی، لوگ کیا کہیں گے؟ چنانچہ حضور نے انہیں یہی سمجھایا کہ تم طلاق دینے سے باز آؤ اور اس معاملہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ کل میں نے بڑے شوق سے تمہارا نکاح کیا ہے آج اگر تم طلاق دیدو تو حضرت زینب اور ان کے عزیزوں کی دل شکنی ہوگی۔ لیکن حضرت زید کے لیے یہ ممکن نہ رہا تھا۔ اصلاحِ احوال کے لیے انہوں نے سارے جتن کیے تھے اور ہر امکانی کوشش کی تھی، لیکن حضرت زینب کے مزاج کو بدلنے میں کامیاب نہ ہو سکے (1)۔

اس جملہ سے یہ معنی اخذ کرنا کہ حضور محض ظاہر داری کی وجہ سے یہ فرمارہے تھے انسانیت، شرافت اور حقیقتِ حال کے ساتھ بہت بڑی بے انصافی ہے۔ بلکہ اس جملہ کا یہ مفہوم ہے جو میں نے عرض کیا۔ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ پر ان عیاروں نے بڑی لے دے کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جس چیز کو حضور چھپا رہے تھے، وہ حضرت زینب سے محبت تھی۔ لیکن ان کی اس ہرزہ سرائی کو آیت کا اگلا حصہ باطل کر دیتا ہے۔ ارشاد ہے: مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ۔ یعنی آپ وہ چیز دل میں چھپا رہے ہیں جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا ہے۔

1۔ محمد رسول اللہ از محمد رضا، ص 219، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

معلوم ہوا جسے حضور چھپا رہے تھے، وہ وہی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے کس چیز کو ظاہر فرمایا ہے تو جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا وہی وہ چیز ہے جس کو حضور چھپا رہے تھے۔ اس کے علاوہ کسی اور چیز کا تصور کرنا باطل، کذب اور محض افترا ہے۔ خود بتایئے کسی جگہ اللہ تعالیٰ نے اس عشق و محبت کو ظاہر کیا، صراحۃً نہ سہی کنایۃً، لفظاً نہ سہی اشارۃً؟ اگر ایسی کسی بات کا نام و نشان نہیں تو پھر تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ کا یہ معنی بیان کرنا جوان لوگوں نے کیا ہے کتنی بڑی گستاخی ہے(1)۔

وہ بات جسے حضور چھپا رہے تھے اور جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا تھا، وہ کیا تھی؟ اس کے متعلق وضاحت سیدنا امام زین العابدین علی بن حسین علیہ وعلیٰ ابیہ وجدہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے اس بیان سے ہوتی ہے۔ مَا اَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلَیْہِ اَنَّ زَیْنَبَ سَیُطَلِّقُھَا زَیْدٌ وَیَتَزَوَّجُھَا بَعْدُ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اِلٰی ھٰذَا ذَھَبَ اَھْلُ التَّحْقِیْقِ مِنَ الْمُفَسِّرِیْنَ کَالزُّھْرِیِّ وَبَکْرِ بْنِ عُلَاءَ وَالْقُشَیْرِیِّ وَالْقَاضِیْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ الْعَرَبِیِّ وَغَیْرِھِمْ (روح المعانی، قرطبی)(2) یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر یہ وحی فرمائی تھی کہ زید حضرت زینب کو طلاق دے دیں گے اور آپ ان سے نکاح فرمائیں گے۔ مفسرین میں سے اہلِ تحقیق کا یہی قول ہے۔ کیونکہ یہی وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے زَوَّجْنٰکَھَا سے تعبیر فرمایا ہے اور اسکی حکمت بھی خود ہی بیان فرمادی کہ پہلے جو رسم چلی آ رہی ہے کہ اپنے متبنّیٰ کی زوجہ سے نکاح حرام ہے، اس کا خاتمہ کر دیا جائے تا کہ لوگ اس رسمِ قبیح کے باعث جن پریشانیوں سے دوچار ہیں ان کا ازالہ ہو سکے۔

ایک بار پھر وَتَخْشَی النَّاسَ کے کلمات پر بھی غور کیجیے اللہ تعالیٰ نے حضور کو بتا دیا کہ اس رسمِ بد کو ختم کرنے کے لیے اس کا فیصلہ یہ ہے کہ زید طلاق دے گا اور آپ ان سے نکاح کریں گے۔ حضور جانتے تھے کہ کفار و منافقین اس پر بہتان طرازی کا طوفان برپا کر دیں گے۔ حقیقت کو مسخ کر کے لوگوں کے سامنے پیش کریں گے اور پراپیگنڈہ کا جو مؤثر موقع انہیں ملا ہے، اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔ ان کی زبان درازیوں کے باعث ہو سکتا تھا کہ بعض کمزور ایمان والے پھسل جائیں۔ یہ اندیشہ تھا جو حضور دل ہی دل میں محسوس فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بھی پسند نہیں کہ ایسے اندیشوں کو اس کا محبوب رسول پر کاہ کی بھی وقعت دے۔ جھوٹ کے طوفان باندھنے والے باندھا کریں۔ دینِ اسلام کا پرچم سرنگوں نہیں ہوگا۔ حضور کی عزت و عظمت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اگر کوئی بدبخت ان کی ہرزہ سرائی سے متاثر ہو کر اسلام سے اپنا رشتہ توڑتا ہے تو آپ کو میرے محبوب! کیا پروا؟ ایک بار نہیں سو بار انہیں روٹھنے دو۔ اسلام کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْھَا وَطَرًا کا مطلب یہ ہے کہ جب زید طلاق دے دے اور وہ عدت گزار لیں اور زید کا ان کے ساتھ رابطہ کلی طور پر منقطع ہو جائے۔ اس کا یہ بھی مطلب ہو سکتا ہے کہ زید حضرت زینب کو طلاق دینے کے لیے بڑے بے چین ہیں، وہ اپنی اس خواہش کو پورا کر لیں۔ قَضَاءُ الْوَطَرِ کِنَایَۃٌ عَنِ الطَّلَاقِ(3)۔

آخر میں ایک چیز کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ تم خواہ مخواہ یورپ کے مستشرقین اور مؤرخین پر برس رہے ہو یہ باتیں انہوں نے اپنے پاس سے تو نہیں گھڑیں تفسیر کی کتابوں میں ایسی روایتیں موجود ہیں۔ اس میں ان کا کیا قصور؟ جواباً گزارش ہے کہ علماء کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ ہر روایت قابلِ قبول نہیں۔ صرف وہ روایت ہی مقبول ہے جو نقد و بحث کی کسوٹی پر

1۔ حیاۃ محمد، ص 307 تا 317 (ماخوذ)، مطبوعہ مطبعۃ دار الکتب المصریہ قاہرہ 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 25 3۔ ایضاً

فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ

پر کوئی حرج نہ ہو اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں جب وہ انہیں طلاق دینے کا ارادہ پورا کرلیں اور اللہ کا حکم تو

مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ

ہر حال میں ہو کر رہتا ہے ۶۸ نہیں ہے نبی پر کوئی مضائقہ ایسے کام کرنے میں جنہیں حلال کر دیا ہے اللہ نے اس کے لیے ۶۹

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا

اللہ تعالیٰ کی یہی سنت ہے ان (انبیا) کے بارے میں جو پہلے گزر چکے ہیں۔ اور اللہ کا حکم ایسا فیصلہ ہوتا ہے جو طے پا چکا

پوری اترے۔ ہمارے علمائے محققین نے اس روایت کو مسترد کر دیا ہے۔ علامہ ابنِ کثیر لکھتے ہیں: ذَكَرَ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ وَّ ابْنُ جَرِيْرٍ هٰهُنَا اٰثَارًا عَنْ بَعْضِ السَّلَفِ اَجَبْنَا اَنْ نَّضْرِبَ عَنْهَا صَفْحًا لِعَدَمِ صِحَّتِهَا فَلَا نُوْرِدُهَا (1) کہ بعض علماء نے یہاں کئی روایتیں نقل کی ہیں لیکن وہ صحیح نہیں، اس لیے ہم ان کا ذکر نہیں کرتے۔ علامہ ابوحیان الاندلسی نے لکھا ہے کہ لِبَعْضِ الْمُفَسِّرِيْنَ كَلَامٌ فِي الْاٰيَةِ يَقْتَضِي النَّقْصَ مِنْ مَّنْصِبِ النُّبُوَّةِ ضَرَبْنَا عَنْهُ صَفْحًا (2)۔ یعنی بعض مفسرین نے یہاں ایسی باتیں کی ہیں جو شانِ رسالت کے منافی ہیں، اس لیے ہم نے ان کو نظر انداز کر دیا ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں: اَمَّا مَا رُوِيَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ هَوٰى زَيْنَبَ امْرَاَةَ زَيْدٍ وَّ رُبَّمَا اَطْلَقَ بَعْضُ الْمَجَّانِ لَفْظَ عِشْقٍ فَهٰذَا اِنَّمَا يَصْدُرُ عَنْ جَاهِلٍ لِعِصْمَةِ النَّبِيِّ ﷺ عَنْ مِّثْلِ هٰذَا اَوْ مُسْتَخِفٍّ بِحُرْمَتِهٖ (قرطبی) (3) کہ یہاں جو افسانہ گھڑا گیا ہے یہ ان لوگوں کی طرف سے ہے جنہیں نبی کریم کی عصمت کا علم نہیں ہے یا انہوں نے دانستہ شانِ نبوت کو گھٹانے کی کوشش کی۔ علامہ آلوسی کی بھی یہی رائے ہے۔

۶۸ یہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا۔ اس پر عمل ضروری تھا۔ چنانچہ اس کے رسول مقبول ﷺ نے اس کی تعمیل کر کے اس جاہلانہ رسم کو ہمیشہ کے لیے ختم کر کے رکھ دیا۔

۶۹ یہود اور منافقین یہ اعتراض کیا کرتے کہ پیغمبرِ اسلام دوسروں کو تو صرف چار بیویاں کرنے کی اجازت دیتے ہیں لیکن اپنے لیے یہ پابندی نہیں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ اس کے رد میں یہ آیات نازل ہوئیں اور معترضین کو کہا گیا کہ اگر پیغمبرِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کثرتِ ازواج کی وجہ سے تم اعتراض کرتے ہو تو حضرت داؤد جن کی سو بیویاں تھیں اور حضرت سلیمان علیہ السلام جن کے تین سو حرم تھے، ان پر تو تم اعتراض نہیں کرتے۔ انہیں نبی مانتے ہو۔ زبور اور دیگر صحیفے تمہاری مقدس بائیبل میں درج ہیں۔ تمہیں چاہیے کہ ان پر بھی اعتراض کرو اور ان کی نبوت کا بھی انکار کرو۔ جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ پر حلال کی ہیں کسی کو حرف گیری کا حق نہیں پہنچتا۔ حضور سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کو خصوصی

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 491 2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 234 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 191

مَّقْدُوْرًا ﴿۳۸﴾ الَّذِیْنَ یُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَیَخْشَوْنَهٗ وَلَا یَخْشَوْنَ

ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو اللہ کے پیغامات پہنچاتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں وہ نہیں ڈرا کرتے کسی

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِیْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ

سے اللہ تعالیٰ کے سوا ۷۰ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ حساب لینے والا نہیں ہیں محمد (فداہ روحی) کسی کے باپ تمہارے

رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

مردوں میں سے ۷۱ بلکہ وہ اللہ کے رسول ۷۲ اور خاتم النبیین ہیں ۷۳ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو

رخصت عطا فرمائی تھی (1)۔

۷۰ جن اولوالعزم ہستیوں کو اللہ تعالیٰ منصبِ رسالت پر فائز کرتا ہے اور اپنے پیغامات پہنچانے کی ذمہ داری سونپتا ہے وہ حضرات صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور کسی سے ان کے دل میں خوف و ہراس پیدا ہی نہیں ہوتا۔ اور اگر وہ اپنے فرائض منصبی ادا کرنے میں لوگوں سے خوفزدہ ہونے لگیں تو وہ رسالت و نبوت کی ذمہ داریوں سے عہدہ برا نہیں ہو سکتے۔ اگر وہ کسی کی خاطر احکامِ الٰہی کی تبلیغ میں کوتاہی کریں تو ان کو اللہ تعالیٰ کی گرفت سے کون بچا سکتا ہے؟

۷۱ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا جب حریمِ نبوت میں رونق افروز ہوئیں تو بہتان تراشی کے جس طوفان کا اندیشہ تھا وہ امنڈ کر آ گیا اور بد باطن یہودیوں اور منافقین نے کہنا شروع کر دیا کہ دیکھو اپنے بیٹے کی زوجہ کو اپنی زوجہ بنا لیا۔ کبھی ایسا اندھیر بھی ہوا تھا جیسے انہوں نے کر دکھایا۔ چلو ہمارے رسم و رواج کو تو رہنے دو، وہ خود بھی آج تک یہی بتاتے رہے کہ بیٹے کی بیوی سے باپ نکاح نہیں کر سکتا۔ اب پھر خود اپنے بیٹے زید کی مطلقہ اہلیہ کو اپنی زوجیت میں لے لیا۔

ان کی اس ہرزہ سرائی کو قرآنِ حکیم نے اس ایک جملہ سے ختم کر کے رکھ دیا کہ تم میں سے حضور کسی مرد کے باپ نہیں۔ جب باپ نہیں ہیں تو زید بیٹا کیسے بن گیا؟ وہ تو اپنے باپ حارثہ کا بیٹا ہے۔ تمہارا یہ اعتراض محض تمہارے خبثِ باطن کی پیداوار ہے حقیقت سے اس کا دور کا بھی واسطہ نہیں (2)۔

۷۲ باپ ہونے کی نفی کی اور اللہ تعالیٰ کا رسول ہونے کا اعلان فرما دیا۔ بیشک باپ اپنی اولاد پر بڑا مہربان اور شفیق ہوتا ہے لیکن رسول کو جو قلبی تعلق اپنی امت کے ہر ہر فرد سے ہوتا ہے اور جو لطف و کرم وہ فرماتا ہے اس کے مقابلہ میں باپ کی ساری شفقتیں ہیچ ہیں۔ باپ کی مہربانیاں، اولاد کی جسمانی اور مادی دنیا تک محدود ہوتی ہیں۔ رسول کی نگاہِ کرم سے امتی کا جسم اور روح، ظاہر اور باطن، دل اور عقل سب فیض یاب ہوتے ہیں۔ باپ کی شفقتیں، روزِ حشر کسی کام نہیں آئیں گی بلکہ سارے دنیاوی رشتے اس دن ٹوٹ جائیں گے۔ یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَ اَبِیْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَ بَنِیْهِ ﴿۳۶﴾

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 195 2۔ ایضاً، جز 14، ص 196

(عبس :45-34) لیکن رسول کے لطف وعنایت سے دنیا اور آخرت دونوں میں اس کا امتی شاد کام ہوتا ہے۔

۷۳ حضور ﷺ کی نہایت شفقت کو بیان فرمایا جارہا ہے کہ اگر حضور کے بعد بھی نبوت کا سلسلہ جاری رہتا تو حضور اتنی تندہی سے امت کے سامنے دینِ اسلام کے سارے گوشے آشکارا کرنے کی شاید زحمت نہ فرماتے۔ لیکن اب جبکہ نبوت کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے اور حضور ہی اس سلسلۂ ذھبیہ کی آخری کڑی ہیں تو آپ کی محبت اور اُلفت کا تقاضا یہ ہے کہ کوئی چیز بھی ادھوری نہ رہنے دی جائے۔ ساری بری رسموں کا قلع قمع کر دیا جائے۔ کیونکہ اگر باطل کا کوئی پہلو اصلاح سے محروم رہا تو پھر اس کی اصلاح ممکن نہیں ہوگی اور اگر دورِ جاہلیت کی قبیح رسموں کو مٹایا نہ گیا، تو پھر ایسی ہستی پیدا ہی نہیں ہوگی جو ان کو مٹا سکے۔ اتنی محبوبیت، اتنی جامعیت اور اتنا تقدس کہاں پایا جائے گا؟ تاکہ دنیا اس کے اشارۂ ابرو پر اپنا سب کچھ نثار کرنے کے لیے تیار ہو جائے۔

ختمِ نبوت کا عقیدہ اسلام کے ان چند بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر امت کا اجماع رہا ہے۔

اگرچہ بدقسمتی سے امتِ اسلامیہ کئی فرقوں میں بٹ گئی ہے۔ باہمی تعصب نے بارہا ملت کے امن وسکون کو درہم برہم کیا اور فتنہ وفساد کے شعلوں نے بڑے المناک حادثات کو جنم دیا لیکن اتنے شدید اختلافات کے باوجود سارے فرقے اس پر متفق رہے کہ حضور ﷺ آخری نبی ہیں اور حضور کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ چنانچہ گزشتہ تیرہ صدیوں میں جس نے بھی نبی بننے کا دعویٰ کیا اس کو مُرتد قرار دے دیا گیا اور اس کے خلاف علم جہاد بلند کر کے اس کی جھوٹی عظمت کو خاک میں ملا دیا گیا۔ مسیلمہ نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو حضرت صدیقِ اکبر نے نتائج کی پروا کیے بغیر اس کے خلاف لشکر کشی کی اور تب چین کا سانس لیا جب اس جھوٹے نبی کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ بیشک اس جہاد میں ہزاروں کی تعداد میں مسلمان بھی شہید ہوئے۔ جن میں سینکڑوں حفاظِ قرآن اور جلیل المرتبت صحابہ تھے لیکن حضرت صدیق نے اتنی قربانی دے کر بھی اس فتنے کو کچلنا ضروری سمجھا۔ آپ نورِ صدیقیت سے دیکھ رہے تھے کہ اگر ذرا تساہل برتا تو یہ امت سینکڑوں گروہوں میں نہیں سینکڑوں امتوں میں بٹ جائے گی۔ ہر امت کا اپنا نبی ہوگا اور وہ اسی کی شریعت اور سنت کو اپنائے گی۔ اس طرح اس رحمۃ للعالمین کے زیرِ سایہ اسلام کے پلیٹ فارم پر انسانیت کے اتحاد کی ساری امیدیں ختم ہو جائیں گی اور اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا کا سُہانا منظر کبھی بھی نظر نہیں آئے گا۔ ناظرین کو یہ بات بھی مدِ نظر رکھنی چاہیے کہ مسیلمہ حضور کی نبوت کا منکر نہیں تھا بلکہ اپنے دعوئے نبوت کے ساتھ ساتھ وہ حضور کی رسالت کو بھی تسلیم کرتا تھا۔ چنانچہ حضور خاتم الانبیاء والرسل کی ظاہری زندگی کے آخری ایام میں اس نے جو عریضہ ارسال خدمت کیا تھا، اس کے الفاظ یہ ہیں:

مِنْ مُّسَیْلَمَۃَ رَّسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ (1)۔ کہ یہ خط مسیلمہ کی طرف سے جو اللہ تعالیٰ کا رسول ہے محمد رسول اللہ کی طرف لکھا جارہا ہے۔

علامہ طبری نے اس امر کی بھی تصریح کی ہے کہ اس کے ہاں جو اذان مروج تھی اس میں اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ بھی کہا جاتا تھا (2)۔ بایں ہمہ حضرت صدیق نے اس کو مرتد اور واجب القتل یقین کر کے اس پر لشکر کشی کی اور اس کو واصل بجہنم کر کے آرام کا سانس لیا۔

1۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص839، مطبوعہ دار الکتاب اللبنانی، بیروت، 1966ء۔ الوثائق السیاسیۃ از محمد حمید اللہ، ص305، مطبوعہ دار النفائس، بیروت

2۔ تاریخ طبری، ج2، جز3، ص244

اسلام کی تیرہ صد سالہ تاریخ میں جب بھی کسی سر پھرے، طالع آزما یا فتنہ پرداز نے اپنے آپ کو نبی کہنے کی جرأت کی تو اس کو قتل کر دیا گیا۔

انگریز کی غلامی کے دور میں ملتِ اسلامیہ کو جس طرح دوسرے کئی مصائب سے دو چار ہونا پڑا، اسی طرح ایک جھوٹی نبوت قائم کر کے امت میں انتشار پیدا کیا گیا۔ وہ مدعیٔ نبوت بظاہر عیسائیت کا رڈ کرتا تھا اور پادریوں سے مناظرے کرتا تھا۔ اس کے باوجود انگریز کا پرلے درجے کا وفادار تھا۔ ملکہ انگلستان کی شان میں اس نے ایسے تعریفی پمفلٹ لکھے کہ کوئی باغیرت مسلمان ان کو پڑھنا بھی گوارا نہیں کرتا۔ انگریز کی اسلام دشمنی اظہر من الشمس ہے جنہوں نے ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کا تختہ الٹا۔ سلطنتِ عثمانیہ کو پارہ پارہ کر دیا۔ ایسی ظالم اور اسلام دشمن حکومت کو اپنی وفاداری کا یقین دلانا اسلام سے غداری نہیں تو اور کیا ہے؟ انگریز نے اس کی نبوت کو اپنی سنگینوں کے سایہ میں پروان چڑھنے کا موقع دیا اور اس کو قبول کرنے والوں کے لیے بے جا نوازشات کے دروازے کھول دیئے۔ ہر مرزائی کے لیے کسی استحقاق کے بغیر اچھی سے اچھی ملازمتیں مختص کر دی گئیں۔ سیاسی میدان میں بھی ان کو آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ بیشک وہ شخص عیسائیت کے خلاف لکھتا اور بولتا تھا لیکن انگریز نے اس کے ذریعہ امتِ مسلمہ میں ایک نئی امت پیدا کر کے اور ان کے متفق علیہا بنیادی عقیدہ میں تشکیک پیدا کر کے جو مقصدِ عظیم حاصل کیا وہ بہت بڑا کارنامہ تھا اور اپنے دوررس نتائج کے اعتبار سے بڑا اہم تھا۔ اگر ایسا شخص عیسائیت کے خلاف کچھ بولتا ہے تو بولا کرے۔ اس سے انگریزی سیاست کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچتا بلکہ عیسائیوں کی مخالفت ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے وہ انگریزی استعمار کی خدمت پوری دل جمعی سے انجام دے سکتا تھا، اگر وہ عیسائیوں کے خلاف کچھ نہ کرتا تو اس کی بات کوئی آدمی سننے کے لیے تیار نہیں تھا۔

مرزا غلام احمد کی نبوت کا پیغام لے کر جب مرزائی مبلغ اسلامی ممالک میں گئے، وہاں ان کا جو حشر ہوا وہ کسی سے مخفی نہیں۔ کئی ممالک میں تو انہیں مرتد قرار دے کر توپ سے اڑا دیا گیا۔ عالمِ اسلام کے تمام علماء نے بالاتفاق اس مدعیٔ نبوت کو مرتد اور خارج از اسلام قرار دیا۔

یہ عرض کرنے کا مقصد صرف اس حقیقت کو واضح کرنا ہے کہ ختمِ نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک امت کا کُلّی اتفاق اور قطعی اجماع رہا ہے۔ جس طرح ایک مسلمان کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید، قیامت، حضور کی رسالت کسی دلیل کی محتاج نہیں اسی طرح ختمِ نبوت کا مسئلہ بھی کبھی زیرِ بحث نہیں آیا اور اس کے ثبوت کے لیے کسی مسلمان کو کسی دلیل یا بحث و تمحیص کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ لیکن مرزا قادیانی نے وہ کام کر دکھایا جس کی جرأت آج تک شیطان کو بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس مسئلہ پر شرح و بسط سے لکھا جائے تاکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اُمتی کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آقائے کریم سے کٹ کر نہ رہ جائے۔ رہے وہ لوگ جو شکم کو ایمان پر ترجیح دیتے ہیں اور مال و دولت کے حصول کی خاطر اپنا دین بدلنے میں بھی کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے بلکہ اسے کمال ہوشمندی سمجھتے ہیں تو ایسے لوگوں کا علاج کسی کے پاس نہیں۔ ہمیں ان کے لیے ملول نہیں ہونا چاہیے۔ نہ ایسے ابن الوقتوں کی خدا کو ضرورت ہے اور نہ اس کے رسول کو۔

ہمارا دعویٰ بلکہ ہمارا غیر متزلزل عقیدہ اور ایمان یہ ہے:

''حضور سرورِ عالم سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں۔ حضور کی تشریف آوری کے بعد نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ حضور کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آسکتا۔ اور جو شخص اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور جو بد بخت اس کے اس دعویٰ کو سچا تسلیم کرتا ہے وہ دائرۂ اسلام سے خارج اور مرتد ہے اور اسی سزا کا مستحق ہے جو اسلام نے مرتد کے لیے مقرر فرمائی ہے۔''

اس عقیدہ کو ثابت کرنے کے لیے ہم ایسے دلائل پیش کریں گے جو قطعی اور یقینی ہیں اور جن میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ سب سے پہلے ہم قرآنِ کریم سے استدلال کرتے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم ﷺ کا اسمِ گرامی لے کر فرمایا ہے کہ محمد (فداہ ابی وامی) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں یعنی انبیاء کے سلسلہ کو ختم کرنے والے ہیں۔ جب مولا کریم جو بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ہے، نے یہ فرمایا کہ محمد مصطفےٰ نبیوں کو ختم کرنے والے آخری نبی ہیں تو حضور کے بعد جس نے کسی کو نبی مانا، اس نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی تکذیب کی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے کسی ارشاد کو جھٹلاتا ہے، وہ مسلمان نہیں رہ سکتا۔

خاتم النبیین کا جو معنی یہاں کیا گیا ہے اہلِ لُغت نے اس کا یہی معنی لکھا ہے۔ اس وقت میرے پاس علمِ لُغت کی دوسری کتب کے علاوہ الصحاح للجوہری اور لسان العرب لابن منظور موجود ہیں جن کا شمار لغتِ عرب کی امہات الکتب میں ہوتا ہے۔ آؤ ان کے مطالعہ سے اس لفظ کی تحقیق کریں۔ ایک چیز پیش نظر رہے کہ صحاح کے مؤلف علامہ حماد بن اسماعیل الجوہری کا سنِ ولادت ۳۳۲ھ اور سالِ وفات ۳۹۳ھ یا ۳۹۸ھ ہے اور لسان العرب کے مؤلف علامہ ابوالفضل جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور الافریقی المصری کا سنِ ولادت ۶۳۰ھ اور سالِ وفات ۷۱۱ھ ہے۔ یہ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ فتنہ انکارِ ختمِ نبوت سے صدہا سال پہلے یہ کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان کے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ انہوں نے مذہبی تعصب یا ذاتی عقیدہ کے باعث یہ لکھا ہے تاکہ ان کا قول حجت نہ رہے۔ بلکہ ان کی نگارشات اور ان کی تحقیقات اہلِ لغت کے اقوال کے عین مطابق ہیں۔ پہلے صحاح کی عبارت ملاحظہ فرمائیے۔ خَتَمَ اللّٰهُ لَهٗ بِخَيْرٍ: خدا اس کا خاتمہ بالخیر کرے۔ وَخَتَمْتُ الْقُرْآنَ: بَلَغْتُ آخِرَهٗ۔ یعنی میں نے قرآن آخر تک پڑھ لیا۔ اِخْتَتَمْتُ الشَّيْءَ: نَقِيْضُ افْتَتَحْتُهٗ: افتتاح کی نقیض اختتام ہے۔ وَالْخَاتَمُ وَالْخَاتِمُ بِكَسْرِ التَّاءِ وَفَتْحِهَا وَالْخَيْتَامُ وَالْخَاتَامُ كُلُّهٗ بِمَعْنًى وَّ خَاتِمَةُ الشَّيْءِ آخِرُهٗ۔ یعنی خاتَم خاتِم۔ خَیْتام۔ خاتام سب کا ایک ہی معنی ہے اور کسی چیز کے آخر کو خاتمۃ الشیء کہتے ہیں۔ وَ مُحَمَّدٌ ﷺ خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام نبیوں سے آخر میں تشریف لے آئے (1)۔

علامہ ابنِ منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں: خِتَامُ الْوَادِيْ، اَقْصَاهُ وَ خِتَامُ الْقَوْمِ وَ خَاتِمُهُمْ وَ خَاتَمُهُمْ۔ آخِرُهُمْ وَ مُحَمَّدٌ ﷺ خَاتَمُ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔ وادی کے آخری کونہ کو ختام الوادی کہتے ہیں۔ قوم کے آخری فرد کو خِتَام خَاتِم اور خَاتَم کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے حضور ﷺ کو خاتم الانبیاء فرمایا گیا ہے۔ لسان العرب میں التہذیب

1۔ الصحاح، ج5، ص1908

کے حوالہ سے لکھا ہے: وَ الْخَاتِمُ وَ الْخَاتَمُ مِنْ اَسْمَاءِ النَّبِیِّ ﷺ وَ فِی التَّنْزِیْلِ الْعَزِیْزِ وَ لٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ اَیْ آخِرَھُمْ وَ مِنْ اَسْمَائِہِ الْعَاقِبُ اَیْضًا وَّ مَعْنَاہُ اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ۔ یعنی خاتم اور خاتَم نبی کریم ﷺ کے اسمائے گرامی میں سے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ۔ یعنی سب نبیوں سے پیچھے آنے والا۔ اور حضور کے اسماء میں سے العاقب بھی ہے اس کا معنی آخر الانبیاء ہے(1)۔

اہلِ لُغت کی ان تصریحات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ خاتم کی تاء پر زیر ہو یا زبر اس کا معنی ''آخری'' ہے۔ اس معنی کی تائید کے لیے اہلِ لغت نے ایک دوسری آیت سے بھی استدلال کیا ہے وَ خِتَامُہٗ مِسْكٌ اَیْ آخِرُہٗ مِسْكٌ(2)۔ یعنی اہلِ جنت کو جو مشروب پلایا جائے گا اس کے آخر میں انہیں کستوری کی خوشبو آئے گی۔

ختمِ نبوت کے منکرین اس موقع پر یہ کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں کہ خاتَم کا جو معنی آپ نے بیان کیا ہے (آخری) وہ یہاں مراد نہیں بلکہ اس کا دوسرا معنی مراد ہے اور یہ معنی بھی ان لُغت کی کتابوں میں موجود ہے جن کا حوالہ آپ نے دیا ہے۔ جب ایک لفظ کے دو معنی ہوں تو وہاں ایک معنی مراد لینے پر بضد ہونا اور دوسرے معنی کو ترک کر دینا تحقیقِ حق کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں۔ وہ کہتے ہیں: ہم بھی اس آیت کو مانتے ہیں اور اس کے معنی اپنی طرف سے نہیں گھڑتے تاکہ ہم پر تحریفِ قرآن کا الزام لگایا جائے بلکہ لُغتِ عرب کے مطابق ہی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ کسی کو ہم پر اعتراض کا حق نہیں پہنچتا۔

صحاح اور لسان العرب دونوں میں خاتم کا معنی مُہر یا مُہر لگانے والا مذکور ہے۔ آیت کا یہی معنی ابلغ اور شانِ رسالت کے شایان ہے کہ حضور ﷺ انبیا پر مہر لگانے والے ہیں۔ جس پر حضور نے مہر لگا دی وہ نبوت کے شرف سے مشرف ہو گیا اور جس پر مہر نہ لگائی، وہ نبوت کے منصب پر فائز نہیں ہو سکتا۔

اس کے متعلق گزارش ہے کہ بیشک لغت کی کتابوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے والا مرقوم ہے لیکن انہوں نے تصریح کر دی ہے کہ مذکورہ آیت میں خاتم النبیین کا معنی آخر النبیین ہے۔ یہاں فقط یہی معنی مراد ہے اور یہ لوگ اگر مُصر ہوں کہ یہاں خاتم کا دوسرا معنی مراد ہے تو اس سے بھی انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مطالعہ کرتے ہوئے غور و تدبّر سے کام نہیں لیا۔ انہوں نے مُہر سے مراد ڈاکخانہ کی مہر یا کسی افسر کی مہر سمجھی ہے کہ لفافہ یا کارڈ پر مہر ٹھپہ لگایا اور اسے آگے بھیج دیا یا کسی کی درخواست پر اپنی مہر ثبت کی اور اسے مناسب کارروائی کے لیے متعلقہ دفتر روانہ کر دیا۔ حالانکہ مُہر کا جو مفہوم اہلِ لُغت نے لیا ہے وہ قطعاً اس کے خلاف ہے۔ کاش! انہیں بے جا تعصّب اس امر کی اجازت دیتا کہ وہ ائمۂ لغت کی عبارتوں میں غور کرتے۔ آیئے! ہم آپ کی خدمت میں یہ عبارتیں پیش کرتے ہیں تاکہ آپ کسی صحیح فیصلہ پر پہنچ سکیں۔ لسان العرب میں ہے: خَتَمَہٗ یَخْتِمُہٗ خَتْمًا وَّ خِتَامًا: طَبَعَہٗ فَھُوَ مَخْتُوْمٌ وَّ مُخَتَّمٌ شُدِّدَ لِلْمُبَالَغَۃِ(3)۔ یعنی ختم کا معنی مُہر لگانا ہے اور جس پر مہر لگا دی جائے اس کو مختوم اور مبالغہ کے طور پر مختّم کہتے ہیں۔

اس کے بعد لکھتے ہیں: وَ مَعْنٰی خَتَمَ وَ طَبَعَ فِی اللُّغَۃِ وَاحِدٌ وَ ھُوَ التَّغْطِیَۃُ عَلَی الشَّیْءِ وَالِاسْتِیْثَاقُ مِنْ اَنْ لَّا یَدْخُلَہٗ شَیْءٌ کَمَا قَالَ جَلَّ وَ عَلَا۔ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُھَا(4)۔ اس عبارت کا ترجمہ ذرا غور سے سنیے یعنی ختم اور طبع کا لغت میں ایک

1۔ لسان العرب، ج12، ص65-164 2۔ ایضاً، ص164 3۔ ایضاً، ص163 4۔ ایضاً

ہی معنی ہے اور وہ یہ کہ کسی چیز کو اس طرح ڈھانپ دینا اور مضبوطی سے بند کر دینا کہ اس میں باہر سے کسی چیز کے داخلہ کا امکان ہی نہ ہو۔

پہلے زمانہ میں خلفاء، امراء، سلاطین وغیرہ اپنے خطوط کو لکھنے کے بعد کسی کاغذ کے لفافہ اور کپڑے کی تھیلی میں رکھ کر سر بمہر کر دیتے کہ جو کچھ لکھا جا چکا، اب اس کو سر بمہر کر دیا گیا ہے تا کہ اس مُہر کی موجودگی میں اس میں کوئی ردّ و بدل نہ کر دے۔ اگر کوئی ردّ و بدل کرے گا، تو وہ پہلے مہر توڑے گا اور جب مہر توڑے گا تو پکڑا جائے گا۔ اس پر احکام سُلطانی میں تغیر و تبدل کرنے اور امانت میں خیانت کرنے کے سنگین الزامات میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ اس صورت میں خاتم النبیین کا مطلب یہ ہوگا کہ پہلے انبیاء کی آمد کا سلسلہ جاری تھا۔ حضور کی تشریف آوری کے بعد یہ سلسلہ بند ہو گیا اور اس پر مُہر لگا دی گئی تا کہ کوئی کذّاب، دجّال اس میں داخل نہ ہو سکے۔ اگر کوئی شخص زبردستی اس زُمرہ میں گھسنا چاہے گا تو پہلے مہر توڑے گا اور جب مہر توڑے گا تو پکڑا جائے گا اور اسے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونک دیا جائے گا۔

قرآنِ کریم کے الفاظ کا مفہوم سمجھنے میں عربی زبان کی لغات سے بھی بڑی مدد ملتی ہے۔ لیکن اس سلسلے میں بھی قولِ فیصل اور حرفِ آخر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیان کردہ تشریح ہوتی ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے ارشاد فرماتے ہیں۔

آیئے اب احادیثِ نبویہ کا بغور مطالعہ کریں اور یہ معلوم کرنے کی کوشش کریں کہ حضور خاتم الانبیاء ﷺ نے ''خاتم النبیّین'' کے کلمات کا کیا مفہوم بیان فرمایا ہے۔

خاتم النبیّین کے معنی کی وضاحت کے لیے بے شمار صحیح احادیث کتبِ حدیث میں موجود ہیں۔ سب کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں فقط چند احادیث یہاں تحریر کی جاتی ہیں جن کے دلوں میں ہدایت کی سچی طلب ہوگی مولا کریم اپنے حبیب رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے طفیل ہدایت کی راہیں ان کے لیے کھول دے گا اور اس کی توفیق ان کی دست گیری کرے گی۔

۱۔ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ اِنَّ مَثَلِیْ وَمَثَلَ الْاَنْبِیَاءِ مِنْ قَبْلِیْ کَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰی بُیُوْتًا فَاَحْسَنَهٗ وَاَجْمَلَهٗ اِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِّنْ زَاوِیَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ یَطُوْفُوْنَ بِهٖ وَیَعْجَبُوْنَ لَهٗ وَیَقُوْلُوْنَ هَلْ لَا وُضِعَتْ هٰذِهِ اللَّبِنَةُ فَاَنَا اللَّبِنَةُ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ۔ (بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبیین)(1)

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری اور مجھ سے پہلے گزرے ہوئے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے ایک عمارت بنائی اور خوب حسین و جمیل بنائی مگر ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹی ہوئی ہے۔ لوگ اس عمارت کے اردگرد پھرتے اور اس کی خوبصورتی پر حیران ہوتے مگر ساتھ ہی یہ بھی کہتے کہ اس جگہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی، تو وہ اینٹ میں ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔

اگر آپ اس ایک حدیث میں غور کریں گے تو بلاغتِ نبوی کے اعجاز کا آپ کو اعتراف کرنا پڑے گا۔ جب ایک عمارت مکمل ہو جاتی ہے اور اس میں کوئی خالی جگہ نہیں رہتی تو کوئی ماہر سے ماہر انجینئر بھی اس میں ایک اینٹ کا اضافہ نہیں کر سکتا۔ ہاں اس کی

1۔ صحیح بخاری، کتاب المناقب، باب فی خاتم النبوۃ، ج 1، ص 501

ایک ہی صورت ہے کہ پہلی اینٹوں میں سے کوئی اینٹ توڑ کر وہاں سے نکال لی جائے اور پھر اس خالی کرائی ہوئی جگہ پر کوئی نئی اینٹ لگا دی جائے۔ حضور کریم ﷺ کی تشریف آوری سے قصرِ نبوت مکمل ہو گیا۔ اب اس میں کسی اور نبی کی گنجائش نہیں۔ بجز اس کے کہ سابقہ انبیاء میں سے کسی نبی کو وہاں سے نکالا جائے اور مرزا غلام احمد کے لیے جگہ بنائی جائے۔ کیا کوئی عقلِ سلیم اس کو گوارا کرے گی؟ قصرِ نبوت کی اس توڑ پھوڑ کو کیا اللہ تعالیٰ کی غیرت برداشت کرے گی؟ ہرگز نہیں۔ یہ ایک حدیث ہی اتنی جامع اور معنیٰ خیز اور اتنی بصیرت افروز ہے کہ ختمِ نبوّت کے لیے مزید کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ اس حدیث کو امام بخاری کے علاوہ امام مسلم نے کتاب الفضائل باب خاتم النبیین میں اور امام ترمذی نے کتاب المناقب اور ابوداؤد طیالسی نے اپنی مسند میں مختلف اسناد سے نقل کیا ہے۔

۲۔ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ بِسِتٍّ اُعْطِیْتُ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَ اُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَ جُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّ طَهُوْرًا وَّ اُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّةً وَّ خُتِمَ بِیَ النَّبِیُّوْنَ۔ (مسلم۔ ترمذی۔ ابن ماجہ)(1)

رسول کریم ﷺ نے فرمایا مجھے چھ باتوں میں انبیاء پر فضیلت دی گئی۔ (۱) مجھے جوامع الکلم سے نوازا گیا۔ یعنی الفاظ مختصر اور معانی کا بحرِ بے پیدا کنار (۲) رعب کے ذریعے میری مدد فرمائی گئی (۳) میرے لیے غنیمت کا مال حلال کیا گیا۔ (۴) میرے لیے ساری زمین کو مسجد بنا دیا گیا اور اس سے تیمم کی اجازت دی گئی۔ (۵) مجھے تمام مخلوق کے لیے رسول بنایا گیا اور (۶) میری ذات سے انبیاء کا سلسلہ ختم کر دیا گیا۔

۳۔ حضرت انس ابن مالک سے مروی ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ۔ (2)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رسالت اور نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا اور میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی۔

سرورِ عالم ﷺ کی اس تصریح کے بعد جس کی کوئی تاویل ممکن نہیں کسی کا نبوت کا دعویٰ کرنا اور کسی کا اس باطل دعوے کو تسلیم کرنا سراسر کفر اور الحاد ہے۔

۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَبْعَثْ نَبِیًّا اِلَّا اَخَذَ رَاُمَّتَهُ الدَّجَّالَ وَ اَنَا اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ وَاَنْتُمْ آخِرُ الْاُمَمِ وَهُوَ خَارِجٌ فِیْکُمْ لَا مَحَالَةَ۔ (ابن ماجہ)(3)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا جس نے اپنی امت کو دجال کے خروج سے نہ ڈرایا ہو۔ اب میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو۔ وہ ضرور تمہارے اندر ہی نکلے گا۔

اس حدیث سے جس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا آخر الانبیاء ہونا ثابت ہو رہا ہے اسی طرح حضور ﷺ کی امت کا آخر الامم ہونا بھی ثابت ہو رہا ہے۔

۵۔ امام ترمذی نے کتاب المناقب میں یہ حدیث روایت کی ہے: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَکَانَ عُمَرُ بْنُ

1۔ جامع ترمذی، باب ما جاء فی الغنیمة، ج 1، ص 188۔ صحیح مسلم، کتاب المساجد و مواضع الصلوٰۃ، ج 1، ص 199
2۔ جامع ترمذی، ابواب الرؤیا، باب ذهبت النبوة، ج 2، ص 51
3۔ سنن ابن ماجہ، ابواب الفتن، باب فتنة الدجال و خروج عیسیٰ بن مریم، ص 307

الْخَطَّابِ۔(1)

اگر میرے بعد کسی کا نبی ہونا ممکن ہوتا تو عمر بن الخطاب نبی ہوتے۔

امام بخاری اور امام مسلم نے فضائل صحابہ کے عنوان کے نیچے یہ ارشاد نبوی نقل کیا:

۶۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِعَلِیٍّ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُّوْسٰی اِلَّا اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔(2)

رسول اللہ ﷺ نے (غزوۂ تبوک پر روانہ ہوتے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مدینہ طیبہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا۔آپ کچھ پریشان ہوئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے) فرمایا میرے ساتھ تمہاری وہی نسبت ہے جو موسیٰ کے ساتھ ہارون کی تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔آخر میں ایک اور حدیث سماعت فرمایئے اور اسی کے ذکر پر احادیث کی نقل کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔

۷۔عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ..... وَاَنَّهٗ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ کَذَّابُوْنَ ثَلَاثُوْنَ ۔ کُلُّهُمْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِیٌّ وَّاَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔(ابوداؤد۔کتاب الفتن)(3)

حضرت ثوبان سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ۔۔۔۔میری امت میں تیس کذّاب ہونگے جن میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: فَقَدْ اَخْبَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ کِتَابِهٖ وَ رَسُوْلُهٗ ﷺ فِی السُّنَّةِ الْمُتَوَاتِرَةِ عَنْهُ اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدَهٗ لِیَعْلَمُوْا اَنَّ کُلَّ مَنِ ادَّعٰی هٰذَا الْمَقَامَ بَعْدَهٗ فَهُوَ کَذَّابٌ اَفَّاکٌ دَجَّالٌ ضَالٌّ مُّضِلٌّ (4)۔یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور رسولِ کریم ﷺ نے سنتِ متواترہ میں بتایا ہے کہ حضور کے بعد کوئی نبی نہیں، تاکہ ساری دنیا جان لے کہ جو شخص بھی حضور کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ کذاب ہے، جھوٹا ہے، دجّال ہے، گمراہ ہے اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہے۔علامہ سید محمود آلوسی متوفی ۱۲۷۰ھ روح المعانی میں لکھتے ہیں:

وَکَوْنُهٗ ﷺ خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ مِمَّا نَطَقَ بِهِ الْکِتَابُ وَ صَرَّحَتْ بِهِ السُّنَّةُ وَ اَجْمَعَتْ عَلَیْهِ الْاُمَّةُ فَیَکْفُرُ مُدَّعِیْ خِلَافَهٗ وَ یُقْتَلُ اِنْ اَصَرَّ(5)۔یعنی حضور ﷺ کا خاتم النبیین ہونا ایسا عقیدہ ہے جس کی تصریح قرآن وسنت نے کی ہے۔جس پر امت کا اجماع ہے۔پس جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا، وہ کافر ہو جائے گا اور اگر اس نے توبہ نہ کی اور اس دعوی پر مصر رہا تو اس کو قتل کیا جائے گا۔

علامہ ابوحیان اندلسی متوفی ۷۴۵ھ اپنی تفسیر بحرِ محیط میں رقمطراز ہیں:

وَمَنْ ذَهَبَ اِلٰی اَنَّ النُّبُوَّةَ مُکْتَسَبَةٌ لَا تَنْقَطِعُ اَوْ اِلٰی اَنَّ الْوَلِیَّ اَفْضَلُ مِنَ النَّبِیِّ فَهُوَ زِنْدِیْقٌ یَجِبُ قَتْلُهٗ وَ قَدِ ادَّعٰی نَاسٌ النُّبُوَّةَ فَقَتَلَهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰی ذٰلِکَ وَ کَانَ فِیْ عَصْرِنَا شَخْصٌ مِّنَ الْفُقَرَاءِ ادَّعَی النُّبُوَّةَ بِمَدِیْنَةِ مَالِقَةٍ فَقَتَلَهُ السُّلْطَانُ بْنُ الْاَحْمَرِ مَلِکُ الْاَنْدَلُسِ بِغَرْنَاطَةَ وَ صُلِبَ حَتّٰی تَنَاثَرَ لَحْمُهٗ (6)۔یعنی جس شخص کا یہ نظریہ ہو کہ نبوت کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا اور

1۔جامع ترمذی، ابواب المناقب، مناقب ابی حفص عمر بن الخطاب، ج2، ص209

2۔صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، ج2، ص278۔الصحیح البخاری، کتاب المناقب من فضائل علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ، ج1، ص526

3۔سنن ابوداؤد، کتاب الفتن، ج2، ص228۔مسند امام احمد، ج5، ص278

4۔تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص494

5۔روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج22، ص41

6۔بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج7، ص37-236

اسے اب بھی حاصل کیا جا سکتا ہے یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ ولی نبی سے افضل ہوتا ہے وہ زندیق ہے اور واجب القتل ہے۔ آج تک جن لوگوں نے نبوت کا دعوی کیا، مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا۔ ہمارے زمانہ میں بھی فقراء میں سے ایک شخص نے شہر مالقہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تو اندلس کے بادشاہ نے غرناطہ میں اس کا سر قلم کر دیا اور اس کی لاش کو سولی چڑھا دیا، وہ اسی حالت میں لٹکا رہا یہاں تک کہ اس کا گوشت گل کر گر پڑا۔ ان مذکورہ بالا اقتباسات سے امت کا ختمِ نبوت کے عقیدہ پر اجماع ثابت ہو گیا اور ہر زمانے کے علماء نے مدعیٔ نبوت کو گردن زدنی قرار دیا۔ آخر میں ہم ختمِ نبوت پر عقلی دلیل پیش کرتے ہیں۔

ختمِ نبوت کے عقلی دلائل (قدرت کے کام حکمت سے خالی نہیں ہوتے)

جب حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت جملہ اقوامِ عالم کے لیے اور قیامت تک کے لیے ہے، جب حضور پر نازل شُدہ کتاب بغیر کسی ادنیٰ تحریف کے جوں کی توں ہمارے پاس موجود ہے، جب سرورِ عالم ﷺ کی سنتِ مبارکہ اپنی ساری تفصیلات کے ساتھ اس کتاب کی تشریح و توضیح کر رہی ہے، جب کہ شریعتِ اسلامیہ روزِ اوّل کی طرح آج بھی انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں ہماری راہنمائی کر رہی ہے، جب قرآنِ کریم کی یہ آیت مبارکہ آج بھی اعلان کر رہی ہے: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا (المائدہ:3) تو پھر کسی اور نبی کی بعثت کا کیا فائدہ ہے؟ اور اس سے کس مقصد کی تکمیل مطلوب ہے؟ آفتابِ محمدی طلوع ہو چکا۔ عالم کا گوشہ گوشہ اس کی کرنوں سے روشن ہو رہا ہے۔ تو پھر دن کے اجالے میں کسی چراغ کو روشن کرنا قطعاً قرینِ دانشمندی نہیں ہے۔

مزید غور فرمایئے! نبی کی آمد کوئی معمولی واقعہ نہیں ہوتا کہ نبی آیا، جس نے چاہا مان لیا اور جس نے چاہا انکار کر دیا اور بات ختم ہو گئی۔ بلکہ نبی کی بعثت کے بعد کفر اور اسلام کی کسوٹی نبی کی ذات بن کر رہ جاتی ہے۔ کوئی کتنا نیک، پاکباز، پارسا اور عالم باعمل ہو، اگر وہ کسی سچے نبی کی نبوت کو تسلیم نہیں کرے گا تو اس کا نام مسلمانوں کی فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔ اور کفار و منکرین کے زمرہ میں اس کا نام درج کر دیا جائے گا اور یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں۔

اب ذرا عملی دنیا میں مرزا صاحب کی آمد کا جائزہ لیجیے:

مسلمانوں کی تعداد کم سے کم اعداد و شمار کے مطابق پچاس کروڑ سے زائد ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔ قرآن کریم کو خدا کا کلام یقین کرتے ہیں۔ تمام انبیاء جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے، ان کی نبوت اور صداقت کا اقرار کرتے ہیں۔ قیامت کی آمد کے قائل ہیں۔ عملی طور پر غافل و کاہل سہی، لیکن احکامِ خداوندی اور ارشاداتِ نبوی کے برحق ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ضروریاتِ دین میں سے ہر چیز پر ان کا ایمان ہے۔ اور اس امت میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں ایسے بندگانِ خدا بھی ہر زمانہ میں موجود رہے ہیں جو شریعت پر پوری طرح کاربند، عبادات کے سختی سے پابند رہے ہیں ان کے اخلاص وللّٰہیت پر فرشتے رشک کرتے ہیں اور ان کے کارہائے نمایاں پر خود ان کے خالق کو ناز ہے۔

اسی پاک امت میں آ کر مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ ان کی آمد سے پہلے تو یہ سارے کے سارے مسلمان تھے۔ چلو بعض میں عملی کوتاہیاں ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن کم از کم نعمتِ ایمان سے تو وہ بہرہ ور تھے۔ اب حقیقتِ حال یہ ہے کہ

پچاس سالہ کوششوں کے باوجود چند لاکھ کی نفری نے مرزا جی کو نبی مانا اور باقی پچاس کروڑ نے ان کو دجّال اور کذّاب قرار دیا۔ نبی کو ماننا اسلام ہے اور انکار کفر ہے مرزا صاحب نے اپنا سبز قدم جب دنیائے اسلام میں رکھا تو یہ بہار آئی کہ سارے کے سارے مرتد قرار پائے اور اسلام سے محروم ہو کر کُفر میں مبتلا ہو گئے۔ صرف گنتی کے چند آدمی مسلمان باقی رہے۔ ان میں بھی غالب اکثریت بلیک مارکیٹ کرنے والوں، رشوت لینے والوں، اقربا نوازی اور مرزائیت پروری کی قربان گاہ پر لاکھوں حقداروں کے حقوق بھینٹ چڑھانے والوں کی ہے۔ ان میں اکثر بے نماز، ڈاڑھی منڈے اور آوارہ مزاج لوگ ہیں۔ ہر قسم کی رذیل حرکتیں کرنے والوں کا ایک لشکرِ جرار ٹھاٹھیں مارتا ہوا آپ کو نظر آئے گا۔ آپ خود فیصلہ کریں کہ دنیائے اسلام کے لیے عملی طور پر مرزا صاحب کی آمد برکت کا باعث بنی یا نحوست کا؟

اللہ تعالیٰ کی حکمت اس کو پسند نہیں کرتی کہ مرزا صاحب کو سچا نبی بنا کر بھیجا جائے تا کہ اسلام کے سارے ہرے بھرے پیڑ اپنے خنک سائیوں، میٹھے پھلوں، رنگین اور مہکتے ہوئے پھولوں سمیت اُکھاڑ کر پھینک دیئے جائیں اور چند خاردار جھاڑیوں کے جھرمٹ پر ''گلشنِ اسلام'' کا بورڈ آویزاں کر دیا جائے۔ متقیوں، پرہیزگاروں، عالموں اور عاشقوں کی امت پر کفر کا فتویٰ لگا دیا جائے اور چند زاغ صفت طالع آزما افراد کو مسلمان ہونے کا سرٹیفکیٹ دے دیا جائے۔

مرزا صاحب کے امتی بڑی ڈینگیں مارتے ہیں کہ ہم دنیا کے گوشے گوشے میں اسلام پہنچا رہے ہیں۔ ہماری کوششوں سے یورپ میں اتنی مسجدیں تعمیر ہوئیں۔ اتنے لوگوں کو ہم نے کلمہ پڑھایا۔

گزارش ہے تم تو مرزا صاحب کو اس لیے نبی کہتے ہو کہ اُنہوں نے چند کافروں کو کلمہ پڑھایا۔ ہم اولیائے کرام کے زمرہ سے آپ کو ایسے ایسے مبلغ دکھاتے ہیں جنہوں نے ہزاروں لاکھوں کفار کو کفر کی ظلمتوں سے نکال کر ہدایت کی شاہراہ پر گامزن کر دیا۔ خواجۂ خواجگان سلطان الہند معین الحق والدین اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لاکھوں مشرکوں کے زُنار توڑے اور ان کی پیشانیوں کو بارگاہِ رب العزت میں شرفِ سجود بخشا۔ داتا گنج بخش ہجویری نے اس کفرستان میں راوی کے کنارے پر توحید کا جو پرچم گاڑا تھا، وہ آج بھی لہرا رہا ہے اور لاکھوں خفتہ بختوں کو خوابِ غفلت سے جگا رہا ہے۔ مشائخِ چشت اور دیگر اولیائے کرام نے اسلام کی جو تبلیغ کی اور جو فرشتہ صفت مرید بنائے ان کے مقابلہ میں ساری امتِ مرزائیہ کی تبلیغی کوششوں کی نسبت سمندر اور قطرہ کی بھی نہیں۔ ان کارہائے نمایاں کے باوجود ان حضرات نے نہ نبوت کا دعویٰ کیا، نہ مہدیت کا، نہ مسیحیت کا، نہ ظلّی کا، نہ بروزی کا، بلکہ اپنے آپ کو غلامانِ مصطفےٰ ہی کہا اور اسی کو اپنے لیے باعثِ صد افتخار اور موجب سعادتِ دارین سمجھا۔

مرزا قادیانی کو اپنی نبوت تک پہنچنے کے لیے بڑا دور کا چکر کاٹنا پڑا۔ آخر کار آپ کی کمندِ فکر یہاں آ کر رکی کہ یہ تو احادیث سے ثابت ہے کہ عیسیٰ بن مریم آئیں گے، میں کیوں نہ اپنے آپ کو مسیحِ موعود کہنا شروع کر دوں تا کہ مجھے لوگ مسیح مان لیں۔ لیکن اس میں مشکل یہ پیش آئی کہ حضرت مسیح تو زندہ ہیں، ان کی زندگی میں میں مسیح کیسے بن سکتا ہوں؟ خیال آیا کہ پہلے مسیح کو مردہ ثابت کرو۔ جب وہ مردہ قرار پا گئے تو پھر میرے لیے میدان صاف ہو جائے گا۔ چنانچہ انہوں نے اپنا سارا زور وفاتِ مسیح علیہ السلام ثابت کرنے پر لگا دیا۔

بیشک رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت سے قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نزول فرمائیں گے۔

جن احادیث میں نزولِ مسیح کے متعلق تشریح کی گئی ہے، وہ اس کثرت سے مروی ہیں کہ معنوی طور پر وہ درجۂ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ آیئے آپ بھی ان احادیث کی جھلک ملاحظہ کیجیے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ نبی برحق نے کوئی مبہم پیش گوئی نہیں کی۔ کسی ایسے مسیح کی آمد کی اطلاع نہیں دی جس کی پہچان نہ ہو سکے اور جس شاطر کا جی چاہے وہ آنے والا مسیح بن بیٹھے، بلکہ نبی کریم نے اپنی امت کو اس کا نام بتایا، اس کی والدہ کا نام بتایا، اس کے لقب سے خبردار کیا، اس وقت اور مقام کی نشاندہی کی جس وقت اور جس مقام پر وہ نزول فرمائے گا۔ جو کارہائے نمایاں وہ انجام دے گا، اس کی تفصیل بیان فرمادی اور اس کے مدفن کا بھی تعین فرما دیا اور اس کا حلیہ بھی بیان کر دیا۔ اب اگر وہ احادیث صحیح ہیں جن میں حضرت عیسیٰ کی آمد کی خبر دی گئی ہے، تو ان تفصیلات کو بھی من وعن صحیح اور سچ تسلیم کرنا پڑے گا جو ان کے متعلق بتائی گئی ہیں اور اگر کوئی شخص ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کر دے گا تو پھر اسے ان تمام احادیث کو بھی ساقط الاعتبار قرار دینا پڑے گا جن میں ان کی آمد کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ تحقیق اور انصاف کا یہ کیسا معیار ہے کہ ایک روایت کی مفید مطلب آدھی بات تو مان لی اور اسی روایت کی دیگر تفصیلات کو نظر انداز کر دیا۔

ان کثیر التعداد احادیث میں سے چند احادیث جن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کا ذکر ہے۔

پہلی حدیث جسے امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے اپنی کتب حدیث میں روایت کیا ہے:

۱۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَیُوْشِكَنَّ اَنْ یَّنْزِلَ فِیْكُمُ ابْنُ مَرْیَمَ حَكَمًا عَدْلًا فَیَكْسِرُ الصَّلِیْبَ وَ یَقْتُلُ الْخِنْزِیْرَ وَ یَضَعُ الْحَرْبَ وَ یُفِیْضُ الْمَالَ حَتّٰی لَا یَقْبَلَهٗ اَحَدٌ حَتّٰی تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَیْرًا مِّنَ الدُّنْیَا وَ مَا فِیْهَا۔ (بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب نزول عیسیٰ بن مریم - مسلم، باب بیان نزول عیسیٰ۔ ترمذی، ابواب الفتن باب فی نزول عیسیٰ۔ مسند احمد مرویات ابی ہریرۃ)(1)

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اُس خدا کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے، ضرور اتریں گے تمہارے درمیان ابنِ مریم عادل حاکم کی حیثیت سے۔ پھر وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے اور خنزیر کو مار ڈالیں گے اور جنگ کا خاتمہ کر دیں گے اور مال کی اتنی فراوانی ہوگی کہ اسے کوئی لینے والا نہ ہوگا اور (دینداری کا یہ عالم ہوگا) کہ اپنے پروردگار کی جناب میں ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔

۲۔ امام بخاری نے کتاب المظالم، باب کسر الصلیب میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَنْزِلَ فِیْكُمُ ابْنُ مَرْیَمَ۔(2)

اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی جب تک عیسیٰ بن مریم کا نزول نہ ہو۔

۳۔ مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت ابو ہریرہ سے منقول ہے:

فَبَیْنَمَا هُمْ یَعُدُّوْنَ لِلْقِتَالِ یُسَوُّوْنَ الصُّفُوْفَ اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلٰوةُ فَیَنْزِلُ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ فَاَمَّهُمْ فَاِذَا رَاٰهُ عَدُوُّ اللّٰهِ ذَابَ كَمَا یَذُوْبُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ فَلَوْ تَرَكَهُ لَانْذَابَ حَتّٰی یَهْلِكَ وَلٰكِنْ یَّقْتُلُهُ اللّٰهُ بِیَدِهٖ فَیُرِیْهِمْ دَمَهٗ فِیْ حَرْبَتِهٖ۔(3)

1۔ صحیح بخاری، کتاب الانبیاء، باب نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام، ج 1، ص 490
2۔ صحیح بخاری، کتاب المظالم، باب کسر الصلیب و قتل الخنزیر، ج 1، ص 336
3۔ مشکوٰۃ المصابیح، باب الملاحم، ص 466

حضور علیہ السلام نے خروج دجال کے ذکر کے بعد فرمایا۔ اس اثنا میں کہ مسلمان اُس سے لڑنے کی تیاری کر رہے ہوں گے صفیں درست کر رہے ہوں گے اور نماز کے لیے اقامت کہی جا چکی ہوگی کہ حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے اور مسلمانوں کی امامت کرائیں گے اور دشمنِ خدا دجال ان کو دیکھے گا تو پگھلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے اگر آپ اس کو اپنی حالت پر ہی چھوڑ دیں، تو وہ از خود پگھل کر مر جائے، مگر اللہ تعالیٰ اس کو ان کے ہاتھ سے قتل کرائے گا اور آپ اپنے نیزے میں اس کا خون لگا ہوا لوگوں کو دکھائیں گے۔

۴۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَیْسَ بَیْنِیْ وَ بَیْنَهٗ نَبِیٌّ (یَعْنِی عِیْسٰی) وَ اِنَّهٗ نَازِلٌ فَاِذَا رَاَیْتُمُوْهُ فَاعْرِفُوْهُ رَجُلًا مَرْبُوْعًا اِلَی الْحُمْرَةِ وَالْبَیَاضِ بَیْنَ مُمَصَّرَتَیْنِ كَاَنَّ رَاْسَهٗ یَقْطُرُ وَاِنْ لَّمْ یُصِبْهُ بَلَلٌ فَیُقَاتِلُ النَّاسَ عَلَی الْاِسْلَامِ فَیَدُقُّ الصَّلِیْبَ وَیَقْتُلُ الْخِنْزِیْرَ وَیَضَعُ الْجِزْیَةَ وَیُهْلِكُ اللّٰهُ فِیْ زَمَانِهِ الْمِلَلَ كُلَّهَا اِلَّا الْاِسْلَامَ وَیُهْلِكُ الْمَسِیْحُ الدَّجَّالَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ثُمَّ یُتَوَفّٰی فَیُصَلِّیْ عَلَیْهِ الْمُسْلِمُوْنَ۔ (ابو داؤد، کتاب الملاحم، باب خروج الدجال، مسند احمد مرویاتِ ابی ھریرۃ)(1)

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے اور ان (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اور یہ کہ وہ اترنے والے ہیں۔ پس جب تم ان کو دیکھو تو پہچان لینا۔ ان کا قد درمیانہ، ان کی رنگت سرخ و سپید، دو زرد رنگ کے کپڑے پہنے ہوں گے، ان کے سر کے بال ایسے ہوں گے گویا اب ان سے پانی ٹپکنے والا ہے حالانکہ وہ بھیگے ہوئے نہ ہوں گے، وہ اسلام پر لوگوں سے جنگ کریں گے، صلیب کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں گے، خنزیر کو مار ڈالیں گے، جزیہ ختم کر دیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے زمانہ میں اسلام کے بغیر تمام ملتوں کو ختم کر دے گا اور وہ (مسیح) دجال کو قتل کر دیں گے اور وہ زمین میں چالیس سال قیام فرمائیں گے۔ پھر وہ وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔

۵۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ ..... فَیَنْزِلُ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ ﷺ فَیَقُوْلُ اَمِیْرُهُمْ تَعَالَ صَلِّ لَنَا فَیَقُوْلُ لَا اِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰی بَعْضٍ اُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْاُمَّةَ۔ (مسلم، بیان نزول عیسی علیہ السلام بن مریم۔ مسند احمد، مرویاتِ جابر بن عبد اللہ)(2)

حضرت جابر بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا: ''عیسیٰ بن مریم ﷺ اتریں گے۔ مسلمانوں کا امیر ان سے عرض کرے گا کہ حضور تشریف لائیے اور امامت فرمائیے۔ تو آپ فرمائیں گے نہیں تم میں سے بعض دوسروں کے امیر ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس امت کی تکریم کے طور پر ہے۔''

۶۔ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سُمْعَانَ (فِیْ قِصَّةِ الدَّجَّالِ) فَبَیْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ بَعَثَ اللّٰهُ مَسِیْحَ بْنَ مَرْیَمَ فَیَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَیْضَاءِ شَرْقِیَّ دِمَشْقَ بَیْنَ مَهْرُوْدَتَیْنِ وَاضِعًا كَفَّیْهِ عَلٰی اَجْنِحَةِ مَلَكَیْنِ اِذَا طَاْطَاَ رَاْسَهٗ قَطَرَ وَاِذَا رَفَعَهٗ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ كَاللُّؤْلُؤِ فَلَا یَحِلُّ لِكَافِرٍ یَّجِدُ رِیْحَ نَفَسِهٖ اِلَّا مَاتَ وَ نَفَسُهٗ یَنْتَهِیْ اِلٰی حَیْثُ یَنْتَهِیْ طَرْفُهٗ فَیَطْلُبُهٗ حَتّٰی یُدْرِكَهٗ بِبَابِ

1۔ سنن ابوداؤد، کتاب الملاحم، باب خروج الدجال، ج2، ص238 2۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب نزول عیسیٰ بن مریم، ج1، ص87

شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۴۰﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا ﴿۴۱﴾ وَّ

خوب جاننے والا ہے ﴿۴۰﴾ اے ایمان والو! یاد کیا کرو اللہ تعالیٰ کو کثرت سے ﴿۴۱﴾ اور

لُدِّ فَیَقْتُلُهٗ (مسلم، ذکر الدجال۔ ابو داؤد، کتاب الملاحم۔ ترمذی، ابواب الفتن)(1)

حضرت نواس بن سمعان نے دجال کا قصہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ اس اثنا میں اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم کو بھیج دے گا اور وہ دمشق کے مشرقی حصہ میں سفید مینار کے پاس زرد رنگ کے دو کپڑے پہنے ہوئے، دو فرشتوں کے پروں پر اپنے ہاتھ رکھے ہوئے اتریں گے۔ جب وہ سر جھکائیں گے تو یوں محسوس ہوگا کہ قطرے ٹپک رہے ہیں اور جب سر اٹھائیں گے تو موتیوں کی طرح قطرے ڈھلکتے نظر آئیں گے۔ ان کے سانس کی ہوا جس کافر تک پہنچے گی، اور وہ ان کی حدِ نظر تک جائے گی، وہ زندہ نہ بچے گا۔ پھر ابنِ مریم دجال کا پیچھا کریں گے اور لدّ کے دروازے پر اسے جا پکڑیں گے اور قتل کر دیں گے۔

آخر میں ایک اور حدیث سماعت فرمایئے:

عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ عَصَابَتَانِ مِنْ اُمَّتِیْ اَحْرَزَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰی مِنَ النَّارِ عَصَابَةٌ تَغْزُو الْهِنْدَ وَعَصَابَةٌ تَكُوْنُ مَعَ عِیْسَی بْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ۔ (نسائی، کتاب الجهاد۔ مسند احمد، مرویاتِ ثوبان)(2)

حضور نبی کریم ﷺ کے غلام ثوبان سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا: میری امت کے دو لشکر ایسے ہیں جن کو اللہ نے دوزخ کی آگ سے بچا لیا۔ ایک وہ لشکر جو ہندوستان پر حملہ کرے گا، دوسرا وہ جو عیسیٰ بن مریم کے ساتھ ہوگا۔

آپ نے ان احادیث کا مطالعہ فرما لیا۔ ان میں مسیح موعود کا حُلیہ، نام، والدہ کا نام، مقام اور وقتِ نزول، آپ کے کارہائے نمایاں سب کے سب مذکور ہیں۔ خدا کی شان ملاحظہ ہو کہ یہ شخص جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، اس کا نام بھی عیسیٰ نہیں، حالانکہ ہزاروں مسلمان اس نام کے موجود ہیں۔ اس کی والدہ کا نام بھی مریم نہیں، حالانکہ ہزاروں مسلمان عورتیں اس نام کی اب بھی ہیں اور خود قادیان میں اس نام کی کئی لڑکیاں ہوں گی۔ صلیب کو توڑنا، خنزیر کو قتل کر کے عیسائیت کو نیست و نابود کرنا تو کُجا، میاں جی ساری عمر عیسائی حکومت کے جھولی چُک بنے رہے اور اس کی خیرات پر پلتے رہے اور اس کی اسلام کُش سرگرمیوں پر تعریف و توصیف کے قصیدے لکھتے رہے۔ ساری دنیا کو دارالاسلام بنا کر جزیہ ختم کرنا تو بڑی دور کی بات، خدائے مصطفیٰ نے یہ بھی پسند نہ فرمایا کہ قادیان کا خطہ پاکستان کا حصہ بنے۔ اب بھی جو لوگ انہیں مسیح موعود مانتے ہیں، انکی نادانی قابلِ صد افسوس ہے۔

﴿۴۱﴾ اللہ تعالیٰ جس نے اپنے محبوب کو اپنا رسول بنایا اور پھر اس کی ذاتِ پاک پر نبوت کا سلسلہ ختم کر دیا وہ ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے۔ دنیا کے حالات ہزاروں پلٹے کھائیں، معاشی اور سیاسی میدانوں میں کتنے ہی انقلاب کیوں نہ برپا ہوں، ہر قوم کے لیے ہر زمانہ میں فلاحِ دارین کا راستہ دکھانے کے لیے اب کسی دوسرے نبی کی ضرورت نہیں۔ یوں نہیں ہے کہ سلسلۂ نبوت بند کرنے کا فیصلہ کسی ایسی ہستی نے کیا ہو جو آنے والے حالات سے بے خبر ہے، مختلف قوموں اور ملکوں کی ضرورتوں سے ناواقف ہے بلکہ یہ

1۔ صحیح مسلم، کتاب الفتن، باب ذکر الدجال، ج2، ص401 2۔ سنن نسائی، کتاب الجہاد، باب غزوۃ الہند، ج6، ص43۔ مسند امام احمد، ج5، ص278

سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ مَلٰٓئِكَتُهٗ

اس کی پاکی بیان کیا کرو صبح و شام اللہ وہ ہے جو رحمت نازل کرتا ہے تم پر اور اسکے فرشتے بھی[۷۵] تم پر نزول رحمت کی

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ كَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾

دُعا کرتے ہیں، تاکہ وہ نکال کر لے جائے تمہیں (طرح طرح کے) اندھیروں سے نُور کی طرف[۷۷] اور وہ مومنوں پر ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَ اَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰٓاَيُّهَا

انہیں یہ دُعا دی جائے گی جس روز وہ اپنے رب کریم سے ملیں گے، ہمیشہ سلامت رہو[۷۸] اور اس نے تیار کر رکھا ہے ان کیلئے عزت والا

فیصلہ اس ذاتِ والاصفات کا ہے جو کائنات کی ہر چیز سے واقف ہے اور ان تمام امور سے بھی باخبر ہے جن پر عالمِ انسانیت کی فلاح وبقا کا انحصار ہے۔ اس لیے اس کے فیصلے اٹل ہیں، وہ منسوخ نہیں ہوسکتے۔ ان میں کسی ترمیم کی قطعاً گنجائش نہیں۔

۷۵ جس رب کریم نے تمہیں اپنے محبوب کی امت بننے کا شرف بخشا ہے اس کی اس نعمتِ عظمیٰ پر شکر ادا کرنے کے لیے کثرت سے اس کا ذکر کرو۔ تمہارے دن کا آغاز بھی اور اس کی انتہا بھی اس کی پاکی بیان کرنے میں ہو۔

۷۶ اپنے بندے پر اللہ تعالیٰ کے صلوٰۃ بھیجنے کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں۔ (۱) اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کے سامنے اپنے مقبول بندے کی تعریف فرماتا ہے۔ (۲) اس پر اپنی رحمت نازل فرماتا ہے۔ اور فرشتوں کے صلوٰۃ بھیجنے کا یہ مفہوم ہے کہ وہ اس کے لیے مغفرت اور بخشش کی التجائیں کرتے ہیں۔ چنانچہ امام بخاری سے مروی ہے: وَالصَّلٰوةُ مِنَ اللهِ تَعَالٰى عَلَى الْعَبْدِ ثَنَاءُهٗ عَلَى الْعَبْدِ عِنْدَ الْمَلَائِكَةِ، حَكَاهُ الْبُخَارِيُّ ۔ وَقَالَ غَيْرُهٗ الصَّلٰوةُ مِنَ اللهِ عَزَّوَجَلَّ الرَّحْمَةُ وَاَمَّا الصَّلٰوةُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فَبِمَعْنَى الدُّعَاءِ لِلنَّاسِ وَالْاِسْتِغْفَارِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَ مَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔(1)

۷۷ اعتقاد کی کسی خرابی، عمل کی کسی کوتاہی یا غفلت اور سُستی کے باعث وہ جس قسم کے اندھیروں میں بھٹک رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں یہاں سے نکال کر ہدایت کی روشنی اور اجالے میں لے آتا ہے۔ یا حالت قبض کی وجہ سے ان کے سلوک میں اور کیفیات میں جو جمود اور کمی واقع ہوتی ہے، اس سے نکال کر بسط کی کیفیت سے دوچار کر دیتا ہے۔ اس کی رحمت کا بادل اپنے بندوں پر ہمیشہ برستا ہی رہتا ہے۔

۷۸ اس جملہ کا ایک مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب اہلِ ایمان بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوں گے اور شرفِ دیدار نصیب ہوگا، تو ایک دوسرے کو السلام علیکم کے دلنواز کلمات سے امن وسلامتی کی نوید دیں گے۔ دوسرا مطلب یہ بتایا گیا ہے کہ جب نورِ خداوندی بے نقاب ہوگا، چشمِ شوق اور دلِ حسرت مند لذتِ دید سے لطف اندوز ہوں گے، تو محبوبِ حقیقی کی طرف سے دعا دی جائے گی۔ ''سَلٰمٌ'' یعنی سلامت رہو۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص96-495

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى

اجر۔ اے نبی (مکرّم!) ہم نے بھیجا ہے آپ کو (سب سچائیوں کا) گواہ بنا کر ۷۹ اور خوشخبری سنانے والا ۸۰ اور بروقت ڈرانے والا۔ اور دعوت دینے

حسن مے گفت کہ شامے نہ پذیرد سحرم عشق مے گفت تب و تابِ دوامے دارم (1)

کون کہتا ہے حسن کو عشق عزیز نہیں یا محبوب کو اپنے عاشقِ دلفگار کی پروا نہیں؟ یہاں جمالِ مطلق اور حسنِ کامل دعائیں دے رہا ہے کہ اے عشق کی بے چینیو! اور بے تابیو! تم سلامت رہو! اے چشمِ شوق تو سدا بینا رہے! اے دلِ دردمند تیرے ارمانوں کی خیر! تیری حسرتوں کی خیر!

عشق کو یہ پذیرائی حاصل تو ہوتی ہے لیکن امتحانوں کے کئی مرحلے ذوق و یقین سے طے کرنے کے بعد۔ بلکہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ حسنِ بے نقاب کی برملا دعائیں تو اسی وقت سامع نواز ہوتی ہیں لیکن جب کوئی نیاز مند درد و سوز سے بے چین ہو کر سوئے منزل چل پڑتا ہے تو اسی وقت سے حسن کی نوازشیں شروع ہو جاتی ہیں۔ اسے بڑا خیال رہتا ہے کہ عاشقِ زار دلِ شکستہ نہ ہو جائے۔ بظاہر تغافل ہوتا ہے، حقیقت میں اس تغافل میں بھی توجہ کی کشش صاف معلوم ہوتی ہے جو مایوس نہیں ہونے دیتی۔ ہر لحہ قدم قدم پر راہ نوردِ عشق کی خبر گیری کی جاتی ہے کہ کوئی راہ زن اس کی متاعِ شوق کو لوٹ نہ لے۔ یہ نوازشیں ہوتی ہیں تب ہی کوئی مسکینِ بے نوا ہجر کی طویل راتوں کو کاٹتا ہوا جدائی کے عریض صحراؤں کو طے کرتا ہوا سرِ نیاز قدمِ یار پر رکھنے کے قابل ہوتا ہے۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾ (العنکبوت:69) میں اسی طرف اشارہ ہے۔

سچ تو یہ ہے کہ عشق بھی حسن کا فیض ہے۔ عشق کی بے تابیاں بھی حسن کی عطا ہیں۔ عاشق کے صبر و استقامت میں بھی اس کی دستگیری اور اس کی کرم فرمائی شامل ہوتی ہے۔ حریمِ ناز کے دروازے عشق نہیں کھولتا اور نہ کھول سکتا ہے بلکہ حسن کی دلنوازیاں آگے بڑھ کر اپنے آبلہ پا مہمانوں کا استقبال کرتی ہیں اور خود ہی از راہِ بندہ پروری اپنے رخ سے نقاب الٹ دیتی ہیں۔ تب ہی وہ گھڑی آتی ہے جب کوئی خسرویوں زمزمہ سنج ہوتا ہے۔

نخفت خسروِ مسکیں ازیں ہوس شبہا کہ بوسہ بر کفِ پائت نہد بخواب رود

۷۹ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ کریم ﷺ کو بڑے محبت بھرے انداز سے خطاب فرماتا ہے، اور اس کے بعد ان جلیل القدر خطابات کا ذکر کرتا ہے جن سے اس نے اپنے محبوب کو سرفراز فرمایا۔ ان کے ذکر سے اگر ایک طرف اپنے پیارے رسول کی عزت افزائی مقصود ہے تو دوسری طرف مسلمانوں کو بھی حوصلہ دیا جا رہا ہے کہ تم ان طوفانوں سے نہ گھبراؤ۔ ان تند و تیز لہروں سے پریشان ہونے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ یہ منہ کھولے ہوئے گرداب تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اس ملت کا سفینہ ہم نے کسی ایسے ملاح کے سپرد نہیں کیا جو کم ہمت، دوں حوصلہ، نااہل اور ناتجربہ کار ہو۔ بلکہ اس کشتی کا ناخدا وہ نبیٔ برحق ہے جس کو ہم نے ان صفاتِ جلیلہ سے متصف کیا ہے۔ تم صبر و استقامت سے اس کا دامنِ اطاعت مضبوطی سے پکڑے رہو۔ یقیناً تمہیں ساحلِ مراد تک رسائی نصیب ہوگی۔ ساتھ ہی دشمنانِ اسلام کی ان ناپاک آرزوؤں کو بھی خاک میں ملا دیا جو اپنی سازشوں اور حیلہ سازیوں

1۔ کلیات اقبال فارسی، ص 334، پیام مشرق، ص 164

سے حق کی اس شمعِ فروزاں کو بجھانا چاہتے تھے۔

ارشاد فرمایا: اے میرے نبی! ہم نے تجھے شاہد بنایا ہے۔ شاہد کا معنی گواہ ہے اور گواہ کے لیے ضروری ہے کہ جس واقعہ کی وہ گواہی دے رہا ہے وہ وہاں موجود بھی ہو اور اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھے بھی۔ چنانچہ علامہ راغب اصفہانی نے مفردات میں لکھا ہے:

اَلشَّهَادَةُ وَ الشُّهُوْدُ الْحُضُوْرُ مَعَ الْمُشَاهَدَةِ اِمَّا بِالْبَصَرِ اَوِ الْبَصِيْرَةِ(1)۔ یعنی شہادت وہ ہوتی ہے کہ انسان وہاں موجود بھی ہو اور وہ اسے دیکھے بھی، خواہ آنکھوں کی بینائی سے یا بصیرت کے نور سے۔ یہاں ایک چیز غور طلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ تو فرمایا کہ ہم نے تجھے شاہد بنایا لیکن جس چیز پر شاہد بنایا، اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک چیز ذکر کر دی جاتی تو شہادتِ نبوت وہاں محصور ہو کر رہ جاتی۔ یہاں اس شہادت کو کسی ایک امر پر محصور کرنا مقصود نہیں بلکہ اس کی وسعت کا اظہار مطلوب ہے۔ یعنی حضور گواہ ہیں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی تمام صفاتِ کمالیہ پر۔ کیونکہ جب ایسی باکمال ہستی اور ہمہ صفت موصوف ہستی یہ گواہی دے رہی ہو کہ لا الٰہ الا اللہ، تو کسی کو اس دعوت کے حق ہونے میں شک نہیں رہتا۔ دولت، حکومت، شخصی وجاہت، علم اور فضل و کمال یہ ایسے حجابات ہیں جن میں لوگ کھو جاتے ہیں اور اپنے خالقِ کریم کی ہستی سے غافل ہو جاتے ہیں۔ حضور کی اس شہادت سے وہ سارے حجاب تار تار ہو گئے اور اس جلیل المرتبت نبی کی شہادت توحید کے بعد کوئی سلیم الطبع آدمی اس کو تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرے گا۔ نیز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام، اس کے عقائد، اس کے نظامِ عبادات و اخلاق اور اس کے سارے قوانین کی حقانیت کے بھی گواہ ہیں۔ اسی کے اتباع میں فلاحِ دارین کا راز مضمر ہے۔ اسی آئین کے نفاذ سے اس گلشنِ ہستی میں بہارِ جاوداں آسکتی ہے اور جب قیامت کے روز سابقہ اُمتیں اپنے انبیاء کی دعوت کا انکار کر دیں گی کہ نہ ان کے پاس کوئی نبی آیا اور نہ کسی نے ان کو دعوتِ توحید دی اور نہ کسی نے انہیں گناہوں سے روکا۔ اس وقت بھرے مجمع میں اللہ تعالیٰ کا یہ رسول انبیاء کی صداقت کی گواہی دے گا کہ الٰہ العالمین! تیرے نبیوں نے تیرے احکام پہنچائے اور تیری طرف بلانے میں انہوں نے کسی کوتاہی کا ثبوت نہیں دیا۔ یہ لوگ جو آج تیرے انبیاء کی دعوت کا سرے سے انکار کر رہے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے نبیوں پر پتھر برسائے، ان کو طرح طرح کی اذیتیں دیں، انہیں جھٹلایا اور بعض نے تو تیرے نبیوں کو تختۂ دار پر کھینچ دیا۔ اس کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے اعمال پر گواہی دیں گے کہ فلاں نے کیا کیا؟ اور فلاں سے کیا غلطی سرزد ہوئی؟ چنانچہ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''شَاهِدًا عَلٰى اُمَّتِكَ''۔ یعنی حضور اپنی امت پر گواہی دینگے۔ اپنی اس تفسیر کی تائید میں انہوں نے یہ روایت پیش کی ہے: اَخْرَجَ ابْنُ الْمُبَارِكِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ لَيْسَ مِنْ يَّوْمٍ اِلَّا وَ يُعْرَضُ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اُمَّتُهٗ غُدْوَةً وَّ عَشِيَّةً فَيَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ وَلِذٰلِكَ يَشْهَدُ عَلَيْهِمْ (مظہری)(2) یعنی حضرت عبداللہ بن مبارک نے حضرت سعید بن مسیب سے روایت کی ہے کہ ہر روز صبح شام حضور کی امت حضور پر پیش کی جاتی ہے اور حضور ہر فرد کو اس کے چہرے سے پہچانتے ہیں، اسی لیے حضور ان پر گواہی دیں گے۔

علامہ ابن کثیر اسی آیت کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

فَقَوْلُهٗ تَعَالٰى: شَاهِدًا اى لِلّٰهِ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَ عَلَى النَّاسِ بِاَعْمَالِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ(3)۔ یعنی حضور اللہ

1۔ مفردات راغب، ص 465 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 353۔ التذکرۃ للقرطبی، ج 1، ص 335، مکتبۃ الکلیات الزہرہ القاہرہ

3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 497

تعالیٰ کی توحید کے گواہ ہیں کہ اس کے بغیر کوئی معبود نہیں اور قیامت کے روز لوگوں کے اعمال پر گواہی دینگے۔

علامہ آلوسی اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: شَاهِدًا عَلٰى مَنْ بُعِثْتَ اِلَيْهِمْ تُرَاقِبُ اَحْوَالَهُمْ وَ تُشَاهِدُ اَعْمَالَهُمْ ..... وَ تُؤَدِّيْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَدَاءً مَّقْبُوْلًا فِيْ مَالَهُمْ وَ مَا عَلَيْهِمْ (روح المعانی)(1) یعنی حضور گواہی دیں گے اپنی امت پر کیونکہ حضور ان کے احوال کو دیکھ رہے ہیں اور ان کے اعمال کا مشاہدہ فرما رہے ہیں اور روزِ قیامت ان کے حق میں یا ان کے خلاف گواہی دیں گے۔

آگے چل کر علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ صوفیائے کرام نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدِ اطَّلَعَهٗ ﷺ عَلٰى اَعْمَالِ الْعِبَادِ فَنَظَرَ اِلَيْهَا لِذٰلِكَ اَطْلَقَ عَلَيْهِ شَاهِدًا (2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے نبی کریم کو بندوں کے اعمال پر آگاہ فرمادیا ہے اور حضور نے انہیں دیکھا ہے، اس لیے حضور کو شاہد کہا گیا۔

اس قول کی تائید میں علامہ آلوسی نے مولانا جلال الدین رومی قدس سرہٗ کا یہ شعر نقل کیا ہے:

درنظر بودش مقامات العباد زاں سبب نامش خدا شاہد نہاد (3)

کہ بندوں کے مقامات حضور کی نگاہ میں تھے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کا اسمِ پاک شاہد رکھا ہے۔

یہ لکھنے کے بعد علامہ موصوف فرماتے ہیں فَتَاَمَّلْ وَلَا تَغْفُلْ (4) کہ اس بیان کردہ حقیقت میں غور وفکر کرو اور غفلت سے کام نہ لو۔ مولانا شبیر احمد عثمانی نے اس مقام پر جو حاشیہ لکھا ہے اس سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ لکھتے ہیں: ''اور محشر میں بھی امت کی نسبت گواہی دینگے کہ خدا کے پیغام کو کس نے کس قدر قبول کیا'' (5)۔ الغرض وہ تمام ابدی صداقتیں جنہیں انسان سمجھنے سے قاصر ہے۔ عالمِ غیب کی وہ حقیقتیں جو عقل وخرد کی رسائی سے ماوراء ہیں ان سب کی سچائی کے آپ گواہ ہیں۔

۸۰ آنحضرت کا دوسرا لقب ''مبشر'' ہے۔ یعنی خوشخبری دینے والے۔ جو اس دین پر ایمان لائے گا، اس کے ارشادات پر عمل کرے گا وہ دونوں جہانوں میں کامیاب وکامران ہوگا۔

علامہ اسماعیل حقی فرماتے ہیں۔ مُبَشِّرًا لِّاَهْلِ الْاِيْمَانِ وَ الطَّاعَةِ بِالْجَنَّةِ وَ لِاَهْلِ الْمَحَبَّةِ بِالرُّؤْيَةِ (6) کہ اہلِ ایمان اور اہلِ طاعت کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں اور اہلِ محبت کو دیدارِ محبوب کی۔

تیسرا لقب نَذِيْرًا ہے۔ نذیر کا معنی ہے کسی شخص کو نافرمانی کے نتائج سے بروقت آگاہ کردینا۔ یہ بھی حضور کی شان ہے۔

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ: یہ حضور کا چوتھا لقب ہے کہ حضور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والے ہیں۔ اور یہ کام کیونکہ بہت ہی کٹھن اور دشوار ہے، کوئی آدمی اپنے عقیدہ کو چھوڑنے کے لیے بآسانی تیار نہیں ہوتا، خصوصاً مکہ کے مشرک جو کورانہ تقلید اور آباء پرستی میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے، جنہوں نے غور وفکر کے سارے دیے گل کردیئے تھے، ان کو کفر وشرک کی تاریکیوں سے نکال کر نورِ حق کی طرف لے آنا ازحد دشوار تھا، یہی حالت یہود اور دوسرے اہلِ کتاب کی تھی، اس لیے ساتھ ہی ''بِاِذْنِهٖ'' کا کلمہ بڑھا دیا۔ یعنی اے محبوب! ہم نے اس دشوار کام کو آپ کے لیے آسان بنا دیا ہے۔ بِاِذْنِهٖ اَیْ بِتَسْهِيْلِهٖ وَتَيْسِيْرِهٖ تَعَالٰى (روح المعانی)(7) اور اس کی صورت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ کریم خاتم النبیین ﷺ کو ان

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 45 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً 4۔ ایضاً
5۔ حاشیہ قرآن مجید از علامہ شبیر احمد عثمانی، ص 550 6۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 196 7۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 45

اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ

والا اللہ کی طرف اسکے اذن سے اور آفتاب روشن کردینے والا ۸۱ اور آپ مژدہ سنادیں مومنوں کو کہ ان کے لیے اللہ کی

اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ

جناب سے بڑا ہی فضل ہے ۸۲ اور نہ کہنا مانو کافروں اور منافقوں کا اور پروا نہ کرو ان کی

گونا گوں خوبیوں اور دلفریبیوں سے ممتاز فرمایا تھا کہ دل خود بخود اس طلعتِ زیبا کی طرف کھچے چلے جاتے تھے۔ وہ لوگ جن میں حق پذیری کا ادنیٰ سا بھی ملکہ موجود تھا وہ اس شمعِ جمال پر پروانہ وار نثار ہوتے تھے اور دنیا نے دیکھا کہ عرب کے اُجڈ اور سخت مزاج لوگ کس طرح اپنے بچوں، اپنے آباد گھروں، قیمتی مال ومتاع اور وطن عزیز کو چھوڑ کر درِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کی طرف کشاں کشاں جارہے ہیں۔ ابھی چند روز پہلے خالد بن ولید نے میدانِ احد میں مسلمانوں کی فتح کو شکست میں تبدیل کر دیا لیکن وہی فاتح خالد مکہ کو الوداع کہہ رہا ہے اور اپنے گلے میں غلامی کا قلادہ ڈال کر سرکارِ مدینہ کی حاضری کے لیے کوہ ودمن، دشت وصحرا کو عبور کرتا ہوا چلا جارہا ہے۔ یہی وَدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ کی شان کا ایک ظہور ہے۔

۸۱ فرمایا: اے محبوب! میں نے تجھے سراجاً منیراً بنا کر بھیجا ہے۔ ان دولفظوں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر جن انعامات و لطائف کی بارش فرمائی ہے اس کی بیکرانیوں کا کون اندازہ لگا سکتا ہے؟ آفتاب اور آفتاب بھی عالمتاب، روشن اور اتنا روشن کہ دوسروں کو بھی نور وضیاء کا منبع ومصدر بنا دینے والا۔ اہلِ دل نے یہاں بہت کچھ لکھا ہے میں فقط حضرت عارف باللہ مولانا ثناء اللہ پانی پتی کا ایک جملہ لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں: اِنَّهٗ ﷺ كَانَ بِلِسَانِهٖ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَ بِقَلْبِهٖ وَ قَالِبِهٖ كَانَ مِثْلَ السِّرَاجِ يَتَلَوَّنُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِاَلْوَانِهٖ وَيَتَنَوَّرُوْنَ بِاَنْوَارِهٖ (1)۔ یعنی حضور زبانِ فیض ترجمان سے تو داعی تھے اور اپنے قلبِ مبارک اور قالبِ منور کی وجہ سے سراجِ منیر تھے۔ اہلِ ایمان اس آفتاب کے رنگوں میں رنگے جاتے ہیں اور اس کے انوار سے درخشاں و تاباں ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس نورِ مجسم ﷺ کے انوار سے درخشاں راہِ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

۸۲ پہلے تو اللہ تعالیٰ نے جو لطف وکرم اپنے حبیبِ کریم اور محبوبِ دلنواز ﷺ پر فرمایا، اس کا ذکر ہوا۔ اب اس ابرِ رحمت کا بیان ہورہا ہے جو امتِ مسلمہ پر برسایا جانے والا ہے۔ ارشاد ہے: اے میرے نبی! اپنے غلاموں کو بھی یہ بشارت دے دو کہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ان پر بھی ہوگا اور وہ فضل وکرم قلیل اور محدود نہیں ہوگا بلکہ فضلاً کبیراً ہوگا۔ آپ خود ہی غور فرمایئے کہ وہ رب العزت جس کے سامنے ساری دنیا متاعِ قلیل ہے یعنی تھوڑا سا سامان، تو جس فضل کو وہ کبیر فرمارہا ہے اس کی وسعتوں کا اندازہ کون کرسکتا ہے؟ یہ سب صدقہ ہے محبوبِ کریم رؤف رحیم ﷺ کا جن کی غلامی کے باعث ہمیں یہ شرف حاصل ہے۔ کاش! ہم اس غلامی کی قدر کو پہچانتے اور اس جمالِ جہاں افروز پر اپنی جان، اپنا دل اور ہوش وخرد قربان کرتے جو صحابہ کرام کا طریقہ تھا۔ تب ہمیں اس فضل کبیر کا صحیح احساس ہوتا۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 356

اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اذیت رسانی کی اور بھروسہ رکھو اللہ پر ۸۳ اور کافی ہے اللہ تعالیٰ (آپکا) کارساز اے ایمان والو!

اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

جب تم نکاح کرو مومن عورتوں سے پھر تم انہیں طلاق دے دو اس سے پہلے کہ تم انہیں

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ

ہاتھ لگاؤ پس تمہارے لیے ان پر عدّت گزارنا ضروری نہیں جسے تم شمار کرو لہٰذا انہیں کچھ مال

وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ

دے دو اور انہیں رخصت کر دو خوبصورتی سے ۸۴ اے نبی (مکرم!) ہم نے حلال کر دی ہیں آپ کے لیے آپکی ازواج

الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

جن کے مہر آپ نے ادا کر دیئے ہیں اور آپ کی کنیزیں جو اللہ نے بطورِ غنیمت آپ کو عطا کی ہیں ۸۵

۸۳ اے محبوب! جب ہم نے آپ کو ان عظمتوں سے نوازا ہے تو آپ کو کفار و منافقین کا کہنا ماننے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ ان کی اذیت رسانیوں سے خائف کیوں ہوں؟ آپ انہیں پرکاہ کی وقعت بھی نہ دیں اور یہ صاف صاف اعلان کر دیں کہ جو تکلیف اور اذیت وہ پہنچانا چاہتے ہیں اس میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔ آپ کا پروردگار آپ کے ساتھ ہے۔ دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت آپ کا بال بیکا نہیں کر سکتی اور آپکے دین کی ترقی میں روڑا نہیں اٹکا سکتی۔

۸۴ یہاں شرعی حکم بیان کیا جا رہا ہے کہ اگر تم اپنی کسی ایسی منکوحہ کو طلاق دو جس سے تم نے خلوتِ صحیحہ نہیں کی تو اس مطلّقہ کا عدّت گزارنا لازمی نہیں۔ لیکن جب ان کو اپنی قیدِ نکاح سے آزاد کرو تو بے مروتی کا ثبوت نہ دو۔ طلاق دے کر تم نے ان کا دل توڑا ہے۔ ان کی کچھ مالی اعانت کر دو، تاکہ ان کی دلجوئی ہو جائے۔ اگر ایسی عورت کا مہر مقرر تھا تو نصف مہر ادا کرنا ضروری ہے۔ مہر مقرر نہ ہونے کی صورت میں ایک جوڑا کپڑوں کا دینا لازمی ہے۔

۸۵ اسلام نے مردوں کو شرطِ عدل کے ساتھ چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ جس کی حکمتیں سورۂ نساء میں بیان ہو چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خاص حکمتوں کے پیش نظر نبی کریم ﷺ کو چار سے زیادہ ازواج کی اجازت مرحمت فرمائی۔ دشمنان اسلام نے اس بات کو بھی ہدفِ تنقید بنایا خصوصاً عیسائی پادریوں نے۔ لیکن اگر نظرِ انصاف سے دیکھا جائے تو یہ اجازت سراسر

وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ

اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپکے ماموں کی بیٹیاں اور آپکی خالاؤں کی

الّٰتِیْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ

بیٹیاں جنہوں نے ہجرت کی آپ کے ساتھ اور مومن عورت اگر وہ اپنی جان نبی کی نذر کر دے۔

اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ

اگر نبی اس سے نکاح کرنا چاہے۔ یہ (اجازت) صرف آپ کے لیے ہے، دوسرے مومنوں کے لیے نہیں۔ ۸۶

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَیْهِمْ فِیْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ

ہمیں خوب علم ہے جو ہم نے مقرر کیا ہے مسلمانوں پر ان کی بیویوں اور کنیزوں کے بارے میں

حکمت نظر آتی ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ سب سے پہلے جس خاتون کو حضور نے شرفِ زوجیت بخشا ان کا اسم گرامی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ہے۔ اس وقت حضور کا عنفوانِ شباب تھا۔ عمر مبارک پچیس سال تھی۔ حضرت خدیجہ دو بار بیوہ ہونے کے بعد اپنے چالیسویں سال میں تھیں لیکن ان کے ساتھ زوجیت کے تعلقات اتنے خوشگوار تھے کہ ان کے وصال تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی دوسری کا کبھی خیال بھی نہیں فرمایا اور ان کے وصال کے بعد بھی اکثر ان کا ذکرِ خیر فرمایا کرتے یہاں تک کہ حضرت عائشہ بھی رشک کرنے لگتیں۔ حضرت خدیجہ کے وصال کے بعد ایک سن رسیدہ خاتون حضرت سودہ بنت زمعہ سے نکاح فرمایا۔ حضرت عائشہ سے عقد اگرچہ ہجرت سے پہلے ہو چکا تھا۔ لیکن رخصتی ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ میں ہوئی۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت فاروقِ اعظم کی صاحبزادی تھیں جن کی شادی خنیس بن حذافہ سے ہوئی تھی وہ احد میں شدید زخمی ہوئے اور زخموں کی تاب نہ لا کر مدینہ طیبہ میں وفات پائی۔ حضرت عمر اپنی اس صاحبزادی کے مستقبل کے متعلق بڑے پریشان تھے۔ حضور کا انہیں شرفِ زوجیت بخشنا نہ صرف ان کی دلجوئی کا باعث ہوا بلکہ اس سے حضرت فاروقِ اعظم کی بہت بڑی پریشانی دور ہوئی۔ حضور کی جتنی شادیاں ہوئیں ان سے دین کی تبلیغ اور اس کی اشاعت میں بڑا فائدہ ہوا۔ ان سے مقصود یا تو اپنے غلاموں کی دلجوئی تھی یا دشمن قبائل کے ساتھ محبت اور مودت کے تعلقات قائم کرنے تھے۔ ان شادیوں میں سے کسی شادی کو عشرت کوشی کی علامت قرار نہیں دیا جا سکتا۔

۸۶ اس کا تعلق یا تو اِنْ وَّهَبَتْ کے ساتھ یعنی کوئی مومن عورت اپنے آپ کو بغیر مہر کے پیش خدمت کرے اور حضور اسے قبول فرمائیں تو اس کا مہر ادا کرنا ضروری نہیں۔ یہ حکم صرف حضور کے ساتھ مخصوص ہے۔ عام مسلمانوں کے لیے بغیر مہر کے نکاح جائز

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ تُرْجِيْ

تاکہ آپ پر کسی قسم کی تنگی نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ (آپکو اختیار ہے) دُور

مَنْ تَشَاۗءُ مِنْهُنَّ وَتُــــْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ

کر دیں جس کو چاہیں اپنی ازواج سے اور اپنے پاس رکھیں جس کو آپ چاہیں۔ اور اگر آپ (دوبارہ) طلب کریں جنکو

مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ

آپ نے علیٰحدہ کر دیا تھا تب بھی آپ پر کوئی مضائقہ نہیں۔ اس (رخصت) سے پوری توقع ہے کہ انکی آنکھیں ٹھنڈی ہونگی

وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور وہ آزردہ خاطر نہ ہوں گی اور سب کی سب خوش رہیں گی جو کچھ آپ انہیں عطا فرمائینگے ۸۷ اور (اے لوگو) اللہ تعالیٰ

مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝ لَا يَحِلُّ لَكَ

جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا بڑا بُردبار ہے۔ حلال نہیں آپ کے لیے

النِّسَاۗءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ

دوسری عورتیں اس کے بعد اور نہ اس کی اجازت ہے کہ آپ تبدیل کریں ان ازواج سے دُوسری بیویاں

نہیں۔ لیکن اس رخصت کے باوجود حضور نبی کریم ﷺ نے ہر ایک کا مہر ادا کیا۔ یا اس لفظ کا تعلق چار سے زیادہ شادیاں کرنے کی رخصت سے ہے یعنی یہ اجازت صرف حضور کو ہے اور کسی کو نہیں (1)۔

۸۷ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنی تمام بیویوں کے ساتھ مساوی سلوک کریں، لیکن نبی کریم ﷺ کو اس حکم سے بھی مستثنیٰ قرار دیا کہ آپ پر کوئی پابندی نہیں۔ لیکن اس کے باوجود حضور ﷺ ہمیشہ ہر بیوی کے ساتھ مساویانہ اور عادلانہ سلوک فرماتے۔ اس رخصت کی دو وجہیں ہیں۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ حضور کی طبعِ مبارک اتنی عادل اور انصاف پسند تھی کہ حکم نہ ہونے کی صورت میں بھی بے انصافی ممکن نہ تھی۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ ازواجِ طاہرات میں باہمی نزاع پیدا نہ ہو۔ تھوڑی تھوڑی بات کو بڑھا کر گھر کے سکون کو مکدّر نہ کریں۔ اب جب حضور پر پابندی نہ رہی تو جس کو بھی حضور شرف بخشیں اور جتنا وقت شرف بخشیں اسی کو وہ غنیمت سمجھے گی اور کسی قسم کا مطالبہ کر کے یا شکوہ کر کے خاطرِ عاطر کو مشوّش نہ کر سکے گی۔ اسی چیز کی طرف اللہ

1۔ احکام القرآن از ابن عربی، ج 3، ص 1559

اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

اگرچہ آپ کو پسند آئے ان کا حسن۔ بجز کنیزوں کے ۸۸ اور اللہ تعالٰے ہر چیز

كُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا ﴿۵۲﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ ع ۶ ۱۲ ۳

پر نگران ہے۔ اے ایمان والو! نہ داخل ہوا کرو نبی کریم کے گھروں میں ۸۹ بجز اس

النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ

(صورت) کے کہ تم کو کھانے کے لیے آنے کی اجازت دی جائے (اور) نہ کھانا پکنے کا انتظار کیا کرو

اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِیْنَ

لیکن جب تمہیں بُلایا جائے، تو اندر چلے آؤ پس جب کھانا کھا چکو، تو فوراً منتشر ہو جاؤ اور نہ وہاں جا کر دل بہلانے

لِحَدِیْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ

کیلئے باتیں شروع کر دیا کرو۔ تمہاری یہ حرکتیں (سب) نبی کے لیے تکلیف کا باعث بنتی ہیں پس وہ تم سے حیا کرتے ہیں (اور چپ رہتے ہیں) اور

تعالٰی نے آیت کے ان کلمات میں تصریح فرما دی۔ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُهُنَّ (1)۔

۸۸ جب اللہ تعالٰی نے امہات المؤمنین کو اجازت دیدی کہ چاہیں تو وہ اس فقر و فاقہ کے ساتھ اس کے رسول کی خدمت میں رہیں، چاہیں تو الگ ہو جائیں تو ان سب نے دنیا اور آسائشِ دنیا کو ٹھکرا کر کاشانۂ نبوّت میں عُسرت اور تنگی کی زندگی کو خوشی سے قبول کیا۔ اللہ تعالٰی کو ان کا یہ ایثار بہت پسند آیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ اب کسی اور کو شرفِ زوجیت نہ بخشا جائے۔ چنانچہ اس کے بعد حضور نے کسی دوسری آزاد عورت کے ساتھ نکاح نہیں فرمایا: البتہ کنیزوں کے متعلق رخصت بدستور باقی رکھی گئی (2)۔

۸۹ یہاں مسلمانوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجروں میں داخل ہونے یا نہ ہونے کے متعلق ہدایات دی جا رہی ہیں۔ فرمایا: جب تک حضور اجازت نہ دیں تمہارا داخل ہونا قطعاً ممنوع ہے اور جب اجازت ملے تو داخل ہو سکتے ہو اور وہ بھی اتنے وقت کے لیے کہ کھانا کھاؤ اور اس کے بعد فوراً اٹھ کر چلے جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ وہاں بیٹھ کر باتیں کرنے لگو اور حضور کو اس طرح تمہارے دیر تک بیٹھنے سے تکلیف پہنچے۔ حضور تو اپنے شرم کی وجہ سے تمہیں اٹھ کر چلے جانے کا حکم نہیں فرمائیں گے اور خاموش رہیں گے لیکن اللہ تعالٰی تمہیں ایسی باتوں پر خبردار کرنے سے حیا نہیں کرتا جن کا جاننا تمہارے لیے ضروری ہے۔ آیت میں غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ کا فقرہ توجہ طلب ہے۔ اِنٰی کی تحقیق کرتے ہوئے صاحب قاموس لکھتے ہیں: اَنَى الشَّیْءُ یَانِیْ اَیْنًا وَّ اِنَاءً وَ اِنًا فَهُوَ اِنٍ کَغَنِیَ حَانَ وَ

1۔ احکام القرآن از ابن عربی، ج 3، ص 1568 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 367

لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ

اللہ تعالٰے کسی کا شرم نہیں کرتا حق بیان کرنے میں۔ اور جب تم مانگو ان سے کوئی چیز تو مانگو

وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ

پس پردہ ہو کر ۹۰ یہ طریقہ پاکیزہ تر ہے تمہارے دلوں کے لیے نیز انکے دلوں کے لیے ۹۱ اور تمہیں یہ

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

زیب نہیں دیتا کہ اذیت پہنچاؤ اللہ کے رسول کو ۹۲ اور تمہیں اس کی بھی اجازت نہیں کہ تم نکاح کرو انکی ازواج سے انکے بعد کبھی ۹۳

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ

بے شک ایسا کرنا اللہ کے نزدیک گناہ عظیم ہے۔ چاہے تم کسی بات کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ

یقیناً اللہ تعالٰے ہر چیز سے خوب آگاہ ہے۔ کوئی حرج نہیں ان پر اگر ان کے ہاں آئیں انکے باپ،

اَدْرَكَ يَعْنِيْ بَلَغَ غَايَتَهٗ اَوْ نَضْجَهٗ (1)۔ یعنی کھانے کے پک کر تیار ہو جانے کو انیٰ کہتے ہیں۔ بعض لوگوں کا دستور تھا کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی حجرہ شریفہ سے دھواں اٹھتا دیکھتے تو باہر آ کر اس انتظار میں بیٹھ رہتے کہ ابھی کھانا تیار ہو گا اور ہمیں بھی کھانے کی دعوت دی جائے گی۔ بن بلائے مہمان بننے کی ممانعت کی جا رہی ہے۔

۹۰ یہاں دوسرا ادب سکھایا جا رہا ہے کہ تمہیں حضور کے اہل خانہ سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کے پیچھے کھڑے ہو کر مانگو، اندر گھس آنے کی قطعاً اجازت نہیں۔

۹۱ یہ طریقہ کار تمہارے لیے اور امہات المؤمنین کے لیے قلب کی پاکیزگی کا باعث ہے۔ یہاں اس تساہل کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ کبھی استاد کی اہل خانہ اپنے شاگردوں سے پردہ کرنا ضروری نہیں سمجھتیں۔ اس آیت سے تنبیہ فرما دی کہ جب مسلمانوں کو ازواج طاہرات کے ہاں گھس آنے کی اجازت نہیں تو اور کون ہے جو اس رخصت کا مستحق ہو؟ شیطان کسی وقت بھی دل میں فاسد خیال پیدا کر سکتا ہے۔ پردے کا حکم جو تمہیں دیا گیا ہے، اس میں ہرگز تساہل نہ کرو بلکہ سختی سے اس پر عمل کرو۔

۹۲ ارشاد فرمایا کہ تمہیں کسی ایسے کام کے کرنے کی اجازت نہیں جس سے میرے رسول کو تکلیف پہنچے۔ تمہارا فرض ہے کہ ہر ایسے کام سے اجتناب کرو جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گرانیٔ طبع کا سبب بن سکتا ہو۔

۹۳ یہاں ایک اور حکم بیان فرمایا کہ حضور کے وصال کے بعد حضور کی ازواج مطہرات سے کسی کو نکاح کرنے کی اجازت

1۔ القاموس المحیط، ج2، ص1655

وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ

ان کے بیٹے ان کے بھائی ان کے بھتیجے اور ان کے

اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ

بھانجے اسی طرح مسلمان عورتوں اور لونڈیوں کی آمد و رفت پر بھی کوئی پابندی نہیں۔ (اے عورتو!) ڈرا کرو اللہ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝۵۵ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰۗىِٕكَتَهٗ

(کی نافرمانی) سے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہے۔ ۹۴ بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَي النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

درود بھیجتے ہیں اس نبی مکرم پر ۹۵ اے ایمان والو! تم بھی آپ پر درود بھیجا کرو اور (بڑے ادب و محبت سے) سلام عرض کیا

نہیں۔ وہ تمہاری مائیں ہیں اور تم پر قطعاً حرام ہیں۔ تم اس چیز کو معمولی بات مت خیال کرو۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بہت ہی بڑا جرم ہے، کبیرہ گناہ ہے۔

۹۴ اس آیت میں ان مردوں کا ذکر کیا گیا جو محرم ہیں اور جن سے پردہ کی ضرورت نہیں۔

۹۵ اسلام کو مٹانے کے لیے کفر کے سارے حربے ناکام ہو چکے تھے۔ مکہ کے بے بس مسلمانوں پر انہوں نے مظالم کے پہاڑ توڑے لیکن ان کے جذبۂ ایمان کو کم نہ کر سکے۔ انہوں نے اپنے وطن، گھر بار، اہل و عیال کو خوشی سے چھوڑنا گوارا کیا، لیکن دامن مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کو مضبوطی سے پکڑے رہے۔ کفار نے بڑے کرّ و فر اور شکوہ و طمطراق کے ساتھ مدینہ طیبہ پر بار بار یورش کی لیکن انہیں ہر بار ان مٹھی بھر اہلِ ایمان سے شکست کھا کر واپس آنا پڑا۔ اب انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ اقدس و اطہر پر طرح طرح کے بیجا الزامات تراشنے شروع کر دیئے تاکہ لوگ رشد و ہدایت کی اس نورانی شمع سے نفرت کرنے لگیں اور یوں اسلام کی ترقی رک جائے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر ان کی ان امیدوں کو خاک میں ملا دیا۔ بتایا کہ یہ میرا حبیب اور میرا پیارا رسول وہ ہے جس کی وصف و ثنا میں اپنی زبانِ قدرت سے کرتا ہوں اور میرے سارے ان گنت فرشتے اپنی نورانی اور پاکیزہ زبانوں سے اس کی جناب میں ہدیۂ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ تم چند لوگ اگر اس کی شانِ عالی میں ہرزہ سرائی کرتے بھی رہو تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟ جس طرح تمہارے پہلے منصوبے خاک میں مل گئے اور تمہاری کوششیں ناکام ہو گئیں اسی طرح اس ناپاک مہم میں بھی تم خائب و خاسر ہو گے۔ اس آیتِ کریمہ کی جلالتِ شان کو زیادہ سے زیادہ سمجھنے کے لیے پہلے اس کے کلماتِ طیبات کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آیتِ کریمہ میں فعلِ صلوٰۃ (درود) کے تین فاعل ہیں۔ (۱) اللہ تعالیٰ (۲) فرشتے (۳) اہلِ اسلام۔ جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس کا معنی یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کی بھری محفل میں اپنے محبوبِ کریم

ﷺ کی تعریف وثنا کرتا ہے۔ فَهِيَ مِنْهُ عَزَّوَجَلَّ ثَنَاءُهٗ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلَائِكَةِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ(1)۔

علامہ آلوسی اس کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وَتَعْظِيْمُهٗ تَعَالٰى اِيَّاهُ فِي الدُّنْيَا بِاِعْلَاءِ ذِكْرِهٖ وَاِظْهَارِ دِيْنِهٖ وَ اِبْقَاءِ الْعَمَلِ بِشَرِيْعَتِهٖ وَفِي الْاٰخِرَةِ بِتَشْفِيْعِهٖ فِيْ اُمَّتِهٖ وَاِجْزَالِ اَجْرِهٖ وَ مَثُوْبَتِهٖ وَابْدَاءِ فَضْلِهٖ لِلْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ بِالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَ تَقْدِيْمِهٖ عَلٰى كَافَّةِ الْمُقَرَّبِيْنَ بِالسُّهُوْدِ(2) (ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا یہ مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کے ذکر کو بلند کر کے، اس کے دین کو غلبہ دے کر اور اس کی شریعت پر عمل برقرار رکھ کے اس دنیا میں حضور کی عزت وشان بڑھاتا ہے اور روزِ محشر امت کے لیے حضور کی شفاعت قبول فرما کر اور حضور کو بہترین اجر وثواب عطا کر کے اور مقامِ محمود پر فائز کرنے کے بعد اولین اور آخرین کے لیے حضور کی بزرگی کو نمایاں کر کے اور تمام مقربین پر حضور کو سبقت بخش کر حضور کی شان کو آشکارا فرمائے گا۔

اور جب اس کی نسبت ملائکہ کی طرف ہو تو صلوٰۃ کا معنی دعا ہے کہ ملائکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے پیارے رسول کے درجات کی بلندی اور مقامات کی رفعت کے لیے دست بدعا ہیں۔ اس جملہ اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ الخ میں اگر آپ غور فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ جملہ اسمیہ ہے۔ لیکن اس کی خبر جملہ فعلیہ ہے۔ تو یہاں دونوں جملے جمع کر دیئے گئے ہیں۔ اس میں راز یہ ہے کہ جملہ اسمیہ استمرار ودوام پر دلالت کرتا ہے اور فعلیہ تجدد وحدوث کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہر دم، ہر گھڑی اپنے نبی مکرم پر اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے اور آپ کی شان بیان فرماتا ہے۔ اسی طرح اس کے فرشتے بھی اس کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ عراقی نے کیا خوب لکھا ہے:

ثنائے زُلف ورخسارِ تو اے ماہ ملائک وردِ صبح وشام کردند

جب اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندے پر ہمیشہ اپنی برکتیں نازل فرماتا رہتا ہے اور اس کے فرشتے اس کی ثناء گستری میں زمزمہ سنج رہتے ہیں اور اس کی رفعتِ شان کے لیے دعائیں مانگتے رہتے ہیں، تو اے اہلِ ایمان! تم بھی میرے محبوب کی رفعتِ شان کے لیے دعا مانگا کرو۔ علامہ ابنِ منظور ''صلوٰۃ'' کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جب مومن بارگاہِ الٰہی میں عرض کرتا ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَمَعْنَاهُ عَظِّمْهُ فِي الدُّنْيَا بِاِعْلَاءِ ذِكْرِهٖ وَاِظْهَارِ دَعْوَتِهٖ وَاِبْقَاءِ شَرِيْعَتِهٖ وَفِي الْاٰخِرَةِ بِتَشْفِيْعِهٖ فِيْ اُمَّتِهٖ وَتَضْعِيْفِ اَجْرِهٖ وَ مَثُوْبَتِهٖ(3): یعنی اے اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے ذکر کو بلند فرما، اس کے دین کو غلبہ دے اور اس کی شریعت کو باقی رکھ کر اس دنیا میں ان کی شان بلند فرما اور روزِ محشر ان کی شفاعت قبول فرما۔ اجر اور ثواب کو کئی گنا کر دے۔

اگرچہ صلوٰۃ بھیجنے کا ہمیں حکم دیا جا رہا ہے لیکن ہم نہ شانِ رسالت کو کما حقہ جانتے ہیں اور نہ اس کا حق ادا کر سکتے ہیں۔ اس لیے اعترافِ عجز کرتے ہوئے ہم عرض کرتے ہیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ الخ۔ یعنی مولا کریم تو ہی اپنے محبوب کی شان کو اور قدر ومنزلت کو صحیح طور پر جانتا ہے۔ اس لیے تو ہی ہماری طرف سے اپنے محبوب پر درود بھیج جو اس کی شان کے شایاں ہے۔ وَقِيْلَ الْمَعْنٰى لَمَّا اَمَرَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى سُبْحَانَهٗ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَلَمْ نَبْلُغْ قَدْرَ الْوَاجِبِ مِنْ ذٰلِكَ اَحَلْنَا عَلَى اللّٰهِ وَ قُلْنَا اللّٰهُمَّ صَلِّ اَنْتَ عَلٰى مُحَمَّدٍ لِاَنَّكَ اَعْلَمُ بِمَا يَلِيْقُ بِهٖ (لسان العرب)(4)

اس آیت میں ہمیں بارگاہِ رسالت میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور احادیثِ کثیرہ صحیحہ میں بھی درود شریف کی شان بیان فرمائی گئی ہے۔ چند احادیث تبرّکاً ذکر کر دیتا ہوں تا کہ آپ کے دل میں بھی اپنے رسولِ مکرم، ہادیٔ اعظم، مُرشدِ

1۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب سورۃ الاحزاب، ج2، ص706 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز22، ص76 3۔ لسان العرب، ج14، ص466 4۔ ایضاً

اکمل ﷺ پر درود بھیجنے کا شوق پیدا ہو۔

۱۔ عَنْ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ لِحَاجَۃٍ فَلَمْ یَجِدْ اَحَدًا یَّتْبَعُہٗ فَفَزِعَ عُمَرُ وَ اَتَاہُ بِمُطَھَّرَۃٍ مِّنْ خَلْفِہٖ فَوَجَدَ النَّبِیَّ ﷺ سَاجِدًا فِیْ مَشْرُبَۃٍ فَتَنَحّٰی عَنْہُ مِنْ خَلْفِہٖ حَتّٰی رَفَعَ النَّبِیُّ ﷺ رَأْسَہٗ فَقَالَ اَحْسَنْتَ یَا عُمَرُ حِیْنَ وَجَدْتَّنِیْ سَاجِدًا فَتَنَحَّیْتَ عَنِّیْ اِنَّ جِبْرَئِیْلَ اَتَانِیْ فَقَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْکَ مِنْ اُمَّتِکَ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَّ رَفَعَہٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ(1)۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا ایک دن حضور ﷺ قضائے حاجت کے لیے باہر تشریف لے گئے۔ حضور کے ساتھ کوئی اور آدمی نہیں تھا۔ حضرت عمر نے پانی سے بھرا ہوا لوٹا لیا اور پیچھے چل دیئے۔ جب آپ باہر آئے تو حضور ﷺ کو ایک وادی میں سر بسجود پایا اور چپکے سے ایک طرف ہٹ کر پیچھے بیٹھ گئے۔ یہاں تک کہ حضور نے سجدہ سے سر مبارک اٹھایا اور فرمایا: اے عمر! تو نے بہت اچھا کیا کہ جب مجھے سر بسجود دیکھا تو ایک طرف ہٹ کر بیٹھ گیا۔ جبرئیل میرے پاس آئے اور انہوں نے آکر یہ بتایا کہ جو امتی آپ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا اور اس کے دس درجے بلند کردے گا۔

۲۔ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ جَاءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّ السُّرُوْرُ یُرٰی فِیْ وَجْھِہٖ وَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! اِنَّا لَنَرٰی السُّرُوْرَ فِیْ وَجْھِکَ وَقَالَ اِنَّہٗ اَتَانِیَ الْمَلَکُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اَمَا یُرْضِیْکَ اَنَّ رَبَّکَ عَزَّوَجَلَّ یَقُوْلُ اِنَّہٗ لَا یُصَلِّیْ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَّلَا یُسَلِّمُ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا قُلْتُ بَلٰی(2)۔ (ترجمہ) ایک دن حضور سرورِ کائنات ﷺ تشریف لائے۔ رُخِ انور پر خوشی اور مسرت کے آثار نمایاں تھے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج تو چہرۂ مبارک خوشی سے تاباں ہے۔ فرمایا: میرے پاس فرشتہ آیا ہے اور اس نے آکر کہا ہے: اے سراپا حسن و خوبی! کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپ کے رب نے فرمایا ہے کہ آپ کا جو امتی آپ پر ایک بار درود پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا اور آپ کا جو امتی آپ پر ایک بار سلام پڑھے گا، اللہ تعالیٰ دس بار اس پر سلام بھیجے گا۔ میں نے جواب دیا ہے کہ میں اپنے مولا کریم کی اس نوازش پر از حد خوش ہوں۔

۳۔ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ وَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ عَشْرًا(3)۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اس پر لازم ہے کہ وہ مجھ پر درود پڑھے اور جو شخص ایک مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود پڑھے گا۔

۴۔ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ الْبَخِیْلُ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ ثُمَّ لَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ(4)۔ حضرت عبداللہ حضرت زین العابدین کے فرزند نے اپنے والد بزرگوار سے انہوں نے اپنے والد گرامی سیدنا امام حسین سے روایت کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے پھر وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

۵۔ عَنْ طُفَیْلِ بْنِ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِذَا ذَھَبَ ثُلُثَا اللَّیْلِ قَامَ وَ قَالَ یَاَیُّھَا النَّاسُ اُذْکُرُوا اللّٰہَ۔ اُذْکُرُوا اللّٰہَ۔ جَاءَتِ الرَّاجِفَۃُ، تَتْبَعُھَا الرَّادِفَۃُ۔ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِیْہِ۔ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِیْہِ۔ قَالَ اُبَیٌّ قُلْتُ

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 510-11۔ القول البدیع، ص 158، مطبوعہ مکتبۃ المؤید طائف سعودی عرب

2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 511۔ سنن نسائی، کتاب السھو، باب فضل التسلیم علی النبی ﷺ، ج 1، ص 189

3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 511۔ القول البدیع، ص 153

4۔ مسند امام احمد، ج 1، ص 201

يَا رَسُوْلَ اللهِ اِنِّيْ اُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِيْ قَالَ مَا شِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَا شِئْتَ وَاِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَالنِّصْفَ قَالَ مَا شِئْتَ وَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَالثُّلُثَيْنِ قَالَ مَا شِئْتَ وَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ اَجْعَلُ لَكَ صَلَاتِيْ كُلَّهَا قَالَ اِذًا تُكْفٰى هَمَّكَ وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ(1)۔

ابی بن کعب کے لڑکے طفیل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جب رات کے دو حصے گزر جاتے تو حضور اٹھ کھڑے ہوتے اور فرماتے: اے لوگو! اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ تھرا دینے والی آ گئی۔ اس کے پیچھے اور آنے والی ہے۔ موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آ پہنچی۔ موت اپنی تلخیوں کے ساتھ آ پہنچی۔ میرے باپ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں حضور پر کثرت سے درود پڑھتا ہوں۔ ارشاد فرمایئے کہ میں کس قدر پڑھا کروں۔ فرمایا: جتنا دل چاہے۔ میں نے عرض کیا: کیا وقت کا چوتھائی حصہ؟ فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے۔ اور اگر اس سے زیادہ پڑھے تو تیرے لیے بہتر ہے۔ عرض کیا: نصف وقت! فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے، اور اگر زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کی: دو تہائی؟ فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے۔ اگر زیادہ کرے تو افضل ہے۔ میں نے عرض کی: میں اپنا سارا وقت حضور پر درود شریف پڑھتا رہوں گا۔ فرمایا:

''تب یہ درود تیرے رنج والم کو دور کرنے کے لیے کافی ہے اور تیرے سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے''۔

عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيٍّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ۔ اَرَاَيْتَ اِنْ جَعَلْتُ صَلَاتِيْ كُلَّهَا عَلَيْكَ قَالَ اِذًا يَكْفِيْكَ اللهُ مَا اَهَمَّكَ مِنْ دُنْيَاكَ وَآخِرَتِكَ(2)۔ طفیل کہتے ہیں، میرے والد نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اگر اپنا تمام وقت حضور پر درود پڑھنے میں صرف کردوں۔ حضور نے فرمایا: تب اللہ تعالیٰ تیری دنیا و آخرت کی مشکلیں آسان کردے گا۔

آیت طیبہ اور ان احادیث مبارکہ سے درود شریف کی برکتیں اور فضیلتیں معلوم ہوگئیں۔ ایسا کم فہم اور نادان کون ہوگا جو رحمتوں کے اس خزانے سے اپنی جھولی بھرنے کی کوشش نہ کرے۔ لیکن بعض اوقات اور بعض مقامات ایسے ہیں جہاں درود شریف پڑھنے کی زیادہ فضیلت ہے اور وہاں پڑھنے کی خصوصی تاکید کی گئی ہے۔ ان میں سے بھی چند اہم مقامات اور اوقات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

ہر محفل اور مجلس میں درود شریف پڑھنے کی ہدایت

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَّجْلِسًا وَّ لَمْ يَذْكُرُوْا اللهَ فِيْهِ وَ لَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ(3)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا جب لوگ کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور اس میں نہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور نہ اس کے نبی پر درود پڑھتے ہیں۔ قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لیے وبال ہوگی، چاہے تو ان کو عذاب دے اور چاہے تو ان کو بخش دے۔

ہر محفل کے اختتام کے وقت

حضرت ابوسعید سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا جب لوگ بیٹھتے ہیں اور پھر کھڑے ہوتے ہیں اور حضور پر درود نہیں پڑھتے تو قیامت کے دن وہ مجلس ان کے لیے باعثِ حسرت ہوگی اگر وہ جنت میں داخل ہو بھی جائیں تو ثواب سے محرومی کے باعث انہیں ندامت ہوگی (4)۔

1۔ جامع ترمذی، ابواب صفۃ القیامۃ، باب ماجاء فی صفۃ اوانی الحوض، ج2، ص68 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص510۔ مسند امام احمد، ج5، ص136

3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص512۔ جامع ترمذی، ابوب الدعوات، ج2، ص174 (جامع ترمذی کی روایت میں یَوْمَ الْقِیَامَۃِ نہیں ہے)۔

4۔ شعب الایمان، ج2، ص215، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

اذان کے بعد حضرت عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ جب مؤذن کو تم اذان دیتے ہوئے سنو تو وہی جملے دہراؤ جو وہ کہہ رہا ہے۔ پھر مجھ پر درود پڑھو کیونکہ جو مجھ پر درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود پڑھتا ہے۔ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا۔ الخ (1)

مسجد میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت حضرت عبداللہ بن حسن اپنی والدہ ماجدہ فاطمہ بنتِ حسین رضی اللہ عنہا سے اور وہ اپنی دادی صاحبہ حضرت خاتونِ جنت سے روایت کرتی ہیں:

قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ (2)۔

دعا کرتے وقت حضرت فاروقِ اعظم سے مروی ہے کہ دعا میں جب تک درود پاک نہ پڑھا جائے وہ قبول نہیں ہوتی اور زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے (3)۔

نماز کے بعد دعا سے پہلے حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ حضور کریم ﷺ، حضرت صدیق اور حضرت فاروقِ اعظم تشریف فرما تھے۔ جب میں نماز سے فارغ ہو کر بیٹھا تو پہلے میں نے اللہ تعالیٰ کی ثنا کی، پھر میں نے درود پاک پڑھا پھر اپنے لیے دعا مانگنے لگا، تو حضور نے فرمایا: اب مانگ! تجھے دیا جائے گا۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ کُنْتُ اُصَلِّیْ وَ النَّبِیُّ ﷺ وَ اَبُوْ بَکْرٍ وَ عُمَرُ مَعَهٗ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَدَأْتُ بِالثَّنَاءِ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی ثُمَّ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ ﷺ ثُمَّ دَعَوْتُ لِنَفْسِیْ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ سَلْ تُعْطَهْ (4)۔

امام ترمذی اپنی سنن میں نقل کرتے ہیں:

بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَاعِدٌ اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَجِلْتَ اَیُّهَا الْمُصَلِّیْ اِذَا صَلَّیْتَ فَقَعَدْتَّ فَاحْمَدِ اللّٰهَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَ صَلِّ عَلَیَّ ثُمَّ ادْعُهُ قَالَ ثُمَّ صَلّٰی رَجُلٌ آخَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ ﷺ اَیُّهَا الْمُصَلِّیْ اُدْعُ تُجَبْ (ترمذی، ابوداؤد) (5)

ترجمہ: ایک روز حضور ﷺ تشریف فرما تھے۔ ایک آدمی آیا اُس نے نماز پڑھی اور دعا مانگی: یا اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما۔ حضور نے ارشاد فرمایا: اے نمازی تو نے بڑی جلد بازی سے کام لیا ہے۔ جب نماز پڑھ چکو تو بیٹھو، اللہ کی حمد و ثنا کرو اور مجھ پر درود پڑھو، پھر دعا مانگو۔ پھر دوسرا آدمی آیا اُس نے نماز پڑھی اور اللہ کی حمد و ثنا کی، پھر حضور پر درود پڑھا۔ حضور نے فرمایا: ''اے نمازی اب دعا مانگ قبول ہوگی''۔ اس سے ثابت ہوا کہ ہم اہلِ سُنّت نماز کے بعد جو ذکر اور درود شریف پڑھتے ہیں یہ سنت ہے اور قبولیتِ دعا کا باعث ہے۔ نیز اس سے بآوازِ بلند ذکر اور درود شریف پڑھنا ثابت ہوا۔

جب حضور نبی کریم ﷺ کا اسمِ مبارک لیا جائے تو درود شریف پڑھے۔ جب نامِ گرامی لکھے تو ساتھ درودِ پاک لکھے۔ حضرت

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 512۔ صحیح مسلم، باب استحباب القول مثل قول المؤذن، ج 1، ص 166

2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 513۔ القول البدایع، ص 266۔ مسند امام احمد، ج 6، ص 83-282

3۔ جامع ترمذی، ابواب الزھد، باب صفة الصلوٰة علی النبی ﷺ، ج 1، ص 64

4۔ مشکوٰۃ المصابیح، باب الصلوٰۃ علی النبی ﷺ، ص 87-86۔ الجامع الترمذی، ابواب الصلوٰۃ باب ما ذکر فی الثناء علی اللہ والصلوٰۃ علی النبی ﷺ، ج 1، ص 76

5۔ جامع ترمذی، ابواب الدعوات، ج 2، ص 186۔ مشکوٰۃ المصابیح، باب الصلوٰۃ علی النبی ﷺ، ص 86

تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي

کرو۔ بیشک جو لوگ ایذا پہنچاتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت سے محروم کر دیتا

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ

ہے دُنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اس نے تیار کر رکھا ہے ان کے لیے رُسوا کن عذاب ۹۶ اور جو لوگ دل

يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا

دکھاتے ہیں مومن مردوں اور مومن عورتوں کا بغیر اس کے کہ انہوں نے کوئی معیوب کام کیا ہو، تو انہوں نے اٹھالیا

بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ﴿٥٨﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ ع ۶

(اپنے سر پر) بہتان باندھنے اور کھلے گناہ کا بوجھ ۹۷ اے نبی مکرم! آپ فرمائیے اپنی ازواج مطہرات کو، اپنی صاحبزادیوں کو

سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ خلف نے بیان کیا کہ ان کا ایک دوست حدیث کا طالب علم تھا۔ وہ فوت ہو گیا۔ میں نے اُسے خواب میں دیکھا کہ سبز پوشاک پہنے خوش و خرم گھوم رہا ہے۔ میں نے کہا کہ تم تو وہی میرے ہم مکتب نہیں ہو؟ اُس نے کہا: ہاں، میں وہی ہوں۔ میں نے پوچھا یہ کیا حال بنا رکھا ہے؟ اس نے کہا کہ میری یہ عادت تھی کہ جہاں محمد رسول اللہ ﷺ کا نام نامی لکھتا وہاں درود شریف بھی لکھتا۔ فَكَافَأَنِي هٰذَا الَّذِي تَرَى عَلَيَّ۔ یہ جو کچھ تو دیکھ رہا ہے میرے رب نے مجھے اس عمل کا بدلہ دیا ہے (1)۔ حضرت عبداللہ بن حکم کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت امام شافعی کو دیکھا۔ پوچھا: فرمایئے اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ آپ نے فرمایا:

رَحِمَنِي وَغَفَرَ لِي وَزَفَّنِي إِلَى الْجَنَّةِ كَمَا تُزَفُّ الْعُرُوسُ وَنَثَرَ عَلَيَّ كَمَا يُنْثَرُ عَلَى الْعَرُوسِ۔ ''میرے رب نے مجھ پر رحم فرمایا، مجھے بخش دیا، مجھے دلہن کی طرح آراستہ کر کے جنت میں بھیجا گیا اور مجھ پر جنت کے پھول نچھاور کیے گئے جس طرح دلہن پر درہم و دینار نچھاور کیے جاتے ہیں۔'' میں نے اس عزت افزائی کی وجہ پوچھی تو بتایا گیا کہ اپنی کتاب ''الرسالہ'' میں حضور ﷺ پر میں نے جو درود لکھا ہے، اس کا یہ اجر ہے۔ عبداللہ بن حکم کہتے ہیں میں نے امام سے پوچھا۔ وہ خاص درود شریف کیا ہے؟ آپ نے بتایا کہ میں نے وہاں یہ درود شریف لکھا ہے: وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ۔ میں بیدار ہوا اور کتاب الرسالہ کو کھولا تو وہاں بعینہٖ اسی طرح درود شریف لکھا ہوا تھا (2)۔

۹۶ سابقہ آیت میں اپنے محبوب کریم ﷺ پر جو پیہم رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوتا رہتا ہے، اس کا ذکر فرمایا۔ اس آیت میں ان لوگوں کی بدبختی اور بدنصیبی کا بیان ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم کو اپنی بداعمالیوں یا نازیبا اقوال سے اذیت پہنچاتے ہیں۔

۹۷ ساتھ ہی ان لوگوں کو سرزنش کر دی جو اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کو بغیر کسی قصور کے ستایا کرتے ہیں۔ کبھی ان پر جھوٹی تہمتیں لگاتے ہیں، کبھی راہ چلتے ان کی بے عزتی کر دیتے ہیں، کبھی انہیں زدوکوب کرتے ہیں۔ وہ سن لیں کہ وہ بہتان تراشی اور کھلے گناہ کا

1۔ القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع از شمس الدین ابی الخیر محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی، متوفی 902ھ، ص 356 2۔ ایضاً، ص 59-358

وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ

اور جملہ اہلِ ایمان کی عورتوں کو کہ (جب وہ باہر نکلیں تو) ڈال لیا کریں اپنے اوپر اپنی چادروں کے پلو ۹۸ اس طرح

بوجھ اپنے اوپر لادرہے ہیں۔ جب عام مسلمانوں کی دلآزاری کا یہ حکم ہے تو جو بدنصیب ازواجِ مطہرات، آلِ پاک اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کی جناب میں گستاخیاں کرتا ہے اور ان کے دلوں کو دکھاتا ہے اس کا انجام کیا ہوگا؟ یہاں ایک حدیث پاک سماعت فرمایئے:

عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اَللهَ اللهَ فِيْ اَصْحَابِيْ اَللهَ اللهَ فِيْ اَصْحَابِيْ لَاتَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِّنْ بَعْدِيْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَ مَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَ مَنْ اٰذَاهُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللهَ وَمَنْ اٰذَى اللهَ فَيُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهٗ۔ (1)

ترجمہ: اللہ کے رسول نے فرمایا: میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ میرے بعد انہیں طعن و تشنیع کا ہدف نہ بنالینا۔ پس جو شخص ان سے محبت کرتا ہے وہ میری محبت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے اور جو ان سے بغض رکھتا ہے تو وہ مجھ سے بغض کے باعث ایسا کرتا ہے۔ جس نے انہیں اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی، اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیّت دی اور جو ایسا کرتا ہے اسے پکڑ لیا جاتا ہے۔ (مظہری)

۹۸ تمام جاہلی تہذیبوں میں خواہ شرقی ہوں یا غربی، قدیم ہوں یا جدید، عورت کو ایک کھلونا ہی سمجھا جاتا رہا اور سمجھا جاتا ہے۔ ہوسناک نگاہیں اس کا تعاقب کرنے میں ذرا شرم محسوس نہیں کرتیں۔ جب تک عورت اپنے حقوق سے بے خبر اور محروم تھی، اس وقت تک حکماً اسے محفلِ رقص و سرود کی زینت بننے پر مجبور کیا جاتا رہا۔ اور جب اُسے اپنے حقوق سے آگاہی ہوئی تو پُرانے شکاریوں نے اُس کو پھانسنے کے لیے نیا جال بچھا دیا۔ انہوں نے اپنا سارا فلسفہ اور زورِ قلم اس کو یہ باور کرانے میں صرف کر دیا کہ اب تو آزاد ہے تجھے یہ حق پہنچتا ہے کہ تو بَن سنور کر سات سنگھار کر کے گھر سے نکلے۔ اس کے بعد تیرا جی چاہے تو بازاروں اور شاہراہوں پر محوِ خرام رہے، چاہے کسی قہوہ خانے کی آرائش میں اضافہ کرے، چاہے کسی شبینہ کلب میں یا بزمِ عیش و طرب میں اپنے حسن کی نمائش کرے کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ تیری اس آزادی میں روڑا اٹکائے۔ اللہ تعالیٰ جس طرح مردوں کا خالق ہے اسی طرح عورتیں بھی اس کی مخلوق ہیں۔ وہ دونوں سے پیار کرتا ہے اور اسے دونوں کی خیر خواہی مطلوب ہے۔ وہ جس طرح مردوں کو آبرومندانہ اور باوقار زندگی گزارنے کا حکم دیتا ہے۔ اسی طرح وہ عورت کو بھی عِفّت و عصمت اور شرم و حیا کا پیکر بن کر رہنے کی تلقین کرتا ہے۔

مدینہ طیبہ میں یہود و مُشرکین کی کافی تعداد تھی جن کے اوباش نوجوان شرم و حیا کی قدروں سے ناواقف اور فِسق و فُجور کے دلدادہ تھے۔ ان کی دوسری کمینہ حرکات کے علاوہ ایک رذیل عادت یہ بھی تھی کہ جب عورتیں اپنے گھروں سے کسی ضروری کام کے لیے نکلتیں تو وہ ان کا دور تک تعاقب کرتے۔ خصوصاً شام کے دُھندلکے میں جب مستورات قضائے حاجت کے لیے باہر جاتیں تو راستوں پر نشیبی جگہوں پر، درختوں کی اوٹ میں کھڑے ہو جاتے اور جب کوئی عورت ادھر آنکلتی تو اس کو پھانسنے کی کوشش کرتے۔ یہ اُن کے ہاں عام دستور تھا۔ اس کو زیادہ معیوب بھی نہیں سمجھا جاتا تھا۔ ان کے بڑے بوڑھے بھی ایسی حرکتوں

1۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج 7، ص 383۔ مسند امام احمد، ج 5، ص 55-54

کو جوانی کی خرمستیاں کہہ کر ٹال مٹول کر دیا کرتے۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یثرب کی سرزمین کو اپنے قدومِ میمنت لزوم سے مشرف کیا اور مسلمان خواتین کو بھی ضروری کاموں کے لیے گھر سے نکلنا پڑتا، تو وہ اوباش یہی رذیل حرکتیں کرتے۔ اگر انہیں ٹوکا جاتا تو وہ کہتے ہم پہچان نہیں سکے کہ یہ مسلم خاتون ہے ورنہ ہماری کیا مجال تھی کہ ہم ایسا کرتے۔ چنانچہ مسلمانوں نے اپنی اس تکلیف کا تذکرہ بارگاہ رسالت میں کیا، تو یہ آیت نازل ہوئی۔ اے نبی مکرم! آپ اپنی ازواجِ مطہرات، اپنی دُخترانِ پاک نہاد اور ساری مسلمان عورتوں کو یہ حکم دے دیں کہ جب وہ اپنے گھروں سے باہر نکلیں تو ایک بڑی چادر سے اپنے آپ کو اچھی طرح لپیٹ لیا کریں۔ پھر اس کا ایک پلّو اپنے چہرے پر ڈال لیا کریں تاکہ دیکھنے والوں کو پتہ چل جائے کہ یہ مسلمان خاتون ہے۔ اس طرح کسی بدباطن کو تمہیں ستانے کی جرأت نہ ہوگی۔

جلابیب جمع ہے، اس کا واحد جلباب ہے اور جلباب اس بڑی چادر کو کہتے ہیں جو سارے جسم کو ڈھانپ لے۔ اِنَّهُ الثَّوْبُ الَّذِیْ یَسْتُرُ جَمِیْعَ الْبَدَنِ(1)۔ علامہ زمخشری ''یدنین'' کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یُرْخِیْنَهَا عَلَیْهِنَّ وَ یُغَطِّیْنَ بِهَا وُجُوْهَهُنَّ وَ اَعْطَافَهُنَّ(2)۔ یعنی اپنی چادروں کو اپنے اوپر ڈال لو، اپنے چہروں اور کندھوں کو چادر سے چھپالو۔ علامہ زمخشری کے اس قول سے معلوم ہوگیا کہ لغوی طور پر بھی یدنین علیھن کا یہ مفہوم ہے کہ چادر کو اپنے اوپر اس طرح ڈالا جائے کہ سارا جسم ڈھک جائے۔ کندھے اور چہرہ بھی برہنہ نہ رہے۔ علامہ ابوحیان لکھتے ہیں کہ ہمارے ہاں اندلس میں مسلمان خواتین اس طرح پردہ کرتی ہیں کہ سارا چہرہ چھپا ہوا ہوتا ہے۔ صرف ایک آنکھ کھلی ہوتی ہے۔ وَكَذَا عَادَةُ بِلَادِ الْاَنْدُلُسِ لَا یَظْهَرُ مِنَ الْمَرْاَةِ اِلَّا عَیْنُهَا الْوَاحِدَةُ۔ (بحر)(3)

پردہ کے احکام بالتفصیل آپ سورۂ نور میں پڑھ چکے ہیں۔ یہاں بھی واضح طور پر امہات المومنین اور دخترانِ رسالتمآب کو خصوصاً اور تمام مسلمان عورتوں کو عموماً حکم دے دیا گیا کہ وہ باہر نکلیں تو بڑے وقار اور آبرومندانہ طریقہ سے نکلیں۔ ایک بڑی چادر سے اپنے سارے جسم اور اکثر چہرہ کو ڈھانکا ہوا ہو۔ آج ہمارے معاشرے کا جو حال ہے اور نوجوان عورتوں نے جس طرح شرم وحیا کی چادر کو اتار کر پھینک دیا ہے۔ ننگے سر، نیم عُریاں لباس میں جس طرح وہ بن سنور کر بازاروں میں پھرتی اور عام محفلوں میں شرکت کرتی ہیں، انہیں دیکھ کر کون یہ سمجھ سکتا ہے کہ یہ دخترانِ اسلام ہیں؟ ایک دفعہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کی خدمت میں بنو تمیم قبیلہ کی چند عورتیں حاضر ہوئیں۔ انہوں نے باریک لباس پہنا ہوا تھا۔ انہیں دیکھ کر ام المومنین نے فرمایا: اِنْ كُنْتُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَیْسَ هٰذَا بِلِبَاسِ الْمُؤْمِنَاتِ وَاِنْ كُنْتُنَّ غَیْرَ مُؤْمِنَاتٍ فَتَمَتَّعْنَ (قرطبی)(4) یعنی اگر تم مومن عورتیں ہو تو سن لو کہ یہ لباس مومن خواتین کا نہیں ہوتا اور اگر تم مومن نہیں ہو تو پھر جو چاہو کرو۔ آخر میں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی بھی نہ بھولیے: نِسَاءٌ كَاسِیَاتٌ عَارِیَاتٌ مَائِلَاتٌ مُمِیْلَاتٌ رُؤُوْسُهُنَّ مِثْلُ اَسْنِمَةِ الْبُخْتِ لَا یَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا یَجِدْنَ رِیْحَهَا۔ یعنی کئی عورتیں جنہوں نے لباس پہنا ہوتا ہے لیکن وہ ننگی ہوتی ہیں، ناز وادا سے جھکتی ہیں اور جھکاتی ہیں ان کے سر اس طرح ہیں جس طرح بخت نسل کے اونٹوں کی کوہان۔ یہ عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی اور نہ انہیں اُس کی ہوا لگے گی(5)۔

اب آپ دیکھیے کہ ہماری فیشن پرست لڑکیاں جو لباس پہنتی ہیں کیا وہ اس لباس کے باوجود ننگی نہیں ہوتیں۔ وہ کس طرح

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 243
2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 560
3۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 250
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 244
5۔ ایضاً

اَدْنٰۤى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾

وہ بآسانی پہچان لی جائیں گی پھر انہیں ستایا نہیں جائے گا ۹۹ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، ہر دم رحم فرمانے والا ہے ۱۰۰

مٹک مٹک کر چلتی ہیں اور سروں پر جو انہوں نے مصنوعی جُوڑے (WIG) رکھے ہوتے ہیں، کیا وہ اونٹ کی کوہان کی طرح نظر نہیں آتے۔ وہ اپنا انجام دیکھ لیں۔ حضور نے اپنے نورِ نبوت سے چودہ سو سال پہلے ہی آج کی مغربی تہذیب کی دلدادہ عورت کی کس طرح نشاندہی فرمادی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں شرم وحیا عطا فرمائے۔

یہاں حضور کی صاحبزادیوں کا جب ذکر آیا تو قرآن نے بنت ایک صاحبزادی نہیں کہا بلکہ جمع کا لفظ بنات استعمال کیا جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ حضور کی ایک صاحبزادی نہ تھی بلکہ متعدد صاحبزادیاں تھیں اور شیعہ کی معتبر کتابوں میں بھی اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت خدیجہؓ کے بطن سے حضور ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ یہاں فقط دو حوالے پیش کرتا ہوں۔ اصولِ کافی، جو اس فرقہ کی معتبر ترین کتاب ہے اس میں لکھتے ہیں:

وَتَزَوَّجَ خَدِيْجَةَ وَ هُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَّ عِشْرِيْنَ سَنَةً فَوُلِدَ لَهٗ مِنْهَا قَبْلَ مَبْعَثِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْقَاسِمُ وَ رُقَيَّةُ وَ زَيْنَبُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَّ وُلِدَ لَهٗ بَعْدَ الْمَبْعَثِ الطَّيِّبُ وَ الطَّاهِرُ وَ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ۔ (1)

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت خدیجہؓ سے شادی کی جب کہ حضور کی عمر مبارک پچیس سال کے قریب تھی اور حضرت خدیجہؓ کے بطن سے حضور کی یہ اولاد پیدا ہوئی۔ بعثت سے پہلے قاسم، رقیہ، زینب اور اُمِ کلثوم اور بعثت کے بعد طیّب، طاہر اور فاطمہ علیہا السلام پیدا ہوئیں۔

ان کی دوسری کتاب حیوٰۃ القلوب میں علامہ مجلسی رقمطراز ہیں: ''در قرب الاسناد بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ از برائے رسولِ خدا ﷺ از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و ام کلثوم و رقیہ و زینب۔ (2)

ترجمہ: قرب الاسناد میں معتبر سند سے حضرت جعفر صادق سے روایت ہے کہ حضرت خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے بطن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ اولاد پیدا ہوئی: طاہر، قاسم، فاطمہ، ام کلثوم، رقیہ اور زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ان روشن تصریحات کے باوجود جو لوگ سرورِ عالم ﷺ کی تین صاحبزادیوں کا انکار کرتے ہیں۔ خاندانِ نبوت سے ان کی بے مہری اور بے مروتی محتاج بیان نہیں۔

۹۹ یعنی اگر وہ اس طرح چادر اوڑھ کر چہرہ ڈھانک کر باہر نکلیں گی، تو انہیں دور سے پہچان لیا جائے گا کہ یہ عفت مآب اور عصمت شعار مومنہ ہے۔ کسی کو جرأت نہیں ہوگی کہ اس کی طرف بری نظر اٹھا کر دیکھ سکے۔ نیز اگر عورت شرم وحیا کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے اور بن سنور کر باہر نہ نکلے، اپنے لباس، اپنی چال سے کسی کو دعوتِ نظارہ نہ دے تو کسی کی مجال نہیں ہوتی کہ وہ اس کی طرف ہوسناک نگاہوں سے دیکھے۔ اس جملہ سے اس حقیقت کی طرف اشارہ کر دیا کہ اگر تم اس طرح چادر اوڑھ کر نکلو گی تو تمہارے ساتھ کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کرے گا اور تم ہر قسم کی اذیّت سے بچ جاؤ گی۔ اسلام نے پردہ اور شرم وحیا کے جو اصول تمہیں بتائے ہیں، ان پر عمل کرنے سے تمہارا ہی بھلا ہوگا۔

۱۰۰ یعنی اسلام قبول کرنے سے پہلے جو غلطیاں تم سے سرزد ہوئیں یا اب نادانستہ کوئی لغزش ہوگئی، تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ تم

1۔ اصول کافی، ج 1، ص 365 2۔ حیوٰۃ القلوب، ج 2، ص 718، مطبوعہ مکتبہ منشی لکھنؤ

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ

اگر (اپنی حرکتوں سے) باز نہ آئے منافق اور جن کے دلوں میں بیماری ہے اور شہر میں جھوٹی افواہیں

فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا

اڑانے والے، تو ہم آپ کو مسلط کر دیں گے ان پر پھر وہ نہ ٹھہر سکیں گے آپکے پاس مدینہ طیبہ میں مگر

قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾

چند روز[101] وہ بھی اس حال میں کہ ان پر لعنت برس رہی ہوگی۔ جہاں پائے جائینگے پکڑ لیے جائینگے اور جان سے مار ڈالے جائینگے[102]

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

اللہ کی سُنت ان (بدقماشوں) کے متعلق بھی یہی تھی جو پہلے گزر چکے۔ اور آپ سُنت الٰہی میں ہرگز کوئی تغیر و تبدل

تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ

نہ پائیں گے[103] لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں۔ فرمایئے اس کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ

توبہ کرو گے وہ توبہ قبول فرمائے گا، تم اظہارِ ندامت کرتے ہوئے حاضر ہو گے تو تمہاری خطائیں بخش دی جائیں گی۔

[101] اگر منافقین مسلمان خواتین کو تنگ کرنے سے باز نہ آئے اور مسلمانوں کے خلاف جھوٹی افواہیں اڑانے والوں نے اپنی زبانیں بند نہ کیں، تو وہ یاد رکھیں انہیں من مانی کرنے کے لیے آزاد نہیں چھوڑا جائے گا۔ بلکہ ہم آپ کو اُن پر غلبہ اور تسلّط عطا فرمائیں گے اور وہ آپ کے فیصلہ کے آگے سرِ تسلیم خم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

اَلْمُرْجِفُوْنَ: ارجاف سے ہے۔ اس کا معنی ہے جھوٹی اور غلط افواہیں پھیلانا۔ اَلْاِرْجَافُ اِشَاعَةُ الْكَذِبِ وَ الْبَاطِلِ۔ نُغْرِيَنَّكَ اَیْ نُسَلِّطَنَّكَ عَلَيْهِمْ فَتَسْتَاْصِلُ عَلَيْهِمْ بِالْقَتْلِ (قرطبی)(1) یعنی ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے اور آپ ان کے قتل کا حکم دے کر انہیں نیست و نابود کر دیں گے۔ قَلِيْلًا ترکیب میں کیا ہے۔ اس کے متعلق دو قول ہیں: پہلا یہ کہ يُجَاوِرُوْنَ میں هُمْ ضمیر کا حال ہے۔ اس صورت میں معنی ہوگا کہ وہ نہایت قلیل تعداد میں کچھ عرصہ یہاں رہیں گے۔ پھر انہیں قتل کر دیا جائے گا۔ اَیْ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ اِلَّا فِيْ حَالِ قِلَّةٍ۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قَلِيْلًا وقتِ محذوف کی صفت ہے۔ اَنْ يَكُوْنَ الْمَعْنٰى اِلَّا وَقْتًا قَلِيْلًا۔ یعنی وہ بہت قلیل عرصہ مدینہ طیبہ میں رہیں گے۔ اس کے بعد انہیں یہاں سے نکال دیا جائے گا(2)۔

[102] منافقوں اور بد باطن لوگوں کے لیے اے حبیب! تیرے پڑوس میں کوئی جگہ نہیں۔ یہ چند روز یہاں رہیں گے۔ اس کے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 246 2۔ ایضاً، جز 14، ص 247

اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

کے پاس ہے ۱۰۲ اور (اے سائل!) تو کیا جانے شاید وہ گھڑی قریب ہی ہو بیشک اللہ تعالیٰ

لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

نے اپنی رحمت سے محروم کر دیا کفار کو اور تیار کر رکھی ہے اس نے انکے لیے بھڑکتی آگ۔ وہ ہمیشہ رہیں گے اس میں تا ابد۔

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۶۵﴾ ۚ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي

نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار۔ جس روز وہ منہ کے بل

النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿۶۶﴾ وَقَالُوْا

آگ میں پھینکے جائینگے ۱۰۵ تو (بصد یاس) کہیں گے اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ تعالیٰ کی اور ہم نے اطاعت کی ہوتی رسول اکرم

بعد انہیں یہاں سے نکال دیا جائے گا۔ جہاں جائیں گے ان پر لعنت اور پھٹکار ہوگی۔ جہاں بھی وہ پائے جائیں گے اپنی بداعمالیوں کی پاداش میں انہیں گرفتار کر لیا جائے گا اور انہیں بڑی رسوائی اور ذلت کے ساتھ موت کے گھاٹ اتار دیا جائے گا۔

۱۰۳ یہ اللہ تعالیٰ کا دستور ہے کہ جو لوگ اس کے رسول کے ساتھ منافقانہ رویہ اختیار کرتے ہیں اور مارِ آستین بن کر مسلمانوں کو اذیت پہنچاتے رہتے ہیں، ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک روا رکھا جاتا ہے۔

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق اور فاروقِ اعظم کے ایمان کی یہ بھی ایک قطعی دلیل ہے کہ اگر ان کے دل میں نفاق ہوتا یا وہ اسلام کے بدخواہ ہوتے، جس طرح کئی بدباطن کہتے ہیں، تو اس ارشادِ ربانی کے مطابق وہ مدینہ میں نہ ٹھہر سکتے اور ان کے ساتھ وہ سلوک روا رکھا جاتا جو پہلی آیتوں میں مذکور ہے اور حال یہ ہے کہ وہ آج بھی صرف مدینہ طیبہ میں نہیں، بلکہ عرشِ بریں سے بھی زیادہ متبرک اور مقدس گنبدِ خضرا میں اللہ تعالیٰ کے محبوب رسول ﷺ کے پہلو میں اور دامنِ کرم میں تشریف فرما ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ان گنت اور بیشمار رحمتیں اور برکتیں جو اس کے حبیب پر نازل ہو رہی ہیں، اس سے وہ بھی محظوظ ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حق کو یوں آشکارا کرتا ہے، لیکن دل کے اندھے نورِ حق کو پھر بھی نہیں دیکھ سکتے۔

۱۰۴ جب انہیں عذابِ جہنم سے ڈرایا جاتا تو وہ ازراہِ مذاق پوچھتے: جناب! ذرا یہ تو فرمایئے وہ قیامت آئے گی کب؟ جس سے آپ ہمیں ڈراتے رہتے ہیں۔ وہ اس لیے نہیں پوچھتے تھے تاکہ وہ توبہ کریں اور اپنے کرتوتوں سے باز آجائیں۔ اس لیے ان کے حسبِ حال جواب دیا گیا۔ (علمِ قیامت کی بحث پہلے گزر چکی ہے۔)(1)

۱۰۵ جب انہیں آتشِ جہنم میں پھینک دیا جائے گا اور آگ میں جلنے کے باعث ان کے چہرے کی رنگت ہر لحظہ بدلتی رہے گی کبھی زرد، کبھی سرخ، کبھی سیاہ۔ هٰذَا التَّقْلِيْبُ تَغْيِيْرُ اَلْوَانِهِمْ بِلَفْحِ النَّارِ فَتَسْوَدُّ مَرَّةً وَ تَخْضَرُّ اُخْرٰى (قرطبی)(2) دیگر

1۔ دیکھیے تفسیر ضیاء القرآن، سورۂ لقمان، آیت 34 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 249

رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ

کی۔ اور عرض کریں گے اے ہمارے رب! ہم نے پیروی کی اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑے لوگوں کی پس ان (ظالموں نے) ہمیں بہکا دیا سیدھی راہ سے اے ہمارے رب!

اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۵

ان کو دوگنا عذاب دے اور لعنت بھیج ان پر بہت بڑی لعنت ۱۰۷ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا

ایمان والو! نہ بن جانا ان (بدبختوں) کی طرح جنہوں نے موسےٰ کو ستایا۔ پس بری کر دیا انہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے جو انہوں

قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا

نے کہا ۱۰۸ اور آپ اللہ کے نزدیک بڑے شان والے تھے ۱۰۹ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو

حضرات نے اس کا معنی کیا ہے اَیْ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ(1)۔ مونہوں کے بل انہیں آگ میں گھسیٹا جائے گا۔ اس وقت وہ کفِ افسوس ملیں گے، لیکن بیسود۔

۱۰۶ معذرت خواہی کرتے ہوئے عرض کریں گے: اے ہمارے رب! اس میں ہمارا اتنا قصور نہیں۔ ہمارے سردار اور پیشوا ہمیں جس راہ پر چلاتے رہے ہم چلتے رہے۔ انہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا۔

۱۰۷ الٰہی! ہم بے قصور ہیں، ہمیں معافی ملنی چاہیے۔ لیکن اگر ہمیں معافی نہیں ملتی، تو ہماری یہ درخواست ضرور قبول ہو کہ ان سرداروں اور سرغنوں کو دو چند عذاب دیا جائے۔ ان ظالموں نے اپنے آپ کو بھی ہلاک کیا اور ہمارا بیڑا بھی غرق کر دیا۔ ان کا دوہرا جرم ہے، انہیں سزا بھی دگنی ملنی چاہیے۔

۱۰۸ بنی اسرائیل اپنے پیغمبر اور اپنے نجات دہندہ موسیٰ علیہ السلام کو بات بات پر دکھ دیتے تھے، قدم قدم پر مخالفت کرتے تھے۔ باوجود اس کے کہ انہیں اپنا رسول مانتے تھے، لیکن ان کے ہر حکم سے سرتابی کرنا ان کی فطرتِ ثانیہ بن چکی تھی۔ تورات کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے اس جلیل القدر پیغمبر کی دلآزاری کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔ یہ داستان بڑی طویل ہے۔ لیکن چند جملے آپ بھی پڑھ لیں۔

بنی اسرائیل مصر میں غلامی اور ذلت کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم ربانی کے مطابق مصر سے ہجرت کا حکم دیا۔ چند قدم چلے تو پچھتانے لگے اور اپنے نجات دہندہ اور اللہ تعالیٰ کے کلیم سے یوں گویا ہوئے:

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 6، ص 2862

''تب انہوں نے ان سے کہا کہ خداوند ہی دیکھے اور تمہارا انصاف کرے کیونکہ تم نے ہم کو فرعون اور اس کے خادموں کی نگاہ میں ایسا گھناؤنا کیا ہے کہ ہمارے قتل کے لیے ان کے ہاتھ میں تلوار دے دی ہے''۔ (خروج باب ۵، آیات ۲۲،۲۱)(1)

انہوں نے سمندر کو بخیر وخوبی عبور کرلیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی ضرب سے اس کی بپھری ہوئی موجیں سمٹ گئیں۔ ان کے لیے راستے بن گئے۔ یہ ساحل پر بسلامت پہنچ گئے۔ فرعون اور اس کا لشکر ان کی آنکھوں کے سامنے تباہ ہوا۔ ان معجزات کو دیکھنے کے بعد جب سینا میں وہ پہنچے تو اپنے رسول سے یوں خطاب کیا۔

''اور موسیٰ سے کہنے لگے کیا مصر میں قبریں نہ تھیں جو تو ہم کو وہاں سے مرنے کے لیے بیاباں میں لایا۔ تو نے ہم سے یہ کیا کیا کہ ہم کو مصر سے نکال لایا۔ کیا ہم تجھ سے مصر میں یہ بات نہ کہتے تھے کہ ہم کو رہنے دے کہ ہم مصریوں کی خدمت کریں کیونکہ ہمارے لیے مصریوں کی خدمت کرنا بیابان میں مرنے سے بہتر ہوتا۔ (خروج۔ ب ۱۴: ۱۲،۱۱)(2)

دشتِ سینا میں جب دھوپ لگی اور پیاس نے تنگ کیا تو یوں گلفشانی کرنے لگے:

''اور اس بیابان میں بنی اسرائیل کی ساری جماعت موسیٰ اور ہارون پر بڑبڑانے لگی اور بنی اسرائیل کہنے لگے: کاش کہ ہم خداوند کے ہاتھ سے ملکِ مصر میں جب ہی مار دیئے جاتے جب ہم گوشت کی ہانڈیوں کے پاس بیٹھ کر دل بھر کر روٹی کھاتے تھے، کیونکہ تم تو ہم کو اس بیابان میں اسی لیے لے آئے ہو کہ سارے مجمع کو بھوکا مارو''۔ (خروج ب ۱۶: ۳،۲)(3)

مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو:

کتاب الخروج ۱۷: ۵،۱

کتاب گنتی ۱۱: ۱ تا ۱۵۔ ۱۴: ۱ تا ۱۰۔ ۱۶ مکمل۔ ۲۰: ۵،۱۔

اے ایمان کا دعویٰ کرنے والو! تم بنی اسرائیل کی روش اختیار کر کے میرے محبوب کی دلآزاری نہ کرنا۔ ورنہ تم کو اس گستاخی کی ایسی سزا ملے گی جس سے نجات کے سارے دروازے بند ہو جائیں گے۔ اس سے ثابت ہوا کہ ہر وہ چیز جس سے نبی کریم کو تکلیف پہنچے، وہ قطعاً ممنوع ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، اس کی صفاتِ کمال کا انکار کرنا، حضور کی ذاتِ اقدس و اطہر پر بہتان باندھنا، اللہ تعالیٰ نے حضور کو جن کمالات سے سرفراز فرمایا ہے ان کا انکار کرنا، حضور کے دین اور شریعت کے قوانین کو ناقابلِ عمل کہنا، حضور کی آلِ اطہار پر معترض ہونا، حضور کے صحابہ پر زبانِ طعن دراز کرنا، یہ سب ایسے امور ہیں جن سے حضور کے قلبِ مبارک کو تکلیف پہنچتی ہے۔ ان تمام امور سے اجتناب ضروری ہے۔

۱۰۹ بنی اسرائیل کے اوباش، موسیٰ علیہ السلام پر اعتراض کیا کرتے تھے اور ان کی عیب جوئی کر کے ان کا دل دکھاتے تھے حالانکہ اللہ رب العالمین کے نزدیک ان کا مقام بہت اونچا اور مرتبہ بہت ہی بلند تھا۔ ''وَجِیْہٌ'' کہتے ہیں بلند مرتبہ۔ اَلْوَجِیْہُ ذُوْجَاہٍ وَّ مَنْزِلَۃٍ (کشاف)(4) اَلْوَجِیْہُ عِنْدَ الْعَرَبِ الْعَظِیْمُ الْقَدْرِ وَ الرَّفِیْعُ الْمَنْزِلَۃِ(5)۔ جس کی شان بہت بڑی ہو، جس کا رتبہ بہت بلند ہو عربی میں اس کو وجیہ کہتے ہیں۔

1۔ کتاب مقدس (پرانا عہد نامہ) خروج، باب 5، آیت 22-21، ص 58 2۔ ایضاً، باب 14، آیت 12-11، ص 66 3۔ ایضاً، باب 16، آیت 3-2، ص 68

4۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 563 5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 252

اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اور ہمیشہ سچی (اور درست) بات کہا کرو۔ ۱۱۰ تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو درست کر دے گا ۱۱۱ اور تمہارے

ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾

گناہوں کو بھی بخش دے گا ۱۱۲ اور جو شخص حکم مانتا ہے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کا تو وہی شخص حاصل کرتا ہے بہت بڑی کامیابی ۱۱۳

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ

ہم نے پیش کی یہ امانت آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کے سامنے (کہ وہ اس کی ذمہ داری اُٹھائیں) تو انہوں نے

اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

انکار کر دیا، اس کے اُٹھانے سے اور وہ ڈر گئے اس سے اور اُٹھا لیا اس کو انسان نے، بے شک یہ

۱۱۰ اے اہلِ ایمان! اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول کا دل دکھانا اور اس کی شان کا انکار کرنا تو بہت بڑا گناہ ہے۔ تمہیں تو تقویٰ اور پارسائی کا شیوہ اختیار کرنا چاہیے اور جب بات کرو تو سچی اور درست بات کرو، کوئی جھوٹی بات تمہارے منہ سے نہ نکلے۔

۱۱۱ یعنی اگر تم اپنے عمل میں تقویٰ اور راست روی کو اور اپنے قول میں حق وصداقت کو اپنا شعار بنا لو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو ہر کجی سے پاک فرما دے گا اور انہیں شرفِ قبول بخشے گا۔ بعض نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید اعمالِ صالحہ کی توفیق عطا فرمائے گا (1)۔

۱۱۲ اور اس سے پہلے جو لغزشیں تم سے سرزد ہوئی تھیں، وہ سب معاف کر دی جائیں گی۔ وہ لوگ جن کے سامنے تم سے گناہ سرزد ہوئے تھے ان کے حافظے سے بھی ان کی یاد مٹ جائے گی، بلکہ فرشتوں نے جو دفترِ عمل تمہارا تیار کر رکھا ہے، وہاں سے بھی تمہارے گناہوں کی تحریر محو کر دی جائے گی، انس وملک کی آنکھوں میں تم محترم ومکرم بنا دیئے جاؤ گے۔ واقعی اللہ تعالیٰ جب اپنے کسی بندے پر نظرِ لطف وکرم فرماتا ہے اور اس کے دل کو اپنی یاد اور ذکر کی لذت سے آشنا کر دیتا ہے، تو اس کی کایا ہی پلٹ جاتی ہے اور اس کے چہرہ پر ایک نور برستا ہوا نظر آتا ہے۔ بے ساختہ لوگوں کے دل اس کی طرف کھچے چلے جاتے ہیں۔

۱۱۳ فوزِ عظیم اور فلاحِ دارین کا تاج صرف اس کے سر پر رکھا جاتا ہے جو پیکرِ تسلیم ورضا بن کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ معظم کے ہر ارشاد کے سامنے بصد شوق اور بہ ہزار مسرت اپنا سرِ نیاز جھکا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اپنی بندگی اور اپنے پیارے حبیب محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فداہُ ابی وامی کی غلامی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 387

ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ

ظلوم بھی ہے (اور) جہول بھی ۱۱۴ تاکہ عذاب دے اللہ تعالیٰ نفاق کرنے والوں اور نفاق کرنے والیوں کو

۱۱۴ ارباب لُغت، علمائے شریعت اور عارفین نے اپنی اپنی حدِ فہم اور ذوق کے مطابق اس کی وضاحت کی ہے۔ قرآنِ کریم کے اسرار و معارف کو آشکارا کرنے میں ان حضرات نے جو مخلصانہ کوششیں کی ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں قبول فرمائے اور ہمیں ان کے ذریعہ سے حق پر ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

میں یہاں ہر مکتبِ فکر کا نقطۂ نظر پیش کرتا ہوں۔ اہلِ لُغت نے لکھا ہے کہ جب کوئی شخص امانت کو واپس کرنے سے انکار کر دے اور اس میں خیانت کرے تو عرب کہتے ہیں: حَمَلَ الْاَمَانَةَ، یعنی اس نے امانت واپس کرنے سے انکار کیا اور اس کا بوجھ اٹھالیا۔ اس آیتِ طیبہ میں حَمَلَ اسی معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ اس لغوی تحقیق کے پیشِ نظر آیت کا معنی ہوگا: ہم نے آسمانوں زمین اور پہاڑوں پر اس امانت کو پیش فرمایا۔ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا۔ تو انہوں نے اس امانت میں خیانت کرنے سے انکار کر دیا۔ جو حکمِ ربانی ملا، بے چون و چرا اس کی تعمیل میں لگ گئے، سرِ مُو انحراف اور سستی نہیں کی۔ وَ اَشْفَقْنَ مِنْهَا۔ وہ اس بات سے ڈرے کہ کہیں امانت میں خیانت کرنے سے وہ غضبِ الٰہی کا شکار نہ ہو جائیں۔ فَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ۔ لیکن انسان نے اس امانت میں خیانت کی اور اس کا بوجھ گردن پر اٹھایا۔ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا۔ بیشک انسان بڑا ظالم اور نادان ہے۔ لسان العرب کی عبارت ملاحظہ فرمایئے: وَ كُلُّ مَنْ خَانَ الْاَمَانَةَ فَقَدْ حَمَلَهَا وَ كَذٰلِكَ كُلُّ مَنْ اَثِمَ فَقَدْ حَمَلَ الْاِثْمَ وَ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا يَعْنِي الْاَمَانَةَ وَ اَدَّيْنَهَا وَ اَدَائُهَا طَاعَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْمَا اَمَرَهَا بِهٖ۔ وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ، قَالَ الْحَسَنُ: اَرَادَ الْكَافِرَ وَ الْمُنَافِقَ اَيْ حَمَلَ الْاَمَانَةَ اَيْ خَانَا: وَلَمْ يُطِيْعَا: قَالَ هٰذَا الْمَعْنٰى وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ صَحِيْحٌ۔ وَ مَنْ اَطَاعَهٗ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ فَلَا يُقَالُ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا (1)۔

اہلِ لغت کی بیان کردہ تفسیر کے بعد اب علمائے کرام کا نقطۂ نظر ملاحظہ فرمایئے۔ ان کے نزدیک امانت سے مراد تکلیفاتِ شرعیہ ہیں۔ جن میں عبادات، اخلاقیات اور ہر قسم کے قوانین داخل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمین اور پہاڑوں کو فرمایا کہ ہم تمہیں اختیار اور ارادہ کی آزادی دیتے ہیں، کیا تم اس اختیار و آزادی کے ساتھ اس امانت کا بار اٹھانے کے لیے تیار ہو؟ انہوں نے اعترافِ عجز کرتے ہوئے معذرت خواہی کر دی اور اپنی بے بسی کا اقرار کیا۔ یہ بوجھ بہت گراں ہے، ہم اسے اٹھانے سے قاصر ہیں، ہمیں اطاعت کے ثواب کی امید سے عصیان و نافرمانی کے عذاب کا اندیشہ زیادہ ہے۔ ہم تیرے مسخر اور پابند حکم رہ کر تیرے ہر ارشاد کی تعمیل کریں گے۔ اختیار و ارادہ کی آزادی میں جو خطرات پنہاں ہیں، ان کو برداشت کرنے کی طاقت ہم اپنے اندر نہیں پاتے۔ اب یہی چیز جب انسان کے سامنے پیش کی گئی، تو اس نے اپنی ناتوانیوں اور کمزوریوں کو پس پُشت ڈالتے ہوئے اس امانت کو اٹھانے کی حامی بھر لی اور اس بارِ گراں کو اٹھا کر اپنے آپ کو ابتلاء و آزمائش میں مبتلا کر دیا اور اس نے کسی عقلمندی کا ثبوت نہیں دیا۔ اس سے انسان کی مذمت مقصود نہیں، بلکہ بیانِ واقع کے طور پر اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا فرمایا۔

1۔ لسان العرب، ج 11، ص 175

حضرت جنید بغدادی قدس سرہٗ نے بڑی پیاری بات فرمائی۔

''شیخ جنید فرمود کہ نظرِ آدم برعرض حق بود نہ برامانت، لذتِ عرض، ثقلِ امانت را بروفراموش گردانید لا جرم لطفِ ربانی بزبان عنایت فرمود کہ برداشتن ازتو، ونگاہ داشتن ازمن''۔(روح البیان)(1)

یعنی اللہ تعالیٰ نے جب یہ امانت حضرت آدم پر پیش کی تو آپ کی نظر اس وقت امانت اور ثقل پر نہ تھی، بلکہ امانت پیش کرنے والے پر تھی۔ اور اس کے پیش فرمانے میں جو لذت وسرور تھا، اس نے امانت کی گرانی کو نظروں سے اوجھل کر دیا۔ جنید فرماتے ہیں یقیناً لُطفِ ربانی نے آدم کی اس نیازمندی اور ہمت سے خوش ہوکر فرمایا کہ اے آدم! اٹھانا تیرا کام ہے اور اٹھانے کی توفیق دینا اور تیری حفاظت کرنا میرا کام ہے۔

اب صوفیائے کرام کا مسلک ملاحظہ فرمایئے۔ اس کی ترجمانی کا حق حضرت علامہ پانی پتی نے ادا کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

میں کہتا ہوں کہ آیت کا سیاق اس بات کا مقتضی ہے کہ یہاں جو امانت مذکور ہے۔ اس سے وہ امانت مراد ہے جسے صرف انسان اٹھا سکتا ہے اور کوئی مخلوق اسے اٹھانے کی ہمت نہیں رکھتی۔ اگر اس امانت سے مراد احکامِ شرعیہ ہوں تو انسان کی خصوصیت نہیں بلکہ جن اور ملائکہ بھی مکلّف ہیں۔ اس طرح ملائکہ کی افضلیت انسان پر لازم آئے گی، کیونکہ ان کی شان تو یہ ہے: یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ (سورۂ انبیاء:20) وہ دن رات تسبیح میں مصروف رہتے ہیں اور ذرا نہیں تھکتے، اور انسان کی یہ حالت نہیں۔ اس لیے صوفیائے کرام نے امانت کی تفسیر نورالعقل اور نارالعشق سے کی ہے۔ یعنی نورِ عقل استدلال کے ذریعے معرفتِ الٰہی حاصل کرتا ہے اور عشق کی آگ حجابات کو جلا کر معرفتِ الٰہی تک پہنچاتی ہے۔ وَمِنْ ثَمَّ قَالَتِ الصُّوْفِیَةُ الْعَلِیَّةُ الْمُرَادُ بِالْاَمَانَةِ نُوْرُ الْعَقْلِ وَ نَارُ الْعِشْقِ وَنُوْرُ الْعَقْلِ یُحْصَلُ بِهٖ مَعْرِفَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی بِالْاِسْتِدْلَالِ وَنَارُ الْعِشْقِ یُحْصَلُ بِهَا مَعْرِفَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی سُبْحَانَهٗ بِحَرْقِ الْحُجُبِ۔

بیشک فرشتے بھی اس کے مکرم بندے ہیں لیکن ان میں سے ہر ایک کے لیے ایک مخصوص مقام ہے جس سے آگے وہ تجاوز نہیں کرسکتا اور سوزِ عشق کے باعث غیر متناہی درجات تک ترقی کرتے جانا یہ حضرتِ انسان کی خصوصیت ہے۔ فَالتَّرَقِّیْ اِلَی الْمَرَاتِبِ الْغَیْرِ الْمُتَنَاهِیَةِ بِنَارِ الْعِشْقِ اِنَّمَا هُوَ مِنْ خَصَائِصِ الْاِنْسَانِ۔

اس کے بعد علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات سے جو نتیجہ میں نے اخذ کیا ہے وہ یہ ہے کہ امانت سے مراد وہ استعداد ہے جو اللہ تعالیٰ نے ماہیتِ انسانیہ میں ودیعت کی ہے جو تجلّیاتِ ذاتیہ دائمہ کو قبول کرتی رہتی ہے۔ صالح جن بھی عبادت وریاضت سے ملائکہ کی صفت میں شامل ہوجاتے ہیں، پھر بھی ان کے حصہ میں تجلیاتِ صفاتی آتی ہیں، تجلیاتِ ذاتیہ کی اہلیت نہیں ہوتی۔

آخر میں علامہ موصوف ظَلُوْمًا جَهُوْلًا کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ انسان میں دو قوتیں ہیں۔ ایک سبعیہ اور دوسری بہیمیہ۔ سبعی قوتوں سے اس کے دل میں تفوق اور برتری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس سے وہ معرفت کی اونچی سے اونچی چوٹیوں کو سر کرتا ہے اور بہیمی طاقتوں کے باعث اس میں جفاکشی اور مشقت جھیلنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس کے باعث وہ طویل ریاضتوں اور

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج7، ص253

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

شرک کرنے والوں اور شرک کرنے والیوں کو اور نگاہ لطف وکرم فرمائے اللہ تعالیٰ ایمان والوں اور ایمان والیوں پر ۱۱۵

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع ۹ ۵ ۲

اور اللہ تعالےٰ بہت بخشنے والا، ہر دم رحم فرمانے والا ہے ۱۱۶

مشکل عبادتوں کا بوجھ صبر وتحمل سے برداشت کرتا ہوا منزلِ محبوب کی طرف بڑھا چلا جاتا ہے۔ اگر یہ دو قوتیں انسان میں نہ ہوتیں تو وہ بھی ساحلِ عافیت پر خیمہ زن رہتا اور کبھی آزمائش کے تند وتیز طوفانوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار نہ ہوتا (1)۔

مولانا جامیؒ نے بھی ظَلُوْمًا جَهُوْلًا کا معنی خوب کیا ہے ؎

غیر انساں کش نکرد قبول زانکہ انسان ظلوم بود و جہول

(انسان کے بغیر اس امانت کو کسی نے قبول نہ کیا، کیونکہ انسان ظلوم اور جہول تھا)

ظلم او آں کہ ہستیٔ خود را ساخت فانی بقائے سرمد را

(اس کا ظلم یہ تھا کہ اس نے اپنی ہستی کو فنا کر دیا تا کہ بقائے سرمدی حاصل کرے)

جہل او آں کہ ہرچہ جز حق بود صورت آں ز لوح دل نزدد

(اور اس کی جہالت یہ ہے کہ حق کے بغیر جو کچھ تھا اس نے اپنے دل کی لوح سے مٹا دیا)

نیک ظلمے کہ عین معدلت است نغز جہلے کہ مغزے معرفت است

(وہ ظلم بہت اچھا ہے جو عین عدل ہے اور وہ جہالت بہت عمدہ ہے جو معرفت کا مغز ہے) (2) (روح البیان)

یہاں ان صفاتِ ظلوم وجہول کے ذکر کرنے سے دو فائدے حاصل ہوئے، ایک تو اس علت کا پتہ چل گیا جس کی وجہ سے انسان اس بار امانت کو اٹھانے کے لیے آمادہ ہوا، اور دوسرا اس پیکرِ خاکی کی منقبت اور توصیف کر دی گئی کہ یہ ان صفاتِ عالیہ سے متصف ہے۔ فَهُوَ تَعْلِيْلٌ وَّ مَنْقَبَةٌ لَّهٗ (3)۔ اَللّٰهُ تَعَالٰى وَرَسُوْلُهٗ اَكْرَمُ اَعْلَمُ بِاَسْرَارِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ۔

۱۱۵ یہ لام عاقبت ہے یعنی اس امانت کو اٹھانے کا انجام یہ ہوا کہ جن مردوں اور عورتوں نے منافقانہ روش اختیار کی یا جن مردوں یا عورتوں نے کھلم کھلا شرک کیا وہ تو عذابِ جہیم کے مستحق ٹھہرے اور جن مردوں اور عورتوں نے ایمان قبول کیا ان پر اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف وکرم کی نگاہ فرمائی اور اس مشکل مرحلہ کو ان کے لیے آسان کر دیا۔ یہاں يَتُوْبَ اللّٰهُ کا معنی توبہ قبول کرنا نہیں بلکہ لطف وکرم سے متوجہ ہونا ہے۔ اَیْ يَرْجِعُ بِالرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ وَالْجَذْبِ وَالْاِجْتِبَاءِ وَاِعْطَاءِ مَرَاتِبِ الْقُرْبِ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت، مغفرت، کشش، اجتبا، اور قرب کے مراتبِ عالیہ عطا کر کے ان پر نگاہِ کرم فرماتا ہے۔ (مظہری) (4)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 390
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 255
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 390
4۔ ایضاً، ج 7، ص 391

آیت میں مومنین اور مومنات سے مراد وہ لوگ ہیں جو امانت کو ادا کرتے ہیں اور تجلیات میں مستغرق رہتے ہیں اَلْمُؤَدِّیْنَ لِلْاَمَانَاتِ الْمُسْتَغْرِقِیْنَ فِی التَّجَلِّیَاتِ۔ (مظہری)(1)

۱۱۶ اس کے بندوں سے جو لغزشیں صادر ہوتی ہیں ان کو وہ معاف فرما دیتا ہے اور جو نیکی کا کام ان سے سرزد ہوتا ہے، اس کو محض اپنی رحمت کے طفیل منزل تک رسائی کا ذریعہ بنا دیتا ہے۔ ورنہ کہاں وہ بارگاہِ ناز اور کہاں یہ پیکرِ عجز و نیاز۔ رب کریم کی انہی دو صفتوں غفور اور رحیم کے صدقے سالکِ راہِ محبت ٹھوکریں کھاتا افتاں و خیزاں آگے بڑھتا چلا جاتا ہے اور آخر کار وصالِ حبیب سے شاد کام ہوتا ہے۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیِّ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَعَبْدِكَ الْمُصْطَفٰی مِنَ الصَّلَوٰتِ اَطْیَبِھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَزْکَاھَا وَمِنَ التَّحِیَّاتِ اَسْنَاھَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِهٖ وَعُلَمَاءِ مِلَّتِهٖ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

محمد کرم شاہ

۶ رجب ۱۳۹۱ھ، ۲۹ اگست ۱۹۷۱ء

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 392

تعارف سُورۂ سبا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ پاک کا نام ''سبا'' ہے۔ یہ لفظ آیت نمبر ۱۵ میں مذکور ہے۔ اس کی آیتوں کی تعداد چون ہے۔ آٹھ صد تینتیس کلمات اور ایک ہزار پانچ سو بارہ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکی ہے(1)۔ حتمی طور پر اس کی تاریخ نزول کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن اس کے مضامین سے یہ اندازہ بآسانی لگایا جا سکتا ہے کہ یہ سورت مکی دور کے وسط میں نازل ہوئی۔ جب کہ اسلام کی دعوت نے اہل مکہ کو چونکا دیا تھا اور وہ محض طعن و تشنیع اور استہزاء و تمسخر سے ہی اس دعوت کو ناکام بنا دینا چاہتے تھے۔ ابھی انہیں اس حقیقت کا پوری طرح احساس نہیں ہوا تھا کہ یہ دعوت ایک ایسے ہمہ گیر انقلاب کی دعوت ہے جو ان کے ظاہری ماحول، معاشرتی رسم و رواج اور معاشی نظام کو ہی درہم برہم نہ کر دے گی، بلکہ اس سے آگے بڑھ کر ان کے دلوں اور ذہنوں کی دنیا کو بھی بدل دے گی۔

مضامین: سورت کی ابتدا حمدِ باری تعالیٰ سے کی جا رہی ہے اور اس کی کبریائی اور عظمت کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد وقوعِ قیامت پر کفار کو جو اعتراض تھا اس کا جواب بَلٰی وَ رَبِّیۡ لَتَاۡتِیَنَّکُمۡ ۙ عٰلِمِ الۡغَیۡبِ (سبا:3) کے زوردار الفاظ سے دیا جا رہا ہے کہ اس رب کی قسم! جو عالم الغیب ہے قیامت ضرور آئے گی۔ ساتھ ہی لِّیَجۡزِیَ (سبا:4) سے وقوعِ قیامت کی حکمت بھی بیان کر دی کہ اس کے بغیر عدل و انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے۔ نیک لوگوں کو ان کے اعمالِ حسنہ پر جزا اور بدکاروں کو ان کی سیاہ کاریوں کی سزا قیامت کے روز ہی پوری طرح مل سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور مقبول بندوں کو اس دنیا میں جن انعامات و احسانات سے سرفراز کرتا ہے اور جو عزت و سروری بخشتا ہے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کے ذکر سے اس کا اظہار فرما دیا۔ اس ہیبت و جلال کے باوصف جس طرح وہ اپنا حقِ بندگی ادا کرتے رہے اور اپنے منعمِ حقیقی کے شکر گزار بنے رہے اس کو بیان کر کے ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی ترغیب دلائی اور یہ سمجھا دیا کہ اللہ تعالیٰ کے بندے نعمتوں اور آسائشوں کے باوجود اطاعت و انقیاد کا طریقہ اپنائے رکھتے ہیں۔ بارگاہِ الٰہی میں ان کی یہ سرافگندگی ان کی عظمت کو کم نہیں کرتی بلکہ اسے چار چاند لگا دیتی ہے۔

ان کے ذکر کے معاً بعد ایک ایسی بستی کا حال بیان کیا جو خوشحالی کی زندگی بسر کر رہی تھی، جن کا آبپاشی کا نظام بڑا ترقی یافتہ تھا۔ ان کا ملک سرسبز و شاداب باغات اور لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور ان میں رواں نہروں کے باعث رشکِ فردوس بنا ہوا تھا۔ لیکن جب وہ اپنے رب غفور کو بھول گئے، نفس پروری اور شیطان کی پیروی اختیار کی تو ہر چیز ملیامیٹ کر دی گئی۔ ان کا وہ مضبوط ڈیم جو ان کی

1۔ تفسیر قرطبی، جز 14، ص 258

خوشحالی کا ضامن تھا، وہی ان کی تباہی و بربادی کا سبب بن گیا جس کی تفصیل آپ آیات کے ضمن میں ملاحظہ کریں گے۔ اس واقعہ کا بڑے دلنشین پیرایہ میں ذکر کر کے نافرمانی اور سرکشی کرنے والوں کو یہ سمجھا دیا کہ ان کا انجام بڑا حسرتناک ہوگا۔

اس سورت کی یہ آیت وَ لَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ الآیہ (سبا:20) بڑی غور طلب اور عبرت انگیز ہے۔ ابلیس کو حکم ہوا کہ ابوالبشر کو سجدہ کرو جسے میں نے علومِ لدنیہ اور معارفِ حقانیہ سے بہرہ ور فرما کر اپنی خلافت کا منصب بخشا ہے، اس نے ازراہِ تکبر تعمیلِ حکم سے انکار کیا۔ جس کی پاداش میں اسے راندۂ درگاہ بنا دیا گیا۔ اس نے چیلنج دیا کہ میں آدم کی اولاد کو تیرا نافرمان اور ناشکر گزار بنا کر چھوڑوں گا۔ دانشمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ اولادِ آدم اپنے اس ازلی دشمن کے مکر و فریب سے چوکنی رہتی اور اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری میں سرگرمِ عمل رہتی۔ لیکن صد حیف! کہ انسان کوتاہ اندیش ثابت ہوا۔ اس نے اپنے بد اندیش دشمن کے ورغلانے سے اپنے رب کریم کی اطاعت سے منہ موڑ لیا۔ اس طرح شیطان کو غرّانے کا موقع دیا۔ ہر مومن کو یہ آیت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ شیطان تو صرف دلوں میں وسوسہ اندازی کر سکتا ہے۔ اس کو کسی پر ایسا قابو ہرگز نہیں جو اس کو مجبورِ محض بنا دے۔ اس لیے جو حماقت اہلِ سبا سے سرزد ہوئی اور شیطان کو اپنی کامیابی پر بغلیں بجانے کا موقع مل گیا، ہم ایسی حماقت سے باز رہیں اور اپنے دشمن کو خوش ہونے کا موقع نہ دیں۔

نیز بتا دیا کہ حضور نبی رحمت محمد مصطفےٰ ﷺ کی بعثت تمام نوعِ انسانی کے لیے ہے۔ تا قیامِ قیامت حضور راہنما بن کر تشریف لے آئے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد نہ کسی نئے نبی کی ضرورت ہے اور نہ ہی کوئی نیا نبی مبعوث ہوگا۔

اکثر اہلِ ثروت اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ وہ جو کرتے ہیں وہی درست ہے۔ جو وہ سوچتے ہیں وہی حق ہے۔ دوسروں پر لازم ہے کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان کے پیچھے چلتے رہیں۔ افلاس و احتیاج بھی اکثر لوگوں کو ہوش و خرد سے محروم کر دیتا ہے اور انجام سے بے نیاز ہو کر یہ لوگ اہلِ ثروت کے پیچھے چلنے لگتے ہیں اور ان کے اشاروں پر ایسی ایسی خرمستیاں کرتے ہیں کہ آنکھیں نمناک ہو جاتی ہیں۔ غلط راہ پر جو بھی چلے امیر ہو یا غریب، راعی ہو یا رعایا المناک نتائج سے لامحالہ اسے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ وہ زیردست لوگ جن کی دنیوی زندگیاں محرومیوں کا شکار ہیں، روزِ محشر جب دوزخ کے شعلوں کو اپنی طرف لپکتے ہوئے دیکھیں گے تو اپنے لیڈروں اور اپنے زعماء کو بے نقط سنائیں گے، اور ان کے لیڈر جو جواب انہیں دیں گے، اس کا تذکرہ قرآنِ کریم میں دیگر مقامات کے علاوہ یہاں بھی بڑے مؤثر انداز میں کر دیا گیا ہے تا کہ لوگ کسی کی دنیا کے لیے اپنی آخرت برباد نہ کرتے رہیں۔

ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ شرفِ انسانی کا انحصار کثرتِ مال و جاہ پر نہیں اور نہ محض مال و اولاد کی وجہ سے کسی کو قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تو صرف ایمان اور عملِ صالح وجہِ شرف اور باعثِ قرب ہے۔ جو خدا کی رضا کا طلبگار ہے وہ ایمان کی شمع کو فروزاں کر کے اعمالِ حسنہ کے پھول کھلاتا ہوا آگے بڑھتا آئے۔ حریمِ کبریائی کے دروازے وہ اپنے لیے کھلے ہوئے پائے گا۔

ان مضامین کے علاوہ دوسرے کئی حقائق ہیں جو آپ سورۂ طیبہ کے مطالعے کے دوران میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

سُوْرَةُ سَبَإٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ سبا مکیہ ہے اس کی پچّون آیات ہیں اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ

سب تعریفیں اللہ کے لیے جو مالک ہے ہر اس چیز کا جو آسمانوں میں ہے اور ہر اس چیز کا جو زمین میں ہے[1] اور اسی

الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

کے لیے ساری تعریفیں ہیں آخرت میں[2] اور وہی بڑا دانا، ہر بات سے باخبر ہے[3] وہ جانتا ہے جو زمین میں

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

داخل ہوتا ہے۔ اور جو اس سے نکلتا ہے۔ نیز وہ جانتا ہے جو آسمان سے نازل ہوتا اور جو آسمان کی طرف عروج

[1] یعنی کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں ہر چھوٹی اور بڑی چیز کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے، مالک بھی وہی ہے اور ہر چیز اسی کے فرمان کے سامنے سرافگندہ ہے۔ جو زیبائی، جو خوبی کہیں نظر آرہی ہے اسی کے لُطف و کرم کا پرتَو ہے۔ جو جمال و کمال کسی میں پایا جاتا ہے اُسی کے حسنِ ازل کی جلوہ نمائی ہے۔ اس لیے ہر قسم کی حمد و ثنا کا وہی مستحق ہے۔

اَلَّذِیْ (صلہ) یا تو لِلّٰہِ کی صفت ہے اور مجرور ہے یا مبتدا محذوف کی خبر ہے اور مرفوع ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ھُوَ الَّذِیْ یا ''اَعْنِیْ''، فعل یہاں مقدر ہے اور صلہ اس کا مفعول ہے، اس لیے منصوب ہے۔(1)

[2] اس سے یہ بتایا کہ صرف اس جہانِ فانی کی ہر چیز اس کی نہیں بلکہ عالمِ آخرت کی ہر شے کا خالق و مالک بھی وہی ہے۔ وہاں بھی اسی کی حکمرانی ہوگی۔ جو نعمت کسی کو ملے گی اسی کی جود و عطا کا کرشمہ ہوگا۔ اس لیے وہاں بھی ہر قسم کی حمد و توصیف کا سزاوار صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ ''لہٗ'' خبر کو یہاں مقدم ذکر کر کے اس امر کی طرف اشارہ کر دیا کہ اس دنیا میں تو کئی غلط اندیش اس کو چھوڑ کر غیروں کی حمد کرتے رہتے ہیں، لیکن قیامت کے دن سارے حجاب اٹھ جائیں گے۔ حقیقت اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ عیاں ہو جائے گی۔ وہاں حمد ہوگی تو صرف اس مالک یوم الدین کی۔

[3] اللہ تعالیٰ کا ہر ارشاد، ہر کام اور اس کی شریعت کا ہر قانون بلکہ قضا و قدر کے سارے فیصلے اس کی حکمت و دانائی کے آئینہ دار

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 259

فِيهَا ۚ وَهُوَ الرَّحِيمُ الْغَفُورُ ﴿٢﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا

کرتا ہے ۴ اور وہی ہمیشہ رحم فرمانے والا بہت بخشنے والا ہے ۵ اور کفار کہتے ہیں

لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ ۖ قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ ۙ عَالِمِ الْغَيْبِ ۚ

ہم پر قیامت نہیں آئے گی۔ آپ فرمایئے ضرور آئے گی۔ مجھے اپنے رب کی قسم جو عالم الغیب ہے تم پر قیامت ضرور آئیگی ۶

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَ

نہیں چھپی ہوئی اس سے ذرہ برابر کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور

لَا أَصْغَرُ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ﴿٣﴾ لِيَجْزِيَ

نہ کوئی چھوٹی چیز ذرہ سے اور نہ کوئی بڑی چیز مگر وہ کتاب مبین میں (درج) ہے (قیامت آئیگی) تاکہ

ہیں۔ وہ اپنی مخلوق کے حالات اور ضروریات سے پوری طرح باخبر ہے۔

۴ اللہ کی ہمہ دانی کا بیان ہو رہا ہے۔ زمین میں جو چیز داخل ہوتی ہے، بارش کے قطرے، بیج، پانی، معدنیات وغیرہ اور جو چیز نکلتی ہے، نیز آسمانوں سے جو چیز اترتی ہے اور جو نیچے سے اوپر جاتی ہے، وہ ہر چیز کو تفصیل سے جانتا ہے۔

۵ وہ مجرموں اور نافرمانوں کو فوراً سزا نہیں دیتا۔ وہ سالہا سال علمِ بغاوت بلند رکھتے ہیں اور دندناتے پھرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ وہ انہیں سزا نہیں دے سکتا۔ یا یہ لوگ زیادہ طاقتور ہیں اور اس کے قابو سے باہر ہیں، بلکہ یہ اس کی شانِ رحیمی ہے کہ وہ قادرِ مطلق ہونے کے باوجود انہیں مُہلت دے رہا ہے، اور جب بھی کوئی اپنے کیے پر شرمسار ہوتا ہے تو وہ اپنی مغفرت اور بخشش کے دامن میں اسے پناہ دے دیتا ہے۔

۶ کفار وقوعِ قیامت کے منکر تھے اور اس انکار میں بڑے متشدد اور متصلّب تھے۔ وہ بڑے وثوق سے کہا کرتے کہ قیامت نہیں آئے گی۔ اس لیے ان کا رد بھی بڑے زوردار اور مؤثر طریقہ سے فرمایا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ قسم اٹھا کر فرمایئے کہ قیامت ضرور آئے گی۔ قسم کے الفاظ بھی بڑے مؤثر اور پُرجلال ہیں۔ فرمایا: مجھے اپنے پروردگار کی قسم! جو عالم الغیب ہے قیامت ضرور آئے گی۔ "عالم الغیب" ربی کی صفت، عطفِ بیان اور بدل سب بن سکتے ہیں۔ یہاں عالم الغیب کی صفت ذکر کرنے میں حکمت یہ ہے کہ وہ قیامت کا انکار اس وجہ سے کیا کرتے تھے کہ جب وہ مر جائیں گے اور انہیں مرے ہوئے صدیاں بیت جائیں گی، اس طویل مدت میں ان کی ہڈیاں، ان کا گوشت پوست مٹی میں ملکر مٹی ہو جائے گا، ہوا کے جھونکے ان ذروں کو کہاں سے کہاں پھینک دیں گے، ان منتشر ذروں کو جمع کرنا اور پھر ہمیں اِسی وجود کے ساتھ زندہ کرنا کسی طرح ممکن نہیں۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ

اللہ تعالےٰ جزا دے انہیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ۷ یہی وہ (نیک بخت) لوگ ہیں جن کے لیے بخشش اور رزق

كَرِيْمٌ ۝۴ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

کریم ہے اور جو (بد بخت) کوشش کرتے رہے ہیں کہ ہماری آیتوں کو جھٹلا کر ہمیں ہرا دیں، یہی ہیں جنکے لیے

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ

بدترین قسم کا دردناک عذاب ہے ۸ اور جانتے ہیں وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا کہ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا

عالم الغیب فرما کر یہ شُبہ زائل کر دیا کہ ان بکھرے ہوئے ذروں کو جمع کرنا تمہارے لیے ناممکن ضرور ہے جن کا علم محدود اور قدرت ناقص ہے۔ لیکن قیامت برپا کرنے والا وہ خداوندِ عالم ہے جو ہر غیب کو جاننے والا ہے اور زمین و آسمان کی بیکراں وسعتوں میں کوئی ذرہ بھی اس سے مخفی نہیں۔ لہٰذا اس کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا ذرا مشکل نہیں۔ کتابِ مبین سے مراد لوحِ محفوظ ہے۔

۷ قیامت برپا کرنے کی حکمت بیان کی جا رہی ہے۔

۸ یعنی جو لوگ ہماری آیتوں کو غلط ثابت کرنے اور جھٹلانے میں شب و روز کوشاں رہتے ہیں اور اس طرح وہ ہمیں مغلوب کرنا چاہتے ہیں۔ اَیْ فِیْ اِبْطَالِ اَدِلَّتِنَا وَالتَّکْذِیْبِ بِاٰیَاتِنَا۔(1)

''مُعٰجِزِیْنَ'' کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی کو مغلوب کر دے اور اس سے آگے بڑھ جائے تو عربی میں کہا جاتا ہے عَاجَزَہٗ وَ اَعْجَزَہٗ اِذَا غَالَبَہٗ وَسَبَقَہٗ (قرطبی)(2)

علامہ راغب اس کے ضمن میں لکھتے ہیں: اَعْجَزْتُ فُلَانًا وَعَجَّزْتُہٗ وَعَاجَزْتُہٗ جَعَلْتُہٗ عَاجِزًا(3)۔ یعنی کسی کو عاجز کر دینا۔

علامہ ابوحیان فرماتے ہیں: اَیْ مُعْجِزِیْنَ قُدْرَۃَ اللّٰہِ تَعَالٰی فِیْ زَعْمِہِمْ(4)۔ یعنی اپنے گمان کے مطابق وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کو عاجز کر دینا چاہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے میں نے اس کا ترجمہ ''ہرا دینا'' کیا ہے۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم تو بار بار اس امر کا اعلان کر رہے ہیں کہ قیامت آئے گی۔ انہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور ان کے اعمال کے بارے میں ان سے باز پُرس ہوگی۔ لیکن یہ لوگ ان آیتوں کو جھٹلانے میں کوشاں ہیں اور اس پر طرح طرح کی بے معنی حجت بازیاں کرتے ہیں اور اپنی طرف سے عقلی و نقلی دلائل کا انبار لگاتے چلے جاتے ہیں۔ اس طرح وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم اپنا ارادہ بدل دیں گے اور قیامت برپا کرنے کا فیصلہ منسوخ کر دیں گے۔ یہ محض ان کی طفل تسلیاں ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ ہمارا یہ فیصلہ قطعی ہے اور ہماری حکمتِ بالغہ کا یہ تقاضا ہے کہ قیامت قائم ہو۔ نیکوں کو ان کی نیکیوں کا اجر ملے۔ بدکار اور سرکش اپنے کرتوتوں کی سزا پائیں۔ اس فیصلہ کو کوئی بدل نہیں سکتا اور نہ ہمیں اس کو عملی جامہ پہنانے سے کوئی باز رکھ سکتا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 261 2۔ ایضاً 3۔ مفرداتِ راغب، ص 547 4۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 258

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶

ہے آپکے رب کی طرف سے وہی (عین) حق ہے۔ اور عزت والے، سب خوبیوں سراہے (خدا) کا راستہ دکھاتا ہے ۹

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا

اور منکرینِ (قیامت) کہتے ہیں (اے یارو!) کیا ہم پتہ بتائیں تمہیں اس شخص کا جو تمہیں خبردار کرتا ہے کہ جب تم (مرنے کے بعد)

مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ ۚ اَفْتَرٰى عَلَى

ریزہ ریزہ کر دیئے جاؤ گے تو تم از سرِ نو پیدا کیے جاؤ گے؟ ۱۰ یا تو اس نے (یہ کہہ کر)

اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي

اللہ پر جھوٹا بہتان لگایا ہے یا یہ دیوانہ ہے۔ (میرا حبیب نہ مفتری ہے نہ دیوانہ) بلکہ وہ جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ (کل)

الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝۸ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

عذاب میں اور (آج) دُور کی گمراہی میں مُبتلا ہیں ۱۱ کیا انہیں نظر نہیں آتا کہ انہیں آگے

''بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ'': رِجْز: بدترین اور شدید ترین عذاب کو کہتے ہیں۔ ''مِنْ'' بیانیہ ہے۔ یعنی انہیں جو عذاب دیا جائے گا وہ معمولی قسم کا نہیں ہوگا بلکہ بڑا شدید اور المناک ہوگا(1)۔ علامہ زبیدی ''رجز'' کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قَالَ اَبُوْاِسْحٰقَ هُوَ الْعَذَابُ الْمُقْلِقُ لِشِدَّتِهٖ وَلَهٗ قَلْقَلَةٌ شَدِيْدَةٌ مُّتَتَابِعَةٌ (تاج العروس)(2): یعنی اپنی شدت کے باعث لرزا دینے والا عذاب۔ پے در پے جھٹکے۔

۹ یہاں یَرٰی بمعنی یَعْلَمُ مستعمل ہے۔ ''اُولُوالْعِلْمِ'' سے مراد صحابہ کرام اور ان کے بعد آنے والے ایماندار لوگ یا اہلِ کتاب کے وہ علماء جو قرآن پر ایمان لے آئے۔ ''حَمِيْدٌ'' کا معنی علامہ آلوسی نے کیا ہے: اَلْمَحْمُوْدُ فِيْ جَمِيْعِ شُئُوْنِهٖ۔ جو اپنی تمام شانوں میں تعریف وستائش کا مستحق ہو۔ (روح المعانی)(3)

۱۰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم جب ان کے پیہم انکار کے باوجود قیامت سے ڈراتے تو وہ ازراہِ تعجب اپنے دوستوں سے یہ باتیں کرتے اور وقوعِ قیامت کو محال ثابت کرنے کے لیے بڑی عبارت آرائی سے کام لیتے۔ ممزق: اس کا وزن اسم مفعول کا ہے، لیکن یہ مصدر ہے۔ تمزیق کہتے ہیں کسی چیز کو پھاڑ کر پارہ پارہ اور ریزہ ریزہ کر دینا۔ تَمْزِيْقُ الشَّيْءِ تَخْرِيْقُهٗ وَجَعْلُهٗ قِطَعًا قِطَعًا۔(4)

۱۱ کفار یہ الزام لگایا کرتے کہ یا تو یہ جان بوجھ کر جھوٹ بولتے ہیں اور کذب بیانی سے کام لے رہے ہیں۔ حالانکہ یہ خود بھی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 108 2۔ تاج العروس، ج 4، ص 36 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 108 4۔ ایضاً، ص 109

وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ

اور پیچھے سے آسمان اور زمین نے گھیر رکھا ہے ۱۲ اگر ہم چاہیں تو دھنسا دیں انہیں

الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

زمین میں یا گرا دیں ان پر چند ٹکڑے آسمان سے درحقیقت اسمیں (کھلی) نشانی ہے

لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۹ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ ۹ ع ۱

ہر اس بندے کے لیے جو خدا کی طرف رجوع کرنے والا ہے ۱۳ بے شک ہم نے داؤد کو اپنی جناب سے بڑی فضیلت بخشی ۱۴

جانتے ہیں کہ قیامت کا برپا ہونا محال ہے یا یہ بات ہے کہ ان کا دماغی توازن بگڑ گیا ہے اور یہ مرضِ جنون میں مُبتلا ہو گئے ہیں۔ اس لیے یہ خلافِ عقل باتیں کرتے ہیں اور جنون کے مریض کی طرح اس پر اصرار بھی کرتے ہیں۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں: وَالْجِنَّةُ: اَلْجُنُوْنُ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ (الصحاح) یہی معنی لسان العرب اور مفردات میں بھی ذکر کیا گیا۔ (1)

اللہ تعالیٰ ان کے الزامات کا رد فرماتا ہے کہ میرا رسول نہ تو مجھ پر بُہتان باندھتا ہے اور نہ وہ دیوانہ ہے۔ وہ تو حق اور سچ فرما رہا ہے لیکن تم لوگ اپنے کفر کے باعث اس عذاب میں مبتلا کر دیئے گئے ہو کہ تم میں عقل وفہم کی قوت مر گئی ہے اور راہِ ہدایت سے بہت دور ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہو۔ علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے لکھا ہے کہ اس انکار کے باعث کل وہ عذاب میں مبتلا ہونگے اور آج کھلی گمراہی میں ہیں۔ غَدًا فِي الْعَذَابِ وَالْيَوْمَ فِي الضَّلَالِ (قرطبی) (2)

۱۲ چاروں طرف سے تم نرغے میں ہو۔ نیچے زمین ہے، اوپر آسمان۔ بھاگ نکلنے کا کوئی رستہ نہیں۔ تمہاری کارستانیوں کا تقاضا تو یہ ہے کہ تمہیں زمین نگل جائے یا آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا کر تمہیں نیست و نابود کر دیا جائے، لیکن اللہ تعالیٰ رحمٰن ورحیم ہے۔ وہ عذاب دینے میں عجلت نہیں کرتا۔ وہ علیم وحکیم ہے، اس کے سارے کام پُر از حکمت ہوتے ہیں۔ اس لیے اس نے تمہیں مہلت دے رکھی ہے۔ اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ: اِلٰى مَا اَحَاطَ بِجَوَانِبِهِمْ۔ (مظہری) (3)

۱۳ یعنی ہم اپنی مختلف صفاتِ جلیلہ کا جس طرح مظاہرہ فرماتے ہیں اس میں ایک عبدِ مُنیب کے لیے ہماری عظمت وکبریائی کی بڑی بڑی نشانیاں موجود ہیں۔ مُنِيْبٌ: رَاجِعٌ اِلَى اللّٰهِ بِقَلْبِهٖ (مظہری) (4) یعنی تہِ دل سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا۔

۱۴ اب چند ان برگزیدہ بندوں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو انابت کی صفت سے متصف ہیں۔ سب سے پہلے حضرت داؤد علیہ السلام پر اپنی نوازشات اور عنایات کا ذکر فرمایا۔ یعنی ہم نے داؤد پر جو اپنا خصوصی فضل فرمایا، وہ کسی سے مخفی نہیں۔ گمنامی سے نکال کر تاج وتخت کا مالک بنا دیا۔ عوام کی صفوں سے چُنا اور خواص کا سردار بنا دیا اور ایسی ایسی خصوصیتوں اور کمالات سے نوازا کہ سب قوم کو ان کی عظمت کے سامنے سر جھکا دینا پڑا۔ فَضْلًا مفعول ہے ''اٰتَيْنَا'' کا اور مِنَّا، اس کا حال ہے (5) اور اسی حال نے فَضْلًا

1۔ الصحاح، ج5، ص2094 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز14، ص263 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص9 4۔ ایضاً، ص10 5۔ ایضاً

يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝۱۰ اَنِ اعْمَلْ

(ہم نے حکم دیا) اے پہاڑو! تسبیح کہو اسکے ساتھ مل کر اور پرندوں کو بھی یہی حکم دیا ۱۵ نیز ہم نے لوہے کو اس کیلئے نرم کر دیا ۱۶ (اور حکم دیا) کہ کشادہ

سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

زرہیں بناؤ اور (انکے) حلقے جوڑنے میں اندازے کا خیال رکھو اور (اے آلِ داؤد!) نیک کام کیا کرو، بلاشبہ جو کچھ تم کرتے ہو میں

کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ فضلِ الٰہی کا حصر مشکل ہے۔ وہ کریم جب اپنا دستِ کرم کشادہ کرتا ہے تو کون ہے جو اس کی کرم بخشیوں کی حد متعین کر سکے؟ نبوت، حکمت، حکومت، کتاب، حسنِ صوت، بدنی قوت، سبھی تو اس کے فضل کے مظاہر ہیں۔ ان میں سے چند کو یہاں خصوصی طور پر بیان فرما دیا۔

۱۵ پہاڑوں کو حکم ملا کہ جب میرا یہ عبدِ منیب میری تسبیح میں مشغول ہو تو تم بھی صرف زبانِ حال سے نہیں بلکہ زبانِ قال سے بھی اس کے ساتھ مل کر میری پاکی بیان کرو۔ اور اے پرندو! تم بھی میرے اس بندے کے ساتھ مل کر تسبیح و تہلیل میں نغمہ سرا ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خوش آوازی کی صفت سے متصف فرمایا تھا۔ دل میں محبتِ الٰہی کے چشمے ابلتے تھے اور شوق کی چنگاریاں دہکتی تھیں۔ جب آپ سوز و گداز میں ڈوبی ہوئی شیریں اور میٹھی آواز سے ذکرِ الٰہی میں مصروف ہوتے تو سارے ماحول پر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی۔ پہاڑوں کے پتھر، چٹانیں اور سنگریزے سب تسبیح و تہلیل میں مصروف ہو جاتے۔ پرندے بھی اڑنا بند کر دیتے اور آپ کے ارگرد حلقہ باندھ کر جمع ہو جاتے اور آپ کے ساتھ مل کر اپنے رب کی حمد و ثنا کے گیت گاتے۔ امام رازی لکھتے ہیں کہ صرف پہاڑوں اور پرندوں پر ہی یہ کیا موقوف تھا، ہر چیز پر یہی کیفیت طاری ہو جاتی۔ لَمْ يَكُنِ الْمُوَافِقُ لَهٗ فِي التَّأْوِيْبِ مُنْحَصِرًا فِي الْجِبَالِ وَالطَّيْرِ۔ (کبیر)(1) ''اَوِّبِيْ'' کا معنی ہے سَبِّحِيْ۔ (2)

۱۶ دوسرا کرم یہ فرمایا کہ ان کے لیے لوہا نرم کر دیا۔ کہتے ہیں کہ لوہا ان کا ہاتھ لگنے سے موم اور آٹے کی طرح نرم ہو جاتا اور جس طرح چاہتے اس کو اس شکل میں ڈھال دیتے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کو لوہا پگھلانے کا فن سکھا دیا گیا ہو، جس سے آپ بڑی آسانی سے اسے پگھلا کر مختلف قالبوں میں ڈھال لیتے۔ ساتھ ہی زرہ سازی کا ہنر بھی سکھا دیا اور اس ہنر کی باریکیوں سے بھی باخبر کر دیا۔ بتایا کہ زرہیں تنگ اور چھوٹی نہ بنائیں، ورنہ پہننے والے کی تکلیف کا باعث بھی ہوں گی اور اس کی پوری حفاظت بھی نہ ہو سکے گی۔ نیز فرمایا کہ جب ان کے حلقوں کو پرونے لگو تو قدر اور اندازے کا پورا پورا خیال رہے۔ جو حلقہ چھوٹا یا بڑا، موٹا یا پتلا جیسے مناسب ہو بڑے سلیقہ اور مہارت سے اسے وہاں جوڑ دو۔ ایسا نہ ہو کہ جوڑنے میں غلطی ہو جائے اور معمولی سی بے پرواہی کی وجہ سے زرہ ناکارہ ہو جائے۔ (3)

ان آیات میں ہمارے لیے بھی دو سبق ہیں۔ (۱) دستکاری میں قطعاً کوئی عیب نہیں۔ اپنے ہاتھ سے محنت کر کے روزی کمانا پیغمبروں کا شیوہ ہے۔ (۲) جو کام کرو بڑے سلیقہ اور ہنرمندی سے کرو، جو چیز بناؤ اس میں پختگی اور نفاست دونوں کا پورا پورا خیال رکھو۔ بے دلی اور بے احتیاطی سے کوئی کام کرنا مسلمان کو زیبا نہیں۔ کاش! ہم قرآنِ کریم کی بتائی ہوئی ہدایات پر چلیں۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 13، جز 25، ص 246 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 265 3۔ ایضاً، جز 14، ص 68-267

بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ

انہیں خوب دیکھ رہا ہوں ۱۷ اور ہم نے مسخر کر دی سلیمان کے لیے ہوا - اس کی صبح کی منزل ایک ماہ کی اور شام کی منزل ایک ماہ کی ہوتی۔

وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

اور ہم نے جاری کر دیا ان کیلئے پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ ۱۸ اور کئی جن (انکے تابع کر دیئے) جو کام میں جتے رہتے اُنکے سامنے انکے رب کے

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ

اذن سے اور جو سرتابی کرتا اُن میں سے ہمارے حکم (کی تعمیل) سے تو ہم اسے چکھاتے بھڑکتی ہوئی آگ کا

السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ

عذاب ۱۹ وہ بناتے آپ کے لیے جو آپ چاہتے پختہ عمارتیں، مجسمے، بڑے بڑے لگن جیسے

كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ

حوض ہوں اور بھاری دیگیں جو چولہوں پر جمی رہتیں ۲۰ اے داؤد کے خاندان والو! (ان نعمتوں پر) شکر ادا کرو ۲۱ اور بہت کم ہیں

ہماری صنعت و حرفت کو چار چاند لگ جائیں۔ ہر منڈی میں ہماری مصنوعات کی مانگ بڑھ جائے۔ ہماری ہنرمندی اور فنی مہارت کی دھاک بیٹھ جائے اور ساتھ ہی ساتھ ہماری معاشی حالت بھی قابل رشک ہو جائے۔ آج ہم میں سے کتنے ہیں جنہوں نے ان ہدایات پر عمل کرنے کی کبھی کوشش کی ہو؟

۱۷ اے آلِ داؤد! دنیاداری کے کاموں میں ہی مشغول ہو کر نہ رہ جاؤ، بلکہ نیک کاموں کے لیے بھی وقت نکالا کرو، ایسے کام جن سے لوگوں کو بھی فائدہ پہنچے اور تزکیۂ نفس کا اہتمام بھی ہوتا رہے، اللہ تعالیٰ سے تمہارا کوئی کام مخفی نہیں۔ اگر نیک کام کرو گے تو اس کے اجرِ عظیم کے مستحق قرار پاؤ گے۔

۱۸ جس طرح ہم نے حضرت داؤد پر اپنا خصوصی فضل فرمایا اسی طرح ان کے فرزند حضرت سلیمان علیہ السلام پر بھی اپنی خصوصی عنایات فرمائیں۔ ہم نے آپ کے لیے ہوا کو مسخر کر دیا۔ جب آپ اپنی وسیع و عریض مملکت کے دورے پر جاتے تو آپ کے تخت کو ہوا اپنے کندھوں پر اٹھا کر بڑی سُرعت سے روانہ ہو جاتی اور وہ بڑی تیز رفتاری سے اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاتے۔ صبح کے وقت وہ اتنا سفر کر لیتے جتنا ایک سوار سریع السیر گھوڑے پر ایک ماہ میں طے کرتا، اسی طرح شام کے وقت بھی۔ نیز ہم نے آپ کے لیے پگھلے ہوئے تانبے کا ایک چشمہ جاری کر دیا تا کہ وہ حسب منشا اس کو اپنے مصرف میں لائیں۔ اَلْقِطْرُ: النُّحَاسُ الذَّائِبُ یعنی پگھلا ہوا تانبا۔(1)

۱۹ ہوا کے علاوہ ہم نے جنات کو بھی حضرت سلیمان کا تابع فرمان کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ جن ہر وقت ان کی خدمت بجالانے

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 117

عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ

میرے بندوں سے جو شکر گزار ہیں ۲۲ پس جب ہم نے سلیمان پر موت کا فیصلہ نافذ کر دیا نہ پتہ بتایا جنات کو آپ کی

مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنسَأَتَهُ ۖ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ

موت کا، مگر زمین کے دیمک نے جو کھاتا رہا آپ کے عصا کو ۲۳ پس جب آپ زمین پر آ رہے، تو

میں مصروف رہتے۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ وہ اپنی ڈیوٹی میں ذرا غفلت یا پہلو تہی کرے۔ سرتابی کرنے والوں کو آگ سے داغا جاتا۔

۲۰ حضرت سلیمان کے حکم کی تعمیل میں جو خدمات وہ انجام دیا کرتے تھے یہاں ان کا ذکر ہو رہا ہے۔ مَحَارِيبُ: اس کا واحد محراب ہے۔ اس سے مراد قلعے، اونچی اونچی عبادت گاہیں اور رہنے کے لیے بہترین اور خوشنما محلات ہیں۔ ان کو محاریب کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی قبضہ کرنا چاہے تو انہیں بے وقعت جان کر بغیر لڑے دشمن کے حوالے نہیں کر دیا جاتا بلکہ لوگ ان کے لیے مرنے مارنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ قُصُوْرًا حَصِيْنَةً وَّمَسَاجِدَ رَفِيْعَةً وَّمَسَاكِنَ شَرِيْفَةً سُمِّيَتْ بِهَا لِاَنَّهَا يُذَبُّ عَنْهَا وَيُحَارَبُ عَلَيْهَا (مظہری)(1)

تماثیل: اس کا واحد تمثال ہے یعنی جنات ان کے لیے بڑے بڑے پتھر وغیرہ کے مجسمے تراشتے یا ڈھالتے تھے۔ بعض لوگوں نے اس آیت سے مجسموں کا جواز ثابت کیا ہے، حالانکہ احادیثِ پاک میں ان کے متعلق سخت وعید ہے۔ اللہ تعالیٰ ہوائے نفس کے اتباع سے محفوظ رکھے۔

جِفَانٌ: اس کا واحد جَفْنَةٌ ہے۔ وہ بڑے بڑے لگن جن میں کھانا ڈالا جاتا ہے اور لوگ اس کے اردگرد بیٹھ کر کھاتے ہیں۔ بتایا کہ جو لگن جنات آپ کے لیے تیار کرتے تھے وہ عام قسم کے لگن نہیں ہوتے تھے بلکہ اتنے بڑے اور چوڑے ہوتے جیسے پانی کے حوض اور تالاب ہوا کرتے ہیں۔ قُدُوْرٌ۔ رَاسِيَاتٌ: یعنی ایسی بڑی بڑی بھاری بھر کم دیگیں بناتے جو اپنی جسامت اور بوجھ کے باعث آسانی سے ادھر ادھر نہیں کی جا سکتی تھیں بلکہ چولہوں پر مضبوطی سے جمادی جاتی تھیں۔(2)

۲۱ یعنی جب ہم نے داؤد اور آلِ داؤد علیہ السلام پر اتنا احسان فرمایا ہے اور ایسے ایسے انعامات سے ممتاز کیا ہے تو اب آلِ داؤد پر واجب ہے کہ وہ شکر گزاری میں سرگرم رہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے خاندان والوں کے لیے اس طرح اوقات تقسیم کر دیئے تھے کہ آٹھ پہر میں کوئی ایسا لمحہ نہ ہوتا تھا جب کہ آپ کے خاندان کا کوئی نہ کوئی فرد شکرِ الٰہی میں مصروف نہ ہو۔

۲۲ اللہ تعالیٰ کے لطف و احسان کی بارش تو ہر شخص پر ہر لحظہ برس رہی ہے لیکن بہت کم ایسے بندے ہیں جو شکر کا حق ادا کر رہے ہوں۔ شکر کی حقیقت اور شکر کا طریقہ، اس کے متعلق تفصیلی بحث پہلے گزر چکی ہے۔

۲۳ جنات غیب دانی کا دعویٰ کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے وہ انسانوں پر اپنا رُعب بٹھاتے اور انہیں طرح طرح کی ایسی باتیں بتاتے جن کا تعلق امورِ غیبیہ سے ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی غیرت نے ان کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑ دیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس وقت موت سے ہمکنار کیا جب وہ عصا پر ٹیک لگائے مصروفِ عبادت تھے۔ آپ کی روح پرواز کر گئی لیکن آپ کا جسمِ مبارک عصا کے سہارے جوں کا توں کھڑا رہا۔ جنات جو آپ کے حکم سے بڑے کٹھن اور مشقت طلب کاموں میں جُتے ہوئے تھے اور آپ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص13 2۔ ایضاً، ج8، ص15-16

الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ

جنّوں پر یہ بات کھل گئی کہ اگر وہ غیب کو جانتے ہوتے تو (اتنا عرصہ) نہ رہتے اس رسوا کن

الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ

عذاب میں۔ قوم سبا کے لیے ان کے مسکن میں ہی نشانی موجود تھی (وہاں) دو باغ تھے ایک دائیں

يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۭ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ

طرف اور دوسرا بائیں طرف ۲۴ کھاؤ اپنے رب کا دیا ہوا رزق اور اس کا شکر ادا کرو ۲۵ اتنا پاکیزہ

کے خوف سے سستی نہ کر سکتے تھے، وہ آپ کو کھڑا ہوا دیکھتے تو سمجھتے کہ آپ زندہ وسلامت ہیں، ذرا غفلت برتی تو کھا ادھیڑ لیں گے۔ اسی طرح پورا سال گزر گیا۔ حکمِ الٰہی سے دیمک نے عصا کو چاٹنا شروع کر دیا۔ نیچے سے اوپر تک اسے کھوکھلا کرنے میں ایک سال کا عرصہ بیت گیا۔ جب وہ بالکل کھوکھلا ہو گیا اور آپ کا بوجھ نہ سہار سکا تو ٹوٹ گیا اور آپ نیچے زمین پر آ رہے۔ تب جنات کو پتہ چلا کہ جس کے خوف سے انہوں نے اپنے آپ کو مصیبت میں مبتلا رکھا وہ تو عرصہ سے وفات پا چکا ہے تو اب ان کے دعویٰ کی حقیقت فاش ہو گئی۔ نیز وہ لوگ جو ان جنات کے غیب دانی کے دعویٰ کو سچا سمجھ رہے تھے انہیں بھی پتہ چل گیا کہ یہ اپنے دعویٰ میں سراسر جھوٹے ہیں۔ دَآبَّةُ الْاَرْضِ: دیمک۔ مِنْسَاَتُهٗ: عصا۔ یہ لفظ نَسَأْتُ الْغَنَمَ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے میں نے ریوڑ کو ہانک دیا۔ اسی سے مِنْسَأَةٌ یعنی ہانکنے کا آلہ۔ تَبَيَّنَتْ کا فاعل یا تو جن ہیں۔ یعنی تمام جنوں پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ ان کے سردار جو غیب دانی کی لافیں مارا کرتے تھے وہ بالکل جھوٹے تھے اگر انہیں غیب کا علم ہوتا تو وہ سال بھر اپنی جان کو اس مصیبت میں نہ ڈالے رکھتے۔ یا اس کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں پر یہ حقیقت کھل گئی کہ جنات کو غیب کا کوئی علم نہیں۔ (1)

جنات کے سرِ غرور کو خاک میں ملانے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے شانِ نبوت کا مشاہدہ بھی کرا دیا۔ عام انسان اگر عصا پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو اور وہ اونگھ جائے تو اس کا توازن برقرار نہیں رہتا۔ اور فوراً زمین پر گر پڑتا ہے۔ پھر موت کے بعد چہرے کی رنگت بدل جاتی ہے جسم میں طرح طرح کے تغیرات رونما ہونے لگتے ہیں۔ لیکن یہاں آپ سال بھر ٹیک لگائے کھڑے رہے، چہرہ اسی طرح پھول کی طرح شگفتہ رہا، بدن بالکل تر و تازہ رہا۔ تعفن اور بوسیدگی تو کجا لباس بھی ویسے ہی پاک صاف رہا۔ نہ موسم گرما کی حدت، لُو اور حبس نے جسدِ اطہر کو متاثر کیا اور نہ موسم سرما کا کوئی اثر ظاہر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے بے بصیرت لوگوں کو ظاہری آنکھوں سے مشاہدہ کرا دیا کہ نبی کی ظاہری زندگی کا جاہ و جلال تو تم دیکھتے رہے۔ اب اس کے انتقال کے بعد بھی اس کی شانِ رفیع کو دیکھو۔

۲۴ حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی صحابی نے دریافت کیا: یارسول اللہ! سَبَا کسی مرد کا نام ہے، کسی عورت کا نام ہے یا کسی وادی کا؟ حضور نے فرمایا: بَلْ هُوَ رَجُلٌ وَلَدَ عَشْرَةً فَسَكَنَ الْيَمَنَ مِنْهُمْ سِتَّةٌ وَبِالشَّامِ مِنْهُمْ اَرْبَعَةٌ: یہ ایک آدمی کا نام ہے۔ اس کے دس بیٹے تھے، چھ یمن میں سکونت پذیر ہوئے اور چار شام میں آ کر آباد ہوئے (2)۔ صاحبِ لسان العرب نے اس کا نسب

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 18-17 2۔ مسند امام احمد، ج 1، ص 316

طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ

شہر اور ایسا رب غفور! (اہل سبا! تمہاری خوش بختی کا کیا کہنا) ۲۶ پھر انہوں نے منہ پھیر لیا تو ہم نے ان پر تند و تیز سیلاب بھیج دیا ۲۵

نامہ یوں لکھا ہے: هُوَ سَبَأُ بْنُ يَشْجُبَ بْنِ يَعْرُبَ بْنِ قَحْطَانَ (1)۔ علامہ ابنِ کثیر نے علماء نسب کے حوالے سے اس کی توثیق کی ہے۔ صرف اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کا نام عبدالشمس تھا اور سبا اس کا لقب تھا کیونکہ اس نے عرب میں سب سے پہلے قیدی بنائے۔ لِاَنَّهٗ اَوَّلُ مَنْ سَبَأَ فِي الْعَرَبِ۔ (2)

ان کا واقعہ یہ ہے کہ یمن کا اکثر حصہ کوہستانی ہے۔ یہاں کوئی دریا نہیں بہتا۔ برسات کے موسم میں بارش کا پانی برساتی نالوں کے ذریعے آتا اور اس سے کہیں کہیں کھیتی باڑی کی جاتی۔ اہلِ یمن نے مأرب کے قریب ایک وادی میں بڑا زبردست بند (DAM) تعمیر کیا۔ کہتے ہیں یہ بند ملکۂ بلقیس کے زمانہ میں سنگلاخ چٹانوں سے تعمیر کیا گیا تھا۔ اوپر نیچے اس کے تین دروازے تھے۔ اس سے نیچے ایک بہت بڑا وسیع تالاب تھا۔ جس سے بارہ نہریں نکالی گئی تھیں جو ملک کے ہر حصہ کو آبپاش کرتیں۔ جب ڈیم بھرا ہوتا تو سب سے اونچا دروازہ کھولا جاتا اس سے پانی نکل کر نیچے ذخیرہ میں آتا اور وہاں سے حسبِ ضرورت مختلف نہروں میں چھوڑ دیا جاتا۔ پانی کی سطح کم ہوتی تو درمیانی دروازہ کھولا جاتا اور جب بالکل پانی کم ہوتا تو نیچے والا دروازہ کھول دیا جاتا۔ یہ ڈیم اتنا بڑا تھا کہ موسم برسات میں ذخیرہ کیا ہوا پانی ان کی سال بھر کی ضرورتوں کے لیے کافی ہو جاتا۔

آبپاشی کا یہ اتنا اعلیٰ نظام تھا کہ اس زمانہ میں بابل کے علاوہ کہیں اس کی نظیر نہ تھی۔ جب یمن کی زمین کو بروقت پانی دستیاب ہونے لگا تو ہر طرف سرسبز و شاداب کھیت لہلہانے لگے۔ وادی کے دونوں طرف دائیں بائیں دور دور تک باغات کا سلسلہ چلا گیا تھا۔ امام قشیری کہتے ہیں جنتین کا یہ مطلب نہیں کہ ملک بھر میں صرف دو باغ تھے۔ ایک دائیں طرف دوسرا بائیں طرف۔ بلکہ مقصد یہ ہے دائیں بائیں ہر طرف باغات ہی باغات تھے۔ جدھر نگاہ اٹھتی پھلوں سے لدے ہوئے سرسبز درختوں پر ہی پڑتی۔ (قرطبی) (3)

خود سوچئے! جہاں آب رسانی کا اتنا بہترین نظام ہو۔ ہر طرف پھل دار درخت جھول رہے ہوں۔ باغات سے سارا ملک جنت نظیر بنا ہو۔ زمین سونا اگل رہی ہو۔ وہاں کے باشندوں کی خوشحالی کا کیا عالم ہوگا۔ شرق و غرب میں ان کی دولت و ثروت کے چرچے تھے۔ اس وقت کے سیاحوں نے ان کے مکانات کی تزئین اور آرائش کے جو چشم دید حالات لکھے ہیں، انہیں پڑھ کر انسان دنگ رہ جاتا ہے۔

۲۵ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ اپنے رب کریم کے دیے ہوئے رزق سے کھاؤ۔ رنگا رنگ خوش ذائقہ پھلوں سے لطف اٹھاؤ۔ لیکن خیال رہے جس کے خوانِ کرم سے تمہیں یوں اعلیٰ اور بے حساب نعمتیں عطا کی جا رہی ہیں اس کی شکر گزاری میں سستی نہ کرنا۔ جتنا تم شکر ادا کرو گے وہ کریم اتنا ہی مزید لطف و کرم تم پر کرے گا۔

۲۶ تم کتنے خوش نصیب ہو۔ تمہیں ملک عطا ہوا تو ایسا جو آب و ہوا کے لحاظ سے بڑا پاکیزہ ہے۔ زمین زرخیز ہے، پانی وافر ہے، باغ خوب پھلتے ہیں، ہوا اتنی لطیف ہے کہ اس کا ہر جھونکا نسیم بہار کی طرح غنچہ دل کو شگفتہ کر دیتا ہے۔ مچھر مکھی وغیرہ کا یہاں نام تک نہیں۔ مزید برآں تمہارا رب بہت بڑی بخشش کرنے والا ہے۔ اگر بھولے سے کوئی گناہ سرزد بھی ہو جائے تو فوراً پکڑ نہیں

1۔ لسان العرب، ج 1، ص 94 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 531 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 85-284

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ

اور ہم نے بدل دیا ان کے دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے جن کے پھل ترش اور کڑوے تھے اور انمیں جھاؤ کے بوٹے اور

مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ

چند بیری کے درخت تھے ۲۸ یہ بدلہ دیا ہم نے انہیں بوجہ انکی احسان فراموشی کے ۲۹ اور بجز احسان فراموش کے

لیتا۔ تم توبہ کے لیے دروازہ کھٹکھٹاؤ۔ وہ تمہارے گناہ بخش دیتا ہے۔

۲۷ کچھ عرصہ تو وہ عنایاتِ ربانی سے لطف اندوز ہوتے رہے اور شکر بجالاتے رہے۔ لیکن جب عرصۂ دراز اس لطف و تنعم میں گزرا تو ان میں سرکشی اور بے راہ روی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ وقتاً فوقتاً اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف اپنے نبی مبعوث فرمائے۔ انہوں نے انہیں بہتیرا سمجھایا کہ اللہ تعالیٰ کے نافرمان نہ بنو۔ یہ عیش و نشاط، یہ دولت کی فراوانی اور غلوں اور پھلوں کی بہتات تمہاری کسی ذاتی قابلیت کا نتیجہ نہیں بلکہ تمہارے پروردگار کی دین ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تم لگاتار گناہ کرتے رہو اور ناشکر گزار بنے رہو اور وہ تمہیں ان نعمتوں سے محروم کردے۔ لیکن شیطان نے ان کو ایسا ورغلایا تھا کہ انہوں نے اپنے مخلص ناصحین کے وعظ و نصیحت کو سننے سے انکار کردیا اور برملا کہنا شروع کردیا: مَا نَعْرِفُ لِلّٰهِ عَلَيْنَا نِعْمَةً قُوْلُوْا لِرَبِّكُمْ فَلْيَحْبِسْ هٰذِهِ النِّعْمَةَ عَنَّا اِنِ اسْتَطَاعَ۔ یعنی ہمیں تو کوئی علم نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر کوئی احسان کیا ہے، تم بیشک اپنے رب کو کہو کہ اگر اس میں طاقت ہے تو جو انعام اس نے ہم پر کیا ہے وہ آئندہ نہ کرے۔ جب ان کے فسق و فجور کی حد ہوگئی تو مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آیا۔ غضبِ الٰہی موسلا دھار بارشوں کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اس نے اتنے خوفناک سیلاب کی صورت اختیار کرلی کہ جب اس کی موجیں اس چٹانوں سے بنے ہوئے بند سے جا ٹکرائیں تو ان کو لرزا کر رکھ دیا۔ چند جھٹکوں کے بعد وہ بند جس کی پختگی پر انہیں بڑا ناز تھا، اس میں دراڑیں نمودار ہونے لگیں۔ کچھ لمحوں کے بعد پانی کا تُند ریلا اس کے بھاری بھرکم پتھروں کو تنکوں کی طرح بہالے گیا۔ کئی روز سے موسلا دھار بارش کے باعث سارے علاقے میں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آرہا تھا۔ اوپر سے بند ٹوٹنے سے اس کا پانی بھی آگیا۔ جب یہ سارا پانی بلندی سے پستی کی طرف بجلی کی تیزی سے روانہ ہوا تو راستے میں جتنے شہر تھے ملیامیٹ ہوگئے۔ باغات اجڑ گئے۔ درخت اکھڑ گئے اور لہلہاتے ہوئے کھیتوں کا تو نام و نشان تک کہیں باقی نہ رہا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان ناشکروں اور ان فاسقوں کو تباہی اور بربادی کی چکی میں پیس ڈالا۔ (1)

عَرِمٌ کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں۔ (۱) سَدٌّ يُعْتَرَضُ بِهِ الْوَادِيْ۔ وہ بند جو وادی کے سامنے تعمیر کیا گیا ہو۔ (۲) اَلْعَرِمُ الْاِحْبَاسُ تُبْنٰى فِيْ اَوْسَاطِ الْوَادِيْ: پانی کے وہ ذخیرے جو وادی کے وسط میں جگہ جگہ بنائے گئے ہوں۔ (۳) اَلْعَرِمُ السَّيْلُ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ: ایسا سیلاب جس کو روکنے کی کسی میں طاقت نہ ہو۔ وَقِيْلَ الْمَطَرُ الشَّدِيْدُ: سخت بارش (2)۔ یہاں یہ سارے معانی چسپاں ہوسکتے ہیں۔

۲۸ کچھ عرصہ پہلے جہاں جنت نظیر وادیاں دعوتِ نظارہ دے رہی تھیں، جس ملک کا ہر گوشہ فردوس بر روئے زمین ہونے کا

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص19-20 2۔ لسان العرب، ج12، ص396

اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا

ہم کسے ایسی سزا دیتے ہیں ۳۰ اور ہم نے بسادی تھیں ان کے درمیان اور ان شہروں کے درمیان جن میں ہم نے برکت دی تھی اور

قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا

کئی بستیاں سرِ راہ ۳۱ اور ہم نے منزلیں مقرر کر دی تھیں ان میں آنے جانے کی ۳۲ سیر و سیاحت کرو ان میں (جب چاہو) رات یا دن ۳۳

دعویٰ کر رہا تھا وہاں اُلّو بولنے لگے، وہاں تباہی و بربادی نے اپنے پنجے گاڑ دیئے۔ ہر طرف ہُو کا عالم تھا۔ سنسان ویرانے دور دور تک پھیلے ہوئے تھے، پھل دار درختوں کا نشان تک نہ رہا تھا۔ وہ شہر اور گاؤں جہاں زندگی اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ محوِ خرام تھی، وہاں خاک اڑنے لگی۔ یوں دکھائی دیتا جیسے یہاں کبھی کوئی آبادی تھی ہی نہیں۔ وہ چمن بندیاں، وہ روشیں، وہ خیاباں اور پھولوں سے لدی ہوئی کیاریاں سب قصۂ ماضی بن چکی تھیں۔ اب خودرَو بوٹے، خاردار جھاڑیاں اور کہیں کہیں جنگلی گھاس اُگی ہوئی نظر آتی تھی۔ جہاں سیب، انار اور انگور تھے وہاں کڑوے اور تُرش پھل، جھاؤ کے درخت اور چند بیری کے بے رونق پودے نظر آتے تھے۔ اُكُلٌ: پھل۔ خَمْطٌ: وہ پھل جو تُرش یا کڑوا ہو۔ اَثْلٌ: جھاؤ کا درخت۔ سِدْرٌ: بیری۔

۲۹ یہ تو ان کے باغات کا حال ہوا۔ اور ان ناشکروں اور مَے پندار سے سرشار مغروروں پر کیا بیتی؟ اس کا کیا پوچھنا؟ ایک کثیر تعداد تو سیلاب میں بہہ گئی۔ جو بچ گئے وہ اپنے ملک کو چھوڑ کر دوسرے علاقوں میں تتر بتر ہو گئے۔ ان کا شیرازہ بکھر گیا۔ جہاں گئے وہاں کی آبادی میں جذب ہو کر رہ گئے۔ نہ وطن رہا، نہ وقار رہا، باقی تھا قوم کا نام، وہ بھی مٹ کر رہ گیا۔

۳۰ یہ سزا ان کی نافرمانی اور ناشکری کے باعث انہیں دی گئی۔ ہم یوں ہی قوموں کو بلا وجہ تباہ و برباد نہیں کر دیتے، بلکہ یہ ان کے اعمالِ بد ہیں جو انہیں اس ہولناک انجام سے دوچار کر دیتے ہیں۔

۳۱ جب وہ خوش حالی اور آرام کی زندگی بسر کر رہے تھے اس وقت اس علاقہ کی چہل پہل کا یہ حال تھا کہ یمن سے لے کر شام، فلسطین تک سارا راستہ آباد تھا۔ جگہ جگہ پُر رونق بستیاں تھیں۔ ایک شہر سے نکلے تو دوسرے شہر کے اونچے اونچے مکانوں کی منڈیریں دکھائی دینے لگیں۔ ابھی ایک شہر کی چہل پہل ختم نہ ہوتی تو دوسری بستی کی دلچسپیاں مسافروں کی توجہ کو جذب کرنے لگتیں۔

بَيْنَهُمْ سے مراد سبا کا علاقہ ہے۔ اَلْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا سے مراد شام و فلسطین کے قصبے اور شہر ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے بابرکت کیا تھا۔ قُرًى ظَاهِرَةً سے مراد وہ گاؤں اور بستیاں ہیں جو کسی شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے مسافروں کو دور سے نظر آنے لگتی ہیں۔ یا وہ شہر جن میں اونچے اونچے محلات اور ایوان راہگیروں کو دعوتِ نظارہ دیتے ہیں۔ ''ظاہرۃ'' کا ایک معنی عامرۃ بھی ہے یعنی آباد۔ قِيْلَ ظَاهِرَةٌ اَیْ عَامِرَةٌ۔ (بحر محیط) (1)

۳۲ یعنی ہم نے سفر کی منزلیں ان میں مقرر کر دی تھیں۔ کوئی شب باشی کے لیے، کوئی دوپہر کا قیلولہ کرنے کے لیے۔ ہر جگہ ہر طرح کا سامانِ راحت میسر، آرام دہ سرائیں اور شاندار ہوٹل اپنے مہمانوں کے لیے چشم براہ۔

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 272

اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

کے وقت امن وامان سے۔ پھر وہ بولے۔ اے ہمارے رب! دُور دراز کردے ہماری مسافتوں کو ۳۴ (یہ کہہ کر) اُنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کیا۔ پس ہم نے انہیں افسانہ بنادیا اور ہم نے ان (کی جمعیت) کو پارہ پارہ کر دیا ۳۵ (سبا کی اس داستان) میں عبرت کی

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ

نشانیاں ہیں ہر بہت صبر بہت شکر کرنے والے کے لیے ۳۶ اور بیشک سچ کر دکھایا ان (ناشکروں) پر شیطان نے اپنا گمان ۳۷

۳۳ یہاں سفر کے لیے ضروری نہیں تھا کہ دن کے اجالے میں ہی ہو۔ رات ہو یا دن ہر مسافر امن وامان سے اپنا سفر جاری رکھ سکتا تھا۔ نہ دن کو کسی قزاق کا خدشہ نہ رات کو لُٹ جانے کا خوف۔

۳۴ لیکن اس آرام دہ زندگی سے کچھ مدت کے بعد وہ اُکتا گئے۔ وہ خدا سے دعا کرنے لگے کہ ہماری مسافتوں کو طویل کر دے۔ ایک پڑاؤ دوسرے پڑاؤ سے کافی دور ہو۔ ان کے درمیان وسیع وعریض سنسان صحرا ہوں۔ غیر آباد ویرانے ہوں۔ انہیں چلچلاتی دھوپ جلائے، گرم لُو جھلس ڈالے، پیاس کی شدت سے ہونٹ خشک ہوں، سفر کا مزا تو تب ہے۔ چنانچہ علامہ ابوحیان لکھتے ہیں: لَمَّا طَالَتْ بِهِمْ مُدَّةُ النِّعْمَةِ بَطِرُوْا وَ مَلُّوا الْعَافِيَةَ وَ طَلَبُوْا اسْتِبْدَالَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ۔۔ فَتَمَنَّوْا اَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ وَ بَيْنَ الشَّامِ الْمَفَاوِزَ۔ (بحر)(1)

۳۵ ان نعمتوں پر شکر کرنے کے بجائے انہوں نے نافرمانی کو اپنا وطیرہ بنالیا۔ وہ قوم جو فارغ البالی اور خوشحالی کے باعث آفاقِ عالم میں رشک وحسد کی نگاہوں سے دیکھی جاتی تھی، جس کا آفتاب اقبال بڑی بلندی پر چمک رہا تھا جب ہم نے اسے پکڑا تو اسے داستان پارینہ بنا کر رکھ دیا۔ اب محض ان کی کہانیاں باقی رہ گئی ہیں۔ اس قوم کا نام ونشان تک مِٹ گیا۔ ان کی جمعیت کو ہم نے اس طرح منتشر اور تتر بتر کر دیا کہ جب کوئی جماعت یا قبیلہ منتشر ہوتا ہے تو اہل عرب بطور مثال کہتے ہیں: ذَهَبُوْا اَيْدِيْ سَبَا(2)۔ کہ اس قبیلہ کے لوگ یوں بکھر گئے جس طرح سبا کی قوم کو مختلف راستوں نے ایک دوسرے سے ہمیشہ کے لیے جدا کر دیا۔

وَقِيْلَ لِلْقَوْمِ اِذَا تَفَرَّقُوْا فِيْ جِهَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ ذَهَبُوْا اَيْدِيْ سَبَا اَيْ فَرَّقَتْهُمْ طُرُقُهُمُ الَّتِيْ سَلَكُوْهَا۔ وَالْيَدُ: الطَّرِيْقُ (لسان)(3)

علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ قبیلہ غسان، شام چلا گیا۔ انمار، یثرب میں۔ جُذام، تہامہ میں اور قبیلہ ازد، عمان میں جا کر آباد ہوئے۔ (کشاف)(4)

۳۶ ان کی تباہی کی دردبھری داستان سے وہی لوگ عبرت حاصل کر سکتے ہیں جو صبر وشکر کی صفات سے پوری طرح متصف ہوں۔

۳۷ جب شیطان نے مُہلت ملنے کے بعد خالق کائنات کے حضور میں یہ لاف زنی کی تھی۔ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ، وَ

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 272 2۔ ایضاً، ص 71-270 3۔ لسان العرب، ج 1، ص 94 4۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 578

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ

سو وہ اس کی تابعداری کرنے لگے بجز مومنوں کے ایک گروہ کے (جو حق پر ڈٹا رہا) اور نہیں حاصل تھا شیطان کو ان پر ایسا قابو

مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا

(کہ وہ بے بس ہوں) ۳۸ مگر یہ سب کچھ اس لیے ہوا کہ ہم دکھانا چاہتے تھے کہ کون آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور کون اس کے

فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ ع ۲ ۱۲ ۸

متعلق شک میں مبتلا ہے اور (اے حبیب!) آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے ۳۹ آپ فرمائیے (اے مشرکو!) تم پکارو دیکھو

لَاَتَّخِذُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ: یعنی مجھے تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو گمراہ کرنے کی کوشش کروں گا۔ اس وقت اسے یہ یقین نہ تھا کہ وہ اپنے اس دعویٰ میں پورا اترے گا لیکن جب اہلِ سبا نے اس کی انگیخت پر غوایت وضلالت کی راہ پر چلنا شروع کر دیا اور ناشکری کی انتہا کر دی، تو اب اس کا وہ گمان درست ثابت ہو گیا۔

اِنَّمَا قَالَهٗ ظَنًّا فَلَمَّا اتَّبَعُوْهُ وَ اَطَاعُوْهُ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ مَا ظَنَّهُمْ فِيْهِمْ (مظہری) یعنی پہلے تو اس کا یہ غالب گمان تھا کہ وہ انہیں گمراہ کر دے گا۔ لیکن جب اہلِ سبا نے اس کے اشارہ پر ناچنا شروع کر دیا اور اس کی پیروی اختیار کر لی، تو اب اس کے گمان کی تصدیق ہو گئی (1)۔ وَقَالَ مُجَاهِدٌ: ظَنَّ ظَنًّا فَكَانَ كَمَا ظَنَّ فَصَدَّقَ ظَنَّهٗ (قرطبی) (2) کہ اس نے ایک گمان کیا تھا اور وہ گمان پورا ہو گیا، تو اب گویا اس کے ظن کی تصدیق ہو گئی۔

۳۸ یعنی شیطان کے پاس ایسی کوئی قوت نہ تھی جس کے زور سے وہ انہیں جبراً اپنا پیروکار بنا لیتا اور وہ اپنی مرضی اور ارادہ کے علی الرغم اس کے پیچھے چلنے پر مجبور ہوتے۔ اس کا کام تو صرف وسوسہ اندازی کرنا اور لطائف الحیل سے ورغلانا اور پھانسنا تھا۔ اس نے صرف گدگدایا اور یہ صاحبانِ وقار ومتانت کو بالائے طاق رکھ کر گل کھلانے لگ گئے۔ اس نے صرف تار ہلایا اور یہ رقص کرنے لگے۔ اس کی چکنی چپڑی باتوں پر یوں فریفتہ ہو گئے کہ اپنے خالق کو بھی بھلا دیا اور اپنے مخلص راہنماؤں کی پند وموعظت کو بھی ٹھکرا دیا۔

۳۹ یہ استثناء منقطع ہے اور اِلَّا، لٰکِنْ کے معنی میں استعمال ہوا ہے (قرطبی) (3) نَعْلَمَ کے معنی کی تحقیق کئی مقامات پر گزر چکی ہے۔ مختصراً خلاصہ یہ ہے کہ نَعْلَمُ، نُظْهِرُ (ظاہر کرنا) نُمَيِّزُ (تمیز کرنا) اور نَرٰی (دیکھنا) کے معانی میں مستعمل ہوتا ہے۔ یہاں یہ سارے معانی چسپاں ہو سکتے ہیں اور اگر نَعْلَمُ جاننے کے معنی میں ہی ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک علم تو وہ ہے جو کسی چیز کے ظہور پذیر ہونے سے پہلے اسے حاصل ہے۔ لیکن اس علم پر جزا وسزا مرتب نہیں ہو سکتی۔ جب کوئی عمل عالمِ واقع میں ظہور پذیر ہوتا ہے تب نیکو کار کو جزا کا اور بدکار کو سزا کا مستحق قرار دیا جاتا ہے۔ یہاں علم سے مراد یہی علم ہے۔ يُرِيْدُ عِلْمَ الشَّهَادَةِ الَّذِيْ يَقَعُ بِهِ الثَّوَابُ وَالْعِقَابُ۔ (قرطبی) (4)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص23 | 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز14، ص292 | 3۔ ایضاً، ص294 | 4۔ ایضاً

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ

جنہیں تم اللہ تعالےٰ کے سوا اپنا معبود خیال کرتے ہو۔ یہ تو ذرّہ برابر کے بھی مالک نہیں ہیں نہ آسمانوں میں

وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ

اور نہ زمین میں اور نہ ان کا زمین و آسمان میں کچھ حصّہ ہے اور نہ ہی اللہ تعالےٰ کا ان میں سے

مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى

کوئی مددگار ہے ۴۰ اور نہ نفع دے گی سفارش اسکے ہاں مگر جس کے لیے اس نے اجازت دی ہو ۴۱ یہانتک

لیکن علمِ الٰہی کے بارے میں جو تحقیق علامہ پانی پتی نے کی ہے، اہلِ حق کے نزدیک وہی اولیٰ بالقبول ہے جس کا خلاصہ چند سطور میں پیش خدمت ہے۔

فرماتے ہیں: ''زمانہ اور زمانیات، اسی طرح مکان اور مکانیات سب حادث ہیں اور ان تمام امور کے متعلق اللہ تعالیٰ کا علم قدیم، ازلی، سرمدی ہے۔ تقدیم و تاخیر جس کا تعلق زمانہ سے ہے اور تحت و فوق جس کا تعلق مکان سے ہے یہ حادث ہے اور اللہ تعالیٰ تو زمان و مکان کا خالق ہے وہ زمانی تقدیم و تاخیر اور مکانی فوق و تحت سے مبرا اور منزہ ہے''۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مظہری سورۂ سبا کی آیت نمبر ۱۳ اور نمبر ۲۱) (1)

۴۰ زَعَمْتُمْ کا مفعول ثانی اٰلِهَةً مقدر ہے۔ عبارت یوں ہے کہ اَیْ زَعَمْتُمُوْهُمُ الْاٰلِهَةَ۔ (مظہری) یعنی جن کو تم اپنا خدا یقین کرتے ہو انہیں پکارو۔ دیکھیں وہ تمہاری کیا مدد کرتے ہیں۔ وہ بیچارے تو بے بس اور بے نوا ہیں، وہ تو زمین و آسمان میں سے کسی ذرّہ کے بھی مالک نہیں۔ مِنْ شِرْكٍ میں ''مِنْ'' زائدہ ہے اور شِرْكٍ بمعنی شرکت یعنی حصہ ہے۔ یعنی ان کا زمین و آسمان میں کوئی حصہ نہیں ہے (2)۔ علامہ قرطبی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: اَیِ ادْعُوا الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمُ الْاٰلِهَةُ (قرطبی) (3) یعنی انہیں پکارو جنہیں تم خدا خیال کرتے ہو۔ علامہ ابوحیان لکھتے ہیں: زَعَمْتُمُوْهُمُ الْاٰلِهَةَ مِنْ دُوْنِهٖ (بحر) (4) یعنی جنہیں تم اللہ کے سوا خدا سمجھتے ہو۔ یہ آیت مشرکین کے حق میں نازل ہوئی جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور معبود بنائے ہوئے تھے۔ تقریباً سب مفسرین نے اس آیت کی یہی تفسیر بیان کی ہے۔

۴۱ کفار علی سبیل التنزل کہتے تھے کہ چلو ہم مان لیتے ہیں کہ ہمارے ان بتوں کو زمین و آسمان کی کسی چیز پر اختیار نہیں اور نہ یہ کسی چیز کے مالک ہیں اور نہ حصہ دار۔ لیکن قیامت کے روز یہ ہماری شفاعت کریں گے اور ان کی شفاعت کے باعث ہم نجات پا جائیں گے۔ ان کے اس گمان کا بطلان کیا جا رہا ہے کہ ان کا یہ خیال بھی سراسر ہذیان ہے۔ قیامت کے دن ایسا نہیں ہوگا کہ جس کا جی چاہے گا شفاعت کرنے کے لیے کھڑا ہو جائے گا بلکہ شفاعت کے لیے صرف وہ آدمی لب کشائی کرے گا جس کو بارگاہِ الٰہی سے شفاعت کرنے کی اجازت ملے گی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 24 2۔ ایضاً، ص 25 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 295 4۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 275

اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ

کہ جب دُور کردی جاتی ہے گھبراہٹ ان کے دلوں سے تو پُوچھتے ہیں کیا ارشاد فرمایا تمہارے رب نے۔ وہ کہتے ہیں اس نے حق فرمایا ہے اور

الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ یَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ

وہی بڑی شان والا سب سے بڑا ہے ۴۲ آپ فرمایئے کون روزی دیتا ہے تمہیں آسمانوں اور زمین سے خود ہی فرمایئے

اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ اِیَّاكُمْ لَعَلٰی هُدًی اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۴﴾ قُلْ

اللہ ۴۳ اور ہم یا تم (دونوں میں سے ایک) ہدایت پر ہے اور (دُوسرا) کھلی گمراہی میں ہے ۴۴ فرمایئے

اور فقط ان لوگوں کے لیے وہ شفاعت کرے گا جن کی شفاعت کرنے کا اسے اذن ملے گا۔ اللہ تعالیٰ کے جن مقبول بندوں کو شفاعت کرنے کی اجازت ہوگی وہ تو انبیاء واولیاء ہوں گے اور انہیں صرف ان گنہگاروں کے لیے سفارش کرنے کا اذن ملے گا جو ایمان کے ساتھ دنیا سے رخصت ہوئے ہوں۔ رہے تمہارے یہ بت تو انہیں سرے سے سفارش کرنے کی اللہ تعالیٰ نے اجازت ہی نہیں دی۔ ان کی کیا مجال ہے کہ وہ شفاعت کرسکیں، اور وہ بھی ان بدنصیبوں کی جنہوں نے ساری عمر کفر وشرک میں بسر کردی اور آخر دم تک ایمان نہ لائے۔ (1)

۴۲ فُزِّعَ کا معنی ہے جب دل سے گھبراہٹ اور سراسیمگی دور ہوجائے گی۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ خُلِّیَ عَنْ قُلُوْبِهِمُ الْفَزَعُ۔ قُطرب: اُخْرِجَ مَا فِیْهَا مِنَ الْخَوْفِ۔ یعنی قیامت کے دن جنہیں اذنِ شفاعت ملے گا وہ بھی اللہ تعالیٰ کے خوف سے ڈر رہے ہونگے۔ ان کے دل گھبرا رہے ہوں گے کہ دیکھیے ان کے ساتھ آج کیا سلوک کیا جاتا ہے؟ اور جب مولا کریم اپنے فضل وکرم سے انہیں اذنِ شفاعت بخشے گا اور یہ خوف وہراس دور ہوگا اس وقت وہ ایک دوسرے سے اطمینان کے لیے پوچھیں گے کہ پروردگار نے کیا فرمایا؟ دوسرے انہیں بتائیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے وہ بات فرمائی ہے جو عین حق ہے۔ یعنی اس نے تمہیں اجازت دی ہے کہ تم اہلِ ایمان گنہگاروں کی شفاعت کرو۔ واقعی اس کی شان سب سے اعلیٰ وارفع ہے اور وہ بہت بڑا ہے۔ (2)

۴۳ کفار کو لاجواب کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ اپنے رسولِ کریم کو حکم دیتا ہے کہ آپ ان سے پوچھیے کہ تمہارے رزق کا بہم پہنچانے والا کون ہے؟ کون بادلوں کے مشکیزے میٹھے پانی سے بھر کر ہواؤں کے کندھوں پر لاد کر لاتا ہے اور تمہارے کھیتوں پر آکر برساتا ہے؟ یہ سورج کی کرنیں اور چاند کی شعاعیں کس کے حکم سے ہر چیز کی مناسب نشوونما کر رہی ہیں اور ان کو رنگ اور ذائقہ سے معطر کر رہی ہیں؟ کون ہے جو یہ تمام انتظامات حسن وخوبی سے انجام دے رہا ہے؟ تمہارے کھانے کے لیے ہر طرح کی اجناس، سبزیاں اور پھل تیار کر رہا ہے؟ کفار کے پاس اس سوال کا کوئی جواب نہ تھا۔ وہ اگر یہ کہتے کہ ان کے بت یہ سب کچھ کر رہے ہیں تو یہ سفید جھوٹ تھا اور اگر اللہ تعالیٰ کا نام لیتے تو پھر شرک سے چمٹے رہنے کے لیے ان کے پاس کوئی وجہِ جواز باقی نہ رہتی۔ اس لیے خود ہی حکم دیا۔ قُلِ اللّٰهُ: اے محبوب! یہ اس سوال کا جواب نہیں دیں گے۔ آپ فرمادیجیے: اللہ تعالیٰ۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 136 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 295

لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ

تم سے باز پُرس نہیں ہوگی ان جرموں کی جو ہم نے کیے اور نہ ہم سے باز پُرس ہوگی تمہارے کرتوتوں کی ۴۵ فرمایئے ہمارا رب ہم سب

بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ

کو جمع کرے گا پھر وہ فیصلہ کریگا ہمارے درمیان حق (و انصاف) کے ساتھ۔ وہی بہترین فیصلہ کرنیوالا سب کچھ جاننے والا ہے ۴۶ فرمایئے

اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاۗءَ كَلَّا ۭ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾

مجھے بھی دکھاؤ تو وہ شریک جنہیں تم نے اللہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔ ہرگز ایسا نہیں۔ بلکہ فقط وہی اللہ ہے جو زبردست بڑا دانا ہے ۴۷

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام انسانوں کی طرف بشیر اور نذیر بنا کر ۴۸ لیکن (اس حقیقت کو) اکثر لوگ

۴۴ ہم اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل ہیں اور تم شرک میں مبتلا ہو۔ ہم دونوں تو راہِ راست پر ہو نہیں سکتے۔ لازماً اگر ہم راہِ راست پر ہیں تو تم گمراہ ہو۔ اور اگر تم راہِ راست پر گامزن ہو تو ہم بھٹکے ہوئے ہیں۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ توحید کے ماننے والے اور شرک کرنے والے دونوں راہِ حق پر چل رہے ہوں۔ اب تم خود ہی فیصلہ کرو کہ حق پر کون ہے؟ ہم یا تم؟ دلائل کس کی تائید کرتے ہیں؟ عقلِ سلیم کا فیصلہ کس کے حق میں ہے؟ اور خود تمہارے دل کیا کہہ رہے ہیں؟ قیاسِ استثنائی کی یہ بہترین مثال ہے۔

۴۵ ہر شخص اپنے گناہوں کا بوجھ خود اٹھائے گا۔ اب وقت ہے سمجھنے کی کوشش کرو اور اگر اس حقیقت کو جو سورج سے بھی روشن تر ہے، سمجھ چکے ہو تو نادان بچوں کی طرح بے جا ہٹ دھرمی اور ضد نہ کرو، ورنہ پچھتانا پڑے گا۔

۴۶ اللہ تعالیٰ ہم سب کو میدانِ حشر میں جمع کرے گا اور ہمارے جھگڑے کا خود فیصلہ فرمائے گا۔ اس سے بہتر اور کون فیصلہ کر سکتا ہے؟ کون سی بات ہے جس کا اسے علم نہ ہو۔ يَفْتَحُ اَيْ يَحْكُمُ وَيَفْصِلُ (مظہری) (1)

۴۷ مجھے دکھاؤ وہ کہاں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے شریک بنتے ہیں یا جنہیں بنایا جاتا ہے؟ ''اَرُوْنِيَ'' کا پہلا مفعول ضمیرِ متکلم منصوب متصل، دوسرا مفعول ''الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ'' اور تیسرا مفعول ''شُرَكَاۗءَ'' ہے۔ (2)

۴۸ اس آیت کی تفسیر اس حدیث پاک سے ہوتی ہے جو حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے:

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ: اُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَاُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْرًا وَاُرْسِلْتُ اِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ۔ (3)

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء پر چھ باتوں میں فضیلت دی ہے۔ مجھے اس نے جوامع الکلم عطا فرمائے۔ (یعنی قلیل الفاظ میں کثیر معانی کو بیان کر دینا)۔ اس نے رعب سے میری مدد کی۔ میرے لیے غنیمت حلال کی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 29 2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 280 3۔ جامع ترمذی، ابواب السیر، باب ماجاء فی الغنیمۃ، ج 1، ص 188

النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ

نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں کب پورا ہوگا یہ وعدہ (بتاؤ) اگر تم

صَادِقِينَ ﴿۲۹﴾ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً

سچے ہو فرمایئے (اے منکرو!) تمہارے لیے وعدہ کا دن مقرر ہے۔ نہ تم اس سے ایک لمحہ پیچھے ہٹ سکو گے اور

وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿۳۰﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ ع ۳ ۹ ۹

نہ (ایک لمحہ) آگے بڑھ سکو گے۔ کفّار (اب تو) کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اس قرآن پر ۴۹

وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ

اور نہ ان کتابوں پر جو اس سے پہلے نازل ہوئیں۔ کاش! تم (وہ منظر) دیکھو جب یہ ظالم کھڑے کیے جائیں گے

عِندَ رَبِّهِمْ ۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ ۖ يَقُولُ الَّذِينَ

اپنے ربّ کے روبرو اس وقت یہ ایک دوسرے پر الزام دھریں گے۔ کہیں گے وہ لوگ جو (دُنیا میں)

گئی۔ میرے لیے تمام روئے زمین مسجد قرار دی گئی اور اسے طہارت کا ذریعہ بنایا گیا اور مجھے تمام مخلوقات کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا اور مجھے تمام نبیوں کے آخر میں بھیج کر سلسلۂ نبوت ختم کیا گیا۔

كَآفَّةً کے مفہوم اور ترکیب کے بارے میں مختلف اقوال منقول ہیں۔ زجاج کے نزدیک کآفۃ کا معنی جامع ہے: قَالَ الزَّجَّاجُ اَیْ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا جَامِعًا لِّلنَّاسِ بِالْاِنْذَارِ وَالْاِبْلَاغِ۔(1) بعض کے نزدیک یہ کف کا اسم فاعل ہے جس کا معنی روکنا ہے اور ''ۃ'' مبالغہ کے لیے ہے(2)۔ یعنی ہم نے آپ کو اس لیے بھیجا ہے کہ آپ سب لوگوں کو کفر و عصیان سے روکیں۔ مَعْنَاهُ كَافًّا لِّلنَّاسِ تَكُفُّهُمْ عَنْ مَا هُمْ فِيهِ مِنَ الْكُفْرِ(3)۔ اور آخرت میں آپ انہیں دوزخ میں گرنے سے روکیں گے۔ اس کی ترکیب میں بھی متعدد قول ہیں۔ بعض نے اسے مصدرِ محذوف کی صفت بنایا ہے۔ اس تقدیر پر عبارت یوں ہوگی۔ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رِسَالَةً كَافَّةً یعنی عَامَّةً شَامِلَةً... اور بعض نے اسے اَرْسَلْنٰكَ کی ضمیرِ خطاب کا حال بنایا ہے اور لِلنَّاسِ جار مجرور اس کے ساتھ متعلق ہے اور بعض نے اسے لِلنَّاسِ کا حال بنایا ہے۔ اگرچہ اکثر نحوی مجرور پر حال کو مقدم کرنا درست نہیں سمجھتے لیکن یہاں اہتمام کی وجہ سے تقدیم جائز ہے۔ ''وکآفۃ'' حَالٌ مِّنَ النَّاسِ قُدِّمَ عَلَيْهِ لِلْاِهْتِمَامِ یَعْنِیْ اَرْسَلْنَاكَ لِاَجْلِ اِرْشَادِ النَّاسِ كَافَّةً عَامَّةً اَحْمَرَهُمْ وَاَسْوَدَهُمْ (مظہری)(4)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 300
2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 281
3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 300
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 30

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ

کمزور سمجھے جاتے تھے ان سے جو بڑے بنا کرتے تھے اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایماندار ہوتے۔ جواب دینگے

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ

متکبر ان کمزوروں کو کیا ہم نے تمہیں روکا تھا

الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

ہدایت قبول کرنے سے جب (نور ہدایت) تمہارے پاس آیا تھا۔ درحقیقت تم خود مجرم تھے۔ کہیں گے وہ

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ

کمزور لوگ ان مغروروں سے دیوں نہیں، بلکہ تمہارے شب و روز کے مکر و فریب نے ہمیں ہدایت سے باز رکھا جب تم ہمیں حکم

اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا

دیتے تھے کہ ہم اللہ کو ماننے سے انکار کردیں اور (بتوں کو) اس کا ہمسر بنائیں ۵۰ اور دل ہی دل میں پچھتائیں گے جب دیکھینگے

۴۹ آج تو کفار بڑے کبر و غرور سے قرآن پر ایمان لانے سے انکار کر رہے ہیں اور اپنی اس احمقانہ ضد کو دانشمندی قرار دے رہے ہیں لیکن جب قیامت کے دن انہیں قبروں سے نکال کر اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش کیا جائے گا اس وقت ان کی حالت دیدنی ہوگی۔ سارا خمار اتر چکا ہوگا، گریہ مسکین بنے فرطِ ندامت سے ہونٹ کاٹ رہے ہوں گے۔ جب غضبِ الٰہی کے بھڑکتے ہوئے شعلے دیکھیں گے تو آپس میں اُلجھنا شروع کر دیں گے۔ ان آیات کا مفہوم واضح ہے۔

۵۰ اس کی ترکیب غور طلب ہے۔ کمزور اور ضعیف لوگ کہیں گے کہ اے سردارو! تم رات دن اسلام کے خلاف سازشیں کرتے تھے۔ کبھی قرآن کی کسی آیت پر اعتراض کرتے، کبھی حاملِ قرآن پر پھبتیاں کستے، کبھی مسلمانوں کی خستہ حالی کا مذاق اڑاتے اور ہمیں بار بار اس امر کی یقین دہانی کراتے تھے کہ جس راہ پر تم چل رہے ہو، یہی سیدھی راہ ہے۔ مبادا! کسی کے کہنے سے اس سے بھٹک جاؤ۔ دائیں بائیں دیکھنے کی ضرورت نہیں، آنکھیں بند کیے ہمارے پیچھے چلے آؤ۔ تم خود سوچو! اگر مسلمانوں کا مذہب سچا ہوتا تو ہم جو اتنے زیرک اور قوم کے راہنما اور اپنے ملک کے لیے وجہِ افتخار ہیں اسے قبول نہ کر لیتے۔ ہم نے اس مسئلہ پر بڑی سنجیدگی سے غور کیا ہے۔ ہم نے اس کی پوری پوری تحقیق کی ہے۔ ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مسلمان اپنا آبائی دین چھوڑ کر گمراہ ہو گئے ہیں۔ اے ہمارے سردارو! ہمیں دینِ حق سے روکنے کے لیے تم شب و روز اسی قسم کے مکر و فریب کرتے رہتے تھے۔ کیا تمہاری بیٹھکوں پر ہر وقت اسی قسم کی گفتگو نہیں ہوا کرتی تھی؟ تم لوگوں کو کفر پر اڑے رہنے کی ہر وقت ترغیب نہیں دیا کرتے تھے؟ ہمیں تو تمہاری یہ مکاریاں لے ڈوبیں، ورنہ ہمیں

الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ

عذاب کو اور ہم ڈال دیں گے طوق ان لوگوں کی گردنوں میں جنہوں نے کفر کیا (خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے) کیا انہیں

اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۳۳ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا

بدلہ دیا جائیگا بجز اسکے جو وہ کیا کرتے تھے ۵۱ اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا مگر یہ کہ (برملا)

قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۳۴ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ

کہہ دیا وہاں کے آسودہ حال لوگوں نے ہم اس (دین) کا جو دیکر تم بھیجے گئے ہو انکار کرتے ہیں - اور کہتے (تم کون ہو ہمیں ڈرانے والے) ہمارا

اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۳۵ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ

مال بھی (تم سے) زیادہ ہے اور اولاد بھی ۵۲ اور ہمیں عذاب نہیں دیا جاسکتا ۵۳ آپ فرمائیے بیشک میرا رب کشادہ کرتا ہے

اپنی عاقبت برباد کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ لیل اور نہار کیونکہ ان مکاریوں اور حیلہ سازیوں کے لیے ظرفِ زمان ہیں اس لیے مکر کی نسبت بطورِ مجاز ان کی طرف کردی گئی (1)۔ ''اغلال'' اس کا واحد ''غِلٌّ'' ہے۔ وہ زنجیر جو گلے میں ڈالی جاتی ہے۔ (2)

۵۱ آخر میں یہ بات واضح کردی کہ ہر شخص کو ارادہ اور اختیار کی آزادی دی گئی ہے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنے ارادہ اور اختیار کو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں صرف کرے۔ اگر کوئی نادان کسی کی خوشنودی کے لیے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ان صلاحیتوں سے فائدہ نہیں اٹھاتا اور کسی کی کورانہ تقلید کی وجہ سے گمراہی کے راستہ پر گامزن رہتا ہے تو وہ سن لے کہ قیامت کے دن اس کا یہ عُذر ہرگز مقبول نہ ہوگا کہ اس نے فلاں شخص کے مجبور کرنے سے ایسی حرکت کی۔ اگر وہ اس کو مجبور نہ کرتا یا اسے اپنے فریب میں مبتلا نہ کرتا، تو وہ ہرگز یہ غلطی نہ کرتا۔ فرمادیا: جیسا کروگے ویسا بھروگے۔ جو جنس کاشت کروگے وہی کاٹوگے۔ اب اچھی طرح سوچ لو تمہیں کیا کرنا چاہیے۔

۵۲ طبقۂ امراء کا ہمیشہ سے یہی رویہ رہا ہے، انہیں زندگی کے سارے عیش و آرام نصیب ہوتے ہیں۔ روپے پیسے کی ریل پیل ہوتی ہے۔ جس طرف سے گزرتے ہیں لوگ تعظیم کے لیے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ اس سے زیادہ انہیں اور کیا چاہیے؟ اگر غریبوں پر ظلم ہوتا ہے تو ہوا کرے۔ اگر کسی کی آبرو لُٹتی ہے تو لُٹتی رہے، اگر اقدارِ عالیہ کا ان کے معاشرہ میں مذاق اڑایا جاتا ہے، تو ان کی بلا سے۔

ان حالات میں جب کسی انقلاب کا کوئی داعی اٹھتا ہے تو سب سے زیادہ پریشانی انہیں لاحق ہوتی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر یہ انقلاب برپا ہوگیا تو ان کی عیش و نشاط کی بساط اُلٹ دی جائے گی۔ اس لیے جب کبھی عقائد کی اصلاح اور معاشرے کی خرابیوں کو دور کرنے کے لیے کوئی اللہ تعالیٰ کا بندہ تشریف لے آیا تو اس طبقۂ امراء نے اس کی دعوت کو قبول کرنے سے صاف صاف انکار کردیا۔

۵۳ اور کہا: تم کون ہو ہماری اصلاح کرنے والے؟ یہ عالیشان حویلیاں تمہاری ہیں یا ہماری؟ یہ باغات اور حدِ نظر تک لہلہاتے

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 145 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 304

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ ع

رزق کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کیلئے چاہتا ہے) لیکن اکثر لوگ (ان حکمتوں کو) نہیں جانتے ۵۴ اور

مَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ

(یاد رکھو) نہ تمہارے اموال اور نہ ہی تمہاری اولاد ایسی چیزیں ہیں جو تمہیں ہمارا قرب بخشدیں، مگر جو ایمان لایا اور

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَ

نیک عمل کرتا رہا (اسے ہی ہمارا قرب نصیب ہوگا) ۵۵ پس یہی لوگ ہیں جن کے لیے دوگنا صلہ ہے ان کے عملوں کا اور

هُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

وہ بالاخانوں میں امن وامان سے رہیں گے ۵۶ اور جو لوگ کوشاں ہیں ہماری آیتوں کی تکذیب میں تاکہ ہمیں ہرادیں ۵۷

ہوئے کھیت کس کے ہیں؟ یہ درجنوں بچے جن کی جوانی اور طاقت کی بلائیں زمانہ لے رہا ہے، ان کا باپ کون ہے؟ اگر ہم گمراہ ہوتے تو ہمارے ہاں دولت کی یوں فراوانی ہوتی؟ سامانِ عیش وعشرت کی یوں کثرت ہوتی؟ گم کردہ راہ تو تم ہو، اسی وجہ سے نہ تمہیں کھانے کو روٹی ملتی ہے اور نہ پہننے کو کپڑا، جاؤ اپنا کام کرو۔ ہماری پرسکون زندگی میں بے اطمینانی کا زہر مت گھولو۔

پہلے تو قیامت کا تصور ہی خلافِ عقل ہے۔ اگر بفرضِ محال تمہارے کہنے کے مطابق قیامت آ بھی گئی تو کس کی مجال ہے کہ ہم جیسے اکابرِ ملت اور زعمائے قوم کی طرف کوئی میلی آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ سکے؟

۵۴ یہ غلط فہمی صرف دورِ قدیم کے اغنیاء وامراء کو نہ تھی، بلکہ اس روشن زمانہ کے اکثر متمول اور خدا فراموش لوگوں کا یہی حال ہے اس لیے اس آیت میں اس کا ازالہ کر دیا کہ رزق کی کمی بیشی کسی کے گمراہ یا ہدایت یافتہ ہونے کی کوئی کسوٹی نہیں۔ رزق کی تقسیم اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، وہ اپنی حکمت کے پیشِ نظر کسی کو رزق زیادہ دیتا ہے اور کسی کو کم۔ ہدایت چیز ہی الگ ہے۔ یہ نعمت انہیں بخشی جاتی ہے جن کے دل میں اس کی طلب ہو اور اس کو قبول کرنے کی صلاحیت ہو۔ لیکن اکثر لوگ اس حقیقت کو نہیں جانتے۔ وہ رزق کے پیمانے سے ہدایت کو ماپتے رہتے ہیں۔

۵۵ یہ نہ سمجھو کہ اگر تمہارے پاس مال بکثرت ہوگا اور بچوں کی تعداد زیادہ ہوگی تو تم خدا کے مقرب بن جاؤ گے۔ یہاں تو شرف پذیرائی اسے بخشا جاتا ہے جس کے دل میں ایمان کا چراغ روشن ہو اور جو اپنے حُسنِ عمل سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی فلاح وبہبود میں اضافہ کر رہا ہو۔

۵۶ ایسے نیک بختوں کو ان کے اعمالِ حسنہ کا کئی گنا اجر ملے گا۔ فردوسِ بریں کے بالاخانوں میں وہ قیام کریں گے۔ کسی قسم کا غم واندیشہ ان کی راحتوں میں خلل انداز نہیں ہوگا۔

أُولَٰئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ ﴿٣٨﴾ قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ

وہی لوگ عذاب میں ہمیشہ گرفتار رہیں گے ۵۸ آپ فرمایئے بے شک میرا پروردگار کشادہ کر دیتا ہے رزق

لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ ۚ وَمَا أَنفَقْتُم مِّن شَيْءٍ

کو جس کے لیے چاہتا ہے اپنے بندوں سے اور تنگ کر دیتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے۔ اور جو چیز تم خرچ کرتے ہو تو وہ اس کی جگہ

فَهُوَ يُخْلِفُهُ ۖ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿٣٩﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ

اور دے دیتا ہے اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس روز وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر

يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَٰؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٤٠﴾ قَالُوا سُبْحَانَكَ

فرشتوں سے پوچھے گا کیا یہ لوگ تمہاری پوجا کیا کرتے تھے۔ ۵۹ فرشتے عرض کریں گے تو پاک ہے ہر

أَنتَ وَلِيُّنَا مِن دُونِهِم ۖ بَلْ كَانُوا يَعْبُدُونَ الْجِنَّ ۖ أَكْثَرُهُم

شرک سے، ہمارا مالک تو ہے ہمارا ان سے کیا واسطہ بلکہ یہ تو جنوں کی عبادت کیا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر

بِهِم مُّؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا

ان پر ایمان رکھتے تھے۔ پس آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کو نہ نفع پہنچانے کی قدرت رکھتا ہے اور نہ

۵۷ اس کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔ ملاحظہ ہو اسی سورت کی آیت نمبر ۵

۵۸ ان بدبختوں کو جکڑ کر عذابِ الٰہی میں جھونک دیا جائے گا۔ وہ ادھر ادھر نہیں بھاگ سکیں گے۔

۵۹ بعض مشرک قبائل فرشتوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ فرشتے (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ قیامت کے دن انہیں شرمندہ کرنے کے لیے فرشتوں سے پوچھا جائے گا (اَیْ تَبْکِیْتًا لَھُمْ)(1): اے ملائکہ! یہ ہیں تمہارے پجاری۔ تم تو انہیں خوب پہچانتے ہو گے اور ان سے تمہارے بڑے گہرے مراسم ہوں گے؟ فرشتے کہیں گے: اے ہمارے مالک! اے معبودِ برحق! تو ہر قسم کے شرک سے منزّہ ہے۔ ہماری بندگی بھی تیرے لیے، ہماری دوستی بھی تیرے ساتھ۔ تو ہی ہمارا آقا اور تو ہی ہمارا مالک۔ ان سے تو ہمارا قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ ''اَیْ اَنْتَ رَبُّنَا الَّذِیْ نَتَوَلَّاہُ وَ نُطِیْعُہٗ وَ نَعْبُدُہٗ وَ نُخْلِصُ فِی الْعِبَادَۃِ'' (قرطبی)(2) علامہ آلوسیؒ لکھتے ہیں: اَیْ اَنْتَ الَّذِیْ نُوَالِیْہِ مِنْ دُوْنِھِمْ لَا مُوَالَاۃَ بَیْنَنَا وَ بَیْنَھُمْ (روح المعانی)۔ یہ تو

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 309 2۔ ایضاً

ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

نقصان کی اور ہم کہیں گے جنہوں نے ظلم کیا تھا کہ چکھو آتشِ (جہنم) کا عذاب جس کو تم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَاۤ اِلَّا

جھٹلایا کرتے تھے ۵۹ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں انہیں ہماری آیتیں درآنحالیکہ وہ بالکل واضح ہیں کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر

رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَاۤ

ایسا شخص جس نے ارادہ کرلیا ہے کہ روک دے تمہیں ان (معبودوں) سے جنکی تمہارے باپ دادا پوجا کیا کرتے تھے۔ نیز کہتے ہیں نہیں ہے

اِلَّاۤ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ

یہ قرآن مگر جھوٹ گھڑا ہوا۔ اور کفار کہتے ہیں حق کے بارے میں جب وہ ان کے پاس آیا کہ نہیں ہے

هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَاۤ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَاۤ

یہ مگر جادو کھلا کھلا ۶۰ اور نہ ہی ہم نے انہیں کوئی کتابیں دیں جنکا یہ مطالعہ کرتے ہوں اور نہ

اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ؕ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ

ہی ہم نے بھیجا ان کی طرف آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا ۶۱ اور (انبیاء کی) تکذیب کی جو ان سے پہلے گزرے ۶۲

شیطان اور اس کے حواریوں کی پوجا کرتے تھے اور انہیں فرشتہ سمجھتے تھے۔ (1)

۵۹ یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر کی عبادت کرتے تھے اور ان کو اپنا معبود یقین کرتے تھے قیامت کے دن وہ ایک دوسرے کو کوئی نفع یا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ بلکہ حکمِ خداوندی کے مطابق انہیں جہنم رسید کر دیا جائے گا تاکہ وہ اپنے کرتوتوں کی سزا چکھیں۔

۶۰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآنِ کریم کے بارے میں ان کے بے سروپا الزامات کا ذکر ہو رہا ہے۔ میرا نبی تو ان کی بہتری کے لیے کوشاں ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمیں راہِ حق سے بھٹکانا چاہتا ہے۔ قرآنِ کریم کا نور تو ظلمت کدۂ عالم کو رشکِ طور بنا رہا ہے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ سراسر جھوٹ ہے۔ انہیں معجزات دکھائے جاتے ہیں تو یہ کہتے ہیں یہ تو سحرِ مبین ہے۔ ایسے اُلٹی کھوپڑی کے لوگ کیسے فلاح پا سکتے ہیں؟ ۶۱ ان کی جہالت کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

۶۲ ان سے پہلے بھی میرے انبیاء تشریف لائے اور ان کی قوموں نے انہیں جھٹلایا، ان کو طرح طرح سے ستایا۔ آخرکار ہم نے ان

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، ج 22، ص 151

وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۹ ۱۱

اور یہ (کفارِ مکہ) نہیں پہنچے دسویں حصّہ کو بھی جو (قوت، دبدبہ) ہم نے ان کو دیا تھا۔ پس جب انہوں نے جھٹلایا میرے رسولوں کو تو کتنا ہولناک تھا میرا عذاب۔

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ

(اے حبیب!) آپ (انہیں) فرمایئے میں تمہیں صرف ایک نصیحت کرتا ہوں (یہ تو مان لو) تم اللہ کیلئے کھڑے ہو جاؤ دو دو یا اکیلے اکیلے

تَتَفَكَّرُوْا ۛ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ

پھر خوب سوچو (تمہیں ماننا پڑے گا) تمہارے اس رفیق میں جنوں کا شائبہ تک نہیں ہے ۶۳ نہیں ہے وہ مگر بروقت خبردار کرنے والا تمہیں

کو برباد کر دیا۔ قریشِ مکہ جو آج میرے حبیبِ مکرّم سے اکڑ اکڑ کر باتیں کرتے ہیں ان کی کیا حقیقت ہے؟ ان کے پاس تو اس کا دسواں حصہ بھی نہیں جو ہم نے پہلی قوموں کو دیا تھا۔ ان کا ملک بھی زیادہ وسیع تھا، ان کی زمین بھی بڑی زرخیز تھی، ان کی حکومت بھی بڑی مستحکم تھی، لیکن جب انہوں نے نافرمانی کی روش اختیار کی تو ہم نے ان پر اپنا عذاب نازل کیا جس نے انہیں بایں جاہ وحشمت خاکِ سیاہ کر کے رکھ دیا۔ یہ بیچارے کس باغ کی مولی ہیں اور اپنے آپ کو کیا سمجھ رہے ہیں؟ مِعْشَارٌ اور عُشْرٌ، ہم معنی ہیں یعنی دسواں حصہ۔ بعض اہلِ لغت نے کہا ہے کہ عُشر دسویں حصہ کو کہتے ہیں اور معشار دسویں حصہ کے دسویں حصہ کو کہا جاتا ہے۔ اَلْمِعْشَارُ وَ الْعُشْرُ سَوَاءٌ لُّغَتَانِ وَ قِيْلَ الْمِعْشَارُ عُشْرُ الْعُشْرِ: قَالَ الْجَوْهَرِيُّ مِعْشَارُ الشَّيْءِ عُشْرُهٗ۔ وَ قِيْلَ الْمِعْشَارُ عُشْرُ الْعَشِيْرِ وَ الْعَشِيْرُ هُوَ عُشْرُ الْعُشْرِ فَيَكُوْنُ جُزْأً مِنْ اَلْفِ جُزْءٍ قَالَ الْمَاوَرْدِيُّ هُوَ الْاَظْهَرُ: اِنَّ الْمُرَادَ بِهِ الْمُبَالَغَةُ فِي التَّقْلِيْلِ(1)۔ یعنی بعض نے کہا ہے کہ معشار عشیر کے دسویں حصہ کو کہتے ہیں اور عشیر عشر کا دسواں حصہ ہوتا ہے۔ تو اس طرح معشار ہزارویں حصہ کو کہیں گے۔ ماوردی کہتے ہیں: یہ معنی بہت مناسب ہے کیونکہ یہاں مقصد ان کے مال کی قلت بتانا ہے۔ نَکِیْر اصل میں نَکِیْرِی تھا۔

۶۳ حضور فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف جو لوگ طوفانِ بدتمیزی برپا کیا کرتے تھے اور نارواالزامات لگا کر سادہ لوح لوگوں کو متنفر کیا کرتے تھے انہیں کہا جا رہا ہے کہ ہم اس تنازُعہ کا فیصلہ تم پر چھوڑتے ہیں۔ کسی غیر کو یہاں حَکَم بنانے کی ضرورت نہیں۔ تم میری صرف ایک نصیحت مان لو، وہ یہ ہے کہ تم دو دو مل کر یا اکیلے تنہائی میں بیٹھ کر اس امر پر غور کرو کہ تم جو اپنے رفیق اور بچپن کے ساتھی کو مجنون کہتے ہو، اس کی تمہارے پاس کوئی معقول وجہ بھی ہے؟ کیا تم نے انہیں مجنونوں کی طرح بے سروپا باتیں کرتے کبھی سنا ہے؟ دیوانوں کی طرح شور مچاتے، ہنگامہ آرائی کرتے کبھی دیکھا ہے؟ تم انہیں کتنا دق کرتے ہو، کتنی اذیت پہنچاتے ہو۔ اس کے باوجود کبھی یہ آپے سے باہر ہو کر تم سے دُو بدو ہوئے ہیں؟ کبھی انہوں نے ناشائستہ بات تک بھی کی ہے؟ ان کا ہر کام مقصدیت اور معنویت کا لاجواب نمونہ ہوتا ہے۔ ان کا ہر فعل اتنا دلربا اور رُوح افزا ہوتا ہے کہ قربان ہونے کو جی چاہتا ہے۔ گفتگو کرتے ہیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ حکمت کے موتی بکھیر رہے ہیں۔ متانت، وقار، سچائی اور بردباری میں ان کی مثال نہیں

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 14، ص 310

يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَأَلْتُكُمْ مِنْ أَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۖ

سخت عذاب کے آنے سے پہلے فرمایئے (لوگو!) جو معاوضہ میں نے تم سے مانگا ہے وہ تم اپنے پاس

إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿٤٧﴾ قُلْ

رکھو۔ میری (دلسوزیوں) کا اجر تو (میرے) اللہ کے ذمہ ہے اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے ۶۴ فرمایئے

إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَمَا

بیشک میرا رب (باطل پر) حق سے ضرب لگاتا ہے وہ سب غیبوں کو جاننے والا ہے ۶۵ (اے محبوب!) اعلان کر دیجئے حق آگیا

يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَا أَضِلُّ

اور باطل کی قوت کا خاتمہ ہو گیا ۶۶ فرمایئے (تمہارے گمان کے مطابق) اگر میں بہک گیا ہوں تو اسکا وبال

پیش کی جا سکتی۔ کل تک تم بھی انہیں صادق اور امین کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ اب تم ہی بتاؤ کہ ان میں یکا یک کون سی تبدیلی آ گئی ہے کہ تم نے ان کے بارے میں اپنی رائے بدل لی ہے؟ ان امور میں اکیلے بیٹھ کر غور کرو یا اپنوں میں سے جن کو تم باشعور اور زیرک سمجھتے ہو انہیں بلا کر ان سے تبادلۂ خیال کرو۔ لیکن خدارا تعصب اور ضد کو ایک طرف رکھ دو۔ محض حق سمجھنے کے لیے اگر ایسا کرو گے تو یقیناً تم اس نتیجہ پر پہنچو گے کہ اللہ کا محبوب نہ مجنون ہے نہ اس پر آسیب کا اثر ہے۔ نہ یہ مفتری ہے اور نہ اس کے پیشِ نظر کوئی سیاسی مفاد ہے۔ یہ جو کچھ کر رہا ہے محض تمہاری خیر خواہی کے لیے کر رہا ہے۔ وہ تمہیں عذابِ الٰہی سے بچانا چاہتا ہے۔ وہ تمہیں بروقت خوابِ غفلت سے بیدار کرنا چاہتا ہے۔ دل کی آنکھوں سے انہیں دیکھو، انہیں پہچانو، ان کی قدر کرو، ان کے بروقت انتباہ سے فائدہ اٹھاؤ۔ تم تو بڑے دور اندیش اور معاملہ فہم لوگ ہو۔ ایسی ناشائستہ حرکتیں تمہیں تو زیب نہیں دیتیں۔

۶۴ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم کو حکم دیتے ہیں کہ آپ انہیں فرمایئے کہ اگر میں نے کبھی تم سے کوئی معاوضہ طلب کیا ہو، اپنے لیے چندہ فراہم کیا ہو، تو وہ تم مجھ سے واپس لے لو۔ میں اس خیر خواہی کا اجر تم سے آخر کیوں مانگوں؟ تم مجھے دے کیا سکتے ہو؟ زیادہ دریا دلی دکھاؤ گے تو چند درہم اور چند دینار ہی مجھے دو گے۔ میری نگاہ میں تو دنیا بھر کے سیم و زر کی قدر مچھر کے پر کے برابر بھی نہیں۔ میرا اجر دینے والا میرا رب کریم ہے جو غنی بھی ہے اور سخی بھی، نہ اس کے خزانے ختم ہوتے ہیں اور نہ دیتے ہوئے اس کے ہاتھ تھکتے ہیں۔ اور اس نے مجھے اتنا دیا ہے کہ تم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ میرا رب وہ ہے جو میرے اور ہر شخص کے ظاہری اور باطنی احوال کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ اس علیم و خبیر رب پر ایمان رکھتے ہوئے میں یہ جرأت کیسے کر سکتا ہوں کہ ناحق نبوت کا دعویٰ کر بیٹھوں؟

۶۵ آپ فرمایئے: میرا رب وہ جبار و قہار ہے کہ باطل کی طاغوتی قوتوں پر حق کا وار کرتا ہے اور انہیں ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیتا

عَلٰی نَفۡسِیۡ ۚ وَ اِنِ اهۡتَدَیۡتُ فَبِمَا یُوۡحِیۡۤ اِلَیَّ رَبِّیۡ ؕ اِنَّهٗ سَمِیۡعٌ

میری جان پر ہوگا اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو (محض) اس وحی کے باعث جو میرا رب میری طرف بھیجتا ہے بیشک وہ سب کچھ سننے

قَرِیۡبٌ ﴿۵۰﴾ وَ لَوۡ تَرٰۤی اِذۡ فَزِعُوۡا فَلَا فَوۡتَ وَ اُخِذُوۡا مِنۡ مَّکَانٍ

والا، بالکل نزدیک سے کاش! تم دیکھو جب یہ گھبرائے ہونگے، بچ نکلنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور قریب ہی سے پکڑ لیے

قَرِیۡبٍ ﴿۵۱﴾ وَّ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَ اَنّٰی لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنۡ مَّکَانٍۭ

جائیں گے ۶۷ اس وقت کہیں گے ہم ایمان لے آئے ان پر ۶۸ لیکن اب کیوں کر وہ پا سکتے ہیں ایمان کو اتنی

بَعِیۡدٍ ۖ ﴿۵۲﴾ وَّ قَدۡ کَفَرُوۡا بِهٖ مِنۡ قَبۡلُ ۚ وَ یَقۡذِفُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ مِنۡ

دور جگہ سے ۶۹ حالانکہ وہ کفر کرتے رہے ان سے اس سے پہلے ۷۰ اور دور سے بن دیکھے یا وہ گوئیاں

ہے۔ یَرْمِیْ بِهِ الْبَاطِلَ فَیَدْمَغُهٗ۔ (مظہری) (1)

۶۶ آپ اعلان کر دیجیے کہ حق آ گیا اور باطل مٹ گیا۔ باطل کے مٹنے کو "مَا یُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا یُعِیْدُ" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ عربی محاورہ میں جب کسی چیز کی ہلاکت اور بربادی کا ذکر کرنا ہو تو انہیں الفاظ سے کرتے ہیں۔ لَا یُبْدِئُ وَ لَا یُعِیْدُ: فَصَارَ قَوْلُهُمْ لَا یُبْدِئُ وَلَا یُعِیْدُ مَثَلًا فِی الْهَلَاكِ۔ کیونکہ جو ہلاک اور فنا ہو جائے نہ وہ کوئی نیا کام شروع کر سکتا ہے اور نہ کسی کام کا اعادہ کر سکتا ہے (2)۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص بے بس اور کمزور ہو جائے اس وقت کہتے ہیں: فُلَانٌ مَا یُعِیْدُ وَمَا یُبْدِئُ اِذَا لَمْ تَكُنْ لَهٗ حِیْلَةٌ (3)۔ میں نے اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ یعنی اسلام کو قوت و غلبہ نصیب ہو گیا۔ اور باطل کے مقدر میں ذلت و رسوائی لکھ دی گئی۔ اب یہ نہ اسلام کو مٹا سکتا ہے اور نہ مسلمانوں کو کچھ نقصان پہنچا سکتا ہے۔

۶۷ اب تو بڑی ڈینگیں مار رہے ہیں۔ ذرا اس منظر کا تصور کیجیے جب روزِ محشر انہیں ہانک کر اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کیا جائے گا، اوسان خطا، ہوش اڑی ہوئی، آنکھیں پھٹی پھٹی۔ کوشش کریں گے کوئی راہ مل جائے تو فرار ہو جائیں لیکن وہاں بھلا کون انہیں بھاگنے دے گا؟ اسی وقت فرشتے ہتھکڑیاں ڈال کر آگے دھر لیں گے۔ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِیْبٍ میں ایک خاص لطف ہے۔ وہ یہ سمجھ رہے ہوں گے کہ ابھی انہیں کسی نے نہیں دیکھا۔ اب وقت ہے رُوپوش ہونے کا۔ کانوں کان کسی کو خبر ہی نہیں ہوگی کہ کہاں تھے اور کدھر غائب ہو گئے؟ عین اس وقت ان کے بالکل قریب سے انہیں پکڑنے والے اچانک نمودار ہو جائیں گے اور بھاگ جانے کی جو تدبیریں وہ کر رہے تھے وہ یکا یک خاک میں مل جائیں گی۔

۶۸ اس وقت پکارنے لگیں گے کہ ہم تو اس نبی مکرم پر دل و جان سے ایمان لے آئے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول اور

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 37 2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 292 3۔ لسان العرب، ج 3، ص 318

مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ

کرتے رہے ۷۱ اور رکاوٹ کھڑی کر دی جائے گی ان کے درمیان اور ان چیزوں کے درمیان ۷۲ جو وہ

ہادیٔ برحق ہیں۔

۶۹ کفار اب ایمان لانا چاہتے ہیں اور توبہ کرنا چاہتے ہیں۔ اب وہ وقت بیت گیا۔ اب وہ گھڑیاں دور بہت دور ماضی بعید میں کھو گئیں۔ وہ روز و شب کتنے قیمتی تھے جب انہیں حق کی طرف بلانے والا ان کے پاس آ آ کر دعوت دیتا تھا۔ جب سعادتِ دارین بانٹنے والا ان کے دروازوں پر آ کر دستک دیا کرتا تھا۔ افسوس انہوں نے اس وقت، اس موقع سے فائدہ نہ اٹھایا۔ آج قیامت کے روز وہ چاہتے ہیں کہ ہدایت کا نور انہیں مل جائے۔ ان کی توبہ قبول ہو جائے۔ ''ناممکن از بس محال''۔

تناوش کا معنی بتاتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں۔ وَالتَّنَاوُشُ: التَّنَاوُلُ: قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ يَقُوْلُ اَنّٰى لَهُمْ تَنَاوُلُ الْاِيْمَانِ فِي الْاٰخِرَةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ فِي الدُّنْيَا: یعنی تناوش کا معنی کسی چیز کو پا لینا۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا معنی یہ ہے کہ آج قیامت کے دن وہ ایمان کو کس طرح پا سکتے ہیں جب کہ دنیا میں وہ اس کا انکار کرتے رہے؟ (1)

قرآن کریم ہمیں ان حقائق سے اس لیے آگاہ نہیں کرتا کہ ہم دوسروں کی نادانیوں کے قصہ خواں بنے رہیں۔ مقصد تو ہمیں ہوشیار کرنا اور ہمیں تنبیہہ کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں چشمِ بینا عطا فرمائے۔

۷۰ یعنی آج ایمان لانے کا کیا فائدہ؟ دنیا میں تو وہ ہمارے رسول کے ساتھ کفر ہی کرتے رہے اور ان کی دل آزاری میں مشغول رہے۔ میرے نبی مکرم کے کمالات کا انکار کرنے کے سوا ان کا کوئی مشغلہ ہی نہ تھا۔

۷۱ جب کوئی شخص لایعنی باتیں کرتا ہے اور ہرزہ سرائی کرتا ہے تو عرب کہتے ہیں۔ يَقْذِفُ بِالْغَيْبِ۔ اَلْعَرَبُ تَقُوْلُ لِكُلِّ مَنْ تَكَلَّمَ بِمَا لَا يَحِقُّهٗ: هُوَ يَقْذِفُ وَيَرْجُمُ بِالْغَيْبِ۔ (قرطبی) (2)

کفار کا بھی یہی حال ہے۔ بغیر کسی عقلی دلیل کے اپنے کفریہ عقائد پر اڑے ہوئے ہیں۔ کبھی اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار کرتے ہیں۔ کبھی قرآن کو من گھڑت افسانہ کہتے ہیں، کبھی قیامت کے عقیدہ کا مذاق اڑاتے ہیں۔ ''من مکان بعید'' کہہ کر ان کی بیہودہ گوئی کی مزید توثیق کر دی کہ ایک تو اندھیرے میں تیر مار رہے ہیں دوسرا نشانہ سے بہت دور کھڑے ہو کر۔ کیا ایسے تیر اندازوں کا تیر بھی نشانہ پر لگ سکتا ہے؟ یہی حال ان لوگوں کا ہے۔ اس آیت میں بھی روزِ محشر کو ان کا جو حال ہوگا، اس کو بیان کیا گیا ہے۔

۷۲ اس آیت میں بھی قیامت کے دن ان پر جو گزرے گی، اس کو بیان کیا جا رہا ہے۔

یعنی اس وقت ان کی بڑی خواہش ہوگی کہ ان کا ایمان قبول کر لیا جائے اور انہیں عذاب سے نجات مل جائے، لیکن آج وہ اپنی اس آرزو کو نہیں پا سکتے۔ ان کے درمیان اور ان کی آرزو کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی گئی ہے جس کو پھاندنا ان کے بس کا روگ نہیں ہے۔ آج یوں ہی کفِ افسوس ملتے، اشکِ ندامت بہاتے اور اپنی قسمت کو کوستے دوزخ میں پھینک دیئے جائیں گے۔

1۔ الصحاح، ج3، ص1024 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز14، ص317

بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝۵۴ ع

ع ۶ ۹ ۱۲

دل سے چاہتے ہوں گے جیسے انکے ہم مشرب لوگوں کیساتھ پہلے کیا گیا تھا[۳] وہ ایسے شک میں مبتلا تھے جو دوسروں کو بھی شک میں ڈالنے والا تھا

[۳] اَشْیَاعٌ، جمع الجمع ہے شِیَعٌ کی، اور شِیَعٌ جمع ہے شِیْعَةٌ کی (1)۔ یعنی ان کے ہم عقیدہ دوسرے کفار کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا گیا تھا۔

[۴] مُریب باب افعال کا اسم فاعل ہے، اس کا معنی ہے دوسرے کو شک میں ڈالنا۔

اَرَبْتُ الرَّجُلَ جَعَلْتُ فِيْهِ رِيْبَةً: وَ رِبْتُهُ: اَوْصَلْتُ اِلَيْهِ الرِّيْبَةَ (لسان العرب) (2)

یعنی وہ کم بخت شک میں یوں مبتلا ہوئے کہ دوسرے لوگ بھی ان کے باعث شک میں مبتلا ہوتے چلے گئے۔ یعنی ان کا شک اتنا سنگین قسم کا تھا کہ وہ دوسروں کو بھی لے ڈوبا اور ان کے یقین کا چراغ بھی گل کر گیا۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۝ ۔ آمِيْنَ ثُمَّ آمِيْنَ۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهِ الْكَرِيْمِ وَ رَسُوْلِهِ الرَّؤُفِ الرَّحِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

قَدْ فَرَغْتُ بِتَوْفِيْقِهٖ تَعَالٰى مِنْ هٰذِهِ التَّعْلِيْقَاتِ وَقَدْ اَخَذَ الْمُؤَذِّنُ يُعْلِنُ بِصَوْتِهِ الرَّخِيْمِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

لَا زَالَتْ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَاءُ
وَكَلِمَةُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى

اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ ذِكْرَهٗ وَ عَظِّمْ شَأْنَهٗ وَ بَيِّنْ بُرْهَانَهٗ وَ اَمِتْنَا عَلٰى دِيْنِهٖ وَ عَلٰى حُبِّهٖ وَ احْشُرْنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحْتَ لِوَاءِهٖ اَنْتَ يَا رَبُّ كَرِيْمٌ جَوَّادٌ وَّهَّابٌ۔

محمد کرم شاہ

نظر ثانی

وقت العصر
یوم الثلاثاء ۸ رجب ۱۳۹۱ھ
۳۱، اگسطس ۱۹۷۱ء
مگھال

وقت الضحیٰ۔ یوم السبت
۱۵ رجب ۱۳۹۲ھ۔ ۲۶۔ اگسطس ۱۹۷۲ء
ہردوسودھی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 318
2۔ لسان العرب، ج 1، ص 442

تعارف سُورۂ فاطر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: یہ سورت دو ناموں سے مشہور ہے: فاطر اور ملائکہ(1)۔ یہ دونوں لفظ پہلی آیت میں مذکور ہیں۔ اس کی آیتوں کی تعداد پینتالیس ہے۔ اس میں نوسوستر کلمات اور تین ہزار ایک سوتیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکّی عہد میں نازل ہوئی(2)۔ مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ سورۂ سبا اور فاطر کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔

مضامین: کُفر وشرک، فسق وفجور کے گھپ اندھیروں میں انسانیت کا کارواں عرصہ سے ٹھوکریں کھا رہا تھا، وہ ان اندھیروں سے اب اتنا مانوس ہو گیا تھا کہ اسے ٹھوکر پر ٹھوکر کھانے سے گھبراہٹ یا ندامت تک محسوس نہ ہوا کرتی۔ ایسے لوگوں کو ان تاریکیوں سے نکال کر ہدایت کی چمکتی دمکتی شاہراہ پر گامزن کرنے کا فریضہ اس سورت میں بھی انجام دیا جا رہا ہے۔ اس میں افہام وتفہیم بھی ہے اور زجر وتوبیخ بھی، اس میں دلجوئی اور دلداری بھی ہے اور سرزنش اور جھڑک بھی۔ انتہائی صراحت اور بڑی وضاحت سے اپنے قارئین کو بتایا جا رہا ہے کہ ان کے اعمالِ نیک وبد پر کیا نتائج مرتب ہونے والے ہیں۔ ویسے تو سورۂ پاک کی ہر آیت گنجینۂ معرفت اور مخزنِ ہدایت ہے لیکن چند مضامین خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔

۱۔ عقیدۂ توحید کو ثابت کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظمتوں اور اس کی شانِ کبریائی کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے پہلو بہ پہلو وہ معبودانِ باطل جن کی پرستش مشرکینِ مکہ بلکہ دنیا بھر کے مشرک کیا کرتے تھے ان کی بے بسی کا بڑے مؤثر پیرایہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ اگر انسانیت دم نہ توڑ چکی ہو تو انسان کی آنکھیں ضرور کُھل جاتی ہیں اور اس کے لیے یہ فیصلہ کرنا قطعاً مشکل نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے بغیر کسی کی عبادت، عقل وخرد کی رسوائی اور انسانیت کی انتہائی تذلیل ہے۔ جو ذات یہ اختیار رکھتی ہو کہ جس کو جیسے چاہے پیدا کر دے، جو چاہے، جتنا چاہے دے دے اور جس وقت چاہے اپنی نعمتیں واپس لے لے اور زمین و آسمان میں کوئی ایسی قوت نہ ہو جو اس کے فیصلے کو بدل دے، تو وہی قوی اور عزیز ساری کائنات کا معبود اور پروردگار ہے۔ اس کے بغیر کوئی بھی ایسا نہیں جسے خدا سمجھا جائے یا اس کی پرستش کی جائے۔ اس مضمون کو مختلف انداز سے کئی بار اس سورت میں دہرایا گیا ہے تاکہ قاری کے ذہن میں توحید کا سبق پوری طرح نقش ہو جائے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا محبوب، نبی اور برگزیدہ بندہ علیہ الصلوٰۃ والسلام جو سراپا رأفت ورحمت بن کر تشریف لایا تھا، جس کے پاک دل میں شفقت وخلوص کا سمندر موجزن تھا، جس کی اولوالعزمی کا یہ تقاضا تھا کہ انسانیت کے دامن پر کفر وفسق کا کوئی نشان بھی باقی

1۔ روح المعانی، جز 22، ص 161 2۔ ایضاً

نہ رہے۔ بھولا ہوا انسان، بھٹکا ہوا انسان، منزل سے دور، بہت دور و درماندۂ راہ انسان، پھر اپنے آپ کو پہچان لے۔ اس کا سینہ علومِ لدنیہ کا مخزن بن جائے۔ اس کی پیشانی انسانی سعادت کا عنوان بن جائے تا کہ فرشتے پھر اس کے سامنے سر جھکانے لگیں۔ وہ رؤف و رحیم مرشد اور اولوالعزم ہادی کفار کے عناد اور بے جا تعصب کو دیکھتا تو اسے بڑا ہی دکھ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو بار بار تسلی دے رہے ہیں کہ اے حبیب! آپ نے تو اپنا فرض باحسن طریق ادا کر دیا اگر یہ ہدایت قبول نہیں کرتے تو ان کی قسمت۔ آپ افسردہ نہ ہوں، آپ غمزدہ نہ ہوں۔ آپ سے پہلے بھی جو انبیاء تشریف لائے ان کی قوموں نے بھی ان کے ساتھ اسی قسم کا سلوک کیا۔

۳۔ جو لوگ راہِ راست کو چھوڑ کر کجروی اختیار کرتے ہیں، صاف ستھری پاکیزہ زندگی کے بجائے فسق و فجور سے آلودہ، غلیظ زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں، اس کے اسباب کا ذکر فرما دیا۔ پہلا سبب تو یہ بتایا کہ دنیوی زندگی کی چمک دمک ان کی آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہے۔ اہلِ دنیا جس سرور و عیش اور جاہ و جلال سے اپنا وقت بسر کرتے ہیں انہیں دیکھ کر دوسرے لوگوں کے دلوں میں بھی ریس پیدا ہوتی ہے، وہ بھی چاہتے ہیں کہ انہیں بھی یہ عیش و نشاط میسر ہو، وہ بھی جس راہ سے گزریں زمین انکی ہیبت سے کانپنے لگے، وہ اس ظاہری چمک دمک کے اندر جھانک کر نہیں دیکھ سکتے، ورنہ اس کی تہہ میں جتنے خوفناک اندھیرے ہیں وہ انہیں نظر آ جاتے اور وہ یوں اس پر لٹو نہ ہو جاتے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگرچہ فطرتِ انسانی طبعی طور پر گناہوں سے متنفر ہوتی ہے لیکن شیطان ان گناہوں کو اس طرح آراستہ پیراستہ کر کے ان کے سامنے پیش کرتا ہے کہ وہ اس پر فریفتہ ہو جاتے ہیں اور فطرتِ سلیمہ کے پُرزور احتجاج کے باوجود وہ گناہوں کی دلدل میں پھنستے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ اپنا نقدِ دین و ایمان بلکہ ناموس و مروت کو بھی بے دریغ اس راہ میں لٹا دیتے ہیں۔ آیت نمبر ۵ اور نمبر ۶ میں بڑی واضح تنبیہہ فرما دی کہ اے لوگو! کان کھول کر سن لو تمہیں دنیا کی زندگی کے یہ ٹھاٹھ باٹھ راہِ حق سے برگشتہ نہ کر دیں۔ یہ سراب ہے چمکتا ہوا سراب، جو تمہیں دکھائی دے رہا ہے۔ ابلیس اور اس کے عیّار رگماشتے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے تمہیں بدکاریوں کا خُوگر نہ بنا دیں۔ یاد رکھو شیطان تمہارا ازلی دشمن ہے۔ اپنی سلامتی چاہتے ہو تو اس کو اپنا دشمن ہی سمجھا کرو، ورنہ وہ تمہیں ایسی لڑھکنیاں دے گا کہ قعرِ جہنّم میں جا گرو گے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس محبت و شفقت سے اپنے ازلی دشمن کی فریب کاریوں سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے۔

۴۔ پہلے اپنی قدرت و حکمت اور کبریائی کی تکوینی دلیلیں پیش فرمائیں۔ ان میں فکر و تدبّر کی دعوت دی۔ اس کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے اہلِ علم ہی اس سے ڈرتے ہیں۔ اس طرح اہلِ علم کی عزّت افزائی بھی فرما دی اور یہ بھی بتا دیا کہ اہلِ علم وہ ہیں جو آیاتِ ربانی میں غور و فکر کرتے ہیں اور ان اسرار و رموز کا سُراغ لگاتے ہیں جو کائنات کے مختلف رُوپوں میں جلوہ نما ہیں۔

آخر میں بتا دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ حلیم اور کریم نہ ہو تو ہر بدکار کو چشمِ زدن میں نیست و نابود کر دے لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ لوگوں کو بار بار سنبھلنے کی مُہلت دی جائے اور ان پر قبولِ ہدایت کا دروازہ کھلا رکھا جائے۔ مقررہ گھڑی سے پہلے جو چاہے آئے اور رحمتِ خداوندی سے اپنے دامنِ حیات کو معمور کر لے۔

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ فاطر مکی ہے اس کی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۴۵ آیتیں اور ۵ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں ۱؎ جو پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا ۲؎ جس نے بنایا ہے فرشتوں کو پیغام رساں ۳؎

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ

جو پردار بازوؤں والے ہیں کسی کے دو، کسی کے تین اور کسی کے چار ۴؎ وہ زیادہ کرتا ہے بناوٹ میں جو چاہتا ہے

۱؎ حمد کہتے ہیں کسی کے کمالاتِ اختیاریہ پر اس کی توصیف اور ثنا کرنا(1)۔ کیونکہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی ذات ہی تمام کمالاتِ اختیاریہ سے موصوف ہے اس لیے حقیقی حمد وثنا اسی کے لیے سزاوار اور اسی کے لیے مخصوص ہے۔ باقی جہاں کہیں کوئی خوبی اور کمال پایا جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی عطا اور دین ہے۔ اس لیے جس چیز کی بھی ثنا کی جائے درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ کی ہی ثنا ہوگی۔ جس نے اس شخص یا چیز کو اس کمال وخوبی سے متصف فرمایا ہے۔

۲؎ یہاں اللہ تعالیٰ کے چند کمالاتِ قُدرت کا ذکر کیا جارہا ہے۔

کسی چیز کو بغیر کسی پہلے نمونہ کے عدمِ محض سے موجود کرنے کو فطر کہتے ہیں۔ اَلْفِطْرَةُ: اَلِابْتِدَاءُ وَالِاخْتِرَاعُ(2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو نیست سے ہست فرمایا ہے۔ ان کا پہلے کوئی نمونہ نہ تھا جس کو دیکھ کر اس کی نقل اتار لی گئی ہو۔ اس کے علم، قدرت اور حکمت کا اندازہ کیونکر لگایا جاسکتا ہے جس نے اتنی بڑی کائنات کو یوں آراستہ پیراستہ کر کے تخلیق فرمایا اور اس کی پختگی کا یہ حال ہے کہ اَن گنت سال گزر گئے اس میں کوئی شگاف، بوسیدگی کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوئی۔ حضرت ابنِ عباس ؓ فرماتے ہیں کہ فَطَر کے لفظ کا صحیح مفہوم مجھے اس وقت معلوم ہوا جب دو اعرابی ایک کنوئیں کے بارے میں جھگڑتے ہوئے میرے پاس آئے اور ان میں سے ایک نے کہا: اَنَا فَطَرْتُهَا۔ یعنی اس کنوئیں کو میں نے ابتداءً کھودا ہے۔ اَیْ اَنَا ابْتَدَأْتُ حَفْرَهَا (لسان)(3)

۳؎ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا دوسرا کمال یہ ہے کہ اس نے اپنے انبیاء اور رسل تک پیغام رسانی کی خدمت فرشتوں کے ذمہ لگائی ہے۔ وہ جنابِ الٰہی سے وحی لے کر انبیاء ورسل تک پہنچاتے ہیں اور الہام والقاء سے اولیاء کاملین کو مشرف فرماتے ہیں۔ یہ بڑی سنگین ذمہ داری ہے، اس میں ذرا سی خیانت اور معمولی سی غفلت ناقابلِ برداشت ہے۔ لیکن فرشتے اس خدمت کو اس حسن و خوبی سے انجام دے رہے ہیں کہ خیانت وغفلت کا ان کے متعلق گمان تک نہیں کیا جاسکتا۔

۴؎ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے احکامِ تکوینیہ کی تنفیذ بھی ان کا کام ہے۔ اس لیے ہر فرشتہ کو اس کی ذمہ داریوں کے پیشِ نظر مختلف

1۔ تفسیر بیضاوی، سورۂ فاتحہ، ص3 2۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز14، ص319 3۔ لسان العرب، ج5، ص56

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۱ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

بیشک اللہ تعالٰے ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے ۵ جو عطا فرمائے اللہ تعالٰے لوگوں کو (اپنی) رحمت سے تو

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا یُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَ

اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو روک دے، تو اسے کوئی دینے والا نہیں اسکے روکنے کے بعد ۶ اور

هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝۲ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ؕ

وہی سب پر غالب بڑا دانا ہے اے لوگو! یاد رکھو اللہ تعالٰے کی نعمت کو جو اس نے تم پر فرمائی ۷

درجہ کی قوت ارزانی فرمائی گئی ہے۔ اجنحۃ۔ اس کا واحد جناح: پر، بازو۔ یعنی کسی کو دو، کسی کو تین، کسی کو چار پر بخشے گئے ہیں اور بعض جلیل القدر فرشتے ایسے بھی ہیں جنہیں اس سے بھی زیادہ پر عنایت کیے ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ رَاٰی جِبْرَئِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَهٗ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ۔ (مسلم)(1)

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود کہتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل کو دیکھا کہ ان کے چھ سو پر تھے۔

اس سے ایک طرف فرشتوں کی قوت اور غیر معمولی صلاحیتوں کا اظہار فرما دیا، دوسری طرف ان لوگوں کے زعم باطل کی تردید کردی جو ان کو اپنا خدا مانتے ہیں۔ بتا دیا کہ وہ تو اللہ تعالٰی کی ایک نہایت ہی فرمانبردار نورانی مخلوق ہے۔ تعمیل حکمِ ربانی میں ذرا سستی نہیں کرتے۔

۵ اللہ تعالٰی ایک مخلوق کو دوسری مخلوق پر جسامت، قوت، حسن، علم اور دیگر بے شمار کمالات میں جس طرح چاہتا ہے برتری اور بزرگی عنایت فرماتا ہے۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ کوئی امر اس کے لیے دشوار نہیں اور نہ اس کی عطا پر کسی کو اعتراض کرنے کا حق ہے۔

۶ اس کی رحمت بے پایاں ہے۔ اس کے رحمت فرمانے کے انداز نرالے ہیں۔ اپنی رحمت کا دروازہ وہ جس کے لیے کھول دے کسی کی مجال نہیں کہ آ کر جبراً اسے بند کردے۔ اور اگر وہ کسی پر اپنے درِ رحمت کو بند کردے تو کسی کی طاقت نہیں کہ زبردستی اسے کھول سکے۔ وہ قادر مختار ہے۔ اس کا ہر کام اس کی شانِ حکمت کا آئینہ دار ہے۔

یَفْتَحُ کا اصلی معنی تو ہے کہ کسی بند چیز کو کھول دینا۔ یہاں بطورِ مجاز یُعْطِیْ کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ یعنی عطا کرنا، بخشش کرنا۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔ اَیْ مَا یُعْطِیْ اَطْلَقَ الْفَتْحَ وَ هُوَ الْاِطْلَاقُ وَ اَرَادَ بِهِ الْاِعْطَاءَ تَجَوُّزًا اِطْلَاقًا لِلسَّبَبِ عَلَی الْمُسَبَّبِ۔ (طبری)(2)

۷ قدرتِ الٰہی کے چند مظاہر پیش کرنے کے بعد روئے سخن سب انسانوں کی طرف ہے کہ اے انسانو! زندگی، صحت، علم عزت، دولت وغیرہا جن نعمتوں سے اللہ تعالٰی نے تمہیں مالا مال کیا ہے انہیں یاد رکھو اور اس محسنِ حقیقی کا شکر ادا کیا کرو۔ وَ مَعْنٰی

1۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب معنی قول اللہ عزوجل وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی، ج 1، ص 97 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 42

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

(بھلا یہ تو بتاؤ) کیا اللہ کے بغیر کوئی اور خالق بھی ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے آسمان اور زمین سے ۸

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

نہیں کوئی معبود بجز اس کے سو (اس سے) منہ پھیر کر کدھر جا رہے ہو ۹ اور اے حبیب! اگر یہ آپ کو جھٹلا رہے ہیں (تو کوئی نئی

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ

بات نہیں) آپ سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا اور (آخر کار) اللہ کی طرف ہی سارے کام لوٹائے جاتے ہیں ۱۰ اے لوگو! (یاد رکھو) یقیناً

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ پس دھوکہ میں نہ ڈال دے تمہیں یہ دنیوی زندگی ۱۱ اور نہ فریب میں مبتلا کر دے تمہیں اللہ کے

هٰذَا الذِّكْرِ الشُّكْرُ۔ (قرطبی) (1)

۸ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی خالق نہیں، تمہیں بھی اس نے پیدا فرمایا اور تمہارے رزق کے سارے سامان بھی اسی نے پیدا فرمائے۔ تخلیق میں جب اس کا کوئی شریک نہیں تو رزق رسانی میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں۔ جب خالق بھی وہی ہے اور رازق بھی وہی تو پھر خود انصاف کرو اور کون ہے جو عبادت کے لائق ہو۔ ہرگز نہیں، سب کہو: لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔

۹ تُؤْفَكُوْنَ کے دو ماخذ ہو سکتے ہیں۔ اَلْاَفْكُ وَالْاِفْكُ۔ اَلْاَفْكُ کا معنی پھیرنا ہے اور اَلْاِفْكُ کا معنی جھوٹ بولنا۔ علامہ قرطبی اور دیگر علمائے تفسیر نے یہاں اَلْاَفْكُ کو تُؤْفَكُوْنَ کا ماخذ قرار دیا ہے یعنی تم کتنے نادان ہو کہ اپنے خالق، رازق اور اپنے معبودِ حقیقی سے منہ موڑ کر شیطان کی پیروی میں دیوانہ وار دوڑے جا رہے ہو۔ مِنَ الْاَفْكِ (بالفتح) وَهُوَ الصَّرْفُ يُقَالُ مَا اَفَكَكَ عَنْ كَذَا اَیْ مَا صَرَفَكَ عَنْهُ (قرطبی) (2)

۱۰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب راہِ حق سے ان کی روگردانی ملاحظہ فرماتے تو از حد افسردہ خاطر ہوتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے حبیب! ان کا انکار کوئی اچنبھا نہیں، ہمیشہ سے باطل پرستوں نے اپنے پیغمبروں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا ہے۔ اس لیے رنجیدہ نہ رہا کریں۔ سب معاملات آخر کار اللہ تعالیٰ کے پاس ہی لوٹ کر آنے والے ہیں وہ خود فیصلہ فرما دے گا۔

۱۱ پہلے یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ فرما کر لوگوں کو توحید کی دعوت دی اور شرک سے اجتناب کرنے کی تاکید فرمائی۔ اب یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ فرما کر ان امور سے باخبر کر دیا جو انسان کی تباہی اور بربادی کا باعث بنتے ہیں۔ اس دوسرے خطاب کا آغاز اس چیز سے کیا کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ قیامت آئے گی اور تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں باز پرس ہوگی۔ یہ وعدہ کسی عام آدمی کا نہیں جو جھوٹا وعدہ کرنے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 321 2۔ ایضاً، جز 14، ص 322

الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا

بارے میں وہ بڑا فریبی۔ یقیناً شیطان تمہارا دُشمن ہے تم بھی اسے (اپنا) دُشمن سمجھا کرو ۱۲ وہ فقط اسلئے (سرکشی کی)

میں شرم محسوس نہ کرے یا اپنی کمزوری کی وجہ سے اس کو پورا نہ کر سکے۔ ایسا نہیں ہے، یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا ہے اور اللہ کا وعدہ ہمیشہ سچا ہوا کرتا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ زندگی کی ان ناپائیدار لذتوں میں اس حد تک نہ کھو جانا کہ تمہیں قیامت کا دن سرے سے یاد ہی نہ رہے۔ نیز ہوشیار رہنا کہیں وہ فریبی اور دھوکہ باز تمہیں کوئی چکمہ دے کر راہِ حق سے بہکا نہ دے۔ حضرت سعید بن جُبیرؓ نے پہلے جملے کا یہ مفہوم بیان کیا ہے: غُرُوْرُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اَنْ يَّشْتَغِلَ الْاِنْسَانُ بِنَعِيْمِهَا وَلَذَّاتِهَا عَنْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ: یعنی دنیوی زندگی کا دھوکہ یہ ہے کہ انسان اس کی نعمتوں اور لذتوں میں یوں مشغول ہو جائے کہ آخرت کے لیے کوئی عمل کرنے کی اس کے پاس فرصت ہی نہ رہے(1)۔ اور دوسرے جملہ کا معنی سمجھنے کے لیے غرور کا مفہوم ذہن نشین کرنا ضروری ہے۔ قَالَ الْاَصْمَعِيُّ الْغُرُوْرُ الَّذِيْ يَغُرُّكَ: وَالْغَرُوْرُ الْاَبَاطِيْلُ۔ (لسان العرب)(2)۔ یعنی اصمعی جو فقہ، لغت اور ادب کے امام ہیں، کہتے ہیں: غَرور اسے کہتے ہیں جو تجھے دھوکہ اور فریب میں مبتلا کر دے۔ فریبی، مکار، دھوکہ باز اور غرور ان چیزوں کو کہا جاتا ہے جن کی محبت اور چاہت کے باعث انسان دھوکہ کھا جاتا ہے اور فریب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ارشادِ ربانی ہے: اے لوگو! تمہیں کوئی فریبی، کوئی دھوکہ باز دھوکہ میں مبتلا نہ کر دے۔

کیونکہ سب سے بڑا دھوکہ باز شیطان ہے اس لیے بعض علماء نے لکھا ہے کہ آیت میں غرور سے مراد شیطان ہے(3)۔ بیشک شیطان دھوکہ بازی کے فن میں بے نظیر ہے، وہ ہر شخص کو ایک قسم کے دامِ فریب میں پھانسنے کی کوشش نہیں کرتا، وہ ہر شخص کی نفسیات کو جانتا ہے، وہ ہر انسان کے کمزور پہلوؤں سے خوب واقف ہے اور ہر انسان پر اس کا حملہ اس کے کمزور پہلو سے ہوا کرتا ہے۔ عقل کے پجاریوں کو وہ ایسا چکر دیتا ہے کہ وہ کبھی تو خدا کا سرے سے انکار کر دیتے ہیں، کبھی اس کا شریک ٹھہرانے لگتے ہیں اور کبھی اس کائنات کے کارخانہ سے اس کو لاتعلق قرار دیتے ہیں اور کبھی نزولِ وحی اور وقوعِ قیامت کو عقل کے منافی ثابت کرتے ہیں اور جو لوگ علم و عقل سے اتنی دلچسپی نہیں رکھتے انہیں کبھی دولت کا لالچ دے کر، کبھی اقتدار کے سہانے خواب دکھا کر، کبھی شہرتِ دوام کے چکر میں اسیر کر کے ان سے ایسی ایسی خسیس، سفاکانہ اور مروت سے گری ہوئی حرکتیں کراتا ہے کہ اسے دیکھنے والے بھنا کر رہ جاتے ہیں اور جو خدا پر اور قیامت پر ایمانِ محکم رکھتے ہیں، ان کی شمعِ ایمان اگر بجھا نہیں سکتا تو ان کے کانوں میں چپکے سے یہ افسوں پھونک دیتا ہے کہ تیرا رب غفور رحیم ہے۔ بیشک نماز نہ پڑھو۔ بیشک دادِ عیش دیتے رہو۔ اس کی مغفرت کے سامنے تیرے گناہوں کی کیا حقیقت ہے؟ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ اس جملہ کی بہترین تشریح حضرت سعید بن جبیر نے فرمائی:

''قَالَ الْغَرُوْرُ بِاللّٰهِ اَنْ يَّعْمَلَ بِالْمَعَاصِيْ ثُمَّ يَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ تَعَالَى الْمَغْفِرَةَ''۔(4)

ترجمہ: یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ غرور کا مطلب یہ ہے کہ انسان دھڑا دھڑ گناہ کرتا رہے اور تمنا یہ کرے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بخش دے گا۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 322
2۔ لسان العرب، ج 5، ص 12
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 43
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ج 323

حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

دعوت دیتا ہے اپنے گروہ کو تاکہ وہ جہنمی بن جائیں۔ جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے لیے سخت

شَدِيْدٌ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

عذاب ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ، ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا

كَبِيْرٌ ۝۷ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ ع ۱۳

اجر ہے پس کیا وہ شخص جس کے لیے مزیّن کر دیا گیا ہے اسکا برا عمل اور وہ اسکو خوبصورت نظر آتا ہے (اس کیلئے آپ آزردہ

مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۠ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ

کیوں ہوں) بیشک اللہ گمراہ کرتا ہے جسکو چاہتا ہے اور ہدایت بخشتا ہے جسکو چاہتا ہے ۱۳ پس نہ گھلے آپ کی جان انکے لیے

۱۲ شیطان تمہاری خیر خواہی کے ہزار دعوے کرے، وہ تم سے دوستی کے عہد و پیمان کرتے ہوئے کتنی سخت قسمیں کھائے۔ سن لو! وہ جھوٹا ہے، وہ تمہارا ازلی دشمن ہے۔ تمہاری وجہ سے جو چوٹ اس کو لگی ہے، اس کی ٹیسیں کم نہیں ہوئیں۔ تم اس کی میٹھی میٹھی باتوں میں آجاتے ہو۔ وہ تو ہر لحہ ایسے موقع کی تلاش میں ہے کہ فرصت ملے تو تمہیں ایسی لڑھکنی دے کہ تم اپنے بلند مقام سے منہ کے بل خاکِ مذلّت پر پٹاخ سے آگرو اور وہ زور سے قہقہہ لگائے اور تمہارا مذاق اڑائے۔ نادان نہ بنو، ایسے خطرناک دشمن سے ہمیشہ چوکنے رہو۔ جب وہ تمہارا دشمن ہے تو تم بھی اس کو اپنا دشمن سمجھو۔ تب ہی تم اس کے فریب سے بچ سکتے ہو۔

۱۳ علامہ قرطبی کہتے ہیں۔ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا: یہ سارا جملہ مبتدا ہے۔ اس کی خبر محذوف ہے جس پر فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ دلالت کرتا ہے۔ اس صورت میں تقدیرِ کلام یوں ہوگی۔ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ذَهَبَتْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ: یعنی کیا ایسے لوگ جو اپنے برے اعمال کو خوشنما سمجھ رہے ہیں، ان کے لیے ازراہِ غم آپ اپنی جان گھلا رہے ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ وہ ایسی ہمدردی اور دلسوزی کے مستحق نہیں۔ (1)

ابتدا میں جب انسان گناہ کرتا ہے تو اس کا دل اسے ملامت کرتا ہے۔ اس کے رویہ کے خلاف سخت احتجاج کرتا ہے۔ لیکن اگر وہ باز نہیں آتا تو دل کی آواز مدہم پڑ جاتی ہے یا اس کے کان بہرے ہو جاتے ہیں کہ فطرتِ سلیمہ کی صدائے احتجاج اسے سنائی نہیں دیتی۔ اس کے بعد ایک اور مرحلہ آتا ہے کہ گناہ، گناہ محسوس ہی نہیں ہوتا بلکہ وہی عین صواب نظر آنے لگتا ہے۔ جب کوئی شخص اس مرحلہ پر پہنچتا ہے تو وہ ایک لاعلاج مریض ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل دنیوی زندگی کے فریب سے بھی بچائے اور اس شاطر و عیار، دھوکہ باز کے شر

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 324

حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ۝۸ وَاللّٰهُ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ

فرطِ غم سے بیشک اللہ تعالٰی خوب جاننے والا ہے جو (کرتوت) وہ کیا کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالٰی وہ ہے جو بھیجتا ہے

الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰی بَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَحْیَیْنَا بِهِ

ہواؤں کو وہ اُٹھا لاتی ہیں بادل کو پھر ہم لے جاتے ہیں بادل کو مردہ شہر کی طرف پھر ہم زندہ کر دیتے ہیں اس بادل

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ مَنْ كَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّةَ

(کے مینہ) سے زمین کو اسکے مُردہ ہو جانے کے بعد۔ یونہی (انہیں) قبروں سے اٹھایا جائے گا ۱۴ جو عزّت کا طلبگار ہو (وہ جان لے)

فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِیْعًا ؕ اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ

کہ ہر قسم کی عزّت اللہ تعالٰی کے لیے ہے ۱۵ اسی کی طرف چڑھتا ہے پاکیزہ کلام اور نیک عمل

سے بھی محفوظ رکھے۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

۱۴ تم مرنے کے بعد کی دوبارہ زندگی کو محال سمجھ رہے ہو۔ اگر تمہیں دیدۂ حق بین میسّر ہے تو ذرا اسے کھولنے کی زحمت اٹھاؤ اور ہر طرف دیکھو۔ کیا تمہیں ایسے مناظر بار بار دکھائی نہیں دیتے؟ خشک سالی کے باعث زمین اجاڑ ہو جاتی ہے۔ زندگی کی کوئی رمق بھی اس میں باقی نہیں رہتی۔ یکا یک ٹھنڈی ہوا اپنے کندھوں پر سرمئی بادل اٹھائے اٹھکیلیاں کرنے لگتی ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے موسلا دھار مینہ برسنے لگتا ہے۔ ہر طرف جل تھل ہو جاتا ہے۔ اُسی مردہ زمین میں پھر زندگی انگڑائی لینے لگتی ہے اور طرح طرح کی سبزیاں لہلہانے لگتی ہیں۔ جو قادرِ مطلق پانی کے چند قطروں سے زمین کو از سرِ نو زندہ کر دیتا ہے۔ کیا اس کے لیے یہ کوئی مشکل بات ہے کہ تمہیں مارنے کے بعد پھر زندہ کر دے؟ ذرا غور تو کرو۔ ذرا عقل سے تو کام لو۔

۱۵ ارشاد ہے: جو عزت و آبرو کا آرزومند ہے اسے بتاؤ کہ ساری عزتوں کا مالک اللہ تعالٰی ہے۔ جس کو عزت ملی ہے اُسی کی بارگاہِ اقدس سے ملی ہے۔ تم بھی اس کی جناب میں حاضر ہو کر سرِ نیاز جھکا دو، اس کی اطاعت و فرمانبرداری کو اپنا شعار بنا لو، وہ تمہیں بھی سرفراز کر دے گا۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

فَمَنْ طَلَبَ الْعِزَّةَ مِنَ اللّٰهِ وَصَدَّقَهٗ فِیْ طَلَبِهَا بِافْتِقَارٍ وَّ ذُلٍّ وَّسُكُوْنٍ وَّخُضُوْعٍ وَّجَدَهَا عِنْدَهٗ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی غَیْرَ مَمْنُوْعَةٍ وَلَا مَحْجُوْبَةٍ عَنْهُ (قرطبی)

ترجمہ: ''جو شخص اللہ تعالٰی کی جناب سے عزت طلب کرتا ہے اور اپنی اس طلب کی صداقت کو اپنے افتقار، عاجزی اور نیازمندی سے سچا ثابت کرتا ہے تو وہ اللہ تعالٰی کی جناب سے اس عزت کو پالے گا، وہ عزت اس سے روکی بھی نہیں جائے گی اور اس سے چھپائی بھی نہیں جائے گی''۔ ان شاء اللہ (1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 328

يَرْفَعُهُ ۚ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

پاکیزہ کلام کو بلند کرتا ہے ۱۶ اور جو لوگ فریب کاریاں کرتے ہیں بُرے کاموں کے لیے ان کے لیے شدید عذاب ہے۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

تا داغِ غلامی تو داریم ہر جا کہ می رویم پادشاہیم

اَلْكَلِمُ الطَّيِّبُ: یعنی پاکیزہ کلمہ: اس سے مراد ذکر الٰہی ہے۔(1)

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب کوئی مسلمان یہ کہتا ہے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ۔ تو ان جملوں کو ایک فرشتہ اپنے پروں کے نیچے محفوظ کر لیتا ہے اور آسمان کا رخ کرتا ہے۔ فرشتوں کے جس مجمع کے پاس سے اس کا گزر ہوتا ہے وہ فرشتے ان جملوں کے قائل کے لیے استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ لے کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں پہنچ جاتا ہے۔ اس کے بعد حضرت ابن مسعود نے یہ آیت تلاوت کی۔ (ابن کثیر)(2) اکثر علماء کا یہ قول ہے کہ پاکیزہ کلام سے مراد اَلذِّكْرُ وَالتِّلَاوَةُ وَالدُّعَاءُ: ذکر، تلاوت اور دعا ہے۔ (ابن کثیر)(3) علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ہر وہ کلام ہے جس میں یا تو اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو یا وہ کلام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کیا گیا ہو، جس طرح کسی کو وعظ و نصیحت کرنا یا اسے علم سکھانا۔ وَالْمُخْتَارُ اَنَّهٗ كُلُّ كَلَامٍ هُوَ ذِكْرُ اللّٰهِ اَوْ هُوَ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ كَالنَّصِيْحَةِ وَالْعِلْمِ (روح المعانی)(4) نیز علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ صعودِ کلام سے مراد اس کی مقبولیت ہے۔ صُعُوْدُ الْكَلَامِ اِلَيْهِ مَجَازٌ مُّرْسَلٌ عَنْ قَبُوْلِهٖ۔ (روح المعانی)(5)

۱۶ يَرْفَعُ کا فاعل عملِ صالح اور ضمیر مفعول کا مرجع الکلم الطیب ہے۔ یعنی پاکیزہ کلام کو عملِ صالح بارگاہِ الٰہی میں قبولیت سے مشرف کرتا ہے۔ اگر باتیں تو اچھی ہوں، لیکن عمل اس کے خلاف ہو تو وہ باتیں مسترد کر دی جاتی ہیں۔

بعض حضرات نے یرفعہ کا فاعل اللہ تعالیٰ کو بنایا ہے۔ اور ضمیر کا مرجع العمل الصالح ہے اور عمل صالح سے مراد وہ اعمال ہیں جن میں ریا نہ ہو، بلکہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کیے جائیں۔ اَیْ مَا كَانَ خَالِصًا لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا يَكُوْنُ مَشُوْبًا بِرِيَاءٍ وَّ سُمْعَةٍ يَرْفَعُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَیْ يَقْبَلُهٗ۔ لیکن زیادہ راجح اور صحیح یہ قول ہے کہ "اَلْمُرَادُ اَنَّ الْكَلِمَ الطَّيِّبَ يَصْعَدُ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰی وَاِنْ كَانَ مَعَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ يَّرْفَعُ شَاْنَ تِلْكَ الْكَلِمَةِ وَيَزِيْدُ فِيْ ثَوَابِهَا۔ (مظہری)(6) یعنی پاکیزہ کلام بارگاہِ الٰہی میں شرفِ باریابی حاصل کرتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ عملِ صالح بھی ہو تو اس کی شان بلند ہو جاتی ہے اور اس کے ثواب میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: وَالْحَقُّ اَنَّ الْعَاصِيَ الذَّاكِرَ لِلْفَرَائِضِ اِذَا ذَكَرَ اللّٰهَ تَعَالٰی وَقَالَ كَلَامًا طَيِّبًا فَاِنَّهٗ مَكْتُوْبٌ لَهٗ مُتَقَبَّلٌ مِّنْهُ وَلَهٗ حَسَنَاتُهٗ وَعَلَيْهِ سَيِّئَاتُهٗ (قرطبی)(7)

یعنی حق یہ ہے کہ اگر کوئی گنہگار جو فرائض کا تارک ہو، جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اور اچھی باتیں کرتا ہے، تو انہیں لکھ دیا جاتا ہے اور انہیں قبول بھی کیا جاتا ہے۔ ہر شخص کی نیکیوں کا اسے ثواب ملے گا اور اس کی برائیوں کی اسے سزا ملے گی۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص549
2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج22، ص80۔ تفسیر ابن کثیر، ج3، ص549
3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص549
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج22، ص174
5۔ ایضاً
6۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص48-47
7۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز14، ص330

وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ﴿١٠﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ

اور ان کا مکر (وفریب) تباہ ہو کر رہے گا ۱۷ اور اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے تمہیں مٹی سے، پھر پانی کی بوند سے

ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ

پھر تمہیں بنا دیا جوڑے جوڑے اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی عورت اور نہ بچہ جنتی ہے مگر اس کو اس کا علم ہوتا ہے۔

وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ

اور نہ لمبی زندگی دی جاتی ہے کسی طویل العمر کو اور نہ کم رکھی جاتی ہے کسی کی عمر، مگر (اس کی تفصیل) کتاب میں درج ہے۔ بیشک

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ ۖ هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ

یہ بات اللہ کے لیے بالکل آسان ہے اور یکساں نہیں ہو سکتے پانی کے دو ذخیرے۔ یہ (ایک) میٹھا ہے بہت شیریں ۱۹

۱۷ یعنی جو لوگ اسلام اور پیغمبرِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف مکر وفریب اور سازشیں کرتے رہتے ہیں، مسلمانوں کو شکست دینے اور ان کی صفوں میں انتشار پیدا کرنے کے لیے مہمیں چلاتے ہیں انہیں شدید عذاب ہوگا اور ان کا مکر وفریب ناکام ہو جائے گا۔ يُقَالُ بَارَ يَبُوْرُ: اِذَا هَلَكَ وَ بَطَلَ: وَ بَارَتِ السُّوْقُ اَیْ كَسَدَتْ (قرطبی)(1) جب کوئی چیز ہلاک وفنا ہو جائے تو عرب کہتے ہیں باد یبود۔ اور جب کوئی بازار ٹھنڈا پڑ جائے، بے رونق ہو جائے تو کہتے ہیں بَارَتِ السُّوْقُ۔

۱۸ تمہارے آغازِ آفرینش سے تمہارے سفرِ حیات کے اختتام تک کے تمام حالات سے اللہ تعالیٰ تفصیلاً آگاہ ہے اور تمام جزئیات اور تفصیلات لوحِ محفوظ میں درج کر دی گئی ہیں۔

۱۹ اردو تراجم میں عام طور پر البحران کا معنی دو سمندر یا دو دریا کیا گیا ہے۔ حالانکہ سمندر سارے کھارے ہیں کوئی میٹھا نہیں اور دریاؤں کا پانی میٹھا ہوتا ہے کھاری نہیں ہوتا، اس لیے جب تک لفظ ''بحر'' کی لغوی تحقیق نہ کی جائے یہ الجھن دور نہیں ہوتی۔ علامہ ابنِ منظور نے اس کی توضیح کرتے ہوئے لکھا ہے: اَلْبَحْرُ: اَلْمَاءُ الْكَثِيْرُ مِلْحًا كَانَ اَوْ عَذْبًا۔ یعنی پانی کی کثیر مقدار اور وسیع ذخیرہ کو بحر کہتے ہیں خواہ وہ نمکین ہو یا شیریں۔ بحر کو بحر کہنے کی وجہ انہوں نے یہ لکھی ہے کہ اس میں وسعت اور انبساط کا مفہوم پایا جاتا ہے جیسے کوئی شخص بہت سخی ہو تو اسے کہتے ہیں اِنَّهٗ لَبَحْرٌ کہ وہ تو بحر ہے۔ یہ درست ہے کہ عام طور پر بحر کا اطلاق سمندر پر ہوتا ہے لیکن میٹھے پانی کے وسیع ذخیرہ کو بھی اہلِ عرب بحر کہتے ہیں۔ چنانچہ علامہ مذکور نے ابنِ مقبل کا یہ شعر بطورِ استشہاد پیش کیا ہے۔

وَنَحْنُ مَنَعْنَا الْبَحْرَ اَنْ يَّشْرَبُوْا بِهٖ وَقَدْ كَانَ مِنْكُمْ مَاءُهٗ بِمَكَانِ

یہاں بحر میٹھے پانی کے معنی میں استعمال ہوا ہے کیونکہ میٹھے پانی کو ہی پینے سے روکا جاتا ہے۔ (لسان العرب)(2)

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 14، ص 332 2۔ لسان العرب، ج 4، ص 41

سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا

اس کا پینا بڑا خوشگوار ہے اور یہ (دوسرا) سخت نمکیں، کھاری تلخ۔ اور دونوں میں سے تم کھاتے ہو تر و تازہ گوشت ۲۰ے

وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ

اور نکالتے ہو زینت کا سامان، جسے تم پہنتے ہو۔ ۲۱ے اور تو دیکھتا ہے کشتیوں کو پانی میں کہ اسے چیرتی، شور مچاتی

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

چلی جارہی ہیں تاکہ تم تلاش کرو اسکے فضل کو ۲۲ے اور (یہ سب نوازشات اس لیے) تاکہ تم شکر ادا کرو ۲۳ے وہ داخل کرتا ہے کبھی، رات کے ایک حصہ کو

اس تحقیق کے بعد اب وہ خلش باقی نہیں رہتی۔ عَذْبٌ: میٹھا۔ فُرَاتٌ: شَدِيْدُ الْعُذُوْبَةِ: بہت شیریں یا جو پیاس کو بجھا دے۔ قِيْلَ مَا هُوَ يُكْسِرُ الْعَطَشَ (مظہری) سَآئِغٌ: سَهْلُ الْاِنْهِدَارِ: جس کا پینا بہت خوشگوار ہو۔ خود ہی گلے سے نیچے اترتا چلا جائے۔ مِلْحٌ: نمکین۔ اُجَاجٌ: شَدِيْدُ الْمُلُوْحَةِ: از حد کھاری۔ وَقِيْلَ هُوَ مَا يَحْرُقُ بِمُلُوْحَتِهٖ۔ جو اپنے کھارے پن کی وجہ سے جلا دے۔ (مظہری) (1) علامہ جوہری لکھتے ہیں: مَاءٌ اُجَاجٌ: اَیْ مِلْحٌ مُرٌّ (الصحاح) (2) یعنی کھاری تلخ۔

۲۰ے ذائقہ کے اس تفاوت کے باوجود وہاں مچھلیوں کا تازہ گوشت تمہارے کھانے کے لیے دستیاب ہوتا ہے۔ طویل سمندری سفر میں اگر خوراک کے ذخائر ختم بھی ہو جائیں تو مچھلی کے گوشت پر انسان گزر اوقات کر سکتا ہے۔ پھر اس کی قدرت کا کرشمہ ملاحظہ ہو۔ ایسا نہیں کہ دریائی مچھلیوں کا گوشت لذیذ اور کھانے کے قابل ہو اور کھاری سمندروں کی مچھلیوں کا گوشت نمکین اور کھاری ہو۔ اگرچہ جس پانی میں وہ پیدا ہوئیں، خوراک کھاتی رہیں، وہ تو کڑوا اور کھاری ہے، چکھا نہیں جا سکتا، لیکن اس کی مچھلیوں میں نہ سمندر کی بدبو ہے اور نہ وہ ناپسندیدہ ذائقہ۔ اس خالق کی قدرت کا اس سے زیادہ روشن تر ثبوت کوئی اور بھی تمہیں درکار ہے؟

۲۱ے اس کا مزید کرم ملاحظہ ہو کہ اسی سمندر میں تمہیں موتی، جواہرات اور مرجان ملیں گے جن کو زیوروں کی طرح پہن کر تم اپنی زیب و زینت کو چار چاند لگا سکتے ہو۔

۲۲ے اس کی عنایت کا سلسلہ بس یہیں ختم نہیں ہو جاتا۔ تم ان کشتیوں، ان بھاری بھرکم سمندری جہازوں کو دیکھو۔ اپنی پشتوں پر ہزاروں مسافروں کو اٹھائے، ہزاروں لاکھوں من سامان سے لدے، سمندر کی موجوں کو چیرتے ہوئے اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں تاکہ تم اپنے ملک سے دوسرے ملکوں میں جا کر علم اور ہنر سیکھو۔ اپنا سامانِ تجارت لے جا کر وہاں کی منڈیوں میں فروخت کرو، وہاں کے نوادرات اور ضرورت کی مصنوعات خریدو اور انہیں اپنے وطن میں لا کر بیچو اور ایک سفر سے دوہرا نفع کماؤ۔ ان تمام امور کو قرآنِ کریم نے اللہ تعالیٰ کا فضل کہا ہے۔ مواخر جمع ہے اس کا واحد ماخرۃ ہے۔ کشتیاں۔ علامہ جوہری مخر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اِذَا جَرَتْ تَشُقُّ الْمَاءَ مَعَ صَوْتٍ (صحاح) (3) یعنی مخر کہتے ہیں پانی کو اس طرح

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 49 | 2۔ الصحاح، ج 1، ص 297 | 3۔ ایضاً، ج 2، ص 812

وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ

دن میں اور (کبھی) داخل کرتا ہے دن کے ایک حصہ کو رات میں، اور اس نے پابند حکم کر دیا ہے سورج اور چاند کو ۲۴ ہر ایک رواں ہے

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

مقررہ میعاد تک یہ ہے اللہ جو تمہارا رب ہے اسی کی ساری بادشاہی ہے۔ اور وہ (بُت) جن کی تم پُوجا کرتے ہو

مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۝۱۳ ۭ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

اللہ تعالےٰ کے سوا وہ تو گٹھلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں ۲۵ اگر تم انہیں پکارو تو نہ سن سکیں گے

چیرنا کہ اس سے شور پیدا ہو۔ کشتیاں جب پانی کو چیرتی ہوئی گزرتی ہیں تو شور پیدا ہوتا ہے، اس لیے انہیں مواخر کہا گیا۔

۲۳ تا کہ تم ان نعمتوں سے لطف اندوز ہو اور اپنے منعمِ حقیقی کا شکر بجالاؤ یعنی اس کی توحید کا اقرار کرو۔ اس کے رسولِ مکرم پر ایمان لاؤ۔ اس کے تمام اوامر و نواہی کی سختی سے پابندی کرو تا کہ تم پر مزید لطف و کرم کی بارش کی جائے۔

۲۴ سال بھر موسم بھی ایک سا نہیں ہوتا اور دن رات بھی گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں۔ ورنہ تم اس یکسانیت سے اُکتا جاتے۔ نیز طرح طرح کی سبزیاں، گرمی اور سردی کے پھل، ان سے بھی تم محروم ہو جاتے۔ اس لیے اپنی قدرتِ کاملہ سے اس نے یہ انتظام فرما دیا ہے کہ مناسب وقفوں کے بعد موسم بدلتے رہیں۔ گرمی کے بعد سردی، خزاں کے بعد بہار کی آمد کا تسلسل قائم رہے۔ دن اور راتیں گھٹتی بڑھتی رہیں۔ تا کہ اس کی قدرت کے مختلف شئون ظہور پذیر ہوتے رہیں۔ اس نے سورج اور چاند کے لیے بھی ایک نظام الاوقات مقرر کر دیا ہے۔ وہ اسی کے مطابق سرگرمِ عمل ہیں۔

جو اتنی قدرتوں کا مالک، جو اتنی حکمتوں والا اور پیہم لُطف و احسان فرمانے والا ہے وہ ہے تمہارا خدا جو تمہارا رب ہے۔ جو تمہیں ضعف سے قوت کی طرف، نقص سے کمال کی طرف، جہالت سے علم کی طرف تدریجاً لیے جا رہا ہے۔ سارا ملک اسی کا ہے، سب جہانوں میں اسی کی حکمرانی ہے۔

۲۵ اے کفار و مشرکین! اپنے رب کریم، معبودِ برحق، شہنشاہِ حقیقی کو چھوڑ کر، اس کی عبودیت کا رشتہ توڑ کر جن بتوں وغیرہ کو تم نے خدا بنا رکھا ہے اور جن کی پوجا پاٹ میں تم مشغول رہتے ہو، ان کے افلاس اور بے بسی کا تو یہ عالم ہے کہ زمین و آسمان کے خزانے تو کجا وہ تو کھجور کی گٹھلی میں جو باریک سا سفید چھلکا (پردہ) ہوتا ہے اس کے بھی مالک نہیں۔ جو اتنے مفلس، قلاش اور بے بس ہوں ان کو اپنا معبود بنانا، ان کی پوجا کرنا، اور رب قدیر و حکیم اور مالک الملک کو چھوڑ دینا کہاں کی دانائی اور عقلمندی ہے؟ کچھ تو سوچو تم کیا کر رہے ہو؟ ذرا غور تو کرو تم کدھر جا رہے ہو؟ مختلف مفسرین نے اس آیت کی جو تفسیر کی ہے، ملاحظہ ہو۔

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ اَيِ الْاَصْنَامَ (قرطبی)(1) اَيِ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَهَا مِنَ الْاَصْنَامِ (مظہری)(2) تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هِيَ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 14، ص 336 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 50

دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۭ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

تمہاری پکار اور اگر وہ بالفرض سُن بھی لیں تو وہ تمہاری التجا قبول نہیں کر سکیں گے اور روز قیامت صاف انکار کر دیں گے

بِشِرْكِكُمْ ۭ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝۱۴ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ع ۲ ۷ ۱۴

تمہارے شرک کا ۲۶ اور (حقیقت حال سے) تجھے کوئی آگاہ نہیں کر سکتا خدائے خبیر کی مانند ۲۷ اے لوگو! تم سب محتاج ہو

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۱۵ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ

اللہ تعالیٰ کے اور اللہ ہی غنی ہے سب خوبیوں سراہا ۲۸ اگر اس کی مرضی ہو تو تم سب کو ناپید کر دے اور لے آئے

الْاَوْثَانُ (بحر)(1) سب کا مفہوم ایک ہے۔ یعنی وہ بت جن کی تم پوجا کرتے ہو۔ معلوم ہوا کہ یہ آیت بتوں اور ان کے پجاریوں کے بارے میں نازل ہوئی۔ قِطْمِيْرٌ: لِفَافَةٌ رَّقِيْقَةٌ عَلَى النَّوَاةِ۔ (مظہری)(2) وہ باریک پردہ جو گٹھلی پر ہوتا ہے۔

۲۶ مشرکین کے معبودوں کی بے بسی کا مزید بیان ہے کہ یہ بے جان مورتیاں تم لاکھ چیخو، فریاد کرو انہیں کیا خبر کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ اور بالفرض یہ سن بھی لیں تو یہ تمہاری کیا مشکل حل کر سکتی ہیں، تمہاری کیسے مدد کر سکتی ہیں؟ جب ان کے پاس سرے سے کوئی اختیار ہی نہیں، کوئی طاقت ہی نہیں۔ قیامت کے روز جنہیں دنیا میں معبود بنایا گیا تھا، وہ صاف انکار کر دیں گے اور کہیں گے کہ نہ ہم معبود تھے نہ ہم نے ان کو اپنی عبادت کرنے کا حکم دیا اور نہ ہی ہمارا اور ان کا باہمی کوئی تعلق تھا۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ بت تو اس لیے جواب نہیں دیں گے کہ وہ بے جان نہ سن سکتے ہیں، نہ بول سکتے ہیں، لیکن جو کم بخت، فرشتوں کو یا اللہ تعالیٰ کے مقربین کو پکارتے ہیں وہ اس لیے جواب نہیں دیں گے کہ ان گمراہوں نے انہیں خدا سمجھ رکھا تھا حالانکہ وہ خدا بننے سے بالکل الگ تھے۔ پس وہ ایسے لوگوں کی فریاد کا کیوں جواب دیں گے جو ان پر اتنی بڑی تہمت لگا رہے تھے؟ وَكَيْفَ يُجِيْبُوْنَ زَاعِمَ ذٰلِكَ فِيْهِمْ وَفِيْهِ مِنَ الثُّهْمَةِ مَا فِيْهِ (روح المعانی)(3)

معلوم ہوا کہ یہاں ان لوگوں کا ذکر ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو خدا اور معبود مانتے تھے ان بدبختوں کی حرماں نصیبی کا یہ حال ہوگا۔

۲۷ اے سننے والے! صحیح حالات سے تمہیں آگاہ کیا جا رہا ہے اور آگاہ کرنے والا وہ رب ہے جو ظاہر و باطن، جلی و خفی ہر چیز سے خبردار ہے۔ اب تو خود ہی سوچ لے کہ کوئی اور ایسی ہستی ہے جو اس خبیر و علیم کی طرح حقائق اور صداقتوں سے تجھ کو اس طرح آگاہ کر سکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ مفہوم کلام یوں ہے: لَا يُنَبِّئُكَ اَحَدٌ لَا يُخْبِرُكَ بِحَقِيْقَةِ الْاَمْرِ اِلَّا مُخْبِرٌ مِّثْلُ خَبِيْرٍ (مظہری)(4)

۲۸ اے لوگو! تم اپنے وجود میں، اپنی بقاء میں، اپنی نشوونما میں غرضیکہ دونوں جہاں کی زندگی میں ہر ہر قدم پر اس کے فضل و کرم کے محتاج ہو۔ اگر وہ آنکھ جھپکنے کی دیر یا اس سے بھی کم کے لیے اپنی نگاہِ لطف پھیر لے تو تمہیں ہوش آ جائے۔ تم سب اس کے محتاج ہو اور وہ بے نیاز ہے۔ کوئی اس کی تعریف نہ بھی کرے تب بھی وہ سب خوبیوں والا ہے۔

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 305
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 50
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 182
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 50

جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

ایک نئی مخلوق۔ اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ پر قطعاً دشوار نہیں۔ اور بوجھ نہیں اٹھائیگا کوئی گنہگار کسی دوسرے

اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ

کا بوجھ ۲۹ اور اگر بلائے گا پشت پر بوجھ اٹھانے والا (کسی کو) اپنا بوجھ اٹھانے کیلئے، تو نہ اٹھائی جاسکے گی اسکے بوجھ سے کوئی شے اگرچہ

كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا

کوئی قریبی رشتہ دار ہی ہو ۳۰ آپ صرف ان کو ڈرا سکتے ہیں جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور صحیح صحیح ادا کرتے

۲۹ وازرۃ صفت ہے۔ اس کا موصوف نفس محذوف ہے۔ اس کا مطلب ہے: لَاتَحْمِلُ نَفْسٌ اٰثِمَةٌ اِثْمَ نَفْسٍ اُخْرٰى (روح المعانی) یعنی کوئی گنہگار جو پہلے ہی اپنے بارِ گناہ کے نیچے دبا چلا جا رہا ہے وہ کسی دوسرے کے گناہ کا بوجھ کیونکر اٹھا سکتا ہے؟ سورۂ عنکبوت کی آیت 13 ہے: وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ (العنکبوت:13) کہ وہ اپنے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے علاوہ اور بوجھ بھی اٹھائیں گے۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ یہ دو آیتیں متضاد ہیں۔ کیونکہ سورۂ عنکبوت میں جن لوگوں کا ذکر ہے وہ وہ لوگ ہیں جو کفر اور باطل کے سرغنہ تھے۔ خود بھی گمراہ، بدکار اور مشرک تھے اور دوسروں کو بھی راہِ حق سے بھٹکانا، انہیں گناہوں اور شرک میں مبتلا کرنا ان کا معمول تھا۔ ایسے لوگوں پر دوہرا بوجھ ہوگا۔ ایک اپنی بدکاریوں کا اور دوسرا ان سیہ کاریوں کا جن میں ان کے ورغلانے سے دوسرے لوگ مبتلا ہوئے۔ یعنی خود گمراہ ہونے اور دوسروں کو گمراہ کرنے کے دو بوجھ ان کی گردن پر ہوں گے۔ گمراہ ہونا جس طرح ان کا فعل ہے اسی طرح لوگوں کو گمراہ کرنا بھی انہی کا فعل ہے۔(1)

۳۰ پہلے مفہوم کی مزید توضیح کی جا رہی ہے۔ مُثْقَلَةٌ: بوجھ سے لدا ہوا یا لدی ہوئی۔ یہ لفظ مذکر مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ اَیْ نَفْسٌ اَثْقَلَتْهَا الْاَوْزَارُ (2)۔ حِمْلٌ: مَا كَانَ عَلَى الظَّهْرِ۔ اس بوجھ کو کہتے ہیں جو پیٹھ پر لدا ہوا ہو۔ جو پیٹ میں یا درختوں کی شاخوں میں ہو اسے حمل کہتے ہیں۔ وَالْحَمْلُ حَمْلُ الْمَرْاَةِ وَالنَّخْلَةِ (قرطبی)(3)

حضرت فضیل بن عیاض سے منقول ہے: اس سے مراد وہ عورت ہے جس نے بچہ جنا ہوگا اور وہ اس دن اپنے بچے کو کہے گی: يَا وَلَدِيْ! اَلَمْ يَكُنْ بَطْنِيْ لَكَ وِعَاءً، اَلَمْ يَكُنْ ثَدْيِيْ لَكَ سِقَاءً، اَلَمْ يَكُنْ حُجْرِيْ لَكَ وِطَاءً۔ فَيَقُوْلُ بَلٰى يَا اُمَّاهْ: اے میرے بیٹے! کیا میرا پیٹ تیرے لیے قرارگاہ نہ تھا، کیا میری چھاتیاں تیرے لیے مشکیزہ نہ تھیں، کیا میری گود تیرے لیے آرام کی جگہ نہ تھی؟ وہ کہے گا: ہاں میری اماں جان!

فَتَقُوْلُ يَا بُنَيَّ قَدْ اَثْقَلَتْنِيْ ذُنُوْبِيْ فَاحْمِلْ عَنِّيْ مِنْهَا ذَنْبًا وَّاحِدًا۔ فَيَقُوْلُ اِلَيْكِ عَنِّيْ يَا اُمَّاهْ فَاِنِّيْ بِذَنْبِيْ عَنْكِ مَشْغُوْلٌ (قرطبی)(4) پھر وہ کہے گی میرے بیٹے! میرے گناہوں نے میری کمر توڑ دی ہے پس اس انبار سے ایک گناہ تو اٹھا لو۔ وہ کہے

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 184 2۔ ایضاً 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 338 4۔ ایضاً

الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾

ہیں نماز ۳۱ اور جو پاکیزگی اختیار کرتا ہے سو وہ اپنی بھلائی کے لیے ہی اختیار کرتا ہے ۳۲ اور (یاد رکھو آخر کار) اللہ کی طرف

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَ

ہی لوٹنا ہے۔ اور یکساں نہیں ہے اندھا اور بینا۔ اور نہ (یکساں ہیں) اندھیرے اور نور اور

لَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ

نہ یکساں ہے، سایہ اور تیز دھوپ۔ اور نہ ایک جیسے ہیں زندے اور مُردے ۳۳ بیشک

گا: ماں! دور ہٹ جا، میں اپنے گناہوں میں مشغول ہوں، میں تیری طرف توجہ نہیں کر سکتا۔

اس آیت یا اس روایت سے مطلق شفاعت کا انکار کم فہمی یا تعصب کے سوا کچھ نہیں۔ شہید، حافظِ قرآن بیٹا اپنے والدین کو بخشوائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقامِ محمود پر فائز ہوں گے اور اپنی امت کے گناہ گاروں کی بخشش کے لیے التجا کریں گے جو قبول ہو گی۔ اسی طرح دیگر انبیاء و اولیاء اور علمائے ربانیین اپنے اپنے درجہ کے مطابق شفاعت کریں گے۔

آیت کے الفاظ صاف بتا رہے ہیں کہ ایسے لوگ جو خود گناہوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہوں گے، جنہوں نے اپنی ساری عمر نافرمانی میں بسر کی ہوگی، جنہوں نے اس دنیا میں حضورؐ کی شفاعت کا انکار کر کے اپنے آپ کو شفاعتِ محمدی سے محروم کر دیا ہوگا یہاں ایسے لوگوں کا ذکر ہو رہا ہے۔ نیز انبیاء و اولیاء کی شفاعت کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ گناہ گاروں کے گناہ اٹھا کر اپنے سر پر رکھ لیں گے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ ان کی بخشش کے لیے دعا کریں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی دعا کی برکت سے ان کے گناہ معاف کر دے گا۔ اور گناہوں کا بوجھ سرے سے باقی ہی نہیں رہے گا۔

۳۱ حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگرچہ سب کو آنے والے عذاب سے ڈراتے تھے، سب غافلوں کو بروقت متنبہ فرماتے تھے، لیکن حضورؐ کی اس تنبیہ سے فائدہ اٹھانے والے فقط یہی خوش نصیب تھے جن کا ذکر اس آیت میں کیا جا رہا ہے۔

۳۲ جو شخص اپنے دامن کو گناہوں سے پاک رکھتا ہے۔ تقویٰ اور پارسائی کو اپنا شعار بناتا ہے کسی پر کوئی احسان نہیں کر رہا بلکہ اس میں سراسر اس کا اپنا بھلا ہے۔ اسی کے مراتب بلند ہوں گے اور اسی کو بارگاہِ رب العزت میں شانِ رفیع بخشی جائے گی۔

۳۳ ان آیات میں ذرا غور فرمایئے:

اَعْمٰی سے مراد کافر۔ بَصِیْرٌ سے مراد مومن۔ ظُلُمٰتٌ سے مراد باطل۔ نُوْرٌ سے مراد حق۔ ظِلٌّ (سایہ) سے مراد ثواب۔ حَرُوْرٌ (سخت گرمی) سے مراد عقاب ہے۔ اسی طرح اَحْیَاءٌ سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے دل زندہ ہیں، جن کی آنکھیں نورِ حق کو دیکھ سکتی ہیں، جن کے کان آوازِ حق کو سن سکتے ہیں اور اَمْوَاتٌ سے مراد وہ مردہ دل ہیں جن کی ظاہری اور باطنی قوتیں بیکار ہو چکی ہیں۔ (1)

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 22، ص 186

اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ

اللہ تعالیٰ سناتا ہے جسکو چاہتا ہے ۳۴ اور آپ نہیں سنانے والے جو قبروں میں ہیں ۳۵ نہیں ہیں آپ

اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ

مگر بروقت ڈرانے والے ۔ ہم نے آپ کو بھیجا ہے حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور بروقت ڈرانے والا ۔ اور کوئی اُمت ایسی

اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

نہیں جس میں کوئی ڈرانے والا نہ گزرا ہو ۳۶ اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلاتے ہیں (تو کوئی تعجب نہیں) بیشک جھٹلاتے رہے

۳۴ یہاں سماع سے مراد فقط سننا نہیں بلکہ ایسا سننا جو ہدایت پذیری کا سبب بن جائے ۔ جس سننے کے بعد انسان کفر کے اندھیروں سے نکل کر ہدایت کی روشنی کی طرف آجائے ۔ اِنَّ الْمُرَادَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَاءُ سِمَاعَ تَدَبُّرٍ وَّ قُبُوْلٍ لِاٰيَاتِهٖ عَزَّوَجَلَّ ۔ (1)

۳۵ یہاں بھی سماع سے مراد مطلق سننا نہیں، بلکہ وہ سننا ہے جس کا ذکر پہلی آیت میں گزر چکا ہے ۔ وَالْمُرَادُ بِالسِّمَاعِ هُنَا مَا اُرِيْدَ بِهٖ فِيْ سَابِقِهٖ (روح المعانی) (2) علامہ قرطبی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں: اَیْ بِمَنْزِلَةِ اَهْلِ الْقُبُوْرِ فِيْ اَنَّهُمْ لَا يَنْتَفِعُوْنَ بِمَا يَسْمَعُوْنَهٗ وَلَا يَقْبَلُوْنَهٗ (قرطبی) (3) یعنی یہ کافر اہلِ قبور کی طرح ہیں کہ اگر انہیں کوئی نصیحت کی جائے تو وہ اس سے نہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور نہ قبول کرتے ہیں ۔ سماعِ موتیٰ کے متعلق مفصل بحث سورۂ روم آیت نمبر ۵۲ کے ضمن میں گزر چکی ہے ۔

۳۶ یعنی نبوت کا سلسلہ کسی ملک، علاقہ یا قوم کے ساتھ مخصوص نہیں، جہاں بھی انسانوں کا کوئی گروہ آباد تھا وہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی ڈرانے والا ان کے پاس ضرور آیا ۔ خواہ وہ نبی ہو یا کسی نبی کا پیروکار جس نے تبلیغ کا فریضہ آکر ادا کیا ۔ اس میں عرب، مصر یا فلسطین کی کوئی خصوصیت نہیں ۔ ہند، چین، جاپان، افغانستان اور دیگر براعظموں میں بھی نذیر تشریف لے آئے ۔ یہ ہمارا ایمان ہے ۔ اب جن انبیائے کرام کے اسمائے گرامی قرآنِ کریم یا صحیح حدیث میں مذکور ہیں، ان کی نبوت پر ایمان لانا شرطِ اسلام ہے ۔ اور جن کے اسماء مذکور نہیں ان پر بھی اجمالی طور پر ایمان لانا ضروری ہے یعنی ان علاقوں میں کسی زمانہ میں جس کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر بھیجا ہم اس کی نبوت کو مانتے ہیں ۔ لیکن حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کیونکہ سلسلۂ نبوت ہی ختم ہو گیا، اس آفتابِ عالمتاب کے طلوع ہونے کے بعد کسی چراغ کی ضرورت ہی نہ رہی ۔ اس لیے اب تا قیامت کوئی نبی نہیں آسکتا ۔ آیت میں بھی خَلَا: یعنی گزر چکا ہے، ماضی کا صیغہ استعمال ہوا ہے جو گزشتہ زمانے پر دلالت کرتا ہے ۔ اب ہر قوم کے لیے ہر زمانہ میں حضور سید الانبیاء وخاتم الرسل کی ذاتِ پاک ہی منبعِ ہدایت اور اسوۂ حسنہ ہے ۔

اب تبلیغ کا فریضہ حضور کی امت کے اولیاء وعلماء انجام دیں گے ۔ حضور کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا کذّاب اور دجّال

1 ۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 22، ص 186 2 ۔ ایضاً 3 ۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 340

قَبْلِهِمْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ

جو ان سے پہلے تھے۔ تشریف لائے تھے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں، آسمانی صحیفے اور نورانی کتاب لے کر ۳۷ پھر جب

ع ۳ ۱۲ ۱۵ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ

ان کی سرکشی کی حد ہو گئی، تو میں نے پکڑ لیا کفار کو۔ پس (ساری دنیا جانتی ہے) میرا عذاب کیسا تھا۔ کیا تم دیکھتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ اتارتا ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ

آسمان سے پانی پس ہم نکالتے ہیں اس کے ذریعے طرح طرح کے پھل جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں ۳۸ اور

الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾

پہاڑوں سے بھی رنگ برنگ ٹکڑے ہیں کوئی سفید، کوئی سرخ۔ مختلف رنگوں میں (کوئی شوخ کوئی مدہم) اور بعض حصے سخت سیاہ ۳۹

ہے جس طرح احادیثِ صحیحہ میں مذکور ہے۔ نیز ان آیات میں غور کرو: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا (الاعراف:158) نیز وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ (سبا:28) جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس ارشادِ خداوندی کے مطابق تمام بنی نوع انسان کے لیے تا قیامت رسول ہیں، تو پھر کسی مزید رسول کی گنجائش نہیں رہتی۔

۳۷ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں۔

۳۸ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بوقلمونیوں کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ ایک زمین ہے اور ایک ہی پانی۔ لیکن پھلوں کی قسمیں گنی ہی نہیں جا سکتیں۔ رنگ، ذائقہ اور مہک سب کی الگ الگ خصوصیات اور اثرات بھی ایک دوسرے سے یکسر جدا جدا۔ اس یکسانی میں ایسی نیرنگی، حکمتِ ربانی کی کتنی بڑی دلیل ہے۔

۳۹ مختلف پہاڑوں کی بناوٹ، ان کی بلندی و پستی میں قدرتِ ربانی کے صدہا جلوے نظر آ رہے ہیں۔ ذرا ان کے رنگوں کو ملاحظہ فرمایئے۔ کہیں تو بالکل سفید دھاری چلی گئی ہے، کہیں رنگت سُرخ ہے اور سُرخی بھی ایک جیسی نہیں، اس رنگ میں بھی کئی رنگ ہیں۔ کوئی ہلکا سرخ، کہیں گوڑھا عنابی، کہیں گلابی مائل اور کہیں سیاہ ہے تو ایسا سیاہ کہ بس حد ہی ہو گئی۔ جُدَدٌ کا معنی طرائق: راستے بھی کیا گیا ہے۔ یعنی پہاڑوں کا اپنا رنگ ہے، لیکن ان کی گھاٹیوں میں سے جو راستے گزرتے ہیں ان کی رنگتیں علیحدہ علیحدہ ہیں۔ وَهِيَ مَا تُخَالِفُ مِنَ الطَّرَائِقِ فِي الْجِبَالِ۔ اور بعض نے جُدَدٌ کا معنی قِطَعٌ ٹکڑے کیا ہے۔ یعنی پہاڑوں کے مختلف حصوں کے مختلف رنگ ہیں۔ جُدَدٌ: قِطَعٌ مِنْ قَوْلِكَ جَدَدْتُ الشَّيْءَ اِذَا قَطَعْتَهٗ یعنی جب کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے تو کہتے ہیں جَدَدْتُهٗ۔ (1)

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 311

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ

اور انسانوں ، چارپایوں اور جانوروں کے رنگ بھی اسی طرح جُدا جُدا ہیں ۴۰

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾

اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء ہی (پُوری طرح) اس سے ڈرتے ہیں بیشک اللہ تعالیٰ سب پر غالب بہت بخشنے والا ہے ۴۱

پہاڑوں کے مختلف رنگوں کی طرف خصوصی طور پر متوجہ کر کے ان معدنیات کا کھوج لگانے کی ترغیب دی گئی ہے جو ان کے شکموں میں موجود ہیں اور مدت سے کسی جوانمرد اور باہمت انسان کی ضربِ خارا شگاف کے لیے چشم براہ ہیں۔ اور پہاڑوں کی یہ مختلف رنگتیں ان مدفون خزانوں کا پتہ بتا رہی ہیں۔ افسوس وہ قوم جسے قرآنِ کریم جیسی کتابِ منیر عطا کی گئی تھی وہ اسے ریشمی غلافوں میں لپیٹ کر سو گئی اور یورپ کی وحشی قومیں اس چشمۂ صافی سے اپنی کشت حیات کو سیراب کرنے میں سبقت لے گئیں۔

غَرَابِيْبُ: غِرْبِيْبٌ اَیْ شَدِيْدُ السَّوَادِ: یعنی بہت سیاہ۔(1)

۴۰ قدرت کی نُدرت آفرینیاں یہاں ختم نہیں ہو جاتیں۔ مصوّرِ فطرت کا موقلم انسانوں، چوپایوں اور جانوروں کو مختلف رنگ آمیزیوں سے یوں آراستہ و پیراستہ کر رہا ہے کہ دل کھچے چلے جاتے ہیں۔ آنکھیں ہزار بار دیکھنے کے باوجود سیر نہیں ہوتیں اور یکبار دیگر بینم کی آرزو کبھی ختم نہیں ہوتی۔ خصوصاً انسان اپنے قد و قامت، خدوخال، صباحت و ملاحت میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ صرف اتنا ہی نہیں، اپنی باطنی قوتوں، ذہنی صلاحیتوں، فطری استعدادوں میں بھی ایک حیرت انگیز تنوع پیش کرتے ہیں۔ انسانوں میں اگر یہ تفاوت نہ پایا جاتا، تو عروسِ کائنات کے گیسو کون سنوارتا؟ ان لق و دق صحراؤں کو چمنستان کیسے بنایا جاتا؟

۴۱ اللہ تعالیٰ کی اعجاز آفرینیوں کا جتنی دقّتِ نگاہ سے لوگ مطالعہ کریں گے حکمتِ ربانی کے نئے نئے جلوے رونما ہوتے جائیں گے۔ انہیں اس تدبّر اور مطالعہ سے اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا ایسا علم نصیب ہوگا جو انہیں عین الیقین کی منزل تک پہنچائے گا اور وہاں سے حق الیقین کی منزل زیادہ دور نہیں۔ طلب صادق ہوگی تو توفیق کا ہاتھ بڑھے گا اور انہیں ان بلندیوں پر فائز کر دے گا جہاں حق الیقین کی روشنی ہر سو پھیلی ہوئی ہے۔ جہاں شک و شبہ کا غبار نہیں۔ وہاں پہنچ کر انہیں اپنے ربِ ذوالجلال والاکرام کی معرفت نصیب ہوگی۔ پھر جس خشیت سے ان کے دل معمور ہوں گے ہمارے لیے اُس کا اندازہ لگانا ہی مشکل ہے۔ حکمائے اسلام کے نزدیک علم کی حقیقت کیا ہے؟ اس کے لیے چند اقوال ملاحظہ فرمائیے:

۱۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: لَيْسَ الْعِلْمُ عَنْ كَثْرَةِ الْحَدِيْثِ لٰكِنَّ الْعِلْمَ عَنْ كَثْرَةِ الْخَشْيَةِ۔(2)

ترجمہ: زیادہ باتیں بنانا علم نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ سے خشیت (ڈرنا) کو علم کہتے ہیں۔

۲۔ امام مالک فرماتے ہیں: اِنَّ الْعِلْمَ لَيْسَ بِكَثْرَةِ الرِّوَايَةِ وَاِنَّمَا الْعِلْمُ نُوْرٌ يَجْعَلُهُ اللّٰهُ فِي الْقَلْبِ۔(3)

ترجمہ: بکثرت روایت کرنے کا نام علم نہیں، بلکہ علم ایک نور ہے جسے اللہ تعالیٰ کسی دل میں ڈال دیتا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 343 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 554 3۔ ایضاً

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا

بیشک جو (غور و تدبر سے) تلاوت کرتے ہیں اللہ کی کتاب کی اور نماز قائم کرتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں اس

رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِیُوَفِّیَهُمْ

مال سے جو ہم نے ان کو دیا ہے راز داری سے اور اعلانیہ، وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو ہرگز نقصان والی نہیں ۴۲ تاکہ اللہ

اُجُوْرَهُمْ وَ یَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾ وَ الَّذِیْٓ

انہیں پورا پورا اجر عطا فرمائے اور مزید اضافہ کرے ان کے اجر میں اپنے فضل سے۔ بیشک وہ بہت بخشنے والا بڑا قدردان ہے ۴۳ اور جو

۳۔ مجاہد فرماتے ہیں: اِنَّمَا الْعَالِمُ مَنْ خَشِیَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ: (1) (ترجمہ) عالم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ عزوجل سے ڈرتا رہے۔

۴۔ ربیع بن انس کا ارشاد ہے: مَنْ لَّمْ یَخْشَ اللّٰهَ تَعَالٰی لَیْسَ بِعَالِمٍ (2)

ترجمہ: جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں وہ عالم نہیں۔

۵۔ حضرت ابنِ مسعود سے ایک قول مروی ہے: كَفٰی بِخَشْیَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی عِلْمًا وَّبِالِاغْتِرَارِ جَهْلًا۔ (3)

ترجمہ: اگر دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو جائے تو انسان کے لیے اتنا علم ہی کافی ہے اور اس سے بڑی جہالت اور کوئی نہیں کہ انسان خدا سے غرور کرنے لگے۔

۶۔ حضرت ابراہیم سے پوچھا گیا کہ اس شہر میں سب سے بڑا فقیہہ کون ہے؟ فرمایا: جو اپنے رب سے زیادہ ڈرنے والا ہے۔

مَنْ اَفْقَهُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ قَالَ اَتْقَاهُمْ لِرَبِّهٖ عَزَّوَجَلَّ۔ (4)

۷۔ سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا یہ ارشادِ گرامی آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے:

''اِنَّ الْفَقِیْهَ حَقَّ الْفَقِیْهِ مَنْ لَّمْ یُقَنِّطِ النَّاسَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ وَلَمْ یُرَخِّصْ لَهُمْ فِیْ مَعَاصِی اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَمْ یُؤْمِنْهُمْ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَلَمْ یَدَعِ الْقُرْاٰنَ رَغْبَةً عَنْهُ اِلٰی غَیْرِهٖ''۔ (قرطبی) (5)

ترجمہ: یعنی صحیح معنوں میں فقیہہ اور عالم وہ ہے جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور خدا کی نافرمانی پر انہیں جری نہ کرے۔ خدا کے عذاب سے انہیں بے خوف نہ کر دے اور قرآن کے بغیر اسے کوئی چیز اپنی طرف راغب نہ کر سکے۔

۴۲ یعنی یہ لوگ ایسی تجارت کر رہے ہیں جس میں نفع ہی نفع ہے، جس میں خسارے اور گھاٹے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۴۳ ایسے پاکبازوں کو اللہ تعالیٰ ان کے اعمالِ حسنہ کا پورا پورا اجر عطا فرمائے گا اور صرف اسی اَجر پر بس نہیں بلکہ یَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ: انہیں اپنے فضل و کرم سے مزید بخشے گا۔ اس بخششِ مزید کا اندازہ کون لگائے؟ اس کو کس ترازو سے تولا جائے؟ اور

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 343 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً 4۔ ایضاً 5۔ ایضاً

اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ مِنَ الۡکِتٰبِ هُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ ؕ

کتاب بذریعہ وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے وہی سراسر حق ہے ۔ وہ تصدیق کرتی ہے پہلی کتابوں کی ۔

اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِیۡرٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡکِتٰبَ الَّذِیۡنَ

بیشک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے سارے احوال سے باخبر ہے (اور) دیکھنے والا ہے ۴۴ پھر ہم نے وارث بنایا اس کتاب کا ان کو

اصۡطَفَیۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا ۚ فَمِنۡهُمۡ ظَالِمٌ لِّنَفۡسِهٖ ۚ وَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ ۚ

جنہیں ہم نے چن لیا تھا اپنے بندوں سے ۔ پس بعض ان میں سے اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض درمیانہ رو ہیں

وَمِنۡهُمۡ سَابِقٌۢ بِالۡخَیۡرٰتِ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِکَ هُوَ الۡفَضۡلُ الۡکَبِیۡرُ ؕ ﴿۳۲﴾

اور بعض سبقت لے جانے والے ہیں نیکیوں میں اللہ کی توفیق سے ۴۵ یہی (اللہ تعالیٰ کا) بہت بڑا فضل (و کرم) ہے ۴۶

کس پیمانے سے ناپا جائے؟ وہ غفور بھی ہے اور شکور بھی ۔ خالص عمل اگر تھوڑا بھی ہو تو وہ اس کو قبول فرماتا ہے اور اس پر ثواب بے انداز عطا کرتا ہے ۔ یَقۡبَلُ الۡقَلِیۡلَ مِنَ الۡعَمَلِ الۡخَالِصِ وَیُثِیۡبُ عَلَیۡهِ الۡجَزِیۡلَ مِنَ الثَّوَابِ (قرطبی) (1)

۴۴ اس آیت میں بھی ختمِ نبوت کی دلیل ہے ۔ فرمایا یہ کتاب حق ہے، پہلے جو کتابیں نازل ہوئیں ان کی تصدیق کرتی ہے ۔ اگر اس کتاب کے بعد بھی نبوت اور وحی کا سلسلہ جاری رکھنا مقصود ہوتا تو یہاں بھی یہ فرمایا جاتا کہ پہلی کتابوں کی طرح یہ بعد میں نازل ہونے والی کتابوں کی بھی تصدیق کرتی ہے ۔

۴۵ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابنِ عباس سے اس آیت کے متعلق یہ قول نقل کیا ہے:

هُمۡ اُمَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیۡهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ۔ یعنی جن لوگوں کو کتاب کا وارث کیا گیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت ہے ۔ اس امت میں ایک گروہ وہ ہے جس سے غلطیاں سرزد ہو جاتی ہیں اور فرائض کی ادائیگی میں بھی سستی ہو جاتی ہے اور بعض وہ ہیں جو درمیانہ رو ہیں ۔ جو فرائض کو ادا کرتے ہیں، محرمات کے نزدیک نہیں پھٹکتے، لیکن مستحبات میں سستی کرتے ہیں اور بعض مکروہ چیزیں ان سے سرزد ہوتی ہیں ۔ اور تیسرا گروہ ان پاکبازوں اور وفا شعاروں کا ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے تن من دھن کی بازی لگا دی ہے ۔ دنیا کی لذتوں سے انہیں کوئی سروکار نہیں ۔ دنیا کے مشاغل یادِ حق سے انہیں غافل نہیں کر سکتے ۔ ہر نیک کام میں سب سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ ان کا سارا وقت، ان کا سارا مال بلکہ ان کا دل و جان بھی رضائے جاناں پر قربان ہے ۔ علامہ ابنِ کثیرؒ نے اس آیت کی یہی تفسیر پسند کی ہے ۔ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابنِ عباس سے اس آیت کی تفسیر یوں نقل کی ہے:

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 345

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ

سدا بہار باغات! یہ ان میں داخل ہوں گے ۔ پہنائے جائیں گے انہیں وہاں سونے کے کنگن اور

لُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ

موتیوں کے ہار۔ اور ان کی پوشاک وہاں ریشمی ہوگی ۔ (شکرِ نعمت کے طور پر) کہیں گے سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے

عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

دُور کر دیا ہم سے غم (واندوہ) یقیناً ہمارا رب بہت بخشنے والا بڑا قدر دان ہے۔ جس نے ہمیں بسایا ہے ابدی ٹھکانے پر اپنے فضل

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾

(و احسان) سے۔ نہ چھوئے گی ہمیں یہاں کوئی تکلیف اور نہ چھوئے گی ہمیں یہاں کوئی تھکن ۴۷

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَ

اور جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ (تیار) ہے۔ نہ ان کی قضا آئے گی کہ وہ مر جائیں اور

''هُمْ اُمَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَظَالِمُهُمْ يُغْفَرُ لَهٗ وَ مُقْتَصِدُهُمْ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا وَ سَابِقُهُمْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ''(1)

ترجمہ: اس آیت میں جن لوگوں کا ذکر ہے، وہ امتِ محمدیہ ہے۔ ان میں جو گنہگار ہیں ان کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ اور جو درمیانہ رو ہیں ان سے آسان حساب لیا جائے گا۔ جو سابقین ہیں ان کو بغیر حساب کے جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

۴۶ قرآنِ مجید کا وارث بنانا اور پھر تم میں ایسے گروہ کا پیدا کرنا، یہی اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا فضل و کرم ہے جو اُس کریم نے تم پر فرمایا ہے۔

۴۷ ان آیات میں اس انعام و اکرام کا ذکر ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر فرمائے گا۔

چند الفاظ: اَسَاوِرَ، اس کا واحد اَسْوَرَةٌ ہے کنگن جو کلائیوں میں پہنے جاتے ہیں۔ اَلْحَزَنُ: غم واندوہ۔

عکرمہ نے حزن کی وضاحت کی ہے: خَوْفُ الذُّنُوْبِ وَالسَّيِّئَاتِ وَخَوْفُ رَدِّ الطَّاعَاتِ (مظہری)(2)

یعنی گناہوں اور خطاؤں کا ڈر۔ اور عبادتوں کے مسترد ہونے کا اندیشہ۔

دَارُ الْمُقَامَةِ: دَارُ الْاِقَامَةِ: مُقَامَةٌ: مصدر میمی ہے۔ دَارُ الْاِقَامَةِ کا معنی ٹھہرنے کی جگہ۔ نَصَبٌ: تَعَبٌ: تھکاوٹ

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 555 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 60

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿۳۶﴾ وَهُمْ

نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے دوزخ کا عذاب ۔ اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں ہر ناشکرگزار کو ۴۸ اور وہ

يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا

اس میں چیختے چلاتے ہوں گے (فریاد کریں گے) اے ہمارے رب! (ایک بار) ہمیں یہاں سے نکال۔ ہم بڑے نیک کام کریں گے ایسے

نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ

نہیں جیسے ہم پہلے کیا کرتے تھے۔ (جواب ملے گا) کیا ہم نے تمہیں اتنی لمبی عمر نہیں دی تھی جس میں (بآسانی) نصیحت قبول کر سکتا جو نصیحت

فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ ع ۱۱ ۱۶

قبول کرنا چاہتا اور تشریف لے آیا تھا تمہارے پاس ڈرانے والا (تم نے اسکی بات نہ مانی) پس اب (اپنے کیے کا) مزہ چکھو ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ۴۹ بیشک اللہ

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۳۸﴾ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ

تعالیٰ جاننے والا ہے آسمانوں اور زمین میں ہر چھپی ہوئی چیز کو۔ یقیناً وہ جانتا ہے دلوں کے رازوں کو۔ وہی ہے جس نے تمہیں (گزشتہ قوموں کا)

لُغُوْبٌ: كَلَالٌ وَّاِعْيَاءٌ مِّنَ التَّعَبِ: تھکاوٹ سے بدن میں جو اضمحلال اور ذہن میں جو پژمردگی پائی جاتی ہے۔(1)

۴۸ پہلے تو اہل ایمان اور ان کے تین گروہوں کا حال بیان کیا گیا، اب کفار کے حالات کا ذکر ہو رہا ہے۔ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ اَیْ لَا يُحْكَمُ عَلَيْهِمْ بِالْمَوْتِ(2): یعنی کفار کو جہنم رسید کر دیا جائے گا۔ اس وقت وہ تمنا کریں گے کاش! موت ہی آ جاتی اور اس عذاب سے ہماری جان چھوٹتی، لیکن نہ انہیں موت آئے گی اور نہ عذاب میں تخفیف ہوگی۔ ہمیشہ اسی طرح اپنے کفر اور ناشکری کی سزا جھیلتے رہیں گے۔

۴۹ دوزخی جہنم میں رونا اور چلانا شروع کر دیں گے یا دوزخ سے نکالے جانے کی درخواست کریں گے اور وعدہ کریں گے کہ اگر ایک بار ہمیں موقع مل گیا تو ہم عمر بھر نیک کام ہی کرتے رہیں گے۔ انہیں کہا جائے گا کہ اب ایسی باتیں کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ اگر تم دنیا میں پل بھر کے لیے جاتے اور پھر وہاں سے رخصت کر دیے جاتے تو تم یہ عذر پیش کر سکتے تھے کہ اے ہمارے خداوند! ہم دنیا میں گئے ضرور لیکن صرف پل بھر کے لیے۔ نہ ہمیں کچھ سوچنے کا موقع ملا، نہ سمجھنے کا۔ نہ کوئی ہمیں سمجھانے آیا اور نہ کسی نے ہمارے سامنے کوئی دلیل پیش کی۔ اس لیے ہم معذور تھے۔ خطا کار ضرور ہیں، لیکن ہماری مجبوری اور معذوری بھی نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔ اے کفار! تم جانتے ہو، ایسا تو نہیں ہوا۔ عرصہ دراز تک تم دنیا میں رہے۔ تمہیں سوچنے اور سمجھنے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 60 2۔ ایضاً

خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ

جانشین بنایا زمین میں۔ پس جس نے کفر کیا اس کے کفر کا وبال بھی اسی پر ہوگا۔ اور نہیں اضافہ کرے گا کفار

كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا یَزِیْدُ الْكٰفِرِیْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا

کے لیے ان کا کفر اللہ کی جناب میں بجز ناراضگی کے اور نہ اضافہ کرے گا کفار کے لیے ان کا کفر بجز گھاٹے داور

خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

خسران، کے ۵۰ آپ فرمایئے کیا تم نے دیکھے ہیں اپنے شریک جنہیں تم پکارتے ہو اللہ تعالیٰ کے سوا۔

اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ

مجھے بھی تو دکھاؤ زمین کا وہ گوشہ جو انہوں نے بنایا ہے یا ان کی کوئی شراکت ہو آسمانوں (کی تخلیق) میں یا ہم نے

اٰتَیْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰی بَیِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ یَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

انہیں کوئی کتاب دی ہو اور وہ اس کے روشن دلائل پر عمل پیرا ہوں ۵۱ (کچھ بھی نہیں) بلکہ یہ ظالم محض ایک دوسرے کے ساتھ

کے لیے لمبی مہلت دی گئی۔ ہمارے نبیوں نے خوب جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر تمہیں خوابِ غفلت سے بیدار کیا، لیکن تم نے کسی موقع سے فائدہ نہ اٹھایا۔ اب تمہارا رونا اور چلانا بے سود ہے۔ تمہیں اچھی طرح آزما لیا گیا ہے۔ اب دوبارہ آزمانے کی ضرورت نہیں۔

۵۰ یعنی کفر و سرکشی کا جو وتیرہ ان کفار نے اختیار کر رکھا ہے اس سے اور تو کچھ نہ ہوگا، بجز اس کے کہ اللہ تعالیٰ کی آتشِ غضب ان پر اور بھڑکے گی اور زندگی کی اس بازی میں وہ شکست پر شکست کھاتے چلے جائیں گے اور ان کا کاروبارِ حیات گھاٹے اور خسارے میں ہوگا۔

۵۱ ان کے مشرکانہ عقائد پر ضربِ کاری لگائی جا رہی ہے۔ ان سے کہا جا رہا ہے کہ تم جن کو خدا کا شریک ٹھہرا رہے ہو ان کے حالات اور کمالات سے ہم تو بالکل بے خبر ہیں، لیکن تمہیں تو ان کے حالات و کمالات پوری طرح معلوم ہوں گے۔ ذرا ہمارے ان شکوک کا ازالہ تو کرو تاکہ ہم بھی تمہارے موقف کی معقولیت کا اعتراف کرنے لگیں۔ اگر تمہارے خداؤں نے زمین کا کوئی گوشہ، کوئی برِ اعظم، یا کوئی چھوٹا سا جزیرہ ہی بنایا ہو تو بتاؤ ہم بھی جا کر اسے دیکھیں، اگر انہوں نے آسمانوں کی تخلیق میں کوئی اہم حصہ لیا ہو، کوئی مشورہ دیا ہو، کوئی نقشہ پیش کیا ہو اور کچھ نہیں تو کوئی چھوٹا سا ستارہ ہی اس آسمان کی چھت میں آویزاں کیا ہو وہی ہمیں دکھا دو۔ اور اگر نہ زمین کے کسی گوشہ کے وہ خالق ہیں اور نہ آسمان کی تخلیق میں ان کا کوئی حصہ ہے اور تم بھی اس کو تسلیم کرتے ہو، تو پھر ہمیں اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی کسی کتاب میں اپنے شرک کی کوئی دلیل دکھا دو۔ اور اگر تمہارے پاس کچھ بھی نہیں تو پھر فساد انگیزی

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

جھوٹے (دلفریب) وعدے کرتے رہتے ہیں۔ بیشک اللہ تعالےٰ روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو تاکہ وہ اپنی جگہ سے سرک نہ جائیں۔

وَلَىِٕنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا

اور اگر وہ سرکنے لگیں تو کوئی نہیں روک سکتا انہیں اللہ تعالےٰ کے بعد بیشک وہ بڑا حلیم (اور) بخشنے

غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ

والا ہے ۵۲ اور (کفارِ مکہ) اللہ کی سخت قسمیں کھا کر کہتے تھے کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا آیا

لَّیَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِیْرٌ مَّا زَادَهُمْ

تو وہ زیادہ ہدایت قبول کریں گے پہلی اُمتوں سے ۵۳ پس جب آگیا ان کے پاس ڈرانے والا تو ان کی

سے کیوں باز نہیں آتے ہو اور ایک دوسرے کو گمراہ کرنے اور دھوکہ دینے کے لیے جھوٹے وعدے کیوں کرتے ہو؟

۵۲ یہ تو تم نے بھی مان لیا کہ تمہارے شریکوں کا آسمان و زمین کی تخلیق میں کسی قسم کا برائے نام حصہ بھی نہیں ہے۔ اب ہم سے سنو! ہم تمہیں بتاتے ہیں کہ اس کارخانۂ ہستی کو بنانے والا بھی وہی ہے اور چلانے والا بھی وہی ہے۔ زمین کا یہ کشادہ فرش اسی نے بچھایا ہے۔ آسمانوں کا یہ محیر العقول سائبان اسی نے تانا ہے اور ہر چیز کو اپنے اپنے مقام پر ٹھہرایا ہوا بھی اسی نے ہے۔ سارے آسمان اسی کے حکم سے اپنے اپنے مقام پر ایستادہ ہیں اور کرۂ زمین کو اس بیکراں فضا میں جہاں اس نے فٹ کر دیا ہے وہاں سے ایک انچ بھی اوپر نیچے نہیں ہو سکتا۔ اگر زمین و آسمان اپنے اپنے مقررہ مقام سے مشیتِ الٰہی کے مطابق ٹلنے لگیں تو اس کے بغیر کوئی زور آور اور طاقتور ہستی نہیں ہے جو آگے بڑھ کر گرتے ہوئے آسمانوں کو کندھا دے یا ڈگمگاتی ہوئی زمین کو سنبھال سکے۔

بیشک اللہ تعالیٰ بڑا بُردبار ہے۔ جو گناہوں سے باز نہیں آتے، وہ انہیں مہلت پر مہلت دیتا چلا جاتا ہے، اور بردبار ہونے کے ساتھ ساتھ وہ غفور بھی ہے۔ یعنی اگر کوئی توبہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے تو وہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔

۵۳ واؤ ضمیر مرفوع متصل ذوالحال ہے۔ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ حال ہے۔ یعنی جَاهِدِیْنَ فِیْ اَیْمَانِهِمْ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبعوث ہونے سے پہلے جب کفارِ مکہ کے سامنے ان قوموں کے حالات بیان کیے جاتے جنہوں نے اپنے نبیوں کو جھٹلایا، سرکشی اور عصیان کوشی میں مگن رہے۔ جس کے نتیجے میں خدا کا عذاب ان پر نازل ہوا اور وہ تباہ و برباد ہو گئے یہ حالات سن کر وہ ان تباہ ہونے والی قوموں پر بڑا لعن طعن کرتے اور کہتے کہ وہ لوگ بڑے بدبخت اور بدسرشت تھے کہ انہوں نے اپنے آپ کو عذابِ الٰہی کا مستحق بنا دیا۔ وہ قسمیں اٹھاتے، سادہ سی قسم نہیں بلکہ انتہائی سخت قسم کی قسمیں کھا کر کہتے کہ اگر ہمارے پاس کوئی

اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ

(حق سے) نفرت اور بڑھ گئی ۵۴ وہ زیادہ سرکشی کرنے لگے زمین میں اور گھناؤنی سازشیں کرنے لگے ۵۵ اور نہیں گھیرتی گھناؤنی

السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ

سازش بجز سازشیوں کے ۵۶ پس کیا یہ لوگ انتظار کر رہے ہیں کہ انکے ساتھ وہی معاملہ کیا جائے جو پہلے (نافرمانوں) کے ساتھ کیا گیا تھا

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا

(اگر یہ بات ہے) تو آپ نہیں پائیں گے اللہ کی سُنّت میں کوئی تبدیلی اور آپ نہیں پائیں گے اللہ کی سُنّت میں کوئی تغیر ۵۷ کیا انہوں نے سیر و سیاحت

نبی آیا تو ہم اس کی پیروی کریں گے اور راہِ راست پر یوں ثابت قدمی سے گامزن رہیں گے کہ گزشتہ زمانہ میں جن قوموں نے ہدایت قبول کی ان سے بھی بازی لے جائیں گے اور کوئی قوم راست روی اور ثابت قدمی میں ہماری ہمسر نہیں ہوگی۔

مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں:

''مَنْ كَانَ مِنَ الْاُمَمِ السَّالِفَةِ عَلٰى هُدًى فَنَحْنُ نَكُوْنُ اَهْدٰى مِنْهُمْ'' (مظہری)(1)

۵۴ اور جب وہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم بزمِ امکان میں رونق بخش ہوا اور اس کی طلعتِ زیبا سے ہدایت کے انوار تاریکیوں کو شکست پر شکست دینے لگے تو یہ کور باطن جو پہلے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے، انہوں نے مخالفت شروع کر دی اور دن بدن ان کے عناد اور ان کی نفرت میں اضافہ ہونے لگا۔ انہیں وہ اپنی قسمیں بھول گئیں۔ انہیں یاد بھی نہ رہا کہ کل وہ حلفیہ طور پر کہتے تھے اور آج وہ کیا گل کھلا رہے ہیں اور اپنے عہد و پیمان کو توڑ رہے ہیں۔

۵۵ اس آیت کا پہلی آیت سے کیا تعلق ہے؟ اس کے متعلق علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض نے اسے حال بنایا اور بعض نے نفوراً کا بدل۔ اور بعض نے مفعول لاجلہٖ(2)۔ لیکن میرے نزدیک احسن یہ ہے کہ یہ نُفُوْرًا پر عطف ہو۔ یعنی فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا وَّمَا زَادَهُمْ اِلَّا اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا زَادُوْا اِلَّا مَكْرَ السَّيِّئِ۔ یعنی جب وہ نذیر تشریف لایا تو اس کی اطاعت و فرمانبرداری کے بجائے وہ اس سے نفرت کرنے لگے۔ اس کی آمد کے بعد ان کے غرور اور سرکشی میں اضافہ ہوتا گیا اور انہوں نے اس کے خلاف بڑھ چڑھ کر گھناؤنی سازشیں شروع کر دیں۔

۵۶ حَاقَ يَحِيْقُ کا معنی ہے: احاطہ کرنا، چاروں طرف سے گھیر لینا(3)۔ یعنی وہ سازشیں تو اسلام کے خلاف کرتے تھے، لیکن اس سازش کا وبال خود ان پر پڑتا تھا۔ جو حیلہ کیا منہ کی کھائی۔ اسلام کے خلاف ہر منصوبہ خاک میں مل گیا۔ وہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا بھلا کہتے اور طرح طرح کے بہتان لگا کر بدنام کرنے کی کوششیں کرتے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کی شان کو اور زیادہ بلند کر دیتا۔ حضور کی عظمت کا ڈنکا دور دور تک بجنے لگتا۔ غرضیکہ جو تدبیر بھی کی الٹی پڑی۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 64 | 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 205 | 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 359

فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا

نہیں کی زمین میں تاکہ وہ دیکھ لیتے کہ کیسا (دردناک) انجام ہوا ان (سرکشوں) کا جو ان سے پہلے گزر چکے حالانکہ وہ

اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیُعْجِزَهٗ مِنْ شَیْءٍ فِی السَّمٰوٰتِ

قوت (وطاقت) میں ان سے (کئی گنا) زیادہ تھے ۵۸ اور (سنو!) اللہ تعالےٰ ایسا (کمزور) نہیں ہے کہ اسے آسمانوں اور

وَلَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِیْمًا قَدِیْرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

زمین کی کوئی چیز نیچا دکھا سکے۔ وہ ہر بات جاننے والا، بڑی قدرت والا ہے ۵۹ اور اگر اللہ تعالےٰ (فوراً) پکڑ لیا کرتا لوگوں کو

بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓی اَجَلٍ

ان کے کرتوتوں کے باعث تو نہ (زندہ) چھوڑتا زمین کی پشت پر کسی جاندار کو لیکن (اسکی سنت یہ ہے) وہ ڈھیل دیتا رہتا ہے

مُّسَمًّی ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۸ ۱۷

انہیں ایک مقررہ میعاد تک پس جب ان کی میعاد آجائے گی تو بیشک اللہ کے سب بندے اس کی نگاہ میں ہیں ۶۰

۵۷ یَنْظُرُوْنَ بمعنی یَنْتَظِرُوْنَ ہے۔ کفار بار بار ٹھوکریں کھانے کے باوجود نہیں سنبھلتے اور اپنی خسیس حرکتوں سے باز نہیں آتے۔ کیا یہ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر بھی ایسا عذاب نازل ہو جو ان سے پہلے گزری ہوئی سرکش قوموں پر نازل ہوا تھا؟ اگر ان کی یہی مرضی ہے تو وہ پوری کر دی جائے گی کیونکہ نافرمانوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا برتاؤ ایسا ہی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی سنت کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ (1)

۵۸ گزشتہ تباہ شدہ قوموں کے کھنڈرات جو داستانِ عبرت سنا رہے ہیں کیا ان کی آنکھیں کھولنے کے لیے وہ کافی نہیں؟ وہ لوگ قوت، دولت اور وسائل ہر اعتبار سے ان سے زیادہ تھے۔ عذابِ الٰہی سے وہ اپنے آپ کو نہ بچا سکے۔ ان بیچاروں کی کیا حقیقت ہے؟

۵۹ لِیُعْجِزَهٗ کا فاعل شَیْءٌ ہے۔ مِنْ زائدہ ہے، تاکید پر دلالت کرتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کمزور نہیں ہے۔ آسمان یا زمین پر بسنے والی کوئی چیز خواہ وہ کتنی گرانڈیل، طاقتور، حیلہ ساز ہو اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کر سکتی۔ اس کے علم اور اس کی قدرت کا کون مقابلہ کر سکتا ہے؟ (2)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 14، ص 360 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 66-65

۶۰ عذاب دینے میں اللہ تعالیٰ عجلت اور جلد بازی نہیں کرتا۔ ورنہ اپنے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی چیز سلامت نہ رہتی۔ لیکن وہ بڑا حلیم اور بڑا کریم ورحیم ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ لَکَ الشُّکْرُ وَ عَلٰی نَبِیِّکَ وَصَفِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلُ الصَّلٰوتِ وَاَزْکَی التَّسْلِیْمَاتِ وَاَطْیَبُ التَّحِیَّاتِ وَاَسْنَی الْبَرَکَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ

رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ آمِیْنَ بِجَاہِ طٰہٰ وَ یٰسٓ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ۔

محمد کرم شاہ

نظر ثانی

صلوٰۃ الظہر — وقت الاشراق

یوم الخمیس — یوم الاحد

۱۰ رجب ۱۳۹۱ھ — ۱۶ رجب ۱۳۹۲ھ

۲۔ ستمبر ۱۹۷۱ء — ۲۷۔ اگست ۱۹۷۲ء

تعارف
سُورۂ یٰسین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ مبارکہ کا نام یٰسین ہے جو اس کی پہلی آیت ہے، اس میں پانچ رکوع، تراسی آیات، کلمات سات سو انتیس اور حروف تین ہزار۔

ترمذی کی حدیث شریف میں ہے کہ ہر چیز کے لیے قلب ہے اور قرآن کا قلب یٰسین ہے(1)۔ابوداؤد کی حدیث میں ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے اَموات پر یٰسین پڑھو(2)، اس لیے قُربِ موت، حالت نزع میں مرنے والے کے پاس یٰسین پڑھی جاتی ہے۔(خزائن العرفان)(3)

زمانۂ نزول: مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جب اہل مکّہ بڑی شدّت اور پوری قوت سے اسلام کی تعلیمات سے انکار کرنے لگے تھے اور اسلامی دعوت اپنے فطری حسن و جمال کے باعث سعادت مند روحوں کو اپنی طرف تیزی سے کھینچنے لگی تھی۔ اسلام کی روز افزوں مقبولیت سے مشرکین گھبرا گئے تھے۔

مضامین: اس میں اسلامی دعوت کے تین بنیادی اصولوں پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے یعنی توحید، رسالت اور قیامت۔ سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو قرآن کی قسم کھا کر بیان کیا گیا اور یہ بھی بتادیا کہ آپ صراط مستقیم پر ہیں۔

مدت دراز سے سرزمینِ عرب نورِ نبوت سے محروم چلی آرہی تھی۔ صدیاں بیت گئی تھیں اس علاقہ میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا تھا۔ عرصۂ دراز تک گمراہ رہنے کے باعث فہم و فکر کی قوتیں بانجھ ہوگئیں، اس لیے انہوں نے حضور پر ایمان لانے سے انکار کر دیا۔ ان کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے ایک تباہ شُدہ بستی کا حال انہیں سنایا گیا۔ انہیں بتایا کہ اس بستی کے رہنے والوں نے اپنے رسولوں کو جھٹلایا تھا اور وہ برباد ہو گئے تھے، تم ان کی روش اختیار نہ کرنا۔ اس ضمن میں ایک بندہ مومن کا تذکرہ بھی آگیا ہے جس کی قوتِ ایمانی اور جذبۂ جانفروشی آج بھی ہمارے مردہ دلوں کو نئی زندگی بخش رہا ہے۔

اس کے بعد اپنی توحید، اپنی قدرت اور حکمت پر تکوینی دلائل پیش فرمائے۔ بنجر زمین پر کون مینہ برساتا ہے، کس کے حکم سے غذائی اجناس اور رنگ برنگے پھل بکثرت پیدا ہوتے ہیں۔ سورج اور چاند کے طلوع و غروب اور ان کی مقررہ رفتار کی طرف متوجہ کیا اور بتایا کہ سب اپنے اپنے مدار میں محوخرام ہیں نہ کبھی باہمی ٹکر ہوئی ہے اور نہ کوئی اپنے مقررہ وقت سے ایک لمحہ بھر لیٹ ہوا ہے اور نہ کبھی کسی نے آگے گزرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ پیچیدہ نظم و نسق اس عمدگی سے کس کی تدبیر سے مصروف عمل ہے۔ دریاؤں اور

1۔ جامع ترمذی، ابواب فضائل القرآن، باب ماجاء فی یٰسٓ، ج2، ص112
2۔ سنن ابوداؤد، کتاب الجنائز، باب القراءۃ عند المیت، ج2، ص89
3۔ خزائن العرفان، تفسیر سورۂ یٰسین، ص792

سمندروں میں کشتیاں کس کے حکم سے سامان اور مسافروں کو اٹھائے ہوئے ایک ملک سے دوسرے ملک کو جا رہی ہیں۔

انسان جس کی تخلیق ایک قطرۂ آب سے کی گئی ہے وہ کس ڈھٹائی سے قیامت کا انکار کرتا ہے اور وقوع قیامت پر شبہات و اعتراضات کے انبار لگاتا ہے۔ وہ پوچھتا ہے کہ ان بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا۔ اے حبیب! آپ اس ناہنجار کو بتا دیجئے وہی جس نے انہیں پہلے زندگی بخشی تھی، وہی جس کے امرِ کُن سے یہ جہان رنگ و بو معرض وجود میں آ گیا، وہی جس کے دست قدرت میں زمین و آسمان کی حکومت ہے جو ہر چیز کا جاننے والا ہے، وہی قیامت کے روز تمہیں قبروں سے زندہ کر کے اٹھائے گا اور جواب دہی کے لیے اپنی عدالت میں پیش کرے گا۔

اس سورت میں دو چیزیں آپ کی خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ آیت 47 میں سرمایہ دارانہ ذہنیت کو بے نقاب کیا گیا ہے کہ جب انہیں اپنے ان ضرورت مند بھائیوں کی ضرورتیں پوری کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے رزق نہیں دیا ہم کون ہیں ان کو رزق دینے والے اور ان کی ضرورتوں کو پورا کرنے والے۔ درحقیقت ان کا یہ جواب محض اپنی کنجوسی اور بُخل پر پردہ ڈالنے کی ایک بھونڈی کوشش ہے۔ اگر وہ ایسے ہی راضی بقضا ہیں تو پھر کیوں کسب معاش میں وہ کسی ضابطے اور قانون کی پابندی کو بھی گراں سمجھتے ہیں۔ دولت کے لالچ میں تمام حدود کو روندتے چلے جاتے ہیں۔ انہیں بھلا ایسی بات کرنے کا کیسے حق پہنچتا ہے؟ ان کے دلوں میں اپنی دولت کی اتنی محبت ہے کہ وہ اس سے بچھڑنا نہیں چاہتے اور کسی محروم کی محرومی پر انہیں ذرا ترس نہیں آتا۔ کسی یتیم اور بیوہ کی حالت زار کو دیکھ کر ان کے دل میں رحم کا جذبہ نہیں ابھرتا۔

دوسری بات یہ ہے جس کا ذکر آیت 69 میں کیا گیا ہے بتا دیا کہ میرے نبی کریم کے علوم و معارف کا ماخذ خیال آفرینی، مبالغہ آرائی اور شعراء کی کذب بیانی نہیں بلکہ ان کا سرچشمہ وہ کتاب مقدس ہے جو اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جسے اس نے اپنے حبیب مکرم پر نازل فرمایا ہے تاکہ ہر اس شخص کو بروقت خبردار کر دے جس میں انسانیت کی زندگی کا کچھ نہ کچھ اثر موجود ہے۔

سُوْرَةُ یٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ یٰسٓ مکی ہے اس کی آیتیں ۸۳ ۔ اس کے رکوع ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

یٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى

اے سید[1] (عرب وعجم!) قسم ہے قرآن حکیم کی[2] بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں (یقیناً) آپ

[1] اس کے متعلق علمائے تفسیر کے متعدد اقوال ہیں (۱) یہ سورت کا نام ہے (۲) قرآن کے اسماء سے ہے (۳) یہ اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ہے (1) (۴) یاسین کا معنی لغت طے میں یا انسان ہے اور اس سے مراد انسان کامل یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں (2) (۵) رحمت عالمیاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارکہ سے ہے (3) (۶) ابوبکر وراق کہتے ہیں: یہ مخفف ہے یا سید البشر کا۔ (4)

علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ حدیث پاک میں ہے:

اَللّٰهُ تَعَالٰى الْمُعْطِيْ وَاَنَا الْقَاسِمُ (5) فَمَنْزِلَتُهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَالَمِ بِاَسْرِهٖ بِمَنْزِلَةِ الْقَلْبِ مِنَ الْبَدَنِ فَمَا الْطَفَ اِفْتِتَاحَ قَلْبِ الْقُرْاٰنِ بِقَلْبِ الْاَكْوَانِ۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ''دینے والا اللہ تعالیٰ اور بانٹنے والا میں ہوں'' اس حدیث پاک کے مطابق کائنات کے جسم میں حضور دل کی مانند ہیں اور سورۂ یاسین قرآن کریم کا دل ہے تو کتنا لطیف اور پیارا آغاز ہے اس سورت کا کہ قرآن کے دل کو ساری کائنات کے دل کے ذکر سے شروع کیا جارہا ہے۔

[2] کفار مکہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار کرتے تھے اور طرح طرح کے الزامات اور استحالے پیش کرتے تھے۔ یہاں خداوند عالم قسم اٹھا کر اپنے رسول کی رسالت کی شہادت دے رہے ہیں۔ فرمایا اے انسانِ کامل! یا اے عرب وعجم کے سردار! مجھے اس قرآن حکیم کی قسم ہے کہ آپ ان برگزیدہ انسانوں میں سے ہیں، جن کو میں نے رسالت سے سرفراز فرمایا ہے اور مجھے قرآن حکیم کی قسم ہے کہ آپ سیدھے راستے پر گامزن ہیں۔

اے حبیب! جب تیرا پروردگار تیری رسالت کی شہادت دے رہا ہے اور وہ بھی قرآنِ حکیم کی قسم اٹھا کر۔ اس کے بعد اگر کوئی بدبخت تیری رسالت کو ماننے سے انکار کرے تو آپ کو رنجیدہ خاطر نہیں ہونا چاہیے۔ (6)

قسم اٹھاتے ہوئے صرف وَالْقُرْاٰنِ نہیں فرمایا بلکہ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ فرمایا۔ یعنی قرآن جس کی قسم اٹھائی جارہی ہے یہ کوئی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 211
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 70
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 22، ص 211
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 71
5۔ صحیح بخاری، کتاب الجہاد، باب قول اللہ تعالیٰ فان للہ خمسہ وللرسول، ج 1، ص 439
6۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 5

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٤ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

راہ راست پر ہیں نازل فرمایا ہے (قرآن حکیم کو) عزیز (اور) رحیم نے ۳ تاکہ آپ ڈرا سکیں اس قوم

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

کو جن کے باپ دادا کو (طویل عرصہ سے) نہیں ڈرایا گیا اس لیے وہ غافل ہیں ۴ بے شک (انکے پیہم کفر و عناد کے باعث) یہ

عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

بات لازم ہو چکی ہے ان میں سے اکثر پر کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے ۵ ہم نے ڈال دیئے ہیں ان کی گردنوں میں طوق

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا مِنْۢ

پس وہ ان کی ٹھوڑیوں تک پہنچے ہوئے ہیں اسلئے ان کے سر اوپر کو اٹھے ہوئے ہیں ۶ اور ہم نے بنا دی ہے

عام قسم کی کتاب نہیں، بلکہ یہ کتابِ حکیم ہے یعنی یہ پُراز حکمت ہے۔ یا یہ ایسی محکم کتاب ہے کہ باطل کسی گوشہ سے اس پر حملہ نہیں کر سکتا۔ (مظہری، قرطبی، ابن کثیر)

۳ یہ کسی فلسفی، کسی دانشور، کسی سحر بیان ادیب کی تصنیف نہیں بلکہ اسے عزیز و رحیم نے نازل فرمایا ہے۔ تنزیل فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے۔ اَیْ نَزَّلَ اللّٰہُ ذٰلِکَ تَنْزِیْلًا۔ (قرطبی)(2)

۴ عزیز و رحیم نے اسے کیوں نازل فرمایا؟ بتا دیا کہ اس کو نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایسی قوم کو بروقت خبردار کر دیا جائے جن کے پاس عرصۂ دراز سے کوئی ڈرانے والا اور خواب غفلت سے بیدار کرنے والا نہیں آیا۔ یہ اہل عرب تھے جن کے پاس حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کوئی نبی اور رسول تشریف نہیں لایا تھا۔ اور انہوں نے اپنی عقلِ خداداد سے کام لینا بھی چھوڑ دیا تھا۔ ان کے اردگرد دلائلِ توحید کا گلشن آراستہ تھا۔ اس کی طرف بھی توجہ نہ کی۔ ان کے تجارتی کاروانوں کا گزر اُن اُجڑی ہوئی بستیوں پر بھی ہوتا تھا جن کے اداس کھنڈر اپنے بنانے والوں کی داستانِ عبرت ہر اس شخص کو سناتے تھے جو وہاں سے گزرتا تھا۔ انہوں نے اس سے بھی فائدہ نہ اٹھایا اور آنکھیں مُوند کر غفلت اور بے خبری کی زندگی بسر کرتے رہے۔

۵ جن کو ڈرانے کے لیے اے حبیب آپ تشریف لے آئے ہیں، جن کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے قرآن کریم نازل کیا گیا ہے ان میں ایسے لوگوں کی تعداد بھی کافی ہے جن کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے کہ وہ دوزخ کا ایندھن بنیں گے کیونکہ وہ تعصب اور ہٹ دھرمی کی ایسی روش اختیار کریں گے جہاں کوئی پند و موعظت کارگر نہیں ہوگی۔ وہ مواعظ سننے کے باوجود ایمان نہیں لائیں گے۔ یہاں قول سے مراد انہیں عذاب دینے کا خدائی فیصلہ ہے اور حق کا معنی واجب ہونا، لازم ہونا۔ اَیْ وَجَبَ الْعَذَابُ عَلٰی اَکْثَرِھِمْ (3)۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص563 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص6 3۔ ایضاً، جز15، ص7

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

ان کے سامنے ایک دیوار اوران کے پیچھے ایک دیوار اوران کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے پس وہ کچھ

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ

نہیں دیکھ سکتے اور یکساں ہے ان کے لیے چاہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

۶ پہلے آیت کا لغوی معنی ذہن نشین فرمالیجئے۔ اس کے بعد اس کا مفہوم سمجھنا آسان ہوجائے گا۔ اَعْنَاقٌ: عُنُقٌ کی جمع ہے اس کا معنی ہے گردن۔ مُقْمَحُوْنَ: فقہ، لغت کے امام الاصمعی کہتے ہیں: يُقَالُ اَقْمَحْتُ الدَّابَّةَ إِذَا جَذَبْتَ لِجَامَهَا لِتَرْفَعَ رَأْسَهَا: یعنی گھوڑے کی جب باگ زور سے کھینچی جائے تاکہ وہ اپنا سر اوپر اٹھالے تو عرب کہتے ہیں اَقْمَحْتُ الدَّآبَّةَ اور جب کسی کے گلے میں طوق ڈالا جائے اور اسے بھینچ دیا جائے تاکہ اس کا سر اوپر اٹھا ہوا رہ جائے تو کہا جاتا ہے اَقْمَحَهُ الْغُلُّ (قرطبی) حضرت عبداللہ بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ حضرت سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ نے ہمیں اس لفظ کا معنی سمجھانے کے لیے اس طرح کیا کہ پہلے اپنی ڈاڑھی مبارک کے نیچے اپنے دونوں ہاتھ رکھے اور سر کو اوپر اٹھالیا کہ وہ پھر نیچے نہ ہوسکے۔ (1)

یعنی ان منکرین اور معاندین کی ایسی حالت ہے جیسے ان کے ہاتھوں میں زنجیر اور گلے میں طوق ڈال کر انہیں گردن کے ساتھ یوں سختی سے جکڑ دیا ہو کہ ان کا سر اوپر اٹھ کر رہ گیا ہو۔ وہ یوں اکڑے اور جکڑے ہوئے ہوں کہ آنکھیں آسمان کی طرف اٹھی ہوئی ہوں۔ نہ سر ہلا سکیں، نہ دائیں بائیں دیکھ سکیں۔ اس حالت میں جو شخص مبتلا ہو، نہ وہ صحیح اور غلط میں تمیز کرسکتا ہے اور نہ کسی کی بات کو تسلی سے سن سکتا ہے۔ بس یہی حال ان نابکاروں کا ہے۔

اس آیت کے شان نزول کے متعلق یہ روایت منقول ہے کہ ایک دفعہ ابوجہل نے قسم اٹھائی کہ اگر اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھ لیا تو پتھر سے سر مبارک کو چور چور کردے گا۔ ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے تو یہ ایک بھاری پتھر اٹھا کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بڑھا۔ جب پتھر مارنے کے لیے اٹھایا تو ہاتھ گردن کے ساتھ لگ کر رہ گیا اور پتھر ہاتھ کے ساتھ چمٹ گیا، وہاں سے واپس لوٹنے میں ہی سلامتی دیکھی جب اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچا تو سارا ماجرا انہیں بتایا۔ یہ سن کر ولید بن مغیرہ اٹھا اور کہا کہ اے ابوجہل! تم تو ہو ہی بزدل۔ میں جاتا ہوں اور سر پھوڑ کر نہ آیا تو بات ہوئی۔ جب وہ اس نیت بد سے نزدیک گیا تو اللہ تعالیٰ نے بینائی سلب کرلی اور اندھا ہوگیا۔ حضور کی آواز سن رہا تھا لیکن حضور نظر نہ آتے تھے۔ اس نے بھی واپس آکر اپنا قصہ سنایا تو ایک اور کافر غصہ سے بے قابو ہوکر اٹھا اور کہنے لگا۔ وَاللّٰهِ لَاَشْدِخَنَّ أَنَا رَأْسَهُ: بخدا میں ان کے سر کو چور چور کروں گا۔ وہ پتھر لے کر نزدیک پہنچا تو گھبرا کر پیچھے بھاگا اور غش کھا کے منہ کے بل گر پڑا۔ ساتھیوں نے آکر اٹھایا۔ پوچھا تم پر کیا بیتی۔ اس نے کہا مت پوچھو جو مجھ پر گزری ہے۔ جب میں ان کے قریب ہوا تو ایک بہت بڑا بیل دم لہراتا ہوا میرے سامنے آکر کھڑا ہوگیا۔ فَوَاللّٰتِ وَالْعُزّٰى لَوْدَنَوْتُ مِنْهُ لَاكَلَنِيْ۔ مجھے لات وعزیٰ کی قسم! اگر میں قریب جاتا تو وہ بیل مجھے کچا چبا جاتا۔ (2)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص8 2۔ ایضاً، ص7

تُنْذِرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

وہ ایمان نہیں لائیں گے ۸ آپ تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہیں جو اتباع کرتا ہے قرآن کا اور ڈرتا

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحْنُ

ہے (خداوند) رحمان سے بن دیکھے ۹ پس مژدہ سنایئے ایسے شخص کو مغفرت کا اور بہترین اجر کا ۱۰ بیشک ہم ہی

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ

وقف غفران

زندہ کرتے ہیں مُردوں کو اور لکھ لیتے ہیں (ان اعمال کو) جو وہ آگے بھیجتے ہیں اور انکے ان آثار کو جو وہ پیچھے چھوڑ جاتے ہیں ۱۱ اور ہر چیز کو

ع ۱ ۱۲ ۱۸

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ

ہم نے شمار کر رکھا ہے لوحِ محفوظ میں ۱۲ اور بیان فرمایئے ان کے (سمجھانے کے) لیے مثال اس

۷ سَدًّا: دیوار۔ یعنی ہم نے ان کے آگے بھی دیوار چن دی ہے اور ان کے پیچھے بھی دیوار کھڑی کر دی ہے۔ ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے۔ اب ان کا یہ حال ہے کہ نہ آگے جا سکتے ہیں نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ انہیں کچھ دکھائی دیتا ہے۔

۸ ان کے کفر و انکار کا مرض لاعلاج ہو چکا ہے۔ انہوں نے اپنی صلاحیتوں کا اپنے ہاتھ سے گلا گھونٹ دیا ہے۔ اس آنکھ کو پھوڑ ڈالا ہے جو نورِ حق کو دیکھ سکتی ہے اور ان کانوں میں انگلیاں ٹھونس کر بہرا کر دیا ہے جو حق کی آواز کو سن سکتے ہیں۔ اب ان کو اسلام کی طرف بلانا اور ہدایت کی دعوت دینا بے سود ہے۔ جگایا تو اس کو جاتا ہے جو سو رہا ہو اور جو مر چکا ہو وہ تو حشر سے پہلے جاگنے کا نہیں۔

۹ آپ کا خبردار کرنا اور ڈرانا انہی لوگوں کے لیے سودمند ہو سکتا ہے جن میں حق پذیری کی استعداد ہو، جن کے دل میں راہ راست پانے کی تڑپ ہو، جن کو آپ نصیحت فرمائیں تو وہ اس پر عمل کرنے لگیں اور جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہوں یہ لوگ ہی اس قرآن کو مانیں گے، آپ کی رسالت کو تسلیم کریں گے۔

۱۰ آپ ان لوگوں کو مغفرت کا مژدہ سنایئے کہ بشری تقاضوں کے باعث جو قصور تم سے سرزد ہوئے ہیں، تمہارا مہربان خدا انہیں بخش دے گا اور جو نیکیاں تم نے کی ہیں ان پر تمہیں اجر عطا فرمائے گا۔ صرف اجر نہیں بلکہ اجرِ عظیم۔

۱۱ یعنی تم سخت غلط فہمی میں مبتلا ہو کہ اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے اور مرنے کے بعد نہ تمہیں زندہ کیا جائے گا اور نہ تم سے کسی قسم کی باز پرس کی جائے گی۔ یہ تمہاری غلط فہمی ہے۔ ہم مردوں کو ضرور زندہ کریں گے اور اس روز انہیں نیک و بد اعمال کی جزا یا سزا ضرور دیں گے۔

۱۲ ہمارے لیے ان سے حساب لینا کوئی مشکل نہیں جو کام انہوں نے خود کیے ہیں ہم ان کو بھی لکھ رہے ہیں اور جو طریقے رائج کر کے وہ آنے والی نسلوں کے لیے چھوڑ جائیں گے ان کو بھی ہم ضبطِ تحریر میں لا رہے ہیں۔ اس لیے جو نیک کام انہوں نے خود

الْقَرْيَةِ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ

گاؤں کے باشندوں کی جب آئے وہاں (ہمارے) رسول ۱۳ جب (پہلے) ہم نے بھیجے ان کی طرف دو رسول تو

کیے یا جو نیک طریقے انہوں نے رائج کیے جن پر آنے والی نسلیں گامزن رہیں ان کی جزائے خیر دینا کوئی مشکل نہیں ہوگا۔ اسی طرح جو برے کام کسی نے خود کیے اور جن اجتماعی اور متعدی خرابیوں کے جراثیم وہ اپنے معاشرہ کو بطور وراثت دے کر یہاں سے سدھارے ان سب کا ریکارڈ ہمارے پاس محفوظ ہے، اس لیے ان کو سزا دینے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔

علامہ راغب لفظ امام کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلْاِمَامُ الْمُؤْتَمُّ بِهٖ اِنْسَانًا كَانَ يُقْتَدٰى بِقَوْلِهٖ اَوْ فِعْلِهٖ اَوْ كِتَابًا اَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ مُحِقًّا كَانَ اَوْ مُبْطِلًا وَّ جَمْعُهٗ اَئِمَّةٌ۔ ''یعنی امام اس کو کہتے ہیں جس کی پیروی کی جائے خواہ وہ انسان ہو یا کتاب۔ وہ حق پر ہو یا باطل کا علمبردار۔ اس کی جمع ائمہ ہے'' (1)۔ آیت میں امام مبین سے مراد لوح محفوظ ہے۔

۱۳ عام طور پر ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے علمائے تفسیر نے لکھا ہے کہ جس گاؤں کا یہاں ذکر ہے اس سے مراد انطاکیہ ہے جو ملک شام کا ایک شہر ہے اور پہلے دو رسول جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے عیسائیت کی تبلیغ کے لیے بھیجے تھے ایک کا نام صادق اور دوسرے کا نام مصدوق تھا جب ان کو ستایا گیا اور تکلیف پہنچائی گئی تو ان کی مدد کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تیسرا رسول بھیجا اس کا نام شمعون تھا اور وہ شخص جو شہر کے پرلے کنارے سے دوڑ کر آیا تھا اس کا نام حبیب نجار تھا۔ (2)

لیکن محققین نے ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کیا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ تفصیلات کئی وجوہ سے قابل اعتماد نہیں۔

۱۔ جن حضرات کا یہاں ذکر کیا گیا ہے وہ اپنا تعارف لوگوں سے یوں کراتے ہیں: قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ (یاسین:16) کہ ہمارا رب جانتا ہے کہ ہمیں صرف تمہاری طرف بھیجا گیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ براہ راست اللہ تعالیٰ کے رسول تھے نہ یہ کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری اور فرستادہ تھے۔ اگر وہ حواری ہوتے تو ان کے کلام کا انداز یہ نہ ہوتا۔

۲۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہاں جس گاؤں کا ذکر ہے اس کے باشندوں نے ان رسولوں یا فرستادوں کا انکار کیا ہے ان کو طرح طرح سے اذیتیں دیں، ان کو منحوس تک کہا اور اپنی ساری تکلیفوں کا باعث انہیں قرار دیا۔ یہاں تک کہ ان کو سنگسار کرنے کی دھمکیاں دی۔ ان حضرات کے بار بار سمجھانے کا بھی ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ یہاں تک کہ عذاب الٰہی ایک کڑک کی صورت میں نازل ہوا اور اس بستی اور اس میں بسنے والوں کو خاک سیاہ بنا دیا۔ جب ہم انطاکیہ کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ وہ شہر ہے جس نے مسیحی دین کو سب سے پہلے قبول کیا، اس کی ساری آبادی حضرت مسیح پر ایمان لائی، اس لیے آج تک اس کا شمار ان چار شہروں میں ہوتا ہے جو عیسائیوں کے نزدیک مقدس ہیں۔ نیز یہ بھی کسی تاریخ میں مذکور نہیں کہ اس شہر پر خدا کا عذاب نازل ہوا اور یہ نیست و نابود ہو گیا۔ ان حقائق کے پیش نظر قرآن میں مذکورہ قریہ کو انطاکیہ اور رسولوں سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری لینا بعید از قیاس ہے۔ (3)

اس لیے مناسب یہی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اس گاؤں کا نام ذکر نہیں کیا اور ان رسولوں کا تعین بھی نہیں فرمایا تو ہم اپنے آپ

1۔ مفردات راغب، ص 87 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 77-76 3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 3، ص 67-566

فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا

انہوں نے ان کو جھٹلایا پس ہم نے تقویت دی (انہیں) ایک تیسرے رسول سے تو ان تینوں نے (انہیں) کہا کہ ہمیں تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ۱۴

مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ

بستی والوں نے کہا نہیں ہو تم مگر انسان ہماری مانند اور نہیں اتاری رحمٰن نے کوئی چیز نہیں ہو تم

اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

مگر جھوٹ بول رہے ہو ۱۵ رسولوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم یقیناً تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں ۱۶

کو اس الجھن میں نہ ڈالیں اور دانستہ طور پر یورپ کے مستشرقین کو قرآن کریم پر اعتراض کرنے کا ایک نیا موقع بہم نہ پہنچائیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے پیارے رسول! کفار مکہ اور مشرکین عرب آپ سے اُلجھ رہے ہیں۔ آپ ان کے سامنے ان لوگوں کا واقعہ بطور نصیحت پیش کیجئے جن کے پاس اللہ تعالیٰ کے رسول آئے اور انہوں نے ایمان لانے سے انکار کیا اور انہیں تباہ کر دیا گیا۔ شاید یہ واقعہ سن کر انہیں عبرت حاصل ہو، اپنے طریقۂ کار پر نظر ثانی کریں اور گمراہی سے باز آجائیں۔

۱۴ پہلے دو رسول اس شہر میں تشریف لائے اور وہاں کے لوگوں کو راہ ہدایت پر چلنے کی دعوت دی، لیکن وہاں کے باشندے بپھر گئے اور انہیں جھٹلانا شروع کر دیا اور طرح طرح سے اذیت پہنچانے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تقویت کے لیے ایک تیسرا رسول بھیج دیا اور انہوں نے مل کر تبلیغ کا کام زور شور سے شروع کر دیا۔ وہاں کے لوگ حقیقت شناس نہ تھے، وہ اس نورِ نبوت کو نہ دیکھ سکے جو ان کی جبین سعادت سے چمک رہا تھا۔ وہ روحانیت کی ان لطافتوں کے ادراک سے قاصر تھے جو اللہ تعالیٰ نے ان نفوس قُدسیہ کو بخشی تھی۔ وہ ان کے ظاہر کو دیکھ کر فریب کھا گئے، کہنے لگے کہ تمہارا قد و قامت ہماری طرح، تمہارا چلنا پھرنا ہماری طرح، تم کھاتے پیتے بالکل ہماری طرح ہو، تم رسول کیسے بن گئے۔

۱۵ انہیں ان پاک ہستیوں کے اس دعوے پر بھی اعتراض تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی مخلوق کی رہنمائی کے لیے کوئی صحیفۂ ہدایت لے آئے ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ پہلے تو خدا ہے ہی نہیں۔ اور اگر واقعی کوئی اتنی جلیل القدر ہستی ہے جس نے آسمانوں، زمینوں، پہاڑوں، سمندروں جیسی بڑی بڑی عظیم الشان چیزیں بنائی ہیں تو اتنی بڑی ہستی کو یہ زیب ہی نہیں دیتا کہ انسان جیسی حقیر مخلوق کے لیے وہ قواعد و ضوابط مرتب کرتا رہے۔ اس لیے ان رسولوں کا یہ دعویٰ ہرگز قابل قبول نہیں۔

۱۶ ان حضرات نے حلف اٹھا کر انہیں یقین دلانے کی کوشش کی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور اس نے ہی انہیں ان کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا ہے۔ اِذِ اسْتَشْهَدُوْا بِعِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ يَجْرِيْ مَجْرَى الْقَسَمِ (مظہری) (1) انہوں نے اہل

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 77

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ

اور نہیں ہم پر کوئی ذمہ داری بجز اس کے (کہ پیغام حق) کھول کر پہنچا دیں۔ وہ کہنے لگے ہم تو تمہیں اپنے لیے فال بد سمجھتے ہیں ۱۷ اگر تم

تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا

باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور پہنچے گا تمہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب ۱۸ رسولوں نے فرمایا

طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

تمہاری بدفالی تمہیں نصیب ہو ۱۹ (حیرت ہے) اگر تمہیں نصیحت کی جاتی ہے ۲۰ (تو تم دھمکیاں دینے لگتے ہو) بلکہ تم لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہو۔

قریہ کو بتا دیا کہ ہمارا فرض صرف اس قدر ہے کہ پیغام حق نہایت مؤثر انداز میں اور پوری دلسوزی سے تمہیں پہنچا دیں۔ اس کو قبول کرنا یا رد کرنا تمہارا کام ہے۔ ہم نے اپنی ذمہ داری باحسن طریق پوری کر دی ہے۔

۱۷ لیکن ان لوگوں کا انکار بڑھتا چلا گیا۔ وہ کہنے لگے جس روز سے تمہارے سبز قدم ہمارے شہر میں آئے ہیں، ہم طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ کبھی بارش نہ ہونے کی وجہ سے ہم قحط سالی کا شکار ہو جاتے ہیں، کبھی کوئی وبا پھوٹ پڑتی ہے، کبھی کساد بازاری شروع ہو جاتی ہے۔ ہمارے نزدیک تو ان سب مصائب کا سبب تم ہو۔ تمہاری نحوست سے ہماری مسکراتی ہوئی زندگی غم واندوہ کا شکار ہو گئی ہے۔ ہماری معاشی خوشحالی افلاس وتنگدستی میں بدلتی جا رہی ہے۔ تمہاری گستاخیوں سے ہمارے دیوتا ہم پر ناراض ہو گئے ہیں۔

۱۸ اب بہتر تو یہ ہے کہ تم اپنے وعظوں کا یہ سلسلہ بند کر دو۔ ہمارے معبودوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے سے باز آ جاؤ، ہمیں اپنے حال پر رہنے دو اور ہمیں بار بار تنگ نہ کرو۔ ورنہ اس کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ ہمارے شہر میں تم صرف تین ہو۔ ہم تمہیں پکڑ لیں گے اور ایک چوراہے میں کھڑا کر کے اتنی سنگباری کریں گے کہ تمہاری بوٹی بوٹی الگ ہو جائے گی اور ہم تمہیں سخت المناک سزا دیں گے۔

۱۹ ان حضرات نے فرمایا تمہاری بدبختی اور بدفالی تو تمہارے ساتھ ہے۔ جب تم اس دنیا میں آئے تھے تو تمہارا فالنامہ اور شگون تمہارے گلے میں لٹکا دیا گیا تھا۔ اس میں ہمارا کوئی دخل نہیں۔ تم اپنے مقدر کو کوسو جس کے باعث تلخ وترش حادثات کا تم شکار ہوتے ہو(1)۔ جہالت اور توہم پرستی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ عہد جاہلیت میں نیک وبد شگون کا بڑا رواج تھا۔ کئی چیزیں ان کے نزدیک منحوس تھیں۔ اگر صبح سویرے ان میں سے کوئی چیز انہیں دکھائی دیتی تو سمجھتے تھے کہ آج کا دن بڑا منحوس ہے۔ اگر سفر پر جاتے ہوئے ایسی چیز سے آمنا سامنا ہو جاتا تو گھر واپس آ جاتے۔ سفر کا ارادہ ترک کر دیتے۔ تطیّر کا معنی ہے کسی سے بُرا شگون لینا اور اسے منحوس سمجھنا۔(2)

۲۰ یہ شرط ہے اس کی جزا محذوف ہے۔ اِنْ ذُكِّرْتُمْ تَطَيَّرْتُمْ بِنَا وَتَوَاعَدْتُّمُوْنَا۔(3)

یعنی ہم اگر تمہیں نصیحت کرتے ہیں تو تم ہم سے بدفالی پکڑنے لگتے ہو اور ہمیں سنگسار کرنے کی دھمکیاں دینے لگتے ہو۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص16 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج6، ص355 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص77

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا

دریں اثنا آیا شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا ۔ اس نے کہا اے میری قوم ! پیروی کرو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

رسولوں کی۔ پیروی کرو ان (پاکبازوں) کی جو تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتے اور وہ سیدھی راہ پر ہیں ۲۱ھ

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ

اور مجھے کیا حق پہنچتا ہے کہ میں عبادت نہ کروں اس کی جس نے مجھے پیدا فرمایا اور اسی کی طرف تم (سب) نے لوٹ کر جانا ہے ۲۲ھ کیا

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

(میرے لیے جائز ہے کہ) میں بنالوں اسے چھوڑ کر کوئی اور خدا؟ (ہرگز نہیں) اگر رحمٰن مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے ذرا فائدہ نہ

تمہارا یہ رویہ ہرگز معقول نہیں۔ چاہیے تو یہ کہ تم ہماری باتوں میں غور و فکر کرتے، لیکن تمہارے طریقہ کار سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی معاملہ میں سنجیدگی سے غور و فکر کرنا تمہارا شیوہ نہیں۔ تم اس معاملہ میں حد سے زیادہ تجاوز کرنے والے ہو۔

۲۱ھ جب حالات زیادہ خراب ہو گئے اور وہاں کے باشندوں نے ان حضرات کو سنگسار کرنے کی تیاری شروع کر دی تو اسی شہر کے ایک دور دراز گوشہ میں ایک سلیم الفطرت آدمی رہتا تھا۔ وہ دوڑتا ہوا آیا اور اپنی قوم سے کہنے لگا کہ اے میری قوم جن لوگوں کے پیچھے تم ہاتھ دھو کر پڑے ہوئے ہو یہ کافی عرصہ سے یہاں مقیم ہیں اور بڑی دلسوزی سے تمہیں اس دعوت کو قبول کرنے کی تلقین کر رہے ہیں جسے وہ حق سمجھتے ہیں اور تم ان پر برابر اعتراضات کی بوچھاڑ کرتے رہتے ہو۔ میں بھی تمہارے شہر کا باشندہ ہوں اور تمہاری قوم کا ایک فرد۔ میرا مخلصانہ مشورہ تو یہ ہے کہ تم ان پر ایمان لے آؤ اور ان کا اتباع شروع کر دو۔ ان کی صداقت کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ انہوں نے کبھی تم سے کوئی مطالبہ نہیں کیا۔ چندہ کی اپیل نہیں کی۔ اگر یہ سچے نہ ہوتے اور اپنی دعوت میں مخلص نہ ہوتے بلکہ کسی دنیاوی مقصد کے لیے انہوں نے یہ ڈھونگ رچایا ہوتا تو دو چار ماہ، سال دو سال میں ان کا بھرم کھل جاتا۔ ان کی خود غرضی سامنے آجاتی۔ لیکن آج اتنا عرصہ گزر گیا۔ کیا تم ان کے اخلاص پر کوئی اعتراض کر سکتے ہو؟ نیز وہ خود بھی ان احکام پر بڑے اہتمام کے ساتھ عمل پیرا ہیں جن پر عمل کرنے کا حکم وہ تمہیں دیتے ہیں۔ خود بھی اسی راستہ پر گامزن ہیں جس پر چلنے کی وہ تمہیں دعوت دیتے ہیں۔ ایسے مخلصین کی نیت پر شک کرنا اور ان پر ایمان نہ لانا بڑی بے انصافی ہے۔

۲۲ھ تم اپنے لیے جو چاہو راستہ اختیار کرو۔ البتہ میں تو اپنے خالق کی عبادت سے سرتابی نہیں کر سکتا اور نہ اس کے علاوہ کسی غیر کو اپنا الٰہ اور معبود مان سکتا ہوں۔ نیز یہ امر بھی پیش نظر رہے کہ تمہیں ہمیشہ اس دنیا میں زندہ نہیں رہنا ہے۔ ایک دن آنے والا ہے، جب تم یہاں سے کوچ کرو گے اور اپنے رب کے حضور پیش کر دیئے جاؤ گے۔ خود سوچو اگر ساری عمر اس کی نافرمانی میں برباد ہو

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ

پہنچا سکے گی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے ۲۳ (اگر میں شرک کروں) تو میں بھی اس وقت کھلی گمراہی میں مبتلا ہو جاؤں گا ۲۴ میں ایمان لے آیا ہوں

بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

تمہارے رب پر پس (کان کھول کر) میرا اعلان سن لو ۲۵ حکم ہوا (جا) جنت میں داخل ہو جا ۲۶ وہ بولا کاش! میری قوم بھی

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ

جان لیتی کہ بخش دیا ہے مجھے میرے رب نے اور شامل کر دیا ہے مجھے باعزت لوگوں میں ۲۷ اور نہ

گئی، تو کس منہ سے وہاں حاضر ہوگے۔

۲۳ آخر میں اپنے رب حقیقی کے بغیر کسی بے بس اور ضعیف چیز کو خدا کیونکر مان لوں۔ ان کی تو یہ مجال ہی نہیں کہ اگر میرا رحمان مجھے کسی مصیبت میں مبتلا کر دے تو وہ آکر زبردستی مجھے اس کی گرفت سے چھڑا لیں یا میری سفارش ہی کر سکیں۔ ایسے نکمے اور بیکار خداؤں کو مان کر میں کیا کروں گا۔

۲۴ اس حقیقت کو اچھی طرح سمجھتے ہوئے اگر میں پھر شرک میں مبتلا ہو جاؤں تو مجھ سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہوگا۔

۲۵ حق کتنا جری ہوتا ہے، حق کا علمبردار کتنا نڈر اور بے باک ہوتا ہے، اس آیت کو پڑھ کر ہی اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ سارا شہر ایک طرف ہے، قوم کے تمام رئیس اور سردار ایک طرف ہیں، سارے مذہبی پیشوا اور سارے سیاسی حکام آگ بگولا ہیں، سارا ماحول غم و غصہ سے بپھرا ہوا ہے۔ حالات کے بھڑکتے ہوئے اس آتشکدہ میں کھڑا ہو کر ایک مومن ہی یہ اعلان کر سکتا ہے: اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ سارے سن لو میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں اور میرا جس نے کچھ بگاڑنا ہے بے شک بگاڑ لے، مجھے اس کی ذرا پروا نہیں۔ اس مرد پاک باز نے آمَنْتُ بِرَبِّيْ (میں اپنے رب پر ایمان لایا ہوں) نہیں کہا بلکہ بِرَبِّكُمْ فرمایا۔ تاکہ انہیں یہ احساس دلائے کہ جس خدا کا وہ بندہ ہے وہ صرف اس کا پروردگار نہیں بلکہ ان سب کا پروردگار بھی ہے۔

۲۶ لوگوں نے اس پر پتھروں کی بارش کر دی اور چند لمحوں میں اس کے جسم کو پارہ پارہ کر دیا(1)۔

چہ خوش رسمے بنا کردند بخاک و خون غلطیدن خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را (مرزا جان جاناں)

جسم کا تو یہ حشر ہو رہا ہے اور ادھر سے صدا آ رہی ہے اے عاشق دلفگار! آ جاؤ۔ جنت کی بہاریں تمہارا انتظار کر رہی ہیں۔ خیابان رحمت کے رنگین پھولوں کے ہار پرو کر حوریں تمہاری راہ دیکھ رہی ہیں اور میرا حسن ازل تیرے دل بے تاب اور چشم مشتاق کی حسرتوں کو پورا کرنے کے لیے نقاب الٹنے ہی والا ہے۔

۲۷ قوم نے ظلم کی حد کر دی۔ لاش کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، لیکن ہمدردی کا جذبہ سرد نہیں ہوتا۔ کہتا ہے کاش میری قوم کو پتہ چل جائے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 19

اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

اتارا ہم نے اس کی قوم پر اس (کی شہادت) کے بعد کوئی لشکر آسمان سے اور نہ ہمیں اس کی

مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾

ضرورت تھی۔ ۲۸ نہ تھی مگر ایک گرج پس وہ بجھے ہوئے کوئلے بن گئے۔

وقف غفران

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

صد افسوس ان بندوں پر۔ نہیں آیا ان کے پاس کوئی رسول مگر وہ اس کے ساتھ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

مذاق کرنے لگ گئے۔ کیا انہیں علم نہیں کہ کتنی امتوں کو ہم نے ان سے پہلے ہلاک کر دیا (اور وہ (آج تک) ان کی

اسے جا کر کوئی بتا دے کہ سرفروشی اور جانبازی کی راہ پر چل کر تمہارے اس مقتول اور شہید بھائی نے کچھ کھویا نہیں بلکہ بہت کچھ پایا ہے۔ میرے قصور، میرے رب نے معاف کر دیئے ہیں اور مجھے ان لوگوں کی صف میں جگہ دے دی ہے جن کو اس نے ابدی عزتوں اور لافانی کرامتوں سے سرفراز فرمایا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ میں اس پر سچے دل سے ایمان لایا تھا اور جب امتحان کے میدان میں مجھے کھڑا کیا گیا میں نے جان دے دی۔ لیکن اپنے ایمان پر آنچ نہیں آنے دی۔ حضرت علامہ مرحوم کا ارشاد ملاحظہ ہو ؎

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی (1)

مفسرین لکھتے ہیں کہ اس شخص کا نام حبیب نجار تھا۔ علامہ قزوینی تحریر فرماتے ہیں کہ جب اہل انطاکیہ نے اسے شہید کیا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کر دیا۔ انطاکیہ میں مومن اور کافر دونوں آباد تھے۔ وہ خوفناک کڑک جس نے کفار کو موت کی نیند سلا دیا، اہل ایمان کو اس سے محفوظ رکھا گیا یہاں تک کہ جو اہل ایمان محو خواب تھے وہ بدستور سوئے رہے ان کی آنکھ بھی نہ کھلی۔ انطاکیہ کے بازار میں ایک مسجد ہے اس مسجد کو مسجد حبیب کہا جاتا ہے۔ اس کے صحن میں ان کا مزار پر انوار ہے۔ لوگ اس کی زیارت کے لیے جایا کرتے ہیں (2)۔ (آثار البلاد و اخبار العباد للقزوینی، صفحہ 151، مطبوعہ بیروت)

مشہور جغرافیہ دان علامہ یاقوت حموی متوفی 626ھ اپنی کتاب معجم البلدان میں ''انطاکیہ'' کے عنوان کے نیچے لکھتے ہیں:

''انطاکیہ میں حبیب نجار کی قبر ہے دور نزدیک سے لوگ اس کی زیارت کے لیے آتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ یہ آیات انہی حبیب کے حق میں نازل ہوئیں وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى، الخ (3) لیکن یقین سے کچھ کہنا مشکل ہے''۔ علامہ ابن کثیر کی رائے آپ چند صفحے پہلے پڑھ آئے ہیں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

1۔ بانگ درا، ص 258 2۔ آثار البلاد و اخبار العباد، ص 151 3۔ معجم البلدان، ج 1، ص 269

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَ

طرف لوٹ کر نہ آئے ۔ اور ان سب کو ہمارے سامنے حاضر کر دیا جائے گا اور

اٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

ایک نشانی ان کے لیے یہ مُردہ زمین ہے ۲۹ ہم نے اسے زندہ کر دیا اور ہم نے نکالا اس سے غلّہ پس وہ

يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا

اس سے کھاتے ہیں ۳۰ اور ہم نے اگائے اس میں باغات کھجور اور انگوروں کے اور جاری کر دیے اس میں

فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ

چشمے ۳۱ تاکہ کھائیں وہ اس کے پھلوں سے اور نہیں بنایا ہے اس کو ان کے ہاتھوں نے۔

۲۸ ہمیں ان سرکشوں کی سرکوبی کے لیے آسمان سے فرشتوں کا لشکر اتارنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ جب ہم نے ان کو تباہ کرنے کا فیصلہ کیا تو ایک ایسی گرج اور کڑک پیدا کی کہ وہ چشم زدن میں بجھی ہوئی راکھ کا ڈھیر بن گئے۔ خامدین: بھڑکتی ہوئی آگ کے بجھ جانے کو خَمَدَ کہتے ہیں (1)۔ یعنی پہلے وہ آگ کے انگاروں کی طرح دہک رہے تھے اور اس کے شعلوں کی طرح لپک رہے تھے۔ ایک گرج نے ان مغروروں کا قصہ تمام کر دیا جیسے کسی نے منوں پانی ڈال دیا ہو۔

۲۹ یہاں سے ان تکوینی دلائل کے بیان کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جو توحید اور قیامت کے منکرین کے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں یہ ایسے دلائل نہیں کہ وقتی طور پر تو مدمقابل کو خاموش اور لاجواب کر دیں، لیکن کچھ وقت گزرنے کے بعد بغاوت کا مادہ پھر ابھرنے لگے۔ بلکہ ان دلائل میں غور کرنے سے دل کو یقین کا نور نصیب ہو جاتا ہے اور روح کو اطمینان اور تسکین حاصل ہو جاتی ہے۔ پہلی دلیل یہ بیان فرمائی کہ بنجر اور مردہ زمین جس میں نباتاتی زندگی کی کوئی رمق نظر نہیں آتی۔ جب اللہ تعالیٰ بارش برساتا ہے، تو اس میں زندگی انگڑائیاں لینے لگتی ہے۔ روئیدگی کی مردہ قوتیں اپنی ساری شوخیوں اور زیبائیوں کے ساتھ نمودار ہو جاتی ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے رنگ و بو کے چمن در چمن مسکرانے لگتے ہیں۔

۳۰ کسان جو تخم ریزی کرتا ہے اس کی بالیں زمین کے جگر کو چیرتی ہوئی باہر نکل آتی ہیں۔ چند مہینوں میں فصل پک جاتی ہے جس سے تم غذا حاصل کرتے ہو۔

۳۱ اور ہم باغ اگا دیتے ہیں اور ان باغوں میں کھجور کے لانبے لانبے درخت بھی اگتے ہیں جو آسمان کو چھو رہے ہوتے ہیں اور دوسری طرف انگور کی نازک بیلیں ہیں جو زمین پر بچھی چلی جاتی ہیں۔ جن کو اوپر اٹھانے کے لیے تم چھپر بناتے ہو۔ وہاں چشمے

1۔ مفردات راغب، ص 298

اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

کیا وہ (ان نعمتوں پر) شکر ادا نہیں کرتے۔ ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو جوڑا جوڑا پیدا فرمایا جنہیں زمین اگاتی ہے

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ ۖۚ

اور خود ان کے نفسوں کو بھی اور ان چیزوں کو بھی جنہیں وہ (ابھی) نہیں جانتے ۳۲ اور دوسری نشانی ان کے لیے رات ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

ہم اتار لیتے ہیں اس سے دن کو تو یکلخت وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ۳۳ اور (دیکھ) آفتاب ہے جو چلتا رہتا ہے اپنے ٹھکانے کی طرف۔

ابل رہے ہوتے ہیں جن سے تمہارے باغ آباد ہوتے ہیں۔ تم ان پھلوں کو یا تو جوں کا توں کھاتے ہو یا ان کو مختلف شکلوں میں بدل کر ان سے لطف اندوز ہوتے ہو۔ ایک آم کے پھل ہی کو لیجئے۔ ابتدائی حالت میں اس سے بڑی لذیذ چٹنی بنتی ہے۔ جب وہ پھل کچھ بڑا ہوتا ہے تو اس کا اچار بنایا جاتا ہے۔ چند ماہ بعد اس کا مربہ بنا کر چینی اور شیشے کے خوبصورت مرتبانوں میں محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ جب آم پک جاتے ہیں یا تو تم یوں ہی ان کا رس چوس لیتے ہو یا ان کو کاٹ کر کھاتے ہو۔ یا کہیں سکویش بن رہی ہوتی ہے کہیں آئس کریم۔ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ میں انہی چیزوں کی طرف اشارہ ہے۔ وما عملت الآیہ کا ایک دوسرا مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ سرسبز و شاداب کھیت، یہ بہار آفریں باغات اور رنگین اور لذیذ پھلوں سے لدی ہوئی ڈالیاں، یہ رنگا رنگ مہکتے ہوئے پھول، ان میں سے کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں جو تمہارے ہاتھوں نے بنائی ہو۔ سب اللہ تعالیٰ کی نُدرت آفرینیوں کا اعجاز ہے۔ اس صورت میں مَا موصولہ نہیں بلکہ نافیہ ہوگا۔ (1)

۳۲ یہ نہ سمجھو کہ انسان اور حیوانات کو ہی مذکر و مؤنث پیدا فرمایا ہے اور اسی طرح ان کی بقا اور نشوونما کا اہتمام کر دیا ہے بلکہ اس سبوح وقدوس نے زمین سے جو چیزیں اگائی ہیں انہیں جوڑا جوڑا بنایا ہے۔ نر اور مادہ کا سلسلہ درختوں، پودوں، پھلوں، پھولوں، جھاڑیوں گھاس غرضیکہ جو چیز زمین سے اُگتی ہے اس کو نَر مادہ میں تقسیم کر دیا ہے اور جَعَلْنَا الرِّیَاحَ لَوَاقِحَ سے بتا دیا کہ نر درخت کے تولیدی اجزاء کو ہوائیں اٹھا کر مادہ کے پاس لے جاتی ہیں اور اسے بار دار کرتی ہیں۔ تلقیح کا عمل صرف حیوانات کی دنیا تک محدود نہیں بلکہ حیوانات، نباتات اور ایسی اجناس جن کو ابھی تم جانتے بھی نہیں ہو۔ وہاں تک پھیلا ہوا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے ضیاء القرآن جلد دوم سورۂ حجر آیت 22 کا حاشیہ ملاحظہ کریں)

۳۳ اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کی ایک اور دلیل بیان کی جا رہی ہے۔ جب دن ہوتا ہے تو ہر طرف نور ہی نور پھیل جاتا ہے جب رات آجاتی ہے تو نور غائب ہو جاتا ہے اور ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اگر ہمیشہ دن کا اجالا رہتا یا ہر وقت رات کی تاریکی پھیلی رہتی تو یہ نظام عالم درہم برہم ہو جاتا۔ نیرنگیٔ فطرت کے کرشمے ختم ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس عروس

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 25

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ

یہ اندازہ مقرر کیا ہوا ہے اس (خدا کا) جو عزیز (اور) علیم ہے۔ ۳۴ اور (ذرا) چاند کو دیکھو۔ ہم نے مقرر کر دی ہیں اس کے لیے منزلیں

كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ

آخر کار ہو جاتا ہے کھجور کی بوسیدہ شاخ کی مانند ۳۵ نہ سورج کی یہ مجال کہ (پیچھے سے) چاند کو آپکڑے اور نہ

وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

رات کی یہ طاقت ہے کہ دن سے آگے نکل جائے۔ اور سب (سیارے اپنے اپنے) فلک میں تیر رہے ہیں۔ ۳۶ اور ایک نشانی ان

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ

کے لیے یہ بھی ہے کہ ہم نے سوار کیا ان کی اولاد کو ایک کشتی میں جو بھری ہوئی تھی ۳۷ اور ہم نے پیدا کیں ان کے لیے اس کشتی کی مانند

کائنات کو شب و روز کا تسلسل قائم کر کے سجایا۔ پھر اس میں مسند کرامت بچھائی اور حضرت انسان کو اس پر بٹھا دیا۔ اب بھی اگر انسان اپنے کریم رب کا شکر نہ کرے تو اس سے بڑی احسان فراموشی اور نادانی کیا ہو سکتی ہے۔

سَلَخ کہتے ہیں بھیڑ بکری کو ذبح کرنے کے بعد اس کی کھال اتارنا(1)۔ دن کے وقت روشنی کا لبادہ جو دنیا کو پہنایا جاتا ہے، جب رات آتی ہے تو آہستہ آہستہ اس لبادہ کو اتار لیا جاتا ہے، یہاں تک کہ ہر طرف سیاہی پھیل جاتی ہے۔

۳۴ سورج اپنے مقرر مقام کی طرف محو حرکت ہے اور اس کی مجال نہیں کہ وہ مقرر شدہ وقت سے ایک سکینڈ تاخیر سے وہاں پہنچے یا وہاں سے سرک کر کسی اور جگہ پہنچ جائے جو مدار اس کے لیے متعین کر دیا گیا ہے۔ جو ٹائم ٹیبل اس کے طلوع و غروب، ارتفاع و انخفاض کا مقرر کر دیا گیا ہے اس میں کمی بیشی کا امکان تک نہیں۔ نظام الاوقات عزیز و علیم کا مقرر کیا ہوا ہے۔ نہ اس میں ردّ و بدل کی گنجائش ہے اور نہ کوئی چیز اس کی خلاف ورزی کر سکتی ہے۔

۳۵ ہماری قدرت پر ایمان لانے کے لیے کسی اور دلیل کی ضرورت ہو تو چاند کو دیکھو اور اس کے گھٹنے بڑھنے کو دیکھو کیسے ناخن کے تراشے کی طرح نمودار ہوتا ہے۔ بڑھتے بڑھتے بدر تمام بن جاتا ہے پھر گھٹنے لگتا ہے یہاں تک کہ آخری راتوں میں کھجور کی ایک خمیدہ، سوکھی اور زرد ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے۔ ۳۶ سورج اپنے مدار میں مصروف گردش ہے اور چاند اپنے مدار میں حرکت کرتا رہتا ہے۔ انہی دو پر کیا موقوف سارے سیارات بلکہ ثوابت بھی اپنے اپنے مقررہ مداروں میں تیر رہے ہیں کوئی کسی سے ٹکراتا نہیں، کوئی کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کرتا، کوئی کسی سے پیچھے نہیں رہتا۔ کیا قدرت اور حکمت ہے اس قادر علیم کی کہ ان گنت ستارے محو حرکت ہیں اور کبھی کوئی حادثہ رونما نہیں ہوا۔ (اس کی مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن، جلد

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 82۔ مفردات راغب، ص 419

مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾

اور چیزیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں پس کوئی ان کی فریاد سننے والا نہ ہو اور نہ وہ ڈوبنے سے بچائے جائیں ۳۸

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا

بجز اس کے کہ ہم ان پر رحمت فرمائیں اور انہیں کچھ وقت تک لطف اندوز ہونے دیں ۳۹ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ ڈرو (اس عذاب سے)

بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ

جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ۴۰ اور نہیں آتی ان کے پاس کوئی

سوم، سورۃ الانبیاء، آیت 33 کے حواشی، تسخیر قمر کے متعلق علماء اسلام کی تحقیقات وہاں تفصیل سے مذکور ہیں)

۳۷ ہماری قدرت کی مذکورہ بالا آیات کبریٰ اور روشن نشانیوں کو اگر تم پوری طرح سمجھ نہیں سکتے تو یہ بات تو ہر روز تمہارے مشاہدہ میں آتی رہتی ہے کہ ہم نے دریاؤں اور سمندروں کو تمہارا تابع فرمان بنا دیا ہے۔

فُلْكٍ مَّشْحُوْنٍ: وہ کشتی جو سامان اور سواریوں سے بھری ہوئی ہو۔ اس سے مراد سفینۂ نوح ہے (1)۔ کس طرح وہ اس عظیم سیلاب کی تند و تیز موجوں اور ہولناک گردابوں سے تمہیں بچا کر لائی۔ پھر ہم نے تمہیں کشتیاں بنانے کا فن سکھا دیا۔ اب دخانی جہاز بلکہ برقی اور ایٹمی طاقت سے چلنے والے جہاز، آبدوزیں، تیل بردار ٹینکر تم نے بنا لیے ہیں اور دور دراز کی مسافتیں بڑی آسانی سے طے کرتے ہوئے تم اپنی منزل مقصود تک پہنچ جاتے ہو۔

۳۸ وہ یہ خیال نہ کریں کہ انہوں نے جو مضبوط کشتیاں بنالی ہیں یا آج کل جو بڑے مضبوط اور کوہ پیکر جہاز بن گئے ہیں اور ان میں برقی مواصلاتی آلات نصب کر دیے گئے ہیں اب یہ غرق نہیں ہوں گے۔ اگر کسی شخص کے ذہن میں ایسا خیال ہے تو یہ اس کی کج فہمی ہے۔ ہم جب چاہیں انہیں غرق کر دیں۔ اس وقت نہ ان کی فریاد کو کوئی پہنچ سکے گا اور نہ سمندر کی لہروں سے انہیں کوئی چھڑا سکے گا۔ آئے دن ہم اخبارات میں یہ پڑھتے رہتے ہیں کہ وہ جہاز اپنے ساز و سامان اور اپنے ہزاروں مسافروں سمیت سمندر میں غرق ہو گیا جس جہاز کے بنانے والوں نے اُسے اس طرح بنایا تھا کہ وہ کبھی ڈوبے گا ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت ہمیشہ انسان کے غرور کا بت توڑتی رہی ہے اور توڑتی رہتی ہے اور چار و ناچار انسان کو اپنی بے بسی اور ناتوانی کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔

فضائیں ان کی ہوائیں ان کی سمندر ان کے جہاز ان کے گرہ بھنور کی کھلے تو کیونکر، بھنور ہے تقدیر کا بہانہ (2)

۳۹ اگر بحر اوقیانوس اور بحر الکاہل جیسے وسیع و بیکراں سمندروں کو تم سلامتی کے ساتھ عبور کر لیتے ہو تو اس کی دو وجہیں ہیں یا تو ہم تم پر اپنی رحمت کا دامن پھیلا دیتے ہیں۔ تمہارے بوڑھے ماں باپ، جوان بیوی اور ننھے معصوم بچوں کے صدقے تم کو ساحل مراد تک پہنچا دیا جاتا ہے یا اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم تمہیں کچھ مدت تک یہاں زندہ رہنے اور متاع دنیا سے لطف اٹھانے کی مہلت

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 87 2۔ بال جبریل، ص 130

اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ

نشانی ان کے رب کی نشانیوں سے، مگر وہ اس سے روگردانی کرنے لگتے ہیں اور جب انہیں کہا جاتا

لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ہے کہ خرچ کرو اس مال سے جو تمہیں اللہ نے دیا ہے تو کافر کہتے ہیں اہلِ ایمان کو کیا ہم انہیں

اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

کھانا کھلائیں جنہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود کھلا دیتا۔ (اے ناصحو!) تم تو بالکل بہک گئے ہو۔ ۴۷

دینا چاہتے ہیں اور ہماری حکمت کا یہی تقاضا ہے۔

۴۶ اور جب انہیں ازراہ نصیحت کہا جاتا ہے کہ اب تو ہوش کرو، اب تو سنبھل جاؤ۔ ساری عمر گناہوں میں اور فسق و فجور میں برباد کر دی ہے۔ اب تو باز آ جاؤ اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہو کر معافی مانگو۔ وہ رحیم و کریم تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں نئی اور پاکیزہ زندگی بسر کرنے کا ایک اور زرّیں موقع دستیاب ہو جائے گا، لیکن وہ باز نہیں آتے اور جتنے دلائل ان کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں ان کو بڑی بے پرواہی سے پس پشت ڈال دیتے ہیں۔

۴۷ اگر دولت مند طبقہ کو یہ تلقین کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے رزق میں سے اس کے نادار اور مفلس بندوں کی خدمت کے لیے کچھ خرچ کرو، تو وہ بڑی بے حیائی سے اس دعوت کا مذاق اڑاتے ہیں کہ تم ان بھکھ منگوں کے لیے ان ناداروں اور مفلسوں کے لیے ہم سے مدد کی اپیلیں کرتے ہو۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں خدا نے مفلسی کے عذاب میں مبتلا کیا ہوا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان کو یوں محتاج نہ کرتا ہم اس کی مرضی کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے۔

اس آیت میں سرمایہ دارانہ ذہنیت کی کتنی صحیح عکاسی کی گئی ہے۔ پہلے بھی اس کا یہی حال تھا اور آج بھی اس ذہنیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ پہلے چند لوگ اس زہریلی ذہنیت کے مالک ہوتے تھے اور آج اس مادی ترقی کے دور میں ان کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے۔ پہلے مروّت و احسان کی کوئی نہ کوئی جھلک ان لوگوں میں بھی نظر آ جاتی تھی۔ آج یورپ کے اس مشینی دور نے احساسِ مروّت کو بھی کچل کر رکھ دیا ہے۔ دولت کی والہانہ محبت اُن کو کس مقام پر لا کر کھڑا کر دیتی ہے۔ وہ کتنے حجت باز اور حیلہ ساز بن جاتے ہیں جو سیدھی اور صاف بات انہیں کہی جاتی ہے اس کا کتنا اُلٹا جواب دیتے ہیں کہ انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ نہ تو خدا کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی انہیں توفیق نصیب ہوتی ہے اور نہ اپنے بھائیوں کی خستہ حالی اور تنگ دستی پر ان کا دل پسیجتا ہے۔ ایسی بیمار ذہنیت کے باعث ہی دنیا میں خونی انقلاب آئے۔ کئی شاہی خاندان خون کے تلاطم میں بہہ گئے۔ جھونپڑوں میں بسنے والوں نے تنگ آ کر محلات اور اُمراء کی حویلیوں کو جلا کر خاک سیاہ بنا دیا۔ اس کے باوجود دولت کی محبت کا نشہ کم نہیں ہوا۔ وہی لوگ جو کل سرمایہ داری کے خلاف علم بغاوت بلند کر کے اٹھے تھے اور اس بے رحم ذہنیت

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ

اور کافر کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو (تو اس کا مقررہ وقت بتادو) ۴۲ یہ (ناہنجار) نہیں انتظار

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

کررہے مگر اس ایک گرج کا جو (اچانک) انہیں دبوچ لے گی جب وہ بحث مباحثہ کررہے ہونگے ۴۳ پس نہ وہ (اس وقت)

سے ٹکرا کر اسے پاش پاش کر دیا تھا۔ آج جب اقتدار اور دولت کے خزانوں کی کنجیاں ان کے ہاتھ میں آئیں، انہیں وہ نعرہ ہی فراموش ہوگیا۔ انہوں نے بھی اپنے پیش روؤں کی طرح لکشمی دیوی کی پوجا شروع کر دی اور سانپ بن کر خزانوں پر بیٹھ گئے۔ مزدوروں، محنت کشوں اور کسانوں وغیرہ کے ساتھ انہوں نے وہی بے رحمانہ سلوک شروع کر دیا۔ ان خونی انقلابات کی تاریخ کا جب انسان مطالعہ کرتا ہے تو اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ جب تک اللہ تعالیٰ کا خوف اور قیامت کے محاسبہ کا یقین دل میں پیدا نہ ہو جائے اس وقت تک جور و ستم کو مٹانے کے لیے جو کوشش کی جائے گی اس سے جور و ستم کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ مسند اقتدار پر فائز ہونے کے بعد اور ملکی خزانوں پر تصرف کا مکمل اختیار رکھنے کے باوجود وہی لوگ دنیا کی محبت سے اپنا دامن بچا سکتے ہیں، جنہیں فیض نبوت سے کچھ حصہ مرحمت ہوتا ہے۔

۴۲ وہ یہ سوال اس لیے نہیں پوچھتے تھے تاکہ وہ بروقت اپنی اصلاح کرلیں بلکہ ازراہ استہزا پوچھا کرتے تھے۔ (1)

۴۳ یہاں قیامت کی آمد کا حال بیان ہو رہا ہے۔ قیامت اس طرح نہیں آئے گی کہ پہلے اس کا اعلان کیا جائے کہ فلاں تاریخ کو اتنے بج کر اتنے منٹ پر کائنات کا نظام درہم برہم کر دیا جائے گا بلکہ لوگ اپنے اپنے کام میں مشغول ہوں گے، قیامت برپا ہونے کا کسی کو وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ اچانک حضرت اسرافیل کو بارگاہ الٰہی سے حکم ملے گا کہ صور پھونک کر دنیا کے خاتمے کا اعلان کر دیں۔ پھر ایک ہولناک کڑک ہوگی جس سے ہر چیز درہم برہم ہو جائے گی۔ حضور کریم ﷺ نے وقوع قیامت کا جو منظر بیان فرمایا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے سماعت فرمایئے:

تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلَانِ قَدْ نَشَرَا ثَوْبَهُمَا يَتَبَايَعَانِهِ فَلَا يَطْوِيَانِهِ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَلِيْطُ حَوْضَهُ لِيَسْقِيَ مَا شِيَتَهُ مَا يَسْقِيْهَا حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَخْفِضُ مِيْزَانَهُ وَمَا يَرْفَعُهُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَرْفَعُ اُكْلَتَهُ اِلٰى فِيْهِ فَمَا يَبْتَلِعُهَا حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔ (2)

''یعنی قیامت اس حال میں قائم ہوگی کہ دو آدمی کپڑے کی خرید و فروخت کر رہے ہوں گے۔ انہوں نے کپڑے کا تھان کھولا ہوا ہوگا، اس سے پیشتر کہ وہ اس تھان کو لپیٹیں قیامت برپا ہو جائے گی۔ اسی طرح ایک شخص اپنے مویشیوں کو پانی پلانے کے لیے حوض کی لپائی کر رہا ہوگا تو انہیں پانی پلانے سے پہلے ہی قیامت برپا ہو جائے گی۔ ایک آدمی کوئی چیز تول رہا ہوگا اس سے پہلے کہ وہ ترازو اونچا کرے قیامت برپا ہو جائے گی۔ انسان لقمہ منہ میں ڈالے گا اور اسے نگلنے سے پہلے قیامت برپا ہو جائے گی۔''

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 38 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 39۔ صحیح بخاری، کتاب الرقاق، باب التواضع، ج 2، ص 963

تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ

کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ کر آ سکیں گے ۴۴ اور (دوبارہ جب) صور پھونکا جائے گا تو فوراً وہ

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ

اپنی قبروں سے نکل نکل کر اپنے پروردگار کی طرف جانے لگیں گے ۴۵ (اس وقت) کہیں گے ہائے ہم برباد ہو گئے! کس نے

مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ

ہمیں اٹھا کھڑا کیا ہے ہماری خوابگاہ سے ۴۶ (آواز آئے گی) یہ وہی ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ فرمایا تھا اور سچ کہا تھا (اسکے) رسولوں نے ۴۷ نہیں

۴۴ اس افراتفری میں نہ وہ کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھروں کو واپس لوٹ سکیں گے۔

۴۵ جب پہلا صور پھونکا جائے گا تو نظام کائنات تہ و بالا ہو جائے گا، نہ آسمان اپنی جگہ پر قائم رہے گا اور نہ زمین باقی رہے گی پہاڑ بھی روئی کے گالے کی طرح ہوا میں تیرنے لگیں گے۔ انسان بھی جلے ہوئے کیڑے پتنگوں کی طرح بے سُدھ ادھر ادھر گرے پڑے ہوں گے۔

کچھ عرصہ بعد دوبارہ صور پھونکا جائے گا اور سب اپنی قبروں سے آنکھیں ملتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوں گے اور تیزی سے خداوند ذوالجلال کی عدالت میں حاضر ہونے کے لیے چل پڑیں گے کہ کہیں دیر نہ ہو جائے۔ اَجْدَاثٌ: اس کا واحد جَدَثٌ ہے۔ قبریں(1)۔ يَنْسِلُوْنَ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں: وَنَسَلَ فِي الْعَدْوِ يَنْسِلُ نَسْلًا وَ نَسَلَانًا اَيْ اَسْرَعَ وَ قَالَ تَعَالٰى اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (صحاح) نَسَلَ کا معنی ہے تیزی سے بھاگنا(2)۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: هُوَالْاِسْرَاعُ فِي الْمَشْيِ۔ فَالْمَعْنٰى يَخْرُجُوْنَ مُسْرِعِيْنَ: یعنی تیزی سے چلنا۔ آیت کا معنی ہے کہ وہ بڑی سرعت اور عجلت سے قبروں سے باہر نکل رہے ہوں گے تاکہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پہنچنے میں تاخیر نہ ہو جائے۔ (قرطبی)(3)

۴۶ منکرین قیامت قبروں سے نکل کر جب میدان حشر میں کھڑے ہوں گے تو اپنا سر پیٹ لیں گے اور کہیں گے۔ آج تک ہم اس کا انکار کرتے رہے۔ اسے محال عقلی گردانتے رہے۔ لیکن ہمیں پکڑ کر یہاں کھڑا کر دیا گیا ہے۔ پوچھیں گے کون ہے جس نے ہمیں اپنی خواب گاہوں سے جگا کر یہاں لا کر کھڑا کر دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں پہلے نفخ اور دوسرے نفخ کی درمیانی مدت میں کفار سے عذاب قبر ہٹا لیا جائے گا اور وہ سو جائیں گے۔ (4)

۴۷ اس وقت تعصب کی پٹی آنکھوں سے کھل جائے گی۔ یاد آ جائے گا کہ یہ تو وہی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا اور ہم اس کو جھٹلاتے رہے اور اس کے پیغمبروں کو جھوٹا کہتے رہے اور ان پر یہ الزام لگاتے رہے کہ یہ لوگ ایسی انہونی باتیں اپنی طرف سے گھڑ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص39-40
2۔ الصحاح، ج5، ص1830
3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص40
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص90

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ

ہوگی مگر ایک زوردار کڑک پھر وہ فوراً سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کردیے جائیں گے ۴۸ پس آج نہیں

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ

ظلم کیا جائے گا کسی پر ذرّہ بھر اور نہ ہی بدلہ دیا جائے گا تمہیں مگر ان اعمال کا جو تم کیا کرتے تھے ۴۹ بیشک اہلِ

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى

بہشت آج (حسبِ مراتب) اپنے اپنے شغل سے لطف اندوز ہو رہے ہونگے ۵۰ وہ اور ان کی بیویاں سایہ میں (مرصع)

گھڑکر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ ہائے آج پتہ چلا کہ یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کا ہی تھا اور اس کے پیغمبروں نے جو کچھ ہمیں بتایا تھا وہ سچ تھا۔ ہم ہی کم بخت اور نادان تھے کہ اس کو نہ مانا اور آج ان حالات سے دوچار ہیں کہ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن۔

بعض علماء کا خیال ہے کہ ان کے سوال کا جواب فرشتے دیں گے۔

۴۸ پھر ایک اور ہولناک قسم کی آواز آئے گی اور سب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جائیں گے۔

۴۹ اس روز کسی پر ظلم اور زیادتی نہیں ہوگی۔ عدل وانصاف کے سارے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

۵۰ اہل جنت پر نعیم جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور وہ وہاں کی لذتوں اور لطف وسرور میں اس طرح کھو جائیں گے کہ انہیں دوسری کسی بات کی خبر تک نہ ہوگی۔ وہ اور ان کی نیک بخت بیویاں ٹھنڈے اور گھنے سایوں میں مرصع اور آراستہ تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ہر قسم کے پھل زریں قابوں میں رکھ کر حور وغلمان ان کی خدمت میں پیش کریں گے۔ ان کی ہر خواہش پوری کی جائے گی جو چیز طلب کریں گے مہیا کر دی جائے گی۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وَالْاَوْلٰی اَنْ يُّقَالَ فِيْ شُغُلٍ مَّا يَشْتَهُوْنَهٗ۔ فَالصُّوْفِيَةُ الْعَلِيَّةُ الَّذِيْنَ لَا مَقْصُوْدَ لَهُمْ اِلَّا اللّٰهُ تَعَالٰی شُغْلُهُمُ الْاِنْهِمَاكُ وَالْاِسْتِغْرَاقُ فِي التَّجَلِّيَاتِ الذَّاتِيَّةِ عَلٰی حَسْبِ مَدَارِجِهِمْ وَغَيْرُهُمْ كَانَ شُغْلُهُمْ بِالسَّمَاعِ وَالرِّيَاحِ وَالْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْجِمَاعِ عَلٰی حَسْبِ شَهَوَاتِهِمْ وَرَغَبَاتِهِمْ (مظہری)(1)

''یعنی ہر ایک اپنی خواہش کے مطابق مشغول ہوگا۔ صوفیائے کرام جن کا مقصود اللہ تعالیٰ کے بغیر اور کوئی نہیں ان کا شغل یہ ہوگا کہ وہ اپنے مدارج کے مطابق تجلیات ذاتیہ کے مشاہدہ میں منہمک اور مستغرق ہوں گے اور دوسرے لوگ اپنی دنیاوی لذتوں میں اپنی خواہش کے مطابق مشغول ہوں گے''۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص91

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ صلے ج

تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے لیے وہاں (طرح طرح کے لذیذ) پھل ہوں گے اور انہیں ملے گا جو وہ طلب کریں گے

سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

تم سلامت رہو! (انہیں) یہ کہا جائے گا اپنے رحیم رب کی طرف سے ۵۱ اور (حکم ہوگا) اے مجرمو! (میرے دوستوں سے) آج الگ ہو جاؤ ۵۲

علامہ مذکور نے ابونعیم سے بایزید بسطامی کا ایک قول نقل کیا ہے وہ بھی سننے کے قابل ہے:

اَخْرَجَ اَبُوْنُعَيْم عَنْ شَيْخٍ طَرِيْقَتِنَا اَبِيْ يَزِيْدَ الْبُسْطَامِيِّ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ خَوَاصًّا مِّنْ عِبَادِهٖ لَوْحَجَبَهُمْ عَنْ رُّؤْيَتِهٖ لَا سْتَغَاثُوْا كَمَا يَسْتَغِيْثُ اَهْلُ النَّارِ بِالْخُرُوْجِ مِنَ النَّارِ۔(1)

''آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے خاص بندے بھی ہیں کہ اگر انہیں دیدار جمال خداوندی سے روک دیا جائے تو وہ جنت میں اس طرح آہ وفغاں اور فریاد کرنا شروع کر دیں جس طرح جہنمی آگ سے نکلنے کے لیے چیخ وپکار کریں گے''۔

۵۱ سب خوشیاں، سب راحتیں بجا۔ لیکن رب کریم خداوند ذوالجلال وہ محبوب حقیقی جس کو راضی کرنے کے لیے وہ عمر بھر ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپتے رہے۔ جب وہ انہیں اپنے خطاب جاں افروز سے نوازے گا، تو اس وقت ان کی مسرّت اور عزّت افزائی کی انتہا ہو جائے گی۔

اس آیت کی جو تفسیر زبان رسالت نے فرمائی ہے وہ بھی ملاحظہ ہو:

عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا اَهْلُ الْجَنَّةِ فِيْ نَعِيْمِهِمْ اِذْ سَطَعَ عَلَيْهِمْ نُوْرٌ فَرَفَعُوْا رُؤُسَهُمْ فَاِذَا الرَّبُّ تَعَالٰى قَدْ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مِنْ فَوْقِهِمْ۔ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى: سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ قَالَ فَيَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَيَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ فَلَا يَلْتَفِتُوْنَ اِلٰى شَيْءٍ مِّنَ النَّعِيْمِ مَادَامُوْا يَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ حَتّٰى يَحْتَجِبَ عَنْهُمْ وَيَبْقٰى نُوْرُهٗ وَبَرَكَتُهٗ عَلَيْهِمْ وَفِيْ دِيَارِهِمْ (رواہ ابن ماجہ، ابن کثیر)(2)

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت اہل جنت اپنی نعمتوں میں مشغول ہوں گے اچانک اوپر سے ایک نور چمکے گا، جب وہ سر اٹھا کر دیکھیں گے تو انہیں معلوم ہوگا کہ ان کا رب کریم ان کی طرف جھانک رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے جنتیو! السلام علیکم۔ سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ سے یہی مراد ہے۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان کی طرف دیکھے گا اور وہ اس کی طرف دیکھتے رہیں گے۔ محویت کا یہ عالم ہوگا کہ جب وہ جمال حقیقی کا دیدار کر رہے ہوں گے جنت کی کسی دوسری نعمت کا انہیں خیال تک ہی نہیں رہے گا۔ یہاں تک کہ حسن حقیقی پردہ فرمائے گا، لیکن اس کا نور اور اس کی برکت ان پر اور ان کے مکانوں پر ضیاء بار رہے گی''۔

۵۲ اہل جنت پر تو یہ کرم ہوگا اور مجرموں کو حکم ہوگا کہ الگ الگ صفیں بنالو۔ کوئی فرقہ دوسرے فرقہ کے ساتھ گڈمڈ نہ ہو۔ چنانچہ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص92-91 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج3، ص575۔ سنن ابن ماجہ، ص17، باب فیما انکرت الجھمیۃ

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

کیا میں نے تمہیں یہ تاکیدی حکم نہیں دیا تھا اے اولادِ آدم! کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا بلاشبہ وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ

کھلا دشمن ہے ۵۳ اور میری عبادت کرنا۔ یہ سیدھا راستہ ہے ۵۴ (بایں ہمہ) گمراہ

اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

کر دیا شیطان نے تم میں سے بہت سے لوگوں کو ۵۵ کیا تم عقل (و خرد) نہیں رکھتے تھے۔ ۵۶ یہ ہے وہ جہنم

الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ آج اس کی آگ تاپو اس کفر کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔ آج ہم

یہودی، عیسائی، آتش پرست، بت پرست، ملحد، دہریے سب ایک دوسرے سے الگ الگ ہو کر جمع ہو جائیں گے۔ پھر دوزخ میں ہر فرقہ کے لیے الگ الگ زندان خانے موجود ہوں گے۔ ہر گروہ کو اس کے مخصوص جیل میں داخل کر کے دروازہ بند کر دیا جائے گا جو پھر نہ کھل سکے گا۔ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ سُخْطِهٖ وَعَذَابِهٖ۔ یا اللہ ہم تیری ناراضگی اور تیرے عذاب سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا ہے کہ ابتدا میں حشر کے میدان میں مومن کافر سب ایک ساتھ کھڑے ہوں گے۔ بعد میں مجرموں کو حکم ملے گا تم اہل ایمان سے علیحدہ ہو جاؤ۔

۵۳ ان مجرموں سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ آج منہ بسورنے اور چیخنے چلانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ ہم نے اپنے انبیاء اور ان کے نائبین، علمائے ربانیین کے ذریعہ سے تمہیں تاکیدی حکم دیا تھا اور بار بار وصیت کی تھی کہ دیکھنا شیطان کی بندگی اور اطاعت شروع نہ کر دینا کیونکہ وہ تمہارا ازلی دشمن ہے وہ تمہیں جہنم رسید کر کے رہے گا۔

۵۴ شیطان کی بندگی کو چھوڑ کر میری عبادت کرنا کیونکہ میں ہی تمہارا خالق ہوں، میں نے ہی تمہاری بقا اور نشوونما کے لیے بڑی فیاضی سے سارے وسائل بہم پہنچا دیئے ہیں اور تمہاری ابدی زندگی کے متعلق بھی فیصلہ کرنے کا اختیار صرف مجھے ہے اور مجھ سے بڑھ کر تم پر کوئی شفقت اور رحمت فرمانے والا نہیں۔ اگر تم میرا حکم مانو گے، میری اطاعت کرو گے تو یہی صراط مستقیم ہے جس پر چل کر تم منزل مقصود پا سکتے ہو۔

۵۵ اتنے تاکیدی احکام کے باوجود تم نے ہوش مندی سے کام نہ لیا۔ ہماری ہدایت کو پس پشت ڈال دیا۔ اس طرح شیطان تم

نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا

مُہر لگا دیں گے کفار کے مونہوں پر اور بات کریں گے ہم سے ان کے ہاتھ اور گواہی دیں گے ان کے پاؤں ان

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

(بدکاریوں پر) جو وہ کمایا کرتے تھے ۵۷ اور اگر ہم چاہتے تو ہم ان کی آنکھوں کا نشان تک محو کر دیتے پھر وہ راستہ کی طرف دوڑ

میں سے ایک انبوہ کثیر کو گمراہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔

جِبِلًّا: اَلْجَمَاعَةُ الْعَظِيْمَةُ اُطْلِقَ عَلَيْهِمْ تَشْبِيْهًا بِالْجَبَلِ فِي الْعِظَمِ (1)۔ یعنی انبوہ کثیر۔ کیونکہ یہ پہاڑ کی طرح عظیم ہوتا ہے اس لیے جِبِلًّا کہا گیا۔

۵۶ واقعی اس سے بڑی حماقت اور نادانی کیا ہو سکتی ہے۔

۵۷ پہلے فرمایا گیا کہ آج کسی پر ظلم نہیں ہوگا۔ سب کے ساتھ خواہ کوئی باغی یا سرکش ہی کیوں نہ ہو پورا پورا انصاف کیا جائے گا۔ عدل کا تقاضا یہ ہے کہ جو فیصلہ کیا جائے گواہوں کی گواہی اور دیگر دلائل کو سامنے رکھ کر کیا جائے۔ اگر فیصلہ کرتے وقت گواہوں کو سرے سے نظر انداز کر دیا جائے، کسی ثبوت کی ضرورت ہی محسوس نہ کی جائے، تو وہ فیصلہ اگر عین حق ہو تب بھی اعتراض ہو سکتا ہے کہ فیصلہ کرتے وقت صحیح طریقہ کار اختیار نہیں کیا گیا۔ لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ قاضی پوری احتیاط سے ساری کارروائی مکمل کرتا ہے۔ گواہ پیش ہوتے ہیں۔ دوسرے دستاویزی ثبوت فراہم کیے جاتے ہیں پھر قاضی اپنے فیصلے کا اعلان کرتا ہے اس پر دوسرا تو کوئی انگشت نمائی نہیں کر سکتا، لیکن جس کے خلاف فیصلہ صادر ہوتا ہے وہ سراپا احتجاج بن کر گواہوں کو جھوٹا اور دستاویزوں کو جعلی قرار دے دیتا ہے۔ اگرچہ ایسے آدمی کا شور وغل قطعاً کوئی معنی نہیں رکھتا۔ بہر حال اس کے دل میں تو ایک قسم کی موہوم سی خلش باقی رہ جاتی ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جو فیصلہ فرمائے گا وہ اتنا قطعی اور ہر شک وشبہ سے بالا ہوگا کہ خود وہ شخص جس کے خلاف فیصلہ سنایا گیا ہوگا وہ بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ بالکل درست اور سراسر حق ہے۔

اس لیے یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ مجرمین جب عدالت خداوندی میں پیش ہوں گے۔ ان پر فرد جرم عائد کیا جائے گا، تو وہ اقبال جرم سے مکر جائیں گے۔ کراماً کاتبین گواہی دیں گے۔ ان کے صحائفِ عمل پیش کیے جائیں گے لیکن وہ نہ مانوں کی رٹ لگانے سے باز نہ آئیں گے۔ بزبان غالب کہیں گے ؎

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا (2)

ان کی بک بک جب حد سے تجاوز کر جائے گی، اس وقت ان کے منہ سی دیئے جائیں گے۔ ان کی زبانوں سے قوت گویائی سلب کر لی جائے گی۔ ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو حکم ملے گا کہ تم بتاؤ انہوں نے کیا کیا کرتوت کیے۔ ہاتھ اور پاؤں عینی شاہد کی حیثیت سے سارا کچا چٹھہ کھول کر سامنے رکھ دیں گے۔ اس کے بعد ان کی وہ ساری حجت بازی ختم ہو جائے گی اور بجز خاموشی اور

1۔ مفرداتِ راغب، ص 185 2۔ شرح دیوانِ غالب از حسرت موہانی، ص 47

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا

کر آتے بھی تو ان (اندھوں) کو راستہ کیسے نظر آتا ۵۸ اور اگر ہم چاہتے تو ہم انہیں مسخ کر کے رکھ دیتے۔ انکی جگہوں پر

مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا ع ۴ ۱۷ ۳

پھر وہ نہ آگے جا سکتے اور نہ پیچھے پلٹ سکتے ۵۹ اور جس کو ہم طویل عمر دیتے ہیں تو کمزور کر دیتے ہیں اسکی طبعی قوتوں کو۔ پھر کیا یہ

يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

اتنی بات بھی نہیں سمجھتے ۶۰ اور نہیں سکھایا ہم نے اپنے نبی کو شعر، اور نہ یہ ان کے شایان شان ہے ۶۱ نہیں ہے یہ مگر

تسلیم کے ان کے لیے کوئی چارہ نہ رہے گا۔

۵۸ کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائے کہ قیامت کے دن تو اللہ تعالیٰ انہیں سزا دینے پر قادر ہوگا۔ لیکن اس دنیا میں وہ آزاد ہیں اور اللہ تعالیٰ کی دسترس سے باہر ہیں جو چاہیں کرتے پھریں انہیں کوئی ٹوک نہیں سکتا، اس آیت میں اس کا ازالہ کر دیا۔ فرمایا ایسا نہیں۔ اگر ہم اس وقت چاہیں تو ان کو آن واحد میں عذاب کے ایسے شکنجے میں کس دیں کہ چھٹی کا دودھ یاد آ جائے۔ اگر چاہیں تو ان کی آنکھوں کو ہی مٹا کر رکھ دیں کہ آنکھ رہے نہ بینائی۔ یوں دکھائی دے کہ یہاں آنکھ نام کی کوئی چیز سرے سے تھی ہی نہیں۔ اَلطَّمْسُ: اِزَالَةُ الْاَثَرِ بِالْمَحْوِ(1)۔ یعنی کسی چیز کو یوں مٹا دینا کہ اس کا نشان تک باقی نہ رہے۔ اور پھر وہ راہ بھی ان کو سجھائی نہ دے جس پر ہر روز ان کی آمد و رفت تھی۔

۵۹ ہمارے اختیار اور قدرت کا تو یہ عالم ہے کہ اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ اب بیٹھے ہوئے ہیں وہاں سے اٹھنے ہی نہ پائیں کہ ہم ان کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیں۔ انہیں پتھر بنا دیں۔ کسی دوسرے بدنما جانور کی شکل میں انہیں تبدیل کر دیں۔ نہ آگے جا سکیں نہ پیچھے ہٹ سکیں۔ ہم نے انہیں جو ڈھیل دے رکھی ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ ہمارے قابو سے باہر ہیں یا وہ اتنے طاقتور ہیں کہ ہم ان سے ٹکر نہیں لے سکتے۔ یہ تو محض ہمارا کرم ہے کہ ہم نے انہیں مہلت دی ہوئی ہے۔

۶۰ جس کو ہم طویل عمر دیتے ہیں اس کی قوتیں آہستہ آہستہ جواب دینے لگتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ اس طرح چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے جس طرح وہ بچپن میں تھا۔ نَكَسْتُ الشَّيْءَ اَنْكُسُهٗ نَكْسًا: قَلَبْتُهٗ عَلٰى رَأْسِهٖ۔ کسی کو سر کے بل اوندھا گرا دینا۔(2)

۶۱ کفار قرآن کریم کو شعر اور حضور کریم ﷺ کو شاعر کہا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس الزام کی تردید فرما دی اور بتایا کہ ہم نے آپ کو شعر نہیں سکھایا اور نہ شعر کہنا حضور کے شایانِ شان ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ کفار کس معنی میں قرآن کو شعر اور حضور کو شاعر کہا کرتے تھے اور کس معنی میں اس کی نفی کی گئی ہے۔ شعر کا عرفی معنی تو یہ ہے کہ اَلْكَلَامُ الْمَوْزُوْنُ الْمُقَفّٰى: وہ کلام جس کا وزن بھی ہو اور قافیہ بھی۔ اور شاعر اسے کہتے ہیں جو قصداً اور ارادۃً

1۔ مفردات راغب، ص524 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص51

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّیُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى

نصیحت اور قرآن جو بالکل واضح ہے ۶۲ تاکہ وہ بروقت خبردار کرے اسے جو زندہ ہے اور تاکہ حجّت تمام

الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَیْدِیْنَاۤ اَنْعَامًا

کردے کفّار پر ۶۳ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہم نے پیدا فرمائے ان کے لیے اس مخلوق سے جو ہم نے اپنے ہاتھوں

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

سے بنائی مویشی پھر (اب) یہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے تابعدار بنا دیا انہیں ان کا پس ان میں سے بعض پر وہ سواری کرتے

موزوں اور مقفّی کلام کہے۔ اس معنی کے مطابق نہ قرآن کو شعر کہا جا سکتا ہے اور نہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شاعر۔ اور اہل عرب جو دقائقِ لغت سے واقف تھے وہ ایسی غلط بات کیونکر کہہ سکتے تھے۔ اس لیے یہاں شعر سے مراد جھوٹ اور خیالی تک بندی ہے۔ اور شاعر سے مراد وہ آدمی جو حقائق اور صداقتوں کو نظر انداز کر دے اور وہم و گمان کی وادیوں میں بھٹکتا پھرے۔ کسی کی مدح کرے یا ذم، مبالغہ آرائی اور خیال آفرینی سے باز نہ آئے۔ شاعری میں بھی کیونکہ یہی کچھ ہوتا ہے۔ جھوٹ کی ملاوٹ کے بغیر شعر میں رنگینی اور جاذبیت پیدا نہیں ہوتی۔ اس لیے عرب کہتے ہیں: اَعْذَبُ الشِّعْرِ اَكْذَبُهَا۔ بہتر اور عُمدہ شعر وہ ہے جس میں زیادہ سے زیادہ جھوٹ بولا گیا ہو۔ چنانچہ علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

''وَقَالَ بَعْضُ الْمُحَصِّلِیْنَ لَمْ یَقْصُدُوْا هٰذَا الْمَقْصَدَ فِیْ مَا رَمَوْا بِهٖ وَ ذٰلِكَ اَنَّهٗ ظَاهِرٌ مِّنَ الْكَلَامِ اَنَّهٗ لَیْسَ عَلٰی اَسَالِیْبِ الشِّعْرِ وَلَا یَخْفٰی ذٰلِكَ عَلٰی اِغْتَامٍ مِّنَ الْعَجَمِ فَضْلًا عَنْ بُلَغَاءِ الْعَرَبِ وَاِنَّمَا رَمَوْهُ بِالْكَذِبِ فَاِنَّ الشِّعْرَ یُعَبَّرُ بِهٖ عَنِ الْكَذِبِ وَالشَّاعِرُ الْكَاذِبُ حَتّٰی سَمَّی الْقَوْمُ الْاَدِلَّةَ الْكَاذِبَةَ الشِّعْرِیَّةَ'' (مفردات)(1)

''بعض اہل علم نے کہا ہے کہ کفار جب حضور پر شعر کہنے کی تہمت لگاتے تو اس سے ان کی مراد شعر کا اصطلاحی معنی نہیں ہوتا تھا کیونکہ یہ بات بالکل واضح ہے کہ قرآن کریم شعر کے اسلوب پر نہیں ہے اور یہ حقیقت عجمی جاہلوں پر بھی مخفی نہیں، چہ جائیکہ عرب کے بلغاء، اس حقیقت سے ناواقف ہوں، بلکہ حضور پر کذب کی تہمت لگاتے تھے کیونکہ جھوٹ کو شعر سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے اور جھوٹے کو شاعر کہا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جھوٹی دلیلوں کو ادلۂ شعریہ کہتے ہیں''۔

۶۲ یہ کتاب مبالغہ آرائی، خیال آفرینی اور جھوٹ کا پلندہ نہیں ہے۔ یہ تو سراسر نصیحت و موعظت ہے۔ جو بات اس میں بیان کی گئی وہ محض حق ہے۔ نہ اس میں مبالغہ ہے، نہ عبارت آرائی ہے۔ نہ بیانِ حقیقت میں بال برابر تجاوز یا کمی کی گئی ہے۔ یہ ایسی کتاب ہے جس میں احکامِ الٰہی، حقائق عالم اور زندگی کی صداقتوں کو کھول کر بیان کیا گیا ہے۔

۶۳ اس کے نزول کا مقصد یہ ہے کہ ان لوگوں کو بروقت متنبہ کر دیا جائے جن کے ضمیر ابھی مردہ نہیں۔ جن میں حق پذیری کی

1۔ مفردات راغب، ص456

يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا

ہیں اور بعض کا (گوشت) کھاتے ہیں اور ان کے لیے ان مویشیوں میں اور بھی کئی منفعتیں ہیں اور پینے کی چیزیں ہیں۔ کیا وہ شکر ادا نہیں کرتے۔ اور

مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ

ان (ظالموں) نے بنا لیے ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اور خدا کہ شاید وہ ان کی مدد کریں ۶۴ یہ جھوٹے خدا نہیں مدد کر سکتے ان کی ۶۵

وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

اور یہ کفار ان معبودوں کے لیے تیار شدہ لشکر ہیں ۶۶ پس نہ رنجیدہ کرے آپ کو (اے حبیب!) ان کا قول۔ ہم خوب جانتے ہیں

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ

جس بات کو وہ چھپاتے ہیں۔ اور جو ظاہر کرتے ہیں ۶۷ کیا انسان (اس حقیقت کو) نہیں جانتا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا ۶۸

قوتیں ابھی موجود ہیں اور جن کے دل مر چکے ہیں اور جن میں حق قبول کرنے کی استعداد ختم ہو چکی ہے ان پر عذاب الٰہی کے نزول کی حجت تمام کر دے۔

۶۴ یعنی ان لوگوں کی بھی عجیب حالت ہے کہ رزق ہمارے دسترخوان سے کھاتے ہیں، وہ جانور جن پر یہ سواری کرتے ہیں، جن کا گوشت کھاتے ہیں، جن کا دودھ پیتے ہیں وہ سب ہم نے پیدا کیے ہیں اور انہیں ان کا تابع فرمان بنا دیا ہے۔ اس کے باوجود ہمیں چھوڑ کر وہ دوسری چیزوں کو اپنا خدا بنا رہے ہیں اور شیطان نے ان کے کان میں یہ پھونک دیا ہے کہ اگر تم پر کوئی مشکل آئی تو یہ تمہاری مدد کو آئیں گے اور عذاب الٰہی کے شکنجہ سے تمہیں زبردستی چھڑا لیں گے۔

۶۵ ان کی اس غلط فہمی کا ازالہ کر دیا کہ یہ تمہارا کچھ بھلا نہیں کر سکتے۔ ان کی کیا طاقت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے تم کو چھڑا سکیں۔

۶۶ هُمْ، ضمیر کا مرجع مشرکین ہیں۔ لَهُمْ کا مرجع ان کے معبودان باطل ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ ایسے نکمے خداؤں کی خدائی کا پرچم بلند کرنے کے لیے انہوں نے لشکر جمع کر رکھے ہیں جب کوئی توحید الٰہی کی دعوت دینے کے لیے آتا ہے تو فوراً اس کے خلاف برسرپیکار ہو جاتے ہیں۔ مُعِدُّوْنَ لِحِفْظِهِمْ وَالذَّبِّ عَنْهُمْ فِي الدُّنْيَا۔ ایک مفہوم اس کا یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ قیامت کے دن ہر بت کے پجاری یکجا کر دیئے جائیں گے اور انہیں ایک ساتھ واصل جہنم کر دیا جائے گا۔ (1)

۶۷ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہا ہے اور دلجوئی فرما رہا ہے۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 99

فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ

پس اب وہ (ہمارا) کھلا دشمن بن بیٹھا ہے ۔اور بیان کرنے لگا ہے ہمارے لیے (عجیب وغریب) مثالیں اور اس نے فراموش کر دیا ہے اپنی

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

پیدائش کو (گستاخ) کہتا ہے اجی! کون زندہ کر سکتا ہے ہڈیوں کو جب وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں ۶۹ آپ فرمائیے (اے گستاخ سُن!) زندہ فرمائے گا انہیں وہی

مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ

جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور وہ ہر مخلوق کو خوب جانتا ہے ۷۰ جس نے (اپنی حکمت سے) رکھ دی تمہارے لیے سبز درختوں میں

الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ

آگ پھر تم اس سے اور آگ سُلگاتے ہو ۷۱ کیا وہ (قادرِ مطلق) جس نے پیدا فرمایا

۶۸ اگر انسان اپنے مادۂ تخلیق کی طرف ہی غور کرتا تو سرکشی اور بغاوت کا راستہ اختیار نہ کرتا۔ ہم نے اسے پانی کی ایک بُوند سے پیدا کیا، پھر اسے صحت، جوانی، عزت اور دولت کی نعمتیں بخشیں۔ شُکر کرنے اور ایک اطاعت گزار بندہ بننے کے بجائے وہ ہم سے ہی الجھ رہا ہے، ہمارا ہی انکار کر رہا ہے اور اس کے لیے مناظرانہ انداز اختیار کر رہا ہے۔

۶۹ یہ گستاخ، ناہنجار ہمارے لیے طرح طرح کی مثالیں پیش کرتا ہے۔ خدا ہوتا تو ہمیں کہیں نظر نہ آتا؟ اتنے بڑے کارخانۂ حیات کو ایک ہستی کیسے چلا سکتی ہے؟ یہ قیامت کی دھمکیاں مذہبی لوگوں نے لوگوں پر محض اپنا تسلط جمانے اور انہیں ذہنی غلامی میں مبتلا کرنے کے لیے گھڑی ہوئی ہیں..... بھلا کبھی قیامت قائم ہو سکتی ہے۔ کیا ایسی اَن ہونی بات کو عقل تسلیم کر سکتی ہے وغیرہ وغیرہ اس قسم کی ہرزہ سرائی میں تو انہیں بڑا کمال حاصل ہے۔ اس کو اتنی بھی خبر نہیں کہ اسے کس مادہ سے پیدا کیا گیا ہے۔ کیا اس کا یہ سراپا وہاں تھا۔ جب یہ پیدا ہوا تھا، کیا یہ شوخیاں اس میں موجود تھیں؟

۷۰ اے میرے محبوب! آپ منکرین قیامت کو بتائیے جو یہ سمجھتے ہیں کہ بوسیدہ ہڈی کو زندہ کرنا محال ہے۔ آپ انہیں بتائیں کہ ان بوسیدہ ہڈیوں کو وہ ہستی زندہ کرے گی جو خلّاق وعلیم ہے۔ جس کی قوتِ تخلیق کا یہ حال ہے کہ آسمان، مہر و ماہ، ستارے، فضائیں، ہوائیں، زمین سب اشیاء اس نے محض اپنے امرِ کُنْ سے پیدا کی ہیں اور جس کے علم کی وسعت کا یہ حال ہے کہ غیب و شہادت، ظاہر و باطن، جلی و خفی سب امور کو جاننے والا ہے۔ ذرا عقل سے کام لو۔ کیا ایسے خلّاق وعلیم کے لیے تمہاری بوسیدہ ہڈیوں میں روح ڈالنا کچھ مشکل ہے، ہرگز نہیں۔

۷۱ ان اسرار و رموز کو سمجھنے کی تو تم میں اہلیت نہیں جن کے باعث کروڑوں سال گزرنے کے باوجود اس نظام عالم میں کہنگی کے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

آسمانوں اور زمین کو قدرت نہیں رکھتا کہ پیدا کر سکے ان جیسی (چھوٹی سی) مخلوق۔ بیشک! (وہ ایسا کر سکتا ہے) اور وہی

الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾

پیدا فرمانے والا، سب کچھ جاننے والا ہے ۷۲ اس کا حکم، جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو صرف اتنا ہی ہے کہ وہ فرماتا ہے اس کو ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے ۷۳

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع ۵

پس وہ (ہر عیب سے) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اسی کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا۔ ۷۴

آثار کہیں نظر نہیں آتے۔ لیکن یہ تو ایک موٹی سی بات ہے کہ پانی اور آگ میں طبعی تضاد ہے۔ آگ کا بس چلے تو پانی کو بخارات بنا کر اڑا دیتی ہے اور اگر دہکتی ہوئی آگ پر ایک چلو پانی ڈال دیا جائے تو وہ بجھ جاتی ہے۔ اس طبعی تضاد کے باوجود اس نے سر سبز درختوں میں آگ اور پانی کو یکجا کر دیا ہے۔ یہی گیلی لکڑی جب کاٹ کر اس سے آگ جلائی جاتی ہے تو اس سے آگ کے شعلے بھڑکنے لگتے ہیں۔ بعض علماء نے یہ بھی کہا ہے کہ عرب میں دو درخت پیدا ہوتے ہیں۔ ایک کو ''المرخ'' اور دوسرے کو ''العفار'' کہتے ہیں۔ اگر ان کی شاداب ٹہنیاں کاٹی جائیں جن سے رس بہہ رہی ہو اور انہیں ایک دوسرے سے رگڑا جائے تو آگ بھڑک اٹھتی ہے (1)۔ جو ذات ان امور پر قادر ہے اس کے لیے تمہاری بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔

۷۲ اللہ تعالیٰ تو وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا جن کی بلندی، وسعت اور گہرائیوں کا اندازہ ہی نہیں لگایا جا سکتا۔ کیا ایسی قادر و قیوم ہستی کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کر کے اٹھانا کوئی مشکل بات ہے؟ اس کی دیگر تخلیقات کے سامنے تمہاری حیثیت ہی کیا ہے۔ ذرا پہاڑ کے ساتھ سر جوڑ کر کھڑے ہو تو تمہیں اپنی قامت کی درازی کا پتہ چل جائے۔ ذرا ہاتھی کے ساتھ اپنا وزن تو کرو، اس کا ایک پاؤں بھی تم سے زیادہ وزنی ہے۔ ذرا ہرن کے ساتھ دوڑ تو لگاؤ دیکھیں کون آگے نکلتا ہے۔ ایک بھینس کے ساتھ کھانے میں ہی مقابلہ کر کے دکھاؤ۔ یہ قامت، یہ طاقت اور یہ حیثیت۔ اور اس کے باوجود ایسی خرمستیاں کہ قدرت الٰہی پر حرف گیری کرنے کی جرأت کرنے لگے ہو؟

۷۳ تمہیں تو ایک معمولی سی چیز بنانی ہو تو اس کے لیے تمہیں بیسیوں اجزاء فراہم کرنے پڑتے ہیں۔ اگر ایک جز بھی نایاب ہو جائے تو تمہاری ساری مہارتیں دھری کی دھری رہ جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت و جبروت کا یہ عالم ہے کہ ادھر ارادہ ہوا اور کُنْ کہا تو وہ چیز خواہ وہ کتنی بڑی ہو، عدم محض سے عالم وجود میں آ جاتی ہے۔

۷۴ بے شک ہر نقص، ہر خامی، ہر کمزوری، ہر عیب اور ہر شریک سے وہ ذات اعلیٰ، ارفع اور پاک ہے۔ اس کا علم محیط، اس کی

1 تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 60

قدرت ہمہ گیر، اس کا حکم ہر اعلیٰ وادنی پر جاری ساری، ہر چیز اس کے زیر نگیں اور تابع فرمان۔ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ جسے چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے دیتا ہے۔ ہر چیز کا اختیار اس کے اپنے دست قدرت میں ہے اور انجام کار ہر چیز نے اسی کی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

وَلَنْ یَّضِیْقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ جَاهُكَ بِیْ اِذَا الْكَرِیْمُ تَجَلّٰی بِاسْمِ مُنْتَقِمِ
یَا نَفْسُ لَا تَقْنَطِیْ مِنْ زَلَّةٍ عَظُمَتْ اِنَّ الْكَبَائِرَ فِی الْغُفْرَانِ كَاللَّمَمِ
وَمَنْ یَّكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ اِنْ تَلْقَهُ الْاَسَدُ فِیْ آجَامِهَا تَجِمِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

محمد کرم شاہ

نظر ثانی

۱۳ رجب ۱۳۹۱ھ
۵ ستمبر ۱۹۷۱ء
یوم الاحد فی مگھال

۱۶۔ رجب ۱۳۹۲ھ
۲۷۔ اگسطس ۱۹۷۲ء
یوم الاحد۔ ہر دو سو دہی

تعارف
سُورۃ الصّافّات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس کا نام سورۃ الصافات ہے جو پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس میں پانچ رکوع، ایک سو بیاسی آیتیں اور آٹھ سو ساٹھ کلمات اور تین ہزار آٹھ سو چھبیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکّہ مکرمہ میں نازل ہوئی (1)۔ مضامین میں غور و فکر کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مکی دور کے اس حصہ میں نازل ہوئی جب اسلامی دعوت نے اہلِ مکّہ کو چوکنا کر دیا تھا اور انہوں نے تعصّب کا سہارا لیتے ہوئے اس کو تسلیم کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ اسلامی دعوت اور داعیٔ برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام پر آوازے کسنے شروع کر دیے تھے۔ یہ سورت مکی زندگی کے درمیانی دور کے آخر میں نازل ہونے والی سورتوں سے واضح مشابہت رکھتی ہے۔

مضامین: کفارِ عرب شرک کی لعنت میں بری طرح گرفتار تھے۔ آیات ۳۶۔۳۵ میں بتایا گیا ہے کہ اگر انہیں لا الٰہ الا اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتی تو وہ از راہِ غرور و نخوت اس دعوت کو مُسترد کر دیتے اور کہتے ایک شاعر و مجنون کی بات مان کر ہم اپنے خداؤں کی خدائی کے عقیدہ کو ہرگز نہیں چھوڑیں گے۔ بھلا کائنات کا یہ وسیع اور پیچیدہ کاروبار ایک خدا انجام دے سکتا ہے؟ ناممکن۔

سورت کا آغاز عقیدۂ توحید کو دلوں میں جاگزیں کرنے کے لیے تین قسمیں کھا کر فرمایا جا رہا ہے کہ تمہارا خدا بس ایک خدا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ اُن میں ہے سب کا وہی پروردگار ہے۔

قیامت کے بارے میں بھی ان کا نظریہ یہ تھا کہ ایسا ہونا ناممکن ہے۔ عقل اس کو تسلیم نہیں کرتی۔ اس کے بارے میں بھی دو ٹوک انداز میں فرما دیا: قُلۡ نَعَمۡ وَ اَنۡتُمۡ دَاخِرُوۡنَ ﴿۱۸﴾ (الصافات:18) ہاں قیامت ضرور آئے گی اور تمہیں ذلیل و رُسوا کر کے حشر کے میدان میں کھڑا کر دیا جائے گا۔

قیامت کے دن منکرینِ قیامت جس طرح آپس میں الجھیں گے اور ایک دوسرے پر الزام تراشی کریں گے اس کا ذکر بھی کر دیا تا کہ لوگ عبرت حاصل کریں۔

حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضور کے جاں نثار غلام بڑے زہرہ گداز حالات سے دوچار تھے۔ لحظہ بہ لحظہ مصائب و آلام کے اندھیرے گہرے ہوتے جا رہے تھے۔ ان کی تسلی کے لیے انبیائے کرام کے ایمان افروز حالات بیان فرما دیے کہ مخالفت اور عداوت سے انہیں بھی واسطہ پڑا تھا۔ مشکلات کے پہاڑ ان کے راستہ میں بھی حائل ہوئے تھے، لیکن انہوں نے صبر کا دامن

1۔ تفسیر قرطبی، جز 15، ص 61

مضبوطی سے پکڑے رکھا، اپنے خدا پر توکل کیا اور مصروفِ جہاد رہے۔ آخر کار فتح ونصرت کا کبھی نہ مرجھانے والا سہرا ان کے سر پر باندھ دیا گیا۔ ساتھ ہی فرمادیا جو بھی انبیائے کرام کے نقشِ قدم پر چلے گا، اسلام کا علمبردار بنے گا وہی ہمیشہ غالب رہے گا۔ اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ (الصافات:173)۔

اہلِ مکہ کو تنبیہہ فرمادی کہ آج جس کو تم کمزور سمجھ رہے ہو، سارے عرب پر اس کا پرچم لہرائے گا اور سارے عالم کو اسی کے دامنِ رحمت میں جگہ ملے گی۔

سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَانِ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الصّٰفّٰت مکی ہے اس کی آیتیں ۱۸۲ اور رکوع پانچ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

قسم ہے (مقام نیاز میں) پرے باندھ کر کھڑے ہونے والوں کی، پھر خوب جھڑکنے والوں کی، پھر قرآن کی تلاوت کرنیوالوں کی ۱؎ کہ تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾

ایک ہی ہے ۲؎ جو مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور مالک ہے مشرقوں کا ۳؎

۱؎ توحید خداوندی کا مضمون شروع کرنے سے پہلے تین قسمیں اٹھائیں تاکہ اس مضمون کی اہمیت سننے والے کے ذہن میں نقش ہوجائے اور ہمہ تن متوجہ ہوکر وہ ارشادِ خداوندی کو سنے۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔ انہیں حسبِ مدارج مختلف قسم کے فرائض کی انجام دہی کے لیے مقرر فرمایا گیا ہے اور انہی فرائض کے مطابق ان کی گروہ بندی کردی گئی ہے۔

پہلے ان فرشتوں کی قسم اٹھائی جو عبودیت و نیاز کے مقام میں صف بستہ کھڑے ہیں۔ اکثر علمائے تفسیر نے الصافات کا معنی صفیں باندھ کر کھڑے ہونے والے کیا ہے۔ بعض علماء نے الصافات کا یہ مفہوم بتایا ہے کہ پر پھیلا کر منتظرِ حکم کھڑے ہونے والے۔ اس کے بعد فرشتوں کے اس گروہ کی قسم اٹھائی جو تکوینی امور کی تکمیل کے لیے مقرر ہیں۔ ہوا، بادل، بارش، مہر و ماہ، کواکب و سیارے، وغیرہ پر متعین ہیں۔ اور احکم الحاکمین کے فرمان کے مطابق تعمیلِ ارشاد کر رہے ہیں۔ اَلزَّجْرُ فِي الْاَصْلِ الدَّفْعُ عَنِ الشَّيْءِ بِتَسَلُّطٍ وَّصِيَاحٍ (روح المعانی)(1) کسی کو بارعب اور زوردار آواز سے کسی بات سے روکنا۔ ویسے کسی چیز کو چلانے پر برانگیختہ کرنے اور روکنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

وَالزَّاجِرَاتُ: مَا يَنُطُّ بِهَا زَجْرُهُ مِنَ الْاَجْرَامِ الْعُلْوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ وَغَيْرِهَا عَلٰى وَجْهٍ يَلِيْقُ بِالزَّجْرِ: یعنی اجرامِ علویہ اور سفلیہ کو ان کے شایانِ شان اور مناسبِ حال زجر کے لیے جو فرشتے مقرر ہیں ان کی قسم اٹھائی گئی۔ اس کے بعد جو فرشتے آیاتِ الٰہی کی تلاوت میں ہر وقت مشغول رہتے ہیں ان کی قسم اٹھائی گئی۔(2)

۲؎ فرشتوں کے ان تین مقدس گروہوں کی قسمیں اٹھانے کے بعد بتایا کہ تمہارا خدا وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔

۳؎ یہ دلائلِ توحید بھی ہیں اور صفاتِ خداوندی بھی۔ یعنی وہی ہستی جو ان صفاتِ جلیلہ سے متصف ہے وہی خدا ہوسکتی ہے اور چونکہ یہ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 65 2۔ ایضاً

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ

بلاشبہ ہم نے آراستہ کیا ہے آسمانِ دنیا کو ستاروں کے تنگھار سے ۴ اور (اسے) محفوظ کر دیا ہے ہر سرکش شیطان (کی رسائی)

مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

سے ۵ نہیں سن سکتے کان لگا کر عالمِ بالا کی باتوں کو اور پتھراؤ کیا جاتا ہے ان پر ہر

صفات صرف اللہ تعالیٰ میں ہی پائی جاتی ہیں، اس لیے وہ ہی معبودِ برحق ہے۔ مشارق: مشرق کی جمع ہے۔ یہ ظرفِ زمان بھی ہے اور ظرفِ مکان بھی۔ سورج ہر روز نئے مطلع سے اور مختلف اوقات میں طلوع ہوتا ہے۔ اس لیے مشارق جمع کا صیغہ استعمال کیا اور جب وہ مشارق کا رب ہے تو مغارب کا بھی وہی رب ہوگا، اس لیے ایک کے ذکر پر اکتفا کیا۔ نیز طلوعِ آفتاب میں قدرتِ الٰہی کا ظہور زیادہ نمایاں ہے۔ اس لیے اس کو ترجیح دی۔ دوسرے مقام پر رَبُّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بھی مذکور ہے۔ (روح المعانی)(1)

۴ السماء موصوف ہے الدنیا اس کی صفت ہے(2)۔ دنیا ادنیٰ (قریب ترین) کی تانیث ہے۔ یعنی وہ آسمان جو زمین کے بالکل قریب ہے۔ اس میں کروڑوں بلکہ اَنگنت ستارے قندیلوں کی طرح آویزاں دکھائی دیتے ہیں اور اس کے حسن و دلفریبی میں اضافہ کر رہے ہیں اور تاریک رات میں جو دلکش منظر پیش کرتے ہیں ہر عالم اور جاہل اس سے لُطف اندوز ہوتا رہتا ہے۔ ہر ستارہ کہیں بھی ہو اس سے قرآنِ کریم کو بحث نہیں کیونکہ یہاں علم الافلاک کی تفصیلات بتانا مقصود نہیں ہے، لیکن یوں نظر آتا ہے کہ قریب ترین آسمان کی پہنائیوں میں چراغ روشن ہیں۔

۵ یہاں دو چیزیں بڑی وضاحت سے بتا دی گئیں کہ یہ بیکراں بلندیاں اور یہ فضائے محیط جہاں کوئی ٹھوس چیز تمہیں دکھائی نہیں دیتی انہیں غیر محفوظ مت سمجھو بلکہ قادرِ مطلق اور خالق حکیم نے یہاں ایسی حد بندیاں قائم کر دی ہیں جنہیں عبور کرنا از حد مشکل ہے۔ یہ حد بندیاں بظاہر نظر نہیں آتیں، لیکن ان حد بندیوں کو توڑنے کی جب کوئی کوشش کرتا ہے اسے ہی ان کی پختگی اور مضبوطی کا احساس ہوتا ہے۔ خلا کی تسخیر کے لیے جو تجربات کیے گئے ہیں یا کیے جا رہے ہیں۔ ان سے معلوم ہو سکتا ہے کہ مولا کریم نے کس طرح اپنی کائنات کو ایک محکم نظام کے مطابق پیدا کیا ہے۔ کس طرح درجہ بندی فرمائی ہے اور حدود کا تعین کیونکر کیا ہے۔

دوسری بات جو قابلِ غور ہے وہ یہ ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی بعثت کے وقت عرب میں کہانت کا بڑا چرچا تھا۔ ہر جگہ اس قسم کے لوگ کثرت سے مل جاتے تھے جو غیب دانی کا دعویٰ کرتے تھے۔ یہ ان کا پیشہ تھا، اس سے انہیں بے انداز آمدنی ہوا کرتی تھی۔ کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی، کسی کا کوئی عزیز بیمار ہو گیا، کسی نے نئے کاروبار کا پروگرام بنایا، کوئی لمبے سفر کے لیے تیار ہوا، ان تمام مواقع پر وہ توہم پرست لوگ ان جھوٹے غیب دانوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے ان کے پاس پہنچ جاتے۔ یہ پیشہ ور کاہن بڑے شاطر قسم کے لوگ ہوتے تھے۔ ایسی دور کی باتیں کرتے کہ پوچھنے والا مطمئن ہو کر چلا جاتا۔ ان کاہنوں کے متعلق اہلِ عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ کوئی جن ان کے ماتحت ہے اور وہ اسے غیب کی خبریں آ کر بتاتا ہے۔

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، ج23، ص67-68 2۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج8، ص106

جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

طرف سے ان کو بھگانے کے لیے اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے۔ مگر جو شیطان کچھ جھپٹ لینا چاہتا ہے

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ

تو تعاقب کرتا ہے اس کا تیز شعلہ۔ پس آپ ان سے پوچھیے آیا وہ زیادہ مضبوط ہیں خلقت کے اعتبار سے یا دوسری

خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ ص

چیزیں جنہیں ہم نے پیدا فرمایا۔ بیشک ہم نے پیدا کیا ہے انہیں لیسدار کیچڑ سے ۶ آپ تو اظہارِ تعجب کرتے ہیں (قدرت کے کرشمے دیکھ کر) اور وہ تمسخر اڑاتے

جب حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت کا اعلان فرمایا اور لوگوں کو بتایا کہ آسمان سے ایک فرشتہ وحی لے کر میرے پاس آتا ہے تو اہلِ عرب نے حضور کو بھی ایک کاہن خیال کیا اور وحی کو ان کاہنوں کے اقوال پر قیاس کیا اور یہ سمجھنے لگے کہ ان کے پاس بھی کوئی جن آتا ہے اور انہیں یہ باتیں آ کر سکھاتا ہے۔

ان آیات میں ان کے اس گمانِ باطل کی تردید کر دی کہ جس دن سے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منصبِ نبوت پر فائز کیے گئے ہیں اس دن سے آسمانوں کے پہرے سخت کر دیے گئے اور اب کسی شیطان کی مجال ہی نہیں کہ عالمِ بالا میں انتظاماتِ عالم کے متعلق جو فیصلے ہو رہے ہیں ان پر آگاہ ہونے کی جرأت کر سکے اور وہاں کے راز یہاں افشاء کر سکے۔ پہلے تو کسی جن یا شیطان کو ایسا کرنے کی ہمت نہیں ہوتی اور اگر کوئی اپنی شریر طبع کے باعث ایسا کرتا ہے تو شہابِ ثاقب سے اس کی تواضع کی جاتی ہے جو اسے جلا کر راکھ کر دیتا ہے، اس لیے اب نہ کہانت رہی اور نہ کاہن۔

یہ میرا نبی ہے، اس پر میرا کلام نازل ہوتا ہے، اس کلام کو لے کر آنے والا میرا نورانی فرشتہ ہے، جو میرے اذن سے اترتا ہے۔ اس لیے اس غلط فہمی کو دل سے نکال دو کہ یہ کاہن ہے۔

چند مشکل الفاظ کی تشریح اَلْمَارِدُ: اَلْعَاتِیْ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ سرکش جن ہو یا انسان۔ اَلْمَلَاُ الْاَعْلٰی: اَهْلُ السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَمَا فَوْقَهَا۔ آسمانوں پر بسنے والی مخلوق۔ يُقْذَفُوْنَ: يُرْمَوْنَ۔ دُحُوْرًا: یہ مصدر ہے، اس کا معنی دھکے دے کر نکال دینا۔ مَصْدَرٌ يُقَالُ دَحَرْتُهُ دَحْرًا وَّ دُحُوْرًا اَیْ طَرَدْتُهُ (1): وَاصِبٌ: دَائِمٌ، ہمیشہ رہنے والا (2)۔ (شِهَابٌ ثَاقِبٌ: اس کے متعلق تفصیلی بحث ضیاء القرآن جلد دوم سورۃ الحجر آیت نمبر ۱۸ کے حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔)

۶ ان آیات میں مشرکین کے غیر معقول رویہ کا بیان ہو رہا ہے۔ وہ آخرت کی زندگی کا انکار کر رہے ہیں۔ آپ ان سے پوچھیے کہ آسمانوں، کروڑوں ستاروں، سورج اور چاند اور فلک بوس پہاڑوں کو بنانا ہمارے لیے مشکل ہے یا تمہیں دوبارہ زندہ کرنا جنہیں ہم نے لیس دار کیچڑ سے پیدا کیا ہے؟

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 15، ص 65-66 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 107۔ مفرداتِ راغب، ص 872

وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ

ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو مذاق کرنے لگتے ہیں۔ اور کہتے ہیں

هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾

ہے یہ مگر کھلا جادو۔ کیا جب ہم مر جائیں گے اور (مر کر) مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے (تو) کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائینگے

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ

اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی فرمایئے! ہاں (ضرور) اس حال میں کہ تم ذلیل وخوار ہو گے ۷ پس قیامت تو فقط ایک

وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾

جھڑکی ہوگی پس وہ (اُٹھ کر ادھر اُدھر) دیکھنے لگیں گے ۸ اور کہیں گے ہم برباد ہو گئے! یہ تو یوم جزا ہے

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ع ۱ ۵

(ہاں ہاں) یہی فیصلہ کا دن ہے جس (کی آمد) کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ (اے فرشتو!) جمع کرو جنہوں نے

ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ

ظلم کیا تھا اور ان کے ساتھیوں کو اور جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے ۹ اللہ تعالےٰ کو چھوڑ کر پس سیدھا لے چلو

۷ آپ فرمایئے تم تو اس کو محال سمجھ رہے ہو، لیکن میں کہتا ہوں کہ میرے رب کا فرمان سچا ہے وہ ضرور تمہیں اور تمہارے گزرے ہوئے باپ دادا کو دوبارہ زندہ فرمائے گا اور تمہیں اس روز اس کفر وانکار کے باعث ذلیل وخوار کر کے اٹھایا جائے گا۔ تمہارے سر جھکے ہوں گے۔ مارے خوف کے چہرے زرد، ہونٹ خشک، آنکھیں بے نور ہونگی۔ سینوں میں دل دہل رہے ہوں گے۔ دَاخِرُوْنَ: صَاغِرُوْنَ اَذِلَّاءُ (قرطبی)(1)

۸ تمہیں دوبارہ زندہ کرنے کے لیے ہمیں کسی بڑے اہتمام اور کوشش کی ضرورت نہ ہوگی۔ بس صرف ایک جھڑک سنتے ہی مارے خوف کے سرکش خود بخود قبروں سے اٹھ کھڑے ہوں گے۔

۹ اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائیں گے: ان سب کالی بھیڑوں کو اکٹھا کر لو۔ جتنے مشرک اور کافر ہیں اور ان کے ساتھیوں اور ان کے بت وغیرہ جن کی یہ عبادت کیا کرتے تھے سب کو لے جاؤ اور انہیں سیدھا لے جا کر جہنم میں دھکا دے دو۔ اَلْحَشْرُ: اِخْرَاجُ الْجَمَاعَةِ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 72

اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ

انہیں جہنّم کی راہ کی طرف ۔ اور (اب ذرا) روک لو انہیں ان سے باز پُرس کی جائے گی ۱۰ تمہیں کیا ہو گیا تم ایک

لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے ۔ بلکہ آج تو وہ سر تسلیم خم کیے ہوئے ہیں ۱۱ اور متوجہ ہوں گے ایک دوسرے کی

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

طرف (اور) سوال جواب کریں گے ۱۲ (پیرو کار سرداروں سے) کہیں گے کہ تم آیا کرتے تھے ہمارے پاس بڑے کرّ و فر سے ۱۳

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

(اور ہمیں کفر پر مجبور کرتے تھے) وہ جواب دینگے بلکہ تم ایمان ہی کب لائے تھے (کہ ہم نے تم کو گمراہ کر دیا) ۱۴ اور نہ ہمیں تم پر کوئی غلبہ حاصل تھا۔

عَنْ مَّقَرِّهِمْ (مفردات) (1) یعنی کسی جماعت کو ان کی آرام گاہوں سے نکال کر لے جانا۔ ان کفار کو ان کی قبروں سے یا جہاں وہ چھپے ہوئے ہوں گے فرشتے نکالیں گے اور انہیں ہانک کر اس میدان میں لے آئیں گے اور سب کو وہاں جمع کریں گے۔

۱۰ پہلے جہنم میں پھینکنے کا حکم دیا جائے گا، لیکن ان کی رسوائی میں اضافہ کرنے کے لیے انہیں پھر ٹھہرانے کا حکم ہوگا کہ ابھی نہیں ذرا ان کا حساب ہو لینے دو تا کہ تمام اہلِ محشر کو ان کے کفر و شرک، ان کی حرام خوریوں اور ناشکریوں کا علم ہو جائے اور سب کو پتہ چل جائے کہ دنیا میں جن کی عظمت کے ڈنکے بجتے تھے ان کا کیا حشر ہو رہا ہے۔

۱۱ دنیا میں جو بات بات پر برہم ہو جایا کرتے تھے از راہِ نصیحت اگر انہیں کوئی اچھی بات کہی جاتی تھی تو اکڑ جاتے تھے، بڑے بڑے فرعون اور نمرود، بڑے بڑے ابوجہل اور یزید آج حکمِ الٰہی کے سامنے مسکینوں کی طرح گردن جھکا دیں گے اور ہر اشارہ کی تعمیل کریں گے۔

۱۲ یہاں اس گفتگو کا ذکر کیا جا رہا ہے جو قوم کے گمراہ سرداروں اور ان کے گمراہ پیروکاروں کے درمیان ہوگی۔ اس بیان سے مقصد یہ ہے کہ ہم خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہ کریں۔ وہ دوستی اور تعلق جس کی بنیاد اسلام سے روگردانی، قرآن و سنت سے انحراف، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بغاوت پر ہوگی وہ قیامت کے دن تارِ عنکبوت سے بھی کمزور بلکہ وبالِ جان ثابت ہوگی۔

۱۳ اس آیت میں اَلْيَمِيْنِ کا معنی کرّ و فر اور شان و شوکت ہے۔ اَلْيَمِيْنُ: اَلْقُدْرَةُ وَ الْقُوَّةُ (لسان العرب) (2) ماتحت لوگ اپنے سرداروں کو کہیں گے کہ تم بڑی شان و شوکت اور کرّ و فر سے ہمارے پاس آتے تھے اور ہمیں اسلام سے ہٹا کر کبھی سوشلزم کی

1۔ مفردات راغب، ص 237 2۔ لسان العرب، ج 13، ص 461

بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۚ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾

بلکہ تم بذات خود سرکش لوگ تھے پس لازم ہو گیا ہم سب پر اپنے رب کا حکم۔ اب (خواہ مخواہ) ہم اس عذاب کے چکھنے والے ہیں

فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ

پس ہم نے تم کو بھی گمراہ کیا، ہم خود بھی گمراہ تھے پس وہ (سب) اس روز عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا

حصہ دار ہوں گے ہم اسی طرح سلوک کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ کفار کا یہ حال ہے کہ جب انہیں

قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا

کہا جاتا ہے کہ نہیں کوئی معبود اللہ کے سوا تو یہ تکبّر کرنے لگتے ہیں اور کہتے ہیں کیا ہم چھوڑ دیں گے اپنے خداؤں کو

اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

ایک شاعر اور دیوانے کے کہنے سے ۱۵ (دیوانے تو یہ خود ہیں) وہ تو دین حق لے کر آئے ہیں اور تصدیق کرتے ہیں سارے رسولوں کی۔

دعوت دیتے تھے، کبھی یورپ کی ننگی اور عریاں تہذیب کو اپنانے کا مشورہ دیتے تھے اور یہ بھی کہتے تھے کہ تم آنکھیں بند کر کے ہمارے پیچھے چلے آؤ ہم دونوں جہانوں میں تمہارے ذمہ دار ہیں، آج کدھر گئیں تمہاری وہ شوخیاں۔

۱۴ ان متعدد آیتوں میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ گمراہ رئیس اور لیڈر اس روز کوئی ذمہ داری قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوں گے بلکہ الٹا الزام اپنے پیروکاروں پر لگائیں گے اور انہیں کہیں گے کہ تم خود کافر تھے۔ تم نے اسلام کو قبول ہی نہیں کیا تھا۔ ہم نے قطعاً تمہیں مجبور نہیں کیا تھا کہ تم دعوتِ حق کو قبول نہ کرو۔ مقصد یہ ہے کہ قیامت کے دن ہر کوئی اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی دوسرے پر اپنی گمراہی کا الزام لگانے سے کام نہیں بنے گا۔ اس لیے قوم کے سردار اور ان کے پیروکار دونوں اس حقیقت کو خوب ذہن نشین کر لیں تا کہ روزِ محشر انہیں کفِ افسوس ملنا نہ پڑے۔

۱۵ ان مشرکین کو اگر یہ کہا جاتا کہ شرک کرنا چھوڑ دو، صرف ایک خدا کو مانو اور کہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تو اس سچی دعوت کو قبول کرنے کے بجائے وہ اکڑنے لگتے اور کہتے کیا اس شاعر اور مجنون کے کہنے سے ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ دیں؟ بھلا یہ بھی کبھی ہو سکتا ہے۔ ان آیات سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ ان مشرکین کا اپنے بتوں کے متعلق کیا عقیدہ تھا۔ قرآن نے صاف بتا دیا کہ وہ انہیں الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے۔ اگر آج بھی کوئی کسی کو الٰہ اور معبود سمجھے خواہ وہ بت ہو، درخت ہو، دریا ہو، انسان ہو یا اجرامِ سماوی میں سے کوئی چیز، وہ مشرک ہے اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

(اے مجرمو!) تم ضرور چکھو گے دردناک عذاب کو۔ اور نہیں بدلہ دیا جائے گا تمہیں مگر اسی کا جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

کیا کرتے تھے۔ البتہ اللہ کے مخلص بندے (اس عذاب سے محفوظ رہیں گے) وہی ہیں انہیں وہ رزق دیا جائیگا جس کی

مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى

کیفیت معلوم ہے۔ لذیذ پھل۔ اور ان کا بڑا احترام و اکرام کیا جائے گا (اور وہ) نعمت کے باغوں میں ہوں گے (زرنگار) پلنگوں

سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ

پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے پھرائے جائیں گے ان پر چھلکتے جام (شراب طہور کے) چشموں سے پُر کر کے۔ (دودھ سے زیادہ) سفید

لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾

بڑے لذیذ، پینے والوں کے لیے نہ اس میں مضر صحت کوئی چیز ہے اور نہ وہ اس (کے پینے) سے مدہوش ہونگے ۱۶

آج ہر اس مسلمان کو جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے محبوبِ کریم ﷺ کی محبت ہو اور اولیائے کرام سے عقیدت ہو اس کو مشرک کہنا ایک فیشن بن کر رہ گیا ہے، ان آیات میں غور کرنے سے ہمیں کفار کے عقائد پر پوری طرح واقفیت حاصل ہوتی ہے۔ وہ قیامت کے منکر تھے، وہ اپنے بتوں کو الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا انکار کرتے تھے۔ وہ نبی کریم ﷺ کی جنابِ پاک میں گستاخی کرتے تھے اور حضور کو شاعر اور مجنون کہتے تھے۔ جو لوگ خواہ مخواہ مسلمانوں پر شرک کے فتوے لگاتے ہیں اور ان کے متعلق یہ تہمت لگاتے ہیں کہ ان کے بھی وہی عقائد ہیں جو مشرکینِ مکہ اور کفارِ عرب کے تھے وہ ان آیات میں بار بار غور کریں۔ خدا کرے انہیں اپنی اس زیادتی کا احساس ہو جائے اور مسلمانوں کو مشرک ثابت کرنے کے لیے جو وقت، سرمایہ اور علمی قابلیت ضائع کر رہے ہیں اسے وہ مشرکوں، ملحدوں اور دہریوں کو مشرف باسلام کرنے میں خرچ کریں۔

۱۶ نافرمانوں اور سرکشوں کے انجام کے ذکر کے بعد اب اپنے مخلص بندوں پر اپنے انعام و اکرام کا حال بیان فرمایا جا رہا ہے۔ چند مشکل الفاظ: فَوَاكِهُ: جَمْعُ فَاكِهَةٍ: وَهِيَ الثِّمَارُ كُلُّهَا رَطْبُهَا وَيَابِسُهَا: (1) ہر قسم کے پھل تر اور خشک۔ سُرُرٌ: جمع ہے سَرِيْرٌ کی۔ تخت (2)۔ مُتَقٰبِلِيْنَ: آمنے سامنے۔ كَاْسٌ: اس پیالہ کو کہتے ہیں جو شراب سے بھرا ہوا ہو (3)۔ خالی پیالے کو قَدَحٌ یا اِنَاءٌ کہتے ہیں،

1۔ تفسیر فتح القدیر از محمد بن علی بن محمد الشوکانی، المتوفی 1250ھ، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 392، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت 2۔ المعجم الوسیط، ص 427

3۔ ایضاً، ص 712۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 8، جز 15، ص 77۔ تفسیر فتح القدیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 393

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

اور ان کے پاس ہوں گی نیچی نگاہوں والی آہو چشم (عورتیں)، گویا وہ (شترمرغ کے) انڈوں کی مانند، گرد و غبار سے محفوظ۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

پس وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوں گے (اور) سوال جواب کریں گے ۷۷ کہے گا ان میں سے ایک کہ

اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا

میرا ایک جگری دوست ہوا کرتا تھا۔ وہ (مجھے) کہا کرتا تھا کہ کیا تو (قیامت پر) ایمان لانے والوں سے ہے۔ کیا جب ہم مریں گے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾

اور (مر کر) مٹی اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائینگے کیا اس وقت ہمیں جزا دی جائیگی۔ ارشاد ہوگا کیا تم اسے دیکھنا چاہتے ہو؟

کأس نہیں کہتے۔ وَاِنْ كَانَ فَارِغًا فَلَيْسَ بِكَأْسٍ (قرطبی)(1)۔ بَيْضَاءُ: خمر کی صفت بھی ہو سکتی ہے اور کأس کی بھی۔ غَوْلٌ: جسمانی بیماری۔ سر درد، پیٹ میں درد وغیرہ(2)۔ لَا يُنْزَفُوْنَ: اَیْ لَا تَذْهَبُ عُقُوْلُهُمْ بِشُرْبِهَا(3): بیہوش ہونا۔ مخمور ہونا۔ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہوں والیاں جو اپنے شوہروں کے بغیر کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتی ہی نہیں۔ باشرم و باحیا۔ عِيْنٌ جمع ہے عیناء کی، موٹی موٹی خوبصورت آنکھوں والیاں۔ جن کی آنکھوں کا سیاہ حصہ بہت سیاہ اور سفید حصہ نہایت سفید ہو۔ بَيْضٌ: انڈا خصوصاً شترمرغ کا انڈا، اس میں سفید اور زرد رنگ کی آمیزش بڑی لطیف ہوتی ہے۔ عرب، عورتوں کے اس رنگ کو بہت پسند کرتے تھے۔(4)

۷۷ اب اہلِ جنت کی ایک باہمی گفتگو کا ذکر ہو رہا ہے اور اس کا مقصد بھی غافلوں اور سرکشوں کو بروقت متنبہ کرنا ہے۔ اس سے یہ بھی پتہ چل گیا کہ عالمِ آخرت میں دیکھنے اور سننے کی قوتوں کا کیا حال ہوگا۔ جنت میں بیٹھا ہوا ایک جنتی لاکھوں میل بلکہ غیر محدود مسافت پر دوزخ میں ایک دوزخی کو دیکھ بھی لے گا اور اس سے بات بھی کر لے گا اور اس کا جواب بھی سن لے گا۔ وہاں نہ ریڈیو، لاسلکی ٹیلی ویژن ہوگی اور نہ کوئی اور جدید ترین مواصلاتی آلہ کار فرما ہوگا۔

ان آیات سے جہاں یہ پتہ چلتا ہے کہ اہلِ جنت پر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کی نوعیت کیا ہوگی، وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اذن سے دور سے سننا یا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی صفت میں شرک نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں جس طرح اس دنیا میں کوئی شریک نہیں ہو سکتا اسی طرح دارِ آخرت میں بھی اس کی صفات میں کوئی شریک نہیں ہو سکتا۔ اگر اہلِ جنت کی طرح اس دنیا میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو یہ قوتِ سمع و بصر دے دے تو اس کی قدرت و رحمت سے کوئی بعید نہیں۔ یہاں بیٹھ کر اگر ہم درود شریف پڑھتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا محبوب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے روضۂ مطہرہ مقدسہ میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 15، ص 77 2۔ ایضاً، ص 79 3۔ ایضاً، ص 78 4۔ ایضاً، ص 80

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِیْنِ ﴿۵۶﴾

پس جب اس نے جھانکا تو دیکھا اپنے یار کو جہنم کے وسط میں۔ جنتی بول اُٹھے گا بخدا! تُو تو مجھے ہلاک کرنا ہی چاہتا تھا

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَیِّتِیْنَ ﴿۵۸﴾

اور اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی (آج) پکڑ کر لائے جانے والوں میں سے ہوتا۔ (جنتی کہیں گے) کیا اب تو ہمیں مرنا نہیں ہوگا

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ

بجز اپنی پہلی موت کے اور نہ ہمیں (اب) عذاب دیا جائے گا بیشک یہی وہ عظیم الشان

الْعَظِیْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْیَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِكَ خَیْرٌ نُّزُلًا

کامیابی ہے ایسی ہی عظیم الشان کامیابی کے لیے عمل کرنیوالوں کو عمل کرنا چاہیے۔ بھلا یہ دعوت بہتر ہے یا

اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِیْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ

زقوم کا درخت ۱۸ ہم نے بنا دیا ہے اسے آزمائش ظالموں کے لیے ۱۹ یہ ایک درخت ہے

طاقت سے سماعت فرما رہا ہے تو اس سے کوئی شرک لازم نہیں آتا، ورنہ تمام اہلِ جنت کو شرک فی السمع والبصر کا مرتکب ماننا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ حق کی سمجھ عطا فرمائے اور جو لطفِ عمیم اور فضلِ کبیر و کثیر اس نے اپنے محبوب بندوں پر فرمایا ہے ہم ناچیزوں کو بھی اس سے حظِ وافر عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین!

۱۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: یہ نعمتیں اور ضیافتیں جن سے ہم اپنے مخلص بندوں کو سرفراز کریں گے اچھی ہیں یا زقوم کا درخت؟ خود فیصلہ کرلو۔

زقوم: ایک بدنما اور بدصورت درخت ہے اس کا ذائقہ سخت کڑوا، اس کی بُو ناگوار (1)، اس سے جو پانی بہتا ہے وہ جسم سے چھو جائے تو ورم ہو جائے اور اس پر تیز نوکدار کانٹے۔ بعض لوگوں کا قول ہے کہ یہ درخت تہامہ کے علاقہ میں پیدا ہوتا ہے، بڑا کڑوا اور بدبودار۔ قَالَ قُطْرُبٌ: اِنَّهَا شَجَرَةٌ مُرَّةٌ تَكُوْنُ بِتِهَامَةَ مِنْ اَخْبَثِ الشَّجَرِ (قرطبی) اور بعض نے کہا ہے کہ اس نام کا کوئی درخت اس دنیا میں نہیں یہ جہنم کے ایک درخت کا نام ہے۔ وَالْقَوْلُ الثَّانِیْ اِنَّهَا لَا تُعْرَفُ فِیْ شَجَرِ الدُّنْیَا۔ (2)

۱۹ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو کفارِ قریش کہنے لگے: مَا نَعْرِفُ هٰذِهِ الشَّجَرَةَ۔ یہ زقوم کیا ہے؟ ہم تو اس نام کا کوئی درخت نہیں جانتے۔ اتفاق سے افریقہ کا ایک آدمی آ گیا۔ انہوں نے اس کے بارے میں اس سے پوچھا۔ اس

1۔ المعجم الوسیط، ص396 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص85

تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

جو اگتا ہے جہنم کی تہ میں۔ اس کے شگوفے گویا شیطانوں کے سر ہیں ۲۰ے

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ

پس انہیں ضرور کھانا ہوگا اس سے اور بھریں گے اس سے اپنے پیٹ پھر انہیں زقوم کھانے کے

عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾

بعد کھولتا ہوا پانی ملا کر دیا جائے گا ۲۱ے پھر انہیں لوٹا دیا جائے گا جحیم کی طرف۔

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ

اُنہوں نے پایا تھا اپنے باپ دادا کو گمراہ پس وہ (بے سوچے سمجھے) ان کے پیچھے بھاگے جا رہے ہیں ۲۲ے اور بہک

ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾

گئے تھے ان سے قبل بہت سے پہلے لوگ اور ہم نے بھیجے تھے ان میں ڈرانے والے۔

نے کہا: هُوَ عِنْدَنَا: اَلزُّبْدُ وَ التَّمْرُ۔ ہمارے ہاں تو مکھن اور کھجور کو زقوم کہتے ہیں۔ بس پھر کیا تھا اس لفظ کو جا بجا استعمال کر کے مذاق اڑایا جانے لگا۔ ابن الزبعری نے کہا: اَكْثَرَ اللّٰهُ فِيْ بُيُوْتِنَا الزَّقُّوْمَ: اللہ تعالیٰ ہمارے گھروں میں زقوم کی کثرت کرے۔ ابو جہل نے اپنی لونڈی سے کہا: زَقِّيْنِيْنَا: تو وہ کھجور اور مکھن لے کر آ گئی۔ پھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: تَزَقَّمُوْا هٰذَا الَّذِيْ يُخَوِّفُنَا بِهٖ مُحَمَّدٌ (صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ وَ سَلَّمَ) مکھن اور کھجور کھاؤ، یہ ہے وہ جس سے ہمیں وہ ڈرایا کرتے ہیں۔ (1)

۲۰ے یعنی زقوم کا درخت جو جہنم کے وسط میں اُگے گا۔ اس کے شگوفے ایسے ہوں گے جیسے شیطانوں کے سر۔ اگرچہ کسی نے شیطانوں کے سروں کو نہیں دیکھا لیکن جس طرح کسی خوبرو اور حسین کو فرشتہ سے تشبیہ دی جاتی ہے اسی طرح بدصورتی بیان کرنے کے لیے شیطان سے تشبیہ دی جاتی ہے (2)۔ رُؤُوْسُ الشَّيَاطِيْنِ مُتَصَوَّرٌ فِي النُّفُوْسِ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ مَرْئِيٍّ (قرطبی) (3)

۲۱ے بتایا جہنمیوں کو کھانے کے لیے زقوم ملے گا اور اس زقوم سے بھرے ہوئے پیٹ میں کھولتے ہوئے پانی سے چھینٹا دیا جائے گا۔ یعنی پینے کے لیے انہیں کھولتا ہوا پانی ملے گا۔ حَمِيْمٌ کھولتے ہوئے پانی کو کہتے ہیں (4)۔ شَوْبًا شَابَ يَشُوْبُ کا مصدر ہے۔ اس کا معنی ہے کسی چیز کو کسی چیز میں ملا دینا، خلط ملط کر دینا (5)۔ وہ چیز جس کو ملایا جاتا ہے اس کو بھی شوب کہتے ہیں۔

۲۲ے ان کی گمراہی کی وجہ بتائی جا رہی ہے کہ انہوں نے عقل و ہوش کے چراغ بجھا دیئے۔ سوچنے سمجھنے کی قوتوں کو معطل کر دیا

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 85
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 465
3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 86
4۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 465
5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 87

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾

پس (اے مخاطب!) دیکھ کیسا انجام ہوا جنہیں ڈرایا گیا تھا (مگر وہ نہ سنبھلے تھے) سوائے ان کے جو اللہ کے مخلص بندے تھے ۲۳

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ

اور (فریاد کرتے ہوئے) پکارا ہمیں نوح نے پس ہم بہترین فریادرس ہیں ۲۴ اور ہم نے نجات دے دی انہیں اور اُنکے

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

گھرانے کو ایسی مصیبت سے جو بڑی زبردست تھی۔ اور ہم نے بنا دیا فقط ان کی نسل کو باقی رہنے والا۔ اور ہم نے چھوڑا انکے ذکرِ خیر

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

کو پیچھے آنے والوں میں۔ نوح پر سلام ہو تمام جہانوں میں۔ ۲۵ ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾

محسنین کو بیشک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے پھر ہم نے غرق کر دیا دوسرے لوگوں کو۔

اور اپنے گمراہ اسلاف کے نقشِ قدم پر چلتے رہے۔

۲۳ عام لوگوں کی تو یہی روش ہوتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے ایسا نہیں کیا کرتے۔ وہ حق کے پیروکار ہوتے ہیں۔ اگر ان کے آباؤ اجداد ہدایت کی راہ پر چلنے والے، حق کو بلند کرنے والے، اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد میں اپنی عمریں بسر کرنے والے ہوتے ہیں تو وہ ان کی پیروی کرتے ہیں اور اگر وہ بہکے ہوئے اور گم کردہ راہ ہوتے ہیں تو یہ ان سے اپنا تعلق منقطع کر لیتے ہیں۔ انہیں صرف حق سے سروکار ہے۔ حق کی شمع جہاں بھی ہو یہ پروانے وہاں پہنچ جاتے ہیں۔ حق کا پرچم اٹھا کر جو جماعت میدان میں آئے یہ اس کے شانہ بشانہ صف بستہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔

۲۴ حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغی سرگرمیوں اور آپ کی قوم کے آپ کے ساتھ ناشائستہ اور غیر مہذّبانہ رویہ کے متعلق آپ کئی مقامات پر پڑھ چکے ہیں۔ جب طوفان آیا تو صرف آپ اور آپ کے دین والے بچے، باقی سب غرق ہو گئے۔ آج نسلِ انسانی جہاں کہیں موجود ہے یہ ان کشتی میں سوار لوگوں کی اولاد ہے۔

۲۵ اس آیت میں چند کلمات مقدر ہیں:

تَرَكْنَا عَلَيْهِ ثَنَاءً حَسَنًا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ (1): یعنی ہم نے آنے والی امتوں میں آپ کی شہرت اور نیک نامی کو برقرار رکھا۔ ہر قوم

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 90

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾

اور ان کی جماعت میں سے ابراہیم (علیہ السلام) بھی تھے ۲۶ جب وہ حاضر ہوئے اپنے رب کے دربار میں قلب سلیم کے ساتھ۔

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ

جب انہوں نے کہا اپنے باپ اور اپنی قوم کو کہ تم کس کی پوجا کرتے ہو ۲۷ کیا جھوٹے گھڑے ہوئے خدا، اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي

علاوہ چاہتے ہو ۲۸ پس تمہارا کیا خیال ہے سارے جہانوں کے پروردگار کے بارے میں ۲۹ سو آپ نے ایک بار

النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى

دیکھا ستاروں کی طرف۔ پھر کہا میری طبیعت ناساز ہے۔ چنانچہ وہ لوگ انہیں پیچھے چھوڑ کر (میلہ دیکھنے) چلے گئے ۳۰ پس آپ

آپ کی ثناخواں اور ہر امت آپ کی تعریف کرتی ہے۔

۲۶ اب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکرِ خیر شروع ہوتا ہے۔ قلبِ سلیم سے مراد وہ دل ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا ہر دوسری محبت اور تعلق سے محفوظ ہو۔ اَیْ سَلِیْمٌ مِّنَ الِاشْتِغَالِ بِغَیْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی خَالِیًا عَنِ الْغَیْرِ وَحُبِّہٖ (مظہری) (1)

۲۷ یہ استفہام برائے توبیخ ہے۔ یعنی تمہیں شرم نہیں آتی۔ تم کس کی عبادت کرتے ہو؟

۲۸ یہ استفہام بھی توبیخ کے لیے ہے۔ آیت کی ترکیب یہ ہے: تُرِیْدُوْنَ، فعل۔ انتم، ضمیر مستتر فاعل، آلھۃ مفعول بہ۔ دون اللہ، اس کی صفت اور اِفْکًا مفعول لہٗ۔ اس کی اہمیت کے لیے اس کو سب سے پہلے ذکر کیا۔ اَتُرِیْدُوْنَ اٰلِھَۃً دُوْنَ اللّٰہِ اِفْکًا (2): بتانا یہ ہے کہ ان کا یہ سارا کاروبار جھوٹ اور باطل پر مبنی ہے۔ محض جھوٹ سے انہوں نے چند بت تراشے اور پھر خود بخود انہیں معبود بنالیا۔ نہ خدا کا یہ ارشاد، نہ خدا کے بندوں نے ایسا کہا، نہ عقلِ سلیم اس کو گوارا کرتی ہے۔

۲۹ یعنی ان خود تراشیدہ اصنام کو تم نے خدا بنالیا ہے اور انہیں امورِ کائنات میں رب العالمین کا شریک خیال کرتے ہو۔ تمہارا کیا خیال ہے کہ اتنی بڑی بغاوت کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ باز پرس نہیں کرے گا؟ اس کے غضب سے ڈرو۔ اس بغاوت سے باز آجاؤ۔ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ اور اس کی وحدانیت کو تسلیم کرلو۔

۳۰ یہاں جو واقعہ اجمالاً مذکور ہے وہ تفصیلاً سورۃ الانبیاء میں گزر چکا ہے۔ وہاں اس کے حواشی کا بھی مطالعہ کرلیا جائے۔ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ کا لفظی معنیٰ تو یہ ہے کہ آپ نے ستاروں کی طرف دیکھا، لیکن جب کوئی شخص کسی امر میں غور و فکر کرنے لگے تو بطورِ محاورہ اس وقت بھی یہ جملہ بولتے ہیں۔ (3)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص121 2۔ تفسیر بیضاوی، زیر آیت ہذا، ص594

3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز23، ص102۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص13

اٰلِهَتِكُمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ

چپکے سے ان کے دیوتاؤں کی طرف گئے اور کہا کیا تم (یہ مٹھائیاں) نہیں کھاؤ گے؟ تمہیں کیا ہو گیا کہ تم بولتے بھی نہیں؟ پھر پوری قوت سے ضرب

ضَرْبًۢا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا

لگائی ان پر داہنے ہاتھ سے۔ (رنگ رلیاں منانے کے بعد) آئے آپ کی طرف دوڑتے ہوئے ۳۱ آپ نے فرمایا کیا تم پوجتے ہو انہیں

تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا

جنہیں تم خود تراشتے ہو؟ ۳۲ حالانکہ اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا اور جو کچھ تم کرتے ہو۔ انہوں نے (فیصلہ کن انداز میں) کہا۔ بناؤ اس

فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

کے لیے وسیع آتشکدہ پھر پھینک دو اسے اس بھڑکتی آگ میں ۳۳ انہوں نے تو چاہا کہ آپ کے ساتھ مکر کریں لیکن ہم نے انہیں ذلیل کر دیا ۳۴

اس آیت کے ضمن میں مفسرینِ کرام نے علمِ نجوم کے بارے میں تفصیلی بحث کی ہے۔ خصوصاً روح المعانی جلد ۲۳ صفحات: ۱۰۱ تا ۱۲۲ دیکھنے کے قابل ہیں۔ ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی میلہ یا جشن منانے کے لیے شہر سے باہر کسی کھلے میدان میں جایا کرتے تھے اور اس روز طرح طرح کے کھانے اور مٹھائیاں طشتوں میں رکھ کر صبح سویرے اپنے بتوں کے سامنے رکھ جاتے۔ شام کو واپس آتے تو اٹھا لیتے۔ انہیں تبرک سمجھ کر خود بھی کھاتے اور یار دوستوں میں بھی تقسیم کرتے۔

آپ نے سوچا ایسا زرّیں موقع پھر جلدی نہیں ملے گا۔ اس سے فائدہ اٹھا کر ان کے بتوں کی بے بسی ان پر ظاہر کر دینی چاہیے۔ وہ لوگ تو دادِ عیش دینے کے لیے شہر سے باہر چلے گئے اور یہ مردِ خدا ہاتھ میں ہتھوڑا لیے چپکے سے صنم کدہ میں گھس آیا۔ پہلے تو ان آراستہ پیراستہ بتوں کو ازراہِ تشنیع فرمایا ایسی لذیذ مٹھائیاں سامنے رکھی ہیں تم ٹک ٹک دیکھ رہے ہو، کھاتے کیوں نہیں؟ اور پھر ہتھوڑا اٹھایا اور پوری قوت سے ان پر پے در پے ضربیں لگانے لگے۔ کسی کا ہاتھ نہ تھا کسی کا پاؤں نہ تھا، کسی کا سر غائب اور کسی کی ناک ندارد۔ غرضیکہ انہیں چند لمحوں میں توڑ پھوڑ کر اطمینان سے گھر چلے آئے۔ شام کے وقت جب وہ لوگ میلہ سے فارغ ہو کر بت خانہ میں پہنچے اور اپنے بتوں کی یہ درگت بنی دیکھی تو کہرام مچ گیا۔ فوراً مجرم کی تلاش کے لیے قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ بتوں کے بارے میں ابراہیم علیہ السلام کا رویہ ہر خاص و عام کو معلوم تھا۔ سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ ابراہیم کے بغیر یہ حرکت کوئی نہیں کر سکتا۔

۳۱ تیزی سے دوڑتے ہوئے آپ کے پاس آئے۔ يَزِفُّوْنَ حال ہے (1) اور اَقْبَلُوْا کی ضمیر مرفوع متصل ذوالحال ''زَفَّ النَّعَامُ: شترمرغ تیزی سے چلا'' سے ماخوذ ہے۔

۳۲ آپ نے اسی مقصد کے لیے اتنا بڑا خطرہ مول لیا تھا۔ جب وہ منہ لٹکائے آپ کے پاس پہنچے تو آپ نے فرمایا: نادانو! تم

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 123

وَقَالَ اِنِّیۡ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیۡ سَیَهۡدِیۡنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنَ

اور آپ نے کہا میں جارہا ہوں اپنے رب کی طرف، وہ میری رہنمائی فرمائے گا ۳۵ (دعا مانگی) میرے رب! عطا فرما دے

الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰۰﴾ فَبَشَّرۡنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیۡمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعۡیَ قَالَ

مجھے ایک نیک بچہ ۳۶ پس ہم نے مژدہ سنایا انہیں ایک حلیم فرزند کا۔ اور جب وہ اتنا بڑا ہوگیا کہ آپ کے ساتھ دوڑ دھوپ

یٰبُنَیَّ اِنِّیۡۤ اَرٰی فِی الۡمَنَامِ اَنِّیۡۤ اَذۡبَحُكَ فَانۡظُرۡ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ

کرسکے۔ آپ نے فرمایا اے میرے پیارے فرزند! میں نے دیکھا ہے خواب میں کہ میں تمہیں ذبح کررہا ہوں! اب بتا تیری کیا رائے ہے ۳۷

ان بے بس اور بے جان مجسموں کی پوجا کرتے ہو جن کو تم نے اپنے ہاتھوں سے تراشا ہے۔ کچھ تو عقل سے کام لو۔ کچھ تو خدا کا خوف کرو۔ جو تمہارا بھی خالق ہے اور تمہارے اعمال کا بھی پیدا کرنے والا ہے۔

۳۳ وہ حضرت خلیل اللہ کی اس دلیل کا تو کوئی جواب نہ دے سکے اور انتقامی کارروائی کرنے کے لیے آمادہ ہوگئے اور کہنے لگے: ایک الاؤ تیار کرو اور اسے اس میں پھینک دو۔

۳۴ انہوں نے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہلاک کرنے کے لیے یہ منصوبہ بنایا، لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی حُسنِ تدبیر سے اُن کے اس منصوبہ کو ناکام بنادیا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اس آتشکدہ میں گرے تو وہ ٹھنڈا ہوگیا اور آپ کا بال بھی بیکا نہ ہوا۔

۳۵ انہوں نے حضرت ابراہیم کی صداقت کی کئی روشن دلیلیں اپنی آنکھوں سے دیکھیں، لیکن وہ اپنے شرک کو چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ آخر کار حضرت ابراہیم کو یقین ہوگیا کہ ان میں ہدایت پذیری کی ادنیٰ رمق بھی موجود نہیں۔ ایسے معاشرہ میں دعوت و ارشاد کا سلسلہ جاری رکھنا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ تو آپ نے ان کو صاف صاف کہہ دیا کہ میں تمہارے اس مشرکانہ ماحول سے رخصت ہورہا ہوں، تم جانو اور تمہارا کام۔ میں وہاں جاؤں گا جہاں دل جمعی سے اپنے رب کو یاد کرسکوں گا اور اس کے بندوں کو اس کے قریب لانے کی کوشش کروں گا۔ اِلٰی رَبِّیۡ سے مراد اِلٰی حَیۡثُ اَمَرَنِیۡ رَبِّیۡ اَوۡ حَیۡثُ اَتَجَرَّدُ فِیۡهِ لِعِبَادَتِهٖ (روح المعانی)(1) یعنی جہاں میرے رب نے مجھے جانے کا حکم دیا یا جہاں میں تسکین کے ساتھ اپنے رب کی عبادت کرسکوں گا۔ چنانچہ آپ وہاں سے مصر، اور مصر سے ہوتے ہوئے شام تشریف لے گئے۔

۳۶ اس وقت تک آپ کا کوئی فرزند نہ تھا۔ شام پہنچ کر آپ نے ایک صالح بیٹے کے لیے التجا کی جو قبول ہوئی۔

۳۷ جب وہ فرزندِ دلبند تیرہ چودہ برس کا ہوگیا تو ایک نیا امتحان شروع ہوا۔ ایک رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ آپ اپنے بیٹے کو ذبح کررہے ہیں کیونکہ انبیاء کے خواب بھی بمنزلہ وحی ہوتے ہیں (2)، اس لیے آپ سمجھ گئے کہ میرا خداوندِ کریم مجھے اپنا فرزند ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے۔ فوراً اپنے لختِ جگر کو فرمانِ خداوندی پر قربان کرنے کے لیے تیار ہوگئے۔ وہ جانتے تھے کہ اگر

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 126 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 29-128

يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

عرض کیا میرے پدرِ بزرگوار! کر ڈالیے جو آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں سے پائیں گے۔

فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَ نَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ

پس جب دونوں نے سرِ اطاعت خم کر دیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا ۳۸ اور ہم نے آواز دی اے ابراہیم! (بس ہاتھ روک لو) بیشک

صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

تو نے سچ کر دکھایا خواب کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں محسنوں کو بیشک یہ بڑی کھلی

ایک بچہ دے کر مولا کریم کی رضا حاصل ہو جائے تو یہ سودا بڑا سستا ہے۔ آپ نے سارا ماجرا اپنے نوخیز بچے کو بھی بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى۔ اب تم بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے؟ آپ ان الفاظ سے حضرت اسماعیل کا مشورہ نہیں پوچھ رہے تاکہ اگر اس کی مرضی نہ ہو تو تعمیلِ حکم سے معذرت کر دی جائے بلکہ محض اپنے بچہ کا امتحان مقصود تھا کہ جس بچے نے خلیل کی گود میں پرورش پائی ہے اور ہاجرہ کا دودھ پیا ہے اور جس کو روزِ اوّل سے درس ہی یہ دیا جاتا رہا کہ اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے اگر جان بھی دینی پڑے تو اس میں قطعاً تامل نہ کرنا۔ اب یہ بچہ تیرہ چودہ سال کی عمر کو پہنچ گیا ہے۔ ذرا دیکھیں اس شبانہ روز تربیت کا اس پر کیا اثر ہوا ہے۔ نیز آپ اس ثواب بلکہ امتحان میں اپنے فرزند کو بھی برابر کا شریک کرنا چاہتے تھے تاکہ کامیابی کی صورت میں رضائے الٰہی کا تاج صرف باپ کے سر پر ہی نہ جگمگائے بلکہ باپ بیٹا دونوں اس عزت و شرف سے سعادت اندوز ہوں۔

حضرت ابراہیم نے حضرت اسماعیل سے جب یہ خواب بیان کیا تو اس پیکرِ تسلیم و رضا نے جو جواب دیا وہ قرآنِ کریم کے الفاظ میں ہی پڑھ لیجیے۔ ان نازک اور پاکیزہ عالی جذبات کو اگر ہم اپنے الفاظ میں بیان کریں گے، تو ان کا حق ادا نہ ہوگا۔ قَالَ يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ۔ اے میرے بزرگ باپ! حکمِ الٰہی کی تعمیل فوراً فرمایئے۔ باقی رہا میں، تو مجھے آپ صابروں میں سے پائیں گے۔ اور ان شاء اللہ کے کلماتِ طیبات کا اضافہ کر کے اپنے مقامِ عبدیت اور نیاز کو چار چاند لگا دیے۔ میں صبر کروں گا لیکن تب جب میرے رب کو منظور ہوا۔ یعنی اگر میں نے مقامِ رضا میں کامیابی حاصل کر لی اور اس نازک امتحان میں سرخرو ہوا تو اس میں میرا کوئی کمال نہ ہوگا۔ محض میرے رب کا احسان اور کرم ہوگا کہ مجھے صابر بننے کی توفیق عطا فرمائی۔ جس اسلام کی دعوت حضرت ابراہیم دیا کرتے تھے اس کا عملی مظاہرہ حضرت اسماعیل کی اس ادا سے زیادہ حسین اور دلکش کیونکر پیش کیا جا سکتا ہے؟ شاعرِ مشرق فیلسوفِ اسلام نے یوں ہی تو نہیں کہا:

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی سکھائے کس نے اسماعیل کو آدابِ فرزندی! (1)

۳۸ دونوں باپ بیٹا اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کے لیے صبح کے دھندلکے میں ہی گھر سے روانہ ہو گئے۔ بیٹا اپنی جوانی، اپنا حسن

1۔ کلیاتِ اقبال، ص246، بال جبریل، ص12

اپنی رعنائی اور اپنی اُمیدوں اور اُمنگوں کی دنیا قربان کرنے کے لیے شاداں شاداں جا رہا ہے، اور باپ اپنی سو سالہ دعاؤں کے رنگین ثمر کو، اپنے لختِ جگر اور نورِ نظر کو قربان کرنے جا رہا ہے۔ دونوں خوش ہیں اور از حد مسرور۔

شیطان نے سوچا آج تک ابراہیم نے مجھے ہر قدم پر زک پہنچائی اور چَرکے پر چرکا لگایا۔ آج اگر اس کا بنا بنایا کھیل بگاڑ کر نہ رکھ دوں تو ابلیس میرا نام نہیں۔ دوڑتا ہوا آپ کے گھر پہنچا۔ حضرت ہاجرہ تشریف فرما تھیں۔ پوچھا میاں جی کہاں ہیں؟ اور ننھا اسماعیل آج نظر نہیں آ رہا۔ ہاجرہ نے بتایا دونوں باپ بیٹا سیر و تفریح کے لیے باہر گئے ہیں۔ کہنے لگا: نہیں تم دھوکے میں ہو۔ ابراہیم آج تیرے بچے کو ذبح کرنے کے لیے لے گیا ہے۔ دوڑو اور فوراً اپنے بچے کو بازو سے پکڑ لو۔ ورنہ چند لمحوں بعد اس کی مردہ لاش پر آہ و فغاں کر رہی ہو گی۔ آپ نے فرمایا: کبھی باپ بھی اپنے بیٹے کو قتل کرتا ہے اور ابراہیم کو تو اپنے اس بیٹے سے بڑا پیار ہے۔ تم جھوٹ بک رہے ہو، نکلو یہاں سے۔ شیطان نے کہا تم بھولی بنی بیٹھی ہو۔ وہ آج ضرور تیرے بچے کو ذبح کر دے گا۔ کیونکہ اس کے رب نے اسے یہ حکم دیا ہے۔ ہاجرہ نے جواب دیا۔ اگر رب کریم کا حکم ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ ہزاروں اسماعیل ہوں تو بھی اس کے اشارہ پر تصدق کر دوں۔ ماں کا دل بڑا نرم ہوتا ہے، یہاں اسے اپنی کامیابی کی سو فیصد امید تھی لیکن منہ کی کھائی۔ ظالم نے ہمت نہیں ہاری۔ دوڑتا ہوا اسماعیل کے پاس پہنچا، وہاں سے بھی اسی قسم کا جواب ملا۔ دل کڑا کر کے آخری وار آزمانے کے لیے حضرت خلیل سے جا کر الجھ پڑا اور کہنے لگا کہ اتنے زیرک اور عاقل ہو کر بچے کو ذبح کرنے چلے ہو۔ یہ کہاں کی ہوشمندی ہے؟ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے اور سینکڑوں طریقے ہیں۔ بڑھاپے میں ایک بچہ ملا۔ وہ بھی اتنا حسین جسے دیکھ کر چاند شرما جائے۔ اس کو ذبح کرنے چلے ہو۔ تمہارا تو نام لینے والا کوئی نہیں رہے گا، نسل ختم ہو جائے گی، خاندان مٹ جائے گا اور یہ جو خواب خواب کی رٹ لگا رکھی ہے۔ یہ شیطانی وسوسہ بھی ہو سکتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دینا ہوتا تو جبرئیل آپ کے پاس یہ حکم لے آتے۔ آپ نے زمین سے پتھر اٹھایا اور دے مارا۔ تین دفعہ ایسا ہی اس کے ساتھ سلوک کیا۔ شیطان کی آنکھیں کھل گئیں، اسے پتہ چل گیا آج اللہ تعالیٰ کے بندے کے ساتھ اسے واسطہ پڑا ہے۔ اسی کے متعلق اِلَّا عِبَادِیَ الصَّالِحِیْنَ فرمایا گیا ہے۔ جب دونوں ایک گوشہ تنہائی میں پہنچے تو حضرت اسماعیل نے عرض کی: پدرِ محترم! میرے ہاتھ اور پاؤں رسی سے باندھ دیجیے۔ مبادا! بے خبری میں انہیں ہلا بیٹھوں اور آپ پر میرے خون کے چھینٹے پڑ جائیں۔ نیز میرا منہ زمین کی طرف کر دیجیے تاکہ میرا چہرہ دیکھ کر آپ کو ترس نہ آ جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ جب حضرت ابراہیم نے آپ کو منہ کے بل زمین پر لٹایا اور تیز چھری گلے پر رکھ کر پھیرنی شروع کر دی تو عالمِ بالا میں لرزہ طاری ہو گیا ہو گا۔ اور فرشتوں کو اِنِّیْ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ کی تفسیر کا علم ہوا ہو گا۔ آپ تیزی سے چھری گردن پر پھیر رہے ہیں۔ ادھر سے ندا آتی ہے: بس اے میرے خلیل بس۔ ہو گیا تیرا امتحان اور تو امتحان میں کامیاب ہو گیا۔ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ۔ (1)

یہ ہے اسلام کی ساری تعلیم کا خلاصہ۔ اپنے آپ کو، اپنی ہر چیز کو، اپنے مالکِ حقیقی کی رضا کے لیے قربان کر دینا۔

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم نہایت اس کی حسین ابتدا ہے اسماعیل (2)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص6-104۔ درمنثور، زیر آیت ہذا، ج5، ص534، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص31-126، تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص15۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج7، ص477۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج23، ص134

2۔ کلیاتِ اقبال، ص285۔ بالِ جبریل، ص51

الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي

آزمائش تھی اور ہم نے بچا لیا اسے فدیہ میں ایک عظیم ذبیحہ دے کر۔ اور ہم نے چھوڑا ان کا ذکرِ خیر

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾

آنے والوں میں۔ سلام ہو ابراہیم پر اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکوکاروں کو۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ

بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا اور ہم نے بشارت دی آپ کو اسحٰق کی (کہ) وہ نبی ہوگا (نمرہ)

یہاں ایک مسئلہ حل طلب ہے کہ حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جس فرزند کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا، وہ کون ہے اسماعیل یا اسحاق علیہما السلام۔ ہمارے نزدیک دونوں حضرات محترم اور مکرم ہیں۔ ہم دونوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ نیز حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس واطہر خود اتنی خوبیوں اور کمالاتِ ذاتیہ سے متصف ہے کہ حضرت اسماعیل اگر اس شرف سے مشرف نہ ہوں تب بھی رحمتِ دو عالم کی عظمتِ شان میں ذرہ برابر کوئی کمی نہیں ہوتی۔ اس لیے ہمیں یہودیوں کی طرح کوئی تعصب نہیں ہے کہ ہم خواہ مخواہ ایک بزرگ کا کمال اس سے چھین کر دوسرے بزرگ کو دینے پر اصرار کریں۔ لیکن دلائل، تاریخی حالات اور شواہد جس بات کو ثابت کریں، اس کو نہ ماننا اور اس کے برعکس کسی اور خیال کو اپنے دل میں جما لینا بھی قطعاً جائز نہیں، اس لیے ازراہِ تعصب نہیں بلکہ تحقیقِ حق کے لیے ہمیں دلائل کا موازنہ کرنا چاہیے۔

یہودی اس امر کے مدعی ہیں کہ یہ فرزند حضرت اسحاق تھے۔ چنانچہ کتاب پیدائش باب ۲۲ میں حضرت اسحاق علیہ السلام کی قربانی کا تذکرہ موجود ہے لیکن اس باب میں کئی جگہ کئی مرتبہ یہ تصریح بھی ہے کہ جس بیٹے کو قربانی کے لیے آپ لے گئے تھے وہ آپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ کیا یہودی یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ حضرت اسحاق اکلوتے بیٹے تھے۔ بلکہ کتاب پیدائش باب ۲۱ میں یہ صراحۃً مذکور ہے کہ حضرت اسحاق سے پہلے حضرت ہاجرہ کے بطن سے آپ کا ایک فرزند تولد ہوا تھا (ملاحظہ ہو آیت ۸۔۹) ''اور وہ لڑکا (اسحاق) بڑھا اور اس کا دودھ چھڑایا گیا اور اسحاق کے دودھ چھڑانے کے دن ابراہام نے بڑی ضیافت کی اور سارہ نے دیکھا کہ ہاجرہ مصری کا بیٹا جو اس کے ابراہام سے ہوا تھا ٹھٹھے مارتا ہے'' (1)۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اسحاق کے دودھ چھڑاتے وقت حضرت اسماعیل کی عمر کافی بڑی تھی۔

جب حضرت اسماعیل پیدا ہوئے اس وقت حضرت ابراہیم کی عمر ۸۶ سال تھی اور جس وقت حضرت سارہ کے بطن سے اسحاق پیدا ہوئے تھے اس وقت آپ کی عمر سو سال تھی۔ اس کا واضح مطلب یہ ہوا کہ حضرت اسحاق کی ولادت کے وقت حضرت

1۔ کتاب مقدس (پرانا عہد نامہ)، پیدائش، باب 21، آیت 8-9، ص 20

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ

صالحین میں سے اور ہم نے برکتیں نازل کیں اس پر اور اسحٰق پر اور ان کی نسل میں کوئی نیک ہوگا

وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ ع ۳ ۳۹ ۷

اور کوئی اپنی جان پر کھلا ظلم کرنے والا ہوگا۔ ہم نے احسان فرمایا موسیٰ و ہارون (علیہما السلام) پر

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا

اور ہم نے بچا لیا ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم و اندوہ سے ۳۹ اور ہم نے ان کی مدد فرمائی پس ہو گئے

اسماعیل اپنے چودھویں، پندرھویں سال میں تھے اور تیرہ سال کی عمر میں جب ان کو قربانی دینے کے لیے حضرت ابراہیم لے گئے تھے اس وقت آپ کے اکلوتے بیٹے حضرت اسماعیل تھے نہ حضرت اسحاق۔

اب قرآن کریم کی طرف آیئے! پہلے انہی آیات کو پڑھیے۔ حضرت ابراہیمؑ ولدِ صالح کے لیے دعا مانگتے ہیں۔ دعا قبول ہوتی ہے۔ بچہ جوان ہوتا ہے۔ اس کو قربان کرنے کا خواب میں اشارہ ہوتا ہے۔ جب آپ حکمِ الٰہی کی تعمیل کر چکتے ہیں اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ کا مژدہ انہیں سنایا جاتا ہے تو اس کے بعد ارشاد ہوتا ہے، وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ کہ ہم نے حضرت ابراہیم کو حضرت اسحاق کی ولادت کی خوشخبری دی اور اگلی آیت میں ہے وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ۔ اس سے بھی صاف پتہ چلتا ہے کہ ''عَلَيْهِ'' کی ضمیر اس فرزند کی طرف عود کرتی ہے جو ذبیح تھا اور اسحاق کو معطوف ذکر کر کے ان کی مغائرت کی تصریح کر دی۔

نیز جب اسحاق کی ولادت کا مژدہ سنایا جاتا ہے تو ساتھ ہی ان کے بیٹے حضرت یعقوب کی بشارت دی جاتی ہے۔ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَاۗءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اسحاق صاحبِ اولاد ہوں گے اور ان کے فرزند کا نام یعقوب ہوگا۔ ذرا غور فرمایئے ایک طرف تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ مژدہ ملتا ہے کہ اسحاق اور اس کے بیٹے یعقوب ہوں گے اور دوسری طرف انہیں جوان ہونے سے پہلے قربان کرنے کا حکم ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکام میں یہ تضاد متصور نہیں۔ بعض حضرات نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت اسحاق کو قربانی دینے کے لیے آپ اس وقت لے گئے جب حضرت یعقوب تولد ہو گئے۔ یہ جواب قطعاً قابلِ تسلیم نہیں کیونکہ قرآنِ کریم میں ہے: فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ۔ اس کے علاوہ یہ امر بھی غور طلب ہے کہ وہ دُنبہ جو آپ کے فدیہ کے طور پر ذبح کیا گیا اس کے سینگ خانہ کعبہ میں آویزاں تھے اور حضرت ابراہیم نے جس میدان میں اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کی کوشش کی وہ منیٰ کا میدان ہے اور یہ مکہ میں ہے۔ یہ تاریخی واقعہ عرب میں ساڑھے چار ہزار سال سے معروف و مشہور تھا اور تاریخ میں کوئی ایسی شہادت نہیں جس سے پتہ چلے کہ حضرت اسحاق مکہ میں تشریف لائے ہوں۔ مکہ میں آنے والے حضرت اسماعیل ہیں اور وہی ذبیح ہیں۔ دلائل اسی بات کی تائید کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (مزید تحقیق کے لیے تفسیر ابنِ کثیر ملاحظہ ہو)

هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا

وہی غلبہ پانے والے ۔ اور ہم نے بخشی ان دونوں کو ایسی کتاب جو نہایت واضح ہے اور ہم نے ہدایت دی انہیں

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى

سیدھے راستہ کی ۔ اور ہم نے چھوڑا ان کے ذکرِ خیر کو پیچھے آنے والوں میں سلام ہو

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ

موسیٰ اور ہارون پر ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں نیک کام کرنے والوں کو ۔ بیشک وہ دونوں

عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ

ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں اور بیشک الیاس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے ہیں ۔ (یاد کرو) جب انہوں نے

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَللّٰهَ

اپنی قوم سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا تم عبادت کرتے ہو بعل کی اور چھوڑے ہوئے ہو احسن الخالقین کو ۴۰ (یعنی) اللہ کو جو

رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی پروردگار ہے پھر انہوں نے آپ کو جھٹلایا پس یقیناً انہیں (پکڑ کر) حاضر کیا جائیگا۔

۳۹ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیٰ نبینا وعلیہ وعلی ابنیہ وعلیٰ آلہما افضل الصلوٰۃ والسلام کے ذکرِ خیر کے بعد اب حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام پر اپنے احسانات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ بچپن سے لے کر آخر تک جو احسانات اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر فرمائے ان کا تفصیلی ذکر جا بجا گزر چکا ہے۔ آپ کے ذریعہ بنی اسرائیل کو صدیوں کی غلامی سے نجات ملی۔ ان کے لیے سمندر پایاب ہو گیا اور ان کی آنکھوں کے سامنے ان کا دشمن فرعون اپنے لاؤ لشکر سمیت غرق ہو گیا۔ پھر انہیں تورات جیسی کتاب مرحمت فرمائی۔ اور جب تک دنیا قائم ہے حضرت موسیٰ اور ہارون کا ذکرِ خیر دلوں کو گرماتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور ایماندار بندوں کو اسی طرح سرفراز فرماتا ہے۔

۴۰ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل مختلف قبیلوں میں بٹ گئے اور ہر قبیلہ نے اپنی اپنی علیحدہ سلطنت بنالی۔ بنی اسرائیل کے انہی قبائل میں سے ایک قبیلہ لبنان کے اس علاقہ میں آباد ہو گیا جہاں اب مشہور تاریخی شہر بعلبک کے کھنڈرات موجود ہیں۔ اس قبیلہ نے توحید کو چھوڑ کر بت پرستی اختیار کی۔ ان کے بڑے بت کا نام بعل تھا جس کے متعلق مشہور ہے کہ یہ بیس

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾

بجز اللہ کے بندوں کے جو مخلص ہیں۔ اور ہم نے چھوڑا ان کے ذکرِ خیر کو پیچھے آنے والوں میں۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ

سلام ہو الیاس پر ہم اسی طرح جزاء دیتے ہیں نیک کام کرنے والوں کو بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ

ہمارے ایماندار بندوں میں سے ہیں اور بیشک لوط بھی پیغمبروں میں ہیں۔ (یاد کرو) جب

نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ

بچا لیا ہم نے انہیں اور ان کے سارے اہلِ خانہ کو بجز ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں تھی پھر ہم نے

دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ

برباد کر دیا دُوسرے لوگوں کو ۴۱ اور تم گزرتے رہتے ہو ان (کے اجڑے دیاروں) پر صبح کے وقت اور رات کے وقت

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى ع ۵

کیا تم (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ اور بیشک یونس بھی (ہمارے) رسولوں میں سے ہیں ۴۲ جب وہ بھاگ کر

گز لمبا سونے کا مجسمہ تھا، جس کے چار منہ تھے، جس کے مندر کے خدام کی تعداد چار سو تھی (1)۔ اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو راہِ راست دکھانے کے لیے حضرت الیاس علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔ آپ نے انہیں سمجھانے کی انتہائی کوشش کی، لیکن وہ لوگ آپ کو جھٹلاتے رہے، یہاں تک کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب اترا اور وہ نیست و نابود ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے اس نبی پر بڑے احسانات و انعامات فرمائے اور ان کے ذکرِ جمیل کو تا قیامت زندۂ جاوید کر دیا۔

۴۱ سورۂ شعراء میں حضرت لوط علیہ السلام کا تذکرہ تفصیل سے گزر چکا ہے (آیات ۱۶۰ تا ۱۷۵)۔ ان کی قوم اپنی بداعمالیوں کے باعث تباہ و برباد ہوئی۔ کفارِ مکہ کو تنبیہ کی جا رہی ہے کہ تمہارا گزر "سدوم" کے علاقہ سے عموماً ہوتا ہے۔ صبح و شام تم اس اُجڑے ہوئے شہر کے کھنڈرات کے پاس سے گزرتے ہو۔ کیا تمہیں عبرت حاصل نہیں ہوتی؟ (2) کیا تم بھی یہی چاہتے ہو کہ تمہارا انجام ایسا ہی ہو؟

۴۲ حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ تفصیلاً سورۃ الانبیاء (آیات ۸۷۔۸۸) میں گزر چکا ہے۔ مختصراً عرض ہے کہ آپ نے

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 481، روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 40-139 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 485

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ

گئے تھے بھری ہوئی کشتی کی طرف (سوار ہونے کے لیے) پھر قرعہ اندازی میں شریک ہوئے اور دھکیلے ہوؤں میں سے ہو گئے۔ پس نگل

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ

لیا انہیں حوت نے درآنحالیکہ وہ اپنے آپ کو ملامت کر رہے تھے۔ پس اگر وہ اللہ کی پاکی بیان کرنے والوں سے نہ ہوتے تو پڑے رہتے

فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

مچھلی کے پیٹ میں قیامت کے دن تک ۴۳ پھر ہم نے ڈال دیا انہیں کھلے میدان میں اس حال میں کہ وہ بیمار تھے۔

مقدور بھر کوشش کی کہ آپ کی قوم کفر و گمراہی کو چھوڑ کر راہِ راست پر گامزن ہو جائے لیکن کوئی کامیابی نہ ہوئی۔ آپ نے انہیں بتا دیا کہ تین دن کے بعد تم پر عذابِ الٰہی نازل ہوگا۔ تیسرے روز بغیر اذنِ الٰہی وہاں سے چل دیے، قوم نے آپ کو تلاش کیا۔ آپ نہ ملے۔ عذاب ابھی آیا نہیں تھا، اس کے آثار آہستہ آہستہ نمودار ہونے لگے تھے۔ قوم میں چند زیرک لوگ موجود تھے۔ ان کے کہنے پر سب مرد و زن، پیر و جوان، شیر خوار بچے سب کھلے میدان میں نکل آئے اور رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے رحم فرمایا، ان کی توبہ کو قبول کیا اور عذاب ٹل گیا۔ حضرت یونس علیہ السلام کو جب پتہ چلا تو خیال کیا۔ اب میں کس منہ سے اپنی قوم کے پاس جاؤں گا؟ وہ مجھے دیکھیں گے تو جھوٹا کہیں گے۔ چنانچہ آپ نے کہیں دور چلے جانے کا فیصلہ کیا۔ یہ فیصلہ بھی اذنِ الٰہی کے بغیر تھا۔ ایسی فروگزاشت کسی دوسرے سے قابلِ برداشت ہو تو ہو لیکن نبی سے یہ چیز برداشت نہیں کی جاتی۔ آپ کشتی میں سوار ہوئے۔ کشتی پہلے بھری ہوئی تھی، وہ ڈوبنے لگی۔ ملاحوں نے وزن کم کرنے کے لیے ایک آدمی کو دریا میں گرانا چاہا تاکہ باقی مسافر بچ جائیں۔ اس کے لیے قرعہ اندازی ہوئی۔ تینوں بار قرعہ حضرت یونس کے نام نکلا۔ آپ سمجھ گئے کہ یہ اس غلطی کی سزا ہے۔ چنانچہ آپ نے چھلانگ لگا دی۔ مچھلی منہ کھولے گویا منتظر تھی فوراً نگل لیا۔ (1)

۴۳ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یونس میرا بندہ تھا، وہ ہمیشہ میرے ذکر میں مشغول رہتا تھا۔ اس لیے ہم نے اسے بچا لیا، ورنہ وہ قیامت تک مچھلی کے شکم میں ہی رہتا۔ حکمِ الٰہی کے مطابق مچھلی آپ کو لیے ہوئے ساحل پر آئی۔ جہاں کھلا میدان تھا آپ کو وہاں اُگل دیا۔ عرصہ تک مچھلی کے پیٹ میں رہنے کے باعث گوشت گداز ہو گیا تھا۔ بال اور ناخن جھڑ گئے تھے، اٹھنے کی سکت نہ رہی تھی۔ اسی وقت کدو کی ایک بیل اُگی اور اس نے اپنے چوڑے چوڑے پتوں سے آپ کو ڈھانپ لیا تاکہ سورج کی گرمی سے بھی تکلیف نہ پہنچے اور مکھی و مچھر بھی اذیت نہ پہنچائیں۔ جب قوت بحال ہوئی تو حکم ملا اپنی قوم کے پاس واپس جاؤ جس کی تعداد ایک لاکھ یا اس سے زائد تھی۔ چنانچہ جب قوم نے آپ کو دیکھا، تو بڑی عزت و تکریم کی، آپ کی دعوت کو دل و جان سے قبول کیا اور آپ کی اطاعت کو وظیفۂ حیات بنا لیا۔ چند مشکل الفاظ: اَبَقَ: غلام کا بھاگ جانا (2)۔ سَاهَمَ: حصہ لینا: اس سے مراد

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 130 (ملخصاً)۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 486 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 143

وَ اَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ

اور (ان کی حفاظت کے لیے) ہم نے اگا دی ان پر کدو کی بیل۔ اور ہم نے بھیجا تھا انہیں ایک لاکھ یا اس سے

اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ

زیادہ لوگوں کی طرف ۔ پس وہ ایمان لائے اور ہم نے لطف اندوز ہونے دیا انہیں کچھ وقت تک ۔ ذرا پوچھیے ان (نادانوں)

الْبَنٰتُ وَ لَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّ هُمْ

سے کیا آپ کے رب کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے ۴۴؎ آیا جب ہم نے فرشتوں کو مؤنث بنایا تو کیا وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَ اِنَّهُمْ

موجود تھے ۔ غور سے سنو! وہ جھوٹی تہمت لگاتے ہیں جب وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے بچے جنے اور وہ بلاشبہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ

جھوٹ بکتے ہیں ۔ کیا اس نے پسند کی ہیں (اپنے لیے) بیٹیاں ، بیٹوں کو چھوڑ کر ۴۵؎ تمہیں کیا ہو گیا ؟ تم کیسے

قرعہ اندازی میں شریک ہونا۔ مُدْحَضِيْنَ: مَغْلُوْبِيْنَ(1)۔ حُوْتٌ: بڑی مچھلی(2)۔ مُلِيْمٌ: دَاخِلٌ فِي الْمَلَامَةِ(3)۔ عَرَاءٌ: چٹیل میدان، جہاں نہ درخت ہو نہ جھاڑی(4)۔ يَقْطِيْنٌ: بیل کدو۔(5)

۴۴؎ سورت کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کفارِ مکہ سے چند سوالات پوچھنے کا حکم دیا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ ان کی کم فہمی اور گمراہی خود ان کے قول یا حال سے عیاں ہو جائے۔ یہاں ان کی ایک اور حماقت کے متعلق ان سے استفسار کرنے کا ارشاد ہو رہا ہے۔ عرب کے کئی قبائل جُہینہ۔ سلیم۔ خزاعہ اور بنی ملیح (روح المعانی) وغیرہ یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ العیاذ باللہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ ان سے پوچھیے کہ اپنے لیے تو لڑکے پسند کرتے ہو اور اگر کسی کے گھر بچی پیدا ہو جائے تو اس کے چہرے کا رنگ فق ہو جاتا ہے، شرم کے مارے کسی کو منہ نہیں دکھاتا اور اللہ تعالیٰ کے لیے اولاد ثابت کی تو وہ بھی لڑکیاں۔ کتنی حماقت اور بے انصافی ہے۔(6)

۴۵؎ تم جو اتنے وثوق سے یہ دعویٰ کر رہے ہو تو تمہارے پاس ضرور کوئی پکی دلیل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے جب فرشتوں کو پیدا فرمایا، کیا اس وقت تم پاس موجود تھے اور تم نے دیکھا کہ وہ لڑکیاں ہیں؟ یا تمہارے پاس اس بات کا کوئی تحریری ثبوت ہے، کسی نبی کا

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص123
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج7، ص487
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص144۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج23، ص143
4۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص21
5۔ لسان العرب، ج13، ص345
6۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج23، ص149

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا

فیصلے کر رہے ہو۔ کیا تم غور و فکر نہیں کیا کرتے۔ کیا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے تو اپنی وہ

بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ

دستاویز پیش کرو اگر تم سچے ہو اور ٹھہرا دیا ہے انہوں نے اللہ تعالیٰ اور جنوں کے درمیان رشتہ۔

وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

حالانکہ جن خود جانتے ہیں کہ انہیں (پکڑ کر) پیش کیا جائے گا ۴۶ پاک ہے اللہ ان (لغویات) سے جو یہ بیان کرتے ہیں۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ

مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (ایسی ہرزہ سرائی نہیں کرتے)، پس تم اور جن (جھوٹے خداؤں) کی تم پوجا کرتے ہو۔ تم (سب مل کر)

عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ

اللہ کے خلاف (کسی کو) نہیں بہکا سکتے مگر اسے جو تاپنے والا ہے بھڑکتی آگ کو ۴۷ اور فرشتے کہتے ہیں کہ ہم میں سے

مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

کوئی ایسا نہیں مگر اس کے لیے مقام متعین ہے اور ہم پرے باندھے (مقام نیاز میں) کھڑے ہیں اور بیشک ہم اسکی پاکی بیان کرنے والے ہیں ۴۸

نوشتہ، کوئی آسمانی صحیفہ؟ جب ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت بھی نہیں، نہ تم فرشتوں کی آفرینش کے وقت پاس تھے اور نہ تمہارے پاس کوئی تحریری ثبوت موجود ہے تو یہ کتنی نادانی ہے کہ ایک غلط بات پر یوں اڑے ہوئے ہو۔ اور اگر کوئی دستاویز اس بارے میں تمہارے پاس ہے تو اسے چھپاؤ نہیں سب کے سامنے پیش کرو تا کہ دوسرے لوگ بھی تمہارے ہمنوا بن جائیں۔

۴۶ کلبی کہتے ہیں کہ بعض کفارِ عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے العیاذ باللہ جنوں میں شادی کی اور اس سے فرشتے پیدا ہوئے۔ اس احمقانہ نظریہ کی تردید فرمائی جا رہی ہے۔ (1)

۴۷ اللہ تعالیٰ کفار کو چیلنج فرما رہے ہیں کہ تم اور تمہارے باطل معبود خواہ کتنی کوشش کریں تم کسی کو گمراہ نہیں کر سکتے، بجز اُن بدبختوں کے جن کے مقدر میں عذابِ جہنم لکھا جا چکا ہے۔ یہی مفہوم علامہ قرطبی نے بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

اَهْلُ التَّفْسِيْرِ مَجْمُوْعُوْنَ فِيْمَا عَلِمْتُ عَلٰى اَنَّ الْمَعْنٰى مَا اَنْتُمْ بِمُضِلِّيْنَ اَحَدًا اِلَّا مَنْ قَدَّرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 135۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 148

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾

اور وہ (بعثت نبوی سے پہلے) کہا کرتے تھے اگر ہمارے پاس کوئی نصیحت ہوتی پہلے لوگوں کی طرف سے

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

تو ہم اللہ کے مخلص بندے بن جاتے ۔ پس (جب نصیحت آئی) تو اسے ماننے سے انکار کر دیا۔ وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لینگے ۴۹

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾

اور ہمارا وعدہ اپنے بندوں کے ساتھ جو رسول ہیں پہلے ہو چکا ہے۔ کہ ان کی ضرور مدد کی جائے گی ۔ ۵۰

وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ

اور بیشک ہمارا لشکر ہی غالب ہوا کرتا ہے پس آپ رخ (انور) پھیر لیجیے ان سے تھوڑی دیر اور ملاحظہ فرماتے رہیے ان (کے حالات) کو

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

وہ (خود بھی) اپنا انجام دیکھ لیں گے کیا وہ ہمارے عذاب (کے اترنے) کے لیے جلدی مچا رہے ہیں۔ پس جب وہ اترے گا انکے آنگن

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ

میں تو وہ صبح بڑی خوفناک ہوگی جنہیں ڈرایا جاتا تھا۔ اور رُخِ انور پھیر لیجیے ان سے تھوڑی دیر کے لیے ۵۱ اور (قدرتِ الٰہی کا

يُضِلّ (قرطبی) (1)

۴۸ یہ فرشتوں کا قول ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار بندے ہیں۔ اس کے حکم کی تعمیل کے لیے صفیں باندھے یا پر پھیلائے ہر لحظہ تیار کھڑے ہیں اور ہمہ وقت اس کی تسبیح و تہلیل میں مشغول ہیں۔

۴۹ قرآنِ کریم کے نازل ہونے سے پہلے وہ یہ کہا کرتے تھے اور جب قرآن نازل ہوا تو انہوں نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا؟ اس کے متعلق بیان فرمایا جا رہا ہے۔

۵۰ ارشادِ خداوندی ہے کہ ہمارا یہ فیصلہ ہے کہ فتح و نُصرت، عزت اور غلبہ ہمارے رسولوں کو اور ان کے ماننے والوں کو نصیب ہوگا۔ یہ نُصرت و غلبہ ظاہری طور پر بھی ہو سکتا ہے اور اس طرح بھی کہ دنیا ان کی صداقت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے اور دل ان کی محبت و تکریم کے جذبات سے معمور ہو جائیں۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 135

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ ج

تماشا) دیکھتے رہیے، وہ بھی اپنا انجام دیکھ لیں گے۔ پاک ہے آپ کا ربّ، جو عزّت کا مالک ہے ان (نامناسب باتوں سے) جو وہ کیا کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ ج وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ ع ۵ ۹ ۴۳

اور سلامتی ہو سب رسولوں پر اور سب تعریفیں اللہ تعالےٰ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے ۵۲

۵۱ یہ نادان ہمارے عذاب کے نزول کے لیے بیتاب ہیں اور آپ کی صداقت کا معیار انہوں نے یہ مقرر کر رکھا ہے کہ اگر ان پر ہمارا عذاب نازل ہوا تو آپ سچے اور اگر نہ اترا، تو پھر آپ کی نبوت کو وہ تسلیم نہیں کریں گے۔ لیکن وہ کتنے نادان ہیں۔ اگر عذاب نازل ہو گیا اور انہیں اپنے مقرر کردہ معیار کے مطابق آپ کی نبوت کی تصدیق ہو گئی تو انہیں اس سے کیا فائدہ حاصل ہوگا؟

۵۲ کیا حسنِ اختتام ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مَنْ قَالَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَدِ اكْتَالَ بِالْمِكْيَالِ الْاَوْفٰى مِنَ الْاَجْرِ(1)۔ یعنی جس شخص نے نماز کے بعد یہ تین آیتیں تین مرتبہ پڑھیں، گویا اس نے اجر کا بہت بڑا پیمانہ بھر لیا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى اَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ لَاسِيَّمَا عَلٰى اَفْضَلِهِمْ وَ اَكْرَمِهِمْ سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا وَ حَبِيْبِنَا وَ شَفِيْعِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ مِنْ اُمَّتِهٖ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

محمد کرم شاہ

یوم الجمعہ
۱۵ رجب
۱۰۔ ستمبر
} مگھال

یوم الاثنین
۱۷۔ رجب
۲۸۔ اگست
} نظر ثانی ہر دو سودھی

1۔ درمنثور، زیر آیت ہذا، ج5، ص554، روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج23، ص159۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ج5، ص240، رقم الحدیث 5124، مکتبۃ العلوم والحکم

تعارف سُورۃ صٓ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس کا نام صٓ ہے جو پہلی آیت میں مذکور ہے۔ اس کی آیات کی تعداد اٹھاسی اور کلمات کی تعداد سات سو بتیس اور حروف کی تعداد تین ہزار سڑسٹھ ہے۔ اس کے پانچ رکوع ہیں۔

زمانۂ نزول: اس میں تو سب کا اتفاق ہے کہ یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی (1)۔ لیکن مکی زندگی کے کس دور میں اس کا نزول ہوا؟ اس بارے میں کوئی صراحت تو نہیں ملتی البتہ مفسرینِ کرام نے اس کے شانِ نزول کے بارے میں جو روایت لکھی ہے، اس سے قیاس کیا جاسکتا ہے۔

روایت یہ ہے کہ جناب ابوطالب بیمار ہوگئے۔ بیماری نے شدت اختیار کرلی۔ مکہ کے رئیسوں نے سوچا کہ ایسا نہ ہو کہ وہ اس بیماری میں وفات پا جائیں۔ ان کی وفات کے بعد اگر ہم نے نبی مکرم پر سختی کی تو عرب ہمیں عار دلائیں گے کہ کل تک ابو طالب زندہ تھے تو تم نے انہیں کچھ نہ کہا۔ اب ان کی آنکھیں بند ہوتے ہی تم نے تشدّد شروع کر دیا ہے۔ اس لیے بہتر ہے کہ ہمارا ایک وفد ان کے پاس جائے، شاید باہمی مصالحت کی کوئی صورت نکل آئے۔ چنانچہ ابوجہل، عاص بن وائل، اسود بن مطلب، اسود بن یغوث چند دوسرے رؤسا کے ساتھ ابو طالب کے پاس گئے اور کہا: یَا اَبَا طَالِبٍ اَنۡتَ کَبِیۡرُنَا وَ سَیِّدُنَا فَاَنۡصِفۡنَا مِنِ ابۡنِ اَخِیۡکَ فَمُرۡہُ فَلۡیَکُفَّ عَنۡ شَتۡمِ اٰلِہَتِنَا وَنَدَعُہٗ وَاِلٰـہَہٗ (ابن کثیر) (2)

''اے ابو طالب! آپ ہم سب سے بڑے اور ہمارے سردار ہیں۔ اپنے بھتیجے اور ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیں۔ آپ انہیں حکم دیں کہ ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہنے سے رک جائیں ہم انہیں اور ان کے خدا کو کچھ نہیں کہیں گے''۔

چنانچہ آپ نے حضور کو بلا بھیجا۔ حضور جب تشریف لائے تو ابو طالب نے کہا کہ یہ آپ کی قوم کے شیوخ اور سردار ہیں اور ان کا یہ مطالبہ ہے۔ حضورؐ نے فرمایا چچا جان! کیا میں ان کو ایسی بات کی دعوت نہ دوں جو ان کے لیے سراپا خیر ہے۔ پوچھا کیا بات ہے۔ حضور نے فرمایا: اَدۡعُوۡھُمۡ اَنۡ یَّتَکَلَّمُوۡا بِکَلِمَۃٍ تَدِیۡنُ لَھُمۡ بِھَا الۡعَرَبُ وَیَمۡلِکُوۡنَ بِھَا الۡعَجَمَ۔ (3) یعنی میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ ایک کلمہ کہیں، اس کی برکت سے سارا عرب بھی ان کا باجگزار بن جائے گا اور عجم کے بھی وہ مالک بن جائیں گے۔

ابوجہل کہنے لگا: ہم ایک نہیں، ایسے دس کلمے بھی کہنے کے لیے تیار ہیں۔ بتاؤ وہ کلمہ کون سا ہے۔ حضور نے فرمایا: تم کہو لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ یہ سن کر وہ بھڑک اٹھے اور جھاگ بہاتے ہوئے اس محفل سے چلے گئے۔ اس وقت یہ سورت نازل ہوئی۔ (4)

اگر یہ واقعہ جناب ابوطالب کے مرضِ وفات کا ہے تو پھر اس سورت کا سالِ نزول نبوت کا دسواں سال ہوگا، لیکن طبقات میں ابنِ سعد نے تصریح کی ہے کہ یہ واقعہ کسی دوسری بیماری کا ہے۔ بہرحال اس سے بھی اتنا اندازہ تو لگایا جاسکتا ہے کہ یہ ان دنوں کا واقعہ ہے

1۔ درمنثور، ج5، ص555 2۔ تفسیر ابن کثیر، ج4، ص28-27۔ تفسیر طبری، جز23، ص81 3۔ ایضاً 4۔ ایضاً

جب اسلام کی شمع بجھانے کے لیے تمسخر اور استہزاء کے حیلے ناکام ہو چکے تھے بلکہ کفارِ مکہ کا جور وستم اور جبر وتشدد بھی اسلام کی ترقی کو روکنے سے عاجز آ چکا تھا، اسی لیے تو وہ اس کمزور شرط پر بھی مصالحت کرنے کے لیے تیار تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان کے بتوں کو کچھ نہ کہیں، خود بیشک اپنے خدا کی عبادت کرتے رہیں۔ اس قیاس کے مطابق مکی زندگی کا درمیانی دور اس سورت کا زمانہ نزول ہو سکتا ہے۔

مضامین: اس سورت میں انہی تین مزمن بیماریوں کا علاج فرمایا جا رہا ہے جن میں اہلِ مکہ بری طرح مبتلا تھے۔

۱۔ وہ حضور علیہ السلام کو نبی ماننے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے۔ انہیں اس انتخاب میں کوئی حکمت نظر نہ آتی تھی کہ جزیرہ عرب کے بڑے بڑے رؤسا کو تو نظر انداز کر دیا جائے اور منصبِ نبوت کے لیے ایک ایسی ہستی کو چنا جائے جس کے پاس نہ مال و دولت ہے نہ اعوان و انصار کے جتھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبوت تو میرا انعام ہے جس کو میں اس کے قابل سمجھتا ہوں سرفراز کرتا ہوں۔ کیا میری رحمت کے خزانوں کے کنجی بردار یہ لوگ ہیں کہ جس کو چاہیں دیں اور جس کو چاہیں نہ دیں؟

۲۔ حضور کو نبی نہ ماننے کی ان کے پاس ایک اور دلیل بھی تھی۔ یہ کہتے ہیں کہ سارے جہانوں کا ایک خدا ہے، بھلا خود سوچو کارخانۂ کائنات کے وسیع وعریض نظام کو کیا ایک خدا چلا سکتا ہے؟ جو شخص ایسی خلافِ عقل باتیں کرے ہم اس کو نبی کیسے مان لیں۔ لیکن عقیدۂ توحید کو قرآنِ کریم نے ایسے زوردار دلائل سے ثابت کر دیا تھا جن کا کفار کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ بجز اس کے کہ وہ لوگوں کی اندھی عصبیت کو بھڑکائیں اور انہیں کہیں کہ اپنے آباؤ اجداد کے خداؤں سے چمٹے رہو، اور آفتاب سے روشن تر دلیلیں کیوں نہ تمہارے سامنے پیش کی جائیں ان کو ماننے سے صاف انکار کر دو۔

۳۔ حضور نبی کریم ﷺ کو ان کی اس نادانی اور ان کے اس احمقانہ رویے سے کتنا دکھ ہوتا ہوگا، اللہ تعالیٰ حضور کو صبر کرنے کا حکم دیتا ہے اور اپنے جلیل القدر انبیاء کے حالات اور انہیں پیش آنے والی مشکلات کا تذکرہ کر کے حضور کی دلجوئی فرماتا ہے۔ ایک بات غور طلب ہے۔ یہاں اوّلین مقصد اہلِ عرب کے مشرکانہ عقائد کا بطلان ہے۔ اسی سلسلہ میں انبیائے کرام کے حالات بیان کیے گئے۔ ساتھ ہی ان کے بے مثل کمالات، بے پایاں انعامات اور غیر محدود اختیارات کا ذکر بھی بڑے مؤثر پیرایہ میں کیا جا رہا ہے۔ معلوم ہوا کہ انبیائے کرام کے کمالات واختیارات بیان کرنے سے عقیدۂ توحید کمزور نہیں ہوتا بلکہ مضبوط اور قوی ہوتا ہے۔ وہ لوگ بھی ان آیات کو چشمِ ہوش کھول کر پڑھیں جو حضور پرنور ﷺ کے کمالات اور حضور پر آپ کے رب کریم کے بے پایاں احسانات بیان کرنے میں اس لیے بخل سے کام لیتے ہیں کہ عقیدۂ توحید کو ضعف نہ پہنچے۔ حقیقت یہ ہے کہ جتنی شانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء زیادہ آشکارا کی جائے گی اسی قدر اس کو بھیجنے والے خدا کی عظمت وکبریائی کا نقش لوحِ قلب پر ثبت ہوتا جائے گا۔ سورت کے اختتام سے پہلے تخلیقِ آدم کا تذکرہ فرمایا اور نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ (ص:72) فرما کر ان ان گنت صلاحیتوں اور بیکراں استعدادوں کی طرف اشارہ کر دیا جن کا آدم کو امین بنایا گیا ہے۔ ساتھ ہی بتا دیا کہ شیطان نے آدم کی بے ادبی کر کے اپنے آپ کو ابدی لعنتوں کا مستحق قرار دیدیا۔ خود سوچو جو شخص محبوبِ رب العالمین کی شانِ رفیع کا انکار کرے گا اور بے ادبی کا مرتکب ہوگا اس کی تباہی وبربادی کا کیا حال ہوگا۔ آخر میں فرمایا کہ یہ کتاب ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (ص) ہے۔ کسی مخصوص قوم کے لیے، کسی محدود زمانہ کے لیے یہ پیغامِ ہدایت نہیں بلکہ سارے جہان اس کے نور سے تاباں ودرخشاں ہیں۔ جب یہ کتاب ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ہے، اس کو لانے والا رحمۃ للعالمین ہے اور اس کو نازل فرمانے والا رب العٰلمین ہے تو سارے نوعِ انسانی کا ایک دین اگر کوئی ہو سکتا ہے تو وہ دین اسلام ہے۔

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ وَّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ ص مکی ہے اس میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اٹھاسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝۱ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝۲

ص ۱ قسم ہے قرآن، سراپا نصیحت کی (دعوتِ محمدی حق ہے) ۲ لیکن یہ کفار تکبّر اور مخالفت میں (اندھے ہو گئے) ہیں ۳

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝۳

بہت سی اُمتوں کو ہم نے ہلاک کر دیا ان سے پہلے۔ پس وہ فریاد کرنے لگے اور نہیں تھا یہ وقت بچ نکلنے کا ۴

۱ حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ سورت کا نام ہے۔

۲ واؤ قسم کے لیے ہے یعنی ہمیں قرآن کی قسم ہے جس میں تمہاری دینی اور دنیوی سعادتوں کا مفصل بیان ہے اور جوابِ قسم محذوف ہے یعنی دینِ محمدی حق ہے۔ جوابِ قسم کے بارے میں اور قول بھی ہیں لیکن یہ اولیٰ ہے۔ (1)

۳ اگرچہ اسلام کی حقانیت اور دعوتِ محمدی کی صداقت روزِ روشن کی طرح واضح ہے لیکن کفار از راہِ غرور و عناد اس کو تسلیم نہیں کرتے۔ علامہ پانی پتی اس کا شانِ نزول بحوالہ احمدؒ و ترمذیؒ یہ بیان کرتے ہیں کہ جناب ابوطالب ایک دفعہ بیمار ہو گئے۔ قریش آپ کی عیادت کے لیے آئے، اتنے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی تشریف لائے۔ قریش نے ابوطالب سے حضور کی شکایت کی۔ آپ نے حضور ﷺ سے پوچھا: میرے بھتیجے! تم اپنی قوم سے کس بات کا مطالبہ کرتے ہو۔ حضور نے فرمایا:

''اُرِيْدُ مِنْهُمْ كَلِمَةً تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ وَتُؤَدِّيْ اِلَيْهِمُ الْعَجَمُ جِزْيَةً۔ قَالَ كَلِمَةً وَّاحِدَةً۔ قَالَ مَا هِيَ؟ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''۔ (2)

ترجمہ: حضور نے فرمایا: میں ان سے صرف ایک بات ماننے کا مطالبہ کرتا ہوں۔ اگر وہ مان لیں گے تو سارا عرب ان کا مطیع ہو گا اور عجم ان کو خراج پیش کرے گا۔ آپ نے پوچھا: وہ کونسی بات ہے؟

حضور نے فرمایا: وہ صرف یہ کہہ دیں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

کفار نے از راہِ تعجب کہا: صرف ایک خدا! یہ بڑی عجیب و غریب بات ہے۔ ہم یہ کیسے مان سکتے ہیں، اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں۔ یعنی کفار کا انکار کسی معقولیت پر مبنی نہیں، محض غرور و عناد کی وجہ سے مخالفت پر کمر بستہ ہیں۔ عِزَّةٌ: اِسْتِكْبَارٌ عَنِ الْحَقِّ وَحَمِيَّةٌ جَاهِلِيَّةٌ۔ یعنی حق سے نخوت اور زمانۂ جاہلیت کی عصبیت۔ شِقَاقٌ: خِلَافٌ وَّعَدَاوَةٌ: مخالفت اور عداوت۔ (3)

۴ کفار کی اس ہٹ دھرمی پر انہیں سرزنش کی جا رہی ہے کہ تم سے پہلے بھی جو لوگ مئے پندار سے مست تھے اور میرے بندوں

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص54-153 2۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر، ومن سورۃ ص، ج2، ص155 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص154

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝۴ ج

اور وہ (اس پر) حیران ہوئے کہ آیا ہے ان کے پاس ایک ڈرانے والا ان میں سے، اور کفار کہنے لگے کہ یہ شخص ساحر ہے کذاب ہے ۵ے

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝۵ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ

کیا بنا دیا ہے اس نے بہت سے خداؤں کی جگہ ایک خدا ۶ے بیشک یہ بڑی عجیب وغریب بات ہے ۷ے اور تیزی سے چل دیے

سے بلاوجہ عداوت رکھتے تھے ان پر جب ہمارا عذاب آیا تو ان کے سارے نشے ہرن ہو گئے، ساری دشمنیاں بھول گئے اور لگے چلانے اور فریاد کرنے۔ لیکن انہیں صاف صاف بتا دیا گیا کہ مہلت کی گھڑیاں ختم ہو چکی ہیں اب یہ واویلا لغو اور بے سود ہے۔

''لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ'' کی ترکیب میں نحویوں کے متعدد اقوال ہیں۔ سیبویہ کے نزدیک لا مشبہ بلیس۔ مبالغہ اور تاکید کے لیے تاء زائد کر دی گئی ہے۔ حِيْنَ مَنَاصٍ: اس کی خبر ہے اس لیے منصوب ہے۔ اور اس کا اسم ''حینٌ'' محذوف ہے۔ اور اخفش کے نزدیک لا نفی جنس کے لیے ہے۔ حین مناص اس کا اسم ہے اور خبر محذوف ہے۔ اَیْ لَهُمْ اَیْ لَا حِيْنَ مَنَاصٍ لَّهُمْ: مناص کا معنی ملجاء اور مفر: جائے پناہ۔ (1)

جب میدانِ جنگ میں کوئی قبیلہ دشمن کے حملے کی تاب نہیں لا سکتا تھا تو وہ ایک دوسرے کو کہتے تھے: مَنَاصٌ اَیْ عَلَيْكُمْ بِالْفِرَارِ: یعنی بھاگ کر جان بچاؤ۔ پہلی قوموں پر جب عذابِ الٰہی آیا اور اس کے مقابلے کی طاقت اپنے اندر نہ پائی تو حسبِ دستور وہ کہنے لگے: مناص۔ مناص: یعنی جس طرح ہو سکتا ہے بھاگ کر جان بچاؤ۔ اسی وقت انہیں کہا گیا۔ لَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ: اب تم کہیں بھاگ کر نہیں جا سکتے۔ بھاگ جانے کا وقت اور بچ جانے کا وقت اب گزر گیا ہے۔ (روح المعانی)

بعض نحویوں نے کہا ہے کہ لات یہ لَیْسَ کی بدلی ہوئی شکل ہے۔ یاء کو الف سے اور سین کو تا سے بدل دیا۔ بعض نے کہا کہ لات فعل ماضی ہے، اس کا معنی نَقَصَ وَقَلَّ ہے۔ (2)

۵ے وہ اس بات پر بڑے حیران تھے کہ ان میں سے ایک شخص کو کیونکر چن لیا گیا ہے؟ اور پھر اسے نبوت کی ذمہ داریاں کیوں سونپ دی گئی ہیں؟ چنانچہ انہوں نے حضور کو ماننے سے انکار کر دیا اور ساحر و کذاب کے بہتان لگانے لگے۔

کفار کا پہلے ذکر ہو چکا تھا۔ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ میں پھر اسمِ ظاہر ذکر کرنے کے بجائے ضمیر ہی کافی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اظہارِ غضب کے لیے اور ان کی مذمت کرنے کے لیے اسمِ ظاہر ذکر کیا تاکہ یہ بھی پتہ چلے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے محبوب کی طرف سحر و کذب کی جو نسبت کی ہے اس کی وجہ محض ان کا کفر ہے۔ وُضِعَ الظَّاهِرُ مَوْضِعَ الضَّمِيْرِ غَضَبًا عَلَيْهِمْ وَذَمًّا لَّهُمْ وَاِشْعَارًا بِاَنَّ كُفْرَهُمْ جَسَّرَهُمْ عَلٰى اَنْ قَالُوْا۔ (3)

۶ے جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مشرف باسلام ہوئے تو کفار کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی، ان کی پریشانی اور اضطراب کی حد نہ رہی۔ ولید بن مغیرہ نے سردارانِ قریش کو مشورہ کے لیے طلب کیا۔ پچیس کے قریب اکابرِ قوم اکٹھے ہوئے اور حالات کی سنگینی پر

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج23، ص64-163 2۔ ایضاً، ص165 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص155

مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۚ ۶

قوم کے سردار (رسول کے پاس سے) اور (قوم سے کہا) یہاں سے نکلو اور جمے رہو اپنے بتوں پر بیشک اس میں اسکا کوئی (ذاتی) مدعا ہے۔

تبادلۂ خیال کرنے لگے۔ ولید عمر میں سب سے بڑا تھا۔ اس نے مشورہ دیا کہ چلو ابوطالب کے پاس چلیں اور اسے کہیں کہ وہ اپنے بھتیجے کو سمجھائے کہ وہ ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہنے سے باز آجائے۔ چنانچہ سب اکابر حضرت ابوطالب کے پاس جمع ہوئے اور اپنی آمد کی غرض وغایت بیان کی۔ انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بلا بھیجا اور انھیں سمجھایا کہ ان کے معبودوں کو برا بھلا نہ کہیں۔ رحمتِ عالم نے ارشاد فرمایا: یَا عَمُّ اَفَلَا اَدْعُوْهُمْ اِلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ لَّهُمْ (1)۔ اے چچا! کیا میں اپنی قوم کو اس بات کی دعوت نہ دوں جس میں ان کی خیر وفلاح ہے؟ ابوطالب نے پوچھا: وہ کونسی دعوت ہے؟ حضور نے فرمایا کہ میں انہیں ایک کلمہ کی طرف دعوت دیتا ہوں اگر یہ اس کو قبول کرلیں تو عرب وعجم میں ان کی فرمانروائی ہوگی۔ قَالَ اَبُوْجَهْلٍ مَاهِيَ وَاَبِيْكَ لَنُعْطِيَنَّكَهَا وَعَشْرَ اَمْثَالِهَا (2)۔ ابوجہل نے کہا کہ تیرے باپ کی قسم! وہ کون سا ایسا کلمہ ہے؟ ہم صرف ایک کلمہ نہیں بلکہ اس طرح کے دس کلمے بھی ماننے کے لیے تیار ہیں۔ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُوْلُوْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ فَقَامُوْا مِنْ عِنْدِهٖ غِضَابًا۔ (ابن کثیر) (3) حضور نے فرمایا: تم صرف یہ مان لو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ یہ سنتے ہی بڑے غضبناک ہوکر وہ وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ الاٰية۔ ان کے نزدیک یہ بات ناممکن تھی کہ ایک خدا کائنات کی بیشمار چیزوں کے بیشمار احوال اور ضروریات کے لیے کافی ہے۔ اس لیے انہوں نے بہت سے خدا بنا لیے تھے اور ہر ایک کو زندگی کا ایک ایک شعبہ تفویض کر دیا تھا۔

ان کے ذہن میں خدا کا کتنا ناقص تصوّر تھا۔ وہ اپنی طرح اس کی قوتوں کو بھی محدود تصور کرتے تھے۔ لیکن وہ خدا جو سچا خدا ہے اور جس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں اس کی قوتیں، اس کی عظمتیں لامحدود ہیں۔ اس کے علم سے کوئی چیز مخفی نہیں ہے۔ اس کی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں۔ کائنات کی ہر چیز کا خالق بھی وہی ہے، مالک بھی وہی ہے اور اپنی حکمت سے ان کی بقاء اور نشوونما کے سارے اسباب مہیّا فرما رہا ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ان کفار کا اپنے بتوں کے بارے میں کیا اعتقاد تھا۔ وہ انہیں صفتِ الوہیت سے متصف سمجھتے تھے، وہ انہیں اپنا الٰہ اور معبود یقین کرتے تھے۔ لیکن غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء اپنے دل کی گہرائیوں سے یہ شہادت دیتے ہیں اور پختہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ ہمارا یہی عقیدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسی پر زندہ رکھے اور اسی پر ہم یہاں سے رخصت ہوں۔

ﷺ عُجَابٌ: بَلِيْغٌ فِي الْعَجَبِ (4): از حد حیرت انگیز یعنی ایک خدا کا عقیدہ بڑا تعجب انگیز ہے۔ بھلا کوئی شخص اسے کیسے قبول کر سکتا ہے۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ اَلْعُجَابُ، اَلْعَجَّابُ وَالْعَجَبُ سَوَاءٌ (5): یعنی یہ تینوں لفظ ہم معنی ہیں۔ وَقَدْ فَرَّقَ الْخَلِيْلُ بَيْنَ عَجِيْبٍ وَعُجَابٍ: فَقَالَ وَالْعَجِيْبُ الْمُعْجِبُ۔ وَالْعُجَابُ الَّذِيْ قَدْ تَجَاوَزَ حَدَّ الْعَجَبِ (6)۔ خلیل نے عجیب اور عجاب

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج23، ص81 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً 4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص155
5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص149 6۔ ایضاً، ص150

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۷ ءَاُنْزِلَ

ہم نے تو ایسی بات آخری ملّت (نصرانیت) میں بھی نہیں سنی۔ یہ بالکل من گھڑت مذہب ہے۔ ۹ کیا نازل کیا گیا ہے

عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا

اس پر 'الذکر' (قرآن) ہمارے درمیان میں سے ۱۰ بلکہ یہ کفار شک میں مُبتلا ہیں میرے ذکر کے متعلق۔ بلکہ انہوں نے ابھی

یَذُوْقُوْا عَذَابِ ۸ ؕ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۚ ۹

نہیں چکھا میرے عذاب کا مزا ۱۱ کیا ان کے قبضہ میں ہیں خزانے آپ کے رب کی رحمت کے ۱۲ جو عزت والا بے حساب عطا کرنے والا ہے

میں فرق کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں عجیب حیرت انگیز چیز کو کہتے ہیں اور عجاب اس کو کہتے ہیں جو تعجب انگیزی میں حد سے تجاوز کر گئی ہو۔

۸ جب سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دعوت اور اس دعوت کی قبولیت پر مترتب ہونے والے نتائج بڑے وثوق اور فیصلہ کن انداز میں ان کے سامنے پیش کیے تو کفار گھبرا گئے۔ انہیں اپنے خداؤں کی جھوٹی خدائی کا تخت ڈولتا ہوا نظر آنے لگا۔ فوراً خود بھی اس مجلس سے اٹھ بھاگے اور اپنے عوام کو بھی بڑے مشفقانہ اور تحکمانہ انداز میں ہدایت کی کہ یہاں سے نکلو۔ ان کی چکنی چپڑی باتیں مت سنو۔ اپنے مشرکانہ عقیدہ پر سختی سے جمے رہو۔ یہ دعوت اپنی حکومت اور اپنے تسلّط کو قائم کرنے کے لیے دی جا رہی ہے۔ اس کا صداقت وحقانیت سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ لَشَیْءٌ یُّرَادُ اَیْ اِنَّمَا یُرِیْدُ مُحَمَّدٌ بِمَا یَقُوْلُ الْاِنْقِیَادَ لِیَعْلُوَ عَلَیْنَا وَ نَكُوْنَ لَهٗ اَتْبَاعًا (1)۔ اَلْاِنْطِلَاقُ: اَلذِّهَابُ بِالسُّرْعَةِ (2): جلدی سے چلے جانا۔

۹ یہ بالکل نئی اور من گھڑت بات کہہ رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صرف ایک ہے۔ اگر یہ عقیدہ صحیح ہوتا تو عیسائیت جو آخری ملت ہے، اس میں بھی اس کا کوئی ثبوت ملتا۔ اِخْتِلَاقٌ: كَذِبٌ اُخْتُلِقَهٗ (3): ایسا جھوٹ جسے خود گھڑا گیا ہو۔

۱۰ وہ اپنے پیروکاروں کو کہنے لگے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے واقعی کوئی پیغمبر بھیجنا تھا تو سارے مکہ اور عرب میں سے انہیں کیوں منتخب کیا۔ نہ مال وزر ہے نہ کوئی یار و مددگار۔ ہم بڑے بڑے رؤسا، امراء اور سردارانِ قوم موجود تھے جن کے رُعب اور دبدبہ کی دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ ہم میں سے کسی کو اس خدمت کے لیے مامور کیا جانا چاہیے تھا تاکہ لوگ ہمارے اثر ورسوخ کے باعث اس دین کو قبول کرتے۔ (4)

۱۱ وہ ایسی باتیں اس لیے بنا رہے ہیں کہ ابھی ہمارے عذاب کا کوڑا ان کی پُشت پر نہیں لگا۔ ایک تھپڑ رسید ہوا تو سارا خمار اُتر جائے گا۔ خود بخود عقل درست ہو جائے گی۔

۱۲ رحمت کے خزانوں کے مالک ہم ہیں، ان کو بانٹنے والے ہم ہیں۔ جس کو چاہیں جتنا چاہیں، اور جس وقت چاہیں عطا فرما دیں۔ یہ کون ہیں ہماری بخشش وعطا پر اعتراض کرنے والے؟

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 152 2۔ ایضاً، ص 151 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 156 4۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 7

أَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ ﴿١٠﴾

کیا ان کے لیے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ۱۳ پس چاہیے کہ چڑھ جائیں (آسمان پر اس کی راہوں سے

جُندٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ﴿١١﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ

(درحقیقت) کفار کے لشکروں میں سے یہ ایک چھوٹا سا لشکر ہے جسے وہاں (بدر میں) شکست دیدی جائیگی ۱۴ جھٹلایا تھا ان سے پہلے قومِ نوح،

وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ﴿١٢﴾ وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ

عاد اور میخوں والے فرعون نے ۱۵ اور ثمود، قوم لوط اور اصحابِ ایکہ نے۔

اس آیت میں ان لوگوں کو جھڑکا جا رہا ہے اور سرزنش کی جا رہی ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت پر اعتراض کیا کرتے تھے۔

۱۳ نبوت کا مقام تو بہت اونچا ہے، کسی کو نبوت کی نعمت سے سرفراز کرنے کا اختیار تو بہت جلیل اور عظیم امر ہے، انہیں تو اس مادی دنیا کی معمولی چیزوں کے دینے اور چھیننے کا بھی کوئی اختیار نہیں۔ اگر ان کے پاس کوئی قوت و اختیار ہے تو اسے کام میں لا کر عرش تک رسائی حاصل کر لیں اور وہاں قبضہ جما کر بیٹھ جائیں اور کائنات کی حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لیں۔ مشرکینِ مکہ کا یہ اعتراض اور اس کا رد مختلف مقامات پر اور مختلف انداز سے مذکور ہے۔ اسباب سے مراد یا تو وہ راستے ہیں جن سے آسمان تک پہنچا جاتا ہے یا اس سے مراد آسمانوں کے دروازے ہیں۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز تک پہنچا جا سکے اسے سبب کہتے ہیں۔ قَالَ قَتَادَةُ وَ مُجَاهِدٌ اَرَادَ بِالْاَسْبَابِ اَبْوَابَ السَّمَاءِ وَ طُرُقَهَا مِنْ سَمَاءٍ اِلٰى سَمَاءٍ۔ كُلُّ مَا يُوْصِلُكَ اِلٰى شَيْءٍ مِّنْ بَابٍ اَوْ طَرِيْقٍ فَهُوَ سَبَبُهٗ۔ (مظہری)(1) یعنی قتادہ اور مجاہد کہتے ہیں کہ اسباب سے مراد آسمان کے دروازے ہیں یا وہ راستے جو ایک آسمان سے دوسرے آسمان کی طرف جاتے ہیں۔ الغرض ہر وہ چیز جو کسی تک پہنچنے کا ذریعہ ہو اسے سبب کہتے ہیں۔

۱۴ یعنی یہ مٹھی بھر تھوڑی سی فوج جسے کچھ عرصہ بعد میدانِ بدر میں پیس کر رکھ دیا جائے گا، اس کی حقیقت ہی کیا ہے کہ ہماری عطا پر اعتراض کر سکے۔

۱۵ ان سے پہلے بڑی بڑی سرکش قومیں اور فرعون جیسے جابر اور طاقتور بادشاہ گزرے ہیں۔ جب انہوں نے ہماری نافرمانی کی، تو ہم نے ان پر عذاب بھیج کر انہیں خاکِ سیاہ بنا دیا اور ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہا۔ فرعون کو ذُو الْاَوْتَادِ فرمایا گیا ہے۔ اس کی مختلف تاویلیں کی گئی ہیں۔ لغت میں ''وتد'' اس کھونٹی کو کہا جاتا ہے جس کے ساتھ خیموں کی رسیاں باندھی جاتی ہیں۔ یہاں اس سے یا تو اس کے لشکر کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ اس کا لشکر اتنا کثیر تھا کہ جہاں وہ پڑاؤ کرتا اس کے لیے خیمے نصب ہوتے تو ہر طرف کھونٹیاں ہی کھونٹیاں نظر آنے لگتیں جن کے ساتھ ان کے خیموں کی رسیاں باندھی جاتیں۔ بعض علماء نے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص157

أُولٰٓئِكَ الْأَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ وَ

یہی وہ گروہ ہیں (جنکا ذکر پہلے گزر چکا) ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو (ان پر) لازم ہوگیا میرا عذاب ۔ اور

مَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ إِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوا

نہیں انتظار کر رہے ہیں یہ (کفارِ مکہ) مگر ایک کڑک کی جسکے بعد کوئی مہلت نہیں ہوگی ۱۶ اور (مذاقاً) کہتے ہیں

رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُولُونَ

اے ہمارے ربّ جلدی دے دے ہمارے حصّہ (کا عذاب) یوم حساب سے پہلے ۱۷ (اے حبیب!) صبر کرو ان کی (نامعقول) باتوں

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْأَيْدِ ۚ إِنَّهٗٓ أَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ

پر اور یاد فرماؤ ہمارے بندے داؤد کو جو بڑا طاقتور تھا ۱۸ وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا ہم نے فرمانبردار بنادیا تھا پہاڑوں کو

کہا کہ اس کی حکومت کے استحکام اور پختگی کا ذکر ہے۔ اور بعض نے فرعون کو ذوالاوتاد کہنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ اس کا دستور تھا کہ جب وہ کسی مجرم کو سزا دیتا تو زمین میں چار میخیں گاڑ دیتا، پھر اس شخص کے ہاتھ پاؤں کو ان کے ساتھ مضبوطی سے باندھ دیتا یہاں تک کہ وہ شخص تڑپ تڑپ کر جان دے دیتا یا اس کو زمین پر لٹا کر اس کے ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک دیتا۔ (1)

۱۶ علامہ جوہری نے مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ کا معنی لکھا ہے کہ اَیْ مَا لَهَا مِنْ نَظْرَةٍ وَّ رَاحَةٍ وَّ اِفَاقَةٍ (صحاح) (2) یعنی انہیں نہ مہلت دی جائے گی نہ انہیں آرام نصیب ہوگا اور نہ ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے گی۔ علامہ آلوسی فواق کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس میں دو لغتیں ہیں۔ فَوَاقٌ۔ فُوَاقٌ۔ بعض کے نزدیک یہ دونوں ہم معنی ہیں اور بعض علمائے لغت کا خیال ہے کہ فُواق اسمِ مصدر ہے اَفَاقَ الْمَرِيْضُ سے جب وہ بیماری سے صحت کی طرف رجوع کرے۔ اسی لیے فراء نے اس کی تفسیر افاقہ اور استراحت کے ساتھ کی ہے اور اگر فُواق ہو تو اس کا معنی وہ وقت ہے جب ایک مرتبہ دودھ دوہ لینے کے بعد کھیری میں دوبارہ دودھ بھر جائے۔ (روح المعانی) (3)

۱۷ کہنے لگے: صبح شام آپ ہمیں عذابِ قیامت کی دھمکیاں دیتے رہتے ہیں، لو ہم دعا کرتے ہیں کہ ہم پر تو ہمارے حصے کا عذاب آج ہی نازل کر دیا جائے اور ہمارے ساتھ جو کچھ ہونا ہے آج ہی ہو جائے۔ یہ باتیں وہ از راہِ مذاق کیا کرتے تھے۔ قَالَ مُجَاهِدٌ قِطَّنَا: عَذَابَنَا۔ وَكَذَا قَالَ قَتَادَةُ نَصِيْبَنَا مِنَ الْعَذَابِ۔ (قرطبی) (4)

۱۸ اللہ تعالیٰ اپنے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کی ہرزہ سرائی اور بیہودہ گوئی پر صبر کی تلقین فرماتے ہیں اور حضرت داؤد علیہ السلام جن کو گوناگوں انعامات سے سرفراز کیا گیا تھا، ان کا ذکر کر کے تسلی دیتے ہیں۔ عَبْدَنَا (ہمارا بندہ) فرما کر حضرت داؤد کو معزز و مشرف کیا۔ ذوالاید، کا لغوی معنی ہے بہت ہاتھوں والا۔ اس سے مراد طاقتور اور قوی ہے۔ کیونکہ آپ عبادت اور جہاد میں بڑی

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 9
2۔ الصحاح، ج 4، ص 1546
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 73-172
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 157

يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً ۖ كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَ

وہ ان کے ساتھ تسبیح پڑھتے تھے عشاء اور اشراق کے وقت ۱۹ اور پرندوں کو، وہ بھی تسبیح کے وقت جمع ہو جاتے ۲۰ سب انکے فرمانبردار تھے ۲۱ اور

شَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ أَتَاكَ

ہم نے مستحکم کر دیا ان کی حکومت کو اور ہم نے بخشی انہیں دانائی اور فیصلہ کن بات کرنے کا ملکہ ۲۲ اور کیا آئی ہے آپکے

قوت اور توانائی کا مظاہرہ فرماتے۔ اس لیے آپ کو ذاالاید کہا گیا۔ آپ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے۔ اور یہ روزہ نفس پر بڑا گراں اور اللہ کے نزدیک بڑا فضیلت والا ہے۔ آپ نصف رات عبادت میں گزارتے۔ میدان جہاد میں دشمن کا سامنا ہوتا تو جم کر مقابلہ کرتے اور وہاں سے بھاگنے کا خیال تک دل میں نہ لاتے اور جب اللہ تعالیٰ کے حضور میں دعا مانگنے کے لیے کھڑے ہوتے تو عجز و نیاز کی انتہا کر دیتے۔ ذَاالْقُوَّةِ فِی الْعِبَادَةِ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَّيُفْطِرُ يَوْمًا وَ ذٰلِكَ اَشَدُّ الصَّوْمِ اَفْضَلُهٗ۔ وَ كَانَ يُصَلِّيْ نِصْفَ اللَّيْلِ وَ كَانَ لَايَفِرُّ اِذَا لَاقَى الْعَدُوَّ وَ كَانَ قَوِيًّا فِی الدُّعَاءِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى (قرطبی)(1)۔ اَوَّابٌ: بہت رجوع کرنے والا رَجَّاعٌ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَطَاعَتِهٖ عَزَّوَجَلَّ۔(2)

۱۹ اللہ تعالیٰ نے جن خصوصی عنایات سے آپ کو نوازا ان میں سے چند ایک کا ذکر یہاں فرمایا جا رہا ہے۔ آپ جب ذکرِ الٰہی میں مشغول ہوتے تو پہاڑ بھی آپ کے ساتھ مل کر ذکر کیا کرتے۔ پہاڑوں کی اس تسبیح سے کیا مراد ہے؟ بعض نے کہا ہے کہ جب آپ ذکر کرتے تو آپ کی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے۔ اسی گونج کو پہاڑوں کا ذکر کہا گیا ہے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ پہاڑ زبانِ حال سے ذکرِ الٰہی کیا کرتے اور بعض حضرات کی تحقیق یہ ہے کہ جب آپ مصروفِ ذکر ہوتے تو پتھر، سنگریزے، چٹانیں اور پہاڑی ڈھلوانیں سب زبانِ قال سے آپ کے ساتھ مل کر ذکر کیا کرتیں۔ علامہ قرطبی نے اسی قول کو صحیح فرمایا ہے۔ اِنَّ ذٰلِكَ تَسْبِيْحٌ مَّقَالٌ عَلَى الصَّحِيْحِ مِنَ الْاَقْوَالِ۔(3)

اشراق اس وقت کو کہتے ہیں جب سورج کافی اونچا ہو جائے جسے ہم چاشت کا وقت کہتے ہیں۔ اس وقت جو نوافل پڑھے جاتے ہیں اسے صلوٰۃ الضحیٰ کہتے ہیں۔ حدیثِ پاک میں صلوٰۃ الضحیٰ کی بڑی فضیلت مذکور ہے۔ ترمذی میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلٰى شُفْعَةِ الضُّحٰى غُفِرَ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ(4) کہ جو شخص پابندی سے ضحیٰ کے وقت دو نفل پڑھے گا، اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے مانند ہوں۔ صحیحین کی ایک حدیث میں ہے: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَوْصَانِیْ خَلِيْلِیْ بِثَلَاثٍ لَّا اَدَعُهُنَّ حَتّٰى اَمُوْتَ۔ صَوْمُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ، صَلٰوةُ الضُّحٰى وَنَوْمٌ عَلٰى وِتْرٍ(5) ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میرے خلیل نے مجھے تین باتوں کی وصیت فرمائی ہے اور تادمِ مرگ میں انہیں نہیں چھوڑوں گا۔ ۱۔ ہر ماہ میں تین دن روزہ رکھنا۔ ۲۔ نمازِ ضحیٰ۔ ۳۔ سونے سے پہلے وتر پڑھ لینا۔ ضحیٰ کی کم سے کم دو رکعتیں ہیں، زیادہ سے زیادہ بارہ۔ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

۲۰ آپ کی آواز اتنی شیریں، دلکش اور سوز و گداز سے بھری ہوئی تھی کہ جب آپ ذکر کرتے تو اڑتے ہوئے پرندے بھی رک

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، ج15، ص158 2۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، ج23، ص173 3۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، ج15، ص159

4۔ جامع ترمذی، ابواب الوتر، باب ماجاء فی صلوٰۃ الضحیٰ، ج1، ص63 5۔ صحیح بخاری، کتاب التہجد، باب من لم یصل الضحیٰ ورآہ واسعا، ج1، ص157

نَبَؤُا الْخَصْمِ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ

پاس اطلاع فریقان مقدمہ کی جب انہوں نے دیوار پھاندی عبادت گاہ کی ۲۳ اور جب اچانک داخل ہوئے داؤد پر پس آپ کچھ گھبرا

قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ

گئے ان سے۔ انہوں نے کہا ڈریئے نہیں ہم تو مقدمہ کے دو فریق ہیں، زیادتی کی ہے ہم میں سے ایک نے دوسرے پر آپ ہمارے درمیان انصاف سے

وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ لَهٗ تِسْعٌ وَّ

فیصلہ فرمایئے اور بے انصافی نہ کیجئے ۲۴ اور دکھایئے ہمیں سیدھا راستہ۔ (صورتِ نزاع یہ ہے کہ) یہ میرا بھائی ہے اور اس کی ننانوے

جاتے اور آپ کے اردگرد حلقہ بنا کر بیٹھ جاتے اور آپ کی آواز کے ساتھ آواز ملا کے اپنے خداوندِ کریم کی تسبیح کہتے۔ (1)

۲۱ لہٗ کی ضمیر کا مرجع حضرت داؤد علیہ السلام ہیں یعنی پہاڑ اور پرندے سب آپ کے اطاعت گزار تھے۔ كُلٌّ لَّهٗ اَیْ لِدَاوٗدَ: اَوَّابٌ اَیْ مُطِیْعٌ (قرطبی) اور بعض نے لَهٗ کا مرجع ذاتِ باری کو بنایا ہے۔ قِیْلَ الْهَاءُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔ (2)

۲۲ نیز ہم نے ان پر مزید کرم یہ فرمایا کہ ان کی حکومت کو مستحکم کر دیا۔ آپ کی ہیبت دلوں میں بٹھا دی۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ بغاوت اور سرکشی کا خیال تک دل میں لا سکے۔ اس کے علاوہ آپ کے سینہ کو نورِ حکمت سے روشن فرما دیا اور آپ کو ایسی بے نظیر فصاحت و بلاغت بخشی کہ آپ کی گفتگو کے بعد کسی کو تکرار یا انکار کی گنجائش ہی نہ رہتی، سب جھگڑے ختم ہو جاتے۔ فَصْلُ الْخِطَابِ: اَلْبَیَانُ الْفَاصِلُ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ (3): ایسا بیان، ایسی تقریر جو حق و باطل کو الگ الگ کر دے۔

۲۳ اس سے پہلے کہ اس قصہ کی تحقیق کی جائے جو عام طور پر یہاں بیان کیا جاتا ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ پہلے ان آیات کی تشریح کر دی جائے اور آخر میں اس قصہ کے متعلق محققین علماء کی رائے قارئین کی خدمت میں پیش کی جائے۔

جب کسی واقعہ کی اہمیت پر مخاطب کو متوجہ کرنا ہوتا ہے تو اس کا آغاز اس قسم کے استفہام سے کیا جاتا ہے تاکہ سننے والا ہمہ تن گوش ہو کر اس واقعہ کو سنے اور اس سے عبرت حاصل کرے۔ اَلْاِسْتِفْهَامُ التَّنْبِیْهُ عَلٰى جَلَالَةِ الْقِصَّةِ وَ الْاِصْغَاءِ لَهَا وَ الْاِعْتِبَارِ بِهَا (4): یعنی کیا آپ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی ہے کہ جب مدعی اور مدعا علیہ دونوں فریق دیوار پھاند کر حضرت داؤد علیہ السلام کے عبادت خانہ میں اچانک جا دھمکے؟

تَسَوَّرَ الْحَائِطَ: تَسَلَّقَ (5): دیوار پر رینگ کر چڑھنا۔ محراب سے مراد آپ کی عبادت کا حجرہ ہے۔ اس کا ماخذ حرب ہے کیونکہ وہاں آپ اپنے نفس سے برسرِ پیکار تھے، اس لیے اس کو محراب کہا گیا۔ مسجد کے محراب کو بھی اسی لیے محراب کہا جاتا ہے کہ وہاں بھی جماعتِ مسلمین کا امام ہوائے نفس، تضلیلِ ابلیس اور طرح طرح کے خطرات اور مشکلات کے خلاف اپنی قوم کو جہاد کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ مساجد میں محراب کی موجودہ شکل عہدِ رسالت میں نہ تھی۔ صَرَّحَ الْجَلَالُ السُّیُوْطِیُّ اَنَّ الْمَحَارِیْبَ الَّتِیْ

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص13
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص161
3۔ ایضاً، ص162
4۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج13، جز26، ص190
5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص165

تِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۭ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي

دُنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے ۲۵ اب یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کردے اور سختی کرتا ہے میرے

الْخِطَابِ ۲۳ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا

ساتھ گفتگو میں ۲۶ آپ نے فرمایا بیشک اس نے ظلم کیا ہے تم پر یہ مطالبہ کرکے کہ تیری دُنبی کو اپنی دُنبیوں میں ملادے ۲۷ اور اکثر حصہ دار

مِّنَ الْخُلَطَاۗءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

زیادتی کرتے ہیں ایک دوسرے پر ۲۸ سوائے ان حصہ داروں کے جو ایمان لائے اور نیک کام کرتے

فِی الْمَسَاجِدِ بِهَيْئَتِهَا الْمَعْرُوْفَةِ الْيَوْمَ لَمْ يَكُنْ فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ (روح المعانی)(1)

۲۴ آپ کا معمول تھا کہ آپ ایک روز حکومت کے کاروبار کو انجام دیتے، مقدمات کا فیصلہ کرتے، ایک روز اپنے گھر کے فرائض انجام دیتے۔ تیسرا دن انہوں نے صرف عبادت کے لیے مخصوص کیا ہوا تھا اور اس دن اپنی عبادت گاہ پر پاسبان مقرر کر دیتے تا کہ لوگ ان کی عبادت میں مخل نہ ہوں۔ اس روز کسی کی مجال نہ ہوتی تھی کہ اندر آنے کی جرأت کر سکے۔ ایک دفعہ آپ اپنے عبادت کے حجرے میں مصروف تھے۔ ایسے وقت میں ان اجنبیوں کا دیوار پھاند کر بغیر اجازت طلب کیے ہوئے اندر گھس آنا بڑا حیرت انگیز واقعہ تھا۔ آپ کو گھبراہٹ سی لاحق ہوئی، وہ بھی اس چیز کو بھانپ گئے اور کہنے لگے: ڈریئے نہیں ہم تو دو فریق ہیں اور اپنے مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ آپ ازراہِ نوازش حق وانصاف کے ساتھ ہمارا فیصلہ فرما دیجیے اور ہم میں سے کسی پر بھی ظلم وزیادتی نہ ہو۔ جو فریق بھی ظلم وعدوان کی راہ پر گامزن ہے اسے عدل وانصاف کی سیدھی راہ پر چلنے کی ہدایت فرما دیجیے۔ لَا تُشْطِطْ اَیْ لَا تَتَجَاوَزْ۔ (2)

۲۵ اب وہ اپنا تنازعہ پیش کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہنے لگا کہ یہ شخص میرا بھائی ہے۔ اس کے پاس ۹۹ دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک ہی دنبی ہے۔ یہ مجھے کہتا ہے کہ یہ ایک دنبی بھی مجھے دے دو۔ میں اس کی حفاظت کروں گا۔ اس طرح میری دنبیوں کی تعداد پوری سو ہو جائے گی اور تو اس دنبی کی حفاظت کے جھنجھٹ سے چھوٹ جائے گا۔

۲۶ یہ جب بات کرتا ہے تو چھا جاتا ہے اور سننے والا یوں محسوس کرتا ہے کہ یہ سچا ہے اور میری دادرسی کرنے کے بجائے الٹا مجھے ہی مجرم قرار دے دیا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ اس رعب سے مجھ سے بات کرتا ہے کہ میں جواب دینے کی جرأت بھی نہیں کر سکتا۔ اَیْ مُخَاطَبَتُهٗ اِیَّاهُ مُحَاجَّةٌ بِاَنْ جَاءَ بِحِجَاجٍ لَمْ اُطِقْ رَدَّهٗ (روح المعانی)(3)

۲۷ آپ نے فریقین کی باتیں سننے کے بعد فیصلہ دیا کہ یہ اس کی سراسر زیادتی ہے۔ یہ اتنا حریص ہے کہ ننانوے دنبیوں سے بھی اس کی چشمِ آز سیر نہیں ہوتی، بجائے اس کے کہ اپنے بھائی کے پاس صرف ایک دنبی دیکھ کر اسے رحم آئے اور اسے دس بیس دنبیاں اپنے پاس سے دیدے تا کہ اس کی حالت سنبھل جائے اور برادرانہ تعلقات کی لاج بھی رہ جائے، وہ اس کے پاس ایک

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 178 2۔ ایضاً، ص 179 3۔ ایضاً، ص 180

الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَ

رہے اور ایسے لوگ بہت تھوڑے ہیں ۲۹ اور فوراً خیال آگیا داؤد کو کہ ہم نے اُسے آزمایا ہے سو وہ معافی مانگنے لگ گئے

خَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ

اپنے رب سے اور گر پڑے رکوع میں ۳۰ اور رجوع ہوئے (دل و جان سے) اسکی طرف متوجہ ہوگئے پس ہم نے بخشدی انکی یہ تقصیر اور بیشک ان کیلیے ہمارے ہاں بڑا قرب ہے ۳۱

السجدۃ

دنیا بھی نہیں دیکھ سکتا، اسے بھی چھین لینا چاہتا ہے۔ یہ سراسر ظلم ہے، یہ صریح زیادتی ہے۔

۲۸ فرمایا: اکثر حصہ داروں کا یہی دستور ہے۔ بڑے حصے والا اپنے سے کم حصہ والے اور کمزور کو اس کی قلیل پونجی سے بھی محروم کر دیتا ہے: البتہ وہ حصہ دار جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہوں اور نیک اعمال کے خوگر ہوں وہ اپنے دوسرے حصہ داروں پر جبر نہیں کرتے، ان کا حق نہیں چھینتے، بلکہ حق و انصاف اور مروت و اخلاص کے تقاضوں کو ہر قیمت پر پورا کرتے ہیں۔

۲۹ لیکن ایسے لوگوں کی تعداد بہت تھوڑی ہے، انہیں انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے۔

۳۰ یہ فیصلہ سنانے کے بعد معاً حضرت داؤد کو کوئی اپنی بات یاد آ گئی اور یہ خیال کیا کہ یہ تو میری آزمائش کی جا رہی ہے۔ فوراً مغفرت طلب کرنے لگے اور سجدہ میں گر گئے۔ یہاں راکع سے مراد ساجد ہے۔ اور رکوع سجود کے معنی میں اکثر استعمال ہوتا رہتا ہے، جیسے اس شعر میں ہے۔

فَخَرَّ عَلٰى وَجْهِهٖ رَاكِعًا وَتَابَ اِلَى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ (روح المعانی)(1)

یعنی وہ سجدہ کرتے ہوئے منہ کے بل گر پڑا اور بارگاہِ الٰہی میں ہر گناہ سے توبہ کی۔ اس شعر میں رَاكِعًا کا معنی سَاجِدًا ہے۔ سجدہ کرنے والا۔

۳۱ بیشک داؤد کا مقام ہمارے نزدیک بہت بلند ہے اور ان کے پلٹ کر آنے کی جگہ بہت اعلیٰ و عمدہ ہے۔

آیات کی اس تشریح کے بعد اب ہم اس واقعہ کی تحقیق کرتے ہیں جس کی طرف ابتدا میں اشارہ کیا گیا ہے۔ ضیاء القرآن میں آپ مختلف مقامات پر پڑھ آئے ہیں کہ بنی اسرائیل اپنے انبیائے کرام پر فحش تہمتیں لگانے میں کتنے بیباک تھے۔ ایسی چیزیں جو ایک عام شریف آدمی کی طرف بھی منسوب کرتے ہوئے انسان ہچکچاتا ہے وہ بے دریغ اپنے نبیوں، اپنے محسنوں اور اپنے مشاہیر کی طرف منسوب کر دیتے تھے۔ انہی خرافات میں سے ایک یہ واقعہ بھی ہے جو بائیبل میں بڑی تفصیل سے نمک مرچ لگا کر لکھا گیا ہے۔ جی تو نہیں چاہتا کہ قارئین کے ذوق کو مجروح کیا جائے، لیکن عرضِ حال کے لیے چند سطور لکھنا ضروری سمجھتا ہوں۔

کتاب ۲ سموئیل باب ۱۱ میں مذکور ہے:

''اور شام کے وقت داؤد اپنے پلنگ پر سے اٹھ کر بادشاہی محل کی چھت پر ٹہلنے لگا اور چھت پر سے اس نے ایک عورت کو دیکھا جو نہا رہی تھی اور وہ عورت نہایت خوبصورت تھی۔ تب داؤد نے لوگ بھیج کر اس عورت کا

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 183

حال دریافت کیا اور کسی نے کہا کیا وہ العام کی بیٹی بت سبع نہیں جو حتی اوریاہ کی بیوی ہے؟ اور داؤد نے لوگ بھیج کر اسے بلا لیا۔ وہ اس کے پاس آئی اور اس نے اس سے صحبت کی۔ پھر وہ اپنے گھر کو چلی گئی اور وہ عورت حاملہ ہوگئی۔ سو اس نے داؤد کے پاس خبر بھیجی کہ میں حاملہ ہوں''۔ (آیات: ۲ تا ۵)(1)

اس سے آگے چل کر وہ لکھتے ہیں کہ حضرت داؤد نے یوآب جو فوج کا کمانڈر تھا کو لکھا کہ جب دشمن سے جنگ شروع ہو تو حتی اوریاہ کو ایسی جگہ پر تعینات کیا جائے کہ اس کا قتل ہو جانا یقینی ہو۔ ملاحظہ ہو:

''صبح کو داؤد نے یوآب کے لیے ایک خط لکھا اور اسے اوریاہ کے ہاتھ بھیجا اور اس نے خط میں یہ لکھا کہ اوریاہ کو گھمسان میں سب سے آگے رکھنا اور تم اس کے پاس سے ہٹ جانا تا کہ وہ مارا جائے اور جاں بحق ہو۔ اور یوں ہوا کہ جب یوآب نے اس شہر کا ملاحظہ کر لیا تو اس نے اوریاہ کو ایسی جگہ رکھا جہاں وہ جانتا تھا کہ بہادر مرد ہیں اور اس شہر کے لوگ نکلے اور یوآب سے لڑے اور وہاں داؤد کے خادموں میں سے تھوڑے سے لوگ کام آئے اور حتی اوریاہ بھی مر گیا۔''(2) کتاب ۲۔ سیموئیل، باب ۱۱۔ آیت: ۱۴ تا ۱۷

علمائے یہود نے اپنی مقدس کتاب میں جو الزام حضرت داؤد پر لگایا۔ اس کو پھر یوں اچھالا کہ زبان زدِ عام ہو گیا۔ حتیٰ کہ بعض مفسرین نے ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے اس واقعہ کو من وعن ذکر کر دیا۔

حضرت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس قصہ کے متعلق خوب تحقیق کی ہے اور تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں: کہ یہاں ایک افسانہ بیان کیا جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے تو اس افسانہ کو ایسا رنگ دیا ہے کہ گناہِ کبیرہ کی نسبت اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر بندے کی طرف ہوتی ہے اور بعض نے اس واقعہ کو اس طرح ذکر کیا ہے کہ گناہِ صغیرہ کا ارتکاب لازم آتا ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں: وَ الَّذِیْ اَدِیْنُ بِهٖ وَ اَذْهَبُ اِلَیْهِ اَنَّ ذٰلِكَ بَاطِلٌ(3): کہ میرا عقیدہ اور میری تحقیق یہ ہے کہ یہ واقعہ سراسر باطل اور لغو ہے۔ پھر اس کے بطلان پر کئی دلیلیں پیش کی ہیں، فرماتے ہیں:

اگر ایسی حرکت فاسق ترین آدمی کی طرف بھی منسوب کی جائے تو وہ بھی اس کو برداشت نہیں کرے گا۔ اور جس بد بخت نے ایسی فحش بات اللہ تعالیٰ کے نبی کی طرف منسوب کی ہے اگر خود اس پر ایسا الزام لگایا جائے تو وہ اپنی کمینگی اور خباثتِ طبع کے باوجود اس کی پُرزور تردید کرے گا اور بہتان لگانے والے پر لعنت بھیجے گا۔ ایسا گھناؤنا جُرم جسے ایک ادنیٰ درجہ کا امتی اپنے لیے پسند نہیں کرتا، ایک نبی کا دامنِ عصمت اس سے کب آلودہ ہو سکتا ہے؟ نیز اگر قصہ کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو حضرت داؤد پر دو سنگین جرم ثابت ہوں گے۔ ایک قتلِ بیگناہ دوسرا فعلِ قبیح۔ قرآن میں یہ آیات اس لیے نازل کی گئیں تا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دلجوئی ہو اور حضرت داؤد کے اسوۂ حسنہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے وہ کفار کی دلآزاری سے کبیدہ خاطر نہ ہوں۔ اگر حضرت داؤد سے یہ حرکت سرزد ہوئی ہوتی تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے ذکر سے اپنے محبوب کی دلجوئی نہ فرماتا جو اپنی خواہشِ نفس کے سامنے بے بس ہے اور قتلِ بیگناہ کے ارتکاب کی جرأت کرتا ہے۔ نیز سابقہ آیات میں حضرت داؤد کو جن صفاتِ عالیہ سے موصوف فرمایا گیا ہے: عَبْدَنَا (ہمارا بندہ) ذَاالْاَیْدِ (عبادت وطاعت میں بڑا طاقتور) اَوَّابٌ (ہر وقت رجوع کرنے والا) صَاحِبُ فَصْلِ الْخِطَابِ وغیرہا۔ اگر آپ سے

1۔ کتاب مقدس (پرانا عہد نامہ)، سموئیل، باب 11، آیت 2 تا 5، ص 303 2۔ ایضاً، آیت 14 تا 17، ص 303-4 3۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 13، جز 26، ص 190

ایسی رذیل حرکت سرزد ہوئی ہوتی تو آپ کو ان اوصافِ جمیلہ سے موصوف کرنے کا پھر کوئی مقصد نہ رہتا۔ اور آپ کو عِنْدَنَا لَزُلْفٰی اور حُسْنَ مَاٰبٍ کی خوشخبری ہرگز نہ دی جاتی۔ اس لیے آیات کا سیاق وسباق دونوں اس قصہ کی پرزور تردید کرتے ہیں اور اسے سراپا لغو اور بے ہودہ قرار دیتے ہیں۔ (کبیر)

حضرت سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

''مَنْ حَدَّثَکُمْ بِحَدِیْثِ دَاوٗدَ عَلٰی مَا یَرْوِیْهِ الْقُصَّاصُ جَلَدْتُّهٗ مِائَةً وَّ سِتِّیْنَ۔''(1)

ترجمہ: یعنی جو شخص حضرت داؤد کے متعلق ایسی بات کرے جس طرح قصہ گو کیا کرتے ہیں تو میں اسے ایک سو ساٹھ درّے لگاؤں گا۔

بعض حضرات نے ان آیات کا پس منظر اس طرح بیان کیا ہے کہ اس زمانے میں یہ عام رواج تھا اور اس میں کوئی قباحت محسوس نہیں کی جاتی تھی کہ اگر کسی کی منکوحہ کی طرف کسی کا میلان ہو جاتا تو وہ اس سے کہتا کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دے دو تا کہ میں اس کے ساتھ نکاح کر لوں، چنانچہ بسا اوقات وہ شخص اپنے دوست کی یہ درخواست قبول کر لیتا اور وہ آدمی عدت گزرنے کے بعد اس عورت کے ساتھ نکاح کر لیتا۔ لیکن نبی کی شان بڑی اونچی ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات پر تنبیہ فرما دی۔

امام ابوبکر جصاص نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ ابھی اس عورت کی شادی اور یاہ کے ساتھ نہیں ہوئی تھی صرف منگنی طے پائی تھی اور حضرت داؤد نے اس عورت کے گھر والوں سے اس کا رشتہ طلب کیا اور انہوں نے وہ رشتہ دے دیا۔ لیکن یہ ساری باتیں قیاس آرائیوں کے بغیر اور کچھ نہیں۔

ان تمام توجیہات کے بعد علامہ رازی فرماتے ہیں کہ مناسب یہ ہے کہ آیات میں مذکورہ اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا جائے کہ نہ گناہِ کبیرہ کی نسبت آپ کی طرف ثابت ہو اور نہ گناہِ صغیرہ کی بلکہ آپ کی مدح وثنا کا پہلو نکلے۔ بنی اسرائیل میں ایک گروہ آپ کا مخالف ہو گیا تھا اور انہوں نے آپ کے قتل کرنے کی تدبیریں سوچنا شروع کر دی تھیں۔ آپ ہر تیسرے دن خلوت نشین ہو کر اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادت میں مشغول ہو جایا کرتے تھے۔ انہوں نے اس موقع کو غنیمت جانا اور دیوار پھاند کر اندر آ گئے تا کہ تنہائی میں آپ کا کام تمام کر دیں اور پہرے داروں کو بھی اس کا پتہ نہ چلے۔ جب وہ آپ کے حجرہ میں پہنچے تو وہاں بہت سے آدمی موجود تھے۔ جن کی وجہ سے وہ اپنے منصوبہ کو عملی جامہ نہ پہنا سکے اور اپنے آنے کی ایک جھوٹی اور من گھڑت وجہ بیان کر دی کہ ہم تو آپ سے ایک مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آئے، دروازہ بند پایا، پہرہ داروں نے اندر آنے کی اجازت نہ دی، اس لیے مجبوراً ہم دیوار کو پھاند کر اندر آ گئے۔ آپ ان کی بدنیتی پر آگاہ ہو گئے۔ پہلے تو آپ کو بڑا غصہ آیا اور ان سے انتقام لینے کا ارادہ کیا، لیکن بعد میں عفو ودرگزر سے کام لیتے ہوئے انہیں معاف کر دیا اور استغفار اس لیے مانگی کہ ان کے دل میں اپنی ذات کے متعلق انتقام لینے کا خیال ہی پیدا کیوں ہوا؟ علامہ رازی آخر میں فرماتے ہیں: وَکَانَ قَوْلُنَا اَوْلٰی وَ هٰذَا مَا عِنْدَنَا فِیْ هٰذَا الْبَابِ۔ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَسْرَارِ کَلَامِهٖ۔ (کبیر)(2) یعنی ہماری یہ توجیہہ سب اقوال سے بہتر ہے اور اس ضمن میں ہماری یہی تحقیق ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کے اسرار ورموز کو بہتر جانتا ہے۔

علامہ ابوحیان اُندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر البحر المحیط میں اپنی تحقیق کا خلاصہ تحریر فرمایا ہے۔ اس کا ترجمہ بھی ہدیۂ ناظرین ہے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 13، ج 26، ص 193 2۔ ایضاً، ج 13، ج 26، ص 195

''ہماری تحقیق یہ ہے کہ دیوار کو پھاند کر محراب میں آنے والے انسان تھے۔ وہ ایسے راستے سے داخل ہوئے تھے، جو داخل ہونے کا راستہ نہ تھا۔ اور ایسے وقت آئے تھے جو آپ کی عدالت کا وقت نہ تھا۔ آپ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ مجھے قتل نہ کر دیں۔ لیکن جب واضح ہو گیا کہ یہ دونوں تو کسی مقدمہ کا فیصلہ کرانے کے لیے آئے تھے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے تو حضرت داؤد کو پتہ چل گیا کہ یہ سارا واقعہ یعنی ان لوگوں کا بے وقت آ دھمکنا اور غیر معروف راہ سے آنا اور آپ کا ان کے بارے میں یہ خیال کرنا کہ یہ قتل کے ارادہ سے آئے ہیں، اور اس وجہ سے آپ کا گھبرا جانا، یہ سب آزمائش ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے آزمانا چاہا ہے اور ان کے بارے میں ان کا سوءِ ظن کرنا آپ کی شانِ نبوت سے فروتر ہے۔ اس لیے آپ مغفرت طلب کرنے لگے۔ آخر میں علامہ مذکور لکھتے ہیں:

وَنَعْلَمُ قَطْعًا اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مَعْصُوْمُوْنَ مِنَ الْخَطَايَا لَا يُمْكِنُ وُقُوْعُهُمْ فِيْ شَيْءٍ مِّنْهَا ضُرُوْرَةً اِنَّا لَوْ جَوَّزْنَا عَلَيْهِمْ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ بَطَلَتِ الشَّرَائِعُ وَلَمْ يُوْثَقْ بِشَيْءٍ مِمَّا يَذْكُرُوْنَ اَنَّهٗ وَحْيٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَمَا حَكَى اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهٖ يَمُرُّ عَلٰى مَا اَرَادَهُ اللّٰهُ وَمَا حَكَى الْقَصَّاصُ مِمَّا فِيْهِ نَقْصٌ لِمَنْصَبِ الرِّسَالَةِ طَرَحْنَاهُ وَنَحْنُ كَمَا قَالَ الشَّاعِرُ:

وَنُؤْثِرُ حُكْمَ الْعَقْلِ فِيْ كُلِّ شُبْهَةٍ اِذَا آثَرَ الْاَخْبَارَ جُلَّاسُ قَصَّاصِ

یعنی ہمارا پختہ یقین ہے کہ انبیاء علیہم السلام گناہ اور خطاء سے معصوم ہوتے ہیں۔ ان سے ایسے امور قطعاً سرزد نہیں ہو سکتے۔ اگر ایسا ہوتا تو شرعی احکام پر اعتماد باقی نہ رہتا اور انبیاء کے فرمودات سے اعتبار اٹھ جاتا۔ قصہ گو لوگوں نے منصبِ نبوت کے منافی جو کہانیاں گھڑ لی ہیں۔ ہم ان کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا کرتے ہیں۔ ہمارا مسلک تو وہ ہے جو شاعر نے اس شعر میں بیان کیا ہے۔ کہتا ہے:

''جس بارے میں شک وشبہ ہو وہاں ہم عقل کا فیصلہ مانتے ہیں جبکہ قصہ گوؤں کے ہمنشین حکایتوں اور کہانیوں کو ترجیح دیتے ہیں''۔(1)

شیخ اکبر حضرت ابنِ عربی رحمۃ اللہ علیہ نے یہاں خوب لکھا ہے:

واعظوں کو چاہیے کہ وہ اپنے وعظوں میں غلط قصے اور جھوٹی کہانیاں بیان نہ کیا کریں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ بندہ جب جھوٹ بولتا ہے، تو اس کی بدبو کے باعث فرشتے اس سے تیس میل دور بھاگ جاتے ہیں اور اس آدمی کو بہت برا جانتے ہیں۔ جب واعظ یہ جانتا ہے کہ فرشتے مجلسِ وعظ میں حاضر ہوتے ہیں تو اس پر لازم ہے کہ وہ سچ بولنے کی پوری کوشش کرے۔

پھر فرماتے ہیں:

وَلَا يَتَعَرَّضُ لِمَا ذَكَرَهُ الْمُؤَرِّخُوْنَ عَنِ الْيَهُوْدِ مِنْ زَلَّاتِ مَنْ اَثْنَى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ اجْتَبَاهُمْ وَيَجْعَلُ ذٰلِكَ تَفْسِيْرًا لِكِتَابِ اللّٰهِ۔ (فتوحاتِ مکیہ۔ جلد دوم۔ صفحہ ۲۵۶۔ مطبوعہ مصر)(2)

واعظ پر فرض ہے کہ ایسی باتوں سے کلیۃً اجتناب کرے جو مؤرخین نے بلا تحقیق یہودیوں سے نقل کی ہیں جن میں ان

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 393 2۔ فتوحاتِ مکیہ، ج 2، ص 256، مطبوعہ دار الکتب العربیۃ الکبریٰ، مصر

حُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِیْفَةً فِی الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَیْنَ

اور خوبصورت انجام ہے۔ اے داؤد ہم نے مقرر کیا ہے آپ کو (اپنا) نائب زمین میں ۳۲ پس فیصلہ کیا کرو لوگوں

مقدس ہستیوں کی لغزشوں کا بیان ہوتا ہے جن کی اللہ تعالیٰ نے ثنا و توصیف فرمائی ہے اور انہیں دوسرے لوگوں سے چن لیا ہے، اور پھر ان لغویات کے بارے میں کہے کہ وہ قرآن کی تفسیر بیان کر رہا ہے۔

امید ہے ان سطور کے مطالعہ سے حقیقت حال واضح ہو گئی ہو گی۔ اور قارئین کے ذہن سے وہ بوجھ اتر گیا ہو گا، جو داستاں سرائی کرنے والے لوگوں کی تحریر پڑھنے اور تقریر سننے کے بعد ہر سلیم الطبع انسان محسوس کرنے لگتا ہے۔

وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِاَسْرَارِ كِتَابِهٖ وَحَبِیْبُهُ الْاَكْرَمُ اَعْرَفُ بِحَقَائِقِ اٰیَاتِ رَبِّهٖ۔

۳۲ حضرت داؤد علیہ السلام کو بتایا جا رہا ہے کہ تم کسی شاہی خاندان کے فرد نہیں ہو کہ تمہیں یہ حکومت اور تخت ورثہ میں ملا ہو۔ تم ایک غیر معروف چرواہے تھے۔ ہم نے اپنے فضل و کرم سے آپ کے لیے یہ راہ ہموار کی اور اپنی مہربانی سے بنی اسرائیل کا تاجدار بنا دیا اور وسیع و عریض سلطنت مرحمت فرما دی اور مسندِ خلافت پر متمکن کر دیا۔ اس احسان کا شکر ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر فیصلہ عدل و انصاف کے مطابق کرو اور اپنی پسند و ناپسند کو اپنے فیصلوں پر کسی طرح اثر انداز نہ ہونے دو۔ اگر تم نے خواہشِ نفس پر انصاف کو قربان کیا تو یاد رکھنا اللہ تعالیٰ کی راہ سے بہک جاؤ گے۔ اس کی توفیق کا دامن تمہارے ہاتھ سے چھوٹ جائے گا۔ اور جو شخص راہِ حق سے بہک جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے سخت عذاب میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کے ضمن میں منہیہ تحریر فرمایا ہے جو پیشِ خدمت ہے: ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرات طلحہ، زبیر، کعب اور سلمان رضی اللہ عنہم سے پوچھا: مَا الْخَلِیْفَةُ مِنَ الْمَلِكِ ؟ یعنی خلیفہ اور بادشاہ میں کیا فرق ہے۔ حضرات طلحہ اور زبیر نے کہا کہ ہم نہیں جانتے۔ حضرت سلمان نے عرض کیا: اَلْخَلِیْفَةُ الَّذِیْ یَعْدِلُ فِی الرَّعِیَّةِ وَیُقَسِّمُ بَیْنَهُمْ بِالسَّوِیَّةِ وَیُشْفِقُ عَلَیْهِمْ شَفْقَةَ الرَّجُلِ عَلٰی اَهْلِهٖ وَیَقْضِیْ بِكِتَابِ اللّٰهِ۔

یعنی خلیفہ وہ ہے جو رعیت میں عدل کرتا ہے، ان میں مال مساوی طور پر تقسیم کرتا ہے اور وہ اپنی رعایا پر یوں مہربان اور شفیق ہوتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے اہل و عیال پر شفیق ہوتا ہے اور اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلے کرتا ہے۔

سلیمان بن عوجاء سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے حاضرین سے دریافت کیا مَا اَدْرِیْ اَخَلِیْفَةٌ اَنَا اَمْ مَلِكٌ۔ میں نہیں جانتا کہ میں کیا ہوں؟ خلیفہ ہوں یا بادشاہ۔

ایک شخص کہنے لگا: اے امیر المؤمنین! دونوں میں بڑا فرق ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا فرق ہے؟ قَالَ: اَلْخَلِیْفَةُ لَا یَاْخُذُ اِلَّا حَقًّا وَلَا یَضَعُهٗ اِلَّا فِیْ حَقٍّ وَاَنْتَ بِحَمْدِ اللّٰهِ كَذٰلِكَ وَالْمَلِكُ یَعْسِفُ النَّاسَ فَیَاْخُذُ مِنْ هٰذَا وَیُعْطِیْ هٰذَا، فَسَكَتَ عُمَرُ۔

اس نے کہا: خلیفہ وہ ہے جو لیتا ہے تو حق و انصاف سے اور خرچ کرتا ہے تو صحیح جگہ پر، اور اللہ کے فضل و کرم سے آپ ایسا ہی کیا کرتے ہیں، اور بادشاہ وہ ہوتا ہے جو لوگوں پر جور و ستم کرتا ہے۔ اِس سے لیتا ہے اُس کو دیتا ہے۔ یہ سن کر حضرت فاروق

النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

کے درمیان انصاف کے ساتھ اور نہ پیروی کیا کرو ہوائے نفس کی وہ بہکا دے گی تمہیں راہِ خدا سے ۔ بیشک

الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ

جو لوگ بھٹک جاتے ہیں راہِ خدا سے ان کے لیے سخت عذاب ہے اس لیے کہ انہوں نے بھلا دیا تھا

الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ ع ۲ ۱۲ ۱۱

یوم حساب کو ۳۳ اور نہیں پیدا کیا ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بے فائدہ ۳۴ یہ تو کفار کا

خاموش ہو گئے۔ (حاشیہ تفسیر مظہری)(1)

سربراہِ مملکت کے لیے اسلام نے بادشاہ، سلطان، چیئرمین وغیرہ کلمات پسند نہیں کیے کیونکہ ان میں خودسری اور انانیت کی بو آتی ہے، بلکہ خلیفہ کا لفظ تجویز کیا ہے جس کا معنی خودسر اور مختار کا نہیں بلکہ نائب اور قائم مقام ہے۔ یہ لفظ ہی بتا رہا ہے کہ مملکتِ اسلامیہ کا سربراہ اپنے رب کا نائب ہے اور نائب کا کام اپنے آقا کے احکام کی تعمیل کرنا ہے اور اس کے ارشادات کے مطابق اس کے دیے ہوئے اختیارات کو استعمال کرنا ہے۔ یہ وہ فرق ہے جو دنیا کے دوسرے نظاموں اور اسلام کے نظامِ سیاست میں بنیادی اہمیت کا مالک ہے۔

۳۳ قرآنِ کریم نے یہاں خلیفہ کی ذمہ داریوں کو بڑے مؤثر پیرائے میں بیان کر دیا کہ اس کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرے۔ فیصلہ کرتے وقت کوئی خارجی چیز، سفارش، رشوت، کوئی طمع، کوئی خوف حتیٰ کہ اپنے ذاتی مفاد کو بھی اس پر اثر انداز نہ ہونے دے۔ جو حاکم ایسا نہیں کرتا، گویا اس نے روزِ جزا کو فراموش کر دیا۔ قیامت کے دن پر اس کا ایمان نہ رہا۔ زبان سے وہ ہزار دعویٰ کرے کہ وہ وقوعِ قیامت پر ایمان رکھتا ہے لیکن اگر وہ فیصلہ کرتے وقت میزانِ عدل کو برابر نہیں رکھ سکتا تو اس کو یہ دعویٰ کرنے کا قطعاً کوئی حق نہیں۔ اور جو لوگ قیامت پر یقین نہیں رکھتے یا اسے فراموش کر دیتے ہیں ان کے لیے عذاب شدید ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ اَنْ نَضِلَّ عَنْ سَبِيْلِكَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْحَشْرِ وَعَذَابِ النَّارِ۔

۳۴ کفار اور ملحد لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ زندگی بس یہی دنیوی زندگی ہے۔ اس میں خوب عیش و عشرت کر لو۔ خوب مزے اڑاؤ۔ دولت کماؤ جتنی کما سکتے ہو۔ حلال و حرام کے چکر میں نہ پڑو۔ یہ تو ملاؤں کی من گھڑت باتیں ہیں۔ جاہ و منصب حاصل کرنے کے لیے کسی کی حق تلفی ہوتی ہے تو ہونے دو۔ مکر و فریب کی ضرورت پڑے تو ہرگز نہ گھبراؤ۔ قیامت کس نے دیکھی ہے؟ ہزار ہا سال سے یہ صوفی لوگ قیامت کی دھمکیاں دیتے چلے آ رہے ہیں۔ ان کی باتوں میں آ کر اپنی زندگی کا لطف برباد نہ کرو۔

اللہ تعالیٰ ان کے اس مغالطہ کا رد فرماتے ہیں کہ اگر تمہاری باتیں درست ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ زمین و آسمان کا یہ

1۔ حاشیہ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 173

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۝۲۷ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ

گمان ہے پس بربادی ہے کفّار کے لیے آگ (کے عذاب) سے۔ کیا ہم بنا دیں گے انہیں جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ان لوگوں کی مانند جو فساد برپا کرتے ہیں زمین میں۔ یا ہم بنا دیں گے پرہیزگاروں کو

كَالْفُجَّارِ ۝۲۸ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا

فاجروں کی طرح۔ یہ کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے آپ کی طرف، بڑی بابرکت، تاکہ وہ تدبر کریں اس کی آیتوں میں اور تاکہ

الْاَلْبَابِ ۝۲۹ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝۳۰ ۚ اِذْ

نصیحت پکڑیں عقلمند۔ اور ہم نے عطا فرمایا داؤد کو سلیمان (جیسا فرزند) ۳۵ بڑی خوبیوں والا بندہ، بہت رجوع کرنے والا۔ جب

عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۝۳۱ ۙ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ

پیش کیے گئے آپ پر سہ پہر کو تین پاؤں پر کھڑے ہونے والے تیز رفتار گھوڑے ۳۶ تو آپ نے کہا مجھے ان گھوڑوں کی محبت

سارا انظام عبث اور بے مقصد ہے۔ ایک نیکوکار مومن اور ایک مفسد کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ متقی اور پرہیزگار اور فاسق و فاجر سب یکساں ہیں۔ سن لو! اس کائنات کے خالق ہم ہیں اور ہم نے کوئی چیز بھی عبث اور بے مقصد پیدا نہیں کی۔ ہم علیم بھی ہیں حکیم بھی۔ ہمارا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ قیامت آئے گی اور ضرور آئے گی۔ اس روز متقی اور پرہیزگار ہمارے انعامات سے مالا مال ہونگے اور فاسق و فاجر ذلیل و رسوا ہوں گے۔ حق کا بول بالا ہوگا اور ہر قسم کی غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی۔

۳۵ حضرت داؤد علیہ السلام پر جو بے انداز انعامات فرمائے گئے تھے ان کے ذکر کے بعد اب ایک خصوصی لطف و کرم کا بیان ہو رہا ہے۔ وہ یہ کہ آپ کو حضرت سلیمان جیسا باکمال، بلند اقبال فرزند عطا فرمایا جسے بارگاہِ رب ذوالجلال سے نِعْمَ الْعَبْدُ اور اَوَّابٌ کے معزز القاب ارزانی ہوئے۔

۳۶ حضرت سلیمان علیہ السلام کی عظمت و کمال کا ایک پہلو اس آیت میں ذکر کیا جا رہا ہے۔ پہلے اس آیت کے مشکل الفاظ کی تشریح کی جاتی ہے۔ اس کے بعد اس کا مطلب اور اس بارے میں مفسرین کے اقوال پیش کیے جائیں گے۔

ظہر سے لے کر طلوعِ صبح تک کے وقت کو ''عَشِیٌّ'' کہتے ہیں۔ الصّٰفِنٰتُ: اس کا واحد ''الصافن'' وہ گھوڑا جو تین قدموں پر کھڑا ہوتا ہے اور چوتھے قدم کے سم کا کنارہ زمین پر ٹیکتا ہے۔ وَھِیَ مِنَ الصِّفَاتِ الْمَحْمُوْدَۃِ مِنَ الْخَیْلِ: اسے گھوڑے کی

خوبیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ جِیَادٌ ج جَوَادٌ کی: تیز رفتار، برق رفتار گھوڑا۔ وَهُوَ الَّذِیْ یُشْعِرُ عُرْفُ جَرْیِهٖ(1)۔ تَوَارَتْ: چھپ جانا، اوجھل ہوجانا(2)۔ حِجَابٌ: پردہ۔ سُوْقٌ جمع سَاقٌ کی: پنڈلی۔ اَعْنَاقٌ ج عُنُقٌ کی: گردن۔(3)

اس آیت کا ایک مفہوم تو یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت سلیمان کے سامنے آپ کے شاہی اصطبل کے گھوڑے پیش کیے جانے لگے۔ آپ بیٹھے ہوئے ان کو ملاحظہ فرماتے رہے اور اس طرح محو ہو گئے کہ سورج ڈوب گیا۔ عصر کی نماز یا اس وقت کا مقررہ وظیفہ فوت ہوگیا۔ جب تاریکی چھا گئی تو آپ کو خبر ہوئی کہ میں گھوڑوں کے دیکھنے میں یوں محو رہا کہ عبادت سے غفلت ہوگئی۔ گھوڑے جو اس غفلت کا باعث بنے تھے انہیں پھر واپس بلوایا اور تلوار سے ان کی گردنیں اور ٹانگیں کاٹ ڈالیں۔ اس صورت میں آیت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ میں نے ترجیح دی ہے مال کی محبت کو اپنے رب کے ذکر پر۔ توارت کی ضمیر کا مرجع سورج ہوگا۔ حِجَابٌ سے مراد افق مغرب۔ طَفِقَ مَسْحًا کا مفہوم تلوار پھیرنا یعنی تلوار سے کاٹتے چلے جانا۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس تاویل کو سخت ناپسند کیا ہے اور ان لوگوں پر اپنی انتہائی برہمی کا اظہار کیا ہے جنہوں نے آیت کی یہ تاویل کی۔ آپ فرماتے ہیں کہ آیت کا واضح مفہوم یہ ہے کہ اپنے والد ماجد حضرت داؤد کے بعد آپ مسندِ خلافت پر متمکن ہوئے۔ کفار سے جہاد کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہتا۔ اس لیے آپ کو گھوڑوں سے بڑی محبت تھی جن پر سوار ہو کر مجاہدین دشمنانِ دین سے جنگ لڑا کرتے تھے۔ آپ گاہے گاہے جہاد کے لیے تیار کیے جانے والے گھوڑوں کا خود معائنہ فرماتے۔ ایک روز آپ نے شاہی اصطبل کے داروغوں کو گھوڑے پیش کرنے کا حکم دیا۔ یکے بعد دیگرے گھوڑے آپ کے سامنے سے گزرتے رہے۔ آپ ان کو صحت منداور چاق و چوبند دیکھ کر بہت خوش ہوتے اور فرماتے: اِنِّیْ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّیْ کہ مجھے ان گھوڑوں سے محض اس لیے محبت اور پیار ہے کہ یہ راہِ خدا میں جہاد کرنے کا ذریعہ ہیں۔ ان کی وجہ سے دین کو شوکت حاصل ہوتی ہے۔ میں ان سے اس لیے ہرگز محبت نہیں کرتا کہ یہ خوبصورت ہیں یا بہت قیمتی ہیں۔ میری ان سے یہ محبت محض رضائے الٰہی کے لیے ہے۔

آپ کے سامنے سے گھوڑوں کے گزرنے کا سلسلہ جاری رہا، یہاں تک کہ سب گھوڑے آپ کے ملاحظہ فرمانے کے بعد اپنے تھانوں پر پہنچ گئے۔ آپ نے پھر حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو میرے سامنے دوبارہ پیش کرو۔ اب جب گھوڑے پیش ہونے شروع ہوئے تو آپ ہر گھوڑے کی گردن پر بھی پیار سے ہاتھ پھیرتے اور اس کی پنڈلیوں کو بھی ٹٹولتے۔ اس سے گھوڑوں کے ساتھ آپ کی محبت کا اظہار ہوتا ہے۔ نیز کیونکہ گھوڑوں کی بیماریوں کے بھی آپ ماہر تھے۔ ٹانگیں ٹٹولتے ہوئے یہ بھی خیال رکھتے کہ کسی گھوڑے میں کوئی نقص تو نہیں۔ نیز خلیفۂ وقت ہو کر خود یہ کام کرنا آپ کی عظمت اور فرض شناسی پر بھی دلالت کرتا ہے کہ امورِ جہانبانی انہوں نے نوکروں کے سپرد ہی نہیں کر دیئے تھے بلکہ خود ہر چیز پر توجہ کرتے تھے۔

امام رازی اپنی اس توجیہہ کی صحت ثابت کرنے کے لیے فرماتے ہیں کہ یہاں حضرت سلیمان کا ذکر حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کو تسلی دینے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ اس مقام کا تقاضا یہ ہے کہ یہاں آپ کے فضائل و کمالات کا ذکر کیا جائے تاکہ حضور کو اطمینان حاصل ہو اور اس واقعہ کو یہاں بیان کرنے کا مقصد پورا ہو۔ اگر اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا جائے کہ آپ ذرا سی بات پر غفلت کا شکار ہو گئے اور فریضۂ عبادت کو ترک کر بیٹھے، پھر سینکڑوں اصیل گھوڑوں کو مار ڈالا تو اس سے وہ مقصد ہی فوت ہو جاتا

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص174 2۔ ایضاً، ص176 3۔ ایضاً، ص175

الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ فَطَفِقَ

پسند آئی ہے اپنے رب کی یاد کے لیے (پھر انہیں چلانے کا حکم دیا) یہاں تک کہ چھپ گئے پردہ کے پیچھے (حکم دیا) واپس لاؤ انہیں میرے پاس۔

مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى

تو ہاتھ پھیرنے لگے ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر۔ اور ہم نے فتنہ میں ڈالا سلیمان (علیہ السلام) کو اور ڈال دیا ان کے

كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا

تخت پر ایک بے جان جسم ۳۷ پھر وہ (ہماری طرف) متوجہ ہوئے۔ عرض کی میرے رب! مجھے معاف فرمادے اور عطا فرما مجھے

ہے جس کے لیے یہ قصہ بیان کیا گیا ہے۔ (تفسیر کبیر)(1)

جن لوگوں نے پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے لَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ سے استدلال کیا ہے کہ فتنہ میں مبتلا کرنے کا یہی مطلب ہے کہ ان سے کوئی فروگزاشت سرزد ہوگئی جس کی وجہ سے وہ آزمائش میں مبتلا کر دیے گئے۔ شیخ اکبر قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس تکلف کی قطعاً ضرورت نہیں۔ آزمائش اتنی تھی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ان گھوڑوں سے کیوں محبت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یا اس لیے کہ گھوڑے بڑے قیمتی اور خوبصورت ہیں۔ آپ نے فرمادیا: اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ الایۃ یعنی میں گھوڑوں سے اس لیے محبت کرتا ہوں کہ ان کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا ذکر بلند ہوگا۔ مجاہد ان پر سوار ہو کر اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفار سے جہاد کریں گے۔ حق کو غلبہ ہوگا اور حق کا پرچم اونچا لہرائے گا۔

۳۷ یہاں بھی علمائے یہود اور تاریخ بنی اسرائیل کی سند سے ایسی چیزیں نقل کر دی گئی ہیں جن کو تردید کرنے کی نیت سے بھی نقل کرنا طبعِ سلیم کو گوارا نہیں۔ جن لوگوں کو شانِ نبوت اور مقامِ سلیمانی کا ادنیٰ سا بھی علم ہے وہ ان خرافات کی تصدیق نہیں کر سکتے۔ علامہ ابوحیان کہتے ہیں: اِنَّ هٰذِهِ الْمَقَالَةَ مِنْ اَوْضَاعِ الْيَهُوْدِ وَ زَنَادِقَةِ السَّوْ فَسْطَائِيَّةِ (بحر)(2)۔ یہ روایت یہودیوں اور زندیقوں کی وضع کردہ ہے۔ علامہ ابنِ کثیر، امام رازی، علامہ آلوسی اور دیگر محققین نے شدومد سے اس کی تکذیب اور تردید کی ہے۔

ان آیات کی توجیہ بیان کرتے ہوئے امام رازی فرماتے ہیں کہ آپ کسی بیماری میں مبتلا ہو گئے۔ بیماری اتنی شدید اور اس کا عرصہ اتنا طویل تھا کہ آپ کا کڑیل جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا۔ وہ عظیم شاہی تخت جس پر آپ جب بیٹھتے تھے تو آپ کے رعب وجلال کی وجہ سے جن وانس پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا، اب ضعف اور نقاہت کے باعث جسم بہت لاغر ہو گیا تھا۔ تخت پر جب تشریف رکھتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ ایک بے روح اور بے جان جسم ہے جو کسی نے اٹھا کر کرسی پر ڈال دیا ہے۔ آپ نے بارگاہِ الٰہی میں بڑے عجز و نیاز سے اپنی صحت کے لیے دعا کی جو قبول ہوئی۔ آپ بالکل صحت یاب ہو گئے اور جہانبانی کے فرائض پہلے کی طرح بڑی شان وشوکت سے انجام دینے لگے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 13، جز 26، ص 13-204 2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 397

لَا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ

ایسی حکومت جو کسی کو میسّر نہ ہو میرے بعد ۳۸ بیشک تو ہی بے اندازہ عطا کرنے والا ہے ۳۹ پس ہم نے ہوا کو آپ کا فرمانبردار

تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّ

بنا دیا۔ چلتی تھی آپ کے حسبِ حکم آرام سے ۴۰ جدھر آپ چاہتے۔ اور سب دیو بھی ماتحت کر دیے کوئی معمار اور

غَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ

کوئی غوطہ خور۔ اور ان کے علاوہ (جو سرکش تھے) باندھ دیے گئے زنجیروں میں۔ (اے سلیمان!) یہ ہماری عطا ہے چاہے

۳۸ پہلے مغفرت کے لیے التجا کی۔ اس کے بعد ملک وحکومت بخشے جانے کا سوال کیا۔ ہر شخص کا سوال اپنے ظرف کے مطابق ہوا کرتا ہے۔ نیز جس سے سوال کر رہا ہے اس کی قدرت و اختیار اور جود وعطا کو بھی پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔ یہاں مانگنے والے حضرت سلیمان ہیں اور جس سے مانگ رہے ہیں وہ رب العالمین ہے، وہ اکرم الاکرمین ہے۔ اس سے بڑا صاحبِ قدرت و اختیار بھی کوئی نہیں اور اس جیسا سخی اور کریم بھی کوئی نہیں۔ حضرت علامہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ اس سے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ حضرت سلیمان کا مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑا ہے۔ حضور نے اپنی مرضی سے نبی ملک (بادشاہ نبی) بننے کے بجائے نبی عبد بننا پسند فرمایا۔ وَكَانَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ نَافِذَ الْحُكْمِ عَلَى الْجِنِّ وَالْاِنْسِ۔

جَآءَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَشْجَارُ سَاجِدَةً تَمْشِيْ اِلَيْهِ عَلٰى سَاقٍ بِلَا قَدَمٍ (1)

یعنی حضور کریم کا حکم ہر جن وانس پر نافذ ہے۔ صاحبِ قصیدہ بردہ کہتے ہیں کہ حضور جب درختوں کو اشارہ کرتے ہیں تو وہ سجدہ کرتے ہوئے قدموں کے بغیر اپنے تنے کے سہارے خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور یہی حال خلفائے راشدین کا تھا جنہوں نے خلافت اور فقر دونوں کو جمع کیا اور تمام فضائل کے جامع بنے (مظہری)۔ صاحب روح البیان نے یہاں بڑی پیاری رباعی لکھی۔

در بزمِ احتشام تو سیارہ ہفت جام وز مطبخ نوال تو افلاک نُہ طبق

ہر خطبۂ کمال بنام تو شد ازل کس تا ابد ز لوح نمی خواندہ ایں سبق (روح البیان) (2)

۳۹ تو جس کو چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ تیرے دستِ سخا کو کوئی روکنے والا نہیں۔ جو ذاتِ پاک بخشش اور سخاوت میں وہاب کی صفت سے موصوف ہو وہ اپنے محبوب بندوں کے دامنِ طلب کو جن لازوال نعمتوں سے بھرتا ہے اس کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟

۴۰ کرۂ ہوائی کو آپ کے زیرِ فرمان کر دیا۔ ہواؤں کی رفتار آپ کے اختیار میں دے دی۔ شیطانوں کو آپ کا ماتحت کر دیا۔ ان میں سے کئی فنِ تعمیر میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے اور کئی سمندروں کی گہرائیوں میں غوطہ لگا کر طرح طرح کے قیمتی موتی نکالنے کے فن میں

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 182 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 35

اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

(کسی کو بخش کر) احسان کر جاہے اپنے پاس رکھ ۴۱ تم سے کوئی باز پرس نہ ہوگی ۔ اور بیشک انہیں ہمارے ہاں بڑا قرب حاصل ہے اور خوبصورت انجام ۴۲

ماہر تھے۔ ان میں سے ہر ایک کو آپ کے حکم کی زنجیروں میں جکڑ دیا۔ آپ کے اذن کے بغیر نہ وہ کہیں جا سکتے اور نہ کچھ کر سکتے۔

۴۱ یہ نعمتیں عطا فرمانے کے بعد ہر چیز کو اپنی مرضی سے خرچ کرنے نہ کرنے کا اختیار بھی دے دیا۔ بِغَيْرِ حِسَابٍ کہہ کر اس خدشہ کو بھی دور کر دیا کہ تم جس طرح چاہو استعمال کرو۔ تم سے اس کے بارے میں باز پرس تک نہ کی جائے گی۔ فَأَعْطِ مَنْ شِئْتَ اَوْ اَمْسِكْ عَمَّنْ شِئْتَ بِغَيْرِ حِسَابٍ اَیْ غَيْرِ مُحَاسَبٍ عَلٰى مَنِّهٖ وَ اِمْسَاكِهٖ لِتَفْوِيْضِ التَّصَرُّفِ فِيْهِ اِلَيْكَ (1)۔ یعنی جس کو چاہیں آپ دیں اور جس کو چاہیں آپ نہ دیں۔ آپ سے اس معاملہ میں کوئی باز پرس نہ ہوگی کیونکہ ان میں تصرف کرنے کا اختیار آپ کے سپرد کر دیا گیا۔ (مظہری)

علامہ آلوسی فرماتے ہیں: اَنَّهٗ مُفَوَّضٌ اِلَيْهِ تَفْوِيْضًا كُلِّيًّا (2)۔ کہ یہ نعمتیں کلی طور پر اُن کے حوالے کر دی گئی ہیں۔

صاحب روح البیان لکھتے ہیں۔ هٰذَا عَطَاؤُنَا يُشِيْرُ اِلٰى اَنَّ لِلْاَنْبِيَاءِ بِتَائِيْدِ الْفَيْضِ الْاِلٰهِيِّ وِلَايَةَ اِفَاضَةِ الْفَيْضِ عَلٰى مَنْ هُوَ اَهْلُهٗ عِنْدَ اسْتِفَاضَتِهٖ وَلَهُمْ اِمْسَاكُ الْفَيْضِ عِنْدَ عَدَمِ الْاِسْتِفَاضَةِ مِنْ غَيْرِ اَهْلِهٖ (روح البیان) (3)

ترجمہ: قرآنِ کریم کے یہ الفاظ هٰذَا عَطَاؤُنَا اس حقیقت کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ انبیائے کرام کو فیضِ خداوندی کی تائید سے یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ جس طالبِ فیض پر جتنا چاہیں لطف و کرم فرما سکتے ہیں اور اپنے فیضانِ کرم سے اسے مالا مال کر سکتے ہیں اور جو نا اہل ہو اس کو فیضان سے محروم کر سکتے ہیں۔

علامہ عثمانی یہاں رقمطراز ہیں: ''یعنی کسی کو بخش دو یا نہ دو، تم مختار ہو۔ اس قدر بے حساب دیا اور حساب و کتاب کا مؤاخذہ بھی نہیں رکھا۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ یہ اور مہربانی کی کہ اتنی دنیا دی اور مختار کر دیا حساب معاف کر کے۔ لیکن وہ کھاتے تھے اپنے ہاتھ کی محنت سے ٹوکرے بنا کر۔'' حاشیہ عثمانی۔ (4)

جب حضرت سلیمان علیہ السلام پر یہ کرم ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو جو سرمدی نعمتیں اور طرح طرح کے بیشمار خزانے عطا فرمائے ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کے اذن سے کیا حضور مختار نہیں ہوں گے؟ یہ کہنا بڑی جسارت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شانِ رفیع گھٹانے کے لیے اور خداداد اختیارات کا انکار کرنے کے جوش میں واضح آیات سے بھی اغماض کر لیا جاتا ہے اور آنکھیں بند کر لی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کور باطنی سے بچائے۔

۴۲ صرف یہ ملک و سلطنت اور ان میں ہر طرح کے تصرّف کے اختیارات دینے پر ہی بس نہیں بلکہ یہ مژدہ بھی سنایا کہ انہیں ہماری بارگاہِ عزت میں بڑا قُرب حاصل ہے اور انہیں حسنِ مآب کی خوشخبری بھی دے دی۔ یعنی ان کا انجام بھی بہت اچھا ہوگا۔ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کو حسنِ انجام کی بشارت سے نوازا گیا تو وہ لوگ جو یہ کہتے ہوئے نہیں شرماتے کہ حضور فخرِ کائنات

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص183
2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز23، ص204
3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص39
4۔ حاشیہ قرآن مجید از علامہ شبیر احمد عثمانی، ص591

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ

اور یاد فرمایئے ہمارے بندے ایوب کو ۴۳ جب اُنہوں نے پکارا اپنے رب کو (الٰہی! پہنچائی ہے مجھے شیطان نے بہت تکلیف

وَّعَذَابٍ ۭ (۴۱) اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ (۴۲) وَ

اور دُکھ ۴۴ (حکم ہوا) اپنا پاؤں (زمین پر) مارو۔ یہ نہانے کے لیے ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کے لیے ۴۵ اور

وَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ (۴۳)

ہم نے عطا فرمایا انہیں ان کا اہل وعیال اور ان کی مانند اور ان کے ساتھ بطورِ رحمت اپنی جناب سے اور بطور نصیحت اہلِ عقل کے لیے ۴۶

علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کو اپنے انجام کے بارے میں خبر نہ تھی، ان کے متعلق آپ خود ہی فیصلہ کرلیں۔

۴۳ حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کو سلطنت، خزانے، ظاہری اور باطنی نعمتیں اور وسیع اختیارات دے کر آزمایا گیا تھا۔ اب اپنے اس بندے کا ذکر فرمایا جارہا ہے جسے تکلیف ومصائب نے گھیر لیا۔ ان کا سارا جسم پھوڑوں سے بھر گیا۔ بچے بچیاں عالمِ شباب میں لقمہء اجل بن گئے۔ کھیت اور باغات برباد ہوگئے۔ اپنوں نے آنکھیں پھیر لیں۔ غرضیکہ ہر قسم کے رنج وآلام کی انتہا ہوگئی۔ لیکن اس کے باوجود اپنے رب سے گلہ ہے اور نہ کسی سے کوئی شکایت۔ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑ رکھا ہے اور غم و اندوہ کے سمندر میں اپنی زندگی کا سفینہ لیے جارہے ہیں۔ آپکی اسی ادا نے رحمتِ خداوندی کو اپنی طرف مائل کرلیا۔ کس محبت بھرے انداز سے ان کے ذکر کا آغاز ہورہا ہے۔ اذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ: اے میرے محبوب! ہمارے بندے ایوب کو یاد کرو۔ اہلِ محبت حسنِ ازل کی ایسی ہی ایک نگاہِ لُطف کے لیے اپنا سب کچھ لٹا دیتے ہیں اور لٹا کر پھر پھولے نہیں سماتے۔

۴۴ اگرچہ تکلیف اور مسرّت، مرض اور صحت سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے لیکن ادب کا تقاضا یہ ہے کہ اچھی چیزوں کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے اور تکلیف دہ امور کی نسبت اپنی طرف یا شیطان کی طرف کی جائے۔ حضرت خلیلؑ نے بھی تو اسی طرح عرض کی تھی۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (شعراء:80) کہ جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا بخشتا ہے۔

نُصْبٌ: مشقت اور تکلیف: اس سے مراد جسمانی بیماریاں۔ عَذَابٌ سے مراد دل میں شیطان کی وسوسہ اندازی۔

۴۵ زور سے زمین پر پاؤں مارنے کو رکض کہتے ہیں۔ حکمِ خداوندی کے مطابق آپ نے زمین پر پاؤں مارا۔ قدرتِ الٰہی سے چشمہ جاری ہوگیا۔ یہاں عبارت میں حذف ہے۔ فَرَكَضَ فَنَبَعَتْ عَيْنُ مَاءٍ (1)۔ اس پانی سے غسل کیا تو جسم کی ساری بیماریاں دور ہوگئیں۔ پھر اسے پیا تو اندر کے سارے روگ ختم ہوگئے۔

۴۶ اجڑے ہوئے چمن میں پھر بہار آگئی۔ وہ گھر جہاں اداسی اور افسردگی چھائی ہوئی تھی وہاں پھر چہل پہل ہونے لگی۔ بچے، بچیاں، عزیز رشتہ دار، نیاز مند سب کا ایک میلہ سا لگ گیا۔ باغوں میں پھل اور کھیتوں میں فصلیں لہلہانے لگیں۔ یوں معلوم

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 211

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ

اور (حکم ملا) پکڑلو اپنے ہاتھ سے تنکوں کا ایک مٹھا اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو ۴۷ بیشک ہم نے پایا انہیں صبر کرنے والا

نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

بڑا خوبیوں والا بندہ، ہر وقت ہماری طرف متوجہ ۴۸ اور یاد فرماؤ ہمارے (مقبول) بندوں ابراہیم، اسحٰق اور یعقوب کو

اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾ ۚ

بڑی قوتوں والے اور روشن دل تھے ۴۹ ہم نے مخلص کیا تھا انہیں ایک خاص چیز سے اور وہ دارِ آخرت کی یاد تھی ۵۰

ہوتا تھا کہ یہ رونق پہلے سے بھی دوچند ہے۔ یہ سب ہماری خصوصی رحمت کی جلوہ نمائی تھی۔ مقصد یہ تھا کہ سمجھ دار لوگ اس سے عبرت پکڑیں اور اگر وقتی طور پر کوئی تکلیف آ بھی جائے تو ہماری رحمت سے مایوس نہ ہوں۔ جس طرح ہم نے ایوب علیہ السلام پر کرم فرمایا اور ان کی زندگی کے اُفق کو طویل تاریکی کے بعد پھر خوشیوں، مسرتوں اور راحتوں کی روشنی سے منور کر دیا اسی طرح ہم تمہارے ساتھ بھی مہربانی کا سلوک کریں گے۔ (حضرت ایوب علیہ السلام کی حیاتِ طیبہ کے متعلق ضیاء القرآن جلد دوم۔ سورۃ الانبیا: آیات ۸۳۔ ۸۴ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔)

۴۷ ابتلا و آزمائش کے اس طویل اور ہوشربا دور میں جب کہ سب لوگوں نے آپ سے منہ پھیر لیا آپ کی وفاشعار بیوی آپ کی خدمت میں سرگرم رہی۔ ان کی زبان سے کوئی ایسی بات نکل گئی جو آپ کی غیرتِ ایمانی کو سخت ناگوار گزری۔ آپ نے فرمایا کہ میں تجھے سو کوڑے لگاؤں گا۔ جب آپ صحت یاب ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ایسی ترکیب بتائی کہ قسم بھی نہ ٹوٹے اور اس خدمت گزار اور نیک سرشت بیوی کو اذیت بھی نہ پہنچے۔ فرمایا: گھاس کا ایک مُٹھا لو جس میں سو تیلیاں ہوں، اس سے مارو، دونوں مطلب پورے ہو جائیں گے۔

اس آیت سے بعض لوگوں نے یہ استدلال کیا ہے کہ شرعی احکام سے بچنے کے لیے حیلوں سے کام لینا جائز ہے۔ حالانکہ یہ ہرگز درست نہیں۔ اس طرح احکامِ شرعیہ بچوں کا کھیل بن جائیں گے اور اغیار کو مذاق کرنے کا موقع مل جائے گا۔ نیز جن مقاصد کے لیے یہ احکام جاری کیے گئے ان کا حصول ناممکن ہو جائے گا۔ علامہ آلوسی نے اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے بڑی محققانہ اور جامع بات فرمائی ہے: عِنْدِیْ اَنَّ کُلَّ حِیْلَةٍ اَوْجَبَتْ اِبْطَالَ حِکْمَةٍ شَرْعِیَّةٍ لَّاتُقْبَلُ کَحِیْلَةِ سُقُوْطِ الزَّکٰوةِ وَ حِیْلَةِ سُقُوْطِ الْاِسْتِبْرَاءِ (روح المعانی)(1)۔ یعنی ہر وہ حیلہ جس سے حکمِ شرعیہ کی اس حکمت کا بطلان ہوتا ہو جس کے لیے یہ حکمِ شرعی نافذ کیا گیا۔ ایسا حیلہ قطعاً باطل ہے جیسے زکوٰۃ ساقط کرنے کے لیے لوگ حیلہ سازیاں کرتے ہیں اور استبراء سے بچنے کے لیے۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ ایسا کر کے وہ اپنے رب سے دھوکہ کر رہے ہیں۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 209

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

اور یہ (حضرات) ہمارے نزدیک چُنے ہُوئے بہت بہترین لوگ ہیں اور یاد فرمایئے اسمٰعیل ، یسع

وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ

اور ذی الکفل کو ۵۱ یہ سب بہترین لوگوں میں سے ہیں۔ یہ نصیحت ہے ۵۲ اور بیشک پرہیزگاروں کے لیے بہت عمدہ

مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ

ٹھکانا ہے۔ سدا بہار باغات، کھُلے ہوں گے ان کے لیے سب دروازے۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے ان میں۔

فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾

طلب فرماتے ہوں گے وہاں طرح طرح کے پھل اور مشروبات ۵۳ اور انکے پاس نیچی نگاہوں والی (عمر، جمال وکمال میں ہم مثل حُوریں)

۴۸ اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ عالی سے حضرت ایوب کو کیا اعلیٰ اعزازات مرحمت ہو رہے ہیں، انہی اعزازات کے حصول کے لیے رشک کرنے والوں کو رشک کرنا چاہیے۔

۴۹ اب حضرت ابراہیم اور ان کی آلِ پاک کا ذکرِ خیر ہو رہا ہے۔ یہ حضرات بڑی قوتوں والے تھے۔ ان کو جسمانی قوتوں کے ساتھ ساتھ یقین کی قوت، اعمالِ صالحہ بجالانے کی قوت اور روحانی قوت عطا فرمائی گئی تھی۔ اس کے علاوہ انہیں دین کی بصیرت اور معرفتِ الٰہی بھی عنایت کی گئی تھی۔

اَیْ اُولِی الْقُوَّةِ فِی الطَّاعَةِ وَالْبَصِیْرَةِ فِی الدِّیْنِ وَالْمَعْرِفَةِ بِاللّٰهِ۔ (1)

۵۰ ہم نے خصوصی نعمت کے ساتھ انہیں مخصوص کیا تھا۔ یعنی انہیں آخرت کی یاد بخشی تھی وہ ہر وقت آخرت کی زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کی فکر میں رہتے تھے۔ اِنَّا اَخْلَصْنَاهُمْ بِاَنْ یَّذْكُرُوا الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَیَتَاَهَّبُوْا لَهَا (قرطبی) (2)

۵۱ اس آیت میں چند اور برگزیدہ شخصیتوں کا ذکر ہے۔

۵۲ یعنی ان کے اوصافِ حمیدہ کا یہ بیان جو قرآن میں کیا جا رہا ہے یہ ذکرِ خیر ہے۔ یہ ان کی پاکیزہ حیات کی یاد کو تازہ رکھنے کے لیے ہے۔ اس کے علاوہ جن اخروی انعامات سے انہیں نوازا جائے گا، ان کا بیان اگلی آیتوں میں قدرے تفصیل سے ہے۔

۵۳ اَیْ بِاَلْوَانِ الْفَوَاكِهِ (قرطبی) (3) یعنی ایک ہی قسم کے پھل بکثرت نہیں ہوں گے بلکہ مختلف اقسام کے رنگا رنگ میوے ہوں گے۔ ان نفوسِ قدسیہ کو جنت میں جن نعمتوں سے سرفراز فرمایا جائے گا اس کی کیا پیاری اور دلنشین تصویر پیش کی گئی ہے۔ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ: مراد یہ ہے کہ وہ حوریں اپنے خاوندوں کے سوا کسی کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھیں گی۔ اَتْرَابٌ: ہم عمر یا آپس میں محبت و پیار کرنے والیاں۔ اَیْ عَلٰی سِنٍّ وَّاحِدٍ قَدْ تَسَاوَیْنَ فِی الْحُسْنِ وَالشَّبَابِ (4)۔ یعنی ہم عمر، حسن و شباب

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص185 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز15، ص218 3۔ ایضاً، ص219 4۔ ایضاً، ص20-219

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾

ہوں گی۔ یہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ روزِ حساب (تمہیں ملے گا) بیشک یہ ہمارا (دیا ہوا) رزق ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾

یہ (تو پرہیزگاروں کے لیے) اور بلاشبہ سرکشوں کے لیے بُرا ٹھکانا ہوگا (یعنی) جہنّم۔ وہ داخل ہوں گے اسمیں۔ تو یہ کتنا تکلیف دہ بچھونا ہے۔

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا

یہ کھولتا پانی اور پیپ ہے پس چاہیے کہ وہ اسے چکھیں ۵۴ اور اس کے علاوہ اس کی مانند طرح طرح کا عذاب ۵۵ یہ (لو)

فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۛؕ

دوسری فوج گھسنا چاہتی ہے تمہارے ساتھ ۵۶ کوئی خوش آمدید نہیں انہیں ۵۷ یہ ضرور آگ تاپنے والے ہیں۔ وہ کہیں گے (ظالمو!) تمہیں

لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ

کوئی خوش آمدید نہ ہو ۵۸ تم نے ہی آگے کیا اس عذاب کو ہمارے لیے۔ سو بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ کہیں گے اے ہمارے رب! جس

میں یکساں۔ وَعَنْ مُجَاهِدٍ مُتَوَاخِيَاتٌ لَا يَتَبَاغَضْنَ كَمَا تَتَبَاغَضُ الضَّرَّاتُ فِي الدُّنْيَا (1): یعنی وہ آپس میں ایک دوسرے سے پیار کریں گی اور ان میں سوکنوں کی سی رقابت نہیں ہوگی۔

۵۴ اپنے محبوب بندوں کے ذکر خیر اور ان پر اپنے احسانات وانعامات کے بیان کے بعد اب ان بدنصیبوں کے خوفناک انجام کا ذکر فرمایا جارہا ہے جن کی ساری عمریں سرکشی اور نافرمانی میں گزر گئیں۔

مشکل الفاظ: حَمِيْمٌ: سخت کھولتا ہوا پانی: هُوَ الْمَاءُ الْحَارُّ الَّذِيْ انْتَهٰى حَرُّهٗ۔ غَسَّاقٌ: پیپ اَيْ يَسِيْلُ مِنَ الْقَيْحِ وَالصَّدِيْدِ مِنْ جُلُوْدِ اَهْلِ النَّارِ۔ (2)

۵۵ پینے کے لیے تو کھولتا ہوا پانی اور بدبودار پیپ ملے گی۔ اسی پر بس نہیں اسی قسم کے اذیت ناک عذاب اور بھی ہیں جن میں وہ مبتلا کئے جائیں گے۔

۵۶ پہلے بدکاروں کے سرداروں کو دوزخ میں پھینکا جائے گا۔ ان کے پیچھے ان کے چیلے قطار در قطار، فوج در فوج جہنم میں جھونکے جائیں گے اور جب ایک فوج جہنم میں گرائی جارہی ہوگی تو دوزخ کے داروغے ان سرداروں کو کہیں گے: یہ لو تمہارے چیلوں کا ایک اور ٹولہ آ گیا۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص186 2۔ ایضاً، ص187

قَدَّمْتَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ

(بدبخت) نے آگے کیا ہے ہمارے لیے یہ عذاب پس بڑھا دے اس کا عذاب دوگنا آگ میں۔ اور کہیں گے کیا وجہ ہے کہ ہمیں نظر

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِنَ الْأَشْرَارِ ﴿۶۲﴾ أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ

نہیں آ رہے (یہاں) وہ لوگ جنہیں ہم شمار کرتے تھے بُرے لوگوں میں ۵۹ ہم جن کا تمسخر اڑایا کرتے تھے یا پھر گئی ہیں ان کی طرف سے

الْأَبْصَارُ ﴿۶۳﴾ إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾ قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَمَا

ع ۲۴ ۱۳

ہماری آنکھیں۔ یقیناً یہ سچ ہے ۶۰ دوزخی آپس میں جھگڑیں گے۔ (اے حبیب!) آپ فرمائیے میں تو فقط ڈرانے والا ہوں ۶۱

مَا مِنْ إِلٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا

اور نہیں ہے کوئی خدا مگر اللہ جو ایک ہے سب پر غالب ہے ۶۲ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ﴿۶۷﴾ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ﴿۶۸﴾

ان کے درمیان ہے عزت والا بہت بخشنے والا۔ فرمائیے یہ بڑی اہم اور عظیم خبر ہے ۶۳ تم اس سے منہ موڑے ہوئے ہو۔

۵۷ یہ سن کر وہ سردار کہیں گے: ہم ان کو خوش آمدید کہنے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ ان کے لیے یہ جگہ کبھی فراخ اور آرام دہ نہ ہو۔

۵۸ آنے والے وہی بددعا اپنے ان سرداروں کے لیے لوٹا دیں گے۔ غرضیکہ اسی طرح ایک دوسرے کو جلی کٹی سناتے رہیں گے۔

۵۹ آپس میں خوب الجھنے کے بعد وہ ادھر ادھر دیکھیں گے اور غلامانِ مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو ان کی آنکھیں ڈھونڈیں گی۔ جب وہ نظر نہ آئیں گے تو ایک دوسرے سے دریافت کریں گے کہ وہ لوگ جن کو ہم برا بھلا کہا کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟ وہ تو یہاں کہیں دکھائی نہیں دے رہے۔ وہ یہاں ہیں ہی نہیں یا ہماری نگاہیں پھسل گئی ہیں اور ہم کو وہ نظر نہیں آ رہے؟

۶۰ یعنی دوزخیوں کا آپس میں اس طرح جھگڑنا بالکل درست ہے۔ اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔

۶۱ اہلِ ایمان پر جو لطف وکرم کیا جانے والا ہے، کفار ومشرکین کو جس دردناک عذاب میں مُبتلا ہونا ہے، ان کا ذکر کر کے اللہ تعالیٰ اپنے محبوب پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم فرماتے ہیں کہ آپ اپنی قوم کو بتا دیجیے کہ تم جس راہ پر گامزن ہو وہ تو سیدھی جہنم کی طرف جاتی ہے۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے اس لیے مبعوث فرمایا ہے کہ میں تمہیں بروقت متنبہ کر دوں تاکہ تم اپنی اصلاح کر لو اور شرک وکفر کو ترک کر کے توحیدِ خداوندی پر ایمان لاؤ تاکہ تمہیں بھی نعیمِ جنت سے بہرہ ور کیا جائے۔

۶۲ میری تعلیم کا خلاصہ اور ماحاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اپنی ذات میں اور اپنی جملہ صفات میں یکتا ہے اور سب پر غالب ہے۔ آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے۔ کوئی اس سے زیادہ طاقتور

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٦٩﴾ إِنْ يُوحَىٰ إِلَيَّ

مجھے کوئی علم نہ تھا عالمِ بالا کے بارے میں جب وہ جھگڑ رہے تھے ۶۴ نہیں وحی کی جاتی میری طرف

نہیں۔کوئی بڑے سے بڑا گنہ گار جس کا دامن کفر وعصیاں سے آلودہ ہو جب سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اتنا مہربان ہے کہ اس مجرم کو بھی بخش دیتا ہے۔

۶۳ ''ھُوَ'' کا مرجع قرآنِ کریم ہے۔نَبَاءٌ اس خبر کو کہتے ہیں جو بڑی اہم ہو۔بعض نے ''ھُوَ'' کا مرجع قیامت بتایا ہے۔(1)

۶۴ مَلَأ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں: اَلْمَلَأُ اَلْجَمَاعَةُ الْاَشْرَافُ لِاَنَّهُمْ يَمْلَأُوْنَ الْعُيُوْنَ رُوَاءً النُّفُوْسَ جَلَالَةً وَّبَهَاءً (روح المعانی)(2) یعنی سردارانِ قوم اور رؤسا کی جماعت جو اپنی خوبصورتی اور شگفتگی کے باعث آنکھوں کو بھر دیتی ہے اور اپنے جاہ وجلال کے باعث دلوں کو لبریز کر دیتی ہے۔یہاں ملاءِ اعلیٰ سے مراد فرشتوں کی جماعت ہے جو اپنے شرف وعزت کے علاوہ عالمِ بالا کی مکین ہے۔ان کے ذریعے سے احکامِ کونیہ کی تنفیذ ہوتی ہے اور تدابیرِ خداوندی کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے اس لیے ان میں اپنے متعلقہ فرائض کو انجام دینے کے لیے قیل وقال اور بحث وتمحیص کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔وہ امور جو وہاں زیرِ بحث آتے ہیں ان میں تخلیقِ آدم علیہ السلام کا واقعہ بھی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ان امور کی اطلاع مجھے صرف بوحیِ الٰہی ہوتی ہے جن کو جاننے کا دوسرا کوئی ذریعہ نہیں۔ فرشتوں کی بحث وتمحیص کے متعلق ایک صحیح حدیث ہے جو قارئین کے مطالعہ کے لیے پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

حضرت معاذ بن جبل فرماتے ہیں کہ ایک دن صبح کی نماز کا وقت تھا اور حضور معمول کے مطابق تشریف نہ لائے۔قریب تھا کہ سورج طلوع ہو جائے۔پھر حضور تیزی سے تشریف لائے۔تکبیر ہوئی،حضور نے نماز پڑھائی،سلام کے بعد ارشاد فرمایا: عَلٰى مَصَافِّكُمْ اپنی صفوں پر بیٹھے رہو،پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ میں تمہیں دیر سے آنے کی وجہ بتاتا ہوں۔اِنِّيْ قُمْتُ اللَّيْلَةَ فَقُمْتُ وَصَلَّيْتُ مَا قُدِّرَ لِيْ وَنَعَسْتُ فِيْ صَلَاتِيْ حَتَّى اسْتَثْقَلْتُ فَاِذَا اَنَا بِرَبِّيْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! قُلْتُ لَبَّيْكَ رَبِّيْ۔ قَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى؟ قُلْتُ لَا اَدْرِيْ فَوَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَوَجَدْتُ بَرْدَ اَنَامِلِهٖ بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْءٍ وَّعَرَفْتُهٗ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! قُلْتُ لَبَّيْكَ قَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ فِي الدَّرَجَاتِ وَالْكَفَّارَاتِ اِلٰى آخِرِهٖ۔ فَقَالَ مَا الدَّرَجَاتُ فَقُلْتُ اِطْعَامُ الطَّعَامِ وَاِفْشَاءُ السَّلَامِ وَالصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ قَالَ صَدَقْتَ فَمَا الْكَفَّارَاتُ قُلْتُ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِي الْمَكَارِهِ۔ وَانْتِظَارُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ وَنَقْلُ الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَةِ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ سَلْ يَا مُحَمَّدُ! فَقُلْتُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَّ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِيْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْهُنَّ وَاَدْرِسُوْهُنَّ فَاِنَّهُنَّ حَقٌّ۔(3)

1۔تفسیر قرطبی،زیرِ آیت ہذا،ج8،جز15،ص190 2۔روح المعانی،زیرِ آیت ہذا،جز23،ص221

3۔ایضاً،ص24-223۔حاشیہ جامع ترمذی،ج2،ص156،مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور،مشکوٰۃ المصابیح،باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ،ص72-71

إِلَّآ أَنَّمَآ أَنَا۠ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٠﴾ إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَٰٓئِكَةِ إِنِّى خَٰلِقٌۢ بَشَرًا

مگر یہ کہ میں فقط کھلا ڈرانے والا ہوں (اے حبیب!) یاد فرمایئے جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ میں پیدا کرنیوالا ہوں

ترجمہ: میں آج رات ذکرِ الٰہی میں کھڑا ہوا اور جتنا مقدور تھا اتنی نماز پڑھی۔ پھر مجھے نماز میں ہی نیند آ گئی۔ یہاں تک کہ مجھے گرانی محسوس ہونے لگی۔ پھر میں کیا دیکھتا ہوں کہ میرا رب کریم بڑی پیاری صورت میں تشریف فرما ہے اور فرمایا: یا محمد! میں نے عرض کی: لبیک ربی۔ اے میرے رب! حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا یہ آسمان کے فرشتے کس بات میں جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: میں نہیں جانتا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنی ہتھیلی میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھی۔ میں نے اس کی انگلیوں کی ٹھنڈک کو اپنے سینے میں پایا۔ فَتَجَلّٰی لِیْ کُلُّ شَیْءٍ۔ اس کی برکت سے میرے لیے ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے اس کو پہچان لیا۔ دوسری روایت میں ہے: فَعَلِمْتُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ ''یعنی جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں تھا میں نے اسے جان لیا''۔ اللہ تعالیٰ نے پھر فرمایا: یا محمد! میں نے عرض کی: حاضر ہوں۔ پوچھا: آسمان کے فرشتے کس بات پر جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: درجات اور کفارات میں۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا: درجات کیا ہیں؟ میں نے عرض کی: اِطْعَامُ الطَّعَامِ وَاِفْشَاءُ السَّلَامِ وَالصَّلٰوۃُ بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ۔ کہ کھانا کھلانا، سلام پھیلانا اور رات کے وقت جب لوگ سو رہے ہوں اس وقت اٹھ کر نماز پڑھنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ نے سچ کہا ہے۔ اب بتاؤ کفارات کیا ہیں؟ میں نے عرض کی: اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِی الْمَکَارِہِ وَانْتِظَارُ الصَّلٰوۃِ بَعْدَ الصَّلٰوۃِ وَنَقْلُ الْاَقْدَامِ اِلَی الْجَمَاعَۃِ۔ کہ تکلیف کی حالت میں بھی مکمل وضو کرنا اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا اور جماعت میں شریک ہونے کے لیے چل کر جانا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محبوب! تو نے سچ کہا۔ اب مانگو جو مانگنا چاہتے ہو۔ میں نے عرض کی: الٰہی میں تجھ سے نیک کام کرنے کی، برے کاموں کو چھوڑنے کی اور مسکینوں سے محبت کرنے کی توفیق مانگتا ہوں۔ اور میں التجا کرتا ہوں کہ تو مجھے بخش دے۔ مجھ پر رحم فرما اور جب اپنے بندوں کو تو کسی فتنہ میں مبتلا کرنا چاہے تو مجھے فتنہ سے بچا کر اپنی طرف بلا لے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، مجھے اپنی محبت عطا فرما اور جو تجھ سے محبت کرتا ہے اس کی محبت عطا فرما، اس کام کی محبت عطا فرما جو مجھے تیری محبت کے قریب کر دے۔ حضور نے صحابہ کو فرمایا: دعا کے یہ فقرے تم بھی سیکھ لو اور لوگوں کو سکھاؤ، کیونکہ یہ حق ہے۔

اس حدیث کے متعلق امام ترمذی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور فرماتے ہیں کہ میں نے اس کے متعلق امام بخاری سے پوچھا۔ آپ نے بھی فرمایا: ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ(1)۔ اس حدیثِ صحیح کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو کتنا علم عطا فرمایا اور جب قدرت کا ہاتھ حضور کی پشت پر رکھا گیا تو سینے میں علم کے سمندر موجزن ہو گئے اور زمین و آسمان کی ہر چیز منکشف ہوگئی اور فرشتے جن معاملات میں بحث و تمحیص کر رہے تھے ان کا بھی علم ہو گیا۔ اور پھر وہی سوال اللہ تعالیٰ نے دہرایا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کے مفصّل جوابات عرض کیے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: صَدَقْتَ۔ اے میرے محبوب! تو

1۔ حاشیہ جامع ترمذی، کتاب ابواب التفسیر باب سورۃ ص، ج2، ص156۔ مشکوٰۃ المصابیح، باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ، ص72

مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ

بشر کو کیچڑ سے ۶۵ پس جب میں اس کو سنواردوں اور پھونک دوں اس میں اپنی (طرف سے خاص) روح تو تم گر پڑنا اسکے آگے

سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ

سجدہ کرتے ہوئے ۶۶ پھر سجدہ کیا سب کے سب فرشتوں نے سوائے ابلیس کے۔ اس نے گھمنڈ کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ

اور ہوگیا کافروں میں سے ارشاد ہوا اے ابلیس! کس چیز نے باز رکھا تمہیں اس کو سجدہ کرنے سے جسے میں نے پیدا کیا

بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ

اپنے دونوں ہاتھوں سے ۶۷ کیا تو نے تکبر کیا یا تو اپنے آپ کو اس سے عالی مرتبہ خیال کرتا ہے ۶۸ وہ (گستاخ) بولا میں بہتر ہوں اس سے

نے صحیح جواب دیا۔ نیز اس حدیث میں ایک دعا ہے جو اس مخصوص وقت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے مولا کریم سے مانگی اور اپنے صحابہ کو بھی اس دعا کو یاد کرنے اور دوسروں کو سکھانے کی تلقین فرمائی۔ اس لیے یہاں اس دعا کو نمایاں طور پر لکھ دیا گیا ہے تاکہ ضیاء القرآن کا مطالعہ کرنے والا ان کلماتِ طیبات کو یاد کرے اور جب اس کریم اور غنی کی خدمت میں دامنِ طلب پھیلائے، تو ان کلماتِ طیبات سے بھیک مانگے۔ یقین ہے اللہ کریم اپنے انمول خزانوں سے اس کے دامنِ طلب کو بھر دے گا۔

۶۵ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق پر حواشی متعدد مقامات پر گزر چکے ہیں وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

۶۶ سَوَّيْتُهٗ اَیْ اَتْمَمْتُ خَلْقَهٗ: یعنی جب میں اس کی تخلیق مکمل کرلوں اور اس کی نوک پلک سنواردوں۔ رُوْحِیْ: اضافت جزئیت اور بعضیت کی نہیں بلکہ تشریف کی ہے(1)۔ یعنی وہ روح جس کو میں نے اپنی خاص قُدرت سے بنایا ہے اور جس میں گوناگوں صلاحیتیں اور قوتیں مضمر کردی ہیں۔ جب ان کی صحیح آبیاری اور تربیت کی جاتی ہے تو فرشتے بھی اس کی گردِ راہ کو نہیں پہنچ سکتے۔

۶۷ اس کا لفظی معنی تو یہ ہے کہ جس کو میں نے اپنے دو ہاتھوں سے پیدا فرمایا۔ کیا اللہ تعالیٰ کے بھی ہاتھ ہیں؟ اسلاف کا مسلک یہ ہے کہ وہ ان کلمات کی تاویل نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ ہاں اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ ہیں جس طرح آیت میں مذکور ہے۔ لیکن وہ کیسے ہیں؟ ان کی حقیقت کیا ہے؟ ہمیں اس کی خبر نہیں۔ اللہ تعالیٰ خود ہی ان کی حقیقت کو جانتا ہے۔ اور متأخرین علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ دوسرے انسانوں کو میں نے ماں باپ کے واسطہ سے پیدا کیا، لیکن آدم کو بلا واسطہ محض اپنی قدرت سے پیدا فرمایا(2)۔ تو یہاں یَدٌ کا معنی قدرت ہے اور یہ استعمال لُغتِ عرب میں عام ہے(3)۔ اور دو ہاتھ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ انسان دو مختلف الحقیقت چیزوں سے مرکب ہے۔ جسم جو مادی ہے اور روح جو مجردات میں سے ہے۔ بتایا ایک ہاتھ سے اس کے ظاہری

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص192 2۔ ایضاً، 3۔ تفسیر بیضاوی، زیر آیت ہذا، ص606

مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾ ج صلے

تونے پیدا کیا ہے مجھے آگ سے اور پیدا کیا ہے اسے کیچڑ سے ۔ حکم ملا دلے بے حیا! نکل جا جنّت سے بیشک تو پھٹکارا گیا۔

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ

اور بے شک تجھ پر میری لعنت برسے گی قیامت تک۔ ابلیس بولا (اگر یہی اٹل فیصلہ ہے) تو میرے رب! مجھے مہلت دیجئے

يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ لا اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾

روزِ حشر تک۔ جواب ملا بیشک تو مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے۔ (یہ مہلت) مقررہ وقت کے دن تک ہے۔

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ لا اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾

کہنے لگا تیری عزّت کی قسم! میں ضرور گمراہ کردوں گا ان سب کو سوائے تیرے ان بندوں کے جنہیں ان میں سے تونے چن لیا ہے ۶۹

قَالَ فَالْحَقُّ ۖ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ ج لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

فرمایا تو میں حق ہوں اور میں سچ ہی کہتا ہوں ۷۰ میں ضرور بھر دوں گا جہنّم کو تجھ سے اور تیرے سب فرماں برداروں

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

سے ۔ آپ فرمائیے میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کوئی اجر ۷۱ اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں ۷۲

جسم کو اور دوسرے ہاتھ سے اس کے باطن یعنی روح کو تخلیق فرمایا۔(1)

۶۸ شاید ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کی دو وجہیں ہوسکتی تھیں۔اس سے پوچھا جارہا ہے کہ تونے کس وجہ سے سجدہ نہیں کیا؟ کیا تونے بلاوجہ گھمنڈ اور غرور کی وجہ سے میرے حکم کو نہیں مانا یا تونے یہ تصوّر کرلیا ہے کہ تو بہت عالی مرتبت ہے۔ تجھے آدم کو سجدہ نہیں کرنا چاہیے۔ یہ حکم فقط ان فرشتوں کو ہے جو کم درجہ کے ہیں(2)۔اگر محض گھمنڈ کے باعث تونے ایسا کیا ہے تو تونے بہت برا کیا اور اگر تو اس دوسری غلط فہمی کا شکار ہوگیا تو بھی یہ سراسر تیری کم فہمی اور نالائقی ہے۔ تَوْبِيْخٌ عَلَى الشِّقِّ الْاَوَّلِ وَاِنْكَارٌ لِلشِّقِّ الثَّانِيْ (مظہری)(3)

۶۹ شیطان اللہ تعالیٰ کی عزت وجلال کی قسم اٹھا کر دعویٰ کر رہا ہے کہ جس آدم کی وجہ سے تونے مجھے دھتکار دیا ہے، میں اس کی ساری اولاد کو تیرا باغی بنادوں گا۔سب تجھے چھوڑ کر میرے پیچھے چلنے لگیں گے۔صرف تیرے وہ بندے جن کو تو نے چن لیا ان پر میرا جادو نہیں چلے گا۔

1۔روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز23، ص225 2۔ایضاً، ص27-226 3۔تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص192

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِينَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ﴿۸۸﴾ ع

نہیں ہے یہ (قرآن) مگر نصیحت سب جہانوں کے لیے[۷۳] اور (اے کفار!) تم ضرور جان لوگے اس کی خبر کچھ عرصہ بعد[۷۴]

۷۰ پہلا الحق مرفوع اور دوسرا منصوب۔ پہلا حق یا تو خبر ہے اور اس کا مبتدا محذوف ہے (1) یعنی اَنَا الْحَقُّ۔ یا یہ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے یعنی اَلْحَقُّ اَنَا۔ اور دوسرا الحق اَقُوْلُ کا مفعول ہے اور منصوب ہے۔ (2)

۷۱ میں جو تمہیں رات دن راہ حق کی طرف بلاتا رہتا ہوں۔ تم پتھر مارتے ہو، میں مسکرا دیتا ہوں۔ تم گالیاں بکتے ہو، میں دعائیں دیتا ہوں۔ تم میری راہ میں کانٹے بچھاتے ہو اور میں تمہارے لیے فردوس کی راہ ہموار کرنے میں مصروف رہتا ہوں اور بڑی محنت اور دلسوزی سے تمہارے دامن کو کفر و شرک کی آلودگیوں سے پاک کرنا چاہتا ہوں۔ تم شاید یہ خیال کرتے ہو کہ اس میں میرا کوئی ذاتی فائدہ ہے، اس طرح میں دولت جمع کرنا چاہتا ہوں یا اقتدار کی کرسی سنبھالنا چاہتا ہوں۔ کان کھول کر سن لو۔ میں نے تم سے کسی اجر اور معاوضہ کا سوال نہ آج تک کبھی کیا ہے اور نہ آئندہ کبھی کروں گا۔

۷۲ نیز میں اس معاملہ میں قطعاً کسی تصنع اور بناوٹ سے کام نہیں لے رہا۔ یعنی میرے دل میں تو کچھ اور ہے اور محض دکھاوے کے لیے میں تم سے اقدار عالیہ اور اخلاق حسنہ کی باتیں کرتا ہوں، ایسا ہرگز نہیں۔ مجھے تکلف اور تصنع سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ میں تمہارے سامنے حقیقت کا اظہار کرتا ہوں اور سچی بات کہتا ہوں۔ میرے مواعظ، میری نصیحتیں میرا حال ہیں فقط قال نہیں۔ مُتَكَلِّفِيْنَ الَّذِيْنَ يَتَصَنَّعُوْنَ وَيَتَحَلَّوْنَ بِمَا لَيْسُوْا مِنْ اَهْلِهٖ۔ (3)

۷۳ یہ کتاب مقدس جو میں تمہیں صبح و شام پڑھ پڑھ کر سنایا کرتا ہوں، یہ تو سارے جہانوں کے لیے صحیفۂ رشد و ہدایت ہے۔

۷۴ اگر اب تم اس کی بیان کردہ حقیقتوں کو تسلیم نہیں کرتے تو بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے جب تم طوعاً و کرہاً اس کی صداقت کا اعتراف کر لوگے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

محمد کرم شاہ

۱۹ رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ — نظر ثانی: ۱۹۔ رجب ۱۳۹۲ھ

۹ نومبر ۱۹۷۱ء — ۳۰۔ اگست ۱۹۷۲ء

ہردوسودھی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 18، ص 193 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 229 3۔ ایضاً، ص 230

تعارف سُورۃ زُمر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورت کی آیات نمبر ۷۱ اور نمبر ۷۳ میں زُمر کا لفظ مذکور ہے۔ یہی اس سورت کا نام ہے۔ اس سورت میں آٹھ رکوع ۷۵ آیات، ایک ہزار ایک سو بہتر کلمات اور چار ہزار نو سو آٹھ حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی (1)۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اس وقت نازل ہوئی جب اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کفار و مشرکین کا بغض و عناد اور ظلم و ستم انتہا کو پہنچ چکا تھا۔ مکہ کی فضا میں ان کے لیے اطمینان کا سانس لینا ممکن نہ رہا تھا۔ وہ یہاں رہ کر اپنے دین کے ارشادات کے مطابق اپنے پروردگار کی عبادت نہیں کر سکتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ بتا دیا کہ اگر یہاں رہ کر تم اپنے بندگی کے فرائض انجام نہیں دے سکتے تو اللہ تعالیٰ کی زمین بڑی وسیع ہے۔ کسی ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں تمہارا ایمان بھی محفوظ ہو اور تمہیں عبادت کرنے کی بھی آزادی ہو۔ چنانچہ مفسرینِ کرام نے آیت نمبر ۱۰ (وَ اَرۡضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃٌ) کے ضمن میں لکھا ہے کہ یہ آیات اس وقت نازل ہوئیں جب حضرت جعفر بن ابی طالب اپنے ہمراہیوں کے ساتھ مکہ سے ہجرت کر کے حبشہ روانہ ہوئے۔ سورت کے مضامین اور اس قسم کی روایات سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ سورت اس زمانہ میں نازل ہوئی جب مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا اذن مل گیا تھا۔

مضامین: ابتداء میں مُشرکینِ مکّہ کے شِرک کی حقیقت بیان کر دی کہ وہ اپنے بتوں کو خدا سمجھتے تھے اور ان کی عبادت کیا کرتے تھے اور وہ اس زعمِ باطل میں مبتلا تھے کہ ان بتوں کی عبادت ان کے لیے قربِ الٰہی کا باعث ہے۔ ان کے اس زعمِ باطل کا قلع قمع کرنے کے لیے سورت کا آغاز اس حقیقت کے بیان سے کیا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے تو صرف اسی کی عبادت کرو۔ اس کے ساتھ اگر کسی غیر کی عبادت کرو گے تو وہ عبادت مردود اور نامنظور ہوگی۔ عبادت کے لائق صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور ہر چیز مخلوق ہے، حادث ہے، اپنے وجود اور اپنی بقاء میں اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کی محتاج ہے۔ وہ اس قابل کہاں کہ اس کی عبادت کی جائے اور اسے معبود مانا جائے۔

عقیدۂ توحید کو ثابت کرنے کے لیے تکوینی آیات کو بیان کیا۔ آسمانوں اور زمینوں کو اس حُسن و خوبی اور محیر العقول نظم و ضبط کے ساتھ پیدا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ گردشِ لیل و نہار کا تسلسل قائم کرنے والا وہی ہے۔ مہر و ماہ اسی کے حکم کے پابند ہیں اور اپنے معیّنہ راستہ پر چل رہے ہیں۔ اسی نے تمہیں شکمِ مادر کے تہ در تہ اندھیروں میں اس حسن و خوبی کے ساتھ تخلیق فرمایا۔

اِس سورت کے مضامین میں سے زیادہ غور طلب یہ مضمون ہے کہ انسان دو قسم کے ہیں، ایک وہ خود فراموش ہیں جنہیں

1۔ تفسیر قرطبی، جز 15، ص 232

جب مصائب وآلام اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں تو چیخنے چلانے لگتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریادیں کرتے ہیں اور پکے وعدے کرتے ہیں کہ اگر اس مصیبت سے بچ گئے تو عمر بھر تیری بندگی اور تیری فرمانبرداری میں گزار دیں گے۔ لیکن جب ہماری رحمت ان کی فریادرسی کرتی ہے تو انہیں یاد ہی نہیں رہتا کہ ان پر یہ کس کا کرم ہے۔ بعض احمق اس تبدیلی کو اپنے علم وفضل، فنی مہارت اور کاروباری فراست کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔ حالانکہ چند روز پہلے جب وہ بوکھلائے ہوئے فریادیں کرتے تھے تو ان کی علمیت وقابلیت تجربہ وفراست تو اس وقت بھی ان میں موجود تھا۔

دوسری قسم ان خودشناس لوگوں کی ہے جو اپنی زندگی کی ہر ساعت اپنے کریم پروردگار کی یاد اور بندگی میں بسر کرتے ہیں۔ ان کی راتیں عبادتِ الٰہی میں گزر جاتی ہیں۔ کبھی دست بستہ کھڑے ہیں، کبھی جبینِ نیاز سجدہ میں جھکائے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود اپنے رب کی بے نیازی سے ہر وقت ڈرتے رہتے ہیں۔ اپنی کسی عبادت اور نیکی پر انہیں ناز نہیں ہوتا۔ انہیں اگر آس ہے تو اس کی رحمت کی۔ اگر سہارا ہے تو اس کے فضل وکرم کا۔

کفار اپنے دل میں سوچا کرتے کہ ہم پیغمبرِ اسلام اور اس کے ماننے والوں کو کسی نہ کسی وقت اپنے سانچے میں ڈھال لیں گے۔ ان کی اس خام خیالی کو دور کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ کریم کو حکم دیا کہ کفار سے کہہ دیں: قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ (الزمر:64) ''اے میرے حبیب! آپ انہیں فرما دیجیے کہ اے جاہلو! اے نادانو! کیا تم مجھے حکم کرتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں''۔

کیا جلال ہے اس آیتِ کریمہ کا اور کیا رعب ہے ان چند کلمات میں۔

ایسے معاشرے کی اصلاح کی کوششیں ہو رہی ہیں جس کی کوئی کل بھی سیدھی نہ تھی۔ شرک وکفر کے علاوہ فسق وفجور، ظلم وستم، راہزنی وقزاقی وغیرہ ہر قسم کی خرابیوں میں وہ بُری طرح مبتلا تھے۔ وہ اپنے نامۂ عمل کی سیاہی کو دیکھ کر اپنی اصلاح اور اپنی نجات سے بالکل مایوس ہو چکے تھے۔ اسی مایوسی نے انہیں مزید گناہوں سے بھرپور زندگی بسر کرنے کا متوالا بنا دیا تھا۔ آیت نمبر ۵۳ میں لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ کا مژدۂ جانفزا سنایا اور انہیں بتا دیا کہ اگر اب تک تم نے اپنے نفس پر مظالم کی حد کر دی ہے لیکن اگر اس کے درِ رحمت پر آ کر دستک دو گے تو اس کی رحمت تمہیں مایوس نہیں کرے گی۔ تمہارے گزشتہ جرائم کو معاف کر دیا جائے گا اور تمہیں ازسرِ نو پاکیزہ زندگی شروع کرنے کا ایک بار پھر موقع دے دیا جائے گا۔

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانِيْ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ زمر مکی ہے اس کی ۷۵ آیات اور ۸ رکوع ہیں — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

اتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے جو عزیز (اور) حکیم ہے ۱؎ — ہم نے اتاری ہے آپ کی طرف یہ کتاب

بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۲﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ

حق کے ساتھ ۲؎ پس آپ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کیلئے اطاعت کو ۳؎ خبردار! صرف اللہ کیلئے ہے دین خالص ۴؎

۱؎ کفار اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ یہ کتاب فصیح وبلیغ سہی، لیکن یہ خدا کا کلام نہیں بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کو خود بناتے ہیں اور پھر اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر کے لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہیں یہ خوش فہمی بھی تھی کہ ہماری موجودگی میں اس دین کے پھیلنے اور اس کے ترقی کرنے کا کوئی امکان نہیں اور نہ اس دین میں یہ صلاحیت ہے کہ گردشِ زمانہ اور اس کے ہر لحظہ بدلتے ہوئے تقاضوں کی تکمیل کر سکے۔ اس لیے اس کی یہ مقبولیت عارضی ہے۔ یہ دعوت خود بخود ختم ہو جائے گی، اس کی عارضی کامیابی پر زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اس طرح کی باتیں کر کے وہ ایک دوسرے کا دل بہلاتے اور اسلام کی بے پناہ مقبولیت کے باعث ان کے دلوں میں اضطراب کی جو آگ بھڑک اٹھی تھی اس پر وہ ایسی طفل تسلیوں کا پانی چھڑکا کرتے۔ اس آیت میں ان کی انہی غلط فہمیوں اور خوش فہمیوں کا ابطال کیا جا رہا ہے۔ پہلے یہ بتایا کہ یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی نازل فرمودہ ہے اور جس خداوندِ عالم نے اسے نازل فرمایا ہے وہ عزیز ہے یعنی سب پر غالب اور ہر چیز سے طاقتور۔ اس کے نافذ کیے ہوئے احکام کو روکنے کی کسی میں قوت نہیں۔ نیز وہ حکیم ہے، زبردست دانا ہے۔ زمانہ اور زمانہ کے جلی وخفی تقاضے اس کے علم میں ہیں۔ زمانہ کتنی ترقی کر جائے اس کے تمدنی، معاشرتی اور معاشی تقاضے کتنی ہی کروٹیں بدلتے رہیں، قرآن کی روشنی قیامت تک زندگی کے ہر اُفق کو مُنوّر کرتی رہے گی۔

۲؎ اس کو ہم نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے۔ اس میں باطل کی ذرا آمیزش نہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اوّل۔ آلِ عمران کی دوسری آیت کا حاشیہ)

۳؎ شرک ایک ایسا گناہ ہے جس سے بڑا اور برا کوئی دوسرا گناہ نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی بھی عبادت کرتا ہے اور ساتھ ساتھ کسی دوسرے کی بھی عبادت و پرستش کرتا ہے، اس کی ساری نیکی اکارت جائے گی۔ اس لیے یہاں حکم دیا جا رہا ہے کہ فقط اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اسی کے احکام کے سامنے سرِ تسلیم خم کرو۔ اپنے خالق حقیقی کے بغیر کسی کی بندگی کا تصور تک کرنا اور اپنے بادشاہِ حقیقی کے احکام کو نظر انداز کر کے کسی غیر کی اطاعت کا دم بھرنا مردِ مومن کے لیے زیبا نہیں، بلکہ ایسی حرکت کے ارتکاب

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى

اور جنہوں نے بنا لیے اس کے سوا اور والی (اور کہتے ہیں)، ہم نہیں عبادت کرتے ان کی مگر محض اس لیے کہ یہ ہمیں اللہ کا

اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ

مقرب بنادیں ۵ بیشک اللہ تعالیٰ فیصلہ فرمائے گا۔ ان کے درمیان جن باتوں میں یہ اختلاف کیا کرتے ہیں ۶ بلاشبہ

کے بعد اس کا نام اہلِ ایمان کی فہرست سے خارج کر دیا جائے گا۔

۴ دوبارہ تنبیہ فرمادی کہ اطاعتِ کاملہ کا حقیقی مستحق فقط اللہ تعالیٰ ہے۔ ابنِ مردویہ نے یزید الرّقاش سے ایک روایت نقل کی ہے کہ کسی شخص نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: یارسول اللہ! ہم شہرت اور ناموری حاصل کرنے کے لیے مال خرچ کرتے ہیں، کیا ہمیں اس پر کوئی اجر ملے گا۔ حضور نے فرمایا: نہیں۔ پھر اس شخص نے گزارش کی: یارسول اللہ! ہم مال خرچ کرتے ہیں اور ہمارے پیشِ نظر ثواب اور شہرت دونوں کا حصول ہوتا ہے۔ کیا اس صورت میں مال خرچ کرنے پر ہمیں اجر ملے گا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَقْبَلُ اِلَّا مَنْ اَخْلَصَ لَهٗ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (1)۔ ''حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ صرف اس کے عمل کو قبول کرتا ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کرتا ہے۔ پھر حضور نے یہ آیت تلاوت فرمائی''۔ علامہ قرطبی نے 'الدین' کا معنی اطاعت وفرمانبرداری کیا ہے اور بعض کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ الدین سے مراد عبادت ہے۔ اَلدِّيْنُ اَيِ الطَّاعَةُ وَقِيْلَ الْعِبَادَةُ (قرطبی) (2)

۵ کفار کا یہ طریقہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے بلکہ اپنے بتوں اور مصنوعی خداؤں کی پرستش کرتے اور اگر انہیں ٹوکا جاتا کہ تم یہ کیا حماقت کر رہے ہو؟ ہر لحظہ جوان کی پوجا پاٹ میں لگے رہتے ہو کیا انہوں نے تمہیں پیدا کیا ہے؟ کیا اس عالمِ رنگ و بو کے خالق وہ ہیں؟ زمین کا فرش انہوں نے بچھایا ہے؟ آسمان کا نیلگوں سائبان اور اس میں آویزاں انگنت ضیاء بار قندیلیں ان کی قدرت کا کرشمہ ہیں؟ جواب دیتے نہیں۔ تو پھر تم ان کی عبادت کیوں کرتے ہو؟ تو کہتے ہیں کہ ان کی عبادت سے قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ یہ ہمیں خدا کا مقرب بنا دیتے ہیں۔

اسلام کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ عبادت کے لائق صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کے بغیر کوئی بھی عبادت کا مستحق نہیں۔ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت کرے گا تو وہ دائرۂ اسلام سے خارج ہو جائے گا۔ مشرکینِ عرب نے اللہ تعالیٰ کی عبادت قطعاً ترک کی ہوئی تھی۔ وہ کہتے: ہم گنہگار اس قابل نہیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ ہم تو فقط ان بتوں کی عبادت کریں گے اور ان کی عبادت سے ہمیں قربِ الٰہی نصیب ہوگا۔ امام رازی رقمطراز ہیں: ''حَاصِلُ الْكَلَامِ لِعِبَادِ الْاَصْنَامِ اَنْ قَالُوْا اِنَّ الْاِلٰهَ الْاَعْظَمَ اَجَلُّ مِنْ اَنْ يَّعْبُدَهُ الْبَشَرُ لٰكِنَّ اللَّائِقَ بِالْبَشَرِ اَنْ يَّشْتَغِلُوْا بِعِبَادَةِ الْاَكَابِرِ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مِثْلِ الْكَوَاكِبِ وَمِثْلِ الْاَرْوَاحِ السَّمَاوِيَّةِ ثُمَّ اِنَّهَا تَشْتَغِلُ بِعِبَادَةِ الْاِلٰهِ الْاَكْبَرِ فَهٰذَا هُوَ الْمُرَادُ مِنْ قَوْلِهِمْ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (کبیر) (3)

1۔ درمنثور، زیر آیت ہذا، ج5، ص602 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص235 3۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج13، ج26، ص242

اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا

اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتا ۷ اس کو جو جھوٹا (اور) بڑا ناشکرا ہو ۸ اگر اللہ چاہتا کہ کسی کو بیٹا بنائے

ترجمہ: یعنی بت پرستوں کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ کہتے کہ الٰہ اعظم (سب سے بڑا خدا) کی شان اس سے بلند ہے کہ انسان اس کی عبادت کرے۔ انسان کے لائق یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بڑے بندوں کی عبادت میں مشغول ہو۔ مثلاً ستارے، آسمانی روحیں اور پھر یہ چیزیں خداوندِ اکبر کی عبادت میں مشغول ہوں۔ مشرکین کے اس قول کہ مَا نَعْبُدُهُمْ الآیہ کا یہی مفہوم اور مطلب ہے۔

بعض صاحبان حصولِ دعا کے لیے اولیائے کرام کی خدمت میں حاضری کو بھی اسی ضمن میں شمار کرتے ہیں اور حاضر ہونے والوں پر بڑی بے رحمی سے شرک کا الزام لگاتے ہیں، وہ خود ہی انصاف فرماویں کہ جب کوئی مسلمان کسی ولی یا بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور دعا کے لیے عرض کرتا ہے تو کیا وہ ان کی عبادت کر رہا ہوتا ہے؟ العیاذ باللہ۔ اگر صرف طلبِ دعا کے لیے بھی کسی کے پاس جانا عبادت اور شرک ہے تو ان صاحبان کا صحابۂ کرام کے متعلق کیا فتویٰ ہے جو حضور سرورِ عالم رحمتِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس واطہر میں کبھی بارش کے نزول کے لیے، کبھی بارش کے رُکنے کے لیے، کبھی بیماری سے شفایاب ہونے کے لیے کبھی دیگر مقاصد کے لیے حاضر ہوتے اور دعا کے لیے عرض کرتے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دعا کے لیے دستِ مبارک بارگاہِ الٰہی میں اٹھاتے تو مشکلیں آسان ہو جاتیں، لاعلاج مریض شفایاب ہو جاتے، طویل خشک سالی کے بعد آنِ واحد میں گھنگھور گھٹائیں برسنے لگتیں اور برستے ہی چلی جاتیں۔

ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اس بات پر محکم یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کی عبادت کُفر ہے، شرک ہے، گمراہی ہے اور ابدی عذاب کا موجب ہے۔ اور ان بے رحم مفتیوں سے بھی مؤدبانہ التماس ہے کہ وہ شمعِ توحید کے پروانوں پر شرک کی جھوٹی تہمت لگانے کا شغل ترک کریں اور کوئی مفید مشغلہ اختیار فرماویں جس سے انہیں بھی فائدہ ہو اور ان کی قوم کا بھی بھلا ہو۔

آیت میں زُلْفٰی مفعولِ مطلق ہے کیونکہ تَقْرِیْبًا کا ہم معنی ہے اور فعل کے مصدر کا مترادف مفعولِ مطلق ہو سکتا ہے (1) جیسے قَعَدْتُ جُلُوْسًا۔

۶ مشرکین کا اپنے معبودوں کے بارے میں جو اختلاف ہے کوئی سورج کو، کوئی چاند کو، کوئی گنگا جمنا کو اور کوئی ہمالیہ پہاڑ کی بلند چوٹیوں کو اپنا معبود بنائے ہوئے ہے، اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی فرمائے گا۔ اس وقت انہیں اپنی گمراہی کی حقیقت معلوم ہوگی۔

۷ ہدایت کوئی ایسی جنسِ ارزاں نہیں کہ خواہ نخواہ ہر ایک کی جھولی میں ڈال دی جائے۔ یہ دُرِ شہوار فقط اسے ملتا ہے جس کے دل میں اس کی سچی طلب اور تڑپ ہو۔ جو لوگ از راہِ غرور و نخوت انبیائے کرام کی تکذیب کرتے ہیں اور ان کی دعوتِ حق کو ٹھکراتے رہتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ اس نعمت سے محروم کر دیا کرتا ہے۔

۸ حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جھوٹا اس بات میں کہ بتوں کو اللہ تعالیٰ سے نزدیک کرنے والا بتائے اور خدا کے لیے اولاد ٹھہرائے اور ناشکرا ایسا کہ بتوں کو پوجے۔ (خزائن العرفان) (2)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 195 2۔ خزائن العرفان، زیر آیت ہذا، ص 825

لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۴

تو چُن لیتا اپنی مخلوق سے جس کو چاہتا[9] وہ پاک ہے[10] وہی اللہ ہے جو ایک ہے، سب سے زبردست

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ

اس نے پیدا فرمایا ہے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ[11] وہ لپیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے

النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

دن کو رات پر[12] اور اس نے مسخّر کر دیا ہے سورج اور چاند کو۔ ہر ایک رواں ہے مقررہ میعاد تک

اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝۵ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ

غور سے سنو! وہی عزّت والا اور بہت بخشنے والا ہے[13] اس نے پیدا کیا ہے تمہیں فردِ واحد سے[14] پھر بنایا اسی سے

[9] بعض مشرکین اللہ تعالیٰ کی اولاد کے قائل تھے۔ ان کے اس باطل نظریہ کی تردید کی جارہی ہے۔

[10] اولاد کا ہونا تمہارے لیے تقویت اور عزت و وقار کا باعث ہے کیونکہ تم کمزور ہو، ضعیف ہو، دشمنوں کا تنہا مقابلہ کرنے سے عاجز ہو، تمہاری اولاد ہوگی تو تم طاقتور بن جاؤ گے۔ نیز تم فنا ہونے والے ہو۔ تمہیں اولاد کی اس لیے بھی ضرورت ہے کہ تمہارے مرنے کے بعد تمہارا نام تمہاری اولاد کے ذریعے باقی رہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ جو قہار ہے جو حیّ لا یموت ہے اس کے لیے اولاد کی ضرورت کا تصوّر بھی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ وہ ان تمام چیزوں سے پاک ہے۔ اس لیے اولاد کا عقیدہ رکھنا اس کی شانِ کبریائی سے جہالت کی دلیل ہے۔

[11] اللہ تعالیٰ کی توحید، قدرت اور حکمت کے دلائلِ تکوینی بیان فرمائے جارہے ہیں۔

[12] تَكْوِيْرُ اللَّيْلِ عَلَى النَّهَارِ تَغْشِيَتُهٗ اِيَّاهُ (صحاح)(1)۔ یعنی دن کی روشنی جہاں سے سمٹی جاتی ہے، رات کی تاریکی وہاں پھیلتی جاتی ہے۔ اسی طرح رات کا اندھیرا جہاں سے ختم ہوتا ہے دن کا اجالا وہاں نور افشانی کرتا جاتا ہے۔ یہ تسلسل کبھی ٹوٹنے نہیں پاتا۔ علامہ جوہری یُکَوِّرُ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: كَارَ الْعِمَامَةَ عَلٰى رَأْسِهٖ يَكُوْرُهَا كَوْرًا اَیْ لَاثَهَا۔ كُلُّ دَوْرٍ كَوْرٌ۔ (صحاح)(2) یعنی عمامہ کو سر پر لپیٹنا اور بل پر بل دیتے چلے جانا۔ ہر بل کو کَوْرٌ کہتے ہیں۔

[13] اس کی قدرتِ غالبہ کا تو یہ عالم ہے کہ وہ اگر چاہے تو تمہاری سرکشی کے باعث چشمِ زدن میں تمہیں تہس نہس کر کے رکھ دے لیکن اس کے ساتھ وہ غفار بھی ہے۔ اس کی بخشش اور پردہ پوشی کی بھی حد نہیں۔

[14] اللہ تعالیٰ کی توحید اور قدرتِ قاہرہ کی مزید دلیلیں بیان کی جارہی ہیں۔ پہلے صرف حضرت آدمؑ کو پیدا فرمایا۔ پھر ان سے

1۔ الصحاح، ج2، ص810 2۔ ایضاً، ص209

مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ

اس کا جوڑا اور پیدا کیے تمہارے لیے جانوروں میں سے آٹھ جوڑے وہ پیدا فرماتا ہے

فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ

تمہیں تمہاری ماؤں کے شکموں میں (تدریجاً) ایک حالت سے دوسری حالت تین اندھیروں میں ۱۵

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۶ اِنْ

یہ (قدرت والا) اللہ تمہارا رب ہے اسی کی حکومت ہے ۱۶ نہیں کوئی معبود بجز اسکے پھر تم کدھر منہ پھیر کر جارہے ہو۔ اگر تم

تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ

ناشکری کرتے ہو تو بیشک اللہ کو تمہاری کوئی ضرورت نہیں، اور وہ پسند نہیں کرتا اپنے بندوں سے ناشکری کو اور اگر تم

تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ

شکر ادا کرو تو وہ پسند کرتا ہے اسے تمہارے لیے ۱۷ اور نہیں اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ ۱۸ پھر اپنے رب

حضرت حوا کی تخلیق کی یہاں تک کہ نسلِ انسانی کرۂ زمین کے دور دراز گوشوں تک پھیل گئی نیز ان کو پیدا کر کے یوں ہی نہیں چھوڑ دیا گیا بلکہ اس کی خوراک کا بندوبست فرمایا۔ نقل وحمل کے ذرائع اور وسائل مہیا کیے۔ خصوصی طور پر اونٹ، بیل، بھیڑ، بکری جوڑا جوڑا کا ذکر کر دیا۔ (1)

۱۵ انسان کی آفرینش کی طرف مکرر توجہ دلائی۔ یعنی جب نطفہ رحم میں قرار پکڑتا ہے تو تخلیق وتکمیل کا عمل شروع رہتا ہے۔ وہ قطرۂ آب بلکہ ایک ننھا سا جرثومہ مختلف مرحلوں سے گزر کر کامل انسان کی صورت اختیار کرتا ہے۔ اس کے ہر ہر عضو میں جو باریکیاں لطافتیں اور پیچیدگیاں ہیں یہ سب دن کی روشنی میں انجام پذیر نہیں ہوتیں بلکہ تہ در تہ اندھیروں میں یہ تکوینی عمل جاری رہتا ہے۔ تین اندھیروں سے مراد پیٹ کا اندھیرا، رحم کا اندھیرا اور رحم کے اندر جھلی کا اندھیرا جس میں بچہ کی تخلیق مکمل ہوتی ہے۔

۱۶ یہ بڑی شان والا، عظیم قدرتوں والا، بالغ حکمتوں والا اللہ تعالیٰ تمہارا پروردگار ہے۔ بلندی وپستی میں، بحر وبر میں، کوہ ودمن میں، ارض وسما میں ہر جگہ اس کی حکومت اور بادشاہی کا نقارہ بج رہا ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی خدا نہیں، کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے لوگو! اس سے منہ موڑ کر تم کدھر جارہے ہو؟ اگر تم انکار وکفر کی روش نہ چھوڑو گے تو خود عبرتناک انجام سے دوچار ہو گے۔ اللہ تعالیٰ کا تم کیا بگاڑ سکتے ہو؟ تم ہر بات میں اس کے محتاج ہو، اسے تمہاری قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 23، ص 240

مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷

کی طرف تمہیں لوٹنا ہے پس وہ آگاہ کرے گا تمہیں ان کاموں سے جو تم کیا کرتے تھے۔ بیشک وہ خوب جاننے والا ہے سینوں کے رازوں کو۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً

اور جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف (اسوقت) پکارتا ہے اپنے رب کو دل سے رجوع کرتے ہوئے اس کی طرف ۱۹ پھر جب عطا

۱۷ وہ اس لیے تمہیں کفر سے منع نہیں کرتا کہ اس سے اس کی کبریائی میں فرق پڑ جائے گا، بلکہ وہ بار بار تمہیں اس لیے روکتا ہے کہ تم اس کی قدرت کے شاہکار ہو۔ اس کو تم سے بڑا پیار ہے۔ کفر سے تم اپنا ستیاناس کر دو گے، تمہاری عظمتیں خاک میں مل جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ تمہاری اس ذلت و رسوائی کو پسند نہیں کرتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ تم شکر گزار بندے بن جاؤ تا کہ اس کے جود و کرم کی بارش تم پر برستی رہے اور ہر گھڑی تم بلند سے بلند تر منزل کی طرف مصروفِ پرواز رہو۔

علمائے تفسیر نے یہاں ایک خاص بحث ذکر کی ہے جس کو اختصار سے بیان کرنا فائدہ سے خالی نہیں۔ وہ فرماتے ہیں: یہ یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت اور اللہ تعالیٰ کی رضا دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ دنیا میں کسی خیر و شر کا، اچھی اور بری چیز کا ظہور مشیتِ الٰہی کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ لیکن خیر اور نیکی پر وہ راضی ہوتا ہے اور شر اور برائی پر وہ راضی نہیں ہوتا۔ چور، چوری کرتا ہے۔ ڈاکو، ڈاکہ ڈالتا ہے۔ قاتل، قتل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوتوں سے یہ اعمال سرزد ہوتے ہیں۔ اگر اس کی مشیت اور ارادہ نہ ہو تو کوئی فعل بھی صادر نہیں ہو سکتا۔ لیکن ان میں سے کوئی فعل اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث نہیں بلکہ یہ اُمور اس کے قہر و غضب کو دعوت دیتے ہیں۔ علامہ پانی پتیؒ لکھتے ہیں کہ ارادہ اور مشیتِ الٰہی اور چیز ہے اور رضائے الٰہی اور چیز ہے۔ ان دونوں کو مترادف سمجھنا غلطی ہے۔ فَاِنَّ اِرَادَتَهٗ يَتَعَلَّقُ بِالْخَيْرِ وَالشَّرِّ كُلِّهٖ مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ۔ وَيَسْتَحِيْلُ تَخَلُّفُ الْمُرَادِ عَنْ اِرَادَتِهٖ: کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ خیر و شر سب کے ساتھ متعلق ہوتا ہے۔ جو چاہتا ہے وہ ہوتا ہے اور جس کو وہ نہیں چاہتا نہیں ہوتا۔ یہ محال ہے کہ وہ کسی کام کا ارادہ کرے اور وہ کام نہ ہو۔ (مظہری)(1)

۱۸ یعنی وہ شخص جو اپنے گناہوں کے بوجھ کے نیچے دبا چلا جا رہا ہے وہ کسی دوسرے کا بوجھ کیوں کر اٹھا سکتا ہے؟ یا اللہ تعالیٰ کا عدل اس بات کو برداشت نہیں کرتا کہ کسی کا بوجھ کسی پر لاد دیا جائے۔ یہ انصاف کے خلاف ہے۔

۱۹ جب انسان کسی تکلیف سے دوچار ہوتا ہے، مصائب و آلام کے سیاہ بادل اسے چاروں طرف سے گھیر لیتے ہیں اور نجات کی کوئی راہ نظر نہیں آتی تو پھر ہر طرف سے منہ موڑ کر بڑے عجز و نیاز سے رب کریم کی بارگاہ میں فریاد کرتا ہے۔ لیکن جب اس کی مصیبت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹل جاتی ہے اور اس پر طرح طرح کے انعامات کیے جاتے ہیں تو وہ اکڑ جاتا ہے، اسے وہ گھڑیاں بھول جاتی ہیں جب وہ درد و غم سے نڈھال ہو کر چیخا چلایا کرتا تھا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جبیں سائی کیا کرتا تھا۔ خوّلہٗ: اعطاہٗ: عطا کرنا۔ اور دوسرا معنی یہ کیا گیا ہے: اَوْجَعَلَهٗ ذَا حَشَمٍ وَاَتْبَاعٍ وَالْخَوَلُ الْحَشَمُ وَالْاَتْبَاعُ۔ نوکر، خادم، ملازم۔(2)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص198 (مفہوم)
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص199 (مفہوم)

مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوٓا إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَادًا لِّيُضِلَّ

کرتا ہے اسے نعمت اپنی (جناب) سے تو بھول جاتا ہے اس تکلیف کو جس کے لیے فریاد کرتا رہا تھا اس سے پہلے اور بناتا ہے اللہ کے ہم مثل ۲۰ تاکہ بہکا

عَن سَبِيلِهِ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ﴿٨﴾

دے اس کی راہ سے۔ (اے مصطفٰے! آپ اسے) فرمایئے لطف اٹھالے اپنے کفر سے تھوڑے دن۔ بیشک تو دوزخیوں میں سے ہے۔

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو

بھلا جو شخص عبادت میں بسر کرتا ہے رات کی گھڑیاں کبھی سجدہ کرتے ہوئے کبھی کھڑے ہوئے (بایں ہمہ) ڈرتا ہے آخرت سے اور اُمید

رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ

رکھتا ہے اپنے ربّ کی رحمت کی ۲۱ آپ پوچھیے کیا کبھی برابر ہو سکتے ہیں علم والے اور جاہل ۲۲

إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ ع ۱ ۹ ۱۵

البتہ صرف عقلمند ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ آپ فرمایئے: اے میرے بندو جو ایمان لے آئے ہو ڈرتے رہا کرو اپنے رب سے ۲۳

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ إِنَّمَا

(اور یاد رکھو) ان کے لیے جنہوں نے نیک اعمال کیے اس دُنیا میں نیک صلہ ہے۔ اور اللہ کی زمین بڑی وسیع ہے (مصائب و آلام میں)

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو فراموش کر دیتا ہے جس نے اپنے لطف و کرم سے اس کی چارہ سازی فرمائی تھی۔ اس صورت میں مَا كَانَ يَدْعُوٓا إِلَيْهِ میں مَا بمعنی مَنْ ہوگا اور مَا بمعنی مَنْ بکثرت استعمال ہوتا ہے جیسے وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰى۔ (1)

۲۰ اور اس پر ستم یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے اور اس کے شریک ٹھہرا دیتا ہے۔ اَنْدَادٌ: اَیْ شُرَکَاءُ (2)۔ علامہ بیضاوی نے نِدٌّ کی تشریح بایں الفاظ کی ہے: اَلْمِثْلُ الْمُنَاوِیْ یعنی جو کسی کا ہم پایہ بھی ہو اور اس کا مخالف بھی ہو اس کو "ند" کہتے ہیں۔ (3)

۲۱ مومن کے شب و روز کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے۔ نیاز مندیوں کا عالم یہ ہے کہ رات بھر درد انگیز نالے کرتے رہتے ہیں۔ اس کے درِ اقدس پر جبینِ نیاز جھکائے رہتے ہیں۔ اس کے باوجود اپنی عبادت پر نازاں نہیں ہوتے بلکہ اللہ تعالیٰ کی بے نیازی سے ہر وقت ڈرتے بھی ہیں اور اس کی رحمت کے امیدوار بھی رہتے ہیں۔

۲۲ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی شانِ کبریائی کو جانتے ہیں ان کی امید و بیم کا یہ حال ہے اور جو شانِ الٰہی سے بالکل ناواقف ہیں ان کی سرکشی کی حد نہیں۔ کیا یہ دونوں گروہ یکساں ہو سکتے ہیں؟

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 199 2۔ ایضا 3۔ تفسیر بیضاوی، سورۂ بقرہ، ص 17

يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ

صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا ۲۴ فرمایئے ! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ تعالےٰ کی

اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۱۱﴾ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲﴾ قُلْ

عبادت کروں خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اطاعت کو ۲۵ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان بنوں ۔ آپ

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ

فرمایئے میں ڈرتا ہوں اگر میں حکم عدولی کروں اپنے رب کی، اس بڑے دن کے عذاب سے ۔ فرمایئے اللہ کی ہی میں عبادت کرتا

مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۭ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ

ہوں خالص کرتے ہوئے اس کے لیے اپنے دین کو۔ پس تم عبادت کرو جس کی چاہو اس کے سوا ۲۶ (نیز) فرما دیجیے اصل نقصان اٹھانے

۲۳ اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے اپنے بندوں کو یہ پیغام پہنچا رہے ہیں کہ ایمان لانے کے بعد تقویٰ کو اپنا شعار بنالو۔

۲۴ اس کی تفصیل اس حدیثِ پاک سے ہوتی ہے جو میدانِ صبر واستقامت کے شہسوار، سید الاحرار حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے جدِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے۔

قَالَ سَمِعْتُ جَدِّیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَدِّ الْفَرَائِضَ تَکُنْ مِّنْ اَعْبُدِ النَّاسِ وَ عَلَیْكَ بِالْقُنُوْعِ تَکُنْ مِّنْ اَغْنَی النَّاسِ یَا بُنَیَّ اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ شَجَرَۃً یُّقَالُ لَھَا شَجَرَۃُ الْبَلْوٰی یُؤْتٰی بِاَھْلِ الْبَلَاءِ فَلَا یُنْصَبُ لَھُمْ مِیْزَانٌ وَّ لَا یُنْشَرُ لَھُمْ دِیْوَانٌ یُّصَبُّ عَلَیْھِمُ الْاَجْرُ صَبًّا ثُمَّ تَلَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُوْنَ الایۃ (قرطبی)(1)

ترجمہ: میں نے اپنے جدِ پاک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اے حسین! فرائض ادا کیا کرو۔ تمہارا شمار ان لوگوں میں ہوگا جو بڑے عبادت گزار ہیں۔ اے حسین! قناعت اختیار کرو تم سب لوگوں سے غنی ہو جاؤ گے۔ اے حسین! جنت میں ایک درخت ہے جسے شجرۃ البلویٰ (یعنی تکلیف کا درخت) کہتے ہیں۔ وہ لوگ جو تکالیف ومصائب میں مبتلا رہے ان کو وہاں لایا جائے گا۔ ایسے لوگوں کے لیے نہ کوئی ترازو رکھا جائے گا اور نہ ان کا دفترِ عمل کھولا جائے گا بلکہ یوں ہی موسلا دھار بارش کی طرح ان کا اجر ان پر برسے گا۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

۲۵ راہِ حق میں ثابت قدم رہنے اور شمعِ توحید کو روشن رکھنے کی تاکید میں صرف تمہیں نہیں کر رہا بلکہ میرے رب نے مجھے بھی ایسا ہی کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔ اس مقام پر مولانا عثمانی لکھتے ہیں: ”چنانچہ آپ عالمِ شہادت میں

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 42-241

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ

والے وہ ہیں جو گھاٹے میں ڈالیں گے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن۔ سنو! یہی کھلا گھاٹا

الْمُبِيْنُ ۝۱۵ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۭ ذٰلِكَ

ہے۔ ان (بدبختوں) کے لیے اُوپر سے بھی آگ کے شعلے ہوں گے اور نیچے سے بھی آگ کے شعلے ۲۷ھ اس

يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝۱۶ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ

(عذاب الیم) سے ڈراتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو، اے میرے بندو! مجھ سے ڈرتے رہا کرو۔ اور جو لوگ بچتے ہیں شیطان سے

اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝۱۷ الَّذِيْنَ

کہ اس کی عبادت کریں ۲۸ھ اور (دل سے) جھکتے ہیں اللہ کی طرف انکے لیے مژدہ ہے پس آپ مژدہ سنا دیں میرے ان بندوں کو جو غور

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ

سے سُنتے ہیں بات کو پھر پیروی کرتے ہیں اچھی بات کی۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی ہے

وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۱۸ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۭ

اور یہی لوگ دانشور ہیں بھلا جس پر واجب ہو گیا عذاب کا حکم۔

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝۱۹ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ

تو کیا آپ چھڑا سکتے ہیں اسے جو آگ میں ہے؟ البتہ جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لیے بالاخانے ہیں جن کے

اس امت کے لحاظ سے اور عالمِ غیب میں تمام اوّلین و آخرین کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے سب سے پہلے حکم بردار بندے ہیں"۔(1)

۲۶ھ اگر تم میری دعوت قبول کرنے کے لیے تیار نہیں اور میری نصیحت تمہارے لیے قابل قبول نہیں تو پھر جیسا تمہارا جی چاہتا ہے کرتے رہو۔ خواہ کسی پتھر کی پوجا کرو، خواہ کسی دریا کو خدا بناؤ، خواہ کسی جن اور انسان کو اپنا معبود تصور کرو۔ تم جانو اور تمہارا کام۔ لیکن یہ یاد رہے کہ کفر و شرک اختیار کرنے سے تم ایسا نقصان اٹھاؤ گے اور تمہیں ایسا خسارہ ہوگا کہ پھر اس کی تلافی ممکن نہ ہوگی۔

۲۷ھ ظلل: ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس کا سایہ کسی پر پڑ رہا ہو(2)۔ مراد یہ ہے کہ اوپر اور نیچے سے آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلے انہیں اپنی گرفت میں لے لیں گے۔

1۔ حاشیہ قرآن مجید از علامہ شبیر احمد عثمانی، ص 596

2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 243

فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ

اوپر اور بالاخانے بنے ہوئے ہیں رواں ہیں جن کے نیچے سے نہریں۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي

اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کیا کرتا۔ کیا تم نہیں دیکھتے ۲۹ کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے آسمان سے پانی۔ پھر جاری

الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا

کیا اسے زمین کے چشموں سے۔ پھر اُگاتا ہے اس کے ذریعہ فصلیں جن کے رنگ جُدا جُدا ہیں پھر وہ خشک ہونے لگتی ہے پس

ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ ع ۲ ۱۲ ۱۶

تو دیکھتا ہے اسے زردی مائل پھر وہ اس کو چورا چورا کر دیتا ہے۔ یقیناً اس (کرشمہ قدرت) میں نصیحت ہے اہل عقل کے لیے۔ بھلا وہ

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ

(سعادتمند) کشادہ فرما دیا ہو اللہ نے جس کا سینہ اسلام کے لیے تو وہ اپنے رب کی طرف سے دیے ہوئے نور پر ہے ۳۰ پس ہلاکت ہے، الخ

۲۸ اللہ تعالیٰ اپنے مقبول اور پیارے بندوں کا ذکر فرماتا ہے۔

۲۹ یہاں سے پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت وحکمت کے تکوینی دلائل پیش کیے جا رہے ہیں۔ یَھِیْجُ: خشک ہونا: اَیْ یَیْبَسُ (1)

۳۰ یہ اللہ تعالیٰ کا محض کرم ہے، اگر وہ اسلام قبول کرنے کے لیے سینہ کھول دے۔ تعصب اور ضد کے پردے اٹھ جائیں اور نورِ حق اس کو نظر آنے لگے۔ اس وقت انسان بے ساختہ حق کی طرف لپکتا ہے اور اسے قبول کر لیتا ہے۔ اس کی راہ میں آگ کے سمندر کیوں حائل نہ ہو جائیں وہ پروا نہیں کرتا۔ اس وقت تک اسے چین ہی نہیں آتا جب تک وہ شمعِ حق پر پروانہ وار نثار نہ ہو جائے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی:

''یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! اَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَکْیَسُ''۔ کہ اہلِ ایمان میں سے زیادہ عقلمند کون ہے؟

قَالَ اَکْثَرُھُمْ لِلْمَوْتِ ذِکْرًا وَّ اَحْسَنُھُمْ لَہٗ اِسْتِعْدَادًا: فرمایا: جو موت کو کثرت سے یاد کرے اور اس کے لیے اچھی طرح تیاری کرے۔

اس کے بعد حضور نے فرمایا: جب دل میں نور داخل ہو جاتا ہے تو دل کشادہ اور وسیع ہو جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ تعالیٰ کے نبی! اس کی علامت کیا ہے؟ قَالَ اَلْاِنَابَۃُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَ التَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَ الْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ

1۔ لسان العرب، ج2، ص96-395

قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

دلوں کے لیے جو ذکرِ خدا سے متاثر نہیں ہوتے ۳۱ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے نہایت

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ

عمدہ کلام یعنی وہ کتاب جس کی آیتیں ایک جیسی ہیں، بار بار دہرائی جاتی ہیں اور کانپنے لگتے ہیں اس کے (پڑھنے) سے بدن اُنکے

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

جو ڈرتے ہیں اپنے پروردگار سے۔ پھر نرم ہو جاتے ہیں ان کے بدن اور ان کے دل اللہ کے ذکر کی طرف ۳۲

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

یہ اللہ کی ہدایت ہے راہنمائی کرتا ہے اس کے ذریعے جسے چاہتا ہے۔ ۳۳ اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کو

نُزُوْلِ الْمَوْتِ۔ فرمایا: اس کی نشانی یہ ہے کہ وہ شخص ہر وقت دارِ آخرت کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ وہ اس دھوکہ والی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے اور موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری شروع کر دیتا ہے۔(1)

۳۱ ان لوگوں کی بدنصیبی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے جن کے دل پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو گئے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کے ذکر کا شوق ان کے دلوں میں کبھی پیدا ہی نہیں ہوا۔ انہیں یہ کبھی خیال ہی نہیں آیا کہ ان کا ایک خالق بھی ہے اور انہیں ایک روز اس دنیا سے کوچ بھی کرنا ہے۔

۳۲ یعنی یہ دل موہ لینے والی باتیں جو ایک کتاب کی صورت میں تمہارے پاس موجود ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے۔ ان کے مضامین ہم آہنگ ہیں، سب ایک دوسرے کی موافقت اور تائید کرتے ہیں، ان میں کسی قسم کا تضاد نہیں۔ اس کی یہ صفت بھی ہے کہ اس کو بار بار پڑھنے سے طبیعت نہیں اکتاتی، بلکہ ہر بار نئی لذت اور نیا سرور حاصل ہوتا ہے۔ اس کی اثر انگیزی کا یہ عالم ہے کہ جب عذابِ الٰہی کا ذکر ہوتا ہے تو پرہیز گاروں پر خوف اور دہشت طاری ہو جاتی ہے اور وہ کانپنے لگتے ہیں اور جب اس کی رحمت کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل اور چہرے خوشی سے چمک اٹھتے ہیں اور اس کے ذکر میں شوق و رغبت سے مشغول ہو جاتے ہیں۔ تَقْشَعِرُّ میں پہلی حالت کی طرف اشارہ ہے۔ ثُمَّ تَلِيْنُ میں دوسری کیفیت کا ذکر ہے۔ مُتَشَابِهًا: يَشْبَهُ بَعْضُهُ بَعْضًا فِي الْحُسْنِ وَيُصَدِّقُ بَعْضُهُ بَعْضًا(2) بعض یعنی حسن میں اس کی آیتیں مشابہ ہیں، ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں۔ ان میں کوئی تناقض اور اختلاف نہیں ہے۔ اور مَثَانِيَ کا معنی بیان کیا گیا: ثُنِّيَ لِلتِّلَاوَةِ فَلَا يُمَلُّ(3)۔ کہ جب اسے بار بار پڑھا

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 247۔ شعب الایمان، باب فی الزہد، رقم الحدیث 10552، ج 7، ص 352، دار الکتب العلمیۃ (بیروت، لبنان)

2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 207

3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 249

قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

دلوں کے لیے جو ذکرِ خدا سے متاثر نہیں ہوتے ۳۱ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے نہایت

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ

عمدہ کلام یعنی وہ کتاب جس کی آیتیں ایک جیسی ہیں، بار بار دہرائی جاتی ہیں اور کانپنے لگتے ہیں اس کے (پڑھنے) سے بدن اُنکے

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

جو ڈرتے ہیں اپنے پروردگار سے۔ پھر نرم ہو جاتے ہیں ان کے بدن اور ان کے دل اللہ کے ذکر کی طرف ۳۲

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

یہ اللہ کی ہدایت ہے راہنمائی کرتا ہے اس کے ذریعے جسے چاہتا ہے۔ ۳۳ اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کو

نُزُوْلِ الْمَوْتِ۔ فرمایا: اس کی نشانی یہ ہے کہ وہ شخص ہر وقت دارِ آخرت کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ وہ اس دھوکہ والی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے اور موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیاری شروع کر دیتا ہے۔(1)

۳۱ ان لوگوں کی بدنصیبی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے جن کے دل پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو گئے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کے ذکر کا شوق ان کے دلوں میں کبھی پیدا ہی نہیں ہوا۔ انہیں یہ کبھی خیال ہی نہیں آیا کہ ان کا ایک خالق بھی ہے اور انہیں ایک روز اس دنیا سے کوچ بھی کرنا ہے۔

۳۲ یعنی یہ دل موہ لینے والی باتیں جو ایک کتاب کی صورت میں تمہارے پاس موجود ہیں انہیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے۔ ان کے مضامین ہم آہنگ ہیں، سب ایک دوسرے کی موافقت اور تائید کرتے ہیں، ان میں کسی قسم کا تضاد نہیں۔ اس کی یہ صفت بھی ہے کہ اس کو بار بار پڑھنے سے طبیعت نہیں اکتاتی، بلکہ ہر بار نئی لذت اور نیا سرور حاصل ہوتا ہے۔ اس کی اثر انگیزی کا یہ عالم ہے کہ جب عذابِ الٰہی کا ذکر ہوتا ہے تو پرہیز گاروں پر خوف اور دہشت طاری ہو جاتی ہے اور وہ کانپنے لگتے ہیں اور جب اس کی رحمت کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل اور چہرے خوشی سے چمک اٹھتے ہیں اور اس کے ذکر میں شوق و رغبت سے مشغول ہو جاتے ہیں۔ تَقْشَعِرُّ میں پہلی حالت کی طرف اشارہ ہے۔ ثُمَّ تَلِيْنُ میں دوسری کیفیت کا ذکر ہے۔ مُتَشَابِهًا: يَشْبَهُ بَعْضُهُ بَعْضَافِي الْحُسْنِ وَيُصَدِّقُ بَعْضُهُ بَعْضًا(2) بعض یعنی حسن میں اس کی آیتیں مشابہ ہیں، ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں۔ ان میں کوئی تناقض اور اختلاف نہیں ہے۔ اور مَثَانِي کا معنی بیان کیا گیا: ثُنِّيَ لِلتِّلَاوَةِ فَلَا يُمَلُّ(3)۔ کہ جب اسے بار بار پڑھا

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 247۔ شعب الایمان، باب فی الزہد، رقم الحدیث 10552، ج 7، ص 352، دار الکتب العلمیۃ (بیروت، لبنان)

2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 207

3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 249

مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ

کوئی ہدایت دینے والا نہیں ۔ بھلا وہ شخص جو ڈھال بنائے گا شدید عذاب کے سامنے اپنے چہرہ کو روزِ قیامت (وہ کتنا بدنصیب

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

ہوگا) اور کہا جائے گا ظالموں کو (اب) چکھو جو کچھ تم کمایا کرتے تھے ۔ جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے گزرے

فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ

تو آیا ان پر عذاب وہاں سے جہاں سے وہ سمجھ ہی نہیں سکتے تھے ۔ پس چکھائی انہیں اللہ نے ذلت اس

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وقف لازم

دنیوی زندگی میں اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے ۔ کاش! وہ جان لیتے ۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ

اور ہم نے بیان کی ہیں لوگوں کے لیے اس قرآنِ (حکیم) میں ہر قسم کی مثالیں تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ

نصیحت قبول کریں اور ہم نے دیا ہے (انہیں) قرآن جو عربی زبان میں ہے جس میں ذرا کجی نہیں تاکہ وہ اللہ سے ڈریں

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ

بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ایک مثال ۳۴ ایک غلام ہے جس میں کئی حصّہ دار ہیں جو سخت بدخو ہیں اور ایک غلام ہے جو پورا ایک مالک کا ہے ۔

جائے تو انسان اکتا تا نہیں ۔ اس کا یہ معنی بھی کیا گیا ہے کہ اس میں مواعظ اور قصص بار بار دہرائے جاتے ہیں (1) ۔ مثانی کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: مَثَانِیْ، مَثْنَاۃٌ کی جمع ہے جو اسمِ ظرف ہے اور یہ کتاب کی دوسری صفت ہے ۔

صِفَةٌ اُخْرٰى جَمْعُ مَثْنَاةٍ اِسْمُ ظَرْفٍ فَاِنَّهٗ ثُنِّيَ فِيْهِ ذِكْرُ الْوَعْدِ وَالْوَعِيْدِ وَالْاَمْرِ وَالنَّهْيِ وَالْاِخْبَارِ وَالْاَحْكَامِ ۔ (2)

۳۳ خضوع وخشوع کی یہ حالت محض اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے نصیب ہوتی ہے جس کو چاہتا ہے اس کو یہ نعمت مرحمت فرماتا ہے ۔

۳۴ اللہ تعالیٰ مشرک اور مُوحّد کا حال بیان کرنے کے لیے مثال ذکر فرماتے ہیں ۔ ایک غلام ہو جس کے کئی آقا ہوں اور وہ آقا

1 ۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص249 2 ۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص207

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ

کیا ان دونوں کا حال یکساں ہے سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے۔ بیشک آپ نے بھی

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع ۳ ۱۰ ۱۷

(دُنیا سے) انتقال فرمانا ہے اور انہوں نے بھی مرنا ہے ۳۵ پھر تم (سب) روزِ حشر اپنے رب کے حضور میں آپس میں جھگڑو گے۔

الجزء ۲۴

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

پس اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے ۳۶ اور تکذیب کرتا ہے

بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

اس سچ کی جب وہ اس کے پاس آیا۔ کیا جہنم میں کفّار کا ٹھکانا نہیں ہے؟

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور وہ ہستی جو اس سچ کو لے کر آئی اور جنہوں نے اس سچائی کی تصدیق کی یہی لوگ ہیں جو

الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

پرہیزگار ہیں ۳۷ انہیں ملے گا جو وہ چاہیں گے اپنے رب کے پاس سے یہ صلہ ہے

آپس میں ہر وقت برسرِ پیکار رہتے ہوں چنانچہ ایک آقا کچھ حکم دیتا ہو اور دوسرا اس کے برعکس حکم دیتا ہو۔ اس بے چارے غلام کی جان تو عذاب میں مبتلا ہو جائے گی۔ وہ ہر وقت پریشان اور خستہ حال رہے گا۔ ایک اور غلام ہے جس کا صرف ایک آقا ہے (1)۔ اب ان دونوں غلاموں کی حالت کا اندازہ کر لو اور خود فیصلہ کر لو کہ تمہارے لیے ایک خدا کا بندہ بننے میں آرام و راحت اور قلبی سکون ہے یا بہت سے جھگڑالو خداؤں کا بندہ بننے میں؟ لفظ مُتَشٰكِسُوْنَ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں۔ رَجُلٌ شَكِسٌ اَیْ صَعْبُ الْخُلُقِ۔ یعنی بدمزاج۔ راجز کہتا ہے شَكِسٌ عَبُوْسٌ عَنْبَسٌ عَرُوْرٌ۔ (2)

۳۵ اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر جلتے تھے اور یہ کہہ کر اپنے دلوں کو تسلی دیتے تھے کہ یہ چند روزہ کھیل ہے۔ یہ فوت ہو جائیں گے۔ لڑکا کوئی ہے نہیں، یہ سلسلہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے محبوب! اس دارِ فنا سے آپ نے رختِ سفر باندھنا ہے، تو کیا یہ لوگ ہمیشہ زندہ رہیں گے؟ یہ کتنے نادان ہیں۔ کس طرح اپنے آپ کو طفل تسلیاں دے رہے ہیں۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 211 2۔ الصحاح، ج 2، ص 937

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا

محسنوں کا ۳۸ تاکہ ڈھانپ لے اللہ تعالیٰ ان سے ان کے بدترین اعمال کو

وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اور عطا فرمائے انہیں اجر ان کے بہترین اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے ۴۰

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ

کیا اللہ کافی نہیں اپنے بندے کے لیے؟ (یقیناً کافی ہے) ۴۱ اور وہ (نادان) ڈراتے ہیں آپ کو ان معبودوں سے

دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ

جو اللہ کے سوا ہیں۔ اور جسے اللہ گمراہ ہونے دے تو اُسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو ہدایت بخش دے

۳۶ یہ کفار ایک تو حضور ﷺ کی دعوت کو قبول نہیں کرتے۔ مزید برآں اللہ تعالیٰ پر جھوٹے بہتان لگاتے ہیں اور غلط باتیں منسوب کرتے ہیں۔ ان سے بڑھ کر اور کون ظالم ہوگا؟

۳۷ یعنی وہ نبی مکرم ﷺ جو اس ابدی صداقت کو لے کر تشریف لائے اور وہ اہلِ ایمان جنہوں نے سچے دل سے اس صداقت کو قبول کیا، یہ ہی متقی اور پرہیزگار ہیں۔

۳۸ یہ پاک لوگ جس چیز کی آرزو کریں گے اللہ تعالیٰ کی جناب سے انہیں عطا فرمائی جائے گی۔ کیا مقام ہے نبی کریم کا اور کیا شان ہے آپ کے دامنِ کرم سے وابستہ ہونے والوں کی اور آپ کی دعوت پر صدقِ دل سے ایمان لانے والوں اور قربان ہونے والوں کی کہ جو وہ دعا کریں گے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ پوری ہوگی۔

۳۹ ان پر مزید کرم یہ کیا جائے گا کہ ایمان لانے سے پہلے جو سنگین جرم ان سے سرزد ہوئے تھے اور جن فحش گناہوں کا انہوں نے ارتکاب کیا تھا ان کو اس طرح ڈھانپ دیا جائے گا کہ ان کا سراغ تک بھی کسی کو معلوم نہ ہوگا۔ علامہ ابنِ منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں: اَصْلُ الْكُفْرِ تَغْطِيَةُ الشَّيْءِ تُغَطِّيْهِ تَسْتَهْلِكُهٗ (1) یعنی کفر کا اصل معنی یہ ہے کہ کسی چیز کو اس طرح ڈھانپ دینا کہ اس چیز کا نام ونشان بھی دکھائی نہ دے۔

۴۰ اور اسلام قبول کرنے کے بعد جو نیکیاں وہ کریں گے ان کا بہترین اجر انہیں دیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کی نوازشات کا کیا کہنا! ساری عمر برباد کرنے کے بعد بھی اگر کوئی نادم اور شرمسار ہو کر درِ اقدس پر حاضر ہوتا ہے تو اس کے لیے آغوشِ رحمت کو کشادہ کر دیا جاتا ہے۔ اس کے سابقہ نامۂ اعمال کی سیاہی دھو دی جاتی ہے اور اس پر ایسے ایسے کرم

1۔ لسان العرب، ج5، ص145

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

اللہ تعالیٰ تو اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ۴۲ کیا نہیں ہے اللہ تعالےٰ زبردست انتقام لینے والا ؟

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں اور زمین کو ؟ تو ضرور کہیں گے

اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِىَ

اللہ نے ۴۳ آپ فرمایئے پھر ذرا یہ تو بتاؤ کہ جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا اگر اللہ تعالےٰ مجھے

اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِىْ بِرَحْمَةٍ هَلْ

کچھ تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا یہ معبود دور کر دیں گے اس تکلیف کو یا اگر اللہ تعالےٰ مجھ پر کچھ رحمت فرمانا چاہے تو کیا

هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ

وہ روک سکتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت کو۔ فرما دیجیے مجھے کافی ہے اللہ تعالیٰ ۴۴ فقط اسی پر بھروسہ کرتے ہیں

فرمائے جاتے ہیں جنہیں دیکھ کر دنیا حیران ہو جاتی ہے۔

۴۱ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو تسلی دے رہے ہیں کہ آپ کے ہر معاملہ میں اللہ تعالیٰ خود آپ کا حافظ و ناصر ہے اور جس کا حافظ و ناصر خود اللہ تعالیٰ ہو کیا ایسے شخص کو کسی دوسرے سہارے اور مددگار کی ضرورت باقی رہتی ہے؟ ہرگز نہیں۔

اے محبوب! ساری دنیا بھی اگر آپ کی مخالفت پر کمربستہ ہو جائے تو آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ یہ لوگ کتنے احمق اور نادان ہیں جو آپ کو اپنے معبودانِ باطل کے غیظ و غضب سے ڈراتے ہیں۔

۴۲ ہدایت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ جسے نورِ ہدایت بخش دیتا ہے پھر اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا۔

۴۳ جن بتوں کے غیظ و غضب سے یہ لوگ آپ کو ڈرا رہے ہیں اور ان کے بے پایاں اختیارات کے افسانے گھڑ گھڑ کر پیش کرتے ہیں، آپ ذرا ان سے یہ تو پوچھیے کہ آسمان و زمین کا خالق کون ہے؟ تو ناچار ہو کر کہیں گے: اللہ تعالیٰ۔ ان سے پھر پوچھیے کیا تمہارے بتوں میں یہ دم خم ہے کہ میرا رب اگر مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو یہ آڑے آجائیں اور مجھے اس تکلیف سے بچالیں یا اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر کرم فرمانا چاہے تو یہ رکاوٹ پیدا کر دیں اور مجھے اس کے کرم سے محروم کر دیں؟ جب یہ نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان تو پھر ایسے خداؤں کے ماننے اور ان کی پرستش کرنے کا کیا فائدہ؟

۴۴ یہ لوگ آپ کو طرح طرح کی دھمکیاں دیتے ہیں، آپ کو اپنے بتوں کی اذیت رسانی سے ڈراتے ہیں۔ آپ فقط انہیں اتنا کہہ

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

بھروسہ کرنے والے۔ فرمایئے اے میری قوم! تم عمل کیے جاؤ اپنی جگہ پر میں اپنا کام کرتا رہوں گا۔ پس

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ

تم ضرور جان لوگے کہ کس پر آتا ہے عذاب جو اسے رسوا کردے گا اور کون ہے جس پر

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ

دائمی عذاب اُترتا ہے۔ (اے حبیب!) ہم نے اُتاری ہے آپ پر یہ کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لیے حق کے ساتھ۔

فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ

پس جو ہدایت قبول کرتا ہے تو وہ اپنا بھلا کرتا ہے اور جو بہکتا ہے تو وہ بہکتا ہے اپنے آپ کو گمراہ کرنے کے لیے

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ ع ۱۰ ۴

اور آپ ان (بدبختوں) کے ذمہ دار نہیں ۴۵ اللہ تعالےٰ قبض کرتا ہے جانوں کو موت کے وقت

دیجیے "حَسْبِيَ اللّٰهُ" مجھے میرا اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ تم مجھے جتنی اذیتیں پہنچا سکتے ہو، ان میں ذرا کمی نہ کرو۔ تم اسلام کو ناکام کرنے کے لیے جو کوششیں کر رہے ہو انہیں زور شور سے جاری رکھو۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ۔ مجھے میرا اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ مُرشدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَكُوْنَ اَقْوَى النَّاسِ فَلْيَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّكُوْنَ اَغْنَى النَّاسِ فَلْيَكُنْ بِمَا فِيْ يَدِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَوْثَقَ مِنْهُ بِمَا فِيْ يَدَيْهِ۔ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّكُوْنَ اَكْرَمَ النَّاسِ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ (ابن کثیر)(1) یعنی جو شخص اس بات کو دوست رکھتا ہے کہ وہ تمام لوگوں سے زیادہ طاقتور بن جائے تو اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرے اور جو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ وہ سب لوگوں سے زیادہ غنی ہو جائے تو اسے چاہیے کہ جو دولت اس کے ہاتھ میں ہے اس سے زیادہ وہ اس پر یقین رکھے جو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ جو شخص چاہتا ہے کہ سب سے زیادہ مکرم و معظم بن جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرے۔

۴۵ اے محبوب! ہم نے آپ پر ایسی کتاب نازل کی ہے جو سراپا حق ہے۔ اب اس کی روشنی سے جو فائدہ اٹھائے گا، اس میں خود اس کا بھلا ہوگا اور جو آنکھوں پر پٹی باندھے رہے گا تو اس زندگی میں عمر بھر ٹھوکریں کھاتا رہے گا اور آخر کار کسی ایسے گڑھے میں گرے گا جس سے پھر نکلنا اس کے لیے دشوار ہو جائے گا۔ آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں تاکہ آپ سے یہ باز پرس کی جائے کہ فلاں شخص کیوں ایمان نہیں لایا؟ فلاں شخص کیوں شرک کرتا رہا؟ فلاں شخص فسق و فجور کی دلدل میں کیوں عمر بھر پھنسا رہا؟

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص54۔ المستدرک للحاکم، ج4، ص301، کتاب الادب رقم الحدیث 7707، دار الکتب العلمیہ، بیروت

مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى

اور جن کی موت کا وقت ابھی نہیں آیا (ان کی رُوحیں) حالت نیند میں ۴۵ پھر روک لیتا ہے ان روحوں کو جن کی موت

عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ

کا فیصلہ کرتا ہے اور واپس بھیج دیتا ہے دوسری رُوحوں کو مقررہ میعاد تک۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۴۲ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

اس میں (اسکی قدرت کی) نشانیاں ہیں ان کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے بنا لیے ہیں اللہ کو چھوڑ کر

اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴۳

اور سفارشی۔ پوچھیے اگرچہ وہ (مزعومہ سفارشی) کسی چیز کے مالک نہ ہوں اور نہ عقل و شعور رکھتے ہوں ۴۶

آپ کا کام دلنشین اور موثر انداز میں بڑی دلسوزی اور اخلاص کے ساتھ پیغامِ حق پہنچا دینا ہے۔ آپ نے اپنا فرض احسن طریق سے ادا کر دیا ہے۔ اب ان کی گمراہی کے متعلق آپ سے کسی طرح کا محاسبہ نہیں ہوگا۔

۴۵ آیت کا مفہوم واضح ہے۔ حضور نے سوتے وقت یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی ہے۔ آپ بھی اسے یاد کر لیں اور سوتے وقت یہ دعا مانگ کر سویا کریں: بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ (1)۔ ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے نام سے اپنا پہلو بستر پر رکھتا ہوں اور تیرے نام کے ساتھ ہی اسے اٹھاؤں گا۔ اس اثنا میں اگر تو میری روح قبض کر لے تو اس پر رحم کرنا اور اگر واپس کرنا تو اس کی اس سے حفاظت کرنا جس سے تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔

یَتَوَفّٰی کا لغوی معنی ہے کسی کو پوری طرح اپنے قبضہ میں لے لینا۔

تَوَفِيَةُ الشَّيْءِ بَذْلُهٗ وَافِيًا وَاسْتِيْفَاءُهٗ تَنَاوُلُهٗ وَافِيًا۔ قَالَ تَعَالٰى وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَقَدْ عُبِّرَ عَنِ الْمَوْتِ وَالنَّوْمِ بِالتَّوَفِّيْ (مفردات) (2)

اس توفی کی دو قسمیں ہیں۔ ایک ہمیشہ کے لیے روح کو اپنے قبضہ میں کرنا اور دوسرا عارضی طور پر کچھ وقت کے لیے۔ پہلی صورت میں اس کا معنی موت ہوگا۔ دوسری صورت میں یہ نیند کے معنی میں مستعمل ہوگا اور یہ عموم مجاز ہوگا۔

۴۶ یعنی یہ مشرک بھی عجیب دماغ کے لوگ ہیں کہ ایسے معبودوں کو انہوں نے اپنا سفارشی فرض کر لیا ہے جن کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں اور عقل و فہم سے بھی بالکل کورے ہیں۔ یہ ان کے پتھر لکڑی کے بت اور تانبے پیتل کے اصنام تھے جو بے جان

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 55 2۔ مفردات راغب، ص 878

قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

آپ فرمایئے سب شفاعت اللہ کے اختیار میں ہے ۴۷ اسی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ

پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور جب ذکر کیا جائے اکیلے اللہ کا تو کڑھنے لگتے ہیں ان لوگوں کے دل

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ

جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جب ذکر کیا جاتا ہے اس کے سوا دوسروں کا تو اسی

اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وقت وہ خوشیاں منانے لگتے ہیں ۴۸ آپ عرض کیجیے اے اللہ! اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے

ہونے کے باعث ہر قسم کے فہم وشعور سے اور قوت واختیار سے محروم تھے۔

۴۷ آپ ان کو فرما دیجیے کہ شفاعت کرنے کا اختیار تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ اس کے اذن کے بغیر تو کسی کی مجال نہیں کہ لب کشائی بھی کر سکے اور ان کے معبودوں کو تو شفاعت کا کوئی اختیار نہیں دیا گیا۔ یہ کیسے ان کی شفاعت کریں گے؟

۴۸ جب اللہ تعالیٰ کی توحید کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل گھٹنے لگتے ہیں۔ ان کے چہروں پر افسردگی چھا جاتی ہے اور جب کسی محفل میں ان کے بتوں اور جھوٹے خداؤں کی تعریف کی جاتی ہے تو ان کے چہرے خوشی اور فرطِ مسرّت سے دَمکنے لگتے ہیں۔

اِشْمَأَزَّتْ: نَفَرَتْ وَانْقَبَضَتْ: یعنی دل کا نفرت کرنا اور گھٹ جانا۔(1)

ہمارے بعض مہربان اپنی شوخیٔ مزاج سے مجبور ہو کر اس آیت کو خوب جھوم جھوم کر پڑھتے ہیں اور اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے محبوبِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے ثنا خوانوں اور اولیاء اللہ کی مدح سرائی کرنے والوں پر اس آیت کی تطبیق کرتے ہیں۔ جوشِ خطابت میں ان کے منہ شریف سے جھاگ اڑ رہی ہوتی ہے اور فرماتے ہیں کہ یہ سنی، یہ بدعتی، یہ چشتی ہر وقت نبی کی توصیف میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ ہر وقت اولیائے کرام کا ذکر کرتے رہتے ہیں، دیکھو قرآن ان کے بارے میں کیا کہتا ہے۔

ان حضرات والاصفات سے اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے قرآنِ کریم کی ان بیشمار آیات کو نکال دیجیے جن میں قرآن نازل فرمانے والے نے اپنے انبیاء، خصوصاً سید الانبیاء، اس کے صحابۂ کرام اور اس کے غلاموں کی تعریف وتوصیف کی ہے۔ پھر ہم کشتگانِ خنجرِ تسلیم پر مشقِ سخن فرمایئے۔ زیادہ نہیں تو کم از کم سورۂ والضحیٰ، الم نشرح، الکوثر کی تلاوت کو نمازوں میں ہی بند کرانے کا حکم صادر فرما دیجیے، اگر آپ ایسا کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔ ورنہ جب تک یہ روح پرور آیات اور یہ ایمان افروز نورانی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص219

عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا

اے جاننے والے غیب اور شہادت کے تو ہی فیصلہ فرمائے گا اپنے بندوں کے درمیان، ان امور میں

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ

جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ اور اگر ان کے پاس جنہوں نے شرک کیا زمین میں جو کچھ ہے

جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ

سب ہو اور اتنا اور بھی اس کے ساتھ، تو چاہیں گے کہ بطور فدیہ ادا کر دیں اسے بُرے عذاب کے عوض، قیامت

الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

کے دن ۴۹ اور (اس روز) ظاہر ہو جائے گا ان پر اللہ کی طرف سے جس کا وہ گمان بھی نہیں کیا کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

اور ظاہر ہو جائیں گے ان پر وہ بُرے اعمال جو اُنہوں نے کمائے تھے اور گھیر لے گا انہیں وہ (عذاب) جس کا یہ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ

مذاق اڑایا کرتے تھے۔ پس جب پہنچتی ہے انسان کو کوئی تکلیف تو ہمیں پکارتا ہے ۵۰ پھر جب ہم عطا کر دیتے ہیں

سورتیں قرآن میں موجود ہیں اس الزام سے آپ بھی نہیں بچ سکتے۔ خدارا غصہ سے اتنے بے قابو نہ ہو جایا کریں کہ حق وصداقت کا دامن بھی ہاتھ سے چھوٹ جائے۔

۴۹ آج تو یہ ایک دمڑی پر جان دیتے ہیں۔ راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لیے انہیں کہا جائے تو مرنے لگتے ہیں۔ وہ دن آنے والا ہے جب عذابِ الٰہی انہیں چاروں طرف سے گھیر لے گا، اس وقت اپنا زندگی بھر کا سرمایہ فدیہ کے طور پر ادا کرنے کے لیے تیار ہو جائیں گے بلکہ دنیا کے سارے خزانے بھی اگر ان کا بس چلے تو اپنی جان بچانے کے لیے بطور فدیہ دے دیں۔ اس وقت ان کی صرف ایک ہی آرزو ہوگی کہ عذاب سے نجات مل جائے خواہ انہیں کتنا ہی تاوان ادا کرنا پڑے۔

۵۰ جب انسان کسی تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے تو اس وقت ہمیں پکارتا ہے، گڑگڑاتا ہے، فریاد کرتا ہے۔ لیکن جب اسے اس عذاب سے نجات مل جاتی ہے اور ہم اس پر اپنی گوناگوں رحمتوں کا مینہ برسا دیتے ہیں تو یہ نہیں کہتا کہ میرے رب نے مجھ پر احسان فرمایا ہے بلکہ کہتا ہے کہ یہ میری ذاتی قابلیت اور مہارت کا نتیجہ ہے۔ میرے جیسا لائق فائق انسان اس خوشحالی کا مستحق

نِعْمَةً مِّنَّا ؕ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ

اسے نعمت اپنی جناب سے تو کہنے لگتا ہے کہ یہ نعمت مجھے دی گئی ہے (اپنے) علم (و فضل) کے باعث۔ (اے غافل! یوں نہیں) بلکہ یہ

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ

آزمائش ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۵۱ کہی تھی یہی بات ان لوگوں نے جو ان سے

قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ

پہلے تھے (جب ہم نے انہیں پکڑا) تو نہ فائدہ پہنچایا انہیں (مال و دولت نے) جو وہ کمایا کرتے تھے ۵۲ پس جو بُرے

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ

کام انہوں نے کیے ان کا نتیجہ انہیں بھگتنا پڑا۔ اور جنہوں نے ظلم کیا ہے ان لوگوں میں سے انہیں بھی عنقریب اپنی

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ

بداعمالیوں کی سزا بھگتنی ہوگی اور یہ (ہمیں) عاجز نہیں کر سکتے کیا وہ نہیں جانتے کہ بے شک

اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اللہ تعالیٰ کشادہ عطا فرماتا ہے رزق جس کو چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جسکو چاہتا ہے) یقیناً اس (تقسیم رزق) میں اس کی (حکمت کی)

ہے۔ یہ بنگلہ، یہ کوٹھی، یہ کار، یہ بچے اور بیوی زندگی کی ساری سج دھج اور رونقیں میں نے اپنی ذاتی کاوش اور محنت سے حاصل کی ہیں، مجھ پر کسی کی عنایات نہیں۔

۵۱ یہ شخص فریب خوردہ ہے۔ حقیقتِ حال سے بالکل بے خبر ہے۔ اسے معلوم نہیں کہ ہم اس کو یہ ساری راحتیں اس لیے بخش رہے ہیں کہ اس کا امتحان لیں۔ غم و اندوہ کے زمانہ میں جس رب کریم کو وہ ہر وقت یاد کیا کرتا تھا اب عیش و آرام کے زمانہ میں بھی وہ اپنے منعمِ حقیقی کو یاد کرتا ہے یا نہیں، اس کا شکر گزار بندہ بنتا ہے یا نہیں۔ لیکن اکثر لوگ اس آزمائش کی طرف خیال ہی نہیں کرتے اور یوں ناکام ہو جاتے ہیں اور اپنے آپ کو تباہی کے گڑھے میں پھینک دیتے ہیں۔

۵۲ ایسی بے سروپا باتیں اس سے پہلے بھی فریب خوردہ لوگ کیا کرتے تھے۔ ناشکری کے باعث ان سے وہ نعمتیں چھین لی گئیں اور انہیں ہولناک انجام سے دوچار کر دیا گیا۔ پھر نہ ان کی علمی قابلیت اور دانشمندی ان کو ہماری گرفت سے بچا سکی اور نہ ذاتی جدوجہد انہیں کوئی فائدہ پہنچا سکی۔

لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ ع ۵ ۱۱ ۲

نشانیاں ہیں اہلِ ایمان کے لیے ۵۳ آپ فرمایئے اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتیاں کی ہیں اپنے نفسوں پر،

لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ

مایوس نہ ہو جاؤ اللہ کی رحمت سے ۵۴ یقیناً اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے سارے گناہوں کو

إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٥٣﴾ وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ

بلاشبہ وہی بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور (سچے دل سے) لوٹ آؤ اپنے رب کی طرف اور سرخم کردو اسکے سامنے

۵۳ رزق کے خزانے اس کے دستِ قدرت میں ہیں، جتنا چاہتا ہے، جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ کسی کو مجالِ اعتراض نہیں۔ اس تقسیمِ رزق میں بھی اس کی حکمت کی صدہا نشانیاں ہیں۔ لیکن ان نشانیوں سے وہی لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں جن کے دل میں نورِ ایمان ہے۔

۵۴ جب نفسانی جذبات مشتعل ہوجاتے ہیں تو بڑے بڑے دانشمندوں سے انتہائی قبیح حرکتیں سرزد ہوجاتی ہیں۔ جب انتقام کے شعلے بھڑکتے ہیں تو بڑے بڑے حلیم الطبع لوگوں کے ہاتھ سے بھی عدل وانصاف کا دامن چھوٹ جاتا ہے۔ غلط ماحول کے باعث غلط نظریات دل میں جم جاتے ہیں۔ ان حالات میں اگر کوئی شخص گناہوں اور بدکرداریوں سے اپنا دامن آلودہ کرلے اور اس کے لیے توبہ کا دروازہ بند کردیا جائے تو وہ اپنی اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا اور گناہ وعصیاں کی دلدل میں بڑی بے باکی سے بڑھتا چلا جائے گا۔ اس طرح خود بھی برباد ہوگا اور کئی معصوم زندگیوں کو بھی دفن کرکے رکھ دے گا۔

اسی طرح اگر یہ بات کسی کے ذہن نشین ہوجائے کہ گناہ کرنے سے کوئی مضرت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتِ واسعہ کے سامنے ہمارے ان گناہوں کی کیا حقیقت ہے؟ ہم کچھ بھی کرتے رہیں وہ بخش دے گا اور جنت کے دروازے ہمارے لیے کھول دیے جائیں گے۔ ایسا انسان بھی عمر بھر اپنی نفسانی خواہشات کے ہاتھوں میں کھلونا بنا رہتا ہے۔ خونریزی، بدکاری، راہزنی، حق تلفی سے اسے کوئی نفرت نہیں رہتی۔ لوگوں کے حقوق پامال کرنے کے باوجود اور ملک میں فتنہ وفساد کی آگ بھڑکانے کے باوجود اس کے دل میں خلش بھی پیدا نہیں ہوتی جو اس کو بے چین کردے۔

یہ دونوں کیفیتیں انسان کے لیے سمِ قاتل ہیں۔ اس طرح وہ نہ فقط دوسروں کے لیے وبالِ جاں بن جاتا ہے بلکہ اپنی ذات پر بھی ظلمِ عظیم کا مرتکب ہوتا ہے۔ اس کو جو تعمیری صلاحیتیں اور نیکی کی قوتیں بخشی گئی تھیں ان سے اگر وہ صحیح کام لیتا تو آسمانِ شہرت پر مہر وماہ بن کر چمکتا اور قیامت تک دنیا اس کی نیکیوں کو یاد کرتی، اسے دعائیں دیتی۔ اب وہ بیکار پڑی رہیں اور برگ وبار لائے بغیر ختم ہوگئیں۔

اسلام جو دین فطرت ہے جس کا مقصدِ اولین فرد کی صحیح نشوونما اور راہنمائی کرنا ہے تا کہ سلجھے ہوئے اور اصلاح یافتہ افراد سے ایک ایسی قوم معرضِ وجود میں آئے جو قیادتِ اُمم کی ذمہ داری سنبھال سکے اور ساری انسانیت کی راہنمائی کا فریضہ ادا کر سکے۔ اس لیے اسلام نے انسان کو نہ تو بالکل بے لگام چھوڑ دیا ہے کہ وہ خرمستیاں کرتا رہے، چمنِ حیات کی نازک اور معصوم کلیوں کو مسلتا رہے، اور ان کی رنگ ونکہت کو لوٹتا رہے اور اس کے باوجود دل میں اپنی بخشش کا بھی یقین رکھے اور نہ ہی اسلام نے انسان کو مایوسیوں اور ناامیدیوں کے گہرے گڑھے میں دھکیل دیا بلکہ صحیح خطوط پر اس کی تربیت کا پروگرام پیش کیا۔ ایک طرف اسے اپنے اعمالِ نیک و بد کا ذمہ دار ٹھہرایا اور اسے ان نتائج سے آگاہ کیا جو اس کے اچھے یا برے اعمال پر سنتِ الٰہی کے مطابق مترتب ہو کر رہیں گے تا کہ کوئی کام کرنے سے پہلے وہ ان نتائج کا بھی اچھی طرح جائزہ لے لے اور یہ دیکھ لے کہ کیا وہ ان نتائج کی ذمہ داری قبول کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس کے ساتھ اس کو مایوس بھی نہیں ہونے دیا۔ اسے بتا دیا کہ گناہوں اور بدکاریوں سے تائب ہو کر جب اور جہاں سے وہ نئی پاکیزہ زندگی کا آغاز کرنا چاہے، اسے اس کا موقع دیا جائے گا۔

اس آیتِ طیبہ مبارکہ میں بھی ان لوگوں کو نویدِ رحمت دی جا رہی ہے جو عمر بھر اپنے اوپر زیادتیاں کرتے رہے۔ جن کے شب و روز فسق و فجور میں بسر ہوتے رہے۔ جنہوں نے کفر و شرک کا ارتکاب کر کے اپنے آپ کو بالکل برباد کر دیا۔ ایسے لوگوں کو کہا جا رہا ہے کہ آؤ میری رحمت کا دروازہ تمہارے لیے کھلا ہوا ہے۔ اگر تم سچے دل سے تائب ہو کر نئی اور پاکیزہ زندگی شروع کرنے کا عزم کر چکے ہو تو تمہارے گناہ بے شمار اور نہایت سنگین کیوں نہ ہوں معاف کر دیے جائیں گے۔ تمہیں یہاں سے مایوس نہیں لوٹایا جائے گا۔

حدیثِ پاک میں اس کا شانِ نزول اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَھْلِ الشِّرْکِ کَانُوْا قَدْ قَتَلُوْا وَاَکْثَرُوْا وَ زَنَوْا وَ اَکْثَرُوْا فَاَتَوْا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّ الَّذِیْ تَقُوْلُ وَ تَدْعُوْ اِلَیْہِ لَحَسَنٌ لَوْ تُخْبِرُنَا اَنَّ لِمَا عَمِلْنَا کَفَّارَۃً وَنَزَلَ قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا۔ الایۃ (1)

ترجمہ: حضرت ابنِ عباس فرماتے ہیں کہ چند مشرک جنہوں نے سابقہ زندگی میں بکثرت قتل کیے تھے اور بکثرت زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ حضور کی خدمت میں آئے اور عرض کرنے لگے کہ جو آپ فرماتے ہیں اور جس چیز کی دعوت دیتے ہیں وہ بہت اچھی ہے۔ لیکن آج سے قبل ہم اتنے گناہ کر چکے ہیں جن کی بخشش کی کوئی صورت نہیں۔ کیا آپ اس کے کفارہ سے ہمیں آگاہ فرما سکتے ہیں۔ یعنی مقصد یہ تھا کہ اگر ہم اسلام قبول کر لیں تو کیا ہمیں ہمارے سابقہ گناہوں پر تو عذاب نہ ہوگا۔ اگر اسلام لانے کے بعد بھی ہم جہنم میں جھونک دیے جائیں تو ہمیں اپنے آبائی دین کو چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

جب کفار و مشرکین کے ساتھ رحمتِ الٰہی کا یہ برتاؤ ہے تو اہلِ ایمان کے ساتھ خواہ وہ کتنے گنہ گار کیوں نہ ہوں۔ اگر وہ سچے دل سے توبہ کر لیں تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور شفقت کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے۔ اسی لیے حضور رحمتِ عالمیاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَا اُحِبُّ اَنَّ لِیَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا بِھٰذِہِ الْاٰیَۃِ (2)۔ یعنی اگر اس آیت کے عوض مجھے دنیا اور مافیہا کی دولت بھی دی جائے تو میں اس سودا کو پسند نہیں کروں گا۔

1۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب قولہ تعالیٰ یا عبادی الذین اسرفوا الخ۔ ج 2، ص 11-710
2۔ مجمع الزوائد، ج 10، ص 360، رقم الحدیث 17623

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوْٓا

اس سے پہلے کہ آجائے تم پر عذاب ۵۵ پھر تمہاری مدد نہ کی جائے گی۔ اور پیروی کرو

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

عمدہ کلام کی جو اتارا گیا ہے تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اس سے پیشتر کہ تم پر اچانک

الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ

عذاب آجائے ۵۶ اور تمہیں خبر تک نہ ہونے پائے۔ (اس وقت) کوئی شخص یہ کہنے لگے

يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ

صد حیف! ان کوتاہیوں پر جو مجھ سے سرزد ہوئیں اللہ کے بارے میں ۵۷ اور میں تو

السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ

تمسخر اڑانے والوں سے تھا۔ یا یہ کہے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دے دیتا تو میں ہو جاتا

اَلسَّرَفُ: تَجَاوُزُ الْحَدِّ فِيْ كُلِّ فِعْلٍ۔ ہر کام میں حد سے بڑھ جانا(1)۔ اَلْقُنُوْطُ: اَلْيَأْسُ مِنَ الْخَيْرِ۔ خیر و بھلائی سے مایوس ہو جانا۔(2)

اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ کا مفہوم بتاتے ہوئے علماء نے فرمایا: اَلْمُرَادُ بِمَغْفِرَةِ الذُّنُوْبِ التَّجَافِيْ عَنْهَا وَعَدَمُ الْمُؤَاخَذَةِ فِي الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ وَهُوَ الْمُرَادُ بِسَتْرِهَا۔ وَقِيْلَ الْمُرَادُ بِهَا مَحْوُهَا مِنَ الصَّحَائِفِ بِالْكُلِّيَّةِ مَعَ التَّجَافِيْ عَنْهَا(3)۔ یعنی مغفرتِ ذنوب سے مراد یہ ہے کہ ان کے متعلق نہ ظاہر میں مؤاخذہ کیا جائے اور نہ باطن میں۔ اور بعض نے فرمایا کہ دفترِ عمل سے ان کو بالکل مٹا دیا جائے اور ان کے بارے میں کوئی مؤاخذہ نہ ہو۔

۵۵ اس کا عطف لا تقنطوا پر ہے۔ پہلے تم اپنے ربِ کریم کی جانب سے رُخ موڑے ہوئے تھے اور گمراہی کے راستہ پر گامزن تھے۔ اب سچے دل سے اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس کے احکام کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دو۔ ایسا نہ ہو کہ سرکشی کی حالت میں ہی پیغامِ اجل آجائے اور تم عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ۔ اس وقت کوئی تمہاری مدد نہیں کر سکے گا۔

۵۶ ہم نے جو بہترین کلام تمہاری طرف نازل کیا ہے اس کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس کی اطاعت و پیروی شروع کر دو۔ ایسا نہ ہو کہ اچانک عذابِ الٰہی نازل ہو اور تمہیں نیست و نابود کر کے رکھ دے۔

1۔ مفرداتِ راغب، ص 407 2۔ ایضاً، ص 685 3۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، ج 24، ص 13

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً

پرہیزگاروں میں سے ۵۸ یا یہ کہنے لگے جب عذاب دیکھے کاش ! مجھے ایک بار پھر موقع دیا جائے

فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ

تو میں نیکوکاروں میں سے ہو جاؤں گا۔ ہاں! ہاں ! آئی تھیں تیرے پاس میری آیتیں پس تو نے انہیں جھٹلایا

بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى

اور تو گھمنڈ کرتا رہا اور تو کفر کرنے والوں میں سے تھا ۵۹ اور روز قیامت آپ دیکھیں گے

الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ

انہیں جو اللہ پر جھوٹ باندھتے تھے اس حال میں کہ ان کے چہرے سیاہ ہونگے ۔ کیا نہیں ہے جہنم میں ٹھکانا

مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۫

تکبر کرنے والوں کا ؟ اور نجات دے گا اللہ تعالےٰ متقیوں کو کامیابی کے ساتھ

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۫

نہ چھوئے گی انہیں کوئی تکلیف اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۶۰ اللہ تعالےٰ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا۔

۵۷ اس وقت تم پچھتاؤ گے، اپنی نالائقیوں پر اپنے آپ کو ملامت کرو گے، لیکن سب بے سود۔

۵۸ ان کی حالت ناگفتہ بہ ہوگی۔ کبھی کچھ کہیں گے اور کبھی کچھ۔

۵۹ بارگاہِ الٰہی سے ایک ہی مُسکِت جواب ملے گا۔

۶۰ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی یہ تفسیر نقل کی ہے:

قَالَ: کہ حضور نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ لوگوں کو ان کے اعمال سمیت حشر میں حاضر کرے گا۔ مومن کے عمل کی شکل بڑی خوبصورت اور اس کی مہک بڑی دل افروز ہوگی۔ جب کہیں ڈر اور خوف ہوگا تو وہ اسے تسلّی دیتے ہوئے کہے گا کہ تم مت گھبراؤ یہ خوف اور ڈر تمہارے لیے نہیں۔ وہ مومن کہے گا: تو نے مجھ پر بڑے احسان کیے ہیں، تو ہے کون؟ وہ جواب دے گا: تم مجھے نہیں پہچانتے، میں تمہارا نیک عمل ہوں۔ دنیا میں تو نے میرے بوجھ کو اٹھائے رکھا اب میں تمہیں اٹھاؤں گا، اور تجھ سے ہر مصیبت کو دور کروں گا۔ فَهِيَ الَّتِيْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيُنَجِّي اللّٰهُ، الآیہ اسی کے

وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ

اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے — وہی مالک ہے آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع ۶ ۱۱ ۳

کنجیوں کا ۶۱ — اور جو لوگ انکار کرتے ہیں اللہ کی آیتوں کا — وہی لوگ خسارہ میں ہیں۔

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ

آپ فرمائیے اے جاہلو! کیا تم مجھے حکم دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں ۶۲ — اور بیشک وحی کی

اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ

گئی ہے آپ کی طرف اور ان کی طرف جو آپ سے پہلے تھے۔ — کہ اگر (بفرض محال) آپ نے بھی شرک کیا تو ضائع ہو جائیگے

بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ وَيُنَجِّي اللّٰهُ۔ الآیہ (1)

۶۱ مقالید جمع ہے اس کا واحد مقلید یا مقلاد ہے (2) اور اقلید کثیر الاستعمال ہے۔ اس کا معنی ہے المفتاح یعنی کنجی۔ وَقَالَ السُّدِّيُّ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ: مقالید سے مراد آسمانوں اور زمین کے خزانے ہیں۔

علامہ بیہقی نے حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کیا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر پوچھی۔ حضور نے فرمایا: آج تک کسی نے مجھ سے یہ تفسیر دریافت نہیں کی۔ پھر فرمایا: آسمانوں اور زمین کی کنجیاں یہ کلمات طیبات ہیں۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے مقالید کی تشریح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھی تو حضور نے یہی کلمات دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام پڑھنے کی ہدایت کی۔ جو شخص اللہ کے رسول کی بتلائی ہوئی کنجیوں سے خزائنِ ارض وسما کے قفلوں کو کھولتا ہے اسی کا دامن بھرتا ہے اور وہی ان خزانوں کی قدر و قیمت کو پہچان سکتا ہے۔ اولوالعزم اولیائے کرام اپنے ہادی و مرشد کی انہی تعلیمات پر عمر بھر عمل پیرا رہے، ان وظائف و اوراد کا پابندی سے ورد کرتے رہے۔ انہیں کی برکت سے حریمِ قرب کے دروازے ان کے لیے کھلتے گئے۔ یہ اپنی ہمت کے پروں سے ان رفعتوں پر آشیانے بناتے رہے جہاں لوگوں کے طائرِ عقل و فکر کی رسائی ناممکن ہے۔ اے راہِ عشق کے مسافرو! اے منزلِ محبت کے راہ نوردو! اٹھو، ہمت سے کام لو۔ اپنے مرشدِ برحق کے بتائے ہوئے کلماتِ طیبات کو حرزِ جاں بناؤ۔ تمہیں بھی ان بلندیوں پر سرفراز کیا جائے گا۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 15، ص 274 — 2۔ ایضاً

عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ

آپ کے اعمال اور آپ بھی خاسرین میں سے ہو جائیں گے۔ بلکہ صرف اللہ کی ہی عبادت کیا کرو اور ہو جاؤ

مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا

شکر گزاروں میں سے اور نہ قدر پہچانی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی جس طرح قدر پہچاننے کا حق تھا اور (اسکی شان تو یہ ہے) ساری

قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ

زمین اسکی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور سارے آسمان لپٹے ہوئے اس کے دائیں ہاتھ میں ہونگے ۶۳ پاک ہے وہ ہر

وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي

عیب سے اور برتر ہے لوگوں کے شرک سے۔ اور پھونکا جائے گا صور پس غش کھا کر گر پڑے گا جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ

میں ہے اور جو زمین میں ہے ۶۴ بجز ان کے جنہیں اللہ چاہے گا (کہ بیہوش نہ ہوں ۶۵) پھر دوبارہ (جب)

۶۲ کفار بارگاہِ رسالت میں آئے اور کہنے لگے کہ آپ بھی (نعوذ باللہ) بتوں کی پوجا کریں۔ آپ کے بزرگوں کا بھی یہی دین تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ ان ظالموں کو یہ جواب دو۔

۶۳ اللہ تعالیٰ کی عظمتِ شان بیان کی جارہی ہے کہ قیامت کے دن زمین اپنی وسعتوں، فلک بوس پہاڑوں، بیکراں سمندروں سمیت ایک چھوٹی سی گیند کی طرح اللہ تعالیٰ کی مٹھی میں ہوگی اور ساتوں آسمان لپیٹ کر وہ اپنے دائیں ہاتھ میں لے لے گا۔ حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے: قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَطْوِي السَّمَاءَ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ۔ اَيْنَ مُلُوْكُ الْاَرْضِ؟ (شیخین) (1) کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ زمین کو اپنے ایک دستِ قدرت میں لے لے گا اور آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے داہنے ہاتھ میں۔ پھر فرمائے گا: میں ہوں بادشاہ! زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟

۶۴ حضرت صدر الافاضل لکھتے ہیں: یہ پہلے نفخہ کا بیان ہے۔ اس نفخہ سے جو بے ہوشی طاری ہوگی اس کا اثر یہ ہوگا کہ ملائکہ اور زمین والوں میں سے اس وقت جو لوگ زندہ ہوں گے جن پر موت نہ آئی ہوگی، وہ اس سے مر جائیں گے۔ اور جن پر موت وارد ہو چکی، پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں حیات عنایت کی، وہ اپنی قبروں میں زندہ ہیں، جیسے انبیاء، شہداء ان پر اس نفخہ سے بے ہوشی کی سی کیفیت طاری ہوگی۔ اور جو لوگ قبروں میں مرے پڑے ہیں انہیں اس نفخہ کا شعور بھی نہ ہوگا۔ (2)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص233۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب قولہ تعالیٰ والارض جمیعا، ج2، ص711

2۔ خزائن العرفان، زیر آیت ہذا، ص838

أُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ

اسمیں پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے ہوکر (حیرت سے) دیکھنے لگ جائیں گے۔ اور جگمگا اُٹھے گی زمین اپنے رب کے

رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ

نُور سے ۶۶ اور رکھ دیا جائے گا دفترِ عمل اور حاضر کیے جائیں گے انبیاء اور (دوسرے) گواہ اور فیصلہ کردیا

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا

جائے گا ان کے درمیان انصاف سے ۶۷ اور ان پر (رتی بھر) ظلم بھی نہیں کیا جائیگا۔ اور پُورا پُورا بدلہ دیا جائے گا ہر شخص کو جو

عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى ع ۸

اس نے کیا تھا اور اللہ تعالٰی خوب جانتا ہے جو کام لوگ کرتے ہیں۔ اور ہانکے جائیں گے کفار جہنم کی طرف

جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

گروہ در گروہ ۶۸ جب اس کے پاس آئیں گے تو کھول دیے جائیں گے اس کے دروازے اور پوچھیں گے

۶۵ اس استثناء میں کون داخل ہے؟ اس میں مفسرین کے بہت اقوال ہیں۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نفخہ صعق سے تمام آسمان اور زمین والے مرجائیں گے، سوائے جبرئیل ومیکائیل واسرافیل وملک الموت کے۔ پھر اللہ تعالٰی دونوں نفخوں کے درمیان جو چالیس برس کی مدت ہے، اس میں ان فرشتوں کو بھی موت دے دے گا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مستثنٰی شہداء ہیں جن کے لیے قرآن کریم میں بَلْ اَحیاء آیا ہے۔ حدیثِ پاک میں بھی ہے کہ وہ شہداء ہیں جو تلواریں حمائل کیے گردِ عرش حاضر ہوں گے۔ تیسرا قول: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مستثنٰی حضرت موسٰی علیہ السلام ہیں۔ چونکہ آپ طور پر بیہوش ہو چکے ہیں اس لیے اس نفخہ سے آپ بیہوش نہیں ہوں گے۔ بلکہ آپ متیقظ اور ہوشیار رہیں گے۔ چوتھا قول یہ ہے کہ مستثنٰی جنت کی حوریں اور عرش وکرسی کے رہنے والے ہیں۔ ضحاک کا قول ہے کہ مستثنٰی رضوان، حوریں اور وہ فرشتے جو جہنم پر مامور ہیں وہ اور جہنم کے سانپ بچھو ہیں۔ (خزائن العرفان) (1)

۶۶ زمین سے مراد یہ زمین نہیں بلکہ میدانِ حشر ہے۔ نور سے مراد سورج اور چاند وغیرہ کا نور نہیں بلکہ یہ ایک خاص نور ہے جو اس روز اذنِ الٰہی سے ہر چیز کو روشن کردے گا۔ (2)

۶۷ تمام لوگوں کو بارگاہِ الٰہی میں پیش کیا جائے گا۔ ان کے اعمال کے صحیفے رکھ دیے جائیں گے تو انبیاء تشریف لائیں گے جو اپنی اپنی

1۔ خزائن العرفان، زیر آیت ہذا، ص 838 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 282

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ

ان سے دوزخ کے پہرے دار کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس پیغمبر تم میں سے جو پڑھ کر سناتے تمہیں تمہارے رب

وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ

کی آیتیں اور ڈراتے تمہیں اس دن کی ملاقات سے ۔ کہیں گے بیشک آئے تھے لیکن ثبت ہو چکا تھا لوح محفوظ

الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

میں، عذاب کا حکم کفار پر ۔ انہیں کہا جائے گا داخل ہو جاؤ دوزخ کے دروازوں سے اس حال میں

فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ

کہ تم ہمیشہ اس میں رہو گے ۔ پس کتنا برا ٹھکانا ہے مغروروں کا ۔ اور لے جایا جائے گا انہیں جو ڈرتے رہے تھے (عمر بھر)

اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ

اپنے رب سے جنت کی طرف گروہ در گروہ ۶۹ حتیٰ کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے اور جنّت کے دروازے پہلے ہی کھول دیے گئے ہونگے

لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا

تو کہیں گے انہیں جنّت کے محافظ تم پر سلام ہو تم خوب رہے پس اندر تشریف لے چلو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے، اور وہ (خوش بخت)

امتوں پر گواہی دینگے اور دوسرے شہداء (گواہ) بھی طلب کیے جائیں گے اور عدل وانصاف کے ساتھ ان کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

۶۸ عدالتِ عالیہ میں جن کو جہنم رسید کرنے کا فیصلہ صادر ہوگا ان کو اس طرح ہانک کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

۶۹ اور جن خوش نصیبوں کے بارے میں بخش دینے کا فیصلہ ہوگا ان کو بڑی عزت واکرام سے نعیم جنت کی طرف فرشتے لے جائیں گے۔ کیا دلکش منظر ہوگا! ان پاک نفس لوگوں کو گروہ در گروہ جنت میں داخل کیا جائے گا اور سب سے پہلے داخل ہونے والے ہمارے آقا و مولیٰ حضور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں گے۔ مسلم شریف کی حدیث ہے: اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ (1)۔ یعنی حضور نے فرمایا: میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔

حضرت انس بن مالک سے مروی ہے: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰتِيْ بَابَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاَسْتَفْتِحُ فَيَقُوْلُ الْخَازِنُ مَنْ اَنْتَ وَاَقُوْلُ مُحَمَّدٌ (فِدَاهُ رُوْحِيْ وَقَلْبِيْ) صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔ قَالَ فَيَقُوْلُ

1۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب اثبات الشفاعة واخراج الموحدین من النار، ج 1، ص 112

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

کہیں گے ساری تعریفیں اس اللہ کریم کے لیے جس نے پورا فرمایا ہمارے ساتھ اپنا وعدہ اور وارث بنا دیا ہمیں اس (پاک) زمین کا

مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَی

اب ہم ٹھہریں گے جنت میں جہاں چاہیں گے۔ پس کتنا عمدہ اجر ہے نیک کام کرنے والوں کا اور (اے حبیب!) آپ

الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ

دیکھیں گے فرشتوں کو حلقہ باندھے کھڑے ہوں گے عرش کے اردگرد [۷۰] تسبیح پڑھ رہے ہوں گے اپنے رب (جلیل) کی حمد کے ساتھ

وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۵﴾ ع

ع ۸ ۵ ۵

اور فیصلہ کر دیا گیا ہوگا ان کے درمیان حق کے ساتھ۔ اور کہا جائے گا سب تعریفیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے [۷۱]

بِكَ اُمِرْتُ اَنْ لَا اَفْتَحَ لِاَحَدٍ قَبْلَكَ (مسند احمد) (1) حضور نے فرمایا: قیامت کے دن میں جنت کے دروازے پر آؤں گا اور اسے کھولنے کے لیے کہوں گا، تو جنت کا خازن پوچھے گا: آپ کون ہیں؟ میں اپنا نام بتاؤں گا تو وہ کہے گا کہ مجھے آپ کے متعلق ہی حکم دیا گیا ہے کہ آپ سے پہلے کسی کے لیے جنت کا دروازہ نہ کھولوں۔

[۷۰] دوزخی جہنم میں پھینک دیے جائیں گے اور اہلِ جنت فردوسِ بریں میں اقامت گزیں ہو جائیں گے۔ اس وقت نورانی ملائکہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے اردگرد حلقہ باندھے اپنے رب کریم کی حمد وثنا کے گیت گا رہے ہوں گے۔

[۷۱] یہ حمد کرنے والا کون ہوگا؟ علامہ ابنِ کثیر لکھتے ہیں: اَیْ نَطَقَ الْکَوْنُ اَجْمَعُهٗ نَاطِقُهٗ وَ بَهِیْمُهٗ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (2)۔ یعنی کائنات کی ہر چیز اپنے خالق و مالک کریم ورحیم پروردگار کی حمد کرے گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ وَ اَحَبَّهٗ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۔

محمد کرم شاہ

۲۵۔ رمضان المبارک، یوم الاثنین ۱۳۹۱ھ
۱۵ نومبر ۱۹۷۱ء

نظر ثانی: ۳۰۔ رجب المرجب، یوم الاحد ۱۳۹۲ھ
۱۰ ستمبر ۱۹۷۲ء

1۔ مسند امام احمد، ج 3، ص 136
2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 69

تعارف سُورۃ المومن

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ مبارکہ کا نام المومن ہے جو آیت نمبر ۲۸: وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ سے ماخوذ ہے۔ اس کے علاوہ اسے سورۂ غافر اور سورۃ الطول بھی کہا جاتا ہے(1)۔ اس میں نو رکوع اور پچاس آیتیں ہیں۔ یہ ایک ہزار ایک سو ننانوے کلمات اور چار ہزار نو سو ساٹھ حروف پر مشتمل ہے۔

نزول: یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ جابر بن زید سے مروی ہے کہ اس کا نزول سورۂ زمر کے معاً بعد ہوا۔ (روح المعانی)(2)

جمہور علمائے تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کی تمام آیتیں مکی ہیں۔ بعض نے اِنَّ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ الایۃ کو مدنی کہا ہے لیکن جمہور کا قول ہی صحیح ہے۔(3)

زمانۂ نزول: مکی دور کے اس مرحلہ میں یہ سورت نازل ہوئی جب اسلام اپنی دلآویز تعلیمات کے باعث دلوں کو فتح کرتا جا رہا تھا۔ ہزاروں مشکلات کے باوجود سلیم الطبع لوگ اس کی دعوت کو تیزی سے قبول کرنے لگے تھے۔ کفر کے سرغنوں کو اپنے پاؤں تلے سے زمین سرکتی ہوئی دکھائی دینے لگی تھی۔ انہوں نے مشتعل ہو کر بے بنیاد الزامات اور جھوٹے بہتان لگانے کی مہم تیز تر کر دی تھی۔ کبھی حضور کی آفتاب سے تابندہ تر سیرت پر انگشت نمائی کی جاتی، کبھی حضور کے عملی اقدامات پر اعتراض کیے جاتے، کبھی قرآنِ کریم کے کلامِ الٰہی ہونے کا انکار کیا جاتا اور کبھی وقوعِ قیامت پر اعتراضات کی بوچھاڑ شروع کر دی جاتی۔ وہ یہ چاہتے تھے کہ کسی طرح لوگ اسلام سے بدگمان ہو جائیں اور اسلام قبول کرنے کی جو تحریک زور پکڑتی جا رہی ہے، وہ تھم جائے۔ اس سورت میں انہی کے اٹھائے ہوئے شکوک و شبہات کو دور کیا جا رہا ہے۔

مضامین: اس سورت کا آغاز اتنا بارعب اور پرجلال ہے کہ قاری متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ فرمایا: یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف نہیں بلکہ اسے اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے، وہ اللہ تعالیٰ جو عزیز و علیم بھی ہے، غافر الذنب، قابل التوب اور صاحبِ جود و کرم بھی ہے۔ کیا ایسے خدا کی نازل کردہ کتاب میں کوئی نقص تلاش کیا جا سکتا ہے؟

دیگر مضامین کے علاوہ اس سورت میں دو امور کی طرف خصوصی توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔ کفارِ مکہ نبی کریم ﷺ سے ہر بات پر جھگڑتے اور تکرار کیا کرتے۔ جس سے حضور کے قلبِ نازک کو اذیت پہنچتی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو تسلی دے رہے ہیں کہ گزشتہ اقوام کے کفار کا رویہ بھی اپنے رسولوں کے ساتھ اسی نوعیت کا تھا۔ وہ بات بات پر اپنے انبیاء سے جھگڑتے، ان کا مذاق اڑاتے، انہیں طرح طرح کی اذیتیں پہنچاتے۔ اس کا انجام یہ ہوا کہ غضبِ الٰہی کی بجلی کوندی اور انہیں خاکِ سیاہ بنا کر رکھ دیا۔

1۔ روح المعانی، جز 24، ص 39 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً

اگر کفارِ مکہ نے اپنی یہ روش ترک نہ کی تو وہ بھی اسی ہولناک انجام کے لیے تیار ہو جائیں۔

ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ اے میرے حبیب! اگر یہ لوگ مجھے اپنا رب تسلیم نہیں کرتے، میری وحدانیت پر ایمان نہیں لاتے تو کیا ہوا۔ وہ اَن گنت نوری مخلوق جو عرش کو اٹھائے ہوئے ہے اور اس کے اردگرد مصروفِ طواف ہے وہ ہر وقت میری حمد بھی کر رہی ہے، میری تسبیح بھی کر رہی ہے، نیز تیرے غلاموں کے لیے وہ ہر وقت میری جناب میں مغفرت کی دعائیں مانگ رہی ہے۔ یہ فرشتے صرف نیک اور متقی لوگوں کی بلندی درجات کے لیے دعا گو نہیں، بلکہ ان کے والدین، ان کے اہل وعیال کی بخشش اور بلندیٔ درجات کے لیے بھی مصروفِ التجا رہتے ہیں۔

دوسری چیز جو بڑی اہمیت سے اس سورت میں ذکر کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو دعوت حق دی اور اپنے قول کی صداقت کو روشن معجزات سے ثابت کر دیا تو اس نے اعیانِ حکومت کی مجلسِ مشاورت طلب کی۔ اس میں اس کا وزیر ہامان اور دیگر اہم ملکی شخصیتیں شریک ہوئیں۔ فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کے منصوبہ کے لیے ان کی تائید حاصل کرنا چاہی۔ انہیں اس دعوت کے خطرناک مضمرات سے آگاہ کیا اور انہیں بتایا کہ اگر تم نے موسیٰ کو یوں ہی کھلی چھٹی دیے رکھی تو وہ تمہارے عقائد کو بگاڑ کر رکھ دے گا اور ملک کے گوشہ گوشہ میں فتنہ وفساد کی آگ بھڑکا دے گا۔ بہتر یہ ہے کہ حالات کے بے قابو ہونے سے پہلے حضرت موسیٰ کو ختم کر دیا جائے۔ اس وقت قبطی قوم کا ایک فرد جس نے ابھی تک اپنا ایمان ظاہر نہیں کیا تھا، اٹھ کھڑا ہوا اور اس قوت سے موسیٰ علیہ السلام کا دفاع کیا کہ فرعون لاجواب ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کے کارناموں اور آپ کی دعوت کی برکات کو یوں وضاحت سے ذکر کیا کہ سامعین پر سناٹا چھا گیا۔ عاد وثمود کے حالات سنا کر ان کو عبرتناک انجام سے بچنے کی ہدایت کی۔ اس مردِ مومن کے نعرۂ قلندرانہ نے فرعون کے سارے منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔ اب فرعون نے پینترا بدلا اور ایک نئی چال چلی۔ ہامان کو ایک بہت بلند مینار تعمیر کرنے کا حکم دیا تاکہ اس کے اوپر چڑھ کر آسمان میں جھانک کر یہ تسلی کر لی جائے کہ موسیٰ کا خدا زمین میں بھی نہیں اور آسمان میں بھی نہیں تو اب ہم اسے ڈھونڈنے کہاں جائیں؟

اس سے واضح ہوا کہ بندۂ حق کیش جب نعرۂ مستانہ بلند کرتا ہے تو باطل اپنے تمام کرّ وفرّ کے باوجود اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

سورت میں مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی توحید اور کبریائی پر تکوینی دلائل پیش کیے گئے ہیں تاکہ سننے والے کو حق الیقین نصیب ہو جائے کہ جس کی قدرت کے یہ کرشمے ہیں، وہی رب السمٰوٰت والارض ہے۔

قیامت کے روز کفار ومشرکین کا جو حسرتناک انجام ہوگا، اس کی بھی تصویر کشی کر دی گئی ہے تاکہ جو لوگ اس ہولناک انجام سے بچنا چاہتے ہیں، وہ ابھی سے سنبھل جائیں۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۃ المومن مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۸۵ آیتیں، ۹ رکوع

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۙ﴿۲﴾ غَافِرِ

حا۔ میم ۱ اُتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ تعالےٰ کی طرف سے، جو زبردست ہے سب کچھ جاننے والا ہے ۲ گناہ بخشنے والا

۱ حٰمٓ حروفِ مقطعات میں سے ہے، ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ یہ سورت کا نام ہے۔ بعض کے نزدیک یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

قَالَ عِكْرِمَةُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ حٰمٓ اِسْمٌ مِّنْ اَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ هِيَ مَفَاتِيْحُ خَزَائِنِ رَبِّكَ (قرطبی)(1)

علامہ اسماعیل حقی اس ضمن میں لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا ہر اسم اس کے خزانوں سے کسی خزانہ کی کنجی ہوا کرتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی اسمِ الٰہی کا ورد کرتا ہے تو اس شخص کی روح اور اس اسم میں ایک خاص مناسبت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو رفتہ رفتہ بندے کو ذاتِ خداوندی کے قریب کر دیتی ہے۔ اس وقت اس بندہ پر انوارِ الٰہی کا ظہور ہونے لگتا ہے۔ اور حسبِ استعداد وہ فیضان حاصل کرتا ہے۔ فَحِيْنَئِذٍ يَّتَجَلّٰى لَهُ الْحَقُّ سُبْحَانَهٗ مِنْ مَّرْتَبَةِ ذٰلِكَ الْاِسْمِ وَيُفِيْضُ عَلَيْهِ مَاشَاءَ بِقَدْرِ اسْتِعْدَادِهٖ وَكُلُّ اَسْمَائِهٖ تَعَالٰى اَعْظَمُ عِنْدَ الْحَقِيْقَةِ۔ (روح البیان)(2)

۲ تنزیل مصدر ہے لیکن منزل (اسم مفعول) کے معنی میں ہے۔ تَنْزِيْلٌ مَّصْدَرٌ لٰكِنَّ الْمُرَادَ مِنْهُ الْمُنَزَّلُ (کبیر)(3) اس کی ترکیب میں متعدد اقوال ہیں: یہ خبر ہے مبتدا محذوف (هٰذَا) کی یا حٰمٓ مبتدا ہے اور تنزیل اس کی خبر ہے یا یہ خود مبتدا ہے اور مِنَ اللّٰهِ اس کی خبر۔

جن ایام میں یہ سورت نازل ہوئی کفار نے بہتان طرازیوں اور افتراء پردازیوں کا ایک طوفان برپا کر رکھا تھا۔ ہر طرح کے جھوٹے الزامات لگانے کی مہم زوروں پر تھی۔ ذاتِ پاکِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء کی ذاتِ اقدس پر اور اسلامی عقائد پر اعتراضات کی بوچھاڑ شروع تھی۔ اس جھوٹے پراپیگنڈہ سے کفار لوگوں کی توجہ اسلام سے ہٹانے کی کوشش میں روز و شب مصروف تھے۔ اس لیے اس سورت کا آغاز اس قدر پُرجلال اور پُرشکوہ انداز سے کیا جا رہا ہے تاکہ لوگ ہمہ تن گوش بن کر اس کی طرف متوجہ ہوں۔ بتایا جا رہا ہے کہ یہ کتاب کسی انسان کی تصنیف شدہ نہیں تاکہ اس میں طرح طرح کی خامیوں کا احتمال ہو، بلکہ یہ آسمان سے اتاری گئی ہے اور اس کا اتارنے والا خداوندِ ذوالجلال ہے جو عزیز ہے یعنی سب سے زبردست اور سب پر غالب اور علیم ہے یعنی ماضی، حال، مستقبل اس کے علم کے سامنے یکساں ہیں۔ وہ ہر چھوٹی بڑی ظاہر و خفی چیز کو جاننے والا ہے۔ وہ کتاب جو آسمان سے اتری ہو اور اس کا اتارنے والا ان عظمتوں اور قدرتوں کا مالک ہو، وہ کتاب اس قابل ہے کہ اسے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 289 — 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 149 — 3۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 27، ص 27

الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ

اور توبہ قبول فرمانے والا ۳ سخت سزا دینے والا ۴ فضل وکرم فرمانے والا ہے ۵ نہیں کوئی معبود

توجہ سے سنا جائے، خوب سمجھا جائے اور اس کے ارشادات کو تسلیم کیا جائے۔

۳ قرآن نازل فرمانے والے خداوندِ قدوس کی چند دوسری صفات بیان کی جارہی ہیں۔

سورۂ زُمر کے آخر میں کفّار کے ہولناک انجام کا ذکر کیا گیا تھا اب اپنی مغفرت و رحمت کی نوید سنا کر انہیں مایوسی کے اندھیروں سے نکالا جارہا ہے۔ وہ غافر الذنب ہے یعنی گناہوں کی پردہ پوشی فرمانے والا ہے۔ کوئی شخص کتنا ہی بدکار ہو جب وہ اس کے دربار میں ندامت و شرمندگی کی متاع لے کر آجاتا ہے تو وہ اس کے گناہوں کو اپنی رحمت کی چادر سے ڈھانپ دیتا ہے۔ کسی کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ اس نے کبھی کوئی گناہ یا قصور کیا تھا۔

قَابِلِ التَّوْبِ: یعنی جب کوئی توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی سابقہ سرکشیوں کے باعث اپنے بابِ کرم سے دھتکارتا نہیں دیتا بلکہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے اور اس کے گناہوں کا نام ونشان بھی باقی نہیں چھوڑتا۔ توب: مصدر ہے تاب یتوب کا۔ اس کا لغوی معنی ہے رجوع کرنا، لوٹنا، اور اہلِ شریعت نے توبہ کی تشریح ان الفاظ سے کی

هُوَ فِي الشَّرْعِ تَرْكُ الذَّنْبِ لِقُبْحِهٖ وَ النَّدَمُ عَلٰى مَا فَرَطَ مِنْهُ وَالْعَزِيْمَةُ عَلٰى تَرْكِ الْمُعَاوَدَةِ وَتَدَارُكُ مَا اَمْكَنَهٗ اَنْ يَّتَدَارَكَ مِنَ الْاَعْمَالِ بِالْاِعَادَةِ۔ (روح البیان)(1)

یعنی شریعت میں توبہ ان چار چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے کہ گناہ کو قبیح سمجھتے ہوئے چھوڑ دے۔ جو فروگزاشت اس سے پہلے ہو چکی ہے اس پر دل سے شرمسار ہو۔ دوبارہ اس کا ارتکاب نہ کرنے کا پختہ ارادہ کرلے اور جہاں تک ممکن ہو گزشتہ اعمال کا تدارک کرے۔

غافر اور قابل کے درمیان واؤ عطف ذکر کر کے اس طرف اشارہ فرمایا کہ یہ دونوں الگ الگ صفتیں ہیں۔ وہ توبہ کرنے والے کی توبہ بھی قبول کرتا ہے اور جو توبہ نہیں کرتے وہ اتنا کریم ہے کہ جس کو چاہتا ہے توبہ کے بغیر بھی بخش دیتا ہے۔ کیونکہ توبہ کے بغیر بخشش میں اس کی شانِ کریمی کا ظہور زیادہ ہے اس لیے غافر الذنب کو پہلے ذکر کیا۔

۴ اس کا عذاب بھی بہت شدید ہے۔ جب پکڑتا ہے تو کوئی چھڑا نہیں سکتا۔ یہاں شدید، عقاب کی صفتِ مقدمہ ہے۔

۵ طَول کہتے ہیں فضل وانعام کو۔ اَلطَّوْلُ بِالْفَتْحِ: اَلْمَنُّ يُقَالُ مِنْهُ طَالَ عَلَيْهِ وَ تَطَوَّلَ عَلَيْهِ اِذَا اِمْتَنَّ عَلَيْهِ (صحاح)(2)

ابنِ منظور نے اس کا معنی قدرت بھی لکھا ہے۔

ذِي الطَّوْلِ اَيْ ذِي الْقُدْرَةِ (لسان العرب)(3)

1۔ روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج8، ص150 2۔ الصحاح، ج5، ص1755 3۔ لسان العرب، ج11، ص414

اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ مَا يُجَادِلُ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ

اس کے سوا ۶ اسی کی طرف (سب نے) لوٹنا ہے ۷ نہیں تنازعہ کیا کرتے اللہ کی آیتوں میں مگر

۶ جو ذات ان صفاتِ جلیلہ کاملہ کی مالک ہے وہی عبادت کے لائق بھی ہے اس کے سوا نہ کوئی ان صفاتِ جلیلہ سے متصف ہے اور نہ کوئی معبود بننے کی اہلیت رکھتا ہے۔

۷ اس میں اطاعت گزاروں کے لیے مژدہ ہے اور عاصی نافرمانوں کے لیے سرزنش ہے۔

علمائے تفسیر نے یہاں بڑا روح افزا اور بصیرت افروز واقعہ بیان کیا ہے۔ اس کا یہاں لکھنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ شام کا ایک آدمی امیر المومنین فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا دوست تھا۔ اس کی پارسائی، تقویٰ اور دین کے لیے اس کی حمیت کے باعث آپ اس کو اپنا بھائی کہہ کر پکارتے تھے۔ شام سے ایک آدمی آیا۔ آپ نے اس سے اپنے دوست کی خیریت دریافت کی۔ اس نے بتایا کہ وہ تو تباہ ہو گیا ہے۔ شراب پیتا ہے، گانا سنتا ہے اور وہ فسق و فجور کی زندگی بسر کر رہا ہے۔ یہ سن کر آپ کو از حد رنج ہوا۔ فرمایا: جب واپس جانے لگو تو مجھے ملتے جانا۔ روانگی کے وقت وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے اپنے کاتب کو بلایا اور فرمایا لکھو:

''مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلٰى فُلَانٍ۔ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ فَاِنِّيْ اَحْمَدُ اِلَيْكَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ''۔(1)

ترجمہ: یہ خط عمر بن الخطاب سے فلاں شخص کی طرف۔ تم پر سلام ہو۔ میں تیری طرف اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں جو وحدہٗ لا شریک ہے، گناہ معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، سخت عذاب والا، بڑی قدرت والا، اس کے بغیر اور کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف سب نے لوٹنا ہے۔

پھر خود بھی اس کی ہدایت کے لیے دعا مانگی اور حاضرینِ مجلس سے بھی اس کے لیے دعا منگوائی اور یہ خط اس شخص کو دیا اور فرمایا کہ یہ میرے دوست کو پہنچا دینا۔ جب اس دوست نے خط پڑھا، تو اس پر ایک عجیب کیفیت طاری ہو گئی۔ آنکھوں سے آنسوؤں کا مینہ برسنے لگا۔ روتا تھا اور خط کو بار بار پڑھتا تھا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے گناہوں سے توبہ کی، فسق و فجور کی زندگی ترک کر کے اطاعت و انقیاد کی زندگی بسر کرنے لگا۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کو جب اس کی توبہ کی اطلاع ملی تو آپ بڑے خوش ہوئے اور فرمانے لگے: هٰكَذَا فَاصْنَعُوْا اِذَا رَاَيْتُمْ اَخَا لَكُمْ زَلَّ زَلَّةً فَسَدِّدُوْهُ وَ وَفِّقُوْهُ وَ ادْعُوا اللّٰهَ لَهٗ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِ وَلَا تَكُوْنُوْا اَعْوَانًا لِّلشَّيْطَانِ عَلَيْهِ(2)۔ یعنی تم بھی جب اپنے کسی بھائی کو دیکھو کہ راہِ راست سے اس کا قدم پھسل گیا ہے تو اس کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا کرو۔ اسے سیدھی راہ پر لانے کی کوشش کرو۔ اس کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اور اس کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بن جاؤ۔ یعنی اگر تم اسے برا بھلا کہنا شروع کر دو گے، اس پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے لگو گے تو وہ اپنی ضد پر پکا ہو جائے گا اور اسے اپنی عزتِ نفس کا سوال بنا کر گمراہی میں دور نکل جائے گا۔

سبحان اللہ! دعوت و ارشاد اور تبلیغ و اصلاح کا کیا حکیمانہ انداز ہے۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 240 2۔ ایضاً

كَفَرُوْا فَلَا يَغُرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ

کافر ۸ پس نہ دھوکہ میں ڈالے تمہیں ان لوگوں کا (بڑے کروفر سے) آنا جانا مختلف شہروں میں ۹ جھٹلایا تھا ان سے پہلے قوم

نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ

نوح نے اور کئی (دوسرے) گروہوں نے ان کے بعد۔ اور قصد کیا ہر اُمّت نے اپنے رسول کے متعلق

لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۚ

کہ اسے گرفتار کرلیں اور جھگڑتے رہے (اس کے ساتھ) ناحق، تاکہ جھٹلادیں اسکے ذریعہ حق کو۔ پس میں نے پکڑلیا انہیں۔

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ

پس کتنا شدید تھا میرا عذاب ۱۰ اور اسی طرح واجب ہوگیا اللہ کا فیصلہ

۸ بحث وتکرار کبھی افہام وتفہیم کے لیے، کوئی مشکل مسئلہ حل کرنے کے لیے، کسی غلط فہمی کے ازالہ کے لیے اور منکرینِ حق کے اعتراضات کا جواب دینے کے لیے ہوتا ہے۔ یہ بحث وتکرار مستحسن ہے اور انبیائے کرام علیہم السلام کی سنّت ہے اور قرآن میں اسے جَادِلھم بالتی ھی احسن فرمایا گیا ہے۔ لیکن ایسا جدال اور مناظرہ جس سے مقصد فضول شبہات پیدا کر کے حق کو مشکوک کرنا، آیاتِ الٰہی میں باہمی تناقض ثابت کرنا، ان کی تضحیک کرنا یا ان کی ایسی تاویل کرنا جس سے دوسری آیات کی نفی ہوتی ہو، ایسے جدال کی جرأت صرف وہی شخص کرسکتا ہے جس کے دل میں خدا اور رسول پر ایمان نہ ہو۔ مشرکینِ مکہ کا دن رات یہی شغل تھا، وہ قرآن کے بیان کردہ عقائد کو غلط ثابت کرتے، ایک آیت کو دوسری آیت سے متضاد ثابت کرتے۔ طرح طرح کے شکوک و شبہات کا غبار اڑا کر حق کے حسن و جمال کو مستور کرتے۔ ان کی اس نازیبا اور غیر شائستہ حرکت پر انہیں سرزنش کی جارہی ہے۔

۹ بعض لوگوں کے دلوں میں یہ شُبہ پیدا ہوتا کہ اگر واقعی یہ حق کے منکر ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سچے رسول کو جھٹلاتے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کا عذاب ان کو تباہ و برباد کیوں نہیں کر دیتا؟ یہ کیوں بڑے کروفر سے کبھی اپنے تجارتی قافلے لے کر شام کی طرف اور کبھی یمن کی طرف جارہے ہیں اور ہر بار دولت وثروت کے ڈھیر سمیٹ کر واپس آتے ہیں؟ ارشاد ہے: اے دیکھنے والے! تجھے یہ بات دھوکے میں نہ ڈال دے۔ ہم نے کچھ عرصہ کے لیے انہیں مہلت دے رکھی ہے۔ اگر انہوں نے اس مہلت سے فائدہ نہ اٹھایا تو ان کی تباہی یقینی ہے۔ خدا کا عذاب آئے گا اور ان کا نام ونشان مٹا کر رکھ دے گا۔

۱۰ ان سے پہلے بھی کئی بدبخت قوموں نے یہ وتیرہ اختیار کیا۔ انہوں نے اپنے رسولوں کو اپنا قیدی بنانے کے منصوبے بنائے اور غلط طریقوں سے ان کے ساتھ جھگڑتے رہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اس طرح وہ حق کو مٹادیں گے۔ لیکن ہمارے عذاب نے

وقف النبی وقف لازم

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ

کفار پر کہ وہ دوزخی ہیں ۱۱ جو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہیں عرش کو ۱۲ اور وہ جو

حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ

عرش کے اردگرد (حلقہ زن) ہیں وہ تسبیح کرتے ہیں ۱۳ حمد کیساتھ اپنے رب کی اور ایمان رکھتے ہیں اس پر اور استغفار کیا کرتے ہیں

اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

ایمان والوں کے لیے ۱۴ (کہتے ہیں) اے ہمارے رب ! تو گھیرے ہوئے ہے ہر شے کو (اپنی) رحمت اور علم سے ۱۵ پس بخشدے

انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا اور ان کا انجام تمہیں اچھی طرح معلوم ہے۔ اَدْحَضَ الْحُجَّةَ: اَبْطَلَهَا (منجد)(1) کسی دلیل کے باطل کرنے کو عربی میں اَدْحَضَ کہتے ہیں۔

۱۱ صرف دنیا میں ہی ان پر عذاب نہیں آئے گا بلکہ اللہ تعالیٰ نے حتمی فیصلہ فرمادیا ہے کہ جو کفر پر مرے گا وہ جہنم میں ہمیشہ کے لیے جھونک دیا جائے گا۔

۱۲ کفار و مشرکین مسلمانوں کی جس طرح دلآزاری کیا کرتے تھے اور ہادیٔ برحق ﷺ کی ذاتِ اقدس و اطہر پر جھوٹے بہتان لگاتے تھے ان کا ذکر پہلے گزرا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کو یہ بتا کر تسلی دے رہے ہیں کہ یہ اوباش اور بے حیا لوگ اگر ایسا کرتے ہیں تو کیا ہوا؟ وہ عظیم المرتبت فرشتے جو عرشِ عظیم کو اٹھائے ہوئے ہیں اور وہ مقرب ملائکہ جو ہر لحظہ عرشِ الٰہی کے طواف میں سرگرم ہیں اور اپنے ربِ کریم کی حمد و ثنا میں مشغول رہتے ہیں وہ تو ہر لحہ تمہارے لیے بارگاہِ الٰہی میں دست بدعا رہتے ہیں اور تمہارے لیے استغفار کرتے ہیں، تمہارے مراتب کی بلندی، تمہارے اور تمہارے ماں باپ، ازواج و اولاد کے لیے دخولِ جنت کی التجائیں کرتے ہیں۔ پھر تمہیں غمزدہ ہونے کی کیا ضرورت ہے؟

۱۳ یہ فرشتے اپنے رب کی تسبیح بھی کرتے ہیں اور اس کی حمد و ثنا بھی کرتے ہیں۔ وہ کن کلمات سے تسبیح کرتے ہیں؟ اس کے بارے میں ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَ الْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَمُوْتُ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ(2)۔ ان کے حیا اور ادب کا یہ عالم ہے کہ یہ ہمیشہ سر جھکائے رہتے ہیں۔ آنکھ اوپر اٹھا کر دیکھتے ہی نہیں۔ جلال الٰہی سے ہر وقت لرزاں ترساں رہتے ہیں۔

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ کے کلمات سے مشرکینِ عرب کی غلطی کا ازالہ کر دیا کہ فرشتے نعوذ باللہ اس کی بیٹیاں ہیں۔ فرمایا: وہ بھی اس کے وجود پر، اس کی توحید و کبریائی پر اسی طرح ایمان لے آئے ہیں جیسے دوسری مخلوق۔

۱۴ اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید کے علاوہ ان ملائکہ کا دوسرا وظیفہ یہ ہے کہ وہ اہلِ ایمان کی مغفرت کے لیے ہر لحہ دعائیں مانگتے

1۔ المنجد، ص208 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص243

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ

انہیں جنہوں نے (کفر سے) توبہ کی ہے اور پیروی کی ہے تیرے راستہ کی اور بچالے انہیں عذاب جہنم سے ۱۶ھ اے ہمارے رب! داخل فرما

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ

انہیں سدابہار باغوں میں جن کا تُو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور جو قابلِ بخشش ہیں ان کے والدین ،

اَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸ وَقِهِمُ

ان کی بیویوں اور ان کی اولاد سے۔ بیشک تو ہی سب سے زبردست (اور) حکمت والا ہے ۱۷ھ اور بچالے انہیں

رہتے ہیں۔

۱۵ھ اصل عبارت یوں تھی وَسِعَتْ رَحْمَتُكَ وَعِلْمُكَ(1)۔ یعنی تیری رحمت اور علم ہر چیز کو اپنے احاطہ میں لیے ہوئے ہے لیکن اس کے بجائے وَسِعْتَ فرمایا کہ اس امر کی طرف اشارہ ہو کہ ذاتِ باری سراپا رحمت اور سراسر علم ہے۔ اور یہاں علم سے رحمت کو مقدم کیا کیونکہ بخشش کا ذکر ہو رہا ہے۔ آدابِ دعا میں سے یہ ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف و تمجید کی جائے پھر حمدِ باری کے بعد اس رحیم و کریم کے حضور دستِ سوال دراز کیا جائے۔

۱۶ھ یہاں ملائکہ کی دعا کا ذکر ہو رہا ہے۔ الٰہی! کیونکہ تیری رحمت کا دامن بڑا وسیع ہے اس لیے تو ان کی توبہ کو قبول فرمالے۔ الٰہی! جن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے نبی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلے ان کو بخش دے اور انہیں عذابِ جہنم سے بچالے اور انہیں جنّت عدن میں داخل فرما۔

۱۷ھ الٰہی! ان کے ماں باپ، ازواج اور اولاد کو بھی بخش دے جو مغفرت کی صلاحیت رکھتے ہیں اور بخشے جانے کے قابل ہیں۔ بخشش اور مغفرت کا وہی مستحق ہوتا ہے جو ایماندار ہو۔ ان لوگوں کا متقی، عابد اور زاہد ہونا ضروری نہیں کیونکہ ایسے لوگ تو بذاتِ خود بخش دیے جاتے ہیں، ان کو اپنی بخشش کے لیے اپنی اولاد یا والدین کے سہارے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: لَعَلَّ الْمُرَادَ بِالصَّلَاحِ هٰهُنَا نَفْسُ الْاِيْمَانِ(2)۔ یعنی یہاں صلاح کا معنی صرف ایمان ہے۔ کیونکہ انسان جب صفتِ ایمان سے متصف ہو جاتا ہے تو وہ بخشش کے لائق ہو جاتا ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ بات ہم نے اس لیے کہی ہے تاکہ معطوف اور معطوف علیہ میں تغایر پایا جائے۔ یہاں بھی صلح سے مراد زہد، تقویٰ اور نیکی ہو تو پھر یہ اَلَّذِيْنَ تَابُوْا کے زمرہ میں داخل ہوں گے، ان کو علیحدہ ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ امام بغوی سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں کہ جب مومن جنت میں داخل ہوگا، تو پوچھے گا: میرا باپ کہاں ہے؟ میری ماں کہاں ہے؟ میرے بچے کہاں ہیں؟ میری بیوی کہاں ہے؟ اسے بتایا جائے گا کہ انہوں نے تیری طرح نیک اعمال نہیں کیے، اس لیے وہ یہاں موجود نہیں۔ تو وہ جنتی جواب میں کہے گا کہ میں اپنے لیے اور ان کے لیے

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 157 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 245

السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ

سزاؤں سے ۱۸ھ اور جس کو تو بچالے سزاؤں سے اس دن تو گویا تو نے بڑی رحمت فرمائی اس پر اور یہی ہے

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ ع ۹

بہت بڑی کامیابی ۱۹ھ بے شک جن لوگوں نے کفر کیا انہیں ندا دی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کی (تم سے)

اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰

بیزاری بہت زیادہ ہے اس بیزاری سے جو تمہیں اپنے آپ سے ہے (یاد ہے) جب تم بلائے جاتے ایمان کی طرف تو تم کفر کیا کرتے ۲۰ھ

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ زندہ کیا پس اب ہم اعتراف کرتے ہیں اپنے گناہوں

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝۱۱ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ

کا۔ سو کیا (یہاں سے) نکلنے کی بھی کوئی صورت ہے ۲۱ھ اس کی وجہ یہ تھی کہ جب پکارا جاتا اللہ تعالیٰ کو اکیلا تو تم

نیک اعمال کیا کرتا تھا۔ پھر کہا جائے گا کہ ان لوگوں کو بھی جنت میں داخل کرو۔ یہ روایت اگرچہ موقوف ہے لیکن مرفوع کے حکم میں ہے۔ اس سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ آیت میں صلح سے مراد نفسِ ایمان ہے۔ (مظہری)

۱۸ھ سیئات کا ایک معنی عقوبات کیا گیا ہے (1)۔ یعنی الٰہی! ان کو ہر قسم کی سزاؤں سے بچا۔ اور اس کا دوسرا معنی یہ کیا گیا ہے کہ الٰہی! دنیا میں ان کو گناہوں اور اعمالِ قبیحہ سے بچا، خود ان کی نگہبانی فرما اور نفس و شیطان کی شر انگیزی سے محفوظ رکھ۔

۱۹ھ پہلی صورت میں اس کا معنی ہوگا کہ قیامت کے روز جن کو تو عذاب سے بچالے ان پر تو نے رحمت فرمائی۔ دوسری صورت میں معنی ہوگا کہ اس دنیا میں جن کو تو نے گناہوں سے محفوظ رکھا ان پر تو نے بڑا احسان فرمایا۔ فرشتوں کے دل میں ہمارے لیے خلوص اور خیر خواہی کے یہ پاکیزہ جذبات کیونکر پیدا ہوئے؟ اس کی وجہ محض ایمان ہے۔

۲۰ھ قیامت کے دن کفار کو جب جہنم رسید کر دیا جائے گا اس وقت انہیں اپنی حماقتوں کا احساس ہوگا اور انہیں اپنے آپ پر بڑا غصہ آئے گا اپنی عقل و فہم پر نفریں بھیجیں گے اور اپنی ہٹ دھرمی کو کوسیں گے اور بڑے پیچ و تاب کھائیں گے۔ فرشتے ان کی یہ حالت دیکھ کر انہیں کہیں گے کہ جتنا غصہ آج تمہیں اپنے آپ پر آرہا ہے کل دنیا میں جب اللہ تعالیٰ کا رسول اور اس کے نیک بندے تمہیں کفر و شرک سے باز رکھنے کی مخلصانہ کوشش کرتے تھے تو تم ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کی آتش

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 245

كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ

اِنکار کر دیتے اور اگر شریک بنایا جاتا کسی کو اس کا تو تم مان لیتے ۲۲ پس حکم کا اختیار اللہ کے لیے ہے جو برتر اور بزرگ ہے ۲۳

الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ رِزْقًا ۭ وَمَا يَتَذَكَّرُ

وہی ہے جو دکھاتا ہے تمہیں اپنی آیتیں ۲۴ اور نازل فرماتا ہے تمہارے لیے آسمان سے رزق ۲۵ اور نہیں نصیحت

اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ

قبول کرتا مگر وہ جو (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا ہے ۲۶ تو عبادت کرو اللہ تعالیٰ کی خالص کرتے ہوئے اس کے لیے دین کو

غضب بھڑکتی تھی اور اس کو اس سے کہیں زیادہ غصہ تم پر آتا تھا۔ ۲۱ کفار کہیں گے: دو مرتبہ تو نے ہمیں موت کا مزا چکھایا اور دو مرتبہ زندہ کیا۔ دو موتوں اور دو زندگیوں کا ذکر پہلے پارہ میں گزر چکا ہے۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾ (بقرہ) کفار کو جب دوزخ میں پھینک دیا جائے گا تو وہ اپنی غلطی کا اعتراف کریں گے اور تسلیم کریں گے کہ حیات بعد الموت جس کا آج تک وہ انکار کرتے رہے، عین حق ہے۔ اعترافِ گناہ کے بعد پوچھیں گے کہ کیا اب اس دوزخ سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے۔ جواب ملے گا: نہیں بالکل نہیں، اب تمہیں یہیں رہنا پڑے گا۔

۲۲ یہ کس جرم کی سزا ہے؟ کیا تم جانتے ہو؟ یہ اس جرم کی سزا ہے کہ جب بھی اللہ تعالیٰ کی توحید کا ذکر کیا جاتا تو تم اسے ماننے سے انکار کر دیتے اور اس کے ساتھ جب تمہارے معبودانِ باطل کو شریک ٹھہرایا جاتا تو تم فوراً اس بات کو تسلیم کر لیا کرتے تھے۔ خدا کی توحید کے انکار کی یہ سزا ہے جس میں تم مبتلا ہو۔

۲۳ تمہارے متعلق فیصلہ کرنے کا کلّی اختیار اللہ تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہے۔ تمہارے وہ معبود جن کو تم بڑے اصرار سے خدا کا شریک بنایا کرتے تھے وہ اس خدائی فیصلہ میں ردّ و بدل کا کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ اللہ تعالیٰ تو تمہیں اس لیے نہیں بخشے گا کہ تم اس پر ایمان ہی نہیں لائے۔ اور جب بھی اس کی توحید پر ایمان لانے کی تمہیں دعوت دی گئی، تم فوراً بپھر جاتے تھے۔ اور جن خداؤں کی پوجا میں تم مگن رہا کرتے تھے ان کا آج کوئی بس نہیں چلتا، بلکہ آج تو ان کا نام و نشان تک بھی نہیں ملتا۔ اس لیے اب تمہارے چھٹکارے کی کوئی صورت نہیں۔

۲۴ یعنی وہ تمہیں ایسی نشانیاں دکھاتا ہے جن کے دیکھنے کے بعد اس کی وحدانیت، اس کی حکمتِ بالغہ، قدرتِ کاملہ اور علمِ محیط کا اعتراف کیے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا۔

۲۵ اس کی وحدانیت اور اس کی حکمت کی ایک واضح نشانی بیان کر دی۔ رزق سے مراد یہاں بارش ہے۔ رِزْقًا اَیْ مَطَرًا یَّکُوْنُ سَبَبًا لِّرِزْقِکُمْ فِیْہِ (1)۔ اگر اسی ایک نشانی پر غور کیا جائے تو سارے حجاب اٹھ جاتے ہیں۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 248

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ

اگرچہ ناپسند کریں کفار ۲۷ بلند درجات پر فائز کرنے والا، عرش کا مالک ۲۸ نازل فرماتا ہے وحی اپنے فضل سے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ

اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے ۲۹ تاکہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن سے ۳۰ وہ دن جب وہ ظاہر ہونگے ۳۱

۲۶ لیکن اس سے فائدہ صرف وہی لوگ اٹھاتے ہیں جن کے دلوں میں رجوع الی اللہ کا جذبہ موجود ہو۔

۲۷ کفار نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کو شریک بنایا، ان کا انجام تم نے دیکھ لیا۔ تم یہ غلطی ہرگز نہ کرنا۔ فقط اسی کی عبادت کرنا اور اپنے عقیدہ میں شرک کی ذرا آمیزش نہ ہونے دینا۔ کفار کی برہمی اور ناراضگی کی قطعاً پرواہ نہ کرنا۔ اگر اس غلطی کا ارتکاب تم نے بھی کیا تو تمہارا انجام بھی بڑا اندوہناک ہوگا۔

۲۸ اس آیتِ طیبہ میں اللہ تعالیٰ کی مزید تین صفاتِ کمال بیان فرمائی جارہی ہیں۔ (۱) رفیع الدرجات یعنی وہ اپنی مخلوق کے مراتب و درجات کو ان کی طبعی استعداد اور ان کے حوصلہ و ہمت اور سعی پیہم کے مطابق یا محض اپنی جود و عطا سے بلند فرمانے والا ہے۔ اس صورت میں رفیع بمعنی رافع ہوگا اور اگر رفیع بمعنی مرتفع ہو تو پھر اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی شان سب سے اونچی ہے کوئی چیز کسی حیثیت سے اس کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کرسکتی۔ (۲) ذوالعرش: وہ عرش کا مالک ہے یعنی عالمِ امکان کی فرمانروائی کا تخت اس کے تصرف میں ہے۔ ہر چیز اس کے فرمان کے مطابق ظہور پذیر ہو رہی ہے۔ اس کے اذن کے بغیر کوئی پتہ جنبش نہیں کرسکتا۔ کوئی ذرہ اپنی جگہ سے سرک نہیں سکتا۔ زندگی اور موت، عزت و ذلت، صحت و بیماری، غربت و ثروت سب اس کی شانِ ربوبیت کی جلوہ نمائیاں ہیں۔ (۳) يُلْقِي الرُّوْحَ: روح سے مراد یہاں وحی ہے۔ یعنی جس طرح آسمان سے بارش اتار کر ہر انسان کی مادی زندگی کے تقاضوں کی تکمیل کی گئی ہے، ہر چیز کو اس کی طبیعت، مزاج اور ضرورت کے مطابق رزق بہم پہنچایا جاتا ہے۔ اسی طرح انسان کی اخلاقی، روحانی ترقی اور نشوونما کے لیے اللہ تعالیٰ وحی نازل فرماتا ہے۔ (1)

۲۹ حضرت ابنِ عباسؓ نے مِنْ اَمْرِهٖ کا معنی مِنْ فَضْلِهٖ کیا ہے۔ (مظہری) (2) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کو چن لیتا ہے اور اس پر وحی نازل کرتا ہے۔ کسی پر وحی کا نزول محض اس کا فضل و کرم ہے۔

۳۰ انبیائے کرام کو وحی سے سرفراز کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو خوابِ غفلت سے بیدار کریں اور انہیں غلط روی کے عبرتناک انجام سے بروقت خبردار کریں۔ یوم التلاق سے مراد قیامت کا دن ہے۔ کیونکہ اگلے پچھلے سب وہاں ملاقات کریں گے۔

۳۱ سب قبروں سے نکل کر دست بستہ بارگاہِ خداوندِ ذوالجلال میں حاضر ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے ان کا ظاہر و باطن عیاں ہوگا۔ بڑے بڑے تاجدار، کشور کشا، فاتحِ عالم، بڑے بڑے فرعون و نمرود جو اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کا نقارہ بجایا کرتے تھے، بڑے بڑے چنگیز اور ہلاکو وہاں کھڑے ہوں گے۔ اس وقت اعلان کیا جائے گا: لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ: اے سرکشو! اے متکبرو!

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 248 2۔ ایضاً

لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

پوشیدہ نہ ہوگی اللہ تعالےٰ پر ان کے حالات سے کوئی شے کس کی بادشاہی ہے آج ؟ (کسی کی نہیں) صرف اللہ کی جو واحد

الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ

(اور) قہار ہے۔ آج بدلہ دیا جائے گا ہر نفس کو جو اس نے کمایا تھا۔ ذرا ظلم نہیں ہوگا آج

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ

بیشک اللہ تعالےٰ بہت تیزی سے حساب لینے والا ہے۔ اور آپ ڈرایئے انہیں قریب آنے والے دن سے ۳۲ جب کہ دل گلے میں اٹک

لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ

جائیں گے خوف و دہشت سے بھرے ہوئے ۳۳ نہ ہوگا ظالموں کے لیے کوئی دوست اور نہ ایسا سفارشی ۳۴ جس کی

بتاؤ آج فرمانروائی کس کی ہے؟ ہر طرف سناٹا طاری ہو جائے گا۔ ہر طرف خاموشی اور سکوت ہوگا۔ کسی کو ہمت نہ ہوگی کہ جواب دے سکے۔ خود ہی خالقِ کائنات جواب دے گا۔ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ (1)

۳۲ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ کریم کو حکم دے رہا ہے کہ آپ ان لوگوں کو ہولِ قیامت سے ڈرایئے تا کہ وہ توبہ کریں اور اس روزِ شدید کے عذاب سے بچ جائیں۔ آزفہ کا معنی ہے بہت جلد آنے والی۔ قرآنِ مجید میں متعدد بار قیامت کے بارے میں یہی بات ذہن نشین کرائی گئی ہے کہ وہ بالکل قریب آ پہنچی ہے۔ اس کے آنے میں دیر نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ لوگ ابھی سے اس کی تیاری شروع کر سکیں۔ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اپنے عقائد کی درستی، اخلاق کی اصلاح کا اہتمام شروع کر دیں۔

۳۳ قیامت کی ہولناکی اور شدت کی تصویر کشی کی گئی ہے یعنی اس دن ہولناک مناظر کو دیکھ کر لوگوں پر اتنی دہشت اور خوف طاری ہوگا کہ دل پہلو سے اچھل کر گلے میں اٹک کر رہ جائیں گے۔ نہ اپنی جگہ پر واپس جا سکیں گے تا کہ سکون نصیب ہو اور نہ گلے سے باہر نکل سکیں گے تا کہ رشتۂ حیات منقطع ہو اور قصہ ختم ہو بلکہ گلے میں اٹکے رہ جائیں گے۔ نہ موت آئے گی کہ جان چھوٹے اور نہ ویسے آرام و سکون ہوگا۔

۳۴ ایسے مشکل وقت میں کوئی جگری دوست انہیں نظر نہیں آئے گا جو ان کا غم غلط کر سکے یا ان کے بوجھ کو ہلکا کر سکے اور نہ کوئی ایسا سفارشی انہیں ملے گا جس کی شفاعت بارگاہِ الٰہی میں قابلِ قبول ہو۔

ان لوگوں نے دنیا میں بڑے بڑے لوگوں سے یارانے گانٹھے تھے لیکن اس دن کوئی یار ان کے نزدیک تک سے گزرنا بھی روا نہ رکھے گا۔ یہ بتوں کی پوجا ذوق و شوق سے اس لیے کیا کرتے تھے کہ قیامت اگر آ بھی گئی اور انہیں دھر بھی لیا گیا تو یہ بت

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 249

يُطَاعُ ۝١٨ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝١٩ وَاللّٰهُ

سفارش مانی جائے۔ وہ جانتا ہے خیانت کرنے والی آنکھوں کو اور ان باتوں کو جنہیں سینے چھپائے ہوئے ہیں ۳۵ اور اللہ

يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ

فیصلہ فرمائے گا حق کے ساتھ ۳۶ اور جنہیں وہ اللہ کے بغیر پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ نہیں

بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝٢٠ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي ع ۱۱

کر سکتے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہی سب کچھ سننے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ کیا انہوں نے سیر و سیاحت نہیں کی

الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

زمین میں تاکہ وہ دیکھتے کہ کیا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے ۳۷

ان کی سفارش کریں گے اور ان کو آتشِ جہنم سے نکال لیں گے، لیکن ان بے چارے بتوں کو تو لب کشائی کی جرأت ہی نہ ہوگی۔ وہ اس دن ان کے کسی کام نہیں آئیں گے۔

۳۵ اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط سے ظالموں کی کوئی حرکت، کوئی کرتوت پوشیدہ نہیں بلکہ اس کو تو ان کی آنکھوں کی خیانت اور بد دیانتی کا بھی علم ہے اور ان کے سینوں کے پوشیدہ رازوں سے بھی وہ خوب واقف ہے۔

۳۶ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام حقائق سے آگاہ ہے اس لیے اس کا فیصلہ برحق ہوگا اور کفار کے معبودانِ باطل جو اندھے، بہرے، جاہل بلکہ بے جان پتھر یا دھات کے مجسمے ہیں وہ کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔

۳۷ اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ رسول انہیں عرصہ سے دعوتِ حق دے رہا ہے۔ اپنی دعوت کی سچائی ثابت کرنے کے لیے طرح طرح کے شواہد اور معجزات پیش کر رہا ہے لیکن یہ لوگ پنبہ در گوش ہیں اور اخلاص بھری دعوت کو لائقِ التفات ہی نہیں سمجھتے۔ وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کے یہ ٹھاٹھ سدا یوں ہی رہیں گے۔ ان کے پاس دولت کی فراوانی ہے، جزیرۂ عرب کے جس علاقے میں ان کا گزر ہوتا ہے لوگ فرطِ عقیدت سے اپنی آنکھیں فرشِ راہ کر دیتے ہیں۔ انہیں کیا ضرورت ہے کہ اس نبی کی دعوت کو قبول کریں جس کا لباس پھٹا ہوا ہے، جس کی مالی حالت ناگفتہ بہ ہے، جس کے ماننے والوں کو وہ مار مار کر ادھ موا کر دیتے ہیں اور ان سے باز پرس کی جرأت بھی کسی کو نہیں ہوتی۔

اس آیت سے ان کی غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے کہ تم دنیا میں پہلے لوگ تو نہیں ہو جنہیں یہ جاہ و حشمت، دولت و ثروت میسر آئی ہو اور جنہیں بے کس و بے نوا لوگوں پر جور و ستم کی کھلی چھٹی ملی ہو۔ تم سے پہلے بھی یہاں صدہا قومیں آباد رہی ہیں جو دولت و قوت

كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ

وہ قوت کے لحاظ سے بھی ان سے طاقتور تھے اور زمین میں (چھوڑے ہوئے) آثار کے لحاظ سے بھی تو پکڑ لیا انہیں اللہ تعالیٰ نے

بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ

ان کے گناہوں کے باعث اور نہیں تھا ان کے لیے اللہ سے کوئی بچانے والا۔ یہ اس لیے کہ لے کر آتے رہے انکے

تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ

پاس ان کے رسول روشن نشانیاں تو انہوں نے (ہر بار) ماننے سے انکار کر دیا پس پکڑ لیا انہیں اللہ نے۔ بے شک وہ بڑا طاقتور

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾

سخت سزا دینے والا ہے۔ اور بیشک بھیجا ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں اور روشن سند کے ساتھ۔ ۳۸

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا

فرعون، ہامان اور قارون کی طرف تو انہوں نے کہا (یہ) جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے ۳۹ پھر جب

میں تم سے کہیں زیادہ تھیں۔ ان کے بنائے ہوئے فلک بوس محلات، پہاڑ کی مانند مستحکم قلعے، ان کے بسائے ہوئے شہر، ان کے لگائے ہوئے باغات کے نشانات آج بھی جگہ جگہ موجود ہیں اور ان کی عظمت و شوکت کی گواہی دے رہے ہیں۔ اور تم جب اپنے تجارتی کارواں لے کر مختلف ممالک میں جاتے ہو، تم نے بھی ان اجڑے ہوئے محلوں، قلعوں اور بستیوں کے کھنڈرات کو دیکھا ہوگا۔ تم جانتے ہو کہ انہیں کیوں تباہ و برباد کر دیا گیا؟ انہوں نے بھی تمہاری روش اختیار کی تھی۔ انہوں نے بھی اپنے نبیوں کی دعوت کو ٹھکرایا تھا اور وہ فسق و فجور اور بے راہروی کے خوگر ہو گئے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا غضب ان پر بھڑکا اور انہیں خاکِ سیاہ بنا کر رکھ دیا۔ اس وقت انہیں بچانے کے لیے کوئی سامنے نہ آیا۔ یاد رکھو! اگر تم نے بھی اس روش کو ترک نہ کیا تو تمہارا بھی وہی انجام ہوگا۔ اس وقت کوئی ہبل، کوئی منات تمہیں بچا نہ سکے گا۔

۳۸ اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی دلجوئی اور حوصلہ افزائی کے لیے حضرت موسیٰ اور فرعون کے حالات بیان فرما رہے ہیں کہ جو الزامات کفار حضور پر لگاتے ہیں اسی طرح کے الزامات فرعون اور اس کے وزیروں نے ایک جلیل القدر رسول پر لگائے تھے، لیکن آخر کار الزام لگانے والے، کفر کرنے والے بایں حشمت و جاہ مٹ گئے اور موسیٰ علیہ السلام اور ان کی بے نوا قوم کو کامیابی حاصل ہوئی۔ بعینہٖ یہی حال کفارِ مکہ کا بھی ہوگا۔

جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

موسیٰ لے کر آئے ان لوگوں کے پاس حق ہمارے ہاں سے۔ تو انہوں نے کہا کہ قتل کر ڈالو ان لوگوں کے بچوں کو جو ان کے

مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

ساتھ ایمان لائے اور زندہ چھوڑ دو ان کی لڑکیوں کو ۴۰ اور نہیں ہے کافروں کا ہر مکر مگر رائیگاں ۴۱

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ

اور فرعون نے (جھنجھلا کر) کہا مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ کو قتل کروں اور وہ بلائے اپنے رب کو (اپنی مدد کیلئے) ۴۲ مجھے اندیشہ

اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ

ہے کہ کہیں وہ تمہارا دین بدل نہ دے یا فساد نہ پھیلا دے ملک میں ۴۳ اور موسیٰ (علیہ السلام)

آیات سے مراد وہ نو ۹ معجزات ہیں جن کا ذکر وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ (بنی اسرائیل:101) کے ضمن میں پہلے گزر چکا ہے۔

سُلْطَانٍ مُّبِيْنٍ: بِحُجَّةٍ وَّاضِحَةٍ بَيِّنَةٍ(1)۔ یعنی واضح اور روشن دلیل اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد تورات ہے۔

۳۹ اہلِ باطل جب دلیل و برہان کے میدان میں زچ ہو جاتے ہیں تو وہ جھوٹے الزامات پر اتر آتے ہیں اور بہتان تراشی کا شیوہ اختیار کرتے ہیں۔ یہی حال فرعون اور اس کے اُمراء کا ہے۔

۴۰ جب موسیٰ علیہ السلام دینِ حق لے کر ان کے پاس آئے اور اپنی صداقت اور اپنے دین کی حقانیت کو براہینِ قاطعہ سے ثابت کر دیا تو ان لوگوں نے آپ کو جادوگر اور جھوٹا کہنا شروع کر دیا۔ اس سے بھی جب بات نہ بنی تو تشدّد پر اتر آئے۔ یہ فیصلہ کیا کہ بنی اسرائیل کی نسل کشی کی جائے، بچے مار ڈالے جائیں، لڑکیاں زندہ رہنے دی جائیں۔ اس طرح بنی اسرائیل کی عددی قوت ختم ہو جائے گی اور وہ کسی طرح ہمارے لیے خطرہ کا باعث نہ بنے گی۔ لیکن ان کی یہ سازش بھی ناکام ہو گئی۔

۴۱ کیا پیارے الفاظ ہیں: وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ: یعنی انہوں نے تو یہ منصوبہ موسیٰ علیہ السلام کو کمزور کرنے کے لیے اور آپ کی دعوت کو بے اثر بنانے کے لیے سوچا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی یہ چال سیدھی راہ سے بہک گئی اس لیے مقصد حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

۴۲ فرعون شیخی بگھارتے ہوئے کہتا ہے کہ اے اعیانِ مملکت! اگر تم مجھے کچھ نہ کہو تو میں چشمِ زدن میں موسیٰ کا کام تمام کر دوں۔ مجھے تو تمہاری رائے کا پاس ہے اور میں اسے کچھ نہیں کہتا۔ گویا موسیٰ علیہ السلام پر امرائے حکومت کی پاسداری کی وجہ سے اب تک

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 304

مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ

نے کہا میں پناہ مانگتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے پروردگار کی ہر اس متکبر کے شر سے جو روز حساب پر

ع ۳ ۷ ۸ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ

ایمان نہیں رکھتا۔ ۴۴ اور کہنے لگا ایک مردِ مومن جو فرعون کے خاندان سے تھا اور چھپائے

ہاتھ نہیں اٹھایا گیا۔ حالانکہ فرعون دل میں ڈر رہا تھا کہ اگر اس نے زیادتی کی تو کہیں موسیٰ کا ڈنڈا اژدہا بن کر اسے نگل نہ جائے۔

۴۳ اپنی رعایا کو اپنی پالیسی کے بارے میں مطمئن کرنے کے لیے فرعون نے دو خطروں کا ذکر کیا۔ پہلی بات تو یہ بتائی کہ اگر تم نے موسیٰ کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی نہ کی تو یہ تمہارے عقائد و نظریات کی عمارت کو منہدم کر کے رکھ دے گا۔ دوسری یہ بات ہے کہ اب تو تم بڑے امن و سکون اور خیر و عافیت سے خوشحالی کی زندگی بسر کر رہے ہو، نہ بیرونی حملے کا خطرہ ہے اور نہ اندرونِ ملک کوئی شورش برپا کر سکتا ہے۔ نیز بنی اسرائیل کے مرد اور عورتیں تمہارے غلام بنے ہوئے ہیں۔ تم انہیں جو حکم دیتے ہو اسے بجالاتے ہیں، وہ ذرا سستی نہیں کرتے۔ اگر موسیٰ کی دعوت کو پذیرائی نصیب ہو گئی تو یاد رکھو بغاوت کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔ پسماندہ اور مفلوک الحال لوگ تمہاری بالادستی کے خلاف اٹھ کھڑے ہوں گے اور ملک بھر میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دیں گے۔ عقلمندی اور دور اندیشی کا تقاضا یہ ہے کہ اس اُبھرتے ہوئے خطرہ کا آج ہی مکمل طور پر انسداد کر دیا جائے۔ حقیقت میں اس کی ذات اور اس کا تخت شاہی خطرے سے دوچار تھا۔ وہ صرف مصریوں کا بادشاہ ہی نہ تھا بلکہ ان کا خدا بھی تھا۔ اس نے سوچا اگر موسیٰ علیہ السلام اپنی تبلیغ میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو لوگ اس کی خدائی کو ماننے سے انکار کر دیں گے۔ وہ صرف اللہ کی بندگی کو قبول کریں گے۔ نیز اس ظلم و ستم کی پھر اس حاکم قوم کو اجازت نہ ہو گی۔ دراصل دعوتِ موسوی سے اس کی ذات کو خطرہ لاحق تھا۔ عصائے موسوی کی ہیبت سے اس کا تخت کانپ اٹھا تھا۔ وہ موسیٰ علیہ السلام کے قتل پر اپنی قوم کو رضامند کرنا چاہتا تھا تاکہ اس کی ذات اور اس کا اقتدار سلامت رہے۔ لیکن ایک چالاک اور شاطر سیاست دان کی طرح ظاہر یہ کرنا چاہتا تھا کہ یہ اقدامات قوم کے مذہب کی سلامتی اور ملک میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ صدہا سال پہلے فرعون نے جو چال چلی فرعونی سیاست کے پیروکار آج بھی حرف بحرف اس کی تقلید کر رہے ہیں۔ جب بھی کوئی اللہ تعالیٰ کا بندہ ان کی دھاندلیوں کے خلاف آواز بلند کرتا ہے اور اس ظالمانہ نظام کو بدلنے کے لیے اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو ان عقل کے اندھوں کو یہ توفیق تو نہیں ہوتی کہ وہ اپنی خامیوں کی اصلاح کر لیں، جور و ستم کا جو بازار انہوں نے گرم کر رکھا ہے اس کی جگہ قانون کی فرمانروائی بحال کریں، الٹا وہ لٹھ لے کر ان نیک بندوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔ ان کو فسادی، اقتدار کا بھوکا اور معلوم نہیں کن کن الزامات سے بدنام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

۴۴ موسیٰ علیہ السلام کو جب فرعون کے اس منصوبہ کا علم ہوا تو آپ گھبرائے نہیں، پریشان نہیں ہوئے بلکہ آپ کی زبان سے وہی جملہ نکلا جو موسیٰ علیہ السلام جیسے برگزیدہ رسول کے شایانِ شان تھا۔ فرمایا: مجھے اکیلا نہ سمجھو۔ مجھے اس ذوالجلال کی پناہ اور حمایت حاصل ہے جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی مالک ہے۔ تم لاکھ اس کی بندگی کا رشتہ توڑنا چاہو، تم فرعون کو اپنا خدا سمجھتے رہو

اِيْمَانَهٗۤ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ

ہوئے تھا اپنے ایمان کو کیا تم قتل کرنا چاہتے ہو ایک شخص کو اس وجہ سے کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالےٰ

بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ

ہے حالانکہ وہ لے آیا ہے تمہارے پاس دلیلیں تمہارے رب کی طرف سے (اسے اپنے حال پر رہنے دو) اگر وہ حقیقۃً جھوٹا ہے تو اسکے جھوٹ کی شامت

يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ

اس پر ہوگی اور اگر وہ سچا ہوا (اور تم نے اس کو گزند پہنچائی) تو ضرور پہنچے گا تمہیں عذاب جس کا اس نے تم سے وعدہ کیا ہے بیشک اللہ تعالےٰ ہدایت

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ

نہیں دیتا اُسے جو حد سے بڑھنے والا، بہت جھوٹ بولنے والا ہو ۴۵ اے میری قوم! مانا آج حکومت تمہاری ہے۔ (نیز تمہیں) غلبہ حاصل ہے

فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ

اس ملک میں (لیکن مجھے یہ تو بتاؤ) کون بچائے گا ہمیں خدا کے عذاب سے اگر وہ ہم پر آجائے ۴۶ (یہ سن کر) فرعون کہنے لگا

تم حقیقت کو بدل نہیں سکتے۔ بندے پھر بھی تم اسی رب کے ہو جس کا میں بندہ ہوں۔ میں نے ہر متکبر اور سرکش کے شر سے اس کے دامنِ رحمت میں پناہ لی ہوئی ہے۔ تم میرا بال بھی بیکا نہیں کر سکتے۔

۴۵ قبطی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لا چکا تھا، لیکن اس نے اپنی قوم کو اپنے ایمان سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ اس نے جب سنا کہ فرعون حضرت کلیم کو قتل کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے تو اس نے ان کو اس ارادہ سے باز آنے کی تلقین شروع کی۔ پہلے تو انہیں جھڑکا کہ تم موسیٰ کے درپے آزار کیوں ہو؟ اس نے تمہارا کیا جرم کیا ہے؟ اس نے کونسی قانون شکنی کی ہے؟ محض اس لیے تم اسے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور اس نے اپنے عقیدہ کی حقانیت دلائل و معجزات سے ثابت کر دی ہے۔ تمہارا معاشرہ تو بڑا ترقی یافتہ ہے۔ تم ان کے ذاتی عقیدہ میں کیوں دخل دیتے ہو۔ اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔ اگر بالفرض وہ غلط کہہ رہا ہے تو خود ہی کیفرِ کردار کو پہنچ جائے گا۔ ہمیں اپنے ہاتھ اس کے لہو سے سرخ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ (1)

۴۶ آج کل ہم بڑی عزت و آرام کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ حکومت ہماری ہے۔ ہمارے اشارۂ ابرو پر لوگوں کی قسمتیں بدلتی ہیں۔ کسی کی مجال نہیں کہ ہمارے فرمان سے سرتابی کرے۔ دولت، سامانِ عیش و عشرت کی فراوانی ہے۔ ہم اس حالت کو بدلنا نہیں چاہتے۔ ہماری پوری کوشش ہونی چاہیے کہ یہ حالات برقرار رہیں۔ اگر موسیٰ (نعوذ باللہ) جھوٹے ہیں تو خدا مُسرِف کذاب سے

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 27، ص 58-57

فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ

میں تو تمہیں وہی مشورہ دیتا ہوں جس کو میں درست سمجھتا ہوں اور نہیں رہنمائی کرتا میں تمہاری مگر سیدھے

الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ

راستہ کی طرف ۴۷ اور کہنے لگا وہی ایمان والا اے میری قوم! میں ڈرتا ہوں کہ تم پر (بھی کہیں) پہلی قوموں کی

يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ

تباہی کے دن جیسا دن نہ آجائے ۴۸ جیسا حال ہوا تھا قوم نوح، عاد اور ثمود کا اور ان لوگوں کا جو

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ

ان کے بعد آئے۔ اور اللہ نہیں چاہتا کہ بندوں پر ظلم کرے اور اے میری قوم! میں ڈرتا ہوں

عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

تمہارے بارے میں پکار کے دن سے ۴۹ جس روز تم بھاگو گے پیٹھ پھیرتے ہوئے نہیں ہوگا تمہارے لیے اللہ (کے عذاب)

خود نپٹ لے گا۔ اور اگر وہ سچا ہے اور ہم نے اسے قتل کر دیا تو یاد رکھو خدا کا غضب جوش میں آئے گا اور عیش و عشرت کی یہ بساط الٹ کر رکھ دی جائے گی۔ اس لیے مصلحت کا یہی تقاضا ہے کہ ہم موسیٰ کو نہ چھیڑیں۔ اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور مفروضہ خطرات سے حواس باختہ ہو کر کوئی ایسی غلطی نہ کر بیٹھیں کہ خدا کے عذاب میں یوں گرفتار ہو جائیں کہ بچ نکلنے کی پھر کوئی صورت نہ رہے۔

۴۷ فرعون نے کہا کہ میں نے تمہیں جو مشورہ دیا ہے میرے نزدیک وہ درست ہے اور میں تمہیں اسی راہ پر گامزن کرنا چاہتا ہوں جس میں تمہاری بھلائی ہے۔

اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ فرعون مطلق العنان فرمانروا ہونے کے باوجود آج کل کے فرعونوں کی طرح تنگ مزاج اور کم ظرف نہیں تھا کہ ادھر کسی نے مخالف رائے دی جھٹ وہ غدار اور گردن زدنی قرار دے دیا گیا بلکہ وہ اختلافِ رائے کو بڑے تحمل سے برداشت کرتا تھا۔

۴۸ اس مردِ مومن نے جب دیکھا کہ اس کی پند و موعظت اثر انگیز نہیں ہو رہی تو اس نے مزید کھل کر گفتگو شروع کی اور گزشتہ زمانوں میں اپنی بداعمالیوں کے باعث تباہ و برباد ہونے والی قوموں کا ذکر شروع کر دیا اور فرمایا: ان تباہ ہونے والی قوموں کے حالات سے عبرت پکڑو اور اس غلط روش کو چھوڑ دو۔

۴۹ ذرا سا زلزلہ آجائے یا کوئی ناگہانی مصیبت آجائے تو اتنا شور و غل مچتا ہے کہ کانوں پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔ جب لوگ

مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

سے کوئی بچانے والا نہ ۵۰ اور جسے گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور (اے میری قوم) بیشک

يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ

آئے تمہارے پاس یوسف (موسیٰ علیہما السلام) سے پہلے روشن دلائل لیکر پس تم شک میں گرفتار رہے اسمیں جو وہ لے کر آئے تھے ۵۱

حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ

یہاں تک کہ جب وہ وفات پا گئے تو تم نے کہنا شروع کر دیا کہ نہیں بھیجے گا اللہ تعالیٰ ان کے بعد کوئی رسول ۵۲ یونہی

يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۖ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ

گمراہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جو حد سے بڑھنے والا، شک کرنے والا ہوتا ہے (یونہی گمراہ کرتا ہے) انہیں جو جھگڑتے رہتے ہیں

یکا یک قیامت کی ہولناکیوں سے دوچار ہوں گے، قدموں کے نیچے زمین انگارے کی طرح تپ رہی ہوگی، اوپر سے سورج کی کرنیں آگ برسا رہی ہوں گی، سامنے دوزخ کے شعلے بھڑک رہے ہوں گے، چاروں طرف سے فرشتوں نے گھیر رکھا ہوگا، اس سراسیمگی کے عالم میں شور وغل کا آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں۔ اس لیے اس دن کو ہی یوم التناد یعنی ایک دوسرے کو پکارنے کا دن کہہ دیا۔

۵۰ لوگوں کی حالت کا نقشہ کھینچا جا رہا ہے۔

۵۱ پہلے جن قوموں کا ذکر ہوا وہ دور دراز علاقوں میں بسنے والی تھیں۔ اب اس نبی اور اس کے منکرین کا ذکر ہو رہا ہے جو کچھ عرصہ پہلے اسی ملک کے باشندے تھے۔ یوسف علیہ السلام کے نام سے کون ایسا مصری تھا جو واقف نہ تھا؟ ان کا دورِ حکومت مصر کی تاریخ کا وہ درخشاں دور تھا جب کہ ہر طرف عدل وانصاف کا نور برس رہا تھا۔ قانون کی بالادستی قائم تھی۔ غریبوں اور مفلوک الحالوں کی اس طرح دلداری کی جاتی تھی کہ سبحان اللہ! اس عام اور شدید قحط کی چیرہ دستیوں سے انہیں حضرت یوسفؑ کے حسنِ انتظام کے باعث ہی پناہ ملی تھی۔ اس نبی اور عادل فرمانروا کے ساتھ اس کی قوم نے جو برتاؤ کیا مومن آلِ فرعون اس کا ذکر فرما کر انہیں تنبیہ کر رہا ہے۔ ان کی بے داغ سیرت، ان کے بے عدیل نظامِ حکومت، ان کی عدل گستری اور ان کی رعایا پروری کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود وہ ان کو نبی ماننے کے لیے تیار نہ ہوئے بلکہ ان کی ساری عمر اسی ادھیڑ بن میں گزر گئی کہ یہ نبی ہے یا نہیں؟ قطعی اور یقینی دلائل کے باوجود وہ تذبذب کا ہی شکار رہے اور شک کی وادیوں میں ہی بھٹکتے بھٹکتے عمر گزار دی۔

۵۲ اور جب وہ نیّرِ تاباں غروب ہو گیا تو پھر کفِ افسوس ملنے لگے اور کہنے لگے: ایسی ہستی اب دوبارہ پیدا نہیں ہوگی۔ ان کے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ پہلے ہدایت سے یوں محروم رہے اب امکان یہ تھا کہ کوئی دوسرا نبی تشریف لائے تو یہ اپنی گزشتہ غفلت اور کوتاہی کی تلافی کر لیں۔ یہ کہہ کر کہ اب اور کوئی ایسا نہیں آئے گا انہوں نے اس امکان کو بھی کالعدم کر دیا۔

اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ

اللہ کی آیتوں میں بغیر کسی (معقول) دلیل کے جو اُن کے پاس آئی ہو (یہ طریقہ) بڑی ناراضگی کا باعث ہے اللہ کے نزدیک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾

اور مومنوں کے نزدیک۔ اسی طرح مُہر لگا دیتا ہے اللہ تعالےٰ ہر مغرور (اور) سرکش کے دل پر ۵۳

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾

اور فرعون نے کہا اے ہامان! بنا میرے لیے ایک اُونچا محل (اس پر چڑھ کر) میں ان راہوں تک پہنچ جاؤں ۵۴

۵۳ آخر میں ایک اصول بیان فرمادیا کہ جس فرد یا قوم میں یہ تین عیوب پیدا ہوجائیں ان کے ہدایت پانے کی کوئی امید نہیں رہتی۔ کوئی معجزہ کوئی پند و نصیحت انہیں چاہِ ضلالت سے نہیں نکال سکتی۔ وہ اندھیروں سے اتنے مانوس ہوجاتے ہیں کہ نور سے انہیں گھبراہٹ ہونے لگتی ہے۔ وہ تین عیب یہ ہیں۔

۱۔ مُسْرِفٌ: حد سے بڑھنے والا۔ جو احکام و اوامر اللہ تعالیٰ نے دیئے ہیں ان کی پابندی نہ کرنے والا۔ اسے ہزار سمجھایا جائے وہ اپنی ہٹ سے باز آجانے کا نام ہی نہیں لیتا۔ (1)

۲۔ مُرْتَابٌ: وہ شخص جو شک کی بیماری کا مریض ہو۔ اس کے سامنے روشن دلائل کے انبار لگا دو شک کے جراثیم اس کے ذہن سے نکلتے ہی نہیں۔

۳۔ مَنْ يُّجَادِلُ: جو اللہ تعالیٰ کی آیات میں بے جا تاویل کرتا ہے، ان میں عیب نکالتا ہے، تضاد ثابت کرتا ہے (2)۔ جس فرقہ میں یہ تین عیب ہوں، خدا انہیں کبھی ہدایت نہیں دیتا۔

۵۴ فرعون نے جب یہ محسوس کیا کہ اس مردِ مومن کی گفتگو حاضرین کو متاثر کر رہی ہے تو اس نے فوراً پینترا بدلا اور کہنے لگا کہ موسیٰ کی صداقت کو پرکھنا کوئی اتنا مشکل کام نہیں کہ ہم اس کے بارے میں پریشان رہیں اور کسی حتمی فیصلہ پر نہ پہنچ سکیں۔ ابھی ایک بلند مینار تعمیر کرتے ہیں اور اس پر چڑھ کر موسیٰ کے خدا کا سراغ لگائیں گے، زمین پر تو کہیں ہے نہیں۔ اگر آسمان پر مل گیا تو ہم بھی مان لیں گے اور اگر آسمان پر بھی اس کا سراغ نہ ملا تو پھر سب کو یقین ہوجائے گا کہ موسیٰ کی بات غلط ہے۔ پھر ہامان کی طرف متوجہ ہوکر کہا: ہامان! اے وزیرِ باتدبیر! یہ کام تم کرو۔ ہمیں ایک اونچا بہت اونچا مینار تعمیر کردو۔ اس پر چڑھ کر ہم آسمان پر چڑھنے کا راستہ دریافت کرلیں گے اور آسمان کا کونہ کونہ چھان ماریں گے۔ (ضیاء القرآن جلد سوم سورۂ قصص آیت نمبر ۳۸)

ہر وہ چیز جس کے ذریعہ کسی جگہ تک رسائی حاصل کی جائے اسے سبب کہتے ہیں۔ یہاں اسباب سے مراد وہ راستے ہیں جو آسمان کی طرف جاتے ہیں یا ان سے مراد آسمان کے دروازے جن کے ذریعہ آسمان میں داخل ہوتے ہیں۔ كُلُّ مَا يُؤَدِّيْ اِلٰى

1۔ لسان العرب، ج 9، ص 150 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 313

اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ

یعنی آسمانوں کی راہوں تک پھر میں جھانک کر دیکھوں مُوسےٰ کے خدا کو اور مَیں تو یقین کرتا ہوں کہ وہ جھوٹا ہے ۵۵ اور

زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا كَيْدُ

یُوں آراستہ کر دیا گیا فرعون کے لیے اس کا بُرا عمل اور روک دیا گیا اسے راہ (راست) سے اور نہیں تھا

فِرْعَوْنَ اِلَّا فِىْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ الَّذِىْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ ع ۹

فرعون کا سارا فریب مگر اسکی اپنی تباہی کے لیے ۵۶ اور کہنے لگا وہ جو ایمان لایا تھا اے میری قوم! میرے پیچھے چلو

اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۫

مَیں دکھاؤں گا تمہیں ہدایت کی راہ ۵۷ اے میری قوم! یہ دنیوی زندگی تو (چند روزہ) لطف اندوزی ہے

وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِىَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى

اور آخرت ہی ہمیشہ ٹھیرنے کی جگہ ہے جو بُرے کام کرتا ہے اسے سزا دی جائے گی

اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

اسی قدر اور جو نیک کام کرتا ہے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ

شَيْءٍ فَهُوَ سَبَبٌ لَهٗ كَالرَّشَاءِ وَالدَّلْوِ لِلْمَاءِ ۔ وَاَسْبَابُ الثَّانِ بَيَانٌ لِّلْاَوَّلِ ۔ (1)

۵۵ ساتھ ہی اپنی رائے بھی ظاہر کر دی کہ میرا تو یہ خیال ہے کہ موسیٰ کی بات میں سچائی نام کو نہیں۔ ظن: بمعنی گمانِ غالب بھی لیا جا سکتا ہے اور بمعنی یقین بھی۔

۵۶ یعنی اس کی مکاری، عیاری، حیلہ سازی اور دانستہ انکارِ حق کے باعث اس کے برے اعمال اسے حسین و خوشنما نظر آنے لگے۔ وہ انہی کے پیچھے پڑا رہا اور جو حیلہ سازیاں اس نے حضرت موسیٰ کے خلاف کی تھیں وہ سب خود اس کی تباہی اور بربادی کا سبب بنیں۔

۵۷ یعنی بھلائی اور نجات کا راستہ وہ نہیں جس پر فرعون تمہیں چلانا چاہتا ہے بلکہ آؤ میں تمہیں رشد و ہدایت کا راستہ دکھاتا ہوں جس پر چل کر تم اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہو۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص258

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَ

ایماندار ہو تو وہ داخل ہوں گے جنّت میں رزق دیا جائے گا انہیں وہاں بے حساب اور

النصف

يٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾

اے میری قوم! میرا بھی عجیب حال ہے کہ میں تو تمہیں دعوت دیتا ہوں نجات کی طرف اور تم بلاتے ہو مجھے آگ کی طرف ۵۸

تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا

تم مجھے دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کا انکار کروں اور میں شریک ٹھیراؤں اس کے ساتھ اسکو جس کا مجھے علم تک نہیں اور میرا

اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ

حال یہ ہے کہ میں پھر بھی تمہیں اس خدا کی طرف بلاتا ہوں جو عزّت والا، بہت بخشنے والا ہے۔ سچّی بات تو یہ ہے کہ جسکی (بندگی کی) طرف

لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ

تم مجھے بلاتے ہو اسے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اسے پکارا جائے اس دُنیا میں اور نہ آخرت میں ۵۹ اور یقیناً ہم سب کو لوٹنا ہے

مردِ مومن کا سلسلۂ وعظ شروع ہے۔ اب اس نے مصلحت کے سارے حجاب تار تار کر دیے ہیں اور اس کے نتائج اور خطرات سے بے نیاز ہو کر اعلانِ حق کرنا شروع کر دیا ہے۔

۵۸ یعنی میرے ساتھ بھی تم لوگوں کا رویہ عجیب و غریب ہے۔ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے آگ میں کُودنے کی دعوت دیتے ہو۔ میں تمہیں اس خدائے واحد کی بندگی کی تلقین کرتا ہوں جو سب سے زبردست بھی ہے اور اس کے باوجود بڑا بخشنے والا ہے۔ عمر بھر خطائیں کر کے بھی اگر اس کے درِ کرم پر کوئی آجائے تو معاف کر دیتا ہے اور تم مجھے کہتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا انکار کر دوں اور اس کے ساتھ ایسے شریک بناؤں جو بالکل بے بس اور بے اختیار ہیں اور جن کی خدائی کا مجھے کوئی علم نہیں۔ میں تو تمہاری خیر خواہی میں سرگرم ہوں اور تم ہو کہ اپنے ساتھ مجھ غریب کو بھی ڈبو دینا چاہتے ہو۔ تم میرے عجیب دوست ہو۔ مجھے تمہاری ایسی دوستی کی ضرورت نہیں۔ مہربانی فرما کر مجھے اس قسم کی نصیحتیں نہ کیا کرو۔

۵۹ یعنی جن معبودانِ باطل کی عبادت اور بندگی کی تم مجھے نصیحت کر رہے ہو، یہ تو ایسے ہیں کہ انہیں یہ حق ہی نہیں پہنچتا کہ دنیا میں یا آخرت میں انہیں خدا تسلیم کیا جائے اور نہ انہوں نے خود کبھی اپنی خدائی کا دعویٰ کیا ہے اور اس کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ وہ اتنے بے بس اور بے اختیار ہیں کہ نہ دنیا میں ان کو پکارنے کا کوئی فائدہ ہے اور نہ قیامت کے دن کسی کی فریاد سنیں گے۔

الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ

اللہ کی طرف اور یقیناً حد سے گزرنے والے ہی جہنمی ہیں ۔ پس (اے میرے ہموطنو!) عنقریب تم یاد کرو گے جو میں (آج) تمہیں کہہ رہا ہوں ۶۰

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ

اور میں اپنا (سارا) کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں ۔ بیشک اللہ تعالےٰ دیکھنے والا ہے (اپنے) بندوں کو ۶۱ پس بچا لیا اسے

اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ج

اللہ تعالےٰ نے ان اذیتوں سے جنکے پہنچانے کا انہوں نے حیلہ کیا اور ہر طرف سے گھیر لیا فرعونیوں کو سخت عذاب نے ۶۲

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۫

دوزخ کی آگ ہے پیش کیا جاتا ہے انہیں اس پر صبح و شام اور جس روز قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا)

اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾ وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ

داخل کردو فرعونیوں کو سخت تر عذاب میں ۶۳ اور (کتنا ہوشربا سماں ہوگا) جب باہم جھگڑیں گے دوزخ میں

۶۰ فرعون جو اپنے آپ کو اِلٰہ کہلواتا تھا۔ اس کے رُوبرو اور بھرے دربار میں اتنی حق گوئی ایک مردِ مومن کو ہی زیبا ہے۔ لیکن جب سامعین کو اس نے متاثر ہوتے نہ دیکھا تو اس نے صاف کہا کہ آج تو تم میری بات نہیں مان رہے اور میری تلخ نوائی تمہیں گراں گزر رہی ہے۔ عنقریب وہ وقت آئے گا جب عذابِ الٰہی تم پر نازل ہوگا، اس وقت تم میری باتوں کو یاد کرو گے۔

۶۱ تمہارے پاس طاقت و اقتدار ہے اور میں نے مجمعِ عام میں تمہاری غلط روی پر تمہیں صاف الفاظ میں سرزنش کی ہے۔ مجھے علم ہے کہ تم مجھے میری اس حق گوئی پر عتاب کرو گے اور مجھے قتل کرنے سے بھی باز نہ آؤ گے۔ لیکن مجھے تمہاری ان دسیسہ کاریوں کی ذرا پروا نہیں۔ میں نے اپنے سارے معاملات اللہ کے سپرد کر دیے ہیں، وہ اپنے بندوں کے حالات سے خوف واقف ہے۔

۶۲ چنانچہ فرعونیوں نے اس مردِ حق کیش کو قتل کرنے کی سازشیں کیں، لیکن وہ سب ناکام رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی خود حفاظت فرمائی اور کوئی اس کا بال بیکا نہ کر سکا۔ الٹا فرعون اپنے لاؤ لشکر اور جاہ و حشمت سمیت غرق کر دیا گیا۔

۶۳ فرعون اور اس کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر سمندر میں غرق ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو لے کر سلامتی سے کنارے پر پہنچ گئے۔ دنیا میں ہی حق کا بول بالا اور باطل کا منہ کالا ہو گیا۔ ان کا قصہ یہیں ختم نہیں ہوا بلکہ فرعون اور اس کے پرستاروں کو ہر صبح و شام دوزخ کی آگ پر پیش کیا جاتا ہے اور انہیں بتایا جاتا ہے کہ جب عالمِ برزخ کی میعاد ختم ہوگی تو قیامت قائم ہوگی۔ اس کے

فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

پس کہیں گے کمزور لوگ انہیں جو تکبّر کیا کرتے تھے کہ ہم تو تمہارے تابع تھے پس کیا تم دُور

اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا

کر سکتے ہو ہم سے کچھ حصّہ آگ (کے عذاب) کا ۶۴ جواب دیں گے متکبّر

اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

ہم سب آگ میں (بھُن رہے) ہیں بیشک اللہ تعالےٰ نے فیصلہ فرما دیا ہے بندوں کے متعلق (اب اسمیں ردّوبدل نہیں ہو سکتا) ۶۵

فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ

اور کہیں گے سارے دوزخی جہنّم کے داروغوں کو دُعا کرو اپنے رب سے کہ ایک دن تو ہمارے عذاب میں (کچھ) تخفیف فرما

الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا

دے ۶۶ وہ (جواب میں) کہیں گے کیا نہیں آیا کرتے تھے تمہارے پاس تمہارے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ۔ وہ

بعد انہیں اسی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونک دیا جائے گا۔

اس آیت سے علمائے اہلِ سنّت نے عذابِ قبر کا اثبات کیا ہے۔ قبر سے مراد صرف وہ گڑھا ہی نہیں جس میں کسی کو دفن کیا جاتا ہے کیونکہ یہ قبر تو کسی کو نصیب ہوتی ہے اور کسی کو نصیب ہی نہیں ہوتی۔ بلکہ اس سے مراد عالمِ برزخ ہے۔ مرنے کے بعد اور قیامت سے پہلے کے وقت کو عالمِ برزخ کہتے ہیں۔ آلِ فرعون کو دیے جانے والے دو عذابوں کا یہاں ذکر ہو رہا ہے۔ ایک وہ جس میں قیامت سے پہلے وہ مبتلا ہیں۔ دوسرا وہ جو قیامت کے بعد انہیں دیا جائے گا۔ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اَصْلٌ كَبِيْرٌ فِي اسْتِدْلَالِ اَهْلِ السُّنَّةِ عَلٰى عَذَابِ الْبَرْزَخِ فِي الْقُبُوْرِ۔ (1)

۶۴ کافر سردار اور ان کے پیروکار سب ایک جگہ آتشِ جہنم میں جل رہے ہوں گے۔ پیروکار کہیں گے: اے ہمارے سردارو! دنیا میں تو تم بڑی ڈینگیں مارا کرتے تھے کہ ہم یوں کر دیں گے، ہم یاں کر دیں گے۔ اب اپنے اثر و رسوخ سے کام لے کر ہمارے عذاب میں تو کچھ تخفیف کرا دو۔

۶۵ ان کی بے بسی دیدنی ہوگی۔

۶۶ پھر دوزخی ان فرشتوں کی منت سماجت کریں گے جو جہنم کی حفاظت کے لیے مقرر ہیں کہ تم ہمارے لیے دعا مانگو کہ کسی دن تو

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 81

بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا ع

کہیں گے بیشک ! دارو غے کہیں گے تم خود ہی دُعا مانگو۔ اور حقیقت یہ ہے کہ نہیں ہے کافروں کی دُعا مگر محض بے سُود ۶۷ بیشک ہم

لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ

(اب بھی) مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور مؤمنین کی۔ اس دنیوی زندگی میں اور اس دن بھی (مدد کریں گے)

الْاَشْهَادُ ۙ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ

جس دن گواہ (گواہی دینے کے لیے) کھڑے ہونگے ۶۸ اس روز نفع نہ دے گی ظالموں کو ان کی عُذر خواہی اور انکے لیے لعنت ہوگی

وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا

اور ان کیلئے (دوزخ کا) بدترین گھر ہوگا۔ اور ہم نے عطا فرمایا موسیٰ کو (نور) ہدایت اور وارث بنایا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۙ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾

بنی اسرائیل کو کتاب کا جو سراپا ہدایت اور نصیحت تھی عقلمندوں کے لیے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

پس (اے محبوب) آپ صبر فرمایئے (کفار کی اذیتوں پر) بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور استغفار کرتے رہیے اپنی (موہومہ) کوتاہی پر ۶۹ اور پاکی بیان

ہمارے عذاب کی شدت کم کر دی جائے۔ فرشتے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے جیسے ناشکروں اور نابکاروں کے لیے دعا مانگنے سے رہے۔ اس لیے تم جانو اور تمہارا کام۔

۶۷ اللہ تعالیٰ نے خود ہی فرما دیا کہ کفار کی دعا تو راہِ راست سے بہکی ہوئی ہے۔ قبولیت کی منزل تک یہ کبھی نہیں پہنچ سکتی۔ آج ان کا رونا پیٹنا، چیخنا چلانا، فریادیں کرنا سب بے سود ہے۔

۶۸ ہماری مدد اپنے رسولوں کے لیے اور اہلِ ایمان کے لیے مخصوص ہے۔ کافر وقتی طور پر کتنے ہی خوشحال اور کامگار ہوں، حقیقی کامیابی و کامرانی فقط ان کو نصیب ہوگی جن کی ہم دستگیری کریں گے۔

۶۹ افضل اور اولیٰ کا ترک عام لوگوں کے لیے جُرم اور گناہ تصور نہیں ہوتا، لیکن مقربینِ بارگاہِ صمدیت سے غیر اولیٰ کا صدور بھی قابلِ مؤاخذہ ہوتا ہے۔ یہاں بھی جس ذنب سے استغفار کی ہدایت کی جا رہی ہے اس سے مراد ایسے امر سے استغفار ہے جو بذاتِ خود

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ

کیجیے اپنے رب کی حمد کرتے ہوئے شام کے وقت اور صبح کے وقت ۔ بیشک جو لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی آیتوں کے بارے میں

بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِنْ فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم

بغیر کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو، نہیں ہے انکے سینوں میں بجز بڑائی کی ایک ہوس کے جس کو وہ

بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ

پا نہیں سکیں گے ۷ تو آپ اللہ کی پناہ طلب کیجیے ۷ بیشک وہی سب کچھ سننے والا ہے، دیکھنے والا ہے۔ بیشک پیدا

اگرچہ مباح اور جائز ہے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقامِ رفیع اور شانِ عالی کے شایانِ شان نہیں۔ اور سالکانِ راہِ محبت سے یہ چیز مخفی نہیں کہ منزلِ محبوب کی طرف ان کے سفر میں ایک لمحہ کے لیے توقف بھی ناقابلِ برداشت ہے اور لائقِ صد استغفار ہے۔

ہوسکتا ہے کہ یہ امر محض امرِ تعبدی ہوتا کہ امت کے لیے استغفار سنتِ نبوی بن جائے اور کوئی شخص خواہ اس کا رتبہ کتنا بلند ہو اعترافِ قصور اور طلبِ عفو میں کوتاہی نہ کرے۔ بعض علماء نے اس عبارت میں امت کا لفظ مقدر مانا ہے۔ اس صورت میں عبارت یوں ہوگی: وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِ أُمَّتِكَ یعنی حضور اپنی امت کے گناہوں کی معافی طلب کریں۔ علامہ قرطبی اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں: هٰذَا تَعَبُّدٌ لِلنَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالدُّعَاءِ وَ الْفَائِدَةُ زِيَادَةُ الدَّرَجَاتِ وَ اَنْ يَّصِيْرَ الدُّعَاءُ سُنَّةً لِمَنْ بَعْدَهٗ (قرطبی)(1) یعنی یہ محض تعمیلِ ارشادِ الٰہی ہے تاکہ حضور دعا مانگا کریں اور اس میں حکمت یہ ہے کہ استغفار سے حضور کے درجات بلند سے بلند تر ہوتے جائیں گے اور امت کے لیے دعاء و استغفار اُن کے پیارے رسول کی سُنّت بن جائے گی۔

۷ مشرکینِ مکہ کا رویہ قرآن، اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے متعلق بڑا حیرت انگیز تھا۔ نکتہ چینی، حجت بازی، بغیر کسی معقول دلیل کے بحث و تکرار ان کا شیوہ بن گیا تھا۔ اچھے بھلے فہمیدہ قسم کے لوگ بھی نادان بچوں کی طرح بات بات پر الجھنے لگتے۔ انسان یہ دیکھ کر حیران ہوجاتا تھا کہ باوجود فصیح و بلیغ ہونے کے وہ قرآنِ کریم جیسی کتاب کی آیات پر بلاوجہ کیوں اعتراض کرتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ اس راز سے پردہ اٹھاتے ہیں کہ ان کے دلوں میں اقتدارِ اعلیٰ کی ہوس تھی، انہیں یہ اندیشہ تھا کہ اگر انہوں نے اس رسولِ کریم کو اپنا ہادی اور پیشوا مان لیا تو ان کی سرداری اور چودھراہٹ ختم ہوجائے گی اور وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہ تھے۔ علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابنِ عباس کا قول پیش کرتے ہیں: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَیْ مَا یَحْمِلُهُمْ عَلٰی تَكْذِيْبِكَ اِلَّا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ الْكِبْرِ وَالْعَظَمَةِ يَتَكَبَّرُوْنَ عَلَيْكَ وَيَتَعَظَّمُوْنَ اَنْفُسَهُمْ عَنِ اتِّبَاعِكَ (مظہری)(2)

اللہ تعالیٰ نے مَّا هُم بِبَالِغِيهِ فرما کر ان کی امیدوں پر پانی پھیر دیا کہ وہ اب اپنے منصوبوں میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اللہ

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، ج15، ص324 2۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج8، ص264

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

کرنا آسمانوں اور زمین کا بہت بڑا کام ہے لوگوں کے پیدا کرنے سے لیکن بہت سے لوگ (اس

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ

کھلی حقیقت کو) نہیں جانتے ۔ ۷۲ اور یکساں نہیں ہے اندھا اور بینا ۷۳ اور (اسی طرح)

تعالیٰ نے عزت وسروری اپنے محبوب کو ارزانی فرمادی ہے۔ اب جسے بڑائی اور عزت کی خواہش ہے وہ اپنے گلے میں تاجدارِ مدینہ کی غلامی کا طوق ڈال کر حاضر ہو۔ صرف ایسے شخص کو ہی دونوں جہانوں کی عزتوں سے سرفراز کیا جائے گا۔

۷۱ وہ سازشیں کرتے ہیں تو انہیں کرنے دو، وہ شمعِ اسلام کو بجھانے کے لیے منصوبے بناتے ہیں، تو انہیں بنانے دو، وہ آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو قتل کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں تو پروانہ کرو، آپ اپنے رب کی پناہ طلب کرو۔ جس کو وہ اپنی پناہ اور حفاظت میں لے لیتا ہے ساری دنیا بھی اگر اس کے خون کی پیاسی ہو تو اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ وہ آپ کی دعاؤں اور التجاؤں کو بھی سنتا ہے اور ان کے منصوبوں کو بھی خوب دیکھ رہا ہے۔

۷۲ کفار کا اسلام پر سب سے بڑا اعتراض یہ تھا کہ وہ قیامت پر ایمان لانے کا حکم دیتا ہے۔ یہ بات انہیں خلافِ عقل نظر آتی۔ وہ خود سوچتے اور دوسروں کو کہتے کہ بھلا ہزار ہا سال تک قبروں میں رہنے کے بعد پھر ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے؟ یہ بات صراحۃً باطل ہے اور عقلِ سلیم اس کو تسلیم کرنے سے قاصر ہے۔ ان کے اس اعتراض کا یہاں جواب دیا جا رہا ہے کہ مانا کسی مردے کو ہزار ہا سال گزرنے کے بعد زندہ کرنا جب کہ اس کی خاک کے ذرے بھی کائنات کی وسعتوں میں گم ہو چکے ہونگے، بڑا مشکل کام ہے۔ لیکن یہ تو سوچو کہ یہ کس کے لیے مشکل ہے؟ ماوشما کے لیے تو واقعی مشکل ہے لیکن کیا خداوند تعالیٰ جو آسمانوں اور زمینوں کو اپنے امرِ کُن سے پیدا فرمانے والا ہے، اس کے لیے بھی مشکل ہے؟ تم خدا کی قدرت اور علم کو اپنی بے بسی اور بے علمی پر کیوں قیاس کرتے ہو؟ سوچ کا یہ انداز عالمانہ نہیں جاہلانہ ہے۔

۷۳ یہ تو تم بھی تسلیم کرتے ہو کہ اندھے اور بینا میں بڑا فرق ہے۔ اسی طرح جو لوگ عمر بھر نیکی کی راہ پر گامزن رہتے ہیں، اپنے نفس کی خواہشات پر اپنے رب کی رضا کو ترجیح دیتے ہیں، اپنا ذاتی نقصان برداشت کر لیتے ہیں لیکن کسی کے ساتھ دھوکہ نہیں کرتے، ان میں اور ان لوگوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے جن کی عمر نفس پرستی، عیش کوشی میں بسر ہوئی۔ انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کی قربان گاہ پر دوسرے لوگوں کے مفادات کو قربان کر دیا۔ بلکہ اپنی ذاتی وجاہت اور فانی وقار کی خاطر اپنی قوم اور اپنے ملک کی عزت و آزادی کو قربان کر دیا۔ جب تم بھی اندھے اور بینا، نیک اور بد کو یکساں کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے، بلکہ ان میں تفاوت کے قائل ہو تو اگر موت کو ہی سفرِ حیات کی آخری منزل یقین کر لیا جائے تو پھر یہ فرق کہاں نمایاں ہوگا؟ نیک کو اپنی نیکی کا کیا صلہ ملا؟ برے کو اپنی بدکاری کی کونسی سزا بھگتنی پڑی؟ بلکہ اس نظریہ کے مطابق تو وہ بدکار جس نے اپنے دل کی بھڑاس نکال

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِیْٓءُ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَتَذَکَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

مومن نیکوکار اور بدکار بھی یکساں نہیں تم بہت کم غور کرتے ہو ۷۴

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِیَةٌ لَّا رَیْبَ فِیْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

یقیناً قیامت آکر رہے گی ذرا شک نہیں ہے اس میں لیکن بہت سے لوگ (قیامت پر)

لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ

ایمان نہیں لاتے ۷۵ اور تمہارے رب نے فرمایا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا ۷۶ بیشک

لی اور خوب دادِ عیش دی وہ اس نیک سے بدرجہا بہتر ہے جس نے اپنے آپ کو اخلاقی ضابطوں کا پابند رکھا اور ہر طرح کی محرومی کو بطیب خاطر گوارا کیا۔ اس لیے عقلِ سلیم کا فیصلہ یہ ہے کہ اس دارالعمل کے بعد ایک دارالجزاء ہو۔ اس زندگی کے بعد ایک اور زندگی ہو جس میں نیک لوگوں کو جنت کی ابدی نعمتوں سے سرفراز کیا جائے اور منکرین کو اپنے کیے کی سزا ملے۔

۷۴ تم تو ان حقائق میں غور و فکر کی زحمت ہی گوارا نہیں کرتے۔ اگر تم سوچ بچار کی تھوڑی سی تکلیف بھی برداشت کرو تو یہ حقائق کھل کر تمہارے سامنے آجائیں۔

۷۵ تمہارے انکار سے قیامت ٹل نہیں جائے گی بلکہ قیامت ضرور آئے گی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا حتمی فیصلہ ہے۔

۷۶ حضرت ابنِ عباس سے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ کی یہ تفسیر منقول ہے: اُعْبُدُوْنِیْ اُثِبْكُمْ: تم میری عبادت کرو، میں تمہیں اس کا ثواب اور اجر عطا کروں گا۔ یہ قول ضحاک، مجاہد اور مفسرین کی ایک جماعت سے مروی ہے۔ دیگر علماء نے اس کا مفہوم یہ بیان فرمایا ہے۔ اِسْئَلُوْنِیْ اُعْطِكُمْ: یعنی تم مجھ سے مانگو میں تمہیں دوں گا۔ (روح المعانی)(1) حقیقت میں یہ دونوں تفسیریں ہم معنی ہیں۔ ان میں اصلاً کوئی تفاوت نہیں۔ دعا عبادت کی روح اور اس کا مغز ہے۔ کیونکہ انتہا درجہ کی عاجزی اور نیازمندی کو عبادت کہتے ہیں اور اس کا ظہور صحیح معنوں میں اسی وقت ہوتا ہے جب انسان مصائب میں گھرا ہو، دوست ساتھ چھوڑ گئے ہوں، ہر تدبیر ناکام ہو چکی ہو، حالات کی سنگینی نے اس کی قوت و طاقت کو ریزہ ریزہ کر ڈالا ہو، جب ہر طرف سے امیدیں منقطع کر کے اپنے ربِ کریم کے درِ اقدس پر آکر وہ سرِ نیاز جھکا دے، اس کی زبان گنگ ہو، دلِ دردمند کی داستان اشک بار آنکھیں سنا رہی ہوں اور اس کو یقین ہو کہ وہ اس قادرِ مطلق کے سامنے اپنا قصۂ غم پیش کر رہا ہے اور اپنی مشکل کو بیان کر رہا ہے جس کے سامنے کوئی مشکل مشکل ہی نہیں۔ نیز اسے یہ پختہ اعتماد ہو کہ یہاں سے کبھی کوئی سائل خالی نہیں گیا۔ میں کبھی خالی اور محروم نہیں لوٹایا جاؤں گا۔ جو عجز و نیاز، جو غایتِ تذلل، جو خضوع و خشوع اس وقت ظہور پذیر ہوتا ہے اس کی مثال کہاں ملے گی؟ اسی لیے تو رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ(2)۔ دعا کی اہمیت کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کلماتِ طیبات سے ذکر فرمایا ہے:

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 81 2۔ جامع ترمذی، ابواب الدعوات، ج 2، ص 173

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَ عِمَادُ الدِّيْنِ وَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ(1)۔یعنی دعا مومن کا ہتھیار ہے۔دعا دین کا ستون ہے اور زمین وآسمان اس کے نور سے مُنوّر ہیں۔دوسری حدیث میں ہے:عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فُتِحَ لَهٗ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَا سُئِلَ اللّٰهَ شَيْئًا يَعْنِىْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يُّسْاَلَ الْعَافِيَةَ (ترمذی)(2) یعنی حضور نے فرمایا کہ جس شخص کے لیے دعا کا دروازہ کھول دیا گیا، گویا اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیے گئے۔اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرنا بہت ہی پسندیدہ ہے۔

مُرشدِ برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا مانگنے والے کو یہ تلقین بھی فرمائی ہے کہ جب وہ دعا مانگے تو اس کے دل میں یہ یقین ہو کہ میرا کریم ورحیم پروردگار میری اس عاجزانہ التجا کو ضرور قبول فرمائے گا۔عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُدْعُوا اللّٰهَ وَ اَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِّنْ قَلْبٍ لَاهٍ(3): یعنی اللہ سے دعا مانگو تو اس یقین سے مانگو کہ وہ قبول فرمائے گا اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ اس دعا کو قبول نہیں کرتا جو غافل دل سے مانگی جائے۔

دعا کی قبولیت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دعا مانگنے والا جس چیز کے لیے دعا مانگ رہا ہے اس کے بارے میں اپنی شدتِ احتیاج اور افتقار کا اظہار کرے تاکہ پتہ چلے کہ اگر اس کی یہ التجا منظور نہ ہوئی تو اس کو ناقابلِ تلافی نقصان اٹھانا پڑے گا۔اور یہ خسارہ برداشت کرنا اس کے بس کی بات نہیں۔حدیثِ نبوی میں ہے:اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ اِنْ شِئْتَ وَلٰكِنْ لِّيَعْزِمْ وَلْيُعَظِّمِ الرَّغْبَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَتَعَاظَمُهٗ شَىْءٌ اَعْطَاهُ۔(مسلم)(4) یعنی جب تم میں سے کوئی دعا مانگے تو یوں نہ کہے کہ یا اللہ! اگر تو چاہتا ہے تو میری مغفرت فرما بلکہ یہ عرض کرے کہ الٰہی مہربانی فرما کر ضرور بخش دے۔

حضرت فضالہ بن عبید فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے، تو ایک آدمی مسجد میں آیا۔نماز ادا کی۔پھر فوراً دعا مانگنے لگا۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَ ارْحَمْنِىْ۔اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔حضور نے اس کی کیفیت دیکھی تو فرمایا: عَجِلْتَ اَيُّهَا الْمُصَلِّىْ۔اے نمازی! تو نے بڑی عجلت کی۔دعا یوں تو نہیں مانگی جاتی۔اس کو دعا کا طریقہ بتاتے ہوئے فرمایا:اِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ تَعَالٰى بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلَىَّ ثُمَّ ادْعُهُ۔یعنی جب تو نماز پڑھ چکے تو بیٹھ جا اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کر، پھر مجھ پر درود بھیج، پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگ۔

اس شخص کے چلے جانے کے بعد ایک دوسرا آدمی آیا۔اس نے پہلے نماز پڑھی، پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی، پھر حضور پاک پر درود بھیجا۔فَقَالَ لَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا الْمُصَلِّىْ اُدْعُ تُجَبْ: حضور نے اس کو فرمایا: اے نمازی! اب دعا مانگ تمہاری دعا قبول کی جائے گی۔(رواہ الترمذی، ابوداؤد والنسائی)(5)۔اس سے معلوم ہوا کہ اہلِ سنت نماز ادا کرنے کے بعد جو ذکرِ الٰہی کرتے ہیں، پھر درودِ پاک پڑھتے ہیں اور اس کے بعد دعا مانگتے ہیں یہی دعا مانگنے کا مسنون طریقہ ہے اور جو لوگ اس چیز سے روکتے ہیں، وہ بے خبر لوگ ہیں۔

اگر کسی ولی سے اس کی ظاہری زندگی یا اس کے وصال کے بعد دعا کے لیے التماس کیا جائے یا بارگاہِ رسالت میں استغاثہ کیا

1۔مستدرک للحاکم، کتاب الدعاء والتکبیر والتھلیل والتسبیح والذکر، ج1، ص669، رقم الحدیث 1812

2۔جامع ترمذی، ابواب الدعوات، باب ماجاء فی فضل التوبۃ، ج2، ص193 3۔تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص272۔جامع ترمذی، ابواب الدعوات، ج2، ص186، وزارت تعلیم 4۔تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص272۔صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب العزم فی الدعاء ولا یقل ان شئت، ج2، ص342 5۔جامع ترمذی، ابواب الدعوات، ج2، ص186

ع ۶ ۱۰ ۱۱

اَلَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع

جو لوگ میری عبادت کرنے سے تکبّر کرتے ہیں وہ عنقریب جہنم میں داخل ہونگے ذلیل وخوار ہو کر ۷۷

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ

اللہ ہی ہے جس نے بنائی ہے تمہارے لیے رات تاکہ تم آرام کرو اس میں اور (بنایا ہے) دن کو روشن ۷۸

جائے تو اسے بھی بعض لوگ عبادت شمار کرتے ہیں اور ایسا کرنے والے کو بلا تامل مُشرک کہہ دیتے ہیں۔ حالانکہ ایسا کرنے والا نہ ان کو خدا مانتا ہے نہ ان کو قادرِ مطلق سمجھتا ہے اور نہ اس کے دل میں یہ واہمہ ہوتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نہ چاہے تب بھی یہ حضرات اس کی مشکل کشائی کر سکتے ہیں۔ البتہ وہ ان پاکیزہ ہستیوں کو اپنے سے بہتر متقی اور خداوند تعالیٰ کا فرمانبردار سمجھتے ہیں اور یہ حسنِ ظن رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی دعاؤں کو شرفِ قبولیت سے سرفراز فرماتا ہے اور کسی غیر سے دعا منگوانا ہرگز شرک نہیں۔ حضور سرورِ عالم نے تو حضرت سیدنا فاروق اعظم اور سیدنا علی مُرتضیٰ کو وصیت فرمائی تھی کہ وہ اویس قرنی سے اپنے لیے اور امتِ مسلمہ کے لیے دعا کروائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں افراط وتفریط سے بچائے اور عقیدۂ توحید پر ہر حالت میں ثابت قدم رکھے اور صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ۔

۷۷ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت سے تکبر کرتے ہیں یا جو اس کی جناب میں دستِ دعا دراز کرنے کو اپنی توہین خیال کرتے ہیں ایسے مغرور اور سرکش لوگوں کو ذلیل ورسوا کر کے جہنم رسید کیا جائے گا۔

۷۸ یہاں توحیدِ باری کی ایسی دلیل پیش کی جا رہی ہے جسے سمجھنے کے لیے کسی بڑی عقل وفراست یا علم وفضل کی ضرورت نہیں بلکہ ایک اَن پڑھ بھی اسے بخوبی سمجھ سکتا ہے اور اس سے ہر لحظہ استفادہ کر رہا ہے۔ یہ رات اور دن کا تسلسل ہزاروں لاکھوں برس سے قائم ہے اور بڑی باقاعدگی سے آج سے لاکھ سال پہلے اس تاریخ کو جس اُفق سے سورج طلوع ہوا اور جس افق پر غروب ہوا اور جتنے بج کر جتنے منٹ پر ہوا اس میں سرِ مُو تفاوت نہیں۔ اگر کوئی اور بھی کارخانۂ قدرت میں شریک ہوتا تو کبھی تو اس کا حکم چلتا۔ معلوم ہوا کہ ایک خدا کے حکم کے مطابق تو سورج ۵ بجکر ۲۰ منٹ پر طلوع اور ۶ بج کر ۴۰ منٹ پر غروب ہونا تھا، لیکن آج دوسرے خدا کا فرمان ہے کہ دس منٹ پہلے طلوع اور دس منٹ دیر سے غروب ہو۔ جب ایسا کبھی نہیں ہوا تو معلوم ہوا خدا وہی ہے جس کا حکم ہمیشہ سے جاری اور نافذ العمل ہے۔

آٹھ پہروں کو رات اور دن میں تقسیم کرنے میں جو حکمتیں اور فائدے ہیں ان سے تو بچہ بچہ آگاہ ہے۔ اس وحدہٗ لاشریک کے بنائے ہوئے شب وروز سے فائدہ بھی اٹھاتے ہو اور اس کی وحدانیت کا انکار بھی کرتے ہو۔ اس سے بڑی ناشکری اور کیا ہو سکتی ہے؟ مُبْصِرًا: مُضِیْئًا: روشن۔ (1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 328

إِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

بیشک اللہ تعالیٰ بڑا فضل (وکرم) فرمانے والا ہے لوگوں پر لیکن بہت سے لوگ (اس کی نعمتوں کا)

لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ لَآ إِلٰهَ إِلَّا

وقف لازم

شکر ادا نہیں کرتے وہ ہے اللہ تمہارا (رب) پیدا کرنے والا ہر چیز کا کوئی عبادت کے لائق

هُوَ ۚ فَأَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِآيٰتِ اللّٰهِ

نہیں بجز اسکے۔ پس کیسے راہِ حق سے تم روگردانی کرتے ہو ۷۹ اسی طرح (راہِ حق سے) منہ پھیر دیا جاتا ہے ان (بدنصیبوں) کا جو

يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ

اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے بنایا ہے تمہارے لیے زمین کو قیام کی جگہ اور آسمان کو چھت (کی مانند) ۸۰

۷۹ یہ اللہ تعالیٰ جس کی یہ شانیں اور قدرتیں ہیں، جس کی وحدانیت اور کبریائی پر گلشنِ ہستی کی ہر کلی شہادت دے رہی ہے یہی تمہارا پروردگار ہے۔ ہر چیز کو خلعتِ وجود سے اسی نے نوازا ہے۔ اس کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ پس تمہیں یہ جرأت کیسے ہو رہی ہے کہ تم اس کی عبادت سے روگردانی کر کے ادھر ادھر باطل معبودوں کے آستانوں پر مارے مارے پھرو؟۔ علامہ جوہری صحاح میں لفظ اَفَكَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اَیْ قَلَّبَهٗ وَ صَرَّفَهٗ عَنِ الشَّیْءِ (1)، یعنی کسی چیز سے روگردانی کرنا، منہ پھیر لینا۔ لیکن علامہ راغب اصفہانی نے اس لفظ کا جامع مفہوم یوں تحریر فرمایا:

اَلْاِفْكُ كُلُّ مَصْرُوْفٍ عَنْ وَّجْهِهِ الَّذِیْ یَحِقُّ اَنْ یَّكُوْنَ عَلَیْهِ (2): یعنی ایسی چیز سے منہ پھیر لینا جس سے وابستہ رہنا اس پر لازم تھا۔ ایسی سمت سے منہ پھیر لینا جس کی طرف متوجہ ہونا ضروری ہوتا ہے۔

۸۰ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے مزید دلائل پیش کیے جا رہے ہیں جن میں قدرت کے ساتھ حکمت اور رحمت کی صفات کی جلوہ گری بھی نمایاں ہے۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو قرارگاہ بنایا۔ نہ وہ اتنی سخت ہے کہ تم اس پر چل ہی نہ سکو اور نہ آرام کر سکو اور نہ اس میں کھیتی باڑی کر سکو، اور نہ اتنی نرم ہے کہ قدم رکھو تو نیچے دھنسنے لگو۔ تمہارے سروں پر خیمۂ افلاک تان دیا گیا ہے جو دیکھنے والے کو گنبد نما نظر آتا ہے۔ اس طرح تم کو کئی ناگہانی آفتوں سے بچا لیا گیا ہے، جن کا تمہیں شعور بھی نہیں اور یہ طاقت بھی نہیں ہے کہ خود بخود ان سے اپنا بچاؤ کر سکو۔

1۔ الصحاح، ج4، ص1573 2۔ مفرداتِ راغب، ص79

بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

اور تمہاری صورت گری کی اور حسین بنا دیا تمہاری صورتوں کو ۸۱ اور کھانے کے لیے تمہیں پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں ۸۲

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

ایسی (خوبیوں والا) اللہ تمہارا پروردگار ہے پس بڑی ہی برکتوں والا ہے اللہ تعالیٰ جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے ۸۳ وہی ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

کوئی عبادت کے لائق نہیں بجز اسکے پس اسکی عبادت کرو اپنے دین کو اس کیلئے خالص کرتے ہوئے ۸۴ سب تعریفیں اللہ کے لیے جو سارے جہانوں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ

کا پروردگار ہے۔ آپ فرما دیجیے کہ مجھے منع کر دیا گیا ہے کہ میں عبادت کروں ان کی جن کو تم پکارتے ہو

۸۱ اسی نے تمہاری تصویر کشی بھی فرمائی ہے اور تمہاری صورتوں کو بڑا حسین اور دلکش بنایا ہے۔ ہمارے ذہنوں میں حسن کا ایک محدود تصور ہے۔ ناک ایسی ہو، آنکھ ایسی ہو، رخسار یوں ہوں، لیکن حقیقی دلکشی اور رعنائی تو یہ ہے کہ جس مقصد کے لیے اس کی تخلیق کی گئی ہے اس مقصد کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس کے پاس پوری پوری صلاحیتیں ہوں۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: حَيْثُ خَلَقَ كُلًّا مِّنْكُمْ مُنْتَسِبَ الْقَامَةِ بَادِيَ الْبُشْرَةِ مُتَنَاسِبَ الْاَعْضَاءِ وَ التَّخْطِيْطَاتِ مُتَهَيِّئًا لِمُزَاوَلَةِ الصِّنَاعِ وَاكْتِسَابِ الْكَمَالَاتِ (روح المعانی)(1) یعنی یہاں حسن سے مراد یہ ہے کہ تمہیں قامتِ بالا بخشی اور تمہیں مناسب اور موزوں اعضا عطا کیے۔ تمہارے خدوخال کو دلکش بنایا۔ تم ہر قسم کی صنعت وحرفت کے تقاضے پورے کر سکتے ہو۔ تمہیں کسبِ کمال کے لیے جسمانی، دماغی اور روحانی قوتیں مرحمت فرمائیں۔

۸۲ اور تمہارے پیدا کرنے سے پہلے ہی تمہارے لیے اپنی رنگارنگ نعمتوں کا ایک دسترخوان بچھا دیا۔ یہ نعمتیں صرف تمہاری غذائی ضرورتوں کو پورا نہیں کرتیں، بلکہ تمہارے ذوقِ لطیف کی تسکین کا سامان بھی بنتی ہیں۔ غذائیت اور ذائقہ دونوں سے وہ مالا مال ہیں۔

۸۳ یعنی وہ ذاتِ پاک جس کی یہ صفات ہیں، وہ اللہ تعالیٰ تمہارا پروردگار ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی مزید صفاتِ کمال کا ذکر ہو رہا ہے۔

۸۴ جب اس کی یہ شان ہے تو اور کون ہے جسے اس کا شریک ٹھہرایا جائے۔ اس لیے اپنے عقیدہ کو ہر قسم کے جلی وخفی شرک کی آمیزش سے پاک کرتے ہوئے اسی کی عبادت کرو۔ فَادْعُوْهُ: فَاعْبُدُوْهُ (روح المعانی)(2)

فَادْعُوْهُ اَیْ فَاعْبُدُوْهُ وَاسْئَلُوْا مِنْهُ حَوَائِجَكُمْ (3) یعنی فَادْعُوْهُ کا مطلب فَاعْبُدُوْهُ ہے۔ یہاں دعا عبادت کے معنی میں مذکور ہے۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج24، ص83 2۔ ایضاً 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص274

دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

اللہ کے سوا (میں ان کی عبادت کیسے کرسکتا ہوں) جب آگئی ہیں میرے پاس دلیلیں اپنے رب کی طرف سے۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں

لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ

سرِ تسلیم خم کردوں رب العالمین کے سامنے ۸۵ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے پھر

نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا

نطفہ سے، پھر گوشت کے لوتھڑے سے پھر نکالا تمہیں (شکم مادر سے) بچہ بنا کر پھر (پرورش کی تمہاری) تاکہ

اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ

تم پہنچو اپنی جوانی کو پھر (تمہیں زندہ رکھا) تاکہ تم بوڑھے ہوجاؤ۔ اور بعض تم میں سے فوت ہوجاتے ہیں پہلے ہی اور

وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ

(یہ سارا نظام اس لیے ہے) کہ تم پہنچ جاؤ مقررہ میعاد تک اور تاکہ تم (اپنے رب کی عظمتوں کو) سمجھنے لگ جاؤ ۸۶ وہی ہے جو جلاتا ہے

۸۵ حضرت ابنِ عباس سے مروی ہے کہ ولید بن مغیرہ اور شیبہ بن ربیعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں آئے اور حضور کو اپنے آبائی دین کی طرف رجوع کرنے کی دعوت دی۔ خدا معلوم انہوں نے کیسی چکنی چپڑی باتیں کی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول کو حکم دیا کہ آپ ان بیہودہ لوگوں کو صاف صاف یہ بتادیں کہ مجھے تو میرے رب نے تمہارے خداؤں کی عبادت سے روک دیا ہے۔ میں تو اپنے رب کے ارشاد کی خلاف ورزی نہیں کرسکتا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی توحید کے ایسے ایسے دلائلِ قاطعہ اور براہینِ ساطعہ ارزانی فرمائے ہیں کہ میں اب تمہاری اس لچر اور لغو دعوت کی طرف ذرا بھر بھی التفات نہیں کرسکتا۔ نیز مجھے تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العلمین کے ہر حکم کے سامنے سرِ تسلیم خم کردوں۔ اس لیے مجھ سے کبھی یہ توقع نہ کرنا کہ میں تمہاری خوشنما باتوں میں پھنس کر تمہارے جھوٹے خداؤں کی پرستش کا تصور تک بھی کرسکتا ہوں۔ (1)

۸۶ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں اور رحمتوں کے رخ سے مزید نقاب سرکایا جارہا ہے۔ انسان کی تخلیق کے نقطۂ آغاز سے لے کر اس کی آخری منزل تک، نیز وہ تمام مرحلے جہاں سے اس کی زندگی کا قافلہ گزرتا ہے، ان کو بڑی عمدگی سے بیان کردیا۔ نیز یہ بھی بتادیا کہ جس انسان کو ہم پیدا فرماتے ہیں، ہم نے اس کی موت کا وقت بھی پہلے ہی متعین کردیا ہوتا ہے۔ کوئی بچپن میں ہی موت کی نیند سوجاتا ہے، کسی کو عنفوانِ شباب میں پیغامِ اجل پہنچتا ہے، اور کسی کو بڑھاپے تک پہنچنے کی مہلت ملتی ہے۔ اگر تم سمجھنے کی کوشش

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 274

وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ اَلَمْ

اور مارتا ہے پس جب کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو صرف اتنا فرماتا ہے اسے کہ ہوجا تو وہ کام ہوجاتا ہے۔ کیا تم

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِيْنَ

نہیں دیکھتے ان (نادانوں) کی طرف جو جھگڑا کرتے ہیں اللہ کی آیات میں۔ یہ کہاں بھٹک رہے ہیں ۸۷ جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾

جھٹلایا اس کتاب کو اور اس چیز کو بھی جو دے کر ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا۔ انہیں (اپنی تکذیب کا انجام) معلوم ہوجائیگا ۸۸

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِي الْحَمِيْمِ ۙ

جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں۔ انہیں گھسیٹ کر لے جایا جائیگا ، کھولتے ہوئے پانی میں۔

ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دیے جائینگے ۸۹ پھر پوچھا جائے گا ان سے کہاں ہیں وہ جنہیں تم

کرو، تو اس میں اہل دانش کے لیے بڑی بڑی نشانیاں ہیں۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں سورۂ حج کی آیت نمبر ۵ کے حواشی۔

۸۷ ان ٹھوس اور قطعی دلیلوں کے باوجود وہ ہدایت قبول نہیں کرتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیات میں جھگڑنا ان کی فطرت بن گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے رسولوں کے ساتھ انہیں چڑ سی ہوگئی ہے۔ سوچے سمجھے بغیر ہر وقت وہ ان کی تکذیب میں لگے رہتے ہیں۔ ان گوناگوں خرابیوں کے باعث ان کی ہدایت پذیری کی صلاحیت دم توڑ چکی ہے۔

۸۸ اس بے جا ضد اور ہٹ دھرمی کا انجام انہیں عنقریب ہی معلوم ہوجائے گا۔

۸۹ ان کے گلے میں طوق اور زنجیر ہوگی، انہیں گھسیٹ کر کھولتے ہوئے پانی کے چشموں پر لے جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا کہ تم نے ہائے پیاس! ہائے پیاس! کا شور مچا رکھا تھا، اب پیٹ بھر کر پانی پی لو۔ جب وہ بادلِ نخواستہ چند گھونٹ زہر مار کریں گے، تو پھر انہیں آتشِ جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔

يُسْحَبُوْنَ، سحب سے ہے، اس کا معنی ہے گھسیٹ کر لے جانا۔ يُسْجَرُوْنَ: مجاہد اس کی تفسیر بیان کرتے ہیں: سَجَرْتُ التَّنُّوْرَ: اَوْقَدْتُهٗ وَ مَلَأْتُهٗ: تنور کو ایندھن سے بھر دینا، پھر اسے جلانا۔ اسی مناسبت سے يُسْجَرُوْنَ کا معنی کیا گیا ہے يُطْرَحُوْنَ فِيْهَا وَيَكُوْنُوْنَ وَقُوْدَ الَّهَا۔ یعنی انہیں دوزخ میں پھینک دیا جائے گا اور وہ اس کا ایندھن بن جائیں گے۔ (قرطبی)(1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 333

تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا

شریک ٹھہراتے تھے ، اللہ کے سوا ۹۰ (بصد یاس) کہیں گے وہ تو گم ہوگئے ہم سے ۹۱ بلکہ ہم تو کسی چیز کو پوجتے ہی نہ

مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

تھے اس سے پہلے ۹۲ اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے کافروں کو یہ (سزا اور رسوائی) بدلہ ہے

تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ادْخُلُوْۤا

اس کا کہ تم خوشیاں منایا کرتے تھے زمین میں (اپنے عارضی اقتدار پر) ناحق اور بدلہ ہے اسکا جو تم (اپنے فانی اموال املاک) پر اترایا کرتے تھے ۹۴ اب داخل ہو جاؤ

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾

جہنم کے دروازوں میں تم وہاں ہمیشہ رہنے والے ہو۔ پس یہ بہت برا ٹھکانا ہے تکبر و غرور کرنے والوں کا۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ

(اے حبیب!) آپ (انکی نازیبا حرکتوں پر) صبر فرمایئے اللہ کا وعدہ سچا ہے ۹۴ سو ہم خواہ آپ کو دکھائیں اس عذاب کا کچھ حصہ جس کا

۹۰ اس وقت ان سے پوچھا جائے گا کہ اب بتاؤ تمہارا کیا حال ہے؟ تمہیں ہمارے رسولوں نے بار بار سمجھایا کہ شرک سے باز آجاؤ، لیکن تم نے ایک نہ سنی۔ لو اب چکھو اپنے کرتوتوں کی سزا۔ نیز تمہارے وہ بت کہاں ہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر تم جن کی عبادت کیا کرتے تھے؟ وہ آج تمہیں دوزخ سے نکال کر اور اس عذابِ الیم سے چھڑا کر کیوں نہیں لے جاتے؟

۹۱ اس وقت ان کی پشیمانی کی انتہا ہو جائے گی۔ وہ کہیں گے کہ آج تو وہ بت کہیں نظر ہی نہیں آتے۔

۹۲ اس کے معاً بعد مکر جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم تو کسی غیر خدا کی پرستش کیا ہی نہیں کرتے تھے۔

۹۳ ان کی گمراہی اور نورِ ہدایت سے محرومی کی وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

۹۴ بڑی مخلصانہ کوششوں کے باوجود کفار اپنی روش کو ترک کرنے پر آمادہ نہ ہوتے تھے۔ اور اسلام کے خلاف ان کی سرگرمیاں تیز سے تیز تر ہوتی جاتی تھیں۔ مولا کریم اپنے حبیبِ مکرم کو صبر کی تلقین فرما رہے ہیں۔ نیز بتایا جا رہا ہے کہ دینِ اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کی کامیابی کا جو وعدہ آپ کے ساتھ کیا گیا ہے، وہ پورا ہو کر رہے گا۔ دنیا کی کوئی طاغوتی قوت اس وعدہ کے ایفاء میں مزاحم نہیں ہو سکتی۔ کفار اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے کہ کس طرح ان کے بتوں کی خدائی کا تخت اوندھا ہوتا ہے اور کس طرح دینِ محمدی کا پرچم اونچا بہت اونچا نیلگوں فضا میں لہراتا ہے۔ اور اگر بعض کافر دین کے مکمل غلبہ کا نظارہ کرنے سے

نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

ان سے ہم نے وعدہ کیا ہے یا (اس سے پہلے ہی) آپکو دُنیا سے اُٹھالیں (یہ بچ نہیں سکتے) آخرکار ہماری طرف ہی لوٹائے جائینگے۔ اور ہم نے بھیجے تھے

رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ

پیغمبر آپ سے پہلے بھی ان میں سے بعض کا ذکر ہم نے آپ سے کر دیا اور ان میں سے بعض کا

لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ

ذکر (قرآن کریم میں) آپ سے نہیں کیا ۹۵ اور کسی رسول کی مجال نہ تھی کہ وہ لے آتا کوئی نشانی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ

اللہ کی اجازت کے بغیر۔ پس جب آئے گا اللہ کا حکم (تو) فیصلہ کر دیا جائیگا حق (و انصاف) کے ساتھ۔ اور باطل پرست

پہلے مرجائیں اور ان کو اپنی عمر بھر کی کوششوں کی ناکامی کا صدمہ دیکھنا نصیب نہ ہو تو آخرکار انہیں لوٹ کر ہمارے پاس ہی آنا ہے، وہاں ان کا کچومر نکل جائے گا۔ علامہ ابوحیان اندلسی فرماتے ہیں کہ یہ صبر کی تلقین محض تانیس اور اطمینان کے لیے ہے، ورنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو صبر کا دامن پہلے ہی مضبوطی سے تھامے ہوئے تھے۔ اَمَرَ تَعَالٰی نَبِيَّهٗ بِالصَّبْرِ تَاْنِيْسًا لَهٗ وَ اِلَّا فَهُوَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ غَايَةِ الصَّبْرِ (بحر)(1)

۹۵ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرم کو مزید تسلی دے رہے ہیں کہ مشرکینِ مکہ طرح طرح کے معجزات کا آپ سے مطالبہ کرتے ہیں، اس سے آپ پریشان نہ ہوں۔ آپ سے پہلے بھی ہم نے رسول بھیجے۔ بعض کا تفصیلی حال قرآن میں مذکور ہے اور بعض کا تفصیلی ذکر ہم نے قرآن میں ابھی بیان نہیں کیا۔ ان کی قوموں نے بھی ان سے اسی قسم کے بیہودہ مطالبے کیے تھے۔ انہیں تو اپنے کیے کی سزا مل گئی، یہ بھی کیفرِ کردار کو پہنچیں گے۔

اس سے کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو کہ جن انبیاء و رسل کا قرآنِ کریم میں ذکر ہے ان کا علم تو حضور کو ہے اور جن کا ذکر نہیں ان کو حضور نہیں جانتے۔ چنانچہ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

اَيًّا مَّا كَانَ لَا دَلَالَةَ فِي الْاٰيَةِ عَلٰى عَدَمِ عِلْمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَدَدِ الْاَنْبِيَاءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ كَمَا تَوَهَّمَ بَعْضُ النَّاسِ (روح المعانی)(2)

یعنی کچھ بھی ہو اس آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضور کو انبیاء اور مرسلین کی تعداد کا علم نہ تھا، جس طرح بعض لوگوں نے وہم

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 477 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 88

هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا ع ۸ ۱۰ ۱۳

وہاں (سراسر) گھاٹے میں رہیں گے ۹۶ اللہ پاک وہ ہے جس نے بنائے تمہارے لیے مویشی تاکہ انہیں سے کسی پر سواری کرو

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِیْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَیْهَا

اور کسی کا (گوشت) کھاؤ۔ ۹۷ اور تمہارے لیے ان میں طرح طرح کے فائدے ہیں اور ان میں سے

حَاجَةً فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَیْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾

ایک یہ فائدہ بھی ہے کہ ان پر سوار ہو کر اس منزل تک پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہے اور ان مویشیوں پر اور کشتیوں پر تم لدے پھرتے ہو ۹۸

کیا ہے۔ تمام انبیاء و رسل نے شبِ معراج امام الانبیاء کی اقتدا میں نماز ادا کی۔

۹۶ یعنی کوئی رسول اپنی مرضی سے اللہ تعالیٰ کے اذن کے بغیر معجزے نہیں دکھایا کرتا۔ یہ کوئی کھیل تماشا تو ہے نہیں کہ جب بھی چند بے فکرے اکٹھے ہو کر آ گئے اور انہوں نے کسی معجزے کا مطالبہ کیا تو جھٹ معجزہ دکھا دیا گیا۔ ایسا نہیں ہوا کرتا۔ معجزہ تو ایک فیصلہ کن چیز ہے۔ جو لوگ معجزے طلب کریں اور اپنا مطلوبہ معجزہ دیکھ لینے کے باوجود ایمان لانے میں پس و پیش کرنے لگیں تو پھر انہیں مزید مہلت نہیں دی جاتی۔ فوراً عذابِ الٰہی آتا ہے اور ان کا کام تمام کر دیتا ہے۔ اس لیے کوئی نبی اس وقت تک معجزہ نہیں دکھاتا جب تک حکمِ الٰہی نہ ہو۔ اور جب اللہ تعالیٰ کے اذن سے نبی معجزہ دکھاتا ہے اور پھر بھی لوگ ہدایت قبول نہیں کرتے تو قُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ کا روح فرسا منظر سامنے آ جاتا ہے۔ (1)

۹۷ اپنی مزید عنایات، نوازشات اور انعامات کا ذکر فرما کر حق کو قبول کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے یہ انعامات اگر ایک طرف اس کی قدرت کی گواہی دے رہے ہیں تو دوسری طرف اس کی حکمت اور رحمت کے آئینہ دار بھی ہیں۔ یہ جانور جن کا ہم دودھ پیتے ہیں، ذبح کر کے گوشت کھاتے ہیں، جن کی پیٹھ پر سوار ہو کر دور دراز کا سفر آسانی سے طے کر کے اپنی منزلِ مقصود تک پہنچتے ہیں اور جن کی پشت پر بھاری بھرکم بوجھ لاد کر یا انہیں گاڑیوں اور گڈوں میں جوت کر آرام سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں، اگر اللہ تعالیٰ نے انہیں ہمارا تابع فرمان نہ بنا دیا ہوتا تو کیا ہم ان سے یہ خدمت لے سکتے تھے؟ یہ کس کی مہربانی ہے کہ گھوڑے جیسا برق رفتار، طاقتور، گرانڈیل جانور ہمارے سامنے سرافگندہ حاضر ہے۔ چاہیں تو زین ڈال کر اس پر سوار ہو جائیں اور چاہیں تو اس کی پیٹھ پر منوں بوجھ لاد دیں۔ چاہیں تو کسی گاڑی میں جوت دیں، بہرحال اسے تعمیلِ حکم سے کوئی انکار نہیں۔ یہی حال دوسرے جانوروں کا بھی ہے۔ گائے، بیل، بھینس غرضیکہ یہ بیشمار جانور جو خدمت انجام دینے کے قابل ہیں، اس کے لیے تیار کھڑے ہیں۔

۹۸ سمندروں اور دریاؤں کو اس قابل بنایا کہ ان میں جہاز رانی ہو سکے۔ کشتیوں اور جہازوں میں ہزاروں ٹن بھاری بھرکم

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 277

وَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ ۚ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

اور وہ دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں ۔ پس اللہ تعالیٰ کی کن کن آیتوں کا تم انکار کرو گے کیا ان منکروں نے کبھی سیر و سیاحت

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

نہیں کی زمین میں تاکہ انہیں نظر آجاتا کہ کیا انجام ہوا ان (منکروں) کا جو ان سے پہلے گزرے ۹۹

كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى

وہ لوگ اِن سے تعداد میں زیادہ تھے اور قوّت میں زبردست تھے اور زمین میں اپنی نشانیوں کے لحاظ سے (کہیں ہنرمند تھے)

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

پس یہ بتا ئیے کہ کیا فائدہ پہنچایا انہیں اس دولت نے جو وہ کماتے تھے ۔ پس جب آئے ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لے کر

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

تو انہوں نے کفر کیا اور نازاں رہے اس علم پر جو ان کے پاس تھا ۔ اور (آخرکار) گھیر لیا انہیں جس کا وہ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ

مذاق اڑایا کرتے تھے ۱۰۰ پھر جب اُنہوں نے دیکھ لیا ہمارا عذاب تو کہنے لگے ہم ایمان لائے ہیں ایک اللہ پر اور

سامان لاد کر دنیا کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک لے جا سکتے ہیں ۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے پانی میں یہ صلاحیت نہ رکھی ہوتی تو صنعت و تجارت کی یہ گرم بازاری کبھی نہ ہوتی ۔

۹۹ سابقہ قوموں کے حالات سے عبرت حاصل کرنے کی طرف مزید توجہ دلائی ۔

۱۰۰ یعنی ان قوموں کا یہ دستور رہا ہے کہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے جب کوئی رسول صحیح علم لے کر آیا تو انہوں نے یہ کہہ کر اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کہ تمہارے علم سے وہ علم جو ہمارے پاس ہے وہ زیادہ صحیح اور لائق اعتماد ہے ۔ جو سنی سنائی باتیں ان کے پاس تھیں، جو فلسفیانہ نظریات انہوں نے اپنے فلسفیوں سے سیکھے تھے یا اپنے دیوی دیوتاؤں کے بارے میں جو من گھڑت افسانے انہوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں سے سن رکھے تھے ان کو ہی انہوں نے اپنی فلاح و نجات کے لیے کافی سمجھ لیا اور انبیائے کرام کی پاکیزہ تعلیمات کی طرف ہرگز توجہ نہ دی ۔ موسیٰ علیہ السلام اور سقراط فلسفی کا زمانہ ایک ہے ۔ سقراط نے جب

كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ

ہم ان معبودوں کا انکار کرتے ہیں جنکو ہم اسکا شریک ٹھہرایا کرتے تھے۔ پس کوئی فائدہ نہ دیا انہیں ان کے ایمان نے

لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَ

جب دیکھ لیا انہوں نے ہمارا عذاب۔ یہی دستور ہے اللہ تعالیٰ کا جو (قدیم سے) اسکے بندوں میں جاری ہے اور

خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۹ ۷ ۱۴

سراسر خسارہ میں رہے اسوقت حق کا انکار کرنے والے ۱۰۱

آپ کا چرچا سنا اور لوگوں نے اسے مشورہ دیا کہ بہتر ہے کہ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر فیض حاصل کرو تو اس نے کہا: نَحْنُ قَوْمٌ مُّهَذَّبُوْنَ فَلَا حَاجَةَ لَنَا اِلٰى مَا يُهَذِّبُنَا (1) کہ ہم مہذب و شائستہ قوم ہیں۔ ہمیں کسی مہذب کی ضرورت نہیں۔

۱۰۱ ان ناہنجاروں نے مہلت کی گھڑیاں انبیائے کرام کا مذاق اڑاتے اور ان پر پھبتیاں کستے گزار دیں اور جب انجامِ کار عذابِ الٰہی نے انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا تو اس وقت ایمان کا اظہار کرنے لگے اور کفر سے بیزاری اور براءت کا اعلان شروع کر دیا۔ لیکن یہ بعد از وقت ایمان لانا ان کے کسی کام نہ آیا اور وہ تباہ و برباد کر دیے گئے۔ اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ سے یہی دستور ہے کہ وہ قوموں کو سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کی مہلت دیتا ہے اور جب وہ دعوتِ حق کو قبول کرنے سے انکار کر دیتے ہیں تو انہیں صفحہ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا جاتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ تَتِمُّ بِتَوْفِيْقِهِ الطَّاعَاتُ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْمُكَرَّمِ الَّذِيْ بِجَاهِهٖ تُقْبَلُ الْحَسَنَاتُ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

۶۔ ذیقعدہ: ۱۳۹۲ھ — عبدہ المسکین

۱۲۔ دسمبر: ۱۹۷۲ء — محمد کرم شاہ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 91

تعارف سُورۃ حٰمٓ السجدہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: متعدد سورتیں ہیں جن کی ابتداء حٰمٓ سے ہوتی ہے۔ اس سورت کی ابتداء بھی حٰمٓ سے ہوئی، لیکن اس قسم کی دوسری سورتوں سے جو چیز اسے ممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ اس کی آیت ۳۸، آیت سجدہ ہے اس لیے اس کو حٰمٓ السجدہ سے موسوم کیا گیا۔ اس کا دوسرا نام فصلت بھی ہے۔ یہ کلمہ تیسری آیت میں موجود ہے۔ یہ چھ رکوعوں اور چون آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد سات سو چھیانوے اور حروف کی تعداد تین ہزار تین سو پچاس ہے۔

زمانۂ نزول: یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس کے زمانۂ نزول کا تعین علمائے تفسیر نے یوں کیا ہے کہ یہ سورت حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشرف باسلام ہونے کے بعد اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے سے پہلے درمیانی وقفہ میں نازل ہوئی۔

مضامین: قریشِ مکہ کی شدید مخالفت اور مزاحمت کے باوجود آہستہ آہستہ مگر مضبوطی سے اسلام اپنے قدم آگے بڑھاتا چلا جارہا تھا۔ آئے روز کوئی نہ کوئی ایسی ہستی اسلام قبول کر لیتی جس کے باعث کفار پر کوہِ الم ٹوٹ پڑتا۔ اور اسلام کے خلاف ان کی انتقامی کارروائیوں میں بڑی شدت پیدا ہوجاتی۔ حضرت حمزہ جو اپنی شجاعت اور ناموری میں بے نظیر تھے چند روز ہوئے انہوں نے اسلام قبول کرلیا تھا۔ ان کے مشرف باسلام ہونے سے وہ شدید ذہنی صدمہ سے دوچار ہوگئے۔ اس مشکل کا حل سوچنے کے لیے ان کی ایک میٹنگ حرم میں منعقد ہوئی۔ قریش کے دوسرے رؤسا کے علاوہ عُتبہ بن ربیعہ بھی وہاں موجود تھا۔ اثنائے گفتگو اس نے اپنے آپ کو پیش کیا کہ وہ حضور کے پاس جاتا ہے اور انہیں سمجھا کر راہِ راست پر لاتا ہے، جس کا تفصیلی ذکر آیت ۱۴ کے حاشیہ میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ جب اس نے اپنی لمبی چوڑی تقریر ختم کی، تو اس کے جواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہی سورت تلاوت فرمائی جسے سن کر وہ دم بخود ہوگیا اور اپنا سا منہ لے کر واپس آ گیا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کفار کے وہی سابقہ اعتراضات تھے جنہیں وہ ہر موقع پر بڑی شدومد سے دہرادیا کرتے۔ ان کا پہلا اعتراض اس پر تھا کہ قرآن کلامِ الٰہی ہے۔ یہ بات ان کے ذہن میں آتی ہی نہ تھی۔ کبھی کہتے یہ خود گھڑ کر ہمیں سناتا ہے، کبھی کہتے کسی سے سیکھ کر آتا ہے اور پھر ہمیں سکھاتا ہے۔ یہ شُبہ اتنا لغو تھا کہ اس کو ذکر کرنا بھی مناسب نہیں سمجھا گیا بلکہ بڑے حتمی اور قطعی انداز میں یہ فرمادیا کہ یہ اس رب کا کلام ہے جو رحمٰن ورحیم ہے۔ اس ارشادِ الٰہی سے وہ شکوک وشبہات خود بخود ختم ہوگئے جو کفار کے ذہنوں میں پیدا ہوتے رہتے تھے۔

دوسرا اعتراض توحیدِ باری پر تھا۔ وہ اس بات کو تسلیم ہی نہیں کرتے تھے کہ خدا ایک ہے، بلکہ بہت سے بتوں کو انہوں نے اپنا معبود بنا رکھا تھا۔ یہاں بھی ان کے اس خیالِ باطل کی تردید کرنے کے لیے دلائلِ تکوینیہ کا ذکر کیا گیا جس کے آئینہ میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ، علمِ محیط اور کبریائی کے جلوے جھلک رہے ہیں۔

نیز انہیں متنبہ کیا کہ میرے محبوب کے خلاف جو روش تم نے اختیار کر رکھی ہے اس کا نتیجہ بڑا ہولناک ہوگا۔ تم سے پہلے بھی بڑی بڑی طاقتور اور زور آور قومیں گزر چکی ہیں۔ جن کی مادی ترقی اور معاشی خوشحالی سن کر آج بھی تم حیران و ششدر ہو جاتے ہو۔ انہوں نے اپنے انبیاء کے ساتھ جب اس قسم کا سلوک کیا تو انہیں تباہ و برباد کر دیا گیا۔ اگر تم باز نہ آئے تو تمہیں بھی اسی قسم کے عذاب سے دوچار کر دیا جائے گا۔

قیامت کا ذکر کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ تم جو کچھ کر رہے ہو تمہارے اعضاء عینی اور سلطانی گواہ کی حیثیت سے تمہارے خلاف شہادت دیں گے۔ اس وقت تم اپنے جرائم پر کیسے پردہ ڈال سکو گے؟

کفار اپنے تمام حیلے بروئے کار لا چکے تھے تاکہ اسلام کی پیش قدمی کو وہ روک دیں۔ لیکن کلامِ الٰہی کی اثر انگیزی نے ان کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملا دیا۔ اب انہوں نے یہ طے کیا کہ جب بھی قرآن کریم کی تلاوت کی جائے اس محفل میں غوغا آرائی شروع کر دو تاکہ شور و شغب میں کوئی قرآن نہ سن سکے۔ لیکن ان کی یہ تدبیر بھی ناکام ثابت ہوئی۔

اس سورت میں اہلِ حق کی شانِ استقامت کو بیان فرمایا اور اس کے بعد انعامات و عنایات کا تذکرہ کیا جو اللہ تعالیٰ اپنے ایسے بندوں پر فرماتا ہے۔ ساتھ ہی ان مکارمِ اخلاق کا ذکر کیا جن سے ان کی سیرت مزین و آراستہ ہے۔

آخر میں بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام کا خود محافظ و نگہبان ہے۔ باطل کی یہ مجال نہیں کہ اس میں کسی جانب سے بھی گھسنے کی جرأت کر سکے۔

سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰیَۃً وَّسِتُّ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ حٰمٓ السجدہ مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانیوالا ہے۔ ۵۴ آیتیں، ۶ رکوع

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿۲﴾ کِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُہٗ

حا۔میم ۱ اتارا گیا ہے (یہ قرآن) رحمٰن و رحیم (خدا) کی طرف سے ۲ یہ ایسی کتاب ہے جس کی آیتیں تفصیل سے ۳

۱ اگر حٰمٓ کو سورت یا قرآن کا نام قرار دیا جائے تو پھر یہ مبتدا اور تنزیل اس کی خبر ہوگا۔ ورنہ تنزیل مبتدا محذوف کی خبر ہوگا۔ بعض نے تنزیل کو مبتدا اور کِتٰبٌ فُصِّلَتْ کو خبر کہا ہے۔(1)

۲ کفار اس بات پر بضد تھے کہ قرآن خدا کا کلام نہیں بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود گھڑ کر یا کسی سے سیکھ کر (نعوذ باللہ) لوگوں کو سنا دیتے ہیں۔ ان کے اس زعمِ باطل کو دور کرنے کے لیے انگنت روشن دلائل پیش کیے گئے، لیکن وہ اپنی ہٹ سے باز نہ آئے۔ ایسے لوگوں کے سامنے مزید دلائل پیش کرنا بے سود تھا۔ اس لیے یہاں بطورِ دعویٰ فرما دیا کہ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یعنی تم تسلیم کرو یا نہ کرو یہ صحیفۂ رشد و ہدایت کسی انسانی دماغ کی تخلیق نہیں بلکہ اسے رحمٰن و رحیم نے نازل فرمایا ہے۔ آج نہیں مانتے تو کل تمہیں بھی ماننا پڑے گا۔

یہاں وہ اسمائے الٰہی ذکر کیے گئے جو اس کی رحمتِ بے پایاں اور اس کی عنایتِ بے انداز پر دلالت کرتے ہیں تاکہ سننے والوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو اور وہ خود بخود کھچے چلے آئیں اور برضا و رغبت اس کے ارشادات کی تعمیل کو اپنا شعار بنا لیں۔ نیز قیامت تک آنے والی نسلوں کے دل سے اس غلط فہمی کو دور کر دیا کہ قرآن کی تعلیمات کسی وقت بھی ان کی معاشی، تمدنی، علمی اور اخلاقی ترقی میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ بتا دیا کہ یہ کسی ایسے آمرِ مطلق کا مینی فیسٹو نہیں جس میں اس کو سب سے زیادہ اپنے جاہ و جلال اور اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کی فکر ہو اور اسے اس کی قطعاً کوئی پروا نہ ہو کہ اس کی رعایا پر کیا گزرتی ہے، ان کے جذبات کا کیسے خون ہوتا ہے یا وہ کس قسم کی ذہنی کوفت یا معاشی پسماندگی کا شکار ہوتے ہیں۔ فرمایا یہ اس ذاتِ پاک کا نازل کیا ہوا صحیفہ ہے جو رحمان و رحیم ہے۔ اس کی شانِ رحمانی تو تمہیں پھولتا پھلتا، ترقی کی بلند منزلیں طے کرتا ہوا دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔

اگر تم اپنے خداوندِ کریم کے احکام بجا لاؤ گے تو دین و دنیا کی سعادتیں تم پر نثار ہوں گی اور اگر تم نے اس کی طرف سے بے رُخی برتی تو آخر کوئی نہ کوئی دستور تمہیں اپنانا پڑے گا۔ اس میں اور تو شاید بہت کچھ ہو لیکن اس میں رحمت و رأفت کا وہ عنصر ہرگز نہیں ہوگا جو رحمان و رحیم پروردگار کے ارشادات میں موجود ہے۔ یہ تمہاری بدبختی ہوگی کہ خداوندِ رحمن کی ہدایات کو چھوڑ کر تم کسی جاہل، خودسر، خودغرض اور کوتاہ فہم کے بنائے ہوئے دستور کو اپناتے پھرو۔

۳ رحمٰن و رحیم نے جو کتاب نازل فرمائی ہے اس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ بالکل واضح اور عام فہم ہے۔ اس میں کوئی پیچیدگی نہیں، اس میں التباس کا شائبہ تک نہیں، جس کی تہ تک پہنچنے کے لیے غیر معمولی عقل و خرد کی ضرورت ہو۔ یہ ایسی کھلی اور واضح

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 94

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۙ﴿۳﴾ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ

بیان کردی گئی ہیں۔ یہ قرآن عربی (زبان میں) ہے ۴ یہ ان لوگوں کیلئے ہے جو علم (وفہم) رکھتے ہیں ۵ یہ مژدہ سنانے والا اور (برے انجام سے) خبردار کرنیوالا ہے

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ

بایں ہمہ منہ پھیر لیا ان میں سے اکثر نے پس وہ اسے قبول نہیں کرتے ۶ اور ان (ہٹ دھرموں) نے کہا ہمارے دل غلافوں میں (لپٹے ہوئے) ہیں اس بات سے

وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا

جسکی طرف آپ ہمیں بلاتے ہیں ۷ اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ایک حجاب ہے تم اپنا کام کرو ہم اپنے کام

عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

میں لگے ہوئے ہیں۔ آپ فرمائیے میں انسان ہی ہوں (بظاہر) تمہاری مانند ۸۔ (البتہ) وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا معبود خداوند

کتاب ہے کہ ہر شخص اپنی استعداد کے مطابق فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

۴ یہ قرآن عربی زبان میں ہے جو تمہاری مادری زبان ہے جس کے اسرار و معارف سمجھنے کی تم میں پوری استعداد ہے۔ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا منصوب علی المدح ہے۔(1)

۵ اس سے فائدہ وہی لوگ اٹھا سکتے ہیں جو علم وفہم کی صفت سے موصوف ہیں۔ بے عقل اور اجڈ لوگ اس کی قدر و قیمت کو کیا جانیں؟

۶ بشیر اور نذیر قرآن کی دوسری صفتیں ہیں۔ یعنی یہ ان لوگوں کو تو نجات وفلاح کی خوشخبری دیتا ہے جو اس کے احکام بجالاتے ہیں اور جو لوگ اس کی ہدایات پر کاربند نہیں ہوتے انہیں بروقت ان کے انجامِ بد سے ڈراتا ہے تاکہ وہ اپنی اصلاح کرلیں۔

۷ کفار کی ہٹ دھرمی اور تعصب کا ذکر ہو رہا ہے۔ تمام باطل فرقے اپنی ہٹ پر اسی طرح قائم رہتے ہیں۔ انہیں لاکھ سمجھاؤ وہ سمجھنے کا نام نہیں لیتے۔ باطل پرستوں کے پاس حق کی یورش کے مقابلہ میں یہی ایک گوشۂ عافیت ہے کہ وہ نہ مانوں نہ مانوں کا ورد کرتے رہتے ہیں۔ اَكِنَّةٌ: كِنَانٌ کی جمع ہے(2)۔ اس سے مراد وہ کپڑا یا غلاف ہے جس میں کسی چیز کو اچھی طرح لپیٹ کر رکھ دیا جاتا ہے۔ وَقْرٌ: صَمَمٌ یعنی بہرہ پن (3)۔ حِجَابٌ: پردہ (4)۔ یعنی ہمارے اور تمہارے درمیان ایسی دیوار حائل ہے کہ تمہارے حق کا نور اس سے نفوذ کر کے ہم تک نہیں پہنچ سکتا۔

۸ کفار کہتے تھے کہ ہمارے درمیان ایسا پردہ حائل ہے کہ افادہ اور استفادہ ممکن ہی نہیں۔ نہ آپ کا پیغامِ حق ہم تک پہنچ سکتا

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 337 2۔ ایضاً، ص 339 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 281 4۔ ایضاً

وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ۭ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ﴿۶﴾

یکتا ہی ہے ۹ پس متوجہ ہو جاؤ اس کی طرف اور مغفرت طلب کرو اس سے۔ اور ہلاکت ہے مشرکوں کے لیے ۱۰

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّ

جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے مُنکر ہی رہتے ہیں ۱۱ بے شک

ع ۱ ۸ ۱۵ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۸﴾ قُلْ

وہ لوگ جو ایمان لے آئے اور جنہوں نے نیک اعمال کیے ان کے لیے ایسا اَجر ہے جو منقطع نہ ہوگا ۱۲ آپ (ان سے)

ہے اور نہ ہم اسے قبول کر سکتے ہیں۔ ان کے اس قول کی تردید کی جا رہی ہے کہ تمہارا یہ خیال سراسر باطل ہے۔ اگر میں انسان نہ ہوتا فرشتہ یا جن ہوتا تو ہم ایک دوسرے کی بات نہ سمجھ سکتے نہ سمجھا سکتے۔ جب تم بھی انسان ہو اور میں بھی انسان ہوں تو پھر ہم میں مغائرت کی کون سی ایسی دیوار چن دی گئی ہے کہ افہام و تفہیم کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو۔ تمہارا یہ کہنا سراسر لغو اور باطل ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: لَسْتُ مَلَكًا وَّلَا جِنِّيًّا لَّا يُمْكِنُكُمُ التَّلَقِّيْ مِنْهُ وَهُوَ رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ حِجَابٌ (روح المعانی) (1) یعنی میں نہ فرشتہ ہوں اور نہ جن ہوں تا کہ تم اس سے استفادہ نہ کر سکو۔ اس آیت سے ان کے اس قول کی تردید کر دی گئی جس کا ذکر سابقہ آیت میں ہے: مِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ۔ حسن بصری فرماتے ہیں کہ اظہارِ تواضع کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ کہنے کا حکم دیا۔ قَالَ الْحَسَنُ عَلَّمَهُ اللّٰهُ التَّوَاضُعَ۔ (2)

(اس مسئلہ کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد سوم۔ سورۂ کہف آیت ۱۱۰)

۹ انہی کے قول کی تردید ہو رہی ہے۔ یعنی اگر میں تمہیں کسی ایسی بات پر ایمان لانے کی دعوت دیتا جس کو تسلیم کرنے پر عقلِ سلیم تیار نہیں، تو تمہاری یہ بے رخی کچھ معنی بھی رکھتی۔ میں تو تمہیں اس سچائی کی طرف بلا رہا ہوں جس سے بڑی سچائی اس کائنات میں ہے ہی نہیں۔ یعنی میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دے رہا ہوں۔ اس لیے تمہاری بہتری اس میں ہے کہ تم اس سچی دعوت کو قبول کر لو اور جو لغزشیں تم سے پہلے صادر ہو چکی ہیں ان کے لیے مغفرت طلب کرو۔

۱۰ جن کا دامن شرک سے آلودہ ہے ان کے مقدر میں تباہی و بربادی رقم ہو چکی ہے ان سے بڑھ کر اور کون بدبخت ہو سکتا ہے؟

۱۱ ان کی ہلاکت کی وجہ یہ ہے کہ ان کے دلوں میں بُخل نے ڈیرہ جما لیا ہے۔ کسی غریب پر انہیں رحم ہی نہیں آتا۔ کسی یتیم یا بیوہ کیلئے وہ اپنی دولت سے کچھ خرچ کرنے کے لیے تیار ہی نہیں۔ ایسے سنگدل اور بے رحم انسانوں پر پھٹکار نہ ہوگی تو کیا رحمت کے پھول برسیں گے؟ وہ تباہ و برباد نہ ہونگے تو کیا پھلیں پھولیں گے؟ ہرگز نہیں۔ ان کی اس بے حسی اور سنگدلی کی وجہ یہ ہے کہ وہ آخرت کے مُنکر ہیں۔

۱۲ ان کے برعکس ایک دوسرا گروہ ہے جو نورِ ایمان سے بھی بہرہ ور ہے اور ان کی زندگی کا دامن نیکیوں کے مہکتے ہوئے پھولوں

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 97 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 281

إِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ

پوچھیے کیا تم لوگ انکار کرتے ہو اس ذات کا جس نے پیدا فرمایا زمین کو دو دن میں ۱۳ اور ٹھیراتے ہو

لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٩﴾ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن

اس کے لیے مدِّمقابل۔ وہ تو رب العٰلمین ہے۔ (اسکا مدِّمقابل کون ہوسکتا ہے)۔ اور اس نے (ہی) بنائے ہیں زمین میں گڑے ہوئے پہاڑ

فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً

جو اسکے اُوپر دھرے ہوئے ہیں ۱۴ اور اس نے بڑی برکتیں رکھی ہیں اسمیں ۱۵ اور اندازہ سے مقرر کردی ہیں اسمیں غذائیں (ہر نوع کیلیے) ۱۶ چار دنوں میں ۱۷ (انکا حصول)

سے بھرا ہوا ہے۔ بارگاہِ الٰہی سے انہیں جو اجر ملے گا وہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ غَيْرُ مَمْنُونٍ اَیْ غَيْرُ مَقْطُوْعٍ۔ منقطع نہ ہونے والا، ختم نہ ہونے والا۔(1)

۱۳ ان چار آیتوں میں اپنی توحید، اپنی قدرتِ کاملہ اور علم وحکمت کے ایسے دلائل وشواہد پیش کیے ہیں کہ کوئی سمجھدار آدمی ان کا انکار نہیں کرسکتا۔ ان دلائل کو بیان کرنے کے بعد کفار سے یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ جن کو تم نے میرا ہمسر اور شریک بنا رکھا ہے، جن کی تم پوجا پاٹ کرتے ہو، ذرا انصاف سے بتاؤ، ان میں ان صفاتِ عالیہ جلیلہ میں سے کسی صفت کا معمولی پَرتَو تک بھی موجود ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے اور یقیناً نفی میں ہے تو پھر تم سے بڑا ظالم اور احمق کون ہوگا جو ذرے کو آفتاب کا ہمسر اور قطرے کو سمندر کا ہم پایہ خیال کرتا ہے۔ پہلی آیت میں بتایا کہ یہ زمین جس پر تم آباد ہو اور جس کی فضا میں تم سانس لیتے ہو اس کو تمہارے کسی بت نے یا کسی دیوتا نے پیدا نہیں کیا ہے۔ یہ ساری چیزیں تو کل نیست سے ہست ہوئیں۔ زمین تو تمہارے ان معبودوں کی تخلیق سے پہلے موجود تھی۔ اس وسیع وعریض زمین کا پیدا فرمانے والا اللہ تعالیٰ ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ جب حقیقت یہ ہے تو تمہیں حیا نہیں آتی کہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو اور اپنے ان بتوں کو اس کا ہمسر یقین کرتے ہو۔ نیز اس کو یہ زمین بنانے میں عرصۂ دراز صرف نہیں کرنا پڑا بلکہ دو دنوں میں اس کی آفرینش مکمل کردی۔ اس کی قدرت تو اس کو چشمِ زدن میں بھی پیدا کرسکتی تھی، لیکن یہ تدریج اس کی حکمت کا تقاضا ہے۔

یوم سے مراد یہ دن نہیں بلکہ مطلق وقت ہے یا تخلیق کا دور۔ پہلے کئی مرتبہ اس لفظ کی وضاحت گزر چکی ہے۔

۱۴ رَوَاسِیَ جمع ہے رَاسِیَۃٌ کی (2): جو چیز زمین میں گڑی ہوئی ہو۔ بندرگاہ کو عربی میں مَرْسٰی کہتے ہیں۔ کیونکہ کشتیاں اور جہاز یہاں پہنچ کر اپنے لنگر ڈال دیتے ہیں۔ پہاڑوں کو رواسی اس لیے کہا کہ ان کی جڑیں زمین میں دور تک چلی گئی ہوتی ہیں۔ یوں نہیں کہ بس زمین کی سطح پر رکھ دیئے گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے کرۂ زمین کو اضطراری حرکت سے محفوظ کرنے کے لیے زمین میں جا بجا پہاڑوں کی میخیں ٹھونک دی ہیں۔ لیکن یہ پہاڑ کسی میخ کی طرح زمین میں سارے کے سارے دھنسے ہوئے نہیں بلکہ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص282 2۔ المنجد، ص261

لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۱۰ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَ

یکساں ہے طلبگاروں کے لیے ۱۸ پھر اس نے توجہ فرمائی آسمان کی طرف، وہ اس وقت محض دھواں تھا ۱۹ پس فرمایا اسے اور

زمین سے بہت اونچے اٹھے ہوئے ہیں۔ پہاڑوں کو اس طرح بنانے میں جو حکمتیں ہیں ان سے بچہ بچہ واقف ہے۔ ان اَن گنت حکمتوں سے ایک یہ بھی ہے کہ پہاڑوں کے شکم گونا گوں دھاتوں اور معدنیات سے بھرے پڑے ہیں۔ کوئلہ سے لے کر سونے تک۔ کھریہ مٹی سے لے کر پلاٹینم تک کے یہاں انبار لگے ہوئے ہیں۔ انسان آسانی سے انہیں کھود کر نکال سکتا ہے۔ اگر یہ پہاڑ سارے کے سارے زمین میں دھنسے ہوتے تو اِن معدنیات کو نکالنا مشکل ہو جاتا۔

۱۵ اللہ تعالیٰ نے زمین میں بے شمار خیرات و برکات رکھ دی ہیں۔ ہزاروں، لاکھوں سالوں سے دھڑا دھڑ انہیں استعمال کیا جا رہا ہے لیکن کسی چیز کا سٹاک ختم نہیں ہوتا۔ پانی ہی کو لیجیے لاکھوں سال سے طرح طرح سے استعمال ہو رہا ہے لیکن چشمے پھر بھی ابل رہے ہیں۔ پہاڑی ندیاں شوخی و مستی سے اب بھی بہتی چلی جا رہی ہیں۔ دریا اپنی طوفانی موجوں سمیت رواں دواں ہیں اور سمندر کی بیکرانی کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟

۱۶ سطحِ زمین پر جتنی بھی جاندار مخلوق ہے ان سب کے لیے مختلف قسم کی جتنی غذا مطلوب ہے سب کا اہتمام پہلے دن ہی سے کر دیا۔ موروملخ، مولا اور شہباز، شیر و بکری، ہوا میں اڑنے والوں، زمین پر رینگنے والوں، دو ٹانگ والوں، چارہ کھانے والوں، گھاس سے شکم پر کرنے والوں، گوشت خوروں، جھینگے اور کیڑے کھانے والوں غرضیکہ ہر ایک نوع کی طبعی ضرورت کے مطابق ہر فرد کی انفرادی پسند کے مطابق قُدرت کے وسیع و عریض دسترخوان پر ہر چیز چن دی گئی ہے۔ ان کے علاوہ کائنات کی اس رنگ رنگیلی برات کے دولہا حضرتِ انسان کے لیے کیا کچھ موجود نہیں۔ جس ہستی نے اتنا وسیع اور حیران کن انتظام ہمارے پیدا ہونے سے ہزاروں صدیاں پہلے کر دیا کیا اس کے علم، اس کی حکمت اور اس کی قدرت کے بارے میں ادنیٰ سا شک بھی کیا جا سکتا ہے؟

۱۷ یعنی زمین کی تخلیق اور ان میں نباتاتی، حیوانی اور انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے یہ سارے انتظامات صرف چار دنوں میں یعنی چار دوروں میں مکمل کر دیئے گئے۔

۱۸ یہ رزق و نعمت کے خزانے کسی خاص طبقہ یا فرد کی اجارہ داری نہیں جس میں طلب ہوگی، ہمت اور حوصلہ ہوگا، ہنرمندی اور فہم و فراست کا جوہر پایا جائے گا اسے اس کی ہمت اور حوصلہ کے مطابق ان نعمتوں سے حصہ دیا جائے گا۔

اس آیت سے سوشلسٹ نظام کی تائید کے لیے جو استدلال کیا جاتا ہے وہ بالکل بے محل ہے۔

۱۹ استویٰ کا صلہ جب الیٰ ہو تو اس کا معنی توجہ کرنا ہوتا ہے۔ یعنی پھر اللہ تعالیٰ نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی۔ یہ پہلے ایک دھواں سا تھا۔ سحابی اور دخانی قسم کا مادہ تھا جس سے اس نے اپنی قدرتِ کاملہ سے سات آسمان پیدا فرمائے۔ (1)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 284

لِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَقَضٰىهُنَّ

زمین کو کہ آجاؤ (تعمیل حکم اور ادائے فرائض کے لیے) خوشی سے یا مجبوراً ۲۰ دونوں نے عرض کی ہم خوشی خوشی دست بستہ حاضر ہیں ۲۱ پس بنا دیا

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا

انہیں سات آسمان ۲۲ دو دنوں میں اور وحی فرمائی ہر آسمان میں اس کے حسب حال اور ہم نے مزین کر دیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ

آسمانِ دُنیا کو چراغوں سے ۲۳ اور اسے خوب محفوظ کر دیا ۲۴ یہ (سارا) نظام سب سے غالب، سب کچھ جاننے

الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ

والے (خدا) کا ہے ۲۵ پس اگر وہ (پھر بھی) رُوگردانی کریں تو آپ فرمایئے کہ میں نے ڈرایا ہے تمہیں اس کڑک سے جو

۲۰ زمین و آسمان کو حکم دیا کہ جس خدمت کی ادائیگی کے لیے، جس فرض کو انجام دینے کے لیے تمہیں پیدا کیا گیا ہے اسے پورا کرنے کے لیے حاضر ہو جاؤ۔ اس میں تمہاری مرضی کا کوئی دخل نہیں بلکہ ہمارے حکم کی بجا آوری ضروری ہے۔ تم چاہو یا نہ چاہو ہر حال میں تمہیں ہمارے فرمان کی تعمیل کرنا ہوگی۔

۲۱ زمین و آسماں نے بیک زبان جواب دیا: اے ہمارے خالق و مالک ہم بصد خوشی تعمیلِ ارشاد کے لیے حاضر ہیں۔

۲۲ چنانچہ سات آسمان بنا دیے گئے اور ہر آسمان کے حسبِ حال وہاں احکام و ہدایات نازل فرما دیے تاکہ ہر آسمان کی مخلوق منشاء خداوندی کے مطابق اپنی زندگی گزارے۔

۲۳ جب سورج غروب ہو جاتا ہے، شام کا دھندلکا پھیلنے لگتا ہے تو ٹمٹماتے ہوئے ستارے آنکھ مچولی شروع کر دیتے ہیں۔ رات کی وحشت اور تاریکی کی گھٹن اس چراغاں سے کافور ہو جاتی ہے۔ چرخِ نیلوفری کی یہ سجی ہوئی چھت دل کو نیا سرور اور تازگی بخشتی ہے۔

۲۴ یہ مفعولِ مطلق ہے یعنی حَفِظْنَاهَا حِفْظًا (1): یعنی ہم نے آسمان کو جتنا خوبصورت اور دلآویز بنایا ہے، اتنا ہی مضبوط اور مستحکم بھی بنایا ہے، جس میں کوئی دراڑ نظر نہیں آتی، کوئی شگاف دکھائی نہیں دیتا۔ ہر طرح کی بیرونی دخل اندازیوں سے اسے محفوظ کر دیا گیا ہے۔

۲۵ یعنی یہ سارا نقشہ، ہر چیز کے لیے مناسب محل اور مقام کا تعین، ہر چھوٹی بڑی چیز کے لیے فرائض و واجبات کا تعین، یہ محیر العقول انتظام، یہ ساری منصوبہ بندی اور اس منصوبہ بندی کی عملی تطبیق اس خداوندِ قدوس کی قدرت کا کرشمہ ہے جو سب سے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 345

عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ وَ مِنْ

عادو ثمود کی کڑک کی مانند (ہلاکت خیز) ہوگی ۲۶ (کچھ یاد ہے) جب آئے تھے انکے پاس رسول سامنے سے اور

زبردست اور بڑی حکمت والا ہے۔

اگرچہ قرآنِ حکیم ایسی کتاب نہیں جس میں کائنات کی تخلیق، اس تخلیق کے ادوار اور مدارج کا تعین مقصود ہو، البتہ جو اشارات آفرینشِ عالم کے متعلق قرآن کے مختلف مقامات پر موجود ہیں، سائنس کی تحقیقات بھی مختلف مرحلوں سے گزر کر اسی طرف آرہی ہیں۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

اِنَّ عَرْشَهٗ تَعَالٰی کَانَ قَبْلَ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ عَلَی الْمَاءِ۔ فَاَحْدَثَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الْمَاءِ سَخُوْنَةً فَارْتَفَعَ وَعَلٰی زَبَدٌ وَ دُخَانٌ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَبَقِیَ عَلٰی وَجْهِ الْمَاءِ وَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْهِ الْیَبْبُوْسَةَ وَ اَحْدَثَ سُبْحَانَهٗ مِنْهُ الْاَرْضَ وَ اَمَّا الدُّخَانُ فَارْتَفَعَ وَعَلٰی فَخَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنْهُ السَّمٰوٰتِ۔ (روح المعانی) (1)

یعنی زمین و آسمان کی پیدائش سے پہلے اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پانی میں حرارت پیدا کردی۔ اس سے جھاگ اور دھواں بلند ہوا۔ جھاگ پانی کی سطح پر باقی رہی۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں خشکی پیدا کی اور اس سے زمین بنائی اور دھواں اوپر اٹھا، بلند ہوا۔ اس سے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو پیدا فرمایا۔

سائنس کی جدید تحقیقات بھی اس نظریہ سے بہت قریب ہیں۔

۲۶ ان آیاتِ بینات کے مشاہدہ کے بعد بھی وہ کفر وضلال کی راہ کو چھوڑ کر اگر راہِ راست پر گامزن نہ ہوں تو وہ یاد رکھیں جس عذاب نے عاد وثمود جیسی قوموں کو نیست ونابود کر کے رکھ دیا تھا، وہ عذاب انہیں بھی راکھ کا ڈھیر بنادے گا۔ جب وہ عذاب انہیں چاروں طرف سے گھیر لے گا تو وہ یہ کہنے کے حقدار نہ ہوں گے کہ انہیں کسی نے بروقت خبردار ہی نہیں کیا تھا، ورنہ وہ اپنے بچاؤ کی تدبیر کرتے۔

اَنْذَرْتُ کا عام طور پر اتنا ہی مفہوم بیان کیا جاتا ہے کہ میں نے ڈرایا۔ حالانکہ نَذَرَ کے مادہ کا اطلاق اس ڈرانے پر ہوتا ہے جس میں کم از کم دو خصوصیتیں ہوں۔ ایک تو وہ ڈرانا بروقت ہو۔ یوں نہیں کہ جب پتھر آسمان سے برسنے شروع ہوجائیں تو خطرہ کا الارم بجنے لگے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اِنْذَار سے مقصد صرف عذاب کی خبر دینا نہیں ہوتا بلکہ اصل مقصد اس شخص کی خیر خواہی ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچاؤ کا انتظام کرلے۔ لسان العرب میں ہے کہ عرب کہتے ہیں: اَنْذَرْتُ الْقَوْمَ سَیْرَ الْعَدُوِّ اِلَیْهِمْ فَنَذَرُوْا اَیْ اَعْلَمْتُهُمْ ذٰلِكَ فَعَلِمُوْا وَ تَحَرَّزُوْا (2)۔ یعنی میں نے قوم کو دشمن کے حملے سے خبردار کیا۔ پس انہوں نے اپنا بچاؤ کرلیا۔ صاعقہ بادل کی اس شدید کڑک کو کہتے ہیں جس کے ساتھ بجلی بھی گرے۔ اَلصَّاعِقَةُ: الصَّوْتُ الشَّدِیْدُ مِنَ الرَّعْدَةِ یَسْقُطُ مَعَهَا قِطْعَةُ نَارٍ (3)۔ یہ اس کا لغوی معنی ہے لیکن اب اس کا اطلاق ہر مہلک عذاب پر بھی ہوتا ہے خواہ اس کی نوعیت کسی قسم کی ہو۔ کُلُّ عَذَابٍ مُّهْلِكٍ صَاعِقَةٌ (لسان العرب) (4)

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 102 2۔ لسان العرب، ج 5، ص 202 3۔ ایضاً، ج 10، ص 198 4۔ ایضاً

خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً

پیچھے سے (یعنی ہر طرف سے یہ سمجھانے کیلئے) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو ۲۷ انہوں نے کہا اگر ہمارے رب کی مرضی ہوتی (کہ ہمیں کچھ سمجھائے)

فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ

تو فرشتے نازل کرتا پس ہم جو دیکر تمہیں بھیجا گیا ہے (اسکا سراسر) انکار کرتے ہیں ۲۸ پس قوم عاد نے تو سرکشی اختیار کی زمین میں

۲۷ اس سے مراد یا تو رسولوں کی کثرت ہے یعنی کثیر التعداد رسول ان کے پاس تشریف لائے اور راہِ ہدایت پر گامزن ہونے کی انہیں دعوت دی یا اس کا مدعا یہ ہے: مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ: کہ انہوں نے گزری ہوئی قوموں پر جو بیتی تھی اس کا تفصیلی تذکرہ بھی ان سے کیا۔ (وَمِنْ خَلْفِهِمْ) مستقبل میں اس ہٹ دھرمی کی جو سزا انہیں ملنے والی تھی اس سے بھی ڈرایا۔

۲۸ لیکن انہوں نے دعوتِ حق قبول کرنے سے انکار کر دیا اور ان کے پیغمبر ان کی ہدایت کے لیے جو مخلصانہ کوششیں کرتے تھے انہوں نے الٹا ان کا مذاق اُڑانا شروع کر دیا۔ وہ کہتے کہ آپ خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان نہ کریں اور ہماری مزید سمع خراشی سے باز آجائیں۔ اگر خدا نے کسی کو رسول بنا کر بھیجنا ہوتا تو وہ کسی نوری فرشتہ کو ہماری راہنمائی کے لیے بھیجتا۔ آپ جو ہماری طرح محض گوشت پوست کے انسان ہیں اور ہماری طرح کھاتے پیتے ہیں آپ کو ہم رسول ماننے کے لیے ہرگز تیار نہیں، ہم ہرگز آپ کی رسالت کو نہیں مانیں گے۔ اہلِ باطل کی یہ حجت بازیاں ہیں جن سے وہ اہلِ حق کا دل دکھایا کرتے ہیں۔ کتبِ احادیث وتفسیر میں حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے کہ ایک روز ابوجہل اور چند دوسرے قریش کے سردار اکٹھے ہوئے۔ اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے بارے میں گفتگو چھڑ گئی۔ کہنے لگے کہ اس شخص کی حقیقت ابھی تک ہم پر نہیں کھلی۔ اگر کوئی ایسا آدمی مل جائے جو سحر و کہانت کے فن میں ماہر ہونے کے ساتھ بہترین شاعر بھی ہو تو اسے ہم اس کے پاس بھیجیں تاکہ ان سے گفتگو کے بعد وہ ہمیں بتائے کہ یہ شاعر ہیں، جادوگر ہیں یا کاہن۔ عتبہ بن ربیعہ بولا: ''مجھ سے زیادہ ماہر اور کون ہوگا؟''۔ چنانچہ طے پایا کہ عتبہ جائے اور ان سے گفتگو کرے اور پھر آکر ان کے متعلق اپنے تاثرات بتائے۔ عتبہ گیا اور ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد کہنے لگا: آپ خواہ مخواہ ہمارے آباؤ اجداد کو گمراہ کہتے ہیں، ہمارے معبودوں کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ اگر اس تحریک سے آپ کا مقصد حکومت حاصل کرنا ہے تو ہم آج ہی آپ کی بادشاہی کا اعلان کر دیتے ہیں اور اگر کوئی رشتہ مطلوب ہے تو ہم ایک نہیں دس دوشیزائیں جن کی طرف آپ اشارہ کریں گے پیش کرنے کے لیے تیار ہیں۔ اور اگر روپیہ بٹورنے کے لیے یہ دھندا شروع کیا ہے تو ہم سونے چاندی کے ڈھیر آپ کے قدموں میں لگا دیں گے جو آپ کی کئی پشتوں تک کے لیے کافی ہوں گے۔ یہ کہہ کر جب وہ خاموش ہوا تو فخرِ عالم نے پوچھا: اے عتبہ! کچھ اور بھی کہنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا: میں جو کہنا چاہتا تھا کہہ دیا۔ اس کے بعد حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورۂ حٰمٓ کی تلاوت شروع کی۔ نبوت کی زبان ربِ کریم کا کلامِ بلاغت نظام تلاوت کر رہی ہے۔ سوزِ دروں اور ہمدردی کے جذبات نے اس قراءت کو حد درجہ اثر انگیز بنا دیا ہے۔ عتبہ دم سادھے بیٹھا سنتا رہا گویا اس پر سکتہ کا عالم طاری ہو گیا۔ جب حضور مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ

ناحق ۲۹ اور کہنے لگے ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے ؟ کیا اُنہوں نے نہ جانا کہ اللہ تعالےٰ جس

الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

نے ان کو پیدا کیا ہے وہ ان سے زیادہ قوی ہے اور وہ (تو) ہمیشہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ

پس ہم نے بھیج دی ان پر سخت ٹھنڈی تُند ہوا ۳۰ منحوس دنوں میں تاکہ ہم انہیں چکھائیں

وَ ثَمُوْدَ تک پہنچے تو وہ تلملا کر اٹھا اور حضور کے لبِ مبارک پر ہاتھ رکھ دیے۔ کہنے لگا: میں تمہیں رحم کا واسطہ دیتا ہوں کہ بس کیجیے ورنہ ہم برباد ہو جائیں گے۔ وہاں سے اٹھا اور اس مجلس میں جانے کے بجائے جہاں قریش بڑی بے چینی سے اس کا انتظار کر رہے تھے، وہ سیدھا گھر چلا گیا اور خانہ نشین ہو گیا۔ کچھ دیر انتظار کرنے کے بعد ابوجہل سب کو لے کر اس کے گھر پہنچا اور وہاں پہنچتے ہی اسے ڈانٹنا شروع کر دیا۔ عتبہ! معلوم ہوتا ہے کہ تو نے محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کا دین اختیار کر لیا ہے۔ اور اس کے دسترخوان نے تیرا دل موہ لیا ہے۔ اگر تمہارے پاس لذیذ کھانے کیلئے پیسے نہیں تو ہم چندہ جمع کر کے پیش کر دیتے ہیں۔ عتبہ اس طعنہ سے بہت برہم ہوا۔ (لیکن یہ برہمی بھی جہالت کی برہمی تھی۔) کہنے لگا: مجھے قسم ہے! اس کے بعد میں ان سے بات تک نہ کروں گا۔ اور اے ابوجہل! تم خوب جانتے ہو کہ میں تم سب سے زیادہ دولتمند ہوں۔ بات یہ ہے کہ میں حسبِ پروگرام ان کے پاس گیا۔ میں نے کھل کر اس موضوع پر ان سے تبادلۂ خیال کیا۔ لیکن انہوں نے مجھے جو جواب دیا بخدا نہ وہ شعر ہے نہ جادو ہے اور نہ کہانت۔ اس نے سورۂ حٰمٓ کی آیات پڑھنی شروع کر دیں۔ کہنے لگا: جب وہ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ تک پہنچے تو میں نے انہیں رحم کا واسطہ دے کر خاموش ہونے کو کہا اور ان کے لبوں پر ہاتھ رکھ دیا۔ اور تم خوب جانتے ہو کہ محمد جب گفتگو کرتا ہے تو جھوٹ نہیں بولتا۔ میں ڈر گیا کہ کہیں تم پر عذاب نازل نہ ہو۔ وَلَقَدْ عَلِمْتُمْ اَنَّ مُحَمَّدًا اِذَا قَالَ شَيْئًا لَمْ يَكْذِبْ فَخِفْتُ اَنْ يَّنْزِلَ عَلَيْكُمْ عَذَابٌ۔ (1)

۲۹ قومِ عاد پر عذاب اس لیے نازل ہوا کہ وہ ناحق تکبر کرتے تھے اور انہیں اپنی قوت و طاقت پر اتنا ناز تھا کہ وہ کسی کو بھی خاطر میں نہ لاتے تھے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کا خوف بھی ان کے دل سے نکل گیا تھا۔ ارشاد فرمایا: جاہلو! تمہیں گھمنڈ ہے کہ تمہاری تعداد کثیر ہے، مال و دولت فراواں ہے، تمہارے جوان بڑے جنگجو اور بہادر ہیں۔ آج کوئی قوم تمہارا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ تم درست کہتے ہو، لیکن یہ بتاؤ کہ کیا اللہ جو تمہارا خالق ہے، جو یہ ساز و سامان دینے والا ہے کیا تم اس سے بھی طاقتور ہو؟ اس کی نافرمانی کی جرأت کر سکتے ہو؟

۳۰ اَلصَّرَّةُ: اَلْفَجَّةُ وَالصَّيْحَةُ:۔۔۔ وَ رِيْحٌ صَرْصَرٌ اَیْ بَارِدَةٌ (صحاح) (2) سخت ٹھنڈی ہوا کو صرصر کہتے ہیں۔ شَدِيْدَةُ الْبَرْدِ وَ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص87-286۔ معالم التنزیل، زیر آیت ہذا، ج5، ص60، دار الفکر بیروت 2۔ الصحاح، ج2، ص12-710

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى

ذلّت آمیز عذاب اس دنیوی زندگی میں ۔ اور آخرت کا عذاب تو بہت زیادہ رُسوا کُن ہو گا

وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى

اور ان کی ہرگز مدد نہ کی جائے گی۔ باقی رہے ثمود ۳۱ تو انہیں ہم نے سیدھی راہ دکھائی انہوں نے پسند کیا اندھے پن کو

عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا

ہدایت پر تو پکڑ لیا انہیں اس عذاب کی کڑک نے جو رُسوا کُن ہے ان کرتوتوں کے باعث جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ ع ۲ ۱۶ ۱۶

کیا کرتے تھے ۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے تھے اور (اللہ کی نافرمانی سے) ڈرتے رہتے تھے ۳۲ اور (ذرا خیال

اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ

کرو) اس دن کا جب جمع کیے جائینگے اللہ کے دشمن آتش (جہنم) کی طرف پھر وہ (گروہوں میں) بانٹ دیے جائینگے ۳۳ یہاں تک کہ جب وہ (دوزخ کے قریب

قِيْلَ شَدِيْدَةُ الصَّوْتِ (لسان العرب) (1)۔ سخت ٹھنڈی ہوا کو صرصر کہتے ہیں۔ نیز وہ ہوا جو شدید شور مچائے، اس کو بھی صرصر کہتے ہیں۔ یعنی ان پر ایسی سخت ٹھنڈی ہوا بھیجی جس کے شور سے کانوں کے پردے پھٹے جاتے تھے، وہ سات دن اور آٹھ رات تک چلتی رہی۔ اس نے ان کے مکانوں کو بنیادوں سے اکھیڑ کر پھینک دیا، وہ خود اس کی شدت کی تاب نہ لا کر یوں زمین پر دھڑام سے گرتے جیسے جھکڑ سے کھجور کا بوسیدہ تنا اکھڑ جاتا ہے۔ جس کا تذکرہ پہلے بھی گزر چکا ہے اور آئندہ بھی مختلف مقامات پر آئے گا۔

۳۱ ہدایت کا لفظ دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ کسی کو منزلِ مقصود تک پہنچا دینا یا کسی کو منزل کی راہ دکھانا۔ یہاں فَهَدَيْنٰهُمْ میں دوسرا معنی مراد ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم سے انبیاء کرام نے انہیں بتایا کہ یہ سیدھا راستہ ہے۔ اس پر چلے تو نجات پاؤ گے لیکن انہوں نے گمراہی کے اندھیروں کو پسند کیا اور ہدایت کی روشنی کو مسترد کر دیا، ان پر ایسی کڑک آئی جس نے انہیں تباہ کر دیا۔

۳۲ اللہ تعالیٰ کی قدرت ملاحظہ ہو کہ جھکڑ نے تمام قومِ عاد کو موت کی نیند سلا دیا، لیکن اہلِ ایمان کو ذرا گزند نہ پہنچائی۔ اسی طرح ثمود پر جو عذاب آیا اس کی زد سے حضرت صالح اور ان کے پیروکار بالکل محفوظ رہے۔

۳۳ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو قبروں سے نکال کر جہنم کے کنارے تک ہانک کر لے جائیں گے۔ اور وہاں جو پہلے پہنچیں گے انہیں روک لیا جائے گا تاکہ بعد میں آنے والے بھی آ جائیں، پھر ایک ساتھ سب کا حساب شروع ہو۔ کیونکہ عدل و انصاف کا

1۔ لسان العرب، ج4، ص450

عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾

آجائینگے (تو حساب شروع ہوگا اسوقت) گواہی دینگے انکے خلاف انکے کان انکی آنکھیں اور ان کی کھالیں اسکے بارے میں جو وہ کیا کرتے تھے ۳۴

وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْۤ

اور وہ کہیں گے اپنی کھالوں سے ۳۵ تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی ۔ وہ کہیں گے (ہم بے بس ہیں ہمیں تو گویا کر دیا ہے اللہ

اَنْطَقَ كُلَّ شَیْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾

نے جس نے گویا کیا ہے ہر شے کو ۳۶ اور اسی نے تمہیں پیدا کیا تھا پہلی مرتبہ اور اب اسی کی طرف تم لوٹائے جا رہے ہو۔

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَاۤ

اور تم نہیں چھپا سکتے تھے اپنے آپ کو اس امر سے کہ گواہی نہ دیں تمہارے خلاف تمہارے کان اور نہ

تقاضا یہ ہے کہ سب حاضرین کی موجودگی میں ہر شخص کے مقدمہ کا فیصلہ ہوتا کہ اگر کسی کو کوئی بطورِ گواہ پیش کرنا چاہتا ہے تو وہ اس کا نام لے اور گواہ حاضر ہو جائیں نیز نیک بندوں کے اعمالِ حسنہ سے بعد میں آنے والی نسلوں کو جو فائدہ اور فیض پہنچا اس کا بھی اندازہ لگایا جا سکے اور بدکاروں کی بداعمالیوں کے باعث معاشرہ کو جن تباہیوں کا سامنا کرنا پڑا انہیں سزا دیتے وقت ان کا بھی لحاظ رکھا جا سکے۔ يُوْزَعُوْنَ: اَلْوَزْعُ كَفُّ النَّفْسِ عَنْ هَوَاهَا وَيُقَالُ وَزَعْتُ الْجَيْشَ اِذَا حَبَسْتَ اَوَّلَهُمْ عَلٰى آخِرِهِمْ وَفِي التَّنْزِيْلِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ اَیْ يُحْبَسُ اَوَّلُهُمْ عَلٰى آخِرِهِمْ (لسان العرب)(1)

نفس کا اپنی خواہش سے رک جانا، اس کو عربی میں الوزع کہتے ہیں۔ جب لشکر کے ہراول دستے کو پیش قدمی سے روک دیا جائے تا کہ لشکر کا آخری حصہ بھی جمع ہو جائے۔ نیز وَزَّعَ کا معنی تقسیم کر دینا، الگ الگ گروہوں میں بانٹ دینا بھی ہے۔ ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۳۴ گویا ہر چیز ٹیپ ریکارڈر کا کام دے رہی ہے اور ہمارے اعمال و افعال کا ناقابلِ تردید ریکارڈ تیار کیا جا رہا ہے۔ قیامت کے روز اگر کوئی شخص کراماً کاتبین کی گواہی ماننے سے انکار کرے گا تو ان اعضاء کو بولنے کا حکم دیا جائے گا۔ اس کے بعد کسی کو یارائے انکار نہ ہوگا۔

۳۵ وہ بڑے سٹپٹائیں گے اور اپنی کھالوں کو کوسنے لگیں گے۔

۳۶ وہ جواب دیں گی ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں ناحق مطعون کر رہے ہو۔ ہمیں تو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا: بولو! تو ہم بولنے لگے۔ ہماری کیا مجال کہ حکم عدولی کر سکیں اور صرف ہم ہی نہیں ہر چیز بول رہی اور گواہی دے رہی ہے۔

1۔ لسان العرب، ج 8، ص 390

اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ

تمہاری آنکھیں اور نہ تمہاری کھالیں ۳۷ بلکہ تم تو یہ گمان کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہی نہیں تمہارے

كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ

اکثر اعمال کو جو تم کرتے ہو ۳۸ اور تمہارے اسی گمان نے جو تم اپنے رب کے بارے میں کیا

بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ

کرتے تھے تمہیں ہلاک کر دیا پس تم ہو گئے نقصان اٹھانے والوں سے ۔ پس وہ صبر کریں (یا نہ کریں) آگ ہی ان کا

مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾

ٹھکانا ہے ۳۹ اور اگر وہ (اسوقت، رضائے الٰہی چاہیں گے تو وہ ان میں سے نہیں ہوں گے جن پر اللہ راضی ہوا ۴۰

۳۷ تم دوسرے لوگوں سے تو گناہ کرتے وقت پردہ بھی کر سکتے تھے، ان کی نظروں سے چھپ بھی سکتے تھے لیکن اپنے آپ سے، اپنے اعضاء سے تمہارے لیے پردہ کرنا کیسے ممکن تھا؟

۳۸ بلکہ تمہارا تو یہ خیال تھا کہ تمہارے بعض اعمال کی خبر تو اللہ تعالیٰ کو بھی نہیں ہوتی۔ اسی لیے تم نے فسق و فجور کا بازار گرم رکھا اور تمہارا یہی خیال تمہیں لے ڈوبا۔

۳۹ اس کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ (۱) جب انہوں نے دنیوی زندگی میں دوزخیوں کے اعمال پر صبر کیا، تو اب وہ آتشِ جہنم میں جلیں۔ جو کام زندگی بھر وہ کرتے رہے ہیں اب اس کی سزا بھگتیں۔ (۲) یہاں اَوْ يَجْزَعُوْا کا لفظ مقدر ہے۔ اصل عبارت یوں ہے۔ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا اَوْ يَجْزَعُوْا (1)۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ چاہے وہ صبر کریں یا جزع فزع کریں اب آگ سے نجات پانے کا کوئی راستہ انہیں نہیں ملے گا۔

۴۰ اِسْتَعْتَبَ کا معنی ہے طَلَبَ الْعَتْبَةَ۔ اَلْعَتْبَةُ: اَلرِّضَاء کسی کی خوشنودی اور رضا طلب کرنا۔ عرب کہتے ہیں: اِسْتَعْتَبْتُهٗ فَاَعْتَبَنِيْ اَيِ اسْتَرْضَيْتُهٗ فَاَرْضَانِيْ (الصحاح) (2) یعنی میں نے اس سے گزارش کی کہ وہ راضی ہو جائے تو وہ راضی ہو گیا۔ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ کفار و مشرکین قیامت کے دن جب جہنم کے کنارے پر لا کر کھڑے کر دیے جائیں گے اور وہ بھڑکتے ہوئے شعلوں کو دیکھیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کریں گے۔ بڑی معذرتیں پیش کریں گے، زمین پر ناک رگڑ رگڑ کر معافی مانگیں گے لیکن سب بے سود۔ وَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ: یعنی یہ ان لوگوں میں سے نہیں ہوں گے جن سے اللہ تعالیٰ راضی ہوگا۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج15، ص54-353 2۔ الصحاح، ج1، ص176

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

اور ہم نے مقرر کر دیے ان کے لیے کچھ ساتھی پس انہوں نے آراستہ کر دکھایا انہیں اگلے اور پچھلے گناہوں کو ۴۱

وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

اور ثابت ہو گیا ان پر فرمان (عذاب) ان قوموں کی طرح جو ان سے پہلے گزر چکی تھیں

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ع ۳ ۱۷

جنوں اور انسانوں سے وہ سب (اگلے پچھلے) نقصان اٹھانے والے تھے اور کہنے لگے وہ کافر

لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

مت سنا کرو اس قرآن کو اور شور و غل مچا دیا کرو اسکی تلاوت کے درمیان ۴۲ شاید تم (اس طرح) غالب آجاؤ۔

۴۱ ان لوگوں کو شاید کبھی یہ خیال تو آتا ہو کہ وہ راہِ راست سے بھٹک گئے ہیں، انہیں اپنے برے اعمال پر شاید شرمندگی اور ندامت بھی محسوس ہوتی ہو، لیکن ان کے مصاحب جن کا کام ہی خوشامد کرنا اور ناخوب کو خوب ظاہر کرنا ہوتا ہے، وہ ان کو بداعمالیوں سے باز نہیں آنے دیتے۔ ان کے برے کاموں کو بھی ایسے دلکش پیرائے میں پیش کرتے ہیں کہ ان پر نیکیوں کا گمان ہونے لگتا ہے۔ ظالم اور جابر حکمران اپنے سیاسی مخالفین کا قتلِ عام کرتے رہتے ہیں لیکن ان کے مصاحب انہیں باور کراتے رہتے ہیں کہ سرکارِ عالی! جو اقدام آپ نے کیا ہے اسی میں ملک اور ملت کی بقا کا راز مضمر ہے۔ یہ تعزیری قوانین جو آپ بنا رہے ہیں ناگزیر ہیں۔ جب تک یہ قانون نافذ نہ ہوگا حکومت چل ہی نہیں سکتی۔ اور جب ان ظالمانہ اور جابرانہ قوانین کے خلاف ملک کے گوشہ گوشہ سے صدائے احتجاج بلند ہوتی ہے تو احتجاج کرنے والوں پر دشمن کے ایجنٹ ہونے کا الزام لگا دیا جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خوشامدی ٹولہ اپنے ممدوح کا بیڑا غرق کر دیتا ہے۔ ہر شخص کو اس قسم کے خوشامدیوں اور بدقماش دوستوں سے اپنے آپ کو دور رکھنا چاہیے۔ خصوصاً اربابِ اقتدار کا فرض ہے کہ وہ ایسے لوگوں کی گمراہ کن باتوں میں آ کر اپنے آپ کو اور اپنی قوم و ملک کو تباہ و برباد نہ کر دیں۔

۴۲ کفار قرآن کی ہیبت سے خوفزدہ ہیں، اس کی دل میں گھر کر جانے والی تاثیر سے لرزہ براندام ہیں۔ اس سے بچنے کی ایک ہی تدبیر انہیں سوجھی کہ جس وقت قرآن پڑھا جائے تو اس وقت شور مچانا شروع کر دیا جائے، نہ خود قرآن کو سنیں اور نہ کسی دوسرے کو سننے دیں۔ فقط اسی تدبیر سے اسلام کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے سامنے بند باندھا جا سکتا ہے۔

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ

پس ہم ضرور چکھائیں گے کفار کو شدید عذاب (کا مزہ) اور انہیں بدلہ دیں گے

اَسْوَاَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ

بہت بُرا اس (نافرمانی) کا جو وہ کیا کرتے تھے ۴۳ یہ ہے سزا اللہ کے دُشمنوں کی

النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا بِاٰيٰتِنَا

یعنی آگ۔ ان کے لیے اس میں ہی ہمیشہ ٹھہرنے کا گھر ہے۔ یہ سزا ہے اس بات کی کہ وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُونَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ

انکار کیا کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں دکھا وہ دونوں (شیطان)

اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُونَا

جنوں نے ہمیں گمراہ کیا جنّوں اور انسانوں سے ہم انہیں روند ڈالیں گے اپنے قدموں کے نیچے تاکہ وہ ہو جائیں

مِنَ الْاَسْفَلِينَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا

پست ترین لوگوں سے ۴۴ بیشک وہ (سعادتمند) جنہوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے پھر وہ اس قول پر بخشی سے قائم رہے ۴۵

۴۳ لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس جُرم کی جو سزا مقرر ہے بڑی سخت ہے۔ اس تجویز پر عمل کرنے سے پہلے وہ اپنی قوتِ برداشت کا جائزہ لے لیں۔ کیا ان میں اس عذابِ الیم کو برداشت کرنے کی ہمت ہے؟

۴۴ جب انہیں دوزخ کے ابدی عذاب میں جھونک دیا جائے گا، اس وقت انہیں وہ لیڈر اور قائد یاد آئیں گے جن کے ورغلانے سے وہ اللہ تعالیٰ کے رسول کو ستایا کرتے تھے اور قرآن پر طرح طرح کے لغو اعتراضات کیا کرتے تھے۔ انہیں رہ رہ کر ان لیڈروں پر غصہ آئے گا اور دانت پیسیں گے اور کہیں گے:

''اے رب! ایک دفعہ ہمیں وہ شیطان دکھا دے جو جنوں اور انسانوں میں سے ہمیں گمراہ کیا کرتے تھے۔ اگر وہ آج ہمارے ہتھے چڑھ جائیں تو ہم ان کو اپنے پاؤں تلے رگید کر رکھ دیں اور ان کا حلیہ بگاڑ ڈالیں تاکہ اہلِ جہنم کی نظروں میں بھی ان کی ذلت اور پستی آشکارا ہو جائے۔''

۴۵ اہلِ زیغ و باطل کی دنیوی زندگی، اس میں ان کی طفلانہ حرکتوں اور آخرت میں جس عذابِ الیم میں انہیں مبتلا کیا جائے گا

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا

اُترتے ہیں ان پر فرشتے (اور انہیں کہتے ہیں) کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو ۴۶ تمہیں بشارت ہو

اور وہ کس طرح ایک دوسرے سے الجھیں گے، ان تمام کے اثر آفرین تذکرہ کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے بندوں کا ذکر ہو رہا ہے اور دنیا و آخرت میں جو عزتیں اور سرفرازیاں ان کو بخشی جانے والی ہیں ان کا دلنشین بیان کیا جا رہا ہے تا کہ دل خود بخود ان کے نقشِ پا کو خضرِ راہ بنانے کے لیے مجبور ہو جائیں۔

المختصر ان آیات میں دو حقیقتیں آشکارا کی گئی ہیں۔ شانِ بندگی کیا ہے؟ اور شانِ بندہ نوازی کس کو کہتے ہیں؟ شانِ بندگی تو یہ ہے کہ انسان زبان سے اقرار کرے کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور پھر آخر دم تک اپنے عمل سے، اپنے قول و فعل سے، اپنے احساسات اور جذبات سے، اپنی خلوتوں اور جلوتوں میں اس کی تصدیق کرتا رہے۔ زبان سے یہ کہہ دینا کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے آسان ہے لیکن عمر بھر ثابت قدمی سے اس پر ڈٹے رہنا بڑی ہمت و مردانگی کا کام ہے۔

حضرت انس سے مروی ہے کہ رسولِ مکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی پھر کہا: قَدْ قَالَ النَّاسُ ثُمَّ كَفَرَ اَكْثَرُهُمْ فَمَنْ مَّاتَ عَلَيْهَا فَهُوَ مِمَّنِ اسْتَقَامَ (ترمذی)(1) یعنی لوگ کہنے کو تو کہہ دیتے ہیں کہ رَبُّنَا اللّٰهُ لیکن پھر اکثر اس کا انکار کر دیتے ہیں۔ جو آدمی آخر دم تک اس بات پر ثابت قدم رہا اس کا شمار اس زمرہ میں ہوگا۔

علامہ آلوسی نے خلفائے راشدین سے اس آیت کی تفسیر نقل کی ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:

ایک بار حضرت ابوبکر صدیقؓ نے یہ آیت پڑھی پھر پوچھا: اس کا کیا مطلب ہے؟ لوگوں نے کہا لَمْ يُذْنِبُوا کہ استقامت کا معنی یہ ہے کہ پھر اس سے گناہ صادر نہ ہو۔ قَالَ قَدْ حَمَلْتُمُ الْاَمْرَ عَلٰى اَشَدِّهٖ: فرمایا: تم نے تو یہ کام بڑا مشکل بنا دیا ہے۔ عرض کی گئی: آپ ہی فرمایئے۔ قَالَ لَمْ يَرْجِعُوْا اِلٰى عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ: یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنا رب ماننے کے بعد اس پر استقامت کا یہ مطلب ہے کہ پھر بتوں کی پوجا نہ شروع کر دیں۔ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے اِسْتَقَامُوْا کی تفسیر یوں کی:

اِسْتَقَامُوْا لِلّٰهِ تَعَالٰى بِطَاعَتِهٖ لَمْ يَرُوْغُوْا رَوَغَانَ الثَّعْلَبِ: یعنی وہ ثابت قدمی سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں اور لومڑی کی طرح حیلہ سازیاں کر کے راہِ فرار اختیار نہیں کرتے۔

حضرت عثمانؓ سے مروی ہے۔ اَخْلَصُوا الْعَمَلَ: جو عمل کرتے ہیں اخلاص سے کرتے ہیں۔ ریا اور نمائش کا وہاں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ نے فرمایا: فرائض کی ادائیگی استقامت ہے۔(2)

عارف باللہ مولانا ثناء اللہ لکھتے ہیں کہ استقامت ایک مختصر لفظ ہے۔ اس سے مراد شریعت کے تمام احکام کی بجا آوری اور جن امور سے روکا گیا ہے ان سے اجتناب اور آخر دم تک اس طریقۂ کار پر ثابت قدمی۔(3)

حضرت سفیان بن عبداللہ الثقفی نے عرض کی: یا رسول اللہ! قُلْ لِّيْ فِي الْاِسْلَامِ قَوْلًا لَّا اَسْئَلُ عَنْهُ اَحَدًا بَعْدَكَ۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول! اسلام کے بارے میں مجھے ایسی بات بتایئے کہ حضور کے بعد مجھے کسی سے پوچھنے کی حاجت نہ رہے۔ حضور

1۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر، ج2، ص157 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز24، ص120 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص292

بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝۳۰ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي

جنّت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہم تمہارے دوست ہیں

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ: کہہ کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اور پھر عمر بھر اس پر ثابت قدم رہ۔ (1)

۴۶ شانِ بندگی کے ذکر کے بعد اب شانِ بندہ نوازی کا بیان شروع ہو رہا ہے۔ بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے ان مقبول بندوں پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان کو طرح طرح سے تسلی دیتے ہیں کہ قبر و حشر سے بھی خوفزدہ ہونے کی تمہیں ضرورت نہیں اور اپنی اولاد اور عزیز و اقارب جو تم پیچھے چھوڑ جاؤ گے ان کے بارے میں بھی تمہیں پریشان نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کا حافظ و ناصر ہے۔ اور سنو! ہم تمہیں یہ خوشخبری دیتے ہیں کہ جنت کے دروازے تمہارے لیے کھول دیے گئے ہیں اور وہاں کی سرمدی بہاریں تمہارے لیے چشم براہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں پر فرشتوں کا نزول کس وقت ہوتا ہے اور کیا وہ فرشتوں کی باتوں کو اپنے ان ظاہری کانوں سے سنتے ہیں؟ بعض علماء کا یہ قول ہے کہ فرشتوں کا نزول موت کے وقت ہوتا ہے۔ لیکن اہلِ تحقیق کا یہ قول ہے کہ یہ سلسلہ عمر بھر جاری رہتا ہے۔ جب بھی بندۂ مومن اپنے ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اور اپنے فرائض سے عہدہ برآ ہونے کے لیے راہِ عمل پر گامزن ہوتا ہے تو قدم قدم پر تیز کانٹے اس کے پاؤں کی تواضع کرتے ہیں، ہر موڑ پر حشر بداماں مصیبتیں اس کی منتظر ہوتی ہیں۔ اور رنج و آلام کے بادل ہر طرف سے گھر کر آ جاتے ہیں، اس وقت ملائکہ اس کی دلجوئی کے لیے نازل ہوتے ہیں۔ بعض مقبول بندے فرشتوں کی یہ باتیں اپنے کانوں سے سنتے ہیں اور جو ان کی باتیں نہیں سن سکتے ان کے دلوں میں طمانینت و تسکین کی ایک ایسی کیفیت نمودار ہو جاتی ہے کہ ان کے اکھڑے ہوئے قدم جم جاتے ہیں۔ باطل کے مقابلہ میں ان کی قوتِ مدافعت تند و تیز ہو جاتی ہے اور نئے ولولوں سے سرشار ہو کر وہ منزلِ مقصود کی طرف بڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔ کوئی چیز ان کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتی۔ مرتے وقت، لحد میں اور روزِ حشر ان تمام مقامات پر انہیں ملائکہ کی رفاقت حاصل ہوگی۔ چنانچہ علامہ آلوسی رقمطراز ہیں:

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِيْمَا يَعِنُّ وَيَتَوَلَّوْنَ لَهُمْ مِّنَ الْاُمُوْرِ الدِّيْنِيَّةِ وَ الدُّنْيَوِيَّةِ بِمَا يُشْرِحُ صُدُوْرَهُمْ وَيُدْفَعُ عَنْهُمُ الْخَوْفُ وَ الْحُزْنُ بِطَرِيْقِ الْاِلْهَامِ كَمَا اَنَّ الْكَفَرَةَ يُغْوِيْهِمْ مَّا قَيَّدَ لَهُمْ مِّنْ قُرَنَاءِ السُّوْءِ: یعنی فرشتے ان پر اترتے ہیں اور دینی اور دنیوی مشکلات جو انہیں پیش آتی ہیں ان میں ان کی یوں امداد کرتے ہیں کہ ان کے سینے منشرح ہو جاتے ہیں اور بذریعہ الہام ان کے خوف و حزن کو دور کر دیتے ہیں جس طرح کافروں کو ان کے برے ساتھی برے کاموں پر اُکساتے ہیں۔

اس کے بعد علامہ مذکور فرماتے ہیں کہ کلام کے اطلاق اور عموم کے پیشِ نظر یہی قول اظہر ہے اور ہم تمہیں پہلے بتا چکے ہیں کہ بہت لوگوں کا یہ قول ہے کہ فرشتے اکثر اوقات متقین پر نازل ہوتے ہیں اور یہ لوگ ان سے کسبِ فیض کرتے ہیں۔ (روح المعانی) (2)

1۔ مسند امام احمد، ج 3، ص 413 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 24، ص 121

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ

دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ۴۷ اور تمہارے لیے اس میں ہر وہ شے ہے جو تمہارا جی چاہے

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَ ع ۱۸

اور تمہارے لیے اس میں ہر وہ چیز ہے جو تم مانگو گے ۴۸ یہ میزبانی ہے بہت بخشنے والے ہمیشہ رحم فرمانے والے کی طرف سے ۴۹ اور

مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ

اس شخص سے بہتر کس کا کلام ہے جس نے دعوت دی اللہ کی طرف ۵۰ اور نیک عمل کیے ۵۱ اور کہا کہ

۴۷ یعنی نیک کاموں کی ادائیگی میں ہم تمہارے مددگار ہیں۔ بذریعہ الہام حق بات تمہارے دلوں میں ڈال دیتے ہیں اور ان امور کی طرف تمہاری راہنمائی کرتے ہیں جن میں تمہارا بھلا اور کامیابی ہے اور آخرت میں ہم دوستی کا حق یوں ادا کریں گے کہ شفاعت سے تمہاری امداد کریں گے اور جب قبر سے اٹھو گے تو تمہارا شاندار استقبال کریں گے۔ (روح المعانی)(1)

۴۸ تم جو چاہو گے، تم جو مانگو گے، وہ دیا جائے گا۔

۴۹ یہ عنایاتِ خسروانہ، یہ انعاماتِ بے پایاں تمہارے اعمال کا معاوضہ نہیں ہوگا بلکہ رب غفور رحیم کی طرف سے میزبانی ہوگی۔ بندہ مہمان اور خداوندِ عرش میزبان، سبحان اللہ! کیا شان ہے، کیسا اعزاز ہے اور کتنا کرم ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ بِجَاهِ عَبْدِكَ الْمُكَرَّمِ وَ قَائِدِهِمُ الْمُحْتَشَمِ وَ مُرْشِدِهِمُ الْمُعَظَّمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

۵۰ بیشک ایمان لانا اور اس پر ثابت قدم رہنا بہت بڑی بات ہے لیکن اس سے اونچا ایک اور مقام ہے جس پر آشیاں بند ہونے کے لیے کوشاں رہنا ہر بندۂ مومن پر لازم ہے۔ وہ یہ کہ لوگوں کو بھی خداوندِ قدوس کی وحدانیت و کبریائی پر ایمان لانے کی دعوت دے۔ اس کے سچے رسول کی فرمانبرداری، اس کی نازل کی ہوئی کتاب کے احکام کو بجالانے کی ترغیب دے۔ صرف اسی بات پر مطمئن نہ ہو جائے کہ اس نے اسلام کے چشمۂ شیریں سے اپنی پیاس کو بجھا لیا، بلکہ ان تشنہ لبوں کا درد بھی اس کو بیقرار کردے جو ریگ زارِ حیات میں ایک قطرۂ آب کے لیے ترس رہے ہیں۔ اس کے دل میں یہ شدید جذبہ ہو کہ جس طرح اس نے اپنی تاریک زندگی میں ایمان کی شمع روشن کر لی ہے گمراہی کی ظلمتوں میں ٹھوکریں کھانے والا کوئی شخص بھی اس نورِ یقین سے محروم نہ رہے۔ خود سوچیے اس مقام کو مقامِ رفیع کیوں نہ کہا جائے؟ کیا اس سے بھی زیادہ خیر خواہی اور بھلائی کا کوئی جذبہ ہے؟

آیت کا عموم اس امر کا مقتضی ہے کہ اس کو کسی کے ساتھ مختص نہ کیا جائے بلکہ جو ایسا کرے اس کے لیے یہ درِ رحمت کشادہ رہے۔ لیکن اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ تبلیغ وارشاد میں حضور سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کا جو مقام ہے اس سے کسی کو کیا نسبت ہو

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 24، ص 121

اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ؕ

میں تو (اپنے رب کے) فرمانبردار بندوں سے ہوں ۵۲ نہیں یکساں ہوتی نیکی اور برائی ۵۳

سکتی ہے؟ حضرت حسن بصری اگرچہ اس آیت کو عام کہتے تھے اس کے باوجود جب کبھی یہ آیت تلاوت کرتے اور اس کی تشریح کرنے لگتے تو ان پر وجد کی ایک کیفیت طاری ہو جاتی اور یوں گوہر افشانی فرماتے۔ وَ کَانَ الْحَسَنُ اِذَا قَرَأَ هٰذِهِ الْآیَةَ یَقُوْلُ هٰذَا رَسُوْلُ اللهِ۔ هٰذَا حَبِیْبُ اللهِ۔ هٰذَا وَلِیُّ اللهِ۔ هٰذَا صَفْوَةُ اللهِ۔ هٰذَا خِیَرَةُ اللهِ۔ هٰذَا وَ اللهِ اَحَبُّ اَهْلِ الْاَرْضِ اِلَی اللهِ (قرطبی)(1) کہ اس اونچی شان کے مالک رسول اللہ ہیں، حبیب اللہ ہیں، ولی اللہ ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ہیں، یہ تمام اہلِ زمین سے خدا تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہیں۔

۵۱ لوگوں کو دعوت دے کر خود غافل نہیں ہو جاتا جس طرح عام طور پر دیکھا جاتا ہے، بلکہ وہ خود بھی اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی پوری تندہی سے کرتا ہے۔

۵۲ زبان سے یہ کہہ دینا کہ میں مسلمان ہوں، کون سے کمال کی بات ہے کہ اتنے اہتمام سے یہاں اس کو بیان کیا گیا ہے؟ ہم سب اپنی مسلمانی کے دعوے کرتے ہیں لیکن اس سے حق کو کیا فائدہ پہنچتا ہے؟ باطل کو کیا زک پہنچتی ہے؟ آج کل یہ شبہ بجا ہے، لیکن آپ ذرا تصوّر کریں اس ماحول کا جس ماحول میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اس وقت جو شخص اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرتا تھا وہ گویا لوگوں کو دعوتِ عام دیتا تھا کہ آؤ مجھ پر پتھر برساؤ۔ میری مشکیں کس کر مجھے تپتی ہوئی ریت پر لٹاؤ۔ بھاری بھرکم پتھر میری چھاتی پر رکھ دو۔ انگارے دہکاؤ اور مجھے ان دہکتے ہوئے انگاروں پر بچھا دو۔ میری دادرسی کے لیے کوئی نہیں آئے گا۔ تم سے کوئی باز پُرس نہیں ہوگی۔ ایسے ماحول میں یہ کہنا کہ میں مسلمان ہوں۔ رب العٰلمین کا بندہ اور رحمۃ للعالمین کا غلام ہونے کا اعلان کرتا ہوں، ایسا اعلان کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہ تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آج بھی اس اعلان کی ذمہ داریوں کو قبول کرنے کا پورا احساس کرتے ہوئے یہ کہنا اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ بڑے ہی دل گردے کا کام ہے۔ اسی لیے تو علامہ مرحوم نے فرمایا تھا:

چو می گویم مسلمانم بلرزم کہ دانم مشکلاتِ لا الٰہ را (2)

اور اپنے انداز میں جگر مرادآبادی کا یہ شعر بھی خوب ہے:

یہ عشق نہیں آسان اتنا ہی سمجھ لیجیے اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

۵۳ بیانِ حقیقت کے طور پر پہلے بتا دیا کہ نیکی اور برائی یکساں نہیں۔ نیکی ہر حال میں نیکی ہے خواہ معاشرہ میں اس کی پذیرائی نہ ہو، اور برائی اپنی انتہائی مقبولیت کے باوجود برائی ہے خواہ اس کو اپنانے والی بڑی بڑی ہستیاں ہوں۔ برائی کا خوگر برائی کا ارتکاب کیوں نہ کرتا ہو، لیکن اس کے دل میں یہ خلش ہمیشہ رہتی ہے کہ وہ برائی کر رہا ہے اور اس طرح اپنے اوپر ظلم کر رہا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 360 2۔ کلیاتِ اقبال فارسی (ارمغان حجاز)، ص 941

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ

برائی کا تدارک اس (نیکی) سے کرو جو بہتر ہے ۵۴ پس ناگہاں وہ شخص، تیرے درمیان اور اس کے درمیان عداوت

كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ

ہے یوں بن جائیگا گویا تمہارا جانی دوست ہے ۵۵ اور نہیں توفیق دی جاتی ان خصائل حمیدہ کی بجز اُنکے جو صبر کرتے ہیں ۵۶

۵۴ اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم کو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے تمام داعیانِ حق کو یہ ارشاد فرما رہا ہے کہ جس جنگ میں تم شریک ہو اس کو جیتنے کا گُر یہ ہے کہ لوگ تم سے برائی کریں اور تم اس کا بدلہ صرف نیکی سے نہیں بلکہ بہترین نیکی سے دو۔ لوگ تم پر پتھر برسائیں۔ پتھر کھا کر پتھر نہ مارنا نیکی ہے لیکن ان پر پھول برسانا تمہارا شیوہ ہونا چاہیے۔ لوگ تمہیں گالیاں دیں تم پر جھوٹے بہتان تراشیں، تمہارے خلاف غلط الزامات لگائیں اور پھیلائیں اور تم چپ رہو یہ بھی قابلِ تعریف بات ہے، لیکن لُطف تو تب ہے کہ تم رات کو اٹھ اٹھ کر، سجدہ میں سر نیاز رکھ کر ان کی ہدایت پذیری کے لیے دعائیں مانگو۔

۵۵ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ خیر و شر کے اس معرکہ میں خیر کو فتح نصیب ہوگی اور شر کو ہزیمت۔ خواہ خیر کے پاس اسلحہ اور ساز و سامان کی قلت ہو، خیر کے علمبرداروں کی تعداد بھی تھوڑی ہو اور شر کے قشونِ قاہرہ سے زمین کانپ رہی ہو، پھر بھی خیر کو کامیابی اور شر کو ناکامی نصیب ہوگی۔ بلکہ وہی لوگ جو شر کو پھیلانے اور اس کو غالب کرنے کے لیے جان کی بازی لگائے ہوئے تھے، وہ اس سے سارے ناطے توڑ کر شمعِ حق پر پروانہ وار نثار ہونے لگیں گے۔ جو پہلے تمہارے اسلام لانے کی وجہ سے تمہاری جان کے دشمن اور تمہارے خون کے پیاسے بن گئے تھے اب وہ سوجان سے تم پر تصدق اور نثار ہونے لگیں گے۔ اگر یقین نہ آئے تو خالد بن ولید، عکرمہ بن ابی جہل اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم کی زندگیوں کا مطالعہ کرلو۔

یہ تو مسلمان کی قومی اور دینی زندگی کا حال ہے۔ انفرادی زندگی میں بھی صحیح اور پائیدار کامیابی حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہے۔ کسی شخص نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کچھ نازیبا جملے کہے۔ مکتبِ رسالت کے اس تربیت یافتہ نے جواب دیا کہ: اِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَغَفَرَ اللّٰهُ لِیْ۔ وَاِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَغَفَرَ اللّٰهُ لَكَ۔ (قرطبی)(1) اگر تو سچا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے اور اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ تجھے بخشے۔

سیدنا علی المرتضیٰ کے خادم قنبر کو کسی نے گالی دی۔ آپ سن رہے تھے۔ قنبر کو بلند آواز کر کے فرمایا: یَا قَنْبَرُ دَعْ شَاتِمَكَ وَاٰلِهٖ عَنْهُ تُرْضِی الرَّحْمٰنَ وَ تُسْخِطِ الشَّیْطَانَ وَ تُعَاقِبُ شَاتِمَكَ فَمَا عُوْقِبَ الْاَحْمَقُ بِمِثْلِ السُّكُوْتِ عَنْهُ (قرطبی)(2) اے قنبر! اپنے گالی نکالنے والے کو چھوڑ دے۔ اور اس کو بُھلا دو اس طرح تو رحمٰن کو راضی کرے گا اور شیطان کو غضبناک کرے گا اور اپنے گالی دینے والے کو سزا دے گا، کیونکہ بیوقوف کی یہی سزا ہے کہ اس سے الجھنے کے بجائے خاموشی اختیار کی جائے۔

۵۶ اس مقامِ رفیع پر پہنچنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں، جب تک صبر کا دامن مضبوطی سے نہ پکڑ لیا جائے اس وقت تک یہاں

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 15، ص 361 2۔ ایضاً، ص 362

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ

اور نہیں توفیق دی جاتی ان کی مگر بڑے خوش نصیب کو اور (اے سننے والے) اگر شیطان کی طرف سے تیرے

الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾

دل میں کوئی وسوسہ پیدا ہو تو (اس کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگ ۵۷ یقیناً وہی سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا

اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے رات بھی ہے اور دن بھی، سورج بھی ہے اور چاند بھی ۵۸ مت سجدہ کرو

قدم رکھنا ممکن نہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ شخص بڑا ہی خوش نصیب اور بلند اقبال ہے جس کو اس مقام تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔
علامہ ابنِ منظور یلقّٰی کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قَالَ الْاَزْهَرِيُّ: وَالتَّلَقِّيْ هُوَ الِاسْتِقْبَالُ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا۔ الخ۔ وَقِيْلَ فِيْ قَوْلِهٖ مَا يُلَقّٰىهَآ اَيْ مَا يُعَلِّمُهَا وَيُوَفِّقُ لَهَا اِلَّا الصَّابِرُ۔ (لسان)(1) ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے۔

۵۷ اس مضمون کو ختم کرنے سے پہلے ایک بڑی پیاری بات کہہ دی۔ جتنا تم اپنے حسنِ عمل سے خوبصورت روایات قائم کرنے کی کوشش کرو گے شیطان بھی تمہیں پچھاڑنے کے لیے اپنی کوششوں کو تیز تر کر دے گا۔ وہ بھلا یہ کب گوارا کر سکتا ہے کہ تمہاری ذات میں نیکی، حسنِ خلق، پاکبازی کا ایک ایسا حسین پیکر دنیا کے سامنے پیش ہو جسے دیکھ کر دل بیساختہ اس کی طرف کھچے چلے آئیں۔ وہ ضرور ڈنگ مارے گا اور پوری جدوجہد کرے گا کہ تجھ سے کوئی ایسی بات صادر ہو جائے جس کا بتنگڑ بنا کر وہ تیری سیرت کی دلکشی اور جاذبیت کو ختم کر دے۔ اس لیے اپنے دشمن کے اس وار سے تجھے بھی ہمیشہ چوکنا رہنا چاہیے، ایسا نہ ہو کہ تو پچھاڑ دیا جائے۔ جب بھی شیطان کوئی ایسی بات تیرے دل میں ڈالے تجھے چاہیے کہ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل کرنے کے لیے التجا کرتا کہ وہ شیطان کے شر سے تجھے محفوظ رکھے۔ تو اس عیار کا تنہا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ تجھے اللہ تعالیٰ کی امداد اور توفیق کی ضرورت ہے اس لیے اپنی بے بسی اور ناتوانی کا اعتراف کرتے ہوئے بڑی عاجزی سے درخواست کر کہ وہ تجھے شیطان کی اس سازش سے بچالے۔ وہ تیری درخواست سنے گا، اسے قبول فرمائے گا۔ وہ تیرے حالِ دل سے خوب آگاہ ہے۔
نَزَغَ يَنْزَغُ نَزْغًا کا معنی ہے دل میں وسوسہ ڈالنا۔ وہ وسوسے جن کی وجہ سے انسان گناہ کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے اسے نَزْغُ الشَّيْطٰنِ کہتے ہیں۔ علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں: نَزْغُ الشَّيْطٰنِ وَسَاوِسُهٗ وَنَخْسُهٗ فِي الْقَلْبِ بِمَا يُسَوِّلُ لِلْاِنْسَانِ مِنَ الْمَعَاصِي (لسان)(2)

۵۸ اب پھر شرک کے بطلان اور توحید کی حقانیت پر دلائل پیش کیے جا رہے ہیں۔ سورج اور چاند اکثر مشرک قوموں کے معبود و

1۔ لسان العرب، ج15، ص256 2۔ ایضاً، ج8، ص454

لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ

سورج کو اور نہ چاند کو بلکہ سجدہ کرو اللہ کو جس نے انہیں پیدا فرمایا ہے ۵۹ اگر تم

كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ

واقعی اس کے پرستار ہو پھر (بھی) اگر وہ تکبّر کرتے رہیں (تو انکی قسمت) پس وہ (فرشتے) جو آپکے

السجدة ۱۱ رَبِّكَ یُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا یَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدة

رب کے پاس ہیں تسبیح کرتے رہتے ہیں اس کی شب و روز ۶۰ اور وہ نہیں تھکتے ۶۱

وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْهَا

اور اسکی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تو دیکھتا ہے زمین کو کہ وہ (کسی وقت) خشک بنجر ہے پھر جب ہم اتارتے

الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِیْۤ اَحْیَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ اِنَّهٗ

ہیں اس پر (بارش کا) پانی تو جھومنے لگتی ہے اور کھل اٹھتی ہے ۶۲ بیشک وہ (قادرِ مطلق) جس نے زندہ کر دیا ہے زمین کو وہی زندہ

معبود رہے ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ یہ خود کچھ نہیں۔ یہ تو اس خالقِ کائنات کی قُدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں۔ جو کام اس نے ان کے سپرد کیا ہے اس کو انجام دینے میں مصروف ہیں۔ رات کو چاند طلوع ہوتا ہے اور سورج کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ صبح ہوتی ہے تو سورج نور افشانیاں کرتا ہوا نمودار ہوتا ہے اور چاند کو آنکھوں سے اوجھل کر دیتا ہے۔ اگر یہ معبود ہوتے تو ہر وقت ہر جگہ موجود رہتے۔ مزید غور فرمایئے: دونوں روشن ہیں لیکن ہر ایک کی روشنی کی مقدار الگ الگ اور تاثیر جدا جدا ہے۔ رفتار کسی کی تیز، کسی کی سست۔ ان گوناگوں اختلافات میں بھی ہزاروں حکمتیں ہیں جو اہلِ نظر سے پوشیدہ نہیں۔

۵۹ ان کو سجدہ نہ کرو بلکہ اس ہستی کو سجدہ کرو جو ان کی خالق ہے۔

۶۰ اگر کفار اس کھلی صداقت کو تسلیم نہ کریں اور غرور و تکبّر سے باز نہ آئیں تو یہ اللہ تعالیٰ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے۔ اپنی عاقبت کو ہی تباہ کر رہے ہیں۔ اَن گنت نوری فرشتے اپنی پاک زبانوں سے اس کی حمد و ثنا میں محو ہیں۔ نہ تھکتے ہیں نہ اکتاتے ہیں بلکہ اسی ذکر و تسبیح پر ہی ان کی زندگی کا انحصار ہے۔

۶۱ یہاں سجدۂ تلاوت کرنا چاہیے، احناف کے نزدیک۔ امام مالک اور کئی ائمہ اِیَّاہ تعبدون پر سجدۂ تلاوت لازم کرتے ہیں۔ (1)

۶۲ اپنی قدرت کی ایک اور روشن نشانی کا ذکر فرمایا جس کا مشاہدہ وہ آئے روز کیا کرتے تھے۔ اِهْتَزَّتْ: خوشی سے حرکت کرنا،

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 7، ص 499

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

کرنیوالا ہے مردوں کو۔ بلاشبہ وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ بیشک جو لوگ ہماری آیتوں میں اپنی طرف سے اضافے کرتے ہیں ۶۳

لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا

وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا جو پھینکا جائے گا آگ میں وہ بہتر ہے یا جو آئے گا امن وسلامتی کیساتھ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾

قیامت کے دن (وہ بہتر ہے) تم وہ کرو جو تمہاری مرضی یقیناً جو کچھ تم کرتے ہو، وہ خوب دیکھ رہا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّ

بیشک وہ لوگ جنہوں نے قرآن کو ماننے سے انکار کیا جب وہ انکے پاس آیا ۶۴ (تو وہ ہٹ دھرم لوگ ہیں) اور بیشک یہ بڑی عزت (حرمت) والی کتاب ہے

يَّاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ

اس کے نزدیک نہیں آسکتا باطل نہ اس کے سامنے سے اور نہ پیچھے سے ۶۵ یہ اُتری ہوئی ہے

جھومنا (1)۔ رَبَتْ: پھلنا، پھولنا، بڑھنا۔

۶۳ علامہ ابنِ منظور الحاد کے معنی کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلْمُلْحِدُ الْعَادِلُ عَنِ الْحَقِّ الْمُدْخِلُ فِيْهِ مَا لَيْسَ فِيْهِ: یعنی مُلحد اس شخص کو کہتے ہیں جو حق سے روگردانی کرے اور اس میں ایسی چیز کی آمیزش کرے جو اس میں نہیں ہے۔ اس کا ایک اور مفہوم بھی بتایا گیا ہے: يُلْحِدُوْنَ اَیْ يَعْتَرِضُوْنَ۔ یعنی وہ اعتراض کرتے ہیں۔ (2)

وہ لوگ جو خود حق سے روگردانی کیے ہوئے ہیں لیکن صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ حق میں ایسی چیزوں کی ملاوٹ کرتے رہتے ہیں جن کے باعث لوگ حق سے ہی نفرت کرنے لگتے ہیں۔ یا جو لوگ آیاتِ الٰہی میں قطع و برید کر کے طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں وہ کتنے مکار اور عیار کیوں نہ ہوں، ان کی فاسد نیت کتنی چھپی ہوئی کیوں نہ ہو، وہ اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں۔ قیامت کے دن انہیں دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔ وہ خود سوچیں اور فیصلہ کریں کہ ان کی یہ حالت اچھی ہوگی یا اس شخص کی حالت بہتر ہوگی جسے قیامت کے دن کسی مؤاخذہ کا اندیشہ نہ ہوگا، ہر خطرہ سے محفوظ ہوگا، امن و عافیت سے وہاں اپنے جنت میں داخل ہونے کے اذن کا انتظار کر رہا ہوگا۔

۶۴ موصول اور صلہ مل کر مبتدا اور هَالِكُوْنَ یا مُعَانِدُوْنَ اس کی خبر محذوف مقدر ہے۔ (3)

1۔ لسان العرب، ج5، ص24-423 2۔ لسان العرب، ج3، ص89-388 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص300

مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ

بڑے حکمت والے سب خوبیاں سراہے کی طرف سے۔ (اے حبیب!) نہیں کہا جاتا آپ کو مگر وہی جو کہا گیا پیغمبروں کو آپ

مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ

سے پہلے ۶۶ بیشک آپ کا پروردگار (اہلِ ایمان کے لیے) بہت بخشنے والا اور (منکرین کیلئے) دردناک عذاب دینے والا ہے۔ اور

جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ

بالفرض اگر ہم اسے بنا کر بھیجتے قرآن عجمی زبان میں تو کہتے کیوں نہ کھول کر بیان کی گئیں اسکی آیتیں ۶۷ کیا اچنبھا ہے کتاب عجمی

وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ

اور نبی عربی ۶۸ آپ فرمایئے یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لیے تو ہدایت اور شفاء ہے ۶۹ اور جو

۶۵ یہ ایسی کتاب ہے کہ کسی شیطان کی مجال نہیں کہ اس میں کمی بیشی کر سکے یا اس میں بیان کی ہوئی کسی سچائی کی تکذیب کر سکے۔ یہ ایسا مضبوط قلعہ ہے جس کے تمام اطراف محفوظ ہیں۔ کسی جہت سے اس کے اندر کوئی شخص داخل نہیں ہو سکتا۔ کفارِ مکہ نے اس میں گڑبڑ کرنے کی کوشش کی اور ہر بار منہ کی کھائی۔ رافضیوں نے اس کی آیتوں میں ردوبدل کرنے کی ناپاک سعی کی، لیکن ہمیشہ ناکام رہے۔

۶۶ کفار جو اعتراض آج آپ پر کرتے ہیں بعینہٖ اسی قسم کے اعتراضات آپ سے پہلے جو رسول تشریف لے آئے ان کی امت کے نابکاروں نے ان پر بھی کیے۔ یہ لوگ پہلے معترضین کا انجام دیکھ لیں۔ اگر یہ باز نہ آئے تو ان کے ساتھ بھی وہی سلوک ہوگا جو ان کے پیشروؤں کے ساتھ روا رکھا گیا تھا۔

۶۷ ان کفار کا بھی عجیب حال ہے، قرآنِ کریم فصیح و بلیغ عربی زبان میں نازل کیا گیا ہے۔ اس کی آیات بالکل واضح اور ان کا مفہوم بالکل آشکارا ہے، لیکن یہ انہیں قبول نہیں کرتے۔ اور اگر یہ قرآن کسی عجمی زبان میں نازل کیا جاتا تو پھر یہ کہتے کہ دیکھو کتاب لانے والا رسول تو عربی اور جس زبان میں یہ کتاب اس پر نازل ہوئی وہ عجمی ہے۔ ہمیں کیا خبر کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ غرضیکہ انہیں تو فقط اعتراض کرنے سے کام ہے۔ عربی میں ہے تب بھی اعتراض کرتے ہیں، کسی عجمی زبان میں نازل ہوتی تب بھی اعتراض کرتے۔ ''خوئے بدرا بہانہ ہا بسیار'' والی بات ہے۔

۶۸ تقدیرِ کلام یوں ہے: اَیْ کِتَابٌ اَعْجَمِیٌّ وَّ رَسُوْلٌ عَرَبِیٌّ (1)۔ یعنی کتاب عجمی ہے اور رسول عربی۔

۶۹ اے محبوب! آپ فرمایئے: قرآنِ کریم اہلِ ایمان کے لیے تو سراپا ہدایت اور پیغامِ شفا ہے۔ وہ تو اس کی تعلیمات کو دل

1۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج8، ص302

لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ

ایمان نہیں لائے ان کے کانوں میں بہرہ پن ہے اور وہ ان پر (ہر حال میں) مشتبہ رہتا ہے ۔ انہیں

ع ۵ ۱۲ ۱۹ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

گویا بُلایا جاتا ہے دُور کی جگہ سے اور ہم نے عطا فرمائی موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب پس

فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

اس میں بھی بہت اختلاف کیا گیا ہے ۷۰ اور اگر ایک بات طے نہ ہوگئی ہوتی آپکے رب کی طرف سے تو (ابھی) فیصلہ

بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

کر دیا جاتا انکے درمیان ۔ اور بیشک وہ ایک شک میں مُبتلا ہیں اسکے بارے میں جو بے چین کر دینے والا ہے ۔ جو نیک عمل کرتا ہے

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

تو وہ اپنے بھلے کے لیے اور جو برائی کرتا ہے اس کا وبال اس پر ہے اور آپ کا ربّ تو بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ۔

الجزء ۲۵ اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا ۚ وَ

اسی اللہ کی طرف لوٹایا جاتا ہے قیامت کا علم ۷۱ اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے غلافوں سے اور

سے قبول کرتے ہیں اور اس کے احکام کو صدقِ دل سے بجالاتے ہیں اور اس کی نواہی سے دور رہتے ہیں ۔ البتہ جن کے دلوں میں کفر کے اندھیرے خیمہ زن ہیں، انہیں اعتراضات سے ہی فرصت نہیں ملتی ۔ اس پیغامِ حق کو سننے سے ان کے کان بہرے ہیں اور وہ ہر وقت شک وشبہ میں ہی گرفتار رہتے ہیں ۔

عَمٰی کا معنی دل کا اندھا ہونا ہے ۔ یہاں اس سے مراد شبہ میں مبتلا ہونا ۔ اَیْ ظُلْمَۃٌ وَّشُبْھَۃٌ ۔

۷۰ موسیٰ علیہ السلام جو بڑے جلیل القدر پیغمبر تھے ان پر تورات نازل ہوئی تو اس میں بھی اہلِ زیغ نے گونا گوں اختلافات کا دروازہ کھول دیا ۔ وہ شک جو انسان کو قلق واضطراب سے دوچار کر دے اور سکونِ قلب کی دولت اس سے چھین لے اس کو شَکٌّ مُرِیْبٌ کہتے ہیں ۔ (1)

۷۱ یہاں اللہ تعالیٰ کے علمِ محیط کا بیان ہو رہا ہے ۔

1 ۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 24، ص 131

مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ

نہ حاملہ ہوتی ہے کوئی مادہ اور نہ بچہ جنتی ہے اسکے علم کے بغیر۔ اور جس روز وہ انہیں پکارے گا کہ کہاں ہیں میرے شریک؟

قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ

کہیں گے ہم (پہلے) عرض کر چکے ہیں ہم میں سے کوئی بھی (اسپر) گواہی نہ دے گا ۷۲ اور گم ہو جائیں گے ان سے جنکی وہ پہلے عبادت

مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ

کیا کرتے تھے اور وہ یقین کر لیں گے کہ اب بھاگ جانے کی کوئی جگہ نہیں۔ نہیں اکتاتا انسان بھلائی کی دعا کرنے

الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا

سے ۷۳ اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بالکل مایوس (اور) نا امید ہو جاتا ہے۔ اور اگر ہم چکھائیں اسے رحمت اپنی جناب

مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ

سے اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی ہے تو کہتا ہے میں اسی کا مستحق ہوں ۷۴ اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہوگی

۷۲ قیامت کے روز ان سے پوچھا جائے گا کہ تمہارے وہ من گھڑت خدا جن کو تم میرا شریک بنائے ہوئے تھے، کہاں ہیں؟ تو وہ مکر جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم نے تو پہلے ہی بتا دیا تھا کہ ہم ان کی خدائی پر گواہی دینے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ یا اس آیت کے اس حصہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ آج یہاں نظر نہیں آ رہے۔ ہم میں سے کوئی بھی ان کو آج یہاں نہیں دیکھ رہا۔

۷۳ جب یہ دعائیں مانگنے لگتا ہے تو تھکتا ہی نہیں۔ جن خیرات و برکات کا یہ مطالبہ کرتا ہے ان کی فہرست اتنی طویل ہے کہ ختم ہونے میں نہیں آتی اور اگر ذرا تکلیف پہنچے تو پھر بالکل مایوس ہو کر ہمت ہار بیٹھتا ہے اور اسے یوں لگتا ہے کہ اب اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں۔

۷۴ اور اگر ہم اس کو اپنی رحمت سے نوازتے ہیں، تو پھر یہ احسان فراموش عجیب و غریب باتیں بناتا ہے۔ کہتا ہے کہ میں اپنی قابلیت، ذہانت اور تجربہ کے لحاظ سے اس کا ہی مستحق تھا کہ یہ نعمت مجھ پر کی جاتی اور اس منصب پر مجھے فائز کیا جاتا۔ یہ خشک مزاج مُلّا مجھے قیامت کی ہر وقت دھمکی دیتا ہے اور میرے عیش و عشرت میں بھنگ ڈالنا چاہتا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ قیامت آئے گی ہی نہیں۔ یہ یوں ہی ہمیں خواہ مخواہ ڈراتے رہتے ہیں۔ اور اگر بالفرض آ بھی گئی تو ہم لوگوں کو جو یہاں وزارت و صدارت کے منصب پر فائز ہیں قیامت کے روز بھی ہمیں ہی اکیس توپوں کی سلامی دی جائے گی اور ان خشک زاہدوں کو تو وہاں

وَلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ

اور اگر میں لوٹایا گیا اپنے رب کی طرف تو یقیناً میرے لیے اسکے پاس بھی اکرام ہی اکرام ہوگا۔ (یہ احمق کیا سوچ رہے ہیں) ہم تو آگاہ

كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝۵۰ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا

کرینگے کافروں کو جو کرتوت انہوں نے کیے۔ اور ہم ضرور چکھائیں گے انہیں سخت عذاب ۔ اور جب ہم احسان فرماتے

عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ

ہیں انسان پر تو وہ (تکبّر سے) منہ پھیر لیتا ہے اور پہلو تہی کرنے لگتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں

عَرِيْضٍ ۝۵۱ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ

کرنے لگ جاتا ہے۔ آپ فرمائیے (اے کافرو!) تم مجھے بتاؤ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اسکا انکار کرو تو کون

اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ۝۵۲ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَ

زیادہ گمراہ ہے اس سے جو اختلاف میں بہت دُور نکل گیا ہو۔ ہم دکھائیں گے انہیں اپنی نشانیاں آفاق (عالم) میں

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ

اور ان کے اپنے نفسوں میں تاکہ ان پر واضح ہو جائے کہ قرآن واقعی حق ہے ۵۷ کیا یہ کافی نہیں کہ آپکا ربّ

بھی کوئی نہیں پوچھے گا۔

۵۷ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برسوں سے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دے رہے تھے، اپنے دعویٰ کی صداقت کے لیے ناقابلِ تردید عقلی اور تکوینی دلائل پیش فرما رہے تھے، لیکن کفار نے اپنے اردگرد تعصّب اور ضد کی ایسی دیوار چن دی تھی جسے وہ کسی نہ کسی طرح قائم رکھے ہوئے تھے۔ اسلام کے خلاف ان کے جذبات بڑے شدید اور ان کے ارادے نہایت بھیانک تھے۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جب چاہیں گے پھونک مار کر وہ یہ چراغ بجھا دیں گے۔ یہ مٹھی بھر مسلمان جن میں اکثریت غلاموں، ناداروں اور نچلے طبقہ سے تعلق رکھنے والوں کی ہے ان کی یہ مجال کہاں کہ ہمارے بتوں کی خدائی کا تختہ الٹ سکیں۔ ہم جب چاہیں گے ان کو ملیامیٹ کر کے رکھ دیں گے۔ ایک ظاہر بین ان نازک حالات میں اسلام کے روشن مستقبل کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ ان حالات میں ہر چیز کو جاننے والے اور ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والے خداوند تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس میں ایک پیشگوئی فرمائی جس کے الفاظ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ ہو کر رہے گا، لیکن واقعات و حالات بتا رہے تھے کہ ایسا ہرگز نہیں

ہوسکتا۔اس پیشگوئی کے پورا ہونے کا بظاہر قطعاً کوئی امکان نہیں۔

فرمایا ہم انہیں اکنافِ عالم میں اور خود ان کی اپنی ذات میں ایسی نشانیاں دکھائیں گے جن کے بعد جس حق کا وہ آج انکار کر رہے ہیں، انہیں یقین ہو جائے گا کہ یہی حق اور سچ ہے اور سالہا سال تک عناد و حسد کی روش پر قائم رہنے کے بعد انقیاد و تسلیم کے بغیر ان کے لیے کوئی چارہ نہ رہ جائے گا۔تعصب کی پٹی اتر جائے گی۔آنکھیں آفتابِ اسلام کی نور افشانیوں سے مستنیر ہونے لگیں گی۔دلوں پر لگے ہوئے قفل ٹوٹ جائیں گے اور ان کے تاریک سینے نورِ توحید سے جگمگانے لگیں گے۔وہ دن آنے والا ہے اور اس دن کے آنے میں اب کوئی زیادہ دیر بھی نہیں۔جب ان کے ہاتھ میں ہتھوڑے ہوں گے اور وہ ان باطل معبودوں کو ریزہ ریزہ کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جا رہے ہوں گے۔ان بتوں کو وہ اپنے ہاتھ سے توڑیں گے جو صدیوں سے ان کے آباء و اجداد کے معبود اور ان کی عقیدت کا مرکز بنے رہے ہیں۔

وہ آیاتِ بینات کون سی ہیں اس میں علمائے تفسیر کے دو قول ہیں:

وہ فتوحات جو ان بے سروسامانوں اور اپنے گھروں سے نکالے ہوئے لوگوں کو اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک حاصل ہوئیں۔مکہ کے متکبر اور مغرور سردار بدر کے میدان میں جس شکست سے دوچار ہوئے۔کیا اس کا ان کے دلوں میں کبھی خیال تک بھی آیا تھا؟ وہ تو مسلمانوں کا شکار کھیلنے کے لیے بدر تک چلے آئے تھے۔انہیں تو یہ شوق یہاں کھینچ لایا تھا کہ وہ ایک ایک مسلمان کو پکڑیں گے، اس کو گھائل کریں گے اور رقصِ بسمل کا تماشا دیکھیں گے۔لیکن قدرت نے جو کرشمہ دکھایا اُس نے اُن کی آنکھیں کھول دیں اور وہ اسلام کے متعلق ایک بار پھر سوچنے پر مجبور ہو گئے۔بھلا کوئی یہ بھی سوچ سکتا تھا کہ یہ چھپ چھپ کر اپنی متاعِ ایمان کو لے کر مکہ سے ہجرت کرنے والے زندگی میں پھر کبھی مکہ واپس آسکیں گے؟ لیکن ابھی چند سال بھی نہ گزرے تھے کہ وہ نبی مکرم رسولِ معظم دس ہزار کا لشکرِ جرار لے کر مکہ کا رخ کر رہا تھا اور اس لشکر کے مختلف دستوں کے پرچم تھامنے والے وہی مکہ کے قریشی تھے جنہوں نے مسلمانوں کو یہاں سے نکالا تھا۔آج کفر و شرک میں اتنی طاقت بھی نہیں کہ اس لشکر کی پیشقدمی کو روک سکے یا اس پر اپنی ناگواری کا ہی اظہار کر سکے۔پھر یہی لوگ مشرق و مغرب میں جور و ستم کے قلعوں پر جب حملہ آور ہوئے تو نہ کسریٰ اور اس کے رستم و اسفندیاران کا راستہ روک سکے اور نہ قیصر اپنی ہزار ہا سالہ قوت و حشمت کے ساتھ ان کے مقابلہ میں ٹھہر سکا۔نہ صرف یہ کہ انہوں نے میدانِ جنگ میں دشمن کو پے در پے شکست دی اور ممالک فتح کیے بلکہ یہ لوگ جہاں گئے وہاں ابرِ رحمت بن کر برسے۔انسانیت کے چہرہ سے ذلّت و نکبت کے غبار کو صاف کیا۔ملوک و سلاطین کی غلامی کی زنجیروں کو پارہ پارہ کیا اور غیر اللہ کی خدائی سے بھی ان کے قلوب و اذہان کو رہائی دلائی۔اور جہاں جہاں یہ پہنچے گلشنِ انسانیت میں بہار آ گئی۔وہاں کے لوگ اپنے فاتحین کے اخلاق، ان کے اطوار اور ان کی سیرت کی پختگی اور پاکیزگی سے اتنے متاثر ہوئے کہ انہوں نے اپنا آبائی مذہب چھوڑ کر عرب کے ان صحرانشینوں کا دین قبول کیا۔اپنی مادری زبان چھوڑ کر عربی زبان کو اپنا لیا۔اپنے قدیم تمدن و ثقافت کو الوداع کہی اور عرب کے تمدّن اور ثقافت کو اختیار کیا۔اسلام کے برحق ہونے کی اس سے بڑی روشن دلیل اور کیا ہو سکتی تھی کہ اس نے عرب جیسی فرومایہ، جاہل، اُجڈ اور غیر شائستہ قوم کی چند سالوں میں کایا پلٹ کر رکھ دی۔کہاں وہ دن کہ سارا جزیرہ جہالت و

اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ

ہر چیز پر گواہ ہے ۷۶ سُنو! یہ لوگ شک میں مُبتلا ہیں اپنے رب سے ملنے

رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾ ع

کے بارے میں ۷۷ یاد رکھو! وہ ہر چیز کو گھیرے ہُوئے ہے۔

وحشت کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا تھا۔ مدارس و مکاتب نام کی وہاں کوئی چیز نہ تھی۔ مکہ جیسے مرکزی شہر میں گنتی کے چند آدمیوں کے سوا لکھنا تک کوئی نہ جانتا تھا۔ اور کہاں وہ صبحِ نور کہ ہر طرف علم کے آفتاب و ماہتاب ضیا پاشیاں کرنے لگے۔ کہاں وہ بربریت اور سنگدلی کہ اپنی بچیوں کو اپنے ہاتھوں سے دفن کیا کرتے تھے اور کہاں یہ احساسِ ہمدردی و شفقت کہ عمرو بن العاصؓ مصر فتح کرنے کی مہم میں اس خیمہ کو اکھیڑنے سے روک دیتے ہیں جس میں ایک کبوتری نے انڈے دے رکھے تھے۔ یہ فتوحات بھی معجزہ سے کم نہ تھیں، اور لوگ سوچنے پر مجبور ہو جاتے تھے کہ کون سی قوت ہے جو ان کے بازوؤں میں بجلی بن کر کوند رہی ہے؟ لیکن اس سے بھی زیادہ حیرت آفرین یمن و سعادت، خیر و برکت کا حامل وہ انقلاب تھا جو ان فتوحات کی راہنمائی کر رہا تھا۔

اس آیت کا دوسرا مفہوم یہ بتایا گیا ہے کہ یہ کتاب انہیں مظاہرِ فطرت میں غور و فکر کی دعوت دے رہی ہے، لیکن لوگ ان میں غور و فکر کی زحمت برداشت نہیں کرتے۔ کائنات کے ذرّہ ذرّہ میں جو جہانِ معنی مستور ہے اس سے یہ غافل ہیں۔ اگر وہ صرف اپنی آنکھ کی ساخت پر غور کریں، اس میں جو نزاکتیں اور لطافتیں ملحوظ رکھی گئی ہیں، جسمِ انسانی کے مختلف اعضاء کس طرح بنائے گئے ہیں اور کیا کیا کام انجام دیتے ہیں، ان کی بناوٹ میں ان کاموں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جو مناسبتیں رکھی گئی ہیں، صرف ہاتھ کی وضع قطع کو دیکھتے ہی یقین آجاتا ہے کہ یہ کسی علیم و حکیم ہستی کی تخلیق کا شاہکار ہے۔ انسان کے اردگرد جو چھوٹی بڑی چیزیں ہیں ان میں غور کرو تمہیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جس خداوندِ ذوالجلال کو ماننے کی قرآن دعوت دے رہا ہے، اس کے بغیر اور کوئی خدا نہیں، نہ پہاڑ، نہ دریا، نہ کواکب، نہ چاند، نہ سورج اور نہ ہی کوئی بڑے سے بڑا انسان۔

۷۶ اے محبوب! ان گم کردہ راہ انسانوں کو راہِ ہدایت پر چلانے کے لیے جس خلوص، جاں سوزی اور استقامت سے آپ شب و روز کوشش فرما رہے ہیں اور جس ہٹ دھرمی، عناد، کج فہمی اور ایذا رسانی کا طریقہ انہوں نے اختیار کر رکھا ہے، یہ دونوں باتیں ہم جانتے ہیں، ہم ان کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ ہم آپ کے دشمنوں کو ناکام کریں گے اور آپ کے سرِ مبارک پر کرامت و فلاح کا تابندہ تاج رکھیں گے۔

۷۷ آخر میں بتا دیا کہ جس کے دل میں قیامت کے بارے میں شبہ ہوتا ہے وہ سرکشی اور نافرمانی کی روش سے باز نہیں آتا۔ اس کے سامنے ہزاروں دلائل پیش کیے جائیں وہ انہیں لائقِ التفات ہی نہیں سمجھتا۔ وہ اس دنیوی زندگی کو ہی سب کچھ جانتا ہے

اس لیے اس کی ساری کوششیں ایک ہی نقطہ پر مرکوز ہو کر رہ جاتی ہیں کہ وہ زندگی کے ان ماہ و سال میں زیادہ سے زیادہ لطف اٹھالے، زیادہ سے زیادہ دولت جمع کر لے اور اونچے سے اونچے منصب تک رسائی حاصل کر لے۔ اس کے لیے اسے اپنے شرف انسانی، عزتِ نفس اور اخلاقِ عالیہ کی قربانی بھی دینا پڑے تو وہ کوئی جھجک محسوس نہیں کرتا۔ وہ فقط اپنی ذات کو سنوارنے اور اس کو اونچا کرنے کے لیے پوری بستی پورے علاقہ بلکہ پوری امت کی قسمت کے ساتھ کھیل جاتا ہے۔ لیکن یہ سودا انہیں آخر کار مہنگا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے علم اور قدرت سے ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے اور یہ لوگ بھی اس کے علم و قدرت سے باہر نہیں۔ جب وہ علیم و قدیر ان سے انتقام لے گا تو انہیں اپنی عاقبت معلوم ہو جائے گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ۔ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

محمد کرم شاہ

لیلۃ الجمعۃ ۹۔ ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ

۱۴۔ دسمبر ۱۹۷۲ء

تعارف
سُورۃ الشُّوریٰ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: آیت نمبر ۳۸ میں شُوریٰ کا لفظ ہے۔ یہی اس سورت کا نام ہے۔ اس سورت میں پانچ رکوع، ترپن آیتیں، آٹھ سو ساٹھ کلمات اور تین ہزار پانچ سو اٹھاسی حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: سورۂ مومن سے الاحقاف تک یہ سات سورتیں ہیں جن کا آغاز حٰمٓ سے ہوا۔ ان سب کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔ مضامین کی یکسانیت اس کی تائید کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت اس وقت نازل ہوئی جبکہ کفار کا عناد اور مخالفت اپنی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔

مضامین: حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو اہل مکہ سراپا حیرت و تعجب بن کر رہ گئے۔ انسان جس کا دامن ہر طرح کی آلائشوں سے آلودہ ہے، ان میں سے کسی کو منصب نبوت پر فائز کر دیا گیا ہو، یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ ان کی اس حیرت کا ازالہ یہ کہہ کر کر دیا کہ نوع انسانی میں ظاہر ہونے والے اگر یہ پہلے نبی ہوتے، تو تم اظہار تعجب میں حق بجانب تھے، لیکن یہ سلسلۂ نبوت تو آدم علیہ السلام سے شروع ہے۔ ان میں سے کسی نبی کی نبوت پر تمہیں اعتراض نہیں۔ اعتراض ہے تو اس نبیٔ برحق پر جو تمہاری ڈوبتی ہوئی کشتی کو ساحل پر پہنچانے کے لیے آیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے نبی کا انکار، اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار اور بے شمار معبودوں کی پوجا پاٹ کا جو گھناؤنا کاروبار تم نے شروع کر رکھا ہے، اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ آسمان پھٹ جاتا، نظام عالم درہم برہم ہو جاتا اور تمہارا نام و نشان بھی باقی نہ رہتا، لیکن اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ وہ تمہیں فوراً ہلاک نہیں کر دیتا، بلکہ مہلت دیتا ہے تاکہ تم غور و فکر کر سکو۔

یہ بھی بتا دیا کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو فرشتوں کی طرح سارے انسان بھی ذکر و فکر، عبادت و طاعت میں سرگرم رہتے اور کوئی بھی سرِ مُو انحراف نہ کرتا، لیکن اس کی حکمت کا تقاضا تھا کہ انسان کو اختیار و ارادہ کی نعمت سے نوازا جائے تاکہ ان بلندیوں کی طرف جانے والا راستہ اس کے لیے ہموار ہو جائے جہاں کسی اور مخلوق کی رسائی نہیں۔ جو لوگ اپنی مرضی سے عقیدہ اور عمل کی گمراہی اختیار کرتے ہیں ان کو اپنے کیے کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

اس حقیقت سے بھی پردہ اٹھا دیا کہ جس طرح وہ تمہارا خالق اور مالک ہے، اسی طرح اسی کو یہ زیبا ہے کہ وہ تمہارے لیے ایک ایسا نظام حیات تجویز کرے جس کو اپنا کر تم دارین کی سعادتوں سے بہرور ہو سکو۔ جس طرح کسی غیر کو خالق نہیں مانا جا سکتا اسی طرح اس کے بغیر اس کی مخلوق کے لیے کسی کو ضابطۂ حیات مقرر کرنے کا اختیار بھی نہیں دیا جا سکتا۔

تمام انبیاء ابتدا سے ایک ہی دین کی دعوت دیتے آئے ہیں۔ انہوں نے انسانی معاشرے میں افتراق وانتشار کی کبھی تخم ریزی نہیں کی۔ البتہ ان کے بعد آنے والے اہل غرض نے اپنی سرداری کا سکہ جمانے کے لیے باہمی تفرقہ بازی کا آغاز کیا۔ آیت نمبر ۱۵ خصوصی توجہ کی مستحق ہے جس میں دس احکام دیے گئے ہیں۔

نبوت میرا کاروبار نہیں، اس کے ذریعے سے میں دولت کمانا نہیں چاہتا۔ میں اپنی اس دلسوزی کا تم سے کوئی اجر، کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا۔ ہاں میرا ایک ہی مطالبہ ہے کہ تم باہم شیر وشکر ہو جاؤ، ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو تا کہ تمہاری یہ دنیوی زندگی ہر قسم کی بے چینیوں اور تکالیف سے محفوظ ہو جائے اور تم یکسوئی کے ساتھ اپنے رب کی عبادت اور اس کی مخلوق کی خدمت انجام دے سکو۔

رزق کی تقسیم وہ اپنے حکیمانہ انداز سے کرتا ہے۔ اگر ہر ایک کو رزق فراواں مل جائے تو لوگ سرکش اور باغی ہو جائیں۔ اہل ایمان کی متعدد خوبیاں پہلے بیان کیں۔ ان میں سے ایک یہ خوبی بھی بیان کی کہ وہ اپنے گھریلو، معاشی اور سیاسی تمام معاملات باہمی مشورے سے طے کرتے ہیں۔ اسلامی ریاست کا یہ وہ اصول ہے جس پر اگر عمل کیا جائے، تو اسلامی سوسائٹی میں آمریت، مطلق العنانی اور ڈکٹیٹر شپ کا کوئی خطرہ نہیں رہتا۔

ان کی خوبیوں میں سے اس خوبی کو بطور خاص ذکر کیا (آیت نمبر ۳۹) کہ مسلمان بے غیرت اور بے حمیت نہیں ہوتا کہ مخالف اسے جوتیاں مارتا رہے، اس پر ظلم وتشدد روا رکھے اور یہ سر جھکائے خاموشی سے اس تذلیل کو برداشت کرتا رہے، بلکہ وہ انتقام کے لیے اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور جب تک بدلہ نہ لے لے، اسے چین نہیں آتا۔ دشمن پر قابو پا لینے کے بعد اس کو معاف کر دینا بھی مومن کا شیوہ ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو جن مختلف طریقوں سے وحی پہنچاتا ہے ان کا ذکر بھی کر دیا تا کہ کسی کو غلط فہمی نہ رہے۔

سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ شوریٰ مکی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۵۳ آیات اور ۵ رکوع

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ۚ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ

حا میم۔ عین سین قاف [۱] اسی طرح (کے مطالب نفیسہ) وحی فرماتا رہا ہے آپ کی طرف [۲] اور ان (پیغمبروں) کی طرف جو آپ سے پہلے

اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ

گزرے ہیں۔ اللہ جو زبردست (اور) بہت دانا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے [۳] اور وہی سب

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ

سے اعلیٰ (اور) عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ (جلال الٰہی سے) آسمان پھٹ پڑیں اپنے اوپر سے [۴] اور (ایسا نہیں ہوتا کیونکہ) فرشتے

[۱] یہ حروف مقطعات ہیں۔ ان کی تشریح بارہا گزر چکی ہے۔

[۲] حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اعلان کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے وحی نازل ہوتی ہے اور جو کلام میں تمہیں سناتا ہوں، یہ میرا نہیں بلکہ رب العالمین کا کلام ہے۔ اس اعلان نے کفار مکہ کو گوناگوں حیرانیوں میں مبتلا کر دیا تھا۔ وہ اسے ایک انہونی بات سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک آج تک ایسا نہیں ہوا اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا کہ خدا تعالیٰ کسی بندے سے ہمکلام ہو۔

ان کی اسی غلط فہمی کو دور کرنے کے لیے كَذٰلِكَ سے آیت کا آغاز کیا۔ یعنی یہ کلام جو تم سن رہے ہو سراسر حکمت و برکت ہے اور یہ کوئی اچنبا نہیں، بلکہ اسی طرح یمن و سعادت سے لبریز کلام ہم نے پہلے بھی انبیاء پر نازل فرمایا ہے۔ تمہارا یہ خیال کہ ایسا نہیں ہو سکتا، باطل ہے۔ ایسا ہونا صرف ممکن ہی نہیں بلکہ اس کی حکمت کا تقاضا بھی ہے۔ جب اس نے انسان کی جسمانی زندگی کے تقاضوں کو نظر انداز نہیں کیا تو اس کی حکمت، انسان کی روحانی اور اخلاقی زندگی کی بقا اور نشوونما کو کیونکر پس پشت ڈال سکتی ہے۔ اسی لیے الْعَزِيْزُ اور الْحَكِيْمُ کے اسمائے حسنیٰ یہاں ذکر کیے گئے۔

[۳] جب بلندیوں اور پستیوں میں جو چیز ہے وہ سب اس کی ملکیت ہے تو اس کے بغیر اور کس کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ انسان کے لیے کوئی ضابطۂ حیات تجویز کرے بلکہ اس کے بغیر اور کون ہے جس کے پاس اتنا علم اور قدرت ہو کہ وہ اس نہایت پیچیدہ اور از حد اہم کام کو حسن و خوبی سے انجام دے سکے؟ جن کو اس کا ہمسر بنایا جاتا ہے، یا جو بدقسمت اس کا ہمسر بننے کی ناکام کوشش کرتے ہیں، وہ تو سب اس کی مخلوق اور اس کے مملوک ہیں۔ ان کا علم بھی محدود ہے اور ان کی قدرت بھی ناتمام ہے۔ خود سوچو خالق و مخلوق، مالک و مملوک، عالم اور جاہل، قادر اور عاجز بھی کبھی ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ سب سے اونچا اور اعلیٰ اور سب سے زیادہ عظمت و سطوت والا ہے۔

[۴] اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو عزت اور شان بخشی ہے، اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ انسان اپنے ربّ کریم کی اطاعت سے

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ

تسبیح کر رہے ہیں اپنے رب کی حمد کے ساتھ اور بخشش طلب کر رہے ہیں اہلِ زمین کے لیے۔ ۵ سن لو! یقیناً

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ

اللہ ہی بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ اور جنہوں نے بنا رکھے ہیں اللہ کے سوا (اور) دوست ۶

حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۫ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

اللہ تعالیٰ خوب آگاہ ہے ان کے حالات سے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں ۷ اور یونہی ہم نے وحی کے ذریعہ اُتارا ہے

سرِ مُو انحراف نہ کرتا، اس کی خوشنودی کے حصول کے لیے اپنی ساری کوشش صرف کر دیتا، لیکن اس نے فقط عملی طور پر ہی اللہ تعالیٰ کے ہر حکم سے سرتابی نہیں کی بلکہ اس کی عظمت و تقدس پر بھی حرف گیری شروع کر دی۔ کبھی اس کی صفات کمالیہ کا انکار کیا، کبھی اوصافِ ذمیمہ کی نسبت اس کی طرف کرنے کی گستاخی کی۔ کبھی عاجز اور درماندہ مخلوق کو اس کا شریک ٹھہرایا اور کبھی سرے سے اس کے وجود کا ہی انکار کر دیا۔ انسان کی ان پیہم گستاخیوں اور بغاوتوں کا تقاضا تو یہ تھا کہ نظام کائنات بھک سے اُڑ جاتا، آسمانوں کی مستحکم اور مضبوط چھتوں میں اوپر سے نیچے تک شگاف پڑ جاتے، لیکن اللہ تعالیٰ حلیم اور کریم ہے۔ اس کے حوصلے کی انتہا نہیں۔ اس کے جود و کرم کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ وہ ان سرکشوں کو پھر بھی سوچنے، سمجھنے کی مہلت دے رہا ہے۔

۵ اکثر انسانوں کا تو یہ حال ہے لیکن فرشتے اپنی پاک اور نوری زبانوں سے ان تمام عیوب و نقائص سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کر رہے ہیں جو انسان اپنے خالق کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اس کی صفات کمال کا ذکر کر کے اس کی حمد و ثنا کے گیت گا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اولادِ آدم کے لیے مغفرت طلب کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے عذاب ٹلا ہوا ہے اور فسق و فجور کی گرم بازاری کے باوجود بساط عالم اُلٹ نہیں دی جاتی۔ بے شک اللہ تعالیٰ بہت ہی بخشنے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ اس کی شانِ مغفرت اور اس کی رحمت بے پایاں کے باعث نظامِ کائنات قائم ہے۔

۶ کفار نے اپنا رشتۂ عبودیت اپنے رب کریم سے توڑ کر اپنے باطل معبودوں کے ساتھ جوڑ لیا تھا اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ ان کے کرتوتوں سے کوئی آگاہ نہیں اور نہ ان سے ان کے متعلق کوئی باز پُرس ہوگی۔ اس لیے وہ بڑے اطمینان سے ہر قسم کی رذیل حرکتیں کرتے، نہ اپنے کیے پر شرماتے اور نہ ان کے ہولناک انجام سے لرزہ براندام ہوتے۔ اللّٰهُ حَفِيْظٌ سے ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے اور انہیں آگاہ کیا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ظاہر و باطن تمام اعمال کو دیکھ رہا ہے اور ان کا ریکارڈ محفوظ رکھا جا رہا ہے۔ لا محالہ انہیں اپنی کارستانیوں کے نتائج بھگتنے پڑیں گے۔ کفار نے ہر شعبۂ زندگی کے لیے الگ الگ معبود مقرر کر رکھے تھے اور ہر بت کو اس کے متعلقہ شعبۂ حیات میں مختارِ مطلق اور کارساز سمجھتے تھے۔ اس لیے اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ کے الفاظ استعمال ہیں۔ ''ولی'' کا لفظ اگرچہ لغت میں متعدد معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ لیکن یہاں اس کا معنی اَلْمُتَوَلِّیْ لِاُمُوْرِ الْعَالَمِ (1) یعنی ''اُمورِ عالم کا

1۔ لسان العرب، ج 15، ص 406

اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ

آپ کی طرف قرآن عربی زبان میں تاکہ آپ ڈرائیں اہل مکہ کو ۸ اور جو اس کے آس پاس (آباد) ہیں اور تاکہ آپ ڈرائیں اکٹھے

الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝۷ وَلَوْ

ہونے کے دن سے جس (کی آمد) میں کچھ شبہ نہیں۔ (اس دن) ایک فریق ۹ جنت میں اور دوسرا فریق بھڑکتی آگ میں ہوگا۔ اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ

چاہتا اللہ تعالیٰ تو بنا دیتا ان (سب) کو ایک امت ۱۰ لیکن وہ داخل کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی

کارساز''۔ یہاں یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے اور اس معنی میں کسی کو ولی کہنا شرک ہے۔

۷ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بڑی دلسوزی سے انہیں ہدایت کی طرف بلاتے، ان کے سامنے اپنے دعوے کی صداقت کو معجزات اور دلائل سے ثابت کرتے، ان کے شکوک وشبہات کا بڑے مؤثر طریق پر قلع قمع فرماتے، اس کے باوجود جب وہ باطل سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے تو حضور کو از حد دکھ ہوتا اور بڑے افسردہ خاطر ہوتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے حبیب! آپ اتنے رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے ہیں؟ آپ پر ان کی گمراہی کی کوئی ذمہ داری نہیں اور نہ ان کے بارے میں آپ سے کوئی باز پرس ہوگی۔ آپ کا فرض تبلیغ حق تھا۔ وہ آپ نے احسن طریق پر ادا کر دیا۔ اب یہ جانیں اور ان کی قسمت۔ آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا۔ اس کی کرنوں سے سارا عالم جگمگا رہا ہے، لیکن یہ اب بھی آنکھوں پر تعصب کی پٹی باندھے کفر وشرک کے اندھیروں میں ٹامک ٹوئیاں مار رہے ہیں۔ اَلْوَكِيْلُ: الْكَفِيْلُ: جو کسی کا ضامن اور ذمہ دار ہو۔ (1)

۸ اے حبیب! یہ قرآن ہم نے عربی زبان میں آپ پر نازل فرمایا ہے تاکہ مکہ جو تمام بستیوں کی اصل ہے، اس کے رہنے والوں کو آپ بروقت خبردار کر دیں اور اس کے شرق وغرب میں پھیلے ہوئے جتنے دیہات، قصبے اور آبادیاں ہیں ان کو آگاہ کر دیں کہ قیامت کا دن آئے گا، ضرور آئے گا، اس کے آنے میں قطعاً کوئی شبہ نہیں۔

۹ اس روز انسانوں کی تقسیم عربی وعجمی، غریب وامیر، سفید فام اور سیاہ فام کی بنیادوں پر نہ ہوگی بلکہ نیک وبد اعمال کی بنا پر ہوگی۔ نیکوکار جنت میں اور بدکار دوزخ کی بھڑکتی آگ میں پھینک دیے جائیں گے۔

۱۰ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انسان کو بھی ارادہ کی آزادی اور اختیار نہ دیتا جس طرح دوسری مخلوقات بے چون وچرا اس کے احکام کی تعمیل کر رہی ہیں، اسی طرح حضرتِ انسان بھی اس کے احکام کے سامنے سرافگندہ رہتا، لیکن رحمت الٰہی نے یہ گوارا نہ کیا کہ اس کی صفت تخلیق کا یہ شاہکار عمل کی آزادی سے محروم ہو۔ گدھے اور بیل کی طرح بے ارادہ اور بے اختیار زندگی گزار کر راہیٔ ملک عدم ہو۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے انسان کو ارادہ اور عمل کی ایک گونہ آزادی عطا فرمائی تاکہ وہ راہ حق پر گامزن ہو تو اپنی مرضی

1۔ مفردات راغب، ص 882

رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝۸ اَمِ اتَّخَذُوْا

رحمت میں اور جو ظلم کرنے والے ہیں نہ ان کا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار ۔ کیا انہوں نے بنالیے

مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِیُّ وَهُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى

ہیں اسے چھوڑ کر دوسرے کارساز[11] پس اللہ ہی حقیقی کارساز ہے اور وہ زندہ کرتا ہے مُردوں کو اور وہ ہر چیز پر

سے، اور اگر کفر و گمراہی پر کاربند ہو تو اپنی مرضی سے۔ جو لوگ ہدایت قبول کریں گے اور سیدھی راہ پر چلتے رہیں گے قدم قدم پر نصرت الٰہی ان کی حوصلہ افزائی کرتی رہے گی اور جو بدنصیب دانستہ غلط راہ منتخب کریں گے تو ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے گا۔ اگر ہلاکت کے گڑھے میں گرنے پر وہ مُصر ہوں گے تو ان کی منت سماجت نہیں کی جائے گی کہ بھلے مانسو تم ایسا نہ کرو۔

[11] جو لوگ جان بوجھ کر اور اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے بجائے اس کی نافرمانی کرتے ہیں وہ ظالم ہیں۔ ایسے ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔..... کتنے احمق ہیں کہ قادر و توانا پروردگار کو چھوڑ کر بتوں کو انہوں نے اپنا کارساز بنالیا ہے۔ بھلا بے بس اور ناتواں بتوں کو اپنا کارساز بنا کر انہیں کیا فائدہ ہوگا۔ جو اپنی بگڑی نہیں بنا سکتے وہ ان کا کیا بھلا کریں گے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ ایسی ہستی کو اپنا کارساز اور حامی بنائے جو ہر قسم کی قدرت کا مالک ہو اور وہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جس کی قدرت اور طاقت کا یہ عالم ہے کہ چاہے تو مردہ کو چشم زدن میں زندہ کردے، مشکل سے مشکل کام کو آسان کردے اور وہ پیچیدہ سے پیچیدہ گرہ کو کھولنے کی طاقت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ صرف مردہ جسموں کو ہی زندہ نہیں کرتا بلکہ مردہ دلوں کو بھی زندہ فرماتا ہے۔ قَالَ الْوَاسِطِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ یُحْیِی الْقُلُوْبَ بِالتَّجَلِّیْ وَیُمِیْتُ الْاَنْفُسَ بِالِاسْتِتَارِ(1): واسطی فرماتے ہیں کہ جب کسی دل پر اپنی تجلی فرماتا ہے تو وہ زندہ ہو جاتا ہے اور جب چھپ جاتا ہے تو نفوس اس سے مرجاتے ہیں۔ لیکن یہ سعادت فقط ان کو نصیب ہوتی ہے جو سرکشی اور نافرمانی کی روش کو ترک کر کے اطاعت و انابت کی راہ اختیار کرتے ہیں، جو غرور و کبر کے انداز چھوڑ کر عجز و نیاز کو اپنا شعار بناتے ہیں۔ مولانا رومؒ نے خوب کہا ہے۔

۱ پیش یوسف نازش و خوبی مکن جز نیاز و آہ یعقوبی مکن
۲ از بہاراں کے شود سر سبز سنگ خاک شو تا گل بروئ رنگ رنگ
۳ سالہا تو سنگ بودی دلخراش آزموں و یک زمانے خاک باش(2)

ترجمہ:

۱۔ یوسف کے سامنے ناز و ادا مت کرو۔ اظہار نیاز اور آہِ یعقوبی کے بغیر اس کے سامنے کچھ نہ کرو۔
۲۔ موسم بہار میں پتھر سرسبز نہیں ہوتے۔ مٹی بن جاتا کہ تجھ سے رنگ برنگے پھول اگنے لگیں۔
۳۔ اے نادان! سالہا سال تو دل دکھانے والا پتھر بنا رہا۔ ہماری بات کو آزماؤ اور کچھ عرصہ کے لیے مٹی بن جاؤ۔

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 291 2۔ ایضاً، ص 292

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٩﴾ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى ع ۱ ۹ ۲

پوری طرح قادر ہے۔ اور جس بات میں تمہارے درمیان اختلاف رونما ہو جائے ۱۲ تو اس کا فیصلہ اللہ

اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾ فَاطِرُ

کے سپرد کر دو۔ یہی اللہ میرا رب ہے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ۱۳ وہ پیدا کرنے

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ

والا ہے آسمانوں اور زمین کا ۱۴ اسی نے بنائے تمہارے لیے تمہاری جنس سے جوڑے اور مویشیوں

۱۲ کسی نظریہ کے حق یا باطل ہونے، کسی چیز کے حلال و حرام ہونے، کسی عمل کے مفید اور مُضر ہونے میں اگر تمہارا کسی قوم سے اختلاف ہو یا آپس میں تمہارا کسی بات میں نزاع ہو تو اگر تم اپنی عقل و فہم سے ہی حل کرنے کی کوشش کرو گے تو جھگڑا بڑھتا ہی جائے گا، اختلاف کی خلیج وسیع ہوتی جائے گی۔ اس انتشار و افتراق سے نجات پانے کا یہی ذریعہ ہے کہ اپنی عقل ناتمام کو جج بنانے کے بجائے اپنے خداوند قدوس کے فیصلہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا جائے۔ جو علیم بھی ہے اور حکیم بھی اور جو رحیم بھی ہے اور کریم بھی۔

۱۳ وہ ذات جو عدل و احسان دونوں صفات سے موصوف ہے یہ اللہ تعالیٰ ہے۔ یہی میرا پروردگار ہے۔ میں نے اپنے تمام کام اسی کے سپرد کر دیے ہیں اور جب بھی مجھے کوئی مشکل پیش آتی ہے تو میری نگاہیں اسباب و وسائل کے حجاب میں اٹک کر نہیں رہ جاتیں، میں خلوص دل سے اسی کی بارگاہ بیکس پناہ میں رجوع کرتا ہوں۔ تم خود دیکھ لو کہ کامیابی کس کے قدم چوم رہی ہے اور فتح و نصرت کا تاج کس کے سر پر جگمگا رہا ہے۔ تم اپنے وسائل کی کثرت، ساز و سامان کی بہتات اور طویل تجربات کے باوجود پسپا ہو رہے ہو اور میں اپنی بے سروسامانی کے باوجود اپنی منزل مقصود کی طرف بڑھتا چلا جا رہا ہوں۔ کیا یہ اس امر کا کھلا ثبوت نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے والے میدان جیت لیا کرتے ہیں؟

۱۴ اللہ تعالیٰ کی دوسری صفات جلیلہ کا بیان ہو رہا ہے کہ بلندیوں اور پستیوں کا پیدا کرنے والا بھی وہی ہے اور ان کو آباد اور بارونق بنانے والا بھی وہی ہے۔ اس کی قدرت و حکمت کی نزاکتیں ملاحظہ ہوں کہ اس نے تنہا آدم علیہ السلام کو ہی پیدا نہیں کیا بلکہ زندگی کی جدوجہد میں اس کا دل لبھانے والی، اس کے حوصلوں کو بلند رکھنے والی، اسی کی جنس سے حوّا بھی پیدا کر دی۔ اس کے ساتھ ساتھ افزائشِ نسل کا انتظام بھی فرما دیا تاکہ جب تک خالق کائنات کی مرضی ہو، یہ گلشن آباد رہے، اس کی حِنا بندی ہوتی رہے، اس میں نئی نئی کونپلیں پھوٹتی رہیں۔ ہر صبح نئے غنچے کھل کر پھول بنتے رہیں۔

صرف انسانوں کی افزائش نسل کا انتظام نہیں فرمایا، بلکہ طرح طرح کے حیوانات جو انسان کی گوناگوں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، انہیں بھی نر اور مادہ پیدا کیا تاکہ ان کی نسل بھی بڑھتی رہے اور انسان کی روز افزوں ضروریات کی تکمیل کا اہتمام

الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ۭ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ

سے بھی جوڑے بنائے۔ وہ پھیلاتا رہتا ہے تمہاری نسل کو اس کے ذریعہ۔ نہیں ہے اس کی مانند کوئی چیز ۱۵ھ اور وہی

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝۱۱ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ

سب کچھ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اسی کے قبضہ میں ہیں کنجیاں آسمانوں اور زمین (کے خزانوں) کی۔ ۱۶ھ کشادہ کرتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۲ شَرَعَ لَكُمْ

رزق کو جس کے لیے چاہتا ہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے) بے شک وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ اس نے مقرر فرمایا ہے

مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا

تمہارے لیے وہ دین جس کا اس نے حکم دیا تھا نوح کو اور جسے ہم نے بذریعہ وحی بھیجا ہے آپ کی طرف اور جس کا

بھی ہوتا رہے۔ يَذْرَؤُكُمْ: اَیْ یُکَثِّرُکُمْ مِنَ الذَّرْءِ: اَلْبَثُّ۔ (مظہری) (1) یہ ذَرْءٌ سے مشتق ہے اس کا معنی ہے پھیل جانا۔ یعنی وہ تمہاری تعداد کو بڑھا رہا ہے اور تمہیں دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا رہا ہے۔ فِیْهِ کی ضمیر کا مرجع التدبیر ہے۔ اَیْ فِیْ هٰذَا التَّدْبِیْرِ وَهُوَ جَعْلُ النَّاسِ وَالْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا۔ (مظہری) (2) یعنی انسانوں اور حیوانوں کو جوڑا جوڑا پیدا کر کے اس نے ان کی نسل کے پھیلنے اور بڑھنے کا اہتمام کر دیا۔

۱۵ھ کوئی چیز ذات میں یا صفات میں اللہ تعالیٰ کی مانند نہیں تا کہ اگر اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اس کی پناہ لی جائے تو کام بن جائے۔ انسان کو اپنے خالق کا در چھوڑ کر کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ وہ سمیع اور بصیر ہے۔ اپنی ہر مخلوق کی فریاد اور اس کا نالۂ درد بھی سن رہا ہے اور اس کی حالت زار کو دیکھ بھی رہا ہے۔ اور کون ہے جس کی یہ شان ہو؟

۱۶ھ بسا اوقات انسان نفع عاجل کے لیے بادشاہوں اور اربابِ ثروت کی محبت کا دم بھرنے لگتا ہے۔ اس طرح ان کے ظلم و ستم کا آلۂ کار اور لوٹ کھسوٹ کی سرگرمیوں میں ان کا ہاتھ بٹانے لگتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ جو کام وہ کر رہا ہے اور جو کام اس سے لیا جا رہا ہے یہ سراسر ظلم ہے، اس میں خدا کی نافرمانی، اس کے بندوں کی حق تلفی اور دل آزاری ہے۔ اس کا ضمیر بھی اس کو ملامت کر رہا ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود وہ باز نہیں آتا، کیونکہ اس کو یہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ اگر اس نے ایسا نہ کیا تو اس کا رزق چھن جائے گا اور اپنے منصب سے اسے محروم کر دیا جائے گا۔ ایسے لوگوں کو بتایا جا رہا ہے کہ آسمانوں اور زمین کے خزانوں کی کنجیاں تو اللہ رب العالمین کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ رزق کی تقسیم کا کلی اختیار بھی اسی کو حاصل ہے۔ وہ جس کو چاہے بے حد و حساب عطا فرمائے اور جس کو چاہے تنگ دست کر دے۔ جو نعمت وہ اپنے کسی بندے کو عطا فرمانا چاہے اسے کوئی جابر و قاہر سلطان بھی روک نہیں سکتا

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 311 2۔ ایضاً

وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَ

ہم نے حکم دیا تھا[۱۷] ابراہیم ، موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو کہ اسی دین کو قائم رکھنا[۱۸] اور

اور جس کو محروم کرنا چاہے اسے کوئی دے نہیں سکتا۔ اس لیے بندہ بننا ہے تو اس کا بنو، حکم ماننا ہے تو احکم الحاکمین کا مانو، رزق وعزت کے طلبگار ہو تو اکرم الاکرمین کے دربار میں حاضر ہو کر دامن پھیلاؤ۔ کیوں اس کے دشمنوں کے سامنے بھکاری بن کر جاتے ہو؟ اس طرح تم اپنی آبرو کو بھی داغدار بنالو گے اور اپنے رب کریم کو بھی ناراض کرلو گے۔

[۱۷] پہلے اللہ تعالیٰ کی جلالت شان اور عظمت و کبریائی کا بیان ہوا۔ اب اس دینِ قیم کے قائم کرنے اور قائم رکھنے کا حکم صادر فرمایا جارہا ہے جس کی تاسیس اور تکمیل کے لیے سارے اولوالعزم رسول مصروف جہاد رہے۔ شَرَعَ کے دو مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔ شَرَعَ: سَنَّ(1): کوئی طریقہ مقرر کرنا۔ شَرَعَ: اَظْهَرَ، اَوْضَحَ وَبَيَّنَ(2)۔ کسی مخفی چیز کو ظاہر کرنا۔ اس کو یوں عیاں اور آشکارا کرنا کہ شک وشبہ کی کوئی گنجائش تک باقی نہ رہے۔

ارشاد ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ جس کی جلالت شان کے تذکرے ہو رہے ہیں اسی نے اس دین کو تم پر واضح اور بین کر دیا جس کا حکم اس نے رسول اوّل حضرت نوح علیہ السلام کو دیا تھا اور جس پر آپ کو اے خاتم الانبیاء! بذریعہ وحی آگاہی بخشی ہے۔ اور یہی وہ دین ہے جس کے بارے میں حضرات ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کو وصیت فرمائی گئی تھی۔ سپہر رسالت کے یہی وہ رخشندہ تابندہ مہر وماہ ہیں جنہیں اولوالعزم رسول کے جلیل لقب سے نوازا گیا ہے۔ فرمایا: پہلا اور آخری رسول اور مختلف دہور وشہور میں تشریف لانے والے یہ جلیل القدر رسول ایک ہی دین اور ایک ہی نظام حیات کے داعی اور مبلّغ تھے۔ صرف داعی اور مبلغ ہی نہیں بلکہ اس کے مؤسس اور اس کو پروان چڑھانے والے بھی تھے۔ انبیائے کرام نے ایک دوسرے کی تکذیب نہیں کی اور اپنے اپنے دور میں علیحدہ ادیان قبول کرنے کے لیے نہیں کہا بلکہ ایک اور صرف ایک دین کے لیے کوشاں رہے۔

[۱۸] آیت کے اس حصے کا پہلے حصے سے کیا تعلق ہے؟ اس کے متعلق دو قول ہیں: یا تو یہ شَرَعَ کے مفعول کا بدل ہے۔ اس صورت میں یہ حکماً منصوب ہوگا یا یہ مبتدائے محذوف کی خبر ہے۔ کلام کے پہلے حصے کو سننے کے بعد یہ سوال دل میں کھٹکنے لگتا تھا کہ وہ کیا ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے ان اولوالعزم رسولوں کو دیا تھا۔ فرمایا: هُوَ اِقَامَةُ الدِّيْنِ تو اَنْ اَقِيْمُوْا خبر ہے اور هُوَ محذوف مبتدا(3)۔ اس سے یہ امر واضح ہوگیا کہ تمام انبیاء کو یہی حکم دیا گیا تھا کہ اس دین کو قائم کرو۔ لوگوں کی عملی زندگیوں میں اسے رائج کرو۔ تاکہ لوگوں کے اعمال اسی دین کے قالب میں ڈھل جائیں۔ صرف زبانی دعوت دینا اور اس دعوت کے محاسن کو بیان کرتے رہنا ہی انبیا کا فریضہ نہ تھا، بلکہ ان کی ذمہ داری یہ تھی کہ جہاں یہ نظام حیات رائج نہیں وہاں اسے رائج کیا جائے اور جہاں یہ رائج ہے وہاں یہ اہتمام کیا جائے کہ یہ رواج پذیر رہے۔ ایسے عوامل اور محرّکات سے اس کی پوری پوری حفاظت کی جائے جو اس کو عملی زندگی سے بے دخل کرنے پر منتج ہوں۔

یہ نصب العین جو انبیاء ورسل کی عظیم البرکات زندگیوں کا نصب العین تھا، یہی نصب العین آج امت محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوات واجمل التسلیمات کے لیے من جانب اللہ مقرر کیا گیا ہے اور انہیں یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنی آراء واہواء کا اتباع

1۔ لسان العرب، ج8، ص176 2۔ ایضاً 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز25، ص21

لَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ

تفرقہ نہ ڈالنا اس میں۔ بہت گراں گزرتی ہے مشرکین پر وہ بات جس کی طرف آپ انہیں بلاتے ہیں ۱۹ اللہ تعالیٰ چن لیتا ہے ۲۰

کر کے اپنی جمعیت کو انتشار کا شکار نہ بنا دیں اور ایک امت کو متعدد فرقوں میں بانٹ کر بے وقار نہ کر دیں کیونکہ اگر انہوں نے اپنی وحدت اور یکجہتی کو فرقہ بازی کی نذر کر دیا تو پھر اقامت دین کے فریضہ سے وہ عہدہ برآ نہ ہو سکیں گے۔ ان کا اتحاد پارہ پارہ ہو جائے گا۔ ان کی ہوا اکھڑ جائے گی۔ نئے انسانی معاشروں میں اس کو قائم کرنا تو بڑی بات ہے جہاں ان کے اسلاف کی کوششوں کے باعث دین قائم ہو چکا ہے وہاں اس کا باقی رہنا بھی مشکوک ہو جائے گا اور اس کا مشاہدہ ہم اپنے ہاں کر رہے ہیں۔ اس لیے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر متحد و متفق رہنے کی ہدایات دی گئی ہیں اور حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بار بار اپنے ارشادات عالیہ وحکیمانہ میں ہمیں بے اتفاقی سے ڈرایا ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ(1)۔ جس نے دانستہ ایک بالشت بھر کے لیے بھی جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی اس نے گویا اپنے گلے سے اسلام کا رشتہ اتار پھینکا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ(2)۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت اور رحمت کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ایک بڑی پیاری حدیث منقول ہے: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ ذِئْبُ الْاِنْسَانِ كَذِئْبِ الْغَنَمِ يَاْخُذُ الشَّاذَّةَ وَالْقَاصِيَةَ وَالنَّاحِيَةَ وَاِيَّاكُمْ وَالشِّعَابَ وَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَالْعَامَّةِ (رواہ احمد)(3) یعنی حضورؐ نے فرمایا جس طرح بکریوں کے لیے بھیڑیا ہوتا ہے اسی طرح شیطان، انسان کے لیے بھیڑیا ہوتا ہے۔ بھیڑیا اپنے ریوڑ سے الگ ہو جانے والی یا دور آگے چلی جانے والی یا ایک طرف ہو جانے والی کو ہی پکڑتا ہے اور میں تمہیں اس بات سے ڈراتا ہوں کہ تم گروہ گروہ ہو جاؤ۔ تم پر لازم ہے کہ تم جماعت کے ساتھ اور عام لوگوں کے ساتھ رہو۔

۱۹ اے محبوب! یہ دین حق جس کی دعوت آپ دے رہے ہیں، مشرکین کو از حد ناگوار ہے۔ اس دین کو قبول کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ وہ اپنے ان معبودوں سے قطع تعلق کر لیں جن کی پوجا پاٹ یہ کئی نسلوں سے کرتے چلے آ رہے ہیں، نیز اپنے قدیم رسم و رواج جن پر انکا معاشرہ قائم ہے اور جن کے وہ عرصہ سے خوگر ہیں، ان تمام کو جھٹک کر وہ پرے پھینک دیں۔ وہ مشرک اس تبدیلی کو قبول کرنے کے لیے ہرگز تیار نہ تھے۔

۲۰ علامہ ابن منظور ''یجتبی'' کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اِجْتَبَاهُ اَيِ اصْطَفَاهُ یعنی اس نے چن لیا۔ ابن سیدہ کہتے ہیں: اِجْتَبَى الشَّيْءَ اَيِ اخْتَارَهُ یعنی اُس کو پسند کر لیا۔ وَهُوَ مُشْتَقٌّ مِنْ جَبَيْتُ الشَّيْءَ اِذَا خَلَّصْتَهُ لِنَفْسِكَ۔ جب کسی چیز کو تو اپنے لیے مخصوص کر لے تو عرب کہتے ہیں جَبَيْتُ الشَّيْءَ۔ اسی سے ہے جَبَيْتُ الْمَاءَ فِي الْحَوْضِ۔ یعنی میں نے حوض میں پانی جمع کر لیا۔ (لسان العرب)(4) علامہ راغب اصفہانی اس لفظ کی لغوی تحقیق کرنے کے بعد لکھتے ہیں: وَاجْتِبَاءُ اللّٰهِ الْعَبْدَ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص313۔ جامع ترمذی، ابواب الامثال، باب ماجاء فی مثل الصلوٰۃ والصیام والصدقۃ، ج2، ص110

2۔ جامع ترمذی، ابواب الفتن، باب فی لزوم الجماعۃ، ج2، ص39 3۔ مسند امام احمد، ج5، ص33-232 4۔ لسان العرب، ج14، ص31-130

اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا

اپنی طرف جس کو چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے اپنی طرف جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔ اور نہ بٹے وہ فرقوں میں ۲۱ مگر

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

اس کے بعد کہ آ گیا ان کے پاس (صحیح) علم۔ (یہ تفرقہ) محض باہمی حسد کے باعث تھا۔ اور اگر یہ فرمان پہلے نہ ہو چکا ہوتا

تَخْصِيْصُهُ اِيَّاهُ بِفَيْضٍ اِلٰهِيٍّ يَتَحَصَّلُ لَهٗ مِنْهُ اَنْوَاعٌ مِّنَ النِّعَمِ بِلَا سَعْيٍ مِّنَ الْعَبْدِ وَذٰلِكَ لِلْاَنْبِيَاءِ وَ بَعْضِ مَنْ يُّقَارِبُهُمْ مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ (1)۔ یعنی جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو چنتا ہے تو وہ اسے ایسے فیض الٰہی سے مخصوص کرتا ہے جس سے بغیر سعی کے اسے طرح طرح کی نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔ یہ نعمت انبیاء کرام اور صدیقین اور شہداء میں سے بعض مقربین کو مرحمت ہوتی ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی دو صورتیں بیان کی گئی ہیں: (۱) ایک صورت تو یہ ہے کہ وہ محض اپنی مہربانی سے کسی کو اپنے قُرب اور محبت کے لیے چن لے اور اس کو گوناگوں انعامات واحسانات سے سرفراز فرمادے۔ یہ لطف عمیم انبیاء کرام، صدیقین اور شہدا پر کیا جاتا ہے۔ (۲) دوسری صورت یہ ہے کہ انسان ہر طرف سے منہ پھیر کر اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے اپنی ہمت وقف کردے۔ جب کوئی شخص خلوصِ نیت سے راہ طلب پر گامزن ہوتا ہے، آزمائش وابتلا کے ابتدائی مرحلوں میں سرخرو ہو جاتا ہے تو پھر توفیق الٰہی اس کی دستگیری کرتی ہے اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے منزل مقصود تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

نخست ار طالبی از جملہ بگزر رو بدو آور کز آں حضرت ندا آید کہ اے سرگشتہ راہ اینک (2)

ترجمہ: اگر تو اس کا طالب ہے تو پہلے سب سے قطع تعلق کر لے اور اس کی طرف رخ پھیر لے یہاں تک کہ بارگاہ الٰہی سے یہ ندا آنے لگے کہ اے میرے دیوانے راستہ یہ ہے۔

علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: قَالَتِ الصُّوْفِيَةُ مَنْ يَّجْتَبِيْهِ وَيَجْذِبُهٗ اِلٰى نَفْسِهٖ مِنْ غَيْرِ اخْتِيَارِهٖ فَهُوَ مُرَادُ اللّٰهِ تَعَالٰى هُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالصِّدِّيْقُوْنَ۔ وَمَنْ اَنَابَ اِلَى اللّٰهِ فَهَدَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَهُوَ الْمُرِيْدُ وَهُمْ اَوْلِيَاءُ اللّٰهِ الصَّالِحُوْنَ مِنْ عِبَادِهٖ۔ (مظہری) (3) یعنی صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ خود چُن لیتا ہے اور اسے اپنی ذات کی طرف کھینچ لیتا ہے جس میں اس بندے کے اختیار کا کوئی دخل نہیں ہوتا تو وہ اللہ تعالیٰ کی مراد ہوتا ہے اور وہ انبیاء اور صدیقین ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کی رہنمائی فرماتا ہے تو وہ مرید ہے جیسے اولیاء کرام اور اس کے نیک بندے۔

۲۱ بتادیا کہ لوگوں کا راہ حق سے انحراف اور الگ الگ فرقوں کا معرض وجود میں آجانا یہ محض بے علمی اور غلط فہمی کے باعث نہیں ہوتا بلکہ اکثر وبیشتر اس انتشار وافتراق کا باعث ان کا باہمی حسد، عناد اور رقابت ہوا کرتی ہے۔ اپنی برتری کا سکہ جمانے کے لیے اپنی الگ پارٹی بناتے ہیں اور اس طرح ملت کی وحدت میں نقب لگانے کا آغاز کرتے ہیں۔ وہ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ

1۔ مفردات راغب، ص 186 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 98-297 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 313

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا

آپ کے رب کی طرف سے کہ انہیں ایک مقررہ مدت تک مہلت دی جائے تو فیصلہ ہو چکا ہوتا ان کے درمیان ۲۲ اور جو لوگ وارث بنائے گئے

الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝۱۴ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ

تھے کتاب کے، ان کے بعد وہ اس کے متعلق ایسے شک میں مبتلا ہیں جو قلق انگیز ہے ۲۳ پس اس دین کی طرف آپ دعوت دیتے رہیے ۲۴

جس راہ کو وہ چھوڑ رہے ہیں، یہی سیدھی راہ ہے اور جو راستہ وہ اپنا رہے ہیں وہ ان کو اپنی منزل سے دور پھینک دے گا، لیکن اپنی ذاتی اغراض اور اپنی دنیاوی مصلحتیں انہیں ایسا کرنے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ وہ جانتے بوجھتے ہوئے غلط راہ پر چل نکلتے ہیں۔ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ کے الفاظ ہم سب کے لیے بڑے توجہ طلب ہیں۔

۲۲ ان کے کرتوتوں کا تقاضا تو یہ ہے کہ انہیں فوراً تہس نہس کر کے رکھ دیا جائے، لیکن آپ کے رب نے اپنی رحمت اور حکمت کے پیش نظر انہیں ایک مقررہ وقت تک مہلت دے دی ہے۔ اس لیے اس وقت تک ان کی رسی ڈھیلی رہے گی۔ ہوسکتا ہے کہ اس اثنا میں ان کی چشم ہوش کھلے اور انہیں اپنی غلط کاریوں پر ندامت ہو اور وہ توبہ کر کے اپنی بخشش کا سامان کر لیں۔ اور اگر ان کی بے ہودگی کا یہی عالم رہا اور مقررہ میعاد تک انہوں نے سنبھلنے کی کوشش نہ کی تو جب مقررہ وقت آجائے گا تو چشم زدن میں ان کو حرف غلط کی طرح مٹا دیا جائے گا، ان کا نام ونشان تک بھی باقی نہ رہے گا، ان کی عبرتناک تباہی پر دو آنسو بہانے والا بھی کوئی نہ ہوگا۔

۲۳ یہ مکہ کے مشرک جنہیں گزشتہ قوموں کی تباہی کے بعد قرآن حکیم جیسی کتاب کا وارث بننے کی سعادت نصیب ہوئی تھی، وہ عقل کے اندھے اسی تذبذب میں مبتلا ہیں کہ آیا یہ کتاب خدا کی نازل کردہ ہے یا نہیں۔ مُرِيْبٌ: مُقْلِقٌ اَوْ مُدْخِلٌ فِي الرِّيْبِ۔ (مظہری)(1) جس شک وشبہ سے دل میں قلق اور بے چینی پیدا ہو اس کو مُریب کہتے ہیں۔

۲۴ علامہ ابن کثیر اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں دس کلمات ہیں۔ ہر کلمہ اپنی جامعیت اور افادیت کے باعث ایک مستقل حکم ہے اور اگر اسے سیاق وسباق سے قطع نظر کر کے بھی دیکھا جائے تو اس کی افادیت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ اس آیت کی نظیر صرف آیۃ الکرسی ہے جس میں اسی طرح کے دس احکام بیان کیے گئے ہیں۔(2)

اب بڑے اختصار کے ساتھ الگ الگ ہر کلمہ کی وضاحت کی جاتی ہے:

(۱)۔ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ۔ ذالك اسم اشارہ ہے۔ اس کے مشارٌ الیہ کے متعلق علماء کے دو قول ہیں: پہلا قول یہ ہے کہ باہمی حسد وعناد کی وجہ سے لوگ مختلف فرقوں میں بٹ چکے ہیں۔ ہر ایک اپنے آپ کو حق وصداقت کا ٹھیکدار سمجھتا ہے۔ اے حبیب! آپ اپنی من موہنی ادا سے انہیں حق قبول کرنے کی دعوت دیں تاکہ وہ اس انتشار کے ہاتھوں ذلیل وخوار ہونے سے بچ جائیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا مشارٌ الیہ دین ہے جس کے اتباع کا حکم تمام انبیاء ورسل کو دیا گیا ہے اور جس پر کاربند ہونے کی آپ کو بھی ہدایت کی گئی ہے۔ آپ خلق خدا کو اسے قبول کرنے کی دعوت دیں۔ اس نظام صداقت سے صرف آپ یا چند خاص نفوس ہی بہرہ یاب نہ ہوں

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص313 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص109

وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ

اور ثابت قدم رہیے جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ اور نہ اتباع کیجیے ان کی خواہشات کا ۲۵ اور (برملا) فرمائیے کہ میں ایمان لایا ہر

اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ

اس کتاب پر جو اللہ نے نازل کی ۲۶ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں عدل کروں تمہارے درمیان ۲۷ اللہ تعالیٰ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی ۲۸

بلکہ شرق وغرب میں بسنے والا جو بھی اس دعوت کی دلآویزی سے متاثر ہو کر اسے قبول کرے وہ اس سے فیض یاب ہو سکے۔

(۲)۔ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ۔ صرف اس دعوت کو قبول کر لینا ہی کافی نہیں بلکہ اس کو قبول کر کے اس پر ڈٹ جانا اور ہجوم آلام و مصائب میں ثابت قدم رہنا اور ثابت قدمی کے اس معیار پر پورا اترنا جو اللہ تعالیٰ نے مقرر فرمایا ہے، شیوۂ مردانگی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس استقامت کا حکم اپنے محبوب کو دیا اور حضورؐ کے طفیل ساری امت اسلامیہ بلکہ جملہ بنی نوع انسان کو دیا جا رہا ہے (1)۔ اس فرمان الٰہی کی جلالت شان کا انداہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد گرامی سے لگایا جا سکتا ہے۔ شَيَّبَتْنِيْ سُوْرَةُ هُوْدٍ وَّ اَخَوَاتُهَا وَقِيْلَ لَهٗ لِمَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ لِاَنَّ فِيْهَا وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ (روح البیان) (2) حضور ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ ہود اور اس کی مثل سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔ عرض کیا گیا: اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ! یہ کیسے؟ ارشاد فرمایا: کیونکہ اس میں وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ کا حکم ہے یعنی اس طرح استقامت کا مظاہرہ کرو جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے۔

۲۵ (۳) نفس کے پجاریوں اور خسیس خواہشات کے پرستاروں کی پیروی کرنا آپ کا کام نہیں بلکہ ان احکام کی بجا آوری آپ کا فرض ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ پر نازل ہوئے ہیں۔ بفرض محال اگر آپ لوگوں کی پیروی کرنے لگیں تو انسانیت کا مستقبل تاریک ہو جائے گا اور اس کشتی کی سلامتی کی ساری امیدیں ختم ہو جائیں گی۔

۲۶ (۴) آپ بکھری ہوئی انسانیت کی شیرازہ بندی کے لیے تشریف لائے ہیں۔ یہ کام تب ہی سرانجام پائے گا کہ آپ حق کو جزوی طور پر نہیں بلکہ کلی طور پر تسلیم کریں۔ حق جہاں بھی ہو اور جس روپ میں ہو آپ اس کی تصدیق فرما دیں۔ اس لیے آپ یہ اعلان فرما دیں کہ میں صرف اس کتاب پر ہی ایمان نہیں لایا جو مجھ پر نازل کی گئی ہے بلکہ میرے رب نے جو کتابیں نازل فرمائی ہیں، میں ان سب کتابوں کو برحق مانتا ہوں۔

۲۷ (۵) مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ میں ہر قسم کے ظلم وستم کا خاتمہ کر دوں۔ تمام باطل امتیازات کا قلع قمع کر دوں۔ زندگی کے ہر شعبے میں ایسا نظام رائج کروں کہ عدل وانصاف کے تقاضے پورے ہوں۔ تبلیغ اسلام میں بھی، تنفیذ احکام میں بھی، امیر وغریب، شاہ وگدا، رومی وعجمی میں کوئی امتیاز برقرار نہ رکھوں۔ گویا انسانی معاشرے سے ہر قسم کے جور وجفا کا خاتمہ اور عدل وانصاف کا قیام اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضورؐ کی ذمہ داری ہے اور جب اسلام کو غلبہ اور اقتدار نصیب ہوا تو دوست ودشمن نے دیکھا، اپنوں اور بیگانوں نے دیکھا، ساری دنیا والوں نے دیکھا کہ کملی والے نے اور اس کے غلاموں نے کس خوبصورتی سے اس ذمہ داری کو ادا

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 299 2۔ ایضاً

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ

رب ہے ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ۲۹ کسی بحث و تکرار کی ضرورت نہیں ہمارے اور تمہارے درمیان ۳۰ اللہ ہم سب کو جمع کرے گا ۳۱

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۱۵ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِى اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا

اور اسی کی طرف (سب نے) پلٹنا ہے ۳۲ اور جو لوگ حجت بازی کرتے ہیں اللہ (کے دین) کے بارے میں اس کے بعد کہ (اکثر حق شناس)

اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ

اس کو مان چکے ہیں۔ سو اُن کی حجت بازی لغو ہے ۳۳ ان کے رب کے نزدیک اور ان پر (اللہ کا) غضب ہے

کیا۔ خون کے پیاسوں کے ساتھ بھی کوئی زیادتی روا نہیں رکھی گئی اور عزیز و اقارب کے ساتھ بھی بے جا رعایت نہیں کی گئی۔

۲۸ (۶) ہمارا پروردگار بھی اللہ تعالیٰ ہے اور تمہارا پروردگار بھی اللہ تعالیٰ ہے۔ عبادت کریں گے تو اس کی۔ کارسازِ حقیقی سمجھیں گے تو اس کو۔ توکل کریں گے تو اس پر۔ اس کے در اقدس کو چھوڑ کر کسی معبود کی طرف جانا تو کجا آنکھ اٹھا کر دیکھنا بھی ہماری غیرت ایمانی گوارا نہیں کرتی۔

۲۹ (۷) ہمارے نیک اعمال کا ثواب اور برے اعمال کی سزا ہمیں ملے گی۔ تمہارے نیک و بد اعمال کی جزا و سزا تمہیں ملے گی۔ ایسا نہیں ہوگا کہ نیکی تم کرو اور ثواب ہمیں مل جائے یا برائی ہم کریں اور دھر تم لیے جاؤ۔ اس لیے جب تمہارے اچھے اعمال کا اجر بھی تمہیں ملنا ہے تو تم نیکی کرنے میں سستی کیوں کرتے ہو اور جب سزا بھی اپنے کرتوتوں کی لامحالہ تمہیں نے بھگتنی ہے تو پھر اتنی بے پروائی سے گناہوں کا ارتکاب کیوں کرتے ہو؟

۳۰ (۸) حق واضح ہو گیا روشن اور قوی دلائل نے شک و ارتیاب کے حجابات کو تار تار کر دیا ہے، پھر بھی تم باطل سے چمٹے ہوئے ہو اور حق کو قبول نہیں کرتے تو تمہاری قسمت۔ اب مزید بحث و تکرار کی نہ کوئی گنجائش ہے اور نہ ضرورت اور نہ ہمارے پاس اتنا فالتو وقت ہے کہ ہم بے مقصد تمہارے ساتھ سر کھپاتے رہیں۔

۳۱ (۹) آخر میں فرما دیا وہ دن آنے والا ہے جب اللہ تعالیٰ ہم سب کو جمع کرے گا اور ہم سب سے باز پُرس ہوگی۔ اس روز معلوم ہو جائے گا کہ حق پر کون ہے اور غلط راستوں پر کون بھٹک رہا ہے۔

۳۲ (۱۰) سب نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور اگر کوئی خوشی سے وہاں جانے کے لیے آمادہ نہ ہوگا تو اسے مجبوراً دھکیل کر وہاں لے جائیں گے۔

۳۳ آفتاب ہدایت طلوع ہو چکا۔ لوگ خواب غفلت سے بیدار ہو گئے۔ تاریک سینے روشن اور سیاہ دل منور ہو گئے۔ سلیم العقل لوگ ایک ایک کر کے کفر و شرک کی زنجیروں کو توڑ کر نعمت توحید سے مالا مال ہو رہے ہیں۔ ان حالات میں بھی جو بد بخت حق قبول کرنے والوں پر اعتراضات کی بوچھاڑ کرتے ہیں، ان پر خدا کی پھٹکار ہو اور وہ عذاب الیم میں مبتلا کر دیے جائیں گے۔

وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ

اور انہی کے لیے سخت عذاب ہے۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے نازل کیا ہے کتاب کو حق کے ساتھ اور (نازل کیا ہے) میزان کو ۳۴

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾ يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ

اور تمہیں کیا معلوم کہ شاید وہ گھڑی قریب ہی ہو۔ ۳۵ جلدی مچاتے ہیں اس کے لیے وہ لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ

جو ایمان نہیں رکھتے اس پر ۳۶ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ خوفزدہ رہتے ہیں اس سے۔ اور وہ جانتے ہیں

اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾

کہ یہ حق ہے۔ خبردار! جو لوگ شک کرتے ہیں قیامت کے متعلق، وہ بڑی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ ع ۲ ۱۰ ۳

اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر ۳۷ رزق دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور وہی قوی (اور) زبردست ہے۔

دَحَضَ بِرِجْلِهٖ: فَحَصَ بِهَا (قاموس)(1)۔ کسی چیز کو پاؤں تلے روند ڈالنا وَمِنَ الْمَجَازِ دَحَضَتُ الْحُجَّةُ دُحُوْضًا اَیْ بَطَلَتْ(2)۔ مجازاً باطل اور فضول دلیل کو حجت داحضۃ کہتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ حق کی تردید کے لیے وہ اپنی طرف سے جو دلائل پیش کرتے ہیں وہ بالکل غلط اور پادر ہوا ہوتے ہیں۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے پاؤں تلے مسلی ہوئی کوئی چیز۔

۳۴ بِالْحَقِّ کی تشریح کے لیے دیکھیے ضیاء القرآن جلد اوّل سورۂ آل عمران آیت نمبر ۳۔ میزان سے مراد شریعت ہے جس سے حقوق کا وزن کیا جا سکتا ہے اور لوگوں کے درمیان عدل اور مساوات قائم کی جا سکتی ہے۔ اَلْمِيْزَانُ الَّذِيْ يُوْزَنُ بِهِ الْحُقُوْقُ وَيُسَوّٰى بَيْنَ النَّاسِ۔(3)

۳۵ تم لمبی تان کر سوئے پڑے ہو اور بیدار ہونے کا نام نہیں لیتے۔ تمہیں کیا خبر کہ وہ گھڑی قریب آ لگی ہو جس کے آنے کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ عقل مندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ خواب غفلت سے فوراً آنکھیں کھولو اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس کے لیے تیاری شروع کر دو۔

۳۶ یعنی وہ لوگ جو قیامت پر یقین نہیں رکھتے وہ تو اس کے جلد برپا ہونے کے لیے بے تاب ہیں اور ازراہِ مذاق کہتے ہیں کہ قیامت جلدی برپا ہو جائے تاکہ ہمارا یہ باہمی جھگڑا ختم ہو جائے اور سب کو پتہ چل جائے کہ حق پر کون ہے۔ ہم یا یہ نئے دین کا پرچار کرنے والے؟ قیامت کے لیے کفار کی یہ عجلت اس لیے نہ تھی کہ وہ واقعی اس کے منتظر تھے اور دل سے چاہتے تھے کہ وہ فیصلہ کن گھڑی آ جائے، بلکہ ان کا یہ کہنا محض ازراہ مذاق تھا۔ جن لوگوں کو قیامت کی آمد کا یقین ہے وہ تو اس کے تصور ہی سے کانپ اٹھتے ہیں۔

1۔ القاموس المحیط، ج 1، ص 869 2۔ تاج العروس، ج 5، ص 28 3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 301

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ

جو طلب گار ہو آخرت کی کھیتی کا تو ہم (اپنے فضل وکرم سے) اس کی کھیتی کو اور بڑھادیں گے ۳۸ اور جو شخص

يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾

خواہش مند ہے (صرف) دنیا کی کھیتی کا تو ہم اسے دیں گے اس سے اور نہیں ہوگا اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ

۳۷ لطیف، اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ علامہ ابن منظور اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قَالَ ابْنُ الْاَثِيْرِ فِيْ تَفْسِيْرِهِ اللَّطِيْفُ هُوَ الَّذِيْ اجْتَمَعَ لَهُ الرِّفْقُ فِي الْفِعْلِ وَالْعِلْمُ بِدَقَائِقِ الْمَصَالِحِ وَاِيْصَالُهَا اِلٰى مَنْ قَدَّرَهَا لَهٗ مِنْ خَلْقِهٖ (1)۔ یعنی لطیف اس کو کہتے ہیں جس میں یہ تین چیزیں جمع ہوں: جو کام ہو اس میں درشتی اور سختی نہ ہو بلکہ نرمی اور رفق کا پہلو نمایاں ہو۔ نیز وہ اپنے بندوں کی باریک سے باریک مصلحتوں اور منفعتوں پر آگاہ ہو اور جس کو کوئی نعمت عطا فرمانا چاہے اسے عطا فرمانے پر قادر ہو۔ سید الطائفہ جنید بغدادی فرماتے ہیں: اَللَّطِيْفُ مَنْ نَوَّرَ قَلْبَكَ بِالْهُدٰى وَرَبّٰى جِسْمَكَ بِالْغِذَاءِ وَيُخْرِجُكَ مِنَ الدُّنْيَا بِالْاِيْمَانِ وَيَحْرُسُكَ مِنْ نَّارِ اللَّظٰى هٰذَا لُطْفُ اللَّطِيْفِ بِالْعَبْدِ الضَّعِيْفِ (2): لطیف اس ذات پاک کو کہتے ہیں جو تیرے دل کو ہدایت سے منور کردے۔ غذا سے تیرے جسم کی نشوونما کرے۔ تجھے دنیا سے ایمان کے ساتھ نکالے اور دوزخ کی آگ سے تجھے بچائے۔ (روح المعانی) آیت کا معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر لطف فرمانے والا ہے اور جس کو چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے، رزق عطا فرماتا ہے۔ کسی کو علم دے دیا، کسی کو دولت دے دی، کسی کو حسن صورت سے نوازا، کسی کو حسن سیرت سے سرفراز فرمایا، کسی کو سیم وزر کے انبار بخش دیے اور کسی کو قناعت کی دولت سے مالا مال کردیا۔ اس کے انعامات بے شمار اور اس کی عطائیں غیر محدود، اس کے بخشنے اور عطا کرنے کے انداز لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى۔

۳۸ انسان جن مشاغل میں دن رات مشغول رہتا ہے، جن مقاصد کے حصول کے لیے وہ تگ ودو کرتا ہے، اس سے اگر وہ اپنی آخرت سنوارنا چاہتا ہے اور اپنے رب کریم کو راضی کرنا چاہتا ہے تو اسے مبارک ہو۔ اسے اس کی محنت سے کم از کم دس گنا زیادہ اجر ملے گا اور اگر اس کے عمل میں عجز ونیاز زیادہ ہوا تو اجر بھی اسی نسبت سے بڑھتا جائے گا۔ اس کی آخرت سنور جائے گی اور جو لوگ صبح سے لے کر شام تک پسینہ میں شرابور بھاگے پھرتے ہیں۔ رات بھر فکر اور سوچ کے گردابوں میں پٹخنیاں کھاتے رہتے ہیں اور اس سے ان کا مقصد عاقبت سنوارنا نہیں بلکہ دنیا میں جاہ وجلال حاصل کرنا اور دولت وثروت کے انبار جمع کرنا ہے تو ان کے متعلق ایک بات تو یہ ہے کہ آخرت کی زندگی میں ان کے لیے کوئی آرام وآسائش اور کوئی عزت وپذیرائی نہیں ہوگی۔ رہی دنیا جس کے لیے وہ دیوانوں کی طرح مارے مارے پھرتے ہیں اس میں سے بھی انہیں اتنا تو نہیں ملے گا کہ ان کی حسرت پوری ہو سکے البتہ کچھ نہ کچھ انہیں دے ہی دیا جائے گا۔ اس آیت کی صحیح تفسیر ایک ارشاد نبوی سے ہوتی ہے۔ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ الْاٰخِرَةَ جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهٗ وَجَعَلَ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ فَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ الدُّنْيَا فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَمْرَهٗ وَجَعَلَ فَقْرَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَاْتِهٖ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا كُتِبَ لَهٗ (3)۔ یعنی جو اُخروی زندگی کی بہتری کے لیے عمل

1۔ لسان العرب، ج9، ص316 2۔ الکتاب الاسنیٰ فی شرح اسماء اللہ الحسنیٰ، امام زین المشائخ محمد بن ابی القاسم البقالی الحنفی، المتوفی 586ھ، ج7، ص57 مطبوعہ

3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص307

أَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ

کیا ان کے ایسے شریک ہیں جنہوں نے مقرر کیا ہے ان کے لیے ایسا دین جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی۔ ۳۹

وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ

اور اگر ان کے فیصلہ کی بات پہلے سے طے نہ ہوتی تو ان کا قصہ کبھی کا چکا دیا گیا ہوتا۔ ۴۰ اور جو ظالم ہیں یقیناً ان کے لیے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ

دردناک عذاب ہے۔ آپ دیکھیں گے ظالموں کو کہ ڈر رہے ہوں گے ان (کرتوتوں) سے جو انہوں نے کمائے اور وہ ان

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ

پر واقع ہو کر رہے گا ۴۱ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے وہ بہشتوں کے باغوں میں

الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۲۲﴾

ہوں گے۔ انہیں ملے گا جو وہ چاہیں گے اپنے رب کے پاس سے۔ یہی بڑا فضل ہے۔

ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

یہ وہ چیز ہے جس کی خوشخبری اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے۔

کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں کو دور کر دیتا ہے، اس کے دل کو غنی کر دیتا ہے اور دنیا ذلیل ہو کر اس کے پاس حاضر ہوتی ہے اور جو آدمی دنیا کی نیت سے کام کاج میں مصروف رہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی یکسوئی اور طمانینت کو درہم برہم کر دیتا ہے اور اس کے فقر کو اس کی آنکھوں کے سامنے رکھ دیتا ہے اور دنیا میں سے اسے اتنا ہی ملتا ہے جتنا اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے لکھا ہے۔

۳۹ وہ دین جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لیے پسند فرمایا ہے، کفار اس کو تو مانتے نہیں اور ان قواعد و ضوابط کی ہر آن نافرمانی کرتے ہیں جو رحیم و کریم پروردگار نے اپنے بندوں کی فلاح و بہبود کے لیے مقرر کیے ہیں۔ حیرت ہے بندوں کے لیے دین تو وہ قابل قبول ہونا چاہیے جو ان کے خدا نے انہیں دیا ہے، کفار جن قواعد و ضوابط کی پیروی کر رہے ہیں، یہ خدائے برتر کے بھیجے ہوئے تو ہیں نہیں۔ پھر انہوں نے یہ کہاں سے لیے ہیں؟ کیا انہوں نے کوئی اور خدا بنائے ہوئے ہیں اور یہ ان کا نازل کیا ہوا دین ہے اور ان کے مقرر کردہ قواعد ہیں جن پر یہ اتنی سختی سے کاربند ہیں؟ لاحول ولاقوۃ۔ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی اور خدا نہیں ہو سکتا، کوئی اور قانون ساز نہیں ہو سکتا۔

۴۰ اللہ تعالیٰ نے ان کے فیصلے کے لیے ایک دن مقرر کر دیا ہے اس لیے یہ اتراتے پھرتے ہیں۔ ورنہ کبھی کا ان کا کچومر نکل گیا ہوتا۔

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ

آپ فرمائیے میں نہیں مانگتا اس (دعوتِ حق) پر کوئی معاوضہ بجز قرابت کی محبت کے۔ ۴۲ اور جو شخص کماتا ہے

۴۱ قیامت کے روز ان ظالموں کی جو کیفیت ہوگی، اس کا ذکر ہو رہا ہے۔

۴۲ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس زندگی کا ایک ہی مقصد تھا کہ اللہ تعالیٰ کے بندے جو طرح طرح کی گمراہیوں کے باعث اپنے رب سے بہت دور جا چکے ہیں پھر قریب ہو جائیں۔ کفر و شرک کے اندھیروں سے نکل کر پھر نورِ ہدایت سے اپنے قلب و نظر کو روشن کریں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حضورؐ کی لگن کا یہ عالم تھا کہ دن رات اسی میں مشغول رہتے۔ ان کو سمجھاتے، وہ غصہ ہوتے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرا دیتے، وہ گالیاں بکتے تو حضورؐ دعائیں دیتے، وہ روشن معجزات دیکھ کر اور آیاتِ الٰہی سن کر بھی کفر سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے تو حضورؐ کے شفیق دل پر غم و اندوہ کے بادل گھر آتے اور آپ رات بھر اللہ تعالیٰ کی جناب میں ان کی مغفرت اور ہدایت کے لیے دعائیں مانگتے۔ اخلاص و محبت کے یہ بے مثل انداز کفارِ مکہ نے بھلا کب کہیں دیکھے تھے۔ وہ دل ہی دل میں خیال کرتے کہ اس ساری جدوجہد اور شبانہ روز تگ و دَو کے پس منظر میں کوئی بڑا مقصد ہے جس کے حصول کے لیے یہ شخص جانگسل محنت اور مشقت برداشت کر رہا ہے اور ہمارے جور و جفا پر اتنے حوصلہ اور حلم کا مظاہرہ کرتا ہے۔ یہ دولت جمع کرنا چاہتا ہے یا اقتدار کی ہوس ہے یا ہمارا بادشاہ بننا چاہتا ہے۔ آخر کوئی نہ کوئی بات ضرور ہے جس کے باعث انہوں نے اپنا یہ حال بنا رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیتے ہیں کہ اے نادانو! تم کس اُدھیڑ بن میں ہو؟ سن لو! میں اپنی ان جانکاہیوں کا، ان دلسوزیوں کا تم سے کسی قسم کا کوئی معاوضہ طلب نہیں کرنا چاہتا نہ آج نہ کل اور نہ کبھی قیامت تک البتہ میری یہ خواہش ضرور ہے کہ تم نے آپس میں قتل و غارت کا جو بازار گرم کر رکھا ہے اور ایک دوسرے کو ایذا پہنچانے میں اپنی قوتیں صرف کر رہے ہو اس سے باز آ جاؤ اور آپس میں محبت اور پیار کرو۔ تمہاری باہمی رشتہ داریاں اور قرابتیں ہیں۔ تمہیں یہ زیب نہیں دیتا کہ بھائی بھائی کا گلا کاٹے، چھوٹا بڑے کی پگڑی اچھالے، کسی کی جان، کسی کا مال محفوظ نہ ہو۔ مجھے تمہارے یہ انداز پسند نہیں۔ میں تم سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ایک دوسرے سے محبت اور ایک دوسرے کا احترام کرنا سیکھو تاکہ تمہاری زندگی میں ایک خوشگوار تبدیلی نمودار ہو جائے۔

اِلَّا حرف استثنا ہے۔ یہاں مستثنیٰ منقطع ہے (1) یعنی اَلْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى جو مستثنیٰ ہے یہ مستثنیٰ منہ میں داخل نہیں تاکہ آیت کا یہ مفہوم ہو کہ میں تم سے کوئی اجر، کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا، مگر یہ اجر طلب کرتا ہوں کہ تم آپس میں پیار اور محبت کرو۔ تقریباً یہی مفہوم ایک دوسری آیت میں بیان کیا گیا قُلْ مَا اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾ (2) یعنی میں اس پر تم سے کوئی اجر طلب نہیں کرتا۔ میرا یہی اجر ہے کہ تم میں سے کون معرفت الٰہی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔ اس آیت کا بھی یہی مقصد ہے کہ میں تم سے اپنے لیے کوئی اجر طلب نہیں کرتا سوائے اس کے کہ تم آپس میں محبت اور پیار کرنے لگو۔ مجھے صرف تمہاری بھلائی اور خیر خواہی مطلوب ہے۔ اگر تم سدھر جاؤ اور تمہارے طَور اطوار درست ہو جائیں تو یہی میری کاوشوں کا بہترین معاوضہ ہے۔ اظہارِ خلوص کے لیے اس سے زیادہ اثر انگیز اسلوبِ بیان اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 25، ص 17 2۔ سورۃ الفرقان: 57

مختلف انبیاء کے یہ اعلانات مذکور ہیں۔ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (1) میں تم سے کسی اجر کا سوال نہیں کرتا۔ میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ جب دیگر انبیاء اپنی قوموں سے کسی اجر کا مطالبہ نہیں کر رہے، کسی مالی یا ادبی منفعت کی خواہش نہیں کر رہے، تو فخر الانبیاء، سید الرسل کے متعلق یہ کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ حضورؐ نے کسی قسم کی منفعت کی خواہش کی ہو۔ دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی نعمت، کسی قارون کے بھرے ہوئے خزانے، ربع مسکون کی فرمانروائی ان دعاہائے نیم شبی، ان گریہ ہائے سحر گاہی کا صلہ نہیں ہو سکتی جن سے اس رحمت عالمیاں نے بنی نوع انسان کو مشرف فرمایا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس مرقع دلبری وزیبائی کی نوک مژگاں پر لرزتا ہوا ایک آنسو سارے عالم سے زیادہ قیمتی ہے۔ اگر حضورؐ اپنی ان دلسوزیوں، ان اشکباریوں کے معاوضہ کا تصور بھی کرتے تو شان رفیع سے بہت فروتر ہوتا۔ دشمنوں کو انگشت نمائی کا موقع مل جاتا۔ یہودی اور عیسائی ہمیں طعنہ دے سکتے کہ ہمارے راہنماؤں نے تو یہ اعلان کیا کہ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اور تمہارے رسول نے مودۃ قربیٰ کا مطالبہ کر کے اپنی محنت ومشقت کا معاوضہ طلب کیا۔ (العیاذ باللہ)

اس آیت سے تھوڑا پہلے فرمایا کہ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا: جو شخص دنیا کی کھیتی کا خواہاں ہوگا ہم اسے اسی میں سے دیں گے۔ اس سیاق وسباق کو پیش نظر رکھتے ہوئے میرے نزدیک تو آیت کی یہی تفسیر زیادہ پسندیدہ ہے۔

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ قرابت داروں، خاندانِ بنو ہاشم خصوصاً اہل بیت کرام کی محبت، ان کا ادب واحترام عین ایمان بلکہ جان ایمان ہے۔ جس کے دل میں اہل بیت کے لیے محبت نہیں وہ یوں سمجھے کہ اس کی شمع ایمان بجھی ہوئی ہے اور وہ منافقت کے اندھیروں میں بھٹک رہا ہے۔ جتنی کسی کی قرابت حضورؐ سے زیادہ ہوگی اتنی ہی اس کی محبت واحترام زیادہ مطلوب ہوگا۔ ایک نہیں صدہا ایسی صحیح احادیث موجود ہیں جن میں اہل بیت پاک سے محبت کرنے اور ان کا ادب ملحوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ بے شک اہل بیت پاک کی محبت ہمارا ایمان ہے لیکن یہ حضورؐ کی رسالت کا اجر نہیں بلکہ یہ شجر ایمان کا ثمر ہے۔ یہ اس گل کی مہک ہے، یہ اس خورشید کی چمک ہے۔ جہاں ایمان ہوگا وہاں حُبِّ آلِ مصطفیٰ ضرور ہوگی۔

یہ گرہ اب تک نہ کھلی کہ بعض لوگوں کے نزدیک حب آل مصطفیٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء کے لیے بُغض اصحاب حبیب کبریا کی شرط کہاں سے ماخوذ ہے۔ حضورؐ نے اپنے اہل بیت کی محبت کا اگر حکم دیا ہے تو اپنے صحابہ کے احترام واکرام کی بھی تاکید فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں اہل بیت کے بارے میں فرمایا: مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِيْ كَمَثَلِ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَنْ رَكِبَ فِيْهَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ (2)۔ یعنی میرے اہل بیت کی مثال نوح علیہ السلام کی کشتی کی ہے۔ جو اس میں سوار ہوا، نجات پا گیا اور جو پیچھے رہ گیا وہ ہلاک ہو گیا۔ تو دوسرا ارشاد گرامی یہ بھی ہے اَصْحَابِيْ كَالنُّجُوْمِ (3) میرے صحابہ درخشاں ستاروں کی طرح ہیں۔

بحمدہٖ تعالیٰ یہ شرف اہل سنت کو ہی حاصل ہے کہ ہم اہل بیت کی محبت کی کشتی میں سوار ہیں اور ہماری نگاہیں صحابۂ کرام کی جگمگاتی ہوئی روشنی پر مرکوز ہیں۔ ہم زندگی کے سمندر کو آزمائشوں اور تکالیف کی کالی رات میں عبور کر رہے ہیں۔ جو اس کشتی میں سوار نہ ہوا وہ غرق ہو گیا اور جس نے ان روشن ستاروں سے ہدایت حاصل نہ کی وہ راہِ راست سے بھٹک گیا۔

1۔ سورۃ الشعراء: 109, 127, 145, 164, 180 2۔ مجمع الزوائد، ج9، ص265، حدیث 14978، دار الفکر بیروت
3۔ رواہ البیہقی، کشف الخفاء للعجلونی، ج1، ص132، رقم الحدیث 381، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت

حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ

کوئی نیکی ہم دوبالا کر دیں گے اس کے لیے اس میں حسن ۴۳ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بڑا قدر دان ہے ۴۴ کیا یہ

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى

لوگ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے ۴۵ پس اگر اللہ چاہتا تو مُہر لگا دیتا آپ کے

۴۳ ارشاد ہو رہا ہے کہ جو شخص نیک عمل کرتا ہے، ہم اس کے اعمال کے حسن اور دل کشی میں اپنی طرف سے اضافہ کر دیتے ہیں۔ اس کی سعی و کوشش کے باوجود جو خامی رہ جاتی ہے، ہم اپنے فضل و کرم سے وہ پوری کر دیتے ہیں۔ اس کا یہ مفہوم بھی بتایا گیا کہ ایک نیکی کے بدلے اسے کم از کم دس نیکیوں کا اجر دیتے ہیں اور زیادہ کی تو حد نہیں۔ جتنا جتنا اس کے عجز و نیاز میں اور اس کے درد و سوز میں اضافہ ہوتا جائے گا، اس کے اجر میں اتنا ہی اضافہ ہوتا جائے گا۔ يَقْتَرِفْ: يَكْتَسِبْ: اَلِاقْتِرَافُ: اَلِاكْتِسَابُ۔ وَاَصْلُ الْقَرْفِ: اَلْكَسْبُ۔ (قرطبی)(1) یقترف کا معنی کمانا ہے۔

آیت میں حَسَنَةً (نیک عمل) سے مراد ہر نیک عمل ہے اور ان اعمال حسنہ کے سرفہرست حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضورؐ کے اہل بیت اور صحابۂ کرام کی محبت ہے(2)۔ جس کو یہ نعمت بخشی جاتی ہے، اس کے مدارج رفیع سے رفیع تر ہو جاتے ہیں۔ جو خوش نصیب اہل بیت کرام اور صحابہ کرام سے محبت کرتا ہے اسے عشق مصطفوی کی دولت سے مالا مال کر دیا جاتا ہے اور جس دل میں عشق حبیب کی شمع روشن ہوتی ہے اسے محبت الٰہی کی شراب طہور کے جام پر جام پلائے جاتے ہیں۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں: مِنْ هٰهُنَا قَالَتِ الصُّوْفِيَةُ يَحْصُلُ لِلصُّوْفِيِّ اَوَّلًا اَلْفَنَاءُ فِي الشَّيْخِ ثُمَّ الْفَنَاءُ فِي الرَّسُوْلِ ثُمَّ الْفَنَاءُ فِي اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْفَنَاءُ عِبَارَةٌ عَنْ شِدَّةِ الْحُبِّ بِحَيْثُ يَذْهُلُ نَفْسَهٗ عِنْدَ ذِكْرِ الْمَحْبُوْبِ حَتّٰى لَا يَرٰى مِنْ نَّفْسِهٖ وَلَا مِنْ غَيْرِهٖ عَنْهَا وَلَا اَثَرًا مَا عَدَا الْمَحْبُوْبَ۔ (مظہری)(3) ترجمہ: اسی لیے صوفیائے کرام نے فرمایا کہ صوفی کو پہلے فنا فی الشیخ کا مقام حاصل ہوتا ہے۔ پھر وہ فنا فی الرسول کے درجہ پر فائز ہوتا ہے۔ پھر وہ فنا فی اللہ کی منزل تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ فنا کا مطلب محبت کی وہ کیفیت ہے جب انسان اپنے محبوب کے ذکر کے وقت اپنے آپ کو بھی فراموش کر دیتا ہے اور اپنے محبوب کے علاوہ اسے کوئی چیز دکھائی ہی نہیں دیتی۔

علماء نے فرمایا ہے کہ یہ آیت حضرت صدیق اکبرؓ کی شان میں نازل ہوئی کیونکہ آپ کے دل میں آل بیت کرام کی از حد محبت تھی اور وہ اپنی اولاد پر بھی خاندان مصطفوی کو ہر لحاظ سے ترجیح دیتے تھے۔(4)

۴۴ اللہ تعالیٰ کی عنایات بے پایاں اور اس کے احسانات لامحدود ہیں۔ وہ اپنے بندوں کے بے شمار گناہوں کو بخشنے والا ہے اور ان کی قلیل اور ناقص نیکیوں کو قبول فرمانے والا ہے۔ قَالَ قَتَادَةُ غَفُوْرٌ لِّلذُّنُوْبِ وَشَكُوْرٌ لِّلْحَسَنَاتِ وَقَالَ السُّدِّيُّ غَفُوْرٌ لِّذُنُوْبِ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَشَكُوْرٌ لِّحَسَنَاتِهِمْ(5)۔ قتادہ فرماتے ہیں کہ وہ گناہوں کو بخشنے اور نیکیوں کو قبول کرنے والا ہے اور سُدّی کہتے ہیں وہ آل مصطفیٰ کے گناہ بخشنے اور ان کی نیکیاں قبول کرنے والا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص24 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص320 3۔ ایضاً، ص321
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص321، روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص33 5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص24

قَلْبِكَ ؕ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

دل پر۔ اور مٹاتا ہے اللہ تعالیٰ باطل کو ۴۶ اور ثابت کرتا ہے حق کو اپنے ارشادات سے۔ بے شک وہ جاننے والا

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ

ہے جو کچھ سینوں میں ہے۔ اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی ۴۷ اور

۴۵ کفار عموماً ہرزہ سرائی کرتے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ کہنا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، محض غلط اور بہتان ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس بے باکی پر اظہار حیرت کرتے ہیں اور اس کی تردید فرماتے ہیں کہ وہ شخص جو ہر آن اپنے رب سے ڈر رہا ہو، جس کا دل اس کے خوف سے ہر وقت لبریز رہتا ہو، جس کی احتیاط کا یہ عالم ہو کہ وہ اپنی زبان پر اس کے اذن کے بغیر کوئی حرف بھی نہ لاتا ہو، کیا ایسی ہستی سے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ اپنے خداوند ذوالجلال کی طرف غلط بات منسوب کرے گا۔ ہاں اگر آپ کا دل اے محبوب! اللہ تعالیٰ کے خوف سے معمور نہ ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس پر مہر لگا دی ہوتی پھر تو ایسا ممکن تھا، لیکن آپ کا قلب منوّر تو اپنے رب کے انوار و تجلیات کا مہبط ہے۔ آپ کے بارے میں تو اس افترا پردازی کا وہم تک بھی نہیں کیا جاسکتا۔

۴۶ اگر یہ کلام خداوند کریم کا نازل شدہ نہ ہوتا بلکہ آپ نے گھڑا ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس کا نام و نشان بھی مٹا دیتا۔ اس کو یہ ترقی، یہ عروج ہرگز نصیب نہ ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ وہ باطل کو آخر کار مٹا دیتا ہے اور حالات کتنے ہی سنگین کیوں نہ ہوں، حق کا بول بالا ہو کر رہتا ہے۔

اگر دجل و فریب کے باعث باطل کو چند روزہ فروغ نصیب ہو اور اہل حق کی غفلت اور فرض ناشناسی کی وجہ سے حق کمزور اور ضعیف ہو جائے، تو اس سے نہ باطل، حق ہو جاتا ہے اور نہ حق، باطل۔ آج کل کمیونزم کو جو عروج حاصل ہو رہا ہے، اس کا کون انکار کر سکتا ہے۔ اباحیت اور فسق و فجور کو جو روز افزوں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے، یہ کمیونزم کے حق اور اباحیت اور اخلاق باختگی کے صحیح ہونے کی دلیل نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح بین الاقوامی سازشوں سے مسلمانوں میں افتراق و انتشار پیدا کرنے کے لیے مرزا کی جھوٹی نبوت کو اگر چند لالچی یا مہمل لوگ تسلیم کر لیں تو اس سے مرزا کی نبوت کی سچائی ثابت نہیں ہو سکتی۔ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب یہ فتنہ و فساد کی آگ بجھ جائے گی اور اس کو ماننے والے اس پر پھٹکار بھیجیں گے اور اس سے اپنی براءت کا اظہار کریں گے، ان شاء اللہ۔

۴۷ ان نابکاروں کے گھناؤنے جرم کے ذکر کے بعد یہ بتایا جا رہا ہے کہ توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ جس کا جی چاہے آئے۔ اگر وہ سچے دل سے توبہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول فرمائے گا۔

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ ایک اعرابی مسجد نبوی میں آیا اور کہنے لگا: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ وَكَبَّرَ۔ اے اللہ! میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں، پھر اس نے تکبیر تحریمہ کہی اور نماز پڑھنے لگا۔ جب نماز سے فارغ ہوا تو سیدنا علیؓ نے فرمایا اِنَّ سُرْعَةَ اللِّسَانِ بِالْاِسْتِغْفَارِ تَوْبَةُ الْكَذَّابِيْنَ وَتَوْبَتُكَ تَحْتَاجُ اِلَى التَّوْبَةِ کہ زبان سے تیز تیز توبہ کرنا

يَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ

درگزر کرتا ہے ان کی غلطیوں سے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور وہی قبول کرتا ہے دعائیں ان لوگوں کی جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ

ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (ان کے حق سے بھی) انہیں زیادہ (اجر) دیتا ہے اپنی مہربانی سے ۴۸ اور رہے کفار،

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اور اگر کشادہ کر دیتا اللہ تعالیٰ رزق کو اپنے (تمام) بندوں کے لیے تو وہ سرکشی

فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ

کرنے لگتے زمین میں ۴۹ لیکن وہ اتارتا ہے ایک اندازے سے جتنا چاہتا ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں (کے احوال) سے خوب آگاہ ہے،

بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ

سب کچھ دیکھنے والا ہے ۵۰ اور وہی ہے جو برساتا ہے مینہ اس کے بعد کہ لوگ مایوس ہو چکے ہوتے ہیں ۵۱ اور پھیلا دیتا ہے

جھوٹوں کی توبہ ہے۔ یہ ایسی توبہ ہے جس سے توبہ کرنا ضروری ہے۔ اس نے عرض کیا: یا امیر المومنین! توبہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جب چھ باتیں پائی جائیں تو توبہ مکمل ہوتی ہے۔ گزشتہ گناہوں پر ندامت۔ فوت شدہ فرائض کی قضا۔ جو کسی کا مال چھینا ہے اس کی واپسی۔ جس طرح تو نے اپنے نفس کی پرورش کی ہے اسی طرح اطاعت سے اسے گلانا۔ اسے جس طرح تو نے گناہوں کی مٹھاس چکھائی ہے اسی طرح اس کو فرمانبرداری کی تلخی چکھانا اور کثرت گریہ۔ (1)

۴۸ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کی صرف دعائیں ہی قبول نہیں فرماتا بلکہ اپنے فضل و کرم سے بن مانگے انہیں ان گنت نعمتیں مرحمت فرماتا ہے۔

۴۹ یعنی اگر اللہ تعالیٰ ہر ایک کو بکثرت دولت و ثروت دے دے تو وہ سرکشی اور نافرمانی کو اپنا شعار بنالیں۔ فسق و فجور کا بازار گرم کر دیں۔ ساری زمین میں فتنہ و فساد کے شعلے بھڑک اٹھیں یہ تو اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے کہ وہ اندازہ اور مقدار کے مطابق ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔ قتادہ فرماتے ہیں: خَيْرُ الْعَيْشِ مَالَا يُلْهِيْكَ وَلَا يُطْغِيْكَ۔ بہترین زندگی وہ ہے جو تمہیں غافل بھی نہ کرے اور سرکش بھی نہ بنا دے۔ (ابن کثیر) (2)

۵۰ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے حالات سے خوب باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کس کے لیے دولت کی کثرت تباہی کا باعث بنے گی اور کس کے لیے تنگ دستی وجہ نجات ثابت ہوگی۔ اس کی جود و عطا کا سلسلہ اس کی حکمت کا آئینہ دار ہے۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 36 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 115

رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

اپنی رحمت کو اور وہی کارسازِ حقیقی (اور) سب تعریفوں کے لائق ہے۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق

وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِیْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰی جَمْعِهِمْ

ہے۔ اور جو جاندار اس نے پھیلا دیے ہیں آسمان و زمین میں۔ اور وہ جب چاہے ان کو جمع کرنے پر

اِذَا یَشَآءُ قَدِیْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ ع ۳ ۱۰ ۲

پوری قدرت رکھتا ہے ۵۲ اور جو مصیبت تمہیں پہنچی ہے تمہارے ہاتھوں کی کمائی کے سبب پہنچی ہے

اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ ﴿۳۰﴾ ؕ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۚ

اور وہ (کریم) درگزر فرما دیتا ہے (تمہارے) بہت سے (کرتوتوں) سے ۵۳ اور تم عاجز نہیں کر سکتے (اللہ تعالیٰ کو) زمین میں۔

۵۱ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی جلوہ نمائی کے صد ہا روپ ہیں۔ ان میں سے ایک کا یہاں ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

۵۲ اللہ تعالیٰ کی قدرت و کبریائی کی مزید نشانیاں بیان فرمائی جا رہی ہیں۔

۵۳ قرآن کریم نے اہل نعمت کو شکر کا حکم دیا ہے اور اہل بلا کو صبر کی تلقین کی ہے۔ شکر کو نعمت کی بقا اور اس میں اضافہ کا سبب قرار دیا ہے اور صبر کو مصیبتوں اور تکلیفوں سے نجات کا ذریعہ بتایا ہے لیکن عام انسان خوش حالی اور اقبال مندی کے دنوں میں ناشکرے بن جاتے ہیں۔ دولت مند ہیں تو غریبوں اور بے نواؤں پر شفقت کرنے کے بجائے ان سے نفرت کرنے لگتے ہیں۔ اقتدار بخشا گیا ہے تو ظلم و تعدی کی آندھیاں چلنے لگتی ہیں۔ تاجر ہیں تو سادہ لوح گاہک کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا ان کا شعار بن جاتا ہے۔ دیانت و امانت کو اپنے کاروباری اداروں سے دھکا دے کر نکال دیتے ہیں اور جب ان کی دھاندلیوں کی حد ہو جاتی ہے اور مکافاتِ عمل کا چکر چلنے لگتا ہے تو پھر چیختے ہیں، چلاتے ہیں، سر پھوڑتے ہیں۔ ان کا ذہن ان اسباب و عوامل کی طرف متوجہ نہیں ہوتا جو ان کی موجودہ تباہی کا باعث بنے ہیں۔ اس آیت میں ایسے لوگوں کی آنکھوں سے غفلت کا پردہ اٹھایا جا رہا ہے اور انہیں کہا جا رہا ہے کہ ذرا اپنے اعمال نامے پر ایک سرسری نظر ڈالو، ذرا اپنے گریبان میں جھانکو! یہ حقیقت خود عیاں ہو جائے گی کہ تمہیں تمہارے کرتوتوں کی سزا مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تو بڑا کریم ہے۔ اس نے تمہاری بے شمار غلطیوں اور سرکشیوں کو معاف کر دیا ہے۔ اگر تمہیں تمہاری بدکاریوں کی پوری سزا دی جاتی تو تمہارا نام و نشان ہی مٹ گیا ہوتا۔ یہ معاملہ تو سرکشوں اور بیگانوں کا ہے، لیکن فرمانبردار بندوں کو جو تکلیف پہنچتی ہے وہ ان کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے۔ علامہ ابن کثیر نے یہ صحیح حدیث لکھی ہے کہ حضور سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا یُصِیْبُ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَّصَبٍ وَّلَا وَصَبٍ وَّلَا هَمٍّ وَّلَا حَزَنٍ اِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا عَنْ خَطَایَاهُ حَتَّی الشَّوْكَةِ یُشَاكُهَا (1)۔ ترجمہ: ”یعنی اُس ذاتِ پاک کی قسم جس کے دست قدرت

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 116

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ

اور نہ تمہارا اللہ کے سوا کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ۵۴ اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں

الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ

سے وہ سمندر میں تیرنے والے جہاز ہیں جو پہاڑوں کی مانند ہیں ۵۵ اگر وہ چاہے تو ہوا کو ساکن کر دے پس وہ رُکے رہیں

رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾

سمندر کی پُشت پر۔ بے شک اس میں اس کی قدرت کی نشانیاں ہیں ہر کمال درجہ صبر کرنے والے، شکر کرنے والے کے لیے

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

یا اگر وہ چاہے تو) تباہ کر دے ۵۶ انہیں لوگوں کے اعمالِ بد کی وجہ سے اور درگزر فرمایا کرتا ہے بہت سے گناہوں سے۔ اور (اس وقت) جان لیں گے جو

میں میری جان ہے۔ مومن کو کوئی تکلیف، کوئی رنج، کوئی غم نہیں پہنچتا، مگر اللہ تعالیٰ اسے اس کی غلطیوں کا کفارہ بنا دیتا ہے یہاں تک کہ کانٹا جو مومن کو چبھتا ہے''۔ بعض بندوں کو امتحان کے لیے مصائب و آلام میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور بعض مقربین کے مدارج اور مناصب بلند کرنے کے لیے انہیں گونا گوں تکالیف سے دوچار کر دیا جاتا ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام معصوم نبی تھے لیکن نابکار یہودیوں نے آپ کو ذبح کیا اور آپ کا سر بنی اسرائیل کی ایک پیشہ ور رنڈی کو بطور تحفہ پیش کیا۔

۵۴ ولی کا معنی ہے مُتَوَلِّيًا لِشَيْءٍ مِّنْ اُمُوْرِكُمْ بِالِاسْتِقْلَالِ يُحْمِيْكُمْ مِّنَ الْمَصَائِبِ: یعنی وہ شخص جو مستقلاً تمہارے کسی کام کا متولی ہو اور تمہیں وہ مصیبتوں سے بچائے۔ نَصِيْرٌ: يَدْفَعُهَا عَنْكُمْ۔ جو مصیبتوں کو تم سے دور کر دے۔ (1)

۵۵ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت اور رحمت بے پایاں کی ایک اور دلیل پیش فرماتا ہے کہ اے اہل مکہ! تم تجارت پیشہ ہو۔ آئے روز تم بحر و بر میں سفر کرتے رہتے ہو، یہ بتاؤ کہ وہ بادبانی جہاز جو پہاڑوں کی طرح بلند و بالا اور محلوں کی طرح آرام دہ ہوتے ہیں اور وزنی سامان اٹھائے پانی کی سطح پر تیرتے جاتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ہواؤں کو چلنے سے روک دے تو تم کس طرح ان بھاری بھر کم جہازوں کو گھسیٹ کر منزل مقصود تک پہنچاؤ گے؟ یا ان نرم نرم ہواؤں کے بجائے جن کے بل پر تمہارے جہاز خراماں خراماں ساحل کی طرف بڑھ رہے ہیں، اگر تند و تیز طوفان بھیج کر تمہارے کرتوتوں کے باعث تمہیں غرق کر دے تو تم کیا کر سکتے ہو؟ اتنے بے بس اور ضعیف ہو کر تم رب العالمین سے اکڑ رہے ہو۔ اپنی حقیقت کو پہچانو اور ان سرکشیوں سے باز آجاؤ۔ ''جَوَارِیْ'' کا واحد جَارِيَةٌ ہے۔ معنی کشتی جو سطح آب پر رواں رہتی ہے۔ اَعْلَامٌ جمع ہے عَلَمٌ کی۔ اس کا معنی پہاڑ بھی ہے اور محل بھی۔ اَلْاَعْلَامُ الْجِبَالُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْاَعْلَامُ الْقُصُوْرُ۔ (قرطبی) (2)

۵۶ اَوْبَقَ کا معنی ہے ہلاک کرنا۔ یہاں اس کی دو صورتیں ہیں: یا تو ہواؤں کا چلنا ہمیشہ کے لیے موقوف کر دیا جائے یہاں تک کہ

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 323 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 32

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ

جھگڑا کرتے رہتے ہیں ہماری آیتوں میں کہ ان کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں۔ پس جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے یہ

شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ

دنیوی زندگی کا سامان ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہت عمدہ اور باقی رہنے والا ہے ان لوگوں کے لیے جو

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ

ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ۵۷ اور جو لوگ بچتے رہتے ہیں بڑے بڑے

الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ

گناہوں اور بدکاریوں سے اور جب وہ غضب ناک ہوتے ہیں تو وہ معاف کر دیتے ہیں ۵۸ اور جو اپنے

جہاز وسط سمندر میں کھڑے کے کھڑے رہ جائیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ سخت طوفان آجائیں اور جہازوں کو الٹ کر رکھ دیں(1)۔ پرانے بادبانی جہازوں کی جگہ آج کل سٹیم، بجلی اور ایٹمی توانائی سے چلنے والے جہازوں نے لے لی ہے لیکن سمندر میں اٹھنے والے طوفانوں کی قہرمانیوں کے سامنے ان کی حیثیت بھی تنکے سے زیادہ نہیں۔ پہلے بھی اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے بادبانی کشتیاں ساحل تک پہنچتی تھیں، آج بھی اسی کے کرم کے طفیل ایٹمی توانائی سے چلنے والے جہاز سلامتی سے منزل مقصود تک پہنچتے ہیں۔

سمندر ان کے، جہاز ان کے، ہوائیں ان کی، فضائیں ان کی
گرہ بھنور کی کھلے تو کیونکر، گرہ ہے تقدیر کا بہانہ

۵۷ یہ دولت وثروت، یہ حویلیاں اور محلات، یہ زمینیں اور کارخانے، یہ سارے ٹھاٹھ فانی ہیں اور چندروزہ دنیوی زندگی میں کام آنے والی چیزیں ہیں۔ جس کم نگاہ نے ان فانی چیزوں کو اپنا حاصل حیات بنالیا، اس سے بڑا گھاٹے والا کون ہوگا۔ ادھر زندگی کا چراغ بجھے گا، ادھر سب کچھ درہم برہم ہو جائے گا۔ البتہ اہل ایمان کے لیے اور توکل کرنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے جو لازوال نعمتیں اپنے پاس محفوظ رکھی ہیں وہ باقی اور سرمدی ہیں۔ سیدنا حضرت علی مرتضیٰؓ سے مروی ہے کہ جب حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنا سارا مال راہِ خدا میں قربان کر دیا تو کئی لوگ انہیں ملامت کرنے لگے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (مظہری)(2)

۵۸ سابقہ آیت میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے پاس جو خصوصی انعامات ہیں وہ ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں۔ اس آیت میں ان لوگوں کا تعارف کرایا جارہا ہے جنہیں یہ ابدی نعمتیں بخشی جائیں گی۔ بتایا کہ یہ اہل ایمان کا حصہ ہے۔ ان اہل ایمان کی خوبیوں اور خصائل حمیدہ کا بیان شروع ہے۔ ایک خوبی تو ان کی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہیں۔ اس آیت میں بھی ان کی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص33 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص327

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪

رب کا حکم مانتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں ۵۹ اور ان کے سارے کام باہمی مشورے سے طے ہوتے ہیں ۶۰

دو خوبیاں بیان کی جا رہی ہیں۔ ایک خوبی تو یہ ہے کہ وہ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے دور رہتے ہیں، اپنے دامن کو ان سے آلودہ نہیں ہونے دیتے اور ان کی دوسری خوبی یہ ہے کہ جب انہیں ستایا جاتا ہے یا انہیں اشتعال دلایا جاتا ہے تو یہ ہلکے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے غضب ناک ہو کر اپنے آپ سے باہر نہیں ہو جاتے اور واہی تباہی نہیں بکنے لگتے بلکہ بلا کے حلیم اور بردبار ہیں۔ کوئی لاکھ انہیں مشتعل کرنے کی کوشش کرے، یہ اشتعال میں آنے کا نام نہیں لیتے۔ متانت اور سنجیدگی کا دامن ہاتھ سے چھوٹتا ہی نہیں بلکہ دل دکھانے والوں کو، برا بھلا کہنے والوں کو معاف کر دیتے ہیں۔

صاحب لسان العرب نے اثم کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا۔ اَلْاِثْمُ: اَلذَّنْبُ وَقِيْلَ اَنْ يَعْمَلَ مَالَا يَحِلُّ لَهٗ (1)۔ اثم کا معنی گناہ ہے یا ایسا کام کرنا جس کا کرنا حلال نہ ہو۔ علامہ راغب لکھتے ہیں کہ ہر وہ کام جو نیک اعمال میں تاخیر کا باعث ہو اسے اثم کہتے ہیں۔ اَلْاِثْمُ: اَلذَّنْبُ هُوَ فِعْلٌ مُّبْطِئٌ عَنِ الثَّوَابِ۔ (تاج العروس) (2) اثم اس گناہ کو کہتے ہیں جو ثواب میں تاخیر کا باعث ہو۔ کبیرہ گناہوں کی تفصیل ضیاء القرآن جلد اوّل، سورۃ النساء کی آیت ۳۱ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیے۔

فواحش بھی اگرچہ گناہِ کبیرہ میں داخل ہیں لیکن ان کبیرہ گناہوں کو فواحش کہتے ہیں جن میں پرلے درجے کی بے حیائی اور قباحت ہو۔ اس صورت میں عطف البعض علی الکل ہوگا (3) اور بعض کا خیال ہے کہ یہ دونوں ایک ہی شے ہیں، صرف متعدد الفاظ بر سبیل تکرار ذکر کیے گئے ہیں۔ (4)

۵۹ وہ سعادت مند جن کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں ابدی نعمتیں ہیں ان کی چند مزید صفات حمیدہ کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔

اِسْتَجَابَ: کسی کی دعوت پر لبیک کہنا یعنی جب اللہ تعالیٰ کے رسولؐ نے حق قبول کرنے کی دعوت دی تو انہوں نے صدقِ دل سے اس پر لبیک کہی۔ پھر بڑے ذوق وشوق سے اس کی عبادت، اس کے احکام کے مطابق بجالاتے ہیں۔

۶۰ علامہ راغب شوریٰ کی تحقیق کے ضمن میں لکھتے ہیں: اَلتَّشَاوُرُ وَالْمُشَاوَرَةُ وَالْمَشُوْرَةُ اِسْتِخْرَاجُ الرَّأْيِ بِمُرَاجَعَةِ الْبَعْضِ اِلَى الْبَعْضِ مِنْ قَوْلِهِمْ شُرْتُ الْعَسَلَ اِذَا اتَّخَذْتَهٗ مِنْ مَّوْضِعِهٖ وَاسْتَخْرَجْتَهٗ مِنْهُ (5)۔ یعنی آپس میں تبادلۂ خیال اور بحث و تکرار کے بعد کوئی رائے قائم کرنے کو تشاور، مشاورت اور مشورہ کہتے ہیں۔ اس لیے جب چھتہ سے شہد نکالا جائے تو عرب کہتے ہیں شُرْتُ الْعَسَلَ۔

امام ابن جریر لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کا یہ دستور تھا کہ جب بھی کوئی مشکل یا پیچیدہ مسئلہ پیش آتا تو سب اکٹھے ہو کر اس کے ہر پہلو پر گفتگو کرتے اور آخر کار ایک نتیجے پر پہنچتے۔ اِذَا حَزَبَهُمْ اَمْرٌ تَشَاوَرُوْا (6)۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ معمول تھا کہ جب بھی کوئی ایسی مشکل پیش آتی تو صحابہؓ کو بلا کر مجلس مشاورت منعقد فرماتے اور بحث و تمحیص کے بعد فیصلہ فرماتے۔ صحابۂ کرامؓ کا بھی یہی طریقہ کار تھا۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک مجلس شوریٰ مقرر کی ہوئی تھی جو جلیل القدر صحابہؓ پر مشتمل تھی اور تمام ملکی، سیاسی، جنگی اور قانونی

1۔ لسان العرب، ج 12، ص 5 2۔ تاج العروس، ج 8، ص 179 3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 330
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 16، ص 35 5۔ مفردات راغب، ص 470 6۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 25، ص 23

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ

اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو وہ اس کا ۶۱

معاملات زیر بحث آتے اور مجلس کے فیصلہ کے مطابق عمل کیا جاتا۔ کسریٰ اور قیصر کے مقابلہ کے لیے حضرت فاروق اعظمؓ نے بنفس نفیس تشریف لے جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس کو خلافِ مصلحت سمجھا اور خود جانے سے روکا اور آپ کی رائے کے مطابق عمل کیا گیا۔ اس آیت میں اسلامی سیاست کا ایک اہم ترین اصول بتایا گیا ہے۔ جب ہر طرف ملوکیت اور شخصی آمریت کا بول بالا تھا۔ بادشاہ اور آمر اپنی ساری رعایا اور سارے ملک کے لیے قانون بنانے کے مجاز تھے لیکن جن کے لیے قانون بنایا جارہا ہوتا ان کی پسند اور ناپسند، ان کے فائدہ اور نقصان کا جائزہ لینا قطعاً ضروری نہ خیال کیا جاتا۔ اس مطلق العنان حکمران کی جو مرضی میں آجاتا وہی ملک کا قانون قرار پاتا خواہ اس سے سارا ملک ہی گوناگوں مشکلات میں گھر جائے۔ اسلام نے جہاں زندگی کے ہر شعبہ میں قابل قدر، دوررس اور انقلابی نوعیت کی تبدیلیاں کیں وہاں سیاسی زندگی کو بھی نئے اصولوں سے آشنا کردیا۔ ان میں ایک شورائی نظام ہے۔ یعنی ہر کام جس کا تعلق عوام سے ہو اس کے بارے میں ان لوگوں سے ضرور صلاح مشورہ کیا جائے۔ اس سے نہ صرف یہ کہ رعایا کی دل جوئی ہوتی ہے بلکہ انہیں اپنی اہمیت کا احساس ہوتا ہے اور استبدادی طریقۂ کار سے جو مجبوری اور محرومی کی گھٹن قلب وروح کو ڈس رہی ہوتی ہے اس سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ نیز قومی سطح پر کسی اہم معاملہ کے متعلق فرد واحد کا فیصلہ نافذ کرنا بہت بڑی زیادتی ہے۔ ہوسکتا ہے وہ اپنے محدود علم، ناقص تجربہ یا اپنی ذاتی منفعت کے باعث کوئی غلط فیصلہ کردے جس کا نقصان ساری قوم کو برداشت کرنا پڑے اور پھر بھی اس کی تلافی ممکن نہ ہوسکے۔ اس لیے مشورہ کا حکم دیا کہ ہر ایک اپنی اپنی قابلیت، تجربہ اور معاملہ فہمی کی صلاحیتوں کے مطابق مشورہ دے اور اس کی برکت سے منزل مقصود تک رسائی آسان ہوجائے گی۔

۶۱ اس سے پہلے اہل ایمان کی جو خصوصی صفات بیان کی گئی ہیں ان میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اسے اگر تکلیف دی جاتی ہے یا ستایا جاتا ہے تو وہ غضب ناک ہوکر اوچھی حرکتیں نہیں کرنے لگتا بلکہ بُردباری اور صبر سے کام لیتا ہے۔ اس آیت میں بندۂ مومن کی ایک اور خوبی کا ذکر ہورہا ہے کہ اگر کوئی اس پر پیہم زیادتی کرتا رہتا ہے اور اسے کمزور سمجھ کر اس کو رگیدنا چاہتا ہے یا اس کے دین متین کے خلاف کوئی محاذ قائم کرلیتا ہے تو پھر یہ شیرِ نَر کی طرح میدان میں اترتا ہے اور اس وقت تک پیچھے ہٹنے کا نام نہیں لیتا جب تک باغیوں اور سرکشوں کے غرور کو خاک میں نہ ملادے اور ان کی قوت کو پاش پاش کرکے نہ رکھ دے۔ اس وقت وہ طوفان بن کر اُمڈتا ہے، ظلم وتعدی، کفر وطغیان کے مغرور ومتکبر علمبرداروں کو تنکوں کی طرح بہالے جاتا ہے۔ عفو درگزر اور چیز ہے۔ ذلت وبے چارگی اور چیز۔ مومن عفو ودرگزر تو کرتا ہے لیکن کوئی سرکش اس سے ذلت اور بے چارگی کی توقع کرے تو یہ عبث ہے۔ مومن مغلوب اور ضعیف پر تو رحم کرتا ہے لیکن جو قوت وطاقت کے نشہ میں مغرور ہوکر اس کو لتاڑنا چاہے تو اس کی وہ ٹانگیں توڑ دیتا ہے، وہ ہاتھ جن میں ظلم کی تلوار ہوتی ہے کاٹ دیے جاتے ہیں اور وہ آنکھ پھوڑ دی جاتی ہے جو ان کی طرف بری نیت سے اٹھتی ہے۔

جس سے جگرِ لالہ میں ٹھنڈک ہو وہ شبنم دریاؤں کے دل جس سے دہل جائیں وہ طوفاں (1)

1۔ کلیاتِ اقبال، ص 432، ضرب کلیم، ص 53

هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا

(مناسب) بدلہ لیتے ہیں۔ اور بُرائی کا بدلہ ویسی ہی بُرائی ہے۔ ۶۲ پس جو معاف کردے

يَنْتَصِرُوْنَ اَیْ يَنْتَقِمُوْنَ۔ علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ اَلِانْتِصَارُ: اَلِانْتِقَامُ وَانْتَصَرَ مِنْهُ اَيِ انْتَقَمَ (لسان)(1) علامہ قرطبی لکھتے ہیں اَیْ اِذَا نَالَهُمْ ظُلْمٌ مِّنْ ظَالِمٍ لَّمْ يَسْتَسْلِمُوْا لِظُلْمِهٖ۔ یعنی اگر کوئی ظالم ان پر ظلم کرتا ہے تو وہ اس کے سامنے سر نہیں جھکا دیتے بلکہ اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ جاتے ہیں۔ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے اہل ایمان کے طرز عمل کو یوں بیان فرمایا ہے۔ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْرَهُوْنَ اَنْ يُّذِلُّوْا اَنْفُسَهُمْ فَتَجْرَأَ عَلَيْهِمُ الْفُسَّاقُ۔ یعنی اہل ایمان اس بات کو ازحد ناپسند کرتے تھے کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل وخوار بنا دیں تاکہ فاسق اور فاجر ان پر دست درازی کر سکیں۔ بلکہ ایسے لوگوں کے سامنے وہ فولاد کی چٹان بن جاتے ہیں اور بدمست مغروروں کو کچل کر رکھ دیتے ہیں(2)۔ علامہ بیضاوی نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں خوب لکھا ہے۔ وَقَالَ الْبَيْضَاوِيُّ وَصَفَهُمْ بِسَائِرِ اُمَّهَاتِ الْفَضَائِلِ مِنْهَا كَرَاهَةُ التَّذَلُّلِ وَهِيَ لَا تُخَالِفُ وَصْفَهُمْ بِالْغُفْرَانِ فَاِنَّهٗ يُنْبِئُ عَنْ عِجْزِ الْمَغْفُوْرِ وَ الِانْتِصَارُ عَنْ مُّقَاوَمَةِ الْخَصْمِ وَالْحِلْمُ عَنِ الْعَاجِزِ مَحْمُوْدٌ وَعَنِ الْمُتَغَلِّبِ مَذْمُوْمٌ لِاَنَّهٗ اِجْرَاءٌ وَّاِغْرَاءٌ(3)۔ علامہ بیضاوی فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی بنیادی خوبیوں سے توصیف فرمائی۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ کسی کے سامنے اپنے آپ کو ذلیل وخوار ظاہر کرنے کو ازحد ناپسند کرتے ہیں۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ آیت پہلی آیت کے مخالف ہے جس میں غفران ان کی صفت بیان کی گئی ہے۔ کیونکہ اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عاجز اور درماندہ سے عفو و درگزر کرنا بہتر ہے اور مدمقابل دشمن سے انتقام لینا عین حکمت ہے۔ کمزور سے حلم محمود ہے اور زبردست سے حلم مذموم ہے کیونکہ اس طرح وہ ظلم کرنے پر اور زیادہ جری ہو جائے گا۔ کسی نے خوب کہا ہے:

اِذَا اَنْتَ اَكْرَمْتَ الْكَرِيْمَ مَلَكْتَهٗ وَاِنْ اَنْتَ اَكْرَمْتَ اللَّئِيْمَ تَمَرَّدَا

اگر تو کسی شریف آدمی کی عزت کرے گا تو وہ مدت العمر ممنون رہے گا اور اگر تو کسی کمینہ فطرت آدمی کی عزت کرے گا تو وہ اور زیادہ سرکش ہو جائے گا۔

فَوَضْعُ النَّدَا فِيْ مَوْضِعِ السَّيْفِ بِالْعُلَا مُضِرٌّ كَوَضْعِ السَّيْفِ فِيْ مَوْضِعِ النَّدَا(4)

یعنی جہاں تلوار استعمال کرنا چاہیے وہاں سخاوت سے کام لینا مضر ہے جس طرح سخاوت کے موقع پر تلوار کا استعمال خطرناک ہے۔

۶۲ کیونکہ ظالم سے انتقام لینے کو مستحسن قرار دیا گیا تھا۔ ہوسکتا تھا کہ انتقام لینے والا حد سے تجاوز کر جائے اور کل کا مظلوم جوش انتقام میں خود ظالم بن جائے، اس لیے فوراً متنبہ کر دیا کہ انتقام میں بھی انصاف کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ جتنی زیادتی کسی نے تم پر کی ہے اتنی ہی زیادتی تم اس پر بھی کر سکتے ہو۔ انتقام کی اجازت سے کوئی اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائے کہ اب اسے کھلی چھٹی مل گئی ہے جس طرح چاہے وہ اپنے دل کی بھڑاس نکالتا رہے۔

1۔ لسان العرب، ج5، ص210
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص39
3۔ تفسیر بیضاوی، زیر آیت ہذا، ص644
4۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص334

وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ

اور اصلاح کر دے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے ۶۳ بے شک وہ ظالموں سے محبت نہیں کرتا ۶۴ اور جو

انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ؕ اِنَّمَا

بدلہ لیتے ہیں اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد پس یہ لوگ ہیں جن پر کوئی ملامت نہیں ۶۵ بے شک

السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ

ملامت ان پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور فساد برپا کرتے ہیں زمین میں

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ

ناحق ۔ یہی ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے ۔ اور جو شخص (ان مظالم پر) صبر کرے اور (طاقت کے

۶۳ بسا اوقات انتقام لینے سے ظالم کا دماغ درست ہو جاتا ہے اور وہ لوگوں پر ظلم و تعدّی سے باز آ جاتا ہے اور بسا اوقات انتقامی کارروائی سے فتنہ بڑھتا ہے اور شور و شر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہاں اہل ایمان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے کہ اگر عفو و درگزر سے بگڑے ہوئے حالات اصلاح پذیر ہو جاتے ہوں اور مشتعل جذبات ٹھنڈے پڑ جاتے ہوں تو اگر کوئی شخص انتقام لینے کی اجازت کے باوجود معاف کر دے اور اپنے احساسات اور جذبات پر قابو پا لے تو گو وقتی طور پر اسے تکلیف ضرور ہو گی لیکن اسے یاد رکھنا چاہیے کہ اس کا اجر خداوندِ کریم ایسا عطا فرمائے گا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی اور دل مسرور ہو جائے گا۔

۶۴ وہ شخص جو ظلم کی ابتدا کرتا ہے اور وہ مظلوم جو جوشِ انتقام میں اندھا ہو جاتا ہے اور حد سے تجاوز کرتا ہے، دونوں ظالم ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی ظالم کو پسند نہیں کرتا۔

۶۵ بعض لوگ ضرورت سے زیادہ امن پسند ہوتے ہیں۔ مظلوم اگر ظالم کا دستِ ظلم کاٹنے کے لیے تلوار بے نیام کرتا ہے تو شور مچانا شروع کر دیتے ہیں اور اس کو جوابی کارروائی پر ملامت کرنے لگتے ہیں۔ حقیقت میں ایسے ہی لوگوں کی وجہ سے ظالم کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور وہ دل کھول کر لوگوں پر جور و جفا کے تیر چلاتا ہے۔ قرآن کا یہ فلسفہ نہیں ہے۔ صاف اعلان کیا جا رہا ہے کہ ظالم سے انتقام لینے کے لیے مظلوم جو کارروائی کرے گا، بشرطیکہ وہ حدِ اعتدال سے تجاوز نہ کرے، اس پر کسی قسم کی ملامت نہ ہو گی۔ ملامت کے مستحق تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے ظلم و زیادتی کا آغاز کیا اور زمین میں ناحق فتنہ و فساد کی آگ بھڑکائی۔

إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿۴۳﴾ وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهُ ع ۴ ۵

باوجود) معاف کردے تو یقیناً یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے ۶۶ اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کا کوئی

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ

کارساز نہیں اس کے بعد ۶۷ اور آپ ملاحظہ کریں گے ظالموں کو جب وہ دیکھیں گے عذاب (تو سٹپٹا جائیں گے)

يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا

پوچھیں گے کیا واپس لوٹنے کا بھی کوئی راستہ ہے؟ ۶۸ اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ پیش کیے جارہے ہوں گے دوزخ

خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ

پر اس حال میں کہ عاجز و درماندہ ہوں گے ذلت کے باعث۔ دیکھتے ہوں گے کنکھیوں سے چوری چوری ۶۹ اور کہیں گے

۶۶ لفظ عزم کی تحقیق کرتے ہوئے علمائے لغت نے لکھا ہے قَالَ اللَّيْثُ مَا عَقَدَ عَلَيْهِ قَلْبُكَ مِنْ اَمْرٍ اَنَّكَ فَاعِلُهٗ(1)۔ ایسے کام پر جس کو تو کرنے والا ہے تیرے دل کا پختہ ارادہ کرنا عزم کہلاتا ہے (لسان العرب) علامہ جوہری لکھتے ہیں عَزَمْتُ عَلٰى كَذَا اِذَا اَرَدْتَّ فِعْلَهٗ وَقَطَعْتَ عَلَيْهِ(2)۔ جب تو کسی کام کا قطعی ارادہ کرلے تو عرب کہتے ہیں عَزَمْتُ عَلٰى كَذَا (الصحاح) علامہ راغب کہتے ہیں۔ اَلْعَزْمُ وَالْعَزِيْمَةُ عَقْدُ الْقَلْبِ عَلٰى اِمْضَاءِ الْاَمْرِ(3)۔ کسی حکم کی تعمیل پر دل کا پختہ ارادہ کرنا عزم اور عزیمہ کہلاتا ہے۔ آیت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ صبر اور مغفرت ان امور میں سے ہیں جنہیں بندہ کو اپنے نفس کے اوپر واجب کرنا چاہیے کیونکہ یہ امور اللہ تعالیٰ کے نزدیک محمود اور پسندیدہ ہیں۔ اَیْ مِنْ مَّعْزُوْمَاتِ الْاُمُوْرِ اَیْ مِمَّا يَجِبُ الْعَزْمُ عَلَيْهِ مِنَ الْاُمُوْرِ بِاِيْجَابِ الْعَبْدِ عَلٰى نَفْسِهٖ لِكَوْنِهٖ مِنَ الْاُمُوْرِ الْمَحْمُوْدَةِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ (روح البیان)(4)

۶۷ جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ کردے اسے کوئی راہِ راست پر نہیں لاسکتا۔ رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کس کو گمراہ کرتا ہے اس کے متعلق قرآن کریم میں بارہا صراحۃً بتایا گیا ہے کہ جو لوگ پیہم نافرمانی اور سرکشی سے اپنی صلاحیتوں کو برباد کردیتے ہیں۔ دعوت حق سننے اور نورِ حق دیکھنے سے اپنی گوش و چشم بند کردیتے ہیں، ان لوگوں کو گمراہ کردیا جاتا ہے، کیونکہ گمراہی کے بغیر وہ اور کسی چیز کے طلب گار ہی نہیں اور جس دل میں ہدایت کی خواہش ہی نہ ہو بلکہ دعوت حق کو حقارت سے مسترد کرنا ہی اس کا معمول بن چکا ہو تو قدرت زبردستی اس کو ہدایت قبول کرنے پر مجبور نہیں کرتی۔

۶۸ آج تو کفار کو سمجھایا جاتا ہے لیکن اس پند و موعظت کا ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ قیامت کے روز جب بھڑکتا ہوا جہنم دیکھیں گے تو اس وقت ان کی آنکھیں کھلیں گی اور ہوش آئے گا۔ اس وقت راہِ فرار تلاش کریں گے لیکن اس روز نجات کے تمام راستے

1۔ لسان العرب، ج12، ص399 2۔ الصحاح، ج5، ص1985 3۔ مفردات راغب، ص565 4۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص336

اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ

اہلِ ایمان کہ حقیقی گھاٹے میں وہی لوگ ہیں جنہوں نے گھاٹے میں ڈالا اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے

الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ

روز۔ سُن لو! ظالم لوگ ضرور ابدی عذاب میں ہوں گے ۷۰ اور نہیں ہوں گے (اس روز)

مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

ان کے لیے مددگار جو مدد کر سکیں ان کی اللہ کے بغیر۔ اور جس کو گمراہ کر دے اللہ تعالیٰ

فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾ اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

تو اس کے لیے (بچنے کی) کوئی راہ نہیں۔ (لوگو!) مان لو اپنے رب کا حکم اس سے پیشتر کہ آجائے

يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ

وہ دن جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ۷۱ نہ ہوگی تمہارے لیے کوئی پناہ گاہ اس روز اور نہ تمہاری طرف سے کوئی روک ٹوک

مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ

کرنے والا ہوگا ۷۲ پس اگر وہ (پھر بھی) رُوگردانی کریں تو ہم نے آپ کو ان کے اعمال کا ذمّہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ کا

بالکل بند ہوں گے۔

۶۹ حضرت سعید بن جبیر نے طَرْفٍ خَفِيٍّ کا معنی کیا ہے يُسَارِقُوْنَ النَّظَرَ مِنْ شِدَّةِ الْخَوْفِ (1)۔ یعنی شدتِ خوف کے باعث چوری چوری کن انکھیوں سے دیکھیں گے (قرطبی) یونس کہتے ہیں کہ یہاں مِنْ بمعنی بآء ہے۔ اَیْ يَنْظُرُوْنَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ اَیْ ضَعِيْفٍ مِّنَ الذُّلِّ وَالْخَوْفِ (2)۔ یعنی ذلت اور خوف کے باعث ان کی آنکھوں کی بینائی کمزور ہو چکی ہوگی اور وہ کمزور آنکھوں سے جہنم کی طرف دیکھیں گے۔

۷۰ اہل ایمان جب جنت میں ان دوزخیوں کی حالت زار کا مشاہدہ کریں گے تو کہیں گے کہ ان ظالموں سے زیادہ گھاٹا کس کو ہوا ہوگا جنہوں نے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنایا اور اپنے اہل وعیال کو بھی تباہ و برباد کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

۷۱ قیامت کے روز کفار کی حالتِ زار بیان کرنے کے بعد انہیں پھر قبولِ اسلام کی دعوت دی جا رہی ہے اور انہیں اس پر

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص45 2۔ ایضاً، ص46

عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَإِنَّآ إِذَآ أَذَقْنَا الْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

فرض تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے ۷۳ اور ہم جب مزا چکھا دیتے ہیں انسان کو اپنی رحمت کا تو خوش ہو جاتا ہے اس سے۔

وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَٰنَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾

اور اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچے اپنے کرتوتوں کے باعث (تو شور مچانے لگتا ہے) بے شک انسان بڑا ناشکر گزار ہے ۷۴

برانگیختہ کیا جا رہا ہے تا کہ اس روز کفِ افسوس ملنے اور اشکِ ندامت بہانے کے بجائے آج ہی توبہ کر لیں۔ جب وہ دن آئے گا تو کوئی اس کو روک نہ سکے گا۔ اے مشرکو! تمہارے لیے اس روز کوئی پناہ لینے کی جگہ نہ ہوگی۔

۷۲ آیت کے اس آخری فقرے کے متعدد مطالب بیان کیے گئے ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ نکیر کا معنی انکار کرنا ہے (1)، یعنی قیامت کے روز جب ان کا دفترِ عمل کھول کر ان کے سامنے رکھا جائے گا تو انہیں یہ طاقت نہ ہوگی کہ اس کے مندرجات کا انکار کر سکیں (ابن جریر) (2) مجاہد نے نکیر کا معنی ناصر اور مددگار کیا ہے (3) یعنی قیامت کے دن ان کا کوئی ایسا مددگار نہ ہوگا جو انہیں عذاب الٰہی سے چھڑا سکے۔ بعض نے نکیر بمعنی منکر یعنی بدل دینے والا، تبدیل کر دینے والا لکھا ہے۔ یعنی کوئی ایسا آدمی انہیں نہیں ملے گا جو اس عذاب میں ردو بدل کر سکے۔ اَلنَّكِيْرُ وَالْاِنْكَارُ تَغْيِيْرُ الْمُنْكَرِ (قرطبی) (4) ابن کثیر نے یہ مفہوم بتایا ہے تَتَنَكَّرُوْنَ فِيْهِ وَ تَغْيِيْرُوْنَ عَنْ بَصَرِهٖ عَزَّوَجَلَّ (5)۔ یعنی تم اپنی شکل وصورت کو بدل کر اور اپنا حلیہ تبدیل کر کے اللہ تعالیٰ کی آنکھوں سے چھپ نہیں سکتے ہو اور بھاگ نہیں سکتے ہو۔

۷۳ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دے رہے ہیں کہ یہ کفار آپ کی اتنی مخلصانہ کوششوں کے باوجود حق کو قبول نہیں کرتے بلکہ روگردانی کیے ہوئے ہیں تو آپ دلگیر ہرگز نہ ہوں۔ ان کی گمراہی اور تباہی کے بارے میں آپ سے قطعاً کوئی باز پُرس نہ ہوگی۔ آپ کا فرض پیغام حق کا پہنچانا تھا۔ آپ نے اپنا فرض باحسن وجوہ پورا کر دیا ہے۔ اب بھی اگر وہ باطل پر اڑے ہوئے ہیں تو یہ ان کی اپنی بدبختی ہے اور اس کی سزا یہ خود بھگتیں گے۔ حفیظ کا لفظ یہاں توجہ طلب ہے۔ علامہ پانی پتی نے اس کا معنی لکھا ہے رَقِيْبًا مُؤَاخِذًا عَلٰى اِعْرَاضِهِمْ (6) ایسا نگہبان جس سے ان کی روگردانی پر مؤاخذہ اور باز پُرس کی جا سکے۔ تاج العروس میں اس کا یہ مفہوم بتایا گیا ہے۔ اَلْحَفِيْظُ الْمُوَكَّلُ بِالشَّيْءِ يَحْفَظُهٗ: (7) حفیظ اسے کہتے ہیں جسے کسی کا سپردار بنایا جائے اور اس کی نگہداشت و حفاظت اس کے ذمہ ہو۔ علامہ جوہری نے صحاح میں لکھا ہے۔ اَلْحَفِيْظُ الْمُحَافِظُ: نگہبان (8)۔ ان تمام تصریحات سے حفیظ کا یہی مفہوم سمجھ میں آتا ہے کہ ایسے نگہبان اور محافظ کو حفیظ کہتے ہیں جو ہر طرح سے کسی کا ذمہ دار ہو اور اس کے افعال کے لیے جواب دِہ ہو۔

۷۴ انسان کی دُوں ہمتی اور سفلہ مزاجی کا ذکر ہو رہا ہے کہ یہ حضرت بھی عجیب شے ہے۔ اگر راحت و آرام کے دن آ جائیں تو خوشی سے پھولے نہیں سماتا اور اگر اپنی بداعمالیوں کی پاداش میں رنج ومحن کے بادلوں میں گھر جائے تو ناشکری کی انتہا کر دیتا ہے کہ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص47 2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج25، ص27 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص47 4۔ ایضاً
5۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص120 6۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص331 7۔ تاج العروس، ج5، ص250 8۔ الصحاح، ج3، ص1172

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ پیدا فرماتا ہے جو چاہتا ہے۔ بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

بچیاں اور عطا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے فرزند۔ یا ملا جلا کر دیتا ہے انہیں بیٹے اور بیٹیاں۔

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ

اور بنا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بانجھ۔ بے شک وہ سب کچھ جاننے والا، ہر چیز پر قادر ہے ۷۵ اور کسی بشر کی یہ شان نہیں کہ

اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

کلام کرے اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ (براہِ راست) مگر وحی کے طور پر یا پسِ پردہ یا بھیجے کوئی پیغامبر (فرشتہ)

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

اور وہ وحی کرے اس کے حکم سے جو اللہ تعالیٰ چاہے بلاشبہ وہ اونچی شان والا، بہت دانا ہے ۷۶ اور اسی طرح ہم نے بذریعہ وحی بھیجا

میں تو ہمیشہ سے ایسی ہی خستہ حال زندگی بسر کر رہا ہوں۔ میں نے تو عمر بھر کبھی خوشی دیکھی ہی نہیں۔ مسرت و شادمانی کے گزرے ہوئے سارے دن اسے بھول جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی گزشتہ تمام مہربانیوں کا انکار کر دیتا ہے بلکہ اس وقت بھی جب اپنے آپ کو مصائب میں گھرا ہوا پا رہا ہے اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کی بے شمار ایسی نعمتیں ہیں جن سے وہ لطف اندوز ہو رہا ہوتا ہے، ان کا بھی اعتراف نہیں کرتا۔ منہ بسورے ہوئے اپنے رب سے روٹھا روٹھا پھرتا ہے اور آئندہ کے لیے بھی مایوس و ناامید ہو کر رہ جاتا ہے۔

۷۵ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ آسمانوں اور زمین میں اسی کی حکمرانی ہے۔ ہر چیز اسی کے تصرف میں ہے۔ جس کو چاہے جتنا چاہے دے دے اور اگر کسی کو کسی نعمت سے محروم رکھنا چاہے تو زبردستی اسے دینے پر کوئی مجبور نہیں کر سکتا۔ اولاد کے سلسلہ میں بھی لوگوں کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) وہ لوگ جن کو صرف بچیاں ہی دیتا ہے۔ بچے کے لیے وہ ترستے رہتے ہیں اور ان کی حسرت پوری نہیں ہوتی۔ (۲) وہ لوگ جن کو صرف بچے دیے جاتے ہیں۔ (۳) جن کو ملے جلے بچے اور بچیاں عطا فرماتا ہے۔ (۴) وہ لوگ جو بانجھ ہیں جن میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ہی مفقود ہے۔ ان کے ہاں نہ بچہ پیدا ہوتا ہے اور نہ بچی۔ آخر میں فرما دیا کہ میں علیم بھی ہوں اور قدیر بھی۔ میں ہی بہتر جانتا ہوں کہ کس کو کیا دینا ہے اور کس کو کچھ نہیں دینا ہے۔

۷۶ اس مقام پر وحی کے لفظ کی لغوی تحقیق اور پھر اس کا اصطلاحی مفہوم ذکر کر دینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ صاحب تاج العروس لفظ وحی کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَصْلُ الْاِيْحَاءِ اَنْ يُّسِرَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ كَمَا فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ

زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا: هٰذَا اَصْلُ الْحَرْفِ ثُمَّ قُصِرَ اَوْحَاهُ عَلٰى مَعْنَى اَلْهَمَهٗ۔ فَقَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ اَصْلُ الْوَحْيِ فِي اللُّغَةِ اِعْلَامٌ فِيْ خِفَاءٍ وَلِذٰلِكَ صَارَ الْاِلْهَامُ يُسَمّٰى وَحْيًا قَالَ الْاَزْهَرِيُّ وَكَذٰلِكَ الْاِشَارَةُ وَالْاِيْمَاءُ يُسَمّٰى وَحْيًا وَالْكِتَابَةُ تُسَمّٰى وَحْيًا۔ (تاج العروس، ج ۱۰، ص ۳۸۵)(1) یعنی ایحاء کا اصل معنی تو یہ ہے کہ راز داری میں کسی کو کچھ کہنا۔ قرآن کریم میں ہے يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ (سورۂ انعام:112) یہ اس کا اصلی معنی ہے۔ پھر کبھی اس کا اطلاق صرف الہام پر ہوتا ہے۔ ابو اسحاق کہتے ہیں وحی کا اصلی لغوی معنی پوشیدہ طور پر کسی کو کوئی چیز بتا دینا ہے۔ اسی وجہ سے الہام کو بھی وحی کہتے ہیں۔ ازہری کہتے ہیں اشارہ کرنے اور لکھ کر کوئی چیز دینے کو بھی وحی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں بھی تیسرے آدمی کو خبر نہیں ہوتی۔

علامہ راغب اصفہانی نے اس کی مزید وضاحت کی ہے۔ ان کی تحقیق کا خلاصہ بھی ہدیۂ ناظرین ہے:

''اَصْلُ الْوَحْيِ الْاِشَارَةُ السَّرِيْعَةُ۔۔۔ وَذٰلِكَ يَكُوْنُ بِالْكَلَامِ عَلٰى سَبِيْلِ الرَّمْزِ۔۔۔۔ وَبِاِشَارَةِ بَعْضِ الْجَوَارِحِ وَبِالْكِتَابَةِ۔۔۔۔ وَعَلٰى هٰذِهِ الْوُجُوْهِ قَوْلُهٗ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا فَذٰلِكَ الْوَسْوَاسُ الْمُشَارُ اِلَيْهِ بِقَوْلِهٖ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ وَيُقَالُ الْكَلِمَةُ الْاِلٰهِيَّةُ الَّتِيْ تُلْقٰى اِلٰى اَنْبِيَاءِهٖ وَاَوْلِيَاءِهٖ وَحْيٌ وَذٰلِكَ اَضْرُبٌ۔ حَسْبَمَا دَلَّ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ الْاٰيَةَ وَذٰلِكَ اِمَّا بِرَسُوْلٍ مُشَاهِدٍ تُرٰى ذَاتُهٗ وَيُسْمَعُ كَلَامُهٗ كَتَبْلِيْغِ جِبْرَئِيْلَ لِلنَّبِيِّ فِيْ صُوْرَةٍ مُعَيَّنَةٍ وَّاِمَّا بِسَمَاعِ كَلَامٍ مِنْ غَيْرِ مُعَايَنَةٍ كَسَمَاعِ مُوْسٰى كَلَامَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِمَّا بِالْقَاءٍ فِي الرَّوْعِ كَمَا ذَكَرَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ وَاِمَّا بِالْاِلْهَامِ نَحْوُ اَوْحَيْنَا اِلٰى اُمِّ مُوْسٰى اَنْ اَرْضِعِيْهِ وَاِمَّا بِتَسْخِيْرٍ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَوْ بِمَنَامٍ كَمَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ انْقَطَعَ الْوَحْيُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ فَالْاِلْهَامُ وَالتَّسْخِيْرُ وَالْمَنَامُ دَلَّ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ اِلَّا وَحْيًا وَّسَمَاعُ الْكَلَامِ مُعَايَنَةً دَلَّ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ اَوْ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ وَتَبْلِيْغُ جِبْرَئِيْلَ فِيْ صُوْرَةٍ مُّعَيَّنَةٍ دَلَّ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ اِلَيْهِ۔''(1)

ترجمہ: وحی کا اصل معنی اشارۂ سریعہ ہے۔ یہ کبھی ایسے کلام سے ہوتا ہے جو بطور رمز مستعمل ہو۔۔۔۔ یا بعض اعضاء کے اشارہ سے یا کتابت سے۔ ان مذکورہ وجوہات کے لیے ملاحظہ ہو یہ آیت وکذلك جعلنا الآیۃ یعنی اسی طرح بنا دیے ہم نے ہر نبی کے لیے دشمن یعنی سرکش انسان اور جن چپکے چپکے سکھاتے تھے ایک دوسرے کو خوش نما باتیں (لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے) شیطانوں کی اس باہمی گفتگو کو وسواس کہتے ہیں۔ جس کی طرف مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ سے اشارہ کیا گیا ہے۔ اور کلمۂ الٰہی جس کا القاء انبیاء یا اولیاء کی طرف کیا جاتا ہے اسے وحی کہتے ہیں اور اس وحی کی کئی قسمیں ہیں جن کا ذکر اس آیت میں ہے وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ الآیۃ۔ یہ وحی یا تو بذریعہ فرشتہ ہوگی جس کو وہ نبی دیکھے گا اور اس کے کلام کو سنے گا۔ جس طرح جبرئیل شکل معین میں حاضر ہوتے تھے یا یہ وحی اس صورت میں ہوگی کہ کلام تو سنائی دے رہا ہے لیکن متکلم دکھائی نہیں دے رہا۔ جس طرح موسیٰ علیہ السلام کا کلام الٰہی سننا یا یہ وحی بصورت القاء ہوگی جیسے حضورؐ نے فرمایا اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ۔ روح القدس نے یہ بات میرے دل میں ڈال دی یا بذریعہ الہام ہوگی جیسے واوحینا الی ام موسیٰ ہم نے موسیٰ کی والدہ کو وحی فرمائی یعنی انہیں بذریعہ

1۔ تاج العروس، ج10، ص385 2۔ مفردات راغب، ص59-858

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

آپ کی طرف ایک جانفزا کلام اپنے حکم سے ۷۷ نہ آپ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ یہ کہ ایمان کیا ہے ۷۸

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

لیکن (اے حبیب!) ہم نے بنادیا اس کتاب کو (سراپا) نور۔ ہم ہدایت دیتے ہیں اس کے ذریعہ جس کو چاہتے ہیں اپنے بندوں سے۔ اور بلاشبہ آپ

الہام بتایا یا یہ وحی بذریعہ تسخیر ہوگی یعنی اس چیز کی فطرت اور طبیعت میں کوئی بات ڈال دی گئی جس کی بجا آوری پر وہ چیز طبعاً مجبور ہے جیسے اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ۔ آپ کے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی یا بذریعہ خواب ہوگی جیسے حضورؐ نے فرمایا وحی کا سلسلہ ختم ہوگیا، اب خوش خبریاں رہ گئیں، یعنی مومن کو جو خواب دکھائے جاتے ہیں پس الہام، تسخیر اور خواب کی شکل میں جو وحی ہوتی ہے اس پر آیت کے اس فقرہ نے دلالت کی وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا۔ اور پس پردہ کلام سننے کی صورت میں جو وحی ہوتی ہے اسے اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ سے تعبیر کیا اور جو وحی جبرئیل لے کر آتے تھے اس پر آیت کے اس فقرہ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا نے روشنی ڈالی۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ یہ تیسری قسم انبیاء کرام سے مخصوص ہے۔ بَلْ لِاَنَّهٗ مَخْصُوْصٌ بِالْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ (روح المعانی)(1)

۷۷ یہاں روح سے مراد قرآن کریم ہے۔ جس طرح روح جسم کو زندہ کرتی ہے اسی طرح قرآن حکیم دلوں کو حیات جاوید عطا کرتا ہے، اس لیے اسے بھی روح فرمایا گیا۔ کذالك سے مراد وحی کی مذکورہ تمام قسمیں ہیں، کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی کی ان تمام قسموں کا نزول ہوتا تھا۔

۷۸ بظاہر اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبوت سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نہ کتاب کا علم تھا نہ ایمان کا۔

تحقیق طلب امر یہ ہے کہ کیا انبیاء کرام کو بعثت سے پہلے ایمان و کتاب کا علم ہوتا ہے یا نہیں؟ آیات قرآنی اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ثابت ہوتا ہے؟ جب ہم قرآن حکیم کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم یہ آیت پڑھتے ہیں وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿۱۲﴾ (مریم) اللہ تعالیٰ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے متعلق فرماتے ہیں کہ آپ ابھی بچے ہی تھے کہ ہم نے انہیں علم و حکمت سے مشرف فرما دیا۔ حضرت ابن عباس کے قول کے مطابق آپ کی عمر تین سال تھی اور حکم سے مراد تفقہ فی الدین ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے گہوارہ میں ہی اعلان فرمایا اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ (مریم) یعنی میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے اور اس نے مجھے بابرکت بنایا ہے جہاں بھی میں ہوں۔ حضرت یوسف علیہ السلام ابھی کمسن ہی تھے کہ بھائیوں نے ان کے گلے میں رسہ ڈال کر کنویں میں لٹکا دیا تھا۔ اس وقت

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 25، ص 55

انہیں اللہ تعالیٰ نے یہ مژدہ سنایا تھا کہ وَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا (یوسف:15)۔یعنی ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ آپ انہیں ان کے اس فعل پر آگاہ کریں گے۔حضرت اسماعیل علیہ السلام نے بچپن میں ہی حضرت خلیل سے عرض کیا تھا یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ۝۱۰۲ (الصافات) اے پدرِ بزرگوار! آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اس کی تعمیل کیجیے۔اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آپ مجھے صابروں میں پائیں گے۔

اگر ان حضرات انبیاء کو بچپن میں ہی ان امور پر آگاہی بخش دی گئی تھی اور ان سے وہ محیر العقول کارنامے صادر ہوئے جو صرف اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان کا ہی ثمر ہو سکتے ہیں، تو حضور فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق یہ کیسے فرض کر لیا جائے کہ حضور کو ایمان اور کتاب کا علم نہ تھا۔سرورِ کائنات کی قبل از اعلانِ نبوت زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو وہ بھی اس مفروضے کی تکذیب کرتی ہے۔حدیث پاک میں ہے: لَمَّا نَشَأْتُ بُغِضَتْ اِلَیَّ الْاَوْثَانُ وَ بُغِضَ اِلَیَّ الشِّعْرُ وَلَمْ اَهُمَّ بِشَیْءٍ مِّمَّا كَانَتِ الْجَاهِلِیَّةُ تَفْعَلُهُ اِلَّا مَرَّتَیْنِ فَعَصَمَنِیَ اللّٰهُ مِنْهُمَا ثُمَّ لَمْ اَعُدْ۔جب میں بڑا ہوا تو میرے دل میں بتوں اور شعر گوئی کے متعلق بغض اور نفرت پیدا ہو گئی اور میں نے جاہلیت کے کاموں کا کبھی ارادہ نہیں کیا۔صرف دو مرتبہ خیال آیا لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے بچا لیا اور پھر میں نے ان کا قصد نہیں کیا۔

حضور بچپن میں اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ ملک شام گئے۔اسی سفر میں بحیرہ راہب سے ملاقات ہوئی۔اس نے حضور میں نبوت کی علامات دیکھیں تو آزمانے کے لیے اس نے حضور کو لات وعزیٰ کی قسم کھانے کے لیے کہا۔حضور نے اپنی کمسنی کے باوجود ارشاد فرمایا: لَا تَسْئَلْنِیْ بِهِمَا فَوَاللّٰهِ مَا اَبْغَضْتُ شَیْئًا قَطُّ بُغْضَهُمَا۔یعنی اے راہب! مجھ سے ان بتوں کے واسطہ سے کوئی بات مت پوچھو۔بخدا مجھے جتنی نفرت ان سے ہے اور کسی سے نہیں۔

انبیاء کے بچپن کے احوال لکھنے کے بعد علامہ قرطبی فرماتے ہیں: ثُمَّ یَتَمَكَّنُ الْاَمْرُ لَهُمْ وَتَتَرَادَفُ نَفَحَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ وَتُشْرِقُ اَنْوَارُ الْمَعَارِفِ فِیْ قُلُوْبِهِمْ حَتّٰی یَصِلُوا الْغَایَةَ وَیَبْلُغُوْا بِاصْطِفَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰی لَهُمْ بِالنُّبُوَّةِ فِیْ تَحْصِیْلِ الْخِصَالِ الشَّرِیْفَةِ دُوْنَ مُمَارَسَةٍ وَّلَا رِیَاضَةٍ۔پھر ان کے حالات میں پختگی پیدا ہونے لگتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول پے در پے ہوتا ہے۔ان کے دلوں میں معرفت کے انوار چمکنے لگتے ہیں، یہاں تک کہ وہ انتہا تک پہنچتے ہیں اور اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نبوت کے لیے انہیں چن لیتا ہے۔وہ اوصاف حمیدہ میں کمال حاصل کر لیتے ہیں۔انہیں کسی مشق اور ریاضت کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔

علامہ موصوف فرماتے ہیں اَلصَّوَابُ اَنَّهٗ مَعْصُوْمٌ قَبْلَ النُّبُوَّةِ مِنَ الْجَهْلِ بِاللّٰهِ وَصِفَاتِهٖ وَالتَّشَكُّكِ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَقَدْ تَعَاضَدَتِ الْاَخْبَارُ وَالْاٰثَارُ عَنِ الْاَنْبِیَاءِ بِتَنْزِیْهِهِمْ عَنْ هٰذِهِ النَّقِیْصَةِ مُنْذُ وُلِدُوْا وَنَشْاَتُهُمْ عَلَی التَّوْحِیْدِ وَالْاِیْمَانِ بَلْ عَلٰی اِشْرَاقِ اَنْوَارِ الْمَعَارِفِ وَنَفَحَاتِ اَلْطَافِ السَّعَادَةِ وَمَنْ طَالَعَ سِیَرَهُمْ مُنْذُ صِبَاهُمْ اِلٰی مَبْعَثِهِمْ حَقَّقَ كَذٰلِكَ۔(قرطبی) صحیح یہ ہے کہ انبیائے کرام نبوت سے پہلے بھی اس بات سے معصوم ہوتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات سے جاہل ہوں یا ان میں سے کسی بات میں ان کو شک ہو۔بکثرت ایسی احادیث و آثار موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء بچپن میں ہی ان عیوب سے پاک ہوتے ہیں اور ان کی نشوونما توحید اور ایمان پر ہوتی ہے بلکہ معرفت کے انوار ان پر ضوفشاں رہتے ہیں۔سعادت وارجمندی کے الطاف کی مہک سے وہ معطر رہتے ہیں۔جنہوں نے ان کی سیرتوں کا مطالعہ کیا ہے ان کے نزدیک یہ امر مسلم ہے۔

جب حقیقت حال یہ ہے تو اب اس آیت کا مفہوم کیا ہے؟ علامہ قرطبی نے متعدد جواب نقل کیے ہیں۔مجھے یہ جواب ان

لَتَهْدِیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۙ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی

رہنمائی فرماتے ہیں صراطِ مستقیم کی طرف ۷۹ جو اللہ کی راہ ہے وہ اللہ جو مالک ہے ہر اُس چیز کا جو

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع ۵ ۱۰ ۶

آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے ۸۰ خوب سُن لو! سب کاموں کا انجام اللہ تعالیٰ کی طرف ہی ہے ۸۱

میں سے زیادہ پسند ہے:

مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتَابُ لَوْلَا اِنْعَامُنَا عَلَیْكَ وَلَا الْاِیْمَانُ لَوْلَا هِدَایَتُنَا لَكَ۔ یعنی آپ پر اگر ہمارا لطف وانعام نہ ہوتا تو آپ کتاب کو نہ جان سکتے اور اگر ہم آپ کی رہنمائی نہ فرماتے تو آپ کو ایمان کا علم بھی نہ ہوتا(1)۔(ملخصاً عن تفسیر القرطبی)

نیز درایت کی نفی سے علم کی نفی نہیں ہوتی۔ کیونکہ درایت کہتے ہیں اَلْمَعْرِفَةُ الْمُدْرَكَةُ بِضَرْبٍ مِّنَ الْحِیَلِ (مفردات)(2) یعنی کسی چیز کو ظن وتخمین سے یا اٹکل پچو سے جاننا۔ تاج العروس میں اس کا یہ معنی لکھا گیا ہے دَرَیْتُهٗ وَدَرَیْتُ بِهٖ۔ عَلِمْتُهٗ اَوْ عَلِمْتُهٗ بِضَرْبٍ مِّنَ الْحِیْلَةِ وَلِذَا لَا یُطْلَقُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى(3)۔ یعنی حیلہ سے کسی چیز کے جاننے کو درایت کہتے ہیں۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر نہیں کیا جاتا۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ ہیں جنہیں دلائل عقلیہ سے پہچانا جا سکتا ہے اور دوسری وہ ہیں جن کی معرفت دلائل سمعیہ کے بغیر ممکن نہیں۔ یہ دوسری قسم کی معرفت نبوت سے پہلے نہ تھی۔ (کبیر)(4)

بعض علما نے اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے۔ اَیْ كُنْتَ مِنْ قَوْمٍ اُمِّیِّیْنَ لَا یَعْرِفُوْنَ الْكِتَابَ وَلَا الْاِیْمَانَ حَتّٰى اَكُوْنَ قَدْ اَخَذْتُ مَا جِئْتُهُمْ بِهٖ عَنْ مَّنْ كَانَ یَعْلَمُ ذٰلِكَ مِنْهُمْ وَهُوَ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْ مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ۔(5)

۷۹ یعنی ہم نے قرآن کو نور بنا دیا ہے اور اس کے ذریعہ ہم جس کو چاہتے ہیں منزل مقصود تک پہنچا دیتے ہیں اور اے محبوب! آپ بھی صراط مستقیم کی طرف لوگوں کی رہنمائی فرماتے رہتے ہیں۔ یہ صراط مستقیم اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے۔

۸۰ آخر میں پھر اللہ تعالیٰ کی جلالت شان کا ذکر فرما دیا کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب کا خالق و مالک وہی ہے اور اس میں ہر طرح کا تصرف کرنے کی بھی قدرت رکھتا ہے۔

۸۱ اس میں اطاعت گزار اور فرمانبردار بندوں کے لیے بشارت ہے اور سرکشوں اور نابکاروں کے لیے دھمکی اور سرزنش ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ سب مخلوقات کے دنیوی اور اخروی امور بارگاہ الٰہی میں انجام پاتے ہیں۔ ہر چھوٹے بڑے کام کی وہی تدبیر

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص59,58,56,55 (ملخصاً) 2۔ مفردات راغب، ص312 3۔ تاج العروس، ج10، ص126
4۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج14، ج27، ص192 5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص60

فرماتا ہے۔اس کی قضاوقدر کے بغیر کوئی پتہ بھی جنبش نہیں کرسکتا۔علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:''نزد محققان بازگشتے ہمہ امور در ہمہ اوقات واحوال بحضرت اوست وبارتفاع حجب ووسائط مشاہدۂ ایں معنی دست دہد۔..... وَذٰلِكَ لِاَنَّهٗ تَعَالٰى مَبْدَأُ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَرْجِعُهٗ وَمَصِيْرُهٗ اِمَّا بِالْفَنَاءِ الْاِخْتِيَارِيِّ اَوْبِالْفَنَاءِ الْاِضْطِرَارِيِّ۔''یعنی اہل تحقیق کے نزدیک تمام اوقات اور جملہ احوال میں ہر کام کی بازگشت اسی کی جناب میں ہے۔جب پردے اٹھتے ہیں اور وسائط دور ہوتے ہیں تب اس مفہوم کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر چیز کا آغاز بھی اللہ تعالیٰ ہے اور انتہا بھی اسی تک۔اب چاہے کوئی اپنی مرضی اور اختیار سے اپنے آپ کو اس کی رضا میں فنا کردے، ورنہ اضطراراً تو ایسا ہو کر رہے گا۔عقل مندی کا تقاضا تو یہ ہے کہ جس چیز سے مفر نہ ہو اسے خوشی سے قبول کرلیا جائے۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ایک جنازے کی تدفین میں شریک ہوئے۔جب اس پر مٹی ڈال دی گئی تو اتنا روئے کہ آنسوؤں سے مٹی تر ہوگئی۔پھر فرمایا اے مردمان! آخر دنیا نگری گورست اوّل آخرت نگری گورست چہ مہ نازید بعالمے آخرش اینست یعنی گور و چوں نمی ترسید از عالمے کہ اوّلش اینست یعنی گور۔(روح البیان) اے لوگو! دنیا کا انجام قبر ہے اور آخرت کی ابتدا قبر ہے۔اس جہان پر ناز کرنا کتنی حماقت ہے جس کا انجام قبر ہے اور اس جہاں سے کیوں نہیں ڈرتے ہو جس کی پہلی منزل قبر ہے۔(1)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى اَوَّلِ نُوْرٍ اَشْرَقَ مِنْ شَمْسِ الْاَزَلِ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ دُنْيَانَا خَيْرَ مَزْرَعَةٍ لِّلْاٰخِرَةِ وَاجْعَلْ قُبُوْرَنَا رَوْضَةً مِّنْ رِيَاضَاتِ الْجَنَّةِ وَآنِسْ وَحْشَتَنَا بِاُنْسِكَ وَبِرُؤْيَةِ الْوَجْهِ الصَّبِيْحِ الَّذِيْ لَا زِلْنَا مُشْتَاقِيْنَ اِلٰى رُؤْيَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ وَالْخَدِّ الْاَسِيْلِ وَالطَّرْفِ الْكَحِيْلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

1۔روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص348

تعارف
سُورۂ زخرف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورت کا نام زخرف ہے۔ یہ کلمہ آیت نمبر ۳۵ میں مستعمل ہوا ہے۔ اس سورت میں سات رکوع، نواسی آیات اور تین ہزار چار سو حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ بھی ان سات سورتوں میں سے ایک ہے جن کی ابتدا حٰمٓ سے ہوئی اور اس کا زمانۂ نزول بھی اس سلسلے کی سورتوں کے زمانۂ نزول کے قریب قریب ہے۔

مضامین: ویسے تو قرآنِ کریم کی ہر سورت کی طرح اس سورت کی ہر آیت بھی شمعِ نور ہے جو شاہراہِ حیات کو منور کر رہی ہے۔ جب آپ اس کا مطالعہ کریں گے تو اس سے لطف اندوز ہوں گے، البتہ چند ایسی باتیں ہیں جو آپ کی خصوصی توجہ کی مستحق ہیں:

۱۔ عام طور پر ایسا ہوتا ہے کہ اگر محسن کے احسان کا شکریہ ادا نہ کیا جائے، بلکہ الٹا ناشکری اور سرکشی کو اپنا شعار بنا لیا جائے تو محسن اپنے احسان کا سلسلہ بند کر دیتا ہے۔ لوگوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے از راہِ لطف و احسان انبیاء کی بعثت اور وحی کے نزول کا سلسلہ جاری کیا تا کہ لوگ ہدایت کی راہ سے بہک نہ جائیں، لیکن اس نعمت کی قدر کرنے کے بجائے کفار نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ان کی ناشکری کے باعث یہ سلسلہ بند کر دیا جاتا اور گمراہی کے گھپ اندھیروں میں انہیں دھکے کھانے کے لیے چھوڑ دیا جاتا، لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی، تمہیں نفس اور شیطان کے رحم و کرم پر چھوڑ نہیں دیا جائے گا، بلکہ قرآنِ کریم آفتابِ ہدایت بن کر تمہارے مطلعِ حیات پر چمکتا رہے گا تا کہ اس کی روشنی سے فائدہ اٹھا کر جس وقت بھی کوئی شخص اپنی منزل کی طرف بڑھنا چاہے، تو وہ بڑھ سکے۔ ہم تم سے تمہاری سرکشیوں کے باعث ناراض ہو کر یہ نعمت سلب نہیں کر لیں گے۔

۲۔ تم خود مانتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے، پھر تم ان اندھے بہرے بتوں کو خدا کیوں مانتے ہو اور ان کی پوجا کیوں کرتے ہو؟ اس وقت کہتے کہ اجی ہم تو وہی کچھ کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوتی ہے۔ اس نے چاہا، تو ہم نے بتوں کو پوجا، اگر وہ نہ چاہتا تو بھلا ہماری کیا مجال تھی کہ ان بتوں کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھتے۔ ہم پر یہ اعتراض نہ کرو، بلکہ ہمارے خدا پر کرو جس کے ارادہ و مشیّت کے ہم پابند ہیں۔ ان کے اس مغالطے کو یہ کہہ کر رد کر دیا کہ یہ محض جہالت اور حماقت ہے۔ اگر ان کی اس توجیہہ کو قبول کر لیا جائے، تو پھر دنیا بھر کے گناہوں کو سندِ جواز مل جائے گی کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو (قتل، ڈکیتی، زنا وغیرہ) ہوئے ہیں، اگر وہ نہ چاہتا تو کسی کی کیا مجال تھی کہ وہ کوئی نازیبا حرکت کرتا۔ اور جب خدا کے چاہنے سے سب

کچھ ہو رہا ہے تو پھر یہ سارے کام عین ثواب ہوئے۔ یہ جاہل لوگ رضا اور مشیت کا فرق بھی نہیں جانتے۔ بے شک اس جہان میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس کے ارادہ و مشیت سے ہو رہا ہے، لیکن ضروری نہیں کہ وہ اس پر راضی اور خوش بھی ہو۔ اس کی رضا انہی کاموں سے حاصل ہوتی ہے جن کے کرنے کا اس نے حکم دیا ہے۔

۳۔ انہیں اس بات پر بھی سخت اعتراض تھا کہ منصبِ نبوت کے لیے ایسے شخص کو چنا گیا ہے جس کے پاس نہ مال و زر ہے اور نہ اعوان و انصار کا مضبوط جتھہ۔ وہ کہتے جزیرۂ عرب میں دو مشہور شہر ہیں، مکہ اور طائف، ان میں بڑے بڑے رئیس ہیں جن کی ثروت و امارت کی گرد و نواح میں دھوم مچی ہوئی ہے، جن کے اثر و اقتدار کے آگے کسی کو دم مارنے کی مجال نہیں، ان میں سے اگر کسی کو اس منصب پر فائز کر دیا جاتا، تو یہ دعوت بڑی سرعت سے ملکِ عرب کے کونے کونے میں پھیل جاتی۔ ان کے اس اعتراض کو یہ فرما کر ٹھکرا دیا کہ نبوت اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔ اس کو تقسیم کرنے کا انہیں قطعاً کوئی اختیار نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس نعمتِ عظمیٰ کی اہلیت کس میں پائی جاتی ہے اور اس انعام کا کون حقدار ہے۔

یہ بھی بتا دیا کہ یہ کتابِ مقدس، یہ صحیفۂ رشد و ہدایت جو ہم نے آپ پر نازل فرمایا ہے، اس کا نزول آپ کے لیے اور آپ کی ساری قوم کے لیے وجہِ عز و شرف ہے۔ اس کی برکت سے تمہیں سمندر کی روانیاں، مہر و ماہ کی تابانیاں اور عرش کی بلندیاں نصیب ہوں گی۔ اس کے فیضان سے قافلۂ انسانیت کی قیادت کا منصب تمہیں سونپ دیا جائے گا۔ اسے بوجھ مت سمجھو، اس کی تعلیمات کو اپنی ترقی کی راہ میں رُکاوٹ مت خیال کرو، بلکہ شرحِ صدر سے اسے قبول کر لو اور خوشی خوشی اس پر عمل پیرا ہو جاؤ۔

اسی ضمن میں حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کے حالات کی طرف بھی اختصار کے ساتھ اشارہ فرما دیا تاکہ ہجومِ مصائب میں ان کی اولوالعزمی باعثِ تسکین ثابت ہو۔

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الزخرف مکی ہے اس کی نواسی آیتیں ہیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

مع

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

حا۔میم ۱ قسم ہے اس کتابِ مبین کی ۲ ہم نے اتارا ہے اسے قرآن، عربی زبان میں ۳ تاکہ تم (اس کے

۱ یہ حروفِ مقطعات ہیں۔ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔بعض علماء نے ارشاد فرمایا کہ ''حا'' حیّ اور ''میم'' قیوم کی طرف اشارہ ہے۔(1)

۲ واؤ قسم کے لیے ہے یعنی کتابِ مبین کی قسم(2)۔''مبین'' اَبَانَ یُبِیْنُ بابِ افعال کا اسمِ فاعل ہے۔یہ لفظ لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔پہلی صورت میں معنی ہوگا کہ اس کتاب کی قسم جو بالکل واضح، ظاہر اور روشن ہے۔اس کے مطالب اور معارف شک وشبہ سے پاک ہیں۔اختلاف وتضاد کا وہاں شائبہ تک نہیں۔متعدی ہونے کی صورت میں مفہوم یہ ہوگا کہ اس کتاب کی قسم جو حق اور باطل کو واضح کرنے والی ہے۔راہِ ہدایت کو راہِ ضلالت سے ممتاز کرنے والی ہے۔مبین کے ایک لفظ سے قرآنِ کریم کی دونوں صفات کو بیان کر دیا کہ یہ کتاب بذات خود بڑی واضح اور روشن ہے۔اس میں کسی قسم کا الجھاؤ اور التباس نہیں۔نیز یہ حق وباطل کو نمایاں اور آشکارا کرنے والی ہے۔جن لوگوں کی دل کی آنکھیں اس کے نور سے بینا ہوتی ہیں، وہ گومگو کی حالت میں نہیں رہتے۔وہ بڑی آسانی سے ہدایت اور گمراہی کو پہچان لیتے ہیں۔علامہ ابنِ منظور لسان العرب میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''اَبَانَ، اِسْتَبَانَ، وَ تَبَیَّنَ تَتَعَدّٰی هٰذِهِ الثَّلَاثَةُ وَلَا تَتَعَدّٰی وَقَالُوْا بَانَ الشَّیْءُ وَ اسْتَبَانَ وَ تَبَیَّنَ وَ اَبَانَ بِمَعْنًی وَّاحِدٍ وَالْكِتَابُ الْمُبِیْنُ اَیِ الْكِتَابُ الْبَیِّنُ وَقِیْلَ مَعْنَی الْمُبِیْنِ الَّذِیْ اَبَانَ طُرُقَ الْهُدٰی مِنْ طُرُقِ الضَّلَالَةِ وَاَبَانَ كُلَّ مَا تَحْتَاجُ اِلَیْهِ الْاُمَّةُ۔''(3)

ترجمہ: یعنی ابان، استبان اور تبین متعدی اور لازم دونوں طرح سے استعمال ہوتے ہیں اور حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۙ﴿۲﴾ کا ایک معنی یہ ہے کہ یہ کتاب بذاتِ خود واضح اور روشن ہے اور دوسرا معنی یہ ہے کہ یہ ہدایت کے راستوں کو گمراہی کی راہوں سے الگ کرنے والی ہے اور ہر وہ چیز جس کی طرف امت کو احتیاج ہے اس کو کھول کر بیان کرتی ہے۔

۳ کتابِ مبین کی قسم اٹھانے کے بعد جوابِ قسم کے طور پر بتایا جا رہا ہے کہ ہم نے اس کتاب کو عربی میں، جو تمہاری مادری زبان ہے، نازل فرمایا اور اس کو یوں نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ تم ان حقائق ومعارف کو اچھی طرح سمجھ لو، ان قواعد وضوابط کو پوری

1۔روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص400 2۔تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص337 3۔لسان العرب، ج13، ص68-67

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِیْۤ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَكِیْمٌ ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ

مطالب کو) سمجھو۔ اور بے شک یہ قرآن ہمارے ہاں لوحِ محفوظ میں ثبت ہے ۴ اونچی شان والا حکمت سے لبریز ۵ کیا ہم روک لیں گے

طرح ذہن نشین کرلو جن پر تمہاری سعادت وارجمندی کا دارومدار ہے۔ وہ قوم کتنی خوش بخت ہے جس کو ایسی کتاب سے سرفراز کیا گیا ہو۔ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہاں جَعَلَ کے لفظ کی تحقیق ذکر کی جائے کیونکہ اس لفظ میں تدبر نہ کرنے کے باعث ایک بہت بڑا فتنہ خلقِ قرآن کا رونما ہوا جس نے کئی صدیوں تک امت کو گونا گوں ذہنی پریشانیوں اور دیگر مصائب وآلام میں مبتلا رکھا۔

علامہ راغب اصفہانی نے مفردات القرآن میں اس کی جو تحقیق کی ہے اس کا خلاصہ پیشِ خدمت ہے۔ وہ لکھتے ہیں: جَعَلَ پانچ وجوہ پر استعمال ہوتا ہے:

۱۔ صَارَ اور طَفِقَ کا ہم معنی۔ اس وقت یہ لازم ہوتا ہے جیسے جَعَلَ زَیْدٌ یَّقُوْلُ (زید کہنے لگا)

۲۔ یہ اَوْجَدَ اور خَلَقَ یعنی پیدا کرنے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے اس وقت یہ فقط ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ (اس نے اندھیروں اور نور کو پیدا فرمایا)

۳۔ کسی چیز سے کوئی اور چیز بنا دینا جیسے جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا (سورۂ نحل:81) (یعنی اس نے تمہارے لیے پہاڑوں میں گھر بنا دیے)

۴۔ کسی چیز کو ایک حالت پر مخصوص کر دینا جیسے الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا (البقرہ:22) (اس نے تمہارے لیے زمین کو بستر بنا دیا) اسی ضمن میں علامہ راغب نے یہ آیت ذکر کی ہے۔ یعنی ہم نے اس کتاب کو قرآنِ عربی بنا دیا۔

۵۔ کسی چیز پر کسی چیز کا جھوٹا یا سچا حکم لگا دینا: وَیَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ (سورۂ نحل:57) یا اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَیْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ (سورۃ القصص:7) (1)

اس تحقیق سے واضح ہو گیا کہ جَعَلْنَا کا معنی یہاں خَلَقْنَا نہیں ہے، ورنہ یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا حالانکہ یہاں دو مفعول مذکور ہیں۔

صاحبِ قرطبی نے اس کا ترجمہ کیا ہے: اَیْ اَنْزَلْنَاهُ بِلِسَانِ الْعَرَبِ (2)۔ خازن نے بھی لکھا ہے وَقِیْلَ اَنْزَلْنَاهُ۔ یعنی ہم نے اس کو عربی زبان میں اتارا ہے۔ میں نے ترجمہ انہی حضرات کی تحقیق کے مطابق کیا ہے۔

۴ امّ الکتاب سے مراد لوحِ محفوظ ہے۔ بعض علماء نے ام الکتاب کی تعبیر اَلْعِلْمُ الْاَزَلِیُّ سے کی ہے (3)۔ تعبیریں جدا سہی، مدلول ایک ہی ہے۔ قِیْلَ الْعِلْمُ الْاَزَلِیُّ (روح المعانی) (4)

۵ یہ قرآنِ کریم کوئی معمولی کتاب نہیں۔ جس ربِ قدوس نے اسے نازل فرمایا ہے اس کے حضور تو اس کا مرتبہ بہت اونچا اور شان بڑی بلند ہے۔ کوئی دوسری کتاب لفظی اور معنوی اعجاز اور اسرار ومعارف میں اس کی ہم پایہ نہیں۔ اَیْ رَفِیْعُ الشَّاْنِ بَیْنَ

1۔ مفرداتِ راغب، ص 97-196
2۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 16، ص 61
3۔ تفسیر خازن، زیرِ آیت ہذا، ج 6، ص 108
4۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 25، ص 64

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝۵ وَكَمْ اَرْسَلْنَا

تم سے اس ذکر کو ناراض ہو کر اس وجہ سے کہ تم لوگ حد سے بڑھنے والے ہو ۶ اور ہم نے بکثرت بھیجے ہیں

مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝۶ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

نبی پہلے لوگوں میں ۷ اور نہیں آیا ان کے پاس کوئی نبی مگر وہ (کفار) اس کا

الْكُتُبِ لِاِعْجَازِهٖ وَ اشْتِمَالِهٖ عَلٰى عَظِيْمِ الْاَسْرَارِ۔ (روح المعانی) لفظِ حکیم کی تشریح کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔

حَكِيْمٌ: ذُوْحِكْمَةٍ بَالِغَةٍ اَوْ مُحْكَمٌ لَّا يَنْسَخُهٗ غَيْرُهٗ اَوْ حَاكِمٌ عَلٰى غَيْرِهٖ مِنَ الْكُتُبِ (روح المعانی) (1)

یعنی حکیم سے کئی معانی مراد لیے جا سکتے ہیں۔ یہ سراسر حکمت ہے یا یہ محکم ہے۔ اسے کوئی دوسری کتاب یا اس کے احکام کو کوئی دوسری شریعت منسوخ نہیں کر سکتی۔ یا یہ حاکم ہے یعنی جتنے بھی نظامہائے حیات ہیں ان سب پر اس کا فیصلہ ناطق ہے اور اس کا حکم نافذ ہے۔

۶ بڑی پیاری آیت ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں سے جو بے پایاں محبت ہے اور ان کے حال پر جو خصوصی نظرِ عنایت ہے، اس آیت میں اس کا ذکر فرمایا جا رہا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کفار و مشرکین کو آیاتِ ربانی پڑھ کر سنایا کرتے۔ عظیم معجزات سے اسلام کی صداقت ثابت کرتے۔ حضورؐ کی اپنی زندگی کا ہر پہلو آفتاب سے تابندہ تر تھا۔ یہ کوشش بڑے خلوص اور جانکاہی سے برسوں سے شروع تھی۔ اس کے باوجود ان کا انکار اور اس انکار پر ان کا بے جا اصرار آئے روز بڑھتا ہی جاتا تھا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ایسے ناشکر گزاروں سے چشمِ عنایت پھیر لی جاتی، ان کو ہمیشہ کے لیے نظر انداز کر دیا جاتا تاکہ وہ ابدی محرومیوں کے سنسان اندھیروں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بھٹکتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میری رحمت، میری رأفت اور میری شفقت ایسا نہیں کرے گی۔ ہم ہر حالت میں انہیں دعوتِ حق دیتے رہیں گے۔ خواہ وہ قبولِ حق سے انکار کرتے رہیں اور اسلام کو ناکام بنانے میں عقل و دانش کے تمام تقاضوں کو پس پشت ڈال دیں۔

اس آیت کے کلمات بھی غور طلب ہیں۔

علامہ قرطبی کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی چیز سے منہ پھیر لے اور اسے نظر انداز کر دے تو عرب کہتے ہیں ''قَدْ ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا اِذَا اَعْرَضْتَ عَنْهُ وَتَرَكْتَهٗ'' (قرطبی) (2)

علامہ ابنِ منظور اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَیْ نُهْمِلُكُمْ وَلَا نُعَرِّفُكُمْ مَّا يَجِبُ عَلَيْكُمْ لِاَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ اَیْ لِاَنَّهٗ سَفَهٌ (لسان العرب) (3) یعنی کیا ہم تم کو نظر انداز کر دیں گے اور تمہیں ان فرائض و واجبات سے مطلع نہیں کریں گے جن کی تعمیل تم پر لازمی ہے اور یہ اس لیے کہ تم اسراف کے خوگر ہو۔ ''صَفْحًا'' کے متعلق علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ یہ نَضْرِبُ کا مفعولِ مطلق ہے جیسے قَعَدْتُ جُلُوْسًا۔ اسے مفعول لہٗ اور حال بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس وقت صَفْحًا صَافِحِيْنَ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 64 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 63 3۔ لسان العرب، ج 1، ص 547

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾

مذاق اُڑایا کرتے ۔ پس ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا جو ان سے زیادہ طاقتور تھے ۸ اور گزر چکا ہے حال پہلے لوگوں کا ۹

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ

اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے پیدا کیا ہے آسمانوں اور زمین کو ۱۰ تو ضرور کہیں گے پیدا کیا ہے انہیں بڑے

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

زبردست، سب کچھ جاننے والے نے ۔ جس نے بنا دیا ہے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ ۱۱ اور بنا دیے ہیں تمہارے لیے

کے معنی میں ہوگا۔ (روح المعانی)(1)

۷ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلبِ مضطر کو تسلی دیتے ہیں کہ کفار کا آپ کے ساتھ یہ نامعقول اور سراسر غیر انسانی رویہ کوئی نرالی بات نہیں۔ جو رسول ہم نے آپ سے پہلے بھیجے تھے ان کے ساتھ بھی ان کی قوموں نے اسی قسم کا برتاؤ کیا تھا۔ ''کَم'' یہاں استفہامیہ نہیں بلکہ خبریہ ہے۔ ''كَمْ هُنَا خَبَرِيَّةٌ وَّالْمُرَادُ بِهَا التَّكْثِيْرُ (قرطبی)(2)

۸ جب ان قوموں کا عناد حد سے تجاوز کر گیا اور ان کی ہدایت پذیری کے سارے امکانات ختم ہو گئے تو ہم نے ان کو تہس نہس کر دیا۔ ان بے چارے مکہ والوں کی کیا حقیقت ہے۔ بڑی بڑی طاقتور اور ترقی یافتہ قومیں ہمارے عذاب کے سامنے لمحہ بھر کے لیے نہ جم سکیں۔ یہ تو مہلت کی گھڑیاں ہیں جو ہم نے ان کو سوچنے، سمجھنے اور سنبھلنے کے لیے ارزانی فرمائی ہیں اور یہ نادان اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ان کا کوئی کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔ وہ اپنی تدبیر یا قوتِ بازو سے عذابِ الٰہی کو روکے ہوئے ہیں۔ وہ اسی طرح سداد اِدِعیش دیتے رہیں گے، حق کا منہ چڑاتے رہیں گے اور اہلِ حق کو ذلیل و رسوا کرتے رہیں گے۔ یہ ان کی کم فہمی ہے۔ جونہی مہلت کی گھڑی ختم ہوگی انہیں فوراً دھر لیا جائے گا۔

۹ گزشتہ نافرمان قوموں کا جو عبرتناک حشر ہوا اس کا تذکرہ جا بجا قرآنِ کریم میں بیان ہو چکا ہے اور وہ بارہا اسے پڑھ سن چکے ہیں۔ کیا پھر بھی وہ کوئی عبرت حاصل نہیں کرتے۔

۱۰ اگرچہ وہ شمعِ اسلام کو گل کر دینے کے درپے ہیں، اگرچہ وہ پیغمبرِ اسلامؐ کے خون کے پیاسے ہیں، اگرچہ وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ سینکڑوں بتوں کی پوجا پاٹ بڑی شدومد سے کرتے ہیں، لیکن حق اتنا واضح اور سچ اتنا بیّن ہے کہ اس کے انکار کی ہمت ان میں بھی نہیں۔ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کا خالق کون ہے تو انہیں طوعاً و کرہاً کہنا پڑے گا کہ ان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے جو عزیز بھی ہے اور علیم بھی۔۔۔۔۔ لات و ہبل یا کسی دوسرے دیوی دیوتا کا ان کی تخلیق میں رائی کے برابر بھی کوئی حصہ نہیں۔ اس اعتراف کے بعد ان کا کسی کو خدا سمجھنا اور اس کی عبادت کرنا اتنی بڑی بیہودگی اور نادانی ہے کہ اس کے بطلان کے لیے کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں۔

۱۱ اللہ تعالیٰ اپنی شانِ کبریائی کا ذکر فرما رہا ہے۔ یعنی میں وہ عزیز اور علیم ہوں جس نے تمہارے لیے اس زمین کو یوں آرام دہ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز25، ص65 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص63

فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾ وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

اس میں راستے تاکہ تم منزلِ مقصود تک پہنچ سکو۔ اور جس نے اُتارا آسمان سے پانی اندازہ کے

بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾ وَالَّذِي

مطابق۔ پس ہم نے زندہ کر دیا اس سے ایک مُردہ شہر کو۔ یونہی تمہیں بھی (قبروں سے) نکالا جائے گا ۱۲ اور جس نے

خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا

ہر قسم کی مخلوق پیدا فرمائی ۱۳ اور بنادیں تمہارے لیے کشتیاں اور مویشی جن پر تم

بنا دیا ہے جس طرح بچے کے لیے پنگھوڑا۔ تمہاری آسائش وراحت کے جملہ اسباب فراہم کر دیے گئے ہیں۔ پھر اس نے طرح طرح کی گزرگاہیں بنادی ہیں تاکہ تم ان پر چل کر اپنی منزل تک پہنچ سکو۔

اگر تم ان احسانات کی قدر پہچانو گے اور ان کا شکر ادا کرو گے تو تمہیں وہ راہ بھی مل جائے گی جو تمہیں حریمِ ذات تک لے جائے گی اور تم اس کے نورِ عرفان سے اپنے دل کی دنیا کو روشن کر لو گے۔

''مَهْدٌ'' گہوارے کو کہتے ہیں۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: ''مَكَانًا مُّمَهَّدًا اَیْ مُوَطَّاءً وَمَآ لَهٗ بَسَطَهَا لَكُمْ تَسْتَقِرُّوْنَ فِيْهَا وَلَا يُنَافِيْ ذٰلِكَ كُرِّيَّتَهَا لِمَكَانِ الْعِظَمِ''۔ (روح المعانی)(1) یعنی یہ زمین کے کروی ہونے کے منافی نہیں کیونکہ زمین کا کرہ اتنا وسیع اور کشادہ ہے کہ یہاں اس کی کرویت کا احساس نہیں ہوتا بلکہ حدِ نگاہ تک صاف چٹیل میدان دکھائی دیتا ہے۔

۱۲ ایک اور شانِ کبریائی بیان فرمائی جارہی ہے۔ اس کا ہر کام ایک اندازے کے مطابق ہوتا ہے۔ اسی طرح بارش برستی ہے تو اندھا دھند نہیں بلکہ ایک طے شدہ اندازے کے مطابق۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ وہ بستی جس میں چند لمحے پہلے خاک اڑ رہی تھی، ہر طرف افسردگی اور مردنی چھائی تھی، یکا یک اس میں تازگی اور شادابی کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی فرمادیا کہ جو خداوندِ ذوالجلال لمحہ بھر میں ایک اُجڑی ہوئی بستی کو آباد کر دیتا ہے وہی تمہیں قبروں سے زندہ کر کے میدانِ حشر میں لا کھڑا کرے گا۔ اس کے لیے یہ قطعاً مشکل نہیں۔

۱۳ زوج سے مراد یہاں صنف اور نوع ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: ''اَیْ اَصْنَافَ الْمَخْلُوْقَاتِ فَالزَّوْجُ هُنَا بِمَعْنَى الصِّنْفِ لَا بِمَعْنَاهُ الْمَشْهُوْرِ۔'' اس کی تائید میں انہوں نے حضرت ابنِ عباس ؓ کا قول نقل کیا ہے۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلْاَزْوَاجُ الضُّرُوْبُ وَ الْاَنْوَاعُ كَالْحُلْوِ وَالْحَامِضِ وَ الْاَبْيَضِ وَ الْاَسْوَدِ وَ الذَّكَرِ وَ الْاُنْثٰى (2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے گوناگوں اور قسم قسم کی مخلوق پیدا کی۔ ذائقہ کے اعتبار سے کوئی میٹھی، کوئی ترش، رنگ کے اعتبار سے کوئی سپید کوئی سیاہ۔ پھر کوئی بے جان اور جاندار، پھر کوئی نر اور کوئی مادہ۔ یہ تنوع اتنا وسیع، اتنا دلچسپ اور اتنا مفید ہے کہ انسان اس میں جتنا غور کرے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حکمت پر ایمان

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 25، ص 67-66 2۔ ایضاً، ص 67

تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾ لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا

سوار ہوتے ہو ۱۴ تاکہ تم جم کر بیٹھو ان کی پیٹھوں پر پھر (دلوں میں) یاد کرو اپنے رب کی نعمت کو جب

اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا

تم خوب جم کر بیٹھ جاؤ ان پر اور (زبان سے) یہ کہو پاک ہے وہ ذات جس نے فرمانبردار بنا دیا ہے اسے ہمارے لیے اور ہم اس پر قابو پانے

كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿١٣﴾ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ

کی قدرت نہ رکھتے تھے ۱۵ اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اور بنا دی ہے (مشرکوں نے) اس کے لیے

پختہ ہوتا جاتا ہے۔

۱۴ بحر و بر میں تمہاری سواری کا بندوبست کر دیا گیا ہے تاکہ تم اپنے ساز و سامان کے ساتھ دشوار گزار راستوں کو طے کرتے ہوئے آسانی سے اپنی منزل پر پہنچ سکو۔ کشتیوں اور جہازوں میں بیٹھ کر تم دریاؤں اور بیکراں سمندروں کو عبور کرتے ہو۔ اور گھوڑوں، اونٹوں، ریل گاڑیوں، کاروں پر سوار ہو کر تم خشکی کا سفر کرتے ہو۔

۱۵ تاکہ جب تم ان کی پیٹھ پر بیٹھ کر سوئے منزل روانہ ہو تو تمہارے دل اپنے رب کریم کے شکر سے لبریز ہوں، تمہاری روحیں اس کے احسانات کی یاد سے سرشار ہوں اور اپنی ناتوانی اور بے بسی کے اعتراف کے ساتھ ساتھ ان پاکیزہ کلمات سے اپنے رب کی پاکی کے تم گیت گا رہے ہو۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارا مطیع اور فرمانبردار بنا دیا، ورنہ اتنا گرانڈیل اور طاقتور سرکشی پر اتر آئے تو کسی کو نزدیک نہ پھٹکنے دے۔ ایک دولتی جھاڑ دے تو بڑے طاقتور انسان کا کچومر نکال دے۔ اتنی طاقت والا حیوان ہمیں اپنی پشت پر لادے ہوئے کالے کوسوں کی مسافت چپکے چپکے طے کرتا جا رہا ہے۔ نہ تھکاوٹ کی شکایت اور نہ بھوک و پیاس کا شکوہ۔ یہ اطاعت، یہ سرافگندی اے میرے رب! تو نے اس کے دل میں ڈال دی ہے۔ ہم اس حقیقت کو بھی صدقِ دل سے تسلیم کرتے ہیں کہ ہم سب نے تیری جناب میں ہی لوٹ کر حاضر ہونا ہے۔

اسلام کی جامعیت کی یہ بیّن دلیل ہے کہ اس کی روشنی سے زندگی کے سارے گوشے منور ہو رہے ہیں اور اس کے فیض سے ہماری زندگی کا ہر شعبہ بہرہ ور ہو رہا ہے۔ ان آیات میں کسی مرکب پر (جانور ہو یا کشتی ہو یا کوئی اور) سوار ہونے کے اسلامی آداب سکھائے جا رہے ہیں۔ ایک حدیثِ پاک ملاحظہ فرمائیے: حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم گھوڑے پر سوار ہونے لگے تو جس وقت رکاب میں قدم رکھا تو فرمایا بِسْمِ اللّٰهِ۔ جب اس کی پشت پر تشریف فرما ہوئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ پھر یہ آیت پڑھی سُبْحٰنَ الَّذِیْ... اِلٰی لَمُنْقَلِبُوْنَ۔ اس کے بعد تین مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہا۔ پھر تین مرتبہ کہا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔ پھر آپ ہنس دیے۔ عرض کی گئی امیر المومنین! ہنسنے کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے رسول کو دیکھا کہ حضورؐ نے ایسا کیا جیسا میں نے کیا۔ وہی کلمات کہے جو میں نے کہے۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہنس دیے۔ ہم نے عرض کی

عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ۛ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ

اس کے بندوں سے اولاد ۱۶ بے شک انسان کھلا ہوا ناشکر گزار ہے ۱۷ کیا اللہ تعالیٰ نے پسند کر لی ہیں (اپنے لیے) اپنی

بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

مخلوق سے بیٹیاں اور مخصوص کر دیا ہے تمہیں بیٹوں کے ساتھ ۱۸ اور جب اطلاع دی جاتی ہے ان میں سے کسی کو اس کی جس کی نسبت اس نے

حضورؐ آپ کیوں ہنسے ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ جب بندہ یہ الفاظ کہتا ہے رَبِّ اغْفِرْلِیْ الخ تو اللہ تعالیٰ اس کے یہ کلمات سن کر بہت خوش ہوتا ہے۔ تعجب کا اظہار کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ میرا بندہ اس حقیقت کو تسلیم کرتا ہے کہ گناہوں کو بخشنے والا میں ہی ہوں، اور کوئی نہیں بخش سکتا (1)۔ جب منزلِ مقصود پر پہنچ جائے اور سواری سے اترے تو اس وقت یہ پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْنَا مَنْزِلًا مُّبَارَكًا وَ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ (2)۔ کشتی یا جہاز میں سوار ہوتے ہوئے یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (3)۔ جب گھر سے سفر پر روانہ ہونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ دعا پڑھے۔ آپ بھی اسے یاد کر لیں۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَ الْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَ كَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَ سُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَ الْمَالِ (4)۔ اے اللہ! سفر میں تو میرا ساتھی ہے اور میرے اہل اور مال کا نگہبان ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی مشقتوں سے اور لوٹنے کی المناکی سے اور حالات کی درستگی کے بعد ابتری سے اور اپنے اہل اور مال میں برے منظر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اب آیات کے چند کلمات پر غور فرمایئے۔ ''اِسْتَوٰی'' سواری پر جم کر بیٹھ جانا۔ ''ظُهُوْرِهٖ'' ضمیر کا مرجع اَلْفُلْكُ اور اَلْاَنْعَامُ ہے جو جمع ہے۔ قاعدہ کے مطابق ظُهُوْرِهَا ہونا چاہیے تھا لیکن مَا تَرْكَبُوْنَ میں مَا موصولہ کے لفظ کی رعایت کرتے ہوئے واحد مذکر کی ضمیر ذکر کر دی۔ مُقْرِنِيْنَ: قَالَ الْجَوْهَرِيُّ وَ اَقْرَنَ لَهٗ اَیْ اَطَاقَهٗ وَ قَوِیَ عَلَيْهِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَا كُنَّا مُقْرِنِيْنَ اَیْ مُطِيْقِيْنَ۔ (الصحاح) (5) یعنی کسی پر قابو پانا اور اس کو اپنا مطیع کر لینا۔

۱۶ کفار فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں کہا کرتے تھے اور بیٹی باپ کا جزو ہوا کرتی ہے۔ ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ کفار کے اقوال کا تضاد قابلِ دید ہے۔ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ زمین اور آسمان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ اس کی بیٹیاں بھی ہیں۔ انسان ذرا غور کرے ان کے یہ خرافات کتنے لغو اور بیہودہ ہیں۔ انسان تو اولاد کا اس لیے خواہشمند ہوتا ہے کہ بڑھاپے میں وہ عصائے پیری ثابت ہو۔ غربت اور بیماری کی حالت میں اس کی خدمت کرے۔ مرنے کے بعد اس کی جائیداد کی وارث بنے اور اس کی یاد کو تازہ رکھے۔ لیکن خالقِ کائنات بڑھاپے، مرض، موت وغیرہ سے پاک ہے۔ وہ ان ضرورتوں سے بالاتر ہے۔ وہ واجب الوجود ہے۔ عقل و فہم سے جو لوگ بے بہرہ ہیں اور جن کے ہوش و خرد کے چراغ بجھ چکے ہیں وہی یہ کہنے کی جرأت کر سکتے ہیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔

۱۷ اَلْاِنْسَانُ سے مراد یہاں کافر ہے۔ كَفُوْرٌ مبالغہ کا صیغہ ہے (6)۔ از حد ناشکر گزار۔

1۔ جامع ترمذی، ابواب الدعوات، باب ماجاء مایقول اذا رکب دابۃ، ج2، ص182۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص356 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز25، ص69
3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص357 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص67 5۔ الصحاح، ج6، ص2181
6۔ تفسیر قرطبی زیر آیت ہذا، جز16، ص69

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا

رحمان کی طرف کی ہے تو اس کا چہرہ (فرطِ رنج سے) سیاہ ہو جاتا ہے اور اس کا دل غم سے بھر جاتا ہے ۱۹ کیا وہ (ایسی اولاد جنے گا) جو پرورش

فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

چڑھتی ہے زیوروں میں اور وہ مباحثہ کے وقت اپنا مدعا واضح نہیں کر سکتی ۲۰ اور انہوں نے ٹھہرالیا ہے فرشتوں کو

۱۸ اللہ تعالیٰ جس طرح بیٹیوں سے منزہ ہے اسی طرح بیٹوں سے بھی مبرا ہے۔ یہاں فقط کفار کی اس بندر بانٹ کے بھونڈے پن کی طرف اشارہ ہے کہ اپنے لیے تو بیٹوں کو پسند کرتے ہیں اور بیٹیوں کو اللہ تعالیٰ کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔

۱۹ یعنی ان کی اپنی حالت یہ ہے کہ اگر ان کو بتایا جائے کہ ان کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی ہے تو ان کے گھر میں صفِ ماتم بچھ جاتی ہے۔ چہروں پر مایوسی کی سیاہی پھیل جاتی ہے۔ دل غم واندوہ سے بھر جاتا ہے۔ بڑی حیرت کی بات ہے کہ ایسی جنس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنے میں انہیں حیا نہیں آتی۔ ان کی بیوی، بیٹی جنے تو گھر میں آنا جانا بند کر دیتے ہیں، ان کی چہیتی بیگم ان کو چڑیل کی مانند ڈراؤنی نظر آنے لگتی ہے۔ ایک عرب عورت اپنے خاوند کی اس بے رخی کو یوں بیان کرتی ہے:

مَا لِاَبِیْ حَمْزَةَ لَا يَاْتِيْنَا يَظَلُّ فِي الْبَيْتِ الَّذِيْ يَلِيْنَا

غَضْبَانَ اَنْ لَّا نَلِدَ الْبَنِيْنَا وَ اِنَّمَا نَاْخُذُ مَا اُعْطِيْنَا (1)

یعنی میرے خاوند ابوحمزہ کو کیا ہو گیا ہے کہ اب وہ ہمارے ہاں آتا ہی نہیں اور ساتھ والے مکان میں ہی رہتا ہے۔ وہ اس لیے غضب ناک ہے کہ ہم بیٹے کیوں نہیں جنتیں۔ اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں جو ملتا ہے وہی ہم لیتی ہیں۔

۲۰ ان کی اس تقسیم کے معیوب ہونے کو ایک دوسرے انداز سے بیان کیا جا رہا ہے۔ یعنی بچیاں تو ناز ونعم میں پلتی ہیں اور کسی مجلس میں اپنا مدعا واضح طور پر بیان کرنے سے ہچکچاتی ہیں۔ کیا ان سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ مملکتِ خداوندی کے فرائض و مہمات کو وہ کامیابی سے انجام دے سکیں۔ نہ ان میں زورِ بازو کہ شمشیر وسناں بکف میدان میں اتر سکیں اور نہ ان میں حجت و بیان کی استعداد کہ وہ زبان سے حق کا بول بالا کر سکیں۔ ایسی بے مصرف اولاد کی اللہ تعالیٰ کو کیا ضرورت ہے۔

اس آیت سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ عورتوں کو زیور پہنانا جائز ہے۔ حدیثِ نبوی سے بھی اس کی تائید ملتی ہے: عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُبْسُ الْحَرِيْرِ وَ الذَّهَبِ حَرَامٌ عَلٰى ذُكُوْرِ اُمَّتِيْ وَ حَلَالٌ لِّاَنَاثِهَا (2)۔ یعنی ریشم اور سونے کا استعمال میری امت کے مردوں پر حرام ہے اور عورتوں کے لیے حلال ہے۔

علامہ ابوبکر جصاص متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ عہدِ نبوت سے لے کر آج تک عورتیں زیور پہنتی آئی ہیں اور کبھی کسی نے اس کو ناجائز نہیں کہا۔ اس لیے اخبارِ آحاد سے عورتوں کے لیے زیور کی ممانعت ثابت نہیں ہو سکتی۔ (احکام القرآن ج ۳) (3)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص70 2۔ احکام القرآن از جصاص، زیر آیت ہذا، ج3، 387 3۔ ایضاً، ج3، ص388

الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

جو (خداوند) رحمٰن کے بندے ہیں، عورتیں ۲۱ کیا یہ موجود تھے ان کی پیدائش کے وقت؟ لکھ لی جائے گی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ

ان کی گواہی اور ان سے بازپُرس ہوگی ۲۲ اور (کفار) کہتے ہیں کہ اگر چاہتا (خداوند) رحمٰن تو ہم انہیں نہ پُوجتے ۲۳

۲۱ یہ ان کی لاف زنیاں اور لن ترانیاں حقیقت کے سراسر خلاف ہیں۔ فرشتے تو اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں جو ہر وقت اس کے ذکر میں محو رہتے ہیں اور اس کے جملہ احکام کی بے چون و چرا اطاعت کرتے ہیں۔ ان کو ظالموں نے خدا کی بیٹیاں کہنا شروع کر دیا ہے۔ یہ کتنا ظلم اور کس قدر ناانصافی ہے۔

۲۲ ایسی نامعقول اور لغو بات پر ان کا یوں اڑ جانا آخر اس کی کوئی وجہ بھی تو ہو؟ کیا یہ لوگ اس وقت موجود تھے جب اس نے فرشتوں کو پیدا کیا اور ذاتی مشاہدہ کی بنا پر یہ ان کو بیٹیاں کہہ رہے ہیں؟ اگر ایسی بات ہے تو وہ اس پر شہادت پیش کریں۔ ان کی یہ شہادت قلمبند کر لی جائے گی۔ جب وہ روزِ قیامت ہمارے روبرو پیش ہوں گے تو ہم اس شہادت کے متعلق ان سے باز پرس کریں گے۔ ان کو جواب دہی کے لیے آج ہی سے تیار ہو جانا چاہیے۔

۲۳ اگر کوئی نادان اس غلط فہمی کا شکار ہو جائے کہ وہ بڑا زیرک اور دانا ہے یا اگر کوئی جاہل اپنی جہالت کو علم و فضل خیال کرنے لگے تو افہام و تفہیم کا مرحلہ بڑا پیچیدہ ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجہ خیز ہونے کے امکانات بہت قلیل رہ جاتے ہیں۔ وہ اپنی سراسر نامعقول بات کو معقولیت کی جان یقین کرتا ہے اور اگر اس کو اس کی نامعقولیت کی طرف متوجہ کیا جائے تو وہ بات تک سننے کا روادار نہیں ہوتا۔

اہلِ مکہ اسی قسم کی صورت حال سے دوچار تھے۔ جب انہیں ٹوکا جاتا کہ فرشتوں کی عبادت نہ کیا کرو، وہ تو اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے ہیں۔ یہ بڑی نامناسب بات ہے کہ خالق کو چھوڑ کر مخلوق کی بندگی شروع کر دی جائے تو کہتے کہ ہم عرصۂ دراز سے ایسا کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ ہوتی تو ہماری مجال نہ تھی کہ ہم ایسا کر سکتے۔ اس نے ہمیں ایسا کرنے سے باز نہیں رکھا۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ یہ کام اسے پسند ہے۔ یہ دلیل پیش کر کے وہ یہ سمجھتے کہ انہوں نے اپنے موقف کی حقانیت کو ایسی دلیل سے ثابت کر دیا ہے جس کی صداقت میں شک و شبہ کی ادنیٰ گنجائش بھی نہیں۔ لیکن اگر اس میں ذرا تامل کیا جائے تو یہ دلیل تارِ عنکبوت سے بھی کمزور اور ضعیف ہے۔ اگر یہ اصول تسلیم کر لیا جائے کہ جو کچھ ہو رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے تو پھر فسق و فجور کی محفلیں ہر شب سجتی ہیں۔ ظلم و ستم کی مشق ہر لحہ مظلوموں اور کمزوروں پر ہوتی رہتی ہے۔ قتل، زنا، چوری، ڈاکہ زنی، ملک و قوم سے غداری کی جو وارداتیں آئے دن وقوع پذیر ہوتی رہتی ہیں، ان کے بیان کردہ اصول کے مطابق یہ عین صواب ہے اور ان پر نہ کسی کو اعتراض کا حق ہے اور نہ ان کا ارتکاب کرنے والوں کو کوئی سزا ملنی چاہیے۔ کیا وہ اپنی پیش کردہ دلیل کے مطابق ان سب خرافات کو جائز اور مستحسن قرار دینے کی جرأت کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر وہ عقیدۂ توحید اور دینی

مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا

انہیں اس حقیقت کا کوئی علم نہیں ۔ وہ محض قیاس آرائیاں کر رہے ہیں ۲۴ کیا ہم نے دی انہیں کوئی کتاب

مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا

اس سے پہلے پس وہ اسے مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں ۲۵ بلکہ وہ خود کہتے ہیں کہ ہم نے پایا اپنے باپ دادا کو

عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ

ایک طریقہ پر اور ہم ان کے نقوشِ پا پر چل رہے ہیں ۲۶ اور اسی طرح جب بھی ہم نے بھیجا

قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ

آپ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا تو کہا وہاں کے عیش پرستوں نے کہ ہم نے پایا

اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ

اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر اور ہم ان کے نشاناتِ قدم کی پیروی کرنے والے ہیں ۲۷ اس نبی نے فرمایا اگر میں لے آؤں تمہارے

معاملات میں ہی اس دلیل پر اعتماد کیوں کرتے ہیں۔

۲۴ بالکل اکھڑ اور جاہل ہیں۔ علم وفہم کی انہیں ہوا تک نہیں لگی۔ اپنی قیاس آرائیوں کو انہوں نے دلیل سمجھ رکھا ہے۔

۲۵ اگر ہم نے ان کی طرف کوئی ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں ہم نے انہیں شرک کرنے کی اجازت دی ہو یا ان لغو رسم و رواج کی پابندی کا حکم دیا ہو تو وہ سب لوگوں کے سامنے پیش کریں تا کہ ہر روز کا جھگڑا ختم ہو اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ ان کے عقائد، ان کے اعمال اس کتاب کے مطابق ہیں جو انہیں عطا کی گئی ہے۔

۲۶ ان کے پاس نہ کوئی عقلی دلیل ہے اور نہ کوئی نقلی دلیل۔ جب ہر طرف سے عاجز اور لاجواب ہو جاتے ہیں تو اپنے گم کردہ راہ آباء واجداد کی تقلید کا سہارا لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو جس راہ پر چلتے دیکھا ہم اس کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ اَلْاُمَّةُ: الطَّرِيْقَةُ وَالدِّيْنُ۔ کسی طریقہ اور دین کو امت کہتے ہیں۔ (الصحاح للجوہری)(1)

۲۷ یہ اہلِ مکہ کا ہی انداز فکر نہیں بلکہ ان سے پہلے بھی جو اہلِ زیغ و باطل گزرے ہیں، اپنے رسولوں کے ساتھ وہ بھی اسی نوع کی حجت بازی کیا کرتے تھے۔ اپنے موقف کی سچائی کو ثابت کرنے کے لیے جب کوئی عقلی اور نقلی دلیل دستیاب نہ ہوتی تو وہ بھی اپنے آباء واجداد کی تقلید کی آڑ لے کر اپنا دفاع کرتے۔ یہ بات غور طلب ہے کہ انبیاء کی اصلاحی تحریکوں کی مزاحمت کرنے والے ہمیشہ

1۔ الصحاح، ج5، ص1864

بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

پاس زیادہ درست چیز اس سے جس پر پایا ہے تم نے اپنے باپ دادا کو (تب بھی؟) انہوں نے جواب دیا ہم جو دے کر تمہیں بھیجا گیا ہے اس کو

النصف ع ۲ ۱۰ ۸

كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ النصف ع

نہیں مانتے ۲۸ پس ہم نے ان سے انتقام لیا ذرا دیکھو کیسا (المناک) انجام ہوا جھٹلانے والوں کا ۲۹

خوش حال طبقہ کے عیش پرست لوگ کیوں ہوتے ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ جب وہ فکر معاش سے آزاد ہیں، معاشرہ میں ہر شخص ان کا احترام کرتا ہے، انہیں اپنی رائے کے اظہار میں ہر طرح کی آزادی میسر ہے۔ تو آگے بڑھ کر حق کا جھنڈا تھام لیتے۔ سابقین اولین میں ان کا نام سرِ فہرست ہوتا۔ راہِ حق پر انہیں گامزن دیکھ کر دوسرے لوگ بھی باطل سے اپنا رشتہ منقطع کر کے ہدایت کو قبول کرتے۔ ان کے اثر و رسوخ اور کوشش سے سارا معاشرہ گمراہی و ضلالت کی گھمبیر ظلمتوں سے نکل کر ہدایت کی روشنی میں آجاتا، لیکن وہ اس کے بجائے اہلِ حق سے محاذ آرائی شروع کر دیتے ہیں اور اپنے چیلوں کو ورغلا کر اہلِ حق کے خلاف طوفانِ بدتمیزی برپا کر دیتے ہیں۔ اس کی آخر وجہ کیا ہے؟ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ ان لوگوں کے پاس دولت کی فراوانی ہوتی ہے اور وہ اس کے نشہ میں یوں سرشار ہوتے ہیں کہ کسی کا مطیع اور فرمانبردار بننے میں اپنی کسرِ شان سمجھتے ہیں، سیادت کی جس مسند پر وہ بیٹھے ہوتے ہیں اس کو خالی کرنا ان پر سخت گراں گزرتا ہے۔ نیز معاشرہ میں لوٹ کھسوٹ کی جو گرم بازاری ہوتی ہے اس میں وہ برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ غریب طبقہ کا معاشی استحصال ان کی دولت و ثروت کا سرچشمہ ہوتا ہے۔ اگر وہ اصلاحِ معاشرہ کی ان کوششوں میں مصلحین کا ساتھ دیں تو عیش و آرام کی زندگی جس کے وہ عادی ہو چکے ہوتے ہیں اس کی بساط الٹ جاتی ہے اور سب سے بڑی وجہ شاید یہ ہے کہ وہ دین اور مذہب کو مفلسوں اور کنگالوں کا دھندا سمجھتے ہیں۔ جنہیں رہنے کے لیے آرام دہ بنگلے، سواری کے لیے بہترین کاریں اور ہوسِ نفس کو بجھانے کے لیے دولتِ فراواں میسر ہو اسے کیا پڑی کہ وہ مذہب کے بارے میں سوچتا رہے۔ اسی قسم کی دیگر رکاوٹیں ان لوگوں کی راہ میں پہاڑ بن کر کھڑی ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنے آپ کو بدلنے کے تکلیف دہ عمل کے بجائے یہ آسان سمجھتے ہیں کہ حق کی بات کو سختی سے دبا دیں اور اہلِ حق کو پھلنے پھولنے کا موقع نہ دیں۔ اگرچہ وہ اس کوشش میں بری طرح ناکام ہوتے ہیں۔

۲۸ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر جب ان پر اس حقیقت کو روزِ روشن کی طرح واضح کر دیتے ہیں کہ ان کے آباء و اجداد کا طریقہ گمراہ کن اور ان کی ذہنی، مادی اور روحانی ترقیوں میں سنگِ گراں کی حیثیت رکھتا ہے اور زندگی کا جو پروگرام ہم نے پیش کیا ہے وہ ہر حیثیت سے تمہارے لیے مفید ہے تو اس وقت وہ انکار کی روش اختیار کرتے ہیں کہ تم لاکھ دلیلیں پیش کرو، ہمارے راستہ پر علم و حکمت کی ہزاروں قندیلیں روشن کر دو، ہم نہیں مانیں گے، ہرگز نہیں مانیں گے۔

۲۹ جب ان کے اصلاح پذیر ہونے کے تمام امکانات ختم ہو جاتے ہیں، پھر قدرت ان سے عبرتناک انتقام لیتی ہے۔ اگر تمہیں دیدۂ بینا اور گوشِ شنوا میسر ہے تو ان اجڑے ہوئے کھنڈروں کی شکستہ دیواروں سے پوچھو جہاں حق کو جھٹلانے والے کبھی

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا

اور (یاد کیجیے) جب کہا ابراہیمؑ نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہ میں بیزار ہوں ان سے جن کی تم عبادت کرتے ہو ۳۰ بجز

الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ

اس کے جس نے مجھے پیدا فرمایا بے شک وہی میری رہنمائی کرے گا ۳۱ اور آپ نے بنا دیا کلمۂ توحید کو باقی رہنے والی بات اپنی

بڑے ٹھاٹھ باٹھ سے زندگی بسر کیا کرتے تھے۔

۳۰ حضور سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روشن معجزات دیکھنے کے باوجود، قرآنِ کریم کی دل ہلا دینے والی آیات کو سننے کے باوصف کفارِ مکہ شرک پر اڑے ہوئے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ اپنے باپ دادا کی پیروی چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھے۔ انہوں نے اپنے آپ کو اندھی تقلید کی آہنی زنجیروں میں یوں جکڑ دیا تھا کہ عقل و دانش کے تقاضوں کو وہ بڑی خوشدلی سے نظر انداز کر دیا کرتے۔ ان کے سامنے ان کے جدِ امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقۂ کار پیش کیا جا رہا ہے کہ دیکھو حضرت خلیلؑ نے جب اپنے اسلاف کو اور اپنی قوم کو راہِ حق سے بھٹکا ہوا پایا تو ان سے قطع تعلق کر لیا۔ تم لوگ جو حضرت ابراہیمؑ کی اولاد ہو اور ان کے بنائے ہوئے کعبہ کے متولی اور خدمت گزار ہو، اسی نسبت کے باعث ملک بھر میں تمہیں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، جب انہوں نے اپنے گمراہ پیشروؤں کی روش کو اعلانیہ ترک کر دیا تھا تو تم بھی آپ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے گمراہ آباء و اجداد سے اپنی براءت کا اعلان کر دو۔ گھبراؤ مت، آسمان نہیں گر پڑے گا۔ نیز ان آیات سے انہیں یہ بات بھی سمجھا دی کہ اگر تم عقل و ہوش سے کام لینا نہیں چاہتے اور تقلید کرنے پر ہی مُصر ہو تو پھر تقلید کرنا ہے تو ابراہیم علیہ السلام کی کرو۔ یہ کیا مذاق ہے کہ عقل کا چراغ بھی گل کر رکھا ہے اور تقلید کے لیے ابراہیمؑ جیسے صدق شعار اور راستباز کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کی تقلید پر ادھار کھائے بیٹھے ہو جو انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں۔

بَرَآءٌ: مصدر ہے اور اسمِ صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ واحد، تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث سب حالتوں میں یہ اسی طرح مستعمل ہوتا ہے(1)۔ علامہ قرطبی امام لغت جوہری کا قول نقل کرتے ہیں: قَالَ الْجَوْهَرِيُّ ''وَ تَبَرَّأْتُ مِنْ كَذَا وَ اَنَا مِنْهُ بَرَاءٌ لَّا يُثَنّٰى وَلَا يُجْمَعُ لِاَنَّهٗ مَصْدَرٌ فِي الْاَصْلِ'' (2)۔ اور اگر ''بَرِیْءٌ'' مستعمل ہو تو وہ تثنیہ، جمع، تذکیر و تانیث میں اپنے موصوف کے مطابق ہوگا۔

۳۱ شرک سے براءت کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے ان تمام معبودوں سے بیزار ہوں جن کی تم پرستش کرتے ہو۔ میں صرف اس کا پرستار ہوں جس نے مجھے پیدا فرمایا۔ وہی مجھے راہ ہدایت پر ثابت قدم رکھے گا اور بلند سے بلند مقامات اور درجات کی طرف میری رہنمائی فرمائے گا۔ اَیْ سَيُثْبِتُنِيْ عَلَى الْهِدَايَةِ وَيُرْشِدُنِيْ فَوْقَ مَا اَرْشَدَنِيْ اِلَيْهِ (3)۔ تم جن معبودوں کی پوجا کرتے ہو نہ وہ کسی چیز کے خالق ہیں اور نہ وہ کسی کی رہنمائی کر سکتے ہیں اور جس پروردگار کی بارگاہ میں میری جبینِ نیاز سجدہ ریز ہے وہ تو میرا خالق بھی ہے اور میرا دست گیر بھی۔ میں اسے چھوڑ کر کسی غیر کی طرف کیوں دیکھوں؟

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص76 2۔ الصحاح، ج1، ص36 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص345

عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

اولاد میں ۳۲ تاکہ وہ (اس کی طرف) رجوع کریں ۳۳ بلکہ میں نے لطف اندوز ہونے دیا انہیں اور ان کے آباء و اجداد کو یہاں تک

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا

کہ آگیا ان کے پاس حق اور کھول کر بیان کرنے والا رسول ۳۴ اور جب آگیا ان کے پاس حق تو وہ کہنے لگے یہ تو جادو

سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ

ہے اور ہم اس کے منکر ہیں ۔ اور کہنے لگے کیوں نہ اتارا گیا یہ قرآن کسی ایسے آدمی پر جو ان

مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا

دو شہروں میں بڑا ہے ۳۵ کیا وہ بانٹا کرتے ہیں آپ کے رب کی رحمت کو؟ ہم نے خود تقسیم کیا ہے

۳۲ حضرت خلیل خود ہی عقیدۂ توحید پر ایمان نہیں لائے بلکہ اپنی آنے والی نسل کو بھی تاکید کی کہ خبردار اس راہِ حق سے بھٹک نہ جانا، اپنا رشتۂ عبودیت اپنے رب کریم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پختہ اور مستحکم رکھنا۔ قرآنِ کریم میں متعدد مقامات پر اس کا ذکر گزر چکا ہے۔ سورۂ بقرہ کی آیت ملاحظہ ہو وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ الآیۃ (البقرہ:132) کہ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو اور حضرت یعقوب نے اپنی اولاد کو دینِ حق پر ثابت قدم رہنے کی وصیت فرمائی۔ اَلْعَقِبُ: اَلذُّرِّيَّةُ (1)۔ یعنی اولاد اور نسل۔

۳۳ یعنی اے محبوب! آپ قریشِ مکہ کو حضرت ابراہیمؑ کے حالات سنایئے۔ شاید وہ اس طرح دینِ حق کو قبول کرلیں اور راہِ ہدایت پر گامزن ہوجائیں۔

۳۴ ان لوگوں نے عرصۂ دراز سے مسلکِ ابراہیمی کو ترک کردیا تھا اور شرک و کفر کو اختیار کرلیا تھا۔ چاہیے تو یہ تھا کہ انہیں اس ناشکری اور نافرمانی کی فوراً سزا دی جاتی اور ان کو نیست و نابود کردیا جاتا لیکن ہماری رحمت نے ان کو مہلت دی اور یہ دنیوی زندگی کے ساز و سامان سے اور عیش و آرام سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ عرصۂ دراز کے بعد ان کے افقِ حیات پر اب نورِ حق جلوہ گر ہوا۔ انہیں چاہیے تھا کہ وہ اس نورِ مبین سے اپنے سینوں کو روشن کرتے اور ہمارے رسولِ کریم کی حیات آفریں تعلیمات اور روح پرور ارشادات پر عمل کرتے لیکن ان بدنصیبوں نے ایسا نہ کیا۔ الٹا اسے جادو کے نفرت انگیز لفظ سے تعبیر کیا اور اس پر ایمان لانے سے صاف صاف انکار کردیا۔

۳۵ پہلے تو کفارِ عرب اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے ہی تیار نہ تھے کہ کوئی انسان نبوت کے منصب پر فائز ہوسکتا ہے۔ وہ کہتے اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ ایسا ہوسکتا ہے تو پھر اس منصب کے لیے کسی ایسے شخص کا انتخاب ہونا چاہیے جو اثر و رسوخ کا مالک ہو۔ سردار اور مالدار ہو، اس کا رعب ہر بڑا و پیر کے دل میں بیٹھا ہو۔ اس ملک کے دو مشہور شہر ہیں، مکہ اور طائف۔ ان میں بڑے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص345

بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ

ان کے درمیان سامانِ زیست کو اس دنیوی زندگی میں ۳۶ اور ہم نے ہی بلند کیا ہے بعض کو بعض پر مراتب

بڑے رؤسا اور بارسوخ سردار موجود ہیں۔ منصبِ نبوت کے لیے ان میں سے کسی کو منتخب کرنا چاہیے تھا تاکہ لوگ اس کی زبان سے نکلی ہوئی دعوت کو فوراً قبول کرتے اور اس کے احکام کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے۔ چنانچہ ولید بن مغیرہ سے مروی ہے کہ اس نے کہا ''لَوْ كَانَ مَايَقُوْلُهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا لَنَزَلَ عَلَيَّ اَوْ عَلٰى اَبِيْ مَسْعُوْدٍ'' (1)۔ یعنی جو کچھ یہ کہہ رہے ہیں اگر یہ حق ہوتا تو یہ مجھ پر نازل ہوتا یا (طائف کے سردار) ابو مسعود ثقفی پر۔

بے شک اس بارِ نبوت کے اٹھانے کا حوصلہ ہر کہ و مہ میں نہیں، بے شک کوئی عظیم انسان ہی اس امانتِ عظمیٰ کا متحمل ہو سکتا ہے اور اس منصبِ جلیل کی نازک ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہو سکتا ہے۔ لیکن اے کفار! عظمت کا جو معیار تم نے مقرر کر رکھا ہے کہ بڑا دولتمند ہو، ساز و سامان کی بہتات ہو، خدم و حشم کا لشکرِ جرار اس کے ساتھ ہو، اس منصب کی اہلیت کے لیے عظمت و بڑائی کا یہ معیار نہیں بلکہ اس کا معیار یہ ہے کہ دل ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو۔ کردار بے داغ اور سیرت آفتاب سے تابندہ تر ہو، عزم و حوصلہ کا یہ عالم ہو کہ مصائب و آلام کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں تو نہ گھبرائے اور نہ پسپائی اختیار کرے بلکہ بڑے سکون اور وقار کے ساتھ تبسم کناں منزل کی طرف بڑھتا چلا جائے۔ علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: فَاِنَّ الرِّسَالَةَ مِنَ اللّٰهِ مَنْصَبٌ عَظِيْمٌ لَايَلِيْقُ اِلَّا لِعَظِيْمٍ وَّلَمْ يَعْلَمُوْا اَنَّهَا رُتْبَةٌ رُوْحَانِيَّةٌ يَّسْتَدْعِيْ عَزْمَ النَّفْسِ بِالتَّجَلِّيْ بِالْفَضَائِلِ وَ الْكَمَالَاتِ الْقُدْسِيَّةِ وَكَمَالَ الْاِسْتِعْدَادِ لِلتَّجَلِّيَاتِ الذَّاتِيَّةِ وَ الصِّفَاتِيَّةِ لَا التَّزَخْرُفَ بِالزَّخَارِفِ الدُّنْيَوِيَّةِ۔ (2)

ترجمہ: یعنی رسالت ایک منصبِ عظیم ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا جاتا ہے اور یہ کسی عظیم ہستی ہی کو سزاوار ہے۔ کفار یہ نہیں سمجھتے تھے کہ یہ ایک روحانی رتبہ ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ نفس فضائل اور قدسی کمالات کی جلوہ گاہ ہو اور اس میں ذاتی اور صفاتی تجلیات کو برداشت کرنے کی کامل استعداد ہو۔ دنیاوی زیب و زینت اور ساز و سامان کی یہاں کوئی اہمیت نہیں۔

۳۶ نبوت و رسالت اللہ تعالیٰ کی مخصوص ترین رحمت ہے۔ کیا یہ لوگ اس کے رحمت کے خزانوں کی تقسیم پر مقرر ہیں؟ جس کو چاہیں کچھ دے دیں اور جس کو چاہیں محروم کر دیں۔ نہ ان کا یہ مقام ہے اور نہ اس بخشش و عطا میں ان کی پسند و ناپسند کا کچھ دخل ہے۔ یونہی جھک مار رہے ہیں۔

یہ مال و دولت جس پر یہ پھولے نہیں سماتے اور جس کو یہ نبوت کی اہلیت کے لیے بنیادی شرط قرار دیتے ہیں یہ بھی تو ہم ہی نے ان کو عطا کی ہے اور اس عطا میں گوناگوں حکمتیں اور مصلحتیں ہیں۔ کسی کو غنی کر دیا، کسی کو فقیر، کسی کو جسمانی صحت و توانائی بخش دی، کسی کو فنی مہارت اور کسی ہنر میں کمال عطا فرما دیا، کسی کو اقلیمِ ادب و سخن کا سلطان بنا دیا، کسی کو ریاضی اور سائنس کے دقیق اور پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کی قابلیت بخش دی، کسی کو دولت دی اور کسی کو کاروباری اور انتظامی صلاحیتوں سے مالا مال کر دیا تاکہ ملت کی ساری ضرورتیں پوری ہوتی رہیں۔ اگر سب سائنسدان ہی ہوتے تو تجربہ گاہوں میں تو رونق رہتی لیکن ہل کون چلاتا اور

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص83 3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص345

دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا

میں تاکہ وہ ایک دوسرے سے کام لے سکیں ۳۷ اور آپ کے رب کی رحمتِ (خاص) بہت بہتر ہے اس سے

يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ

جو وہ جمع کرتے ہیں ۳۸ اور اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ سب لوگ ایک اُمّت بن جائیں گے تو ہم بنا دیتے ان کے لیے جو انکار

يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾

کرتے ہیں رحمٰن کا، ان کے مکانوں کے لیے چھتیں چاندی کی اور سیڑھیاں جن پر وہ چڑھتے ہیں (وہ بھی چاندی کی)

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ

اور ان کے گھروں کے دروازے بھی چاندی کے اور وہ تخت جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں وہ بھی چاندی اور سونے کے ۳۹ اور یہ سب

کارخانوں میں کام کون کرتا؟ اگر سب لوگ انتظامی صلاحیت کے مالک ہوتے تو انتظام کس کا کرتے۔ اگر سارے شاعر ہوتے، خواہ وہ ترقی پسند شاعر ہی ہوتے تو ساری دنیا مجلسِ مشاعرہ تو بن جاتی لیکن کھانے پینے کے لیے من وسلویٰ کا انتظار کرنا پڑتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے بعض لوگوں کو بعض امور میں فضیلت دی اور بعض کو دوسرے کاموں میں فوقیت بخشی تاکہ سب ایک دوسرے سے کام لے کر اس بزمِ ہستی کی رونق کا باعث بنیں۔

علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ لِيَسْتَعْمِلَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِيْ مَصَالِحِهِمْ وَ يَسْتَخْدِمُوْهُمْ فِيْ مِهَنِهِمْ وَ يُسَخِّرُوْهُمْ فِيْ اَشْغَالِهِمْ حَتّٰى يَتَعَايَشُوْا وَ يَتَرَافَدُوْا وَ يَصِلُوْا اِلٰى مَرَافِقِهِمْ (روح المعانی) یعنی تاکہ بعض لوگ دوسروں کو اپنی مصلحت میں استعمال کریں اور مختلف پیشوں میں ان سے خدمت لیں اور مختلف کاموں میں ان سے فائدہ اٹھائیں تاکہ وہ مل جل کر آرام وراحت کی زندگی بسر کریں اور اپنی آسائشوں پر رسائی حاصل کریں۔

۳۸ اے محبوب! تیرے ربِ کریم کی خصوصی رحمت یعنی منصبِ رسالت وختمِ نبوت جس سے اس نے آپ کو سرفراز فرمایا ہے، اس کے مقابلہ میں دنیا بھر کے قارونوں کے خزانوں کی کیا حیثیت؟ ''رَحْمَتُ رَبِّكَ'' کے کلمات میں کیا لطف ہے! رب تو وہ سارے جہانوں کا ہے لیکن اس کی شانِ ربوبیت کی جو خصوصی نسبت آپ کی ذات سے ہے وہ تو کسی دوسرے کو نصیب نہیں۔ آیت کے اس حصہ سے بتا دیا کہ جب معیشتِ دنیا کی تقسیم میں ان کا کوئی دخل نہیں تو نبوت جو بڑی ہی قیمتی اور گراں بہا متاع ہے اس کی بخشش میں ان کی رائے کون پوچھتا ہے؟

۳۹ ارشاد ہے کہ اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ سارے لوگ گمراہ ہو جائیں گے تو ہم کفار کو اتنی دولت دیتے، ان کے ہاں سونے چاندی کی اتنی افراط ہوتی کہ ان کے بنگلوں کی چھتیں چاندی کی بنی ہوتیں، ان کے زینے، ان کے مکانوں کے دروازے اور پلنگ بھی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 78

ع ۳ ۱۰ ۹

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾

(سنہری روپہلی) چیزیں دنیوی زندگی کا سامان ہے اور آخرت (کی عزت وکامیابی) آپ کے رب کے نزدیک پرہیزگاروں کے لیے ہے ۴۰

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

اور جو شخص (دانستہ) اندھا بنتا ہے رحمان کے ذکر سے ۴۱ تو ہم مقرر کر دیتے ہیں اس کے لیے ایک شیطان پس وہ ہر وقت اس کا رفیق رہتا ہے ۴۲

چاندی کے بنے ہوتے اور زیب وآرائش کا یہ عالم ہوتا کہ ان کی چمک دمک اور حسن وجمال کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جاتیں۔ یہ ناپسندیدہ چیز ہم صرف ناپسندیدہ لوگوں کو ہی دیتے لیکن ایسا نہیں کیا گیا مبادا کم فہم لوگ کفار کی سج دھج کو دیکھ کر ان کو ہدایت یافتہ سمجھنے لگیں اور سب ان کی راہ پر گامزن ہو جائیں۔

''زُخْرُفٌ'' کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: اَلزُّخْرُفُ: اَلزِّيْنَةُ الْمُزَوَّقَةُ وَمِنْهُ قِيْلَ لِلذَّهَبِ زُخْرُفٌ (1)۔ یعنی وہ زینت جو گونا گوں نقش ونگار سے آراستہ ہو اور اسی وجہ سے سونے کو بھی زخرف کہتے ہیں کہ یہ بھی زیب و آرائش کا ذریعہ ہے۔ بظاہر زخرفًا کا عطف سُقُفًا پر ہے۔ اس صورت میں اس کا معنی نقش ونگار، زیب وزینت ہوگا۔ قَالَ الْحَسَنُ اَیْ نُقُوْشًا وَّتَزْوِيْقًا۔ قَالَ ابْنُ زَيْدٍ اَلزُّخْرُفُ اَثَاثُ الْبَيْتِ وَتَجَمُّلَاتُهٗ (سامانِ آرائش وزینت) اور اگر زخرف سے مراد سونا ہو تو پھر اس کا عطف ''مِّنْ فِضَّةٍ'' پر ہوگا اور اس کی نصب محل کی وجہ سے ہوگی اور آیت کا معنی ہوگا کہ ان کی چھتیں، ان کے زینے، ان کے دروازے، ان کے پلنگ بعض سونے کے بنے ہوتے اور بعض چاندی کے بنے ہوتے۔ وَكَاَنَّ الْاَصْلَ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّزُخْرُفٍ يَعْنِيْ بَعْضُهَا مِنْ فِضَّةٍ وَّبَعْضُهَا مِنْ ذَهَبٍ وَّنُصِبَ عَطْفًا عَلَى الْمَحَلِّ (روح المعانی) (2)

یہ سب کچھ محض چند روزہ دنیا میں کام آنے والا سامان ہے۔ اس آیت میں دنیا کے ساز وسامان کی بے مائیگی اور تحقیر کو بیان کر کے تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنانے کی رغبت دلائی جا رہی ہے۔ یہاں ایک حدیثِ پاک بھی سماعت فرمایئے۔ سہل بن سعد سے مروی ہے: ''قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَّا سَقٰى كَافِرًا مِّنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ۔'' (ترمذی، ابن ماجہ) (3) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس دنیا کی قدر ومنزلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نصیب نہ ہوتا۔

۴۰ قیامت کے دن ساری سرفرازیاں اور سرخروئیاں فقط متقی لوگوں کو بخش دی جائیں گی۔

۴۱ اس آیت کی تشریح سے پہلے چند الفاظ کی لغوی تحقیق از بس ضروری ہے۔ ''يَعْشُ'' علامہ زبیدی تاج العروس میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں اَلْعَشَا مَقْصُوْرَةٌ: سُوْءُ الْبَصَرِ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَكُوْنُ فِي النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْاِبِلِ وَالطَّيْرِ كَمَا فِي الْمُحْكَمِ (4)۔ قَالَ الرَّاغِبُ: ظُلْمَةٌ تَعْتَرِضُ الْعَيْنَ كَالْغِشَاوَةِ اَوْ هُوَ الْعَمٰى اَيْ ذَهَابُ الْبَصَرِ مُطْلَقًا وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى مَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ اَيْ يَعْمَ (5)۔ یعنی بینائی کی کمزوری خواہ رات ہو یا دن میں اس کو عشا کہتے ہیں۔ یہ انسانوں، حیوانوں

1۔ مفرداتِ راغب، ص 379 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 25، ص 80 3۔ جامع ترمذی، ابواب الزہد، باب ما جاء فی ھوان الدنیا علی اللہ، ج 2، ص 56
4۔ تاج العروس، ج 10، ص 379 5۔ مفرداتِ راغب، ص 568

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور شیاطین روکتے ہیں ان (اندھوں) کو راہِ ہدایت سے اور یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں ۴۳ے

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ

یہانتک کہ جب وہ (اندھا) ہمارے پاس آئے گا تو (آنکھیں کھل جائیں گی) کہے گا کاش! میرے درمیان اور (اے شیطان!) تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دُوری ہوتی۔ تُو تو

اور پرندوں سب میں پائی جاتی ہے۔ راغب کہتے ہیں وہ تاریکی جو آنکھوں پر چھا جاتی ہے اور اس کا ایک معنی اندھا ہو جانا، بینائی کا بالکل ضائع ہو جانا ہے۔ علامہ زبیدی لکھتے ہیں کہ اس آیت میں مَنْ يَّعْشُ کا معنی يَعْمَ اندھا ہو جانا ہے یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے ذکر سے نابینا ہو جائے۔ علامہ ابنِ منظور اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں عَشَا عِنَ الشَّیْءِ يَعْشُوْ: ضَعُفَ بَصَرُهٗ عَنْهُ وَخَبَطَهٗ خَبْطُ عَشْوَاءَ لَمْ يَتَعَمَّدْهُ (لسان العرب) بینائی کا کمزور ہو جانا۔ وہ اونٹنی جو ضعفِ بصر کے باعث یونہی منہ اٹھائے چلی جاتی ہے، ایسی اونٹنی کو اَلنَّاقَةُ الْعَشْوَاءُ کہتے ہیں۔ اس کے بعد علامہ مذکور کہتے ہیں جب کوئی شخص کسی چیز سے منہ پھیر لے تو عرب کہتے ہیں عَشَوْتُ عَنْهُ اور اس آیت قرآنی میں مَنْ يَّعْشُ کا یہی مفہوم ہے۔ قَالَ الْفَرَّاءُ مَعْنَاهُ مَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ (لسان العرب)(1) فراء کہتے ہیں اس کا معنی یہ ہے کہ جو رحمان کے ذکر سے منہ پھیر لے۔

۴۲ے قَيْضٌ: کہتے ہیں اس خول کو جو انڈے پر ہوتا ہے۔ اسی اعتبار سے نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا کا معنی ہوگا کہ ہم اس کے لیے ایک شیطان مخصوص کر دیتے ہیں جو اس پر اس طرح چھا جاتا ہے اور اس کو ہر جانب سے اس طرح گھیر لیتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے کو ہر طرف سے گھیرے رہتا ہے۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں: اَیْ نُتِيْحُ لَهٗ شَيْطَانًا لِيَسْتَوْلِيَ عَلَيْهِ اسْتِيْلَاءَ الْقَيْضِ عَلَى الْبَيْضِ وَهُوَ الْقِشْرُ الْاَعْلٰى(2)۔ یعنی ہم اس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں جو اس پر اس طرح چھا جاتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے پر چھایا ہوتا ہے۔ علامہ راغب نے اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے اَیْ نُتِحْ لِيَسْتَوْلِيَ عَلَيْهِ اسْتِيْلَاءَ الْقَيْضِ عَلَى الْبَيْضِ وَهُوَ الْقِشْرُ الْاَعْلٰى(3)۔ یعنی ہم اس سے الگ ہو جاتے ہیں، ہماری توفیق اس کو نظر انداز کر دیتی ہے تاکہ اس پر شیطان یوں تسلّط جمالے جس طرح چھلکا انڈے پر مستولی ہوتا ہے۔

ان الفاظ کی لغوی تحقیق آپ پڑھ چکے، اب اس کی روشنی میں اس آیت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کریں۔ لطف آجائے گا۔ یعنی وہ شخص جو ذکرِ رحمٰن سے اندھا بن جاتا ہے یا اپنی بینائی کی کمزوری کی وجہ سے انوارِ ربانی اور تجلیاتِ رحمانی کی تاب نہ لا کر آنکھیں جھپکنے لگتا ہے یا جو شخص ذکرِ رحمٰن سے منہ پھیر لیتا ہے اور دوسری لغویات میں منہمک ہو جاتا ہے۔ خداوندِ ذوالجلال فرماتے ہیں کہ ہم اس کو اس کی خرمستی کی یہ سزا دیتے ہیں کہ ہماری توفیق اس سے الگ ہو جاتی ہے اور شیطان کو اس پر یوں مسلط کر دیا جاتا ہے جس طرح انڈے کا خول انڈے کو ہر طرف سے گھیرے ہوتا ہے۔ وہ بدنصیب مکمل طور پر شیطان کے سامنے سپر انداز ہو جاتا ہے۔ اس کی انفرادیت شیطان کی اطاعت و رضاجوئی میں کھو جاتی ہے۔ اس کے شعور و تحت الشعور میں عقل و فہم کے جتنے دیے روشن تھے بجھ جاتے ہیں۔ وہ شیطان کے پھیلائے

1۔ لسان العرب، ج15، ص57-58 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز25، ص81 3۔ مفرداتِ راغب، ص88-687

الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِى الْعَذَابِ

بہت بُرا ساتھی ہے ۴۴ اور یہ (شور وفغاں) تمہیں کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتا آج جبکہ تم (دنیا میں) ظلم کرتے رہے تم (سب) اس عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ وَمَنْ كَانَ

حصہ دار ہو ۴۵ کیا آپ سنانا چاہتے ہیں بہروں کو یا راہ دکھانا چاہتے ہیں اندھوں کو اور انہیں جو

فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ

کھلی گمراہی میں ہیں ۴۶ پس اگر ہم لے جائیں آپ کو (اس دارِ فانی سے) تو پھر بھی ہم ان سے بدلہ لیں گے ۔ یا ہم

نُرِيَنَّكَ الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ

آپ کو دکھادیں گے وہ عذاب جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے۔ پس ہم ان پر پوری طرح قادر ہیں ۴۷ پس مضبوطی سے پکڑے رہیے

ہوئے اندھیروں سے اتنا مانوس ہو جاتا ہے کہ اسے روشنی کی ایک کرن بھی ناگوار گزرتی ہے اور شیطان کی یہ رفاقت پل دو پل کے لیے نہیں ہوتی بلکہ وہ زندگی بھر اس کا رفیق اور ساتھی رہتا ہے۔ قَرِیْنٌ: ایسے ساتھی کو کہتے ہیں جو ہر وقت ساتھ رہے جیسے وہ رسی سے بندھا ہوا ہو۔

اب آپ ایسے بدبختوں کی زندگیوں کا مطالعہ کریں۔ آپ کو اس آیت کی ہو بہو تصویر وہاں نظر آئے گی۔

۴۳ شیطان انہیں راہِ حق پر چلنے سے روک دیتے ہیں، انہیں فسق و فجور کا خوگر بنا لیتے ہیں۔ دنیا کی ہوس ان کے دلوں میں یوں بھڑکا دیتے ہیں کہ وہ ساری قوم کا خون چوسنے کے باوجود تشنہ لب دکھائی دیتے ہیں۔ وہ قوم کی آزادی کا سودا کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتے۔ ان تمام کھلی گمراہیوں کے باوجود وہ اپنے بارے میں بڑا حسنِ ظن رکھتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ جو کچھ کر رہے ہیں بس وہی صحیح ہے۔ جو راہ انہوں نے اختیار کر رکھی ہے۔ وہی سیدھی راہ ہے۔ قوم کی ترقی و خوشحالی کے لیے جو پروگرام انہوں نے طے کر رکھا ہے اس سے بہتر سوچا ہی نہیں جا سکتا۔

۴۴ اس خود ستائی اور خود فریبی میں زندگی کا سورج ڈوب جاتا ہے۔ موت کی تاریک شام دَر آتی ہے۔ وہ بزمِ نشاط جو انہوں نے بڑے ارمانوں سے سجائی تھی اس سے انہیں اٹھا کر ہمارے رُوبرو کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ اب آنکھیں کھلتی ہیں اور مارے حسرت و ندامت کے کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ بڑے سٹپٹاتے ہیں، کسمساتے ہیں اور اپنے اس دوست کے باعث جس پر وہ جان چھڑکتے رہے اور اس کے اشاروں پر ناچتے رہے۔ اس کے باعث جب وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں گھرا ہوا پاتے ہیں تو فرطِ ندامت سے چیخ اٹھتے ہیں اور کہتے ہیں: یٰلَیْتَ بَیْنِیْ الخ کاش! میں نے اس منحوس کو نہ جانا ہوتا۔ کاش! میرے اور اس کے درمیان اتنا بعد، اتنی دوری ہوتی جتنی مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔ اس جیسا بد بخت، منحوس اور بدتمیز ساتھی اور کوئی نہیں۔

۴۵ اب شور مت مچاؤ۔ یہ اُلاہنیاں سب بے کار ہیں۔ عمر بھر ظلم و طغیان کرتے رہے۔ اب کس سے بھاگتے ہو۔ تمہیں بھی اور تمہارے ان جانی دوستوں کو بھی اکٹھی سزا دی جائے گی اور ایک ہی جہنم کا ایندھن بنایا جائے گا۔

۴۶ اے محبوب! یہ بہرے، یہ اندھے نہ سنیں اور نہ کچھ دیکھیں، آفتاب چمکتا رہے، انہیں کیا دکھائی دے گا؟ دنیا بقعۂ نور بنی

بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ

اس (قرآن) کو جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے۔ بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں ۴۸ اور بے شک یہ بڑا شرف ہے ۴۹

وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ

آپ کیلئے اور آپ کی قوم کیلئے اور (اے فرزندانِ اسلام!) تم سے جواب طلبی ہوگی ۵۰ اور آپ پوچھیے ان سے جنہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے

رہے، ان کے دلوں میں گھپ اندھیری رات ہوگی۔ حق کی دلنواز صدا نے سوئے ہوئے بختوں کو بیدار کر دیا لیکن ان ازلی بدبختوں نے ان کو نہ سنا اور نہ ہدایت کو قبول کیا۔ آپ ان کی حرماں نصیبی پر غمزدہ نہ ہوں۔

۴۷ ہر بدکار کو سزا ملے گی، ہر ناہنجار کو اپنی کشتِ عمل کاٹنی پڑے گی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے سارے کام حکمت کے مطابق ہوتے ہیں۔ اس نے ہر کام کے لیے ایک مناسب وقت مقرر کر رکھا ہے۔ لوگوں کے جلدی مچانے سے وہ اپنے فیصلوں کو بروئے کار لانے میں تقدیم و تاخیر سے کام نہیں لیتا۔ جلد بازی تو وہ کرے جسے یہ اندیشہ ہو کہ اگر حریف اب قابو سے نکل گیا، پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ اللہ تعالیٰ کو تو ایسا کوئی خدشہ نہیں۔ وہ کسی سرکش کو کتنی ڈھیل دے اور وہ اس عرصہ میں بظاہر کتنا طاقتور ہو جائے، اللہ تعالیٰ کے سامنے اس کی حیثیت ایک چیونٹی سے بھی کم ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو فرما رہے ہیں کہ ان کفار کو سزا ملے گی اور ضرور ملے گی، لیکن ہر شخص کو سزا دینے کے لیے ایک وقت مقرر ہے۔ بعض تو آپ کے سامنے کیفرِ کردار کو پہنچ جائیں گے اور جو بچ جائیں گے انہیں آپ کے وصال کے بعد عذاب کے شکنجہ میں کس دیا جائے گا۔

۴۸ اے میرے رسولؐ! آپ ان کی شر انگیزیوں کا کوئی اثر قبول نہ کریں۔ جو کتابِ ہدایت ہم آپ پر نازل فرما رہے ہیں، اس کو بڑی مضبوطی سے تھامے رہیں۔ بلاشبہ آپ راہِ راست پر گامزن ہیں۔ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ آپ کے دین کو غلبہ نصیب ہوگا۔ آپ کا آفتابِ عظمت ہمیشہ ہمیشہ تابندہ و درخشندہ رہے گا۔ ناکامیاں اور محرومیاں فقط ان لوگوں کا مقدر ہیں جنہوں نے تیرا دامن چھوڑ دیا۔ تیری ذاتِ انور کے بغیر کسی اور کو اپنی عقیدت کا مرکز بنا لیا۔

۴۹ ذکر کا معنی یہاں شرفِ عظیم ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: لَذِكْرٌ اَیْ لَشَرَفٌ عَظِیْمٌ (روح المعانی)(1) یعنی یہ قرآنِ حکیم کوئی معمولی چیز نہیں، یہ ایسی نعمتِ عظمیٰ ہے کہ آپ کے لیے بھی یہ باعثِ صد عز و شرف ہے اور آپ کی امت کے لیے بھی سرمایۂ افتخار و نازش ہے۔ کیا پیاری بات فرمائی۔ جس نبی مکرم، رسولِ معظم اور عبدِ محتشم ﷺ کو رب العزت نے ایسا لاثانی تحفہ مرحمت فرمایا، اس کی شانِ رفیع کا کون اندازہ لگا سکتا ہے؟ اور جس امت کو یہ جامع نظامِ حیات مرحمت فرمایا گیا، وہ اس پر شکر کے جتنے سجدے کرے، بجا ہے۔

۵۰ امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ واطیب التحیۃ کو ذمہ داری کا احساس دلایا جا رہا ہے، یعنی یہ نورِ مبین تمہیں اس لیے نہیں دیا گیا کہ اس سے تم صرف اپنے قلب و نگاہ کو روشن کرو، بلکہ تمہارا فرض ہے کہ جہاں جہاں اندھیروں نے اپنے پنجے گاڑ رکھے ہیں، وہاں پہنچو اور اس نور سے وہاں اجالا کر دو۔ ہم تم سے اس کے بارے میں پوچھیں گے اور اچھی طرح باز پرس ہوگی۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 85

ع ۴ ۱۰

مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ

اپنے رسولوں سے کیا ہم نے بنائے ہیں خداوند رحمٰن کے علاوہ اور خدا تاکہ ان کی پوجا کی جائے ۵۱ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ

بھیجا موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف ۵۲ پس آپ نے (انہیں) کہا بیشک میں رب العالمین کا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا

فرستادہ ہوں ۵۳ پس جب آپ آئے ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر تو اس وقت وہ ان سے ہنسنے لگے۔ اور ہم نہیں

نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

دکھاتے تھے انہیں کوئی نشانی مگر وہ بڑی ہوتی پہلی سے۔ اور ہم نے مبتلا کر دیا انہیں عذاب میں

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ

تاکہ وہ باز آجائیں ۵۴ اور وہ بولے اے جادوگر! دعا مانگیے ہمارے لیے اپنے رب سے بسبب اس عہد کے جو اس نے تمہارے ساتھ کیا ہے ۵۵

شومئ قسمت ملاحظہ ہو۔ آج حالت یہ ہے کہ سب سے زیادہ اندھیرا وہیں ہے جہاں حاملینِ قرآن کی بستیاں ہیں۔ معاشی پسماندگی، اخلاقی انحطاط اپنے عروج پر ہے۔ کہیں کہیں عشرت کدے آباد ہیں۔ اس کے برعکس جگہ جگہ غربت و افلاس کی اُداسیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں کل ہم کیا منہ لے کر جائیں گے؟ ہمارے لیے کیونکر ممکن ہوگا کہ اتنی روسیاہی کے باوجود محبوبِ خدا کے دامنِ شفاعت کو پکڑ سکیں۔ خداوندِ عالم، تو ہی رحم فرما! اے اس کارواں کے سالار، تم ہی لاج رکھیو!

۵۱ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور خدا نہیں۔ سب رسولوں سے بھی اگر آپ پوچھیں گے تو وہ اس کی تصدیق کریں گے۔

۵۲ اس رکوع میں موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرم ﷺ کو اس سے بھی تسلی دینا چاہتے ہیں کہ قوم کا یہ معاندانہ رویہ صرف آپ کے ساتھ ہی نہیں، پہلے بھی کوتاہ اندیش لوگ اپنے انبیاء کے ساتھ ایسا ہی سلوک روا رکھا کرتے تھے۔ ساتھ ہی کفارِ مکہ کو بھی تنبیہ کر دی کہ فرعون کے ہولناک انجام سے بچنا چاہتے ہو تو ہوش سے کام لو اور اس نبیٔ رحمتؐ پر ایمان لے آؤ۔

۵۳ موسیٰ علیہ السلام فرعون کے دربار میں تشریف لے گئے۔ وہاں اعیانِ مملکت اور سردارانِ قوم بھی اپنی زرنگار کرسیوں پر بیٹھے تھے۔ آپ نے جا کر اعلان کر دیا کہ میں سارے جہانوں کے مالک کا فرستادہ ہوں۔ میری بات سنو اور اپنے رب کو پہچانو اور اس کی اطاعت کو اپنا شعار بناؤ۔ ان لوگوں نے آپ کی بات کو ذرا اہمیت نہ دی، الٹا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔

۵۴ موسیٰ علیہ السلام انہیں راہِ حق پر چلانے کے لیے پے در پے معجزات پیش کرتے رہے۔ اور ہر معجزہ پہلے معجزہ سے اعلیٰ ہوتا

إِنَّا لَمُهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿٥٠﴾

ہم ضرور ہدایت قبول کریں گے۔ پس جب ہم نے دُور کر دیا ان سے عذاب تو فوراً وہ عہد شکنی کرنے لگے ۔

وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَ

اور پکارا فرعون اپنی قوم میں (اور) کہنے لگا اے میری قوم! کیا میں مصر کا فرمانروا نہیں ؟ اور

هَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِنْ تَحْتِي ۖ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٥١﴾ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ

یہ نہریں جو میرے نیچے بہہ رہی ہیں کیا تم (انہیں) دیکھ نہیں رہے ؟ کیا میں بہتر نہیں ہوں

هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ ۖ وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ

اس شخص سے جو ذلیل ہے اور بات بھی صاف نہیں کر سکتا ۵۶ (اگر یہ سچا نبی ہے) تو کیوں نہ اتارے گئے اس پر

لیکن بے سود۔ آخر اس سرکشی سے انہیں باز رکھنے کے لیے طرح طرح کی تکلیفوں میں مبتلا کر دیا گیا تا کہ وہ خوابِ غفلت سے بیدار ہوں اور حق کو قبول کریں۔

۵۵ فرعون کی قوم مصائب و آلام میں گرفتار ہے۔ رہائی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ آخر کار حضرت موسیٰ سے دعا کی درخواست کرتے ہیں لیکن اس وقت بھی ''اے رسول'' کے الفاظ سے آپ کو خطاب نہیں کرتے بلکہ اَیُّھَا السَّاحِرُ کہہ کر آپ کو پکارتے ہیں۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ساحر ان کے نزدیک بڑا معزز اور محترم ہوا کرتا تھا۔ سحر کو وہ اشرف العلوم تصور کرتے تھے۔ یہاں اَیُّھَا السَّاحِرُ تحقیر کے لیے نہیں بلکہ احترام کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ دوسرے علماء کا خیال ہے غرور و سرکشی میں وہ اتنے بڑھ چکے تھے کہ اپنی انتہائی بے بسی کے باوجود آپ کو جادوگر کہہ کر پکارتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام معمولی دل گُردے کے تو آدمی نہ تھے کہ اتنی سی بات پر خفا ہو جاتے۔ آپ نے ان کی اس بدتہذیبی کے باوجود دعا مانگی۔ عذاب ٹل گیا لیکن نہ انہوں نے حق کو قبول کرنا تھا اور نہ کیا۔ نیز مکمل بربادی جوان کا مقدر بن چکی تھی اس کی طرف وہ آہستہ آہستہ یوں بڑھ رہے تھے کہ اُدھر سے انعامات ہوتے ہیں اور اِدھر سے سرکشی، اِدھر سے پیہم عفو و درگزر، اِدھر سے مسلسل کفر و طغیان۔ حتیٰ کہ جب وہ غرق ہوئے تو ان کی اس تباہی پر کسی کو حیرت نہ ہوئی۔ (1)

۵۶ انسان کو چاہیے کہ ان آیات کو بار بار پڑھے اور ان میں غور و فکر کرے۔ ان آیات میں مادہ پرست ذہنیت کے خسیس نظریات، نیز آمر اور ڈکٹیٹر کی نفسیات کی ایسی سچی تصویر پیش کی گئی ہے جو آج بھی اسی طرح حقیقت ہے جس طرح ہزاروں سال پہلے مصر کے فراعنہ کے زمانے میں ایک حقیقت تھی۔

فرعون نے جب محسوس کیا کہ موسیٰ علیہ السلام کے معجزات دیکھ کر اس کی قوم ان کی طرف مائل ہوتی جا رہی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی روز وہ اس کو خدا ماننے سے برملا انکار کر دیں اور اس کی حکومت کے خلاف علمِ بغاوت بلند کر دیں۔ اس نے بھرے دربار میں اپنی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 88 (مفہوم)

مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

سونے کے کنگن یا کیوں نہ آئے اس کے ساتھ فرشتے قطار در قطار ۵۳ یوں اس نے احمق بنادیا اپنی قوم کو ۵۴

ساری قوم کو خطاب کرتے ہوئے کہا: اے میری قوم! مصر کے وسیع وعریض علاقہ میں کس کی شاہی کا نقارہ بج رہا ہے؟ اس کی نیلگوں فضاؤں میں کس کا پرچم لہرا رہا ہے؟ دریائے نیل سے نہریں کس نے نکالی ہیں اور کس کی تدبیر کا یہ اعجاز ہے کہ دور دراز صحراؤں میں جہاں لوگ ایک بوند پانی کے لیے ترستے تھے، نہروں کا جال بچھا دیا گیا؟ تمہارے ریگستانوں میں یہ لہلہاتے ہوئے کھیت اور شاداب باغات کس کی حسنِ تدبیر کا کرشمہ ہے۔ ان نہروں کا میں مالک ہوں۔ ان میں پانی میرے حکم سے بہتا ہے۔ اے اہلِ مصر! یہ ایسی حقیقت ہے جس کا تم اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہے ہو۔ اب خود ہی فیصلہ کرو کہ میں بہتر ہوں یا یہ موسیٰ جس کی نہ تو کوئی عزت ہے اور نہ ہی اس کی کوئی اہمیت ہے اور باتیں ایسی اٹپٹی کرتا ہے کہ کچھ پلے نہیں پڑتا۔ تم بتاؤ کہ تم میرے جیسے صاحبِ عظمت و جبروت، وسیع اختیارات کے مالک، فراعنہ کے تخت و تاج کے وارث کی اطاعت کرنا پسند کرتے ہو یا کیا موسیٰ جیسے فقیر کی غلامی اختیار کرتے ہو جس کے پاس پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ وہ اور اس کی ساری قوم صدیوں سے تمہاری غلام چلی آ رہی ہے۔

مَهِيْنٌ: ضعیف اور حقیر۔ ''لَا يَكَادُ يُبِيْنُ'' اس کا ایک مفہوم تو یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ کی زبان میں لکنت تھی۔ اگرچہ دعا سے اس میں شدت تو باقی نہ رہی تھی لیکن اس کا اثر ابھی کچھ باقی تھا۔ فرعون نے اس لفظ سے اسی کی طرف اشارہ کیا۔ اس کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس کی باتیں بڑی الجھی ہوئی ہیں۔ عقل کے معیار پر پوری نہیں اترتیں۔ (1)

۵۳ ان کے ہاں یہ رواج تھا کہ بادشاہ جس کو وزارت و سفارت کے منصب پر فائز کرتا تو اسے خلعتِ فاخرہ سے نوازتا اور بازوؤں میں سونے کے کنگن پہناتا۔ اس کو خدام کا ایک دستہ بھی دیا جاتا جو اس کے آگے پیچھے موجود رہتا اور اس کے احکام بجا لاتا۔ فرعون اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہم تو اگر کسی کو کسی اہم منصب پر فائز کرتے ہیں تو اسے سونے کے کڑے پہناتے ہیں۔ موسیٰ کہتا ہے کہ میں سارے جہان کے مالک کا فرستادہ ہوں۔ اگر ایسا ہے تو اس کی کلائیاں بھی سونے کے مرصّع کنگنوں سے مزین ہوتیں۔ اس کے ہمراہ بھی فرشتوں کا ایک دستہ ہوتا جو پرا باندھے دست بستہ اس کے پیچھے پیچھے چلتا۔ اس کی کلائیوں میں کڑے تو کجا، اس کی جیب میں تو پھوٹی کوڑی بھی نہیں۔ فرشتوں کا جمگھٹا تو بڑی بات ہے، یہ تو بازار سے سودا سلف بھی خود اٹھا کر لاتا ہے۔ تم خود سوچو اللہ تعالیٰ کا رسول اور یہ خستہ حالی! کیا تم اس کا دعویٰ تسلیم کرنے کے لیے تیار ہو؟

۵۴ قرآنِ کریم کے ان کلمات نے مطلق العنان بادشاہوں، آمروں اور ڈکٹیٹروں کی نفسیات کا پردہ چاک کر دیا۔ یعنی وہ یہ باتیں اس لیے نہیں کرتا تھا کہ وہ انہیں حقیقت اور سچ مانتا تھا یا وہ اپنی قوم کا بہی خواہ تھا اور موسیٰ علیہ السلام سے اپنی قوم کو اس لیے دور رکھنا چاہتا تھا کہ وہ ان کی راہ اختیار کر کے ادبار و انحطاط کی پستیوں میں نہ گر جائیں یا ان کی خوشحالی، تنگدستی و بدحالی سے نہ بدل جائے۔ اسے محض اپنے اقتدار کی فکر تھی۔ اسے صرف اپنے تاج و تخت کی سلامتی سے مطلب تھا۔ یہ جانتے ہوئے کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے، وہ ان چکنی چپڑی باتوں سے اپنی قوم کو دھوکہ دینا چاہتا تھا اور ان کو اپنی ہمدردی اور بہی خواہی کا یقین دلا کر

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 25، ص 89

فَاَطَاعُوْهُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

سو وہ اس کی پیروی کرنے لگے۔ درحقیقت یہ نافرمان لوگ تھے ۵۹ پس جب انہوں نے ہمیں ناراض کر دیا تو ہم نے ان سے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع ۵ ۱۱

انتقام لیا پھر ہم نے ان سب کو غرق کر دیا ۶۰ اور بنا دیا انہیں پیش رو اور کہاوت پچھلوں کے لیے ۶۱

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ

اور جب بیان کیا جاتا ہے مریم کے فرزند (عیسیٰؑ) کا حال تو آپ کی قوم اس سے شور و غل مچا دیتی ہے ۶۲ اور

اپنے دامِ فریب میں پھانسے رکھنا چاہتا تھا۔ ایسے جابر سلطانوں، ظالم ڈکٹیٹروں اور بے رحم آمروں کا یہی دستور پہلے تھا، آج بھی یہی ہے اور جب تک لوگ اپنی سادہ لوحی کے باعث ایسے شاطروں اور نوسر بازوں کے بچھائے ہوئے جالوں میں پھنسنے کے لیے آمادہ ہوں گے، ایسا ہوتا رہے گا۔ ابن الاعرابی فاستخف کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاسْتَجْهَلَ قَوْمَهٗ (1)۔ اپنی قوم کو احمق اور الو بنایا اور اپنی چکنی چپڑی باتوں سے انہیں دھوکہ دینے میں کامیاب ہو گیا۔

۵۹ فرعون کی قوم اس کے دھوکے میں آ گئی۔ انہوں نے ان مظالم کو فراموش کر دیا جو وہ ان پر توڑتا تھا۔ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کی عظیم شخصیت، ان کے بے داغ کردار اور پاکیزہ سیرت کو نظر انداز کر دیا۔ فرعون کی اطاعت کا بڑے زور شور سے از سرِ نو وعدہ کیا۔ قرآنِ کریم نے ان کے اس طرزِ عمل کی وجہ بتا دی کہ وہ فاسق لوگ تھے۔ حق و صداقت کی ان کے نزدیک کوئی اہمیت نہ تھی۔ انہیں اپنی ذات اور اپنے مفادات کا تحفظ مطلوب تھا۔ اس کے لیے اگر انہیں کسی ظالم کی غلامی بھی قبول کرنی پڑتی اور انہیں اپنی عزتِ نفس اور قومی مفاد سے بھی ہاتھ دھونا پڑتے تو وہ اس کے لیے آمادہ تھے۔ مظلوموں کی چیخوں، بے بسوں کی آہوں، ملک و قوم کی اخلاقی اور معاشی تباہی کی بھی انہیں ذرا پروا نہیں تھی بشرطیکہ ان کی ذات محفوظ ہو اور ان کے مفادات پر کوئی آنچ نہ آئے۔ ظالم کے سامنے ڈٹ جانا، حق کی سربلندی کے لیے جان کی بازی لگا دینا، مظلوموں اور بے کسوں کی امداد کے لیے تمام مصلحتوں کو پسِ پشت ڈال کر میدان میں کود پڑنا فاسقوں کو زیب نہیں دیتا اور نہ یہ ان کے بس کا روگ ہے۔ اس کے لیے تو اولوالعزم ہستیاں ہی منتخب کی جاتی ہیں۔

۶۰ حضرت ابن عباسؓ ''اٰسَفُوْنَا'' کا معنی کرتے ہیں غَاظُوْنَا وَ اَغْضَبُوْنَا (2) ہمیں انہوں نے ناراض کر دیا۔ ان لوگوں نے جو منافقانہ رویہ اختیار کیا تھا، وہ ان کو غضبِ الٰہی سے بچا نہ سکا، چنانچہ وہ غرق کر دیے گئے۔

۶۱ سلف کہتے ہیں پیش رو کو۔ وَ السَّلَفُ الْمُتَقَدِّمُ اور مَثَلًا کا معنی عبرت اور پند و موعظت ہے۔ مَثَلًا اَیْ عِبْرَةً لَّهُمْ (3) یعنی قومِ فرعون کے بعد جو امتیں آئیں ان کے لیے ان کے حالات میں پند و موعظت اور عبرت ہے اور ان کا تذکرہ ضرب المثل کے طور پر کیا جاتا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 101 2۔ ایضاً 3۔ ایضاً، ص 102

قَالُوْٓاءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

کہتے ہیں کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ ۔ وہ نہیں بیان کرتے یہ مثال آپ سے مگر کج بحثی کے لیے ۔ درحقیقت یہ لوگ بڑے

خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ

جھگڑالو ہیں ۔ نہیں ہے عیسیٰ مگر ایک بندہ ہم نے انعام فرمایا ہے ان پر اور ہم نے بنادیا ہے انہیں ایک نمونہ بنی

اِسْرَآءِيْلَ ؕ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِى الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾

اسرائیل کے لیے ۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہم بسادیتے تمہارے بدلے فرشتے زمین میں جو تمہارے جانشین ہوتے ۶۳

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

اور بے شک وہ ایک نشانی ہیں قیامت کے لیے پس ہرگز شک نہ کرو اس میں اور میری پیروی کیا کرو ۶۴ یہ سیدھا

۶۲ اس مقام پر حضرت صدر الافاضل رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے سامنے یہ آیت پڑھی وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ (سورۂ انبیاء:98) (یعنی اے مشرکین! تم اور جو چیز اللہ کے سوا تم پوجتے ہو، سب جہنم کا ایندھن ہے) تو یہ سن کر مشرکین کو بہت غصہ آیا اور ابن زِبَعْری کہنے لگا کہ یا محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا یہ خاص ہمارے اور ہمارے معبودوں ہی کے لیے ہے یا ہر امت اور گروہ کے لیے؟ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تمہارے اور تمہارے معبودوں کے لیے بھی ہے اور سب امتوں کے لیے بھی۔ اس پر اس نے کہا کہ آپ کے نزدیک عیسیٰ ابن مریم نبی ہیں اور آپ ان کی والدہ کی تعریف کرتے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ نصاریٰ ان دونوں کو پوجتے ہیں اور حضرت عزیر اور فرشتے بھی پوجے جاتے ہیں، تو اگر یہ حضرات (معاذ اللہ) جہنم میں ہوں تو ہم راضی ہیں کہ ہم اور ہمارے معبود بھی ان کے ساتھ ہوں اور یہ کہہ کر کفار خوب ہنسے، اس پر یہ آیت اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی: اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ (سورۂ انبیاء:101)۔ اور یہ آیت نازل ہوئی وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ الخ جس کا مطلب یہ ہے کہ جب ابن زبعری نے اپنے معبودوں کے لیے حضرت عیسیٰ ابن مریم کی مثال پیش کی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے مجادلہ کیا کہ نصاریٰ انہیں پوجتے ہیں تو قریش اس کی بات پر خوب ہنسے۔ (خزائن العرفان)(1) علامہ ابن منظور نے يَصِدُّوْنَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے صَدَّ يَصِدُّ، صَدًّا: اِسْتَغْرَبَ ضَحْكًا کہ حیرت وتعجب کے باعث ہنسنا اور اس کا دوسرا معنی ہے ضَجَّ وَعَجَّ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ يَضِجُّوْنَ وَيَعِجُّوْنَ(2)۔ شور وغل مچانا (وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا) ''مطلب یہ تھا کہ آپ کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہتر ہیں تو اگر (معاذ اللہ) وہ جہنم میں ہوئے تو ہمارے معبود بت بھی ہوا کریں''۔ (خزائن العرفان)(3)

۶۳ علامہ قرطبی اس آیت کا مفہوم بتاتے ہیں وَجَعَلْنَا بَدَلًا مِّنْكُمْ(4) یعنی اگر ہم چاہتے تو نہ آدم کو پیدا کرتے نہ اولادِ آدم کو اور نہ تم یہ اندھیر گردی کرتے، تمہیں تو شکر ادا کرنا چاہیے کہ ہم نے تمہیں نیست سے ہست کیا۔ الٹا تم نافرمانی کرتے ہو۔

1۔ خزائن العرفان، زیر آیت ہذا، ص888 2۔ لسان العرب، ج3، ص346 3۔ خزائن العرفان، زیر آیت ہذا، ص888 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص105

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا

راستہ ہے۔ کہیں روک نہ دے تمہیں شیطان (اس راہ سے) بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ۔ اور جب

جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ

آئے عیسیٰ (علیہ السلام) روشن نشانیاں لے کر تو فرمایا میں آیا ہوں تمہارے پاس حکمت لے کر اور (میں) بیان کروں گا تم سے

بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

کچھ وہ بات جس میں تم اختلاف کرتے ہو۔ پس ڈرتے رہا کرو اللہ سے اور میری فرمانبرداری کیا کرو ۶۵ یقیناً اللہ تعالیٰ وہی

۶۴ حضرت ابنِ عباس، مجاہد، قتادہ، حسن اور دیگر مفسرین کا قول یہ ہے کہ اِنَّهٗ کی ضمیر کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں (1) کیونکہ آپ کا قیامت سے پہلے تشریف لانا وقوعِ قیامت کی شرائط میں سے ہے۔ اس لیے جب آپ نازل ہوں گے تو لوگوں کو علم ہو جائے گا کہ اب قیامت قائم ہونے کا وقت قریب آ گیا ہے۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ اَیْ شَرْطٌ مِّنْ اَشْرَاطِهَا تُعْلَمُ بِهٖ فَسُمِّيَ شَرْطٌ عِلْمًا لِّحُصُوْلِ الْعِلْمِ بِهٖ (کشاف) (2) یعنی وقوعِ قیامت کی علامتوں میں سے ایک ہیں اور اس علامت اور شرط کو علم کہا گیا کیونکہ ان سے علم حاصل ہوتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے جن کے انکار کی جرأت کوئی ایماندار انسان نہیں کر سکتا۔ ان متعدد صحیح احادیث میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمائیے جسے صحیح مسلم اور ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَنْزِلَنَّ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَادِلًا وَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيْبَ وَ لَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيْرَ وَ لَيَضَعَنَّ الْجِزْيَةَ وَ لَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ وَ يُسْعٰى عَلَيْهَا وَ لَتُذْهَبَنَّ الشَّحْنَاءُ وَ التَّبَاغُضُ وَ التَّحَاسُدُ وَ لَيُدْعُوْنَّ اِلَى الْمَالِ وَلَا يَقْبَلُهٗ اَحَدٌ (3)۔ ''یعنی یقیناً عیسیٰ ابن مریمؑ حاکم عادل کی حیثیت سے آسمان سے نازل ہوں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے۔ خنزیر کو قتل کریں گے۔ جزیہ اٹھا لیا جائے گا اور اونٹنیوں کو آزاد چھوڑ دیا جائے گا۔ عداوت، بغض اور حسد کا نام و نشان نہ رہے گا۔ لوگوں کو مال قبول کرنے کی دعوت دی جائے گی لیکن اسے قبول نہ کیا جائے گا''۔ مزید وضاحت کے لیے ملاحظہ فرمائیے سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر ۴۰ کا حاشیہ ضیاء القرآن۔

۶۵ عیسیٰ علیہ السلام کو جلیل القدر معجزات سے مؤید کر کے بنی اسرائیل کی اصلاح کے لیے مبعوث فرمایا گیا۔ اس وقت بنی اسرائیل کی حالت یہ تھی کہ مذہبی بحثیں اور مناظرے روزمرہ کا معمول تھے۔ ایک دوسرے کی تکفیر پسندیدہ مشغلہ تھا۔ دین ان کے لیے اتحاد و اتفاق کا منبع نہ رہا تھا بلکہ خلفشار و انتشار کا سبب بن گیا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں فرمایا کہ آؤ میں نورِ حکمت لے کر آیا ہوں۔ اگر تم تعصب اور بے جا ضد کا طریقہ چھوڑ دو گے تو تمہارے بہت سارے مختلف فیہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ مناظرہ بازی کا چکر ختم ہو جائے گا۔ ساتھ ہی یہ تنبیہ بھی فرما دی کہ میری رہنمائی سے وہی فائدہ اٹھا سکے گا جس کے دل میں

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 105 2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 261 3۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب نزول عیسیٰ، ج 1، ص 87

رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ

میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔ پس اس کی عبادت کیا کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے ﴿۶۴﴾ پھر اختلاف کرنے لگ گئے

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِهِمْ ۚ فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ یَوْمٍ

(ان کے) گروہ آپس میں ﴿۶۵﴾ پس ہلاکت ہے ظالموں کے لیے دردناک عذاب کے دن

اَلِیْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

سے۔ کیا یہ لوگ قیامت برپا ہونے کے منتظر ہیں کہ آجائے ان پر اچانک اور انہیں

لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَىٕذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

خبر تک نہ ہو۔ گہرے دوست اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے بجز ان کے جو متقی (اور

الْمُتَّقِیْنَ ﴿۶۷﴾ یٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ الَّذِیْنَ ع ۶ ۱۱ ۱۲

پرہیزگار) ہیں ﴿۶۸﴾ اے میرے (پیارے) بندو! آج تم پر کوئی خوف نہیں اور نہ تم (آج) غمزدہ ہوگے۔ (یعنی) وہ بندے جو

خدا کا خوف ہو اور وہ میری اطاعت کرنے کے لیے تیار ہو۔

۶۶ نیز آپ نے انہیں فرمایا کہ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لو کہ میرا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کی عبادت کرنا ہی راہِ ہدایت ہے۔ آپ نے اپنی امت کو پہلے ہی ان لغزشوں پر تنبیہ کر دی جن میں وہ مبتلا ہونے والے تھے۔

۶۷ ان کے باہمی اختلافات کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو ضیاء القرآن جلد اوّل سورۃ النساء آیت نمبر ۱۷۱ نیز ضیاء القرآن سورۂ مریم آیت نمبر ۳۷۔ جلد سوم

۶۸ قیامت کے دن دنیا کے سارے بھائی چارے، یارانے اور دوستیاں ختم ہو جائیں گی۔ ہر شخص یہ چاہے گا کہ اس کے حصے کا عذاب بھی اس کے دوست پر مسلط کر دیا جائے۔ وہ ایک دوسرے سے دور بھاگنے کی کوشش کریں گے۔ ایک دوسرے سے بیزاری کا اعلان کریں گے، لیکن وہ لوگ جو پرہیزگار تھے اور عمر بھر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہے، ان کی دوستی اس روز بھی سلامت رہے گی، چنانچہ امام مسلم نے یہ روایت نقل کی ہے عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یَقُوْلُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَیْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِیْ اَلْیَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِیْ ظِلِّیْ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّیْ (1)۔ یعنی کہاں ہیں وہ آپس میں محبت کرنے والے؟ مجھے اپنے جلال کی قسم! میں ان کو آج اپنے سائے کے نیچے جگہ دوں گا۔ جبکہ میرے سائے کے بغیر اور کوئی سایہ نہیں ہے۔

1۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب فضل الحب فی اللہ تعالیٰ، ج 2، ص 317

اٰمَنُوْا بِاٰیٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

ایمان لے آئے تھے ہماری آیتوں پر اور فرمانبردار تھے ۶۹ (حکم ہوگا) داخل ہوجاؤ جنّت میں تم اور تمہاری بیویاں

تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ وَفِیْهَا

خوشی خوشی ۷۰ گردش میں ہوں گے ان پر سونے کے تھال اور جام اور وہاں

مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ وَاَنْتُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَ

ہر چیز موجود ہوگی جسے دل پسند کریں اور آنکھوں کو لذّت ملے۔ (مزید برآں) تم وہاں ہمیشہ رہوگے ۷۱ اور

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْۤ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِیْهَا فَاكِهَةٌ

یہی وہ جنّت ہے جس کے تم وارث بنادیے گئے ہو ان اعمال کے باعث جو تم کیا کرتے تھے۔ تمہارے لیے یہاں بکثرت پھل

بیہقی نے شعب الایمان میں یہ حدیث ذکر کی ہے۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَيْنِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاَحَدٌ فِي الْمَشْرِقِ وَآخَرُ فِي الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتَ تُحِبُّهُ فِيَّ(1)۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر دو بندے اللہ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے اور ان میں سے ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں رہتا تھا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کو اکٹھا کرے گا اور فرمائے گا کہ یہ وہ آدمی ہے جس کے ساتھ تو میرے لیے محبت کرتا تھا۔ (مظہری)

۶۹ یہی لوگ جو اللہ تعالیٰ کے لیے آپس میں محبت کیا کرتے تھے، انہیں یہ مژدۂ جانفزا سنایا جائے گا۔ حدیث شریف میں ہے اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ(2) کہ روزِ حشر ہر آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اسے محبت تھی، تو غور فرمایئے کہ جب عشاقِ جمالِ مصطفوی صاحب لواء الحمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنگت اور رفاقت میں ہوں گے تو پھر خوف کیسا اور حزن کیوں؟

۷۰ ان خوش نصیبوں کو کہا جائے گا کہ تم بھی جنت میں تشریف لے چلو اور تمہاری بیویاں بھی۔ علامہ پانی پتی تُحْبَرُوْنَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں اَیْ تُسَرُّوْنَ سُرُوْرًا یَظْهَرُ حِبَارُهٗ عَلٰی وُجُوْهِكُمْ(3) یعنی تم اس روز اتنے خوش ہوگے کہ مسرّت کی نشانیاں تمہارے شگفتہ چہروں اور چمکتی ہوئی آنکھوں سے نمایاں ہوں گی۔ تُحْبَرُوْنَ کا ایک اور معنی بھی کیا گیا ہے۔ قَالَ زُجَاجٌ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ مَعْنَاهُ تُكْرَمُوْنَ اِكْرَامًا یُبَالِغُ فِیْهِ (لسان العرب)(4) یعنی تمہیں اور تمہاری بیویوں کو بڑی شان وعزت سے جنت میں جانے کا اذن ملے گا۔

۷۱ نفس جو چاہیں گے اور آنکھیں جس سے محظوظ ہوں گی، ہر شخص کو وہی ملے گا، البتہ سب نفس ایک ہی چیز کے طلبگار نہیں ہوں گے، سب آنکھیں ایک جیسی چیزوں کو دیکھ کر روشن نہیں ہوں گی۔ ہر شخص کا اپنا ذوق اور ہر شخص کی اپنی نگاہ ہوگی۔

1۔ شعب الایمان، باب فی مقاربۃ ومواداۃ اھل الدین، ج6، ص492، رقم الحدیث 9022
2۔ مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الآداب، باب الحب فی اللہ تعالیٰ، ص426
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص361
4۔ لسان العرب، ج4، ص158

كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ ج

ہیں ان میں سے کھاؤ گے (جو جی چاہے) بے شک مجرم عذابِ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے ۷۲ے

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾ ج وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا

نہ ہلکا کیا جائے گا ان سے (یہ عذاب) اور وہ اس میں آس توڑ بیٹھیں گے ۔ اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا لیکن وہ (اپنی جانوں پر) ظلم

هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ط قَالَ اِنَّكُمْ

ڈھانے والے تھے ۷۳ے اور وہ پکاریں گے اے مالک! بہتر ہے کہ تمہارا رب ہمارا خاتمہ ہی کر ڈالے۔ وہ جواب دے گا کہ تمہیں

مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

تو یہاں ہمیشہ (جلتے) رہنا ہے ۷۴ے بے شک ہم لے آئے تمہارے پاس (دین) حق لیکن تم میں سے اکثر حق سے نفرت کرنے والے تھے ۔

مجھے تو پسند اور مجنوں کو لیلیٰ نگاہ اپنی اپنی، پسند اپنی اپنی

حضرت ثوبان، ربیعہ ابن کعب اور ان کے ہم مشرب رضی اللہ تعالیٰ عنہم بارگاہِ رسالت کی حاضری پر سب کچھ قربان کرنے والے ہوں گے، بعض دیدار الٰہی کی تمنا لیے وہاں حاضر ہوں گے۔ فَالصُّوْفِيُّ الَّذِيْ مُشْتَهَاهُ الْوَصْلُ الْعُرْيَانُ بِلَا كَيْفٍ وَّ دَوَامُ رُؤْيَةِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ فَلَهٗ ذٰلِكَ وَاَمَّا غَيْرُهٗ فَلَهٗ مِنْ نَّعْمَاءِ الْجَنَّةِ مَا يَشْتَهِيْهِ۔ (مظہری)(1) یعنی وہ صوفی جس کا مقصدِ وحید اللہ کا دیدارِ بے حجاب اور وصالِ دائمی ہے، اسے یہ نعمت بخشی جائے گی اور اس کے علاوہ دوسرے لوگوں کو جنت کی نعمتوں سے ان کی چاہت کے مطابق سرفراز کیا جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا جنت میں گھوڑے ہوں گے؟ ایک اعرابی بولا کیا وہاں اونٹ ہونگے؟ دونوں کو فرمایا اگر تمہیں خدا جنت میں لے گیا تو تمہاری ہر خواہش پوری ہوگی۔ (مظہری)(2)

۷۶ے پہلے اپنے مطیع و فرمانبردار بندوں پر اپنے بے پایاں انعامات اور غیر محدود احسانات کا ذکر فرمایا۔ اب ان کا حالِ زار بیان کیا جارہا ہے جو عمر بھر بیگانے بنے رہے، بغاوت و سرکشی کا علم بلند کیے رہے، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور اس کے رسولوں کی دل آزاری ان کا شعار رہا۔ کسی چیز کی شدت کے کم ہونے کو عربی میں ''فتر'' کہتے ہیں۔ جب شدید بخار ہو اور پھر وہ ہلکا ہو جائے تو کہتے ہیں فَتَرَتْ عَنْهُ الْحُمّٰى اِذَا سَكَنَتْ قَلِيْلًا۔ مُبْلِسُوْنَ: آيِسُوْنَ مِنَ الرَّحْمَةِ۔ (3) رحمت سے مایوس ہونے والے۔ یعنی عرصۂ دراز گزرنے کے باوجود ان کے عذاب میں تخفیف نہ کی جائے گی۔ وہ چیختے چلاتے رہیں گے، سر پھوڑتے رہیں گے، فریادیں کرتے رہیں گے، لیکن کوئی شنوائی نہ ہوگی، یہاں تک کہ وہ مایوس ہو جائیں گے اور یقین کر لیں گے کہ اب اس جہنم سے رہائی کی کوئی امید نہیں۔

۷۷ے لیکن یہ ان کا اپنا قصور ہے۔ ہم نے تو ان پر قطعاً کوئی زیادتی نہیں کی۔ انہیں عقل و فہم کی قوتیں بخشیں، ان کے پاس اپنے

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص361 2۔ ایضاً 3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص393

أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ﴿٧٩﴾ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَ

ہاں اگر انہوں نے کوئی قطعی فیصلہ کر لیا ہے تو ہم بھی اپنا قطعی فیصلہ کرنے والے ہیں ۷۵ کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے ان کے رازوں اور سرگوشی

نَجْوَاهُمْ ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ ﴿٨٠﴾ قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ

کو۔ ہاں ہم سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے ان کے پاس بیٹھے لکھتے بھی رہتے ہیں ۷۶ آپ فرمائیے (بفرضِ محال) اگر رحمٰن کا کوئی

وَلَدٌ ۖ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ ﴿٨١﴾ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ

بچہ ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کا پجاری ہوتا ۷۷ پاک ہے آسمانوں اور زمین کا پروردگار (اور)

رسول بھیجے، پھر انہیں عرصۂ دراز تک سوچنے اور سمجھنے کی مہلت دی۔ پھر انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کے لیے طرح طرح کے آلام و مصائب میں مبتلا کیا۔ بایں ہمہ وہ نہ سمجھے اور کفر پر اڑے رہے۔ اب اپنے کیے کی سزا بھگت رہے ہیں۔

۷۴ زندگی بڑی عزیز چیز ہے۔ موت کو کوئی پسند نہیں کرتا لیکن دوزخی، داروغۂ جہنم سے کہیں گے کہ اگر ہماری معافی اور بخشش کی کوئی صورت نہیں تو اے مالک! پھر اپنے رب سے عرض کر کہ وہ ہمیں موت دے دے، ہمارا کام تمام کر دے۔ جواب ملے گا: اب موت کہاں؟ تم زندہ رہو گے اور انہی انگاروں پر لوٹتے رہو گے۔ یہی شعلے تمہارا مقدر ہیں اور یہی جہنم تمہارا ابدی ٹھکانہ ہے۔

۷۵ جوہری لکھتے ہیں: اَبْرَمْتُ الشَّیْءَ: اَحْکَمْتُہٗ (صحاح) (1) کسی چیز کو پختہ کرنا۔ کفار نے دارالندوہ میں مجلسِ مشاورت منعقد کی۔ طویل بحث و تمحیص کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شہید کر دینے پر سب متفق ہو گئے (2)۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر تم نے میرے محبوب کو شہید کرنے کا پختہ فیصلہ کر لیا ہے تو ہم بھی غافل نہیں، ہم نے بھی یہ حتمی فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم اپنے محبوب کی حفاظت کریں گے۔ تم ان کا بال بھی بیکا نہ کر سکو گے اور تمہاری یہ سازشیں تمہارے لیے ہی ناکامی و نامرادی کا سبب بنیں گی۔

۷۶ کیا کفار یہ خیال کیے بیٹھے ہیں کہ وہ چھپ چھپ کر چپکے چپکے جو منصوبے بنا رہے ہیں ان کا ہمیں علم نہیں اس لیے بالا بالا جو وہ چاہیں گے کر گزریں گے۔ نہیں، ایسا ہرگز نہیں۔ اے کفار! ہمارے فرشتے تمہاری ہر محفل میں شریک ہوتے ہیں۔ جو سرگوشیاں تم کرتے ہو ہم ان کو سنتے ہیں اور ہمارے فرشتے تمہاری زبان پر آنے والا ہر لفظ لکھ رہے ہیں۔ تمہارا کوئی راز ہم سے پوشیدہ نہیں۔

۷۷ جس طرح اللہ عزوجل اس سے پاک ہے کہ وہ کسی کا بیٹا نہیں، اسی طرح وہ اس سے بھی منزہ ہے کہ اس کی کوئی اولاد ہو، ورنہ خدا واجب الوجود نہ رہے گا بلکہ ممکن ہو جائے گا اور جو ممکن ہو وہ خدا نہیں ہو سکتا۔ اس کے خدا ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان عیوب سے مبرا ہو۔ اس مضمون کو پہلے بھی نہایت مدلل اور مؤثر انداز سے کئی بار ذکر کیا گیا ہے۔ یہاں یہ مضمون ایک اچھوتے اسلوب سے بیان کیا جا رہا ہے۔

اے کفار! تم سب جانتے ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کا پرستار اور عبادت گزار ہوں۔ تم سب معبودانِ باطل کے آستانوں پر سجدہ

1۔ الصحاح، ج5، ص1870 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز25، ص103

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا

عرش کا رب ہر اُس عیب سے جو یہ بیان کرتے ہیں ۷۸ پس (اے حبیب!) آپ رہنے دیں انہیں کہ بیہودہ باتیں بناتے رہیں اور کھیل (تماشا) کرتے رہیں حتیٰ کہ

يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي

ملاقات ہو جائے ان کی اپنے اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ۷۹ اور وہی ایک آسمان میں خدا ہے اور زمین میں بھی

الْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

خدا ہے۔ اور وہی بہت دانا، سب کچھ جاننے والا ہے ۸۰ اور بڑی برکت والا ہے وہ جس کی سلطنت ہے آسمانوں

وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۸۵﴾

اور زمین میں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے۔ اور اسی کے پاس ہے قیامت کا علم اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

ریز ہو۔ ایک میں ہوں کہ تمہارے طعنے سہتا ہوں، تمہاری زبان درازیاں سنتا ہوں، تمہاری زیادتیوں کو برداشت کرتا ہوں، لیکن اس کے باوجود اپنے معبودِ برحق اور اپنے مالک و خالق کے بغیر کسی کی عبادت نہیں کرتا۔ تم ذرا سوچو جس کے دل میں اپنے رب کی اتنی محبت اور اتنا عشق ہو، جس کی زبان اپنے مالک کی تعریف میں ہر وقت زمزمہ سنج رہتی ہو، جس کی یاد میں میری راتیں بیت جاتی ہوں، اگر اسکا کوئی بیٹا ہوتا تو کیا میں اس کے سامنے بے ساختہ طور پر سر بسجود نہ ہو جاتا۔ میرا ایسا نہ کرنا اس بات کی روشن دلیل ہے کہ اس کی کوئی اولاد نہیں۔ وہ اس سے پاک اور بہت پاک ہے کہ کسی کو اس کا بیٹا یا بیٹی کہا جائے۔

یہاں شرط بھی محال ہے اور جزا بھی محال ہے اور ایک محال دوسرے محال کو مستلزم ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہونا بھی محال اور میرا اس کی عبادت کرنا بھی محال ہے۔(1)

اس آیت کا یہ مفہوم بھی بیان کیا گیا ہے کہ یہاں اِنْ شرطیہ نہیں بلکہ نافیہ ہے(2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا کوئی بیٹا نہیں۔ عابدین کا معنی آنفین ہے، یعنی میں اس کذب و افتراء کو تسلیم کرنے سے سب سے پہلے انکار کرتا ہوں اور اس کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرتا ہوں۔ قَالَ الْجَوْهَرِيُّ: وَقَالَ اَبُوْعُمَرَ قَوْلُهُ فَاَنَا اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ مِنَ الْاَنَفِ وَ الْغَضَبِ، قَالَ ابْنُ الْاَعْرَابِيِّ فَاَنَا اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ اَيِ الْغِضَابِ الْاٰنِفِيْنَ (قرطبی)(3)

۷۸ کفار کی بہتان طرازیوں کے ذکر کے بعد اب اللہ تعالیٰ کی تنزیہ و تقدیس کا بیان ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہ ذات جو آسمانوں کا خالق بھی ہے اور مالک بھی، زمین بنائی بھی اس نے ہے اور اس میں حکم بھی اسی کا چلتا ہے۔ عرش پر بھی اسی کی کبریائی کے پرچم لہرا رہے ہیں۔ ایسی عظیم و جلیل ہستی کو اولاد کی قطعاً ضرورت نہیں۔ ہر چیز اس کی محتاج ہے اور وہ صمد اور بے نیاز ہے۔

۷۹ اے محبوب! آپ انہیں نظر انداز کر دیجیے اور ان کے بارے میں فکرمند نہ رہا کیجیے۔ ان میں ہدایت قبول کرنے کی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص365 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص119 3۔ ایضاً، ص120

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

اور نہیں اختیار رکھتے جنہیں یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں شفاعت کرنے کا ہاں شفاعت کا حق انہیں ہے جو حق کی گواہی دیں

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ

اور وہ (اس کو) جانتے بھی ہیں ۸۱ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا تو یقیناً کہیں گے اللہ نے

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ

پھر کدھر یہ الٹے پھر رہے ہیں ۸۲ اور قسم ہے میرے رسول کے اس قول کی کہ اے میرے رب! یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے ۸۳ پس (اے

عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

حبیب!) رُخِ انور پھیر لیجیے ان سے اور فرمایئے تم سلامت رہو۔ وہ (اس کا انجام) ضرور جان لیں گے ۸۴

صلاحیت ہی نہیں۔ اَیْ اُتْرُکْھُمْ یَخُوْضُوْا فِیْ بَاطِلِھِمْ وَیَلْعَبُوْا فِیْ دُنْیَاھُمْ (قرطبی) (1) جب قیامت کا دن آئے گا تو اس وقت ان کی آنکھیں کھلیں گی۔

۸۰ آسمانوں میں بھی اس کی عبادت کی جاتی ہے اور زمین میں بھی اسی کی عبادت کی جاتی ہے۔ نہ اس کا کوئی شریک ہے اور نہ اس کی کوئی اولاد ہے۔

۸۱ کفار اس گھمنڈ میں تھے کہ یہ بت اور فرشتے ان کی شفاعت کریں گے۔ بتا دیا کہ ایسا نہیں ہوگا۔ ہر ایک کی مجال نہیں کہ بارگاہِ رب العزت میں شفاعت کرنے کی جرأت کر سکے اور نہ ہر شخص اس قابل ہے کہ اس کی شفاعت کی جائے۔ شفاعت کرنے کا وہ مجاز ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی توحید کی گواہی بھی دے اور اس کی یہ گواہی علمِ یقین پر مبنی ہو۔ اسی طرح شفاعت اس کی کی جائے گی جس کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہو۔ یہ بات خوب ذہن نشین رہے کہ شفاعت صرف ان گناہ گاروں کے لیے ہوگی جو ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوئے اور جن کا خاتمہ کفر یا شرک پر ہوگا ان کے لیے شفاعت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔

۸۲ عجیب احمق لوگ ہیں، یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر اس کے علاوہ دوسروں کو اپنا معبود بناتے ہیں اور اس طرح راہِ حق سے روگردانی کرتے ہیں۔

۸۳ حضور رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حق کو آشکارا کر دیا۔ شک و شبہ کے بادل چھٹ گئے۔ قرآنِ کریم کے اعجاز نے ان منکرین کے چھکے چھڑا دیے اور ان پر سکتہ طاری کر دیا۔ اس کے باوجود وہ اپنے باطل سے چمٹے رہنے پر مصر تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 121

خداوندِ ذوالجلال کی بارگاہ میں عرض کی: الٰہی! یہ بڑے ضدی اور ہٹ دھرم لوگ ہیں، یہ مانتے ہی نہیں۔ آفتابِ ہدایت طلوع ہو چکا ہے، لیکن یہ اسے تسلیم ہی نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے محبوب کی یہ ادا بڑی پسند آئی اور اس قول کی قسم اٹھائی جو لبِ مصطفےٰ علیہ افضل التحیۃ واجمل الثناء سے نکلا۔

۸۴ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: اے میرے حبیب! آپ بھی ان سے رُخِ انور پھیر لیجیے۔ اب ان سے الجھنے کی ضرورت نہیں۔ ان کے لیے سلامتی اور ہدایت کی دعا مانگتے رہا کیجیے۔ عنقریب ان کی آنکھیں کھل جائیں گی اور حقیقتِ حال جان لیں گے۔ اگر حق کو قبول نہ کیا تو اپنی سزا پائیں گے اور اگر قبول کر لیا تو فردوسِ بریں کے دروازے ان پر کھول دیے جائیں گے۔

علامہ ابوحیانؒ الاندلسی اور علامہ محمودؒ آلوسی کی رائے یہ ہے کہ یہاں ''سَلَامٌ'' دعائیہ نہیں بلکہ ان سے اپنی براءت اور قطعِ تعلق کے اعلان کے لیے مستعمل ہوا ہے۔ فَلَيْسَ ذٰلِكَ اَمْرًا بِالسَّلَامِ عَلَيْهِمْ وَ التَّحِيَّةِ وَ اِنَّمَا اُمِرَ بِالْمُتَارَكَةِ وَ حَاصِلُهٗ اِذَا اَبَيْتُمُ الْقُبُوْلَ فَاَمْرِيْ التَّسَلُّمُ مِنْكُمْ (روح المعانی)(1) علامہ ابوحیان لکھتے ہیں وَعِيْدٌ لَّهُمْ وَ تَهْدِيْدٌ وَّ مُوَادَعَةٌ (بحرِ محیط)(2) یعنی قُلْ سَلَامٌ میں کفار کو عذاب کی وعید اور دھمکی دی جا رہی ہے اور ان سے جدائی کا اعلان مقصود ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَ لَكَ الشُّكْرُ عَلٰى مَا اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ وَفَّقْتَنِيْ وَ عَلٰى حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ نَبِيِّنَا وَ شَفِيْعِنَا مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ وَ اَجْمَلُ التَّسْلِيْمَاتِ وَ اَحْسَنُ التَّحِيَّاتِ۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ۔

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز25، ص109 2۔ برحاشیہ بحرِ محیط، ج8، ص27

تعارف سُورۃ الدُّخان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورت کا نام الدخان ہے۔ یہ کلمہ آیت نمبر ۱۰ میں مذکور ہے۔ اسی سے اس کا نام ماخوذ ہے۔ اس میں تین رکوع، ستاون یا انسٹھ آیتیں، تین صد چھیالیس کلمات اور ایک ہزار چار سو اکتیس حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: وہ سورتیں جن کی ابتدا حٰمٓ سے ہوتی ہے ان سب کا زمانۂ نزول قریب قریب ہے۔ اگرچہ سال و ماہ کے تعین کے لیے ہمارے پاس کوئی قطعی دلیل نہیں، لیکن جس واقعے کا ذکر سورۂ دخان میں ہے اس سے اس کے زمانۂ نزول کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

کفار کا عناد اور اسلام سے ان کی عداوت جب حد سے بڑھنے لگی اور انہوں نے اسلام قبول کرنے کے جرم میں فقراء و مساکین پر ظلم و تشدد شروع کر دیا، سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی الٰہی! ان کو عہدِ یوسفی کے قحط کی طرح قحط میں مبتلا کر تا کہ دولت کا خمار ان کے دماغوں سے نکلے اور جب پے در پے فاقوں سے جان لبوں پر آئے تو شاید ان کے دل پسیج جائیں اور یہ حق کو قبول کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبِ مکرم کی دعا قبول فرمائی۔ مینہ برسنا بند ہو گیا۔ خشک سالی سے ہر طرف خاک اڑنے لگی۔ اشیائے خوردنی بازار میں نایاب ہو گئیں۔ وہ مُردار کھانے پر مجبور ہو گئے۔ انہیں یقین ہو گیا کہ یہ حضورؐ کی دعا کا اثر ہے اور جب تک حضورؐ کے دستِ مبارک دعا کے لیے بارگاہِ الٰہی میں نہیں اٹھیں گے، یہ بلا نہیں ٹلے گی۔ چنانچہ ان کے متکبر سرداروں کا ایک وفد جس میں ابوسفیان بھی تھا، بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوا اور ملتجی ہوا کہ حضور دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اس قحط سے نجات بخشے، ہم ضرور ایمان لائیں گے۔ سراپا رحمت و رأفت نبیؐ کے مبارک ہاتھ دعا کے لیے اٹھے۔ مینہ برسنا شروع ہو گیا اور قحط کی ہلاکت انگیزیوں سے انہیں نجات مل گئی۔ (1)

مضامین: اہلِ مکہ کی وہی دیرینہ بیماریاں ہیں اور انہی کا علاج یہاں مقصود ہے۔ قرآنِ کریم کو وہ کلامِ الٰہی ماننے کے لیے تیار نہ تھے۔ اس سلسلہ میں شکوک و شبہات کے وہ انبار لگا دیا کرتے۔ ان کے ازالہ کے لیے فرمادیا یہ تو کتابِ مبین ہے۔ اس کا انداز بیان، اس کے پُراز حکمت مضامین خود بتا رہے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ تم یہ سمجھتے ہو کہ اس کتاب کے نزول سے تم گونا گوں مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا ہو گئے ہو اور تمہیں نحوست نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے، یہ تمہاری کج فہمی ہے۔ یہ کتاب تو یمن و برکت کا سرچشمہ ہے۔ وہ رات جس میں یہ نازل ہوئی اس کے نزول کے باعث دوسری راتوں پر فوقیت لے گئی۔ سال کے بعد جب وہ رات لوٹ کر آتی ہے، اللہ تعالیٰ کے دریائے رحمت میں جوش آجاتا ہے اور انگنت گناہگاروں کو نویدِ

1۔ تفسیر ابن کثیر، ج 4، ص 138، مطبوعہ دار احیاء الکتب العربیۃ، بیروت۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، سورۃ دخان باب قولہ تعالیٰ ربنا اکشف عنا العذاب، ج 2، ص 714

بخشش سنادی جاتی ہے۔

دوسرا روگ جس میں وہ بری طرح مبتلا تھے، شرک تھا جس نے ان کی توانائیوں کا آخری قطرہ تک چوس لیا تھا۔ اس سورت میں اس کے علاج کی طرف توجہ مبذول کی جارہی ہے۔ انہیں بتایا جارہا ہے کہ جن بتوں اور معبودانِ باطل کو تم اپنا خدا سمجھتے ہو، جو کل تک اَن گھڑے پتھر کی صورت میں کسی پہاڑ میں پڑے ہوئے تھے، تمہارے سنگتراش نے انہیں اٹھایا اور اپنے فن کی قوت سے اس سے ایک صورت تراش دی۔ تم خود ہی بتاؤ یہ بے جان پتھر بھی بھلا کہیں تمہارے نفع ونقصان کے مالک بن سکتے ہیں۔

کفار کو مخاطب کر کے فرمایا جارہا ہے کہ تم اپنی دولت اور اثر ورسوخ پر بڑے نازاں ہو اور اپنے حالات پر پوری طرح مطمئن ہو۔ تمہارا یہ خیال ہے کہ تمہیں اصلاحِ احوال کے لیے کسی نئی دعوت کو قبول کرنے کی ضرورت نہیں، تم نے زندگی بسر کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ بالکل سیدھا راستہ ہے، جن نظریات وافکار کی بنیادوں پر تم اپنے اعمال کی دنیا تعمیر کر رہے ہو، وہ بالکل صحیح ہیں، تم نے زندگی بسر کرنے کے جو انداز اختیار کر رکھے ہیں ان میں کسی اصلاح کی گنجائش نہیں، اس لیے تم نہ آیاتِ الٰہی میں غور کرتے ہو اور نہ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول کی مخلصانہ کوششوں کو بارآور ہونے دیتے ہو، یہ گھمنڈ تمہیں مہنگا پڑے گا۔ تم سے پہلے فرعون نے یہی روش اختیار کی تھی اور تم خوب جانتے ہو کہ بآں جاہ وجلال اس کا انجام کتنا عبرتناک ہوا تھا۔

وہ لوگ قیامت کے بھی منکر تھے اور اس انکار پر انہیں شدید اصرار تھا۔ وقوعِ قیامت کی حکمت بیان فرمادی کہ اگر قیامت کے عقیدے کو خارج کر دیا جائے، تو یہ جہان ایک کھیل تماشا بن کر رہ جائے گا جس میں ''جس کی لاٹھی اس کی بھینس'' کا قانون نافذ ہوگا۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ دخان مکی — اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے — آیات ۵۹ رکوع ۳

حٰمٓ ۚ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا ع ۱۲

حا میم ۱ حق کو واضح کرنے والی کتاب کی قسم ۲ بیشک ہم نے اتارا ہے اسے ۳ ایک بابرکت رات میں ۴ ہماری یہ شان ہے کہ ہم برفقت

۱ یہ بھی حروفِ مقطعات میں سے ہیں۔ ان کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔ بعض علماء نے فرمایا حٰمٓ: حٰ اور میم قیوم کی طرف اشارہ ہے (1)۔ ۲ اس کی وضاحت بھی سورۂ زخرف میں گزر چکی ہے۔

۳ یہ مقسم علیہ ہے۔ یعنی ہمیں اس کتابِ مبین کی قسم! (2) اس کتاب کو ہم نے ہی نازل فرمایا ہے۔ نہ یہ انسانوں اور جنوں میں سے کسی فردِ واحد کی تصنیف ہے اور نہ دانشوروں کے کسی بورڈ نے باہمی مشوروں سے اس کا مسودہ تیار کیا ہے۔

۴ یعنی ہم نے ہی اس کو نازل کیا ہے اور بڑی خیر و برکت والی رات میں اس کو نازل کیا ہے۔ وہ کون سی رات تھی، علماء کے اس میں دو قول ہیں۔ حضرات ابنِ عباس قتادہ اور اکثر مفسرین کی رائے یہ ہے کہ وہ لیلۃ القدر تھی، کیونکہ سورۂ قدر میں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ ۔ اور عکرمہ اور ایک جماعت کا خیال ہے کہ یہ پندرہ شعبان کی رات تھی (3) لیکن صحیح پہلا قول ہے۔

ویسے نصف شعبان کی رات بھی بڑی برکتوں والی رات ہے۔ اس کی فضیلت میں متعدد احادیث مروی ہیں۔ ان میں سے ایک حدیث سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَيْلَهَا وَصُوْمُوْا نَهَارَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ فِيْهَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ اَلَا مُسْتَغْفِرٌ اَغْفِرُ لَهٗ۔ اَلَا مُسْتَرْزِقٌ فَاَرْزُقُهٗ۔ اَلَا مُبْتَلًى فَاُعَافِيْهِ۔ اَلَا كَذَا اَلَا كَذَا حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ۔ ابن ماجه والبيهقي (روح المعانی) (4)

ترجمہ: رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں رات ہو تو رات کو جاگا کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو۔ جب سورج غروب ہوتا ہے اس وقت سے اللہ تعالیٰ اپنی شان کے مطابق آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ ہے کوئی مغفرت طلب کرنے والا؟ تا کہ میں اس کو بخش دوں، ہے کوئی رزق طلب کرنے والا؟ تا کہ میں اس کو رزق دوں، ہے کوئی مصیبت زدہ؟ تا کہ میں اس کو اس سے نجات دوں۔ یہ اعلان طلوعِ فجر تک ہوتا رہتا ہے۔

دوسری حدیث ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے۔ کہتی ہیں کہ ایک رات میں نے حضور کو اپنے بستر پر نہ پایا تو میں حضورؐ کی تلاش میں نکلی۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت البقیع میں پایا کہ آسمان کی طرف حضورؐ نے سر اٹھایا ہوا تھا۔ مجھے دیکھ کر حضورؐ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَغَيْرُهٗ (5)۔ اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی رات کو آسمانِ دنیا پر جلوہ گر ہوتا ہے اور قبیلۂ کلب

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 400 — 2۔ ایضاً، ص 401 — 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 110

4۔ ایضاً، ص 111۔ سنن ابن ماجہ، ابواب اقامۃ الصلوٰت، ماجاء فی لیلۃ النصف من الشعبان، ص 100، مکتبہ وزارت تعلیم۔ شعب الایمان، ایضاً، ج 3، ص 379 (3822) دار الکتب العلمیہ، بیروت

5۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 111۔ جامع ترمذی، ابواب الصوم، باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان، ج 1، ص 92

مُنْذِرِيْنَ ۝۳ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝۴ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا

خبردار کردیا کرتے ہیں ۵ اسی رات میں فیصلہ کیا جاتا ہے ہر اہم کام کا ۶ ہر حکم ہماری جناب سے صادر ہوتا ہے ۷ ہم ہی

کی بکریوں کے جس قدر بال ہیں اتنے ہی لوگوں کو اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے۔

علمائے کرام نے اس آیت کے ضمن میں یہ بحث بھی کی ہے کہ بعض اوقات اور مقامات کو ذاتی لحاظ سے دوسروں پر فضیلت ہے یا نہیں۔ عز بن عبدالسلام کہتے ہیں کہ ذاتی طور پر کوئی فضیلت نہیں، البتہ کسی خاص وقت یا مکان میں بعض اعمال کے رونما پذیر ہونے کے باعث ان کو فضیلت حاصل ہوجاتی ہے۔ نیز ان کی نسبت کسی مقدس شخصیت کی طرف ہوجائے تو اس کے باعث وہ وقت اور وہ جگہ مشرف و محترم ہوجاتی ہے۔ اس مقام پر علامہ آلوسی لکھتے ہیں۔ اَلْبُقْعَةُ الَّتِیْ ضَمَّتْهُ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْبِقَاعِ الْاَرْضِيَّةِ وَالسَّمَاوِيَّةِ حَتّٰى قِيْلَ وَبِهٖ اَقُوْلُ اِنَّهَا اَفْضَلُ مِنَ الْعَرْشِ (روح المعانی)(1)

ترجمہ: وہ جگہ جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استراحت فرما ہیں وہ زمین و آسمان کے تمام مقامات سے افضل ہے۔ یہاں تک کہا گیا ہے اور میرا مذہب بھی یہی ہے کہ وہ جگہ عرش سے بھی افضل ہے۔ اصحابِ طریقت و معرفت فرماتے ہیں اَشَدُّ اللَّيَالِیْ بَرَكَةً وَّ قَدْرًا لَيْلَةٌ يَّكُوْنُ الْعَبْدُ فِيْهَا حَاضِرًا بِقَلْبِهٖ مُشَاهِدًا لِّرَبِّهٖ يَتَنَعَّمُ بِاَنْوَارِ الْوُصْلَةِ(2)۔ یعنی وہ رات برکت اور منزلت کے اعتبار سے بہت بڑی ہے جب بندہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں دل سے حاضر ہوتا ہے، اپنے رب کی تجلیات کا مشاہدہ کرتا ہے اور نورِ وصال سے لذت حاصل کرتا ہے۔

۵ نزولِ کتاب کی حکمت بیان کی جارہی ہے، یعنی ہماری شان یہ ہے کہ ہم آنے والے مصائب و آلام سے بروقت آگاہ کردیا کرتے ہیں تاکہ جو ان سے بچنا چاہے، وہ اپنا بچاؤ کرلے۔ وَاَنْزَلْنَاهُ لِاَنَّ مِنْ شَاْنِنَا الْاِنْذَارَ وَالتَّحْذِيْرَ مِنَ الْعِقَابِ۔ (کشاف)(3)

۶ امامِ لغت جوہری نے فَرَقَ يَفْرُقُ کا معنی ''بَيَّنَ'' کیا ہے یعنی کسی چیز کو واضح کردینا (صحاح)(4) صاحبِ تاج العروس نے اس معنی کے علاوہ دوسرا معنی يُقْضٰى کیا ہے یعنی فیصلہ کرنا (تاج العروس)(5) حَكِيْمٌ: ذُوالْحِكْمَةِ اَوْ هُوَ الْمُحْكَمُ اَيِ الَّذِیْ لَا اخْتِلَافَ فِيْهِ وَلَا اضْطِرَابَ (لسان العرب)(6) حکیم کے دو معنی ہیں حکمت والا اور پختہ جس میں کوئی اختلاف نہ ہو۔

بتایا جارہا ہے کہ اس بابرکت رات میں وہ ملائکہ جو عالمِ تکوین میں مختلف فرائض کی انجام دہی کے لیے متعین ہیں، سال بھر کے لیے ان کو ان کے متعلقہ فرائض کے بارے میں تفصیل سے بتایا جاتا ہے اور اگر يُفْرَقُ بمعنی يُقْضٰى ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ آنے والے امور کے متعلق اپنا فیصلہ صادر فرماتا ہے۔ امر حکیم سے مراد یہ ہے کہ ایسا کام جو سراسر حکمت ہی حکمت ہو یا حکیم سے مراد محکم ہے یعنی یہ فیصلہ حتمی ہے۔ اس میں کسی طرح کا تغیر ممکن نہیں۔

۷ یعنی یہ فیصلے میری بارگاہِ اقدس و جلالت سے صادر ہوتے ہیں اور جو فیصلہ ہماری بارگاہ سے صادر ہوگا یقیناً وہ خیر و برکت کا حامل ہوگا، عدل و احسان کا آئینہ دار ہوگا۔ اس مبارک رات میں جو فیصلے کیے جاتے ہیں ان کی عظمتِ شان کے اظہار کے لیے اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 112 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 402 3۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 270
4۔ الصحاح، ج 4، ص 1540 5۔ تاج العروس، ج 7، ص 43 6۔ لسان العرب، ج 12، ص 141

مُرْسِلِيْنَ ۝۵ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

(کتاب) رسول بھیجنے والے ہیں ۸ سراپا رحمت آپ کے رب کی طرف سے۔ بیشک وہی سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے ۹ وہ جو رب ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝۷ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ

اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے۔ اگر تم ایماندار ہو ۱۰ نہیں کوئی معبود بجز اس کے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے ۱۱

وقف لازم

کے الفاظ ذکر کیے گئے۔ امام رازی نے "اَمْرًا" کے منصوب ہونے کی دو وجہیں ذکر فرمائی ہیں۔ اَنَّهٗ نُصِبَ عَلَى الِاخْتِصَاصِ۔ کہ مخصوص ہونے کی وجہ سے یہ منصوب ہوا۔ یا یہ حال ہے۔ اس کا ذوالحال اَنْزَلْنٰهُ کی ضمیرِ فاعل ہوگی۔ یا ضمیرِ مفعول۔ (1)

۸ ہم قرآنِ کریم کو نازل کرنے والے اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث فرمانے والے ہیں۔ قرآن جیسی کتابِ مبین کا نزول اور آپ جیسے رسولِ معظم کی بعثت آپ کے ربِ کریم کی رحمتِ بے پایاں ہے۔ آپ کے رب کی رحمت کا تو یہ حال ہے کہ وہ شکمِ مادر میں بچے کی غذا، نشوونما کے تمام وسائل مہیا فرماتا ہے۔ اس سے یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اپنے بندوں کو ہوا و ہوس کے تند و تیز ریلوں کے حوالے کردے اور ان کی دستگیری نہ کرے۔ انہیں گمراہی کے اندھیروں میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دے اور ان کی رہنمائی نہ کرے۔

۹ وہ اپنی مخلوق کی التجاؤں کو سنتا بھی ہے اور انہیں قبول بھی فرماتا ہے۔ وہ اپنی مخلوق کی ہر طرح کی ضروریات سے باخبر ہے اور ان کے دلوں کے احساسات و حالات کو بخوبی جانتا ہے۔

۱۰ اس آیت سے جہاں اللہ تعالیٰ کی ربوبیتِ عامہ کا پتہ چلتا ہے جس کی وسعتیں بلندیوں اور پستیوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہیں اور جس کی ذرّہ نوازیاں ہر خورد و کلاں کا سہارا بنی ہوئی ہیں وہاں قرآن کی رفعتِ شان اور جلالتِ منزلت کا علم بھی حاصل ہوتا ہے۔ نیز یہ بھی بتا دیا کہ جب ہر چیز کا پروردگار وہ ہے تو حکم بھی اسی کا ناطق ہوگا۔ کسی بندے کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ چون و چرا کرے۔ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ سے کفار کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ زبان سے تو تم بھی اعتراف کرتے ہو کہ زمین و آسمان کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ اگر تمہارے دل بھی اس کو مانتے ہیں تو پھر تمہیں اس کتاب اور صاحبِ کتاب کی اطاعت میں لیت و لعل کرنے کا کوئی حق نہیں۔ رب ماننا اور اس کا حکم نہ ماننا، مالک کہنا اور اس کے بھیجے ہوئے رسولؐ سے مخاصمت کوئی ہوش مند ایسا نہیں کیا کرتا۔

۱۱ یہ حقیقت جب روزِ روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ بلندیوں اور پستیوں میں جو کچھ ہے اس کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں، اس کا ہر فیصلہ اس کی رحمت کا مظہر ہے۔ اب اس حقیقت سے انکار بھی پرلے درجے کی حماقت ہے کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ بے شک صرف وہی معبود ہے، وہی اس کا سزاوار ہے کہ اس کی بندگی اور عبادت کی جائے۔ زندہ کرنا اور مارنا اسی کی شان ہے۔ کان کھول کر سن لو! تمہارا خالق و مالک بھی وہی ہے اور تمہارے آباء و اجداد جن کا نام لے کر تم جیتے ہو جن کی طرف اپنی نسبت پر تم اتراتے ہو اور جن کی جائیدادوں کے مالک اور وارث ہو، ان کا خالق اور مالک بھی وہی ہے۔ ایسی باکمال اور ذوالجلال والاکرام ہستی پر ایمان نہ لانا بڑی نادانی ہے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیرِ آیت ہذا، ج 14، ج 27، ص 241

رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۹﴾ فَارْتَقِبْ

تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی رب ہے۔ بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں ۱۲ پس آپ انتظار کریں

يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

اس دن کا جب ظاہر ہوگا آسمان پر صاف نظر آنے والا دھواں ۔ جو چھا جائے گا لوگوں پر۔ یہ دردناک عذاب ہوگا۔

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ

(اس وقت کہیں گے) اے ہمارے رب! دور کردے ہم سے یہ عذاب۔ ہم (ابھی) ایمان لاتے ہیں ۱۳ ان کے نصیحت قبول کرنے کی امید کہاں حالانکہ ان

۱۲ یہ لوگ درحقیقت نورِ یقین سے محروم ہیں۔ ان کا یہ کہنا کہ زمین و آسمان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے، ان کے دل کی آواز نہیں۔ حالات کی سنگینیاں جب انہیں اپنے نرغے میں لے لیتی ہیں، اس وقت وہ اپنے معبودانِ باطل کو بے بس پاتے ہیں تو مجبوراً مان لیتے ہیں کہ اس عالم کا کوئی خالق ہے اور جب حالات کی شدت میں تخفیف ہونے لگتی ہے تو پھر وہ اپنے پرانے کفر کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ شک کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں، زندگی کو انہوں نے ایک دل لگی سمجھ رکھا ہے۔ جسم و نفس کی ضروریات پوری ہوتی رہیں تو پھر انہیں کسی اور چیز سے سروکار نہیں۔ خدا کو ماننا یا نہ ماننا ان کے نزدیک کوئی اتنی اہم بات نہیں۔ ان کی ساری توجہ اور ساری کوششیں ایک نقطہ پر مرکوز ہیں اور وہ ہے ان کی معاشی خوش حالی۔ اس کے علاوہ تمام چیزیں کھیل اور مذاق ہیں۔

۱۳ انہیں اپنی دولت و ثروت پر بڑا ناز ہے، ان کے تجارتی کارواں زر و سیم سے لدے ہوئے واپس آتے ہیں۔ اس خوشحالی نے انہیں مغرور بنا دیا ہے۔ وہ حق کی آواز کو توجہ سے سنتے ہی نہیں۔ قرآنِ کریم کی آیاتِ بینات میں تدبّر کرنے کی ضرورت انہوں نے کبھی محسوس ہی نہیں کی۔ اے محبوب! آپ قدرے انتظار کریں۔ ہم انہیں قحط سالی کے شکنجہ میں یوں کس دیں گے کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا۔ نہ بادل گھر کر آئیں گے، نہ مینہ برسے گا، نہ ان کے صحراؤں میں لہلہاتے کھیت بہار دکھائیں گے۔ ان کے کھیت اور چراگاہیں ویران ہو جائیں گی۔ ہر طرف خاک اڑے گی، ساری فضا گرد آلود ہو جائے گی۔ یوں محسوس ہوگا کہ ہر طرف دھواں ہی دھواں پھیل گیا ہے۔ یا بھوک کی وجہ سے اتنی نقاہت ہو جائے گی کہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے گا اور یوں محسوس ہوگا جیسے ہر چیز دھوئیں میں چھپ کر رہ گئی ہے۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں نزولِ اجلال فرمایا تو اہلِ مکہ اور گردونواح میں بسنے والوں کو قحط نے آلیا۔ نوبت بایں جا رسید کہ مُردار اور کتے کھا کھا کر وقت گزارنے لگے۔ اپنے چھوٹے بڑے سب بتوں کے سامنے بڑی دردمندانہ التجائیں کیں لیکن سب بے سود۔ آخر ابوسفیان بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ یہ خیال فرماتے ہیں کہ آپ کو رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ آپ کی قوم بھوک سے ہلاک ہوگئی ہے۔ آپ دعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ اس مصیبت سے ہمیں نجات بخشے۔ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسُقُوا الْغَيْثَ۔ چنانچہ حضورؐ نے دعا فرمائی اور بارش برسنے لگی۔ (1)

1۔ صحیح بخاری، ابواب الاستسقاء، باب الاستسقاء، ج 1، ص 139

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّا

کے پاس تشریف لے آیا روشن رسول ۔ پھر انہوں نے منہ پھیر لیا تھا اس سے اور کہا سکھایا ہوا ہے، دیوانہ ہے ۱۴ ہم

كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ

دُور کرنے والے ہیں عذاب کو قلیل عرصہ کے لیے تم پھر کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے ۔ جس روز ہم انہیں پوری شدت سے پکڑیں گے

الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ

(اس روز) ہم (ان سے) بدلہ لے لیں گے ۱۵ اور ہم نے آزمایا تھا ان سے پہلے قوم فرعون کو اور آیا تھا ان کے پاس

یہ آیات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئیں۔ ان میں قحط شدید کی آمد کی اطلاع دی گئی۔ پھر اس قحط سے مجبور ہو کر مشرکین کے رویہ میں جو تبدیلی آنے والی تھی اس کا ذکر کیا گیا۔ اَنّٰی لَھُمْ سے بتا دیا گیا کہ ان کا یہ کہنا (اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ) محض وقتی مجبوری کے باعث تھا ورنہ جب انہوں نے رسول اکرم ﷺ کی روشن تعلیمات اور روشن معجزات کے باوجود ایمان قبول نہیں کیا تو اب اتنی سی بات سے وہ ہدایت کیسے قبول کر سکتے ہیں؟ اِنَّا كَاشِفُوا الخ سے بتا دیا گیا کہ ان سے وہ عذاب ایک عرصہ کے لیے ٹال دیا جائے گا لیکن وہ اپنے کرتوتوں سے باز نہیں آئیں گے۔

آیات کی یہ تفسیر جو بخاری سے منقول ہے اس کو ان احادیث سے متعارض کہنا جن میں دخان علامات قیامت کے ضمن میں مذکور ہے قطعاً درست نہیں۔ بے شک قیامت سے پہلے بھی دھواں ظاہر ہوگا جیسے حدیث میں مذکور ہے۔ وہ دھواں علامات قیامت میں سے ہوگا اور یہ الگ واقعہ ہے جس کا ذکر ان آیات میں ہے۔ اس لیے قطعاً کوئی تعارض نہیں جیسے بعض حضرات کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

۱۴ جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کے رسول کے روشن معجزات اور کمالات دیکھ کر بھی نصیحت قبول نہیں کی اور حضورؐ سے منہ موڑ لیا اور بھانت بھانت کی بولیاں بولنے لگے۔ کوئی کہتا کسی نے اس کو یہ باتیں سکھائی ہیں، کوئی کہتا نہیں، دماغ چل گیا ہے اسی لیے ایسی ان ہونی باتیں کرتا ہے کہ کوئی عقل مند انہیں مان نہیں سکتا۔ یقیناً انہیں جنون کا مرض لاحق ہو گیا ہے۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ قَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ مُعَلَّمٌ۔ قَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ مَجْنُوْنٌ۔ (مظہری)(1)

۱۵ جب ہمارے عذاب کا کوڑا ان کی پیٹھ پر لگا تو بلبلا اٹھے۔ منتیں کرنے لگے کہ اگر یہ عذاب ایک مرتبہ ٹل گیا تو ہم نافرمانی سے باز آجائیں گے۔ ہمیں علم ہے کہ وہ ہرگز ایمان نہیں لائیں گے اور اپنی کجروی سے باز نہیں آئیں گے۔ پھر بھی ہم کچھ وقت کے لیے ان سے عذاب ٹال دیتے ہیں اور ابھی سے انہیں بتائے دیتے ہیں کہ تم وہی کرتوت کرنے لگو گے، البتہ جس روز ہم تم کو سختی سے پکڑیں گے تو بدلہ لے کر چھوڑیں گے۔ اس دن سے مراد بدر کا دن بھی ہو سکتا ہے اور قیامت کا دن بھی۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 370

رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَّ

معزز رسول ۱۶ (اس نے فرمایا تھا) کہ میرے حوالے کر دو اللہ کے بندوں کو۔ میں تمہارے لیے معتبر رسول ہوں ۱۷ اور

اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹﴾ وَاِنِّيْ عُذْتُ

نہ سرکشی کرو اللہ کے مقابلہ میں ۱۸ میں لے آیا ہوں تمہارے پاس (اپنی رسالت کی) روشن دلیل ۱۹ اور میں نے پناہ لے لی ہے

۱۶ مشرکینِ مکہ کے معاندانہ رویہ کے ذکر کے بعد اب فرعون اور اس کی قوم کے حالات بیان کیے جا رہے ہیں تا کہ اہلِ مکہ فرعونیوں کے حسرتناک انجام سے عبرت حاصل کریں۔ ''فَتَنَّا'' کا معنی آزمانا ہے۔ یہاں ان کی آزمائش کی صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف حضرت موسیٰ کو مبعوث فرمایا جس نے ان کو ان کے باطل عقائد و نظریات پر متنبہ کیا، ان کی سیاسی دھاندلیوں پر انہیں ٹوکا، وہ جن اخلاقی پستیوں میں گرے ہوئے تھے ان سے باہر نکلنے کی انہیں دعوت دی، اپنی صداقت کو عیاں کرنے کے لیے بڑے بڑے معجزات دکھائے۔ اس کے باوجود وہ لوگ اپنی مصلحتوں اور معاشی مفادات کے باعث حق کو قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ یہی ان کی آزمائش تھی۔ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ: وہ رسول بارگاہِ رب العزت میں جس کی بڑی قدر و منزلت ہے۔ نیز اپنے اخلاقِ حسنہ اور اطوارِ جمیلہ کے باعث لوگوں کی نگاہ میں بڑی عزت و احترام سے دیکھا جاتا ہے۔

۱۷ فرعون اور اس کی قوم قبطی تھے۔ بنی اسرائیل کا اصل وطن کنعان تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد میں یہ کنعان سے ترکِ سکونت کر کے مصر میں آ کر آباد ہو گئے تھے۔ یہاں رہتے انہیں صدیاں بیت گئیں۔ اپنی خداداد صلاحیتوں محنت و جفاکشی کے باعث انہوں نے مصر میں اپنا مقام پیدا کر لیا۔ ان کی خوشحالی کے باعث مصری ان سے حسد کرنے لگے۔ قبطیوں نے قومی عصبیت کے جذبہ کو ہوا دے کر ان کے خلاف ایک مستحکم محاذ قائم کر لیا۔ حکومت کو بھی ان کے خلاف اکسایا جانے لگا۔ ان پر حکومت کا تختہ الٹنے کی سازشوں کا بھی الزام لگایا جانے لگا۔ یہاں تک کہ بنی اسرائیل کو مصر کی شہریت کے حقوق سے محروم کر کے غلامانہ زندگی بسر کرنے پر مجبور کر دیا گیا۔ ان پر طرح طرح کے مظالم توڑے جانے لگے۔ بات بات پر انہیں سزائیں دی جاتیں۔ ان سے جسمانی مشقت کے ایسے کام لیے جاتے جن سے حیوانات بھی پناہ مانگتے۔ ان کے مرد قبطیوں کے کھیتوں میں کام کرتے، ان کے مکانات تعمیر کرتے، ان کی نجی خدمت انجام دیتے۔ ان کی عورتیں باندیوں کی مانند ان کے گھروں میں صبح سے شام تک گھریلو کاموں میں جتی رہتیں، ان کے بچوں کا قتلِ عام کیا جاتا۔ غرضیکہ کوئی ایسی ذلت نہ تھی جس سے وہ دوچار نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان مظلوموں کی فریاد سنی اور انہی میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرفِ رسالت سے مشرّف کر کے فرعون کی طرف بھیجا تا کہ آپ اس کو توحید کی دعوت بھی دیں اور ان سے بنی اسرائیل کو آزاد کرنے کا مطالبہ بھی کریں۔ آپ نے بھرے دربار میں جا کر کہا کہ بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں جن کو تم نے مدت سے اپنا غلام بنا رکھا ہے اور ان کا استحصال کر رہے ہو اور ان کو ہر قسم کے بنیادی حقوق سے محروم کر رکھا ہے اب تم اس سے باز آ جاؤ اور ان کو میرے حوالے کر دو اور ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ مجھے رب العالمین نے تمہاری طرف بھیجا ہے اور میں ایسا رسول ہوں جو خدا کے نزدیک بھی معتبر ہے اور ساری قوم بھی اس پر کامل اعتماد کرتی ہے۔

بِرَبِّیْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾

اپنے رب کی اور تمہارے رب کی کہ تم مجھ پر پتھراؤ کرسکو ۲۰ے اور اگر تم ایمان لانے کے لیے تیار نہیں تو پھر مجھ سے کنارہ کش ہوجاؤ ۲۱ے

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ

پس پکارا موسیٰ نے اپنے رب کو (الٰہی!) بلاشبہ یہ مجرم لوگ ہیں ۲۲ے (حکم ملا) لے چلو میرے بندوں کو راتوں رات۔ تمہارا تعاقب کیا

مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا

جائے گا ۲۳ے اور رہنے دو سمندر کو تھما ہوا۔ بے شک وہ ایسا لشکر ہے جو غرق ہو کر رہے گا ۲۴ے وہ چھوڑ گئے

۱۸ے میرا دوسرا مطالبہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور سرکشی سے باز آجاؤ۔ تمہارے ذہن میں خود خدا بننے کا جو خبط سمایا ہوا ہے اس کو نکال باہر کرو۔ بندوں کو بندگی ہی زیب دیتی ہے۔ بندہ اگر خدا بن بیٹھے گا تو خود بھی برباد ہوگا اور اپنے ماننے والوں کو بھی تباہ کردے گا۔

۱۹ے میرا یہ دعوئے رسالت بے دلیل نہیں۔ میں ایسی مضبوط دلیلیں اور روشن معجزات لے کر تمہارے پاس آیا ہوں کہ ان کا انکار ممکن نہیں۔

۲۰ے فرعون اور اس کی قوم موسیٰ علیہ السلام کی جرأت اور بے باکی پر سیخ پا ہوگئی اور لگے آپ کو دھمکیاں دینے جیسے ہوش باختہ اہلِ اقتدار کا شیوہ ہوتا ہے۔ آپ نے ان کی اس برہمی پر نگاہِ غلط انداز ڈالی اور فرمایا: تم خواہ مخواہ گرم ہو رہے ہو اور جھاگ بہا رہے ہو۔ تم میرا بال بھی بیکا نہیں کرسکتے۔ تم جانتے ہو کہ مجھے کس قادر و توانا کی پناہ حاصل ہے۔ کان کھول کر سن لو۔ میں اس کی پناہ میں ہوں جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔ اگر مجھ پر ہاتھ اٹھایا تو اس کی سزا بھگتنی پڑے گی۔ تَرْجُمُوْنِ سے مراد پتھر برسانا بھی ہے اور بدکلامی کرنا بھی۔

۲۱ے بہتر تو یہ ہے کہ تم میری بات مان لو اور ایمان لے آؤ۔ اسی میں تمہارا بھلا ہے اور دارین کی سعادت ہے لیکن اگر تمہاری بدنصیبی تمہیں راہِ ہدایت پر گامزن ہونے کی اجازت نہیں دیتی اور تم اپنی بدمستیوں ہی میں مگن رہنا چاہتے ہو تو تمہاری مرضی۔ میں نے نصیحت و فہمائش کا حق ادا کردیا البتہ ایک بات سن لو میرے راستہ سے ہٹ جاؤ، مجھ سے کنارہ کش ہوجاؤ، میرے فرض کی ادائیگی میں مزاحم نہ بنو، ورنہ اس کا انجام بڑا دردناک ہوگا۔ فَاعْتَزِلُوْنِ الخ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں۔ دَعُوْنِیْ كِفَافًا لَّا لِیَ وَلَا عَلَیَّ قِیْلَ خَلُّوْا سَبِیْلِیْ وَكُفُّوْا عَنْ اَذَایَ۔ (1) یعنی میرا راستہ چھوڑ دو اور مجھے اذیت پہنچانے سے باز رہو۔

۲۲ے جب وعظ و تبلیغ کرتے کرتے عرصۂ دراز گزر گیا، بڑے بڑے معجزات دکھائے گئے لیکن وہ متاثر نہ ہوئے بلکہ آئے دن ان کے ظلم و ستم میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا تو کلیم نے اپنے رب کریم کے حضور عرض حال کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ الٰہی! میں نے ان کی اصلاح میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا لیکن یہ لوگ جرائم کے خوگر ہوگئے ہیں، یہ باز نہیں آتے۔ اب تو ہی ان سے سمجھ۔

۲۳ے حکم ہوا میرے بندوں کو راتوں رات لے کر آپ روانہ ہوجائیں لیکن یہ خیال رہے کہ فرعونی آپ کا تعاقب کریں گے۔ رات کو سفر کرنے کی دو حکمتیں ہوسکتی ہیں۔ تاکہ گھر سے نکلتے ہی نہ پکڑ لیے جائیں یا دن کو گرمی میں سفر دشوار ہوتا ہے۔ اس لیے ٹھنڈے ٹھنڈے رات کو سفر کریں تاکہ سورج طلوع ہونے سے پہلے اپنی منزل پر پہنچ جائیں۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 135

مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا

بہت سے باغات اور چشمے ۔ (سرسبز) کھیتیاں اور شاندار مقامات ۔ اور بہت سارا ساز و سامان جس میں وہ

فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ

عیش کیا کرتے تھے ۲۵ یونہی ہوا۔ اور ہم نے وارث بنا دیا ان تمام چیزوں کا دوسرے لوگوں کو۔ پس نہ رویا ان (کی بربادی) پر آسمان

وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ ع ۱۴

اور نہ زمین اور نہ انہیں مزید مہلت دی گئی ۔ اور بے شک ہم نے نجات دی بنی اسرائیل کو

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

رُسوا کُن عذاب سے ۲۶ (یعنی) فرعون (کی غلامی) سے۔ بلاشبہ وہ بڑا متکبر (اور) حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰي عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ

اور ہم نے چُنا تھا بنی اسرائیل کو جان بُوجھ کر، جہان والوں پر ۲۷ اور ہم نے عطا فرمائیں انہیں ایسی نشانیاں

۲۴ موسیٰ علیہ السلام جب سمندر سے بخیر و عافیت پار اتر گئے تو آپ نے چاہا کہ عصا مار کر سمندر کو اپنی پہلی حالت پر لوٹا دیں مبادا فرعون اور اس کا لشکر جو بھاگا چلا آ رہا ہے، انہی راستوں سے سمندر کو عبور کر کے ہمیں پکڑ لے۔ حکم ہوا: موسیٰ! سمندر کو یونہی رہنے دو اور تم فکر نہ کرو ان میں سے ایک بھی بچ کر نہیں جائے گا۔ ہم سب کو غرق کر دیں گے۔ قَالَ لِمُوْسٰى دَعِ الْبَحْرَ قَائِمًا مَاءُهٗ سَاكِنًا وَّاعْبُرْ اَنْتَ الْبَحْرَ (1)۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں کہ رَھو کا معنی سکون نہیں بلکہ اس کشادہ جگہ کو کہتے ہیں جو دو چیزوں کے درمیان ہوتی ہے۔ قِيْلَ لَيْسَ الرَّهْوُ مِنَ السُّكُوْنِ بَلْ هُوَ الْفَرْجَةُ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ (قرطبی) (2)

۲۵ کتنی اثر انگیز تعبیر ہے اور عبرت حاصل کرنے والوں کے لیے کیا عمدہ درس ہے۔ وہ لوگ جو یہ سمجھتے تھے کہ ان کے دم قدم سے ہی بزم ہستی کی ساری رونقیں ہیں۔ اگر وہ نہ رہیں تو گلشنِ عالم میں خزاں آ جائے۔ نہ کوئی کونپل پھوٹے نہ کوئی غنچہ چٹکے نہ کوئی عندلیب نغمہ سرا ہو۔ علم و حکمت کے سارے چراغ گل ہو جائیں، ہر سُو ویرانی ہی ویرانی ہو۔ درحقیقت یہ محض ان کی خود فریبی تھی کہ وہ اپنے آپ کو اتنا اہم سمجھ رہے تھے۔ جب ان پر عذابِ الٰہی آیا اور وہ نیست و نابود کر دیے گئے تو ان کی تباہی پر نہ کوئی دل تڑپا نہ کوئی آنکھ اشکبار ہوئی اور نہ کسی نے دوبارہ انہیں یاد کرنے کی ضرورت محسوس کی۔ انہوں نے حسنِ گیتی کو اپنی ہوسنا کیوں سے لوٹنے اور پامال کرنے کی کوششیں تو عمر بھر کی تھیں لیکن اس کو سنوارنے اور اس کو آراستہ کرنے کی انہیں توفیق ہی نصیب نہ ہوئی تھی، پھر ان کو یاد کرتا تو کون اور ان کے فراق میں آنسو بہائے جاتے تو کیوں؟

۲۶ غلامی کو عذابِ مہین کہا گیا ہے یعنی رُسوا کن عذاب۔ بے شک کسی قوم پر اس سے بڑا عذاب مسلط نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی

1۔ لسان العرب، ج 14، ص 341 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 138

مَا فِيهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِينٌ ﴿۳۲﴾ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُولُونَ ﴿۳۴﴾ إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا

جن میں صریح آزمائش تھی ۲۸ بے شک یہ (کفارِ مکہ) بھی کہتے ہیں ۲۹ نہیں ہے (ہمارے لیے) مگر ہماری (یہی)

الْأُولٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ ﴿۳۵﴾ فَأْتُوا بِآبَائِنَآ إِن كُنتُمْ صٰدِقِينَ ﴿۳۶﴾

پہلی موت اور نہ ہمیں دوبارہ اٹھایا جائے گا ۔ بھلا ہمارے باپ دادوں کو تو زندہ کر کے لے آؤ اگر تم سچے ہو ۳۰

آزادی اس سے سلب کر لی جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے ہر عذاب سے خصوصاً کفار و مشرکین کی غلامی سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین!

۲۷ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو جملہ اقوامِ عالم سے چن لیا اور دعوتِ حق کا شرف انہیں ارزانی فرمایا۔ یہ سب کچھ بلاوجہ نہ تھا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے ان کو اس منصبِ جلیل کے لیے منتخب فرمایا کیونکہ اس زمانہ میں جتنی قومیں تھیں ان سب سے اس بارِ امانت کو اٹھانے کی اہلیت صرف بنی اسرائیل میں تھی۔

۲۸ ان کے دلوں کو نورِ یقین سے منور کرنے کے لیے انہیں بے شمار معجزات دکھائے گئے، درحقیقت یہ ان کا امتحان تھا، یہ ان کی آزمائش تھی کہ آیا وہ اس اعزاز کا حق رکھتے ہیں جو انہیں بخشا گیا ہے یا نہیں۔

۲۹ پہلے گفتگو کفارِ مکہ سے ہو رہی تھی اور ان کو کفر سے باز آنے کی تلقین کی جا رہی تھی۔ لیکن جب ان کی ضد میں کوئی فرق نہ آیا تو ان کو سمجھانے کے لیے فرعون اور اس کی قوم کا ذکر کر دیا۔ بتایا کہ ان کی روش بھی ہٹ دھرمی اور تعصب کی تھی جس طرح تمہاری ہے لیکن ان کی جاہ و حشمت اور حکومت و سلطنت سے تم کو تو دور کی بھی نسبت نہیں، وہ بہت بڑی سلطنت کے مالک تھے، ان کے خزانے سونے چاندی سے بھرے تھے، ان کے پاس وسیع و عریض زرخیز زرعی زمینیں تھیں جن کو دریائے نیل سے نکلی ہوئی نہریں سیراب کرتی تھیں۔ جب انہوں نے قبولِ حق سے انکار کر دیا تو بایں جاہ و حشمت ان کو حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا گیا۔ تم خود سوچو کہ تم میں یہ طاقت ہے کہ غضبِ الٰہی کا مقابلہ کر سکو؟

اس ضمنی بحث کے بعد اب پھر گفتگو اہلِ مکہ کے بارے میں ہو رہی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمیں خواہ مخواہ قیامت اور عذابِ جہنم سے ڈراتے رہتے ہیں۔ پہلی دفعہ جب ہم موت کا پیالہ پئیں گے تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے زندگی کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا۔ اس کے بعد نہ کوئی زندگی ہے نہ کوئی حشر و نشر۔

اَلْمَوْتَةُ الْأُوْلٰى سے مراد پہلی موت۔ پہلی موت کے لیے ضروری نہیں کہ کوئی دوسری موت بھی ہو۔ قَالَ الْاَسْنَوِیُّ فِی التَّمْهِيْدِ: اَلْاَوَّلُ فِی اللُّغَةِ اِبْتِدَاءُ الشَّیْءِ ثُمَّ قَدْ يَكُوْنُ لَهٗ ثَانٍ وَّقَدْ لَا يَكُوْنُ (1)۔ اسنوی اپنی کتاب التمہید میں کہتے ہیں کہ لغت میں اوّل، شے کی ابتدا کو کہتے ہیں۔ کبھی اس کے بعد دوسرا ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا۔

۳۰ وقوعِ قیامت پر ان کے سامنے بیسیوں دلائل پیش کیے گئے۔ وہ نہ مانوں نہ مانوں کی رٹ لگاتے اور کہتے کہ ہم تمہاری اس بات کو تب تسلیم کریں گے جب تم ہماری مطلوبہ دلیل پیش کرو۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمارے آباء و اجداد جو مر چکے ہیں، تم اُن کو زندہ کر دو۔ ہم مان لیں گے کہ ہم بھی زندہ ہوں گے اور قیامت بھی قائم ہوگی۔ ان کا یہ مطالبہ سراسر ناحق تھا۔ بھلا ان سے کس نے یہ کہا

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 126

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا

(اے لوگو! ذرا سوچو) کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم ۳۱؎ اور جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں ہم نے انہیں (بہ شوکت و حشمت) ہلاک کر دیا۔ بیشک وہ

تھا کہ وہ اسی دنیا میں مرنے کے بعد زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔

۳۱؎ جس طرح ایران کے بادشاہ کو کسریٰ اور چین کے سلطان کو خاقان کہا جاتا تھا اسی طرح یمن اور حضرموت کے فرمانروا کا لقب تُبع تھا۔ یہ علاقہ اس وقت آبپاشی کے ترقی یافتہ نظام کے باعث بڑا زرخیز اور آباد تھا۔ یہاں کے لوگ متمول اور خوشحال تھے۔ یہاں کے سلاطین کے خزانے بھرے ہوئے تھے، ان کی شوکت اور سطوت کے باعث ان کے ہمعصر سلاطین اور ملوک میں ان کی بڑی دھاک بیٹھی ہوئی تھی اور سب ان سے خائف رہا کرتے تھے۔

اہلِ مکہ کو کہا جا رہا ہے کہ تم اتنے بدمست کیوں بنے پھرتے ہو۔ تمہاری تو بساط ہی کیا ہے۔ تُبع کی قوم تم سے کہیں زیادہ دولت مند اور طاقتور تھی، انہیں زندگی کی جو راحتیں اور سہولتیں میسر تھیں تمہیں تو ان کا عُشرِ عشیر بھی نصیب نہیں، ان کی عظمت و ثروت کے افسانے خود تمہارے ہاں زبان زدِ عوام ہیں۔ تمہیں خوب علم ہے کہ جب انہوں نے راہِ راست سے منہ موڑا اور ہماری نافرمانی اور بغاوت پر آمادہ ہو گئے تو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا، ان کا نام و نشان تک بھی باقی نہ رہا۔ بلکہ تم سے پہلے جتنی قومیں گزری ہیں، انہوں نے جب سرکشی کو اپنا وتیرہ بنا لیا تو ان کو اسی حسرت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑا۔ اب ذرا یہ بتاؤ کہ تم کس بل بوتے پر ہمارے رسول کی عداوت پر کمربستہ ہو اور ہماری آیات کو جھٹلاتے ہو۔ کیا کبھی تم نے اس بات پر غور کیا کہ تمہاری اس رَوش کا انجام کس قدر خوفناک ہے۔ ہوش میں آؤ! عقل سے کام لو!

مفسرین کرام نے لکھا ہے کہ اس خاندان میں سے ایک تُبع مُشرّف بہ اسلام ہوا تھا۔ اس کا نام ابوکرب بتایا جاتا ہے۔ اسی نے سب سے پہلے خانہ کعبہ پر قیمتی غلاف چڑھایا۔ جب اس کا گزر مدینہ طیبہ کے مقام سے ہوا تو اس کے لشکر کے علماء نے اسے بتایا کہ یہ نبی آخرالزمان کی ہجرت گاہ ہے۔ اس فضا میں اسے ایسی کشش اور روحانی جاذبیت محسوس ہوئی کہ اس نے حضورؐ کے نام ایک عرضداشت لکھی جس میں اپنے ایمان لانے کا ذکر کیا اور یہ التجا بھی کی کہ میرا ایمان قبول ہو اور روزِ قیامت مجھے اپنی شفاعت سے محروم نہ کیا جائے۔ علامہ قرطبی اور دیگر علمائے تفسیر نے اس واقعہ کو بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ علامہ قرطبی نے وہ خط تحریر کیا ہے جس میں تُبع نے اپنے ایمان لانے کا ذکر کیا ہے۔ اس کے آخری الفاظ یہ ہیں:

''وَاِنْ لَّمْ اُدْرِكْكَ فَاشْفَعْ لِيْ وَلَا تَنْسَنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاِنِّيْ مِنْ اُمَّتِكَ الْاَوَّلِيْنَ۔ الخ''

ترجمہ: اگر میں اس حیاتِ مستعار میں حضورؐ کی زیارت سے بہرہ مند نہ ہو سکوں تو میری شفاعت فرمایئے اور قیامت کے روز مجھے فراموش نہ کیجیے کیونکہ میں آپ کے ان امتیوں میں سے ہوں جو پہلے گزرے ہیں۔

اس کے ہمراہ علماء بھی تھے۔ ان میں سے ایک جماعت نے اسی جگہ اقامت کی اجازت چاہی۔ بادشاہ نے ان کی رہائش کے لیے مکانات تعمیر کروائے، ان کو زندگی کی ضروریات فراہم کیں اور ان میں جو معزز ترین عالم تھا، اپنا مکتوب اس کے حوالے کیا اور اُسے وصیت کی کہ اگر تجھے زیارت نصیب ہو تو میرا عریضہ پیشِ خدمت کرنا، ورنہ اپنی اولاد کو ہدایت کرتے جانا کہ جس کو یہ سعادت

مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

مجرم تھے ۔ اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل کے طور پر ۳۲

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمان وزمین کو مگر حق کے ساتھ لیکن ان میں سے اکثر اس حقیقت کو نہیں جانتے ۔ یقیناً فیصلہ کا دن ان سب کو اکٹھا

مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ

(زندہ کرنے کے لیے) مقرر وقت ہے ۳۳ جس روز کوئی دوست کسی دوست کے ذرا کام نہیں آئے گا اور نہ ان کی

نصیب ہو وہ میرا خط پیش کرے۔ تُبّع کا زمانہ عہدِ رسالت سے ایک ہزار سال پہلے کا ہے۔ جب رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ طیبہ پہنچے تو جس گھر کے سامنے ناقۂ مبارکہ بیٹھی وہ حضرت ابوایُّوب انصاری کا دولت کدہ تھا اور یہ اس عالم کی اولاد سے تھے جس کو یہ خط ملا تھا۔ انہوں نے وہ عریضہ پیش کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو حکم دیا کہ پڑھ کر سنائیں۔ حضورؐ نے یہ خط سن کر اس کا ایمان قبول فرمایا اور اس کی شفاعت کی درخواست کو بھی منظور فرمایا۔ (1)

۳۲ تُبّع کی قوم نے بھی یوم الحساب کا انکار کر دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رنگ رلیاں منانا اور جی بھر کر عیش کرنا ان کی زندگی کا مقصد بن گیا جو ان کی تباہی کا باعث ہوا۔ اے اہلِ مکہ! تم بھی روزِ قیامت کا انکار کر کے مکافاتِ عمل کے اٹل اصول سے غافل بن گئے ہو۔ کبھی اس کے انجام پر بھی غور کیا کرو۔ اس آیت میں ان کی توجہ کائنات کے حکیمانہ اور دقیق نظام کی طرف مبذول کرائی گئی ہے۔

اس کارخانۂ ہستی کے ہر پُرزہ میں جو نظم وضبط پایا جاتا ہے، اس کے نظام میں جو سنجیدگی اور گیرائی نظر آ رہی ہے، اس کے مشاہدہ کے بعد کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا کہ یہ سب کچھ کھیل تماشا ہے اور اس کے بنانے والے نے اسے محض تفریحِ طبع کے لیے بنایا ہے۔ کائنات کی ہر چیز پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ میرا صانع بڑا حکیم ہے اس کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہیں۔ ہر چیز بامقصد ہے۔ جب پتھر اور روڑے بھی بے کار نہیں تو اس خلاقِ عظیم کا یہ حسین وجمیل شاہکار حضرت انسان جسے دیگر ان گنت خوبیوں کے علاوہ عقل وشعور کی نعمت بھی بخشی گئی ہے، اس کی زندگی بھلا بے مقصد کیسے ہو سکتی ہے۔ اس کے اعمال وافعال بے نتیجہ کیسے ہو سکتے ہیں۔ قیامت آئے گی اور ضرور آئے گی۔ اس روز تم اپنے خالق کے روبرو پیش کیے جاؤ گے جہاں بیگانوں سے بیگانگی کا اظہار کیا جائے گا اور اپنے عاشقانِ دلفگار پر ابرِ کرم کھل کر برسے گا۔

۳۳ وقوعِ قیامت کے لیے ایک وقت مقرر ہو چکا ہے، تمہیں اس کے بارے میں پہلے سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ اب یہ تمہاری صوابدید پر منحصر ہے کہ چاہے اس پر ایمان لے آؤ اور اس دن کی کامیابی کے لیے تیاری شروع کر دو اور چاہے تو اس دن سے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص46-145۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج8، ص22-420۔ تہذیب تاریخ دمشق الکبیر لابن عساکر، ج3، ص35-334، مطبوعہ دار المسیرہ، بیروت

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ ع ۲ ۱۳ ۱۵

مدد کی جائے گی ۳۴ سوائے ان کے جن پر اللہ نے رحم فرمایا ہے ۳۵ بیشک وہ سب پر غالب، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے ۳۶ بلاشبہ زقوم کا

الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ معانقہ ۱۴

درخت گنہگار کی خوراک ہوگا ۳۷ پگھلے تانبے کی مانند، پیٹوں میں جوش مارے گا جیسے کھولتا پانی جوش

الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ

مارتا ہے۔ (حکم ہوگا) اس (نابکار) کو پکڑلو پھر اسے گھسیٹ کر لے جاؤ جہنم کے وسط میں۔ پھر انڈیلو اس کے سر کے

بے خوف ہو کر دادِ عیش دیتے رہو اور جب قیامت برپا ہو اور تمہیں قبروں سے نکال کر بارگاہِ ذوالجلال میں کھڑا کر دیا جائے تو اس وقت ندامت وخجالت سے سر جھکائے کفِ افسوس ملتے لگو۔

مِیْقَاتٌ کہتے ہیں وہ وقت جو کسی کام کے لیے متعین کر دیا گیا ہو۔ اس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم وحکمت سے وقوعِ قیامت کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا ہے۔ تمہاری جلد بازی سے اس پروگرام میں ردوبدل نہیں کیا جا سکتا۔ تم کہتے ہو کہ ہم قیامت پر تب ایمان لائیں گے کہ ہم سے پہلے جو لوگ مر چکے ہیں ان میں سے کسی کو زندہ کر کے تمہارے سامنے لا کر کھڑا کر دیا جائے۔ اس دنیا میں تو مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا کوئی پروگرام ہی نہیں۔ جب قیامت کا مقررہ وقت آجائے گا قیامت برپا ہو جائے گی۔

۳۴ ہر وہ قرابت اور تعلق جس کی وجہ سے کوئی شخص کسی کی امداد واعانت کرتا ہے اسے مولیٰ کہتے ہیں۔ خواہ وہ تعلق نسب کا ہو، دوستی کا ہو ہم عقیدہ ہونے کا ہو یا آزاد کرنے کا۔ وَالْمَعْنَى الَّذِيْ مُتَوَقَّعٌ مِّنْهُ النُّصْرَةُ اِمَّا الْقَرِيْبُ فِي الدِّيْنِ اَوِ النَّسَبُ اَوِ الْمُعْتِقُ كُلُّ هٰؤُلَاءِ يُسَمُّوْنَ بِالْمَوْلٰى۔ (1)

آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ کوئی قریبی رشتہ دار یا دوست کسی کے کام نہیں آئے گا اور نہ کسی کی مدد کی جائے گی۔ پہلے وقوعِ قیامت کا ذکر کیا گیا اب احوالِ قیامت کا بیان شروع ہے۔

۳۵ البتہ وہ خوش نصیب جن پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوگی ان کی دوستی بھی کام آئے گی اور ان کی رشتہ داری بھی۔ ان کے ساتھ کسی قسم کا بھی ربط ہوگا تو وہ بے سود نہ ہوگا۔

۳۶ یہاں دشمنوں اور دوستوں دونوں کا ذکر ہو رہا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کے ایسے دو اسم یہاں ذکر کیے گئے جن سے اس سلوک کا پتہ چل جائے جو دونوں گروہوں کے ساتھ ہونے والا ہے۔ فرمایا وہ اَلْعَزِيْزُ ہے یعنی سب سے زبردست اور سب پر غالب۔ اگر اپنے دشمنوں سے انتقام لینا چاہے تو وہ اس پر قادر ہے اور اپنے دوستوں کے ساتھ وہ اَلرَّحِيْمُ ہے۔ اَيِ الْمُنْتَقِمُ مِنْ اَعْدَائِهِ الرَّحِيْمُ بِاَوْلِيَاءِهٖ۔ (2)

۳۷ اہلِ نار کو جو غذا دی جائے گی اس کا ذکر ہو رہا ہے۔ اَلزَّقُّوْمُ: دوزخ کا ایک درخت ہے۔ خاردار، کڑوا کسیلا، نہ ٹہنی نہ پتہ، نہ پھل نہ پھول۔ تھوہر سے ایک گونہ مماثلت کے باعث الزقوم کہا گیا ہے۔ اَثِيْمٌ: بدکار، فاجر۔ اَلْمُهْلُ: اَلنُّحَاسُ الْمُذَابُ۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج14، ج27، ص252 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص148

رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ

اوپر کھولتا پانی (اسے) عذاب دینے کے لیے ۳۸ لو چکھو ۳۹ تم بڑے معزز و مکرم ہو۔ بے شک

هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾

یہ وہ ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ یقیناً پرہیزگار امن کی جگہ میں ہوں گے ۴۰

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

باغات میں اور (بہتے ہوئے) چشموں میں۔ پہنے ہوئے ہوں گے لباس باریک اور دبیز ریشم کا۔

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ ۗ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا

آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے ۴۱ ہاں یونہی ہوگا اور ہم بیاہ دیں گے انہیں گوری گوری آہو چشم عورتوں سے۔ وہ منگوالیا کریں گے وہیں

پگھلا ہوا تانبا۔ اس کا دوسرا معنی تیل کا تلچھٹ بھی کیا گیا ہے۔ (1)

۳۸ علامہ قرطبی فَاعْتِلُوْهُ کا معنی لکھتے ہیں اَلْعَتْلُ: اَنْ تَاْخُذَ بِتَلَابِيْبِ الرَّجُلِ وَ تَعْتِلَهٗ اَیْ تَجُرَّهٗ اِلَيْكَ (2)۔ کسی کو گریبان سے پکڑ کر کھینچنا۔ علامہ آلوسی نے اس کی وضاحت ان الفاظ میں کی اَقْصِفُوْهُ كَمَا يُقْصَفُ الْحَطَبُ (3) یعنی اس کو آگ میں جھونک دو جس طرح ایندھن جھونکا جاتا ہے۔ سَوَاءُ الْجَحِيْمِ: اَیْ وَسْطُ الْجَحِيْمِ (4)۔ یعنی جہنم کے وسط میں۔ صُبُّوْا: انڈیلو۔

۳۹ اس عذابِ الیم پر یہ سرزنش، اللہ توبہ! کون ہے جو اسے برداشت کر سکے۔

۴۰ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں، تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنانے والوں پر جو لطف و کرم اس روز فرمایا جائے گا، اب اس کا روح پرور بیان شروع ہے۔ بتایا کہ جہاں انہیں ٹھہرایا جائے گا، وہاں انہیں کسی قسم کا اندیشہ نہ ہوگا، نہ بیماری کا نہ تنگدستی کا، نہ غم و اندوہ کا۔ امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہؓ اور ابو سعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا کہ اہلِ جنت سے کہہ دیا جائے گا کہ یہاں تم ہمیشہ تندرست رہو گے، کبھی بیمار نہ ہو گے، ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی نہ مرو گے، ہمیشہ خوش حال رہو گے، کبھی خستہ حال نہ ہو گے، ہمیشہ جوان رہو گے کبھی بوڑھے نہ ہو گے۔ جہاں انسان ان تمام آفات اور پریشانیوں سے ہر طرح محفوظ ہو اس سے بڑھ کر بھی کوئی امن والی جگہ ہو سکتی ہے۔ (5)

اَلسُّنْدُسُ: اَلرَّقِيْقُ مِنَ الدِّيْبَاجِ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ اَلْاِسْتَبْرَقُ: غَلِيْظُهٗ۔ دبیز ریشمی کپڑا۔ (6)

۴۱ رُوبرو، آمنے سامنے یعنی دلوں میں غبار اور طبائع میں کدورت نہیں ہوگی کہ ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کیے بیٹھے ہوں۔ بلکہ باہمی محبت و مودت کی ایسی کیفیت ہوگی کہ ایک دوسرے کے روبرو بیٹھیں گے جیسے باہمی دیدار کا شوق ہو اور نگاہیں ایک

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص149 2۔ ایضاً، ص150 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص133
4۔ ایضاً، ج25، ص134 5۔ صحیح مسلم، کتاب الجنہ وصفۃ نعیمہا واہلہا، ج2، ص380 6۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص135

بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ

ہر قسم کا پھل اطمینان سے ۴۲ نہ چکھیں گے وہاں موت کا ذائقہ بجز اس

الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ

پہلی موت کے۔ اور اللہ نے بچا لیا ہے انہیں عذابِ جہنم سے ۔ محض آپ کے رب کی مہربانی سے ۴۳ یہی وہ

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

بڑی کامیابی ہے (جس کی انہیں آرزو تھی) پس ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو آپ کی زبان میں تاکہ وہ نصیحت قبول کریں ۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۷ ۱۶

سو آپ بھی انتظار کیجیے وہ بھی انتظار کرنے والے ہیں ۴۴

دوسرے کی بلائیں لے رہی ہوں۔ حُوْرٌ جمع ہے حَوْرَاءُ کی۔ اس کا معنی ہے گوری رنگت والی۔ عِيْنٌ جمع ہے عَيْنَاءُ کی، وہ عورت جس کی آنکھیں بڑی اور خوبصورت ہوں۔ (1)

۴۲ جو پھل طلب کریں گے، جتنی بار اور جتنی مقدار میں، وہ فوراً پیش کر دیا جائے گا، نہ یہ فکر ہوگا کہ مطلوبہ مقدار نہیں ملے گی اور نہ ذخیرہ ختم ہونے کا اندیشہ ہوگا۔

۴۳ یہ سب بندہ نوازیاں، یہ سب ذرہ پروریاں، یہ سب کرم گستریاں اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کا ثمر ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر اس دنیا میں ہی ایسے ایسے انعامات کیے ہیں کہ ہم عمر بھر شکر ادا کرتے رہیں تو کسی ایک نعمت کا شکر بھی ادا نہیں ہو سکتا۔ ہم میں سے بڑے سے بڑا متقی اور پارسا یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس کے اعمالِ صالحہ ہر لحاظ سے مکمل ہیں اور ان میں کسی قسم کا کوئی نقص نہیں۔ اس لیے قیامت کے روز جو عنایات وہ اپنے مقبول بندوں پر فرمائے گا، اسے اس کا فضل و احسان ہی کہا جا سکتا ہے۔

۴۴ ہم نے قرآن کو آپ کی مادری زبان میں نازل فرمایا جس کا سمجھنا ان کے لیے آسان ہے۔ اب بھی اگر وہ نصیحت قبول نہیں کرتے تو ان کی قسمت۔ پس اے حبیبِ مکرم! آپ بھی انتظار فرمائیں اور وہ بھی انتظار کریں۔ جب ان کی بربادی کی مقررہ ساعت آ پہنچے گی، تو ان کو ان کے کرتوتوں کی سزا مل کر رہے گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 135

تعارف
سُورۃ الجاثیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورت کا نام جاثیہ ہے۔ یہ لفظ آیت نمبر ۲۸ میں مذکور ہے۔ اس سورت میں چار رکوع، سینتیس آیات، چار سو اٹھاسی کلمات اور دو ہزار ایک سو اکیانوے حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: یہ ان سات سورتوں میں سے ایک ہے جن کا آغاز حٰمٓ سے کیا گیا ہے۔ مضامین و مطالب میں یکسانیت اس بات پر بھی دلالت کر رہی ہے کہ ان کا نزول یکساں حالات میں ہوا۔

مضامین: ۱۔ عقیدۂ توحید کو تسلیم کرنا ان کے لیے بڑا دشوار تھا۔ اسی دشواری کی دیوار کو منہدم کرنے کے لیے عالمِ رنگ و بو کی بلندیوں اور پستیوں میں بکھری ہوئی ان روشن نشانیوں کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرائی جو پکار پکار کر اپنے بنانے والے کی حکمتِ بالغہ، قدرتِ کاملہ اور علمِ محیط کی شہادت دے رہی ہیں۔ چشمِ خرد کھول کر زمین و آسمان کی پہنائیوں کو دیکھو، خود اپنے وجود اور اس کی بوقلمونیوں کی سیر کرو، حیوانات کے بے شمار انواع و اقسام پر نگاہ ڈالو، گردشِ لیل و نہار کے دقیق نظام میں غور و فکر کرو، ہر چیز تمہیں اس خالقِ علیم کا پتہ دے گی جو قدیر و حکیم بھی ہے اور وحدہٗ لاشریک بھی، البتہ کذاب اور بدکار لوگ قدم قدم پر فروزاں ان روشن قندیلوں کو نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے بعد ان مزید احسانات کا ذکر فرمایا جن سے انسان کو بہرہ ور کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی بتا دیا کہ ان کی قدر و منزلت وہی لوگ جان سکتے ہیں جو فکر اور تدبر کے خوگر ہیں۔

۲۔ بنی اسرائیل پر جو بے پایاں الطاف کیے گئے، انہیں بیان کیا۔ بتایا کہ ہم نے اس قوم کو کتاب، حکومت اور نبوت کی گراں بہا نعمتیں ارزانی فرمائیں۔ انہی عنایات کے باعث اس زمانے کی تمام اقوامِ عالم پر انہیں فضیلت اور بزرگی بخشی، لیکن کچھ عرصہ بعد ان میں باہمی حسد و عداوت کی وبا پھوٹ پڑی۔ وہ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے مختلف دھڑوں میں بٹ گئے اور اس آسمانی دین کو انہوں نے اس طرح پارہ پارہ کر دیا کہ وہ ان کی اجتماعی زندگی میں رہنمائی کی قوت سے محروم ہو گیا۔

اپنے حبیبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ارشاد فرمایا کہ ہم نے آپ کو بھی ایک شریعت، ایک جامع نظامِ حیات عطا فرمایا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ اس کا اتباع کریں اور ان جاہلوں اور نادانوں کی اطاعت نہ کریں جو اپنے نفسوں کی خواہشات کے بندے بن کر رہ گئے ہیں۔ اگر آپ نے (بفرضِ محال) ایسا کیا تو پھر دنیا کی کوئی طاقت ہماری گرفت سے آپ کو نہ بچا سکے گی۔

اے غلامانِ مصطفیٰ! اے سرزمینِ پاکستان میں بسنے والے فرزندانِ اسلام! اپنے خالق و مالک کا فرمان سن رہے ہو! کیا اس کے بعد بھی ہمارے سربراہانِ مملکت کو، ہمارے قانون ساز اداروں کو اور ان کے مقرر کردہ کمشنوں کے اراکین کو مزید کسی

تنبیہ اور سرزنش کی ضرورت ہے؟ صاف صاف بتا دیا کہ ہماری دی ہوئی شریعت پر عمل کرو، ورنہ عذاب الٰہی سے تمہاری نجات کی سب راہیں بند ہو جائیں گی۔

آیت نمبر ۲۳ میں بھی غور فرمایئے۔ ارشاد ہے جو ہمارے قانون پر عمل نہیں کرتا گویا وہ ہمیں خدا نہیں مانتا اور جو نفس کی ہر فرمائش کو پورا کرتا ہے گویا اس نے اسے اپنا خدا اور معبود بنا لیا ہے۔ ایسا شخص علم و فضل کا پتلا ہی کیوں نہ ہو، وہ راہِ راست سے بہک جاتا ہے۔ ایسے بدبخت سے فہم و تدبر کی قوتیں سلب کر لی جاتی ہیں اور اس کے ہدایت قبول کرنے کا امکان ہی باقی نہیں رہتا۔

کفار کا عقیدہ تھا کہ بس یہی زندگی ہے۔ گردش زمانہ ان کی موت کا پیغام لاتی ہے۔ نہ قیامت برپا ہوگی اور نہ دوبارہ جی اٹھنے کا سوال پیدا ہوگا۔ یہ عقیدہ انہیں اپنے آباء و اجداد سے ورثے میں ملا تھا۔ وہ کسی قیمت پر اس سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہ تھے۔

سورت کے اختتام سے پہلے ان کو اس دلدل سے نکالنے کی طرف توجہ فرمائی گئی اور ارشاد ہوا کہ قیامت کا برپا ہونا خلاف عقل نہیں، بلکہ عین حکمت ہے اور عقل کے تقاضوں سے کلیۃً ہم آہنگ ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص جس نے عمر بھر تقویٰ کو اپنا شعار بنائے رکھا وہ اور ایک داد عیش دینے والا شخص دونوں یکساں ہوں؟ دنیاوی عیش و عشرت نے ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی ہے، ورنہ وہ اس روشن حقیقت سے انکار نہ کرتے۔

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ جاثیہ مکی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۳۷ آیتیں ۴ رکوع

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

حا۔ میم ۔ اتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو زبردست (اور) حکمت والا ہے [1] بے شک آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ

میں (اس کی یکتائی اور قدرت کی) نشانیاں ہیں اہلِ ایمان کے لیے [2] اور (خود) تمہاری پیدائش میں اور ان حیوانات میں جن کو وہ پھیلا رہا ہے

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں۔ نیز گردشِ لیل و نہار میں اور جو اتارا ہے اللہ تعالیٰ نے

[1] پہلی دو سورتوں کی طرح اس سورت کا آغاز بھی اس حقیقت کو آشکارا کرنے سے ہو رہا ہے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے۔ کفار کا یہ خیال سراسر باطل ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم خود اس کے مصنف ہیں یا کوئی اور شخص آپ کو یہ کلام سکھاتا ہے۔ کفار کی یہ باتیں بالکل لغو اور بیہودہ ہیں۔ اس کا پُرشکوہ اسلوبِ بیان، اس کے دلآویز حکیمانہ مواعظ، اس کا بیان کردہ فلسفۂ حیات سب بتا رہے ہیں کہ یہ اس ارفع، اعلیٰ، ہمہ دان، ہمہ بین ہستی کا کلام ہے جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس لیے تمہاری فلاح اس میں ہے کہ اس عزیز و حکیم کے ارشادات پر بڑے اطمینان سے عمل پیرا رہو اور یقین کرو کہ ایسی ہستی کی فرمانبرداری میں ہی تمہاری کامیابی اور کامرانی کا راز مضمر ہے۔

تنزیل: مصدر ہے اسم مفعول مُنَزَّل کے معنی ہیں۔(1)

[2] اسلام کو یہ ہرگز گوارا نہیں کہ لوگ غفلت کی چادر تانے سوئے رہیں۔ عیش و عشرت کا گھن زندگی کی تعمیری صلاحیتوں کو کھوکھلا کرتا رہے، فسق و فجور کے بدنما داغ ان کی انسانیت کو مسخ کرتے رہیں۔ اسلام اس صورتِ حال کے خلاف علمِ جہاد بلند کرتا ہے اور انہیں یکسر بدل ڈالنے کے لیے اپنی ساری قوت بروئے کار لاتا ہے۔ لیکن بایں ہمہ وہ جبر و تشدد کا قائل نہیں، وہ زبردستی اپنے نظریات کسی پر نہیں تھوپ دیتا، وہ صرف غور و فکر کی دعوت دیتا ہے، وہ آیاتِ بینات جو خالقِ کون و مکان کی وحدانیت اور اس کی صفاتِ کاملہ پر ناقابلِ تردید شہادت دے رہی ہیں، ان کی طرف ضرور متوجہ کرتا ہے تاکہ اگر دل میں حق پذیری کی صلاحیت موجود ہے تو وہ اسے شوق و رغبت سے قبول کرے، اگر آنکھوں میں بینائی ہے تو وہ حسنِ ازل کی دلفریبیوں سے لطف اندوز ہو سکے۔ اسی مقصد کے لیے قرآنِ کریم اپنے قارئین کو آفاقِ عالم کی ان تابندہ آیات میں غور کرنے کی دعوت دے رہا ہے۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص138

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِیْفِ

آسمان سے رزق (کا سبب مینہ) پھر زندہ کر دیا اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مُردہ ہونے کے بعد ۳ اور ہواؤں کے اِدھر اُدھر چلنے

الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝۵ تِلْكَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ۚ

میں نشانیاں ہیں ان کے لیے جو عقلمند ہیں ۴ یہ سب نشانیاں ہیں اللہ کی (قدرت کی) ہم بیان کرتے ہیں انہیں آپ پر حق کے ساتھ۔

فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰیٰتِهٖ یُؤْمِنُوْنَ ۝۶ وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ۝۷

پس وہ کونسی ایسی بات ہے جس پر وہ اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد ایمان لائیں گے ۵ ہلاکت ہے ہر جھوٹے بدکار کے لیے ۶

۳ اگر ہمیشہ رات ہوتی یا ہمیشہ ہی دن رہتا تو دنیا کا منظر اس طرح خوشنما اور دلفریب نہ ہوتا جس طرح اب ہے۔ رات دن کا بڑی باقاعدگی سے یکے بعد دیگرے آنا، پھر ایک کا آہستہ آہستہ گھٹتے چلے جانا اور دوسرے کا بڑھنا اپنے اندر انگنت فوائد رکھتا ہے جو اہلِ بصیرت کو پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ اس نظام کا برپا کرنے والا بڑی قدرت، وسیع علم اور گہری حکمت کا مالک ہے۔

۴ اس کرۂ ہوائی پر نظر ڈالو۔ اس کی یکسانیت میں حیران کن تنوع ہے اور اس تنوع میں جو انگنت اثرات مضمر ہیں، اس کا اندازہ لگانا اربابِ فہم کے لیے مشکل نہیں۔ کہیں بادِ نسیم کے جھونکے خواب آلود غنچوں کو جگا رہے ہیں، کہیں سبز پتوں پر شبنم کے موتی سجا رہے ہیں، کہیں طوفان بن کر اُمڈ رہے ہیں، کہیں بادل کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو یکجا کرنے کی خدمت انجام دی جا رہی ہے، کہیں گھنگھور گھٹاؤں کو آنِ واحد میں ناپید کر رہے ہیں، کبھی بہار کا پیغام لا رہے ہیں، کبھی خزاں کی چیرہ دستیوں میں اضافہ کر رہے ہیں، کہیں انسان کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کو تمام کرہ میں آناً فاناً پھیلا رہے ہیں۔ کرۂ ہوا کی بوقلمونیوں کو دیکھتے ہی انسان یہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اس کے پیدا کرنے والے کی قدرت، حکمت اور علم بے نظیر اور لاجواب ہے اور ان حقائق کے مشاہدہ کے بعد ہر وہ شخص جس کے دل میں ایمان اور یقین کا نور موجود ہے اور عقل و فہم کا چراغ روشن ہے، اسے آسانی سے عرفانِ الٰہی نصیب ہو سکتا ہے۔

۵ سورج طلوع ہو چکا ہو، اس کی کرنوں سے زمین کا گوشہ گوشہ جگمگا رہا ہو، پھر بھی اگر کسی کو کچھ نظر نہ آئے، اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا محسوس ہو تو کیا ایسے شخص کی راہ میں کوئی دیا جلا کر رکھا جائے تو اس کو کچھ نظر آئے گا؟ قرآن کریم کی آیات بینات کے بعد بھی اگر کسی کو نورِ ایمان نصیب نہیں ہوتا تو اس کے ظلمت کدۂ دل میں کسی اور ذریعہ سے اجالا کرنا ناممکن ہے۔

۶ ان آیات میں کفار کے ایک مخصوص گروہ کے طرزِ عمل کو بیان کیا جا رہا ہے کہ وہ آیاتِ الٰہی کو سنتے ہیں۔ لیکن ماننے اور ایمان لانے کے لیے نہیں بلکہ ان کو جھٹلانے کے لیے۔ ان کا یہ طے شدہ پروگرام ہے کہ وہ آیاتِ قرآنی کو ہرگز نہیں مانیں گے بلکہ اس خیال سے اسے سنیں گے کہ اس میں کوئی عیب نکال سکیں یا اس کا مذاق اڑا سکیں۔ ایسے لوگوں کو رُسوا کن عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا جس سے چھٹکارا ممکن نہ ہوگا۔ نہ ان کی کمائی ہوئی دولت ان کے کام آئے گی اور نہ ان کی اولاد ان کو اس مصیبت سے بچا

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ

جو سُنتا ہے اللہ کی آیتوں کو جو پڑھی جاتی ہیں اس کے سامنے پھر بھی وہ (کفر پر) اڑا رہتا ہے غرور کرتے ہوئے ۷ے گویا اس نے انہیں سُنا ہی نہیں۔

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ

پس آپ اسے دردناک عذاب کا مژدہ سُنا دیں ۔ اور جب وہ آگاہ ہوتا ہے ہماری آیتوں میں سے کسی پر تو ان کا مذاق اُڑانے لگتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹﴾ ؕ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا

یہی وہ (بدقماش) ہیں جن کے لیے رُسوا کُن عذاب ہے۔ ان کے آگے جہنم ہے۔ اور ان کے ذرا کام نہ آئے گا جو انہوں نے (عمر بھر)

كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰﴾

کمایا اور نہ وہ کسی کام آئیں گے جن کو انہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر مددگار بنایا تھا ۸ے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہوگا۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ ع ۱۱/۱۷

یہ قرآن سراپا ہدایت ہے ۹ے اور جنہوں نے انکار کیا اپنے رب کی آیتوں کا ان کے لیے دردناک عذاب ہے سخت ترین عذاب میں سے ۱۰ے

سکے گی، نہ وہ بت جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے اور نہ وہ رؤسا جن کو خوش کرنے کے لیے نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم اور شمعِ اسلام کے پروانوں کو اذیت دیا کرتے تھے، ان کی دستگیری کر سکیں گے۔ اَفَّاكٌ: كَذَّابٌ (1)۔ بہت جھوٹا۔ اَثِيْمٌ: بڑا بدکار۔ (2)

۷ے ان کے ایمان نہ لانے کی یہ وجہ نہیں کہ آیاتِ قرآنی پر انہیں کوئی معقول اعتراض ہے، جن عقائد کی تلقین کی گئی ہے وہ غلط ہیں، جس نظامِ حیات کو پیش کیا گیا ہے وہ فرسودہ ہے اور انسان کی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ نہیں، ان میں سے کوئی وجہ ان کو ایمان لانے سے باز نہیں رکھتی بلکہ غرور و نخوت انہیں اجازت نہیں دیتی کہ وہ اس نبی مکرمؐ کی اطاعت قبول کریں۔ اس لیے وہ باطل پر اڑ گئے ہیں اور اس سے چمٹے رہنے پر مُصر ہیں۔ آیاتِ الٰہی کا تمسخر اڑانا ان کا شیوہ ہے۔

۸ے اس سے مراد یا تو وہ بت ہیں جن کی وہ پوجا کیا کرتے تھے یا وہ رئیس، سردار اور سیاسی لیڈر ہیں جن کی خوشامد میں وہ ہر طرح کی خسیس حرکت کرنے کے لیے تیار رہتے تھے۔ حتیٰ کہ قرآن اور مُنزلِ قرآن کی نافرمانی بھی ان کا شعار بن گئی تھی۔

۹ے یعنی یہ قرآن سراپا ہدایت ہے۔ جو اس کی بتائی ہوئی راہ پر چلے گا منزلِ مقصود پر پہنچ جائے گا۔ جو اس کے نور سے اکتسابِ نور کرے گا اس کا دل بھی مُنور ہو جائے گا۔

۱۰ے اس آیت میں رِجْزٌ کا لفظ غور طلب ہے۔ علامہ ابنِ منظور اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ وَ مَعْنَى

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 148 2۔ ایضاً، جز 16، ص 149

اَللّٰهُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْكُ فِیْهِ بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا

اللہ وہ ہے جس نے مسخّر کر دیا ہے تمہارے لیے سمندر کو تاکہ رواں رہیں اس میں کشتیاں اس کے حکم سے[11] اور تاکہ تم (بحری تجارت سے)

مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی

تلاش کرو اس کا فضل[12] اور تاکہ تم اس کا شکر ادا کیا کرو۔ اور اس نے مسخّر کر دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الرِّجْزِ فِی الْقُرْآنِ هُوَ الْعَذَابُ الْمُقَلْقِلُ لِشِدَّتِهٖ وَ لَهُ قَلْقَلَةٌ شَدِیْدَةٌ مُّتَتَابِعَةٌ (لسان العرب)(1) یعنی ابو اسحٰق کہتے ہیں کہ رجز کا لفظ جو قرآن میں مذکور ہے اس کا معنی ہے ایسا عذاب جو اپنی شدت کے باعث لرزہ خیز ہو۔ اس کے جھٹکے شدید اور لگاتار ہوں۔ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ وہ بدبخت جو از راہِ غرور و تکبر اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔ انہیں شدید عذاب میں سے بڑے دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

[11] پہلے ان آیاتِ بینات کے ذکر کا سلسلہ شروع تھا جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی صفاتِ کمال پر دلالت کرتی تھیں۔ درمیان میں کفار کے ایک گروہ کی ہٹ دھرمی کا ذکر آ گیا۔ اب پھر انہی آیات کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔

علمائے لغت لفظِ تسخیر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ سَخَّرَهٗ تَسْخِیْرًا: كَلَّفَهٗ عَمَلًا بِلَا اُجْرَةٍ (الصحاح للجوہری)(2) کسی کو اُجرت اور معاوضہ دیے بغیر کوئی کام کرنے پر مجبور کرنا۔ علامہ ابنِ منظور لسان العرب میں تسخیر کا یہی مفہوم نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: قَالَ الزُّجَاجُ: تَسْخِیْرُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ تَسْخِیْرُ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ وَ النُّجُوْمِ لِلْآدَمِیِّیْنَ وَ هُوَ الِانْتِفَاعُ بِهَا فِیْ بُلُوْغِ مَنَابَتِهِمْ وَ الِاقْتِدَاءُ بِهَا فِیْ مَسَالِكِهِمْ وَ تَسْخِیْرُ مَا فِی الْاَرْضِ تَسْخِیْرُ بِحَارِهَا وَ اَنْهَارِهَا وَ دَوَابِّهَا وَ جَمِیْعِ مَنَافِعِهَا(3)۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی وہ ذات ہے جس نے سمندر کو تمہاری مفت خدمت انجام دینے پر مقرر کر دیا ہے۔ اس کی سطح کو اس طرح نرم بنا دیا ہے کہ تم اس میں غوطہ لگا سکتے ہو۔ تمہارے بڑے بڑے مسافر بردار جہاز، مال بردار جہاز اور وہ ٹینکر جو لاکھوں ٹن تیل اٹھا کر دور دراز مقامات تک پہنچتے ہیں وہ اس پر تیرتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ تم ان میں غوطہ لگا کر آبدار موتی نکالتے ہو، مچھلیاں پکڑ کر ان کو بیچتے بھی ہو اور کھاتے بھی ہو۔ اس کے علاوہ اور بے شمار خدمات ہیں جو سمندر انجام دے رہا ہے اور تم سے ان خدمات کا کوئی معاوضہ بھی طلب نہیں کیا جاتا۔

خود سوچو! اگر سمندروں کی سطح سخت ہوتی، تو تم اس میں غوطہ کیسے لگا سکتے۔ اگر ان میں بھاری بھر کم جہازوں کو اٹھانے کی صلاحیت نہ ہوتی تو بین الاقوامی تجارت کی یہ گرم بازاری سرے سے مفقود ہوتی۔ یہ سب اس کا فضل ہے جس کو تم تلاش کرتے ہو۔

[12] اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کسبِ حلال کا شوق دلاتا ہے اور پاکیزہ رزق تلاش کرنے کے لیے بحر و بر میں سفر اختیار کرنے والوں کے بارے میں فرماتا ہے کہ وہ میرے فضل کے متلاشی ہیں۔ اس لفظ میں کاسبِ حلال کی جو عزت افزائی ہے وہ کسی سے مخفی نہیں۔

1۔ لسان العرب، ج5، ص352 2۔ الصحاح، ج2، ص680 3۔ لسان العرب، ج4، ص353

الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

زمین میں ہے سب کا سب اپنے حکم سے ۱۳ بے شک اس (نظام) میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کیا کرتے ہیں ۱۴ (اے حبیب!)

اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا

فرمائیے اہلِ ایمان کو کہ درگزر کرتے رہیں ان لوگوں سے جو امید نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی تاکہ اللہ خود بدلہ دے ہر قوم کو جو وہ کیا

۱۳ صرف سمندروں پر ہی کیا منحصر ہے، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے، وہ تمہاری خدمت گزاری کے لیے وقف ہے اور اس تسخیر میں تمہارا یا تمہارے دیوی دیوتاؤں کا کوئی دخل نہیں۔ یہ محض اس کا فضل و کرم ہے۔ سائنس دان اپنی محیر العقول ایجادات کے باوجود کسی چیز کے خالق اور مُوجد نہیں۔ انہوں نے تو صرف ان مستور قوتوں کو آشکارا کر دیا ہے جو پہلے سے موجود تھیں اور نامعلوم تھیں۔ مثلاً جب انسان بولتا ہے اور اس کے متحرک ہونٹ ہوائی لہروں سے ٹکراتے ہیں تو سارے کرہ ہوائی میں ایک ارتعاش سا پیدا ہوتا ہے اور وہ آواز دنیا کے کونے کونے تک گونج جاتی ہے۔ سائنس کے قدیم ماہرین کو اس راز کی خبر نہ تھی، اس لیے وہ اس سے استفادہ نہ کر سکے۔ اب انہوں نے اس راز کو پالیا، اس لیے اب ریڈیو وغیرہ کے ذریعے آپ دور دراز کی آوازیں سن لیتے ہیں۔ ''مِنْهُ'' سے اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے۔

امریکہ کا شہرۂ آفاق سائنسدان تھامس ایڈیسن جس نے ایک ہزار سے زیادہ ایجادات کیں، ایک روز کہنے لگا: میرے متعلق لوگ کہتے ہیں کہ میں بہت بڑا موجد ہوں۔ یہ بالکل غلط ہے۔ میں قطعاً ایسا موجد نہیں جو قابلِ ذکر ہو۔ جب میں سوچتا ہوں کہ میں ایک زیرک انسان تو کجا، ایک بے وقوف آدمی بنانے پر بھی قادر نہیں جو احمقوں کی سی باتیں کر سکے، اس کے باوجود مجھے موجد کہنا بڑی بے انصافی ہے۔ پھر اس نے اپنی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "THAT IS THE REAL INVENTOR" حقیقی موجد اس کی ذات ہے(1)۔ (ریڈرز ڈائجسٹ، اگست ۱۹۷۳ء)

۱۴ ان آیات کے آئینوں میں حسنِ حقیقی اور کمالِ ازلی کا عکسِ جمیل وہی دیکھ سکتے ہیں جو غور و فکر کرنے کے عادی ہوں، لیکن جنہوں نے غور و فکر کی کٹھن وادیوں میں قدم رنجہ فرمانے کی کبھی زحمت نہیں کی، انہیں ان جلوؤں کی رعنائیوں کی کیا خبر؟ تاریخ کا یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ وہ قوم جو قرآن جیسی کتاب کی حامل ہے، بے حسی اور جمود کے آغوش میں اونگھ رہی ہے۔ اسے اونگھتے صدیاں بیت چکی ہیں اور ابھی تک وہ جاگنے کا نام نہیں لیتی۔ اقبالؒ نے اسی لیے بددعا یا دعا کی تھی۔

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں(2)

1۔ ریڈرز ڈائجسٹ، اگست 1973ء 2۔ کلیات اقبال (اردو)، ص 450، ضرب کلیم، ص 70

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ثُمَّ

کرتے تھے ۱۵ جو نیک عمل کرتا ہے پس وہ اپنے بھلے کے لیے کرتا ہے۔ اور جو بُرا کرتا ہے تو اس کا وبال اس پر ہوگا ۱۶ پھر

اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ

اپنے رب کی طرف تمہیں لوٹایا جائے گا۔ اور بے شک ہم نے عطا فرمائی بنی اسرائیل کو کتاب ، حکومت

وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾

اور نبوّت ۱۷ اور ہم نے ان کو پاکیزہ رزق دیا ۱۸ اور انہیں بزرگی دی (اپنے زمانے کے) اہلِ جہاں پر ۱۹

۱۵ اہلِ ایمان کو عفو و درگزر کی تلقین کی جارہی ہے کہ کفار جنہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب کا کوئی خوف نہیں، وہ تمہیں طرح طرح کی اذیتیں دیتے ہیں اور دکھ دیتے ہیں، تم ان سے الجھنا شروع کردو اور نہ ان سے انتقام لینے کے درپے ہوجاؤ۔ عفو و درگزر سے کام لیا کرو۔ تمہارے مقامِ رفیع کو یہی بات زیب دیتی ہے، رہا ان کی سزا کا معاملہ تو اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کردو۔ وہ ہر چیز پر قادر بھی ہے، اسے جلی و خفی کا علم بھی ہے اور وہ حکیم بھی ہے۔ جب مناسب ہوگا ان کو عذاب کے شکنجہ میں کس دے گا۔ قَوْمًا سے مراد اہلِ ایمان بھی ہو سکتے ہیں۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اہلِ ایمان قدرت و طاقت کے باوجود حکمِ الٰہی کی تعمیل کرتے ہوئے ان منکرین سے درگزر کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو اجر دے گا۔ (1)

بڑی اہمیت کے تاریخی واقعات کو مجازاً اَلْاَیَّام کہا جاتا ہے، چنانچہ وہ جنگیں جو زمانۂ جاہلیت میں لڑی گئیں، جن میں انسانی خون پانی کی طرح بہایا گیا، جن کی تلخ یاد مدتِ مدید تک تازہ رہی، انہیں ایام العرب کہتے ہیں۔ نیز ایام کا معنی عذاب بھی کیا گیا ہے۔ اس صورت میں یَرْجُوْنَ، یَخَافُوْنَ کا ہم معنی ہوگا۔ یعنی جو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں ڈرتے۔ (2)

۱۶ ہر شخص اپنے اعمالِ نیک و بد کا خود ذمہ دار ہے۔

۱۷ بنی اسرائیل پر جو انعامات فرمائے گئے، اب ان کا ذکر ہو رہا ہے۔ پہلے ان انعامات کا ذکر کیا جو دین سے متعلق ہیں۔ یعنی ہم نے ان کو تورات جیسی عظیم کتاب مرحمت فرمائی۔ پھر انہیں حکم سے سرفراز فرمایا۔ حکم سے مراد حکومت ہے، یعنی ہم نے ان کو حکومت عطا فرمائی تاکہ وہ احکامِ الٰہی کی تنفیذ کرسکیں اور ارشادِ خداوندی کے مطابق اپنے مقدمات کا فیصلہ کرسکیں اور حکم کا دوسرا معنی کتاب کا فہم اور اس کے مطالب کا ادراک بھی ہوسکتا ہے، یعنی ہم نے انہیں کتاب بھی دی اور اس کے اسرار و معارف کی سمجھ بھی ارزانی فرمائی۔ (3)

۱۸ ان دینی عنایات کے علاوہ انہیں پاکیزہ رزق بھی عطا فرمایا۔ جب تک دشتِ تیہ میں رہے، من و سلویٰ اترتا رہا، جب شام و فلسطین پر ان کی حکومت قائم ہوئی، تو وہاں کی سرسبز و شاداب زمینوں نے ان کو مالا مال کردیا۔

۱۹ یعنی اس زمانے میں جتنی قومیں موجود تھیں، ان میں سب سے زیادہ یہی لوگ بارِ امانت کو اٹھانے کی صلاحیت رکھتے تھے۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 147 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 161 3۔ ایضاً، ص 168

وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

اور ہم نے انہیں دین کے معاملہ میں واضح دلائل دیے ۲۰ پس آپس میں انہوں نے جھگڑنا شروع نہیں کیا مگر اس کے بعد کہ انہیں (حقائق کا)

الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

صحیح علم آگیا۔ محض باہمی حسد و عناد کے باعث ۲۱ یقیناً آپ کا رب فیصلہ فرمائے گا ان کے درمیان قیامت کے دن جن باتوں

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۷ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا

میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے ۲۲ پھر ہم نے پختہ کر دیا آپ کو صحیح راہ پر دین کے معاملہ میں ۲۳ پس آپ اس کی

اس لیے اپنی ہمعصر اقوام پر ان کو فضیلت بخشی گئی اور تبلیغِ حق کی ذمہ داری ان کے سپرد کی گئی۔

۲۰ الْاَمْر سے مراد دین ہے۔ یعنی دین کے معاملہ میں انہیں کسی مخمصہ اور ابہام میں نہیں رہنے دیا گیا۔ بلکہ عقائدِ صحیحہ، اعمالِ حسنہ اور اخلاقِ پسندیدہ کے بارے میں انہیں واضح ہدایات دے دی گئیں اور پختہ دلائل سے انہیں ثابت کر دیا گیا۔ دَلَائِلَ ظَاهِرَةً فِي اَمْرِ الدِّيْنِ۔ (روح المعانی)(1)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ الامر سے مراد حضور سرورِ عالم ﷺ کی ذاتِ اقدس ہے۔ یعنی حضورؐ کے متعلق ایسی واضح نشانیاں انہیں بتادی گئیں جن سے وہ بآسانی حضور کو پہچان کر ایمان لا سکتے تھے۔ (روح المعانی۔ قرطبی)(2)

۲۱ بنی اسرائیل متعدد فرقوں میں بٹے ہوئے تھے اور ان کا یہ اختلاف شدید نوعیت کا تھا۔ اس انتشار نے ان کی دینی اور اخلاقی زندگی کو گوناگوں خرابیوں کی آماجگاہ بنا دیا تھا۔ فرقہ بندی کے باعث ان کی ظاہری قوت بھی پاش پاش ہو گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کے اس اختلاف اور انتشار کی وجہ ان کی بے علمی اور جہالت نہ تھی، سب کچھ جانتے تھے۔ محض باہمی حسد اور کینہ کے باعث وہ الگ الگ ٹکڑیوں میں بٹ گئے تھے اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کرنے لگے۔

۲۲ قیامت کے روز ان کے باہمی اختلاف کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

۲۳ لغت میں شریعت نہر یا دریا کے اس مقام کو کہتے ہیں جہاں لوگ بآسانی بیٹھ کر پانی پی سکتے ہیں اور غُسل وغیرہ کر سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ راستہ جو منزل کی طرف لے جاتا ہے، اس کو عربی میں شارع کہتے ہیں۔ یہاں شریعت کا معنی ہے مَا شَرَعَ اللّٰهُ لِعِبَادِهٖ مِنَ الدِّيْنِ۔ یعنی وہ عقائد، عبادات اور معاملات جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے مقرر فرمائے ہیں، جن کی پابندی سے وہ اپنے مالک کے شکر گزار بندے کہلا سکتے ہیں اور ان کا وجود ان کے اپنے لیے اور سارے معاشرہ کے لیے یمن و برکت کا باعث بن جاتا ہے۔

بنی اسرائیل پر جو عنایات کی گئی تھیں اور انہوں نے باہمی حسد و بُغض سے جس طرح اپنے آپ کو مختلف دھڑوں میں تقسیم کر

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 25، ص 148 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 163

وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ

پیروی کرتے رہیں اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کریں جو بے علم ہیں ۲۴ یہ لوگ اللہ کے مقابلے میں آپ کو قطعاً کچھ فائدہ ۲۵

کے اپنی افادیت کھودی تھی اور اب وہ اس قابل نہ رہے تھے کہ دعوتِ حق کے منصب پر متمکن رہیں، ان کے حالات بیان کرنے کے بعد روئے سخن اپنے محبوب رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف ہے۔ یعنی ہم نے آپ کو دین کے معاملہ میں ایک واضح شریعت عطا فرمادی ہے جس میں کسی قسم کا نقص نہیں۔ دین و دنیا کی تمام ضرورتوں کو پورا کرنے والی ہے اور اس پر عمل کرنے والا، فرد ہو یا امت، فلاحِ دارین کے شرف سے مُشرف ہوگا۔ (1)

۲۴ اے میرے پیارے حبیب! اب آپ پر فرض ہے کہ آپ اس کی پیروی کریں۔ نفس کے پرستار اور دنیا کے پجاری لاکھ شور مچائیں، آپ ان کی طرف قطعاً التفات نہ کریں۔ بڑی ثابت قدمی اور استقامت کے ساتھ آگے بڑھتے جائیں۔ جس ذات نے آپ کو یہ جامع شریعت عطا فرمائی ہے وہ علیم و خبیر ہے اور اعتراض کرنے والے لوگ جاہل اور نفس پرست ہیں۔ اگر علیم و خبیر کی واضح ہدایات پر ان جاہلوں کی نفسانی خواہشات کو ترجیح دی جائے گی تو اس پر جو نتیجہ مرتب ہوگا، وہ واضح ہے۔

۲۵ یاد رکھو اگر تم نے ایسا کیا اور اللہ تعالیٰ کی نظرِ لطف و کرم سے محروم کر دیے گئے، تو پھر اس کے غضب سے دنیا کی کوئی طاقت تمہیں بچا نہیں سکے گی۔

اہلِ پاکستان کے لیے یہ آیات خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ ہم آزادی کے بعد ابتدائی سالوں میں یورپ اور امریکہ کی مادی ترقی پر فریفتہ رہے، اپنی پاکیزہ ثقافت اور خوبصورت تمدن کو مغربی تہذیب کی کنیز بنانے پر مصر رہے، ان کے ادنیٰ اشارے پر اپنی سیاست کو رنگ دیتے رہے۔ بیس پچیس سال تک مغرب کی کورانہ تقلید کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہماری معاشیات، سرمایہ داری نظام کے قالب میں ڈھل گئے، چند خاندان امیر بن گئے، باقی ساری قوم قلاش ہوگئی۔ اس تباہ کن پالیسی کے خطرناک اثرات ظاہر ہوئے، تو ہم بھنّا اٹھے اور اپنے آپ کو کوسنا شروع کر دیا لیکن شومئ قسمت ملاحظہ ہو اگر پہلے لندن اور واشنگٹن ہمارا مرکزِ عقیدت تھا تو اب ماسکو ہمارا قبلۂ حاجات بنتا جا رہا ہے اور حالات بتا رہے ہیں کہ ہمارے موجودہ قائدین ہمیں سوشلزم کی دلدل میں پھنسا کر دم لیں گے۔ کاش! کوئی مردِ دانا ان نازک لمحوں میں ہمیں قرآنِ کریم کے بتائے ہوئے نظام پر عمل پیرا کر دیتا اور اسلام کا وہی نظام جسے رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرب کے جہنم زار میں نافذ کر کے اسے رشکِ فردوس بنا دیا تھا، اسی کو وہ اس پاکستان میں نافذ کر کے ہماری کشتی کو بھی ساحل آشنا کر دیتا۔ ہم کب تک دریوزہ گر بنے در در کی ٹھوکریں کھاتے رہیں گے؟ اپنے نبیؐ برحق کے دامنِ رحمت کو چھوڑ کر اغیار کے سایۂ دیوار میں پڑے رہیں گے؟ اس انقلاب کے لیے ضروری ہے کہ قوم میں فکری اتحاد ہو اور قیادت اتنی جاندار اور نورِ ایمان سے مالا مال ہو کہ مخالفین کی غوغا آرائی میں قرآن کی اس آیت پر فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ پر عمل پیرا ہونے کی ہمت رکھتی ہو۔

قافلۂ حجاز میں ایک حسینؓ بھی نہیں گرچہ ہے تابدار ابھی گیسوئے دجلہ و فرات (2)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 163 2۔ کلیاتِ اقبال اردو، ص 327، بال جبریل، ص 93

اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

نہ پہنچا سکیں گے۔ بلاشبہ ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کا دوست ہے ۲۶

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ حَسِبَ

یہ بصیرت افروز باتیں ہیں سب لوگوں کے لیے اور (باعثِ) ہدایت و رحمت ہیں ان کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ۲۷ کیا خیال کر رکھا ہے

الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

ان لوگوں نے جو ارتکاب کرتے ہیں برائیوں کا کہ ہم بنا دیں گے انہیں ان لوگوں کی مانند جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ

سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ ع ۲ ۱۰ ۱۸

یکساں ہو جائے ان (دونوں) کا جینا اور مرنا ۲۸ بڑا غلط فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے آسمانوں

۲۶ اگر تم قرآنِ کریم کے بتائے ہوئے راستہ کو چھوڑ دو گے تو ظالم بن جاؤ گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی نصرت اور تائید کے مستحق نہیں رہو گے۔ اللہ تعالیٰ تو صرف ان لوگوں کی اعانت فرماتا ہے اور دستگیری کرتا ہے جو اس کی نافرمانی سے لرزہ براندام رہتے ہیں اور اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کو اپنی زندگی کا شعار بناتے ہیں۔

۲۷ قرآنِ کریم تمام انسانوں کے لیے نورِ ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ جو اس سے مستفید ہونا چاہے، وہ محروم واپس نہیں جائے گا۔ وہ خوش نصیب جو اس کی بیان کردہ حقیقتوں پر یقین رکھتے ہیں، ان کے لیے یہ سراپا ہدایت و رحمت ہے۔ اس کا دامن پکڑ کر اور اس کے ارشادات کو خضرِ راہ بنا کر ہم اپنی منزلِ مراد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

۲۸ کفارِ عرب قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ ہر طرح کی باز پُرس سے بے غم تھے، ان کی زندگی کا سب سے اعلیٰ مقصد یہ تھا کہ وہ خوب دادِ عیش دیں اور معاشرہ میں احترام کی نگاہ سے دیکھے جائیں۔ جب اسلام نے انہیں قیامت کے محاسبہ سے ڈرایا اور انہیں ان بدکاریوں سے باز آنے کی تلقین کی جن کا وہ ارتکاب کیا کرتے تھے، تو ان میں سے جو بڑے سرکش تھے، برملا کہنے لگے کہ پہلے تو قیامت کا برپا ہونا ہی خلافِ عقل اور محال ہے، اگر بالفرض ایسا ہو بھی گیا تو وہی خدا وہاں بھی ہوگا جو یہاں ہے۔ جب اس نے ہمیں یہاں گوناگوں نعمتوں اور آسائشوں سے بہرہ ور کیا ہے، وہ ہمیں اس روز بھی محروم نہیں رکھے گا۔ وہ بڑی شوخی سے کہا کرتے۔ لَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى (حم السجدۃ:50) اگر (بالفرض) میں اپنے رب کی طرف لوٹ کر گیا تو مجھے وہاں بڑی عمدہ چیزیں ملیں گی۔ ان کی اس غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے کہ کیا بدکار اور فجار اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ان کی زندگی اور موت ان لوگوں جیسی ہوگی جو اللہ تعالیٰ اور رسولِ مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سچے دل سے ایمان لائے اور ساری عمر اطاعت و

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

اور زمین کو حق کے ساتھ ۲۹ تاکہ بدلہ دیا جائے ہر شخص کو جو اس نے کمایا اور ان پر (قطعاً) ظلم نہیں کیا جائے گا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى

ذرا اس کی طرف تو دیکھو جس نے بنالیا ہے اپنا خدا اپنی خواہش کو ۳۰ اور گمراہ کر دیا ہے اسے اللہ نے باوجود علم کے اور مُہر لگا دی

فرمانبرداری میں گزار دی؟ کیا وہ لوگ ان کے ہم پلہ ہو سکتے ہیں جو عمر بھر شرک کرتے رہے، نفس کی سفلی خواہشات کی تسکین کے لیے تمام اخلاقی ضابطوں کو روندتے رہے اور حصولِ مال وجاہ کے لیے اللہ تعالیٰ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو توڑتے رہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے۔ کان کھول کر سن لو۔ ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ بلکہ جس طرح ان کی دنیوی زندگیاں یکساں نہیں تھیں اسی طرح ان کی آنے والی زندگیاں بھی یکساں نہیں ہوں گی۔ اطاعت گزاروں اور فرمانبرداروں کو فردوسِ بریں میں بصد عزت واکرام داخل کیا جائے گا اور بدکاروں اور سرکشوں کو دھکے دے کر جہنم کے شعلہ زاروں میں پھینک دیا جائے گا۔

اس آیت کی ترکیب پر ذرا سرسری نظر ڈال لیجیے۔ أم منقطعہ ہے۔ اس کا کوئی خاص مدلول نہیں۔ محض ایک بیان سے دوسرے بیان کی طرف انتقال کے لیے ذکر کیا گیا ہے۔ یا استفہامِ انکار کے لیے ہے، يَعْنِيْ اَنَّهٗ لَا يَلِيْقُ وَ اَنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ لِظُهُوْرِ خِلَافِهٖ۔ حَسِبَ کا فاعل الَّذِيْنَ ہے۔ قاعدہ کے مطابق حَسِبَ کے دو مفعول ہونے چاہییں۔ یہاں صرف ایک مفعول ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ اگرچہ بظاہر ایک مفعول ہے لیکن دو کے قائم مقام ہے۔ نَجْعَلَ کا معنی نُصَيِّرَ ہے۔ ہم اس کا مفعول اوّل ہے اور كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مفعولِ ثانی ہے۔ سَوَآءً بدل ہے اور کاف مبدل منہ ہے جو یہاں مثل کے معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ سَوَآءً مصدر ہے اور مُسْتَوٍ کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ اس کا فاعل ہیں۔ اگرچہ اور بھی اقوال ہیں، لیکن زیادہ صحیح اور صاف یہی ترکیب ہے۔ (1)

اب آیت کا مطلب واضح ہو گیا کہ بدکاروں کا یہ خیال باطل محض ہے۔ ہم انہیں اور اہلِ ایمان کو ایک جیسا کر دیں گے اور ان سے یکساں سلوک کیا جائے گا۔ یعنی ہم کفار کی زندگی اور موت، اہل ایمان کی زندگی اور موت کی طرح کر دیں گے؟ ان کا خیال بالکل غلط ہے۔

۲۹ یہ کارخانہ ہستی کھیل تماشا نہیں بلکہ بڑی سنجیدگی اور متانت سے اس کی تخلیق کی گئی ہے اور اس کو برقرار رکھنے کے انتظامات کر دیے گئے ہیں۔

۳۰ اپنی خواہش کو خدا بنانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کام کو کرتا ہے جو اس کے نفس کو پسند ہو اور ہر ایسے کام سے روگردانی کرتا ہے جس سے اس کا نفس انکار کرے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ معظم ﷺ کے احکامات کی ذرا پروا نہیں کرتا۔ جب کسی شخص پر اس کی خواہشات کا اس طرح قابو ہو جائے تو گویا وہ اپنی خواہش کا بندہ بن گیا ہے اور اس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا ہے۔ قرآنِ کریم نے بھی ہوائے نفس کی اتباع کی جگہ جگہ مذمت کی ہے اور احادیثِ مبارکہ میں بھی اس سے اجتناب کا حکم دیا گیا

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص149

سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ

ہے اس کے کانوں اور اس کے دل پر ۳۱ اور ڈال دیا ہے اس کی آنکھوں پر پردہ ۳۲ پس کون ہدایت دے سکتا ہے اسے اللہ کے

ہے۔ قَالَ شَدَّادُ بْنُ اَوْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْفَاجِرُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ(1)۔ یعنی دانا وہ ہے جس کا نفس حکمِ الٰہی کا پابند ہوتا ہے اور آنے والی زندگی کے لیے عمل کرتا ہے اور فاجر وہ ہے جو اپنی خواہش نفس کی پیروی کرتا رہتا ہے اور پھر اللہ تعالیٰ سے بڑی بڑی توقعات وابستہ رکھتا ہے۔ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ مُّهْلِكَاتٌ وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں اور تین چیزیں نجات دینے والی ہیں۔ اَلْمُهْلِكَاتُ: شُحٌّ مُّطَاعٌ، هَوًى مُتَّبَعٌ، وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ۔ وَالْمُنْجِيَاتُ: خَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ، وَالْعَدْلُ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ(2)۔ پس ہلاک کرنے والی یہ چیزیں ہیں: بخل جو مسلط ہو جائے۔ خواہش نفس جس کی پیروی کی جانے لگے اور خود بینی، یعنی اپنے آپ کو سب کچھ سمجھنے کی عادت۔ اور نجات دینے والی چیزیں یہ ہیں: ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا خوف، رضامندی اور ناراضگی میں عدل وانصاف اور خوش حالی اور افلاس میں میانہ روی۔

مردانگی بھی یہی ہے کہ انسان ہوائے نفس کا مقابلہ کرے، اس کی ترغیبات وتحریصات کے باوجود راہِ حق پر ثابت قدم رہے اور اگر کوئی شخص ایسی عزیمت کا مظاہرہ کرتا ہے تو نفس سرِ اطاعت خم کر دیتا ہے اور آہستہ آہستہ اس کی خواہشات اور مطالبات احکامِ الٰہی سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ صاحب قصیدۂ بُردہ لکھتے ہیں۔

اَلنَّفْسُ كَالطِّفْلِ اِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلٰى حُبِّ الرَّضَاعِ وَاِنْ تَفْطِمْهُ يَنْفَطِمِ(3)

ترجمہ: نفس بچے کی مانند ہے۔ اگر تم اس کا دودھ نہ چھڑاؤ تو وہ اسی عادت پر جوان ہو جائے گا اور اگر تم اس کا دودھ چھڑا دو (تو چند دن رونے کے بعد) وہ دودھ پینا چھوڑ دے گا۔ لیکن اگر نفس کا مطالبہ ماننا شروع کر دیا جائے تو نفس کے مطالبات میں ہر لحظہ اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ ابوعبید الطوسی لکھتے ہیں۔

وَ النَّفْسُ اِنْ اَعْطَيْتَهَا مُنَاهَا فَاغِرَةٌ نَحْوَ هَوَاهَا فَاهَا(4)

ترجمہ: اگر تو نفس کی خواہشات کی تکمیل کرتا رہے تو یہ اپنی مزید خواہشات کی طرف منہ کھولے ہوئے بڑھتا جائے گا۔

۳۱ عَلٰى عِلْمٍ حال ہے، اس کا ذوالحال اَضَلَّ کا فاعل اللہ جل جلالہ بھی ہو سکتا ہے اور مفعول (اَضَلَّهٗ کی) ہٗ ضمیر بھی، پہلی صورت میں معنی ہوگا کہ اللہ تعالیٰ پہلے سے جانتا ہے کہ یہ شخص صرف اپنے نفس کی خواہش کی پیروی کرے گا۔ دعوتِ حق کی طرف قطعاً التفات نہ کرے گا، نہ اس کے دل میں ہدایت کا شوق ہے اور نہ اس نے حصولِ ہدایت کے لیے کوئی کوشش کی ہے۔ اس لیے اس کو گمراہ کر دیا گیا(5)۔ دوسری صورت میں آیت کا معنی ہوگا کہ یہ شخص جانتے بوجھتے حق سے گریزاں رہا اور باطل سے چمٹا رہا۔ وہ اسی قابل تھا کہ اسے نعمتِ ہدایت سے محروم کر دیا جائے اور بادیہ ضلالت میں بھٹکنے کے لیے چھوڑ دیا جائے۔

۳۲ اس اتباعِ ہوئی کی نحوست اس پر ایسی پڑی کہ کان آوازِ حق سننے سے بہرے ہو گئے اور دلوں میں عرفانِ صداقت کی جو

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص167 2۔ ایضاً 3۔ القصیدتان، ص9، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص168 5۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج25، ص152

اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

بعد۔ (لوگو!) کیا تم غور نہیں کرتے ۔ اور وہ کہتے ہیں نہیں (کوئی دوسری) زندگی بجز ہماری دنیا کی زندگی کے (یہیں) ہم نے مرنا اور زندہ

وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا

رہنا ہے اور نہیں فنا کرتا ہمیں مگر زمانہ ۳۳ حالانکہ انہیں اس حقیقت کا کوئی علم نہیں۔ وہ محض ظن (وتخمین) سے

استعداد تھی وہ ختم ہوگئی، آنکھوں سے نورِ حق کو دیکھنے کی بینائی سلب کر لی گئی۔ اب ایسے بد بخت کو کون ہدایت دے سکتا ہے۔

۳۳ کفارِ عرب کی ذہنیت یہاں بالکل بے نقاب ہو کر سامنے آ گئی ہے۔ وہ صرف قیامت اور حیات بعد الموت کے ہی منکر نہ تھے بلکہ وہ ایسی ہستی کے بھی قائل نہ تھے جو اس سارے جہان کی خالق ہو اور اس میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات، تغیرات اور احوال کی حقیقی فاعل ہو، حیات اور موت، فتح وشکست، عروج اور زوال اس کے قبضہء قدرت میں ہو۔ ان کا نظریہ یہ تھا کہ زمانہ ہی مؤثرِ حقیقی ہے۔ رنج وراحت، ادبار واقبال، کامیابی وناکامی، صحت اور مرض، بہار اور خزاں سب کا تعلق فلک الافلاک کی گردش سے ہے۔ جب وہ خالقِ کائنات کے ہی منکر تھے تو پھر رسالت، قیامت، نزولِ وحی پر ان کا ایمان کیسے ہو سکتا تھا؟ اس لیے وہ اسی زندگی کو ہی سب کچھ سمجھتے تھے، اسی کو خوب سے خوب تر بنانا ان کے تخیل کی پرواز کی انتہا تھی۔

''اَلدَّهْرُ'' کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ راغب اصفہانی لکھتے ہیں: اَلدَّهْرُ فِي الْاَصْلِ اسْمٌ لِمُدَّةِ الْعَالَمِ مِنْ مَّبْدَإِ وُجُوْدِهٖ اِلَى انْقِضَاءِهٖ ..... ثُمَّ يُعَبَّرُ بِهٖ عَنْ كُلِّ مُدَّةٍ كَثِيْرَةٍ (1)۔ یعنی ''دہر'' اصل میں جہان کی ابتداء سے لے کر اس کے اختتام تک کی مدت کو کہتے ہیں۔ پھر طویل مدت کو بھی ''دہر'' کہا جاتا ہے۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ حدیث میں ہے ''فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ'' کہ زمانہ ہی اللہ تعالیٰ ہے۔ علامہ ابوبکر جصاص لکھتے ہیں کہ صحیح حدیث کے الفاظ یہ ہیں: عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يُؤْذِيْنِيْ ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَاَنَا الدَّهْرُ بِيَدِيَ الْاَمْرُ اُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ۔ (2) اس کا معنی یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابنِ آدم مجھے اذیت دیتا ہے کیونکہ وہ ''دہر'' کو برا بھلا کہتا ہے، حالانکہ (اَنَا الدَّهْرُ) میں زمانہ کا موجد ہوں۔ سارا اختیار میرے دستِ قدرت میں ہے۔ میں رات اور دن کو بدلتا رہتا ہوں۔

اس حدیث میں الدّھر مرفوع نہیں ہے تاکہ اس کا معنی ہو کہ میں دہر ہوں، ورنہ ''الدّھر'' بھی اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ سے ہوتا بلکہ اَنَا الدَّهْرُ ہے اور الدہر ظرفیت کے باعث منصوب ہے۔ مقصد یہ ہے کہ کفارِ عرب مصائب وآلام کا حقیقی فاعل دہر کو سمجھتے ہیں اور دہر کو برا بھلا کہتے ہیں، حالانکہ حقیقی فاعل دہر نہیں ہے، میں ہوں۔ جس نے زمانہ کو پیدا کیا اور مختلف تغیرات کا اس کو سبب بنایا۔ گویا ان کا سب وشتم میری طرف منسوب ہوتا ہے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں: اِنَّمَا غَلَطَ بَعْضُ الرُّوَاةِ فَنَقَلَ الْمَعْنٰى عِنْدَهٗ ''وَقَالَ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ'' (احکام القرآن للجصاص) یعنی بعض راویوں نے اس حدیث کے بعینہ الفاظ نقل

1۔ مفرداتِ راغب، ص319 2۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب وما یھلکنا الا الدھر، ج2، ص715

يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّاۤ اَنْ

کام لے رہے ہیں ۳۴ اور جب پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری روشن آیتیں تو (ان کے جواب میں) ان کے پاس کوئی دلیل نہیں

قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

ہوتی بجز اس کے کہ وہ کہتے ہیں کہ لے آؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم سچے ہو ۳۵ فرمائیے اللہ نے زندہ فرمایا ہے تمہیں پھر وہی مارے گا تمہیں

ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

پھر جمع کرے گا تمہیں روزِ قیامت جس میں ذرا شک نہیں ۳۶ لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو)

نہیں کیے بلکہ روایت بالمعنی کی ہے۔ اس طرح ان سے یہ غلطی سرزد ہوگئی اور انہوں نے فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ نقل کیا، حالانکہ حدیث کے صحیح الفاظ یہ تھے اَنَا الدَّهْرُ۔(1)

یہ نظریہ عرب کے بادیہ نشینوں کا تھا جو جہالت و بربریت کی آغوش میں پروان چڑھے تھے۔ اسی نظریہ کو عصرِ حاضر کے ملحد فلسفی اور مادہ پرست سائنسدان بڑی شدّومد سے پیش کرتے ہیں اور ہمارے سادہ لوح نوجوان جو خود علم وحکمت کے بحرِ بے پیدا کنار میں غواصی کی جرأت نہیں کرتے کیونکہ ان کی تن آسانی اور غفلت کیشی انہیں ان جانفشانیوں اور زہرہ گدازیوں کی اجازت نہیں دیتی جو ایک طالب علم کے لیے ناگزیر ہیں۔ وہ صرف خزف چینی پر ہی قانع ہیں اور ذہنی طور پر اتنے مرعوب ہیں کہ وہ یہ بھی نہیں سوچتے کہ یہ تو وہی پرانا، بوسیدہ اور از کار رفتہ نظریہ ہے جس کو عرب کے گنواروں نے اختیار کیا ہوا تھا۔ عہدِ جدید کے بعض ملاحدہ اگر یہی اعتقاد رکھتے ہیں تو اس کو ترقی یافتہ اور محققانہ نظریہ نہیں کہا جا سکتا۔ ترقی یافتہ اور محققانہ نظریہ وہی ہے جسے قرآنِ کریم نے بیان کیا ہے اور جس کا اعلان اور تبلیغ محبوبِ رب العالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمائی ہے۔

۳۴ خالقِ مختار کے انکار اور بعثت و قیامت کے بطلان کے لیے ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔ وہ محض ظن وتخمین کے گھوڑے دوڑا رہے ہیں۔

۳۵ وقوعِ قیامت کے امکان بلکہ اس کے ضروری اور عین حکمت ہونے پر تو ٹھوس اور ناقابلِ تردید دلائل پیش کیے جا رہے ہیں لیکن ان کے پاس انکارِ قیامت کی کوئی دلیل نہیں۔ زیادہ سے زیادہ اگر وہ کچھ کہتے ہیں تو اتنا ہی کہتے ہیں کہ ہمارے مرے ہوئے باپ دادوں کو زندہ کر دکھاؤ۔ ہم مان جائیں گے کہ قیامت برپا ہوگی۔ ان کے اس قول کی لغویت واضح ہے۔ ان سے یہ کس نے کہا ہے کہ اس دنیا میں انہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ دعویٰ تو یہ ہے کہ روزِ قیامت انہیں زندہ کیا جائے گا۔ ان کے اس مُہمل قول کو حُجت اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ اسے ایک قوی حجت کے طور پر پیش کرتے تھے۔ لِاَنَّهُمْ اَدْلَوْا بِهٖ كَمَا يُدْلِي الْمُحْتَجُّ لِحُجَّتِهٖ اَوْ لِاَنَّهٗ فِيْ حُسْبَانِهِمْ وَتَقْدِيْرِهِمْ حُجَّةٌ۔(2)

1۔ احکام القرآن از جصاص، ج3، ص389 2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص92-291

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ع ۵ ۱۹

نہیں جانتے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی ۳۷ اور جس روز برپا ہوگی قیامت

يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ

اس روز سخت نقصان اٹھائیں گے باطل پرست ۔ اور آپ دیکھیں گے ہر گروہ کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا ۳۸ ہر گروہ کو بلایا جائے

تُدْعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا

گا اس کے صحیفۂ (عمل) کی طرف۔ (انہیں کہا جائے گا) آج تمہیں بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے ۔ یہ ہمارا نوشتہ ہے

يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَمَّا

جو بولتا ہے تمہارے بارے میں سچ ۳۹ ہم لکھ لیا کرتے تھے جو تم (دنیا میں) عمل کیا کرتے تھے ۔ پس

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل فرمائے گا۔

۳۶ ان کے تمام نظریاتِ باطلہ کی تردید کر دی گئی۔ انہیں بتا دیا گیا کہ زمانہ بیچارہ خود مخلوق ہے۔ اس کی صبحیں اور شامیں، اس کی بہار اور خزاں، اس کے خالق کے اشارہ کی مرہونِ منت ہیں۔ نہ اس میں شعور، نہ ادراک، نہ قدرت، نہ اختیار، وہ کیسے مؤثرِ حقیقی ہو سکتا ہے۔ ''دہر'' نہیں بلکہ خالقِ دہر تمہیں زندہ بھی کرتا ہے اور مارتا بھی ہے۔ وہی تمہیں قیامت کے دن ایک جگہ جمع کرے گا، اس میں ذرا شک نہیں، ناواقف اور بے خبر لوگ ہی اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے۔

۳۷ آسمانوں اور زمین کا خالق بھی وہی ہے اور مالک بھی وہی۔ ایسے قادر و قیوم کے لیے تمہیں دوبارہ زندہ کرنا کیا مشکل ہے؟ اس حقیقت کو آج تسلیم کر لو، ورنہ قیامت کے روز فرطِ ندامت سے ہونٹ کاٹو گے اور اس وقت حسرت و ندامت کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

۳۸ حساب کے خوف اور باز پرس کی ہیبت سے لوگ اتنے مرعوب اور دہشت زدہ ہوں گے کہ ان کے لیے سیدھا کھڑا ہونا مشکل ہو جائے گا۔ بڑے بڑے سرکش اور مغرور لوگ گھٹنوں کے بل کھڑے ہوں گے۔ ہر گروہ کو ان کے صحیفۂ عمل کی طرف بلایا جائے گا اور اسی کے مطابق ان سے باز پرس ہوگی۔

۳۹ انہیں کہا جائے گا یہ صحیفۂ اعمال ہے جو آج تمہارے متعلق بلا کم و کاست سچی گواہی دے گا۔ تمہارے اعمالِ حسنہ میں سے کسی عمل کو نظر انداز نہیں کیا گیا اور تمہیں مجرم گردانے کے لیے تم پر غلط الزامات نہیں لگائے گئے۔ جو نیک و بد اعمال تم کرتے رہے، یہ اسی کا مصدقہ ریکارڈ ہے۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ

یہی وہ روشن کامیابی ہے ۴۰ اور جو لوگ کفر کرتے رہے ۴۱ (ان سے پوچھا جائے گا) کیا میری آیتیں تمہارے

تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ

سامنے تلاوت نہیں کی جاتی تھیں پھر تم (سن کر) تکبر کیا کرتے تھے اور تم لوگ (عادی) مجرم تھے ۔ اور جب (تمہیں) کہا جاتا تھا کہ

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں تو تم (بڑے غرور سے) کہتے ہم نہیں جانتے قیامت

السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ

کیا ہے۔ ہمیں تو یونہی ایک گمان سا ہوتا ہے اور ہمیں اس پر (قطعاً) یقین نہیں ۔ اور ظاہر ہو گئے ان کے لیے

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ

بُرے نتائج ان کے کرتوتوں کے اور (ہر طرف سے) گھیر لیا انہیں اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے ۔ اور (انہیں) کہہ دیا گیا

ہمارے حکم سے فرشتے تمہارے اعمال کو ضبطِ تحریر میں لاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کس طرح ہمارے جملہ اعمال کو لکھواتا ہے؟ اس کی حقیقت کے ادراک سے اگر ہم قاصر بھی ہوں تو بھی اس کا انکار ممکن نہیں۔ کسی کی گفتگو کو بعینہٖ اس کے صوتی لہجوں کے ساتھ محفوظ کرنے کے کتنے طریقے چند سالوں میں ایجاد کر لیے گئے ہیں جن کا کل تک ہم تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ ٹیپ کی ایک چھوٹی سی ریل میں کیا کچھ محفوظ نہیں کر لیا جاتا۔ عین ممکن ہے کہ کل ہم اس سے بھی زیادہ محیر العقول طریقے دریافت کر لیں جن کے ذریعے الفاظ، حرکات وسکنات کو اسی طرح منضبط کیا جا سکے۔ جب انسانی مہارت کا یہ عالم ہے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے کیا بعید ہے کہ وہ ہماری زندگی کے روز وشب کی سرگرمیوں کو پوری طرح ریکارڈ کر لے۔

۴۰ وہ اہلِ ایمان جو عمر بھر صراطِ مستقیم پر گامزن رہے، نفس وشیطان کے بہکانے میں نہ آئے، ان کو اللہ تعالیٰ اپنے خیابانِ رحمت میں داخل فرمائے گا۔ اس رحمتِ خاصہ کی شان ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ کے آئینہ میں ملاحظہ فرمائیے۔ طالبِ مولیٰ کو اس سے بڑھ کر اور کیا چاہیے کہ اس کا ربِ کریم، اس کا محبوبِ حقیقی اس کو شاندار کامیابی کا مژدہ سنائے۔ اے میرے بندے! تمہیں لاکھ لاکھ مبارک، تو نے اس امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

۴۱ ان آیات میں کفار کے عبرتناک انجام کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ ہم نے تمہیں خوابِ غفلت سے بیدار

الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ

آج ہم تمہیں فراموش کر دیں گے جس طرح تم نے فراموش کیے رکھا اپنے اس دن کی ملاقات کو اور تمہارا ٹھکانا آگ ہے اور

مَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ

تمہارا کوئی مددگار نہیں ۔ یہ اس لیے کہ تم نے بنا رکھا تھا اللہ کی آیتوں کو مذاق اور فریب میں مبتلا کر دیا تھا

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾

تمہیں دُنیوی زندگی نے۔ پس آج وہ نہیں نکالے جائیں گے آگ سے اور نہ انہیں توبہ کر کے اپنے رب کو راضی کرنے کا موقع دیا جائے گا ۴۲

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ

پس اللہ کے لیے ہیں سب تعریفیں جو رب ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا اور وہی) سارے جہانوں کا پروردگار ہے ۴۳ اور فقط اسی

الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۱ ۲۰

کے لیے بڑائی ہے آسمانوں اور زمین میں اور وہی عزت والا، حکمت والا ہے۔

کرنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ سرکشی اور نافرمانی کی جو راہ تم نے اپنے لیے پسند کی تھی ہم نے اس کے ہولناک انجام سے تمہیں بار بار آگاہ کیا، لیکن تم ماننے سے انکار کرتے رہے اور ہماری آیتوں کا مذاق اڑاتے رہے۔ جاؤ جہنم میں! آج تمہاری فریاد رسی کرنے والا کوئی نہیں۔

۴۲ اَلْاِسْتِعْتَابُ: طَلَبُكَ اِلَى الْمُسِيْءِ الرُّجُوْعَ مِنْ اِسَاءَتِهٖ (1)۔ یعنی کسی بدکار سے یہ مطالبہ کرنا کہ وہ اپنی بدکاری سے رجوع کرے۔ مقصد یہ ہے کہ قیامت کے روز جب حقیقت ان پر عیاں ہو جائے گی، ان کی ساری غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی، اپنے غرور و سرکشی کے برے نتائج ان کو اپنے نرغہ میں لے لیں گے، دوزخ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔ اس وقت وہ چاہیں گے کہ انہیں ایک بار توبہ کا موقع دیا جائے اور ایک مرتبہ اپنے کریم و رحیم پروردگار کو راضی کرنے کی مہلت مل جائے، لیکن ایسا نہ ہوگا۔ اَیْ لَا یُطْلَبُ مِنْهُمْ اَنْ یُّرْضُوْا رَبَّهُمْ بِالتَّوْبَةِ لِفَوَاتِ اَوَانِهٖ قَالَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَا بَعْدَ الْمَوْتِ مِنْ مُّسْتَعْتَبٍ۔ (مظہری) (2) حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ موت کے بعد پھر توبہ کرنے کی مہلت نہیں ملے گی۔

۴۳ اس سورت کا اختتام کس شاندار اور اثر آفریں انداز سے ہو رہا ہے۔ عالم کے صانع مختار کا انکار کرنے والے انکار کرتے

1۔ لسان العرب، ج 1، ص 577 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 392

رہیں اور اس پر اپنے لاطائل دلائل کا انبار لگاتے رہیں۔ شرک کرنے والے اپنا منہ کالا کرتے رہیں اور شرک کو ثابت کرنے کے لیے وہ لاکھ جتن کرتے رہیں، ان کے انکار سے حقیقت نہیں بدل جائے گی۔ کوئی مانے یا نہ مانے ہر قسم کی تعریفوں اور ثنا گستریوں کے لائق صرف اللہ تعالیٰ ہے جو آسمانوں کا رب، زمین کا رب بلکہ سب جہانوں کا رب ہے۔ سچی اور سرمدی عظمتیں اور ہر نوع کی بڑائیاں اسی کو زیبا ہیں۔ آسمانوں اور زمین میں اسی کی کبریائی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ وہی سب پر غالب اور بڑا دانا ہے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ وَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ لَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ۔ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا۔

تعارف سُورۃ الاحقاف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: آیت نمبر ۲۱ میں الاحقاف کا کلمہ مذکور ہے۔ یہی اس سورۂ مبارکہ کا نام ہے۔ اس سورت میں چار رکوع اور پینتیس آیتیں ہیں۔ اس کے کلمات کی تعداد چھ سو چوالیس اور حروف کی تعداد دو ہزار پانچ سو پچانوے ہے۔

زمانۂ نزول: یہ سورت ہجرت سے کچھ عرصہ پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی (1)۔ اس کی آخری آیت فَاصۡبِرۡ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ (اے حبیب! آپ یوں صبر فرمایئے جس طرح اولوالعزم رسولوں کا شیوہ تھا) کے کلمات صاف بتا رہے ہیں کہ یہ مکی زندگی کے اس دور میں نازل ہوئی جب کفار کے ظلم و تشدد کی انتہا ہو گئی تھی۔ وہ اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر غضبناک ہو رہے تھے۔ وہ ہر قیمت پر اس شمع کو بجھا دینا چاہتے تھے۔ قرابت، رشتہ داری، ہمسائیگی کے سارے رشتوں کو پاؤں تلے روند چکے تھے۔ ہم وطن اور ہم قوم ہونے کا بھی کوئی پاس نہ رہا تھا، حتیٰ کہ انہوں نے مکہ کے تمام کافر قبائل کو جمع کر کے بنو ہاشم اور مسلمانوں سے معاشرتی قطع تعلق (سوشل بائیکاٹ) کا تحریری معاہدہ کیا تھا اور اس کو ایک صندوقچی میں بند کر کے بڑی حفاظت سے کعبہ میں رکھ دیا تھا۔ اس معاہدے میں یہ تحریر کیا گیا کہ سارے قبائل بنو ہاشم سے لین دین، شادی بیاہ کا سلسلہ کلیۃً بند کر دیں گے۔ کھانے پینے کی اشیا بھی انہیں فروخت نہیں کریں گے۔ تین سال تک حضور اپنے خاندان اور اپنے جاں نثاروں کے ہمراہ شعبِ ابی طالب میں محصور رہے۔ الغرض کفار نے اذیت رسانی کی حد کر دی۔ مکی زندگی کے یہ آخری سال تھے جب اس سورۂ کریمہ کا نزول ہوا۔

اس سورت میں جنات کی حاضری کا بھی ذکر ہے۔ جنات نے متعدد بار شرفِ باریابی حاصل کیا۔ جس حاضری کا ان آیات میں ذکر ہے، اس کے بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب حضور ﷺ سوقِ عکاظ سے واپس تشریف لا رہے تھے۔ حضور کے ہمراہ چند صحابہ بھی تھے اور صبح کی نماز ادا کی جا رہی تھی (2)۔ حضرت ابنِ عباسؓ، سعید بن جبیرؒ، مجاہد اور دیگر اکابر کا خیال یہ ہے کہ جب حضور طائف سے واپس تشریف لا رہے تھے، اس وقت جنات نے حاضری دی۔ اس قول کے مطابق سورت کا زمانۂ نزول نبوت کا دسواں سال یا گیارہویں سال کا آغاز ہوگا، کیونکہ دسویں سال میں جناب ابوطالب کی وفات ہوئی (3)۔ ایک ماہ بعد ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انتقال فرما گئیں۔ حضور کے قلبِ نازک کو سخت صدمہ پہنچا۔ اس سال کو حضور نے عام الحزن (یعنی رنج و اندوہ کا سال) فرمایا۔ کفار کے جور و ستم میں ہوشربا اضافہ ہو گیا۔ ان روح فرسا حالات میں حضور نے طائف کا رخ کیا کہ شاید بنی ثقیف کے سردار اس دعوت کو قبول کرنے پر آمادہ ہو

1۔ تفسیر قرطبی، جز 16، ص 178
2۔ تفسیر ابن کثیر، ج 4، ص 163۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر، ج 2، ص 167
3۔ تفسیر ابن کثیر، ج 4، ص 163

جائیں، لیکن انہوں نے انتہائی شقاوت کا مظاہرہ کیا۔ وہ تین بھائی تھے۔ عبد یالیل، مسعود، حبیب، قریش کی ایک خاتون بھی ان کے ہاں بیاہی ہوئی تھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو ایمان لانے کی دعوت دی۔ ان میں سے ایک صاحب کہنے لگے: اگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے رسول بنا کر بھیجا ہو، تو میں غلافِ کعبہ نوچ کر پھینک دوں گا۔ دوسرے بولے: کیا خدا کو آپ کے سوا رسول بنانے کے لیے کوئی دوسرا نہ ملا؟ تیسرے بھائی نے یوں اظہار خیال کیا: بخدا میں آپ سے ہرگز بات نہیں کروں گا، کیونکہ اگر آپ اللہ کے رسول ہیں، تو آپ کی شان اتنی اونچی ہے کہ میری مجال نہیں کہ میں آپ کی بات کا جواب دوں اور اگر آپ خود ساختہ رسول ہیں، تو پھر آپ اس قابل نہیں کہ آپ سے گفتگو کی جائے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب واپس جانے لگے، تو انہوں نے شہر کے لفنگوں اور اوباشوں کو پیچھے لگا دیا۔ وہ طرح طرح کے آوازے کستے، گستاخیاں کرتے اور پتھر مارتے پیچھے ہو لیے۔ حضور کی پنڈلیاں زخموں سے لہولہان ہو گئیں، جوتیاں خون پاک سے بھر گئیں، ایسی حالت میں طائف سے باہر تشریف لائے۔ قریب ہی ربیعہ کے بیٹوں، عتبہ اور شیبہ کا ایک باغ تھا۔ حضور وہاں ستانے کے لیے ٹھہرے اور اپنے دلِ دردمند کی فریاد اپنے کریم اور قدیر رب کی بارگاہ میں بایں الفاظ پیش کی:

''الٰہی! اپنی کمزوری، اپنی بے بسی اور لوگوں کے نزدیک اپنی بے مائیگی کا شکوہ میں تیری جناب میں کرتا ہوں۔ اے ارحم الراحمین! کمزوروں کا تو ہی آسرا ہے اور میرا رب تو ہی ہے۔ تو مجھے کس کے سپرد کر رہا ہے؟ ایسے بندے کی طرف جو تُرش روئی سے مجھ سے باتیں کرتا ہے۔ کیا کسی دشمن کو تو نے میرے کام کا مالک بنا دیا ہے اور مجھ پر تیری ناراضگی نہ ہو تو مجھے (ان آلام و مصائب) کی ذرا پروا نہیں، لیکن تیرا دامنِ عافیت میرے لیے بہت وسیع ہے۔ میں تیرے روئے پاک کے نور کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تیرا غضب مجھ پر نازل ہو یا تیری ناراضگی مجھ پر اترے''۔

''لَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ''۔ ترجمہ: ''میں تیری رضا کا طلب گار رہوں گا یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے تیری ذات کے بغیر نہ میرے پاس کوئی طاقت ہے نہ قوت''۔ عتبہ اور شیبہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس حالت میں دیکھا تو ان کا دل پسیج گیا۔ انہوں نے اپنے غلام عداس کو بلایا اور کہا کہ انگوروں کا ایک گچھا لے لو، اس کو ایک طشتری میں رکھو اور اس کے پاس لے جاؤ۔ جب عداس نے وہ طبق حضور کی خدمت میں پیش کیا، تو حضور نے بسم اللہ کہا اور کھانا شروع کیا۔ عداس نے تعجب سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف دیکھا اور کہا کہ اس علاقہ کے لوگ تو کھانے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا کرتے۔ حضور نے پوچھا تم کس علاقہ کے رہنے والے ہو اور تمہارا دین کیا ہے؟ کہنے لگا میں نصرانی ہوں اور نینویٰ کا رہنے والا ہوں۔ حضور نے پوچھا کیا تم مردِ پاک یونس بن متی کے شہر کے رہنے والے ہو؟ عداس کہنے لگا آپ کو یونس کا کیسے علم ہے؟ فرمایا وہ تو میرے بھائی ہیں۔ وہ بھی نبی تھے اور میں بھی نبی ہوں۔ عداس نے جھک کر حضور کے سرِ مبارک کو بوسہ دیا اور دونوں ہاتھوں اور پاؤں کو چوم لیا۔ واپس گیا، تو عتبہ اور شیبہ نے پوچھا تم نے ان کی قدم بوسی کیوں کی؟ کہنے لگا: اس وقت روئے زمین پر ان سے بہتر کوئی شخص نہیں۔ انہوں نے مجھے ایک ایسی بات بتائی ہے جو نبی کے بغیر کوئی نہیں بتا سکتا۔ (1)

1۔ السیرۃ النبویۃ لابن کثیر، ج 2، ص 51-149، مطبوعہ دار الفکر بیروت (ماخوذ)

وہاں سے روانہ ہو کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وادیٔ نخلہ میں پہنچے۔ وہاں شب باش ہوئے۔ صبح کی نماز میں حضور تلاوت فرما رہے تھے کہ نصیبین کے جنات کا ایک گروہ وہاں سے گزرا۔ نبی کریم ﷺ کی تلاوت سنی تو سب وہیں جم کر کھڑے ہو گئے اور اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کو اس کے نبی کی پاک زبان سے سننے میں محو ہو گئے۔ جب اپنی قوم میں واپس گئے تو قرآنی تعلیمات سے انہیں بھی آگاہ کیا۔

مضامین: جیسے مندرجہ بالا سطور سے واضح ہوا کہ یہ سورت نبوت کے دسویں سال کے آخر یا گیارہویں سال کے آغاز میں مکہ میں نازل ہوئی، اس لیے اس میں ان کی اصلاح کی طرف پوری توجہ دی گئی ہے۔ ان کے معبودان باطل کی بے بسی اور بیکسی کا پردہ چاک کر کے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر استدلال کیا گیا ہے۔ قیامت کے بارے میں وہ جن شبہات میں بری طرح الجھے ہوئے تھے، ان سے نکلنے کا انہیں راستہ بتایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے بیمار اذہان جس خود ستائی اور خود فریبی کے مرض کا شکار تھے، اس کو عیاں کیا گیا ہے۔

عوام الناس اسلام کی سچی تعلیمات سے متاثر ہو کر اور سرورِ عالم ﷺ کی پاکیزہ سیرت وصورت سے مسحور ہو کر اسلام کی طرف راغب ہونے لگتے تو یہ لوگ ان سادہ منش عوام کو یہ کہہ کر اسلام سے برگشتہ کر دیتے کہ اے لوگو! ہمیں دیکھو، اس بھرے شہر میں، اس سارے علاقہ میں، علم وفہم میں ہمارے پائے کا کوئی دوسرا آدمی ہے؟ کوئی ایسا شخص ہے جسے احوالِ عالم کا تجربہ ہم سے زیادہ ہو؟ تمہارا مشاہدہ ہے کہ جنگ اور صلح ہر حالت میں ہماری رائے ہی صائب اور درست ہوتی ہے۔ مزید برآں ہماری قسمت کا ستارہ بڑی بلندی پر ہے۔ اپنے بخت کی ارجمندی کے باعث ہر اچھی بات کی طرف ہم سب لوگوں پر سبقت لے جاتے ہیں۔ اگر اسلام کوئی اچھا دین ہوتا تو بایں علم وفہم، تجربہ اور فراست کیا اس کو قبول کرنے میں ہم پیچھے رہ جاتے اور یہ بھاڑ جھونکنے والے اس معاملے میں ہم سے سبقت لے جاتے؟ یہ کیونکر ممکن تھا؟ اس لیے ہمارا اس دین کو قبول نہ کرنا اس بات کے لیے کافی سند ہے کہ یہ دین کسی مصرف کا نہیں، بیکارِ محض ہے۔

یہ ان کی ابلہ فریبی تھی جس میں وہ عمر بھر مبتلا رہے۔ خود بھی اسلام کے سرچشمہ شیریں سے فیضیاب نہ ہوئے اور جہاں تک بن پڑا، عوام کو بھی اس سے دور رکھتے رہے۔

اسلام کی پاکیزہ تعلیمات جس روح پرور انقلاب سے اپنے ماننے والوں کو ہمکنار کر دیتی ہیں، اس کی وضاحت دو آدمیوں کے خیالات کا تذکرہ کر کے فرما دی۔ ایک مومن اور دوسرا کافر۔

آیت نمبر ۱۵ کے آخر میں جو دعا ہے اس کے آئینہ میں بندۂ مومن کی آرزوؤں اور تمناؤں کا عکسِ جمیل آپ کو نظر آئے گا اور آیت نمبر ۱۷ میں ایک کافر کی کج خلقی، کج فہمی کی تصویر صاف صاف دکھائی دے رہی ہے۔

اہلِ مکہ کو قومِ عاد کے انجام سے عبرت حاصل کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔ ان کی بربادی کی وجہ بتاتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑی قوت و طاقت عطا فرمائی تھی۔ انہیں ظاہری اور باطنی صلاحیتیں مرحمت کی تھیں۔ وہ اگر چاہتے تو اپنے پروردگار کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے اور مزید انعامات واحسانات کے مستحق بن جاتے، لیکن آیاتِ الٰہی سے بے اعتنائی، بلکہ ان کا

استہزاء اور انبیاء کی تکذیب کی عادت نے انہیں برباد کر کے رکھ دیا۔ پھر نہ مال و دولت ان کو ہمارے عذاب سے بچا سکی، نہ علم و فن میں ان کا کمال و مہارت ان کے کسی کام آئی۔ اپنی بدکاریوں کے باعث وہ حرفِ غلط کی طرح نیست و نابود کر دیے گئے۔

کفار و مشرکین کی طرف سے جب حد درجہ عناد و عداوت کا اظہار کیا جانے لگا، وہ مسلمانوں کو اذیت پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے، خود ذاتِ پاکِ حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثناء کو بھی جی بھر کر ستاتے، تو ان کی بربریت کا مقابلہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو صبر کی ڈھال استعمال کرنے کا حکم دیا۔ ارشاد فرمایا فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (الاحقاف:35)۔ بے شک اہلِ حق کے لیے ہمیشہ سے صبر ہی ایک ایسا ہتھیار ہے جس سے وہ دشمن کے مکر و فریب کا بھی مقابلہ کرتے ہیں اور اسی سے مسلح ہو کر دشمنانِ حق کے جدید ترین مہلک جنگی اسلحہ کو بھی ناکارہ کر کے رکھ دیتے ہیں۔ ہمارے آقا علیہ الصلاۃ والسلام نے بھی اسی ہتھیار سے باطل کو شکست دی اور حق کا پرچم بلند کیا اور ہم غلاموں کے لیے بھی کامیابی اور فلاح کا یہی طریقہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الاحقاف مکی ہے اس کی پینتیس آیات اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲ مَا خَلَقْنَا

حا۔میم۔ اتاری گئی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے جو سب پر غالب، بہت دانا ہے [1] نہیں پیدا فرمایا ہم نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ [2] اور مدتِ مقررہ تک [3]

[1] کفار کی مخالفت اپنے شباب پر ہے۔ وہ بڑی شدّ ومد سے اس بات کا انکار کر رہے ہیں کہ قرآن اللہ کا کلام ہے۔ سورۂ جاثیہ کی طرح یہاں بھی سورت کا افتتاح کرتے ہوئے بڑی فصاحت و بلاغت سے بتادیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس قرآن پاک کی ہر آیت اس کی عزت اور اس کی حکمت کی گواہی دے رہی ہے۔ تنزیل مصدر ہے اور اسم مفعول، مُنزّل کے معنی میں یہاں مستعمل ہوا ہے۔ (1)

[2] آسمانوں اور زمین کی تخلیق بے مقصد اور محض کھیل تماشا نہیں، بلکہ اس میں اَنگنت حکمتیں ہیں۔ علامہ آلوسی آیت کے اس حصے کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: خَلْقًا مُّتَلَبِّسًا بِالْحَقِّ الَّذِیْ تَقْتَضِیْهِ الْحِكْمَةُ التَّكْوِيْنِيَّةُ وَ التَّشْرِيْعِيَّةُ (روح المعانی) (2) یعنی تکوینی اور تشریعی حکمتوں اور نزاکتوں کا پورا لحاظ کرتے ہوئے اس کی تخلیق کی گئی ہے۔ بنانے والے نے اسے اس خوبی اور مہارت سے بنایا ہے کہ اس میں کسی قسم کی اصلاح اور ترمیم کی گنجائش نہیں۔ جو چیز جیسی بنادی ویسے ہی بننی چاہیے تھی، جو چیز جہاں سجادی گئی ہے وہی اس کی موزوں ترین جگہ ہے۔ کوئی مہندس، کوئی مصوّر، فنونِ لطیفہ کا کوئی ماہر یہ نہیں کہہ سکتا کہ اگر یوں نہ ہوتا یا ایسا ہوتا تو زیادہ مفید، زیادہ کارآمد اور حسن وخوبی کے اعتبار سے زیادہ دلکش ہوتا۔ جتنا زیادہ کوئی غور وفکر کرے گا، اس نظام کی خوبیوں اور لطافتوں کو دیکھ کر دنگ رہ جائے گا۔ اے انسان! تو تو اس خلاقِ عظیم کا شاہکار ہے، تیرے بارے میں اس نے خود بڑے فخر سے فرمایا لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ (التین) ذرا اپنی رعنائیوں اور دِلرُبائیوں کو آئینۂ فطرت میں دیکھ، تجھے محسوس ہوگا کہ زمین کی وسعتیں، پہاڑوں کی بلندیاں، سمندروں کی روانیاں، آسمانوں کی پہنائیاں تیری عظمتوں کو سلام کر رہی ہیں۔ تو ان میں نہ کھو جا۔ تو مخدوم ہے، خادم نہ بن۔ تو مطلوب ہے طالب نہیں۔ اگر طالب بننا ہے تو

1۔ روح المعانی، جز 25، ص 138 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 26، ص 4

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ

اور کفار اس چیز سے جس سے انہیں ڈرایا جاتا ہے رُوگردانی کرنے والے ہیں۔ فرمائیے (اے کفار!) کبھی تم نے (غور سے) دیکھا ہے جنہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ

تم اللہ کے سوا (خدا سمجھ کر) پکارتے ہو (بھلا) مجھے بھی تو دکھاؤ جو پیدا کیا ہے انہوں نے زمین سے یا ان کا آسمانوں (کی تخلیق) میں

فِي السَّمٰوٰتِ ۭ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ

کچھ حصّہ ہے ۴؎ لاؤ میرے پاس کوئی کتاب جو اس سے پہلے اتری ہو یا کوئی (دوسرا) علمی ثبوت ۵؎

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ

اگر تم سچے ہو ۔ اور کون زیادہ گمراہ ہے اس (بدبخت) سے جو پکارتا ہے اللہ کو چھوڑ کر

اس کا بن جس نے تجھے یہ حسن، یہ رعنائی عطا فرمائی ہے۔

۳؎ اَجَلٍ مُّسَمًّى فرما کر بتا دیا کہ اس جہاں کی کوئی چیز ہمیشہ رہنے والی نہیں، ہر چیز کو اس کے خالق نے جس طرح بڑی حکمت سے پیدا فرمایا ہے، اسی طرح اس کے لیے ایک میعاد بھی مقرر کر دی ہے۔ جب مقررہ میعاد پوری ہو جائے گی تو وہ چیز فنا ہو جائے گی۔ تم آسمانوں کی پختگی اور زمین وغیرہ کی مضبوطی کو دیکھ کر اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جاؤ کہ دنیا یوں ہی رہے گی، کبھی فنا نہ ہوگی۔ اس دنیا کی عمر طویل ہو سکتی ہے، لیکن اسے ایک روز ختم ضرور ہونا ہے۔ اس کے بعد تمہیں پھر زندہ کیا جائے گا اور تم سے تمہارے اعمال کی باز پرس ہوگی۔ خوش نصیب وہ ہے جو بروقت ہوشیار ہو جاتا ہے اور اپنے مستقبل کو درخشاں کرنے کے لیے سرگرمِ عمل رہتا ہے۔ وہ لوگ جو شرک و فسوق کے باعث قلبِ سلیم کی نعمت سے محروم ہو چکے ہیں وہ اس پند و موعظت کی قدر نہیں کرتے، بلکہ الٹا ناراضگی اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے منہ موڑ لیتے ہیں۔

۴؎ مشرکین جو بڑے زور شور سے اپنے بتوں کی عبادت کیا کرتے تھے اور اگر اس پر انہیں ٹوکا جاتا تو وہ بہت برہم ہوتے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ جن کو تم نے معبود بنا رکھا ہے، اللہ تعالیٰ کی عبادت کو چھوڑ کر تم نے ان کی پوجا شروع کر رکھی ہے، کیا اس کی کوئی معقول وجہ بھی تم بتا سکتے ہو؟ کیا کرۂ زمین کی کسی چیز کے وہ خالق ہیں، آسمان کی آفرینش میں کیا ان کا کوئی حصہ ہے؟ اگر تمہارے پاس کوئی تحریری ثبوت ہے تو پیش کرو اور اگر تم خود اس بات کا اعتراف کرتے ہو کہ اس وسیع و عریض کائنات کی ہر چھوٹی بڑی چیز کا خالق اللہ تعالیٰ ہے تو پھر اس خالق و حکیم کو چھوڑ کر کسی پتھر، کسی بے روح یا ذی روح شے کی پوجا کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔ مَّا تَدْعُوْنَ: مَا تَعْبُدُوْنَ (روح المعانی)(1) اس آیت میں مَّا تَدْعُوْنَ کا معنی مَا تَعْبُدُوْنَ ہے یعنی جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ مَّا تَدْعُوْنَ: مَا تَعْبُدُوْنَ (مظہری)(2) مَّا تَدْعُوْنَ: تَعْبُدُوْنَ (بحر)(3)

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص5 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص393 3۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج8، ص54

اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآىِٕهِمْ

ایسے معبود کو جو قیامت تک اس کی فریاد قبول نہیں کر سکتا اور وہ ان کے پکارنے سے ہی

غٰفِلُوْنَ ۝۵ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ

غافل ہیں ۶ اور جب جمع کیے جائیں گے لوگ (روزِ محشر) تو وہ معبود ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی عبادت کا صاف

۵ اگر تمہارے بتوں نے زمین و آسمان کی تخلیق میں کچھ حصہ لیا ہے تو اسے دلیل سے ثابت کرو۔ قرآنِ کریم کو تو تم تسلیم نہیں کرتے۔ آخر اس سے پہلے بھی کئی آسمانی کتابیں نازل ہوئی ہیں، ان میں سے کسی میں یہ لکھا ہوا دکھا دو کہ تمہارے فلاں بت یا فلاں معبود نے زمین و آسمان کی فلاں چیز بنائی ہے۔ اگر تم اس قسم کا کوئی حوالہ کسی آسمانی کتاب سے نہیں دکھا سکتے تو چلو کوئی عقلی ثبوت ہی پیش کر دو۔

علامہ ابوحیان اندلسی ''اَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ'' کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں اَیْ بَقِیَّةٍ مِّنْ عِلْمٍ اَیْ مِنْ عُلُوْمِ الْاَوَّلِیْنَ۔ یعنی وہ علم جو پہلے علماء و عقلاء سے منقول ہوتا چلا آ رہا ہے۔ ابو سلمٰی بن عبدالرحمٰن اور قتادہ نے فرمایا اَوْ خَاصَّةٍ مِّنْ عِلْمٍ (1)۔ یعنی وہ علم جو صرف تمہیں حاصل ہوا۔ تم سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں ان کی رسائی اس تک نہیں ہوئی۔ اگر تمہارے پاس نہ کوئی نقلی دلیل ہے اور نہ عقلی دلیل، تو پھر بلا وجہ جان بوجھ کر ایسی غلطی نہ کرو جس کی سزا ابدی جہنم ہے۔

۶ مشرکین بتوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ انہوں نے بیت اللہ شریف میں ۳۶۰ بت نصب کر رکھے تھے۔ اپنے اپنے گھروں میں جو مورتیاں انہوں نے سجا رکھی تھیں وہ ان کے علاوہ تھیں۔ ان کی اس کھلی گمراہی بلکہ حماقت کو بڑے مؤثر انداز میں پیش کیا جا رہا ہے کہ اے عقل کے اندھو! تم ان بتوں کی پوجا کرتے ہو جو نہ سن سکتے ہیں، نہ جواب دے سکتے ہیں۔ وہ بھلا کسی مشکل وقت میں تمہاری مدد کیا خاک کریں گے۔ اس سے زیادہ نادان اور گمراہ اور کون ہو سکتا ہے؟ علامہ ابنِ کثیر اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں اَیْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَصْنَامًا وَّیَطْلُبُ مِنْهَا مَالَا تَسْتَطِیْعُهٗ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَهِیَ غَافِلَةٌ عَمَّا یَقُوْلُ لَا تَسْمَعُ وَلَا تُبْصِرُ وَلَا تَبْطُشُ لِاَنَّهَا جَمَادٌ حِجَارَةٌ صُمٌّ (تفسیر ابن کثیر) (2)

یعنی اس آدمی سے زیادہ گمراہ اور کوئی نہیں جو اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کی پوجا کرتا ہے اور ان سے ایسی چیزیں مانگتا ہے جو وہ قیامت تک نہیں دے سکتے۔ جو وہ کہہ رہا ہے وہ اس سے غافل ہیں، نہ سنتے ہیں، نہ دیکھتے ہیں، نہ پکڑتے ہیں کیونکہ وہ بے جان پتھر ہیں جو بالکل بہرے ہیں۔

علامہ ابوحیان اندلسی کی عبارت بھی ملاحظہ ہو:

یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ جَمَادًا لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهُمْ وَلَا قُدْرَةَ بِهٖ عَلٰی اسْتِجَابَةٍ۔ (3)

یعنی وہ ایسے بے جان پتھر کو پکارتے ہیں جو انہیں نہ جواب دے سکتا ہے اور نہ اس میں جواب دینے کی طاقت ہے۔

بعض مُبہم جو لوگ جو ملت کے اتحاد کو انتشار کا شکار بنانا چاہتے ہیں، رات دن اس دُھن میں لگے رہتے ہیں کہ ملت میں نئی

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 55 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 154 3۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 295

ملت تخلیق کریں۔ وہ یہ آیت اہلِ سنت پر چسپاں کرتے ہیں (معاذ اللہ) بحمدہٖ تعالیٰ اہلِ سنت میں سے کوئی ان پڑھ سے ان پڑھ بھی اللہ جل مجدہٗ کے سوا کسی کی خدائی اور الوہیت کا عقیدۂ فاسدہ نہیں رکھتا۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب، تمام نبیوں کے سردار، تمام رسولوں کے سرتاج، اپنے آقا و مولیٰ اور دونوں جہان کے آسرا محمد مصطفےٰ ﷺ کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اور نماز میں کئی کئی بار اس شہادت کا اعادہ کرتا ہے، تو وہ کسی اور کو کیونکر خدا یا خدا کا ہمسر اور شریک تصور کر سکتا ہے۔ یہ محض بہتان اور افتراءِ عظیم ہے کہ اہلِ سنت کسی کو خدا کا شریک بناتے ہیں۔ هٰذَا اِفْكٌ مُّبِيْنٌ وَّ بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ۔

ضیاء القرآن میں مختلف مقامات پر اس کی تشریح گزر چکی ہے۔

خارجیوں (جدید اور قدیم) کے علاوہ تمام امت اس بات پر متفق ہے کہ حضور سرورِ عالم ﷺ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں جب کوئی غلام صلوٰۃ وسلام عرض کرتا ہے تو حضورؐ اس کو سلام کا جواب فرماتے ہیں، جس کو خواص اپنے کانوں سے سنتے ہیں اور لذتِ جواب سے سرشار ہوتے ہیں۔ مصر کے مشہور ولیٔ کامل حضرت سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ جب روضۂ اقدس پر حاضر ہوئے تو بصد ادب و نیاز عرض کی اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا جَدِّيْ۔ اے میرے نانا پاک! آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ روضۂ اقدس سے جواب آیا۔ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا وَلَدِيْ اے میرے بچے تجھ پر بھی سلام! یہ سن کر آپ پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی۔ اور فی البدیہہ یہ رباعی عرض کی:

فِيْ حَالَةِ الْبُعْدِ رُوْحِيْ كُنْتُ اُرْسِلُهَا تُقَبِّلُ الْاَرْضَ عَنِّيْ وَهِيَ نَائِبَتِيْ

جب میرا جسدِ خاکی یہاں سے دور تھا تو میں آستانہ بوسی کے لیے اپنی روح کو بھیجا کرتا تھا

وَهٰذِهٖ دَوْلَةُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ فَامْدُدْ يَمِيْنَكَ كَيْ تَحْظٰى بِهَا شَفَتِيْ

اب تو میں خود بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوں۔ دستِ پاک نکالیے تاکہ میں بوسہ دے کر دل کی حسرت پوری کر سکوں۔

دست مبارک باہر آیا جس کو آپ نے بوسہ دیا۔ ہزارہا آدمیوں نے اس کو دیکھا۔(1)

اس واقعہ کو دیگر علماء کے علاوہ علامہ سیوطی نے شرح الصدور میں اور مولانا تھانوی نے اپنے رسائل میں بیان کیا ہے۔(2)

حضرت شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کو فالج کا مرض لاحق ہوا۔ نصف جسم بے کار ہوگیا۔ آپ نے حضور سرورِ عالم ﷺ کی جناب میں فریاد کی۔ اسی رات زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضورؐ نے دستِ مبارک ان کے بدن پر پھیرا۔ یہ فوراً شفایاب ہوگئے۔

مولانا اشرف علی تھانوی نشر الطیب مطبوعہ دیوبند، ص ۲۳۲ پر اس واقعہ کو لکھنے کے بعد تحریر کرتے ہیں، اسے آپ بھی پڑھیے:

''اور یہ اپنے گھر سے نکلے تھے کہ ایک درویش سے ملاقات ہوئی اور اس نے درخواست کی کہ مجھ کو وہ قصیدہ سنا دیجیے جو آپ نے مدحِ نبویؐ میں کہا ہے۔ انہوں نے پوچھا کون سا قصیدہ؟ اس نے کہا جس کے اول میں ہے اَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ بِذِيْ سَلَمٍ۔ ان کو تعجب ہوا۔ کیونکہ انہوں نے کسی کو اطلاع نہیں دی تھی۔ اس درویش نے کہا واللہ! میں نے اس کو اس وقت سنا ہے جب یہ حضور ﷺ کی خدمت میں پڑھا جا رہا تھا اور آپ خوش ہو رہے تھے''۔(3)

1۔ شرح الشفاء للشہاب، ج 3، ص 489، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ، بیروت امام جلال الدین سیوطی بحوالہ ''الشذ وذی فی حقوق بدر البدور''۔

2۔ مولانا تھانوی نے اپنے رسالہ ''الشذ وذی فی حقوق بدر البدور'' ص 14 پر لکھا ہے اور رسالہ ''شرف ختم'' از

3۔ نشر الطیب، ص 325

كٰفِرِيْنَ ۝۶ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

انکار کریں گے ۵ اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری آیتیں جو روشن ہیں ۵ تو کہتے ہیں کفار

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ

حق کے بارے میں جب ان کے پاس آیا کہ یہ کھلا جادو ہے ۔۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ نبی نے اس کو خود گھڑ لیا ہے۔ فرمائیے

یہ قصیدہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسے پسند فرمایا ہے۔ اس کا ایک شعر آپ بھی سن لیں۔ ان شرک سازوں کے فتوؤں کی حقیقت کھل جائے گی۔

يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِيْ مَنْ اَلُوْذُبِهٖ سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمِمِ (1)

''اے ساری مخلوق سے زیادہ سخی! مصائب وآلام کے وقت حضور کے بغیر میں کس کے دامن میں پناہ لوں''۔ ہمارے عہد کے نابغۂ روزگار شاعر عبدالعزیز خالد کے یہ اشعار بھی سن لیجیے:

تو خورشیدِ سحر، تو بدرِ کامل، ہر ادا تیری نگاریں، مشک آگیں، عنبرافشاں یارسول اللہ
تیری رحمت کے دروازے کھلے ہیں ہر کہ ومہ پر ہے تو واحد انیس مستمنداں یارسول اللہ
عزیز خاطرِ آشفتہ حالاں کون دنیا میں ترے دیوانے پکڑیں کس کا داماں یارسول اللہ (2)

آخر میں شاہ اسماعیل دہلوی کی یہ عبارت بھی پیشِ نظر رکھیے۔ وہ اپنے پیر سید احمد بریلوی کے متعلق لکھتے ہیں کہ حضرت غوث الاعظم اور حضرت بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہما نے ان کو بیک وقت قادری اور نقشبندی سلسلہ کا فیض بخشا۔ چشتی سلسلہ سے حصولِ فیض ونسبت کے متعلق دہلوی صاحب لکھتے ہیں:

''روزے حضرت ایشاں بسوئے مرقد منور حضرت خواجہ خواجگاں خواجہ قطب الاقطاب بختیار کا کی قدس سرہ العزیز تشریف فرما شدند و بر مرقد مبارک ایشاں مراقب نشستند دریں اثنا بروح پرفتوح ایشاں ملاقات متحقق شد و آنجناب بر حضرت ایشاں توجہ بس قوی فرمودند کہ بسبب آں توجہ ابتدائی حصول نسبت چشتیہ متحقق شد''۔ (صراطِ مستقیم۔ ص ۱۶۶ مطبع فخر المطابع لکھنو) (3)

یعنی ایک دن سید احمد صاحب حضرت خواجہء خواجگان خواجہ قطب الاقطاب بختیار کا کی رحمۃ اللہ علیہ کے مزارِ مبارک پر تشریف لے گئے اور وہاں مراقبہ میں بیٹھے۔ اسی اثنا میں حضرت کی روحِ پُرفتوح سے ملاقات نصیب ہوئی۔ خواجہء خواجگان نے آپ پر بڑی زوردار توجہ فرمائی۔ اس توجہ کی برکت سے نسبتِ چشتیہ کے حصول کی ابتدا ہوئی۔

۵ بتوں کے پجاریوں کو بتایا جارہا ہے کہ روزِ محشر جب تمہیں پکڑ کر لایا جائے گا، تمہارے عقائدِ فاسدہ اور اعمالِ سیئہ کی باز پُرس شروع ہوگی تو تمہارے وہ جھوٹے معبود جن کی عمر بھر تم عبادت کرتے رہے تھے وہ تمہارے دشمن بن جائیں گے۔ اس وقت تمہیں معلوم ہوگا کہ جن کو تم اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے تھے وہ تمہاری تباہی وبربادی کا سبب بن گئے ہیں، وہ تمہاری پوجا پاٹ کا

1۔ القصید تان، ص 36 2۔ انشی یارسول اللہ، ص 49، از محمد منشا تابش قصوری، مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور 3۔ صراطِ مستقیم، ص 166

اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا

اگر میں نے اس کو خود گھڑا ہے تو تم اس طاقت کے مالک نہیں کہ مجھے اللہ سے چھڑا لو۔ وہ خوب جانتا ہے جن باتوں میں تم

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

مشغول ہو ۹ وہ کافی ہے بطور گواہ میرے درمیان اور تمہارے درمیان ۱۰ اور وہ بہت بخشنے والا، ہمیشہ

الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ

رحم فرمانے والا ہے۔ آپ کہیے میں کوئی انوکھا رسول تو نہیں ہوں ۱۱ اور میں (از خود یہ) نہیں جان سکتا کہ کیا کیا جائے گا

صاف صاف انکار کر دیں گے۔ سابقہ آیت میں یَدْعُوْا اور عَنْ دُعَآئِهِمْ کے الفاظ ہیں۔ مفسرین نے ان کا معنی یَعْبُدُوْنَ اور عِبَادَتِهِمْ سے کیا ہے۔ اس آیت نے ان کی اس تفسیر کی تصدیق کر دی۔ فرمایا وَ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ۔

۸ انصاف اور عقلمندی کا تقاضا تو یہ تھا کہ آیاتِ ربانی کو سن کر وہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز آجاتے، حق کو قبول کر لیتے اور ان کے دونوں جہان سنور جاتے لیکن ان بدبختوں نے الٹا یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ صاف صاف جادو ہے۔

۹ کفار کے اس افترا اور بہتان کا جواب دینے کا حکم مل رہا ہے۔ اگر یہ کتاب اللہ تعالیٰ نے نازل نہیں کی، میں نے خود اس کو گھڑا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف اس کی جھوٹی نسبت کر رہا ہوں تو یہ ایک سنگین جرم ہے جس کی سزا بڑی المناک ہے اور تم میں سے کسی میں یہ ہمت اور قوت نہیں کہ اگر مجھے سزا ملنے لگے تو تم مجھے چھڑا سکو۔ تم خود سوچو کیا میں اپنی جان پر ایسا ظلم ڈھا سکتا ہوں اور اپنے آپ کو خدا کے غضب کا ہدف بنا سکتا ہوں؟ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ تم بھی یہ سمجھ لو کہ جو مذاق تم کر رہے ہو اور جس شغل میں تم لگے ہوئے ہو اللہ تعالیٰ اس کو بھی خوب جانتا ہے اور تمہاری اس بہتان تراشی کی سزا ضرور وہ تمہیں دے گا۔

تُفِيْضُوْنَ: اَلْاِفَاضَةُ فِي الشَّيْءِ: الْخَوْضُ فِيْهِ وَ الْاِنْدِفَاعُ اَفَاضُوْا فِي الْحَدِيْثِ اَيِ انْدَفَعُوْا فِيْهِ (1)۔ کسی کام میں کھو جانا۔ منہمک ہو جانا۔ کسی گفتگو میں محو ہو جانا۔

۱۰ میں حق پر ہوں یا تم اس کا گواہ خود اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کی گواہی کے بعد کسی دوسرے گواہ کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ ''بِهٖ'' میں بآء زائدہ ہے اور ضمیر مرفوع فاعل ہے۔ اَلْبَاءُ زَائِدَةٌ وَّ الضَّمِيْرُ فِيْ مَحَلِّ الرَّفْعِ عَلَى الْفَاعِلِيَّةِ۔ (مظہری) (2)

۱۱ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر کفار طرح طرح کے اعتراضات کرتے۔ کبھی کہتے یہ بشر ہے۔ بھلا بشر بھی منصبِ نبوت پر فائز ہو سکتا ہے؟ کبھی کہتے یہ تو بالکل ہماری طرح کھاتا پیتا ہے، بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ بھلا رسولؐ سے بھی ایسے معمولی کام سرزد ہوتے ہیں؟ کبھی کہتے اگر خدا کو رسول بنا کر بھیجنا ہی تھا تو وہ کیا ایسے شخص کو رسول بناتا جس کے پاس نہ مال، نہ دولت، نہ خدم، نہ حشم، نہ بھائی، نہ اعوان و انصار، بھلا یہ بھی کوئی تک ہے؟ ہمارے ہاں بڑے بڑے رؤسا ہیں جو زیرک بھی ہیں اور تجربہ کار بھی۔ ان کے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 184 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 395

بِیْ وَلَاۤ بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ وَمَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۹

میرے ساتھ اور کیا کیا جائے گا تمہارے ساتھ۔ میں تو پیروی کرتا ہوں جو وحی میری طرف کی جاتی ہے اور میں نہیں ہوں مگر صاف صاف ڈرانے والا ۱۲ھ

اثر ورسوخ کا دائرہ بڑا وسیع ہے۔ عرب کے تمام قبائل کے دلوں پر ان کی دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ ان کی دولت وثروت کے افسانے دور دور تک مشہور ہیں۔ منصبِ رسالت کے لیے اللہ تعالیٰ نے ان میں سے کیوں کسی کو منتخب نہ کیا؟ پھر وہ فرمائش کرتے ہیں کہ ہم تب مانیں گے اگر یہ خشک کالے پہاڑ یہاں سے دور ہٹا دیے جائیں، حدِ نگاہ تک ہموار میدان ہو، اس میں چشمے اُبلنے لگیں، نہریں بہنے لگیں وغیرہ وغیرہ۔ ان سب ہرزہ سرائیوں کے جواب میں صرف ایک ہی پر مغز بات فرمانے کا حکم دیا کہ اے رونقِ بزمِ ہستی! اے شمعِ محفلِ امکان! آپ انہیں کہیں کہ کیا میں نرالا رسول ہوں، مجھ سے پہلے کوئی نبی اور رسول نہیں آیا؟ اگر میں پہلا رسول ہوتا تو تمہاری ان اکھڑی اکھڑی باتوں میں کچھ وزن ہوتا اور ان کے جواب کی طرف توجہ کی جاتی۔ جب مجھ سے پہلے کثیر تعداد میں پیغمبر آ چکے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم بھی مانتے ہو اور ان کا احترام کرتے ہو۔ کیا وہ انسان نہ تھے؟ کیا وہ کھاتے پیتے نہ تھے؟ کیا وہ زر وسیم کے انباروں کے مالک تھے؟ کیا وہ اپنی امت کی ایسی بے ہودہ فرمائشوں کو پورا کیا کرتے تھے؟ جب ایسا نہیں تھا تو تم میرے متعلق یاوہ گوئی کیوں کرتے ہو؟ میرا کام ظاہری چشمے جاری کرنا نہیں۔ میں تو معرفتِ الٰہی کے چشموں سے تمہارے اُجڑے ہوئے چمنِ حیات کو از سرِ نو بہار آشنا کرنے آیا ہوں۔ ان پہاڑوں کو تو تم ڈائنامٹ سے بھی اڑا سکتے ہو۔ میں ایسے حجابات اٹھانے کے لیے آیا ہوں جنہوں نے تمہارے دلوں کی آنکھوں کو اندھا بنا رکھا تھا۔ مجھ سے جو اور چنے کے بھاؤ نہ پوچھو۔ مجھ سے اپنے ربِ کریم کے قُرب ورضا کے طریقے سیکھو۔ میں تمہیں اس بتکدۂ تصورات سے نکال کر حریمِ ذات تک لے جاؤں گا۔ مجھ سے اس چور کے بارے میں سوال نہ کرو جو تمہارا گھوڑا اور اونٹ چرا کر لے گیا ہے۔ مجھ سے اس راہزن اور ڈاکو کا پتہ پوچھو جو دن دہاڑے تمہارے ایمان وایقان کے خزانوں پر ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ اس کا پورا پتہ اور نشان بتاؤں گا، تم اسے رنگے ہاتھوں پکڑ لو گے۔ کیا ہوا اگر میرے پاس خزانے نہیں۔ کیا دنیا کے شہنشاہوں کے خزانوں کے قیمتی موتی، علوم ومعارف، اسرار ولطائف کے ان در ہائے آبدار کا مقابلہ کر سکتے ہیں جن سے میرے رب نے مجھے سرفراز فرمایا ہے۔ پیغمبر تمہارا نوکر نہیں ہوتا کہ تمہاری فرمائشوں کی تعمیل میں لگا رہے، وہ اللہ تعالیٰ کا بندہ اور تمہارا آقا ہے۔ وہ تو صرف اور صرف اپنے رب کی فرمانبرداری کرے گا۔ ہاں! تمہاری عزت وشرف اس میں ہے کہ تم بے چون وچرا اس کی اطاعت کرو۔

ایک ہی فقرہ سے ان کی تمام ہزلیات کا دنداں شکن رد فرما دیا۔

۱۲ھ آیت کے اس حصہ کی تفسیر کرتے ہوئے علمائے کرام نے متعدد اقوال ذکر کیے ہیں۔ پہلے میں ان کے ارشادات نقل کروں گا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی توفیق سے جو مفہوم میں سمجھا ہوں، اسے آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔

بعض کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی عاقبت اور انجام کے بارے میں (معاذ اللہ) کچھ خبر نہ تھی اور نہ ہی دوسرے لوگوں کے احوالِ آخرت کا کوئی علم تھا۔ اس قول کے مطابق آیت کا معنی ہوگا کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ قیامت کے روز میرے ساتھ کیا سلوک ہوگا اور نہ مجھے یہ علم ہے کہ تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے گا۔ (1)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص397

کفار، یہود اور منافقین نے جب یہ آیت سنی تو کہنے لگے کہ ایسے نبی پر ایمان لانے سے کیا حاصل! جسے اپنے انجام کی بھی خبر نہیں۔ ہم نہ کہتے تھے کہ یہ قرآن ان کا اپنا گھڑا ہوا ہے۔ اگر یہ مُنزل من اللہ ہوتا تو کیا اللہ تعالیٰ انہیں یہ بھی نہ بتاتا کہ روزِ حشر ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے کفار کی ہرزہ سرائی کو ختم کرنے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ (الفتح:2) اس آیت سے وہ پہلی آیت (مَآ اَدْرِيْ) منسوخ ہوگئی۔ صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ! مبارک، صد مبارک! حضور کو تو اپنے بارے میں علم ہو گیا لیکن ہم غلاموں کا کیا حال ہوگا؟ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ (الفتح:5) اللہ تعالیٰ ایماندار مردوں اور عورتوں کو جنت میں داخل کرے گا جہاں نہریں بہتی ہیں۔(1)

علمائے محققین نے اس قول کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ یہ خبر ہے اور نسخ اخبار کا نہیں ہوتا، اوامر و نواہی کا ہوتا ہے(2)۔ نیز یہ آیت مکی ہے اور سورۂ فتح کی آیت صلح حدیبیہ کے موقع پر سالہا سال بعد نازل ہوئی حالانکہ اگر کسی آیت میں اجمال ہو تو اس کے بیان میں تاخیر ناروا ہے۔ نیز سورت کی ابتدا سے خطاب کفار و مشرکین سے ہے۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو حکم دیں کہ تم کفار کو بتادو کہ مجھے اپنے انجام کی کوئی خبر نہیں۔ کفار بڑی آسانی سے یہ کہہ کر حضور کی دعوت کو مسترد کر سکتے تھے کہ جب آپ کو اپنے بارے میں کچھ خبر نہیں تو پھر ایک غیر یقینی چیز کی طرف دعوت دینے کے لیے یہاں کیسے آدھمکے؟ جایئے تشریف لے جایئے۔ چنانچہ ابنِ جریر طبری، قرطبی، مظہری اور دیگر اکابر نے اس قول کو تسلیم نہیں کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو روزِ اول سے اپنی نجات کا یقین تھا۔

قرآنِ کریم کی کثیر التعداد آیات ہیں جن میں اہلِ ایمان کو مغفرت کا مژدہ ہے اور منکرین کو دوزخ کی وعید۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعزازات کا ذکر قرآن میں بھی بڑی شرح و بسط سے موجود ہے اور احادیثِ طیبہ میں بھی۔ مقامِ محمود، مقامِ شفاعتِ کبریٰ، کوثر وغیرہ ان امور کا کیسے انکار کیا جاسکتا ہے؟ ایک مرتبہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا: اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ اِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخْرَ (3)۔ قیامت کے روز اولادِ آدم کا میں سردار ہوں گا۔ حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ آدم اور دیگر پیغمبروں کو میرے جھنڈے کے نیچے پناہ ملے گی۔ یہ باتیں فخریہ طور پر نہیں کہہ رہا، حقیقت کا اظہار کر رہا ہوں۔

ایسی بے شمار احادیثِ صحیحہ ہیں جن میں حضور کے مقاماتِ رفیعہ اور درجاتِ سنیہ کا ذکر موجود ہے۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو اپنے متعدد غلاموں کے بارے میں نام لے لے کر ان کے جنتی ہونے کی بشارت دی۔ عشرہ مبشرہ کے اسمائے گرامی سے کون واقف نہیں۔ حسنین کریمین کے متعلق فرمایا: سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ (4)۔ یہ دونوں شہزادے اہلِ جنت کے جوانوں کے سردار ہوں گے۔ حضرت ثابت بن قیس، جن کا تفصیلی ذکر سورۂ حجرات میں آرہا ہے، کے متعلق فرمایا اے ثابت! اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَعِيْشَ حَمِيْدًا وَتُقْتَلَ شَهِيْدًا وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ کیا تم اس بات سے راضی نہیں کہ تم عزت و آرام سے زندگی بسر کرو۔ تمہیں شہادت کا شرف بخشا جائے اور تم جنت میں داخل ہو(5)۔ اس قسم کے سینکڑوں واقعات سے کتبِ احادیث بھری پڑی ہیں۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص186 (مفہوم)۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص395
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص186
3۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر، باب ومن سورۃ بنی اسرائیل ج2، ص143
4۔ جامع ترمذی، ابواب المناقب، مناقب ابی محمد الحسن والحسین، ج2، ص218
5۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج26، ص75۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص207

ان آیاتِ محکمات اور احادیثِ صحیحہ کی موجودگی میں یہ کہنا بڑی گستاخی ہے کہ حضور گو اپنے انجام کی خبر نہ تھی۔ (معاذ اللہ)

دوسرا قول یہ ہے کہ دنیا کے حالات سے بے خبری کا اعلان مقصود ہے کہ مجھے اس کا علم نہیں کہ دنیا میں میرا کیا حال ہوگا۔ میں شہید کیا جاؤں گا یا یہاں سے نکال دیا جاؤں گا۔ اسلام کامیاب ہوگا یا کفر کو غلبہ ہوگا۔ مسلمانوں کا مستقبل تابناک ہوگا یا تاریک وغیرہ وغیرہ (1)۔ لیکن اگر اس آیت کو دوسری قرآنی آیات کی روشنی میں دیکھا جائے اور منکرینِ حدیث کی طرح تمام احادیث کو من گھڑت نہ قرار دیا جائے تو یہ قول بھی درست معلوم نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے دینِ حق کے غلبہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کامیابی کا ذکر قرآنِ کریم میں بار بار فرمایا ہے هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ (الفتح:28) دوسری جگہ ہے وَ اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ (الصافات) ارشاد ہے: اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ (المجادلہ) کہ مسلمانوں کے ساتھ نصرت اور کامیابی کا پختہ وعدہ بھی کیا گیا ہے۔ وَ كَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾ (الروم) یعنی ہمارے ذمۂ کرم پر یہ لازم ہے کہ ہم اہلِ ایمان کی مدد ضرور کریں گے۔

وہ آیات جو عہدِ نبوت کے بالکل ابتدائی ایام میں نازل ہوئیں ان کے نزول کے بعد بھی اپنے مستقبل کے بارے میں حضور کو کوئی شبہ نہیں ہوسکتا۔ سورۂ والضحیٰ میں صاف طور پر ارشاد فرمایا وَ لَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿۴﴾ وَ لَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿۵﴾ (الضحیٰ) اے محبوب! آپ کا ہر آنے والا لمحہ گزرے ہوئے لمحہ سے بہتر ہوگا۔ آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ خوش ہو جائیں گے۔

غزوۂ خندق پر نگاہ ڈالیے۔ صرف کفارِ مکہ نہیں بلکہ جزیرۂ عرب کے جملہ مشرک قبائل نے مدینہ پر دھاوا بول دیا ہے۔ ان کا ایک لشکرِ جرار مدینہ کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ان کے دفاع کے لیے خندق کھودی جا رہی ہے۔ کڑاکے کی سردی ہے، کئی کئی وقت کا فاقہ ہے۔ یہودی جو مدینہ طیبہ میں آباد ہیں انہوں نے کفارِ مکہ کے ساتھ ساز باز کر رکھی ہے کہ باہر سے تم ہلہ بول دینا، اندر سے ہم یلغار کر دیں گے۔ ظاہری حالات اس قدر مخدوش ہیں اور فضا اتنی ناسازگار ہے کہ ایک عام شخص بڑی خوش فہمی کے باوجود مسلمانوں کی کامیابی کی پیش گوئی نہیں کر سکتا۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ کا محبوب جب ایک چٹان کو توڑنے کے لیے ضرب لگاتا ہے تو چٹان کا تیسرا حصہ ٹوٹ کر الگ ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی زبانِ نبوت سے یہ اعلان ہوتا ہے کہ مجھے ملکِ ایران کی کنجیاں دے دی گئیں (2)۔ مجھے قیصر کے شاہی خزانے دیے گئے۔ مجھے یمن کی کنجیاں دے دی گئیں۔ اور جن ممالک کی کنجیاں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو عطا فرمائی تھیں ان کا عملی طور پر ظہور حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہدِ مبارک میں ہوا۔

حضرت حذیفہ بن یمان، جن کا لقب رازدانِ رسول ہے، فرماتے ہیں: وَ اللّٰهِ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِكُلِّ فِتْنَةٍ هِیَ كَائِنَةٌ فِیْمَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَ السَّاعَةِ وَ مَا بِیْ اَلَّا یَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اَسَرَّ اِلَیَّ فِیْ ذٰلِكَ شَیْءًا الخ (مسلم شریف جلد دوم ص ۳۹۰) (3)

حضرت حذیفہ فرماتے ہیں کہ آج سے لے کر قیامت تک آنے والے جتنے فتنے ہیں ان میں سے ہر فتنہ کے متعلق میں تمام لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان فتنوں کی ہمیں خبر دی۔

عَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ وَ اَنَّهٗ سَیَكُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ كَذَّابُوْنَ ثَلَاثُوْنَ كُلُّهُمْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِیٌّ وَ اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (ابوداؤد کتاب الفتن) (4)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 397 (مفہوم) 2۔ البدایۃ والنہایہ از حافظ عماد الدین ابی الفدا اسماعیل بن عمر المعروف بابن کثیر، متوفی 774ھ، ج 4، ص 2-101، مطبوعہ مطبعۃ السعادۃ، مصر 3۔ صحیح مسلم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، فصل فی امارات الساعۃ، ج 2، ص 390 4۔ سنن ابوداؤد، کتاب الفتن، ج 2، ص 228

ترجمہ: حضرت ثوبان فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں تیس کذاب ہوں گے۔ ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد اور کوئی نبی نہیں ہوگا۔

ان آیات واحادیث کی موجودگی میں یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ حضورؐ کو یہ علم نہیں تھا کہ دنیا میں آپ کے ساتھ، آپ کے دین کے ساتھ اور آپ کی امت کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے گا۔

تیسرا قول یہ ہے کہ مَآ اَدْرِیْ سے تفصیلی علم کی نفی ہے کہ میں تفصیلاً نہیں جانتا۔ اگرچہ اجمالاً جانتا ہوں (1)۔ ان تینوں اقوال سے کوئی بھی ایسا نہیں جو دل کو مطمئن کر سکے۔ لیکن اگر مَآ اَدْرِیْ کی تحقیق کی جائے تو ساری تشویش دور ہو جاتی ہے۔ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔

علامہ راغب اصفہانی اپنی شہرۂ آفاق مفردات القرآن میں اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلدِّرَایَۃُ: اَلْمَعْرِفَۃُ الْمُدْرَکَۃُ بِضَرْبٍ مِّنَ الْحِیَلِ یُقَالُ دَرَیْتُ بِہٖ دَرْیَۃً نَحْوُ فِطْنَۃٍ وَّ شِعْرَۃٍ۔۔۔ وَ الدِّرَایَۃُ لَاتُسْتَعْمَلُ فِی اللّٰہِ تَعَالٰی وَقَوْلُ الشَّاعِرِ لَا ھُمَّ لَآ اَدْرِیْ وَ اَنْتَ الدَّارِیْ فَمِنْ تَعَجْرُفِ اَجْلَافِ الْعَرَبِ (مفردات) (2) یعنی درایت اس معرفت کو کہتے ہیں جو ظن وتخمین سے حاصل ہوتی ہے۔ فہم وذہانت سے کسی چیز کو سمجھنا اس کے بعد لکھتے ہیں کہ درایت کا لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال نہیں ہوتا۔ شاعر کا یہ مصرع جس میں اللہ تعالیٰ کو ''الداری'' کہا گیا ہے، یہ شاعر کا جاہلانہ اجڈ پن ہے۔

علامہ زبیدی شارحِ قاموس اپنی مایہ ناز تصنیف تاج العروس میں اس کی تحقیق کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

دَرَیْتُہٗ وَبِہٖ۔۔۔ عَلِمْتُہٗ قَالَ شَیْخُنَا صَرِیْحُہٗ اِتِّحَادُ الْعِلْمِ وَ الدِّرَایَۃِ۔ وَ صَرَّحَ غَیْرُہٗ بِاَنَّ الدِّرَایَۃَ اَخَصُّ مِنَ الْعِلْمِ اَوْ عَلِمْتُہٗ بِضَرْبٍ مِّنَ الْحِیْلَۃِ وَ لِذَا لَایُطْلَقُ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی وَ اَمَّا قَوْلُ الرَّاجِزِ لَا ھُمَّ لَآ اَدْرِیْ وَ اَنْتَ الدَّارِیْ فَمِنْ عَجْرَفَۃِ الْاَعْرَابِ (تاج العروس) (3)

ترجمہ: یعنی درایت بذاتِ خود بھی متعدی ہوتا ہے اور بآء کے ساتھ بھی اس کا تعدیہ کیا جاتا ہے۔ درایت کا معنی ہے میں نے جان لیا۔ میرے شیخ کہتے ہیں کہ علم ودرایت ہم معنی ہیں، لیکن دوسرے علمائے لغت نے تصریح کی ہے کہ درایت علم سے خاص ہے یا حیلہ وقیاس سے کسی کو جاننا درایت کہلاتا ہے۔ اسی لیے اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر نہیں کیا جاتا اور ایک رجز گو نے درایت کی نسبت اس مصرعہ میں ذاتِ باری کی طرف کی ہے، یہ اس کا گنوار پن ہے۔

علامہ ابنِ عابدین نے درایت کی تشریح ان الفاظ سے کی ہے۔ اَلدِّرَایَۃُ اَیْ اِدْرَاکُ الْعَقْلِ بِالْقِیَاسِ عَلٰی غَیْرِہٖ۔ یعنی عقل کا بذریعہ قیاس کسی چیز کو جاننا۔ (ردالمحتار جلد اوّل ص ۱۰۱) (4)

ان تصریحات سے واضح ہو گیا کہ درایت کا مفہوم یہ ہے کہ غور وفکر، ظن وتخمین اور قیاس آرائی سے کسی چیز کا علم حاصل کرنا۔ یہ مفہوم ذہن نشین کر کے اب آیت میں غور کریں، ادنیٰ سا شبہ بھی باقی نہ رہے گا۔ نہ تخصیص کی ضرورت پڑے گی۔ نہ نسخ کا قول کرنا پڑے گا۔ آیاتِ قرآنی میں باہمی تضاد یا احادیثِ صحیحہ سے تعارض کی نوبت بھی نہ آئے گی۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرم ﷺ کو حکم دے رہے ہیں کہ آپ ان کفار کو بتا دیجیے کہ میں اپنی عقل وفہم، ذہانت وفطانت اور

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 10۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 397
2۔ مفرداتِ راغب، ص 13-312
3۔ تاج العروس، ج 10، ص 126
4۔ ردالمحتار، ج 1، ص 265 (پرانا نسخہ، ج 1، ص 101)

قیاس سے نہ یہ جانتا ہوں کہ آخرت میں میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ نہ میں یہ جان سکتا ہوں کہ اس دنیا میں میرا، مجھ پر ایمان لانے والوں کا اور میری اس دعوت کا انجام کیا ہوگا یا تمہاری سرکشی کی تمہیں کب اور کیا سزا ملے گی۔ ان امور کو میں اپنی فہم وفراست سے نہ تفصیلاً جان سکتا ہوں اور نہ اجمالاً، میرا علمی سرمایہ میری عقل وشعور کا اثر نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ اگر میں نے غور وفکر سے ان حقائق کو جانا ہوتا تو اس میں شک وشبہ کی گنجائش ہو سکتی تھی اور تمہیں یہ حق پہنچتا تھا کہ اس کو جانچو اور اپنی کسوٹی پر پرکھو، لیکن میرا علم تو اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا ہے۔ اس میں شک وشبہ کا ذرا شائبہ نہیں۔

مَآ اَدْرِیْ سے درایت کی نفی ہے۔ مَا یُوْحٰی اِلَیَّ سے علمِ خداداد کا ثبوت ہے۔ سکھلانے والا اللہ تعالیٰ ہو اور سیکھنے والا مصطفی علیہ التحیۃ والثناء ہو، استاذ عالم الغیب والشہادہ ہو اور تلمیذ غارِ حرا کا گوشہ نشین ہو، بھیجنے والا رب العالمین ہو اور آنے والا رحمۃ للعالمین ہو، وہاں کمی رہے گی تو کیسے؟ کوئی نقص ہوگا تو کس جانب سے؟

آخر میں مفسرین کرام کی چند آراء بھی ملاحظہ فرمایئے۔ آپ کا آئینہ دل ہر قسم کے گرد وغبار سے پاک ہو جائے گا۔

علامہ ابنِ جریر طبری نے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے متعدد اقوال لکھے ہیں۔ ان میں سے ایک قول حضرت حسن بصریؒ کا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: اَمَّا فِی الْاٰخِرَۃِ فَمَعَاذَ اللّٰہِ قَدْ عَلِمَ اَنَّہٗ فِی الْجَنَّۃِ حِیْنَ اُخِذَ مِیْثَاقُہٗ فِی الرُّسُلِ وَلٰکِنْ قَالَ مَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ فِی الدُّنْیَا اُخْرِجُ کَمَا اُخْرِجَتِ الْاَنْبِیَاءُ۔ (1)

یعنی یہ کہنا کہ حضورؐ کو یہ علم نہ تھا کہ آخرت میں حضورؐ کے ساتھ کیا کیا جائے گا تو ایسی نازیبا بات سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔ حضورؐ کو اس وقت سے اپنے ناجی ہونے کا علم تھا جب روزِ اول ارواحِ انبیاء سے حضورؐ پر ایمان لانے کا وعدہ لیا گیا تھا۔ بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ میں نہیں جانتا کہ دنیا میں مجھے سابقہ انبیاء کی طرح جلاوطن کر دیا جائے گا یا نہیں؟ ابنِ جریر حسن بصری کے قول کو صحیح قرار دیتے ہیں۔ وَلٰکِنَّ ذٰلِکَ کَمَا قَالَ الْحَسَنُ ثُمَّ بَیَّنَ اللّٰہُ لِنَبِیِّہٖ مَا ھُوَ فَاعِلٌ بِہٖ وَبِمَنْ کَذَّبَ بِمَا جَاءَ بِہٖ مِنْ قَوْمِہٖ وَغَیْرِھِمْ (2)۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ کو اس دنیا میں جو معاملہ حضور سے کیا جانے والا تھا اور جو سلوک آپ کی قوم اور دوسرے مکذبین کے ساتھ ہونے والا تھا اس کو بیان کر دیا۔

علامہ نیشاپوری لکھتے ہیں: فَاِنَّہٗ لَمْ یَنْفِ اِلَّا الدِّرَایَۃَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِہٖ وَ مَا نَفَی الدِّرَایَۃَ مِنْ جِھَۃِ الْوَحْیِ۔ یعنی خود بخود جان لینے کی نفی کی گئی ہے اور جو بذریعہ وحی عطا ہوا اس کی نفی نہیں۔ (3)

علامہ آلوسی نے تو بڑی شرح وبسط کے ساتھ اس حقیقت کو بیان کیا ہے۔ وَالَّذِیْ اخْتَارَہٗ اَنَّ الْمَعْنٰی عَلٰی نَفْیِ الدِّرَایَۃِ مِنْ غَیْرِ جِھَۃِ الْوَحْیِ سَوَاءٌ کَانَتِ الدِّرَایَۃُ تَفْصِیْلِیَّۃً اَوْ اِجْمَالِیَّۃً وَّ سَوَاءٌ کَانَ ذٰلِکَ فِی الْاُمُوْرِ الدُّنْیَوِیَّۃِ اَوِ الْاُخْرَوِیَّۃِ وَ اعْتَقَدَ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ لَمْ یَنْتَقِلْ مِنَ الدُّنْیَا حَتّٰی اُوْتِیَ مِنَ الْعِلْمِ بِاللّٰہِ تَعَالٰی وَ صِفَاتِہٖ وَ شُئُوْنِہٖ وَ الْعِلْمِ بِاَشْیَاءَ یُعَدُّ الْعِلْمُ بِھَا کَمَالًا مَّا لَمْ یُعْطَہٗ اَحَدٌ غَیْرُہٗ مِنَ الْعَالَمِیْنَ۔ (روح المعانی) (4)

ترجمہ: میرے نزدیک پسندیدہ قول یہ ہے کہ نفی اس درایت کی ہے جو وحی کے بغیر ہو۔ خواہ تفصیلی ہو یا اجمالی، اس کا تعلق دنیوی واقعات سے ہو یا اخروی حالات سے۔ آلوسی کہتے ہیں کہ میرا عقیدہ یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس دنیا سے

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 26، ص 6
2۔ ایضاً
3۔ غرائب القرآن ورغائب الفرقان (حاشیہ نیشاپوری بر تفسیر طبری)، ج 26، ص 7
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 10

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ

فرمائیے کیا تم نے کبھی اس پر غور کیا کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے ہو اور تم اس کا انکار کر دو (تو اس کا انجام کیا ہوگا؟) ۱۳ے حالانکہ گواہی دے چکا

شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ

ہے ایک گواہ بنی اسرائیل سے اس کی مثل پر اور وہ ایمان بھی لے آیا اور تم نے تکبّر کیا ۱۴ے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ ع ۱۰

بے شک اللہ تعالیٰ نہیں ہدایت دیتا ظالم لوگوں کو۔ اور کفار اہلِ ایمان کے بارے میں

اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ

کہتے ہیں کہ اگر یہ (اسلام) کوئی بہتر چیز ہوتی تو یہ ہم سے سبقت نہ لے جاتے اس کی طرف ۱۵ے اور کیونکہ انہیں ہدایت نصیب نہیں ہوئی قرآن سے تو یہ

انتقال نہیں فرمایا جب تک حضور کو اللہ تعالیٰ کی ذات، اس کی صفات اور اس کے شئون کا علم اور تمام ایسی اشیاء کا علم جو وجہِ کمال ہے، نہ دے دیا گیا۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَعِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ وَاِلَيْهِ الْمَآبِ۔

۱۳ے اے کفار! مجھے یہ بتاؤ کہ اگر یہ قرآن اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ ہو اور تم اس کا انکار کر رہے ہو تو تم نے کبھی سوچا اس کا انجام کس قدر ہولناک ہوگا؟ اس لیے ضد اور عناد کو دل سے نکال دو اور اس کتابِ الٰہی کو تسلیم کر لو۔

۱۴ے تعجب ہے کہ بنی اسرائیل کے پاس موسیٰ علیہ السلام تشریف لائے۔ انہیں تورات عطا کی گئی۔ بنی اسرائیل نے اس کتاب کو بھی مان لیا اور موسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر بھی ایمان لے آئے۔ تمہارے پاس قرآنِ کریم جیسی عظیم اور بے مثل کتاب آئی ہے اور اس کتاب کو لے کر آنے والی وہ ہستی ہے جس کی عظمتوں کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے باوجود نہ تم کتاب پر ایمان لائے ہو اور نہ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول پر، تم نے غرور و سرکشی کی روش اختیار کر رکھی ہے۔ سن لو! جو قوم ظلم کو اپنا شعار بناتی ہے، اللہ تعالیٰ حق قبول کرنے کی توفیق سے اس کو محروم کر دیتا ہے۔

بعض مفسرین نے شَاهِدٌ سے مراد عبداللہ بن سلامؓ کو لیا ہے (1)، لیکن یہ درست نہیں۔ کیونکہ حضرت عبداللہ ہجرت کے بعد ایمان لائے اور یہ آیت ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ حضرت مسروق کا قول ہے: ''قَالَ مَسْرُوْقٌ فَالتَّوْرَاةُ مِثْلُ الْقُرْآنِ وَمُوْسٰى مِثْلُ مُحَمَّدٍ وَّاٰمَنُوْا بِالتَّوْرَاةِ وَبِرُسُوْلِهِمْ وَكَفَرْتُمْ۔'' (ابنِ جریر) (2)

۱۵ے غرور اور تکبر نے انہیں اس غلط فہمی میں مبتلا کر دیا تھا کہ وہ عقلِ کُل ہیں۔ جس بات کو وہ پسند کریں، وہی پسندیدہ ہے اور جس کو وہ مسترد کر دیں اسے ردی کی ٹوکری میں پھینکنا چاہیے۔ حق و باطل کے پرکھنے کے لیے وہ اپنے آپ کو معیار قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیرِ آیت ہذا، ج 4، ص 156، روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 26، ص 12 2۔ تفسیر طبری، زیرِ آیت ہذا، ج 26، ص 7

هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ

اب ضرور کہیں گے کہ (ابھی) یہ تو وہی پرانا جھوٹ ہے ۱۶ حالانکہ اس سے پہلے کتابِ موسیٰ رہنما اور رحمت بن کر آچکی ہے ۔ اور

هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ وَبُشْرٰى

یہ کتاب (قرآن) تو اس کی تصدیق کرنے والی ہے عربی زبان میں ہے تاکہ بروقت خبردار کردے ظالموں کو اور خوش خبری ہے

لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ

نیکوکاروں کے لیے ۱۷ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے پس کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

انہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے ۱۸ یہی لوگ جنتی ہیں ہمیشہ رہیں گے اس

جب دعوتِ اسلام لوگوں کو اپنی طرف کھینچنے لگی اور ان میں اکثریت غلاموں، کنیزوں، غریبوں اور فقیروں کی تھی تو انہوں نے لوگوں کو اسلام سے دور رکھنے کے لیے یہ کہنا شروع کر دیا کہ اگر اس دین میں کوئی خرابی نہ ہوتی تو بھلا ہم اس کو رد کرتے؟ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک اچھی چیز کو قبول کرنے میں یہ لوگ جو علم، تجربہ، دولت، شہرت ہر لحاظ سے ہم سے فروتر ہیں، سبقت لے جاتے؟ ہرگز نہیں۔ ہم نے اسلام کو خوب جانچا ہے۔ اس میں ایسی خرابیاں دیکھی ہیں جن کی وجہ سے ہم نے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اے لوگو! تم خود بتاؤ کہ تم ان غلاموں، مفلسوں جو بے علم بھی ہیں، کم سمجھ بھی ہیں اور ناتجربہ کار بھی، ان کا منتخب کیا ہوا راستہ اپنے لیے پسند کرنا چاہتے ہو یا جو راہ ہم دانشوروں اور جہاندیدہ مشائخ و رؤسا نے اختیار کی ہے اس پر چلنا چاہتے ہو؟

۱۶ یہ لوگ خود بدنصیب تھے۔ شقاوت نے ان کو قبولِ حق سے محروم رکھا۔ اب ان کی مرضی ہے کہ ساری دنیا اس فیض سے محروم رہے، اس لیے وہ بڑی شدومد سے اسلام کے بارے میں جھوٹا پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ یہ جھوٹ ہے، ایسا جھوٹ جو صدیوں سے بولا جا رہا ہے۔ خبردار اس کے نزدیک نہ جانا۔

۱۷ ان کے اس دعوے کے رد میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ قدیم جھوٹ نہیں بلکہ قدیم سچائی ہے۔ ایسی سچائی جس کو ہر زمانہ کے پاکباز لوگوں نے قبول کیا اور حرزِ جان بنایا۔ قرآنِ کریم سے پہلے ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی جو بعینہٖ وہی دعوت دیتی رہی جس کی دعوت قرآن دیتا ہے۔ قرآنِ کریم تورات کی تصدیق کرتا ہے اور جو لوگ ظلم اور نافرمانی کی روش اختیار کیے ہوئے ہیں، ان کو بروقت ہولناک انجام سے آگاہ کرتا ہے اور جن لوگوں نے تقویٰ و پارسائی کو اپنا شعار بنا رکھا ہے انہیں نویدِ رحمت سناتا ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

۱۸ اس کا بیان حٰمٓ السجدہ میں گزر چکا ہے۔ آیات ۳۲، ۳۱، ۳۰ کے حواشی ملاحظہ ہوں۔

فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ

میں۔ یہ جزا ہے ان نیکیوں کی جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے حکم دیا ہے انسان کو کہ اپنے والدین کے ساتھ اچھا

اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ

سلوک کرے ۱۹ (اپنے شکم میں) اٹھائے رکھا اس کو اس کی ماں نے بڑی مشقت سے اور جنا اس کو بڑی تکلیف سے اور اس کے حمل اور اس کے دودھ

۱۹ عام طور پر قرآنِ کریم میں توحید، دلائلِ توحید اور فرائضِ بندگی کے ذکر کے بعد حقوقِ والدین کی طرف زوردار الفاظ میں توجہ دلائی جاتی ہے۔ یہاں بھی مشرکین کی غلط فہمیوں کے ازالہ کے بعد اور اہلِ استقامت کی کامرانیوں کے بیان کے بعد قارئین کی توجہ والدین کی خدمت اور دلجوئی کی طرف مبذول کرائی جارہی ہے۔ علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں کہ وصیت کا فاعل جب اللہ تعالیٰ ہو تو اس کا معنی فرض کرنا ہوتا ہے۔ لِاَنَّ الْوَصِيَّةَ مِنَ اللهِ اِنَّمَا هِيَ فَرْضٌ (لسان العرب) (1) اگرچہ ماں باپ دونوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور ان کی خدمت اور ہر طرح سے دلجوئی کا حکم بار بار دیا ہے بایں ہمہ اس آیت سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ ماں کا حق باپ سے کئی گنا زیادہ ہے۔ یہاں ان تکالیف اور مشقتوں کا مفصل تذکرہ ہے جو بچے کے سلسلہ میں صرف ماں برداشت کرتی ہے۔ جس روز رحمِ مادر میں حمل قرار پکڑتا ہے اس وقت سے ماں کی ساری جسمانی قوتیں جنین کی پرورش اور نگہداشت میں صَرف ہونے لگتی ہیں، اس کی اپنی صحت کا نظام بری طرح متاثر ہوتا ہے۔ نیند، بھوک وغیرہ معمولات میں نمایاں فرق رونما ہوجاتا ہے۔ طبیعت گراں اور افسردہ رہتی ہے اور آئے دن ان مشقتوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ پیدائش کے لمحے تو ماں کو جان کنی کی کیفیت سے دوچار کر دیتے ہیں۔ ان جان لیوا مرحلوں سے گزرنے کے بعد پھر ایک طویل ریاضت کا عمل شروع ہوجاتا ہے۔ دودھ پلانا، صبح وشام اس کی نگہداشت کرتے رہنا، بیماری کی صورت میں رات رات بھر اس کو گود میں اٹھائے رکھنا، اس کے آرام کی خاطر اپنا آرام بڑی خوشی اور محبت سے قربان کرنا صرف ماں کا حصہ ہے۔ ان تمام مشقتوں کا ذکر کر کے بتا دیا کہ ماں کی خدمت کا حق باپ سے کئی گنا زیادہ ہے۔ ایک شخص نے رحمتِ عالمیاں صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ! میں کس سے نیکی کروں؟ فرمایا ماں سے۔ اس نے عرض کی اس کے بعد، فرمایا ماں سے۔ عرض کی اس کے بعد۔ فرمایا ماں سے۔ عرض کی اس کے بعد۔ چوتھی بار فرمایا اپنے باپ سے۔ (1)

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ جو مفسر ہونے کے علاوہ اپنے عہد کے مایہ ناز فلسفی بھی تھے۔ انہوں نے اس آیت کے ضمن میں ان تبدیلیوں کا ذکر کیا ہے جن میں سے جنین کو دورانِ حمل گزرنا پڑتا ہے۔ آپ بھی اس کا خلاصہ سماعت فرمایئے اور دیکھیے کہ وہ خلاقِ عظیم، انسان کی پیچیدہ ترین مشینری کو کس طرح بناتا ہے۔

امام لکھتے ہیں کہ جب منی رحمِ مادر میں پہنچتی ہے تو وہاں کی حرارت کی وجہ سے اس کی ہیئت میں گوناگوں تبدیلیاں رونما ہونے لگتی ہیں۔ چھٹے دن وہ جھاگ کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ پھر اس میں خون کے تین نقطے ظاہر ہوتے ہیں۔ درمیانی نقطہ بعد میں

1۔ لسان العرب، ج15، ص395 2۔ صحیح بخاری، کتاب الادب، باب من احق بحسن الصحبۃ، ج2، ص883

ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ

چھڑانے تک تیس مہینے لگ گئے ۲۰ یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس برس کا

جا کر دل بنتا ہے۔ اوپر والا دماغ اور دائیں طرف والا جگر، پھر سرخ رنگ کے دھاگے ظاہر ہوتے ہیں جو ان کو آپس میں ملاتے ہیں۔ یہ عمل تین دن میں ہوتا ہے۔ نو دن کے بعد یہ سارا مادہ خون میں بدلنے لگتا ہے اور چھ روز کی مدت میں وہ لوتھڑا بن جاتا ہے۔ پندرہ روز کے بعد یہ لوتھڑا گوشت کی شکل اختیار کرنے لگتا ہے۔ بارہ دن کی مدت میں تینوں اعضا متمیز ہونے لگتے ہیں اور مغز کا گودا پھیلنے لگتا ہے۔ ستائیس دن کے بعد پانچواں مرحلہ شروع ہوتا ہے۔ سر، کندھوں سے الگ ہونے لگتا ہے۔ پسلیاں، بازو اور پیٹ اپنی ابتدائی شکل اختیار کرتے ہیں۔ اس تبدیلی میں نو دن لگتے ہیں۔ چھٹا مرحلہ جو چار دن کا ہوتا ہے، اس میں مختلف اعضاء اپنی مخصوص شکلیں اختیار کر لیتے ہیں۔ اس طرح چالیس دن کے عرصہ میں حضرت انسان کا ابتدائی ڈھانچہ تیار ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی یہ عرصہ پینتالیس دن کا ہوتا ہے اور اس کی کم از کم مدت تیس دن ہے۔ امام رازی فرماتے ہیں کہ ان طبی تحقیقات نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد کی تصدیق کر دی۔ یُجْمَعُ خَلْقُ اَحَدِکُمْ فِیْ بَطْنِ اُمِّہٖ اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا۔ یعنی ماں کے شکم میں تمہاری آفرینش چالیس دن میں پوری ہوتی ہے۔ باقی عرصہ اس ڈھانچہ کو کامل و مکمل کرنے اور اس کی نوک پلک سنوارنے میں صرف ہوتا ہے۔ (1)

سُبْحَانَ مَنْ یُّصَوِّرُ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَاءُ۔ یقیناً ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات جو رحموں میں تصویر بناتی ہے جیسی چاہتی ہے۔

۲۰ اس آیت سے اہلِ علم نے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ ہے۔ کیونکہ یہ تیس مہینے حمل اور دودھ پلانے کی مجموعی مدت ہے۔ دودھ پلانے کی مدت دوسری آیت میں دو سال متعین ہے۔ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ (البقرہ:233) یعنی مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دودھ پلائیں۔ اس کے بعد چھ ماہ بچتے ہیں اور یہ حمل کی اقل مدت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہء خلافت میں ایک عورت پیش کی گئی جس نے شادی کے چھ ماہ بعد بچہ جنا تھا۔ آپ نے اس کے متعلق صحابہ کرام سے مشورہ کیا۔ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس پر کوئی رجم نہیں۔ کیا آپ نے ملاحظہ نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا۔ اس کے حمل اور فصال کی مدت تیس ماہ ہے۔ پھر فصال کی مدت کے متعلق فرمایا وَفِصَالُهٗ فِیْ عَامَیْنِ دودھ چھڑانے کی مدت دو سال ہے۔ اس کے بعد حمل کے لیے صرف چھ ماہ رہ جاتے ہیں۔ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے اس عورت کو چھوڑ دیا۔ (مظہری) (2)

قدیم اطباء کی بھی یہی تحقیق ہے۔ حکیم جالینوس سے منقول ہے کہ میں اس امر کی کھوج میں لگا رہا کہ حمل کی کم سے کم مدت کتنی ہے۔ یہاں تک کہ میں نے ایک ایسی عورت دیکھی جس نے ۱۸۴ دنوں (چھ ماں چار دن) میں بچہ جنا (3)۔ جدید تحقیقات سے بھی یہ ثابت ہو چکا ہے کہ بچے کو کم از کم ۲۸ ہفتے یعنی ۱۹۶ دن رحم میں رہنا پڑتا ہے۔ یہ چھ ماہ اور سولہ دن بنتے ہیں۔ دنوں کا یہ شمار اس وقت سے شروع ہوتا ہے جب عورت حیض سے فارغ ہوتی ہے اور اس طہر کا آغاز ہوتا ہے جس میں حمل قرار پاتا ہے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 28، ص 16-17 2۔ حاشیہ تفسیر مظہری، ج 8، ص 403 3۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 28، ص 16

قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ

ہو گیا ۲۱ تو اس نے عرض کی اے میرے رب! مجھے والہانہ توفیق عطا فرما کہ میں شکر ادا کرتا رہوں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور

وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ

میرے والدین پر فرمائی اور میں ایسے نیک کام کروں جن کو تو پسند فرمائے اور صلاح (دُرُشد) کو میرے لیے میری اولاد

ضروری تو نہیں کہ طُہر کے پہلے دنوں میں ہی حمل قرار پائے بلکہ جدید تحقیقات سے تو یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ آئندہ حیض سے ۱۴ دن پہلے دو چار روز کے عرصہ میں عملِ تلقیح وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس طرح یہ سولہ دن کا فرق بھی نہیں رہتا۔

حمل کی زیادہ سے زیادہ کتنی مدت ہے؟ قرآنِ کریم میں اس کا ذکر نہیں۔ البتہ بوعلی سینا نے اپنی مشہور کتاب ''الشفا'' کے نانویں مقالہ میں لکھا ہے کہ مجھے نہایت باوثوق ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ایک عورت کے ہاں حمل کے چوتھے سال بچہ پیدا ہوا۔ اس کے منہ میں دانت اُگ آئے تھے۔ پھر وہ زندہ سلامت رہا۔ ارسطاطالیس نے کہا ہے کہ دیگر حیوانات کے لیے تو حمل کی مدت مقرر ہے لیکن انسان کے بارے میں یقینی تحدید مشکل ہے۔(1)

امام رازی فرماتے ہیں کہ اس میں کیا حکمت ہے کہ قرآنِ کریم نے دودھ پلانے کی تو زیادہ سے زیادہ مدت بیان کی اور حمل کی کم سے کم مدت؟ اس کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں: اِنَّ الْمَقْصُوْدَ مِنْ تَقْدِیْرِ اَقَلِّ الْحَمْلِ سِتَّةَ اَشْهُرٍ وَّ تَقْدِیْرِ اَكْثَرِ الرِّضَاعِ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ السَّعْیُ فِیْ دَفْعِ الْمَضَارِّ وَ الْفَوَاحِشِ وَ اَنْوَاعِ التُّهْمَةِ عَنِ الْمَرْاَةِ فَسُبْحَانَ مَنْ لَّهٗ تَحْتَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِّنْ هٰذَا الْكِتَابِ اَسْرَارٌ عَجِیْبَةٌ وَّنَفَائِسُ لَطِیْفَةٌ تَعْجِزُ الْعُقُوْلُ عَنِ الْاِحَاطَةِ بِكَمَالِهَا۔ (تفسیر کبیر)(2)

ترجمہ: یعنی اس میں حکمت یہ ہے تاکہ عورت سے ہر قسم کی تہمت کا سدِ باب کیا جا سکے، ضرر رسانی اور فحاشی کا قلع قمع ہو سکے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اس کتاب کے ہر کلمہ میں ہزاروں حکمتیں اور لطیفے ودیعت فرمائے ہیں جن کے احاطے سے عقل عاجز ہے۔

۲۱ جب انسان کی عمر چالیس سال ہوتی ہے تو اس کی جسمانی اور ذہنی قوتیں پورے شباب پر ہوتی ہیں۔ اس وقت نہ عنفوانِ شباب کا وہ اندھا جوش باقی رہتا ہے، نہ بڑھاپے کی کمزوریوں نے پنجے گاڑھے ہوتے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی اعتبار سے یہ وقت بڑا معتدل ہوتا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ اِنَّ الشَّیْطَانَ یَجُرُّیَدَهٗ عَلٰی وَجْهِ مَنْ زَادَ عَلَی الْاَرْبَعِیْنَ وَلَمْ یَتُبْ وَیَقُوْلُ بِاَبِیْ وَجْهٌ لَّا یُفْلِحُ(3)۔ یعنی وہ آدمی جس کی عمر چالیس سال سے متجاوز ہو اور پھر بھی وہ تائب نہ ہو تو شیطان اس کے منہ پر ہاتھ پھیرتا ہے (بُجّہ مارتا ہے) اور کہتا ہے کہ یہ ایسا چہرہ ہے جو کبھی سرخرو نہ ہوگا۔ حضرت ابنِ عباس سے منقول ہے مَنْ اَتٰی عَلَیْهِ الْاَرْبَعُوْنَ سَنَةً فَلَمْ یَغْلِبْ خَیْرُهٗ شَرَّهٗ فَلْیَتَجَهَّزْ اِلَی النَّارِ (روح المعانی)(4)

ترجمہ: جس کے چالیس سال گزر جائیں پھر بھی اس کی نیکی اس کی برائی پر غالب نہ ہو تو ایسے شخص کو دوزخ کی تیاری کرنی چاہیے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 28، ص 16 2۔ ایضاً، ج 14، جز 28، ص 17 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 18 4۔ ایضاً

ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

میں راسخ فرمادے۔ بے شک میں توبہ کرتا ہوں تیری جناب میں اور میں تیرے حکم کے سامنے سر جھکانے والوں میں سے ہوں ۲۲ یہی وہ

الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ

(خوش نصیب) ہیں قبول کرتے ہیں ہم جن کے بہترین اعمال کو اور درگزر کرتے ہیں ہم جن کی برائیوں سے ،

۲۲ بندۂ مومن کے عقائد ونظریات، اس کے افکار اور سوچ کا انداز، اس کی آرزوؤں اور امنگوں اور اس کی منزلِ مراد کا عکسِ جمیل اس آیت کے آئینے میں دیکھا جاسکتا ہے۔

سب سے پہلے وہ ان انعامات واحسانات کا اعتراف کرتا ہے جو اس پر کیے گئے ہیں، جن سے نہ صرف اس کو بلکہ اس کے والدین کو بھی نوازا گیا ہے۔ اعترافِ نعمت پر بس نہیں کرتا بلکہ ان کا کماحقہٗ شکر ادا کرنے کی توفیق مانگ رہا ہے اور یہ توفیق وفقنی کے لفظ سے نہیں بلکہ اوزعنی کے کلمہ سے طلب کی جارہی ہے۔ کیونکہ اس لفظ سے طلبِ توفیق کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز کی توفیق مانگی جارہی ہے، اس کے دل میں اس کی شدید لگن اور حد درجہ شیفتگی بھی پائی جاتی ہے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: رَغِّبْنِيْ وَوَفِّقْنِيْ مِنْ اَوْزَعْتُهٗ بِكَذَا اِذَا جَعَلْتُهٗ مُوْلَعًا بِهٖ رَاغِبًا فِيْ تَحْصِيْلِهٖ (روح المعانی)(1) علامہ ابنِ منظور فرماتے ہیں: اس آیت میں اَوْزِعْنِيْٓ کا معنی یہ ہے کہ میرے دل میں شکر کا جذبہ القاء کر اور مجھے اس کا شوق دے۔ وَمَعْنٰى اَوْزِعْنِيْ: اَلْهِمْنِيْ وَاَوْلِعْنِيْ (لسان العرب)(2)

اس لفظ نے اس دعا کو کہاں سے کہاں تک پہنچادیا۔

اس کے بعد عملِ صالح کے لیے التجا کی جارہی ہے، لیکن وہ عملِ صالح نہیں جس کو لوگ تو صالح کہیں، لوگ تو تحسین وآفرین کے پھول برسائیں لیکن ریا یا کسی دوسری خرابی کے باعث بارگاہِ الٰہی میں اسے مسترد کردیا جائے۔ اس لیے عرض کی کہ ایسے نیک اعمال کی توفیق مرحمت فرما جو تجھے بھی پسند ہوں۔ پھر عرض کرتا ہے کہ الٰہی! ایسا نہ ہو کہ جب تک میری شمعِ حیات روشن ہے، نیکی اور خلوص کا اجالا پھیلتا رہے، ادھر یہ شمع گل ہو اور ادھر غفلت کا اندھیرا پھر چھا جائے۔ میرے اللہ! جو اولاد تو نے اپنے اس بندے کو عطا فرمائی ہے، میرے سفید بالوں کی لاج رکھنا، ان کو شیطان کے نرغے میں پھنسنے سے بچانا۔ ان کی جبینیں تیرے حضور میں جھکتی رہیں، ان کے دلوں پر تیرے انوارِ رحمت کی برکھا ہوتی رہے۔ ان کے سینوں کو اپنے محبوبِ کریم، شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سچی غلامی اور زندہ عشق کی دولت سے مالا مال فرمانا۔ جب تک زندہ رہیں تیرے بندے بن کر، تیرے پیارے رسولؐ کے غلام بن کر اور تیرے دینِ حنیف کے سچے مخلص اور بلند اقبال خادم بن کر زندہ رہیں۔

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ میں ''لِيْ'' اور ''فِيْ'' کے الفاظ بڑے معنی خیز ہیں۔

دعا کے آخری جملے کیا ہیں؟ اظہارِ بندگی کی انتہا، تسلیم ورضا کا مظہرِ اتم۔ بندہ عرض کرتا ہے: میرے رب! سب سے منہ موڑ کر

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 26، ص 19 2۔ لسان العرب، ج 8، ص 391

فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْ

یہ جنتیوں میں سے ہوں گے۔ یہ (اللہ کا) سچا وعدہ ہے جو (اہلِ ایمان سے) کیا گیا ہے ۲۳ اور جس نے

قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ

کہا اپنے والدین کو ۲۴ افسوس ہے تمہارے حال پر کیا تم مجھے دھمکی دیتے ہو اس کی کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا حالانکہ گزر چکی ہیں کئی صدیاں

مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

مجھ سے پہلے (ان میں سے تو کوئی اب تک زندہ نہ ہوا) اور اس کے والدین بارگاہِ الٰہی میں فریاد کرتے ہیں (اور اسے کہتے ہیں) تیرا خانہ خراب ہو ایمان لے آ۔

حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے تو وہ (جواباً) کہتا ہے نہیں ہیں یہ دھمکیاں مگر پہلے لوگوں کی فرسودہ کہانیاں ۲۵ یہی وہ (بدبخت) ہیں جن پر

حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ

ثابت ہو چکا ہے عذاب کا فرمان ان گروہوں میں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں جنّوں

میں تیری طرف، صرف تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔ میں ان لوگوں میں سے ایک ہوں جنہوں نے حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت پر عمل کرتے ہوئے قولاً، عملاً، حالاً اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۱﴾ (البقرہ) کا نعرۂ مستانہ لگایا اور اپنی گردنیں جھکا دیں۔

مومن کو چاہیے کہ اس دعا کو یاد کرے اور درِ رحمت پر ہر وقت ان پاکیزہ کلمات سے صدا دیتا رہے۔

۲۳ پہلے شانِ بندگی کا اظہار تھا۔ یہاں شانِ بندہ نوازی پوری ادائے دلبری سے جلوہ نما ہے۔ انسان کو یہ مقام نصیب ہو جائے تو اسے اور کیا چاہیے۔

۲۴ سابقہ آیات میں بندۂ مومن کا کردار بیان کیا گیا کہ وہ اپنے رب کا اطاعت گزار اور اپنے والدین کا فرمانبردار ہوتا ہے۔ جن گوناگوں نعمتوں سے اسے سرفراز کیا جاتا ہے ان کا شکریہ ادا کرتا رہتا ہے۔ اب ایسے شخص کا کردار بیان کیا جا رہا ہے جسے آخرت پر ایمان نہیں۔ وہ اپنے خالق سے روگرداں ہے۔ اپنے ماں باپ کا گستاخ ہے، انہیں بات بات پر جھڑکتا ہے، اگر وہ اس کی اصلاحِ احوال کے لیے کوشش کرتے ہیں تو انکا مذاق اڑاتا ہے، ان کو احمق اور بیوقوف سمجھتا ہے، کہتا ہے یہ پرانے لوگوں کے من گھڑت قصے ہیں۔ ان دونوں کرداروں کا بنظرِ غائر مطالعہ کیجیے۔ آپ کو از خود پتہ چل جائے گا کہ آخرت پر ایمان لانے والے اور آخرت کا انکار کرنے والے میں کتنا اور کیسا فرق ہوتا ہے۔

۲۵ ماں باپ کی شفقت ملاحظہ ہو۔ بارگاہِ الٰہی میں بھی اس کے ہدایت یافتہ ہونے کی عاجزانہ دعائیں کر رہے ہیں اور ساتھ

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ

اور انسانوں میں سے ۲۶ بے شک وہ سراسر گھاٹے میں تھے ۔ اور ہر ایک کے لیے مرتبے ہوں گے انکے اعمال کے مطابق ۲۷

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ پورا پورا دے گا انہیں ان کے اعمال کا بدلہ اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ۔ اور جس روز لا کر کھڑا کر دیا جائے گا

كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ

کفار کو آگ کے سامنے (تو انہیں کہا جائے گا) تم نے ختم کر دیا تھا اپنی نعمتوں کا حصہ اپنی دنیوی زندگی میں اور خوب لطف اٹھا لیا تھا تم نے

بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

ان سے ۲۸ آج تمہیں رسوائی کا عذاب دیا جائے گا بوجہ اس گھمنڈ کے جو تم

ساتھ اسے بھی سمجھا رہے ہیں۔

۲۶ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ آیت حضرت صدیقِ اکبرؓ کے بیٹے عبدالرحمٰن یا عبداللہ کے حق میں نازل ہوئی (1) کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ اس قسم کا سلوک کرتے تھے۔ اس آیت سے اس رائے کی تردید ہوتی ہے کیونکہ ان لوگوں کے بارے میں بتا دیا کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ان کے بارے میں عذاب کا فیصلہ قطعی ہے، لیکن حضرت عبداللہ اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما دونوں مشرف باسلام ہوئے اور ان کا شمار اکابرِ اسلام میں ہوتا ہے۔

۲۷ اہلِ زیغ وضلال کو بھی دوزخ میں ان کے اعمال کے مطابق جگہ ملے گی۔

۲۸ کفار کو روزِ حشر جہنم کے کنارے لا کھڑا کیا جائے گا۔ انہیں اپنی دنیوی شان وشوکت یاد آئے گی۔ دنیا میں جو اچھے کام انہوں نے کیے تھے وہ انہیں یاد کریں گے۔ انہیں بتایا جائے گا کہ جو تم نے اچھے کام کیے تھے ان کا معاوضہ تمہیں دنیا ہی میں دے دیا گیا تھا۔ تمہیں دولت دی، عزت دی، شہرت دی، تمہارا سارا حساب چکا دیا گیا۔ آج تو تمہیں اس کفر وشرک کی سزا دی جائے گی جو عمر بھر تم کرتے رہے اور بار بار سمجھانے کے باوجود اس سے باز نہیں آئے۔

حضور فخر دو عالم ﷺ عمداً زندگی کی آسائشوں، لذیذ کھانوں اور شاندار مکانات سے اجتناب فرمایا کرتے تھے۔ ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول ایک چٹائی پر آرام فرما ہے جو ریت پر بچھی ہوئی ہے اور ریت ایک پہلو کو لگی ہوئی ہے۔ چمڑے کا ایک گدا ہے جس میں کھجور کے پتے بھرے ہیں۔ حضرت عمر نے عرض کی یارسول اللہ! قیصر وکسریٰ یوں آرام وعیش کی زندگی بسر کریں اور اللہ تعالیٰ کا حبیب یوں ریت پر لیٹے۔ یارسول اللہ!

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 59-158

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ

زمین میں ناحق کیا کرتے تھے اور بوجہ تمہاری نافرمانیوں کے ۔(اے حبیب!) ذکر سنائیے انہیں قوم عاد کے بھائی

اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ

(ہود) کا۔ جب ڈرایا اس نے اپنی قوم کو احقاف میں ۲۹ اور گزر چکے تھے ڈرانے والے ان سے پہلے بھی اور

دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ آپ کی امت کو وسیع رزق عطا فرمائے۔ سرور کائنات نے فرمایا: اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ۔ اے عمر! کیا تم اس پر راضی نہیں کہ انہیں دنیا دے دی جائے اور ہمیں آخرت؟

اس حسنِ تربیت اور نگاہِ شفقت کا نتیجہ تھا کہ حضرت فاروقِ اعظمؓ ہمیشہ لذت وعشرت سے کنارہ کش رہے۔ اپنے عہدِ خلافت میں بھی سادگی کو اپنا شعار بنائے رکھا۔ فتح بیت المقدس کے سلسلہ میں آپ شام تشریف لے گئے۔ آپ کے اعزاز میں بڑی پُرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ دسترخوان پر چنے ہوئے رنگ برنگ کھانوں کو دیکھ کر فرمایا یہ تو ہمارے لیے ہے، ان فقیر مسلمانوں کو کیا ملا جنہوں نے عمر بھر جو کی روٹی بھی سیر ہو کر نہ کھائی۔ حضرت خالد نے عرض کی "لَهُمُ الْجَنَّةُ"۔ انہیں تو جنت مل گئی۔ یہ سن کر آپ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور فرمایا کہ اگر ہمارے لیے دنیا کا یہ ایندھن ہے اور انہیں جنت مل گئی ہے تو وہ ہم سے بہت آگے نکل گئے۔(1)

۲۹ قریشِ مکہ کو ایک ایسی قوم کی تباہی کا حال سنایا جا رہا ہے جو ان سے جسمانی قوت، مال و دولت کے اعتبار سے کہیں بڑھے ہوئے تھے اور اپنے سیاسی اثر و رسوخ کے باعث سارے عرب میں معروف تھے۔ لیکن جب انہوں نے راہِ حق سے انحراف کر لیا اور اپنے نبی حضرت ہود علیہ السلام کے سمجھانے کے باوجود باز نہ آئے تو ان کو نیست و نابود کر دیا گیا۔

اَلْاَحْقَاف: مشہور جغرافیہ دان یاقوت حموی اس عنوان کے ضمن میں لکھتے ہیں:

اَلْاَحْقَافُ جَمْعُ حِقْفٍ مِنَ الرَّمْلِ وَ الْعَرَبُ تُسَمِّي الرَّمْلَ الْمُعَوَّجَ حِقَافًا وَ اَحْقَافًا وَ الْاَحْقَافُ الْمَذْكُوْرُ فِي الْكِتَابِ الْعَزِيْزِ اَحْقَافُ رَمْلٍ فِيْمَا بَيْنَ عُمَانَ اِلٰى حَضْرَمَوْتَ۔(2)

ترجمہ: احقاف، حقف کی جمع ہے اور عرب ریت کے بل کھاتے ہوئے ٹیلے کو حقاف یا احقاف کہتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں احقاف سے مراد وہ ریگستان ہے جو عمان سے حضر موت تک پھیلا ہوا ہے۔


اس کا کل رقبہ تین لاکھ مربع میل بتایا جاتا ہے۔ اسے "اَلرُّبْعُ الْخَالِيْ" بھی کہتے ہیں۔ بعض مقامات پر ریت اتنی باریک ہے کہ جو چیز وہاں پہنچے اندر دھنستی چلی جاتی ہے۔ بڑے بڑے مہم جُو سیاح بھی اس کو عبور کرنے کی جرأت نہیں کرتے۔(3)

یہی وہ علاقہ ہے جہاں کسی زمانہ میں اپنے عہد کی ایک طاقتور، زبردست اور متمول قوم آباد تھی جس کی دولت و ثروت کے افسانے دور و نزدیک تک زباں زدِ عوام تھے۔ جب انہوں نے اپنے نبی کی دعوت کو ٹھکرا دیا تو عذابِ الٰہی نے ان کا نام و نشان

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص409-11 2۔ معجم البلدان، ج1، ص115

3۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، ج2، ص45 (ماخوذ)، مطبوعہ دانش گاہ پنجاب، لاہور۔ تفہیم القرآن، زیر آیت ہذا، ج4، ص615 (ماخوذ)

صحرائے الاحقاف۔ متعلقہ آیت ۲۱ سورۃ الاحقاف



مِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ

ان کے بعد بھی ۳۰ؔ کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کسی کی عبادت نہ کرو (ورنہ) مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر بڑے دن کا عذاب نہ

عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ

آجائے ۔ وہ (برافروختہ ہوکر) بولے (اے ہُود) کیا تم اس لیے ہمارے پاس آئے ہو کہ ہمیں ہمارے خداؤں سے برگشتہ کردو ۳۱ؔ لے آؤ (وہ عذاب) جس

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫ وَ اُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ

کی تم ہمیں دھمکیاں دیتے رہتے ہو اگر تم سچے ہو۔ ہُود نے فرمایا کہ نزولِ عذاب کا علم تو اللہ کے پاس ہے ۳۲ؔ اور میں (برابر) پہنچا رہا ہوں

اُرْسِلْتُ بِهٖ وَ لٰكِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا

تمہیں وہ پیغام جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں، لیکن میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم جاہل قوم ہو۔ پس جب انہوں نے دیکھا عذاب کو

مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ

بادل کی صورت میں کہ وہ ان کی وادیوں کی طرف آرہا ہے تو بولے یہ بادل ہے ہم پر برسنے والا ہے ۳۳ؔ (نہیں نہیں!) بلکہ یہ تو وہ

تک بھی باقی نہ رہنے دیا۔ آج اس علاقہ کی ویرانی اور بربادی کو دیکھ کر یہ اندازہ ہی نہیں لگایا جاسکتا کہ یہ علاقہ قومِ عاد کا مسکن تھا۔ یہاں کبھی گنجان شہر اور بارونق بستیاں آباد تھیں، یہاں کبھی پھول کھلتے اور بلبلیں چہچہاتی تھیں، یہاں کبھی میٹھے پانی کے چشمے ابلتے اور نہریں بہتی تھیں۔ اے مکہ کے سرکشو! غور کرو کیا تم ایسے عبرت ناک انجام کے لیے تیار ہو؟

۳۰ؔ یہ جملۂ معترضہ ہے (1)۔ بتایا حضرت ہود ان میں آنے والے پہلے نبی نہ تھے، بلکہ ان سے پیشتر کئی نبی تشریف لا چکے تھے اور بعثتِ انبیاء کا سلسلہ ان کے بعد بھی جاری رہا۔

۳۱ؔ انہوں نے ہود علیہ السلام کی دعوت کو سنا تو غصہ سے لال پیلے ہو گئے۔ کہنے لگے اچھا تم اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اپنے خداؤں سے برگشتہ کرو، ہمیں اپنے آباء واجداد کے مذہب سے بہکا دو۔ جاؤ ہم تمہاری بات نہیں مانتے۔ جس عذاب سے تم ہمیں ہر وقت ڈراتے ہو، اسے لے آؤ۔

۳۲ؔ آپ نے فرمایا عذاب کا وقت مقرر ہو چکا ہے۔ جب موعودہ گھڑی آئے گی تو عذاب خود بخود آجائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ اس نے تمہاری تباہی کے لیے کون سی تاریخ مقرر فرمائی ہے۔ میرا کام تمہیں بروقت خبردار کرنا ہے اور تم ہو کہ جاہلوں اور نادانوں کی سی باتیں بنا رہے ہو۔

۳۳ؔ جب مقررہ وقت آپہنچا تو افق پر انہیں کالی گھٹا نظر آئی جو ان کی وادی کی طرف مستانہ وار بڑھتی چلی آرہی تھی۔ اسے دیکھ کر وہ

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 481

مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ

عذاب ہے جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے۔ (یہ) ہوا ہے اس میں دردناک عذاب ہے ۳۴؎ تہس نہس کر کے رکھ دے گی ہر چیز کو اپنے

رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

رب کے حکم سے۔ پس جب ان پر صبح ہوئی تو نہ دکھائی دی کوئی چیز بجز ان کے (ویران) مکانوں کے۔ اسی طرح ہم سزا دیتے

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا

ہیں مجرموں کو۔ اور ہم نے ان کو وہ قوت و طاقت بخشی تھی جو ہم نے تمہیں نہیں دی اور ہم نے عطا کیے تھے

لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ

انہیں کان، آنکھیں اور دل ۳۵؎ لیکن ان کے کسی کام نہ آئے ان کے کان، نہ

اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ

ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل ۳۶؎ کیونکہ وہ انکار کیا کرتے تھے اللہ تعالیٰ کی آیتوں

باغ باغ ہو گئے۔ لو بادل آیا، ابھی برسے گا، کوہ و دمن سیراب ہو جائیں گے۔ ندیاں، نالے اور وادیاں پانی سے لبریز ہو جائیں گی۔

۳۴؎ نادانو! یہ بارش نہیں، المناک عذاب ہے جو تند و تیز آندھی کی شکل میں نمودار ہو رہا ہے۔ چنانچہ سات راتیں اور آٹھ دن مسلسل جھکڑ چلتا رہا۔ وہ لاکھوں ٹن ریت کے نیچے دفن ہو گئے۔ ان کے باغات کا نام و نشان باقی نہ رہا اور مستحکم محلات کی بنیادیں لرز گئیں۔

۳۵؎ قوت و مال میں وہ تم سے کہیں زیادہ تھے۔ انہیں سننے کے لیے کان، دیکھنے کے لیے آنکھیں اور سمجھنے کے لیے دل دیے گئے تھے۔ لیکن انہوں نے اس سے فائدہ نہ اٹھایا اور آیاتِ الٰہی کا پیہم انکار کرتے رہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی ساری صلاحیتیں بانجھ ہو کر رہ گئیں اور ان کا انجام بڑا دردناک ہوا۔

۳۶؎ ان آیات کو پڑھ کر یوں ہی آگے نہ بڑھ جایئے بلکہ لحہ دو لحہ کے لیے توقف فرمایئے۔ ان آیات میں آپ کے لیے جو درسِ عبرت ہے، اس کو سمجھنے کی کوشش کیجیے۔

قرآنِ حکیم نے ان واقعات کو کہانی اور افسانے کے طور پر پیش نہیں کیا بلکہ اپنے قارئین کے شعور کو جھنجھوڑنے کے لیے، ان کو اپنا محاسبہ کرنے پر مائل کرنے کے لیے، ان کے اعمال کے آئینہ میں انہیں ان کا چہرہ دکھانے کے لیے ان واقعات کو پیش کیا ہے۔ غور کیجیے اور بتایئے کیا ہم اپنے کانوں، اپنی آنکھوں اور فہم و فراست کی قوتوں کو صحیح استعمال کر رہے ہیں۔ یاد رکھیے! قدرت کے قوانین اٹل ہیں۔ یہ ہمیشہ یکساں رہتے ہیں۔ کسی کی خاطر ان میں ردّ و بدل نہیں کیا جاتا۔

ع ۳ ۶ ۳

اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا

کا اور احاطہ کر لیا ان کا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اور ہم نے برباد کر دیے وہ گاؤں

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا

جو تمہارے اردگرد (آباد) تھے ۳۷ اور ہم نے مختلف انداز میں اپنی نشانیاں پیش کیں شاید وہ (حق کی طرف) لوٹ آئیں۔ پس کیوں

نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا

مدد نہ کی ان کی ۳۸ ان معبودوں نے جنہیں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر انہوں نے تقرب کے لیے (اپنے) خدا بنا رکھا تھا ۳۹ بلکہ وہ تو ان سے

عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ

رُوپوش ہو گئے۔ اور یہ محض ان کا ڈھونگ تھا اور بہتان جو وہ باندھتے تھے۔ اور جس وقت ہم نے متوجہ کیا آپ کی

۳۷ اے اہلِ مکہ! تمہارے قرب و جوار میں بھی حجر ثمود، قومِ لوط کے کئی اجڑے ہوئے شہروں اور ویران بستیوں کے کھنڈرات موجود ہیں۔ تمہارے تجارتی قافلے ان کے پاس سے گزرتے ہیں۔ ان کے اداس در و دیوار سے پوچھو کہ ان پر کیا بیتی؟ وہ تمہیں بتائیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے نبیوں نے یہاں بسنے والوں کو بہتیرا سمجھایا۔ طرح طرح کے معجزات دکھلائے، لیکن بدبختی نے ان پر یوں قبضہ جما رکھا تھا کہ انہوں نے ان کی ایک نہ سنی۔ وہ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر معبودانِ باطل کی بندگی کا دم بھرتے رہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا شکار ہو گئے۔

۳۸ انہیں اپنے بتوں اور دیوی دیوتاؤں کی قوت پر بڑا ناز تھا لیکن جب اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا تو وہ یوں غائب ہو گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ اس آڑے وقت میں انہوں نے اپنے پجاریوں کی خبر تک نہ لی۔ ان بتوں کی خدائی کا دعویٰ ان بے جان معبودوں کی مدد پر بھروسہ اور ان کی شفاعت پر یقین، یہ سراسر فریب ہے۔ اس میں کوئی حقیقت نہیں۔ اس آیت سے بھی کفار کے عقیدہ کی حقیقت واضح ہو گئی کہ وہ اپنے بتوں کو اِلٰھَۃٌ یعنی خدا اور معبود یقین کرتے تھے۔ جو بھی کسی کو اللہ تعالیٰ کے سوا خدا اور معبود خیال کرتا ہے، اس کا یہی حال اور انجام ہوگا۔

۳۹ علامہ قرطبی اَلَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ قُرْبَانًا اٰلِھَۃً کی ترکیب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اتَّخَذُوْا کا مفعولِ اول ضمیرِ محذوف ہے جس کا مرجع اَلَّذِیْنَ ہے اور اٰلِھَۃً مفعولِ ثانی ہے اور قُرْبَانًا حال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ قُرْبَانًا کو مفعولِ ثانی اور اٰلِھَۃً کو اس کا بدل بنانا درست نہیں۔ (1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 16، ص 209

نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ

طرف جنات کی ایک جماعت کو کہ وہ قرآن سُنیں ۴۰ تو جب آپ کی خدمت میں پہنچے تو بولے خاموش ہو کر سُنو۔

فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا

پھر جب تلاوت ہو چکی تو لوٹے اپنی قوم کی طرف ڈر سُناتے ہوئے ۔ انہوں نے (جا کر) کہا اے ہماری قوم!

سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

ہم نے (آج) ایک کتاب سنی ہے جو اتاری گئی ہے موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد تصدیق کرنے والی ہے پہلی کتابوں کی

يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ

رہنمائی کرتی ہے حق کی طرف اور راہِ راست کی طرف ۔ اے ہماری قوم! قبول کرلو اللہ کی طرف

۴۰ جنات بھی حضور کی امت دعوت میں شامل ہیں۔ اس آیت میں بارگاہِ رسالت میں جنات کی پہلی حاضری کا ذکر کیا جا رہا ہے۔ اکثر مفسرین کے قول کے مطابق یہ واقعہ وادی نخلہ میں پیش آیا جبکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عشاء کی نماز یا صبح کی نماز میں تلاوت فرما رہے تھے۔ جنوں کے ایک گروہ کا گزر اس وادی سے ہوا۔ یہ اثر انگیز کلام سن کر وہ رک گئے اور ایک دوسرے کو تاکید کی کہ خاموشی سے سنیں۔ جب انہوں نے قرآنِ کریم کی آیات کو سنا تو ان کے دل کی دنیا بدل گئی۔ خود اسلام قبول کیا اور اسلام کے داعی اور مبلّغ بن کر اپنی قوم کے پاس پہنچے۔ انہیں بتایا کہ کس طرح انہیں کلامِ الٰہی سننے کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ وہ ایسا کلام ہے جو گزشتہ انبیاء اور ان کی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے، راہِ حق کو واضح کرتا ہے۔ ان جنوں نے اپنی قوم کو دعوت دی کہ وہ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اس پر ایمان لائیں۔ ان کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ انہیں عذابِ الٰہی سے نجات مل جائے گی۔ (1)


اس کے علاوہ ہجرت سے پہلے اور ہجرت کے بعد جنات کی حاضری کا سلسلہ جاری رہا۔ وہ حضورؐ کی زبانِ اقدس سے کلامِ الٰہی سنتے، شریعت کے مسائل دریافت کرتے اور اپنی قوم میں جا کر ان کی تبلیغ کرتے۔ علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ہجرت سے پہلے چھ بار جنات حاضرِ خدمتِ اقدس ہوئے (2)۔ اس طرح وہ احادیث جن میں اس واقعہ کو مختلف انداز سے بیان کیا گیا ہے، ان میں بھی تطبیق ہو جائے گی۔

جنات کی تبلیغ کا ایک عجیب واقعہ علامہ ابنِ کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ آپ بھی ملاحظہ فرمائیے:

''حضرت براء بن عازب فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت فاروقِ اعظمؓ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپ نے پوچھا تم میں سواد بن قارب ہے؟ خاموشی طاری رہی۔ آئندہ سال پھر آپ نے یہی سوال دہرایا۔ میں نے عرض کی یہ سواد کون صاحب ہیں؟ فرمایا ان

1۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج8، ص415۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز16، ص211 تا216 2۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز26، ص31

نقشہ متعلقہ سورۃ الاحقاف
آیت نمبر ۲۹



اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

بلانے والے کی دعوت کو اور اس پر ایمان لے آؤ بخش دے گا تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو اور بچالے گا تمہیں دردناک عذاب

اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَ

سے ۔ اور جو قبول نہیں کرتا اللہ کی طرف بُلانے والے کی دعوت کو تو وہ اللہ کو عاجز کرنے والا نہیں زمین میں (کہ اس سے بچ کر

لَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾ اَوَلَمْ

بھاگ نکلے) اور نہیں اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار۔ یہ (منکر لوگ) کھلی گمراہی میں ہیں ۔ کیا انہوں نے

کے ایمان لانے کا واقعہ بڑا عجیب وغریب ہے۔ اسی اثنا میں حضرت سواد بھی آپہنچے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے سواد! اپنے ایمان لانے کا واقعہ بیان کرو۔ سواد بولے: ''اے امیر المومنین! میں ہند میں تھا اور ایک جن میرا تابع تھا۔ ایک شب میں سویا ہوا تھا اور اس نے آکر مجھے خواب میں کہا: اٹھو اور میری بات غور سے سنو۔ اللہ تعالیٰ نے قبیلہ لُوَیّ بن غالب سے ایک نبی مبعوث فرمایا ہے۔ دوڑو اور اس پر ایمان لاؤ۔ تین رات یوں ہی ہوتا رہا۔ اس کے بار بار کہنے سے میرے دل میں اسلام کی محبت پیدا ہوگئی۔ میں اونٹنی پر سوار ہوا اور مکہ مکرمہ پہنچا۔ وہاں میں نے دیکھا کہ لوگ حضورؐ کے آس پاس حلقہ بنائے بیٹھے ہیں۔ جب حضور کی نظر مجھ پر پڑی تو فرمایا مَرْحَبًا بِكَ يَا سَوَادُ بْنُ قَارِبٍ! قَدْ عَلِمْنَا مَا جَاءَ بِكَ۔ اے سواد! خوش آمدید۔ جو تجھے لے آیا ہے ہم اس کو بھی جانتے ہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے چند شعر عرض کیے ہیں۔ اجازت ہو تو پیش کروں۔ حضورؐ نے اجازت دی۔ انہوں نے قصیدہ پیش کیا۔ ابتداء میں اپنے خواب کا واقعہ بیان کیا۔ پھر بڑے محبت بھرے انداز میں اپنے ایمان کا اعلان کیا۔ چند شعر آپ بھی سنیئے:

۱ فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ لَا رَبَّ غَيْرُهٗ وَاَنَّكَ مَأْمُوْنٌ عَلٰى كُلِّ غَائِبٍ

۲ وَاَنَّكَ اَدْنَى الْمُرْسَلِيْنَ وَسِيْلَةً اِلَى اللّٰهِ يَا ابْنَ الْاَكْرَمِيْنَ الْاَطَائِبِ

۳ فَمُرْنَا بِمَا يَاْتِيْكَ يَا خَيْرَ مُرْسَلٍ وَاِنْ كَانَ فِيْمَا جَاءَ شَيْبُ الذَّوَائِبِ

۴ وَكُنْ لِيْ شَفِيْعًا يَوْمَ لَا ذُوْشَفَاعَةٍ سِوَاكَ بِمُغْنٍ عَنْ سَوَادِبْنِ قَارِبٍ

ترجمہ: (۱) میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی رب نہیں ہے اور آپ کو ہر قسم کے غیبوں کا امین بنایا گیا ہے۔

(۲) اے بزرگوں اور پاکبازوں کے فرزند! تمام رسولوں سے آپ کا وسیلہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں بہت قریب ہے۔

(۳) جو وحی آپ کے پاس آتی ہے آپ ہمیں اس کا حکم دیجیے۔ ہم حضور کے ارشاد کی تعمیل کریں گے خواہ تعمیلِ حکم میں ہمارے بال ہی سفید ہو جائیں۔

(۴) یارسول اللہ! اس روز سواد بن قارب کی شفاعت فرمایئے جبکہ حضور کے بغیر کسی کی شفاعت کوئی فائدہ نہ پہنچائے گی۔

يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ

نہ جانا کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ذرا تھکن محسوس نہ کی ان کے بنانے میں

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾

وہ ضرور اس پر قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے ۴۱ بلکہ وہ تو ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ

اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا یہ حق نہیں۔

قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

کہیں گے ہمارے رب کی قسم یہ حق ہے ۴۲ اللہ فرمائے گا اچھا اب چکھو عذاب کا مزہ اس کفر کے باعث جو تم کیا کرتے تھے

عشق ومحبت، ایمان ویقین سے لبریز یہ اشعار سن کر حضورؐ ہنس دیے، یہاں تک کہ دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے اور مجھے فرمایا اَفْلَحْتَ یَا سَوَادُ! اے سواد! تو دونوں جہانوں میں کامیاب ہو گیا۔

امیر المومنین نے پوچھا کیا وہ جن اب بھی تمہارے پاس آتا ہے؟ عرض کی جب سے میں نے قرآنِ کریم پڑھنا شروع کیا پھر نہیں آیا۔ میں خوش ہوں کہ اس جن کے عوض مجھے قرآنِ کریم جیسا صحیفۂ ہدایت مل گیا۔(1)

اس آیت میں مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى کے الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ جن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے امتی تھے۔

۴۱ روئے سخن کفارِ مکہ کی طرف ہے جو قیامت کے منکر تھے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اس کارخانۂ حیات کو پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ تھک نہیں گیا کہ اب وہ تمہاری موت کے بعد تمہیں زندہ نہ کر سکے۔ اس کی قدرت اور اس کی طاقت کے سامنے نہ اس کارخانۂ حیات کو پہلی مرتبہ پیدا فرمانا کوئی کٹھن کام تھا اور نہ اس کو درہم برہم کرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنا اس کے لیے کچھ دشوار ہے۔ تم مر کر خاک میں مل جاؤ، تمہارے خاک کے ذرے آفاقِ عالم میں بکھر جائیں۔ جب وہ تمہیں دوبارہ زندہ کرنا چاہے گا تو صرف کُنْ کہے گا اور تم زندہ ہو جاؤ گے۔ اس کے برعکس تورات میں متعدد جگہ مرقوم ہے کہ چھ دنوں میں اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان وغیرہ کو پیدا کیا اور ساتویں دن اپنی تھکاوٹ دور کرنے کے لیے اور اپنے آپ کو تازہ دم کرنے کے لیے آرام کیا۔ ایک حوالہ آپ بھی ملاحظہ فرمائیے! چنانچہ تورات کتابِ خروج باب ۳۱ کی آیت نمبر ۱۷ میں ہے:

''اس لیے کہ چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ساتویں دن آرام کر کے تازہ دم ہوا۔''(2)

ذاتِ باری کے متعلق قرآنِ کریم نے جو تصور پیش کیا ہے اس کی روشنی میں تورات کی اس آیت کا مطالعہ فرمائیے۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 168 2۔ کتاب مقدس (پرانا عہد نامہ)، خروج، باب: 31، آیت 17، ص 84

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ط

پس (اے محبوب!) آپ صبر کیجیے جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا تھا ۴۳ اور ان کے لیے (بددُعا کرنے میں) جلدی نہ کیجیے۔

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ ط

جس روز وہ اس عذاب کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو خیال کریں گے کہ وہ نہیں ٹھہرے تھے دنیا میں مگر دن کی فقط ایک گھڑی۔

بَلَاغٌ ج فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ﴿۳۵﴾ ع

یہ پیغامِ حق ہے۔ پس کیا نافرمانوں کے علاوہ بھی کسی کو ہلاک کیا جائے گا ۴۴

۴۲ کفارِ مکہ کو تنبیہ کی جارہی ہے کہ ضلالت و گمراہی سے اب باز آجاؤ اور دینِ اسلام کو قبول کرلو۔ قیامت کے دن جب انہیں دوزخ کے سامنے لاکھڑا کیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا یہ وہ دوزخ ہے جس کا تم عمر بھر انکار کرتے رہے۔ بتاؤ یہ ایک حقیقت ہے یا نہیں؟ اس وقت انہیں تسلیم کیے بغیر چارہ نہ ہوگا۔ لیکن اب بخشش کہاں؟ انہیں جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

۴۳ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہیں کہ اے محبوب! کفار کی شرانگیزیوں، فتنہ پردازیوں اور اسلام کے خلاف ان کی سازشوں سے دل برداشتہ نہ ہونا بلکہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھنا۔ آپ سے پہلے بھی جو انبیاء و رسل ہم نے مبعوث فرمائے تھے، ان کے ساتھ بھی ان کی قوموں کا سلوک بڑا ظالمانہ اور سنگدلانہ تھا۔ انہوں نے ہمیشہ عزیمت و حوصلہ سے کام لیا۔ ان کی مخالفتوں کی پروانہ کی اور اپنا فریضہء دعوت انجام دیتے رہے۔ آپ بھی انہی کی سنت پر عمل کرتے رہیں۔ بڑی اولوالعزمی اور پامردی سے اسلام کی دعوت دیتے رہیں۔ فریضۂ تبلیغ پوری قوت سے انجام دیں۔ اگر یہ کفر و عصیان سے باز نہیں آتے تو خود ہی پچھتائیں گے۔ آیت میں بَلَاغٌ کا لفظ ہے، وہ مرفوع ہے اور اس کی مبتداء ھذا محذوف ہے۔ (1)

۴۴ وہی لوگ ہلاک ہوتے ہیں جو نافرمانی کی راہ پر گامزن رہتے ہیں اور فسق و فجور میں اپنی قیمتی زندگی اور گراں بہا صلاحیتیں برباد کرتے رہتے ہیں۔ جو لوگ اطاعت و انابت کو اپنا شعار بناتے ہیں، اللہ تعالیٰ خود ان کا محافظ و نگران ہوتا ہے۔ دشمن کی شرانگیزیوں سے خود ان کو بچاتا ہے۔ نفس و شیطان کے مکر و فریب سے خود ان کی نگہداشت کرتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ وَعَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَصَفِيِّكَ الْمُجْتَبٰى التَّحِيَّةُ وَالثَّنَاءُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ

1۔ روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج 8، ص 495

تعارف سورۂ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ مبارکہ کے دو مشہور نام ہیں۔ سورۂ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) اور سورۃ القتال۔ اس سورت میں چار رکوع، اڑتیس آیتیں، پانچ سو اٹھاون کلمات اور دو ہزار چار سو پچھتر حروف ہیں۔ دوسری آیت میں یہ نامِ نامی مذکور ہے۔ یہی اس سورت کا نام بھی مقرر کیا گیا، کیونکہ انسانیت کو جن دو حصوں، مومن اور کافر میں تقسیم کیا جا رہا ہے، اس کا دار و مدار اس کتاب پر ایمان لانے اور ایمان نہ لانے پر ہے جو اللہ تعالیٰ کے رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔ نیز اس سورت کی آیت نمبر ۲۰ میں ''قتال'' کا کلمہ بھی موجود ہے۔ اس کو اس سورت کا عنوان بنایا گیا۔ اس سورت میں اسلام اور کفر کے مابین جنگ کا تذکرہ اور اس کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔

زمانۂ نزول: جب مکہ کی سرزمین کفار کے ظلم و ستم کے باعث اہلِ اسلام کے لیے تنگ ہو گئی تو وہ اپنی دولتِ ایمان کو ان کی دست بُرد سے بچانے کے لیے اپنے گھر بار، زمینیں اور کاروبار سب چھوڑ چھاڑ کر مدینہ طیبہ پہنچ گئے۔ سب کچھ ان سے چھن گیا تھا، لیکن وہ خوش تھے کہ دامنِ مصطفیٰ تو ان کے ہاتھوں سے نہیں چھوٹا۔ ان کا خیال تھا کہ اب وہ یہاں پوری دلجمعی کے ساتھ اپنے رب کے ذکر اور اس کی عبادت میں اپنے شب و روز بسر کریں گے۔ دعوتِ دین کا جو کام مکہ میں پوری طرح نہیں ہو سکا، یثرب کے پُرامن ماحول میں بآسانی تکمیل پذیر ہوگا، لیکن اہلِ مکہ نے انہیں یہاں بھی آرام کا سانس نہ لینے دیا۔ ان کی مختلف ٹولیاں آتیں، مدینہ کے گرد و نواح میں لوٹ مار مچاتیں، اونٹ، بھیڑ بکریاں ہانک کر لے جاتیں۔ اِکّا دُکّا مسلمان ہتھے چڑھ جاتا، تو اس کو بھی قتل کرنے سے گریز نہ کرتیں۔

غریب الوطن مسلمانوں کے لیے انہوں نے ایسے حالات پیدا کر دیے کہ یا تو مسلمان بے حمیتی کا مظاہرہ کریں۔ یہاں تک کہ مکہ سے اٹھنے والی آندھیاں کسی روز اسلام کی شمع ہی کو گل کر دیں اور ان کو بھی صفحۂ ہستی سے مٹا دیں اور اگر وہ اس دین، جو فرزند و زن، جان و وطن سے بھی زیادہ عزیز ہے، اس کے چراغ کو بجھتا نہیں دیکھ سکتے اور اپنی اہمیت کا بھی احساس ہے کہ بزمِ عالم کو نورِ ہدایت سے منور کرنے کے لیے ان کا زندہ رہنا، بلکہ شان و شوکت اور قوت و سطوت کے ساتھ زندہ رہنا ضروری ہے تو پھر انہیں سر بکف میدانِ جنگ میں آنا ہوگا۔ انہوں نے تیرہ سال صبر کیا۔ بڑے ضبط و تحمل کے ساتھ مظالم برداشت کیے۔ اس بارے میں اب مزید صبر، خودکشی کے مترادف ہے، لیکن وہ تو اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول کے حکم کے پابند تھے۔ از خود تو کچھ نہیں کر سکتے تھے۔ چنانچہ سورۃ الحج کی آیت نمبر ۳۹ میں کفار سے جنگ کرنے کی اجازت مرحمت ہوئی۔ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۹۰ نے جہاد کا حکم دیا۔ وَقَاتِلُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ الَّذِیۡنَ یُقَاتِلُوۡنَکُمۡ وَلَا تَعۡتَدُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الۡمُعۡتَدِیۡنَ ﴿۱۹۰﴾۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ان لوگوں سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں اور حد سے تجاوز نہ کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

حالات بے شک اس امر کا تقاضا کر رہے تھے کہ کفار کے ساتھ پنجہ آزمائی کی جائے، لیکن دیکھنا یہ ہے کہ کیا مسلمان اس پوزیشن میں تھے کہ وہ کفار کے خلاف مسلح جدوجہد کا آغاز کر سکیں۔ افرادی طاقت بہت قلیل تھی۔ پہلے معرکے میں صرف تین سو تیرہ مجاہد شریک ہو سکے تھے۔ مدینہ کی چھوٹی سی بستی جس کے وسائل بڑے محدود تھے، کیا جنگ کی ضروریات، اسلحہ، خوراک اور سواری کے جانور مہیا کر سکتی تھی؟ مکہ مدینہ کے مقابلے میں کئی گنا بڑا شہر تھا۔ وہاں کے اکثر لوگ تجارت پیشہ تھے۔ نہ دولت کی وہاں کمی تھی، نہ وسائل کی قلت۔ افرادی تعداد بھی مسلمانوں سے کئی گنا زیادہ تھی، لیکن ان ناسازگار حالات کے باوجود مسلمانوں کے لیے فیصلہ کن گھڑی آ پہنچی تھی۔ یہ حالات تھے جب یہ سورۂ مبارکہ نازل ہوئی۔

مضامین: اس سورت کے نزول سے تذبذب کی کیفیت ختم ہو گئی۔ کفار کی تعداد کی کثرت، وسائل کی فراوانی کے باعث مسلمانوں کو جو خدشہ تھا، وہ دور ہو گیا۔ ابتدائی آیتوں ہی میں واضح طور پر بتا دیا کہ کفار جو خود بھی گمراہ ہیں اور نورِ حق کو پھیلنے سے بھی روک رہے ہیں، اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے خلاف ان کی جدوجہد کبھی کامیاب نہ ہوگی۔ ان کی ساری محنت اور کوشش خاک میں مل جائے گی۔ اہل ایمان کی کمزوریوں کو دور کر دیا جائے گا اور کامیابی کا تاج ان کے سر پر سجایا جائے گا۔

یہ فرمانے کے بعد مسلمانوں کو حکم دیا کہ میدانِ جنگ میں وہ کفار کے پرخچے اڑا دیں۔ اسیرانِ جنگ کے ساتھ جو برتاؤ انہوں نے کرنا ہے، اس کے اصول بتا دیے۔ ساتھ ہی واضح کر دیا کہ میدانِ جہاد میں جو مسلمان قتل ہوگا، اسے شہادت کی خلعتِ فاخرہ سے نوازا جائے گا۔ اسلام کے جس گلشن کی آبیاری وہ اپنے خون سے کریں گے، وہ سدا شاداب و سرسبز رہے گا اور ان کی قربانیوں کے طفیل آنے والی نسلیں بھی نورِ حق سے اپنے دلوں کو منور کرتی رہیں گی۔

اہلِ ایمان کو صاف لفظوں میں بتا دیا کہ اگر تم نے سچے دل سے اپنی پوری قوت اور توانائیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دینِ اسلام کی مدد کی، تو کفر کے تند و تیز ریلے کے سامنے اللہ تعالیٰ تمہیں تنہا نہیں چھوڑے گا، بلکہ اس کی نصرت تمہاری پشت پناہی کرے گی۔ آسمان کے فرشتے تمہارے دوش بدوش کفار سے نبرد آزما ہوں گے اور اس کی تائید تمہیں نازک حالات میں بھی ثابت قدم رکھے گی۔ کفار کی ظاہری سج دھج کو دیکھ کر مت گھبراؤ۔ کفر کا انجام تباہی اور نامرادی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم اگرچہ کمزور و بے نوا ہو، لیکن تمہارا مددگار اللہ تعالیٰ ہے جو بڑی قوت و طاقت کا مالک ہے۔ کفار کو تائیدِ الٰہی نصیب نہیں اور یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ کامیاب وہی ہوتا ہے جس کی مدد خدا کرتا ہے۔

اس ضمن میں منافقین کے ایمان کا حال بھی آشکارا کر دیا جو جہاد کے حکم کے نزول سے پہلے بڑی ڈینگیں مارا کرتے تھے، اپنی بہادری اور جاں نثاری کے لمبے چوڑے دعوے کیا کرتے تھے۔ کہتے: ہم بڑی بے تابی سے اس گھڑی کا انتظار کر رہے ہیں جب ہمیں کفار کے ساتھ جنگ کرنے کا اذن ملے گا۔ اس کے بعد دنیا دیکھے گی کہ ہم کس طرح شمعِ اسلام پر پروانوں کی طرح جان قربان کرتے ہیں۔ اب جب کہ جہاد کے نقارے پر چوٹ لگ گئی ہے، ان کی حالت قابلِ دید ہے۔ یوں پتہ چلتا ہے جیسے

موت کی غشی طاری ہوگئی ہو، آنکھیں پتھرا گئی ہیں۔ چہرے کی رنگت زرد ہوگئی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ پر سچے دل سے ایمان لانے والوں کی آزمائش کی گھڑیوں میں یہ حالت ہوا کرتی ہے؟

اسلام کے جانباز اور غیور سپاہیوں کو آیت نمبر ۳۵ میں ایک خصوصی حکم دیا کہ جنگ میں حالات کتنے ہی روح فرسا کیوں نہ ہوں، کمزوری مت دکھاؤ، صلح کی درخواست مت کرو۔ اگر تم نے کمزوری کا مظاہرہ کیا یا صلح کے لیے اپنی بے تابی کا اظہار کیا، تو دشمن جری ہو جائے گا۔ تمہاری اس پیشکش کو کمزوری اور بزدلی پر محمول کرے گا۔ تم خوب جانتے ہو کہ اس کا انجام کتنا خطرناک ہوتا ہے۔ سن لو! تم ہی سربلند ہو گے، کیونکہ خود اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے۔ تمہاری محنت اور کوشش کو وہ ضائع نہیں ہونے دے گا۔

آخر میں مالی جہاد کی طرف متوجہ کیا۔ اگر اسلام کو تمہارے مال کی ضرورت پڑے تو بڑی دریا دلی سے اس کو پیش کرو۔ اگر تم نے مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لیا، تو اس سے اللہ تعالیٰ کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا، البتہ تمہارا استیصال ہو جائے گا اور تمہاری جگہ یہ عزت کسی اور کو بخش دی جائے گی۔ پھر تم ہاتھ ملتے رہ جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کے دین کا علَم تو لہراتا ہی رہے گا۔ اگر کوئی قوم اس کو اٹھانا بوجھ سمجھے گی تو دوسری قوم شوق سے یہ خدمت بجالانے کے لیے اپنے آپ کو پیش کر دے گی۔

اہل سنت کے علماء و مشائخ اس پُرجلال آیت کو بار بار پڑھیں۔ وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ۠ ﴿۳۸﴾ (محمد)

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ محمد مدنی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ ۳۸ آیات رکوع ۴

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ①

جنہوں نے (خود بھی) حق کا انکار کیا اور (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے روکتے رہے، اللہ نے ان کے عملوں کو برباد کر دیا ①

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور ایمان لے آئے جو اتارا گیا (رسولِ معظم) محمد پر اور وہی

① جو لوگ حق کو قبول نہیں کرتے اور باطل سے چمٹے رہنے پر اصرار کرتے ہیں، وہ دو گونہ خرابیوں کا باعث بنتے ہیں۔ پہلی خرابی تو یہ کہ ان کی اپنی زندگی نورِ ہدایت سے محروم رہتی ہے، وہاں اندھیرا ہی اندھیرا ہوتا ہے، ان کی ساری عمر ٹھوکریں کھاتے گزر جاتی ہے۔ جو بے پایاں صلاحیتیں قدرت نے انہیں ودیعت کی ہیں وہ پرورش نہیں پاتیں، ان کا دم گھٹ کر رہ جاتا ہے۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ ان کا وجود دوسرے لوگوں کے لیے حجاب بن جاتا ہے۔ سادہ لوح عوام جو خود غور و فکر کرنے کے عادی نہیں ہوتے، وہ انہیں دیکھ کر ان کی گمراہی کی تقلید کرنے لگتے ہیں۔ نیز حق سے انہیں جو خدا واسطے کا بیر ہوتا ہے وہ انہیں مجبور کرتا ہے کہ وہ حتی المقدور حق کی ترقی میں روڑے اٹکاتے رہیں اور لوگوں کو لطائف الحیل سے حق سے متنفر کرتے رہیں۔ خود بھی اندھے بنے رہے اور لوگوں کی آنکھوں میں بھی دُھول ڈالتے رہے۔ خود بھی حق کو قبول کرنے سے گریزاں رہے اور دوسرے لوگوں کو بھی حق سے دور کرنے کے لیے جتن کرتے رہے۔ اس سے بڑی بدبختی اور کیا ہو سکتی ہے۔

ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا کہ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ: ان کے اعمال ضائع اور رائیگاں جاتے ہیں۔ انہیں کامیابی اور کامرانی نصیب نہیں ہوتی۔ بظاہر جو نیک کام وہ کرتے ہیں آخرت میں انہیں ان کا کوئی صلہ نہیں ملے گا۔ نہ انہوں نے رضائے الٰہی کے لیے کوئی قدم اٹھایا اور نہ انہیں رضائے الٰہی کی سعادت سے نوازا گیا۔ دنیا میں شہرت، نیک نامی، کاروباری ترقی وغیرہ جو چیزیں انہیں مطلوب تھیں وہ ان کو دے دی گئیں۔

اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اسلام کو ناکام کرنے کے لیے جو جتن انہوں نے کیے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف جو سازشیں انہوں نے کیں، شمعِ اسلام کو گل کرنے کے لیے جو منصوبے انہوں نے بنائے وہ سب ناکام ہو کر رہ گئے، ان کی ساری کوششوں کے باوجود اسلام کا آفتابِ اقبال بلند ہوتا گیا۔ قدم قدم پر انہیں منہ کی کھانی پڑی، ان کی ہر تدبیر الٹی ہو گئی۔ ''اَلْمَعْنٰى اَبْطَلَ جَلَّ وَعَلَا مَا عَمِلُوْا مِنَ الْكَيْدِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَصْرِ رَسُوْلِهٖ وَاِظْهَارِ دِيْنِهٖ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَعَلَّهٗ اَوْفَقُ لِمَا بَعْدَهٗ۔ (روح المعانی)(1)

1: روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 37

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲ ذٰلِكَ

حق ہے ان کے رب کی طرف سے ۲؎ اللہ تعالیٰ نے دُور کر دیں ان سے ان کی بُرائیاں اور سنوار دیا ان کے حالات کو ۳؎ (یوں) اس

بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّبَعُوا

لیے کہ جنہوں نے کُفر کیا وہ باطل کی پیروی کرتے تھے اور جو ایمان لائے تھے وہ حق کی پیروی کرتے تھے جو

الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

ان کے رب کی طرف سے تھا ۴؎ اسی طرح اللہ بیان کرتا ہے لوگوں کے لیے ان کے حالات۔ پھر جب (میدان جنگ میں)

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

تمہارا کفار سے آمنا سامنا ہو تو ان کی گردنیں اُڑا دو ۵؎ یہاں تک کہ جب انہیں خوب قتل کر لو تو پھر کس کر باندھو

صَدَّ لغت میں لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے (1) لیکن یہاں مناسب دوسرا معنی ہے کیونکہ لازم کا مفہوم کَفَرُوْا میں آ گیا۔

۲؎ ان کے برعکس جو خوش نصیب دولتِ ایمان سے مالا مال ہوئے، کجروی کو چھوڑ کر انہوں نے راست روی اختیار کی، اپنے اعمال کو رضائے الٰہی اور اطاعتِ مصطفوی کے سانچے میں ڈھال لیا، قرآنِ کریم جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا اس کو تسلیم کر لیا، ان کے ساتھ ہمارا رویہ یہ ہوگا کہ جو گناہ آج تک وہ کرتے چلے آئے ہیں وہ سب معاف کر دیے جائیں گے، عادات و شمائل کی طرح طرح کی جو خرابیاں ان میں پیدا ہو گئی ہیں وہ دور کر دی جائیں گی۔ اب وہ سوچیں گے، تو صحیح نہج پر، قدم اٹھائیں گے، تو سیدھی راہ پر۔

۳؎ لفظ بَال کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ مجاہد نے اس کا معنی شان، قتادہ نے اس کا معنی حال اور ابنِ عباس نے اس کا معنی امور کیا ہے (2)۔ مفہوم کے لحاظ سے ان میں کوئی فرق نہیں، یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے حالات کو درست کر دیا ہے۔ پہلے وہ مفلس اور کمزور تھے، اب وہ تونگر اور طاقتور ہیں۔ پہلے وہ کفار کے جبر و تشدّد کا نشانہ بنے رہتے تھے، اب کفار ان کے دامنِ رحمت میں پناہ تلاش کرتے ہیں۔ پہلے وہ آزادی سے عبادت بھی نہیں کر سکتے تھے، اب ان کی عظمت کا پرچم سارے جزیرۂ عرب میں لہرا رہا ہے۔

۴؎ دونوں گروہوں کے ساتھ جو الگ الگ برتاؤ کیا جا رہا ہے اس کی وجہ بتا دی۔ پہلا گروہ باطل کا پرستار ہے۔ جو شخص جھوٹ اور گناہ کا بیوپار کرے گا اسے حتماً نقصان اٹھانا پڑے گا اور جو شخص نورِ حق کی پیروی کرے گا، منزل خود کھنچ کر اس کے قریب آ جائے گی۔ فوز و کامرانی بے تابانہ اس کی طرف بڑھے گی۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 36 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 224

الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ

رسیاں ۷ بعدازاں یا تو احسان کرکے ان کو رہا کردو یا ان سے فدیہ لو یہاں تک کہ جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے ۸

۵ پہلے کفار کے معاندانہ اور جاہلانہ طرزِ عمل کے بارے میں بتایا گیا اور ان کے مقابلہ میں فرزندانِ اسلام کی حق پرستی اور راست روی کا ذکر کیا گیا۔ ان حالات میں ان دو متضاد قوتوں کا ٹکراؤ ناگزیر ہے۔ اس لیے مسلمانوں کو حکم دیا جارہا ہے کہ اگر جنگ کے بغیر چارۂ کار نہ رہے تو پھر کسل مندی، سستی، کوتاہ اندیشی اور بزدلی کا مظاہرہ مت کرنا بلکہ بڑی جرأت اور بہادری سے باطل کے ساتھ ٹکرا جانا اور سر دھڑ کی بازی لگا دینا۔ اس وقت رحم وشفقت کا اظہار کمزوری اور ضعف کی علامت ہے۔ جو کافر سامنے آئے اس کی گردن اڑا کر رکھ دو، باطل کا کوئی سرغنہ تمہاری ضرب سے جان بچا کر بھاگ نہ جائے۔ ایسے مواقع بار بار میسر نہیں آتے، دشمن کی طاقت کو کچل کر رکھ دو تاکہ وہ پھر سر اٹھانے کے قابل ہی نہ رہے۔ یہاں ضَرْبَ مصدر اِضْرِبُوْا امر کا قائم مقام ہے اور اپنے مفعول کی طرف مضاف ہے (1)۔ جو رُعب اور جلال ضَرْبَ الرِّقَابِ میں ہے وہ فَاقْتُلُوْهُمْ کے الفاظ میں نہیں۔

۶ وہ کپڑا جس کی بنائی گھنی اور عمدہ ہو اسے ثوبٌ ثَخِیْنٌ کہتے ہیں۔ ابوالعباس نے اس کا معنی غَلَبْتُمُوْهُمْ وَ كَثُرْتِ فِيْهِمُ الْجِرَاحُ کیا ہے۔ یعنی جب تم ان پر غالب آجاؤ اور ان کی اکثریت زخمی ہو جائے۔ ابنِ اعرابی نے اس کا معنی کیا ہے اَلْاِثْخَانُ فِی الشَّیْءِ اَلْمُبَالَغَةُ فِيْهِ وَ الْاِكْثَارُ مِنْهُ۔ یعنی کسی چیز میں مبالغہ کرنا اور اس میں کثرت کرنا (2)۔ مقصد یہ ہے کہ جب تم ان کے کشتوں کے پشتے لگاؤ، انہیں زخموں سے چور چور کردو حتی کہ وہ بالکل مقہور ومغلوب ہو کر رہ جائیں تو اس وقت جنگ بند کردو اور بقیۃ السیف کو اسیر کرلو۔ ان کی مشکیں خوب کس کر باندھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ بھاگ جائیں اور تمہارے لیے نئی مصیبت کھڑی کردیں۔

۷ اسیرانِ جنگ کے ساتھ کس طرح کا سلوک کیا جانا چاہیے، اس کو بیان کیا جارہا ہے۔ بعض علماء ابن جریج، سُدّی اور قتادہ کا خیال ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور اس کی ناسخ فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم ہے۔ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ یہ آیت محکم ہے منسوخ نہیں اور اسیر کو قتل کرنا جائز نہیں۔ اسیر کے ساتھ وہی معاملہ کیا جاسکتا ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔ چنانچہ استدلال کے طور پر وہ یہ روایت پیش کرتے ہیں کہ حجاج نے حضرت ابنِ عمر کو کہا کہ فلاں اسیرِ جنگ کو قتل کردو، آپ نے فرمایا: لَيْسَ بِهٰذَا اُمِرْنَا۔ کہ ہمیں قیدیوں کو قتل کرنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ اس کے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز بھی اسیرانِ جنگ کو قتل نہیں کرتے تھے۔ علامہ ابنِ جریر یہ اقوال لکھنے کے بعد اپنی تحقیق کا یوں اظہار کرتے ہیں:

وَ الصَّوَابُ مِنَ الْقَوْلِ عِنْدَنَا اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ مُحْكَمَةٌ لَيْسَتْ مَنْسُوْخَةً کہ صحیح قول یہ ہے کہ یہ آیت محکم ہے منسوخ نہیں ہے۔ اس کی وجہ بھی ساتھ ہی بیان کردی کہ نسخ کی ضرورت تب پیش آتی ہے جب دونوں کو جمع کرنا ممکن نہ ہو۔ یہاں ایسی صورت نہیں۔ وَغَيْرُ مُسْتَنْكَرٍ اَنْ يَّكُوْنَ جَعْلُ الْخِيَارِ فِی الْمَنِّ وَالْفِدَاءِ وَ الْقَتْلِ اِلَى الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَى الْقَائِمِيْنَ بَعْدَهٗ بِاَمْرِ الْاُمَّةِ۔ یعنی یہ کوئی تعجب انگیز بات نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قیدیوں کے ساتھ مذکورہ صورتوں میں برتاؤ کرنے کا حق حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضور کے خلفاء کے سپرد کردیا ہو۔ پھر کہتے ہیں کہ یہاں قتل کو اس لیے ذکر نہیں کیا کہ اس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

1۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 316، روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 39 2۔ لسان العرب، ج 13، ص 77

مع وقد یتبدا بقولہ ذلک ولکن احسن اتصالہ بما قبلہ ویوقف علی ذلک ۱۲

احادیث میں جہاں کسی اسیر کو قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہاں مخصوص حالات کی بنا پر دیا گیا ہے۔ اس آیت کی وضاحت امام ابوعبید القاسم ابن سلام (ولادت ۱۵۴ھ وفات ۲۲۴ھ) نے اپنی تصنیف کتاب الاموال میں کی ہے جو بہت عمدہ ہے۔ ناظرینِ کرام کی خدمت میں اس کا خلاصہ پیش ہے:

ابوعبید فرماتے ہیں حدیثِ نبوی سے پتہ چلتا ہے کہ مشرک اسیرانِ جنگ کے ساتھ تین طرح کا سلوک روا رکھا جاتا تھا۔ مَنّ، فدا، قتل۔ قرآنِ حکیم میں بھی یہی ارشاد ہے۔ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً۔ اس میں پہلی اور دوسری صورت کا بیان ہے۔ فاقتلوا المشرکین الخ اس میں تیسری صورت کا ذکر ہے۔ احسان و مروّت کی مثال اہلِ مکہ سے حضور کا سلوک ہے۔ اس روز حضورؐ کی طرف سے ایک منادی کرنے والے نے اعلان کیا اَلَّا یُجْهَزَنَّ عَلٰی جَرِیْحٍ وَّلَا یُتْبَعَنَّ مُدْبِرٌ وَّلَا یُقْتَلَنَّ اَسِیْرٌ وَّ مَنْ اَغْلَقَ بَابَهٗ فَهُوَ اٰمِنٌ۔ یعنی زخمی کا کام تمام نہ کرنا۔ پیٹھ پھیرنے والے کا تعاقب نہ کرنا، کسی قیدی کو قتل نہ کرنا اور جس نے اپنا دروازہ بند کرلیا اسے امن ہے۔ فتح مکہ کے موقع پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چار آدمیوں کے سوا سب کو امان دے دی اور معاف فرمادیا اور جن چار کو مستثنیٰ فرمایا ان کی خاص وجوہات تھیں۔ خیبر فتح ہوا تو وہاں کے یہودیوں کو بھی حضورؐ نے امان دی اور معاف فرمادیا۔ بدر کے اسیرانِ جنگ کے بارے میں جبیر بن مُطعم نے بتایا کہ میں جنگی قیدیوں کی سفارش کرنے کے لیے حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ اس وقت حضور مغرب یا عشاء کی نماز پڑھا رہے تھے۔ جب حضورؐ نے یہ آیت تلاوت کی اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝ (سورۂ طور) یعنی تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہوگا اور اسے کوئی روک نہیں سکتا، تو دہشت کے مارے میرا دل بیٹھنے لگا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے اپنی حاضری کی وجہ بیان کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا شَیْخٌ لَوْ کَانَ اَتَانَا فِیْهِمْ شَفَعْنَاهُ یَعْنِیْ اَبَاهُ مُطْعَمَ بْنَ عَدِیٍّ۔ یعنی یہ اس سردار کا بیٹا ہے کہ اگر وہ ہمارے پاس ان لوگوں کی شفاعت کرے تو ہم ان کی شفاعت قبول کریں۔

یہ واقعات نقل کرنے کے بعد امام ابوعبید لکھتے ہیں فَهٰذَا مَا سَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَنِّ وَقَدْ عَمِلَتْ بِهٰذِهِ الْاَئِمَّةُ بَعْدَهٗ (کتاب الاموال ص ۱۱۲)(1)

یعنی قیدیوں کے ساتھ احسان کرنے کا یہ طریقہ ہے جو حضورؐ نے ہمارے لیے سُنّت بنایا۔ بعدازاں انہوں نے خلافتِ راشدہ کے عہد کے ایسے واقعات لکھے ہیں جہاں حضرت صدیقؓ و فاروق ﷺ نے جنگی قیدیوں کو آزاد کردیا۔

فدیہ کے متعلق علامہ آلوسی نے تفصیلاً لکھا ہے کہ امام صاحب کا ایک قول یہ ہے کہ مسلمان قیدیوں کے ساتھ غیر مسلم قیدیوں کا تبادلہ نہ کیا جائے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ایسا تبادلہ جائز ہے۔ امام محمد، امام ابو یوسف، امام شافعی، مالک اور احمد کا بھی یہی قول ہے(2)۔ امام شافعی فرماتے ہیں لِلْاِمَامِ اَنْ یَّخْتَارَ اَحَدَ اَرْبَعَةِ اُمُوْرٍ هِیَ الْقَتْلُ وَ الْاِسْتِرْقَاقُ، وَ الْمَنُّ وَ هُوَ الْاِطْلَاقُ مِنْ غَیْرِ عِوَضٍ وَّ الْفِدَاءُ بِاُسَارَی الْمُسْلِمِیْنَ اَوْ بِمَالٍ (نیشاپوری)(3) یعنی امام قیدیوں کے ساتھ ان چار امور سے کوئی ایک اختیار کرسکتا ہے۔ مناسب سمجھے تو قتل کردے، چاہے قیدی بنالے، یا بلاعوض آزاد کردے یا فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دے۔

اس کے بعد لکھتے ہیں هٰذِهٖ هِیَ رِوَایَةُ السِّیَرِ الْکَبِیْرِ قِیْلَ هُوَ اَظْهَرُ الرِّوَایَتَیْنِ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ (4)۔ یعنی السیر الکبیر

1۔ کتاب الاموال، ص 108 تا 113، مطبوعہ دارالفکر قاہرہ
2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 40
3۔ حاشیہ نیشاپوری بر تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 26، ص 26
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 40

ذٰلِكَ ؕ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ

یہی حکم ہے ۸ اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود ہی ان سے بدلہ لے لیتا لیکن وہ آزمانا چاہتا ہے تمہیں بعض کو

بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴

بعض سے ۹ اور جو مار ڈالے گئے اللہ کی راہ میں پس اللہ ان کے اعمال ضائع نہیں ہونے دے گا ۱۰

میں یونہی مروی ہے اور حضرت امام کا بھی یہی قول اظہر اور راجح ہے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ قیدیوں کی تقسیم سے پہلے تو یہ تبادلہ جائز ہے لیکن تقسیم کے بعد ناجائز۔ اور امام محمد کے نزدیک ہر وقت جائز ہے۔ اس کی دلیل میں انہوں نے یہ حدیث پیش کی ہے۔ حضرت سلمہ سے مروی ہے کہ حضورؐ نے حضرت ابوبکر کی قیادت میں ایک سریہ روانہ کیا۔ میں بھی اس میں شریک تھا۔ غنیمت میں ایک کنیز مجھے ملی۔ دوسرے روز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بازار میں شرفِ ملاقات حاصل ہوا۔ حضورؐ نے فرمایا سلمہ وہ کنیز مجھے دے دو جو تجھے غنیمت میں ملی ہے۔ میں نے عرض کی حضور مجھے بہت پسند ہے۔ دوسرے روز پھر ملاقات ہوئی۔ حضورؐ نے پھر یہی ارشاد فرمایا۔ میں نے عرض کی: هِيَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! میں حضورؐ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ پس حضورؐ نے اسے مکہ بھیجا اور انہوں نے اس کے بدلے مسلمان قیدی دے دیے۔ (1)

کیا مال لے کر اسیرانِ جنگ کو رہا کرنا درست ہے؟ اس کے متعلق علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ احناف کا مشہور مذہب تو یہ ہے کہ ایسا کرنا درست نہیں کیونکہ یہ قیدی رہا ہو کر پھر ہمارے خلاف نبرد آزما ہوں گے لیکن السیر الکبیر میں ہے اللّٰهُ لَا بَأْسَ بِهٖ اِذَا كَانَ بِالْمُسْلِمِيْنَ حَاجَةٌ (روح المعانی) (2) اگر انہیں آزاد کرنا مصلحتِ ملکی کے خلاف ہو اور مشرکین فدیہ ادا کرنے کے لیے بھی تیار نہ ہوں اور مسلمان جنگی قیدیوں کے ساتھ تبادلہ کی صورت بھی نہ ہو تو پھر انہیں ہمیشہ کے لیے قیدی بنا کر نہیں رکھا جائے گا بلکہ غازیوں میں انہیں تقسیم کر دیا جائے گا۔ ان کو عملی زندگی میں بھرپور حصہ لینے کی اجازت ہوگی، اپنے مالک کی اجازت سے وہ کاروبار وغیرہ میں بھی حصہ لے سکتے ہیں۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اسیرانِ جنگ کا معاملہ حکومتِ وقت کی صوابدید پر موقوف ہے۔ مندرجہ بالا طریقوں میں سے جو طریقہ مناسبِ حال یا قومی اور ملکی مفاد سے ہم آہنگ پائیں اس کو اختیار کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۸ ذٰلِكَ یا تو منصوب ہے اور افْعَلُوْا مقدر ہے یعنی ایسا کیا کرو یا مبتدا ہے اور مرفوع ہے اور اس کی خبر حُكْمُ الْكُفَّارِ یعنی کفار کا یہ حکم ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں ذٰلك ایسا کلمہ ہے کہ جب کوئی فصیح ایک کلام سے دوسرے کلام کی طرف انتقال کرنا چاہتا ہے تو اسے استعمال کیا جاتا ہے۔ (3)

۹ یعنی اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمہیں زحمتِ جہاد نہ دیتا اور خود بخود ان سرکشوں کا غرور خاک میں ملا دیتا۔ لیکن اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ میدانِ کارزار گرم ہو۔ اہلِ حق، حق کو سربلند کرنے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگائیں۔ کفار و منکرین، باطل کا بول بالا کرنے کے لیے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیں، سب دنیا کو پتہ چل جائے کہ مومن و کافر میں کتنا فرق ہے۔ مومن کا مقصدِ حیات کتنا بلند اور

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 40 2۔ ایضاً، جز 26، ص 41 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 229

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝٦

وہ پہنچادے گا انہیں بلند مدارج پر اور سنوار دے گا ان کے حالات کو ۱۱ اور داخل کرے گا انہیں بہشت میں جس کی پہچان اس نے انہیں کرادی تھی ۱۲

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ ۝٧

اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمائے گا اور (میدانِ جہاد میں) تمہیں ثابت قدم رکھے گا ۱۳

پاکیزہ ہے اور کافر کا مدعا کتنا خسیس اور ذلیل ہے۔

۱۰ احد کے معرکہ میں مسلمان کثرت سے شہید اور زخمی ہوئے۔ ابوسفیان نے خوشی سے دیوانہ ہو کر نعرہ لگایا اُعْلُ هُبَل۔ ہُبل زندہ باد۔ مسلمانوں نے جوابی نعرہ لگایا: اَللّٰهُ اَعْلٰى وَ اَجَلُّ۔ اللہ تعالیٰ بلند اور بزرگ ہے۔ ابوسفیان نے کہا کہ یہ دن، بدر کا بدلہ ہوا۔ اور لڑائی کا پانسہ پلٹتا رہتا ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا: اے فرزندانِ اسلام! اس سے کہو: تم ہم سے برابری کا دعویٰ کیسے کر سکتے ہو۔ ہمارے مقتول اللہ تعالیٰ کے ہاں زندہ ہیں اور تمہارے مقتول دوزخ کا ایندھن۔ مشرکین نے کہا اِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلَا عُزّٰى لَكُمْ۔ ہمارا عُزّٰی ہے اور تمہارے پاس کوئی عزّٰی نہیں۔ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ۔ مسلمانوں نے جواب میں کہا اللہ تعالیٰ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ (1)

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ کا جملہ بڑا معنی خیز ہے یعنی ان شہیدانِ حق کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بلکہ ان پر بڑے خوش آئند نتائج مرتب ہوں گے۔ اس قربانی کا صلہ انہیں تو یہ ملے گا کہ جنت میں رفیع الشان محلات میں وہ تشریف فرما ہوں گے اور ان کی ملت کو ان کی جانفشانیوں کے صدقے عزت و سربلندی نصیب ہوگی اور جس مقصد کے لیے انہوں نے اپنی جوانیاں نثار کی تھیں، وہ مقصد حاصل ہوگا۔ حق کی روشنی سے کوہ و دمن میں اجالا ہو جائے گا۔ ان پاکبازوں نے جان دیکر اتنے عظیم مقاصد حاصل کر لیے، ان سے بڑھ کر کون خوش نصیب ہو سکتا ہے۔

۱۱ یعنی جنت اور رضائے الٰہی کی ذیشان منزل تک انہیں رسائی حاصل ہو جائے گی۔ راہ کی رکاوٹیں دور کر دی جائیں گی۔ فاصلے سمٹ کر رہ جائیں گے اور ان کے حالات سنور جائیں گے، یعنی جو لغزشیں ان سے ہوئی تھیں، جن گناہوں کا انہوں نے ارتکاب کیا تھا وہ سب معاف کر دیے جائیں گے۔ مقربین اور متقین کے زُمرہ میں ان کا شمار ہوگا۔

اس کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ انکی برکت سے دوسرے لوگ راہِ ہدایت پر گامزن ہو جائیں گے۔ ان کی قوم کی بگڑی ہوئی حالت سنور جائے گی۔ شکست و نامرادی کے جو داغ ان کی قوم کے چہرے کو بدنما بنا رہے تھے وہ دور ہو جائیں گے، فوز و کامرانی کا نور ان پر ضوفشانی کرنے لگے گا۔

۱۲ جب جنت میں قدم رنجہ فرمائیں گے تو اپنے محلات کی طرف اس طرح جائیں گے جیسے وہ مدت سے یہاں آباد ہیں اور سارے راستے ان کے جانے پہچانے ہیں، کسی سے پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں۔

۱۳ دین اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امداد کو اللہ تعالیٰ کی امداد فرمایا گیا ہے۔ جان کی بازی لگانے والوں کے لیے اس سے بڑھ کر

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 230، البدایۃ والنہایۃ، ج 4، ص 25

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۸ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا

اور جنہوں نے (حق کا) انکار کیا خدا کرے وہ منہ کے بل اوندھے گریں اور اللہ ان کے اعمال کو برباد کر دے ۱۴ یہ اس لیے کہ انہوں نے ناپسند کیا

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝۹ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا تھا پس اس نے ضائع کر دیے ان کے اعمال ۱۵ تو کیا انہوں نے سیر و سیاحت نہیں کی زمین میں تاکہ وہ خود دیکھ لیتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ

کہ کیسا انجام ہوا ان (منکروں) کا جو ان سے پہلے گزرے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر تباہی نازل کر دی اور کفار کے لیے اسی قسم

اَمْثَالُهَا ۝۱۰ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ

کی سزائیں ہیں ۱۶ یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کا مددگار ہے ۱۷ اور کفار کا کوئی

مژدہ کیا ہو سکتا ہے۔ وہ مجاہد نصرتِ الٰہی جن کی پشت پناہی کر رہی ہو، ہر نازک مرحلہ پر تائیدِ ایزدی جن کے دلوں کی ڈھارس ہو، دشمن کا کوئی طوفانی حملہ ان کے قدموں میں لغزش نہ پیدا کر سکے، تو ایسے جانباز مجاہدوں کو دنیا کی کوئی طاغوتی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔ شرط یہ ہے کہ یہ جنگ وہ دنیوی مفادات کے لیے نہ کر رہے ہوں، یہ خونریزی کسی حقیر مقصد کے لیے نہ ہو، محض اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے کے لیے ہو اور دینِ حق کو غالب کرنے کے لیے ہو۔

۱۴ اب کفار کا حال بیان کیا جا رہا ہے۔ تَعْس کی تحقیق کرتے ہوئے ابنِ منظور لکھتے ہیں: اَلتَّعْسُ: اَلِانْحِطَاطُ وَالْعُثُوْرُ (1)۔ گر پڑنا، لڑکھڑانا، پھسلنا۔ فراء کہتے ہیں کہ یہاں تَعْسًا مصدر منصوب ہے اور بطورِ بددعا مذکور ہے۔ قَالَ الْفَرَّاءُ نُصِبَ عَلَى الْمَصْدَرِ عَلٰى سَبِيْلِ الدُّعَاءِ (2)۔ ابنِ منظور کہتے ہیں بِاَنْ يَكُبَّهَا اللّٰهُ لِمَنْخَرَيْهَا (3) خدا انہیں منہ کے بل گرائے۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ سے ان کی حرماں نصیبی کا ذکر کیا کہ انہوں نے حق کو نیچا دکھانے کے لیے مال و دولت بھی خرچ کی۔ زخموں سے چور چور بھی ہوئے۔ اکثر نے اپنے سر بھی کٹائے اور جان بھی دی، لیکن نتیجہ؟ دنیا میں ذلت و رسوائی، آخرت میں عذابِ الیم۔

۱۵ اتنے زیرک اور تجربہ کار ہو کر کیوں منہ کے بل گر کر رُسوا ہوئے؟ کیوں ان کی قربانیاں رائیگاں گئیں؟ اس کی وجہ بتا دی کہ انہوں نے احکامِ الٰہی کو ناپسند کیا تھا۔ جن اعمالِ سیئہ کے وہ خوگر ہو چکے تھے، انہیں چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ان کی ساری زندگی ضائع ہو گی۔

۱۶ وہ متعدد ممالک کی سیاحت پر گئے۔ انہوں نے پہلی بدکار قوموں کے اُجڑے ہوئے کھنڈرات دیکھے۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح ان کو نیست و نابود کیا تھا اس سے یہ بے خبر نہیں، لیکن انہوں نے خود سیر و سیاحت سے کوئی عبرت حاصل نہ کی اور ان پر وہی

1۔ لسان العرب، ج6، ص32 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص425 3۔ لسان العرب، ج6، ص32

لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ع ۱۱/۵

مددگار نہیں ۔ بے شک اللہ تعالیٰ داخل فرمائے گا جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ

(سدا بہار) باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں ۱۸ اور جنہوں نے کفر کیا وہ عیش اُڑا رہے ہیں اور

يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

محض کھانے (پینے) میں مصروف ہیں ڈنگروں کی طرح حالانکہ آتش جہنم ان کا ٹھکانا ہے۔ اور بہت سی ایسی بستیاں تھیں

هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ

جو قوت و شوکت میں تمہاری اس بستی سے کہیں زیادہ تھیں جس (کے باشندوں) نے آپ کو نکال دیا ۱۹ ہم نے ان بستیوں کے کمینوں کو ہلاک کر دیا

عذاب نازل ہوا جو ان جیسے کفار پر پہلے نازل ہو چکا تھا۔

۱۷ اعمال اور جدوجہد اپنی ظاہری صورت کے اعتبار سے تو یکساں تھے۔ اہلِ ایمان نے بھی مال خرچ کیا اور انہوں نے بھی مال خرچ کیے۔ وہ بھی میدانِ جہاد میں زخمی ہوئے، یہ بھی زخمی ہوئے۔ انہوں نے بھی شمعِ حق پر جانیں قربان کیں، انہوں نے بھی سر کٹانے میں بخل سے کام نہیں لیا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ نتائج بالکل مختلف رونما ہوئے؟ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کا حامی و ناصر تھا۔ اس کو راضی کرنے کے لیے انہوں نے یہ سب کچھ کیا، سو اس نے اپنے مخلص بندوں کی تائید و حمایت کی اور ان کفار کا نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان تھا نہ اس نے ان کی دستگیری کی۔ جن بتوں کو انہوں نے اپنا معبود بنا رکھا تھا، وہ ان کے کسی کام نہ آئے اس لیے نتائج کا اختلاف ایک طبعی امر ہے۔

۱۸ اہلِ ایمان تو خلوصِ نیت اور حسنِ عمل کی برکت سے جنت کی بہاروں سے لطف اندوز ہوں گے اور کفار کا ٹھکانہ دوزخ کا بھڑکتا ہوا آتش کدہ ہوگا۔ انہوں نے اپنی زندگی کا مقصد ہی نہ پہچانا۔ ساری عمر عیش و عشرت میں گزار دی۔ ڈنگروں کی طرح عمدہ لذیذ اور زیادہ سے زیادہ مقدار میں کھانا، کھانا ہی ان کا محبوب مشغلہ بنا رہا۔ نہ انہوں نے اپنے انجام کے بارے میں سوچنے کی زحمت گوارا کی نہ اپنے خالق کو پہچانا، نہ اس کو راضی کرنے کا شوق ان کے دل میں پیدا ہوا۔ ان کے طرزِ عمل کا انجام وہی ہونا چاہیے تھا جس سے وہ اب دوچار ہیں۔

۱۹ اہلِ مکہ کو متنبہ کیا جا رہا ہے کہ تم نے اپنے نبی مکرمؐ کو بڑی سنگدلی سے اپنا پیارا وطن چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ سنو! یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ اس پر تمہیں کوئی سزا نہ ملے گی۔ بلکہ تم سے پہلے جن قوموں نے اپنے نبیوں کے ساتھ ایسا ناروا سلوک کیا وہ اگرچہ تم سے زیادہ طاقتور، زور آور اور خوشحال تھیں۔ لیکن ہم نے ان کو ملیا میٹ کر دیا اور کسی کو ہمت نہ پڑی کہ ان کی مدد کرے۔ سن لو!

لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ

پس کوئی اسکا مددگار نہ تھا۔ کیا وہ شخص جس کے پاس روشن دلائل ہیں اپنے رب کے پاس سے ۲۰ اس (بدبخت) کی مانند ہے آراستہ کر دیے گئے جس

وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ

کے لیے اس کے بُرے اعمال اور وہ پیروی کرتے رہے اپنی خواہشوں کی۔ احوال اس جنت کے جس کا وعدہ متقیوں سے کیا گیا ہے۔ اس میں نہریں ہیں ایسے

مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ

پانی کی جس کی بُو اور مزہ نہیں بگڑتا ۲۱ اور نہریں ہیں دُودھ کی جس کا ذائقہ نہیں بدلتا۔ اور نہریں ہیں شراب

خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا

کی جو لذت بخش ہے پینے والوں کے لیے۔ اور نہریں ہیں شہد کی جو صاف ستھرا ہے۔ اور ان کے لیے اس میں

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ

ہر قسم کے پھل ہوں گے اور (مزید براں ان کے لیے) بخشش ہوگی اپنے رب کی طرف سے۔ (سوچو!) کیا یہ ان کی مانند ہوں گے جو ہمیشہ آگ میں

وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

رہیں گے اور انہیں کھولتا پانی پلایا جائے گا اور وہ کاٹ دے گا ان کی آنتوں کو ۲۲ اور ان میں کچھ ایسے ہیں جو کان لگائے رکھتے ہیں آپ کی طرف۔

اگر تم باز نہ آئے اور توبہ نہ کی تو تمہارے ساتھ بھی ایسا سلوک ہی کیا جائے گا۔

۲۰ بتا دیا کہ جس کے پاس اپنے رب کی طرف سے روشن دلائل ہیں اور ان کی روشنی میں زندگی کی مسافت طے کر کے منزلِ مقصود کی طرف بڑھتا چلا آ رہا ہے، اس کا انجام اس بدبخت کے انجام سے بالکل مختلف ہوگا جس کے بُرے اعمال اس کی نگاہوں میں خوشنما کر دیے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں مگن رہتا ہے۔

۲۱ متقی اور پرہیزگار لوگوں کو جو جنت مرحمت ہوگی اس کا قدرے تفصیلی بیان ہو رہا ہے۔ غَيْرِ اٰسِنٍ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں اَیْ غَیْرِ مُتَغَیِّرِ الرَّائِحَةِ وَقَدْ اَسَنَ الْمَاءُ یَاْسِنُ اَسَنًا وَّ اُسُوْنًا اِذَا تَغَیَّرَتْ رَائِحَتُهٗ (1)۔ وہ چیز جس کی بو نہ بدلے اس کو غیر آسن کہتے ہیں۔ اس کا مادہ اَسَنَ یَاْسِنُ الخ ہے جس کا معنی ہے بو کا بدل جانا۔

۲۲ اس جنت میں لطف و سرور کی زندگی بسر کرنے والے خوش نصیب کے ساتھ اس بدنصیب کو کیا نسبت جو اپنے کرتوتوں کی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 236

حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ؕ

حتیٰ کہ جب نکلتے ہیں آپ کے پاس سے تو کہتے ہیں اہلِ علم سے (کہ ذرا فرمائیے) یہ صاحب ابھی ابھی کیا کہہ رہے تھے ۲۳

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ

یہی وہ (بدبخت) ہیں مُہر لگادی ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور وہ پیروی کرتے ہیں اپنی خواہشوں کی۔ اور جو لوگ راہِ

اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

ہدایت پر چلے اللہ تعالیٰ بڑھا دیتا ہے ان کے نورِ ہدایت کو اور انہیں تقویٰ کی توفیق بخشتا ہے ۲۴ پس کیا یہ لوگ انتظار کر رہے ہیں

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ

قیامت کا کہ آجائے ان پر اچانک ۲۵ بے شک اس کی نشانیاں تو آ ہی گئی ہیں ۲۶ (تو جب قیامت ان پر آگئی) تو اس وقت ان

پاداش میں جہنم رسید کر دیا گیا؟ اس کی رہائی پانے کی امید بھی ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئی۔ انہیں ایسا گرم کھولتا ہوا پانی ملے گا جو ان کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔

۲۳ جمعہ کے خطبوں اور دیگر اجتماعات میں اہلِ ایمان کے ساتھ منافقین بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاداتِ طیبات، اہلِ ایمان تو ہمہ تن گوش ہو کر سنتے اور اپنے دل میں انہیں محفوظ کر لیتے، لیکن منافقین حضورؐ کے فرامین تو سنتے، مگر ان کی طبیعت پر یہ بڑے گراں گزرتے۔ جب محفل برخواست ہوتی تو صحابۂ کرام سے پوچھتے کہ ابھی ابھی انہوں نے کچھ فرمایا ہے، ذرا بتایئے تو انہوں نے کیا فرمایا ہے؟ ہمیں تو یاد نہ رہا یا ہم سمجھ نہیں سکے (1)۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے ان کے دلوں پر مُہریں لگا دیں اور وہ صرف اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی میں لگے رہتے ہیں، اس لیے انہیں سرورِ عالم کے ارشادات کیسے یاد رہ سکتے ہیں۔

۲۴ جو نیک بخت حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات اور کلامِ بلاغت نظام سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ان پر مزید کرم یہ کیا جاتا ہے کہ انہیں علمِ بصیرت اور شرحِ صدر کی دولت سے مالا مال کر دیا جاتا ہے اور انہیں احکامِ الٰہیہ پر عمل کی توفیق بھی بخشی جاتی ہے، یا ان چیزوں سے بچا لیا جاتا ہے جو دوزخ میں لے جانے کا باعث ہوتی ہیں۔ تقویٰ کے یہ دونوں مفہوم درست ہیں۔

۲۵ حق واضح ہو گیا، دلائل و براہین سے شک و شبہ کا غبار چھٹ گیا، اس کے باوجود یہ لوگ کیوں ایمان نہیں لاتے؟ کیا وہ اس انتظار میں ہیں کہ اچانک قیامت برپا ہو جائے تب وہ ایمان لے آئیں گے؟

۲۶ قیامت کی علامات کے بارے میں احادیثِ نبوی میں واضح ارشادات ہیں۔ مندرجہ ذیل دو احادیث ملاحظہ فرمایئے۔

۱۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَیْنَمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحَدِّثُ اِذْ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ قَالَ مَتَی السَّاعَةُ قَالَ اِذَا ضُیِّعَتِ

1۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 26، ص 50

اَلْاَمَانَةُ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ قَالَ كَيْفَ اِضَاعَتُهَا قَالَ اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰى غَيْرِ اَهْلِهٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَةَ (رواہ البخاری)(1)

ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گفتگو فرما رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا۔ اس نے پوچھا قیامت کب آئے گی؟ ارشاد فرمایا جب امانت کو ضائع کیا جائے گا تو اس وقت قیامت کا انتظار کرنا۔ اس نے عرض کی: امانت ضائع کرنے کی کیا صورت ہوگی؟ فرمایا: جب کام نااہلوں کے سپرد کیے جائیں گے تو پھر قیامت کا انتظار کرنا۔

۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور جامع فرمان ہے جس میں ہم سب کے لیے عبرت کے ہزاروں سامان ہیں۔ ذرا غور سے پڑھیے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اتُّخِذَ الْفَيْءُ دُوَلًا وَّ الْاَمَانَةُ مَغْنَمًا وَّ الزَّكَاةُ مَغْرَمًا وَّ تُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ وَ اَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ وَ عَقَّ اُمَّهٗ وَ اَدْنٰى صَدِيْقَهٗ وَ اَقْصٰى اَبَاهُ وَ ظَهَرَتِ الْاَصْوَاتُ فِى الْمَسَاجِدِ وَ سَادَ الْقَوْمَ فَاسِقُهُمْ وَ كَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَ اُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَ ظَهَرَتِ الْقَيْنَاتُ وَ الْمَعَازِفُ وَ شُرِبَتِ الْخُمُوْرُ وَ لَعَنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا فَارْتَقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَآءَ وَزَلْزَلَةً وَّ خَسْفًا وَّ مَسْخًا الخ (ترمذی)(2)

ترجمہ: رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مالِ غنیمت کو باہم بانٹ دیا جائے گا اور امانت کو لوٹ کا مال سمجھا جائے گا اور زکوٰۃ کو تاوان خیال کیا جائے گا اور دنیوی مقاصد کے لیے دینی تعلیم حاصل کی جائے گی، جب مرد اپنی بیوی کا فرمانبردار اور اپنی ماں کا نافرمان ہو جائے گا، جب وہ اپنے دوست کو قریب کرے گا اور اپنے باپ کو دور بھگا دے گا، جب مسجدوں میں طرح طرح کی آوازیں بلند ہونے لگیں گی۔ جب فاسق، قوم کا سردار بن جائے گا۔ جب رذیل شخص قوم کا قائد ہوگا۔ جب کسی شخص کی عزت اس کی خوبیوں کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے شر سے بچنے کے لیے کی جائے گی۔ جب گانے والیاں اور گانا بجانا عام ہو جائے گا۔ جب کھلے بندوں شراب پی جائے گی۔ جب بعد میں آنے والے امت کے پہلے حضرات پر لعنت بھیجیں گے۔ اس وقت سرخ آندھی کا، زلزلہ کا، خسف اور مسخ کا انتظار کرو۔

علامہ آلوسی نے اس موضوع پر کھل کر لکھا ہے۔ فرماتے ہیں:

''بعض لوگوں نے قیامت کے بارے میں مختلف قسم کی قیاس آرائیاں کی ہیں۔ کسی نے چودہ صدیاں، کسی نے کم وبیش مدت مقرر کی ہے۔ بعض نے فلاسفۂ یونان سے دنیا کی عمر اٹھتر ہزار سال نقل کی ہے، بعض نے چھتیس ہزار برس۔ كُلُّ ذٰلِكَ خَبْطٌ لَّا دَلِيْلَ عَلَيْهِ۔ یہ سب تک بندیاں ہیں، اس پر کوئی دلیل نہیں۔ اس سے بھی زیادہ تعجب انگیز بات وہ ہے جو بعض اسلامیوں سے منقول ہے کہ قیامت چودہ سو سات ہجری میں قائم ہوگی۔ علامہ موصوف آخر میں لکھتے ہیں۔ وَ اَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ مِثْلَ ذٰلِكَ مِمَّا لَا يَنْبَغِىْ لِعَاقِلٍ اَنْ يُّعَوِّلَ عَلَيْهِ اَوْ يَلْتَفِتَ اِلَيْهِ وَالْحَزْمُ وَالْجَزْمُ بِاَنَّهٗ لَا يَعْلَمُ ذٰلِكَ اِلَّا اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔ (روح المعانی)(3)

یعنی تو جانتا ہے کہ عقل مند آدمی ایسے اقوال کی طرف التفات ہی نہیں کرتا۔ احتیاط اور یقین کا فیصلہ یہ ہے کہ قیامت کے وقوع پذیر ہونے کو صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو لطیف وخبیر ہے۔''

۲۷۔ اہلِ ایمان کی سعادت اور کفار کی شقاوت کا حال بیان کرنے کے بعد اپنے محبوبِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص430، صحیح بخاری، کتاب العلم، باب من سئل علما، ج1، ص14
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص31-430، جامع ترمذی، ابواب الفتن، باب ماجاء فی اشراط الساعۃ، ج2، ص44
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص55-54

ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

کو سمجھنا کب نصیب ہوگا پس آپ جان لیں کہ نہیں کوئی معبود بجز اللہ کے ۲۷ اور دعا مانگا کریں کہ اللہ آپ کو گناہ سے محفوظ رکھے ۲۸ نیز مغفرت طلب کریں

توحید کا عرفانِ کامل جو آپ کو بخشا گیا ہے اسے ہمیشہ یاد رکھیے۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس بات میں تو ادنیٰ شائبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا علم حضور کو ان آیات سے حاصل نہیں ہوا بلکہ روزِ الست سے حاصل ہے۔ اس لیے یہاں اِعْلَمْ بمعنی اُثْبُتْ ہے۔ یعنی آپ اس پر ثابت قدم اور پختہ رہیے۔ لیکن بعض اکابر نے فرمایا کہ حضور کو اس عقیدہ پر ثبات اور پختگی بھی پہلے سے حاصل ہے اس لیے فَاعْلَمْ بمعنی تَذَکَّرْ ہے یعنی اس حقیقت کو ہمیشہ یاد رکھیے۔ (1)

۲۸ علامہ قرطبی نے اس کے دو معنی ذکر کیے ہیں، (۱) اِسْتَغْفِرِ اللّٰهَ اَنْ يَّقَعَ مِنْكَ ذَنْبٌ۔ یعنی آپ اس بات سے اللہ کی مغفرت طلب کریں کہ آپ سے کوئی گناہ سرزد ہو۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

۲۔ اِسْتَغْفِرْ لِيَعْصِمَكَ مِنَ الذُّنُوْبِ۔ یعنی استغفار کریں تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو گناہوں سے بچائے رکھے (2)۔ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درجات میں ہر لحظہ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اوپر والے درجے پر پہنچ کر جب نیچے والے درجے پر نگاہ پڑتی تو موجودہ رفعت کے مقابلہ میں وہ قصور محسوس ہوتا، اس لیے حضورؐ کثرت سے استغفار کیا کرتے۔ وَقَدْ ذَكَرُوْا اَنَّ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ عُرُوْجًا اِلٰى مَقَامٍ اَعْلٰى مِمَّا كَانَ فِيْهِ۔ فَيَكُوْنُ مَا عُرِجَ مِنْهُ فِيْ نَظْرِهِ الشَّرِيْفِ ذَنْبًا بِالنِّسْبَةِ اِلٰى مَا عُرِجَ اِلَيْهِ فَيَسْتَغْفِرُ مِنْهُ (روح المعانی) (3)

عارف باللہ حضرت مولانا ثناء اللہ لکھتے ہیں: اس حکم میں دو حکمتیں ہیں۔ ۱۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کے احکام کی بجا آوری میں خواہ کتنی ہی کوشش کی جائے، انسان پر لازم ہے کہ اپنے قصور کا اعتراف کرتا رہے اور یہ سمجھے کہ جیسا کچھ مجھے کرنا چاہیے تھا مجھ سے نہیں ہو سکا۔ منعمِ حقیقی نے جو بے پایاں احسانات مجھ پر فرمائے ہیں، میں ان کا حقِ شکر ادا نہیں کر سکا۔ یہ تصور انسان کا کمال ہے نقص نہیں۔ هَضْمًا لِنَفْسِكَ وَاِظْهَارًا لِلتَّقْصِيْرِ فِي الْعِبَادَةِ بِالنِّسْبَةِ اِلٰى جَلَالِ رَبِّكَ وَعَظَمَتِهٖ۔ یعنی آپ از راہِ تواضع یہ کہیے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کے پیشِ نظر اپنی تقصیر کا اعتراف کیجیے۔

۲۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ استغفار امت کے لیے سُنّت بن جائے۔ (4)

امام فخر الدین رازی نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے کہ اس آیت کی دو توجیہیں کی گئی ہیں۔ ایک توجیہ یہ ہے کہ خطاب اگرچہ حضورؐ سے ہے لیکن مراد امت ہے۔ یہ توجیہ درست نہیں کیونکہ مومنین کے لیے استغفار کا علیحدہ حکم ہے۔ دوسری توجیہ یہ ہے کہ یہاں ذَنْبٌ سے مراد، گناہ یا نافرمانی نہیں بلکہ ترکِ افضل ہے۔ امام لکھتے ہیں وَحَاشَاهُ مِنْ ذٰلِكَ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ والاصفات اس سے منزہ ہے کہ وہ افضل کو چھوڑ کر غیر افضل کریں۔ اس لیے امام رازی نے اپنی توجیہ پیش کی ہے۔ فرماتے ہیں: اِنَّ الْمُرَادَ تَوْفِيْقُ الْعَمَلِ الْحَسَنِ وَاجْتِنَابُ الْعَمَلِ السَّيِّئِ۔ اچھے کام کی توفیق اور بُرے کاموں سے اجتناب۔ کیونکہ استغفار کا معنی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص55
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص242
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص55
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص431

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

مومن مردوں اور عورتوں کے لیے ۲۹ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے تمہارے چلنے پھرنے اور آرام کرنے کی جگہوں کو۔ اور اہلِ ایمان کہتے ہیں

اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا

کیوں نہ اتری کوئی نئی سورت (جہاد کے بارے میں) ۳۰ پس جب اتاری جاتی ہے کوئی واضح سورت اور اس میں جہاد کا ذکر

الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

ہوتا ہے تو آپ دیکھتے ہیں ان لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کا) روگ ہوتا ہے کہ وہ تکتے ہیں آپ کی طرف

طلبِ غفران ہے اور غفران کا معنی کسی قبیح چیز کا ڈھانپ دینا۔ اس کی دو صورتیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ کسی قبیح چیز کے ارتکاب سے ہی محفوظ رکھے جس طرح حضورؐ کی شان ہے، یا گناہ کے ارتکاب کے بعد اس کو ڈھانپ دے جس طرح کہ مومنین اور مومنات کا حال ہے۔(1)

آپ کے سامنے علمائے ربانیین کے ارشادات پیش کر دیے گئے ہیں۔ ان کا خلاصہ وہی ہے جو علامہ قرطبی نے ذکر کیا ہے۔

۲۹ اللہ تعالیٰ نے امتِ مسلمہ کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ ان کے لیے مغفرت مانگنے کا حکم اپنے محبوب کو دیا۔ علامہ بغوی کہتے ہیں: هٰذَا اِكْرَامٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ حَيْثُ اَمَرَ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْتَغْفِرَ لِذُنُوْبِهِمْ وَهُوَ الشَّفِيْعُ الْمُجَابُ فِيْهِمْ(2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس امت کی یہ عزت افزائی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ امت کے گناہوں کے لیے مغفرت طلب کریں اور حضورؐ کی ذاتِ پاک وہ شفیع ہے جس کی شفاعت اور دعا مقبول ہے۔

۳۰ مسلمان ہجرت سے پہلے بڑے صبر و سکون کے ساتھ کفار کے مظالم برداشت کرتے رہے اور زیادتیاں سہتے رہے، یہاں تک کہ انہیں ہجرت کی اجازت مل گئی۔ ان کا خیال تھا کہ مکہ سے اڑھائی تین سو میل دور مدینہ طیبہ میں آرام کا سانس لینا نصیب ہوگا لیکن کفارِ مکہ کی دست درازیوں نے نیند حرام کر دی۔ کوئی مسلمان قابو آتا تو اسے قتل کر دیتے۔ مدینہ کے نواح میں جو چراگاہیں تھیں، ان پر دھاوا بول دیتے اور جو مویشی ہتھے چڑھتے، لے کر بھاگ جاتے۔ مسلمان اس صورتِ حال سے تنگ آ گئے تھے۔ وہ بڑی بے چینی سے اذنِ جہاد کے منتظر تھے۔ منافقین بھی بڑی ڈینگیں مار رہے تھے کہ اگر جہاد کا اذن مل گیا تو ہم کافروں کو عبرت انگیز سزا دیں گے اور میدانِ جہاد میں اپنی شجاعت کے ایسے کارنامے دکھائیں گے کہ دنیا عش عش کر اٹھے گی۔ جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار کے ساتھ جہاد کرنے کا اذن دے دیا تو اہلِ ایمان نے شکرِ الٰہی ادا کیا لیکن اس وقت منافقین کی حالت دیدنی تھی، حواس باختہ ہو گئے تھے، اوسان خطا ہو گئے۔ یوں محسوس ہوتا کہ نزع کا عالم ہے۔ موت کی غشی ان پر طاری ہو گئی ہے۔ اب مرے کہ اب مرے۔ بے شک امتحان کے وقت ہی مومن اور منافق کی پہچان ہوتی ہے۔ باتیں بنانے میں تو منافقین بڑے چرب زبان ہوتے ہیں۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 28، ص 62 2۔ تفسیر بغوی علی ہامش تفسیر خازن، زیر آیت ہذا، ج 6، ص 151

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝۲۰ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۭ قف

جیسے تکتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو۔ پس ان کے لیے بہتر یہ تھا ۳۱؎ کہ اطاعت کرتے اور اچھی بات کہتے

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۭ قف فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۝۲۱ ج فَهَلْ عَسَيْتُمْ

پھر جب حکم ناطق ہو چکا تو اگر وہ سچے رہتے اللہ تعالیٰ سے تو یہ ان کے لیے بہتر ہوتا۔ پھر تم سے یہی توقع ہے کہ

اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝۲۲ اُولٰۗىِٕكَ

اگر تم کو حکومت مل جائے تو تم فساد برپا کرو گے زمین میں اور قطع کر دو گے اپنی قرابتوں کو ۳۲؎ یہی وہ لوگ ہیں جن پر

۳۱؎ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کے لیے بہتر تو یہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے اور جب جہاد کے بارے میں قطعی حکم نازل ہو گیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان قربان کرنے کے جو وعدے اور دعوے انہوں نے کیے تھے انہیں پورا کر دکھاتے۔ اگر وہ ایسا کرتے تو ان کے دونوں جہان سنور جاتے، لیکن ان کے دل ایمان کے نور سے محروم ہیں۔ ان سے یہ کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اہلِ ایمان کی طرح اسلام کو سربلند کرنے کے لیے جان کی بازی لگا دیں گے۔ لفظ اَوْلٰی کی تحقیق کرتے ہوئے علماء سے دو قول منقول ہیں۔ (۱) اَوْلٰی بمعنی اَلْیَقُ وَ اَحَقُّ یعنی زیادہ مناسب، زیادہ صحیح۔ اس صورت میں طَاعَةٌ مبتدا موخر ہو گا اور یہ خبر مقدم۔ اَیِ الطَّاعَةُ اَوْلٰی وَ اَلْیَقُ بِهِمْ۔ (۲) یہ وَیْلٌ سے اَفْعَلُ کے وزن پر بنایا گیا ہے۔ پہلے وَیْلٌ میں قلب کیا گیا یعنی عین کلمہ کو لام کلمہ اور لام کلمہ کو عین کلمہ بنایا گیا۔ پھر افعل کے وزن پر اَوْلٰی بنایا گیا۔ اس صورت میں اس کا معنی ہلاکت و بربادی ہو گا۔ اصمعی نے اَوْلٰی لَهُمْ کا یہ معنی لکھا ہے مَعْنَاهُ قَارَبَهُ مَایُهْلِكُهُ۔ یعنی اس کو ہلاک کرنے والی چیز قریب ہو گئی۔ ثعلب کہتے ہیں: لَمْ یَقُلْ اَحَدٌ فِیْ اَوْلٰی اَحْسَنَ مِمَّا قَالَ الْاَصْمَعِیُّ (قرطبی) (1) یعنی اولٰی کی تحقیق میں اصمعی کا قول نہایت پسندیدہ ہے۔

۳۲؎ اس آیت میں خطاب ان منافقین سے ہے جو جہاد کا حکم سن کر مرے جا رہے تھے۔ آیت میں تَوَلَّیْتُمْ کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ اوّل: تَوَلَّیْتُمْ اَیْ اَعْرَضْتُمْ عَنِ الْاِسْلَامِ (بحر محیط) (2) یعنی اگر تم اسلام سے منہ پھیر لو تو پھر تم زمانۂ جاہلیت کی طرف لوٹ آؤ گے، زمین میں فتنہ و فساد برپا کرو گے، ایک دوسرے کا گلا کاٹو گے، نہ تمہیں عدل و انصاف کے تقاضے یاد رہیں گے اور نہ تم ایک دوسرے کے ساتھ احسان و مروت کا سلوک کرو گے۔ سابقہ وحشت و بربریت کا دور پھر آ جائے گا۔

دوم: تَوَلَّیْتُمْ، ولایت سے ہے (3) یعنی اگر زمامِ اقتدار تمہارے ہاتھ میں آ جائے تو تم سے کسی بھلائی کی توقع عبث ہے۔ تم جیسے بزدل جو راہِ حق میں جہاد کرنے سے جی چراتے ہیں، ان سے یہ کیسے امید کی جا سکتی ہے کہ وہ مسندِ اقتدار پر بیٹھ کر عدل و انصاف قائم کریں گے یا اپنے رشتہ داروں کے حقوق ادا کریں گے۔ ان نااہلوں کو اگر حکومت مل جائے تو وہ جور و ستم کی آگ بھڑکائیں گے۔ ملک کے امن و سکون کو تہ و بالا کر کے رکھ دیں گے۔ بزدل ہمیشہ ظالم اور ستم گر ہوا کرتا ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص244 (ماخوذ) 2۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج8، ص82 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص245

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

اللہ نے لعنت کی پھر (حق سُننے سے) انہیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ۳۳ کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ

قرآن میں یا (ان کے) دِلوں پر قفل لگا دیے گئے ہیں ۔ بے شک جو لوگ پیٹھ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے

مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

باوجود یکہ ان پر ہدایت (کی راہ) ظاہر ہو چکی تھی۔ شیطان نے انہیں فریب دیا اور انہیں لمبی زندگی کی آس دلائی ۳۴

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ

یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا ان لوگوں کو جنہوں نے ناپسند کیا جو اللہ نے اتارا کہ ہم تمہاری ایک بات میں اطاعت

الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ

کریں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ان کے پوشیدہ مشوروں کو جانتا ہے ۳۵ پس ان کا کیا حال ہوگا جب فرشتے ان کی روحوں کو قبض کریں گے اور چوٹیں

۳۳ یہی وہ بدنصیب ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دور کر دیتا ہے۔ ان کی بزدلی اور ان کے ظلم و عدوان کے باعث ان کے کان بہرے ہو جاتے ہیں۔ وہ حق کی صدائے دلنواز سن ہی نہیں سکتے۔ ان کی آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔ نورِ ہدایت انہیں نظر ہی نہیں آتا۔

۳۴ حق جب نکھر کر سامنے آ جاتا ہے تو اس کی کشش خود بخود دلوں کو اپنی طرف جذب کرنے لگتی ہے۔ اس کے باوجود جو لوگ حق کو قبول کرنے سے رُوگردانی کرتے ہیں اور باطل سے چمٹے رہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ شیطان باطل عقائد اور بُرے اعمال کو ان کے سامنے آراستہ و پیراستہ کر کے پیش کرتا ہے۔ ان کو جھوٹی امنگوں سے للچاتا ہے۔ ان کے دل میں ڈالتا ہے کہ ابھی تو عنفوانِ شباب ہے، موت تو بڑی دیر کے بعد آئے گی۔ ان لمحوں کو ضائع مت کرو اور جی بھر کر عیش و نشاط کرو۔ سَوَّلَ لَهُمْ: زَيَّنَ لَهُمْ خَطَايَاهُمْ۔ یعنی ان کے گناہوں کو ان کے سامنے خوبصورت بنا کر پیش کرتا ہے۔ اَمْلٰى لَهُمْ اَیْ مَدَّ لَهُمُ الشَّيْطَانُ فِي الْاَمَلِ وَ وَعَدَهُمْ طُوْلَ الْعُمُرِ(1)۔ یعنی شیطان انہیں طرح طرح کی امیدیں دلاتا ہے اور ان سے وعدہ کرتا ہے کہ تمہاری عمر بڑی لمبی ہوگی۔ توبہ کرنے کی اتنی جلدی کیا ہے؟ جب بڑھاپا آ جائے گا، اس وقت توبہ کر لینا۔

۳۵ منافقین درونِ پردہ مشرکوں سے ساز باز کرنے میں مصروف رہتے تھے اور انہیں یقین دلا چکے تھے کہ اگرچہ ہم بظاہر مسلمان بنے ہوئے ہیں لیکن اگر تم مسلمانوں پر حملہ کرو گے تو ہم تمہارے مقابلہ کے لیے میدانِ جنگ میں نہیں آئیں گے۔ تم

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص249

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَاۤ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا

لگائیں گے ان کے چہروں اور پشتوں پر۔ یہ درگت اس لیے بنے گی کہ انہوں نے پیروی کی اس کی جو اللہ کی ناراضگی کا باعث تھا اور ناپسند کیا اس

رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ع ۳ ۹

کی خوشنودی کو پس اس نے ان کے اعمال ضائع کر دیے ۳۶ کیا خیال کرتے ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے کہ اللہ تعالیٰ

اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ

ظاہر نہیں کرے گا ان کے دلی کھوٹوں کو ۳۷ اور اگر ہم چاہیں تو آپ کو دکھا دیں یہ لوگ ۳۸ سو آپ پہچان تو چکے ہیں

ہماری طرف سے مطمئن رہو۔ منافقین کی یہ یقین دہانیاں اگرچہ بڑی مخفی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ سے تو پوشیدہ نہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کی سازشوں سے آگاہ کر دیا۔

قَالُوْا کا فاعل منافق و یہودی ہیں۔ لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا سے مراد مشرکینِ مکہ ہیں(1)۔ بَعْضِ الْاَمْرِ سے مراد جنگ کی صورت میں مسلمانوں کے ساتھ تعاون نہ کرنے کا معاہدہ ہے۔(2)

۳۶ ان کی موت اتنی اندوہناک کیوں ہوگی؟ اس کی وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

۳۷ منافقین تصنع اور ریاکاری کے پردے ڈال کر اپنے دلوں کے بُغض کو چھپانے کی بڑی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اپنے نفاق کو چھپانے میں کامیاب ہو جائیں گے؟ ان کے دلوں میں اسلام کے خلاف نفرت و عداوت کے جو شعلے بھڑک رہے ہیں کسی کو ان کی خبر نہ ہوگی، یہ ان کی خام خیالی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا پردہ چاک کر دے گا اور ان کے دلوں میں چھپے ہوئے راز آشکارا ہو جائیں گے۔ اَضْغَانٌ جمع ہے۔ اس کا واحد ضِغْنٌ ہے۔ بغض اور کینہ۔ اَلضِّغْنُ وَالضَّغِيْنَةُ: اَلْحِقْدُ (جوہری)(3)

۳۸ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مَا خَفِيَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَحَدٌ مِّنَ الْمُنَافِقِيْنَ(4)۔ یعنی اس آیت کے نزول کے بعد کوئی منافق حضور پر مخفی نہ رہا۔ علامہ ابنِ جریر طبری نے بڑی شرح و بسط کے ساتھ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو منافقین کا علم عطا فرما دیا تھا۔(5)

مندرجہ ذیل آیات کی تعمیل اسی وقت ہو سکتی ہے جب حضور کو منافقین کے بارے میں پورا پورا علم ہو۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ (توبہ:84) آپ کسی منافق کی نماز جنازہ نہ پڑھیے اور کسی کی قبر پر تشریف نہ لے جائیے۔ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا (توبہ:83) اے محبوب! آپ منافقین کو فرمائیے کہ اس کے بعد تم کبھی میرے ساتھ جہاد کے لیے روانہ نہ ہو گے اور نہ میرے ساتھ مل کر کسی دشمن کے ساتھ جنگ کرو گے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص250
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص436
3۔ الصحاح، ج6، ص2154
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص252
5۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج26، ص38

بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

ان کو ان کے چہرہ سے ۳۹ اور آپ ضرور پہچان لیا کریں گے انہیں ان کے اندازِ گفتگو سے اور اللہ جانتا ہے تمہارے اعمال کو۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں تاکہ ہم دیکھ لیں تم میں سے جو مصروفِ جہاد رہتے ہیں اور صبر کرنے والے ہیں اور ہم پرکھیں گے تمہارے حالات کو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ

بے شک جو لوگ خود بھی کفر کرتے رہے اور لوگوں کو بھی روکتے رہے اللہ کی راہ سے اور مخالفت کرتے رہے رسولِ (کریم) کی باوجود یکہ

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

ظاہر ہو چکی تھی ان کے لیے راہِ ہدایت وہ قطعاً اللہ تعالیٰ کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتے اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو اکارت کر دے گا ۴۰

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول (کرم) کی اور نہ ضائع کرو اپنے عملوں کو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ

بے شک جو لوگ خود بھی کفر کرتے رہے اور دوسروں کو بھی راہِ حق سے روکتے رہے پھر وہ مرگئے کفر کی حالت میں تو اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز

فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۗ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ

نہیں بخشے گا۔ (اے فرزندانِ اسلام!) ہمت مت ہارو اور (کفار کو) صلح کی دعوت مت دو ۴۱ تم ہی غالب آؤ گے۔

۳۹ اس جملہ کا میں نے وہ ترجمہ کیا ہے جو مولانا محمود الحسن صاحب نے کیا ہے۔

۴۰ اسلام کے خلاف ان کے منصوبے دھرے کے دھرے رہ جائیں گے۔ ان کی ہر سازش ناکام ہوگی یا جو نیکیاں انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ مل کر کی ہیں ان کا انہیں کوئی اجر نہ ملے گا۔

۴۱ اللہ تعالیٰ کی رحمت ان مٹھی بھر مسلمانوں کی حوصلہ افزائی فرما رہی ہے جنہیں چاروں طرف سے کفار نے نرغہ میں لے رکھا ہے، جن کی تعداد کم ہے، جن کے وسائل محدود ہیں اور سارا ماحول جن کے خلاف نبرد آزما ہے۔ انہیں فرمایا جا رہا ہے کہ ہمت مت

وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

اور اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے اعمال (اور کوششوں) کو ضائع نہیں ہونے دیگا۔ یہ دنیوی زندگی تو محض ایک کھیل اور تماشا ہے۔

وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾

اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگار بن جاؤ تو وہ تمہیں تمہارے اجر عطا کرے گا اور وہ نہ طلب کرے گا تم سے تمہارے مال ۴۲؎

اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰٓاَنْتُمْ

اگر وہ طلب کرے تم سے تمہارے مال اور اس پر اصرار کرے تو تم بخل کرنے لگو اور وہ (یوں) ظاہر کر دیگا تمہاری ناگواریوں کو۔ ہاں تم ہی

ہارو۔ دشمن کی کثرت وقوت سے ڈر کر صلح کی خواہش مت کرو۔ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ دنیا کی کوئی طاقت تمہیں مغلوب نہیں کر سکتی۔ تم سربلند اور غالب رہو گے۔ اسلام کی سربلندی کے لیے جو مخلصانہ کوششیں کر رہے ہو، گلشنِ توحید کو سیراب کرنے کے لیے جس طرح تم اپنے خون کے دریا بہا رہے ہو وہ ضائع نہیں جائیں گے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو صلح کی درخواست میں پہل نہیں کرنی چاہیے۔ اس طرح دشمن دلیر ہو جائے گا اور اپنے لوگ اپنے آپ کو کمزور اور بے بس محسوس کرنے لگیں گے۔ دشمن کے تابڑ توڑ حملوں کے سامنے ڈٹ جاؤ، اس کا بے جگری سے مقابلہ کرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی مدد تمہارے ساتھ ہے۔ چنانچہ علمائے اسلام نے تصریح کی ہے۔ فَلَا يَجُوْزُ مُهَادَنَةُ الْكُفَّارِ اِلَّا عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ (قرطبی) (1) یعنی کفار کے ساتھ جنگ بندی شدید ضرورت کے بغیر جائز نہیں۔

۴۲؎ اللہ تعالیٰ تمہیں یہ حکم نہیں دے گا کہ تم اپنا سارا سرمایہ اس کی راہ میں خرچ کر دو۔ اس کو تمہاری ضرورتوں اور کمزوریوں کا بخوبی علم ہے۔ اگر وہ تمہیں اپنی ساری دولت خرچ کرنے کا حکم دے تو تم بخل کرنے لگو گے اور تمہارے دلوں میں مال و دولت کی محبت جو مخفی ہے وہ آشکارا ہو جائے گی۔

صاحبِ تاج العروس ضَغِنَ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: قَدْ ضَغِنَ اِلَيْهِ وَعَلَيْهِ مَالَ وَاشْتَاقَ وَحَقَدَ (2)۔ اس لفظ کے تین معنی ہیں کسی چیز کی طرف مائل ہونا، کسی چیز کا شوق دل میں پیدا ہونا اور کینہ و بغض۔ اس آیت میں روئے سخن اگر منافقین کی طرف ہو تو پھر اس کا معنی یہ ہوگا کہ تمہارے دلوں میں اسلام کے بارے میں جو بغض و عناد ہے جسے تم بڑی مہارت سے چھپائے ہو، وہ ظاہر ہو جائے گا۔ لیکن اگر اس سے مراد اہلِ ایمان ہوں تو پھر اس سے مراد دولت کی محبت ہوگی، کیونکہ ہر شخص صدیقِ اکبرؓ نہیں ہوا کرتا کہ اپنے محبوبِ کریم کے اشارۂ ابرو پر اپنے گھر کا سارا اثاثہ اٹھا کر لے آئے اور اس کے قدموں میں ڈھیر کر دے۔ بعض لوگوں کو دنیا سے محبت ہوتی ہے وہ کسی حد تک تو قربانی کے لیے آمادہ ہوتے ہیں لیکن اگر انہیں سارا مال خرچ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص256 2۔ تاج العروس، ج9، ص264

هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَ

وہ لوگ ہو جنہیں دعوت دی جاتی ہے کہ (اپنے مال) خرچ کرو اللہ کی راہ میں ۴۳ پس تم میں سے کچھ بخل کرنے لگتے ہیں اور جو

مَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ

شخص بخل کرتا ہے تو وہ اپنی ذات سے بخل کر رہا ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ تو غنی ہے (کسی کا محتاج نہیں) بلکہ تم (اس کے) محتاج ہو۔

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝۳۸ ع

اور اگر تم رُوگردانی کرو گے (تو اس سعادت سے محروم کر دیے جاؤ گے) اور تمہارے عوض وہ دوسری قوم لے آئے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے ۴۴

کرنے کا حکم دیا جائے اور اس پر اصرار کیا جائے تو بعض لوگ دولت سے اپنے دلی لگاؤ کو چھپا نہیں سکتے۔ ضَغِنَ کے یہ متعدد معانی ہیں۔ محل اور موقع کی مناسبت سے اس کا معنی متعین کیا جائے گا۔

۴۳ ھآ حرف تنبیہ ہے۔ اَنْتُمْ مبتدا اور هٰٓؤُلَآءِ خبر ہے۔ (1)

اللہ تعالیٰ تمہیں دعوت دیتا ہے کہ تم اس کی راہ میں اپنے مال خرچ کرو۔ اس میں سراسر تمہارا ہی بھلا ہے۔ زکوٰۃ نکالو گے اور اپنے معاشرہ کے غریب اور مفلوک الحال لوگوں کی ضروریات بہم پہنچاؤ گے تو تمہیں معاشی سکون و اطمینان نصیب ہوگا۔ اگر جہاد کے موقع پر مجاہدین کی ضروریات کا انتظام کر دو گے اور وہ میدانِ جنگ میں دشمن کو شکست دیں گے تو تمہاری عزت میں اضافہ ہو گا۔ تمہاری مالی حالت میں خوش آئند تبدیلی ہوگی۔ اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے۔ ہم اپنے لیے تو تم سے کچھ طلب نہیں کرتے۔ اس کے باوجود تم میں ایسے کوتاہ اندیش لوگ بھی ہیں جو اس حقیقت کو نہیں سمجھتے۔ درحقیقت وہ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا رہے بلکہ اپنے آپ کو ثواب سے محروم کر رہے ہیں۔ نیز قوم کے ضرورت مند طبقہ میں ان کے خلاف نفرت کے جذبات پرورش پائیں گے اور ان کی زندگی اجیرن ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ تو غنی ہے۔ اس کو تمہاری دولت کی ضرورت نہیں۔ تم محتاج ہو، تمہیں اس کی عنایت و رحمت کی ہر لحظہ حاجت ہے۔ تم کم نگاہ ہو، اس ہمہ دان اور ہمہ بین کی رہنمائی کے بغیر تم منزلِ مقصود پر نہیں پہنچ سکتے۔

حضرت ابنِ مسعودؓ سے مروی ہے ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے پوچھا: تم میں سے کون شخص ہے جس کو اپنے مال سے زیادہ اپنے وارث کا مال محبوب ہے۔ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ عزیز ہو۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا: فَاِنَّ مَالَهٗ مَا قَدَّمَ وَمَالَ وَارِثِهٖ مَا اَخَّرَ۔ کہ انسان کا اپنا مال وہ ہے جو اس نے راہِ خدا میں خرچ کر دیا اور جو پیچھے چھوڑ گیا وہ اس کا مال نہیں، اس کے وارث کا مال ہے۔ (2)

۴۴ اللہ تعالیٰ جس قوم کو اپنے دین کا علمبردار بننے کی سعادت بخشتا ہے اور اصلاحِ عالم کا اہم اور عظیم فریضہ تفویض کرتا ہے، جب تک وہ قوم اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوشاں رہتی ہے اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اس کے شاملِ حال رہتی ہے۔ اس کی

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج8، ص446 2۔ صحیح بخاری، کتاب الرقاق، باب ماقدم من مالہ فھو لہ، ج2، ص953

ہر تدبیر ہم آہنگِ تقدیر ثابت ہوتی ہے۔ اس کا ہر قدم منزل کی طرف اٹھتا ہے اور ہر قسم کی عزتیں اور سرفرازیاں اس پر نچھاور کی جاتی ہیں۔ لیکن جب کوئی قوم اس نعمت کی قدر نہیں کرتی، اللہ کی راہ میں جان دینے سے کتراتی ہے اور مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لینے لگتی ہے، اس کی قوتِ عمل میں کاہلی اور سستی کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں تو اس کو مناسب انداز سے اس کی کوتاہیوں پر متنبہ کیا جاتا ہے۔ اگر پھر بھی وہ اپنی اصلاح نہیں کرتی تو اسے اس منصبِ جلیل سے ہٹا دیا جاتا ہے اور کسی دوسری قوم کو وہ منصب سنبھالنے کی عزت بخشی جاتی ہے۔ وہ نئی قوم نہ جان کی بازی لگانے میں پس وپیش کرتی ہے اور نہ مال خرچ کرنے میں دریغ کرتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا آیا ہے اور قرآنِ حکیم کا فیصلہ ہے کہ ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہے گا۔ جو قومیں بلکہ جو افراد اس منصب پر فائز ہیں انہیں اپنے اس منصب کی نازک ذمہ داریوں کا پورا پورا احساس ہونا چاہیے اور انہیں ہر لحظہ چوکنا رہنا چاہیے کہ ادائے فرض میں ان سے کوئی کوتاہی سرزد نہ ہونے پائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الَّذِیْ جَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ حَبِيْبِهٖ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَمِنْ حَمَلَةِ كِتَابِهِ الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

نَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِنَقْتَفِیَ اٰثَارَ سَلَفِنَا الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ بَذَلُوْا اَرْوَاحَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَتَضَحَّوْا بِكُلِّ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قُوَّةٍ وَّعِلْمٍ وَّنَبَاهَةِ فِكْرٍ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْيَا وَكَلِمَةُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔

تعارف سُورۃ الفتح

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: یہ سورۂ مبارکہ الفتح کے نام سے موسوم ہے۔ جو اس کی پہلی آیت میں مذکور ہے۔ یہ اس کا نام بھی ہے اور اس میں بیان کیے گئے مضامین و مطالب کا عنوان بھی۔ یہ چار رکوعوں اور انتیس آیات پر مشتمل ہے۔ اس کے کلمات کی تعداد پانچ صد تریسٹھ اور حروف کی تعداد دو ہزار پانچ صد انسٹھ ہے۔

زمانۂ نزول: اس بات پر سب علماء متفق ہیں کہ یہ سورت ماہ ذی القعدہ ۶ ہجری میں اس وقت نازل ہوئی جب سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیبیہ کے مقام پر مشرکینِ مکہ سے صلح کا معاہدہ کرنے کے بعد مدینہ طیبہ واپس تشریف لے جا رہے تھے(1)۔

تاریخی پس منظر: مشرکینِ مکہ کے ظلم و ستم سے تنگ آ کر مسلمان مکہ کو چھوڑ کر اڑھائی تین سو میل دور مدینہ طیبہ میں جا کر آباد ہوئے۔ یہاں بھی کفار نے انہیں آرام کا سانس نہ لینے دیا۔ اکا دکا جھڑپوں کے علاوہ یکے بعد دیگرے بدر، احد اور خندق کی جنگیں ہوئیں۔ جنگ و جدال کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ اہلِ مکہ نے مسلمانوں کے لئے مکہ کے دروازے بند کر دیئے، خانہ کعبہ کے طواف و زیارت کے لیے سرزمین عرب کا ہر شخص آ سکتا تھا، لیکن مسلمانوں پر یہ قدغن تھی کہ وہ حرم شریف کی زیارت کا قصد نہیں کر سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس ناروا اقدام کی متعدد مقامات پر مذمت کی ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے: وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (الانفال: 34) یعنی اللہ تعالیٰ ان مشرکوں کو کیوں عذاب نہ دے حالانکہ انہوں نے اہلِ ایمان کو مسجدِ حرام میں آنے سے روک دیا ہے۔

مدینہ طیبہ میں مہاجرین و انصار کو بیت اللہ شریف کی زیارت کا شوق ہر وقت بے چین رکھتا تھا۔ اپنی اس خواہش کا اظہار وہ بارگاہِ رسالت میں بھی کرتے رہتے تھے۔ حضور انہیں صبر کی تلقین کے ساتھ ساتھ یقین دلاتے کہ عنقریب وہ دن آنے والا ہے جب یہ سب رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور تم بڑی آزادی سے حج و عمرہ کے ارکان ادا کر سکو گے۔

ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کو یہ نویدِ جانفزا سنائی کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ ہم سب امن و سلامتی کے ساتھ مسجدِ حرام میں داخل ہو رہے ہیں۔ یہ سن کر صحابۂ کرام کی خوشی کی حد نہ رہی۔ انہوں نے اللہ کریم کی حمد و شکر کے نعرے بلند کیے اور یہ خبرِ آنِ واحد میں سارے شہر میں پھیل گئی۔ صحابۂ کرام یہ جانتے تھے کہ نبی کریم کا خواب عام خواب نہیں ہے بلکہ یہ وحیِ الٰہی ہے اور اس میں ہماری دیرینہ آرزو کے برآنے کی بشارت دی گئی ہے۔ اتنا تو انہیں یقین تھا کہ ایسا ضرور ہو گا، لیکن کس طرح ہو گا؟ اس کے بارے میں مختلف وسوسے ان کو پریشان کرنے لگے۔ کیا قریش کے ساتھ جنگ ہو گی اور وہ انہیں شکست دے کر مسجدِ

1۔ تفسیر قرطبی، ج 8، ج 16، ص 259

حرام میں داخل ہوں گے؟ کیا وہ زورِ بازو سے اہلِ مکہ کو شہر خالی کرنے پر مجبور کر دیں گے؟ کیا اہلِ مکہ خود بخود ان کے لیے شہر کے دروازے کھول دیں گے؟ بہر حال سفر کی تیاریاں زور شور سے شروع ہو گئیں۔ مدینہ طیبہ سے باہر جو قبائل مسلمان ہو چکے تھے انہیں بھی دعوت دی گئی کہ وہ بھی اس سفر میں شریک ہوں۔

یکم ذیقعدہ کو حضور نبی کریم ﷺ کی قیادت میں عشاق کا یہ قافلہ سوئے حرم روانہ ہوا۔ اس کی تعداد چودہ صد اور پندرہ صد کے درمیان تھی۔ حضور اپنی ناقہ قصویٰ پر سوار تھے۔ ستر اونٹ قربانی کے لیے ساتھ تھے۔ ان کے گلوں میں قلادے ڈال دیئے گئے تھے تا کہ پہچان ہو سکے کہ یہ قربانی کے جانور ہیں۔ یہ قافلہ جب مدینہ طیبہ سے چھ سات میل دور ذوالحلیفہ نامی گاؤں میں پہنچا تو سب نے عمرہ کا احرام باندھا۔ ان کے پاس ایک ایک تلوار تھی جو میان میں بند تھی۔ اس کے علاوہ کوئی ہتھیار نہ تھا۔ ازواجِ مطہرات میں سے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اس سفر میں حضور کی ہمرکابی کا شرف حاصل ہوا۔

قریش کو جب نبی مکرم ﷺ کی روانگی کی اطلاع ملی، تو ان کے دلوں میں وسوسوں اور اندیشوں کے طوفان امڈ آئے انہوں نے یہ خیال کیا کہ عمرہ محض بہانہ ہے۔ اصل مقصد مکہ پر قبضہ کرنا ہے۔ انہوں نے طے کر لیا کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو شہر میں قدم رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

حضور جب عُسفان کے مقام پر پہنچے جو مکہ سے تقریباً دو دن کی مسافت پر واقع ہے تو بنی کعب قبیلہ کا ایک آدمی ملا۔ حضور نے اس سے قریشِ مکہ کے بارے میں دریافت کیا۔ اس نے جواب دیا کہ انہیں آپ کی روانگی کی خبر پہنچ گئی ہے وہ مکہ سے نکل کر ذوطویٰ کے مقام پر خیمہ زن ہو گئے ہیں۔ انہوں نے یہ عہد کر لیا ہے کہ آپ کو مکہ میں ہرگز داخل نہیں ہونے دیں گے۔ نیز انہوں نے آپ کی پیش قدمی کو روکنے کے لیے دو صد شہسواروں کا دستہ دے کر خالد بن ولید کو کراع الغمیم کی طرف بھیج دیا ہے۔ یہ بستی عسفان سے صرف آٹھ میل کے فاصلہ پر تھی۔

یہ سن کر حضور نے فرمایا: صد حیف! قریش کو جنگوں نے کھوکھلا کر دیا ہے لیکن پھر بھی وہ اپنی ضد سے باز نہیں آئے۔ کیا حرج تھا اگر وہ میرے درمیان اور دیگر عرب قبائل کے درمیان حائل نہ ہوتے، اگر عرب قبائل ہمارا خاتمہ کر دیتے تو ان کا مقصد پورا ہو جاتا اور اگر اللہ تعالیٰ مجھے ان پر غلبہ بخشتا تو وہ اپنی عددی کثرت کے ساتھ اسلام میں داخل ہو جاتے، اور اگر اس وقت بھی اسلام قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہوتے تو پھر مجھ سے جنگ کرتے، اس وقت وہ طاقتور ہوتے۔ آخر میں حضور نے فرمایا: فَمَا تَظُنُّ قُرَيْشٌ؟ فَوَاللهِ! لَا أَزَالُ أُجَاهِدُ عَلَى الَّذِي بَعَثَنِيَ اللهُ بِهِ حَتّٰى يُظْهِرَهُ اللهُ أَوْ تَنْفَرِدَ هٰذِهِ السَّالِفَةُ(1)۔ ترجمہ: قریش کیا سوچ رہے ہیں؟ بخدا! میں اس وقت تک اس دین کے لیے جہاد کرتا رہوں گا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو غالب کر دے یا میری زندگی ختم ہو جائے۔

حضور نے جنگ و قتال سے بچنے کے لیے یہ مناسب سمجھا کہ اس مشہور راستہ کو چھوڑ کر کوئی اور راستہ اختیار کر کے مکہ پہنچیں۔ حضور نے پوچھا: تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو کسی غیر معروف راستہ سے ہمیں مکہ لے جائے۔ ایک شخص نے حامی بھر لی، چنانچہ

1۔ السیرۃ النبویۃ لابن کثیر، ج3، ص313

ایک نہایت ہی کٹھن اور دشوار گزار راستہ پر چل کر حضور حدیبیہ کے مقام پر پہنچ گئے۔ یہ جگہ حرم شریف کی سرحد پر واقع ہے۔ اس طرح خالد کے گھوڑ سوار دستے سے ٹکراؤ ٹل گیا اور قریش کی یہ تدبیر ناکام ہوگئی کہ مسلمانوں کو راستہ میں ہی الجھا دیا جائے۔

نبی مکرم ﷺ جب حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو حضور کی ناقہ قصویٰ بیٹھ گئی۔ لوگوں نے خیال کیا کہ تھکاوٹ کی وجہ سے بیٹھ گئی ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: اِنَّمَا حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ عَنْ مَّكَّةَ۔ (1) ''اسے اس ذات نے آگے بڑھنے سے روک دیا ہے جس نے ہاتھیوں کو مکہ جانے سے روکا تھا''۔ حضور نے حکم دیا کہ یہیں فروکش ہو جاؤ۔ لوگوں نے عرض کی: ''یارسول اللہ! یہاں تو پانی کی ایک بوند نہیں، سارے کنویں خشک پڑے ہیں، یہاں لشکرِ اسلام نے قیام کیا تو پانی کی نایابی کی وجہ سے بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑے گا''۔ حبیبِ کبریا نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور ایک صحابی کو حکم دیا کہ کسی کنویں میں اتر جائے اور یہ تیر اس میں گاڑ دے۔ انہوں نے تعمیلِ ارشاد کی۔ تیر گاڑنے کی دیر تھی کہ پانی جوش مار کر اُبلنا شروع ہو گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے کنواں پانی سے بھر گیا۔

قریش بضد تھے کہ وہ کسی قیمت پر حضور کو آگے نہیں بڑھنے دیں گے۔ حضور کی خواہش تھی کہ جنگ نہ ہونے پائے اور سارے معاملات حسن وخوبی سے طے پا جائیں۔ اسی اثنا میں بُدیل بن ورقاء جو بنی خزاعہ قبیلہ کا سردار تھا، اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ حضور کی خدمت میں آیا اور حضور سے یہاں آمد کا مقصد پوچھا۔ حضور نے اسے بتایا کہ ہم حج کے ارادہ سے نکلے ہیں۔ بیت اللہ شریف کی زیارت کا شوق ہمیں کشاں کشاں یہاں لے آیا ہے۔ جنگ کرنے کا ہمارا قطعاً کوئی ارادہ نہیں اور نہ ہی ہم کسی بہانے سے مکہ پر قابض ہونا چاہتے ہیں۔ احرام کی دو چادریں ہمارے زیبِ تن ہیں۔ قربانی کے جانور ہمارے ساتھ ہیں۔ کیا تم یہ باور کر سکتے ہو کہ ایک تلوار لے کر ہم تمہارے ساتھ اتنی مسافت طے کر کے لڑنے کے ارادے سے آئے ہیں۔ بدیل کو اطمینان ہو گیا، چنانچہ وہ اہلِ مکہ کے پاس گیا اور انہیں جا کر کہا کہ مسلمان صرف کعبہ کی زیارت اور طواف کے لیے آئے ہیں۔ جنگ کرنے کا ان کا قطعاً کوئی ارادہ نہیں، تم ان کا راستہ نہ روکو۔ قریش نے اسے ڈانٹ دیا اور صاف کہا کہ تم بدو لوگ ان باریکیوں کو نہیں سمجھتے۔ ہم کسی قیمت پر مسلمانوں کو شہر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

چند قبائل جنہیں احابیش کہا جاتا تھا مکہ کے نواح میں آباد تھے۔ قریش کے ساتھ ان کا دوستانہ معاہدہ تھا، مسلمانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اہلِ مکہ کو ان کی بڑی ضرورت تھی۔ یہ لوگ بلا کے تیر انداز اور جنگجو تھے۔ اہلِ مکہ نے ان کے سردار حُلیس بن علقمہ کو اپنا نمائندہ بنا کر حضور کی خدمت میں بھیجا تا کہ وہ مجبور کرے کہ حضور واپس چلے جائیں۔ ان کا خیال تھا کہ اگر حضور نے اس کی بات نہ مانی تو وہ برافروختہ ہو کر مسلمانوں کے خلاف اپنی پوری قوت استعمال کرے گا۔ حضور نے جب اسے اپنی لشکر گاہ کی طرف آتے دیکھا تو صحابہ کو ارشاد فرمایا کہ قربانی کے جانوروں کی قطاریں اس کے سامنے سے گزارو۔ حلیس نے جب یہ منظر دیکھا تو بہت متاثر ہوا۔ حضور سے گفتگو کیے بغیر قریش کے پاس واپس آ گیا۔ اور جو کچھ دیکھا تھا وہ آ کر بیان کر دیا اور انہیں یقین دلایا کہ مسلمان نہ جنگ کرنے کی غرض سے آئے ہیں اور نہ مکہ پر قبضہ کرنے کا کوئی ارادہ ہے۔ اس کی بات سن کر قریش کے غیظ و

1۔ السیرۃ النبویۃ لابن کثیر، ج 3، ص 314

غضب کی حد نہ رہی۔ اسے کہا: او بدو! بیٹھ جاؤ، تمہیں ان چیزوں کا کیا علم ہے؟ حلیس غصہ سے بے قابو ہو گیا اور انہیں کہا کہ ہم نے تمہارے ساتھ اس لیے دوستی نہیں کی کہ زائرینِ کعبہ کا راستہ روکنے کے لیے تمہاری امداد کریں۔ اگر تم اپنی ضد سے باز نہ آئے تو میں اپنے قبیلہ کے لوگوں کو لے کر یہاں سے چلا جاؤں گا۔ قریش اس کی منت سماجت کرنے لگے کہ ذرا صبر سے کام لو، ہمیں سوچنے کا موقع دو۔ اس کے بعد اہلِ مکہ نے عروہ بن مسعود ثقفی کو کہا کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جا کر گفتگو کرے اور انہیں واپس چلے جانے پر آمادہ کرے۔ اپنے پہلے سفیروں کے ساتھ انہوں نے جو برتاؤ کیا تھا۔ وہ اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا، اس نے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ تم میرے ساتھ بھی وہی سلوک کرو گے، اس لیے میں یہ خدمت انجام دینے سے قاصر ہوں۔ قریش نے اسے یقین دلایا کہ اس کی شخصیت ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ اس کی دانائی اور فراست پر انہیں کلی اعتماد ہے۔ چنانچہ وہاں سے روانہ ہو کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور بڑی سلیقہ مندی سے گفتگو کا آغاز کیا۔ کہنے لگا: مکہ آپ کی قوم کا مرکز ہے۔ اگر آپ ان آوارہ منش لوگوں کی فوج اکٹھی کر کے اس پر حملہ کر کے اس کو ویران کر دیں گے اور یہاں کے باشندوں میں قتل وغارت کا بازار گرم کر دیں گے تو یہ داغ پھر کبھی نہیں مٹے گا اور اگر جنگ کی نوبت آئی، تو آپ کے یہ ساتھی آپ کو تنہا چھوڑ کر میدان جنگ سے بھاگ جائینگے۔ حضرت صدیق اکبر اس کی یہ گفتگو سن رہے تھے۔ جب اس نے یہ آخری بات کہی تو آپ کو یارائے ضبط نہ رہا اور کڑک کر فرمایا: اولاتّ کے غلیظ چیتھڑے کو چومنے والے! تم نے کیا کہا؟ کیا ہم حضور کو چھوڑ کر چلے جائیں گے؟ عروہ نے یہ سنا تو ہکا بکا ہو کر رہ گیا۔

عرب کے دستور کے مطابق عروہ اثنائے گفتگو کبھی کبھی اپنے ہاتھ سے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ریش مبارک کو چھو لیتا، حضرت مغیرہ جو پاس کھڑے تھے اس کے ہاتھ کو سختی سے جھٹک دیتے۔ اگرچہ آپ عروہ کے ممنونِ احسان تھے کہ اس نے ان کی طرف سے تیرہ آدمیوں کا خون بہا ادا کیا تھا، جو ان سے قبل از اسلام قتل ہوئے تھے۔

عروہ نے حضور سے تبادلہ خیال کیا، اسے یقین ہو گیا کہ حضور کا مقصد نہ اہلِ مکہ سے جنگ کرنا ہے اور نہ مکہ پر قبضہ کرنا ہے، بلکہ حضور اپنے مخلص ساتھیوں کے ساتھ حجِ بیت اللہ کی غرض سے یہاں آئے ہیں۔ چنانچہ اسلامی کیمپ میں کچھ وقت گزارنے کے بعد جب وہ واپس گیا تو اس نے اہلِ مکہ کو اپنے مشاہدات کے نتیجہ سے آگاہ کیا اور انہیں یہ مشورہ دیا کہ وہ مسلمانوں کی مزاحمت کا ارادہ ترک کر دیں۔ انہیں حج وزیارتِ بیت اللہ سے نہ روکیں۔ وہ چند دن یہاں ٹھہر کر واپس مدینہ چلے جائیں گے۔ اس نے انہیں یہ بھی بتایا کہ وہ قیصر وکسریٰ اور کئی دوسرے بادشاہوں کے درباروں میں گیا ہے لیکن جاں نثاری اور عقیدت کے جو جذبات اس نے غلامانِ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے دلوں میں موجزن دیکھے ہیں ان کی نظیر اسے کہیں بھی نظر نہیں آئی۔ وہ اگر تھوکتے ہیں تو لعابِ دہن کو تبرک سمجھ کر ہاتھوں پر لے لیتے ہیں۔ اگر وہ وضو فرماتے ہیں تو وضو کے پانی کا ایک قطرہ زمین پر نہیں گرنے دیتے بلکہ آگے بڑھ کر اسے اپنے چہروں اور اپنے سینوں پر مل لیتے ہیں۔ اگر کوئی کام کرنے کا اشارہ کرتے ہیں، تو حکم بجالانے میں سب ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے لیے بیتاب ہو جاتے ہیں۔ میں نے اطاعت کیشی، جاں نثاری، خلوص اور محبت کے یہ دلکش مناظر کسی شاہی دربار میں نہیں دیکھے۔ اگر تم یہ خیال کرتے ہو کہ مشکل وقت میں مسلمان اپنے نبی کو چھوڑ کر بھاگ

جائیں گے، تو یہ تمہاری خام خیالی ہے۔ میں نے حقیقتِ حال سے تمہیں آگاہ کر دیا ہے۔ اب جو تم مناسب سمجھو وہ کرو۔

قریش نے مسلمانوں کے خلاف جو روش اختیار کر رکھی تھی، انہیں اس بات کا اندیشہ تھا کہ جزیرۂ عرب کے طول و عرض میں اس کا ردِ عمل ان کے خلاف ہوگا۔ لوگ یہ سمجھنے لگیں گے کہ قریش کعبہ کے خادم نہیں ہیں بلکہ مالک ہیں، انہیں یہ اختیار ہے کہ جس کو چاہیں وہاں آنے دیں اور جس کو چاہیں وہاں آنے سے روک دیں۔ قریش کی کوشش تھی کہ اہلِ مکہ کے اذہان میں ان کے متعلق یہ تاثر پیدا نہ ہو۔ یہی وجہ تھی جس کے باعث وہ مسلمانوں پر برملا حملہ کرنے سے گریزاں تھے۔ ان کی یہ خواہش تھی کہ ایسے حالات پیدا کر دیئے جائیں کہ مسلمان مشتعل ہو کر جنگ کا آغاز کریں، چنانچہ انہوں نے بار بار ایسی حرکتیں کیں جس سے جنگ کے شعلے بھڑک سکتے تھے۔ ایک دفعہ رات کی تاریکی میں ان کے چالیس پچاس آدمی اسلامی کیمپ میں گھس آئے اور مسلمانوں پر پتھروں اور تیروں کی بارش شروع کر دی۔ مسلمانوں نے صبر و ضبط سے کام لے کر جنگ کو پھیلنے نہیں دیا بلکہ ان سب کو گرفتار کر کے حضور کی خدمتِ اقدس میں پیش کر دیا۔ رحمتِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسی سے انتقام نہیں لیا بلکہ سب کو آزاد کر دیا۔ اس طرح قریش کی اس سازش کو ناکام بنا دیا۔ ایک روز مسلمان صبح کی نماز ادا کرنے میں مصروف تھے۔ تنعیم[1] کی طرف سے ۸۰ آدمیوں کے ایک دستہ نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا۔ مسلمانوں نے ان سب کو بھی گرفتار کر لیا۔ لیکن سرورِ عالم نے ان کے لیے بھی عفوِ عام کا اعلان کر دیا۔ یوں قریش کی دوسری سازش بھی ناکام بنا دی گئی۔

حالات کوئی فیصلہ کن صورت اختیار نہیں کر رہے تھے۔ اہلِ مکہ نے جتنے سفیر بھیجے مسلمانوں کی حسنِ نیت کے بارے میں وہ خود تو مطمئن ہو کر آئے لیکن اہلِ مکہ کو مطمئن نہ کر سکے۔ چنانچہ نبی مکرم ﷺ نے حضرت عثمان کو اپنا سفیر بنا کر اہلِ مکہ کی طرف بھیجا تا کہ یہ اپنی ذاتی وجاہت اور خاندانی اثر و رسوخ کے باعث اہلِ مکہ کی غلط فہمیوں کو دور کر سکیں اور قریش کو اس بات پر آمادہ کریں کہ وہ مسلمانوں کو زیارت و طوافِ کعبہ سے نہ روکیں۔

آپ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے رخصت ہو کر مکہ گئے۔ رؤسائے قریش سے ملاقات کی۔ صحیح صورتِ حال سے انہیں آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا: اے عثمان! تمہیں کعبہ کا طواف کرنے کی اجازت ہے۔ آپ نے جواب دیا: مَا كُنْتُ لِأَطُوْفَ بِالْبَيْتِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ لَمْ يَطُفْ۔

ترجمہ: جب تک اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول خانہ کعبہ کا طواف نہیں کرے گا، میں طواف نہیں کروں گا۔

آپ نے انہیں بتایا کہ ہم جنگ کرنے کی غرض سے نہیں آئے۔ ہم نے احرام باندھا ہوا ہے۔ قربانی کے جانور ہمارے ساتھ ہیں۔ اسلحہ ہمارے پاس نہیں۔ اگر ہمارا ارادہ مکہ پر قبضہ کرنے یا تم سے جنگ آزمائی کا ہوتا تو کیا ہم اس بے سروسامانی کی حالت میں یہاں آتے؟ آپ نے انہیں یقین دلانے کی کوشش کی کہ ہم یہاں چند روز قیام کرنے کے بعد واپس چلے جائیں گے، لیکن وہ اپنی ضد پر اڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے قسم کھائی ہے کہ مسلمانوں کو مکہ میں نہیں آنے دیں گے۔ آپ اس وقت واپس چلے جائیں۔ آئندہ سال کے بارے میں سوچا جا سکتا ہے۔ اہلِ مکہ نے حضرت عثمان کو اپنے پاس روک لیا تا کہ

[1] یہ مکہ کے قریب حرم کی حدود سے باہر ایک مقام ہے۔ مکہ کے لوگ بالعموم عمرہ کرنے کی خاطر اسی مقام پر جا کر احرام باندھتے ہیں اور پھر واپس آ کر عمرہ ادا کرتے ہیں۔

بات چیت کا سلسلہ جاری رہے۔

اسی اثنا میں یہ افواہ پھیل گئی کہ اہل مکہ نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اعلان کر دیا کہ جب تک عثمان کے خون کا بدلہ نہیں لے لیں گے یہاں سے نہیں ٹلیں گے۔ صحابہ کو حکم دیا کہ وہ جان کی بازی لگا دینے کے لیے بیعت کریں۔ سرورِ عالم ایک درخت کے نیچے جلوہ افروز ہیں۔ صحابہ کرام پروانوں کی طرح شوقِ شہادت سے سرشار بیعت کر رہے ہیں۔ انہیں یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ اپنے مرکز سے اڑھائی سو میل دور ہیں۔ ان کی تعداد صرف چودہ پندرہ سو ہے۔ جنگ کے لیے جس قسم کے اسلحہ اور ساز و سامان کی ضرورت ہوتی ہے، اس کا فقدان ہے۔ بادیہ نشین قبائل میں سے کوئی بھی ان کی مدد کرنے کے لیے تیار نہیں۔ دشمن اپنے علاقہ میں ہے۔ وہ مکہ کے سارے جنگجوؤں کو میدان میں لا سکتا ہے۔ ضرورت کے وقت دوست قبائل بھی ان کی کمک کو پہنچ سکتے ہیں۔ ان حالات کو سمجھتے ہوئے بھی وہ عشق اور ایمان کے تقاضوں سے باخبر ہیں اور ان کو عمدگی سے پورا کرنے کی جرأت بھی رکھتے ہیں۔ نتائج سے بے نیاز ہو کر وہ اپنے ہادی و مرشد کے دستِ مبارک پر سر کٹانے اور جان دینے کی بیعت کر رہے ہیں۔ سرفروشی، جاں نثاری کا یہ روح پرور منظر چشمِ فلک پیر نے کب دیکھا ہوگا؟ ان پاکباز اور نیک نہاد عشاق کے جذبۂ ایثار پر عالمِ بالا کے مکینوں کو بھی وجد آ گیا ہوگا۔ اسی حالت میں جبریلِ امین آئے اور خداوند کریم کا یہ پیغام سنا کر شمعِ جمالِ مصطفوی کے پروانوں کو یوں مژدہ جانفزا سنایا:

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (الفتح:18)

ترجمہ: بیشک راضی ہو گیا ہے اللہ تعالیٰ مومنین سے جب وہ درخت کے نیچے آپ کے دستِ حق پرست پر سر دھڑ کی بازی لگانے کی بیعت کر رہے تھے۔

یہ بیعت، تاریخِ اسلام میں بیعتِ رضوان کے نام سے مشہور ہے۔ آج بھی اس کے تذکرہ سے ایمان کو جلا اور عشق کو نئی توانائیاں نصیب ہوتی ہیں۔

اس بیعت کی اطلاع جب اہلِ مکہ کو ملی تو ان کے اوسان خطا ہو گئے۔ جس ہٹ دھرمی کا وہ اب تک مظاہرہ کرتے رہے تھے، اس کی تندی کافور ہو گئی۔ انہوں نے صلح کی بات چیت کرنے کے لیے سُہیل بن عمرو کو حضرت عثمان کے ہمراہ حضور نبی کریم کی خدمتِ اقدس میں بھیجا۔

گفت و شنید کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ آخر کار ایک معاہدہ صلح طے پایا جس کی اہم شرائط درج ذیل ہیں:

۱۔ فریقین دس سال تک ایک دوسرے سے جنگ نہیں کریں گے۔ اور کوئی فریق خفیہ یا اعلانیہ ایسی حرکت نہ کرے گا جو امن و آشتی کو درہم برہم کر دے۔

۲۔ اس عرصہ میں اگر کوئی قریشی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر مکہ سے بھاگ کر حضور کے پاس چلا جائے گا، تو حضور اسے واپس کر دیں گے۔ لیکن اگر کوئی مسلمان اپنے دین سے مرتد ہو کر مکہ چلا جائے گا تو اہلِ مکہ اسے واپس نہیں کریں گے۔

۳۔ عرب کے بادیہ نشین قبائل آزاد ہیں۔ مسلمانوں یا کفار جس کے ساتھ چاہیں دوستی کا معاہدہ کر سکتے ہیں۔

۴۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ عمرہ کیے بغیر امسال واپس چلے جائیں گے۔ البتہ آئندہ سال آ کر وہ عمرہ ادا کر سکیں گے۔ انہیں تین دن تک مکہ میں ٹھہرنے کی اجازت ہوگی۔ تلوار کے سوا ان کے پاس کوئی ہتھیار نہیں ہوگا اور تلوار بھی میان میں رہے گی۔

۵۔ اہلِ مکہ ان تین دنوں میں مکہ سے باہر چلے جائیں گے لیکن مسلمان جب واپس جائیں گے تو مکہ کے کسی شخص کو ساتھ نہیں لے جائیں گے۔

مسلمانوں نے معاہدہ کی جب یہ شرائط سنیں تو ان پر رنج واندوہ کا گویا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ ان کی غیرتِ ایمانی یہ کب گوارا کر سکتی تھی کہ حق وصداقت کے علمبردار ہوتے ہوئے وہ باطل سے دَب کر صُلح کریں۔ راہِ حق میں جان دے دینا اور سر کٹا دینا انہیں ہرگز گراں نہ تھا، لیکن یہ بات ان کے لیے ناقابلِ برداشت تھی کہ کفار من مانی شرائط پر ان سے صلح کر لیں۔ ہر شخص رنجیدہ خاطر تھا۔ ہر دل میں بے چینی اور بیقراری تھی۔ حتی کہ حضرت فاروقِ اعظم جیسا بالغ نظر بھی مضطربانہ حالت میں اپنے قلبی اضطراب کا اظہار کرنے پر مجبور ہو گیا۔ ایک اللہ تعالیٰ کا نبی تھا جس کی نگاہِ نبوت ان خوش آئند نتائج اور عواقب کو دیکھ رہی تھی جو مستقبل قریب میں اس معاہدہ پر مرتب ہونے والے تھے اور ایک اس کے یارِ غار صدیقِ اکبر کی شخصیت تھی جس کے دل میں اطمینان اور سکون تھا۔ اسے یقین تھا کہ اللہ کا رسول جو کرتا ہے اپنے رب کے حکم سے کرتا ہے اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل میں بندوں کی بھلائی اور سرفرازی ہے۔

ابھی معاہدہ لکھا جا رہا تھا کہ کفار کے نمائندے سہیل بن عمرو کا لڑکا ابوجندل جو مسلمان ہو چکا تھا اور جسے زنجیروں میں جکڑ دیا گیا تھا۔ زنجیروں کو گھسیٹتا ہوا حدیبیہ کے میدان میں پہنچ گیا اور دادرسی کے لیے فریاد کی۔ حضور نے فرمایا: ہم معاہدہ کر چکے ہیں، اب معاہدہ کو نہیں توڑ سکتے، تم صبر کرو، اللہ تعالیٰ تمہاری خلاصی کی کوئی صورت پیدا فرما دے گا۔ اس چیز نے صحابہ کے زخمی جذبات پر نمک پاشی کا کام کیا۔ لیکن کسی کو دم مارنے کی مجال نہ تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہیں احرام کھول دیا، اپنے قربانی کے جانوروں کو ذبح کیا۔ حضور کے سارے ساتھیوں نے اپنے آقا کے عمل کی اقتدا کرتے ہوئے احرام کھول دیے اور اپنے جانوروں کو ذبح کر دیا۔ اور یہیں سے یہ پیکرانِ تسلیم ورضا مراجعت فرمائے مدینہ طیبہ ہوئے۔ راستہ میں جب صَحنان کے مقام پر پہنچے جو مکہ سے پچیس میل کے فاصلہ پر ہے۔ (یا بقولِ بعض کُراع الغمیم کے مقام پر پہنچے) یہ سورت مبارکہ نازل ہوئی جس کی پہلی آیت: اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ① نے اس حقیقت کو آشکارا کر دیا کہ جس صلح سے تم کبیدہ خاطر ہو، جن شرائط کے باعث تمہارے دل غمزدہ ہو گئے ہیں، یہ حقیقت میں فتحِ مبین ہے۔ چنانچہ چند سال میں ہی جب اس معاہدہ میں مضمر برکات کا ظہور ہوا تو ہر ایک کو یہ اعتراف کرنا پڑا کہ واقعی یہ صلح اسلام کے لیے اور ہادیٔ اسلام کے مشن کی تکمیل کے لیے اور امتِ مسلمہ کے لیے ایک عظیم الشان فتح تھی۔ کفار نے ان شرائط کو مان کر مسلمانوں کی آزاد حیثیت کو گویا تسلیم کر لیا تھا۔ وہ اب اپنی قوم سے بہکے ہوئے چند افراد کی ٹولی نہیں تھے، بلکہ ایک آزاد قوم تھے جن کی آزاد مملکت تھی، جس کے اپنے مساویانہ حقوق تھے اور وہ لوگ جو اس کی اس حیثیت کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہ تھے انہوں نے بھی آج اس حقیقت کو تسلیم کر لیا تھا۔ نیز صلح ہو جانے کے بعد مکہ اور مدینہ کے

درمیان حالتِ جنگ کی کیفیت اختتام پذیر ہوگئی۔ آنے جانے پر پابندیاں اٹھ گئی تھیں۔ چنانچہ تبلیغِ اسلام کا کام اس زور شور سے ہوا اور ایسی کامیابیاں حاصل ہوئیں کہ گزشتہ انیس سال کی جدوجہد ایک طرف اور صلح کے بعد دو سال کی جدوجہد ایک طرف۔ قبائل کے قبائل فوج در فوج مدینہ طیبہ کا رخ کر رہے تھے اور حضور کے دستِ حق پرست پر اسلام قبول کر رہے تھے۔

اس سفر میں حضور کے ہمراہیوں کی تعداد چودہ سو کے قریب تھی اور دو سال بعد جب فتحِ مکہ کے لیے حضور روانہ ہوئے تو دس ہزار کا لشکرِ جرار ہمراہ تھا۔

نیز امن قائم ہو جانے کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ موقع مل گیا کہ جو علاقے اسلام کے زیرِ نگین ہو چکے ہیں ان میں اسلامی حکومت کو مستحکم بنیادوں پر قائم کر دیا جائے اور اسلامی قانون کے نفاذ سے مسلم معاشرہ کو ایک نئی تہذیب اور تمدن کے سانچے میں ڈھال دیا جائے۔

اس صلح کا یہ فائدہ بھی کچھ کم اہم نہیں کہ قریش کی جانب سے جب اطمینان ہوا تو حضور ﷺ نے شمالی عرب اور وسطِ عرب کی مخالف طاقتوں کو مسخر کرنے کے لیے عنانِ توجہ مبذول فرمائی۔ صلح حدیبیہ کے تین ماہ بعد یہودیوں کے اہم مراکز خیبر، فدک، وادی القریٰ، تیمہ اور تبوک پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا اور وسطِ عرب میں پھیلے ہوئے بادیہ نشین قبائل جو پہلے قریش کے حلیف تھے، ایک ایک کر کے حلقۂ اسلام میں داخل ہو گئے یا حضور کی اطاعت قبول کر لی۔

صلح نامہ کی جو شرط مسلمانوں کے لیے سب سے زیادہ پریشانی کا باعث بنی تھی وہ شرط نمبر ۲ تھی۔ جس کی رو سے اگر اہلِ مکہ کا کوئی آدمی بھاگ کر مدینہ طیبہ میں چلا جاتا تو اس کو واپس کرنا ضروری تھا۔ اس کے برعکس اگر مسلمانوں کا کوئی آدمی بھاگ کر مکہ چلا جاتا تو مسلمان اسے واپس نہیں لے سکتے تھے۔ لیکن قلیل عرصہ کے بعد خود اہلِ مکہ کی درخواست پر یہ شرط معاہدہ سے خارج کر دی گئی۔ ہوا یوں کہ ابوبصیر جو اسلام لا چکا تھا اور جسے اہلِ مکہ نے اس جرم کی پاداش میں قید کر دیا تھا۔ قید سے بھاگ نکلا اور مدینہ طیبہ پہنچ گیا۔ کفار نے اسے واپس لانے کے لیے آدمی بھیجے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے معاہدہ کا احترام کرتے ہوئے اسے واپس چلے جانے کا حکم دیا۔ راستہ میں وہ پھر ان لوگوں کے قبضہ سے بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گئے، اور بحرِ احمر کے ساحل پر اس جگہ ڈیرا لگا لیا جہاں سے قریش کے تجارتی قافلے گزرتے تھے۔ جب دوسرے مسلمانوں کو پتہ چلا جو مکہ میں قید و بند کی سختیاں جھیل رہے تھے تو وہ قید سے جان چھڑا کر ابوبصیر کے پاس جمع ہونے لگے۔ یہاں تک کہ ستر آدمی وہاں جمع ہو گئے۔ قریش کا جو قافلہ ادھر سے گزرتا وہ اسے لوٹ لیتے۔ اور اکا دکا جو کافر ملتا اسے موت کے گھاٹ اتار دیتے۔ اس صورتِ حال سے اہلِ مکہ بہت پریشان ہو گئے۔ چنانچہ انہوں نے اپنا ایک وفد مدینہ طیبہ بھیجا اور یہ درخواست کی کہ ابوبصیر اور ان کے ساتھیوں کو اپنے پاس مدینہ بلا لیں اور اس شرط کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا(1)۔ اس طرح اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ کی عملی تصویر اپنوں اور بیگانوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔

اس سورت کے اس تاریخی پس منظر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اگر آپ اس کا مطالعہ کریں گے تو از بس مفید ہوگا۔

1۔ السیرۃ النبویۃ لابن کثیر، ج3، ص335

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الفتح مدنی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ انتیس آیات اور چار رکوع

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ﴿۱﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

یقیناً ہم نے آپ کو شاندار فتح عطا فرمائی ہے ۱؎ تاکہ دُور فرما دے آپ کے لیے اللہ تعالیٰ ۲؎ جو الزام آپ پر (ہجرت سے) پہلے لگائے گئے

۱؎ اگرچہ بعض روایات میں اس فتح مبین سے مراد فتح مکہ بیان کی گئی ہے اور بعض حضرات نے اس سے مراد فتح خیبر لی ہے۔(1) لیکن صحیح قول یہ ہے کہ اس فتح مبین سے مراد صلح حدیبیہ ہے۔ چنانچہ امام زہری لکھتے ہیں: لَقَدْ كَانَ الْحُدَيْبِيَةُ اَعْظَمَ الْفُتُوْحِ وَ ذٰلِكَ اَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم جَآءَ اِلَيْهَا فِيْ اَلْفٍ وَّ اَرْبَعِمِائَةٍ لَمَّا وَقَعَتِ الصُّلْحُ مَشَى النَّاسُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ وَّ عَلِمُوْا وَ سَمِعُوْا عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَمَا اَرَادَ اَحَدٌ الْاِسْلَامَ اِلَّا تَمَكَّنَ مِنْهُ فَمَا مَضَتْ تِلْكَ السَّنَتَانِ اِلَّا وَ الْمُسْلِمُوْنَ قَدْ جَآءُوْا اِلٰى مَكَّةَ فِيْ عَشَرَةِ آلَافٍ۔ (قرطبی)(2)

ترجمہ: صلح حدیبیہ ایک عظیم الشان فتح تھی۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ اس موقع پر صرف چودہ صد صحابہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے۔ صلح کے بعد لوگوں نے آنا جانا شروع کر دیا۔ اس طرح انہیں اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں جاننے اور سننے کے مواقع میسر آئے اور جس نے اسلام لانے کا ارادہ کیا وہ بآسانی اسلام لے آیا۔ صرف دو سال کے عرصہ کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ فتح کرنے کے لیے جب تشریف لائے تو دس ہزار جانباز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تھے۔

۲؎ بظاہر اس آیت کا مفہوم یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں۔ عفو و غفران کا مژدہ بجا، لیکن اس سے یہ تو ثابت ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے گناہوں کا صدور پہلے بھی ہوتا رہا اور بعد میں بھی ہوتا رہے گا (العیاذ باللہ) حالانکہ اس عقیدہ پر امت کا اجماع ہے کہ ہر نبی خصوصاً نبی الانبیاء، سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دامنِ عصمت پر گناہ کا کوئی داغ نہیں ہے۔

اس شبہ کو دور کرنے کے لیے علمائے تفسیر نے متعدد جواب دیئے ہیں جن کا خلاصہ پیش خدمت ہے:

۱۔ یہاں گناہ سے مراد گناہِ صغیرہ ہے۔

۲۔ یہاں گناہ سے مراد خلافِ اولیٰ ہے اور حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ کے قاعدے کے مطابق خلافِ اولیٰ کو گناہ کہا گیا ہے۔

۳۔ وہ فعل اگرچہ نہ گناہِ صغیرہ ہے نہ خلافِ اولیٰ، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہِ عالی میں وہ نہیں جچتا، اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقامِ رفیع کے باعث اسے ذنب (گناہ) کہہ دیا گیا ہے(3)۔

۴۔ بعض علماء نے غَفَرَ کا معنی بچا لینا اور محفوظ کر لینا کیا ہے(4)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ اور معصوم

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 86-84
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 8
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 91
4۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 14، جز 28، ص 79

رکھا ہے۔اس حفاظتِ ربانی کے باعث نہ پہلے آپ سے کبھی کوئی گناہ سرزد ہوا اور نہ آئندہ کبھی کوئی گناہ سرزد ہوگا۔

۵۔بعض علماء نے یہ توجیہہ کی ہے کہ آیت کا مقصد یہ ہے کہ مغفرتِ عامہ کی بشارت دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک کو مطمئن کر دیا جائے (1)۔یعنی پہلے تو آپ سے کوئی غلطی سرزد ہی نہیں ہوئی، بالفرض اگر کوئی سہواً سرزد ہو گئی ہو تو بھی اس سے عفو و درگزر کا مژدہ سنایا جاتا ہے تاکہ کسی قسم کی خلش یا مؤاخذے کا اندیشہ نہ رہے۔

یہ سارے جوابات اپنی اپنی جگہ نہایت اہم ہیں، لیکن کلام کے سیاق و سباق کو پیشِ نظر رکھا جائے، تو ان میں سے کوئی مفہوم یہاں چسپاں نہیں ہوتا۔فتح مبین کی غرض و غایت یا اس کا نتیجہ اور انجام مغفرت بتایا گیا ہے، لیکن فتح اور مغفرت میں کوئی مناسبت نہیں۔اس لیے اس آیت میں مزید غور و خوض کی ضرورت ہے تاکہ آیات کا باہمی ربط بھی واضح ہو جائے اور عصمتِ نبوت پر بھی کسی کو انگشت نمائی کا موقع نہ ملے۔

ذَنْبٌ کے لفظ پر غور کیا جائے تو یہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

ذَنْبٌ کا معنی عام طور پر گناہ کیا جاتا ہے۔گناہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کی نافرمانی کو، لیکن اہلِ لغت لفظِ ذنب کو الزام کے معنی میں بھی استعمال کرتے رہتے ہیں اور الزام میں یہ ضروری نہیں کہ وہ فعل اس شخص سے صادر بھی ہوا ہو، بلکہ بسا اوقات بلاوجہ اس فعل کی نسبت اس شخص کی طرف کر دی جاتی ہے۔اسی مادہ کے دو اور لفظ ہیں ذَنَبٌ اور ذَنُوْبٌ۔ذَنَبٌ کا معنی دم ہے جو جانور کے جسم کے آخر میں چمٹی ہوتی ہے۔یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس کے جسم کا حصہ نہیں، بلکہ باہر سے اس کے ساتھ چمٹا دی گئی ہے۔اور پانی نکالنے والے ڈول کو ذَنُوْبٌ کہتے ہیں جو رسی کے ایک سرے سے بندھا رہتا ہے (2)۔اسی مناسبت سے ذَنْبٌ کا اطلاق الزام پر بھی ہو سکتا ہے جو کسی شخص کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے، خواہ اس نے اس کا ارتکاب نہ کیا ہو۔

قرآنِ کریم میں بھی ذَنْبٌ کا لفظ الزام کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ایک روز موسیٰ علیہ السلام نے ایک اسرائیلی اور ایک قبطی کو باہم لڑتے دیکھا۔قبطی، اسرائیلی کو زدوکوب کر رہا تھا۔اسرائیلی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تو انہیں مدد کے لیے پکارا۔آپ نے پہلے قبطی کو منع کیا کہ غریب اسرائیلی پر ظلم و زیادتی نہ کرے۔جب وہ باز نہ آیا تو آپ نے اسے ایک مکا دے مارا جو اس کے لیے جان لیوا ثابت ہوا۔اپنے زیردست ساتھی کی مدد کرنا، اس کے بچاؤ اور اپنے دفاع کے لیے حملہ آور کو مکا مارنا نہ شرعاً کوئی جرم ہے نہ عرف میں یہ فعلِ قبیح ہے۔لیکن فرعون چونکہ آپ کا دشمن تھا اور انہیں حکومت کا باغی تصور کرتا تھا، اس نے آپ پر قتل کا الزام رکھا تھا اور اگر اس کا بس چلتا تو وہ آپ کو وہی سزا دیتا جو قتلِ عمد کی ہے۔جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ فرعون کے پاس جاؤ اور اسے دعوتِ حق دو، تو آپ نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی:

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ (الشعراء:14)

ترجمہ: انہوں نے مجھ پر الزامِ قتل لگا رکھا ہے، پس مجھے اندیشہ ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے (3)۔

اس آیت میں ذَنْبٌ سے مراد گناہ نہیں، بلکہ الزام ہے۔کیونکہ آپ نے اپنے اور اپنے امتی کے بچاؤ کے لیے یہ اقدام کیا

1۔روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص10۔تفسیر کبیر، زیرِ آیت ہذا، ج28/14، ص80 2۔لسان العرب، ج1، ص92-389۔تاج العروس، ج1، ص254

3۔روح المعانی، سورۂ شعراء، جز19، ص66۔لسان العرب، ج1، ص389

تھا۔آپ کا ارادہ اس کو قتل کرنے کا ہرگز نہ تھا اور نہ عام طور پر مکا لگنے سے موت واقع ہوتی ہے۔

ان آیات کے سیاق وسباق کو مدِ نظر رکھا جائے، تو یہی معنی (الزام) یہاں موزوں اور مناسب معلوم ہوتا ہے۔غَفَرَ کا معنی چھپا دینا، دور کر دینا۔مَاتَقَدَّمَ سے مراد ہجرت سے پہلے اور مَاتَاَخَّرَ سے مراد ہجرت کے بعد۔

یعنی اے حبیب! جو الزامات کفار آپ پر ہجرت سے پہلے عائد کیا کرتے تھے اور جو الزامات ہجرت کے بعد اب تک وہ لگاتے رہے ہیں، اس فتحِ مبین سے وہ سارے کے سارے نیست ونابود ہو جائیں گے اور ان کا نام ونشان بھی باقی نہیں رہے گا۔

پہلے ہم قرآنِ حکیم اور کتبِ حدیث سے ان الزامات کی چھان بین کرتے ہیں اور اس کے بعد یہ وضاحت کریں گے کہ وہ الزامات اس فتحِ مبین سے کس طرح دور ہو گئے۔

ہجرت سے پہلے جو الزامات کفار کی طرف سے حضور سرورِ عالم ﷺ پر عائد کیے جاتے تھے، وہ یہ ہیں: یہ کاہن ہے، یہ شاعر ہے، یہ مجنون ہے، یہ ساحر ہے، یہ اوروں سے سن سن کر فسانے بنالیتا ہے، اسے کوئی اور پڑھاتا ہے، وغیرہ وغیرہ۔

ہجرت کے بعد الزامات کی فہرست کچھ یوں ہے:

وہ کہتے یہ قوم میں اختلاف، انتشار پیدا کرنے والا ہے۔اس نے جنگ کی آگ بھڑکا کر مکہ کو اجاڑ ڈالا ہے۔بھائی کو بھائی سے، اولاد کو اپنے ماں باپ سے جدا کرنے والا ہے۔اس نے ہمارے محفوظ تجارتی راستوں کو خطرناک بنا دیا ہے۔ہمارے قومی انتظامات کو درہم برہم کر دیا ہے، وغیرہ وغیرہ۔

اس صلح سے پہلے مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان حالتِ جنگ تھی۔ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا، مل بیٹھنا، تبادلۂ خیال کرنا ناممکن تھا۔حضور کے خلاف جو بہتان اہلِ غرض تراشتے، سادہ لوح عوام انہیں سچ تسلیم کر لیتے اور اسلام سے کھچے کھچے رہتے۔ مسلمان صرف مدینہ طیبہ میں محصور ہو کر رہ گئے تھے۔ہجرت کے بعد مکہ میں ان کی آمد ورفت ممنوع قرار دے دی گئی تھی۔مکہ کے سردار اپنے آدمی بھیج کر بادیہ نشین قبائل میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جھوٹا پراپیگنڈہ کرتے اور ان کے دلوں میں مسلمانوں سے نفرت اور عداوت کی آگ بھڑکاتے رہتے۔یوں عرصہ تک بدو قبائل میں تبلیغِ اسلام کے امکانات نہ ہونے کے برابر تھے۔

حدیبیہ کے موقع پر جو صلح ہوئی، اس کی مشہور دفعات آپ سورت کے تعارف میں ملاحظہ کر چکے ہیں۔

اس معاہدے پر سرسری نظر ڈالنے سے تو یہی پتہ چلتا ہے کہ مسلمانوں نے بہت دب کر صلح کی ہے اور کفار اپنی من مانی شرائط منوانے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔اسی وجہ سے لشکرِ اسلام کو ان شرائط کا جب علم ہوا، تو انہیں بہت گراں گزرا۔حضرت فاروقِ اعظم جیسی ہستی بھی بے تاب ہو گئی۔بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اپنی بے چینی کا اظہار کیا۔اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ لَنْ اُخَالِفَ اَمْرَهٗ وَلَنْ يُّضَيِّعَنِيْ(1)۔

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔میں اس کے حکم کی ہرگز مخالفت نہیں کروں گا اور وہ مجھے ہرگز ضائع نہیں ہونے دے گا۔

1۔السیرۃ النبویۃ از احمد بن زینی، ج2، ص187، مطبوعہ الاہلیہ للنشر والتوزیع، بیروت

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲﴾ وَّ

اور جو (ہجرت کے) بعد لگائے گئے اور مکمل فرمادے اپنے انعام کو آپ پر ۳ اور چلائے آپ کو سیدھی راہ پر ۴ اور

يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کی ایسی مدد فرمائے جو زبردست ہے ۵ وہی ہے جس نے اتارا اطمینان کو اہلِ ایمان کے

اور ایسا ہی ہوا کہ اس صلح کی وجہ سے فریقین میں جنگ بند ہوگئی۔ امن قائم ہوگیا۔ آمد و رفت کی پابندیاں ختم ہوگئیں۔ مسلمانوں کو ان الزامات کی تردید کا سنہری موقع مل گیا۔ شکوک و شبہات کی کالی گھٹائیں چھٹ گئیں۔ حقیقت اپنے روئے زیبا کے ساتھ آشکارا ہوگئی۔ غلط پراپیگنڈے کے باعث دلوں پر جما ہوا غبار دور ہوگیا اور لوگ دھڑا دھڑ دین اسلام کو قبول کرنے لگے۔ چنانچہ اس واقعے کے صرف دو سال بعد حضور ﷺ فتح مکہ کی مہم کے لیے مکہ روانہ ہوئے تو دس ہزار جانباز اور سرفروش غلاموں کا لشکر جرار ہمرکاب تھا۔

آپ ان آیات کو اب پھر پڑھیے۔ حقیقت حال روز روشن کی طرح واضح ہوجائے گی۔

۳ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم ﷺ کو فتح مبین سے بہرہ ور کرنے کے ساتھ اپنے پے در پے احسانات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اے محبوب! ہم نے اپنی نعمتوں کی انتہا کردی۔ دین کو مکمل کردیا۔ اسلام کی عظمت کا ڈنکا آفاق عالم میں بج رہا ہے۔ اس کے غلبہ کو دشمنوں نے بھی تسلیم کرلیا ہے۔ بِاِعْلَاءِ الدِّيْنِ وَانْتِشَارِهٖ فِي الْبِلَادِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِمَّا اَفَاضَهٗ تَعَالٰى عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَسَلَّمَ مِنَ النِّعَمِ الدِّيْنِيَّةِ وَالدُّنْيَوِيَّةِ(1)۔

یعنی یہ تکمیل نعمت عبارت ہے دین کی سربلندی اور دور دراز ممالک میں اس کے پھیل جانے سے، اس کے علاوہ جو دینی اور دنیوی نعمتیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر فرمائی ہیں وہ سب اس میں داخل ہیں۔

۴ فرائضِ رسالت کی انجام دہی اور احکامِ شریعت کی تنفیذ کوئی معمولی کام نہیں۔ اس میں سرِ مو کوتاہی بھی ناقابل برداشت ہے اور سنگین نتائج کا باعث بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے میرے حبیب! ہم نے آپ کو ان کٹھن، دشوار اور زہرہ گداز ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کے لیے خود راہِ راست تک رہنمائی فرمادی ہے۔ کوئی مشکل راہ میں حائل نہیں ہو سکتی۔ کوئی اشکال باعثِ اضطراب نہیں بن سکتا۔ علامہ آلوسی نے بھی یہی تشریح کی ہے۔ اَیْ فِيْ تَبْلِيْغِ الرِّسَالَةِ وَاِقَامَةِ الْحُدُوْدِ (روح المعانی)(2)

۵ ان انعاماتِ خصوصی کے آخر میں فرمایا وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ۔ یعنی اللہ تعالیٰ آپ کی ایسی نصرت فرمائے گا کہ حضور ﷺ ہمیشہ غالب رہیں گے اور کسی قسم کی کمزوری رونپذیر نہ ہوگی۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 91 2۔ ایضاً

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

دلوں میں ۶ تاکہ وہ اور بڑھ جائیں (قوتِ) ایمان میں اپنے (پہلے) ایمان کے ساتھ۔ اور اللہ کے زیرِ فرمان ہیں سارے لشکر آسمانوں

یہاں ایک نکتہ غور طلب ہے۔ ان آیات میں مذکور تمام افعال کا فاعل اللہ تعالیٰ ہے لیکن لِیَغْفِرَ اور وَ یَنْصُرَ کے بعد اللہ عزاسمہٗ کو ظاہراً ذکر کیا۔ اس کی حکمت یہ بیان کی گئی ہے کہ مغفرت کا تعلق عالمِ آخرت کے ساتھ ہے اور نصرت وغلبہ کا تعلق دنیا کے ساتھ۔ گویا فرمادیا: اے محبوب! تیری دنیا اور تیری آخرت کے تمام امور ہمارے سپرد ہیں۔ نہ اس دنیا میں آپ کو فکرمند ہونے کی ضرورت ہے اور نہ عقبیٰ کے بارے میں کسی اندیشہ کی ضرورت ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ ھُوَالَّذِیْ یَتَوَلّٰی اَمْرَکَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ (روح المعانی) (1) یعنی اللہ تعالیٰ آپ کے دنیوی اور اخروی تمام امور کا ذمہ دار ہے۔

۶ صلح حدیبیہ کے بعد سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے جاں نثاروں کی معیت میں مدینہ طیبہ روانہ ہوئے تو راستہ میں اس سورت کی پہلی آیتیں نازل ہوئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر ایک ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو مجھے ساری دنیا سے محبوب تر اور عزیز تر ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دوسری آیت پڑھ کر سنائی۔ جب زبانِ پاک سے لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِکَ وَ مَا تَاَخَّرَ کے کلماتِ طیبات ادا ہوئے، تو صحابہ خوشی سے بے قابو ہوگئے۔ مبارکیں پیش کرنے لگے۔ عرض کی: ھَنِیْئًا لَکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! اے اللہ تعالیٰ کے رسول! مبارک صد مبارک۔ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تو بتادیا جو معاملہ وہ آپ سے فرمانے والا ہے۔ وَ مَاذَا لَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! ہمارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا؟ اس وقت یہ آیات نازل ہوئیں (2)۔

سَکِیْنَۃٌ اس اطمینان اور تسلی کو کہتے ہیں جس سے دل کو قرار آجائے اور ہر قسم کے قلق اور تشویش کا قلع قمع ہوجائے (3)۔ صحابۂ کرام کو صلح حدیبیہ سے جو پریشانی اور تشویش تھی اور جس کے باعث ان کے دل بے چین اور بے قرار تھے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم نے ان کے مضطرب اور بے چین دلوں میں سکون وطمانیت کا نور انڈیل دیا۔ وہ اضطراب جس میں وہ بری طرح گرفتار تھے، وہ اطمینان سے بدل گیا۔

اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو یہ مہم جن مرحلوں سے گزری، ہر مرحلہ بڑا صبر آزما اور ہمت شکن تھا۔ حالات کا دباؤ اتنا شدید تھا کہ کسی قدم پر بھی نظم وضبط کے بندٹوٹ سکتے تھے۔ جب زائرین حرم کا یہ قافلہ روانہ ہوا تو منافقوں نے برملا کہنا شروع کردیا کہ یہ لوگ موت کے منہ میں کودنے کو جارہے ہیں۔ تھوڑی سی تعداد اور وہ بھی غیر مسلح، ان کا بچ کر واپس آنا ممکن نہیں۔ لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شمعِ جمال کے پروانوں نے اس کی قطعاً پروانہ کی۔ راستہ میں جب یہ اطلاع ملی کہ کفار ادھار کھائے بیٹھے ہیں کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے اور وہ جنگ کی مکمل تیاری کرچکے ہیں، پھر بھی مسلمانوں کے دلوں میں خوف وہراس پیدا نہ ہوا۔ بلکہ بڑی شیر دلی سے آگے بڑھتے گئے۔ پھر جب حضرت عثمان کی شہادت کی افواہ گرم ہوئی اور بیعتِ رضوان کی دعوت دی گئی اس وقت بھی ان کا جذبۂ جاں فروشی دیدنی تھا۔ آگے بڑھ کر بیعت کررہے تھے اور اس عہد کو نبھانے کا عزم کیے ہوئے تھے اور جب صلح کی شرائط طے پاگئیں جو بادی النظر میں کفار کی فتح اور مسلمانوں کی ہار دکھائی دیتی

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 91 2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 26، ص 44 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 92

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اور زمین کے۔ اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، بہت دانا ہے ۷ تاکہ داخل کر دے ایمان والوں اور ایمان والیوں کو ۸

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

باغوں میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور دُور فرما دے ان سے ان کی

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

برائیوں کو ۹ اور یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے۔ اور تاکہ عذاب میں مبتلا کر دے منافق مردوں

تھیں تو اس وقت بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قیادت پر انہیں اس قدر اعتماد اور بھروسہ تھا کہ سر تسلیم خم کر دیا۔ ان تمام مرحلوں میں نظم و ضبط کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھا۔ بیک وقت خوف و ہراس، اشتعال و انتقام، مایوسی اور بددلی کے تھپیڑوں کے سامنے ثابت قدم رہنا صرف اسی گروہ سے متوقع ہو سکتا ہے جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے تسکین و اطمینان کی دولت سے مالا مال کر دیا ہو۔

۷ اسی تسلیم و رضا، جرأت و دلیری اور ہمت و استقامت جس کا مظاہرہ انہوں نے قدم قدم پر کیا اس کا اجر انہیں یہ دیا گیا کہ ان کی قوتِ ایمان دو چند ہو گئی اور ان کے یقین کو پختگی نصیب ہوئی۔

زمین و آسمان کے سارے لشکر اللہ تعالیٰ کے زیرِ فرمان ہیں۔ اس کا اشارہ ملے تو چشم زدن میں ساری طاغوتی قوتیں تہس نہس کر کے رکھ دی جائیں۔ ان کو دم مارنے کی بھی مہلت نہ ملے۔ لیکن اس کو محض اپنی قوت کا اظہار مطلوب نہیں۔ وہ تمام حالات کو اچھی طرح جانتا ہے۔ ماضی، حال اور مستقبل سب اس کے سامنے عیاں ہیں اور اس کے سارے کام حکمت کے مطابق ہوتے ہیں۔ یہ صلح اس لیے نہیں کی گئی کہ کفار طاقت ور تھے اور مسلمان کمزور اور ان کی ٹکر نہیں لے سکتے تھے بلکہ اس صلح میں گوناگوں حکمتیں ہیں جو اپنے اپنے موقع پر نمایاں ہوں گی۔

۸ اس کا تعلق اَنْزَلَ کے ساتھ ہے۔ یعنی مسلمانوں پر سکینہ کا نزول اس لیے ہوا کہ اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کو ان انعامات سے نوازا جائے جن کا بیان اس آیت میں کیا گیا ہے(1)۔

۹ یُکَفِّرَ کا معنی یُغَطِّیَهَا۔ کسی چیز کو ڈھانپ دینا۔ کسی چیز پر اس طرح پردہ ڈال دینا کہ کسی کو اس کے وجود کا پتہ ہی نہ چلے۔ علامہ آلوسی اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَیْ یُغَطِّیَهَا وَ لَایُظْهِرُهَا وَ الْمُرَادُ یَمْحُوْهَا سُبْحَانَهٗ وَلَا یُؤَاخِذُهُمْ بِهَا(2)۔ (روح المعانی) مقصد یہ ہے کہ اس سفر میں جو غلامانِ مصطفٰے ہمرکاب تھے ان کے اعمال نامہ سے ان کی برائیوں، ان کی خطاؤں اور ان کی لغزشوں کو محو کر دیا جائے گا۔ ان کا نام و نشان بھی باقی نہ رہے گا۔ یہ کمالِ مغفرت کی طرف اشارہ ہے۔ اس سے بڑی کامیابی اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں اور لغزشوں پر قلم عفو پھیر دے اور قیامت کے روز جب انسان بارگاہ خداوند ذوالجلال میں

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 94 2۔ ایضاً

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ

اور منافق عورتوں، مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کے بارے میں بُرے گمان رکھتے ہیں

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ

انہیں پر ہے بُری گردش ۱۰ اور ناراض ہوا ہے اللہ تعالیٰ ان پر اور (اپنی رحمت سے) انہیں دُور کر دیا ہے اور تیار کر رکھا ہے

جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ

ان کے لیے جہنم۔ اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے اور اللہ کے زیرِ فرمان ہیں سارے لشکر آسمانوں اور زمین کے۔ اور

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸

اللہ تعالیٰ سب پر غالب بڑا دانا ہے۔ بے شک ہم نے بھیجا ہے آپ کو گواہ بنا کر ۱۱ (اپنی رحمت کی) خوشخبری سنانے والا (عذاب سے) بروقت ڈرانے والا۔

پیش ہو تو فرشتے اس کے نامۂ اعمال سے ایک جرم بھی بطورِ ثبوت پیش نہ کر سکیں۔ اسی کو اللہ تعالیٰ نے فوزِ عظیم فرمایا ہے اور اس فوزِ عظیم کے اولین مستحق اسلام کے وہ چودہ سو جانباز اور سرفروش ہیں جو اس سفرِ مبارک میں اپنے محبوب قائد کے ہمراہ تھے۔

۱۰ مدینہ میں منافق اس زعمِ باطل میں مبتلا تھے کہ اب مسلمان زندہ بچ کر واپس نہیں آئیں گے۔ کفارِ مکہ ان کا کچومر نکال کر رکھ دیں گے۔ کفارِ مکہ خوشی سے پھولے نہیں سما رہے تھے کہ انہوں نے پہلی دفعہ من مانی شرائط پر مسلمانوں کو صلح کرنے پر مجبور کر دیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ان دونوں گروہوں کی یہ غلط فہمی بہت جلد دور ہو جائے گی۔ پیغمبرِ اسلام کا قدم عزت و غلبہ کی منزل کی طرف اٹھے گا۔ اسلام کا آفتابِ اقبال نصف النہار پر چمکے گا۔ جزیرۂ عرب کے قبائل فوج در فوج اسلام کو قبول کر لیں گے۔ مکہ کے قابلِ فخر سردار خود چل کر آئیں گے اور حضور سرورِ عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر طوقِ غلامی زیبِ گلو کریں گے اور اس غلامی پر فخر و ناز کریں گے۔ اسلام کی ترقی اور پیغمبرِ اسلام کی بے مثال کامیابی کو دیکھ کر منافقین و مشرکین پر دنیا تاریک ہو جائے گی۔ ان کے گھروں میں صفِ ماتم بچھ جائے گی۔ ان کے دلوں سے غم و الم کا دھواں اٹھے گا۔ تباہی و بربادی کا جو چکر چلا کر وہ مسلمانوں کو ریزہ ریزہ کرنا چاہتے تھے، خود ان کو پیس کر رکھ دے گا۔

۱۱ شاہد کا معنی گواہ ہے۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی امت کے نیک اعمال اور برے اعمال پر گواہ ہیں۔ شَاهِدًا عَلَيْهِمْ بِاَعْمَالِهِمْ مِنْ طَاعَةٍ اَوْ مَعْصِيَةٍ، شَاهِدًا عَلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَهُوَ شَاهِدُ اَفْعَالِهِمُ الْيَوْمَ وَ الشَّهِيْدُ عَلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (قرطبی)(1) یعنی حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا میں اپنی امت کے نیک و بد اعمال کا مشاہدہ فرما رہے ہیں اور قیامت کے دن ان پر گواہی دیں گے۔ علامہ زمخشری لکھتے ہیں: تَشْهَدُ عَلٰى اُمَّتِكَ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 16، ص 266

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

تاکہ اے لوگو! تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور تاکہ تم ان کی مدد کرو اور دل سے ان کی تعظیم کرو ۱۲ اور پاکی بیان کرو اللہ کی صبح اور

اَصِيْلًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

شام۔ اے جانِ عالم، بیشک جو لوگ آپ کی بیعت کرتے ہیں ۱۳ درحقیقت وہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کرتے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے

عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا (کشاف)(1) یعنی حضور اپنی امت کے بارے میں گواہی دیں گے جس طرح ارشاد ہے: وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا (بقرہ:143)۔ علامہ خازن لکھتے ہیں۔ اَیْ شَاهِدًا عَلٰی اَعْمَالِ اُمَّتِهٖ(2): اپنی امت کے اعمال کی گواہی دیں گے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں: اَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَ ابْنُ جَرِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ اَیْ شَاهِدًا عَلٰی اُمَّتِكَ وَشَاهِدًا عَلَى الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَنَّهُمْ قَدْ بَلَغُوْا (روح المعانی)(3) یعنی عبد بن حمید اور ابن جریر نے حضرت قتادہ سے نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ اپنی امت پر گواہ ہیں اور سابقہ انبیاء کے بارے میں بھی گواہی دیں گے کہ انہوں نے تبلیغ کا حق ادا کیا۔ اس کی مزید تحقیق کے لیے ملاحظہ فرمایئے سورۂ بقرہ آیت نمبر ۱۴۳، سورۃ النساء آیت نمبر ۴۱، الاحزاب آیت نمبر ۴۵۔

۱۲ علامہ راغب اصفہانی اس کلمہ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلتَّعْزِيْرُ: اَلنُّصْرَةُ مَعَ التَّعْظِيْمِ(4) کہ کسی کی نصرت و اعانت کرنا اور اس کے ساتھ اس کی تعظیم و تکریم کو بھی ملحوظ رکھنا (المفردات) علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں۔ اَلتَّعْزِيْرُ: اَلنَّصْرُ بِاللِّسَانِ وَ السَّيْفِ۔ زبان اور تلوار سے کسی کی امداد کرنا (لسان العرب)(5) عَزَّرَهٗ: فَخَّمَهٗ وَعَظَّمَهٗ(6) کسی کی تفخیم و تعظیم کرنا۔ توقیر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وَقَّرَ الرَّجُلُ: بَجَّلَهٗ وَالتَّوْقِيْرُ التَّعْظِيْمُ وَالتَّزْيِيْنُ(7)۔ یعنی کسی کی تعظیم و احترام کرنا۔ یہاں حکم دیا جا رہا ہے کہ میرے پیارے رسول پر سچے دل سے ایمان بھی لاؤ، اس کی نصرت و اعانت میں سر دھڑ کی بازی لگا دو، اس کے دین کی سربلندی کے لیے اپنے جملہ مادی اور ادبی وسائل کو پیش کر دو اور اس کے ساتھ ساتھ میرے محبوب کے ادب و احترام کو ہمیشہ ملحوظ رکھو۔ ایسا نہ ہو کہ تم دین کی خدمت تو کرو لیکن بارگاہِ نبوت کے آداب کو ملحوظ نہ رکھو۔ حضور ﷺ کی اعانت اور اسی طرح حضور ﷺ کی تعظیم و تکریم یکساں اہمیت کی حامل ہیں۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ تُعَزِّرُوْهُ اور تُوَقِّرُوْهُ میں ضمیر مفعول کا مرجع حضور ﷺ کی ذاتِ والا صفات ہے۔ یہاں وقفِ تام ہے اور تُسَبِّحُوْهُ سے نیا کلام شروع ہوتا ہے اور یہاں مفعول کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی تسبیح کیا کرو۔ بعض علماء نے تمام افعال میں مفعول کی ضمیروں کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات کو قرار دیا ہے(8) تاکہ تفریقِ ضمائر لازم نہ آئے۔ (وَمَنْ فَرَّقَ الضَّمَائِرَ فَقَدْ اَبْعَدَ) علامہ پانی پتی لکھتے ہیں کہ امام بغوی کا قول ہے کہ پہلے دو فعلوں میں ضمیرِ مفعول کا مرجع حضور ﷺ ہیں اور تُسَبِّحُوْهُ میں ضمیر کا مرجع اللہ عزاسمہٗ ہے۔ لکھتے ہیں: اِسْتَبْعَدَ الزَّمَخْشَرِيُّ لِكَوْنِهٖ مُسْتَلْزِمًا لِاِنْتِشَارِ الضَّمَائِرِ

1۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص334
2۔ تفسیر خازن، زیر آیت ہذا، ج4، ص154
3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز26، ص95
4۔ مفرداتِ راغب، ص564
5۔ لسان العرب، ج4، ص562
6۔ ایضاً
7۔ ایضاً، ج5، ص291
8۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص267

اَیْدِیْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا

ہاتھوں پر ہے ۱۴ پس جس نے توڑ دیا اس بیعت کو تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی ذات پر ہوگا۔ اور جس نے ایفاء کیا اس عہد کو جو اس نے

قُلْنَا لَا بَأْسَ بِهٖ عِنْدَ قِيَامِ الْقَرِيْنَةِ وَعَدَمِ اللُّبْسِ (مظہری) (1) یعنی زمخشری نے اس قول کو پسند نہیں کیا کیونکہ اس طرح انتشارِ ضمائر لازم آتا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ جب قرینہ موجود ہو اور التباس کا احتمال معدوم ہو تو اس وقت انتشارِ ضمائر میں کوئی قباحت نہیں۔

۱۳ حضور رحمتِ عالم ﷺ حدیبیہ کے مقام پر خیمہ زن ہیں۔ کفارِ مکہ بضد ہیں کہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو عمرہ کرنے کے لیے مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ دربارِ رسالت کے سفیر بن کر مکہ گئے ہوئے ہیں۔ اسی اثنا میں یہ افواہ پھیلتی ہے کہ کفار نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا ہے۔ اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضور ﷺ کے ساتھی جنگ کے لیے تیار ہو کر نہیں آئے تھے۔ احرام کی دو چادریں اور قربانی کے جانور، یہی ان کا زادِ سفر تھا۔ لیکن یکا یک ایسی صورتِ حال پیدا ہوگئی کہ تعداد کی قلت اور اسلحہ کے فقدان کی پروا کیے بغیر محض قوتِ ایمانی پر بھروسہ کرتے ہوئے باطل سے ٹکرانا ناگزیر ہوگیا۔ چنانچہ رسولِ اکرم ﷺ ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہوتے ہیں اور بیعت کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ راوی ہیں: یہ بیعت اس بات پر تھی کہ جب تک ہمارے جسموں میں جان ہے، جب تک بدن میں خون کا ایک قطرہ موجود ہے، ہم میدانِ جنگ میں ڈٹے رہیں گے اور اہلِ مکہ کو اس خیانت اور سفیر کشی کی عبرتناک سزا دیں گے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ غلامانِ حبیبِ کبریا علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات پروانہ وار دوڑ دوڑ کر حاضر ہو رہے ہیں اور اپنے آقا و مولا کے دستِ مبارک پر اپنا ہاتھ رکھ کر جاں بازی اور سرفروشی کی بیعت کر رہے ہیں۔ الغرض چودہ سو ہمراہیوں میں سے کوئی ایک بھی اس سعادت سے محروم نہ رہا۔ البتہ جد بن قیس جو حقیقت میں منافق تھا اس نے بیعت نہ کی۔ بخدا! مجھے اب بھی وہ منظر نظر آ رہا ہے کہ وہ اپنی اونٹنی کے پیٹ کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اور اپنے آپ کو لوگوں کی نظروں سے چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔

حضور سرورِ عالمیاں ﷺ نے اپنے ان چودہ سو جاں نثاروں اور سرفروش مجاہدین کے بارے میں اپنی زبانِ حق ترجمان سے فرمایا: اَنْتُمْ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ الْيَوْمَ۔ اے اسلام کے قابلِ فخر مجاہدو! آج روئے زمین پر تم سب سے بہترین لوگ ہو۔ حضرت جابرؓ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی منقول ہے۔ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِّمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ جنہوں نے اس درخت کے نیچے میرے ساتھ بیعت کی ہے ان میں سے کوئی بھی دوزخ میں داخل نہیں ہوگا۔ (ابنِ کثیر) (2)

ملا فتح اللہ کاشانی شیعہ اپنی تفسیر منہج الصادقین میں لکھتے ہیں: ''آنحضرت اصحاب را در تحت شجرہ جمع کردہ۔ ایشاں را بتجدید بیعت امر نمود و اصحاب برغبت تمام وجدی لا کلام دست بر دست پیغمبر نہادہ بیعت کردند کہ تا حینِ موت طریق متابعت بآنحضرت ﷺ مرعی دارند و در ہیچ زمان طریقِ فرار سلوک نہ نمایند و بجہتِ کمال رغبت ایشاں بود کہ ایں بیعت مسمی شد بہ بیعت رضوان و در اثنائے آں ایں آیہ نازل شد۔'' (3)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 5-6
2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 88-186۔ جامع ترمذی، ابواب المناقب، باب فی فضل من بایع تحت الشجرۃ، ج 2، ص 226
3۔ منہج الصادقین، ج 8، ص 367، مطبوعہ کتابفروشی اسلامیہ، تہران

ترجمہ: آنحضرت نے اصحاب کو درخت کے نیچے جمع کیا اور انہیں از سرِ نو بیعت کرنے کا حکم دیا۔ صحابہ کرام انتہائی شوق و رغبت اور بڑی سنجیدگی سے آگے بڑھے اور حضور کے دستِ مبارک پر ہاتھ رکھ کر اس بات پر بیعت کی کہ تادمِ واپسیں آنحضرت ﷺ کی متابعت کے راستے پر گامزن رہیں گے اور کسی وقت بھی راہِ فرار اختیار نہیں کریں گے۔ صحابہ کرام کے بے پناہ اشتیاق اور کامل رغبت کے باعث اس بیعت کا نام بیعتِ رضوان رکھا گیا اور اسی اثنا میں یہ آیت نازل ہوئی۔

۱۴ یہ بیعت بظاہر اگرچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دستِ حق پرست پر ہو رہی ہے لیکن درحقیقت یہ بیعت اللہ تعالیٰ کے ساتھ تھی۔ اگرچہ بظاہر نبی کریم ﷺ کا ہاتھ تھا، لیکن درحقیقت یہ دستِ خدا تھا۔ جس طرح حضور ﷺ کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کہا گیا ہے۔ اسی طرح حضور سے بیعت اللہ سے بیعت اور حضور ﷺ کا ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ فرمایا گیا ہے۔

علامہ اسمٰعیل حقی صوفیاء کی اصطلاح کے مطابق اس آیت کی یہ تشریح کرتے ہیں: وَ قَالَ اَهْلُ الْحَقِيْقَةِ هٰذِهِ الْاٰيَةُ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ فَالنَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ فَنٰى عَنْ وُّجُوْدِهٖ بِالْكُلِّيَّةِ فَتَحَقَّقَ بِاللّٰهِ فِيْ ذَاتِهٖ وَ صِفَاتِهٖ وَ اَفْعَالِهٖ وَ كُلُّ مَا صَدَرَ عَنْهُ صَدَرَ عَنِ اللّٰهِ (روح البیان)(1)

یعنی اہلِ حقیقت کہتے ہیں کہ یہ آیت بعینہٖ اس فرمانِ خداوندی کی طرح ہے کہ جو رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔ نبی کریم ﷺ اپنی ذات و صفات سے فنا ہو کر بقا باللہ کے مقام پر فائز ہو چکے تھے اس لیے جو فعل حضور ﷺ سے صادر ہوتا درحقیقت اللہ سے صادر ہوتا۔

آج کل جو ہم کسی ولی کامل کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں وہ اسی سنت کا اتباع ہے۔ علامہ اسمٰعیل حقی لکھتے ہیں: يَقُوْلُ الْفَقِيْرُ ثَبَتَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ سُنَّةُ الْمُبَايَعَةِ وَ اَخْذُ التَّلْقِيْنِ مِنَ الْمَشَائِخِ الْكِبَارِ وَ هُمُ الَّذِيْنَ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ قُطْبَ اِرْشَادٍ بِاَنْ اَوْصَلَهُمْ اِلَى التَّجَلِّي الْعَيْنِيِّ بَعْدَ التَّجَلِّي الْعِلْمِيِّ (روح البیان)(2) یعنی فقیر کہتا ہے کہ اس آیت سے بیعت کی سنت اور مشائخ کبار سے اکتساب فیض ثابت ہوتا ہے، وہ مشائخ جنہیں اللہ تعالیٰ نے قطب ارشاد کے مقام پر فائز کیا ہے، وہ اس طرح کہ علمی تجلی سے ترقی دے کر انہیں مشاہدہ کی تجلی تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

حضرت شداد ابن اوس اور عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے:

قَالَا كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ غَرِيْبٌ يَعْنِيْ اَهْلَ الْكِتَابِ قُلْنَا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَمَرَ بِغَلْقِ الْبَابِ فَقَالَ ارْفَعُوْا اَيْدِيَكُمْ فَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَرَفَعْنَا اَيْدِيَنَا سَاعَةً ثُمَّ وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَدَهٗ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ بَعَثْتَنِيْ بِهٰذِهِ الْكَلِمَةِ وَ اَمَرْتَنِيْ بِهَا وَ وَعَدْتَّنِيْ عَلَيْهَا الْجَنَّةَ۔ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔ ثُمَّ قَالَ اَبْشِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى غَفَرَ لَكُمْ(3)۔

ترجمہ: ان دونوں نے کہا کہ ایک روز ہم بارگاہِ رسالت میں حاضر تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دریافت فرمایا: تم میں کوئی بے گانہ (اہلِ کتاب) تو نہیں؟ ہم نے نفی میں جواب دیا۔ ارشاد ہوا دروازہ بند کر دو اور اپنے ہاتھ بلند کر دو اور کہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ایک گھڑی ہم نے اپنے ہاتھوں کو بلند رکھا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنا دستِ مبارک نیچے کیا اور گویا ہوئے۔ الحمدللہ۔ اے اللہ! تو نے مجھے اس کلمہ کے ساتھ مبعوث فرمایا اور اس کلمہ کا حکم دیا اور میرے ساتھ وعدہ فرمایا کہ جو اس کلمہ پر پکار ہے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج9، ص20 2۔ ایضاً، ج9، ص21 3۔ ایضاً

عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ ع ۱۰/۹

اللہ سے کیا تو وہ اس کو اجرِ عظیم عطا فرمائے گا ۱۵ عنقریب آپ سے عرض کریں گے وہ دیہاتی جو پیچھے

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

چھوڑے گئے تھے ۱۶ ہمیں بہت مشغول رکھا ہمارے مالوں اور اہل وعیال نے پس ہمارے لیے معافی طلب کریں۔ وہ اپنی زبانوں سے ایسی

تو اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ پھر فرمایا: اے فرزندانِ اسلام! تمہیں مژدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تم سب کو معاف فرمادیا ہے۔

اس قسم کی متعدد صحیح روایات ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور ﷺ اپنے غلاموں سے بیعت لیا کرتا تھے۔ مستورات کو بھی اس شرف سے مشرف فرماتے، لیکن ان کی بیعت کا طریقہ یہ تھا کہ پانی کے ایک پیالہ میں پہلے حضور ﷺ اپنا دست مبارک رکھتے۔ اس کے بعد ان کو اس پیالہ میں ہاتھ ڈالنے کا حکم دیتے۔ حضور ﷺ نے کبھی کسی اجنبیہ کے ساتھ مصافحہ نہیں کیا۔

۱۵ اللہ تعالیٰ کے رسولِ مکرم ﷺ کے ساتھ بیعت کر کے جس نے بیعت کو توڑ دیا۔ اس نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور جس نے اس بیعت کو پورا کیا اور اس عہد کو ایفا کیا اس کو اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ وہ جنت میں اقامت گزیں ہوں گے اور اس میں انہیں ایسی نعمتوں سے نوازا جائے گا جن کو نہ کسی آنکھ نے آج تک دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی کے دل میں وہ کھٹکیں۔ هُوَ الْجَنَّةُ وَمَا يَكُوْنُ فِيْهَا مِمَّا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ (1)۔

جن نفوسِ قدسیہ نے اس درخت کے نیچے بیعت کی سعادت حاصل کی ان میں سے کسی نے اس بیعت کو نہیں توڑا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ تَحْتَ الشَّجَرَةِ عَلَى الْمَوْتِ وَعَلَى اَلَّا نَفِرَّ۔ فَمَا نَكَثَ اَحَدٌ مِّنَّا الْبَيْعَةَ اِلَّا جَدُّ بْنُ قَيْسٍ وَّكَانَ مُنَافِقًا اخْتَبَأَ تَحْتَ اِبِطِ بَعِيْرِهٖ (کشاف) (2) یعنی ہم نے اس درخت کے نیچے اس بات پر اللہ کے رسول سے بیعت کی کہ ہم جان دے دیں گے لیکن راہِ فرار اختیار نہیں کریں گے۔ پس ہم میں سے کسی نے اس بیعت کو نہیں توڑا بجز جد بن قیس کے۔ وہ درحقیقت منافق تھا اور جب مسلمان بیعت کر رہے تھے تو وہ اپنے اونٹ کی بغل میں چھپا ہوا تھا۔

۱۶ اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول ﷺ نے جب سفرِ مکہ کی تیاری شروع کی تو مدینہ طیبہ کے نواح میں جو قبائل جہینہ، مزینہ، غفار، اشجع، دیل اور اسلم آباد تھے جو اکثر اسلام سے اپنی وفاداری کا اظہار کرتے رہتے تھے۔ ان کو دعوت دی گئی کہ وہ بھی اس سفر میں ہمراہ چلیں۔ یہ قوی اندیشہ تھا کہ کفارِ مکہ شرارت سے باز نہیں آئیں گے۔ اگر مسلمانوں کی جمعیت زیادہ ہوگی تو وہ ہر قسم کی خباثت سے باز رہیں گے۔ قبائل نے سوچا کہ اس سفر میں شرکت تو موت کے منہ میں چھلانگ لگانے کے مترادف ہے۔ اہلِ مکہ جن کی جنگی مہارت اور شجاعت مسلم ہے، جن کی قوت کا یہ عالم ہے کہ وہ مدینہ پر حملہ آور ہو چکے ہیں اور مسلمان خندق کھود کر صرف دفاعی جنگ لڑ سکے ہیں۔ اگر مسلمان احرام کی حالت میں ان کے گھروں میں جائیں گے تو وہ ان کی تکہ بوٹی کر ڈالیں گے۔ صرف قریش سے ہی مقابلہ نہ ہوگا بلکہ ثقیف، کنانہ اور دیگر قبائل جو مکہ کے اردگرد آباد ہیں وہ بھی قریش کی امداد کے لیے نکل آئیں

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 97 2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 335

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

باتیں کرتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ۱۷ آپ (انہیں) فرمائیے کون ہے جو اختیار رکھتا ہو تمہارے لیے اللہ کے مقابلے میں

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

کسی چیز کا اگر ارادہ فرمائے تمہارے لیے کسی ضرر کا یا ارادہ فرمائے تمہارے لیے کسی نفع کا ۱۸ بلکہ اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے ہو اس سے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

پوری طرح باخبر ہے حقیقت یہ ہے کہ تم نے خیال کر لیا تھا کہ اب ہرگز لوٹ کر نہیں آئے گا یہ پیغمبر اور ایمان والے

گے۔ ان حالات میں یہ لوگ فخرِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ دینے کے لیے تیار نہ تھے۔ لیت ولعل میں وقت گزار دیا۔ صرف چودہ سو جانباز اپنے آقا علیہ السلام کی معیت میں نتائج سے بے پروا ہو کر عمرہ کرنے کی غرض سے مکہ روانہ ہوئے۔

منافقین کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ انہیں یقین تھا کہ ان میں سے کوئی بھی بچ کر واپس نہیں آئے گا۔ مکہ کے جنگجوان سب کو تہِ تیغ کر دیں گے۔ اس طرح اسلام کا چراغ ہمیشہ کے لیے بجھ جائے گا۔ لیکن جب ان کی توقعات، پیش گوئیوں اور اندازوں کے بالکل برعکس حضور علیہ السلام کا کارواں ایک عظیم صلح کر کے مکہ سے مدینہ کے لیے روانہ ہوا تو اب ان میں کھلبلی مچ گئی۔ جن کی تباہی کی خبر سننے کے لیے وہ ہر لحظہ گوش برآواز تھے وہ تو بعافیت واپس آ رہے ہیں۔ انہوں نے اب طرح طرح کے بہانے سوچنے شروع کر دیئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے ہی مطلع فرما دیا کہ اے محبوب! جب آپ مدینہ پہنچیں گے تو بادیہ نشین قبائل آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور اپنی عدم شمولیت کے لیے طرح طرح کے عذر بیان کریں گے۔ وہ کہیں گے: یارسول اللہ! ہم تو دل وجان سے آپ کے حکم کی تعمیل کے لیے تیار تھے لیکن ہمارے مال اور اہل وعیال کی حفاظت کا ہم کوئی انتظام نہ کر سکے۔ انہیں یونہی چھوڑ کر چلے جانا قرینِ دانشمندی نہیں تھا۔ ہمارے دشمن اس تاک میں بیٹھے تھے کہ ہم کہیں سفر پر جائیں تو وہ ہلہ بول کر ہمارے مال مویشی ہانک لے جائیں اور ہمارے بچوں اور عورتوں کی بے حرمتی کریں۔ اگر یہ بھیانک خطرہ درپیش نہ ہوتا تو ہم سو جان سے آپ پر فدا ہوتے۔ پھر بھی ہم اس فروگزاشت پر بڑے نادم ہیں۔ ہمارے لیے مغفرت کی دعا فرمایئے (1)۔

۱۷ اگر ان کی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ ہوتی یا انہیں اپنی غلطی کا احساس ہوتا، اس پر انہیں پشیمانی اور قلق ہوتا تو کوئی بات بھی تھی۔ وہ تو محض بہانہ سازی کر رہے ہیں۔ نہ ان کی غیر حاضری کی کوئی معقول وجہ تھی نہ ہی ان کو اپنی اس نازیبا حرکت پر کوئی ندامت تھی اور نہ ہی وہ حضور کی استغفار کو کوئی اہمیت دیتے تھے۔ وہ تو محض ملمع سازی سے کام لے رہے تھے اور اپنی منافقت کو ایک دوسرے روپ میں ظاہر کر رہے تھے۔ ایسے ناہنجاروں کے لیے نہ استغفار کی ضرورت ہے اور نہ اب مزید پردہ پوشی کی ضرورت ہے۔

۱۸ اے محبوب! آپ انہیں فرمایئے کہ تم مال وعیال کی حفاظت کا بہانہ بنا رہے ہو۔ ذرا یہ تو بتاؤ کہ اگر تمہاری موجودگی میں کسی کو پیامِ اجل آ جاتا تو کیا تم اس کو بچا سکتے؟ تمہاری موجودگی میں اگر کوئی وبا تمہارے ڈنگروں میں پھوٹ پڑتی تو تم کیا کر لیتے؟ تمہارے کھیتوں

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 98-97

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖ

اپنے اہلِ خانہ کی طرف کبھی ۱۹؎ اور بڑا خوشنما لگتا تھا یہ ظنِ (فاسد) تمہارے دلوں کو ۲۰؎ اور تم طرح طرح کے بُرے خیالوں میں مگن رہے۔

وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا

(اس وجہ سے) تم برباد ہونے والی قوم بن گئے ۲۱؎ اور جو نہ ایمان لے آئے اللہ اور اس کے رسول پر تو بے شک ہم نے ان تمام کافروں

لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ بخش دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ

اور سزا دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ کہیں گے (پہلے سفرِ جہاد سے) پیچھے چھوڑے جانے

اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ

والے جب تم روانہ ہو گے اموالِ غنیمت کی طرف تاکہ تم ان پر قبضہ کر لو، ہمیں بھی اجازت دو کہ تمہارے پیچھے پیچھے آئیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ وہ

پر اگر اولے برسائے جاتے تو کیا تم ان پر چھتری تان کر ان کو بچا لیتے؟ نیز اگر تم سفر میں میرے ہمرکاب ہوتے تو کیا اللہ تعالیٰ کی رحمت و کرم کا دروازہ بند ہو جاتا؟ یہ سب تمہارے نفاق کی نحوست ہے کہ تم ان گوناگوں سعادتوں سے محروم ہو گئے ہو جو میرے ساتھیوں کو ارزانی ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے۔ اس قسم کے بہانے بنا کر تم اپنے کفر و نفاق کو چھپا نہیں سکتے۔

۱۹؎ اس سفر میں ان کی عدم شمولیت کی اصل وجہ بیان کی جا رہی ہے۔

۲۰؎ وہ اسے اپنی دور بینی اور عاقبت اندیشی قرار دے رہے تھے اور اس پر بڑے نازاں تھے کہ انہوں نے ہوا کا رخ پہچان لیا ہے اور اپنے آپ کو ان خطرات سے بچا لیا ہے جن میں مسلمان پھنسنے والے تھے۔ یہ سوچ انہیں بڑی حسین اور صحیح معلوم ہوتی تھی اور اس پر وہ دل ہی دل میں بڑے نازاں اور فرحاں تھے۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اگر تمہارے دلوں میں اسلام اور فرزندانِ اسلام کے لیے خیر سگالی کا ذرا بھی جذبہ ہوتا تو تمہیں مسلمانوں کی اس متوقع تباہی پر کم از کم رنج اور افسوس تو ہوتا کہ بے چارے یونہی اپنی جوانیاں گنوانے جا رہے ہیں، لیکن تمہارا تو یہ حال ہے کہ تم یہ خیال کر کے پھولے نہیں سماتے۔ تمہارے نزدیک اسلام اور اہلِ اسلام کی بربادی کا تصور ہی بڑا دلکش اور از حد پسندیدہ تھا۔

۲۱؎ حقیقت یہ ہے کہ اپنے آپ کو برباد کرنے والے وہ نہیں جنہوں نے حق کو قبول کیا اور اس کی سربلندی کے لیے سربکف میدان میں جانے کے لیے ہر لحہ بے قرار رہے، بلکہ تم وہ بدبخت ہو جنہوں نے نورِ حق کو دیکھنے سے آنکھیں بند کر لیں۔ ''بُور''

اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

اللہ کے حکم کو بدل دیں ۲۲ فرمائیے تم قطعاً ہمارے پیچھے نہیں آسکتے یونہی فرمادیا ہے اللہ تعالیٰ نے پہلے سے۔

فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۵

پھر وہ کہیں گے کہ (نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو ۲۳ (ان کا یہ غلط خیال ہے) درحقیقت وہ (احکام الٰہی کے اسرار کو) بہت کم سمجھتے ہیں ۲۴

مصدر ہے اس لیے یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کی صفت واقع ہوتا ہے (1)۔

علامہ جوہری لفظ ''بُور'' کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اَلْبُوْرُ: اَلرَّجُلُ الْفَاسِدُ الْهَالِكُ الَّذِیْ لَا خَيْرَ فِيْهِ۔ یعنی بور اس شخص کو کہتے ہیں جو فاسد اور تباہ حال ہو جس میں نیکی اور بھلائی کا شائبہ تک نہ ہو۔ چنانچہ عبداللہ ابن الزبعری جب مشرف باسلام ہوا تو بارگاہِ رسالت میں عرض کیا۔

يَا رَسُوْلَ الْمَلِيْكِ اِنَّ لِسَانِیْ رَاتِقٌ مَافَتَقَتْ اِذْ اَنَا بُوْرُ

یعنی اے مالک الملک کے رسول! جب میں گمراہ اور تباہ حال تھا اس وقت میری زبان نے جو چاک کیے اب میں ان کو سینا اور رفو کرنا چاہتا ہوں۔

یہ مؤنث کی صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہتے ہیں اِمْرَاَةٌ بُوْرٌ۔ تباہ حال عورت۔ جمع کے لیے بھی قَوْمٌ بُوْرٌ اَیْ هُلْكٰی۔ یعنی اجڑی ہوئی قوم۔ اس کے بعد جوہری کہتے ہیں کہ بعض نے کہا ہے کہ بُوْرٌ جمع ہے۔ اس کا واحد بَائِرٌ ہے۔ مِثْلُ حَائِلٍ وَّحُوْلٍ۔ لیکن اخفش نے اس کی تردید کی ہے (2)۔

۲۲ جہینہ، مزینہ اور دیگر قبائل جنہوں نے سفرِ حدیبیہ میں مسلمانوں کا ساتھ نہیں دیا تھا، گزشتہ آیت میں اس کی اصلی وجہ بتادی۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ ایک اور ہونے والے واقعہ سے اپنے رسولِ مکرم ﷺ کو مطلع فرمارہے ہیں۔ اے حبیب! عنقریب جب تم ایک دوسرے سفرِ جہاد پر روانہ ہونے لگو گے جہاں کامیابی کے امکانات بالکل روشن ہیں، خطرات کم اور مالِ غنیمت کے حصول کی توقع بہت زیادہ ہے، یہ موقع پرست لوگ اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور اپنے ایمانی جوش اور جذبۂ جہاد کا اظہار زور شور سے کریں گے اور اس جہاد میں شمولیت کے لیے اپنے آپ کو پیش کریں گے۔ ان کا مقصد تلافیِ مافات نہیں ہوگا بلکہ محض اموالِ غنیمت کے حصول کے لیے اپنے جذباتِ جاں نثاری کا مظاہرہ کریں گے۔ آپ انہیں دوٹوک بتادیجیے کہ اس سفر جہاد میں تمہیں شرکت کی اجازت نہیں مل سکتی، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہے کہ اس جہاد میں صرف وہ لوگ شریک ہو سکتے ہیں جو بیعتِ رضوان سے مشرف ہوئے ہیں۔ میری مجال نہیں کہ میں اپنے رب کے فیصلے کو بدل ڈالوں (3)۔

۲۳ بجائے اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کریں اور خوشی سے اسے مان لیں۔ ان کے دلوں میں چھپا ہوا نفاق نمودار ہو کر رہے گا اور سوئے ظن سے کام لیتے ہوئے کہیں گے کہ ہمیں خدا نے منع نہیں کیا بلکہ اصلی وجہ یہ ہے کہ یہ مسلمان ہم سے حسد

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 100، روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 28 2۔ الصحاح، ج 2، ص 597 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 102-101

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ

فرما دیجیے ان پیچھے چھوڑے جانے والے بدوی عربوں کو کہ عنقریب تمہیں دعوت دی جائے گی ایک ایسی قوم سے جہاد کی جو بڑی سخت جنگجو ہے

شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا

تم ان سے لڑائی کرو گے یا وہ ہتھیار ڈال دیں گے ۲۵ پس اگر تم نے اس وقت اطاعت کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں بہت اچھا

حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾

اجر دے گا۔ اور اگر تم نے (اس وقت بھی) منہ موڑا جیسے پہلے تم نے منہ موڑا تھا تو تمہیں اللہ تعالیٰ دردناک عذاب دے گا

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ ہی مریض پر کوئی گناہ ہے۔ (اگر یہ شریک جہاد

کرتے ہیں، ہم سے جلتے ہیں۔ انہیں یہ گوارا نہیں کہ مالِ غنیمت میں سے ہمیں بھی کچھ حصہ ملے۔ سارا مال خود ہڑپ کرنا چاہتے ہیں۔

۲۴ بڑے احمق ہیں۔ جس طرح خود لالچی اور حریص ہیں، خیال کرتے ہیں کہ مسلمان بھی دولت کے پرستار ہیں اور ان کا ہادی ومرشد بھی (معاذ اللہ) دولت سمیٹنے کے لیے یہ سب کچھ کر رہا ہے۔ کتنے نادان اور ناسمجھ ہیں! جس کی سیرت کا دامن آفتاب سے تابندہ تر ہے، اس کے بارے میں ایسی بدگمانی کا شکار ہیں۔

۲۵ مدینہ طیبہ کے گردونواح میں بسنے والے قبائل غزوۂ خیبر میں شریک ہونے کے لیے بڑے بے تاب تھے۔ ان کی یہ بے تابی اور بے چینی اس لیے نہ تھی کہ وہ اپنی گزشتہ کوتاہیوں کی تلافی کرنا چاہتے تھے بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ خیبر میں انہیں اموالِ غنیمت ملنے کی توقع تھی۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ جب کفارِ مکہ ان مسلمانوں کی تاب نہیں لا سکے تو بے چارے یہودیوں میں یہ ہمت کہاں کہ وہ مسلمانوں کو مغلوب کر سکیں۔ مسلمان اس مہم میں یقیناً فتحیاب ہوں گے۔ یہودیوں کے باغات، زرخیز زمینیں اور کئی پشتوں سے جمع کیا ہوا مال انہیں مفت ہاتھ آئے گا۔ علاوہ ازیں ان کا شمار بھی غازیانِ اسلام میں ہونے لگے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبِ مکرم ﷺ کو ارشاد فرماتا ہے کہ آپ ان بدوی عربوں کو فرمائیے کہ گھبراؤ نہیں۔ کفر و اسلام کا یہ آخری معرکہ نہیں کہ اگر تم اس میں شریک نہ ہوئے تو پھر تمہیں اپنی جانبازی اور سرفروشی کے جوہر دکھانے کا موقع ہی نہیں ملے گا۔ اس ستیزہ گاہِ عالم میں یہ سلسلہ تا حشر جاری رہے گا۔ ایک طاقتور جنگجو اور بہادر قوم سے عنقریب ٹکر ہونے والی ہے۔ اس وقت تمہیں دعوتِ جہاد دی جائے گی۔ اگر اس وقت تم نے اس دعوت پر لبیک کہی، میدانِ جہاد میں دادِ شجاعت دی اور اپنی جاں نثاری کا ثبوت پیش کیا تو تمہیں اللہ تعالیٰ بہترین اجر عطا فرمائے گا اور اگر اس وقت بھی تم نے اپنی روایتی بزدلی اور منافقت کے باعث روگردانی کی اور جہاد میں شریک ہونے سے گریز کیا تو یاد رکھو تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ دعوتِ جہاد ان قبائل کو کب دی گئی؟ وہ قوم جس کو قرآن نے اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ بڑی طاقتور اور جنگجو

قوم کا خطاب دیا ہے، وہ کون سی قوم ہے؟ تاریخی روایات میں متعدد اقوال مذکور ہیں۔ انسان ان کے مطالعہ سے پریشان ہو جاتا ہے کہ ان میں سے کون سی روایت واقعہ کے مطابق ہے۔ لیکن اگر قرآنِ کریم کے الفاظ میں غور کیا جائے تو حقیقت نکھر کر سامنے آ جاتی ہے اور کسی شک وشبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

ارشادِ خداوندی ہے کہ تمہیں ایسی قوم کے ساتھ لڑنے کی دعوت دی جائے گی جو بڑی طاقتور، جنگجو اور بہادر ہوگی۔ اس جنگ کا انجام بھی قرآن نے بتا دیا کہ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ یعنی تم ان سے جنگ کر کے انہیں خاک وخون میں ملا دو گے یا وہ اسلام قبول کریں گے یا تمہارے سامنے ہتھیار ڈال دیں گے۔ ان تصریحات کو سامنے رکھتے ہوئے اب آپ روایات کا غیر جانبداری سے مطالعہ کریں، آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ صحیح قول کون سا ہے۔

تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ غزوۂ خیبر کے بعد عہدِ رسالت میں کفر واسلام کے درمیان مندرجہ ذیل معرکے ہوئے: غزوۂ موتہ، فتحِ مکہ، جنگِ حنین وطائف، غزوۂ تبوک۔ ان میں سے کوئی بھی اس آیت کا مصداق نہیں بن سکتا۔ غزوۂ موتہ میں رومیوں کے ساتھ ٹکر ہوئی۔ مسلمانوں کی تعداد فقط تین ہزار تھی۔ رومیوں کی تعداد باختلاف روایات ایک لاکھ یا دو لاکھ تھی۔ لیکن اس جنگ کا نتیجہ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ نہیں تھا۔ بلکہ مسلمانوں کے تین جرنیل شہید ہوئے۔ اس کے بعد حضرت خالدؓ بن ولید نے لشکر کی قیادت سنبھالی۔ آپ کی جنگی مہارت، عبقریت اور بے مثال شجاعت کا نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمانوں کا لشکر جو ٹڈی دل رومیوں کے محاصرہ میں پھنس گیا تھا اور جس کے بچنے کی بظاہر کوئی امید نہ تھی حضرت خالدؓ اسے دشمن کے محاصرہ سے نکالنے میں کامیاب ہو گئے۔ یہ جنگ فیصلہ کن نہ تھی۔ اسی لیے جب یہ لشکر مدینہ طیبہ واپس آیا تو صحابہ کرامؓ نے ان کا استقبال اس طرح نہ کیا جس طرح ایک فاتح لشکر کا کیا جاتا ہے۔ بلکہ بعض نے تو انہیں بھگوڑا (فرارون) تک کہا۔ لیکن رحمتِ عالم ﷺ نے فرمایا۔ ''بَلْ اَنْتُمْ كَرَّارُوْنَ'' (1)۔

اس کے بعد فتح مکہ کے لیے روانگی کا وقت آیا۔ ایک لشکرِ جرار ہمرکاب تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم ﷺ کو خواب میں پہلے ہی خوشخبری دے دی تھی۔ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ (الفتح:27) یعنی آپ ان شاء اللہ تعالیٰ مسجدِ حرام میں داخل ہوں گے امن کے ساتھ اور آپ کو قطعاً کوئی خوف نہ ہوگا۔ اس مژدہ کے بعد یہ وہم بھی نہیں کیا جا سکتا کہ حضور ﷺ جنگ کے ارادہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے تھے۔ اتنے بڑے لشکر کو لے جانے کا مقصد یہ تھا کہ کفارِ مکہ اتنے مرعوب ہو جائیں کہ اگر کسی کے دل میں شرارت اور فتنہ انگیزی کا خیال ہو بھی تو وہ اس کی ہمت نہ کر سکے۔ تاریخ اس پر شاہد ہے کہ جب اسلام کی فوجِ ظفر موج اپنے ہادی ومرشد ﷺ کی زیرِ قیادت مکہ میں داخل ہوئی تو اِکّا دُکّا واقعات کے سوا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا اور جنگ کا تو اہلِ مکہ نے ارادہ تک نہ کیا۔ قریشِ مکہ اگر پہلے اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ کا مصداق ہوں تو ہوں لیکن بدر، احد اور خصوصاً غزوۂ احزاب کے بعد تو ان میں یہ دم خم ہی نہ رہا تھا کہ وہ اسلام کے خلاف سینہ سپر ہو سکیں۔ اب تو وہ اپنی دیرینہ ہٹ اور عداوت کو نباہ رہے تھے۔ ورنہ ان کی قوت کھوکھلی ہو چکی تھی۔ جب قریش کے حلیف بنی بکر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حلیف بنی خزاعہ پر شب خون مار کر عہد شکنی کی تو اہلِ مکہ کی نیند اڑ گئی۔ انہیں ہر وقت یہ دھڑکا لگا رہتا کہ اب مسلمان ہم سے انتقام لینے کے لیے چڑھائی کر دیں گے۔ چنانچہ ابو سفیان مدینہ طیبہ حاضر ہوا۔ بڑی لجاجت اور خوشامد سے اس صلح نامہ کو برقرار رکھنے کی درخواستیں کرتا رہا۔ کئی صحابہ کرامؓ کی بھی بڑی

1۔ البدایۃ والنہایۃ، ج4، ص48-241

منت سماجت کی کہ بارگاہِ رسالت میں اس کی سفارش کریں، لیکن بے نیلِ مرام وہ مکہ واپس آیا۔ اس لیے فتح مکہ کے وقت قریش اوران کے حلیف قطعاً اس قابل نہ تھے کہ قرآنِ کریم میں ان کے بارے میں اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ کے الفاظ استعمال ہوتے۔

ہوازن اور ثقیف نے بے شک اکٹھے ہوکر مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے کا عزم کیا، لیکن اسلام کے بارہ ہزار بہادروں کے سامنے ان دو تین ہزار آدمیوں کی کیا حقیقت تھی؟(1) جنگ حنین کی ابتدا میں جو واقعات رونما ہوئے جن کے باعث ہوازن کا پلہ بھاری نظر آتا ہے، وہ میدانِ جنگ میں پیش نہیں آئے تھے۔ بلکہ مسلمانوں کا لشکر بے ترتیبی سے ان کی وادی ''اوطاس'' کی طرف بڑھ رہا تھا۔ انہوں نے کمین گاہوں میں اپنے تیرانداز چھپا کر بٹھادیے تھے۔ بے خبری اور بے دھیانی کی حالت میں جب لشکرِ اسلام کی چند ٹکڑیاں اس تنگ درہ سے گزرنے لگیں تو انہوں نے اچانک تیروں کی بوچھاڑ شروع کردی جس سے بھگدڑ مچ گئی، لیکن جوں ہی حضور علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق حضرت عباسؓ نے اپنی گرج دار آواز سے مسلمانوں کو للکارا: یَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ آوَوْا وَ نَصَرُوْا یَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِیْنَ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا تَحْتَ الشَّجَرَةِ اِنَّ مُحَمَّدًا حَیٌّ فَهَلُمُّوْا۔ وادی کے کونہ کونہ سے لبیک لبیک کی صدائیں گونجنے لگیں۔ سب پروانہ وار دوڑتے چلے آئے اور لمحہ بھر میں جنگ کا پانسہ پلٹ کر رکھ دیا۔ ہوازن وثقیف اپنی عورتوں، بچوں اور مال مویشی کو پیچھے چھوڑ کر بھاگ گئے (2)۔ علامہ ابن خلدون کے قول کے مطابق صرف چار مسلمان شہید ہوئے۔

وَاسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ یَوْمَ حُنَیْنٍ اَرْبَعَةٌ مِنْهُمْ، اَیْمَنُ ابْنُ اُمِّ اَیْمَنَ اَخُوْ اُسَامَةَ لِاُمِّهٖ وَ یَزِیْدُ بْنُ زَمْعَةَ ابْنِ اَسْوَدَ وَسُرَاقَةُ بْنُ حَرْثٍ مِّنْ بَنِی الْعَجْلَانِ وَ اَبُوْعَامِرِ الْاَشْعَرِیُّ۔(3)

ان حقائق کو سامنے رکھ کر آپ غزوۂ حنین کا جائزہ لیں، آپ کا دل مان جائے گا کہ اس آیت میں جس جنگ کا ذکر ہے وہ یہ معمولی جھڑپ نہیں ہوسکتی۔

رہا غزوۂ تبوک تو اس کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ وہاں رومیوں کو ہمت ہی نہ ہوئی کہ وہ مسلمانوں کے سامنے صف آرا ہوسکیں۔ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ یُسْلِمُوْنَ کا مفہوم وہاں بھی نہیں پایا جاتا۔

ہاں غزوۂ خیبر کے بعد سب سے پہلے اسلام اور باطل کی جو خون ریز لڑائی ہوئی وہی اس آیت کا مصداق بن سکتی ہے۔

یہ وہ جنگ ہے جو عہدِ صدیقی میں مسیلمہ کذاب کے ساتھ لڑی گئی۔ جن لوگوں نے اس جنگ کے حالات پڑھے ہیں وہی اس کی شدت کا کچھ احساس کرسکتے ہیں۔ بڑے اختصار کے ساتھ اس خون ریز معرکہ کا ذکر کیا جاتا ہے تاکہ آپ کو پورا اطمینان ہوجائے۔

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد عرب کے نومسلم بدو قبائل میں قبائلی عصبیت کا فتنہ جاگ اٹھا اور ارتداد کی آگ بھڑک اٹھی۔ کسی نے زکوٰۃ دینے سے انکار کردیا۔ کوئی خلافتِ اسلامیہ کی حاکمیت کے خلاف اٹھ کھڑا ہوا۔ بعض طالع آزما ایسے بھی تھے جنہوں نے نبوت کا دعویٰ کردیا۔ سب سے زیادہ خطرناک یہی فتنہ تھا۔ ان لوگوں میں سے جنہوں نے نبوت کا دعویٰ کیا، مسیلمہ کی قوت، اس پر ایمان لانے والوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان تمام خطرات کا قلع قمع کرنے کے لیے مؤثر اقدامات شروع کردیے۔ مسیلمہ کذاب کی روز افزوں قوت اسلام اور اسلامی مملکت کے لیے شدید ترین خطرہ بن کر ابھر رہی تھی۔ دو سالوں میں مسیلمہ کے اردگرد اس کا اپنا کثیر التعداد قبیلہ بنوحنیفہ جمع ہوگیا جو بسالت، جنگی مہارت اور شجاعت کے باعث عرب بھر میں مشہور تھا۔ اردگرد کے دوسرے قبائل بھی ان کے ساتھ آکر مل گئے۔ قبائلی عصبیت

1۔ السیرۃ النبویۃ از احمد بن زینی، ج2، ص9-307 2۔ حیاۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم از ہیکل، ص417 3۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص815، مطبوعہ دار الکتاب البنانی بیروت

نے ان کو اس قدر اندھا کر دیا تھا کہ وہ مسیلمہ کو جھوٹا سمجھتے ہوئے بھی اس کی مدد کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ چنانچہ طلحہ النمری جو بنی نمر قبیلہ کا سردار تھا، یمامہ میں آیا۔ اس نے لوگوں سے پوچھا کہ مسیلمہ کہاں ہے؟ مسیلمہ کے عقیدت مندوں نے جواب دیا کہ تم نام لے کر مسیلمہ کا ذکر نہ کرو بلکہ اس کو ''رسول اللہ'' کہو۔ طلحہ نے جواب دیا۔ جب تک میں اس کو دیکھ نہ لوں میں اس کو رسول نہیں کہوں گا۔ جب دونوں کی ملاقات ہوئی تو طلحہ نے پوچھا کہ تمہارے پاس کون آتا ہے؟ مسیلمہ نے کہا ''رحمان''۔ پھر اس نے دریافت کیا ''أَفِيْ نُوْرٍ اَمْ ظُلْمَةٍ؟'' روشنی میں یا تاریکی میں؟ مسیلمہ نے کہا: تاریکی میں۔ طلحہ نے جواب دیا۔ اَشْهَدُ اَنَّكَ كَذَّابٌ وَّ اَنَّ مُحَمَّدًا (عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ) صَادِقٌ لٰكِنْ كَذَّابُ رَبِيْعَةَ اَحَبُّ اِلَيْنَا مِنْ صَادِقِ مُضَرَ (1)۔

یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ تو جھوٹا ہے اور محمد (علیہ الصلوٰۃ والسلام) سچے ہیں۔ لیکن ربیعہ قبیلہ کا جھوٹا مجھے مضر قبیلہ کے سچے سے زیادہ محبوب ہے۔

اسی ایک واقعہ سے آپ قبائلی عصبیت کا بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

دیکھتے ہی دیکھتے مسیلمہ کی قوت اس قدر بڑھ گئی کہ سارے علاقہ پر اس کی دھاک بیٹھ گئی۔ پہلے مسلمانوں کا لشکر عکرمہ ابن ابی جہل کی قیادت میں آیا لیکن ان کے شدید حملہ کی تاب نہ لا کر پسپا ہو گیا۔ اس کے بعد شرحبیل ابن حسنہ نے مسیلمہ پر دھاوا بولا، لیکن نتیجہ پسندیدہ نہ تھا۔ حضرت صدیق اکبر نے حضرت خالد کو، جنہیں حضور ﷺ نے اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (سَيْفٌ مِّنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ) فرمایا تھا، اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے بھیجا۔ اسلامی لشکر میں اکابر مہاجرین اور اجلہ انصار کی کثیر تعداد تھی۔ حفاظِ قرآن بھی کافی تعداد میں تھے۔ چنانچہ عقربا کے گاؤں کے کھلے میدان میں دونوں لشکر صف آرا ہوئے۔ مسیلمہ کے جاں فروش سپاہیوں کی تعداد چالیس ہزار تھی۔ اتنا بڑا لشکر اہل عرب نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ سارے سپاہی فولاد کی زرہوں میں غرق تھے۔ اسلحہ کی فراوانی تھی۔ زادِ راہ کی کمی نہ تھی۔ جب یہ جنگ شروع ہوئی، جس کے نتیجہ پر اسلام کے مستقبل کا انحصار تھا، تو مرتدین نے پہلا حملہ اس شدت سے کیا کہ مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے۔ دشمن بڑھتے بڑھتے اس خیمہ تک چلا آیا جو کمانڈر انچیف کا ہیڈ کوارٹر تھا۔ حضرت خالدؓ کی عبقریت اور بے نظر شجاعت کام آئی۔ حضرت خالدؓ خود گھوڑے پر سوار ہوئے۔ ''یا محمداہ'' کا نعرہ لگایا اور مسیلمہ پر حملہ کر دیا۔ چند گھنٹوں کی خون ریز لڑائی میں دشمن کے سات ہزار سے زیادہ سپاہی ہلاک ہو گئے۔ حضرت خالدؓ نے چکر کاٹا اور مسیلمہ کے گرد جمگھٹا بنا کر کھڑے ہونے والے سپاہیوں پر برقِ خاطف بن کر گرے اور ان کو گاجر مولی کی طرح کاٹنا شروع کر دیا۔ اس اچانک اور بے پناہ حملہ سے ان کے اوسان خطا ہو گئے۔ انہوں نے مسیلمہ سے پوچھنا شروع کیا۔ اَيْنَ مَا كُنْتَ تَعِدُنَا۔ جس نصرت کا تم ہم سے وعدہ کیا کرتے تھے وہ کہاں ہے؟ مسیلمہ نے کہا۔ قَاتِلُوْا عَنْ اَحْسَابِكُمْ۔ میری موعودہ مدد کا انتظار نہ کرو۔ اب اپنی خاندانی عزت وحمیت کے لیے جنگ کرو۔ یہ کہا اور میدانِ جنگ سے بھاگ نکلا۔ محکم ابن طفیل نے جب اپنی قوم کی یہ رسوائی دیکھی اور افراتفری کے عالم میں میدان سے شکست کھا کر بھاگتے دیکھا تو پکارا۔ يَا بَنِيْ حَنِيْفَةَ الْحَدِيْقَةَ۔ اے بنی حنیفہ باغ میں داخل ہو جاؤ۔ وہاں قریب ہی ایک وسیع باغ تھا جس کی چار دیواری بڑی مضبوط اور اونچی تھی اور آہنی دروازے بڑے پختہ تھے۔ وہاں جا کر انہوں نے پناہ لی۔ حضرت براءؓ ابن مالک نے جب یہ دیکھا کہ دشمن قلعہ نما باغ میں پناہ گزیں ہو گیا ہے تو آپ نے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ مجھے اوپر اٹھا کر کسی طرح باغ کی دیوار پر چڑھا دو۔ انہوں نے منع کیا لیکن ان کا اصرار برقرار رہا۔ چنانچہ آپ کو دیوار پر پہنچا دیا

1۔ البدایۃ والنہایۃ، ج6، ص327

حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

نہ ہو سکیں ۲۶ اور جو شخص اطاعت کرتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی داخل فرمائے گا اسے باغات میں رواں ہیں جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ ع ۲ ۱۰

نہریں۔ اور جو شخص رُوگردانی کرے گا' اللہ تعالیٰ اسے دردناک عذاب دے گا یقیناً راضی ہو گیا اللہ تعالیٰ ۲۷ اُن

گیا۔ وہاں پہنچ کر آپ نے بڑی چستی سے دروازے کی طرف بڑھنا شروع کر دیا۔ راستہ میں جو مرتد ملا اس کو تہِ تیغ کر دیا۔ یہاں تک کہ دروازہ کے قریب پہنچے اور اسے کھول دیا۔ مسلمان مجاہدین اندر داخل ہو گئے۔ بڑے گھمسان کی لڑائی شروع ہوئی۔ یہاں تک کہ وحشی (قاتل سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے مسیلمہ کو قتل کر دیا۔ جب اس کے لشکریوں کو علم ہوا تو انہوں نے ہتھیار ڈال دیے۔ سات ہزار کفار وہاں مارے گئے۔ دشمن کے مقتولوں کی مجموعی تعداد اکیس ہزار بنتی ہے۔ مسلمانوں کا بھی شدید جانی نقصان ہوا۔ ہزاروں کی تعداد میں جلیل القدر صحابہ نے جام شہادت نوش کیا۔ اس طرح حضرت ابوبکر صدیقؓ کی عظیم قیادت، حضرت خالد کی بے نظیر عبقریت اور صحابہ کرام کی بے مثل شجاعت و بہادری نے فتنۂ انکارِ ختمِ نبوت کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیا(1)۔

یہ وہ پہلا معرکہ ہے جو اس آیت کے نزول کے بعد مسلمانوں اور ایک ایسی قوم کے درمیان ہوا جس پر اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ کا صحیح اطلاق ہوتا ہے اور اس کا انجام بھی تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ کے عین مطابق ہوا۔ حضرت رافع ابن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنَّا نَقْرَأُ هٰذِهِ الْاٰيَةَ فِيْ مَا مَضٰى سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَلَا نَعْلَمُ مَنْ هُمْ حَتّٰى دَعَانَا اَبُوْ بَكْرٍ اِلٰى قِتَالِ بَنِيْ حَنِيْفَةَ فَعَلِمْنَا اَنَّهُمْ هُمْ(2)۔

بخدا پہلے ہم یہ آیت پڑھا کرتے تھے لیکن ہمیں یہ علم نہ تھا کہ وہ جنگجو قوم کون سی ہے جس کے ساتھ ہمیں جنگ کی دعوت دی جائے گی؟ جب صدیق اکبر نے ہمیں بنی حنیفہ کے ساتھ جنگ کرنے کی دعوت دی تو ہم جان گئے کہ یہی وہ قوم ہے جس کا اس آیت میں ذکر کیا گیا ہے۔

۲۶ مدینہ طیبہ میں کئی مخلص مسلمان جو نابینا یا لنگڑے یا بیمار تھے وہ بھی اس جہاد میں شریک نہ ہو سکے۔ انہوں نے جب مُخَلَّفِیْنَ کے بارے میں یہ آیت سنی تو بے چین ہو گئے کہ مبادا ان کا شمار بھی کہیں ان کے زمرہ میں ہو۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر گزارش کی: كَيْفَ بِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اے اللہ کے رسول! ہمارا کیا بنے گا؟ ہم بھی تو اس سفر میں شریک نہ تھے۔ ان کے اطمینان کے لیے یہ آیت نازل ہوئی(3)۔

۲۷ آیت نمبر ۱۰ میں حضور سرورِ عالمیان ﷺ کے دستِ مبارک پر بیعت کرنے کی اہمیت کو بیان کیا گیا کہ اللہ کے رسول ﷺ کے دستِ مبارک پر ہاتھ رکھ کر بیعت کرنا کوئی معمولی بیعت نہیں ہے۔ یہ ہاتھ اللہ کا ہے۔ رسول کے ساتھ بیعت رسول کے خداوندِ ذوالجلال کے ساتھ بیعت ہے۔ گویا تم براہِ راست اپنے رب کے ساتھ معاہدہ کر رہے ہو کہ اے مجھے نیست سے ہست کرنے والے!

1۔ البدایۃ والنہایۃ، ج6، ص323-26 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص272 3۔ ایضاً، جز16، ص273 (ماخوذ)

اے مجھے اپنے گوناگوں انعامات واحسانات سے سرفراز فرمانے والے! اے میرے نہاں خانۂ دل میں شمعِ ایمان کو نورِ عشق سے فروزاں کرنے والے! تیرا یہ بندہ وعدہ کرتا ہے کہ تیری رضا میرا حاصلِ زیست ہے اور اس کے حصول میں مرمٹنا میری معراج ہے۔

وعدہ کرنے والے تو بہت ہوتے ہیں لیکن اس کو نباہنے والے کم ہوتے ہیں۔ وہاں اس بات کی بھی تصریح کر دی کہ جو وعدہ کر کے توڑے گا وہ اپنی ہی رسوائی اور روسیاہی کا باعث بنے گا لیکن جس نے پیمانِ وفا باندھا اور پھر اس کے تقاضوں کو پورا کیا اللہ تعالیٰ اس کو اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ جس اجر کو قرآن ''عظیم'' کہہ رہا ہے اس کی عظمت کا اندازہ کون لگا سکتا ہے؟

ان آیات میں ان مردانِ پاکباز، عاشقانِ وفا کیش، منزلِ مہر و وفا کے بلند اقبال مسافروں کا ذکرِ تعیین کے ساتھ کیا جا رہا ہے جنہوں نے اپنے محبوبِ کریم ﷺ کے دستِ ہدایت بخش پر بیعت کی اور پھر اس کا حق ادا کر دیا۔ ساتھ ہی اس جاں سپاری اور وفا شعاری کا جو صلہ بارگاہِ ربِ جلیل سے انہیں ارزانی ہوا اس کو بیان کر دیا تا کہ دنیا دیکھ لے کہ اللہ کے محبوب ﷺ کے غلام، اس کے آغوشِ لطف و کرم کے پروردہ، اسلام کے لشکر کے یہ جیالے غازی کس قسم کے لوگ تھے۔

۶ھ، ذی القعدہ کے مہینہ میں حضور سرورِ کائنات علیہ اطیب الصلوٰۃ واجمل التحیات اپنے چودہ سو جاں نثاروں کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کی نیت سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ انہوں نے احرام باندھے ہوئے تھے۔ قربانی کے جانور ساتھ تھے، ذاتی حفاظت کے لیے ایک تلوار کے علاوہ کسی قسم کا سامانِ جنگ ان کے پاس نہ تھا۔ اللہ کے بندوں کا یہ گروہ اللہ کے گھر کی زیارت کے شوق سے سرشار ہو کر مکہ کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اہلِ مکہ کو جب ان کی آمد کا علم ہوا تو انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ وہ کسی قیمت پر مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیں گے۔ نبی رحمت ﷺ نے مناسب سمجھا کہ ان کے پاس اپنا سفیر بھیج کر انہیں اپنی آمد کے مقصد سے آگاہ کریں اور ان کی اس غلط فہمی کو دور کر دیں کہ مسلمان مکہ پر قبضہ کرنے کی نیت سے آئے ہیں۔ اس نازک اور اہم مقصد کی تکمیل کے لیے نگاہِ رسالت نے چودہ سو صحابہؓ میں سے حضرت عثمانؓ کو منتخب کیا۔ آپ کے وہاں جانے کے بعد یہ افواہ پھیل گئی کہ کفارِ مکہ نے آپ کو شہید کر دیا ہے۔ مسلمانوں میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا۔ نبی برحق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس نازک صورتِ حال میں ایک ایسا اقدام کیا جس سے دنیا بھر کے جرنیل سبق حاصل کر سکتے ہیں کہ قوم کے جوش و خروش کو کس طرح تعمیری مقصد کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ حضور ﷺ ایک درخت (سمرہ) کے نیچے تشریف فرما ہو گئے اور فرزندانِ اسلام کو دعوت دی کہ وہ اس بات پر بیعت کریں کہ جب تک خونِ عثمان کا بدلہ نہ لے لیں گے میدانِ جنگ سے نہ ہٹیں گے۔ اس بیعت کی برکت سے مسلمانوں میں ایسا جوش و خروش پیدا ہو گیا اور جاں بازی کا وہ بے پناہ جذبہ بیدار ہو گیا جس کو دنیائے کفر کے قشونِ قاہرہ بھی شکست نہیں دے سکتے تھے۔ اس کا فوری اثر یہ ہوا کہ کفار کے حوصلے پست ہو گئے اور انہوں نے صلح کر لینے میں ہی اپنی خیریت سمجھی۔ اس بیعت کی دوسری برکت یہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ان پاکباز بندوں اور اپنے محبوب ﷺ کی شمعِ جمال کے پروانوں کے سروں پر اپنی رضا کا تاج سجا دیا(1)۔

مبارک صد مبارک! اے اسلام کے سربکف مجاہدو! تمہارا رب تم پر راضی ہو گیا۔ مبارک صد مبارک! اے محمدی مکتب کے شاگردو! تم اپنی زندگی کے امتحان میں کامیاب ہو گئے۔ مبارک صد مبارک! راہِ عشق کو اپنے حسنِ عمل اور خلوصِ نیت کے رنگین پھولوں سے آراستہ کرنے والو! قیامت تک آنے والے اربابِ وفا کی راہ میں تم نے ایسے چراغ روشن کر دیے ہیں جن کو کوئی آندھی بجھا نہ سکے گی۔ تمہاری جاں فروشی کے طفیل محبت کی دنیا آباد رہے گی۔ جادۂ حق کے مسافر تمہارے کارناموں سے تا ابد اکتسابِ فیض کرتے رہیں گے۔

1۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص85-784

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

مومنوں سے جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ کی اس درخت کے نیچے پس جان لیا اس نے جو کچھ ان کے دلوں میں تھا ۲۸

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً

پس اتارا اس نے اطمینان کو ان پر ۲۹ اور بطور انعام انہیں یہ قریبی فتح بخشی ۳۰ اور بہت سی غنیمتیں بھی (عطا کیں)

آیت کے ان نورانی کلمات میں غور کیجیے۔ اللہ تعالیٰ کیا فرما رہا ہے؟ کس انداز سے فرما رہا ہے اور کن کے بارے میں فرما رہا ہے؟ لام تاکید قد برائے تاکید۔ رضی ماضی کا صیغہ جو تحقق اور وقوع پر دلالت کرتا ہے۔ اسمِ جلالت کو ظاہر ذکر کر دیا یعنی بلاشک وشبہ اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا ہے۔ کن سے؟ المومنین سے۔ اس میں یہ الف لام عہد خارجی ہے۔ کیوں اور کس وقت؟ جب میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ اس درخت کے نیچے تشریف فرما تھے اور آپ کے یہ غلام دیوانہ وار حاضر ہو کر آپ کے دستِ پاک پر سرفروشی، جان بازی اور وفا شعاری کی بیعت کر رہے تھے۔

اہلِ علم آیت کی بلاغت پر غور فرمائیں کہ رَضِیَ ماضی کا صیغہ استعمال کیا اور یُبَایِعُوْنَ مضارع کا۔ رَضِیَ کا صیغہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا۔ رضا و خوشنودی کی دولتِ سرمدی سے ان کو مالا مال کر دیا اور یُبَایِعُوْنَ مضارع ذکر کرنے میں لطف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کی یہ ادا اتنی پسند اور محبوب ہے کہ اسے ماضی کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔ بیعت کا وہ ایمان افروز منظر تو اب بھی نگاہوں میں ہے کہ آپ بیٹھے ہیں۔ آپ کے جاں نثار ذوق وشوق سے دوڑے چلے آ رہے ہیں اور بیعت کر رہے ہیں۔ یہ سہانا منظر اور اس کی ایمان پرور یاد ہمیشہ حال ہی رہے گی، ماضی کی داستان نہیں بنے گی۔

۲۸ یعنی ہم ان کے دلوں کی کیفیت، خلوص اور سچی محبت کو خوب جانتے ہیں اور اسی بنا پر ہم نے ان کو اپنی رضامندی کی سند ارزانی فرمائی ہے۔ ایک شیعہ مفسر طبرسی اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ مِّنَ الْيَقِيْنِ وَالصَّبْرِ وَالْوَفَا (مجمع البیان) (1) یعنی ان کے دلوں میں یقین، صبر اور وفا کے جو پاکیزہ جذبات تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں جان لیا۔ پھر دوسرے شیعہ مفسر ملا فتح اللہ کاشانی لکھتے ہیں: فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ آنچہ در دل ہائے ایشاں است از خلوص عقیدت وصفائے نیت درزیر درخت و وفا وصداقت نسبت بتو (منہج الصادقین) (2) یعنی ان کے دلوں میں جو عقیدت کا خلوص اور نیت کی صفائی اور آپ سے دوستی کی وفا کے جذبات تھے ان کو جان لیا۔ قرآنِ کریم کی اس آیت سے بیعتِ رضوان سے مشرف ہونے والوں کا خلوص اور ایمان ثابت ہو گیا جس کی تصدیق چار و ناچار ان شیعہ عالموں کو بھی کرنا پڑی۔ جن کے دلوں کے نورِ ایمان سے منور ہونے کا گواہ خود علیم بذات الصدور ہو انہیں کسی دوسرے کی شہادت کی قطعاً ضرورت نہیں۔

۲۹ اللہ تعالیٰ نے ان مخلص بندوں کو جن انعامات اور نوازشات سے نوازا ان جملوں میں ان کا ذکر ہو رہا ہے۔

پہلا احسان تو یہ فرمایا کہ ان کے دلوں کو سکون اور طمانیت سے معمور کر دیا۔ شاید کسی بے شعور کو اس انعام کی اہمیت کا صحیح اندازہ نہ ہو۔ آپ کسی ایسے شخص سے اس کی قدر و قیمت پوچھیں جو چاروں طرف سے دشمن کے نرغے میں ہو۔ دشمن سے نبرد آزما ہونے کے

1۔ مجمع البیان، ج 9، ص 116 2۔ منہج الصادقین، ج 8، ص 74-373

يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

جن کو وہ عنقریب حاصل کریں گے ۳۱ اور اللہ سب سے زبردست بڑا دانا ہے۔ (اے غلامانِ مصطفیٰ) اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے جنہیں تم اپنے

لیے اس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہوں، اپنے وطن اور اپنے دوستوں سے سینکڑوں میل دور ہو، ایسی حالت میں پاؤں نہ لرزیں، ہاتھ نہ کانپیں، آنکھیں خیرہ نہ ہوں، دل جوان رہے، روح پر شباب کی کیفیت طاری ہو، دشمن کی کثرت، اس کا اسلحہ، اس کا ماحول اس کے لیے ہمت شکن نہ ہو بلکہ اس کے حوصلوں اور عزائم کو نئی قوت سے سرشار کر رہا ہو اس سے پوچھو فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ کیسی نعمت ہے، کتنا بڑا احسان ہے۔ یہ انعام کن لوگوں کو دیا گیا؟ فرمایا ''عَلَيْهِمْ'' وہی جنہوں نے حدیبیہ کے مقام پر اس درخت کے نیچے میرے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ طبرسی اس جملہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: وَهِيَ اللُّطْفُ الْمُقَوِّيْ لِقُلُوْبِهِمْ وَالطَّمَانِيْنَةُ۔ یعنی اللہ نے ان پر لطف فرمایا، ان کے دلوں کو مضبوط کر دیا اور اطمینان سے لبریز کر دیا۔ (مجمع البیان) (1)

۳۰ یہ دوسرا انعام ہے جس سے مخلصین کی اس جماعت کو بہرہ اندوز کیا گیا۔ یعنی عنقریب ہم تمہیں دشمن کے مقابلہ میں فتح عطا فرمائیں گے اور عمرہ نہ کرنے کا جو صدمہ تمہیں پہنچا ہے اس کا ازالہ ہو جائے گا۔ جب کفر سرنگوں ہوگا اور اسلام کا پرچم اونچا لہرائے گا تو تمہارے رنجیدہ دل فرحت اور انبساط سے باغ باغ ہو جائیں گے۔

یہاں بھی ''اَثَابَهُمْ'' میں ضمیرِ مفعول کا مرجع وہی لوگ ہیں جنہوں نے بیعت الرضوان کا شرف حاصل کیا تھا۔

اس خوشخبری کا مصداق فتحِ خیبر ہے کیونکہ سفرِ حدیبیہ کے فوراً بعد یہی غزوہ پیش آیا ہے۔ یہودیوں کے سارے قلعے اور تمام گڑھیاں فتح ہوئیں اور اسلام کو شاندار کامیابی نصیب ہوئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب خیبر کی طرف روانہ ہوئے تو حکم دیا کہ اس سفر میں صرف وہی لوگ ہمرکابی کا شرف حاصل کریں گے جو حدیبیہ کے سفر میں ہمارے ساتھ تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس ارشاد سے بھی فَاَثَابَهُمْ کی ضمیر کا مرجع متعین ہو گیا۔

۳۱ یہ تیسرا انعام ہے جس سے جاں فروشوں کے اس گروہ کو سرفراز فرمایا جا رہا ہے۔ یعنی ہم انہیں مالِ غنیمت دیں گے اور بکثرت دیں گے جس سے ان کے افلاس کا خاتمہ ہو جائے گا۔ یہ اموالِ غنیمت جنہیں غنائمِ کثیرہ کہا گیا ہے، خیبر سے حاصل ہونے والے منقولہ اور غیر منقولہ اموال و املاک ہیں۔

حدیبیہ میں کفارِ مکہ کے ساتھ جس صلح نامہ پر دستخط ہوئے اس کی مدت دس سال تھی۔ اس صلح سے اہلِ مکہ اور ان کے حلیف قبائل جو مکہ کے گرد و نواح اور جنوبی حجاز میں پھیلے ہوئے تھے، ان کی طرف سے حملہ کا خدشہ ختم ہو گیا۔ اس طرح مدینہ طیبہ جو مسلسل کئی سال سے دشمن سے برسرِ پیکار تھا، شب و روز ان کی یلغار کا کھٹکا لگا رہتا تھا اس سے سکون ملا تو فوراً نبی برحق نے ایک دوسرے محاذ کی طرف توجہ فرمائی۔ یہ محاذ خیبر کے یہودیوں کا تھا۔ اسلام اور پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عداوت میں یہ لوگ کفارِ مکہ سے دو قدم آگے تھے۔ ان کے پاس دولت کی فراوانی تھی۔ خیبر کی زرخیز وادی ان کی ملکیت تھی۔ وہاں انہوں نے اونچی چٹانوں پر متعدد قلعے اور گڑھیاں بنائی ہوئی تھیں جو دفاعی نقطۂ نظر سے بڑی مستحکم تھیں۔ بنی قریظہ اور بنی نضیر کی جلاوطنی نے ان کی عداوت کو اور بھڑکا دیا تھا۔ ان کے پاس افرادی طاقت کی بھی کمی نہ تھی۔ خیبر کے قلعوں میں جنگجو بہادروں کی مجموعی تعداد دس ہزار تھی۔ انہوں نے اسلحہ کے

1۔ مجمع البیان، ج9، ص116

انبار اکٹھے کر رکھے تھے۔ ان کے پاس خوراک کے اتنے ذخائر تھے جو محاصرہ کی صورت میں کافی مدت تک ان کے کام آسکتے تھے۔ عرب کے مشرک قبائل پر ان کا اعتماد باقی نہ رہا تھا۔ حجاز میں مختلف مقامات پر وادی القریٰ، تیما میں جو یہودی قبائل آباد تھے، وہ ان کو ساتھ ملا کر مدینہ پر چڑھائی کرنے کے منصوبے بنا رہے تھے۔ قبیلہ غطفان سے بھی ان کے گہرے تعلقات تھے۔

ایسے خطرناک اور کینہ توز دشمن کی طرف سے صرفِ نظر یا انہیں حملہ کی تیاری کے لیے مزید مہلت دینا سرورِ عالم ﷺ کی جنگی حکمتِ عملی کے خلاف تھا۔ حضور ﷺ نے خیبر پر حملہ کرنے کی تیاری شروع کر دی اور اس مہم میں شرکت کے لیے فقط ان بہادروں کو دعوت دی گئی جو حدیبیہ کے مقام پر بیعتِ رضوان سے مشرف ہوئے تھے۔ یہ سفر بڑی رازداری اور بڑی تیزی سے کیا گیا۔ ایک رات لشکرِ اسلام خیبر کی طرف رواں دواں تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عامر بن اکوع کو یاد فرمایا۔ اَنْزِلْ یَا ابْنَ الْاَکْوَعِ فَحُدَّ لَنَا مِنْ هُنَاتِكَ۔ اے اکوع کے فرزند! ذرا نیچے اترو اور اپنا کلام سناؤ۔ وہ اترے اور انہوں نے بڑی خوش الحانی سے یہ اشعار پڑھے۔

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

بخدا! اگر اللہ تعالیٰ مہربانی نہ فرماتا تو ہم کو نہ ہدایت نصیب ہوتی اور نہ صدقہ دینے اور نماز پڑھنے کی توفیق میسر آتی۔

اِنَّا اِذَا قَوْمٌ بَغَوْا عَلَيْنَا وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

ہم وہ جانباز ہیں کہ جب کوئی قوم ہم پر سرکشی کرتی ہے اور ہمیں کسی آزمائش میں مبتلا کرنا چاہتی ہے تو ہم اس کے سامنے سر جھکانے سے انکار کر دیتے ہیں۔

فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَ ثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنَّ لَاقَيْنَا

الٰہی! ہم پر سکینہ نازل فرما اور جب دشمن سے ہمارا مقابلہ ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ۔

ان کے یہ شعر سن کر حضور ﷺ بڑے خوش ہوئے اور فرمایا: يَرْحَمُكَ رَبُّكَ اے عامر! تیرا رب تجھ پر رحم فرمائے۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ فوراً بول اٹھے۔ وَجَبَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوِ امْتَعْتَنَا بِهٖ فَقُتِلَ يَوْمَ خَيْبَرَ شَهِيْدًا۔ اے اللہ کے پیارے رسول! آپ کے اس غلام پر شہادت واجب ہو گئی۔ کاش! حضور کچھ مدت اور ہمیں ان سے مستفید ہونے دیتے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور آپ نے غزوۂ خیبر میں شہادت پائی (1)۔

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ خیبر ایک شہر کا نام ہے۔ وہاں ایک ہی قلعہ تھا۔ جب وہ فتح ہوا تو خیبر پر اسلام کا پرچم لہرانے لگا۔ اس طرح صحابۂ کرامؓ نے خیبر کو سر کرنے میں جن جانبازیوں کا مظاہرہ کیا اور جس طرح دادِ شجاعت دی ان کا صحیح علم نہیں ہو سکتا۔ میں قارئینِ کرام کی اجازت سے حقیقتِ حال ذرا تفصیل سے لکھنا چاہتا ہوں۔

خیبر ایک علاقہ کا نام ہے جس میں کئی آبادیاں، متعدد قلعے اور گڑھیاں تھیں۔ یہ علاقہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک کا نام ''نطاۃ'' ہے۔ یہ پہاڑی حصہ ہے۔ اس میں چٹانیں، اونچے نیچے ٹیلے اور پتھریلی زمین ہے۔ دوسرے کا نام ''شق'' ہے۔ یہ نرم زمین میں واقع ہے۔ اس کی آب و ہوا صحت کے لیے مضر ہے۔ ''نطاۃ'' کے مشہور قلعوں کے نام یہ ہیں: حصنِ ناعم، حصن العصب، ابن معاذ، حصن زبیر اور ''شق'' کے مشہور قلعوں کے نام یہ ہیں: سموان، نذل، قموص، وطیح اور سلالم۔ (2)

جب حضور ﷺ خیبر کی وادی میں داخل ہونے لگے تو سب کو حکم دیا: ''قِفُوْا''۔ رک جاؤ۔ پھر یہ دعا مانگی:

1۔ البدایۃ والنہایۃ، ج4، ص83-182 2۔ معجم البلدان، ج2، ص10-409 (ماخوذ)۔ البدایۃ والنہایۃ، ج4، ص99-198

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَ رَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَ مَا اَقْلَلْنَ وَ رَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَ رَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا اَذْرَيْنَ نَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَ خَيْرَ اَهْلِهَا وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ اَهْلِهَا وَ شَرِّ مَا فِيْهَا(1): اے اللہ! اے آسمانوں کے رب اور جس پر وہ سایہ فگن ہیں، اور اے زمینوں کے رب اور جسے وہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ اے شیاطین کے رب اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے۔ اے ہواؤں کے رب اور جنہیں وہ اڑاتی ہیں، میں اس گاؤں اور اس میں رہنے والوں کی بھلائی کی تجھ سے التجا کرتا ہوں اور میں گاؤں، اس میں رہنے والوں اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ (ہر بستی میں داخل ہوتے وقت یہ دعا مانگا کرتے۔)

پھر وادیٔ خیبر میں داخل ہوئے۔ صبح کا وقت تھا۔ یہودی حسبِ معمول روزمرہ کے کام کے لیے کدالیں، کسیاں اور ٹوکرے اٹھائے ہوئے اپنے قلعوں سے باہر نکل کر کام کاج کے لیے جا رہے تھے۔ لشکرِ اسلام کو وہاں دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ ''وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيْسُ''۔ خدا کی قسم! یہ محمد ہیں اور ان کا لشکر۔ یہ کہتے ہوئے واپس بھاگے۔ رسولِ اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک بلند کرتے ہوئے نعرہ مارا: اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ(2)۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ خیبر اجڑ گیا۔ ہم جب کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ان کی صبح بڑی خطرناک ہوتی ہے۔

تمام مؤرخین اس بات پر متفق ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سب سے پہلے ''قلعۂ ناعم'' کا محاصرہ کیا۔ (ابنِ کثیر، ابنِ اثیر، ابنِ خلدون)(3)

بڑی شدید جنگ ہوئی۔ یہودیوں نے بڑی شجاعت سے مقابلہ کیا۔ یہ سلسلہ کئی دن تک جاری رہا، یہاں تک کہ لشکرِ اسلام کو فتح ہوئی اور قلعہ پر اسلام کا پرچم لہرا دیا گیا۔ طبرانی نے حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے کہ حضور ﷺ نے اس روز ارشاد فرمایا کہ دشمن سے مقابلہ کی تمنا نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ سے عافیت اور سلامتی مانگا کرو۔ لیکن جب جنگ کے بغیر کوئی چارۂ کار نہ رہے فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ رَبَّهُمْ نَوَاصِيْنَا وَ نَوَاصِيْهِمْ بِيَدِكَ ۔ اِنَّمَا تَقْتُلُهُمْ اَنْتَ ثُمَّ الْزَمُوا الْاَرْضَ جُلُوْسًا فَاِذَا غَشَوْكُمْ فَانْهَضُوْا وَ كَبِّرُوْا(4)۔ یعنی دشمن جب ہلہ بول دے اس وقت کہو: اے اللہ! تو ہی ہمارا اور ان کا رب ہے۔ ہماری پیشانیاں اور ان کی پیشانیاں تیرے ہاتھ میں ہیں۔ تو ہی ان کو قتل کرتا ہے۔ یہ کہہ کر زمین پر بیٹھ جاؤ، پھر جب دشمن تم پر ہلّہ بول دیں تو کھڑے ہو جاؤ اور زور سے نعرۂ تکبیر بلند کرو۔

قلعۂ ناعم سر کرنے کے بعد ''قلعہ صعب'' کا محاصرہ کیا گیا۔ یہ قلعہ بڑا مضبوط تھا۔ اس میں ان کے خوراک کے ذخائر تھے۔ اس کی حفاظت کا انہوں نے بڑا اہتمام کیا ہوا تھا۔ تین روز تک جنگ ہوتی رہی۔ دونوں فریق داد شجاعت دیتے رہے۔ مسلمانوں کے پاس خوراک کی شدید قلت تھی۔ حضرت خباب ابن منذر کو حضور ﷺ نے یاد فرمایا۔ ان کو علم دیا اور اپنی دعاؤں کے ساتھ میدانِ جنگ کی طرف روانہ کیا۔ یہود کی طرف سے یوشع نامی پہلوان میدان میں آیا اور دعوتِ مبارزت دی۔ حضرت خبابؓ نے ایک ہی وار میں اس کو ڈھیر کر دیا۔ پھر زیال نامی یہودی اپنی تلوار لہراتا ہوا آیا۔ عمارہ ابن عقبہ الغفاری نے اس کو واصلِ جہنم کیا۔ آخر یہ قلعہ بھی فتح ہوا۔ اس میں جو، کھجور، گھی، شہد، زیتون، چربی وغیرہ کے اتنے ذخائر مسلمانوں کے ہاتھ آئے جن کا وہ تصور بھی نہ کر سکتے تھے۔ اس طرح مسلمانوں کی فاقہ کشی کا خاتمہ ہوا(5)۔

لیکن علامہ ابنِ اثیر اور ابنِ خلدون کے قول کے مطابق ''قلعہ قموص'' کا محاصرہ کیا گیا(6)۔ یہ یہودیوں کے سردار ابوالحقیق

1۔ الکامل فی التاریخ از ابن اثیر، ج2، ص217، مطبوعہ دار صادر بیروت
2۔ تاریخ ابن کثیر، ج4، ص183
3۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص795، تاریخ ابن کثیر، ج4، ص192۔ تاریخ ابن اثیر، ج2، ص217
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص25
5۔ ایضاً
6۔ تاریخ ابن اثیر، ج2، ص217۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص795

کے بیٹوں کا قلعہ تھا۔ اس میں یہودیوں کی عورتیں جمع تھیں۔ آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ قلعہ کتنا مضبوط ہوگا، لیکن چند دن کی شدید جنگ کے بعد اس پر بھی مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔

علامہ پانی پتی کے قول کے مطابق قلعہ صعب کے بعد صحابہؓ نے ''قلعہ زبیر'' کو اپنے گھیرے میں لے لیا۔ یہ قلعہ ایک پہاڑی کی چوٹی پر واقع تھا۔ تین دن گزر گئے یہ قلعہ فتح نہ ہوا۔ اس اثنا میں ''غزال'' نامی ایک یہودی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا: اے ابوالقاسم! اگر آپ مجھے امان دیں تو میں آپ کو ایسا طریقہ بتاؤں گا جس سے یہ مشکل حل ہو جائے گی۔ ویسے اگر آپ ایک مہینہ تک بھی اس کا محاصرہ کیے رہیں تو یہودیوں کو پروا تک نہ ہوگی۔ قلعہ میں سرنگیں ہیں۔ رات کے وقت وہ ان سرنگوں سے نکل کر پانی بھر لاتے ہیں۔ اگر ان سرنگوں کو تباہ کر دیا جائے تو یہودی فوراً ہتھیار ڈال دیں گے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔ یہودی اب کھلے میدان میں نکل کر لڑنے مرنے پر تیار ہو گئے۔ سخت جنگ ہوئی۔ بہت سے صحابہ کرامؓ نے جامِ شہادت نوش کیا اور یہودیوں کے کشتوں کے پشتے لگ گئے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ کی مدد سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح ہوئی۔ ''نطاۃ'' کے علاقہ کا یہ آخری قلعہ تھا۔ اس علاقہ سے فراغت ہوئی تو ''شق'' کے علاقہ میں یہودیوں کے قلعوں کو سر کرنے کی طرف حضور متوجہ ہوئے۔ سب سے پہلے ''قلعۂ سموان'' کا محاصرہ کیا گیا۔ فریقین نے اپنی اپنی شجاعت کے خوب جوہر دکھلائے۔ ''عزول'' نامی یہودی دعوتِ مبارزت دیتا ہوا میدان میں آیا۔ حضرت خبابؓ ابنِ منذر نے آگے بڑھ کر اس کو جہنم رسید کیا۔ اس کے بعد ایک اور یہودی بہادر نے مسلمانوں کو للکارا۔ حضرت ابو دجانہؓ نے اس کا کام تمام کر دیا۔ مسلمانوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ قلعہ پر دھاوا بول دیا۔ اس کے آہنی دروازے کو توڑ کر مسلمان قلعہ میں داخل ہو گئے۔ حضرت ابو دجانہ پیش پیش تھے۔ ان کی تلوار یہود پر بجلی بن کر گر رہی تھی۔ یہاں بھی مسلمانوں کو بہت سا قیمتی سامان، ریوڑ اور خوراک کے ذخائر دستیاب ہوئے۔ یہاں شکست کھانے کے بعد یہودی جان بچا کر اسی علاقہ کے دوسرے قلعہ ''حصنِ نذل'' میں اپنے ساتھیوں سے جا ملے۔ ایک کثیر جمعیت قلعہ بند ہو کر بیٹھ گئی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ فیصلہ کن جنگ کرنے کا عزم کر لیا۔ ان لوگوں نے لشکرِ اسلام پر سنگ باری اور تیر افگنی کی حد کر دی۔ کئی تیر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لباس کے ساتھ آ کر پیوست ہو گئے۔ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی مٹھی میں کنکریاں لیں اور انہیں اس قلعہ کی طرف پھینکا۔ قلعہ کی بنیادیں لرز گئیں۔ ان پر ایسا رعب طاری ہوا کہ ان کے حوصلے ٹوٹ گئے اور انہوں نے ہتھیار ڈال دیے(1)۔

ابن کثیر، ابن اثیر اور ابن خلدون کی روایات کے مطابق آخری قلعے جن پر مسلمانوں نے حملہ کیا وہ ''وطیح'' اور ''سلالم'' کے قلعے تھے(2)۔ انہی میں سے ایک قلعہ میں مرحب نامی ایک پہلوان تھا جس کی قوت، بہادری اور فنی مہارت کی دھوم سارے جزیرۂ عرب میں مچی ہوئی تھی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نامور صحابہؓ نے جب یہودیوں کے ان آخری مورچوں پر حملہ کیا تو انہوں نے بھی جان کی بازی لگا دی۔ کئی دن تک لڑائی کا سلسلہ جاری رہا۔ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صدیق اکبرؓ کو لشکر کے ساتھ بھیجا۔ دن بھر گھمسان کی جنگ ہوتی رہی، لیکن قلعہ فتح نہ ہوا۔ شام کو یہ لشکر اپنی قیام گاہ پر واپس آ گیا۔ دوسرے روز حضرت فاروقِ اعظمؓ کی قیادت میں لشکر نے اس قلعہ پر حملہ کیا۔ شدید لڑائی ہوئی، لیکن کوئی فیصلہ نہ ہوا۔ حضور سرورِ عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ اَمَا وَاللّٰہِ لَاُعْطِیَنَّھَا غَدًا رَّجُلًا یُّحِبُّ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ وَیُحِبُّہُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ یَاْخُذُھَا عَنْوَۃً۔ بخدا! کل میں یہ جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہے، وہ اس قلعہ کو زبردستی یہودیوں سے چھین لے گا۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص25-26 2۔ تاریخ ابن کثیر، ج4، ص194۔ تاریخ ابن اثیر، ج2، ص218۔ تاریخ ابن خلدون، ج2، ص796

صبح ہوئی۔ حضور ﷺ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کو یاد فرمایا۔ عرض کی گئی: ان کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ فرمایا: انہیں لے آؤ۔ سلمہ کہتے ہیں: میں آپ کو ہاتھ سے پکڑ کر بارگاہِ رسالت میں لے آیا۔ حضور ﷺ نے پوچھا: علی! کیا ہوا؟ عرض کی: آنکھیں دکھنے لگی ہیں۔ سخت درد ہے۔ کچھ نظر نہیں آتا۔ فرمایا: میرے نزدیک آؤ۔ میں قریب گیا تو حضور ﷺ نے میرا سر اپنی گود میں رکھ لیا۔ اپنا لُعابِ دہن اپنی مبارک ہتھیلیوں پر ملا اور میری آنکھوں پر لگا دیا۔ پھر کیا تھا درد غائب، آشوبِ چشم کافور۔ ایسے معلوم ہوا جیسے مجھے کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ حضور ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے اسلام کا پرچم شیرِ خدا کو مرحمت فرمایا اور اپنی دعاؤں کے ساتھ میدانِ جنگ کی طرف رخصت کیا اور وصیت فرمائی کہ ان کو پہلے اسلام قبول کرنے کی دعوت دینا۔ اگر ایک شخص کو بھی تیری وجہ سے ہدایت نصیب ہوگئی تو یہ بے شمار سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔ آپ نے قلعہ کے قریب پہنچ کر ایک میدان میں جھنڈا گاڑ دیا۔ اس روز آپ نے سرخ لباس زیبِ تن فرمایا ہوا تھا۔ قلعہ کی دیوار سے ایک یہودی نے جھانکا اور پوچھا: تمہارا نام کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا: علی ابن ابی طالب۔ اس نے قلعہ بند یہودیوں کو کہا: اب تمہاری شکست یقینی ہے۔ ''غُلِبْتُمْ یَا مَعْشَرَ الْیَهُوْدِ''۔ مرحب مست ہاتھی کی طرح دندناتا ہوا قلعہ سے باہر نکلا۔ اس کے سر پر آہنی خود تھا۔ اس کے جسم پر چمک دار آہنی زرہ تھی۔ وہ یہ رجز پڑھ رہا تھا۔

قَدْ عَلِمَتْ خَیْبَرُ اَنِّیْ مَرْحَبُ شَاكِی السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرِّبُ

یعنی خیبر کے در و دیوار جانتے ہیں کہ میں مرحب ہوں۔ پوری طرح مسلح ہوں، بہادر ہوں، ماہر اور تجربہ کار ہوں۔ اس کی اس بڑکوسن کر علی المرتضیٰ شیرِ خدا شیر کی طرح گرجے اور فرمایا:

اَنَا الَّذِیْ سَمَّتْنِیْ اُمِّیْ حَیْدَرَہ اَكِیْلُكُمْ بِالسَّیْفِ كَیْلَ السَّنْدَرَہ

لَیْثٌ بِغَابَاتٍ شَدِیْدٌ قَسْوَرَہ (ابن اثیر)(1)

میں وہ ہوں جس کا نام اس کی ماں نے حیدر رکھا ہے۔ میں اپنی شمشیرِ خارہ گداز کے ساتھ خوب ناپ ناپ کر دوں گا۔ میں جنگلوں کا شیر ہوں۔ بہت سخت۔ بہت نڈر۔

دونوں پہلوان ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے۔ رعد کی طرح ان کے نعرے گونج رہے تھے۔ بجلی کی تیزی سے ایک دوسرے پر تلوار کے وار کر رہے تھے۔ آخر ذوالفقارِ حیدری صاعقۂ موت بن کر اس پر گری۔ ڈھال پارہ پارہ ہوگئی۔ خود کو کاٹتی، زرہ کو چیرتی، اس کے جسم میں تیرتی اور اس کے دو ٹکڑے کرتی ہوئی پار نکل گئی۔ مرحب کا گرانڈیل جثہ دو ٹکڑے ہو کر خاک و خون میں تڑپ رہا تھا۔ لشکرِ اسلام میں نعرۂ تکبیر کی صدائیں بلند ہوئیں اور یہودیت کا یہ آخری حصار بھی ضربتِ حیدری سے مسمار ہوگیا۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے محبوبِ مکرم ﷺ کو جاں بازوں، بہادروں کی ایسی فوجِ ظفر موج عطا فرمائی تھی جنہوں نے خیبر کے ان مضبوط قلعوں کو ایک ایک کر کے فتح کیا اور ان پر اسلام کا پرچم لہرا دیا۔ ان قلعوں کے فتح ہونے سے ہر قسم کے اموالِ غنیمت کے ڈھیر لگ گئے۔ نہ اجناسِ خوردنی کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا اور نہ دیگر قیمتی ساز و سامان کا۔ جو سامانِ جنگ دستیاب ہوا وہ بھی بے انداز تھا۔ خیبر کی زرخیز وادی جس میں دور دور تک سرسبز و شاداب باغات تھے اور لہلہاتے ہوئے کھیت تھے۔ سب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرما دیے۔ اس طرح وہ وعدہ پورا ہوا جو اس آیت میں کیا گیا تھا۔ مَغَانِمَ كَثِیْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا۔

اب آپ اس آیت کو دوبارہ پڑھیے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان صحابۂ کرام کا کتنا بلند مقام ہے جنہوں

1۔ تاریخ ابن اثیر ج2، ص218-20

تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ

اپنے وقت پر) حاصل کرو گے ۳۲ پس جلدی دے دی ہے تمہیں یہ (صلح) ۳۳ اور روک دیا ہے اس نے لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے ۳۴ اور تاکہ ہو جائے یہ

اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا

(ہماری) نصرت کی نشانی اہلِ ایمان کے لیے ۳۵ اور تاکہ ثابت قدمی سے گامزن رکھے تمہیں صراطِ مستقیم پر ۳۶ اور کئی مزید فتوحات بھی جن پر تم قدرت نہیں

نے حدیبیہ کے میدان میں اپنے آقا و مولیٰ کے دستِ مبارک پر سرفروشی کی بیعت کی تھی۔ ان خوش نصیبوں کو چند ماہ کے اندر اندر ایک خطرناک دشمن پر فتح عطا فرمائی۔ مالِ غنیمت اتنا دیا جس کا انہوں نے کبھی تصور تک بھی نہ کیا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان کے خلوص اور ایمان کی خود گواہی دی اور ان کو اپنی خوشنودی کے مژدہ سے خورسند فرمایا اور اپنی رضا کا ایسا زریں تاج ان کے سروں پر سجایا جس کی آب و تاب چشم مہر و ماہ کو تا قیامت خیرہ کرتی رہے گی۔ جس کی چمک دمک میں ہر لمحہ اضافہ ہوتا رہے گا۔ جنہوں نے اپنے رب کو راضی کر لیا۔ جن پر ان کا رب راضی ہو گیا۔ اگر کوئی بد باطن یا کم فہم ان سے برہم یا ناراض ہوتا ہے تو ہوتا رہے۔ ان کی شانِ رفیع میں گستاخی کرتا ہے تو کرتا رہے۔ اس طرح وہ اپنا نامۂ اعمال ہی سیاہ کرے گا۔ ان نفوسِ قدسیہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

اِذَا كُنْتَ عَنِّيْ يَا مُنَى الْقَلْبِ رَاضِيًا اَرٰى كُلَّ مَنْ فِي الْكَوْنِ لِيْ يَتَبَسَّمُ

اے میرے دل کی مراد! اگر تو مجھ پر راضی ہو جائے تو مجھے یوں لگتا ہے کہ کائنات کی ہر چیز میرے لیے مسکرا رہی ہے۔

۳۲ سابقہ آیت میں اس فتح اور ان غنائم کا ذکر کیا جو جلد ہی بخشی جانے والی تھیں۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ نوازشات کا یہ سلسلہ یہیں ختم نہیں ہوگا، بلکہ جب تک تم اطاعت و خلوص کا مظاہرہ کرتے رہو گے ہمارا ابرِ رحمت تم پر برستا ہی رہے گا۔ ہم تم سے وعدہ کرتے ہیں کہ بے شمار غنیمتوں سے ہم تمہیں مالا مال کرتے رہیں گے اور اس سے پیشتر کہ نوازشات کا یہ سلسلہ شروع ہو ہم نے تمہیں صلحِ حدیبیہ سے نوازا ہے جو تمہاری مستقبل کی کامرانیوں اور فتوحات کی تمہید ہے۔ اس آیت میں جن مَغَانِم کا ذکر ہے، حضرت ابن عباس اور مجاہد فرماتے ہیں کہ ان سے مراد قیامت تک حاصل ہونے والی غنیمتیں ہیں۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّمُجَاهِدٌ اِنَّهَا الْمَغَانِمُ الَّتِيْ تَكُوْنُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔ (القرطبی)(1) ۳۳ اس جملہ میں هٰذِهٖ کا مشار الیہ صلح حدیبیہ ہے۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَجَّلَ لَكُمْ صُلْحَ الْحُدَيْبِيَةِ۔ اور بعض نے هٰذِهٖ کا مشار الیہ غنائم خیبر کو بنایا ہے(2)۔

۳۴ یہاں ایک اور احسان کا ذکر فرمایا جا رہا ہے کہ جب تم احرام باندھے ہوئے اور قربانی کے جانور ہانکتے ہوئے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے حدیبیہ میں پہنچے تو کفار نے مزاحمت کا پکا ارادہ کر لیا۔ تم اپنے وطن سے اڑھائی تین سو میل دور تھے۔ فوری طور پر کمک یا اسلحہ پہنچنے کا کوئی امکان نہ تھا۔ کفار صرف تیرہ میل مکہ سے دور تھے۔ ضرورت پڑتی تو بڑی آسانی سے انہیں رسد، سامانِ جنگ، مزید جنگجو مہیا ہو سکتے تھے۔ اردگرد کے قبائل بھی ان کے حلیف تھے۔ بظاہر حالات بڑے تشویشناک تھے۔ یہ میں نے تم پر کرم فرمایا کہ ان کے دل ٹوٹ گئے۔ ان کے حوصلے پست ہو گئے۔ ان پر ایسی دہشت اور رعب طاری ہوا کہ انہوں نے صلح کو غنیمت جانا اور انہیں ہمت نہ ہوئی کہ وہ تم سے جنگ کریں۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 16، ص 278 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 191

عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾

رکھتے تھے ۳۷ لیکن وہ اللہ کے احاطہ قدرت میں ہیں ۳۸ اور اللہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ ۳۹

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ

اور اگر جنگ کرتے تم سے یہ کفار تو پیٹھ دے کر بھاگ جاتے پھر نہ پاتے کسی کو (دنیا بھر میں) اپنا دوست

لَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِىْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

اور مددگار ۴۰ یہ اللہ کا دستور ہے جو پہلے سے چلا آتا ہے ۴۱ اور اللہ کے دستور میں تو ہرگز

آیت کی تفسیر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ طیبہ سے اپنے جاں نثار صحابہؓ کے ہمراہ مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو عین ممکن تھا وہاں کے یہودی، مسلمانوں کے اہل وعیال پر ہلہ بول دیتے اور خون ریزی کا بازار گرم کر دیتے۔ ان کے مال مویشی لوٹ لیتے۔ اگر ایسا ہوتا تو تمہاری پریشانی کی حد نہ رہتی لیکن تمہارے خداوندِ ذوالجلال نے یہودیوں کو یہ ہمت نہ دی کہ وہ ایسی حرکت کر سکیں اور تمہارے لیے پریشانی کا باعث بنیں۔

۳۵ اس سفر میں جو واقعات رونما ہوئے، قدم قدم پر نصرتِ خداوندی نے جس انداز سے تمہاری یاوری فرمائی اور تمہیں ہر طرح کی گزند سے سلامت رکھا اور تمہارے دشمنوں پر خوف اور رعب مسلط کر دیا، یہ تمام باتیں واشگاف الفاظ میں اعلان کر رہی ہیں کہ تم خدا کے ہو اور خدا تمہارا ہے اور تمہارا دین اللہ کا دین ہے جس کی حفاظت اور کامیابی کا وہ ذمہ دار ہے اور تمہارا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کا محبوب بندہ ہے جس کے ساتھ اس نے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ (الم نشرح) کا وعدہ فرمایا ہوا ہے۔ ہر نازک مرحلہ اور خطرناک موڑ اس وعدہ کے ایفا کا ثبوت مہیا کرتا رہتا ہے۔ ۳۶ تم پر اس کی یہ مہربانیاں ہر قسم کے شک وشبہ کو دور کرنے کے لیے کافی ہیں۔ ان نوازشات سے وہ تمہیں صراطِ مستقیم پر ثابت قدمی سے سوئے منزل بڑھتے چلے جانے کا عزم عطا فرمانا چاہتا ہے۔

۳۷ اس آیت میں ان فتوحات کا مژدہ اور ان اموالِ غنیمت کے حصول کی بشارت ہے جن کا مسلمان ان دنوں تصور بھی نہ کر سکتے تھے۔ مغرب میں شام، فلسطین، مصر، شمالی افریقہ، سپین اور مشرق میں عراق، ایران، افغانستان، برصغیر وغیرہ ممالک کی فتوحات مراد ہیں۔ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هِيَ الْفُتُوْحُ الَّتِيْ فُتِحَتْ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ كَاَرْضِ فَارِسَ وَالرُّوْمِ وَجَمِيْعِ مَا فَتَحَهُ الْمُسْلِمُوْنَ۔ (القرطبی)(1)

اس آیت میں فتح مکہ کی خبر بھی دی گئی ہے۔ اس وقت یہ پیشین گوئی کون کر سکتا تھا کہ عنقریب مکہ پر اسلام کا پرچم لہرانے لگے گا؟ کس کی عقل یہ سوچ سکتی تھی کہ عرب کے یہ بادیہ نشین چند سالوں میں مشرق ومغرب کی دو عظیم طاقتوں کو بیک وقت یوں پچھاڑ دیں گے کہ پھر وہ سنبھل نہ سکیں گی اور ایک صدی کے اختتام سے پہلے معلوم دنیا کے تین براعظموں میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی صدائے دلنواز گونجنے لگے گی؟ ۳۸ اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ ایسا کرنا تمہارے بس کی بات تو نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 279

اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ

کوئی تبدیلی نہیں پائے گا۔ اور اللہ وہی ہے جس نے روک دیا تھا ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے ۴۲

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

وادیٔ مکہ میں باوجودیکہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کر رہے

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

تھے خوب دیکھ رہا تھا ۴۳ یہی وہ (بدنصیب) ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں بھی روک دیا مسجدِ حرام (میں داخل ہونے)

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ

سے اور قربانی کے جانوروں کو بھی کہ وہ بندھے رہیں اور اپنی جگہ تک نہ پہنچ سکیں۔ اور اگر نہ ہوتے (مکّہ میں) چند مسلمان مرد

وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـَٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ

اور چند مسلمان عورتیں جن کو تم نہیں جانتے (اور یہ اندیشہ نہ ہوتا) کہ تم روند ڈالو گے انہیں سو تمہیں پہنچے گی ان کی وجہ سے

قدرت سے یہ باہر نہیں۔ علامہ قرطبی نے اس کا ایک اور مفہوم بیان کیا۔ وَقِيْلَ حَفِظَهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيَكُوْنَ فَتْحُهَا لَكُمْ (1)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان ملکوں اور مالوں کو محفوظ رکھا ہوا ہے تاکہ تم آکر انہیں فتح کرو۔ ان کے قلعے اور شہر تمہارے استقبال کے لیے اپنے دروازے کھول دیں۔ قیصر و کسریٰ کے جو زر و سیم اور جواہرات کے انبار ہیں وہ تمہارے قدموں میں ڈھیر کر دیے جائیں۔

۳۹ آیت کا یہ فقرہ کتنا بر محل، اثر انگیز اور حوصلہ پرور ہے۔ ۴۰ یعنی اگر کفارِ مکہ تمہارے ساتھ جنگ آزما ہوتے تو انہیں ایسی رسوا کن شکست دی جاتی کہ میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر، سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ جاتے اور اس شکستہ حالی میں کوئی بھی ان کا ساتھ نہ دیتا۔

۴۱ اللہ تعالیٰ کا یہ معمول ہے کہ آخر کار اپنے رسول اور اس کے فرمانبردار امتیوں کو فتح و کامرانی سے ہمکنار کرتا ہے۔ کفر و باطل کو شرمناک شکست ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ہمیشہ سے دستور ہے۔ تا ابد ایسا ہی رہے گا۔ کوئی طاقت سنتِ الٰہی کو بدل نہیں سکتی۔

۴۲ اگرچہ حدیبیہ کے مقام پر باقاعدہ لڑائی کی نوبت نہیں آئی لیکن کفار کے کئی جتھے بغضِ باطن سے مجبور ہو کر مسلمانوں سے چھیڑ چھاڑ کرتے رہے۔ حضرت انس سے مروی ہے کہ ایک دفعہ مکہ کے اسّی شوریدہ سر پوری طرح مسلّح ہو کر ''جبل تنعیم'' سے اترے تاکہ بے خبری میں لشکرِ اسلام پر دھاوا بول دیں لیکن اس سے پیشتر کہ وہ ہم پر حملہ کرتے۔ ہم نے ان کو اپنے محاصرہ میں لے لیا اور گرفتار کر لیا۔ لیکن رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف کر دیا (2)۔ اسی طرح ایک دفعہ عکرمہ ابن ابی جہل نے پانچ سو

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 279 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 111۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 282

مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا

عار بے علمی کے باعث ۴۴ (نیز) تاکہ داخل کر دے اللہ اپنی رحمت میں جسے چاہے ۴۵ اگر یہ (کلمہ گو) الگ ہو جاتے

لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تو (اس وقت) جنہوں نے کفر کیا ان میں سے تو ہم انہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دیتے ۴۶ جب جگہ دی کفار نے

آدمیوں کو ساتھ لے کر لشکرِ اسلام پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہؓ کا ایک دستہ ان کی سرکوبی کے لیے بھیجا، لیکن وہ دُم دبا کر بھاگ نکلے اور مکہ کی گلیوں میں جا کر پناہ لی (1)۔ اس قسم کے کئی واقعات رونما ہوئے جن سے جنگ کے شعلے بھڑک سکتے تھے اور صُلح کی کوششیں ناکام ہو سکتی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ایسی صورتِ حال نہ پیدا ہونے دی۔ کفار کو بھی یہ جرأت نہ ہوئی کہ وہ تم پر حملہ کر دیں اور تمہیں بھی یہ حوصلہ بخشا کہ تم ان اشتعال انگیزیوں سے برافروختہ ہو کر ان پر حملہ نہ کر دو۔

۴۳ یہاں یہ نہیں فرمایا کہ ہم کفار کی کارستانیوں اور تمہارے اعمال کو دیکھ رہے تھے، بلکہ فرمایا جو کچھ تم کر رہے تھے، مآل اندیشی اور اشتعال انگیز ماحول میں صبر و ضبط سے کام لے رہے تھے، یہی امور دیدنی تھے اور ہم انہیں ہی دیکھ رہے تھے۔ تمہارے کارنامے ہی اس قابل تھے کہ چشمِ قدرت ادھر التفات فرمائے۔ باقی رہے کفار کے کرتوت اور ان کی کارستانیاں، تو وہ اتنی گھٹیا تھیں کہ نہ قابلِ توجہ تھیں اور نہ قابلِ ذکر۔

۴۴ یہ ایک مسلّمہ اصول تھا کہ جو شخص حج و عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ میں آتا اس کو روکا نہ جاتا۔ خواہ آنے والے شخص یا قبیلہ سے اہلِ مکہ کی کتنی ہی عداوت ہوتی۔ اس اصول پر بڑی سختی سے عمل کیا جاتا لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے انہیں اتنی عداوت تھی کہ اس مسلمہ اصول کو بھی انہوں نے پسِ پشت ڈال دیا اور مسلمانوں کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا اور قربانی کے جو جانور مسلمان اپنے ہمراہ لائے تھے ان کے متعلق بھی اجازت نہ دی گئی کہ منیٰ میں لے جا کر انہیں ذبح کیا جائے۔ ان کے جرائم کی فہرست بڑی طویل اور شرمناک تھی۔ ان سنگین جرائم کی پاداش میں چاہیے تو یہ تھا کہ مسلمانوں کو ان پر حملہ کرنے کا حکم دے دیا جاتا اور وہ کفر و شرک کے ان مغرور علمبرداروں کو پیس کر رکھ دیتے لیکن کفر کی اس اندھیر نگری میں چند ایسے مرد اور خواتین بھی تھے جو مشرف بہ اسلام ہو چکے تھے۔ اپنی بے بسی کے باعث نہ وہ اسلام ظاہر کر سکتے تھے اور نہ وہاں سے ہجرت کر سکتے تھے۔ مسلمانوں کو بھی ان کی پوری پہچان نہ تھی۔ اگر جنگ چھڑ جاتی تو وہ بھی روند ڈالے جاتے۔ جب تمہیں اپنے مسلمان بہن بھائیوں کے یوں پس جانے کا علم ہوتا تو تم پر کوہِ الم ٹوٹ پڑتا۔ فتح کی خوشی، غم میں بدل جاتی۔ کفار بھی تم پر زبانِ طعن دراز کرتے کہ دیکھو یہ اپنے مسلمان بھائیوں کو بھی قتل کرنے سے باز نہیں آتے۔ اس طرح تمہارے خلاف ناپاک پراپیگنڈے کا طوفان برپا کر دیا جاتا۔ کفار کے خلاف جنگ کا اذن نہ دینے میں یہ ایک حکمت تھی۔

۴۵ جنگ سے باز رکھنے کی دوسری مصلحت یہ تھی کہ اہلِ مکہ میں بہت سے ایسے لوگ موجود تھے جو اگرچہ تا حال مشرف بہ اسلام نہ ہوئے تھے، لیکن ان میں حق پذیری کی صلاحیتیں موجود تھیں۔ انہیں بروئے کار آنے کے لیے خوشگوار ماحول اور مناسب حالات کی ضرورت تھی۔ اگر اس وقت جنگ چھڑ جاتی تو ان کفار کے ساتھ جن کے دلوں پر مہریں لگ چکی تھیں یہ لوگ بھی موت

1۔ روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص43

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى

اپنے دلوں میں ضد کو وہی (زمانۂ) جاہلیّت کی ضد ۴۷ تو نازل فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی تسکین کو اپنے

کے گھاٹ اتار دیے جاتے اور ہمیشہ کے لیے دوزخ کا ایندھن بن جاتے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت نے یہ نہ چاہا کہ ان کی صلاحیتیں اور قابلیتیں برباد ہو جائیں، اس لیے جنگ کی نوبت نہیں آنے دی تا کہ ان لوگوں کو خوابِ غفلت سے بیدار ہونے کا مزید موقع مل جائے اور وہ کفر سے اپنا ناطہ توڑ کر اپنے ربِ کریم سے عبودیت کا رشتہ جوڑ سکیں۔ چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ اس صلح کے بعد ہی حضرت خالدؓ جیسا نابغۂ روزگار جرنیل، حضرت عمرو ابن العاص جیسا ماہر سیاست دان، عثمان ابنِ طلحہ کلید بردارِ کعبہ اور مکہ کے کئی جلیل القدر فرزند کشاں کشاں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور دولتِ ایمان سے مالا مال ہوئے (1)۔

۴۶ اگر یہ مسلمان مرد اور یہ مسلمان عورتیں کفار سے الگ کی جا سکتیں اور ان کو ضرر پہنچنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو ہم کفار کو اسی وقت ایسے المناک عذاب میں مبتلا کر دیتے کہ انہیں چھٹی کا دودھ یاد آ جاتا اور ان کے سارے نشے ہرن ہو جاتے۔ اس آیت سے فقہاء نے ایک مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ اگر کفار کسی قلعہ میں مورچہ لگا کر بیٹھ گئے ہوں اور ان کے ساتھ اس قلعہ میں چند مسلمان قیدی بھی ہوں تو کیا اسلامی لشکر کے لیے اس پر گولہ باری یا بمباری جائز ہے یا نہیں؟ اسی طرح اگر کفار کا لشکر مسلمان قیدیوں کو سامنے کی صف میں کھڑا کر دیتا ہے اور مسلمانوں کے مقابلہ میں ان سے ڈھال کا کام لینا چاہتا ہے تو کیا اس حالت میں ان پر فائرنگ جائز ہے یا نہیں؟ یا کفار کا کوئی بحری جہاز ہے جس میں کافر فوج کے علاوہ چند مسلمان بھی ہیں، کیا ایسے جہاز کو غرق کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

امام مالک ان تمام صورتوں میں گولہ باری کی اجازت نہیں دیتے۔ لیکن امام اعظم ابوحنیفہؒ اور ان کے اصحاب اس کی اجازت دیتے ہیں اور اس کی وجہ یہ لکھتے ہیں کہ اس میں عامۃ المسلمین کی بقا کا راز مضمر ہے۔ اگر لشکرِ اسلام چند مسلمان قیدیوں کی موجودگی کے باعث کفار کے ایسے قلعہ کی اینٹ سے اینٹ نہیں بجا دے گا تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ کفار لشکرِ اسلام کو پسپا کر دیں گے اور اس کے بعد ان قیدیوں کو تہِ تیغ کرنے میں پس و پیش نہیں کریں گے۔

علامہ قرطبی جو خود مالکی ہیں، انہوں نے صراحۃً لکھا ہے کہ ان حالات میں مسلمان اسیروں کا لحاظ نہیں رکھا جائے گا جنہیں کافر ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ لیکن اس اجازت کو انہوں نے بعض شرائط کے ساتھ مشروط کیا ہے۔ آپ بھی ان کی عبارت ملاحظہ فرمائیں:

وَ ذٰلِكَ اِذَا كَانَتِ الْمَصْلِحَةُ ضَرُوْرِيَّةً كُلِّيَّةً قَطْعِيَّةً (قرطبی) یعنی مسلمان قیدیوں کی موجودگی کے باوجود جنگی کارروائیاں اس وقت جائز ہیں جبکہ تین شرطیں پائی جائیں۔ مسلمان قیدیوں کو گولی کا نشانہ بنائے بغیر دشمن کو شکست دینے کی اور کوئی صورت نہ ہو۔ ایسا کرنے سے جمہور امت کا مفاد وابستہ ہو، ایسا کرنے سے اسلام کی فتح قطعی اور یقینی ہو (2)۔ لیکن اگر ان شرائط میں سے کوئی شرط بھی مفقود ہو تو پھر مسلمان قیدیوں کو ہلاک کرنا جائز نہیں۔ اس آیت کے چند کلمات تحقیق طلب ہیں۔

الْهَدْيُ وَالْهَدِيُّ: اس میں دونوں لغتیں ہیں۔ وہ جانور جو کعبہ میں قربانی کے لیے پیش کیا جائے۔ مایهدٰی الی الکعبة۔

مَعْكُوْفًا: اَیْ مَحْبُوْسًا جسے کسی جگہ روک دیا جائے۔

مَحِلَّهٗ: مَكَانَهُ الَّذِيْ يَحِلُّ فِيْهِ نَحْرُهٗ۔ وہ جگہ جہاں اس کو ذبح کرنا جائز ہے، یعنی منیٰ۔

1۔ تاریخ ابن اثیر، ج 2، ص 230 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 88-286

تَطَؤُهُمْ: اَلْوَطْئُ وَالدَّوْسُ عِبَارَةٌ عَنِ الْاِيْقَاعِ وَالْاِبَادَةِ۔ یعنی روندڈالنا۔ پیس دینا۔ برباد کردینا(1)۔

اَلْمَعَرَّةُ: اَلْعَيْبُ وَهِيَ مَفْعَلَةٌ مِنَ الْعُرِّ۔ عیب، ننگ وعار(2)۔

تَزَيَّلُوْا: تَفَرَّقُوْا وَتَمَيَّزَ بَعْضُهُمْ عَنْ بَعْضٍ۔ جدا جدا ہونا۔ الگ الگ ہونا(3)۔

۲۶ آیت میں بڑے بلیغ اور دلنشین انداز سے اس تفاوت کو بیان کیا گیا ہے جو کفار اور اہلِ ایمان کے طریقۂ کار میں تھا۔ پہلے حمیّۃ کی تحقیق ذہن نشین کرلیجیے۔

علامہ قرطبی حَمِيَّة کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلْحَمِيَّةُ فَعِيْلَةٌ وَهِيَ الْاَنَفَةُ يُقَالُ حَمِيْتُ عَنْ كَذَا حَمِيَّةً وَّمَحْمِيَّةً اِذَا أَنِفْتَ مِنْهُ وَدَاخَلَكَ عَارٌ وَأَنَفَةٌ اَنْ تَفْعَلَهٗ۔

اَلَا اِنَّنِيْ مِنْهُمْ وَعِرْضِيْ عِرْضُهُمْ كَذِي الْاَنَفِ يَحْمِيْ أَنَفَهٗ اَنْ يَكْشِمَا(4)

یعنی حمیت کا وزن فَعِيْلَةٌ ہے۔ اس کا معنی خودداری اور کسی چیز سے نفرت ہے۔ کہا جاتا ہے حَمِيْتُ عَنْ كَذَا یعنی میں نے اس کام سے اجتناب اختیار کیا کیونکہ اس کام کا کرنا میرے لیے باعث ننگ وعار تھا۔

علامہ ابوحیان لکھتے ہیں: كَانَتْ حَمِيَّةً جَاهِلِيَّةً لِاَنَّهَا بِغَيْرِ حُجَّةٍ وَّفِيْ غَيْرِ مَوْضِعِهَا وَاِنَّمَا ذٰلِكَ مَحْضُ تَعَصُّبٍ(5)۔

کفار کی حمیت کو حمیت جاہلیت اس لیے کہا گیا ہے کہ ان کی ضد بغیر کسی دلیل کے تھی، غیر محل میں تھی اور اس کی وجہ محض تعصب اور ہٹ دھرمی تھی۔

حضور ﷺ کو عمرہ سے باز رکھنا ان کے صدیوں سے مروجہ دستور اور مسلمہ اصول کے سراسر خلاف تھا۔ ان کے بڑے بوڑھے بھی انہیں اس قبیح حرکت سے روک رہے تھے۔ انہیں یہ بخوبی علم تھا کہ حضور کا یہ سفر محض عمرہ کرنے کے لیے ہے۔ اس کے باوجود وہ اپنی ضد پر اڑے ہوئے تھے۔ اسی کو قرآنِ کریم نے حمیتِ جاہلیت فرمایا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے موقف کو ان الفاظ میں بیان کیا۔ قَتَلُوْا اَبْنَائَنَا وَ اِخْوَانَنَا ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْنَا فِيْ مَنَازِلِنَا وَ اللَّاتِ وَ الْعُزّٰى لَايَدْخُلُهَا اَبَدًا(6)۔ کہ ان مسلمانوں نے ہمارے بچوں اور بھائیوں کو قتل کیا، کیا اب ہم انہیں اپنے گھروں میں داخل ہونے کی اجازت دیں؟ لات وعزی کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔

کفار کی بے جا ضد اور تعصب کا تو یہ حال ہے۔ ان کے برعکس میرے رسول ﷺ اور اس پر ایمان لانے والوں کی کیفیت یہ ہے کہ انہیں خواہ کوئی ایسی بات کرنے کا حکم ملے جو ان کے جذبات کے خلاف اور ان کی خودداری کے سراسر منافی ہو، یہ اللہ کا حکم ملتے ہی پیکرِ تسلیم ورضا بن جاتے ہیں۔ دل میں اضطراب کی جو موجیں سر اٹھا رہی ہوتی ہیں، فوراً سہم جاتی ہیں۔ ان کا یہ اضطراب، ان کی یہ بے کلی اپنی ذات یا اپنے مفاد کے لیے نہیں محض اسلام کے لیے اور نبی مکرم ﷺ کے لیے ہے۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہر میدان میں ظاہراً اور باطناً اسلام کو غلبہ حاصل ہو۔ ان کے محبوب ﷺ کی عظمت کا ڈنکا بجے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اگر ان کے مال کی ضرورت ہے تو وہ سب کا سب قدموں میں ڈھیر کرنے کے لیے بصد خوشی آمادہ ہیں۔ اگر ان کی جانوں کی ضرورت ہے تو وہ اپنے سر کٹانے کے لیے اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کے لیے آمادہ ہی نہیں بلکہ بے تاب ہیں۔ مکہ کے بت پرستوں کی عارضی کامیابی اور وقتی مسرّت بھی ان کے لیے سوہانِ رُوح بن جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کی اس کیفیت سے پوری طرح باخبر ہے۔ اس لیے اس کی نگاہ

1۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص342-43
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج9، ص48
3۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص344
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص288
5۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج8، ص99
6۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص289

رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ

رسولِ (مکرّم) پر اور اہلِ ایمان پر اور انہیں استقامت بخش دی تقویٰ کے کلمہ پر ۴۸ھ اور وہ اس کے حقدار بھی تھے

بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ ع ۳ ۹ ۱۱

اور اس کے اہل بھی تھے ۴۹ھ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ۵۰ھ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو

میں ان کی بڑی قدر ہے۔ جب وہ ان کے دلوں میں ناموسِ اسلام اور ناموسِ رسالت کے لیے اضطراب و بے کلی کے طوفان امڈتے ہوئے دیکھتا ہے تو وہ ان کے دلوں کو سکون و طمانیت سے نوازتا ہے۔ ان کی بے تابیاں اور بے چینیاں مسرتوں میں بدل جاتی ہیں۔

خوشا وہ دل جسے عشقِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اضطراب و بے قراری کی لذتیں بخشی جائیں۔ خوشا وہ لذتِ اضطراب جو محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چشمِ لطف و کرم کو اپنی طرف مبذول کر لے۔ تسکین وہاں آئے گی جہاں بے چینیاں ہوں گی۔ دلاسہ اسے دیا جائے گا جو درِ فراق سے ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپ رہا ہوگا۔ جہاں غمِ ہجر میں آنکھیں اشکبار نہ ہوں وہاں ابرِ رحمت برسے تو کیوں برسے؟ جہاں مقصد کے لیے تڑپ نہیں وہاں اطمینان دلانے کی کیا ضرورت ہے؟

صلحِ حدیبیہ کے موقع پر جو شرائط طے پائی تھیں وہ بظاہر کفر کے غلبہ اور اسلام کی کمزوری کی غماز تھیں۔ اس لیے ان جانفروشوں کا بے چین و مضطرب ہونا قدرتی امر تھا جنہوں نے دستِ مبارک پر جان کی بازی لگا دینے کا پختہ وعدہ کیا۔ جتنا کسی کا جذبۂ ایثار توانا تھا اتنا ہی اس کا اضطراب شدید تھا۔ حضرت فاروقِ اعظم سب سے زیادہ مضطرب تھے۔ کیونکہ ان کی غیرتِ ایمانی اس قدر بھی برداشت نہ کر سکتی تھی۔ لیکن جب اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیدیا تو سارے جذبات نے سر جھکا دیا۔ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا کہتے ہوئے سب مطمئن ہو گئے۔

۴۸ھ خود سپردگی کی یہ ادا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آئی۔ ارشاد ہوا وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى۔ ان چند کلمات میں لطائف و الطاف کی جو دنیا سمو دی گئی ہے کاش! آپ اس میں غور کریں۔ الزم کہتے ہیں کسی چیز کو کسی کے ساتھ یوں چسپاں کر دینا کہ وہ اس سے جدا نہ ہو سکے۔ چنانچہ علمائے لغت لکھتے ہیں۔ اَلْزَمَ الشَّيْءَ اَثْبَتَهٗ وَ اَدَامَهٗ (المنجد)(1) صاحب لسان العرب رقمطراز ہیں: اَلْزَمَهٗ اِيَّاهُ فَالْتَزَمَهٗ وَ رَجُلٌ لَزِمَةٌ يَلْزَمُ الشَّيْءَ فَلَا يُفَارِقُهٗ(2)۔ یعنی کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ یوں چمٹ جانا کہ وہ اس سے الگ نہ کی جا سکے۔

قاموس میں ہے: اَلْزَمَهٗ اِيَّاهُ فَالْتَزَمَهٗ وَهُوَ لَزِمَةٌ اَیْ اِذَا لَزِمَ شَيْئًا لَا يُفَارِقُهٗ(3)۔

کلمۃ التقویٰ سے مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے۔ حضرت علی اور ابن عمر کا ارشاد ہے کلمۃ التقویٰ سے مراد لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ہے(4)۔

اب آپ خود انصاف کیجیے کہ جن نفوسِ قدسیہ کے متعلق اللہ رب العزت فرماتا ہے کہ میں نے کلمہ توحید ان کے دلوں میں یوں ثبت کر دیا اور ان کے لوحِ ذہن پر اس طرح نقش کر دیا کہ اب یہ محو نہیں ہو سکتا اب یہ مٹ نہیں سکتا۔ جسے اللہ تعالیٰ ثبات و دوام بخشے کون سی ایسی قوت ہے جو اسے فنا کر سکے۔

1۔ المنجد، ص 720 2۔ لسان العرب، ج 12، ص 541 3۔ القاموس المحیط، ج 2، ص 1524 4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 118

رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

سچا خواب دکھایا حق کے ساتھ ۵۱ کہ تم ضرور داخل ہوگے مسجدِ حرام میں جب اللہ نے چاہا

وہ لوگ جو صحابہ کرام کے ایمانِ پر زبان طعن دراز کرتے ہیں اس آیت کے ان تین لفظوں پر غور کریں؟ انہیں اپنی کوتاہی فکر اور غلطی کا احساس ہو جائے گا۔ یہ الگ بات ہے کہ کوئی اپنی بدنصیبی کے باعث حمیت جاہلیت کی بیماری میں مبتلا ہو اور اس آیت میں غور کرنے کے بعد بھی اپنی خوئے بد نہ چھوڑے۔

۴۹ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کو جس فیاضی سے نچھاور کر رہا ہے ان کا سلسلہ ابھی ختم نہیں ہوا۔ ارشاد ہوتا ہے وَ كَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا۔ جو عنایاتِ کریمانہ اور انعاماتِ خسروانہ ان پاکبازوں پر فرمائے گئے ہیں۔ وہ بلا وجہ نہیں بلکہ وہ اس کے مستحق ہیں۔ اپنی نیاز مندیوں کا جس دلکش انداز میں انہوں نے مظاہرہ کیا ہے، جس خلوص سے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ پاک پر انہوں نے بیعت کی ہے ایمانی حمیت اور اسلامی غیرت جس کے باعث وہ شرائطِ صلح پر حیران ہو گئے تھے، ان تمام چیزوں نے انہیں اس کا حقدار بنا دیا ہے کہ ہم دل کھول کر ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں۔ ساتھ ہی وَ اَهْلَهَا کہہ کر یہ واضح کر دیا کہ وہ نااہل نہیں ہیں کہ انہیں ان نوازشات کی قدر نہ ہو، بلکہ وہ ان کے اہل ہیں۔ ان میں یہ صلاحیت اور قابلیت ہے کہ وہ ان کی قدر کریں اور ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

اللہ تعالیٰ جن نفوسِ قدسیہ کے استحقاق اور اہلیت کی گواہی دے رہا ہے ان کے بارے میں سوئے ظن سے کام لینا کسی مردِ دانا کو زیب نہیں دیتا۔ ۵۰ صحابۂ کرام پر یہ نوازشات کسی ایسی ہستی نے نہیں فرمائیں جو ظاہر کو تو جانتی ہو باطن سے بے خبر ہو۔ زبان پر آنے والے کلمات کو تو سن لے لیکن نہاں خانۂ دل میں جذبات و احساسات کی زبان سے ناآشنا ہو۔ حال میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات اور رونما ہونے والے حادثات کو تو وہ جانتی ہو، لیکن مستقبل میں کیا ہوگا۔ کوئی کل کیا کرے گا۔ اس کا اسے پتہ نہ ہو۔ یوں اپنی آگاہی کی خامی اور علم کی ناتمامی کے باعث اس نے صحابۂ کرام کی وقتی قربانیوں اور ظاہری وفاداریوں اور زبانی دعووں سے متاثر ہو کر انہیں ان شاندار القابات اور ان بشارات سے نواز دیا ہو اور اس کے بعد ان لوگوں نے ایسی حرکتیں کی ہوں اور ایسے جرائم کا ارتکاب کیا ہو کہ وہ ان القابات و بشارات کے مستحق نہ رہے ہوں اور انہیں ان سعادتوں سے بعد میں محروم کر دیا گیا ہو۔ اس قسم کی ابلیسی تلبیسات اور شیطانی وساوس کا بھی اس آخری جملہ سے خاتمہ کر دیا۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جانتا ہے۔ کسی شخص کا باطن، کسی کا انجام، کسی سے آئندہ زمانے میں کیسے افعال صادر ہوں گے اور وہ مرنے سے پہلے کیا کیا حرکتیں کرے گا؟ مخفی نہیں اور اس سب کچھ جاننے والے نے اپنے حبیبِ لبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے وفاشعار صحابہ کو ان انعامات، احسانات اور نوازشات سے سرفراز فرمایا ہے۔

قرآنِ کریم کا یہی حسنِ بیان ہے جس نے عرب کے فصحاء و بلغاء کو دنگ کر دیا تھا، اس کی جامعیت کا یہی اعجاز ہے جس کے سامنے شعراء اور خطباء نے اپنے سر جھکا لیے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس نیرِ اعظم سے اکتسابِ نور کی توفیق بخشے۔ آمین!

۵۱ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شب خواب دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ سمیت مکہ مکرمہ تشریف لے گئے ہیں۔ کعبہ شریف کا طواف کیا ہے اور ارکانِ عمرہ ادا کیے ہیں۔ صبح نبی رحمت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ خواب صحابہ کو سنایا۔ وہ دل جو مدت سے بیت اللہ شریف کی زیارت کے لیے تڑپ رہے تھے، یہ خواب سن کر ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی (1)۔ ماہِ ذی قعدہ میں اللہ کے پاک

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 120

اٰمِنِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ ۭ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ فَعَلِمَ مَا لَمْ

امن وامان سے مُنڈواتے ہوئے اپنے سروں کو یا ترشواتے ہوئے۔ تمہیں (کسی کا) خوف نہ ہوگا ۵۲ پس وہ جانتا ہے جو تم نہیں

تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝۲۷ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

جانتے تو اس نے عطا فرمادی (تمہیں) اس سے پہلے ایسی فتح جو قریب ہے۔ وہ (اللہ) ہی ہے جس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو

بندوں کا کارواں روانہ ہوا۔ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کی روح پرور صداؤں سے دشت وجبل گونجنے لگے۔ صحراؤں کی فراخیوں میں نور ہی نور پھیل گیا۔ وفورِ شوق سے قدم رکتے ہی نہیں۔ آنکھیں بے تابی سے اس لمحہ کی منتظر ہیں جب بیت اللہ نظر آئے گا۔ جب مسلمان حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو وہ واقعات پیش آئے جن کا ذکر آپ پہلے پڑھ چکے ہیں۔ چنانچہ صلح نامہ پر دستخط ہوئے اور مسلمانوں کو بیت اللہ کی زیارت کیے بغیر واپس لوٹنا پڑا۔ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے تمام مسلمانوں کی ترجمانی کرتے ہوئے عرض کی: یارسول اللہ! حضور نے ہمیں فرمایا تھا کہ ہم بیت اللہ کی زیارت کریں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ حضور ﷺ نے جواب میں فرمایا: بیشک، لیکن کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اس سال یہ شرف حاصل کرو گے؟ حضرت عمرؓ نے جواب دیا نہیں۔ حضور نے یہ تو نہیں بتایا تھا۔ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ فَاِنَّكَ آتِيْهِ وَمُطَوِّفٌ بِهٖ۔ نبی ﷺ نے فرمایا یقیناً تم بیت اللہ کے پاس آنے والے ہو اور اس کا طواف کرنے والے ہو۔ اس ایک جملہ سے وہ خلش دور ہوگئی جس نے دلوں کو پریشان کر رکھا تھا(1)۔

اللہ تعالیٰ نے اسی سلسلے میں یہ آیت نازل فرمائی اور گونا گوں تاکیدات کے ساتھ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول ﷺ کو جو خواب دکھایا ہے وہ بالکل سچا ہے۔ اس کے حق ہونے میں قطعاً کوئی شبہ نہیں۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا کے جملہ میں صَدَقَ کا کلمہ کس معنی میں مستعمل ہوا ہے۔ علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں: عرب جب کہتے ہیں صَدَقَهُ الْحَدِيْثَ تو اس کا معنی ہوتا ہے اَنْبَأَهُ بِالصِّدْقِ۔ یعنی اس نے اسے صحیح اور سچ بات سے آگاہ کیا۔ اسی طرح صَدَقْتُ الْقَوْمَ کا معنی ہے قُلْتُ لَهُمْ صِدْقًا یعنی میں نے ان سے سچی بات کہی ہے(2)۔ اس تحقیق کے مطابق آیت کا وہی معنی ہوگا جو میں نے کیا ہے۔ یہ معنی بڑا واضح اور ہر قسم کے تکلف سے پاک ہے۔

بعض حضرات نے یہ معنی بھی کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے خواب کو سچا کر دکھایا(3)۔ اگرچہ لغت میں صَدَقَ اس معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے، لیکن اس مقام پر یہ مناسب معلوم نہیں ہوتا کیونکہ یہ آیت حدیبیہ سے واپسی پر راستہ میں نازل ہوئی۔ اس خواب کی تعبیر تو دوسرے سال ہوئی جب مکہ فتح ہوا۔ اس صورت میں یہاں تاویل کا سہارا لینا پڑے گا۔

۵۲ یہ فرمانے کے بعد کہ میرے رسولِ مکرم نے جو خواب دیکھا ہے وہ میں نے دکھایا ہے اور میں نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا ہے، اس میں ادنیٰ شبہ کی بھی گنجائش نہیں، اب اس خواب کا ذکر ہے جو دکھایا گیا۔ آیت بالکل واضح ہے۔ سادہ ترجمہ سے ہی اس کا مفہوم ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ البتہ ان شاء اللہ کا فقرہ غور طلب ہے۔ ان شک کے لیے استعمال ہوتا ہے اور یہ اللہ کا کلام ہے، اس میں شک کا

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 201۔ السنن الکبریٰ للبیہقی، ج 9، ص 220، کتاب الجزیہ، دار الفکر بیروت۔ مسند احمد بن حنبل، ج 4، ص 330، دار صادر

2۔ لسان العرب، ج 10، ص 193

3۔ القرآن الکریم مترجم از احمد علی لاہوری، ص 820، مطبوعہ انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ، لاہور

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾

(کتاب) ہدایت اور دینِ حق دے کر ۵۳ تاکہ غالب کردے اسے تمام دینوں پر ۵۴ اور (رسول کی صداقت پر) اللہ کی گواہی کافی ہے۔

کیا دخل؟ گزارش ہے کہ یہاں ان کا معنی اذ ہے۔ یعنی جب اللہ تعالیٰ چاہے گا تم مسجدِ حرام میں داخل ہو گے۔ ان بمعنی اذ کا استعمال عام ہے۔ صاحبِ لسان لکھتے ہیں: وَتَجِيْئُ اِنْ بِمَعْنٰى اِذْ ضَرَبَ قَوْلَهٗ اِتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اَلْمَعْنٰى اِذْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (1)۔ یعنی اللہ سے ڈرو۔ باقی سود چھوڑ دو جبکہ تم ایمان لا چکے ہو۔ اس آیت میں بھی ان کا معنی اذ ہے۔

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کا فقرہ یہاں ذکر کرنے کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام کا اس دفعہ مکہ نہ جانا اس لیے نہیں کہ کفار بہت طاقتور تھے اور مسلمان ان کی قوت سے خائف ہو کر واپس چلے گئے، بلکہ اللہ کی مشیت یہ تھی کہ وہ واپس چلے جائیں کیونکہ اس میں وہ حکمتیں تھیں جن کو اللہ تعالیٰ تو جانتا تھا لیکن تم نہیں جانتے تھے۔

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا سے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ جب یہ مصلحتیں پوری ہو جائیں گی، اللہ تعالیٰ اس وقت اپنے حبیب ﷺ کے قدومِ میمنت لزوم سے مکہ کی پیاسی زمین کو مشرف فرما دے گا۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ اپنے بندوں کو بھی بتا دیا کہ تمہاری یہ فتحیابی میرے لطف و کرم کی مرہونِ منت ہے۔ تم میں خود یہ ہمت نہ تھی کہ تم ان طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کر سکو۔ چنانچہ علامہ آلوسیؒ اور دیگر مفسرین لکھتے ہیں: وَفِيْهِ تَعْرِيْضٌ لِاَنَّ وُقُوْعَ الدُّخُوْلِ مِنْ مَشِيَّتِهٖ تَعَالٰى لَا مِنْ جَلَادَتِهِمْ وَتَدْبِيْرِهِمْ۔ (روح المعانی) (2)

چنانچہ دوسرے سال سات ہجری ماہِ ذی قعدہ میں حضور ﷺ اپنے صحابہ کو ہمرکاب لے کر عمرہ کی قضا کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے۔ جب مسلمانوں کے مکہ میں داخل ہونے کا وقت آیا تو کفر و باطل کے سرغنے مکہ چھوڑ کر چلے گئے تاکہ وہ اس ایمان افروز منظر کو نہ دیکھیں۔ ان کے علاوہ یہ نورانی منظر دیکھنے کے لیے مکہ کے مرد، عورتیں، بچے راستوں میں، مکانوں کی چھتوں پر، جہاں کسی کو جگہ ملی جم کر بیٹھ گئے۔ حضور ﷺ اپنی ناقہ "قصوی" پر سوار ہیں۔ اسلام کے متوالوں کا جمگھٹا ہے۔ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں۔ قدوسیوں کا یہ گروہ ان گلیوں کو نئی رونقیں بخش رہا ہے جو سالہا سال سے سونی پڑی تھیں۔ جو اللہ کا نام سننے کے لیے ترس گئی تھیں۔ جن فضاؤں کو کفر کی ظلمتوں نے اپنے نرغے میں لے رکھا تھا۔ آج پھر وہاں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے نعرے گونج رہے ہیں۔

حج و عمرہ ادا کرنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ مناسک سے فارغ ہونے کے بعد سر منڈائیں یا بال ترشوائیں، لیکن ترشوانے سے منڈانا افضل ہے۔ حضور ﷺ نے حلق کرنے والوں کے لیے تین بار دعا فرمائی۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ۔ اے اللہ تعالیٰ! سر منڈانے والوں کو بخش دے (3)۔

۵۳ اس آیتِ طیبہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی شانِ کبریائی اور اپنے نبی مکرم ﷺ کے مقامِ رفیع اور منصبِ عالی کا ذکر فرمایا ہے کہ انہیں منصبِ رسالت پر فائز کرنے والا میں ہوں، میں نے ہی اس یتیمِ مکہ کو کتابِ ہدایت عطا فرمائی ہے جس کے مقدر میں اس ظلمت کدۂ عالم کو منور کرنا ہے۔ میں نے اس کو ایسا جامع نظامِ حیات اور شریعتِ بیضا دے کر مبعوث فرمایا ہے جو افراط و تفریط، گوناگوں بدعنوانیوں سے روندے ہوئے گلشنِ انسانیت کے لیے پیغامِ بہار ہے۔ جس کو میں نے اس منصبِ رفیع پر فائز کیا ہے کوئی طاقت اس کو اس شرف سے محروم نہیں کر سکتی۔ ساری دنیا انکار کر دے اس کی عظمت کا ماہِ تمام چمکتا ہی رہے گا۔ اے کفار! تم نے میرے محبوب کے اسمِ گرامی کے

1۔ لسان العرب، ج 13، ص 35 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 120 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 121

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

(جانِ عالم) محمد اللہ کے رسول ہیں ۵۵ اور وہ (سعادتمند) جو آپ کے ساتھی ہیں کفار کے مقابلہ میں بہادر اور طاقتور ہیں، آپس میں بڑے رحم دل ہیں ۵۶

ساتھ رسول اللہ، کے الفاظ مٹا دینے پر اصرار کیا۔ اس ورق سے تو تم نے محو کر دیے لیکن لوحِ محفوظ، عرش و کرسی کے بلند کنگروں، جنت کے ایوانوں اور اہلِ ایمان و محبت کے الواحِ قلب پر محمد رسول اللہ کے الفاظ ہمیشہ تابندہ و درخشندہ رہیں گے۔ وہاں سے تو تم نہیں مٹا سکتے۔

رَّسُوْلُهٗ میں اضافت غور طلب ہے۔ سارے رسول اسی نے بھیجے ہیں، لیکن اس رسول کو جو نسبت ہے اس کی شان ہی نرالی ہے۔ برقِ غضب بن کر باطل کو خاکستر کرنے کے لیے نہیں آیا، بلکہ ابرِ رحمت بن کر پیاسی دنیا کو سیراب کرنے کے لیے آیا ہے۔ فرمایا: اسے ہدایت اور دینِ حق دے کر مبعوث کیا گیا ہے۔ ہدایت سے مراد قرآن، دین حق سے مراد شریعت یا ہدایت سے مراد علم، دین سے مراد عمل۔ دِيْنِ الْحَقِّ میں اضافت موصوف الی الصفۃ ہے۔ یعنی اَلدِّیْنِ الْحَقِّ۔ ایسا دین جو حق ہے (1)۔

۵۴ بتا دیا کہ جو دین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے ہیں وہ باطل سے مغلوب نہیں رہے گا بلکہ میری تائید اور اپنی فطری توانائیوں سے ساری طاغوتی قوتوں کو سرنگوں کر دے گا۔ یہ غاروں میں چھپ کر اور خانقاہوں میں دبک کر رہنے والوں کا دین نہیں۔ یہ کشاکشِ حیات سے دامن بچا کر گنجِ عافیت میں زندگی بسر کرنے والوں کا دین نہیں۔ کسی مصلحت کے پیشِ نظر باطل سے مفاہمت و مصالحت کرنے والوں کا دین نہیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ کے شیروں کا دین ہے جو گرجتے ہیں تو باطل کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ ان عقابوں اور شاہینوں کا دین ہے کہ جب وہ پَر کُشا ہوتے ہیں تو فضا کی پہنائیاں سمٹ کر رہ جاتی ہیں۔ یہ ان بہادروں اور جوانمردوں کا دین ہے جو زندگی کی کشتی کو حادثات کے طوفانوں میں کھنا جانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ وہ اس دین کو تمام مروجہ ادیان، مذاہب اور نظامہائے حیات پر غلبہ بخشے گا۔ اس وعدہ کو پورا کرنے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ عہدِ رسالت میں ہی اسلام کا پرچم مکہ پر لہرانے لگا جو کفر و شرک کا گڑھ تھا۔ خلافتِ راشدہ میں ایشیا اور افریقہ کے بِرِ اعظموں میں اس کی عظمت کے ڈنکے بجنے لگے۔ شرق و غرب میں کلمۂ توحید کی صدائیں گونجنے لگیں۔ غالب آنے کا مطلب یہ ہے کہ یا لوگ اس کو قبول کر لیں گے یا اس کی برتری کو تسلیم کر لیں گے۔ مسلمانوں کے دورِ انحطاط میں بھی نظر و فکر کے میدانوں میں اسلام کا پرچم لہراتا رہا۔ آخر میں فرمایا کہ میں اپنے رسول کی رسالت کا بھی گواہ ہوں اور اس حقیقت کا بھی گواہ ہوں کہ وہ کتابِ ہدایت اور دین رحمت لے کر آیا ہے اور اس بات کا بھی ضامن ہوں کہ یہ دین سب ادیان پر غالب آئے گا۔ اور میری گواہی کے بعد ان سچائیوں کو ثابت کرنے کے لیے کسی دوسرے گواہ کی ضرورت نہیں۔

۵۵ اس کی ترکیب میں دو مشہور قول یہ ہیں: (۱) مُحَمَّدٌ مبتدا اور رَّسُوْلُ اللّٰهِ اس کی خبر۔ (۲) هُوَ مبتدا محذوف مُحَمَّدٌ موصوف۔ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صفت۔ یا عطفِ بیان۔ دونوں مل کر خبر (2)۔

یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس میں اس چیز کا بیان ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی گواہی کافی ہے۔ اور رسول اللہ کے الفاظ جملہ اوصافِ جمیلہ اور خصائلِ حمیدہ پر مشتمل ہیں۔ وَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى كُلِّ وَصْفٍ جَمِيْلٍ۔ (ابن کثیر) (3)

۵۶ یہاں سے اختتامِ سورت تک اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کی توصیف فرما رہا ہے۔ فرمایا کہ میرے رسولِ

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 55 2۔ ایضاً 3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 203

مکرم پر ایمان لانے والے اور اس کی صحبت سے فیضیاب ہونے والے کفار کے مقابلے میں بڑے بہادر، بڑے طاقتور ہیں۔ یہ سر کٹا سکتے ہیں لیکن ظلم کے سامنے اسے جھکا نہیں سکتے۔ یہ بکاؤ مال نہیں کہ دشمنانِ اسلام ان کو خرید لیں۔ یہ بزدل اور ڈرپوک نہیں کہ جور وستم سے ان کو اس راہِ محبت سے برگشتہ کیا جائے۔ اَشِدَّآءُ شدید کی جمع ہے(1) اور لفظِ شدت کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابنِ منظور نے لسان العرب اور علامہ زبیدی نے تاج العروس میں لکھا ہے:

اَلشِّدَّةُ: النَّجْدَةُ وَ ثَبَاتُ الْقَلْبِ وَ الشَّدِيْدُ: الشُّجَاعُ۔ وَ الْقَوِيُّ مِنَ الرِّجَالِ وَ الْجَمْعُ اَشِدَّاءُ(2)۔ (تاج العروس)

یعنی شدت قوت اور دل کی محکمی کا نام ہے اور الشدید، شجاع اور طاقتور مرد کو کہتے ہیں۔ اس کی جمع اشداء ہے۔ اشداء کا جب تک یہ مفہوم ذہن نشین نہ ہو عبارت کا حسن آشکارا نہیں ہوتا۔ الٹا انسان اس بدگمانی کا شکار ہو جاتا ہے کہ اسلام کے یہ ماننے والے بڑے بے رحم اور سخت دل تھے اور کفار پر جور وستم کرنے سے باز نہیں آتے تھے، حالانکہ آیت کا یہ مفہوم نہیں۔

کفار کے مقابلے میں تو یہ فولاد کی چٹان ہیں جنہیں کوئی طوفان اپنی جگہ سے سرِ مو سرکا نہیں سکتا۔ لیکن اپنے دینی بھائیوں کے ساتھ ان کا معاملہ بالکل دوسرا ہے۔ بڑے نرم، بڑے شفیق اور بڑے مہربان ہیں۔ ان کی باہمی رأفت ورحمت کی کیفیت کو جس طرح اس حدیث میں بیان کیا گیا ہے اس سے زیادہ بیان کرنا ممکن نہیں۔

قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَ تَرَاحُمِهِمْ وَ تَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ وَاِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمّٰى وَ السَّهَرِ(3)۔

ترجمہ: یعنی مسلمانوں کی مثال باہمی محبت اور ایک دوسرے پر شفقت کرنے میں ایسی ہے جیسے ایک جسم۔ اگر اس کا کوئی عضو بیمار ہو جاتا ہے تو سارا جسم بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے اور نیند کافور ہو جاتی ہے۔ دوسرا ارشادِ گرامی ہے:

قَالَ ﷺ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا، وَ شَبَكَ ﷺ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ(4)۔

ترجمہ: مومن کا تعلق مومن کے ساتھ ایسا ہے جیسے دیوار کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو سہارا دیے ہوئے ہوتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا اور اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ملا دیا۔ (بخاری)

ایک عرب شاعر نے بھی اس مضمون کو ادا کیا ہے۔

حَلِيْمٌ اِذَا مَا الْحِلْمُ زَيَّنَ اَهْلَهٗ عَلٰى اَنَّهٗ عِنْدَ الْعَدُوِّ مُهِيْبُ(5)

کہ میرا ممدوح اس وقت تک بڑا حلیم اور بردبار ہے۔ جب تک کہ حلم باعثِ زینت ہو لیکن دشمن کے مقابلہ میں وہ بڑا خوفناک ہے۔ ترجمانِ حقیقت کا ارشاد بھی سنیے۔

اگر ہو جنگ تو شرانِ غاب سے بڑھ کر اگر ہو صلح تو رعنا غزال تاتاری(6)

اہلِ ایمان کی باہمی محبت اور وابستگی کا یہ حال ہے کہ جب آمنے سامنے ہوتے ہیں تو اجنبیوں کی طرح پہلو بچا کر نکل نہیں جاتے بلکہ مصافحہ کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو سلامتی کی دعا دیتے ہیں۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ وَ

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص123 2۔ تاج العروس، ج2، ص389۔ لسان العرب، ج3، ص235

3۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب تراحم المومنین و تعاطفھم و تعاضدھم، ج2، ص321۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص211

4۔ صحیح بخاری، ابواب المظالم والقصاص، باب نصر المظلوم، ج1، ص331۔ ایضاً، باب تعاون المومنین بعضھم بعضا، ج2، ص890

5۔ روح المعانی زیر آیت ہذا، ج26، ص123 6۔ کلیات اقبال اردو، ص523، (ضرب کلیم)

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ

تو دیکھتا ہے انہیں کبھی رکوع کرتے ہوئے کبھی سجدہ کرتے ہوئے ۵۷ طلب گار ہیں اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے ۵۸ ان (کے ایمان وعبادت)

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ

کی علامت ان کے چہروں پر سجدوں کے اثر سے نمایاں ہے ۵۹ یہ ان کے اوصاف تورات میں (مذکور) ہیں۔ نیز ان کی صفات

مما تقدم ا

تَصَافَحَا وَحَمِدَ اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غَفَرَ لَهُمَا (1)۔ یعنی جب دو مسلمان ملیں اور ایک دوسرے سے مصافحہ کریں، اپنے رب کی تعریف کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں، تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کو بخش دیتا ہے۔

اس موقع پر علامہ آلوسی کی اس عبارت کا مطالعہ بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا، بلکہ کئی شبہات دور ہو جائیں گے۔

وَاَمَّا مَا اعْتَادَ النَّاسُ بَعْدَ صَلٰوتَيِ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ فَلَا اَصْلَ لَهٗ وَلٰكِنْ لَّا بَاْسَ بِهٖ فَاِنَّ اَصْلَ الْمُصَافَحَةِ سُنَّةٌ وَكَوْنُهُمْ مُحَافِظِيْنَ عَلَيْهَا فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وَمُفْرِطِيْنَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْهَا لَا يُخْرِجُ ذٰلِكَ الْبَعْضَ عَنْ كَوْنِهٖ مِنَ الْمُصَافَحَةِ الَّتِيْ وَرَدَ الشَّرْعُ بِاَصْلِهَا وَجَعَلَ ذٰلِكَ الْعِزُّ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ فِيْ قَوَاعِدِهٖ مِنَ الْبِدَعِ الْمُبَاحَةِ (روح المعانی) (2)۔

ترجمہ: یعنی ہمارے ہاں لوگوں کی عادت ہے کہ صبح اور عصر کی نماز کے بعد مصافحہ کرتے ہیں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ لیکن ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ اصل مصافحہ سنت ہے۔ بعض حالات میں اس کی پابندی بلکہ اس میں غلو اس کو مسنون مصافحہ سے خارج نہیں کر دیتا۔ چنانچہ شیخ الاسلام عز بن عبدالسلام نے اپنی کتاب ''القواعد'' میں اسے بدعتِ مباحہ شمار کیا ہے۔

اس سے واضح ہو گیا کہ امت میں مروجہ ایسے اعمال جن کی اصل تو سنت سے ثابت ہے، ان کو کسی خاص وقت یا مقام پر پابندی سے ادا کیا جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں۔ نہ اسے بدعت کہہ کر امت میں فساد و انتشار پیدا کرنا قرینِ دانشمندی ہے۔ اذان کے بعد درود شریف، نمازِ جنازہ کے بعد دعا وغیرہ اسی قسم کے مسائل ہیں۔

۵۷ اپنے ربِ کریم کی عبادت میں ان کے ذوق وشوق کا یہ عالم ہے کہ جب بھی تم انہیں دیکھو گے، انہیں اپنے رب کی عبادت میں مصروف پاؤ گے۔ کبھی وہ حالتِ رکوع میں جھکے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ کا ورد کر رہے ہوں گے، کبھی اس کی بارگاہِ اقدس میں اپنی جبینِ نیاز رکھے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کہہ کر اپنی بندگی، اپنی نیازمندی اور اپنی عاجزی کے اعتراف کے ساتھ ساتھ اپنے مولا کریم کی بزرگی اور کبریائی کی گواہی دے رہے ہوں گے۔

رُكَّعًا: رَاكِعٌ کی جمع ہے۔ سُجَّدًا: سَاجِدٌ کی جمع ہے (3)۔

۵۸ دشمنانِ اسلام کے مقابلے میں ان کا شیر کی طرح گرجنا اور اپنے دینی بھائیوں کے لیے ان کی شفقت اور رحمت، شب و روز رکوع و سجود میں محو رہنا، ان تمام اعمال سے ان کی غرض کیا ہے؟ وہ چاہتے کیا ہیں؟ بتا دیا کہ دنیا اور دنیا کی وابستگیوں کو تو انہوں نے اپنے دامن سے گرد و غبار کی طرح جھاڑ دیا ہے۔ وہ صرف اپنے خداوندِ کریم کے فضل کے طلبگار ہیں اور اس کی رضا و خوشنودی کے متمنی۔ اس کے سوا انہیں

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 24-123۔ جامع الترمذی، ابواب الآداب، باب ما جاء فی المصافحة، ج 2، ص 97

2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 124 3۔ تفسیر البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 57 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 293

فِی الْاِنْجِیْلِ ۚۛ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی

انجیل میں بھی (مرقوم) ہیں ۶۰ (یہ صحابہ) ایک کھیت کی مانند ہیں جس نے نکالا اپنا پٹھا ۶۱ پھر تقویت دی اس کو پھر وہ مضبوط ہوگیا پھر سیدھا کھڑا ہوگیا

نہ کسی چیز سے سروکار ہے اور نہ کوئی خواہش و آرزو۔ خود سوچیے جس جماعت کے مقاصد، جس کی تمنائیں اور آرزوئیں سمٹ کر اس ایک نقطہ پر مرکوز ہو جائیں، اس جماعت سے پاکیزہ تر، مبارک تر کوئی جماعت ہو سکتی ہے؟ اور کیا ایسے افراد کی عظمت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے؟

۵۹ سِیْمَا کا معنی علامت ہے (1)۔ یعنی قدوسیوں کی اس جماعت کو پہچاننا مشکل نہیں۔ ان کے چہروں پر نورِ ایمان کے جلوے صاف دکھائی دیتے ہیں۔ دیکھنے والا دیکھتے ہی انہیں پہچان لیتا ہے کہ یہ آغوشِ نبوت کے پروردہ ہیں، یہ نگاہِ رسالت کے فیضیافتہ ہیں۔ ان کے حسین اعمال کا نکھار اور ان کے قلوب کی پاکیزگی اور روح کی طہارت دلوں کو بے ساختہ اپنی طرف کھینچ رہی ہے۔

سِیْمٰی سے مراد وہ گھٹا نہیں جو عام طور پر پیشانی پر نمودار ہو جاتا ہے، کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو عبارت یوں ہوتی۔ سِیْمَاهُمْ فِیْ جِبَاهِهِمْ۔ ان کی پیشانیوں پر نشانیاں۔ بلکہ اس سے مراد وہ نورِ باطن ہے جو ان کے چہروں پر نمایاں ہوتا ہے (2)۔

علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ مجاہد سے دریافت کیا گیا کہ کیا اس سیما سے مراد وہ نشان ہے جو پیشانی پر ظاہر ہو جاتا ہے۔ فرمایا: نہیں۔ بسا اوقات اونٹ کے گھٹنے کے برابر نشان کسی شخص کے ماتھے پر ہوتا ہے۔ اس کے باوجود اس کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہوتا ہے۔ عبدالعزیز مکی سے منقول ہے کہ اس سے مراد وہ لاغری اور زردی بھی نہیں بلکہ اس سے وہ نور مراد ہے جو عبادت گزاروں اور شب زندہ داروں کے باطن سے ان کے چہروں پر جھلکتا ہے، خواہ وہ عابد زنگی اور حبشی کیوں نہ ہو۔ لٰکِنَّهٗ نُوْرٌ یَّظْهَرُ عَلٰی وُجُوْهِ الْعَابِدِیْنَ یَبْدُوْ مِنْ بَاطِنِهِمْ عَلٰی ظَاهِرِهِمْ ۔۔۔ وَلَوْ کَانَ فِیْ زَنْجِیٍّ اَوْ حَبْشِیٍّ۔ (روح المعانی) (3)

علامہ ابن کثیر نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے: قَالَ بَعْضُ السَّلَفِ مَنْ کَثُرَتْ صَلٰوتُهٗ بِاللَّیْلِ حَسُنَ وَجْهُهٗ بِالنَّهَارِ کہ بعض بزرگوں نے فرمایا: جو رات کے وقت بکثرت نماز پڑھتا ہے، دن کے وقت اس کا چہرہ بڑا دلکش ہو جاتا ہے۔ حضرت جابرؓ سے یہی الفاظ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہیں۔ لیکن ابن کثیر کہتے ہیں۔ وَالصَّحِیْحُ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ لِلْحَسَنَةِ نُوْرًا فِی الْقَلْبِ وَضِیَاءً فِی الْوَجْهِ وَ سَعَةً فِی الرِّزْقِ وَ مَحَبَّةً فِیْ قُلُوْبِ النَّاسِ۔ بعض بزرگوں کا قول ہے کہ نیکی کرنے سے دل میں ایک نور، چہرے میں چمک، رزق میں فراخی اور لوگوں کے دلوں میں اس کے لیے محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے: مَا اَسَرَّ اَحَدٌ سَرِیْرَةً اِلَّا اَبْدَاهَا اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی صَفَحَاتِ وَجْهِهٖ وَ فَلَتَاتِ لِسَانِهٖ۔ یعنی جو شخص کوئی کام چھپ کر بڑی راز داری سے کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے آثار اس کے چہرے اور اس کے کلام میں نمایاں کر دیتا ہے۔

حضرت امام مالک سے مروی ہے، آپ فرماتے ہیں کہ جب نصاریٰ نے ان صحابہ کرامؓ کو دیکھا جنہوں نے شام کا ملک فتح کیا تو وہ کہہ اٹھے: وَاللّٰهِ لَهٰٓؤُلَآءِ خَیْرٌ مِّنَ الْحَوَارِیِّیْنَ۔ خدا کی قسم! یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں سے بدرجہا بہتر ہیں (4)۔

۶۰ امامِ لغت جوہری مَثَلٌ کے لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: مَثَلُ الشَّیْءِ اَیْضًا صِفَتُهٗ (صحاح) (5) یعنی مثل کے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 293
2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 125
3۔ ایضاً
4۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 204
5۔ الصحاح، ج 5، ص 1816

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اپنے تنے پر (اس کا جو بن) خوش کر رہا ہے بونے والوں کو ۶۲ تاکہ (آتش غیظ میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار ۶۳ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے جو ایمان

دوسرے معانی کے علاوہ ایک یہ معنی بھی ہے کہ کسی چیز کی صفت وحالت کو مثل کہتے ہیں۔ قَالَ ابْنُ سَيِّدِهٖ وَ مِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ.... وَ قَالَ اَبُوْاِسْحَاقَ مَعْنَاهُ صِفَةُ الْجَنَّةِ۔ (تاج العروس/لسان) (1) ابن سیدہ کہتے ہیں کہ اس آیت میں بھی مثل کا معنی صفت ہے۔ ابو اسحاق سے بھی یہی معنی منقول ہے۔

اب آیت کا مفہوم ہوگا کہ میرے رسول کے صحابہ کے یہ وہ اوصاف اور صفات ہیں جو تورات اور انجیل میں مذکور ہیں۔ بعض نے تورات پر وقف کیا ہے۔ ان کے نزدیک مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ کا تعلق اگلے جملہ كَزَرْعٍ سے ہے۔ یعنی یہ تو وہ اوصاف ہیں جو تورات میں مذکور ہیں۔ انجیل میں ان کی جو صفت بیان کی گئی ہے اس کا ذکر كَزَرْعٍ اَخْرَجَ سے ہو رہا ہے۔

۶۱ آیت کے اس حصہ میں جو مشکل الفاظ ہیں پہلے ان کی وضاحت ضروری ہے۔

زَرْعٌ: جو فصل زمین سے اگتی ہے اسے زرع کہتے ہیں۔ اَلزَّرْعُ نَبَاتُ كُلِّ شَيْءٍ يُحْرَثُ (لسان) (2) یہاں مراد ایک بال یا انگوری ہے جو پہلے نمودار ہوتی ہے۔ قَالَ مُقَاتِلٌ هُوَ نَبْتٌ وَّاحِدٌ۔ (قرطبی) (3)

شَطْئَهٗ: فِرَاخَهٗ وَاَوْلَادَهٗ (4) (قرطبی) وَالشَّطْأُ: فُرُوْخُ الزَّرْعِ (روح المعانی) (5) جو بچیاں پودے کی جڑوں سے پھوٹتی ہیں۔

اٰزَرَهٗ: اَعَانَهٗ وَ قَوَّاهُ قَالَهُ الْحَسَنُ (روح المعانی) (6) کسی چیز کی اعانت کرنا، اسے مضبوط و مستحکم بنا دینا۔ آزرہ کا فاعل شَطْأَهٗ اور ہٗ ضمیر کا مرجع زَرْعٌ ہے۔ یعنی وہ پہلی بالی تنہا اور کمزور تھی۔ اس کے پہلو میں اسی کی جڑ سے جو اور بچیاں نکل آئی ہیں انہوں نے اسے مضبوط و مستحکم کر دیا ہے۔ اِسْتَغْلَظَ: موٹا ہونا۔ یعنی وہ بالی جو پہلے لاغر اور کمزور تھی، کوئی بوجھ سہارنے کے قابل نہ تھی۔ ہوا کا معمولی جھونکا اسے دہرا کر دیتا تھا۔ اب اس کی کمزوری باقی نہیں رہی۔ وہ دبیز اور موٹی ہوگئی ہے۔ فَاسْتَوٰى: سیدھا کھڑا ہو جانا۔ سُوْقٌ جمع سَاقٌ: پنڈلی یعنی تنا۔ يُعْجِبُ: خوش کرنا (7)۔

اس لفظی تشریح کے بعد آیت کا مفہوم بالکل واضح ہے۔ یعنی ابتدا میں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تنہا تھے۔ بعد میں صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو قبول کیا۔ رفتہ رفتہ ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ اسلام ایک تناور اور مضبوط درخت بن گیا۔ مخالفت کی تند آندھیاں بھی اسے گزند نہیں پہنچا سکتیں۔

۶۲ اسلام کے چمن کو ہرا بھرا دیکھ کر، کشتِ ایمان کو سرسبز و شاداب دیکھ کر اللہ تعالیٰ کا رسول خوش ہے کہ اس کی مساعی بارآور ہوئیں۔ اس کی کوششیں کامیاب رہیں۔ ہر سمت توحید کا اجالا پھیلتا جا رہا ہے۔ بحر و بر میں لا الٰہ الا اللہ کی صدائیں گونج رہی ہیں۔ استبداد اور تشدد کی جن آہنی زنجیروں میں انسان جکڑا ہوا تھا وہ ایک ایک کر کے ٹوٹ رہی ہیں۔ انسان نے اپنی جہالت اور کم فہمی کے باعث جتنے اور جس قسم کے بت کدے بنائے ہوئے تھے وہ ایک ایک کر کے پیوندِ زمین ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا رسول یہ سہانا منظر دیکھ کر اور نورانی فرشتے اس بابرکت انقلاب کو دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں، لیکن کفار کے گھروں میں صف ماتم بچھ

1۔ تاج العروس، ج 8، ص 110۔ لسان العرب، ج 11، ص 611 2۔ لسان العرب، ج 8، ص 141 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 294
4۔ ایضاً 5۔ روح المعانی زیر آیت ہذا، جز 26۔ ص 126 6۔ ایضاً 7۔ ایضاً

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع ۴ ۳ ۱۲

لے آئے اور نیک اعمال کرتے رہے ان سے مغفرت کا اور اجرِ عظیم کا ۶۴

گئی ہے۔ جولوگ جبر وتشدد سے انسانیت کی تذلیل کیا کرتے تھے اور خوشی سے اس پر تالیاں بجایا کرتے تھے، اسلام کی کامیابی پر وہ آتشِ حسد میں جل رہے ہیں۔ ان کے چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی ہیں۔ ان کے غیظ وغضب کا عالم قابلِ دید ہے۔

۶۳ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے خلوص ومحبت، جذبہ جانفروشی، جادۂ حق پر ان کی استقامت اور عزیمت دیکھ کر اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم تو مسرور ہے اور کفار ان ایمان افروز مناظر کو دیکھ کر جل بھن جاتے ہیں۔ آج بھی صحابہ کرامؓ سے محبت وعقیدت ایمان کی علامت ہے اور ان سے کینہ وعداوت، ان کی بدگوئی اور غیبت، ان کے حیرت انگیز کارناموں کا انکار وہی لوگ کرتے ہیں جن کے دلوں میں کھوٹ ہوتا ہے، جن کو اسلام کی ترقی سے ذہنی اذیت پہنچتی ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ رحمۃ للعالمینی کے فیضِ عام کی وسعتوں اور گہرائیوں کو سننے کی تاب نہیں رکھتے۔ یہی لوگ ان پاکیزہ ہستیوں پر طرح طرح کی الزام تراشیاں کرتے ہیں، جن کی تعریف سے قرآنِ کریم بھرا ہوا ہے، جن کے خلوص وایمان کا عینی شاہد خود اللہ تعالیٰ کا محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو علم تھا کہ ایک ایسا گروہ پیدا ہوگا جن کے دلوں میں صحابہ کرامؓ کا بغض وعناد ہوگا۔ اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی اپنی امت کو اس گروہ کی شرانگیزیوں سے آگاہ کر دیا۔ چند احادیث آپ بھی سماعت فرمائیے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ (متفق علیہ) (1)۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ کو برا بھلا نہ کہا کرو۔ اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرے تو ان کے ایک پیمانہ کے برابر بھی نہیں ہوسکتا بلکہ نصف پیمانہ کے برابر بھی نہیں ہوسکتا۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ۔ اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِنْ بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ۔ وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِیْ وَمَنْ آذَانِیْ فَقَدْ آذَی اللّٰهَ فَيُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهٗ (ترمذی) (2)

ترجمہ: رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابہ کرام کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ میرے صحابۂ کرام کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ میرے بعد ان کو طعن وتشنیع کا ہدف نہ بنالینا۔ جو شخص ان سے محبت کرتا ہے وہ میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کرتا ہے اور جو شخص ان سے بغض رکھتا ہے میرے بارے میں اس کے دل میں جو بغض ہے اس کی وجہ سے ان سے بغض رکھتا ہے۔ جس نے میرے صحابہ کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی۔ جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنی گرفت میں لے لے گا۔

شیخ الطائفہ طوسی (شیعہ) اپنی تفسیر التبیان میں لکھتے ہیں۔ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ مَعْنَاهُ لِيَغِيْظَ بِالنَّبِیِّ وَاَصْحَابِهِ الْكُفَّارَ وَالْمُشْرِكِيْنَ (3)۔ کفار اور مشرکین نبی اور اس کے صحابہ کو دیکھ کر غصہ سے پیچ وتاب کھاتے ہیں۔

1۔ صحیح بخاری، کتاب المناقب، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو کنت متخذا خلیلا، ج 1، ص 518۔ صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب تحریم سب الصحابة، ج 2، ص 310

2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 38۔ جامع ترمذی، ابواب المناقب، باب فضل من بایع تحت الشجرة، ج 2، ص 226 3۔ التبیان، ج 9، ص 337

جولوگ کسی غلط فہمی کے باعث صحابہ کرام کے بارے میں سوءظن میں مبتلا ہیں انہیں چاہیے کہ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ کے جملہ میں غور کریں اور ان ارشاداتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غور سے پڑھیں۔

۶۴ اس سورۂ طیبہ کی بیشتر آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام کی تعریف وتوصیف کی ہے۔ آخر میں وَعَدَاللّٰهُ کے کلماتِ طیبات سے انہیں مغفرت اور اجرِ عظیم کا مژدۂ جانفزا سنایا ہے۔ بڑا خوش نصیب ہے وہ گروہ جوان خصوصی انعامات سے بہرور ہوا۔ بڑا ہی بلند اقبال، صاحبِ یمن وکمال ہے وہ نبی جس کی سعی اور توجہء باطنی سے خاک کے ان ذروں کو مہر وماہ کی تابانی نصیب ہوئی۔ لیکن بعض لوگوں کے دلوں میں اسلام سے عداوت کی جڑیں اتنی گہری ہیں کہ وہ حق سننے اور حق قبول کرنے سے گریزاں ہیں۔ چنانچہ اس آیت سے بھی انہوں نے صحابہ کی تنقیص کا پہلو نکال لیا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس آیت میں مِنْهُمْ کا لفظ ہے اور یہ مِنْ بعضیہ ہے۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ میدانِ حدیبیہ میں حاضر سب صحابہ کے ساتھ مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ نہیں بلکہ بعض کے ساتھ ہے۔ ایک حق پسند کے نزدیک یہ قول از قسمِ خرافات ہے، ورنہ اس سورت کی بہت سی آیات پر خطِ تنسیخ کھینچنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کے دلوں کے خلوص کی گواہی دی ہے۔ ان سب پر اپنی جناب سے تسکین وطمانیت کے نزول کی خبر دی ہے، ان سب کو اپنی رضا سے خورسند کیا ہے۔ اس سورت کی آیت ۴۔ ۵۔ ۱۸۔ ۲۶ اور ۲۸ کا دوبارہ مطالعہ کریں۔ ان کی ہرزہ سرائی آپ پر آشکارا ہوجائے گی۔

اگر مِنْ فقط تبعیض کے لیے ہوتا تو ان کا یہ اصرار بجا تھا، لیکن یہ لفظ چودہ مختلف معانی پر دلالت کرتا ہے۔ محل اور موقع کی مناسبت سے اس کا معنی متعین کیا جائے گا۔ صاحبِ تاج العروس لکھتے ہیں: وَمِنْ بِالْكَسْرِ حَرْفُ خَفْضٍ يَأْتِي عَلٰى اَرْبَعَةَ عَشَرَ وَجْهًا اَلْاَوَّلُ لِابْتِدَاءِ الْغَايَةِ ..... وَالثَّانِي لِلتَّبْعِيْضِ وَالثَّالِثُ لِبَيَانِ الْجِنْسِ الخ (1) کہ مِنْ حرف جار ہے اس کے استعمال کی چودہ صورتیں ہیں ابتداء، تبعیض اور بیان وغیرہ۔

اس آیت میں مِنْهُمْ کا مِنْ تبیین کے لیے ہے (2)۔ جس طرح نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ (بنی اسرائیل:82) میں مِنْ تبعیض کے لیے نہیں، بیان کے لیے ہے ورنہ لازم آئے گا کہ بعض قرآن تو شفا ہے اور بعض شفا نہیں۔ اسی طرح فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ (الحج:30) میں مِنْ بیان کے لیے ہے ورنہ لازم آئے گا کہ بعض بتوں کی پرستش سے باز آؤ اور بعض کی پوجا کرتے رہو۔

خود شیعہ مفسرین نے بھی من کو بیانیہ لکھا ہے۔ شیخ الطائفہ طوسی اپنی تفسیر التبیان میں لکھتے ہیں۔ مِنْهُمْ قِيْلَ اِنَّهٗ بَيَانٌ يَخُصُّهُمْ بِالْوَعْدِ دُوْنَ غَيْرِهِمْ۔ (3) یعنی مِنْ بیان کے لیے ہے، یہ وعدۂ مغفرت اور اجرِ عظیم صرف اصحاب کے ساتھ مخصوص ہے۔ ان کے علاوہ دوسروں کے ساتھ نہیں۔ ملا فتح اللہ کاشانی اپنی تفسیر منہج الصادقین جلد ۸ ص ۳۹۹ پر لکھتے ہیں۔ ومن از برائے بیان است از قبیل فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ۔ یعنی جس طرح مِنَ الْاَوْثَانِ میں مِنْ بیانیہ ہے اسی طرح یہاں بھی بیانیہ ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں عمرو بن حبیب محدث ایک روز خلیفہ ہارون الرشید کے ہاں تشریف فرما تھے۔ ایک مسئلہ پر بحث شروع ہو گئی۔ ایک شخص نے اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لیے حضرت ابوہریرہ کی روایت کردہ حدیث پیش کی۔ دوسرے فریق نے اس حدیث کو صحیح ماننے سے انکار کر دیا اور کہا ہم ابوہریرہ کی روایات کو نہیں مانتے کیونکہ یہ متہم ہے۔ عمرو بن حبیب کہتے ہیں میں نے

1۔ تاج العروس، ج9، ص53-352 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص296 3۔ التبیان، ج9، ص338

دیکھا کہ ہارون بھی انہی کی طرف مائل ہے اور ان کی تائید کرنے لگا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ حدیث بالکل صحیح ہے اور حضرت ابو ہریرہ روایتِ احادیث میں ثقہ اور سچے ہیں۔ ہارون نے خشمناک نظروں سے میری طرف دیکھا۔ میں وہاں سے اٹھ کر گھر چلا آیا۔ ابھی تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ مجھے بتایا گیا کہ خلیفہ کا خاص ایلچی دروازے پر کھڑا ہے۔ جب وہ اندر آیا تو اس نے کہا اَجِبْ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِجَابَةَ مَقْتُوْلٍ وَ تَحَنَّطْ وَ تَکَفَّنْ۔ فوراً امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہو۔ تجھے قتل کیا جائے گا اس لیے کفن بھی پہن لو اور خوشبو بھی لگا لو۔ میں نے یہ سنا تو بارگاہِ الٰہی میں عرض کی: میرے رب! تو جانتا ہے کہ میں نے تیرے نبی کے صحابی کا دفاع کیا ہے۔ اس طرح تیرے نبی کریم ﷺ کی شان کو بلند کیا ہے۔ الٰہی! مجھے ہارون کے شر سے بچانا۔ یہ دعا مانگی اور ہارون کی طرف روانہ ہوا۔ وہ زرنگار کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے اپنی آستینیں چڑھائی ہوئی تھیں۔ اس کے ہاتھ میں ننگی تلوار تھی اور اس کے سامنے نطع (چمڑے کا ٹکڑا) بچھا ہوا تھا۔ مجھے دیکھ کر بولا: اے عمرو! میری بات کو آج تک ایسی گستاخی سے کسی نے رد نہیں کیا جس طرح تو نے کیا۔ میں نے کہا: امیر المومنین! میں نے صرف اس بات کی تردید کی ہے جس سے شانِ رسالت پر حرف آتا تھا اور حضور ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کی توہین ہوتی تھی۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ حضور ﷺ کے صحابہ جھوٹ بولا کرتے تھے تو شریعت باطل ہو جائے گی۔ نماز، روزہ، طلاق، نکاح اور حدود کے بارے میں جتنے احکام ہیں سب مردود اور غیر مقبول ٹھہریں گے۔ میری یہ بات سن کر یوں معلوم ہوا کہ ہارون کو ہوش آ گیا۔ اس کا غصہ کافور ہو گیا اور مجھے کہنے لگا: اَحْیَیْتَنِیْ یَا عَمْرَو بْنَ حُبَیْبٍ اَحْیَاكَ اللّٰهُ۔ اے عمرو بن حبیب! تو نے مجھے از سرِ نو زندہ کر دیا۔ اللہ تجھے سلامت رکھے۔ پھر دس ہزار دینار بطورِ انعام مجھے دینے کا حکم دیا۔ (قرطبی)(1)

آخر میں حضور رسالتمآب ﷺ کا ارشادِ گرامی پیش کر کے اس سورۂ پاک کا اختتام کرتا ہوں۔

رَوٰی عُوَیْمُ بْنُ سَاعِدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اخْتَارَنِیْ وَ اخْتَارَ لِیْ اَصْحَابًا فَجَعَلَ لِیْ مِنْهُمْ وُزَرَاءَ وَ اَخْتَانًا وَّ اَصْهَارًا فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَ الْمَلٰٓئِکَةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ وَلَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔ (قرطبی)(2) عویم بن ساعدہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب مخلوقات سے اللہ تعالیٰ نے مجھے چنا اور پھر میرے لیے اصحاب کا انتخاب فرمایا۔ ان میں سے میرے لیے وزیر، داماد اور سسر بنائے۔ پس جس نے ان کو برا بھلا کہا۔ پس اس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہو۔ روزِ قیامت اللہ تعالیٰ ان سے کوئی معاوضہ اور کوئی بدلہ قبول نہ کرے گا۔

OOO

اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی جَلَالِکَ وَ کِبْرِیَائِکَ وَ لَکَ الشُّکْرُ عَلٰی مَا اَسْبَغْتَ عَلَیَّ مِنْ تَوْفِیْقَاتِکَ وَ نَعْمَائِکَ اَسْئَلُکَ فَضْلَکَ وَ رِضْوَانَکَ وَ اَسْئَلُکَ بِصِفَاتِکَ الْجَمِیْلَةِ وَ الْجَلِیْلَةِ وَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی اَنْ تُصَلِّیَ وَ تُسَلِّمَ وَ تُبَارِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَ کَهْفِ الْوَرٰی حَبِیْبِکَ وَ نَبِیِّکَ وَ صَفِیِّکَ سَیِّدِیْ وَ مَوْلَایَ وَ قُرَّةِ عَیْنِیْ وَ نُوْرِ قَلْبِیْ وَ وَسِیْلَتِیْ فِیْ حَضْرَتِکَ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ مَنْ تَبِعَهٗ وَ اَحَبَّهٗ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیِّیْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَ اَلْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ۔ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَاءَ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 99-298 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 98-297۔ معجم کبیر، ج 17، ص 140، رقم الحدیث: 349

تعارف
سُورۃ الحُجرات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورۂ مبارکہ کا نام الحجرات ہے۔ یہ کلمہ آیت نمبر ۴ میں مذکور ہے۔ اس میں دو رکوع، اٹھارہ آیتیں، تین صد پینتیس کلمات اور ایک ہزار چار سو چھہتّر حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: حضرت حسن بصری، قتادہ، عکرمہ اور دیگر علماء کے نزدیک یہ ساری سورت مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی۔ حضرت ابنِ عباس سے ایک قول یہ بھی مروی ہے کہ باقی آیات مدنی ہیں، صرف آیت نمبر ۱۳ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی(1)۔ لیکن پہلا قول ہی صحیح ہے۔

آیت نمبر ۴ اس وقت نازل ہوئی جب بنی تمیم کا وفد شرفِ باریابی حاصل کرنے کے لیے مدینہ طیبہ حاضر ہوا۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس وقت گھر تشریف لے جا چکے تھے۔ وفد نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کا انتظار نہ کیا۔ حجرے کے باہر کھڑے ہو کر آوازیں دینے لگے کہ باہر آیئے، باہر آیئے۔ ان کو تنبیہ کرنے کے لیے یہ آیت نازل ہوئی۔ کتبِ سیرت کے مطابق یہ وفد ۹ھ میں آیا تھا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورت مدنی زندگی کے آخری دور میں نازل ہوئی۔ نیز آیت نمبر ۶ میں جس واقعہ کا ذکر ہے، اس کا تعلق ولید بن عقبہ بن ابی مُعَیط سے ہے اور وہ فتحِ مکہ کے بعد مسلمان ہوا تھا۔

مضامین: اس سورۂ مبارکہ کی آیتوں کی تعداد اگرچہ صرف اٹھارہ ہے لیکن اس میں نہایت اہم موضوعات بیان کیے گئے ہیں جن پر اعتقاد، اخلاق، سیرت اور کردار کا محل تعمیر کیا جا سکتا ہے اور جن کی برکت سے معاشرے میں اُنس، محبت اور ایثار کی فضا پیدا کی جا سکتی ہے۔

سب سے پہلے بارگاہِ رسالت کے ادب واحترام کے بارے میں حتمی احکام صادر فرمائے، صاف صاف بتا دیا کہ کان کھول کر سن لو، اگر تم نے گستاخانہ لہجے میں میرے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں اپنی آواز بھی اونچی کی تو عمر بھر کے اعمالِ صالحہ نیست ونابود ہو جائیں گے۔ میرا پیارا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما ہو تو باہر کھڑے ہو کر آوازیں مت دو، بلکہ خاموشی سے انتظار کرو۔ جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائیں، اس وقت اپنی معروضات پیش کرو۔ مختلف طریقوں سے بارگاہِ نبوت کے ادب واحترام کا نقش لوحِ دل پر ثبت فرمایا تا کہ بھولے سے بھی کوئی مومن یہ گستاخی نہ کر بیٹھے۔

اس کے بعد مسلمانوں کو بتایا کہ اتنے سادہ لوح بھی نہ بن جاؤ کہ جس کسی نے کوئی بات کہہ دی، فوراً اسے پلّے باندھ لیا اور

1۔ روح المعانی، جز 26، ص 131

اس پر اپنے ردِ عمل کا اظہار کر دیا۔ جب بھی کوئی غیر معتبر آدمی کوئی بات آ کر بتائے تو پہلے خوب چھان بین کر لیا کرو، پھر کوئی قدم اٹھایا کرو، ورنہ شدید ندامت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے بارے میں صراحۃً اعلان کر دیا کہ ہم نے ایمان کو ان کا محبوب بنا دیا ہے اور ان کی آنکھوں میں اسے یوں آراستہ کر دیا ہے کہ وہ اسے چھوڑ کر کسی غیر کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے۔ اس کے ساتھ ساتھ کُفر و فسوق کی نفرت اور بُغض ان کے دل میں یوں پیدا کر دیا ہے کہ وہ اس کی طرف مائل ہونے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ جن نفوسِ قدسیہ کی حالت کلامِ الٰہی میں ان نورانی الفاظ سے بیان کی گئی ہو، ان کے ایمان کے بارے میں شک کرنا اور ان کے دامنِ عمل پر کیچڑ اُچھالنا بدبختی اور محرومی کی انتہا ہے۔

انسانی معاشرے میں تعلقات کا کشیدہ ہو جانا قطعاً بعید از امکان نہیں۔ اگر ایسی صورتِ حال پیدا ہو جائے اور اہلِ ایمان کے دو گروہ آپس میں دست و گریبان ہو جائیں، تو دوسرے مسلمانوں کو خاموش تماشائی بننے کی اجازت نہیں، بلکہ انہیں حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور ان کے درمیان صلح کرا دیں اور اپنا پورا اثر و رسوخ بھی استعمال کریں۔ پھر بھی اگر ایک فریق صلح پر آمادہ نہ ہو تو اس کی امداد کریں جو حق پر ہے۔

آیت نمبر ۱۰ میں تصریح کر دی کہ مومن زمین کے کسی گوشہ میں آباد ہو، کوئی بولی بولتا ہو، کسی بھی نسل سے متعلق ہو، جب وہ اس دین کو قبول کر لیتا ہے، تو وہ اخوتِ اسلامی کے رشتے میں پرو جاتا ہے۔ بیگانگی اور مغائرت کے سارے حجابات یکلخت اٹھ جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اسلامی معاشرے کو صحت مند بنیادوں پر استوار کر کے ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتا ہے، اس لیے ان تمام باتوں سے سختی کے ساتھ روک دیا جو دلوں میں نفرت، حقارت، حسد اور عداوت کی تخم ریزی کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کا مذاق اڑانا، ایک دوسرے کی عیب جوئی اور نکتہ چینی کرنا، چغلی کھانا، ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد کرنا وغیرہا، یہ سب باتیں ایسی ہیں جن سے دل ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگتے ہیں۔ اس لیے اہلِ ایمان کو حکم دیا کہ وہ ان چیزوں سے دور رہیں۔

آیت نمبر ۱۳ میں ان تمام باطل امتیازات کا قلع قمع کر دیا جو انسانی معاشرے کو رنگ، نسل، زبان، دولت وغیرہ کی بنیادوں پر متحارب گروہوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ انہیں بتا دیا کہ تم سب آدم و حوا کی اولاد ہو اور تمہاری قدر و منزلت کا معیار دولت، حکومت وغیرہ نہیں بلکہ تمہارا تقویٰ ہے۔ جو زیادہ متقی ہوگا، اللہ تعالیٰ کی جناب میں اسی کا مقام بلند ہوگا۔

یہ آیت اسلام کے معاشرے کی خشتِ اول ہے۔ جو باطل امتیازات آج بھی بڑی بڑی ترقی یافتہ قوموں کو آپس میں دست و گریبان کیے ہیں، اسلام نے اس ایک حکم سے ان تمام کو ملیامیٹ کر کے رکھ دیا۔

آخر میں بتا دیا کہ اہلِ ایمان اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں۔ جو دینِ اسلام کو قبول کرتے ہیں، وہ اسلام پر کوئی احسان نہیں کرتے، بلکہ اللہ تعالیٰ کا ان پر احسان ہے کہ اس نے اس دینِ حق کو قبول کرنے کی انہیں توفیق عطا فرمائی۔

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيْ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سُورۃ الحجرات مدنی ہے اور اس کی اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

اے ایمان والو! ۱؎ آگے نہ بڑھا کرو اللہ اور اس کے رسول سے ۲؎ اور ڈرتے رہا کرو

۱؎ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ اس سے پہلی سورت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقامِ عالی اور شانِ رفیع بیان فرمائی کہ یہ وہ رسول ہے جس کی رسالت کے ہم گواہ ہیں۔ جس کے دین کو تمام ادیان پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اس کے غلام ان صفاتِ جلیلہ سے موصوف ہیں جن کا ذکرِ خیر سابقہ آسمانی کتب میں بھی موجود ہے (1)۔ اس سورت میں اس رسولِ ذی شان کی عزت و تکریم کا حکم دیا جا رہا ہے، ادب و احترام کے انداز سکھائے جا رہے ہیں۔ چونکہ ادب ہوگا تو دل میں تعظیم ہوگی، تعظیم ہوگی تو اس کے ہر حکم کی تعمیل کا جذبہ پیدا ہوگا۔ جب تعمیلِ حکم کی خو پختہ ہوگی تو محبت کی نعمت مرحمت فرمائی جائے گی اور جب محبوبِ خداوندِ ذوالجلال کے عشق کی شمع فروزاں ہوگئی تو حریمِ کبریائی تک جانے والا سارا راستہ منور ہو جائے گا۔

۲؎ ادب و احترام کے درس کا آغاز لَا تُقَدِّمُوْا سے فرمایا جا رہا ہے۔ علامہ ابنِ جریر لکھتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے پیشوا یا امام کے ارشاد کے بغیر خود ہی امر و نہی کے نفاذ میں جلدی کرے تو عرب کہتے ہیں کہ فُلَانٌ يُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيْ اِمَامِهٖ (2)۔ یعنی فلاں شخص اپنے امام کے آگے آگے چلتا ہے۔ علامہ ابن کثیر نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے اس جملہ کی تفسیر ان الفاظ میں نقل کی ہے: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَّا تَقُوْلُوْا خِلَافَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ (3)۔ کہ کتاب و سنت کی خلاف ورزی مت کرو۔

حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم پر ایمان لانے کے بعد کسی کو یہ حق ہی نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے ربِ کریم اور اس کے رسولِ مکرم کے ارشاد کے علی الرغم کوئی بات کہے یا کوئی کام کرے۔ جب انسان اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرتا ہے تو وہ اس امر کا بھی اعلان کر رہا ہوتا ہے کہ آج کے بعد اس کی خواہش، اس کی مرضی، اس کی مصلحت خدا اور اس کے رسول کے حکم پر بلا تامل قربان کر دی جائے گی۔

یہ ارشاد فقط اہلِ ایمان کی شخصی اور انفرادی زندگی تک ہی محدود نہیں بلکہ قومی اور اجتماعی زندگی کے تمام گوشوں، سیاسی، اقتصادی اور اخلاقی کو بھی محیط ہے۔ نہ کسی فرد کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ کوئی ایسا قانون بنائے جو کتاب و سنت سے متصادم ہو اور نہ کسی عدالت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ احکامِ شرعی کے برعکس کوئی فیصلہ کرے۔

1۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج 28/14، ص 111 2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج 26، ص 74 3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 205

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝۱ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ

اللہ تعالیٰ سے بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ سُننے والا جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! نہ بلند کیا کرو اپنی آوازوں کو

فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ

نبی (کریم) کی آواز سے ۳ اور نہ زور سے آپ کے ساتھ بات کیا کرو جس طرح زور سے تم ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہو

لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ کے مختصر کلمات میں معانی ومطالب کا بحرِ بیکراں موجزن ہے۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے۔ لَا تُقَدِّمُوْا متعدی ہے لیکن اس کا مفعول مذکور نہیں (1)۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ اگر کسی چیز کو ذکر کر دیا جاتا تو صرف اس کے بارے میں حکم کی خلاف ورزی ممنوع ہوتی۔ مفعول کو ذکر نہ کر کے بتا دیا کہ کوئی عمل ہو، کوئی قول ہو، زندگی کے کسی شعبہ سے اس کا تعلق ہو، اس میں اللہ اور اس کے رسول کے ارشاد سے انحراف ممنوع ہے۔ نیز اگر مفعول ذکر کیا جاتا تو سامع کی توجہ ادھر بھی مبذول ہو جاتی۔ اس کو ذکر نہ کر کے بتا دیا کہ تمہاری تمام تر توجہ لَا تُقَدِّمُوْا کے فرمان پر مرکوز ہونی چاہیے۔

زمخشری لکھتے ہیں: اَحَدُهُمَا اَنْ یُّحْذَفَ لِیَتَنَاوَلَ كُلَّمَا یَقَعُ فِی النَّفْسِ مِمَّا یُقَدَّمُ وَ الثَّانِیْ اَنْ لَّا یُقْصَدَ قَصْدُ مَفْعُوْلٍ وَّ لَا حَذْفُهٗ وَ یُتَوَجَّهُ بِالنَّهْیِ اِلٰی نَفْسِ التَّقْدِمَةِ۔ (کشاف) (2)

۳ اس آیتِ طیبہ میں بھی بارگاہِ رسالت کے آداب کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ سابقہ آیت میں بتایا کہ قول وعمل میں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سبقت نہ کرو۔ اب گفتگو کا طریقہ بتایا جا رہا ہے کہ اگر تمہیں وہاں شرفِ باریابی نصیب ہو اور ہمکلامی کی سعادت سے بہرہ ور ہو تو یہ خیال رہے کہ تمہاری آواز میرے محبوب کی آواز سے بلند نہ ہونے پائے۔ جب حاضر ہو تو ادب واحترام کی تصویر بن کر حاضری دو۔ اگر اس سلسلہ میں تم نے ذرا سی غفلت برتی اور بے پروائی سے کام لیا تو سارے اعمالِ حسنہ، ہجرت، جہاد، عبادات، وغیرہ تمام کے تمام اکارت ہو جائیں گے۔ پہلی آیت میں بھی یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے خطاب ہو چکا تھا۔ یہاں خطاب کی چنداں ضرورت نہ تھی، لیکن معاملہ کی نزاکت اور اہمیت کے پیشِ نظر دوبارہ اہلِ ایمان کو یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے خطاب کیا۔ انہیں جھنجھوڑا اور بتایا کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ بلکہ اس پر زندگی بھر کی طاعتوں، نیکیوں اور حسنات کے مقبول ونامقبول ہونے کا انحصار ہے۔

جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت فاروق اعظم نے آہستہ آہستہ کلام کرنے کو اپنا معمول بنا لیا۔ حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس ذات کی قسم جس نے آپ پر یہ قرآن نازل فرمایا، میں تا دم واپسیں حضور سے آہستہ آہستہ بات کروں گا۔ جب کوئی وفد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کے لیے مدینہ طیبہ پہنچتا تو حضرت صدیق اکبر ان کی طرف ایک خاص آدمی بھیجتے جو انہیں حاضری کے آداب بتاتا اور ہر طرح ادب واحترام ملحوظ رکھنے کی تلقین کرتا۔ وَ اَرْسَلَ اِلَیْهِمْ اَبُوْبَكْرٍ مَّنْ یُّعَلِّمُهُمْ كَیْفَ یُسَلِّمُوْنَ وَ یَاْمُرُهُمْ بِالسَّكِیْنَةِ وَ الْوَقَارِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ (روح المعانی) (3)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص39 2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص349 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز26، ص135

صحابہ کرام جو پہلے ہی سراپا ادب واحترام تھے، اس آیت کے نزول کے بعد مزید محتاط ہو گئے۔ حضرت ثابت ابن قیس رضی اللہ عنہ جو قدرتی طور پر بلند آواز تھے، اس آیت کے نزول سے ان پر تو گویا قیامت ٹوٹ پڑی۔ گھر میں بیٹھ رہے۔ دروازہ کو قفل لگا دیا اور دن رات زار وقطار رونا شروع کر دیا۔ مرشد کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے جب ایک دو روز ثابت کو نہ دیکھا تو ان کے بارے میں دریافت کیا۔ عرض کیا گیا کہ انہیں تو دن رات رونے سے کام ہے۔ دروازہ بند کر رکھا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بلا بھیجا اور رونے کی وجہ پوچھی۔ غلامِ اطاعت شعار نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری آواز اونچی ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ یہ آیت میرے حق میں نازل ہوئی ہے۔ میری تو عمر بھر کی کمائی غارت ہوگئی۔ اس دلنواز آقا نے تسلی دیتے ہوئے یہ مژدہ جانفزا سنایا۔ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَعِیْشَ حَمِیْدًا وَّ تُقْتَلَ شَھِیْدًا وَّ تَدْخُلَ الْجَنَّۃَ۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تم قابل تعریف زندگی بسر کرو اور شہید قتل کیے جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ؟ عرض کی: رَضِیْتُ۔ اپنے رب کریم کی اس نوازشِ بے پایاں پر یہ بندہ راضی ہے۔ (روح المعانی)(1)

علامہ ابن قیم اس حدیث کو لکھنے کے بعد فرماتے ہیں کہ جب مسیلمہ کذاب کے خلاف یمامہ کے مقام پر گھمسان کا رن پڑا تو مسلمانوں کے قدم ڈگمگانے لگے۔ حضرت ثابت اور حضرت سالم رضی اللہ عنہما نے آپس میں کہا کہ عہد رسالت میں تو ہم کفار سے اس طرح نہیں لڑا کرتے تھے۔ دونوں نے اپنے اپنے لیے گڑھا کھودا اور اس میں جم کر دشمن پر تیروں کی بوچھاڑ شروع کر دی حتیٰ کہ دونوں نے جامِ شہادت نوش کیا۔ اس روز حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک نفیس اور قیمتی زرہ پہن رکھی تھی۔ ایک شخص آپ کی نعش کے پاس سے گزرا تو اس نے وہ زرہ اتار لی اور جا کر چھپا دی۔ اسی شب حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو خواب میں فرمایا کہ میں تمہیں ایک وصیت کرتا ہوں۔ خبردار! یہ خیال نہ کرنا کہ یہ محض خواب ہے اور اس کی کوئی اہمیت نہیں۔ سنو! میں کل جب مقتول ہوا تو ایک آدمی میرے پاس سے گزرا اور میری زرہ اتار لی۔ اس کی رہائش گاہ پڑاؤ کے آخری کنارہ پر ہے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کے خیمے کے نزدیک ایک گھوڑا چر رہا ہے جس کے پاؤں میں ایک لمبی رسی بندھی ہے۔ اس شخص نے میری زرہ پر ایک دیگچہ الٹا رکھ دیا ہے۔ اس کے اوپر اونٹ کا کجاوا ہے۔ تم صبح حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور انہیں کہو کہ میری زرہ اس شخص سے لے لیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب تم مدینہ طیبہ پہنچو تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنا کہ ثابت پر اتنا قرضہ ہے، وہ ادا کر دیں اور میرے فلاں فلاں غلام کو آزاد کر دیں۔ جب وہ شخص بیدار ہوا تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور اپنا خواب سنایا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے وہ زرہ وہاں سے تلاش کر لی اور حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کی وصیت کو عملی جامہ پہنایا۔ (کتاب الروح)(2)

جن خوش نصیبوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے حبیبِ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب ہوتا ہے، ان کی رفعتِ شان کا کون اندازہ لگا سکتا ہے؟

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 137 2۔ کتاب الروح، ص 15

اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ

(اس بے ادبی سے) کہیں ضائع نہ ہوجائیں تمہارے اعمال ۴ اور تمہیں خبر تک نہ ہو ۵ بے شک جو پست رکھتے ہیں اپنی آوازوں

اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ

کو اللہ کے رسول کے سامنے ، یہی وہ لوگ ہیں مخلص کرلیا ہے اللہ نے ان کے دلوں کو

۴ یہاں لام مقدر ہے اور یہ لام عاقبت کے لیے ہے (1)۔ یعنی اگر تم سے آواز اونچا کرنے کی بے ادبی ہوگئی تو اس کا انجام یہ ہوگا کہ تمہارے سارے اعمال برباد ہوجائیں گے۔ اولاً اور بالذات یہ خطاب صحابہ کرام کو ہو رہا ہے جن کا ایثار بے نظیر، جن کی قربانیاں بے مثال، جن کی عبادتیں خشوع وخضوع میں ڈوبی ہوئی تھیں، جو سرتاپا تسلیم ورضا تھے۔ انہیں کہا جارہا ہے کہ اگر تم نے میرے پیارے رسول کی جناب میں آواز بھی اونچی کی تو یہ ایسی گستاخی متصور ہوگی کہ تمہاری سب نیکیاں ملیامیٹ ہوجائیں گی۔ آج جو لوگ حضور ﷺ کی شانِ رفیع میں سوقیانہ باتیں کرتے ہیں۔ حضور ﷺ کے علمِ خداداد پر معترض ہوتے ہیں، ادب واحترام کو ملحوظ نہیں رکھتے۔ اپنے علم پر، اپنی نیکیوں پر اور اپنے ایمان سوز لمبے لمبے وعظوں پر مغرور ہیں وہ اپنے انجام کے بارے میں خود سوچ لیں۔ یاد رکھو!

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنیدو بایزید اینجا (2)

۵ اس جملہ میں گستاخوں کی اس محرومی وبدنصیبی کا بیان ہے۔ اس کو سن کر بھی علم وزُہد کا خمار اگر نہ اترے، فضیلت وپارسائی کا طلسم اگر نہ ٹوٹے تو بدقسمتی کی انتہا ہے۔ فرمایا جارہا ہے کہ تمہارے سارے اعمال غارت ہوجائیں گے۔ سب نیکیاں ملیامیٹ ہوجائیں گی اور تمہیں خبر تک نہ ہوگی۔ تم اس غلط فہمی کا شکار ہوگے کہ تم بڑے نمازی اور غازی ہو، صائم الدہر اور قائم اللیل ہو، مفسر ہو، محدث ہو، واعظِ آتش بیان ہو اور جنت تمہارا انتظار کررہی ہے اور جب وہاں پہنچو گے تو اس وقت پتہ چلے گا کہ اعمال کا جو باغ تم نے لگایا تھا اسے تو بے ادبی اور گستاخی کی بادِ صرصر نے خاکِ سیاہ بنا کر رکھ دیا ہے۔ اس وقت کفِ افسوس ملوگے، سر پیٹو گے لیکن بے سود، لاحاصل۔

ہائے اس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا (3)

یہ جملہ حال ہے۔ اَعْمَالُكُمْ میں ضمیرِ مخاطب ذوالحال ہے اور تَشْعُرُوْنَ کا مفعول محذوف ہے (4)۔

اسی آیت سے استدلال کرتے ہوئے علماء نے فرمایا ہے کہ انسان جب روضۂ مقدسہ پر حاضری دینے کی سعادت سے بہرہ ور ہو تو وہاں بھی آواز اونچی نہ کرے۔ جہاں حدیثِ پاک کا درس ہو رہا ہو وہاں بھی آواز بلند نہ کرے۔ علمائے ربانیین کی خدمت میں حاضر ہو تو اس وقت بھی چلا چلا کر گفتگو نہ کرے (5) اور اپنے پیر ومرشد سے بھی ادب واحترام ملحوظ رکھے (6)۔

بارگاہِ رسالت میں اگر کوئی اس طرح اونچا بولے گا جس سے خاطرِ عاطر کو اذیت پہنچے تو یہ منع ہے، لیکن ضرورت کے وقت بلند

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 135 2۔ عزت بخاری بحوالہ کلیات اقبال فارسی، ص 903 3۔ شرح دیوان غالب از مولانا حسرت موہانی، ص 24
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 135 5۔ ایضاً، ج 26، ص 137
6۔ معارف القرآن، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 100، مطبوعہ ادارۃ المعارف کراچی نمبر 14

لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ

تقویٰ کے لیے۔ انہی کے لیے بخشش اور اجرِ عظیم ہے ۶ بے شک جو لوگ پکارتے ہیں آپ کو

آواز سے بولنا منع نہیں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں بلند آواز سے اذان دیتے تھے۔ جنگ میں بلند آواز سے نعرے لگائے جاتے۔ جنگ حنین میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس کو حکم دیا کہ بلند آواز سے صحابہ کو بلائیں۔ حضرت حسان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں بلند آواز سے اپنے قصائد سناتے تھے۔ الغرض نیت پر انحصار ہے۔

علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں: لَيْسَ الْمُرَادُ مَايَقَعُ الرَّفْعُ وَ الْجَهْرُ فِيْ حَرْبٍ اَوْ مُجَادَلَةِ مُعَانِدٍ اَوْ اِرْهَابِ عَدُوٍّ اَوْ نَحْوِ ذٰلِكَ فَاِنَّهٗ مِمَّا لَابَأْسَ بِهٖ۔ (روح البیان) (1) اسی پر بلند آواز سے مل کر درود شریف یا کوئی نعت پڑھنے کو قیاس کیا جا سکتا ہے۔

۶ اب ان لوگوں پر اپنی عنایات کا ذکر فرمایا جا رہا ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے آہستہ آہستہ گفتگو کرتے ہیں۔ اس آیت کا مفہوم بیان کرنے سے پہلے اس کے دو لفظوں کی تشریح کرنا ضروری ہے۔

يَغُضُّوْنَ: غَضُّ الْبَصَرِ۔ آنکھیں نیچی کرنا۔ غَضُّ الصَّوْتِ: آواز کو آہستہ کرنا (2)۔

اِمْتَحَنَ: علامہ ابو عبداللہ قرطبی نے علمائے لغت و تفسیر کے مختلف اقوال نقل کیے ہیں۔

قَالَ الْفَرَّاءُ: اَیْ اَخْلَصَهَا لِلتَّقْوٰى۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ان باادب حضرات کے دلوں کو تقویٰ کے لیے خالص کر لیا ہے۔

قَالَ الْاَخْفَشُ: اِخْتَصَّهَا۔ اخفش کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو تقویٰ کے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ پھر فرماتے ہیں: اَلْاِمْتِحَانُ افْتِعَالٌ مِّنْ مَحَنْتُ الْاَدِيْمَ مَحْنًا حَتّٰى اَوْسَعْتُهٗ فَمَعْنٰى امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى وَسَّعَهَا وَ شَرَّحَهَا لِلتَّقْوٰى (3)۔ یعنی امتحان باب افتعال ہے۔ اس کا لغوی معنی ہے چمڑے کو کھلا کرنا۔ اس مفہوم کے پیشِ نظر آیت کا معنی ہوگا کہ ہم نے ان کے دلوں کو تقویٰ اور پرہیزگاری کے لیے کشادہ اور وسیع کر دیا ہے۔ وہ تقویٰ کی راہ پر چلتے ہوئے کوئی گھٹن یا بوجھ محسوس نہیں کرتے۔

علامہ زمخشری نے اس لفظ کی تحقیق کرتے ہوئے ایک اور نکتہ پیدا کیا ہے۔ لکھتے ہیں: مِنْ قَوْلِكَ امْتَحَنَ فُلَانٌ لِاَمْرِ كَذَا وَ جَرَّبَ لَهٗ وَ دَرَّبَ لِلنُّهُوْضِ بِهٖ فَهُوَ مُضْطَلِعٌ بِهٖ غَيْرُ وَانٍ عَنْهُ (کشاف) (4) یعنی جب کوئی شخص کسی چیز کا خوگر اور عادی بن جائے اور اسے اس کی خوب مشق کرا دی جائے تو عرب کہتے ہیں اِمْتَحَنَ فُلَانٌ لِاَمْرِ كَذَا۔ جب کوئی شخص مسلسل ریاضت اور مشق سے کسی چیز کا عادی بن جاتا ہے اس وقت وہ اس بارِ گراں کو آسانی سے اٹھا لیتا ہے اور اس میں کسی ضعف اور کمزوری کا مظاہرہ نہیں کرتا۔

ان لغوی تحقیقات کے بعد اب اس آیت کو غور سے پڑھیے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو لوگ میرے محبوب کا ادب ملحوظ رکھتے ہیں ہم ان پر تین خصوصی احسان فرماتے ہیں۔ پہلا احسان تو یہ ہے کہ ہم ان کے دلوں کو تقویٰ کا عادی بنا دیتے ہیں۔ اس بارِ گراں کے اٹھانے میں انہیں کوئی دقت نہیں ہوتی۔

دوسرا احسان یہ ہے کہ ان سے اگر کوئی غلطی سرزد ہو جاتی ہے تو ہم بخش دیتے ہیں۔ تیسرا یہ کہ ہم انہیں اجرِ عظیم سے بہرہ ور فرمائیں گے۔ مغفرت اور اجر کی تنکیر، تعظیم کے لیے ہے اور اجر کو عظیم سے موصوف کر کے اس کی عظمت میں مبالغہ کیا گیا ہے۔

1۔ روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج 9، ص 64 2۔ المنجد، ص 553 3۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 16، ص 9-308 4۔ تفسیر کشاف، زیرِ آیت ہذا، ج 4، ص 355

وَرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى

حجروں کے باہر سے ان میں سے اکثر نا سمجھ ہیں ۵ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ

کیونکہ وہ اجر ایسا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی دل میں اس کا خیال گزرا۔ تَنْكِيْرُ مَغْفِرَةٍ وَ اَجْرٍ لِلتَّعْظِيْمِ فَفِيْ وَصْفِ اَجْرٍ بِعَظِيْمٍ مُّبَالَغَةٌ فِيْ عِظَمِهٖ فَاِنَّهٗ مِمَّا لَا عَيْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ۔ (روح المعانی)(1)

۵ اسلام سے پہلے عرب کا خطہ جہالت و ناشائستگی کا گہوارہ تھا۔ مکہ جیسے مرکزی شہر میں گنتی کے چند آدمیوں کے سوا ساری آبادی معمولی نوشت وخواند سے بھی قاصر تھی۔ تہذیب و معاشرت کے آداب سے یہ لوگ بالکل کورے تھے۔ صحرانشین بدوؤں کی حالت اور بھی ناگفتہ بہ تھی۔ اس آیتِ کریمہ میں بھی وہ آداب سکھائے جارہے ہیں جن کا بارگاہِ رسالت میں ملحوظ رکھنا ازحد ضروری ہے۔

ایک دفعہ بنی تمیم کا وفد جو ستر، اسّی نفوس پر مشتمل تھا، مدینہ طیبہ آیا۔ اس وفد میں زبرقان بن بدر، عطارد بن حاجب اور قیس ابن عاصم ان کے سردار بھی تھے۔ دوپہر کا وقت تھا۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے حجرۂ مبارکہ میں قیلولہ فرما رہے تھے۔ ان لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد تک انتظار کو اپنی شان کے خلاف سمجھا اور باہر کھڑے ہو کر صدائیں لگانے لگے: يَا مُحَمَّدُ اخْرُجْ اِلَيْنَا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نامی لے کر کہنے لگے کہ ہمارے پاس باہر آیئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے آئے تو ان لوگوں نے شیخی بگھارتے ہوئے کہا: يَا مُحَمَّدُ اِنَّ مَدْحَنَا زَيْنٌ وَّاِنَّ شَتْمَنَا شَيْنٌ وَّنَحْنُ اَكْرَمُ الْعَرَبِ۔ ''یعنی ہم جس کی مدح کرتے ہیں اسے مزین کر دیتے ہیں، جس کی مذمت کرتے ہیں اس کو معیوب بنا دیتے ہیں۔ ہم تمام عربوں سے اشرف ہیں''۔ سچے نبی نے فرمایا كَذَبْتُمْ بَلْ مَدْحُ اللّٰهِ تَعَالٰى زَيْنٌ وَّشَتْمُهٗ شَيْنٌ وَّاَكْرَمُ مِنْكُمْ يُوْسُفُ ابْنُ يَعْقُوْبَ ابْنِ اِسْحَاقَ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ (2)۔

اے بنی تمیم! تم نے غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی مدح باعثِ زینت ہے اور اس کی ہی مذمت باعثِ تحقیر ہے اور تم سے اشرف حضرت یوسف ہیں۔ پھر انہوں نے کہا: ہم مفاخرت کی غرض سے آئے ہیں۔ چنانچہ پہلے ان کا خطیب عطارد ابن حاجب کھڑا ہوا اور اپنے قبیلے کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیے اور اپنی فصاحت و بلاغت کا مظاہرہ کیا۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ثابت ابن قیس رضی اللہ عنہ کو اس کا جواب دینے کا حکم دیا۔ مکتبِ نبوت کا یہ تلمیذِ ارشد جب لب کشا ہوا تو ان کے چھکے چھوٹ گئے اور وہ سہم کر رہ گئے۔

اس کے بعد ان کا شاعر زبرقان بن بدر کھڑا ہوا اور اپنی قوم کی مدح میں ایک قصیدہ پڑھ ڈالا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو اشارہ فرمایا۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے فی البدیہہ ان کے مفاخر کی دھجیاں بکھیر دیں اور اسلام کی صداقت اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت کو اس انداز میں بیان فرمایا کہ ان کا غرور خاک میں مل گیا۔ اقرع کو تسلیم کرنا پڑا کہ نہ ہمارا خطیب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطیب کا ہم پلہ ہے اور نہ ہمارا شاعر دربارِ رسالت کے شاعر سے کوئی نسبت رکھتا ہے (3)۔

اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا خصوصی کرم فرمایا اور ان کے دلوں کو اسلام کے لیے کشادہ کر دیا۔ سارے کے سارے مشرف

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 138 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 141۔ در منثور، زیر آیت ہذا، ج 6، ص 90

3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 42-141۔ طبقات کبریٰ از ابن سعد، ج 1، ص 294، دار صادر بیروت

تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

آپ باہر تشریف لاتے ان کے پاس تو یہ ان کے لیے بہت بہتر ہوتا ۸ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ اے ایمان

بایمان ہوئے۔ رحمتِ عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انعام واکرام سے انہیں مالا مال کر دیا۔

لفظ وَرَاءٌ کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

اَلْوَرَاءُ مِنَ الْمُوَارَاتِ وَالْاِسْتِتَارِ وَمَا اسْتَتَرَ عَنْكَ فَهُوَ وَرَاءَكَ خَلْفًا كَانَ اَوْ قُدَّامًا۔ یعنی وراء موارات سے ہے۔ اس کا معنی چھپنا اور پوشیدہ ہونا ہے۔ جو چیز تیری آنکھوں سے اوجھل ہوگی، خواہ وہ پیچھے ہو یا سامنے، اس کو وَرَاءَكَ کہیں گے۔ بعض اہلِ لغت کے نزدیک وراء اضداد سے ہے(1)۔

۸ ان کی اس غیر شائستہ حرکت پر سرزنش کے بعد اب انہیں بتایا جا رہا ہے کہ ان کے لیے بہتر یہ تھا کہ وہ حضور کا انتظار کرتے۔ یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیلولہ کرنے کے بعد خود باہر تشریف لاتے۔ اس وقت وہ زیارت کی سعادت حاصل کرتے، اپنے احوال بھی بیان کرتے اور اس بحرِ جود وکرم سے سیراب بھی ہوتے۔

علامہ آلوسی رقمطراز ہیں کہ ان آیات میں بارگاہِ نبوت میں بے ادبی کی قباحت عیاں کرنے کے ساتھ ساتھ محاسنِ آداب کی بھی تعلیم دی جا رہی ہے۔ علمائے کرام نے ان آیات سے خوب استفادہ کیا ہے۔ حضرت ابوعبید جو بلند پایہ عالم تھے، فرمایا کرتے: میں نے کبھی کسی استاد کے دروازہ پر دستک نہیں دی۔ بلکہ میں ان کا منتظر رہتا۔ جب وہ از خود تشریف لاتے تو ان سے استفادہ کرتا۔

قاسم ابن سنان کوفی سے بھی اسی قسم کا قول منقول ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما معارف قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے گھر جاتے تو ان کا دروازہ نہ کھٹکھٹاتے، بلکہ خاموشی سے ان کا انتظار کرتے، یہاں تک کہ وہ اپنے معمول کے مطابق باہر آتے۔ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو یہ بات بڑی گراں گزری۔ کہا: آپ نے دروازہ کیوں نہ کھٹکھٹایا تاکہ میں فوراً باہر آجاتا اور آپ کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانا پڑتی۔ آپ نے جواب میں کہا: اَلْعَالِمُ فِيْ قَوْمِهٖ كَالنَّبِيِّ فِيْ اُمَّتِهٖ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ حَقِّ نَبِيِّهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ۔ یعنی عالم اپنی قوم میں اس طرح ہے جس طرح نبی اپنی امت میں ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں فرمایا ہے۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا الخ

اس کے بعد علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ میں نے یہ واقعہ بچپن میں پڑھا تھا اور عمر بھر اس کے مطابق اپنے اساتذہ کے ساتھ معاملہ کرتا رہا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ (روح المعانی)(2)

مغربی تہذیب کے برے اثرات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ شاگردوں کے دلوں سے اساتذہ کا احترام ختم ہو گیا ہے۔ ان کے ساتھ گستاخانہ گفتگو کی جاتی ہے۔ ان پر آوازے کسے جاتے ہیں۔ نقلیں اتاری جاتی ہیں۔ پھر اس پر کوئی شرمندگی محسوس نہیں کی جاتی۔ الٹا فخر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح بزرگوں کا احترام، اپنے ماں باپ کی تعظیم وتکریم کا جذبہ بھی دم توڑتا جاتا ہے۔ آج کل کے

1۔ روح المعانی زیر آیت ہذا، جز 26، ص 139 2۔ ایضاً، جز 26، ص 144

اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ

والو! اگر لے آئے تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر تو اس کی خوب تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ تم ضرر پہنچاؤ کسی قوم کو بے علمی میں

فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ

پھر تم اپنے کیے پر پچھتانے لگو ۹ اور خوب جان لو تمہارے درمیان رسول اللہ تشریف فرما

ترقی یافتہ لوگوں کا معاشرہ انسانی معاشرہ سے زیادہ حیوانی معاشرہ کی تصویر پیش کرتا ہے۔

آیئے! اسلام کے آدابِ معاشرت کو اپنائیں اور مکارمِ اخلاق سے اپنے آپ کو مزین و آراستہ کریں جن کی تعلیم ہمیں اپنے نبی مکرم ﷺ نے دی ہے۔

حضور ﷺ کا ارشاد ہے: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا (1)۔ یعنی جو شخص چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کی توقیر نہیں کرتا، وہ ہماری جماعت میں سے نہیں۔

۹ اس آیت کی شانِ نزول کے سلسلہ میں اکثر علمائے تفسیر نے یہ روایت ذکر کی ہے۔ بنو مصطلق کا سردار حارث ابن ابی الضرار بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور مشرف بہ اسلام ہوا۔ حضور ﷺ نے زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا تو اس نے اسے بھی قبول کر لیا اور عرض کیا کہ میں واپس اپنے قبیلہ کے پاس جاتا ہوں۔ انہیں اسلام کی دعوت دوں گا۔ جن لوگوں نے یہ دعوت قبول کی ان سے زکوٰۃ بھی وصول کروں گا۔ آپ فلاں وقت اپنا کوئی آدمی بھیج دیں جو جمع شدہ زکوٰۃ وصول کر لے (2)۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وقتِ مقررہ پر ولید ابن عقبہ ابن ابی معیط کو بنی مصطلق کی طرف بھیجا تا کہ وہ زکوٰۃ وصول کرے۔ زمانۂ جہالت میں ولید کے ذمہ ان کا ایک قتل تھا۔ اسے خدشہ ہوا کہ مبادا وہ اسے قتل کر دیں۔ وہ راستہ سے لوٹ آیا اور آ کر خبر دی کہ انہوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ وہ میرے قتل کے درپے ہو گئے تھے۔ مشکل سے جان بچا کر یہاں پہنچا ہوں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب اس کی یہ بات سنی تو حضرت خالدؓ کو ایک دستہ دے کر ان کی طرف روانہ کیا اور حکم دیا کہ پہلے حقیقت حال معلوم کر لینا۔ پھر کوئی کارروائی کرنا۔ جلد بازی سے کام نہ لینا۔ اَمَرَهٗ اَنْ يَّتَثَبَّتَ وَلَا يُعَجِّلَ۔ (قرطبی) (3)

حسبِ ارشاد حضرت خالدؓ رات کے وقت وہاں پہنچے۔ خود ان کے علاقہ سے باہر پڑاؤ کیا اور اپنے جاسوس بھیجے تا کہ ان کے احوال پر آگاہی حاصل کریں۔ انہوں نے آ کر گواہی دی کہ وہ اسلام پر پختہ ہیں۔ ہم نے ان کی اذانیں سنی ہیں اور ان کو باجماعت نماز ادا کرتے دیکھا ہے۔ حضرت خالدؓ صبح کے وقت ان کے ہاں گئے اور اپنے جاسوسوں کی فراہم کردہ اطلاعات کو درست پایا۔ حضرت خالدؓ نے واپس آ کر حضور اکرم ﷺ سے حقیقتِ حال عرض کر دی۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ نبی مکرم ﷺ اکثر فرمایا کرتے۔ اَلتَّاَنِّيْ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا اللہ تعالیٰ کی توفیق ہے اور جلد بازی کرنا شیطان کی انگیخت ہے (4)۔

1۔ جامع ترمذی، ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء فی رحمۃ الصبیان، ج 2، ص 14
2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 144
3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 311
4۔ ایضاً

اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ

ہیں ۔ اگر وہ مان لیا کریں تمہاری بات اکثر معاملات میں تو تم مشقت میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے محبوب بنا دیا ہے تمہارے نزدیک

ہر سوسائٹی میں ایسے سفلہ مزاج لوگ ہوتے ہیں جن کا محبوب مشغلہ بے پر کی اڑانا اور غلط افواہیں پھیلانا ہوتا ہے۔ ایسی افواہیں خاندانوں، قبیلوں، بسا اوقات قوموں کی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ بڑی سختی سے مسلمانوں کو یہ ہدایت فرما رہا ہے، خبردار! اگر کوئی فاسق اور بدکار تمہارے پاس کوئی اہم خبر لے آئے تو اس کو فوراً قبول نہ کیا کرو۔ ہوسکتا ہے کہ وہ جھوٹ بک رہا ہو اور تم اس کی جھوٹی خبر سے مشتعل ہو کر کوئی ایسی کارروائی کر بیٹھو جس پر خوفناک نتائج مرتب ہوں اور پھر تم ساری عمر فرطِ ندامت سے کفِ افسوس ملتے رہو۔ اس لیے جب کوئی خبر تمہارے کانوں تک پہنچے تو اس کو بے تحقیق تسلیم کر لینا قطعاً قرینِ دانشمندی نہیں۔ پہلے اچھی طرح اس کی چھان پھٹک کر لو اور پھر مناسب قدم اٹھاؤ۔ خیال رہے کہ یہاں النبأ کا لفظ مستعمل ہے اور عربی میں النبأ غیر اہم خبر کو نہیں کہا جاتا۔ بلکہ ایسی خبر جس سے دور رس نتائج نکل سکتے ہوں اس کو نبأ کہتے ہیں۔

علامہ راغب اصفہانی اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلنَّبَأُ خَبَرٌ ذُوْ فَائِدَةٍ عَظِيْمَةٍ (مفردات)(1)

امام ابوبکر جصاص اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ وَ مُقْتَضَى الْآيَةِ اِيْجَابُ التَّثَبُّتِ فِيْ خَبَرِ الْفَاسِقِ وَ النَّهْيُ عَنِ الْاِقْدَامِ عَلٰى قَبُوْلِهٖ وَالْعَمَلِ بِهٖ اِلَّا بَعْدَ التَّبَيُّنِ۔(2)

یعنی اس آیت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ فاسق کی خبر کی تحقیق کرنا واجب ہے۔ جب تک حقیقتِ حال پوری طرح واضح نہ ہو جائے اس پر عمل کرنا ممنوع ہے۔ اس کے بعد فرماتے ہیں: اسی لیے ہم نے کہا ہے کہ جن امور کا حقوق کے ساتھ تعلق ہے، فاسق کی شہادت مردود ہوگی۔ روایتِ حدیث میں بھی اس کا کوئی اعتبار نہ ہوگا۔ کسی قانون، کسی شرعی حکم اور کسی انسان کے حق کے ثبوت کے لیے بھی اس کی خبر غیر معتبر اور غیر مقبول ہوگی۔ (احکام القرآن للجصاص)

نَادِمِيْنَ: علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ ندامت ایک خاص قسم کے غم کو کہتے ہیں۔ وہ یہ کہ تو ایسی بات پر غم زدہ ہو جس کا تجھ سے ارتکاب ہوا ہے اور جس کے متعلق تمہارا یہ خیال ہے کہ کاش میں نے یہ کام نہ کیا ہوتا۔

اَلنَّدَمُ ضَرْبٌ مِّنَ الْغَمِّ وَهُوَ اَنْ تَغْتَمَّ عَلٰى مَا وَقَعَ مِنْكَ تَتَمَنّٰى اَنَّهٗ لَمْ يَقَعْ۔ (کشاف)(3)

۱۰ ولید ابن عقبہ نے جب بنو مصطلق کے بارے میں من گھڑت قصہ آ کر سنایا تو بعض سامعین مشتعل ہو گئے اور فرطِ جوش میں بنو مصطلق کے خلاف فوجی کارروائی کا مطالبہ زور شور سے شروع کر دیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بعض مصالح کے پیشِ نظر حضرت خالد کو ایک دستہ دے کر روانہ فرمایا اور ساتھ ہی تنبیہہ فرما دی کہ جلد بازی سے کام نہ لیں بلکہ تحقیق کے بعد مناسب اقدام کریں (4) جس طرح آپ ابھی پڑھ چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان لوگوں کی اصلاح اور تربیت کا اہتمام فرما دیا بلکہ جملہ اہلِ اسلام کو ایک واضح

1۔ مفردات راغب، ص 788
2۔ احکام القرآن از جصاص، ج 3، ص 398
3۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 360
4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 311

الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَ

ایمان کو اور آراستہ کر دیا ہے اسے تمہارے دلوں میں [11] اور قابلِ نفرت بنا دیا ہے تمہارے نزدیک کفر، فسق اور

الْعِصْیَانَؕ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ(۷) فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةًؕ

نافرمانی کو۔ یہی لوگ راہِ حق پر ثابت قدم ہیں [12] (یہ سب کچھ) محض اللہ کا فضل اور انعام ہے [13]

وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ(۸) وَاِنْ طَآىٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا

اور اللہ سب کچھ جاننے والا، بڑا دانا ہے [14] اور اگر اہلِ ایمان کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں

حقیقت سے آگاہ کر دیا۔ انہیں بتا دیا کہ جب اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے درمیان موجود ہے، وہ اپنے نورِ نبوت سے ہر پیچیدہ گتھی کو سلجھا سکتا ہے۔ تم سے کہیں زیادہ انجام و عواقب کا صحیح اور بروقت اندازہ لگا سکتا ہے تو تمہیں چاہیے کہ ان کے اشارۂ ابرو پر عمل پیرا رہو، جو حکم دیں اس کی تعمیل کرو۔

اگر تم اپنی بات منوانے پر اصرار کرو گے تو تم مشقت و ہلاکت میں پھنس جاؤ گے۔ ہوسکتا ہے کہ عجلت سے اٹھا ہوا قدم تمہیں کسی عمیق گڑھے میں گرا دے۔

[11] بنو مصطلق کے خلاف ان لوگوں کا یہ غصہ اپنی ذات یا اپنے مفادات کے لیے نہ تھا، بلکہ اس کی وجہ محض ایمانی غیرت اور اسلامی حمیت تھی۔ بنو مصطلق کے خلاف وہ اس لیے بھڑک اٹھے تھے کہ اس قبیلہ نے ان کے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قاصد کے ساتھ ناروا برتاؤ کیا تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ آیت کے اس جملہ میں بڑی وضاحت کے ساتھ ارشاد فرماتا ہے کہ اپنے پیارے رسول کے جاں نثار صحابہ کے دلوں میں ایمان کی محبت میں نے پیدا کی ہے۔ ان حضرات کو ایمان کے حُسن و زیبائی پر میں نے فریفتہ کر دیا ہے۔ کفر، نافرمانی اور سرکشی سے ان کے دلوں کو میں نے متنفر کر دیا ہے۔ اس لیے شیطان کی کوئی وسوسہ انگیزی انہیں راہِ حق سے منحرف نہیں کر سکتی۔

[12] علامہ قرطبی رَاشِدُوْنَ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَلرُّشْدُ: اَلْاِسْتِقَامَةُ عَلٰى طَرِیْقِ الْحَقِّ مَعَ تَصَلُّبٍ فِیْهِ مِنَ الرَّشَادِ وَهِیَ الصَّخْرَةُ(1)

یعنی رشد جادۂ حق پر ایسی ثابت قدمی کو کہتے ہیں جس میں تصلب اور پختگی ہو۔ تذبذب کا وہاں نشان تک نہ ہو۔ یہ رشاد سے مشتق ہے جس کا معنی چٹان ہے۔

[13] یہ حَبَّبَ، زَیَّنَ، كَرَّهَ کا مفعول لہٗ ہے(2)۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے صحابہ کے دلوں میں ایمان کو محبوب بنا دیا۔ اس کو ان کی نگاہوں میں حسین و جمیل بنا دیا، ان کے دلوں کو کفر اور نافرمانی سے متنفر کر دیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا فضل فرمایا اور ان پر اپنی نعمت و احسان کی انتہا کر دی۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص314 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص47

فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ

تو ان کے درمیان صلح کرادو ۱۵ اور اگر زیادتی کرے ایک گروہ دوسرے پر تو پھر سب (مل کر) لڑو اس سے جو زیادتی

تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰۤى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا

کرتا ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے اللہ کے حکم کی طرف ۔ پس اگر لوٹ آئے تو صلح کرادو ان کے درمیان

۱۴ اللہ تعالیٰ کا یہ فضل اور نعمت ان پر بلا وجہ نہیں بلکہ وہ ان کے دلوں کے خلوص و نیاز کو خوب جانتا ہے۔ وہ اس بات کے مستحق ہیں کہ ان پر یہ نوازش کی جائے۔ نیز وہ حکیم بھی ہے۔ اس کی حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ قدسیوں کا ایک ایسا گروہ تیار ہو جائے جو نیکی پر فریفتہ اور بدی سے طبعاً گریزاں اور متنفر ہو تا کہ اس پاکباز گروہ سے تبلیغِ اسلام کا اہم کام لیا جائے اور دنیا کے جس گوشہ میں یہ اسلام کی دعوت لے کر پہنچیں ان کی دعوت کی صداقت کے لیے سب سے بڑی برہان ان کی اپنی سیرت اور کردار ہو۔

جو کم نگاہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہ کے بارے میں طرح طرح کے شبہات اور ظنون کا شکار ہیں، وہ قرآنِ کریم کی ان آیتوں میں بار بار غور کریں۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جائے گی۔

۱۵ حضور نبی کریم ﷺ کی بعثت سے پہلے جزیرۂ عرب کی سرزمین فتنوں اور جنگ وجدل کی سرزمین تھی۔ ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ سے برسرِ پیکار تھا۔ ہر ہمسایہ، دوسرے ہمسایہ کے درپے آزار تھا۔ کسی کی جان، مال اور آبرو محفوظ نہ تھی۔ اشہرِ حرام (حرمت والے مہینے) کے علاوہ سفر از حد خطرناک اور دشوار تھا۔ حضور ﷺ کی آمد سے نقشہ ہی بدل گیا۔ عداوت ومخاصمت کی جگہ محبت و ایثار اور خلوص ومروت نے لے لی۔ قرآنِ کریم میں بے شمار آیتیں ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ان گنت ارشادات ہیں جن میں مسلمانوں کو متحد رہنے، آپس میں محبت کرنے اور ایک دوسرے کا احترام اور حقوق کا پاس رکھنے کے تاکیدی احکامات ہیں اور ایسی باتوں کو ایمان واسلام کے منافی قرار دیا گیا ہے جن کے باعث آپس میں نفرت اور عداوت پیدا ہوتی ہے۔

چند احادیثِ پاک ملاحظہ ہوں۔ (۱) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَایَظْلِمُهٗ وَ لَایُسْلِمُهٗ (1)۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ خود اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یار ومددگار کسی ظالم کے حوالے کر دیتا ہے۔

(۲) وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْهِ (2) اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کی مدد فرماتا رہتا ہے جب تک وہ بندہ اپنے بھائی کی امداد واعانت میں لگا رہے۔

(۳) اِذَا دَعَا الْمُسْلِمُ لِاَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ قَالَ الْمَلَكُ آمِیْنَ وَلَكَ بِمِثْلِهٖ (3)۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں اس کے لیے دعا مانگتا ہے تو فرشتہ اس پر آمین کہتا ہے اور کہتا ہے کہ یہی دعا تیرے حق میں بھی مقبول ہو۔

1۔ صحیح بخاری، ابواب المظالم والقصاص باب لایظلم المسلم المسلم، ج 1، ص 330 2۔ صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن و علی الذکر، ج 2، ص 345 3۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج 4، ص 211۔ سنن ابی داؤد، کتاب الصلوٰۃ، باب الدعاء بظهر الغیب، ج 1، ص 214

(۴) مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَوَاصُلِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ اِذَا اشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالْحُمّٰى وَ السَّهَرِ(1) کہ مسلمانوں کی مثال ایک دوسرے سے محبت کرنے میں، ایک دوسرے پر رحم کرنے میں، ایک دوسرے سے صلہ رحمی کرنے میں ایسی ہے جیسا ایک جسم ہو۔ جب اس کا کوئی عضو بیمار پڑ جائے تو سارا جسم بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے اور بیدار رہتا ہے۔

(۵) اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا(2)۔ ایک مومن دوسرے مؤمن کے لیے دیوار کی مانند ہے جس کی ہر اینٹ دوسری اینٹ کو سہارا دیتی ہے۔

بایں ہمہ انسانی معاشرہ میں باہمی شکر رنجی کا پیدا ہونا بعید از قیاس نہیں۔ نفسانی خواہشات، ذاتی طمع اور لالچ اور بسا اوقات غلط فہمیوں کے باعث جنگ وجدل کی نوبت آ ہی جاتی ہے۔ ان حالات میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ ہمارا طرزِ عمل کیسا ہونا چاہیے؟ اس آیت میں ان امور کو بڑے دلنشین پیرایہ میں سمو دیا گیا ہے۔

آیت کا ترجمہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس کے کلمات میں جو لطافتیں اور نزاکتیں ہیں ان پر نظر ڈال لیجیے۔ اس کے بعد تفصیلات کا ذکر ہوگا۔

امام رازی لکھتے ہیں: ''اِنْ'' اِشَارَةٌ اِلٰى نُدْرَةِ وُقُوْعِ الْقِتَالِ یعنی ''اِنْ'' کا لفظ ذکر کر کے اس طرف اشارہ کر دیا کہ قرآن و سنت نے مسلمانوں کو اتفاق واتحاد کی جو تعلیم دی ہے اس کے پیشِ نظر ایسا شاذ و نادر ہی ہو سکتا ہے کہ فرزندانِ اسلام آپس میں لڑ پڑیں۔ طَآىِٕفَتٰنِ فرمایا فِرْقَتَانِ نہیں فرمایا: کیونکہ طَائِفَةٌ، فِرْقَةٌ سے بھی کم افراد کا مجموعہ ہوتا ہے۔ یعنی اگر جنگ کی نوبت آئی تو ساری امت یا اس کی اکثریت خانہ جنگی میں شریک نہیں ہوگی۔ ایک مختصر سا گروہ ہی راہِ اعتدال سے بھٹک سکتا ہے اور اسلام کے واضح احکامات کو پسِ پشت ڈالنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ اِنْ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فرمایا، مِنْكُمْ نہیں فرمایا۔ اس میں بھی اس بات کی ترغیب دی جا رہی ہے کہ تم جو لٹھ اٹھائے، تلواریں بے نیام کیے ایک دوسرے پر ہلہ بولنے کی تیاریاں کر رہے ہو، ذرا دیکھو تو سہی تم کون ہو؟ تم تو مومن ہو، اللہ کے بندے اور اس کے محبوب کے غلام ہو، بھلا یہ ناشائستہ حرکت تمہیں زیب دیتی ہے؟ ہرگز نہیں۔

نحو کا عام قاعدہ تو یہ ہے کہ ''اِنْ'' اپنے فعل کے ساتھ مذکور ہو۔ یہاں اِنْ اور اس کے فعل اِقْتَتَلُوْا کے درمیان طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ باہمی جنگ وقتال سے پہلے وہ اپنے مومن ہونے کی حیثیت پر غور کر لیں۔ اِقْتَتَلُوْا ماضی کا صیغہ ذکر کیا۔ یَقْتَتِلُوْا نہیں فرمایا۔ کیونکہ مضارع میں استمرار کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ یہاں بتایا جا رہا ہے کہ اگر کبھی کبھار جنگ وجدال کی نوبت آ جائے تو یہ سلسلہ جاری نہیں رہتا۔ بلکہ اہلِ رشد وصلاح فوراً مداخلت کر کے اس فتنہ کو فرو کر دیتے ہیں۔

اِقْتَتَلُوْا میں طَآىِٕفَتٰنِ کے معنی کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور جمع کی ضمیر لوٹائی گئی ہے۔ بَيْنَهُمَا میں لفظ کا لحاظ کرتے ہوئے تثنیہ کی ضمیر ذکر کی گئی ہے۔ (تفسیرِ کبیر)(3)

بَغَتْ، بَغْیٌ سے ہے۔ اس کا معنی ہے طَلَبَتِ الْعُلُوَّ بِغَيْرِ حَقٍّ(4)۔ یعنی کسی حق کے بغیر برتری کا خواہاں ہونا۔

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص211۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب تراحم المومنین، ج2، ص321

2۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب تراحم المومنین و تعاطفهم و تعاضدهم، ج2، ص321

3۔ تفسیر کبیر، زیر آیت ہذا، ج28/14، ص128

4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز26، ص150

اب ذرا آیت کے معانی ومطالب کی طرف توجہ فرمائیے۔

مسلمانوں میں جنگ نہیں ہونی چاہیے۔ اگر بدقسمتی سے ایسا ہو تو پھر اس ناگوار صورتِ حالات سے عہدہ برا ہونے کے لیے ہمیں اس ارشادِ خداوندی کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔ اس باہمی جنگ وجدل کی مختلف صورتیں ہیں اور ہر صورت کے اپنے اپنے خصوصی احکام ہیں۔ سب سے پہلے جس امر پر زور دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر فتنہ وفساد کی آگ بھڑک اٹھے تو قطع نظر اس کے کہ لڑنے والے کثیر التعداد ہیں یا مختصر سا گروہ ہے، یہ تصادم حکومت سے ہے یا ایک قبیلہ کا دوسرے قبیلہ سے یا ایک گروہ کا دوسرے گروہ سے، ان تمام صورتوں میں دوسرے مسلمانوں کو محض تماشائی بن کر رہنے کی اجازت نہیں، بلکہ انہیں اپنے اثر و رسوخ سے کام لیتے ہوئے اس فتنہ کو فرو کرنے کی ہر امکانی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر یہ لڑائی دو خاندانوں یا رعایا کے دو گروہوں کے درمیان ہے تو ان کے درمیان مصالحت اور اصلاحِ احوال کی اولین ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے اثر واختیار سے کام لے کر صورتِ حال پر قابو پائے اور اگر اربابِ حکومت اس میں دل چسپی نہ لیں یا معاملہ ان تک پہنچا ہی نہ ہو تو پھر اہلِ محلہ یا علاقہ کے بااثر لوگوں کا فرض ہے کہ مصالحت کی مخلصانہ کوشش کریں۔

اگر ان کی مساعی صلح کرانے میں کامیاب ہو جائیں تو فبہا، بصورتِ دیگر تمہیں یہ چاہیے کہ دیکھو دونوں میں سے غلطی پر کون ہے؟ زیادتی اور تعدّی کا ارتکاب کس نے کیا ہے؟ جو مظلوم اور ستم رسیدہ ہو اس کی امداد کرو۔ اپنا سارا وزن اس کے پلڑے میں ڈال دو۔ مظلوم کی دادرسی اور ظالم کو ظلم سے باز رکھنے کے جو وسائل تمہارے پاس ہوں ان کو بروئے کار لاؤ۔ یہاں تک کہ ظالم گھٹنے ٹیک دے اور حقدار کو اس کا حق مل جائے۔ تمہارا غیر جانب دار بن کر مظلوم کو پٹتے ہوئے دیکھتے رہنا ہرگز جائز نہیں۔ اگر تم غیر جانبداری کی روش اختیار کرو گے تو اس کا صاف مطلب یہ ہوگا کہ تم ظلم وستم کو پھلنے پھولنے کا موقع دے رہے ہو۔ تم اتنے سنگدل اور بے رحم ہو کہ مظلوم کی آہ وفغاں سے بھی متاثر نہیں ہوتے۔ اسلام اس قسم کی غیر جانبداری کا قائل نہیں اور نہ اپنے ماننے والوں کو ایسی بزدلی کی اجازت دیتا ہے۔ اس وقت قرآن کا واضح ارشاد ہے **فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ** یعنی جو شر وفساد برپا کر رہا ہو اس کی راہ میں چٹان بن کر کھڑے ہو جاؤ۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی گروہ حکومت سے متصادم ہوتا ہے، اگر یہ گروہ محض لوٹ مار اور قتل وغارت کے لیے ہی میدان میں آیا ہے تو یہ لوگ باغی قرار نہ دیے جائیں گے بلکہ ان کے ساتھ عام مجرموں کا برتاؤ کیا جائے گا اور انہیں ان کے جرائم کے مطابق سزا دی جائے گی اور اگر وہ گروہ حکومت کا تختہ الٹنا چاہتا ہے اور ان کے ساتھ اتنی جمعیت اور قوت ہے کہ وہ ایسا کر سکتے ہیں تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ حکومت کے ساتھ مل کر ان سے جنگ کریں اور ان کا قلع قمع کر دیں، لیکن ان کے ساتھ لڑائی شروع کرنے سے پہلے ان کو سمجھانے کی کوشش کی جائے گی۔ اگر وہ کسی غلط فہمی کا شکار ہو کر آمادۂ بغاوت ہوئے ہیں تو ان کی غلط فہمی دور کی جائے گی۔ اگر وہ کسی شبہ میں مبتلا ہیں تو ان کے ان شبہات کے ازالہ کی بڑی سنجیدگی سے کوشش کی جائے گی۔ جس طرح خارجیوں سے جنگ کرنے سے پہلے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے حضرت ابنِ عباس ؓ کو ان کے پاس بھیجا تھا اور آپ کی مساعیٔ جمیلہ سے بہت سے لوگ اپنی روش ترک کر کے لشکرِ اسلام میں شامل ہو گئے تھے۔ اگر افہام وتفہیم کی کوششیں بارآور نہ ہوں تو پھر ان کے ساتھ جنگ لازمی ہو جائے گی اور جب تک وہ ہتھیار نہ ڈال دیں اور اپنی باغیانہ سرگرمیوں سے دست کش نہ ہو جائیں، اس وقت تک ان کے ساتھ جنگ جاری رہے گی۔ ان سے کسی نرمی کا مظاہرہ نہیں کیا جائے گا(1)، جب

1۔ احکام القرآن از جصاص، ج3، ص401

وہ ہار مان لیں اور ہتھیار ڈال دیں تو اس کے بعد جو سلوک ان سے کیا جائے گا۔ وہ اس حدیث شریف میں مذکور ہے جو امام ابوبکر الجصاص نے اپنی تفسیر احکام القرآن میں نقل کی ہے۔

رَوٰی کَوْثَرُ ابْنُ حَکِیْمٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَا ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ کَیْفَ حُکْمُ اللّٰہِ فِیْ مَنْ بَغٰی مِنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ قَالَ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ لَایُجْھَزُ عَلٰی جَرِیْحِھَا وَ لَا یُقْتَلُ اَسِیْرُھَا وَلَا یُطْلَبُ ھَارِبُھَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن مسعودؓ سے پوچھا کہ اے امِ عبد کے فرزند! اس امت میں سے اگر کوئی بغاوت کرے تو اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہتر جانتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس باغی گروہ کے زخمی کو جان سے نہیں مارا جائے گا، ان سے جو قید ہوا سے قتل نہیں کیا جائے گا اور میدانِ جنگ سے جو بھاگ نکلے اس کا تعاقب نہیں کیا جائے گا۔ باغیوں کے احکام کی تفصیل ہمیں سیدنا علی مرتضیٰ کے طریقۂ کار سے ملتی ہے اور فقہاء نے اکثر احکام کا استنباط آپ ہی کے اسوۂ کریمہ سے کیا ہے۔

جنگِ جمل میں جب آپ فتحیاب ہوئے اور مخالف گروہ کو شکست ہوئی تو حضرت نے فوراً اعلان فرمادیا لَا تَقْتُلُوْا اَسِیْرًا وَّ لَا تُجْھِزُوْا عَلٰی جَرِیْحٍ وَّ مَنْ اَلْقَی السِّلَاحَ فَھُوَ آمِنٌ۔ کسی قیدی کو مت قتل کرو، کسی زخمی کو مت جان سے مارو، جو ہتھیار پھینک دے اس کو امان ہے(1)۔

اگر حاکم فاسق و فاجر ہے، احکامِ اسلامیہ کی کھلم کھلا نافرمانی کرتا ہے، اس کے خلاف صلحاء کی کوئی جماعت علمِ بغاوت بلند کرے گی جن کا مقصد حکومت کے ظلم و ستم کا خاتمہ اور عدل و انصاف بحال کرنا ہے تو ان کے بارے میں فقہاء کی آراء مختلف ہیں۔

اکثر فقہا کی رائے یہ ہے کہ جب کوئی شخص ایک بار خلیفہ بن جائے اور اس کی وجہ سے ملک میں امن و امان قائم ہو جائے تو اس کے خلاف بغاوت کرنا، خواہ وہ ظالم اور فاسق ہی ہو، جائز نہیں۔ کیونکہ اس بغاوت سے اصلاح کی بجائے فساد کا اندیشہ زیادہ ہے۔ اس بغاوت سے فتنہ کی آگ بھڑک اٹھے گی، سارا ملک اس کی لپیٹ میں آجائے گا، قتل و غارت کا بازار گرم ہوگا، صدہا بے گناہ مارے جائیں گے، آباد بستیاں ویران ہو جائیں گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ لوگ اس فرماں روا کی امداد کریں تا کہ ملک کا وجود ہی خطرہ میں نہ پڑ جائے۔

لیکن بہت سے جلیل القدر علماء کا یہ فتویٰ ہے اور حضرت امام اعظم اس گروہ کے سرخیل ہیں کہ ظالم حکمران کے خلاف اگر صالحین کا کوئی گروہ اٹھ کھڑا ہو تو ان کی امداد کی جائے گی تا کہ یہ کامیاب ہو کر اس ظالم اور فاسق کو مسندِ اقتدار سے ہٹا سکیں اور ملک میں پھر از سرِ نو احکامِ شرعیہ کا نفاذ کر سکیں(2)۔

باغیوں کے بارے میں چند اہم مسائل ذہن نشین کر لیں۔

ان کے قیدی اگر یقین دلا دیں کہ وہ آئندہ ایسا نہیں کریں گے تو انہیں رہا کر دیا جائے گا۔

اثنائے جنگ میں باغیوں نے جو جانی اور مالی نقصان کیا ہوگا، ہتھیار ڈالنے کے بعد ان سے اس کا کوئی قصاص یا تاوان وصول نہیں کیا جائے گا۔

باغیوں نے اگر کسی علاقہ پر قبضہ کر لیا اور وہاں کے باشندوں سے زکوٰۃ، عشر اور دیگر محصولات کی رقوم وصول کرتے رہے،

1۔ احکام القرآن از جصاص، ج3، ص3-402 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص50-49۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص21-320

بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

عدل (وانصاف) سے اور انصاف کرو ۱۶ بے شک اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے انصاف کرنے والوں سے۔ بے شک اہلِ ایمان بھائی بھائی

اگر وہ علاقہ پھر اسلامی حکومت کے تسلط میں آجائے تو وہاں کے باشندوں سے زکوٰۃ وغیرہ کا دوبارہ مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔

اپنے مقبوضہ علاقوں میں باغیوں نے اگر عدالتیں قائم کیں اور وہاں مقدمات کے فیصلے ہوتے رہے۔ اگر قاضی عادل تھا اور اس نے شرعی قواعد کے مطابق فیصلے صادر کیے، تو وہ برقرار رہیں گے اور اگر اس نے دھاندلی کی ہوگی اور احکامِ شرعیہ کی صریح خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہوگا تو اسلامی عدالت میں وہ مقدمہ دوبارہ دائر کیا جا سکے گا اور پہلا فیصلہ کالعدم قرار پائے گا(1)۔

باہمی جنگ وجدال سے کوئی فریق دائرۂ اسلام سے خارج نہیں ہو جاتا۔ بخاری شریف میں موجود ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس وقت منبر پر حضرت حسنؓ بھی موجود تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی ان کی طرف دیکھتے اور کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے۔ پھر فرمایا: اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ(2)۔

''میرا یہ بیٹا سردار ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرا دے گا۔''

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ پیشین گوئی پوری ہوئی اور آپ کے زمانۂ خلافت میں امیر معاویہؓ کے ساتھ جو جنگ کا سلسلہ عرصہ سے جاری تھا وہ ختم ہو گیا اور مسلمانوں کے دونوں گروہوں میں صلح ہو گئی۔

حضرت امیر معاویہؓ اور ان کی جماعت کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان قرار دیا۔

حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا گیا کہ جن لوگوں نے آپ سے جمل اور صفین کی جنگیں لڑی ہیں کیا وہ مشرک ہو گئے؟ آپ نے فرمایا: مِنَ الشِّرْكِ فَرُّوْا۔ ہرگز نہیں! وہ تو شرک سے بھاگ کر آئے تھے۔

پھر کہا گیا کیا وہ منافق ہو گئے؟ فرمایا ہرگز نہیں! منافق تو وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کم کرتے ہیں۔ (اور یہ لوگ تو ذکرِ الٰہی دن رات کرتے تھے۔) پھر پوچھا گیا: اگر وہ مشرک اور منافق نہیں تو کیا ہیں؟ امیر المومنین نے فرمایا: اِخْوَانُنَا بَغَوْا عَلَيْنَا۔ یہ ہمارے اسلامی بھائی ہیں، لیکن انہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی ہے(3)۔

باغیوں کا مال، مالِ غنیمت متصور نہیں ہوگا۔ جنگ کے دوران میں اگر ان کے اسلحہ اور گھوڑوں کے استعمال کی ضرورت ہو تو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

یہ چند اہم احکام ہیں جنہیں اختصار سے یہاں ذکر کیا گیا ہے۔ تفصیل کے لیے کتبِ فقہ کی طرف رجوع فرمائیے۔

۱۶ یہ جملہ بھی غور طلب ہے۔ یعنی اگر صلح کراتے وقت عدل وانصاف سے کام نہیں لیا جائے گا، ظلم اور بے انصافی کی بنیاد پر صلح کرائی جائے گی تو وہ صلح پائیدار ثابت نہ ہوگی۔ مظلوم فریق مطمئن نہیں ہوگا اور اپنی حق رسی کے لیے موقع کا منتظر ہوگا۔ جب حالات اجازت دیں گے تو پھر فتنہ کی آگ بھڑکا دے گا۔ اس لیے اسلام کو ایسی صلح سے کوئی دلچسپی نہیں جس کی بنیاد ظلم پر ہو اور جو ناپائیدار ہو۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص50۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص321

2۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص211۔ الصحیح البخاری، کتاب الصلح باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم للحسن بن علی، ج1، ص373

3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص49

إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٠﴾ ع

ہیں ۱۷ پس صلح کرادو اپنے دو بھائیوں کے درمیان ۔ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے تاکہ تم پر رحم فرمایا جائے ۔

۱۷ خانہ جنگی، باہمی قتال وجدال اور ان کے بارے میں احکام کا ذکر ہو چکا۔ اب پھر باہمی محبت و پیار اور الفت وایثار کے جذبات کو بیدار کرنے کے لیے فرمایا جارہا ہے کہ اہلِ ایمان تو سگے بھائی ہیں۔ ان کا نفع اور نقصان، ان کی خوشی اور غمی، ان کی فتح اور شکست سب ایک ہیں۔ یہ تھوڑی سی رنجش جو پیدا ہوگئی ہے بالکل عارضی نوعیت کی ہے۔ ان کے بہی خواہوں پر فرض ہے کہ مداخلت کر کے ان کے درمیان صلح کرادیں تاکہ وہ پہلے کی طرح پھر شیر وشکر ہو جائیں۔

اَخَوَيْكُمْ کے لفظ میں کیا لطف ہے کہ یہ آپس میں لڑنے والے ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور تمہارے بھی بھائی ہیں۔ اجنبیت اور بے گانگی کا نام ونشان تک نہیں، اس لیے تم بے تعلق نہ بنے رہو اور ان کا تماشا نہ دیکھتے رہو۔ فوری مداخلت کرو اور ان میں صلح صفائی کرادو۔

جب دو طاقتور گروہوں کے دست وگریبان ہونے کا وقت تھا اس وقت بھی حکم دیا کہ ان میں صلح کرادو۔ یہاں جب دو فرد آپس میں گتھم گتھا ہیں تو بھی حکم دیا کہ ان میں صلح کرادو، لیکن پہلے صلح کے بعد وَاتَّقُوا اللّٰهَ نہیں فرمایا گیا اور یہاں امرِ صلح کے بعد وَاتَّقُوا اللّٰهَ کا اضافہ کیا گیا۔ کیونکہ جب فتنہ عام ہو تو ہر شخص کو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں میں بھی اس کے شعلوں کی لپیٹ میں نہ آجاؤں۔ بہی خواہی کا جذبہ نہ بھی ہو تو انسان اپنی سلامتی کے لیے ہی اس آگ کو بجھانے کے درپے ہو جاتا ہے، لیکن جب معاملہ صرف دو آدمیوں تک محدود ہو تو اس کو اپنے زد میں آنے کا خدشہ نہیں ہوتا اس لیے ان حالات میں لوگ عام طور پر بے پروائی کرتے ہیں اور مصالحت کے لیے کوشش نہیں کرتے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک جس طرح مسلمانوں کا اجتماعی امن وسکون اہم ہے اسی طرح چند افراد کی خوشی اور سلامتی بھی اسے ازحد عزیز ہے۔ اس لیے یہاں اَصْلِحُوْا کے حکم پر وَاتَّقُوا اللّٰهَ کا اضافہ بھی کر دیا۔ یعنی خدا سے ڈرو اور ان دو بھائیوں کے درمیان صلح صفائی کرادو تاکہ ان کو بھی امن وامان نصیب ہو اور ان کے گھروں میں بھی آسودگی حاصل ہو۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے تم اسی وقت مستحق ہو سکتے ہو جب امتِ مسلمہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر ایک دوسرے سے محبت و پیار کا مظاہرہ کرے۔

ایسی دلنشینی، ایسی شیرینی، ایسی مٹھاس صرف اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہی پائی جاسکتی ہے۔ قرآن کا یہ وہ اعجاز ہے جس نے فصحائے عرب کو دم بخود کر دیا تھا۔ یہاں صاحبِ جوامع الکلم ﷺ کا ارشادِ گرامی بھی سماعت فرمایئے:

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلٰوةِ وَالصَّدَقَةِ۔ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ الْحَالِقَةُ(1)۔

حضرت ابودرداء سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے عمل پر آگاہ نہ کروں جس کا درجہ روزے، نماز اور صدقہ سے افضل ہے۔ صحابۂ کرامؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ضرور مہربانی فرمایئے۔ فرمایا دو آدمیوں کے درمیان صلح

1۔ سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی اصلاح ذات البین، ج2، ص317

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا

اے ایمان والو! نہ تمسخر اڑایا کرے مَردوں کی ایک جماعت دوسری جماعت کا شاید وہ ان مذاق اُڑانے والوں سے بہتر

مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا

ہوں اور نہ عورتیں مذاق اُڑایا کریں دوسری عورتوں کا شاید وہ ان سے بہتر ہوں ۱۸ اور نہ

کرادینا۔ ساتھ ہی بتایا کہ دو آدمیوں کے درمیان فساد کرانا ایمان کو مُونڈ کر رکھ دیتا ہے۔

۱۸ پہلے ان احکام کا ذکر ہوا جن کی ضرورت اس وقت پڑتی ہے جب مسلمان ایک دوسرے کے خلاف صفیں آراستہ کرلیں اور جنگ وقتال شروع ہوجائے، لیکن اسلام اصلاحِ احوال کی صرف اسی صورت کا قائل نہیں کہ پہلے حالات کو بگڑنے دیا جائے۔ مختلف عوامل کو کشیدگی پیدا کرنے اور جذبات کو مشتعل کرنے کی کھلی چھٹی دی جائے۔ جب عداوت کے شعلے بھڑکنے لگیں اور خون کی ندیاں بہنے لگیں تو آگے بڑھ کر اس آگ کو بجھانے کی کامیاب یا ناکام کوشش کی جائے۔ اسلام اس سے بھی زیادہ ان محرکات کی بیخ کنی پر توجہ دیتا ہے اور ان اسباب وعلل کے سامنے بند باندھتا ہے جو اس صورتِ حال کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

ان آیات میں مسلمانوں کو تمام ایسی باتوں سے سختی سے روکا جارہا ہے جن کے باعث اسلامی معاشرہ کا امن وسکون برباد ہوتا ہے، محبت وپیار کے رشتے ٹوٹ جاتے ہیں اور خون خرابہ شروع ہوجاتا ہے۔ اس سلسلہ میں پہلا حکم یہ دیا کہ اے ایمان والو! ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑایا کرو۔ مذاق اسی کا اڑایا جاتا ہے جس کی عزت اور احترام دل میں نہ ہو۔ جب آپ کسی کا مذاق اڑاتے ہیں تو گویا آپ اس چیز کا اعلان کررہے ہوتے ہیں کہ اس شخص کی میرے دل میں کوئی عزت نہیں۔ جب آپ اس کی عزت نہیں کرتے تو اسے کیا پڑی ہے کہ وہ آپ کا احترام کرے؟ جب دلوں سے ایک دوسرے کے لیے عزت اور احترام کا جذبہ ختم ہوجاتا ہے تو انسان عداوت ودشمنی کے گہرے کھڈ کی طرف لڑھکتا چلا جاتا ہے۔ کوئی رکاوٹ ایسی نہیں رہتی جو اسے اپنے انجام سے دوچار ہونے سے روک سکے۔ استہزاء کی کئی صورتیں ہیں۔

زبان سے مذاق کرنا۔ نقلیں اتار کر اس کا منہ چڑانا۔ اس کے لباس یا رفتار وگفتار پر ہنسنا سب ممنوع ہیں۔

یُوں تو شریعت کے سارے احکام عموماً مرد وزن سب کے لیے ہوتے ہیں اور بطورِ تغلیب صیغہ مذکر کا ہی استعمال ہوتا ہے لیکن جو خرابی عورتوں میں نسبتاً زیادہ پائی جاتی ہے اس کو روکنے کے لیے عورتوں کو الگ مخاطب بنایا جاتا ہے۔ یہاں بھی عورتیں چونکہ دوسروں کا مذاق اڑانے اور ان پر پھبتی کسنے میں بڑی تیز رفتار ہوتی ہیں، اس لیے یہاں اس نازیبا حرکت سے باز رہنے کا الگ حکم دیا اور اس کی وجہ بھی بتادی کہ جن کو تم حقیر سمجھتے ہو اور ان کا مذاق اڑاتے ہو، ممکن ہے بارگاہِ الٰہی میں ان کی شان تم سے کہیں زیادہ بلند ہو(1)۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص52 (مفہوم)۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج16، ص326

تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

عیب لگاؤ ایک دوسرے پر ۱۹ھ اور نہ بُرے القاب سے کسی کو بلاؤ ۲۰ھ کتنا ہی بُرا نام ہے مسلمان ہو کر فاسق

۱۹ھ دوسرا حکم یہ دیا کہ لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ۔

لفظ لمز کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں ۔ اَللَّمْزُ: اَلْعَيْبُ فِي الْوَجْهِ و اَصْلُهُ الْاِشَارَةُ بِالْعَيْنِ وَالرَّأْسِ وَالشَّفَةِ مَعَ كَلَامٍ خَفِيٍّ(1)۔

کسی کے منہ پر اس کی عیب جوئی کرنے کو اللمز کہتے ہیں۔ اصل میں آنکھ، سر کے اشارے یا زیرِ لب آہستہ سے کسی کی عیب چینی کی جائے تو کہتے ہیں: لَمَزَ فُلَانٌ۔ لَا تَلْمِزُوْٓا فرما کر بتا دیا کہ کسی طرح بھی تمہیں یہ اجازت نہیں کہ اپنے بھائی کے عیب گنواؤ اور اس کی خامیوں اور کمزوریوں کو اچھالتے رہو۔ علامہ راغب لکھتے ہیں: اَللَّمْزُ تَتَبُّعُ الْمَعَابِ(2)۔ کسی کی کمزوریوں اور عیوب کا کھوج لگاتے رہنا۔ ہر آدمی میں کوئی نہ کوئی عیب ہوتا ہے۔ وہ نہیں چاہتا کہ اس کا عیب ظاہر ہو۔ اگر کوئی شخص اس کی خامیوں کا برملا اظہار کرتا ہے اور اس کے عیوب کے کھوج میں لگا رہتا ہے تو اس کا کبیدہ خاطر ہونا ایک قدرتی امر ہے اور قرآنِ حکیم اس کی اجازت نہیں دیتا۔ قرآن کا اسلوب ملاحظہ ہو۔ یہ نہیں کہا کہ تم ایک دوسرے کی عیب چینی نہ کیا کرو۔ بلکہ فرمایا لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ۔ یعنی تم اپنی عیب جوئی نہ کیا کرو۔ مقصد یہ ہے کہ جس کی برائیاں کرتے تم نہیں تھکتے وہ کوئی غیر تو نہیں، تمہارا بھائی ہے۔ اس کی بدنامی تمہاری بدنامی ہے۔ اس کی فضیحت ہوئی تو شرمندہ تم ہو گے۔ اس سے یہ مطلب بھی لیا جا سکتا ہے کہ جب تم کسی کی پردہ دری کرو گے تو وہ تمہارے عیوب و نقائص کو طشت از بام کرے گا۔ تم اس کی عیب جوئی نہ کرتے تو وہ تمہاری نہ کرتا۔ اب تمہیں جو خجالت ہو رہی ہے یہ تمہارے اپنے کرتوتوں کا ثمر ہے۔ اگر اپنی عزت کو محفوظ رکھنا چاہتے ہو تو کسی کی عزت پر ہاتھ مت ڈالو۔

۲۰ھ تیسرا حکم یہ دیا کہ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ۔

لفظ تَنَابَزُوْا کی تشریح کرتے ہوئے علامہ ابن منظور لکھتے ہیں۔ اَلنَّبْزُ: اللَّقَبُ۔ التَّنَابُزُ: التَّدَاعِيْ بِالْاَلْقَابِ وَهُوَ يَكْثُرُ فِيْمَا كَانَ ذَمًّا۔ (لسان العرب)(3)

یعنی کسی کو کسی لقب سے ملقب کرنے کو لغت میں نَبْزٌ کہتے ہیں۔ لیکن عموماً اس کا استعمال اس لقب کے لیے ہوتا ہے جس میں کسی کی مذمت ہو اور جسے وہ شخص ناپسند کرے۔ کسی اندھے کو اندھا اور کانے کو کانا کہنا بھی جائز نہیں۔ ہمیشہ ایسے اسماء اور القاب سے ایک دوسرے کو بلاؤ جس سے سننے والا خوش ہوتا ہو۔

1۔ لسان العرب، ج5، ص406 2۔ مفردات راغب، ص747 3۔ لسان العرب، ج5، ص413

بَعْدَ الْاِیْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾ یٰۤاَیُّهَا

کہلانا ۲۱ اور جو لوگ باز نہیں آئیں گے (اس روش سے) تو وہی بے انصاف ہیں ۲۲ اے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

ایمان والو! دُور رہا کرو بکثرت بدگمانیوں سے ۲۳ بلاشبہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں

۲۱ بڑے پیارے انداز سے اپنے بندوں کو تنبیہ فرمائی جارہی ہے کہ تم اب میرے ہو چکے ہو، تمہیں اب ایسی کوئی نازیبا حرکت نہیں کرنی چاہیے جس کی وجہ سے تمہیں بدکار اور فاسق کہا جائے۔ اگر تم اسلام قبول نہ کرتے، میرے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لاتے اور شترِ بے مہار بنے من مانیاں کرتے رہتے تو تم سے کسی کو شکایت نہ ہوتی۔ اب تم مشرف بہ اسلام ہو چکے ہو۔ لوگ بجا طور پر تم سے توقع رکھتے ہیں کہ تم خیر وصلاح کا عملی نمونہ پیش کرتے رہو گے۔ نیکی اور پارسائی تمہارا شعار ہوگا۔ غلامانِ مصطفےٰ کہلا کر اگر تم فسق وفجور سے اپنا دامن نہیں بچاتے تو بڑی بے حیائی اور افسوس کی بات ہے۔ حضرت علامہ نے کیا خوب کہا۔

تا نداری از محمد رنگ و بو از درودِ خود میالانامِ او(1)

یعنی اگر تمہاری سیرت اور کردار اپنے محبوب کے رنگ وبو سے بہرہ ور نہیں تو تمہیں قطعاً یہ زیب نہیں دیتا کہ اپنی ناپاک زبان سے اس کا پاک نام لو۔

علامہ ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اس جملہ کا یہی معنی بتایا ہے۔ کہتے ہیں: وَبِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ فَلَا تَفْعَلُوْا شَیْئًا تَوَصَّفُوْا فِیْهِ بِاسْمِ الْفُسُوْقِ(2)۔

اس جملہ کی مزید تشریح کرتے ہوئے علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں کہ یہاں اسم نہ تو لقب وکنیت کا مدِ مقابل ہے اور نہ فعل و حرف کا، بلکہ یہاں ذکرِ مرتفع کے معنی میں مستعمل ہوا ہے جیسے کہتے ہیں۔ طَارَ اسْمُهٗ فِی النَّاسِ بِالْكَرَمِ اَیْ ذِكْرُهٗ۔ بِئْسَ کا فاعل اَلِاسْمُ ہے۔ فُسُوْقٌ مخصوص بالذم ہے۔ یہاں مضاف مقدر ہے۔ تقدیرِ کلام یوں ہے۔ بِئْسَ الذِّكْرُ ذِكْرُ الْفُسُوْقِ بَعْدَ الْاِیْمَانِ جس کا معنی یہ ہے بِئْسَ الذِّكْرُ الْمُرْتَفِعُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَنْ یُّذْكَرُوْا بِالْفُسُوْقِ بَعْدَ دُخُوْلِهِمُ الْاِیْمَانَ۔ (روح البیان)(3)

۲۲ آخر میں فرمایا جو شخص ان ناشائستہ حرکات سے تائب نہیں ہوتا وہ ظالم ہے۔ آیت کے اس جملہ سے فقہائے کرام نے ہتکِ عزت کا اسلامی قانون اخذ کیا ہے۔ کوئی شخص کسی پر زنا کی تہمت لگائے تو نصِ قرآنی کے مطابق اس پر حد قذف لگائی جائے گی۔ لیکن اس کے علاوہ بھی اگر کوئی شخص کسی کے حق میں برے الفاظ استعمال کرتا ہے تو اس کے خلاف اسلامی عدالت میں ہتک عزت کا دعویٰ دائر کیا جاسکتا ہے اور قاضی کو حق پہنچتا ہے کہ وہ ایسے شخص پر اس کے مناسبِ حال تعزیر لگائے۔ روح البیان میں وہ الفاظ تفصیل سے مرقوم ہیں جن کے باعث تعزیر لگ سکتی ہے۔ ان میں خبیث، مخنّث اور پلید کے الفاظ بھی ہیں (4) جنہیں

1۔ کلیات اقبال، فارسی، ص833۔ مثنوی پس چہ باید کرد، ص37
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص53
3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج9، ص82
4۔ ایضاً

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

اور نہ جاسوسی کیا کرو اور ایک دوسرے کی غیبت بھی نہ کیا کرو ۲۴ کیا پسند کرتا ہے تم میں سے کوئی شخص کہ

ہمارے ہاں بڑی بے پروائی سے استعمال کیا جاتا ہے۔

۲۳ ابھی مسلم معاشرہ کو ہر قسم کی شکر رنجی سے محفوظ رکھنے کے لیے جو ہدایات دی جارہی تھیں ان کا سلسلہ اس آیت میں بھی جاری ہے۔ فرمایا بکثرت ظن وگمان کرنے سے اجتناب کیا کرو۔ کیونکہ بعض ظن ایسے ہیں جو گناہ ہوتے ہیں۔ اگر تم ظن وگمان کے شیدائی بن جاؤ تو ہوسکتا ہے تم ایسے گمان بھی کرنے لگو جو سراسر گناہ ہیں۔ ان کلمات کو دیکھا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ مطلقاً ظن سے نہیں روکا اور نہ ہر قسم کے ظن کو گناہ کہا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی ظن جائز ہیں۔ اس لیے علمائے کرام نے ظن کی متعدد قسمیں ذکر کی ہیں۔

واجب، مستحب، مباح اور ممنوع۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن کرنا واجب ہے(1)۔ حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے وصال سے تین روز پہلے فرمایا: لَا يَمُوْتَنَّ اَحَدُكُمْ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ (2)۔ تم میں سے کوئی نہ مرے مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسنِ ظن رکھتا ہو۔ دوسرا ارشادِ نبوی ہے۔ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ فَلْيَظُنَّ مَا شَاءَ (3) کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہوں جس کا وہ مجھ سے ظن رکھتا ہے۔ اب اس کی مرضی جیسا چاہے میرے ساتھ ظن رکھے۔

مستحب کی مثال: مومن کے ساتھ جس کا ظاہری حال اچھا ہو حسنِ ظن کرنا مستحب ہے۔ ایسا شخص جس کے احوال مشکوک ہوں اس کے متعلق سوءِ ظن کرنا مباح ہے، لیکن جب تک یقینی دلائل موجود نہ ہوں، اس وقت تک محض ظن کے مطابق اس کے خلاف کارروائی کرنا جائز نہیں۔ اسی کے متعلق حضور ﷺ کی حدیث ہے

اِذَا ظَنَنْتُمْ فَلَا تُحَقِّقُوْا (4)۔ یعنی اگر کسی کے بارے میں شبہ پیدا ہو جائے تو اس کی تحقیق میں نہ لگ جاؤ۔ شریعت میں نصوص کے خلاف ظن وتخمین سے کام لینا ممنوع ہے۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ آیت میں ظن سے مراد تہمت ہے۔ قَالَ عُلَمَاءُنَا فَالظَّنُّ فِي الْاٰيَةِ هُوَ التُّهْمَةُ (5)۔ اور اس قول کی دلیل انہوں نے یہ پیش کی ہے کہ بعد میں فَلَا تَجَسَّسُوْا فرمایا ہے (6)، کیونکہ جب کسی پر تہمت لگتی ہے تو طبیعت چاہتی ہے اس کا سراغ لگایا جائے اور صحیح حالات پر آگاہی حاصل کی جائے۔

۲۴ کسی مسلمان کے عیبوں کا سراغ لگانا اور اس کے پوشیدہ حالات کو کریدنا ممنوع ہے۔ اس طرح اس کی پردہ دری ہوگی، حالانکہ ہمیں پردہ پوشی کا حکم دیا گیا ہے۔ ارشاد نبوی ہے: مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (7)۔ جو اس دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ ابو برزہ الاسلمی فرماتے ہیں: نبی کریم

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج26، ص156 (مفہوم) 2۔ سنن ابی داؤد، کتاب الجنائز، باب مایستحب من حسن الظن، ج2، ص88

3۔ صحیح بخاری، کتاب الرد علی الجهمیة وغیرهم التوحید، باب قوله تعالیٰ ویحذرکم الله، ج2، ص1101

4۔ ابن ماجہ عن جابر، کشف الخفاء للعجلونی، ج1، ص104، رقم الحدیث: 295، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت 5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص331

6۔ ایضاً 7۔ صحیح بخاری، ابواب المظالم والقصاص، باب لایظلم المسلم المسلم، ج1، ص330

يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے۔ تم اسے تو مکروہ سمجھتے ہو ۵ اور ڈرتے رہا کرو اللہ سے۔ بے شک اللہ تعالیٰ بہت توبہ قبول کرنے

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: يَا مَعْشَرَ مَنْ اٰمَنَ بِلِسَانِهٖ وَ لَمْ يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ قَلْبَهٗ لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ فِيْ بَيْتِهٖ (1)۔

یعنی اے وہ گروہ جو زبان سے تو ایمان لایا ہے لیکن ایمان اس کے دل میں ابھی داخل نہیں ہوا، مسلمانوں کی غیبت مت کیا کرو۔ ان کی پوشیدہ باتوں کا سراغ مت لگایا کرو۔ جو مسلمانوں کی پوشیدہ باتوں کا پیچھا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مخفی باتوں کا پیچھا کرتا ہے اور جس کی مخفی باتوں کا پیچھا خدا کرے تو وہ اس کو اپنے گھر میں رسوا کر دیتا ہے۔ اسی طرح اربابِ حکومت کو بھی بلاوجہ لوگوں کے مخفی رازوں پر آگاہی حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ حضرت امیر معاویہؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

اِنَّكَ اِنِ اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَّهُمْ اَوْ كِدْتَّ اَنْ تُفْسِدَهُمْ (2)۔

یعنی ''اگر تم لوگوں کی پوشیدہ باتیں جاننے کے درپے ہو گے تو تم انہیں خراب کر کے چھوڑو گے۔'' انسان کی پرائیویٹ زندگی کا اسلام میں جس قدر احترام ہے اس کا اندازہ آپ اس مشہور تاریخی واقعہ سے بآسانی لگا سکتے ہیں جو خرائطی نے ثور کندی کے واسطہ سے مکارم الاخلاق میں نقل کیا ہے۔ ایک رات حضرت فاروق اعظم مدینہ طیبہ کی گلیوں میں گشت لگا رہے تھے۔ ایک گھر سے آپ کو ایک شخص کے گانے کی آواز آئی۔ دیوار پھاند کر آپ اندر داخل ہو گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی ہے۔ اس کے پاس ایک عورت بیٹھی ہے۔ قریب ہی شراب رکھی ہے۔ حضرت عمرؓ غصہ سے بے قابو ہو گئے اور فرمایا: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَظَنَنْتَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْتُرُكَ وَ اَنْتَ عَلٰى مَعْصِيَةٍ۔ ''اے اللہ کے دشمن! کیا تجھے یہ گمان تھا کہ تو ایسی نافرمانی بھی کرے گا اور اللہ تعالیٰ تیری پردہ پوشی بھی کرے گا''۔ اس شخص نے کہا: اے امیر المومنین! عجلت سے کام نہ لیں۔ اگر میں نے اللہ تعالیٰ کی ایک نافرمانی کی ہے تو آپ نے تین نافرمانیاں کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: لَا تَجَسَّسُوْا: کسی کی جاسوسی نہ کیا کرو۔ آپ نے میری جاسوسی کی ہے۔ فرمانِ خداوندی ہے: وَ اْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا (البقرہ:189) گھروں میں دروازہ سے داخل ہو۔ آپ دیوار پھاند کر داخل ہوئے ہیں۔ ارشاد ہے۔ لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا (النور:27) داخل ہونے سے پہلے اہلِ خانہ سے اجازت لو اور آپ میری اجازت کے بغیر اندر آ گئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اگر میں اب تم کو معاف کر دوں تو کیا تم آئندہ ان جرائم کا ارتکاب نہ کرو گے؟ اس نے کہا ہاں (3)۔ البتہ اگر کسی کی سرگرمیاں ملک وملت کے خلاف ہوں، وہ دشمن سے ساز باز کر رہے ہوں یا کسی کو قتل کرنے کے مشورے کر رہے ہوں تو ایسے لوگوں کے احوال کی جانچ پڑتال کرنا مباح ہے۔

لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا:

غیبت کی تعریف خود زبانِ رسالت نے بیان فرمائی ہے۔ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا تم جانتے ہو غیبت کیا ہے؟

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص333۔ مسند احمد بن حنبل، ج4، ص21-420، دار صادر

2۔ شعب الایمان، باب فی الستر علی اصحاب القروف، ج7، ص107، رقم الحدیث 9659۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ج19، ص379

3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز26، ص157

صحابہ نے عرض کیا: اَللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ۔ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ۔ اپنے بھائی کا ایسا ذکر جسے وہ ناپسند کرے۔ عرض کی گئی: اگر وہ بات اس میں پائی جاتی ہو تو بھی اس کا ذکر غیبت ہوگی؟ فرمایا: اگر وہ بات اس میں پائی جاتی ہے اور تو اس کا ذکر کرے تو تو نے غیبت کی اور اگر ایسی بات کا ذکر کرے جو اس میں نہیں پائی جاتی تو تو نے اس پر بہتان باندھا(1)۔

۲۵ قرآنِ کریم نے لوگوں کو غیبت سے متنفر کرنے کے لیے ایک ایسی تشبیہ دی جس کو سن کر کوئی سلیم الطبع غیبت کی طرف راغب نہیں ہوسکتا۔ فرمایا: کیا کوئی شخص انسانی گوشت کھانا پسند کرے گا اور انسان بھی وہ جو مردہ ہو اور مردہ بھی وہ جو اس کا بھائی ہو۔ اسی چیز کو ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ایک اور انداز سے بیان فرمایا کہ جب ماعز نے اعترافِ زنا کیا اور حضور ﷺ نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا تو حضور ﷺ نے سنا کہ دو آدمی آپس میں اس طرح کی گفتگو کر رہے ہیں کہ اس شخص کی طرف دیکھو جس کا گناہ اللہ تعالیٰ نے ڈھانپ دیا تھا مگر اس نے خود انکشاف کیا۔ پھر اسے اس طرح سنگسار کیا گیا جس طرح کتے کو کیا جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے یہ بات سنی اور خاموش رہے۔ پھر کچھ وقت حضور ﷺ چلتے رہے یہاں تک کہ ایک مردار گدھے کے پاس سے گزرے۔ فرمایا: فلاں فلاں آدمی کہاں ہیں؟ ان دونوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم حاضر ہیں۔ فرمایا: اترو اور اس مردار گدھے کو کھاؤ۔ وہ کہنے لگے: اے نبی اللہ! اس مردار کو کون کھاتا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِيْكُمَا اٰنِفًا اَشَدُّ مِنَ الْاَكْلِ مِنْهُ وَ الَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّهُ الْاٰنَ لَفِيْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَنْغَمِسُ فِيْهَا۔ یعنی تم مردہ گدھا کھانے سے تو نفرت کرتے ہو لیکن اپنے بھائی کی عزت پر جو تم نے حملہ کیا ہے وہ مردار کھانے سے بھی زیادہ بدتر ہے۔ پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! وہ تو اس وقت جنت کی نہروں میں نہا رہا ہے۔"(2) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ غیبت کبیرہ گناہوں سے ہے۔ اگر کوئی شخص غیبت کر بیٹھے تو وہ توبہ کرے۔ اگر ہو سکے تو جس کی غیبت اس نے کی ہے اس سے بخشوالے۔

حضرت حسن بصری سے مروی ہے کہ غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت تم نے کی ہے اس کے لیے بکثرت مغفرت کی دعا مانگو(3)۔

لیکن بعض صورتیں ایسی ہیں جبکہ غیبت مباح ہوجاتی ہے۔ وہ فاسق جو اعلانیہ فسق و فجور کا ارتکاب کرتا ہے اس کے عیوب کا ذکر غیبت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔ مَنْ اَلْقٰى جِلْبَابَ الْحَيَاءِ فَلَا غِيْبَةَ لَهٗ(4)۔ جو شخص حیاء کی چادر اتار کر پھینک دے اس کی کوئی غیبت نہیں۔ دوسرا ارشاد ہے۔ اُذْكُرُوا الْفَاجِرَ بِمَا فِيْهِ كَيْ يَحْذَرَهُ النَّاسُ(5)۔ فاجر کی خرابیاں بیان کیا کرو تاکہ لوگ اس سے بچتے رہیں۔

ان ارشادات سے معلوم ہوا کہ اس شخص کی غیبت ممنوع ہے جو اپنی پردہ پوشی کرتا ہے۔ اسی طرح بدعقیدہ عالم اور ظالم بادشاہ کے عیوب بیان کرنا بھی غیبت نہیں۔ اگر کوئی شخص قاضی کے پاس دعویٰ کرتا ہے، اس ضمن میں اپنے خصم کے عیوب بیان کرتا ہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ ہندہ نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ لَّا يُعْطِيْنِيْ مَا يَكْفِيْنِيْ وَلَدِيْ فَاٰخُذُ مِنْ غَيْرِ عِلْمِهٖ کہ ابوسفیان بخیل آدمی ہے۔ مجھے اتنا نہیں دیتا جس سے میرا اور میرے بچوں کا گزر ہو سکے۔ کیا

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 158 2۔ سنن ابی داؤد، کتاب الحدود، باب فی الرجم، ج 2، ص 252 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 337
4۔ سنن کبریٰ از بیہقی، کتاب الشہادات، ج 10، ص 210 5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج 16، ص 339۔ رواہ ابن ابی الدنیا و ابن عدی و الطبرانی و الخطیب عن معاویہ بن حیدۃ، کشف الخفاء للعجلونی، ج 1، ص 106، رقم الحدیث: 305، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

رَحِیۡمٌ ﴿۱۳﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَجَعَلۡنٰكُمۡ

والا، ہمیشہ رحم کرنے والا ہے۔ اے لوگو! ہم نے پیدا کیا ہے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے اور بنا دیا ہے تمہیں مختلف

شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ اِنَّ اَكۡرَمَكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰىكُمۡ ؕ اِنَّ

قومیں اور مختلف خاندان تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو ۲۶ تم میں سے زیادہ معزز اللہ کی بارگاہ میں وہ ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔

میں اس کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر لے سکتی ہوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نَعَمْ فَخُذِیْ۔ ہاں لے سکتی ہو۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالٌ(1)۔ جس کا حق ہو اسے بات کرنے کی اجازت ہے۔ اسی طرح رشتہ کے بارے میں اگر کوئی مشورہ کرے تو اسے صحیح صورتِ حال سے آگاہ کرنا جائز ہے۔

فاطمہ بنت قیس کو جب اس کے خاوند نے طلاق دے دی تو معاویہؓ اور ابوجہمؓ نے پیغام بھیجا۔ وہ مشورہ کرنے کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فَاَمَّا مُعَاوِیَةُ فَصُعْلُوْكٌ فَلَا مَالَ لَهٗ وَ اَمَّا اَبُوْجَهْمٍ فَلَا یَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهٖ۔ یعنی معاویہ مفلس اور قلاش ہے اور ابوجہم اپنے کندھے سے عصا دور نہیں کرتا(2)۔ یہ اس لیے تھا کہ فاطمہ بنت قیس کو دھوکا نہ ہو۔

۲۶ دورِ جاہلیت کے عرب دیگر گوناگوں خرابیوں کے ساتھ ساتھ تفاخر کی بیماری میں بری طرح مبتلا تھے۔ وہ اپنے آپ کو سب سے برتر، اشرف اور اعلیٰ خیال کرتے۔ ان سب میں قریش کے فخر و مباہات کی شان ہی الگ تھی۔ جب مکہ فتح ہوا اور اس کی فضاؤں میں اسلام کا پرچم لہرانے لگا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلالؓ کو یاد فرمایا اور حکم دیا کہ کعبہ کی چھت پر چڑھ جاؤ اور اذان دو۔ تعمیل ارشاد میں بلالؓ نے کعبہ کے اوپر چڑھ کر اذان دینی شروع کی تو شُرفائے قریش پر کوہِ الم ٹوٹ پڑا(3)۔ ان کے دلی حُزن و ملال کا اندازہ اس مکالمہ سے لگائیے جو ان میں ہوا۔

عتاب ابن اسید بولا: اللہ کا شکر ہے! میرا باپ یہ روح فرسا منظر دیکھنے سے پہلے مر گیا۔ حارث ابن ہشام کہنے لگا کہ اس کالے کوے کے بغیر محمد (فداہ ابی وامی) کو اور کوئی مؤذن نہیں ملا۔ سُہیل ابن عمرو نے کہا: جیسے اللہ کی مرضی۔ ابوسفیان نے کہا: میں تو کچھ نہیں کہتا۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری اس گفتگو پر اللہ تعالیٰ اس کو آگاہ کر دے۔ اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی اور ان کے اس زعمِ باطل کو پاش پاش کر کے رکھ دیا(4)۔

تفاخر کا یہ نظریہ فقط جاہل اور غیر مہذب عربوں تک ہی محدود نہ تھا بلکہ روئے زمین پر جو متمدن اور شائستہ قومیں آباد تھیں وہ سب کی سب کسی نہ کسی صورت میں اس بیماری میں مبتلا تھیں۔ کہیں اپنی نسل اور قومیت پر فخر کیا جاتا تھا۔ کہیں ان کے وطن کی سرزمین ان کی بڑائی اور برتری کا باعث تھی۔ کہیں زبان و رنگ وجہِ افتخار بنے ہوئے تھے۔ اس فاسد نظریہ نے مختلف قوموں کو متحارب گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ ہر قوم اپنی نسلی شرافت اور اپنے خطۂ زمین کی عظمت کے باعث اپنا یہ حق سمجھتی تھی کہ وہ دوسرے ممالک کو تاخت و تاراج کرے، ان کی دولت کو لوٹے، ان کے باشندوں کو اپنا غلام بنائے اور انہیں اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرے۔ اس شر انگیز

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص339۔ المغنی عن حمل الاسفار للعراقی، ج3، ص148، مطبوعہ عیسی الحلبی

2۔ تفسیر قرطبی، جز16، ص40-339، سنن نسائی، کتاب النکاح، باب استشارت المرأۃ رجلا، ج2، ص74، مطبوعہ وزارت تعلیم

3۔ السیرۃ النبویۃ از احمد بن زینی، ج2، ص295

4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص341

اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۴﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ

بے شک اللہ تعالیٰ علیم (اور) خبیر ہے ۲۷ اعراب کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے۔ آپ فرمائیے تم ایمان تو نہیں لائے البتہ یہ کہو کہ

قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا

ہم نے اطاعت اختیار کر لی ہے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ اور اگر تم (سچے دل سے) اطاعت کرو گے

نظریہ کے باعث جنگ وجدال کا لامتناہی سلسلہ جاری رہا اور شرفِ انسانی کی قبا تہذیب وتمدن کے علمبرداروں کے ہاتھوں تار تار ہوتی رہی۔ یہ گمراہیاں صرف اس زمانہ میں ہی موجود نہ تھیں جنہیں ازمنۂ مظلمہ کہا جاتا ہے بلکہ آج بھی ان کی ہلاکت آفرینیوں سے انسانیت کی جبیں شرم کے مارے عرق آلود ہوتی رہتی ہے۔ بھارت، جسے دنیا بھر میں سب سے بڑا جمہوری ملک ہونے کا دعویٰ ہے، وہاں آج بھی طبقاتی امتیازات جوں کے توں قائم ہیں۔ بھارت کے طول وعرض میں اس بیسویں صدی میں بھی اچھوت نہ اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کے مندروں میں جا کر پوجا پاٹ کر سکتے ہیں اور نہ ہی ان کے کنوؤں سے پانی بھر سکتے ہیں۔ امریکہ میں بے شمار ایسے ہوٹل ہیں جن کے دروازوں پر جلی حروف میں لکھا ہوتا ہے: ''ریڈ انڈین (وہاں کے اصل باشندے) اور کتے داخل نہیں ہو سکتے''۔ سفید فام باشندوں کے سکول اور کالج تک مخصوص ہیں جہاں سیاہ فام حبشی تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ اپنی قومی برتری کا یہ غرور تھا جس نے جرمن قوم میں ہٹلر کا روپ اختیار کیا اور کروڑوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

وطنیت، قوم، رنگ، نسل اور زبان کے بتوں کی پوجا آج بھی اسی زور شور سے ہو رہی ہے۔ اس مختصر سی آیت میں ان تمام بنیادوں کو منہدم کر کے رکھ دیا جن پر مختلف قوموں نے اپنی اپنی برتری اور شرافت کے ایوان تعمیر کر رکھے تھے۔

فرمایا: اے لوگو! تم ایک ہی باپ اور ایک ہی ماں کی اولاد ہو۔ تمہاری نسل کا سلسلہ اس ایک اصل سے جا کر ملتا ہے۔ تمہارا خالق بھی ایک ہے۔ تمہارا مادۂ تخلیق بھی یکساں ہے۔ تمہاری پیدائش کا طریقہ بھی ایک جیسا ہے۔ اتنی بڑی یکسانیتوں کے باوجود تمہارا ایک دوسرے پر برتری کا دعویٰ سراسر کم فہمی اور نادانی ہے۔ اولادِ آدم کا مختلف شعوب وقبائل میں بٹنا اس لیے نہیں کہ ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کو حقیر سمجھے اور اپنے آپ کو اشرف واعلیٰ خیال کرے، بلکہ اس لیے ہے کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو اور باہمی معاملات میں گڑبڑ پیدا نہ ہو۔

اَلشُّعُوْبُ: رُءُوْسُ الْقَبَائِلِ مِثْلُ رَبِيْعَةَ، مُضَرَ، الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ(1)۔

شُعُوْبٌ کا واحد شَعْبٌ ہے۔ وہ ایسے اصل کو کہتے ہیں جس سے کئی قبیلے نکلتے ہوں۔ ان کی ترتیب یہ ہے:

شعب، قبیلہ، فصیلہ، عمارہ، بطن اور فخذ(2)۔

۲۷ کسی خاندان میں پیدا ہونا، کسی زمین کا باشندہ ہونا اور چہرے کی کوئی خاص رنگت اس میں انسان کی اپنی کوشش اور سعی کا کوئی دخل نہ تھا اس لیے قرآنِ کریم نے اس کو وجہِ افتخار قرار نہ دیا البتہ ایک چیز ہے جس سے انسان کا مرتبہ دوسرے لوگوں سے برتر اور اعلیٰ ہو جاتا ہے اور اس میں انسان کی ذاتی کوشش کا بھی دخل ہے اور وہ ہے تقویٰ۔

تقویٰ کی بنا پر جو معزز ومحترم ہوگا وہ فخر وغرور سے یکسر پاک ہوگا اور ایسے شخص کا وجود نہ صرف اپنے ملک اور قوم کے لیے

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 16، ص 343 2۔ ایضاً، جز 16، ص 345

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اللہ اور اس کے رسول کی تو وہ ذرا کمی نہیں کرے گا تمہارے اعمال میں ۲۸ بے شک اللہ تعالیٰ غفور

باعث خیر و برکت ہوگا بلکہ تمام نوعِ انسانی اس کے فیوض و برکات سے مستفیض ہوتی رہے گی۔ حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مختلف مواقع پر بڑے اثر انگیز انداز میں اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے۔ چند ارشاداتِ نبوی سماعت فرمایئے:

فتح مکہ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر طواف کیا۔ مسجد لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ اونٹنی کے بیٹھنے کے لیے بھی جگہ نہ تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے بازوؤں کا سہارا لے کر اونٹنی سے اترے (1)۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ! اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَذْهَبَ عَنْكُمْ عُيْبَةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَ تَعَظُّمَهَا بِاٰبَائِهَا فَالنَّاسُ رَجُلَانِ۔ رَجُلٌ بَرٌّ تَقِيٌّ كَرِيْمٌ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَ رَجُلٌ فَاجِرٌ شَقِيٌّ هَيِّنٌ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى۔ اَلنَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُوْ آدَمَ وَ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنْ تُرَابٍ۔ (بیہقی، شعب الایمان، ترمذی) (2)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تم سے عہدِ جاہلیت کی خامیاں دور کر دیں اور تمہیں تکبر سے پاک کر دیا۔ انسانوں کے بس دو ہی گروہ ہیں۔ ایک نیک، متقی جو اللہ کے نزدیک محترم ہے۔ دوسرا بدکار، بدبخت جو اللہ کے نزدیک حقیر ہے۔ ورنہ سارے انسان آدم کی اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو مٹی سے پیدا فرمایا۔

حجۃ الوداع کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ! اَلَا اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ، لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى عَجَمِيٍّ وَّ لَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ، وَّلَا لِاَسْوَدَ عَلٰى اَحْمَرَ وَلَا لِاَحْمَرَ عَلٰى اَسْوَدَ اِلَّا بِالتَّقْوٰى۔ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ۔ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ۔ (بیہقی) (3)

ترجمہ: اے لوگو! تمہارا رب ایک ہے۔ کسی عربی کو عجمی پر، کسی عجمی کو عربی پر کوئی فضیلت نہیں۔ نہ کسی کالے کو سرخ پر اور نہ کسی سرخ کو کالے پر برتری حاصل ہے بجز تقویٰ کے۔ اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ متقی ہوگا۔ لوگو! کیا میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا؟ سب نے یک زبان ہو کر کہا: یارسول اللہ! بے شک آپ نے پہنچا دیا۔ فرمایا: جو یہاں موجود ہیں وہ یہ حکم ان لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں۔

كُلُّكُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَ اٰدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ وَّلَيَنْتَهِيَنَّ قَوْمٌ يَفْخَرُوْنَ بِاٰبَائِهِمْ اَوْلَيَكُوْنُنَّ اَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعْلَانِ (بزار) (4)

ترجمہ: تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم کو مٹی سے پیدا کیا گیا تھا۔ لوگ اپنے باپ دادا پر فخر کرنے سے باز آجائیں، ورنہ وہ اللہ کے نزدیک گوبر کے کالے کیڑے سے بھی حقیر و ذلیل ہوں گے۔

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 163

2۔ جامع ترمذی، ابواب التفسیر، سورۃ الحجرات، ج 2، ص 159۔ شعب الایمان، باب فی حفظ اللسان، ج 4، ص 286

3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 64-163۔ شعب الایمان، باب فی حفظ اللسان، ج 4، ص 289، رقم الحدیث، 5137

4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 164۔ مجمع الزوائد، ج 8، ص 163، رقم الحدیث: 13089

رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا

رحیم ہے۔ (کامل) ایماندار تو وہی ہیں جو ایمان لے آئے اللہ اور اس کے رسول پر پھر (اس میں) کبھی شک نہیں کیا

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جہاد کرتے رہے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں ۲۹ یہی لوگ

الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

راستباز ہیں ۔ آپ فرمائیے کیا تم آگاہ کرتے ہو اللہ کو اپنے دین سے ۔ حالانکہ اللہ جانتا ہے ہر اس چیز کو جو آسمانوں میں

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْئَلُكُمْ عَنْ اَحْسَابِكُمْ وَلَا عَنْ اَنْسَابِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ (تفسیر ابن جریر)(1)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ روزِ محشر تم سے تمہارے حسب ونسب کے بارے میں باز پرس نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے زیادہ محترم وہ ہوگا جو زیادہ متقی ہوگا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ ۔ (مسلم)(2)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور مالوں کی طرف نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے عملوں کی طرف دیکھتا ہے۔

قرآنِ کریم کی اس تعلیم اور نبی کریم ﷺ کے ان ارشادات کا اعجاز تھا کہ ایک ایسی امت معرض وجود میں آگئی جن کے نزدیک عظمت وبزرگی کا معیار فقط تقویٰ اور پارسائی تھی۔ باقی تمام جھوٹے امتیازات مٹ گئے۔ فخر ومباہات کے جملہ اسباب کا قلع قمع ہوگیا۔

۲۸ قبیلہ بنو اسد کے لوگ ایک سال قحط کا شکار ہوئے۔ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوکر زبان سے اسلام کا اقرار کیا لیکن ان کے دل نورِ ایمان سے محروم تھے۔ انہوں نے مدینہ کے راستوں کو غلاظت سے بھر دیا۔ وہ حضور ﷺ کی خدمت میں آکر عرض کرتے کہ ہم اپنے بال بچے لے کر آپ کے پاس آگئے ہیں دوسرے قبائل کی طرح ہم نے آپ کے ساتھ جنگ نہیں کی۔ اس لیے آپ ہمیں ہماری ضروریات مہیا فرمائیے۔ اس طرح وہ حضور ﷺ پر اپنا احسان جتلاتے۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی قبائل مزینہ، جزینہ اور اسلم تھے جو احسان جتلانے کے لیے ایسی باتیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو حکم دیا کہ انہیں فرمائیں تمہارے دلوں نے ایمان قبول نہیں کیا۔ تم تو فقط دنیوی مفاد حاصل کرنے کے لیے اور قتل واسیری سے بچنے کے لیے مسلمانوں کے زُمرہ میں شامل ہو گئے ہو۔ اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کو اپنا شعار بناؤ گے تو تمہیں تمہارے اعمال کا پورا پورا اجر دیا جائے گا(3)۔

لَاتَہٗ: نَقَصَہٗ۔ کسی چیز میں کمی کرنا(4)۔

۲۹ اعرابِ بنی اسد اپنے آپ کو زبانی اقرار کے بعد مسلمان خیال کرتے تھے۔ اس آیت میں سچے مومن کی وضاحت کردی کہ ہر شخص جو اپنے آپ کو مسلمانوں کے گروہ میں شامل کردے مومن کہلانے کا مستحق نہیں، بلکہ اس کے لیے ضروری ہے کہ اس کا دل ہر شک اور شبہ

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، ج26، ص89 2۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب تحریم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه ومالہ، ج2، ص317

3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز16، ص346 4۔ ایضاً

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ

اور جو زمین میں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔ وہ احسان جتلاتے ہیں آپ پر کہ وہ اسلام

أَسْلَمُوا ۖ قُلْ لَا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُمْ ۖ بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ

لے آئے فرمائیے مجھ پر مت احسان جتلاؤ اپنے اسلام کا۔ بلکہ اللہ نے احسان فرمایا ہے تم پر کہ

هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٧﴾ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ

تمہیں ایمان کی ہدایت بخشی ۳۰ اگر تم (اپنے ایمان کے دعویٰ میں) سچے ہو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ آسمانوں اور

سے پاک ہو اور جب اسلام کی سربلندی کے لیے مال اور جان قربان کرنے کا موقع آئے تو وہ بلا تامل ہر چیز بخوشی قربان کردے۔

اس آیت سے بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ قرآن کی اصطلاح میں ایمان اور اسلام دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ مومن وہ کہلاتا ہے جس کا دل نورِ ایمان سے منور ہو اور مسلمان اسے کہتے ہیں جو بظاہر مطیع اور فرمانبردار ہو اگرچہ اس کا دل ایمان سے محروم ہو۔ ایسا سمجھنا کم فہمی کی دلیل ہے قرآنِ کریم کی بیشتر آیتیں ہیں جو اس کی تردید کرتی ہیں۔

ارشاد ہے: اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (آل عمران:19): یقیناً اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول دین صرف اسلام ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ہے: مَا كَانَ اِبْرٰهِیْمُ یَهُوْدِیًّا وَّ لَا نَصْرَانِیًّا وَّ لٰكِنْ كَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا (آل عمران:67) حضرت ابراہیم نہ یہودی تھے نہ عیسائی، بلکہ یکسر اللہ کی طرف مائل ہونے والے مسلم تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ پاک کے متعلق ارشاد ہے:

قُلْ اِنِّیْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ (الانعام:14)

آپ فرمائیے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے اسلام لے آؤں۔

۳۰ عرب کے بعض بادیہ نشین قبائل اسلام قبول کرتے اور پھر آکر احسان جتلاتے کہ دیکھو ہم نے اپنا آبائی دین ترک کر دیا ہے اور آپ کا دین قبول کر لیا ہے۔ ہم نے غیر مسلم قبائل سے اپنے دیرینہ تعلقات آپ کی خاطر توڑ لیے ہیں۔ ہمیں اناج کی ضرورت ہے وہ دو۔ ہمارے پاس سواری کے لیے جانور نہیں ہیں وہ مہیا کرو۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان کی اس غلط فہمی کو دور کر دیا کہ یہ تمہارا احسان نہیں کہ تم نے اسلام قبول کیا بلکہ یہ تو تم پر اللہ تعالیٰ نے احسان فرمایا کہ تمہیں اسلام قبول کرنے کی توفیق مرحمت فرمائی۔ اگر وہ تمہیں قبولِ حق کی توفیق نہ بخشتا تو تم اس نعمتِ عظمیٰ سے محروم ہی رہتے۔ کفر پر مرتے اور جہنم رسید ہوتے۔ احسان نہ جتلاؤ بلکہ اپنے رب کے اس فضل و کرم پر سجدہ ہائے شکر بجالاؤ کہ آج تمہارا شمار غلامانِ مصطفےٰ علیہ اطیب التحیۃ والثناء میں ہو رہا ہے۔

دانائے شیراز علیہ الرحمۃ نے اس کی خوب تفسیر فرمائی ہے۔

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۸ ۱۴

زمین کے سب چھپے بھیدوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھ رہا ہے جو تم کر رہے ہو ۳۱ھ

شکر خدائے کن کہ موفق شدی بخیر زانعام وفضل او، نہ معطّل گزاشتت
مِنّت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی منت شناس از وکہ بخدمت بداشتت (1)

یعنی خداوندِ کریم کا شکر ادا کر کہ اس نے تجھے نیکی کی توفیق دی ہے۔
اور اس نے تجھے اپنے انعام واحسان سے محروم نہیں رکھا۔
یہ احسان مت جتلا کہ تو بادشاہ کی خدمت کر رہا ہے۔
بلکہ اس کا احسان سمجھ کہ اس نے تجھے اپنی خدمت کا موقع دیا ہے۔

۳۱ھ اے بندے! تیرا معاملہ اس خدا سے ہے جس کا علم کائنات کے ذرہ ذرہ کو محیط ہے۔ آسمانوں اور زمینوں کی بیکراں وسعتوں میں کوئی چیز بھی تو ایسی نہیں جو اس سے مخفی ہو۔ فرازِ عرش سے لے کر قعرِ زمین تک جب ہر چیز اس کے سامنے عیاں ہے تو تیرے دل کی مختصر سی دنیا کا کوئی گوشہ اس سے پوشیدہ رہ سکتا ہے؟ ایسے علیم وبصیر کے ساتھ معاملہ کی بنیاد مکر ونفاق پر جو رکھتا ہے وہ پرلے درجہ کا احمق ہے۔ دانا اور خوش بخت وہ ہے جس کا ظاہر و باطن یکساں ہے۔ جس کی زبان بھی اس کے ذکر میں مشغول اور اس کا دل بھی اس کی یاد سے معمور رہتا ہے۔ جس کا بدن بھی اس کا فرمانبردار اور جس کی روح بھی اس کی بندگی پر نازاں اور شاداں رہتی ہے۔

OOO

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدِكَ وَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ وَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاءُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَ نُوْرَ صَدْرِیْ وَ جِلَاءَ حُزْنِیْ وَ ذِهَابَ هَمِّیْ وَغَمِّیْ۔
اَللّٰهُمَّ مَنَنْتَ عَلٰی عَبْدِكَ الْبَائِسِ الْمِسْكِيْنِ فَوَفَّقْتَهٗ لِخِدْمَةِ كِتَابِكَ الْمُبِيْنِ وَ تَقَبَّلْ مِنْهُ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ نَبِيِّكَ سَيِّدِیْ وَ مَوْلَایَ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ مِنَ الصَّلٰوةِ اَزْكَاهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَسْنٰهَا وَ مِنَ الْبَرَكَاتِ اَوْفٰهَا وَ ارْزُقْنَا حُبَّهٗ وَ اِتِّبَاعَهٗ وَ شَفَاعَتَهٗ وَ احْشُرْنَا تَحْتَ قَدَمَيْهِ الطَّيِّبَتَيْنِ يَارَبَّ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ۔

OOO

1۔ گلستان سعدی، ص 16-215، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

تعارف سُورۂ قٓ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس کا نام سورۂ قٓ ہے جو پہلی آیت کا پہلا حرف ہے۔ اس کے تین رکوع اور تینتالیس آیات ہیں۔ یہ تین سو ستاون کلمات اور ایک ہزار چار سو چورانوے حروف پر مشتمل ہے۔

زمانۂ نزول: اگرچہ کسی مستند روایت سے اس کا سال نزول متعیّن نہیں ہوتا، لیکن اس کے مضامین میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ان سورتوں میں سے ہے جو مکی عہد کے درمیانی زمانے میں نازل ہوئیں (1)۔ جبکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کھل کر اسلام کی تبلیغ شروع کر دی تھی۔ سعات مند روحیں دوڑ کر اس دعوت کو قبول کرنے لگی تھیں۔ مکہ کے کافرانہ معاشرے میں ایک ہلچل پیدا ہو گئی تھی اور انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ناکام بنانے کے لیے طعن و تشنیع کے تیر برسانے شروع کر دیے تھے۔

مضامین: اہلِ عرب کے لیے حضور نبی کریم ﷺ کی ساری دعوت ایسی تھی جس نے انہیں ورطۂ حیرت میں ڈال دیا تھا، لیکن اس بات کو تو وہ ماننے کے لیے قطعاً تیار نہ تھے کہ مرنے کے بعد انہیں پھر زندہ کر دیا جائے گا۔ ان کے پراگندہ اجزا اور منتشر ذروں کو پھر جوڑ دیا جائے گا۔ یہ چیز ان کے نزدیک ناممکن بھی تھی اور خلافِ عقل بھی۔ اس لیے وہ برملا کہتے تھے کہ ہم آپ کی یہ بات ماننے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں۔ انہیں بتایا جا رہا ہے کہ بے شک یہ کام از حد دشوار اور از بس مشکل ہے۔ بکھرے ہوئے ذرے جنہیں ہوا کے جھونکے کہاں سے کہاں اڑا کر پھینک آئے، ان کو اکٹھا کرنا تمہارے بس کی بات نہیں، کیونکہ تمہارا علمِ ناتمام اور قدرت محدود ہے، لیکن اس ذات کے لیے اس میں ذرا بھی دشواری نہیں جس کا علم کائنات کے ذرّے ذرّے کو اور یہاں رُونما پذیر ہونے والی معمولی تبدیلیوں کو بھی جانتا ہے، جس نے ان کا مکمل ریکارڈ تیار کر رکھا ہے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی بے پایاں قدرت کو جاننا چاہتے ہو، تو عالم بالا کی بے پایاں اور وسیع پہنائیوں کو دیکھو اور اگر اس کی کمالِ حکمت کا اندازہ لگانا چاہتے ہو، تو اس وسیع و عریض اور پیچیدہ عالم میں جو بے نظیر نظم و ضبط اور ہم آہنگی پائی جاتی ہے، اس میں غور کرو! تمہیں یقین آ جائے گا کہ ایسی ہستی کے لیے انسان کو موت کی نیند سلانا اور پھر اس کو عرصۂ دراز کے بعد وقتِ مقررہ پر زندہ کر دینا قطعاً مشکل نہیں۔

جی چاہتا ہے کہ اختصار کے ساتھ عالمِ بالا کی بے کراں وسعتوں کا تذکرہ کر دوں تا کہ قدرتِ خداوندی کی عظمتوں کا قارئین کو کچھ تصور ہو جائے۔

جدید ماہرینِ فلکیات کی تحقیقات کے مطابق یہ نظامِ شمسی جس میں ہمارا کرۂ زمین بھی ہے، یہ ایک کہکشاں کا

1۔ روح المعانی، جز 26، ص 170

(GALAXY) حصہ ہے۔ اس ایک کہکشاں میں ایک لاکھ ملین (۱) ستارے موجود ہیں۔ اس کہکشاں کا قطر دس لاکھ نوری سال ہے، اس کی موٹائی دس ہزار نوری سال (۲) ہے۔ سورج کہکشاں کے مرکز سے پچیس یا تیس ہزار نوری سال دور ہے۔ سائنسدان تسلیم کرتے ہیں کہ کائنات کی وسعتوں کا اندازہ لگانا ان کے امکان سے خارج ہے۔ ابھی تک انہوں نے کائنات کے ایک حقیر سے حصہ کا مشاہدہ کیا ہے، لیکن یہ مختصر حصہ بھی اتنا ہے کہ اگر کوئی شخص روشنی کی رفتار (ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ) سے سفر کرے، تو اس کی سرحد تک پہنچنے کے لیے اسے چھ ہزار ملین سال درکار ہوں گے۔

یہ کہکشاں جس سے ہمارا تعلق ہے، نسبتاً چھوٹی ہے۔ اس کے علاوہ ہزاروں ملین چھوٹی بڑی کہکشائیں ہیں۔ اس چھوٹی سی وسعت کا اندازہ لگائیے کہ زمین سے چاند دو لاکھ چالیس ہزار میل دور ہے، سورج زمین سے ساڑھے نو کروڑ میل دور ہے۔ اس کا قطر آٹھ لاکھ پینسٹھ ہزار میل ہے اور وہ زمین سے بارہ لاکھ گنا بڑا ہے۔

آسمان اور زمین کی وسعتوں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ ۸ ۔ کاش! وہ امت جو حاملِ قرآن ہے، وہ نوجوان جو غلامیٔ مصطفےٰ کا دم بھرتے ہیں، وہ اہلِ علم طلبہ اور اساتذہ خوابِ خرگوش سے بیدار ہوں، تحقیق و تجسس کو اپنا شعار بنائیں، اسرارِ قدرت کی نقاب کشائی میں ہمتِ مردانہ کا ثبوت دیں، تو ملتِ اسلامیہ کا مقدر چمک اٹھے، ادبار و انحطاط کا چکر ختم ہو جائے۔

منکرینِ قیامت کو تنبیہ فرمائی کہ جس سرکشی اور ہٹ دھرمی کا تم مظاہرہ کر رہے ہو اس سے پہلے بھی چند قوموں نے یہی طریقہ اپنایا تھا، انجام کار وہ تباہ کر دی گئیں۔ کیا تم بھی اپنا یہی انجام دیکھنا چاہتے ہو؟

اس حقیقت کی وضاحت بھی کر دی کہ اللہ تعالیٰ بندوں سے دور نہیں، بلکہ ان کی شاہ رگ سے بھی وہ زیادہ ان کے قریب ہے۔ کسی کی کوئی حرکت نہ اللہ تعالیٰ سے مخفی ہے اور نہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے قابو سے باہر ہے۔ بایں ہمہ دو فرشتے دائیں بائیں تمہارے ساتھ مقرر کر دیے گئے ہیں جو تمہارے اقوال و اعمال کا ریکارڈ تیار کر رہے ہیں۔

سورت کے اختتام سے پہلے فرمایا: اے حبیب! آپ ان لوگوں کی یاوہ گوئیوں اور ہرزہ سرائیوں سے رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں، بلکہ صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں۔ صبح و شام ہر وقت میرا ذکر اور میری تسبیح کرتے رہیں۔ یقیناً کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

---

(۱) ملین: دس لاکھ کو ایک ملین کہتے ہیں۔

(۲) نوری سال سمجھنے کے لیے یہ خیال فرمائیے کہ روشنی ایک سیکنڈ میں ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل سفر طے کرتی ہے۔ اس کو ساٹھ سے ضرب دیجیے، پھر حاصلِ ضرب کو ساٹھ سے، پھر حاصلِ ضرب کو چوبیس سے۔ یہ حاصلِ ضرب ایک نوری دن ہوگا۔ پھر دنوں کے مہینے اور مہینوں کے سال بنا لیجیے۔ اس عرصہ میں جتنی مسافت طے ہوگی، اسے ایک نوری سال کہیں گے۔ ۱۸۶۰۰۰×۶۰×۶۰×۲۴=۵۹،۰۴،۰۰،۰۰۰ یعنی سولہ ارب سات کروڑ چار لاکھ میل (ایک دن میں)۔

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ قٓ مکی ہے اور اس کی پنتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

قٓ[1] وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝۱ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

قاف[1] قسم ہے قرآن مجید کی (کہ میرا رسول سچا ہے)[2] مگر یہ (نادان) حیران ہیں اس بات پر کہ آیا ہے ان کے پاس ڈرانے والا ان میں

[1] یہ حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اس سورت کا نام ہے(1)۔ علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ان اسمائے حسنیٰ کی کنجی ہے جن کی ابتدا میں ق ہے۔ مثلاً اَلْقَدِیْرُ، اَلْقَادِرُ، اَلْقَهَّارُ وغیرہ۔(2)

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: وَ الْحَقُّ اَنَّهٗ رَمْزٌ بَيْنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کہ حق یہ ہے کہ یہ اللہ اور اس کے رسولؐ کے درمیان ایک رمز ہے جسے بعض راسخین فی العلم بھی جانتے ہیں۔(3)

علامہ اسمٰعیل حقی لکھتے ہیں: قَالَ ابْنُ عَطَاءٍ اَقْسَمَ بِقُوَّةِ قَلْبِ حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ تَحْمِلُ الْخِطَابَ وَالْمُشَاهَدَةَ وَلَمْ يُؤَثِّرْ ذٰلِكَ فِيْهِ لِعُلُوِّ حَالِهٖ (روح البیان)(4)

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ مکرم کے دل کی قوت کی قسم کھائی ہے کہ عین حق کا مشاہدہ بھی کیا اور شرفِ تکلّم بھی حاصل ہوا لیکن کلیم کی طرح ایک تجلّی صفت سے غش کھا کر گر نہیں پڑے۔

بعض کتب میں لکھا ہے کہ ق سے مراد ایک پہاڑ (کوہِ قاف) ہے جو ساری زمین کو گھیرے ہے۔ وہ زبرجد کا بنا ہوا ہے۔ آسمان کی نیلاہٹ اسی زبرجد کا عکس ہے وغیرہ وغیرہ(5)۔ علامہ ابنِ کثیر لکھتے ہیں کہ یہ اسرائیلی خرافات ہیں جو مسلمانوں نے علمائے اہلِ کتاب سے سنیں اور بغیر تحقیق اپنی کتب میں لکھ دیں بلکہ ان میں سے بھی جو زندیق تھے انہوں نے ایسی روایتیں گھڑیں تاکہ لوگوں کو دینِ حق سے بدگمان کیا جائے۔

وَعِنْدِيْ اَنَّ هٰذَا وَ اَمْثَالَهٗ وَ اَشْبَاهَهٗ مِنَ اخْتِلَاقِ بَعْضِ زَنَادِقَتِهِمْ۔ اس ضمن میں حضرت ابنِ عباس سے جو اثر منقول ہے، اس کے بارے میں علامہ موصوف لکھتے ہیں۔ لَا يَصِحُّ سَنَدُهٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ کہ حضرت ابنِ عباس سے اس کی سند صحیح نہیں ہے۔ (ابنِ کثیر)(6)

صاحبِ روح المعانی نے بھی اس قول کی تردید کی ہے۔(7)

1۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص60
2۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز17، ص3
3۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص60
4۔ روح البیان، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص100
5۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز17، ص2۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص60
6۔ تفسیر ابن کثیر، زیرِ آیت ہذا، ج4، ص221
7۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز26، ص171

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۲ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ

سے تو کہنے لگے کفار کہ یہ تو بڑی عجیب و غریب بات ہے ۳ (وہ کہتے ہیں) کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے

ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝۳ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَ

(تو پھر زندہ کیے جائیں گے) یہ واپسی تو (عقل سے) بعید ہے ۴ ہم خوب جانتے ہیں جو زمین ان کے جسموں سے گھٹاتی ہے اور

عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝۴ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے ۵ بلکہ انہوں نے جھٹلایا (دینِ) حق کو جب وہ ان کے پاس آیا پس

۲ اللہ تعالیٰ قرآنِ مجید کی قسم اٹھا رہے ہیں کہ میرا محبوب میرا سچا رسول ہے۔ صاحبِ لسان العرب لکھتے ہیں کہ جب مجید قرآن کی صفت ہو تو اس کا معنی ہوتا ہے۔ اَلرَّفِيْعُ الْعَالِيْ: عالی شان، بلند مرتبہ (1)۔ علامہ راغب کہتے ہیں کہ قرآنِ کریم چونکہ مکارمِ دنیوی اور اُخروی کو شامل ہے اس لیے اسے مجید کہا گیا۔ فَوَصَفَهٗ بِذٰلِكَ لِكَثْرَةِ مَا يَتَضَمَّنُ مِنَ الْمَكَارِمِ الدُّنْيَوِيَّةِ وَالْاُخْرَوِيَّةِ (مفرداتِ راغب) (2)

۳ چاہیے تو یہ تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت پر وہ لوگ اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتے کہ اس نے ان کی طرف ایک راہبر بھیجا ہے اور مزید کرم یہ فرمایا ہے کہ وہ ان کا ہم قوم اور ہم وطن ہے اور وہ اس کی سیرت و کردار سے پوری طرح آگاہ ہیں لیکن یہ عجیب الٹی کھوپڑی کے لوگ ہیں۔ انہیں اگر اعتراض ہے تو اس پر کہ ان میں سے ایک آدمی کو منصبِ نبوت پر کیوں فائز کر دیا گیا؟ اگر کسی ہادی کو آنا ہی تھا تو کسی غیر ملک سے آتا، بلکہ نوعِ انسانی کے بجائے جن یا فرشتہ ہوتا تاکہ وہ اس کی عظمت کو پہچان سکتے اور اس پر ایمان لاتے۔

۴ کفار کہتے کہ پہلے تو یہ بات ہی بڑی حیرت انگیز ہے کہ ایک انسان نبی بن کر آنے کا دعویٰ کر رہا ہے لیکن اس سے بھی زیادہ عقل کو سراسیمہ کرنے والی بات یہ ہے جو وہ ہمیں بتا رہا ہے کہ مرنے کے بعد تمہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ یہ ایسی بات ہے جو بعید از امکان ہے۔ اسے عقل تسلیم کرنے کے لیے قطعاً تیار نہیں۔ ایسی اَنہونی اور ناقابلِ فہم باتیں کرنے والا نبوت کا مدعی ہو، بڑی حیرت انگیز بات ہے اور ہم جیسے دانشوروں سے وہ یہ توقع رکھے کہ ہم اس پر ایمان لائیں گے، یہ بات پہلی سے بھی زیادہ حیرت انگیز ہے۔

۵ وقوعِ قیامت پر انہیں اعتراض یہ تھا کہ جب مردہ کو زمین میں دفن کیا جاتا ہے تو زمین اس کے گوشت پوست اور ہڈیوں کو کھا جاتی ہے۔ پھر وہ مٹی غبار بن کر کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہے۔ ان منتشر ذروں کو یکجا کرنا ناممکن ہے۔ ان کے اس شبہ کا یوں رد کیا جا رہا ہے کہ زمین میت کے جس جس جزو کو کھاتی ہے اللہ تعالیٰ کو اس کا تفصیلی علم ہے۔ بلکہ اس کے پاس تو ایسی جامع کتاب ہے جس میں کائناتِ علوی و سفلی میں ہر لحظہ رُونما ہونے والی ساری تبدیلیوں کا ریکارڈ محفوظ ہے، تو وہ ذات جس کا علم ہر چیز کو اور اس میں رونما ہونے والے ہر تغیر کو محیط ہے اور جو علیٰ کل شئ قدیر کی صفت سے موصوف ہے۔ اس کے لیے تو مردوں کو از سرِ نو زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔

اس آیت کے ضمن میں علامہ قرطبی لکھتے ہیں: وَثَبَتَ اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ وَالْاَوْلِيَاءَ وَالشُّهَدَاءَ لَا تَاْكُلُ الْاَرْضُ اَجْسَادَهُمْ یعنی

1۔ لسان العرب، ج 3، ص 396 2۔ مفرداتِ راغب، 761

فِیْۤ اَمْرٍ مَّرِیْجٍ ۝۵ اَفَلَمْ یَنْظُرُوْۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَیْفَ بَنَیْنٰهَا وَ

(اس وجہ سے) وہ بڑی الجھن میں پھنس گئے ہیں ۶ کیا انہوں نے نہیں دیکھا آسمان کی طرف جو ان کے اوپر ہے ہم نے اسے کس طرح بنایا ہے

زَیَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝۶ وَ الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَ اَلْقَیْنَا فِیْهَا

اور اسے کیسے آراستہ کیا ہے اور اس میں کوئی شگاف نہیں ۷ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا اور جما دیے اس پر

یہ ایک مسلّمہ بات ہے کہ انبیاء، اولیاء اور شہداء کے جسموں کو زمین نہیں کھاتی۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ ان کے جسموں کو کھائے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ ہم نے اس مسئلہ کو اپنی کتاب ''التذکرہ'' میں بڑی وضاحت کے ساتھ لکھا ہے۔(1)

۶ وہ نبی مکرم کی بعثت پر حیرت اور آپ کی تعلیمات کو فقط بعید از قیاس کہنے پر اکتفا نہیں کر رہے بلکہ انہوں نے تو اس حق کو سراسر جھوٹ کا پلندہ کہنے کی رٹ لگا رکھی ہے۔ کہتے ہیں (معاذ اللہ) یہ جھوٹا ہے، اس کی لائی ہوئی کتاب جھوٹی ہے، اس کے پیش کیے ہوئے عقائد غلط ہیں۔ لیکن تکذیبِ حق کے بعد کیا ان کے دلوں کو قرار نصیب ہے؟ کیا ان کے ذہنوں نے ان کی اس بات کو درست تسلیم کر لیا ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں! اس تکذیب کی وجہ سے تو ان کا ذہنی سکون برباد ہو گیا ہے۔ ان کے دل مضطرب اور بے چین ہیں۔ انہیں کسی پہلو قرار نہیں۔ کسی ایک بات پر ان کے قدم نہیں جمتے۔ کبھی کہتے ہیں یہ جادوگر ہے، کبھی اسے شاعر کہتے ہیں، کبھی اسے دیوانہ بتاتے ہیں اور کبھی اس پر افترا باز ہونے کا الزام لگاتے ہیں۔ واقعی جو حق کا انکار کرتا ہے اس سے سکون و قرار چھین لیا جاتا ہے۔ عمر بھر قلق و اضطراب کی موجیں اسے تنکوں کی طرح اٹھا کر دائیں بائیں پھینکتی رہتی ہیں۔ آیت کے آخر میں مَرِیْجٍ کا لفظ غور طلب ہے۔ علامہ قرطبی اس کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَصْلُ الْمَرِیْجِ: الْاِضْطِرَابُ وَالْقَلَقُ(2)۔ یعنی مرج کا حقیقی معنیٰ اضطراب اور بے چینی ہے۔

۷ کفارِ مکہ مرنے کے بعد جی اُٹھنے کے منکر تھے اور اس انکار پر انہیں شدید اصرار تھا۔ ان چند آیات میں ان کے اس انکار کی بیخ کنی کی جا رہی ہے۔ مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا دعویٰ اگر کسی ایسی ہستی نے کیا ہوتا جو کمزور، بے بس اور ناتواں ہے تو اس دعویٰ کے انکار کا تمہیں حق پہنچتا تھا۔ لیکن یہ دعویٰ جس ہستی نے کیا ہے، بلندیاں اور پستیاں سب اس کے زیرِ فرمان ہیں۔ ذرا آنکھ اٹھا کر اوپر دیکھو! تمہیں کیا نظر آ رہا ہے؟ نیلگوں بے کراں آسمان ہے جس میں مہر و ماہ اور انگنت ستارے جگمگا رہے ہیں۔ انہیں بنے ہوئے لاکھوں سال گزر چکے ہیں۔ کیا ان میں بوسیدگی اور کہنگی کے کہیں کوئی آثار تمہیں نظر آ رہے ہیں؟ ان کے معمولات میں کبھی ایک لمحہ کا تقدم و تاخر ہوا ہے؟ جدید سائنسی آلات کے ذریعہ سے فضا میں جو نئے انکشافات ہوئے ہیں ان کے مطالعہ سے عالمِ بالا کی وسعتوں کا تصور کر کے ہی انسان اللہ تعالیٰ کی کبریائی کے سامنے تصویرِ حیرت بن کر رہ جاتا ہے۔

۸ ذرا اس کرۂ زمین کی طرف چشمِ ہوش سے دیکھو۔ یہ کتنا وسیع اور کشادہ ہے۔ قدرت والے نے کس طرح اس کو دور دور تک

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 4 2۔ ایضاً، جز 17، ص 5

رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ۝۷ تَبْصِرَةً وَذِكْرَىٰ

بڑے بڑے پہاڑ ۸ے اور اگا دی ہیں اس میں ہر قسم کی رونق افزا چیزیں۔ یہ (آثارِ قدرت) بصیرت افروز اور یاد دہانی ہیں

لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ ۝۸ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكًا فَأَنْبَتْنَا بِهِ

ہر اس بندے کے لیے جو اپنے رب کی طرف مائل ہے ۹ے اور ہم نے اتارا آسمان سے برکت والا پانی ۱۰ے پس ہم نے اگائے اس سے

جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ ۝۹ وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ ۝۱۰ رِزْقًا

باغات اور اناج جس کا کھیت کاٹا جاتا ہے۔ اور کھجور کے لمبے لمبے درخت جن کے گچھے (پھل سے) گندھے ہوتے ہیں۔ بندوں کی

لِلْعِبَادِ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا كَذَٰلِكَ الْخُرُوجُ ۝۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

روزی کے لیے اور ہم نے زندہ کر دیا اس پانی سے مُردہ شہر۔ یونہی (روزِ محشر ان کا) نکلنا ہوگا ۱۱ے (حق کو) جھٹلایا تھا ان (اہلِ مکہ)

پھیلا دیا ہے۔ کس شان سے اونچے اونچے پہاڑ یہاں نصب کر دیے ہیں۔ زمین کی مٹی میں روئیدگی کی بے پناہ قوت کس حکمت سے ودیعت کر دی ہے۔ ہر قسم کے درخت، پھل، پودے، پھول، اناج، جڑی بوٹیاں اپنی اپنی بہار دکھا رہی ہیں۔ اگر تم کائنات کی رنگینیوں پر نگاہ ڈالو تو تمہیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جس قادر و قیوم نے یہ جہان بنایا اور اسے بسایا ہے اس کی قدرت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اب تم ہی بتاؤ کہ اگر یہ قادر و قیوم مرنے کے بعد تمہیں زندہ کرنا چاہے تو کیا یہ بعید از قیاس ہے؟ کیا تم اسے عقل کے خلاف کہو گے؟ آیت کے چند الفاظ کی لغوی تحقیق ملاحظہ ہو۔ رَوَاسِيَ جمع ہے راس کی جس کا معنی ہے پہاڑ۔ زوج کا معنی یہاں جوڑا نہیں بلکہ نوع ہے۔ اَیْ مِنْ کُلِّ نَوْعٍ مِنَ النَّبَاتِ۔ بَهِيجٍ: تر و تازہ، شگفتہ، دلوں کو لبھانے والی۔(1)

۹ے کائنات کی ہر چیز پکار پکار کر اپنے خالق کی عظمت و کبریائی کی شہادت دے رہی ہے، لیکن یہ آواز فقط وہی لوگ سن سکتے ہیں جو آثارِ قدرت میں غور و تدبر کرنے کے خوگر ہوتے ہیں۔

۱۰ے اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ تم وقوعِ قیامت کو بعید از قیاس کہتے ہو حالانکہ اس کا مشاہدہ تم بار بار اپنی آنکھوں سے کرتے ہو۔ قحط سالی کے دوران میں گھاس، جڑی بوٹیاں، تناور درخت سوکھ جاتے ہیں۔ ان میں نباتاتی زندگی کا شائبہ تک باقی نہیں رہتا لیکن جب بادل گھر کر آتے ہیں اور بارش برساتے ہیں تو ہر سو سبزہ ہی سبزہ ہو جاتا ہے۔ روئیدگی کی خفتہ صلاحیتیں یک دم بیدار ہو جاتی ہیں۔ نئی نئی کونپلیں، تر و تازہ ٹہنیاں، ان پر مسکراتی ہوئی کلیاں اور مہکتے ہوئے پھول دل لبھانے لگتے ہیں۔ جس ذات نے مینہ برسا کر مردہ زمین سے شاداب سرسبز اور پُر بہار کھیت اگا دیے ہیں، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ تمہیں مارنے کے بعد دوبارہ زندہ کر دے۔

۱۱ے یہ فرما کر تمام شکوک و شبہات کا ازالہ فرما دیا۔ ان آیات میں جو مشکل الفاظ ہیں ان کی تشریح کئی بار پہلے گزر چکی ہے۔

1- تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، ج17، ص6

قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ

سے پہلے قوم نوح ، اہل رس اور ثمود نے ۔ اور (جھٹلایا تھا) عاد ، فرعون اور قوم

لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ

لوط نے ۔ نیز ایکہ کے باشندوں اور تبع کی قوم نے ۔ ان سب نے جھٹلایا تھا رسولوں کو پس پورا ہو گیا (ہمارا) عذاب

وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ

کا وعدہ ۱۲ تو کیا ہم تھک گئے ہیں پہلی مرتبہ مخلوق کو پیدا کر کے (ایسا نہیں) ۱۳ بلکہ یہ (کفار) از سر نو پیدا ہونے کے بارے میں شک

جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ

میں ہیں ۱۴ اور بلاشبہ ہم نے ہی انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم (خوب) جانتے ہیں اس کا نفس جو وسوسے ڈالتا ہے ۔

ع ۱ ۱۵ ۱۵

۱۲ ان آیات میں جن قوموں کا ذکر کیا جا رہا ہے ان کے تفصیلی حالات پہلے گزر چکے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی دے رہے ہیں کہ پہلے بھی انبیاء کو ان کی امتوں نے جھٹلایا تھا ۔ اس کے باوجود وہ اپنی رسالت کی ذمہ داریوں کو ادا کرتے رہے ۔ مشکل ترین حالات میں بھی صبر کا دامن کبھی نہیں چھوڑا ۔ اے میرے نبی ! آپ بھی ان کفار کی تکلیف سے پریشان نہ ہوں ۔ اپنا فرض ادا کرنے میں مصروف رہیں ۔

نیز کفار کو بھی ڈرایا جا رہا ہے کہ ان قوموں کا انجام تمہارے سامنے ہے ۔ تمہارے تجارتی قافلے اکثر ان علاقوں سے گزرتے ہیں ۔ کیا ان ویران کھنڈروں کو دیکھ کر تمہیں عبرت حاصل نہیں ہوتی ؟ تم نے یہ کبھی نہیں سوچا کہ یہ خوبصورت بستیاں کیوں اُجڑ گئیں ؟ ان عالی شان محلوں میں آج اُلو کیوں بول رہے ہیں ؟ ذرا غور کرو ! یہ ان لوگوں کے ٹھکانے ہیں جنہوں نے اپنے انبیاء کی تکذیب کی ۔ جب انہوں نے اپنی اپنی قوم کو قیامت کے روز جواب دہی کا خوف دلا کر فسق و فجور اور فتنہ و فساد سے باز آنے کی تلقین کی تو انہوں نے بھی قیامت کے تصور کو غلط اور محال قرار دیا اور ہر قسم کے محاسبہ سے بے خوف ہو کر گناہوں کی زندگی بسر کرتے رہے ۔ یہاں تک کہ عذابِ الٰہی نے ان کو نیست و نابود کر کے رکھ دیا ۔ اے اہلِ مکہ ! سوچ بچار کے لیے جو مہلت تمہیں دی گئی ہے اگر تم نے اسے ضائع کر دیا تو پھر ایسا عذاب آئے گا جو تمہیں پیس کر رکھ دے گا ۔ (1)

۱۳ اے اہلِ مکہ ! تم سمجھتے ہو کہ انگنت اور بے شمار انسانوں کو دوبارہ زندہ کرنا بڑا ہی مشکل کام ہے ۔ کیا ہم آسمان و زمین کا یہ وسیع و عریض اور پیچیدہ نظام پیدا کرنے کے بعد تھک گئے ہیں ؟ اب ہم میں یہ سکت نہیں رہی کہ تمہیں از سرِ نو زندہ کر سکیں ؟ تم بچوں کی طرح کیسی بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو ؟

۱۴ وقوعِ قیامت پر نا قابلِ تردید دلائل پیش کیے جا چکے ہیں ۔ کفار میں نہ تو یہ سکت ہے کہ وہ ان کی تردید کر سکیں نہ ان میں یہ

1 ۔ روح المعانی ، زیر آیت ہذا ، جز 26 ، ص 177

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ

اور ہم اس سے شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہیں ۱۵ جب (اس کے اعمال کو) لے لیتے ہیں دو لینے والے (ان میں سے) ایک

الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ

دائیں جانب اور (دوسرا) بائیں جانب بیٹھا ہوتا ہے ۱۶ وہ نہیں نکالتا اپنی زبان سے کوئی بات مگر اس کے پاس ایک نگہبان

جرأت ہے کہ حق کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیں اور قیامت پر ایمان لائیں۔ کیونکہ اس طرح ان کی ساری بساطِ عیش ونشاط الٹ کر رہ جائے گی اور گناہ ولذت کی جس زندگی کے وہ خوگر ہو چکے ہیں، اس سے دست کش ہونا پڑے گا اور اتنے بڑے انقلاب کے لیے وہ تیار نہیں۔ اس لیے بیچ میں لٹک کر رہ گئے ہیں۔ ''نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن'' والا معاملہ ہے۔

لَبْس: کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں: لَبِسَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ (1)۔ یہ کام اس پر ملتبس ہو گیا اور اس کے بارے میں آدمی شک وشبہ میں مبتلا ہو گیا۔

۱۵ ارشاد ہے کہ انسان کو ہم نے پیدا فرمایا ہے۔ اس کی خوبیاں اور کمزوریاں ہم پر عیاں ہیں۔ اس کا کوئی قول اور عمل ہم سے مخفی نہیں، حتیٰ کہ وہ وسوسے جو اس کے نہاں خانۂ دل میں پیدا ہوتے ہیں ہم ان کو بھی جانتے ہیں۔ ہم اس کی رگِ جاں سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔ وہ خود اپنے بعض احوال سے بے خبر ہو سکتا ہے۔ اس کے نفس کے کئی گوشے اس کی اپنی نگاہ سے اوجھل ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا علم اس کے ظاہر اور باطن کو محیط ہے۔ صد حیف! کہ اتنے قرب کے باوجود وہ ہم سے بے خبر ہے (2)۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

دوست نزدیک تر از من بمنست ویں عجب تر کہ من از وی دورم

چہ کنم باکہ تواں گفت کہ او درکنارِ من و من مہجورم (3)

یعنی ''دوست مجھ سے بھی زیادہ میرے نزدیک ہے۔ تعجب اس پر ہے کہ میں اس سے دور ہوں۔ میں کیا کروں اور کس سے یہ بات کہوں کہ محبوب تو میرے آغوش میں ہے اور میں ہجر کی سختیاں برداشت کر رہا ہوں۔''

علمائے ظاہر نے تو اس سے قربِ علمی مراد لیا ہے لیکن اولیائے کرام نے اس قرب کی حقیقت کو جس طرح بیان فرمایا ہے وہ انہی کا حصہ ہے۔

علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: يُدْرَكُ ذٰلِكَ الْقُرْبُ بِنُوْرِ الْفِرَاسَةِ لَا بِالْمَشَاعِرِ وَ الِاسْتِدْلَالِ (4)۔ یعنی نورِ فراست ہی سے اس قرب کا ادراک کیا جا سکتا ہے، حواسِ ظاہری اور قوتِ عقل اس کے ادراک سے عاجز ہیں۔

مزید تحقیق کے لیے اس مقام پر تفسیرِ مظہری کا مطالعہ فرمائیے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 8
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 67
3۔ گلستانِ سعدی، ص 79
4۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 68

رَقِيبٌ عَتِيدٌ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ

(لکھنے کے لیے) تیار ہوتا ہے ۱۷ اور آپہنچی موت کی بے ہوشی سچ مچ ۔ (اے نادان!) یہ ہے وہ جس سے

مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ

تو دُور بھاگا کرتا تھا ۱۸ اور صُور پھونکا جائے گا ۔ یہی وعید کا دن ہوگا ۱۹ اور حاضر ہوگا ہر

۱۶ اللہ تعالیٰ ہر انسان کے جمیع احوال سے خود بخوبی آگاہ ہے لیکن اس نے اپنی حکمت کے پیشِ نظر اس انسان کے لیے دو فرشتے بھی مقرر کر دیے ہیں۔ ان میں سے ایک اس کی دائیں جانب بیٹھا رہتا ہے اور دوسرا بائیں جانب۔ عبارت میں ذرا غور فرمایئے۔ عَنِ الْيَمِيْنِ اور عَنِ الشِّمَالِ جار مجرور ہیں اور قَعِيْدٌ کے ساتھ متعلق ہیں اور قَعِيْدٌ ، اَلْمُتَلَقِّيَانِ کا بدل ہے۔ اصل عبارت یوں تھی۔ عَنِ الْيَمِيْنِ قَعِيْدٌ وَّعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ لیکن آخری قعید پر اکتفا کیا گیا اور عَنِ الْيَمِيْنِ کے ساتھ قَعِيْدٌ کی صراحت کی ضرورت نہ رہی۔ (1)

۱۷ انسان جس وقت کوئی لفظ بولتا ہے، وہ دونوں فرشتے فوراً اسے لکھ لیتے ہیں۔ (2)

رَقِيْبٌ: نگہداشت کرنے والا۔ عَتِيْدٌ: اَلْحَاضِرُ الْمُهَيَّئُ (3)۔ یعنی جو ہر وقت حاضر اور مستعد ہو۔ اس آیت میں یہ بتا دیا گیا کہ انسان کی کوئی بات اور اس کی کوئی حرکت ایسی نہیں جس پر وہ فرشتے مطلع نہ ہوں۔ اس سے جس قسم کا فعل جس وقت صادر ہوتا ہے، وہ فرشتے اسے فوراً ریکارڈ کر لیتے ہیں۔ قیامت کے روز جب انسان پُرسش اعمال کے لیے بارگاہِ الٰہی میں پیش کیا جائے گا تو سب کچھ جاننے کے باوجود اللہ تعالیٰ ملائکہ کو حکم دیں گے کہ اس شخص کے دفاترِ عمل کو بطورِ دستاویزی ثبوت پیش کیا جائے۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی اختراع نے ثابت کر دیا کہ انسان کی آواز کو ہو بہو مقید کرنے کے لیے قدرت نے ہر جگہ ٹیپ لگا دیے ہیں اور اس کی حرکات وسکنات کو بعینہٖ محفوظ رکھنے کے لیے قدرتی ٹیلی ویژن کیمرے ہر جگہ نصب ہیں۔ جب بھی اللہ تعالیٰ چاہے گا انسان کو ہو بہو اس کی آواز اور بعینہٖ اس کی حرکات وسکنات کا مشاہدہ کرا دے گا اور اس میں انکار کی ہمت نہ ہوگی۔ یہاں تک تو علمِ انسانی کی رسائی ہو چکی ہے، لیکن فرشتے ہماری زندگی کے ڈراما کو جس خوبی اور دقّت سے محفوظ کر رہے ہیں اس کا اندازہ کرنا اس دنیا میں ہمارے لیے بہت مشکل ہے۔ البتہ سائنس کے ان انکشافات کے بعد عقلِ حیلہ جو کو اب انکار کی ہمت نہیں رہی۔

۱۸ موت کی سختی اور شدت کو سکرۃ الموت کہتے ہیں۔ یعنی جب انسان مرنے کے قریب ہوتا ہے، اس پر جان کنی کے آثار نمودار ہوتے ہیں تو اس وقت حقیقتِ حال عیاں ہو جاتی ہے۔ جو لوگ آج تک انکار اور نافرمانی کی روش پر گامزن رہے تھے وہ اپنی آنکھوں سے آنے والے جہان کا مشاہدہ کرنے لگتے ہیں اور دوزخ کے لپکتے ہوئے سرخ شعلے انہیں نظر آنے لگتے ہیں۔ اس وقت انہیں کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ عالمِ آخرت جس سے تم منہ موڑے رہے اور جس کو تسلیم کرنے سے تم گریز کرتے رہے۔ اب یہ حق اور سچ بن کر تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اس وقت کیا تم اس کا انکار کرنے کی جرأت کر سکتے ہو؟ حق سے مراد یہاں موت ہے۔ اَلْحَقُّ هُوَ الْمَوْتُ۔ حَادَ يَحِيْدُ حُيُوْدًا وَّحَيْدَةً وَّحَيْدُوْدَةً: مَالَ عَنْهُ وَعَدَلَ۔ (4)

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص69 2۔ المنجد، ص274 3۔ ایضاً، ص475 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز17، ص13-12

نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا

شخص اس طرح کہ اس کے ہمراہ ایک (اسے) ہانکنے والا اور ایک گواہ ہوگا ۲۰؎ تو (عمر بھر) غافل رہا اس دن سے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ

پس ہم نے اٹھا دیا ہے تیری آنکھوں سے تیرا پردہ سو تیری بینائی آج بڑی تیز ہے ۲۱؎ اور کہے گا اس کا (عمر بھر کا)

هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ

ساتھی یہ اعمالنامہ جو میرے پاس تھا بالکل تیار ہے ۲۲؎ جہنم میں جھونک دو ۲۳؎ ہر کافر سرکش کو۔ جو سختی سے روکنے والا تھا

۱۹؎ عرصۂ دراز عالم برزخ میں گزرے گا۔ پھر صور پھونکا جائے گا۔ اس کی آواز سے ہر شخص چونک کر اپنی قبر سے نکلے گا اور میدانِ حشر میں کھڑا کر دیا جائے گا۔ جو لوگ قیامت کا انکار کرتے رہے تھے انہیں کہا جائے گا: یہی وہ عذاب کا دن ہے جس سے ہمارے انبیاء تمہیں ڈرایا کرتے تھے اور تم بے پروائی سے ان کی بات سننے کے روادار بھی نہ تھے۔ اب بتاؤ قیامت برپا ہوئی ہے یا نہیں؟ خداوندِ عالم نے تمہیں قبروں سے زندہ نکال کر میدانِ حشر میں لا کھڑا کیا ہے یا نہیں؟ اس روز کون ہوگا جو اس جیتی جاگتی حقیقت کا انکار کر سکے؟

۲۰؎ ہر شخص کے لیے دو فرشتے مقرر کر دیے جائیں گے۔ ایک اس کو پیچھے سے ہانک کر بارگاہِ خداوندی میں پیش کرے گا، دوسرا اس کا دفترِ عمل لیے ساتھ ہوگا تاکہ اس کے اعمال کے بارے میں گواہی دے۔ یہ وہی دو فرشتے ہوں گے جو دنیوی زندگی میں اس کے ہم نشین رہے تھے اور اس کا دفترِ عمل مرتب کرنے پر متعین کیے گئے تھے۔ (1)

۲۱؎ اسے کہا جائے گا: کیوں صاحب! دنیوی زندگی میں تو تم غافل بنے رہے اب بتاؤ چودہ طبق روشن ہوئے ہیں یا نہیں؟ تمہاری آنکھوں پر جتنے پردے پڑے ہوئے تھے وہ آج اٹھ گئے ہیں، آج تو تمہاری بینائی بڑی تیز ہو گئی ہے، ہر حقیقت تمہیں صاف نظر آنے لگی ہے۔

۲۲؎ حضرات حسن، قتادہ اور ضحاک کے نزدیک قرین سے مراد وہی فرشتہ ہے جو عمر بھر اس کے ساتھ رہا۔ وہ بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے گا کہ یہ وہ شخص ہے جس کی نگہداشت میرے سپرد کی گئی تھی اور یہ ہے اس کا صحیفۂ عمل جو بڑی دیانت سے میں نے تیار کیا ہے۔ جو فیصلہ مناسب ہو، صادر فرمایا جائے۔ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَقُوْلُ هٰذَا الَّذِيْ وَكَّلْتَنِيْ بِهٖ مِنْ بَنِيْ آدَمَ قَدْ اَحْضَرْتُهٗ وَاَحْضَرْتُ دِيْوَانَ عَمَلِهٖ (قرطبی) (2)

بعض علماء کی رائے ہے کہ قرین سے مراد شیطان ہے جو عمر بھر اس پر مسلط رہا۔

اسی فرشتہ کو حکم ملے گا کہ اسے پکڑو اور جہنم رسید کر دو۔

۲۳؎ قرین واحد ہے تو یہاں اَلْقِ (صیغہ واحد امر حاضر) ہونا چاہیے تھا۔ اَلْقِيَا تثنیہ کا صیغہ کیوں ذکر کیا؟ اس کی متعدد وجوہات

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 14۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 70

2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 16

لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبِ ۙ﴿۲۵﴾ الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي

نیکی سے حد سے بڑھنے والا، شک کرنے والا تھا ۲۴ جس نے بنا رکھے تھے اللہ کے ساتھ کئی اور خدا پس جھونک دو اس (بدبخت) کو

الْعَذَابِ الشَّدِيدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَٰكِن كَانَ فِي

عذابِ شدید میں - اس کا ساتھی (شیطان) بولے گا اے ہمارے پروردگار! میں نے تو اسے سرکش نہیں بنایا تھا بلکہ وہ خود ہی

بیان کی گئی ہیں۔

خلیل اور اخفش کہتے ہیں کہ فصحائے عرب واحد کے لیے بھی بسا اوقات تثنیہ کا لفظ استعمال کر لیتے ہیں۔ جس طرح ایک دوست کے لیے خَلِيلِيَّ کی بجائے خَلِيلَيَّ (تثنیہ) عام مروّج ہے۔ امرؤالقیس اپنے ایک رفیق سفر کو مخاطب کر کے کہتا ہے۔

قِفَا نَبْكِ مِنْ ذِكْرَىٰ حَبِيبٍ وَّمَنْزِلِ

اے میرے دوست، ذرا ٹھہرو! تا کہ ہم اپنے محبوب اور اس کی منزل کو یاد کر کے کچھ آنسو بہائیں۔ (1)

قِفْ کی بجائے قِفَا تثنیہ کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اَلْقِيَا تثنیہ کا صیغہ نہیں بلکہ اصل میں امر بانونِ تاکید خفیفہ تھا (اَلْقِيَنْ) اب یہ نون بدل کر الف ہو گیا۔ ایک توجیہ یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ قرین سے مراد ایک نہیں بلکہ دو ساتھی ہیں جن کا ذکر ابھی ابھی گزرا ہے اور قرین کا لفظ واحد کی طرح تثنیہ اور جمع کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

۲۴ کَفَّار: سخت ناشکر گزار یا پرلے درجہ کا منکر۔ (2)

اَلْعَنِيْدُ: اَلْمُعْرِضُ عَنِ الْحَقِّ وَهُوَ يَعْرِفُهُ (3)۔ جو حق کو پہچانے اور اس کے بعد اسے مسترد کر دے۔ کفار و عنید کی مزید تشریح کی جا رہی ہے۔

مناع: مانع کا مبالغہ ہے۔ بکثرت روکنے والا اور سختی سے روکنے والا۔ خیر کا معنی اگر مال ہو تو مطلب یہ ہو گا بڑا کنجوس۔ خدا کے دیے ہوئے مال سے اس کی رضا کے لیے ایک ''حبہ'' تک خرچ نہیں کرتا۔ نہ کسی غریب پر اسے ترس آتا ہے اور نہ کسی فاقہ کش کے لیے اس کا دل پسیجتا ہے اور اگر خیر کا معنی نیک اور بھلے کام ہوں تو پھر مطلب یہ ہو گا کہ خود بھی نیک کام نہیں کرتا اور دوسروں کو بھی نیک کام کرنے سے سختی سے روکتا ہے اور بار بار روکتا ہے۔

مُعْتَد: حد سے تجاوز کرنے والا۔ یعنی اس نے کبھی حق و انصاف کے حدود کا لحاظ نہیں رکھا۔ بلکہ اس کی گفتگو، اس کے کردار اور اس کے احکام میں سرکشی اور سرتابی کی جھلک صاف نمایاں ہے۔

مُرِيب: جو خود کسی شک میں مبتلا ہو اس کو بھی مُریب کہتے ہیں اور جو شخص دوسروں کی متاعِ یقین کو غارت کرنے کے درپے ہو اور وسوسہ اندازی سے اس کے خرمنِ ایمان میں آگ لگانے کے لیے کوشاں رہے، اسے بھی مریب کہتے ہیں۔ یہاں یہ لفظ ان

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 16 2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 123 3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 17

ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ

گمراہی میں دُور تک چلا گیا تھا ۲۵ (اللہ) فرمائے گا مت جھگڑو میرے رُوبرُو میں تو پہلے ہی تم کو وعید سُنا

بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ ع ۲ ۱۴ ۱۶

چکا ہوں ۲۶ میرے ہاں حکم بدلا نہیں جاتا اور نہ میں اپنے بندوں پر ظلم کرتا ہوں۔ (یاد کرو) وہ

نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ

دن جب ہم جہنم سے پوچھیں گے کیا تو پُر ہو گئی وہ (جواباً) کہے گی کیا کچھ اور بھی ہے ۲۷ اور قریب کر دی جائے گی

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ

جنت پرہیزگاروں کے لیے وہ (ان سے) دُور نہیں ہوگی ۲۸ یہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا یہ ہر اُس شخص کے لیے ہے جو اللہ کی طرف رجوع

دونوں معنوں میں استعمال ہوسکتا ہے۔(1)

۲۵ جب فرشتے اس کا نامۂ اعمال پیش کریں گے تو وہ کہے گا: میرے رب! یہ سب کچھ ان فرشتوں کی کارستانی ہے۔ انہوں نے جو چاہا میرے سر مڑھ دیا۔ میں نے تو کبھی کوئی نازیبا حرکت نہیں کی۔ وہ فرشتہ جواب میں عرض کرے گا۔ اور اگر قرین سے مراد وہ شیطان ہو جو اس کو عمر بھر گناہوں پر اکساتا رہا تھا تو پھر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ شخص کہے گا: الٰہی! میرا کوئی قصور نہیں، سب گناہ اس خبیث کا ہے۔ اس نے مجھے راہِ راست پر کبھی چلنے نہیں دیا۔ میں نے اس سے چھٹکارا پانے کی بڑی کوشش کی لیکن اس بدمعاش نے میرا پیچھا نہ چھوڑا۔ اس لیے سزا مجھے نہیں اسے ملنی چاہیے۔ شیطان جواب دے گا کہ میں نے اس کو کبھی مجبور نہیں کیا تھا کہ یہ حق کو چھوڑ کر باطل کے ساتھ چمٹا رہے، ہر وقت نافرمانی پر کمر بستہ رہے۔ میں نے تو اسے فقط اشارہ کیا اور یہ دوڑتا چلا آیا اور گمراہی اختیار کرنے میں بڑا دور چلا گیا۔(2)

۲۶ ارشاد ہوگا بکواس بند کرو۔ تمہارے بارے میں کبھی کا فیصلہ ہو چکا۔ اب اس میں ردوبدل ممکن نہیں۔

۲۷ کُفّار و فساق کو جہنم سے خوفزدہ کرنے کے لیے بتایا جا رہا ہے کہ جہنم کوئی محدود اور تنگ سی جگہ نہیں کہ چند کروڑ نفوس سے بھر جائے گی اور اس میں تمہارے لیے کوئی گنجائش نہ ہوگی۔ بتا دیا کہ وہ اتنی کشادہ اور فراخ ہے کہ تم اس کا اندازہ ہی نہیں لگا سکتے۔ جب اس میں سارے جہنمی پھینک دیے جائیں گے، اس وقت اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کیا تو بھر گئی؟ تو وہ جواب میں عرض کرے گی: کچھ ہیں تو لائیے، میرے تو ابھی کئی گوشے خالی پڑے ہیں۔

بعض علماء کی رائے ہے کہ جہنم بھر جائے گی۔ جب اس سے دریافت کیا جائے گا کہ تو بھر گئی؟ تو وہ گھبرا کر کہے گی: الٰہی! ابھی اور مجرم باقی ہیں؟ میں تو کھچا کھچ بھر گئی ہوں۔ یہاں تو تل دھرنے کی جگہ بھی نہیں ہے۔(3)

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج9، ص24-123 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز17، ص17 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز26، ص187

۲۸ جہنمیوں کے ذکر کے بعد اب اپنے دوستوں کا تذکرہ فرمایا جارہا ہے۔ فرمایا کہ جن لوگوں نے ہم سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کی اور تمام عمر ہمارے احکام کی بجا آوری میں کوشاں رہے، قیامت کے دن ان کی عزت افزائی کا عجیب ہی منظر ہوگا۔ انہیں جب جنت میں داخل ہونے کا اذن ملے گا تو جنت تک کا طویل فاصلہ طے کرنے کی انہیں زحمت نہیں دی جائے گی بلکہ جنت ان کے قدموں میں حاضر کردی جائے گی۔ یہ نہیں فرمایا کہ انہیں جنت کے نزدیک کردیا جائے گا بلکہ فرمایا: جنت ان کے قریب کر دی جائے گی۔ اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اطاعت وانقیاد کی راہ پر گامزن رہنے والے جنت کے طالب نہیں کہ اس کے پیچھے بھاگے بھاگے پھریں بلکہ وہ مطلوب ہیں۔ جنت کی بہاریں سمٹ کران کے قدموں میں حاضر ہوجائیں گی۔

جس مادی دنیا میں ہم آج آباد ہیں اس میں زمان ومکان، قرب وبعد اور سرعت وتاخیر کے جو مفہوم ہمارے ذہن میں راسخ ہو چکے ہیں، قیامت کے دن یہ سارے تصورات بدل جائیں گے۔ وہاں ان سارے الفاظ کو نئے مفہوم بخشے جائیں گے۔ اس کا اندازہ اس دنیا میں رہتے ہوئے کرنا ہمارے لیے بہت مشکل ہے۔ وہاں زمین وآسمان سے بڑی وسعتیں چشمِ زدن مین طے ہو جائیں گی۔ آواز جتنی دور سے بھی آئے گی، یوں معلوم ہوگا بالکل نزدیک سے آرہی ہے۔ یوں سمجھ لیجیے کہ جو لوگ اس دنیا میں رہتے ہوئے خواہشاتِ نفسانی کے زنداں سے رستگاری حاصل کرلیتے ہیں اور ان کی روح ذکرِ الٰہی سے سرشار ہوجاتی ہے اور ان کی آنکھ نورِ خداوندی سے بینا ہوجاتی ہے تو ان کے لیے بھی زمان ومکان کی یہ قیود باقی نہیں رہتیں۔ وہ مدینہ طیبہ میں ہوتے ہوئے بھی نہاوند کے پہاڑوں میں لڑنے والے ساریہ کی رہنمائی کرسکتے ہیں۔

یہ نعمت جن کے لیے مخصوص کی گئی ہے ان کی دو صفتیں اَوَّابٌ اور حَفِیْظٌ بیان کی جارہی ہیں۔ اَوَّابٌ کہتے ہیں بکثرت رجوع کرنے والا۔ یعنی جب بھی اس سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو فوراً ندامت وخجالت سے پانی پانی ہوجاتا ہے اور آنسو بہاتے ہوئے توبہ کرتا ہے۔ جتنی بار اس کا قدم جادۂ حق سے پھسلے وہ فوراً توبہ کا دروازہ کھٹکھٹانے لگتا ہے۔ نہ تو سرکشی کی راہ اختیار کرکے وہ گناہ پر مصر رہتا ہے اور نہ مایوس ہوکر بیٹھ جاتا ہے کہ میں نے بار بار توبہ توڑی ہے اب میری توبہ کیسے قبول ہوگی؟ بلکہ جہاں اسے اپنی لغزش پر ندامت ہے وہاں اسے اپنے ربِ کریم کی رحمتِ بے پایاں پر بھی یقین ہے کہ جب بھی کوئی شرمسار ہوکر معافی مانگتا ہے تو اسے معافی دے دی جاتی ہے۔

شعبی اور مجاہد نے اَوَّابٌ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھا ہے: هُوَ الَّذِیْ یَذْکُرُ ذُنُوْبَهٗ فِی الْخَلْوَةِ فَیَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْهَا۔ یعنی جو شخص تنہائی میں اپنے گناہوں کو یاد کرے اور استغفار کرے۔

عبید ابن عمیر فرماتے ہیں کہ ہم اوّاب اور حفیظ اسے کہا کرتے تھے جو اپنی مجلس سے جب اٹھے تو یہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا اَصَبْتُ فِیْ مَجْلِسِیْ هٰذَا۔ الٰہی! اس نشست میں جو غلطی مجھ سے ہوئی ہے اس کے لیے میں مغفرت طلب کرتا ہوں۔

ابوبکر الوراق فرماتے ہیں: هُوَ الْمُتَوَکِّلُ عَلَی اللّٰهِ فِی السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ۔ اوّاب وہ ہے جو خوشحالی اور تکلیف دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے۔ قاسم کا قول ہے: هُوَ الَّذِیْ لَایَشْتَغِلُ اِلَّا بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔ جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے سوا کسی اور بات میں مشغول نہ ہو۔ (1)

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج17، ص20

حَفِيْظٍ ۚ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۙ﴿۳۳﴾

کرنے والا اپنی توبہ کی حفاظت کرنے والا ہے۔ جو ڈرتا تھا رحمٰن سے بن دیکھے ۲۹ اور ایسا دل لیے ہوئے آیا جو یادِ الٰہی کی طرف متوجہ تھا ۳۰

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

داخل ہو جاؤ جنت میں سلامتی سے۔ یہ ہمیشگی کا دن ہے ۳۱ انہیں ہر وہ چیز ملے گی جس کی وہ وہاں خواہش کریں گے اور ہمارے پاس تو

حفیظ کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت قتادہ فرماتے ہیں: حَفِيْظٌ لِّمَا اسْتَوْدَعَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ حَقِّهٖ وَ نِعْمَتِهٖ وَ اتَمَنَه عَلَيْهِ(1)۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی، اس کی گراں قدر نعمتوں کا شکر کرے اور جو قوتیں اور صلاحیتیں، جو وسائل و اختیارات اسے بطور امانت دیے گئے ہیں ان میں خیانت نہ کرے۔

بے شک یہی لوگ اس قابل ہیں کہ جنت ان کے قدموں میں حاضر کی جائے۔

۲۹ یہ جملہ یا تو اَوَّابٌ حَفِيْظٌ کا بدل ہے یا اس کی صفت ہے یعنی اوّاب کون ہے؟ بتایا وہ جو خداوندِ رحمٰن سے اس وقت بھی ڈرتا ہے جب اسے کوئی آنکھ دیکھ نہ رہی ہو۔ يَعْنِيْ فِي الْخَلْوَةِ حَيْثُ لَا يَرَاهُ اَحَدٌ۔(2)

یہاں رحمٰن کا اسمِ پاک ذکر کرنے میں خاص لطف ہے۔ یعنی وہ بندہ جانتا ہے کہ اس کا خدا رحمٰن ہے۔ اس کی رحمت کے سامنے اس کے بے شمار گناہوں کی بھی کوئی وقعت نہیں۔ لیکن اپنے رب کی رحمانیت پر یقینِ محکم کے باوجود وہ گناہ اور نافرمانی کی راہ پر قدم تک نہیں رکھتا۔ اسے حیا آتی ہے کہ وہ اپنے کریم مالک کی نافرمانی کرے۔ تنہائی میں بھی شیطان اسے بدی پر نہیں اکسا سکتا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر مغرور ہو کر سرکش نہیں بن جاتا۔ تَخْصِيْصُ الرَّحْمٰنِ لِلْاِشْعَارِ بِاَنَّهُمْ مَعَ عِلْمِهِمْ بِسَعَةِ رَحْمَتِهٖ لَا يَغْتَرُّوْنَ بِرَحْمَتِهٖ۔(3)

۳۰ یہ جملہ بھی اس کی صفت ہے کہ اس کے پہلو میں جو دل ہے وہ ہر وقت اپنے رب کی طرف مائل رہتا ہے۔ حوادثِ دہر اسے کتنا ہی پریشان کریں، مصائب و آلام کے پہاڑ اس پر کیوں نہ ٹوٹتے رہیں، اس کے دل کی کیفیت نہیں بدلتی۔ بندگی اور تسلیم و رضا کی جس لذت سے اسے نوازا گیا ہے ہمہ وقت وہ اسی سے سرشار رہتا ہے۔ مُنِيْبٌ: مُخْلِصٌ، مُقْبِلٌ عَلَى الطَّاعَةِ۔ یعنی جو اخلاص کے ساتھ اطاعت کی طرف متوجہ رہے۔

۳۱ اس روز ان خوش نصیبوں کو کہا جائے گا کہ جنت میں تشریف لے جایئے، وہاں تمہیں کسی قسم کا اندیشہ نہیں ہوگا۔ یعنی سَالِمِيْنَ مِنَ الْعَذَابِ وَالْهُمُوْمِ وَزَوَالِ النِّعْمَةِ۔(4)

سَلٰم کا دوسرا مفہوم یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب تم جنت میں قدم رکھو گے تو تمہاری پیشوائی کے لیے فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے جو تمہیں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ کے دعائیہ جملہ سے خوش آمدید کہیں گے، بلکہ خود ربِ قدوس بھی اپنے ان البیلے عشاق کو سلامت رہو، سلامت رہو کی دعا دے رہا ہوگا۔ یعنی اے اپنی آنکھوں کو جمالِ غیر سے اور اپنے دلوں کو خیالِ غیر سے محفوظ رکھنے والو! آؤ آج تمہیں اپنے محبوبِ حقیقی کے حریمِ ناز میں اذنِ باریابی بخشا جا رہا ہے۔ اس کے جلووں کو دیکھو اور خوب سیر ہو کر دیکھو اور ہمیشہ دیکھتے رہو(5)۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 20
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 73
3۔ ایضاً
4۔ ایضاً
5۔ روح المعانی زیر آیت ہذا، جز 26، ص 190

مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا

(ان کے لیے) اس سے بھی زیادہ ہے ۳۲ اور قریشِ مکہ سے پہلے ہم نے برباد کر دیا بہت سی قوموں کو جو شوکت و قوت میں ان سے کہیں زیادہ تھیں۔

فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى

پس وہ گھومتے رہے شہروں میں کیا عذابِ الٰہی سے انہیں کوئی پناہ گاہ ملی؟ ۳۳ بے شک اس میں نصیحت ہے اس

یہ صبحِ وصالِ ابدی ہے۔ اب ہجر کی رات نہیں آئے گی۔ اب ایسا نہیں ہوگا کہ تم پر یہ کیفیت طاری ہو۔

کھٹکا لگا ہے ہجر کا مجھ کو دمِ وصال خوفِ خزاں سے تلخ ہے عیشِ بہار بھی (1)

انہیں بتایا جا رہا ہے کہ اب ایسا نہیں ہوگا۔

۳۲ ابرِ رحمت کی رِم جھم ملاحظہ ہو۔ اپنی کرم نوازیوں کا ذکر جاری ہے جن سے وہ اپنے بندوں کو سرفراز فرمائے گا۔ یعنی میری بخشش قلیل اور محدود نہیں ہوگی کہ جو کچھ وہ چاہیں گے ہم انہیں اتنا ہی دیں گے، کیونکہ انکا دامنِ طلب بڑا وسیع کیوں نہ ہو، الطافِ خسروانہ کے سامنے وہ بھی تنگ ہے۔ ان کا ظرفِ دل بڑا ہی کشادہ کیوں نہ ہو، بحرِ کرم کے سامنے اس کی کیا حقیقت ہے؟ فرمایا: ہم صرف اتنا ہی نہیں دیں گے جتنا وہ مانگیں گے اور جتنا وہ چاہیں گے۔ وہ بھی دیں گے اور اس کے علاوہ ہمارے پاس ان کے لیے اور بھی بہت کچھ موجود ہے۔ اب اس لَدَيْنَا مَزِيْدٌ کا کیا کوئی اندازہ لگا سکتا ہے؟ حضرات انس و جابر سے مروی ہے اَلْمَزِيْدُ: اَلنَّظَرُ اِلٰى وَجْهِ اللّٰهِ بِلَا كَيْفٍ (2)۔ یعنی اس مزید سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات کا دیدار ہے۔ حضرت صدیق اکبرؓ سے مروی ہے: عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُنَادِيًا يُّنَادِي الصَّوْتَ يَسْمَعُهٗ اَوَّلُهُمْ وَاٰخِرُهُمْ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمُ الْحُسْنٰى وَ زِيَادَةً۔ اَلْحُسْنٰى: اَلْجَنَّةُ۔ وَ الزِّيَادَةُ: اَلنَّظَرُ اِلٰى وَجْهِ الرَّحْمٰنِ۔ (مظہری) (3) کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک منادی کرنے والا بھیجیں گے جو ندا دے گا جسے سب سنیں گے۔ اے جنتیو! اللہ نے تم سے الحسنیٰ اور زیادہ کا وعدہ فرمایا ہے۔ الحسنیٰ سے مراد جنت ہے اور الزیادہ سے مراد رحمٰن کے چہرے کی طرف نظر کرنا ہے۔

۳۳ اہلِ مکہ کو بتایا جا رہا ہے کہ تم سے پہلے کئی قومیں گزر چکی ہیں۔ انہوں نے اپنی قوت اور عسکری طاقت کے بل بوتے پر دوسرے ممالک پر لشکر کشی کی اور ان کو اپنا زیرِ نگیں بنایا۔ وہاں بھی ان کا ڈنکا بجتا تھا اور ان کا سکّہ رواں تھا۔ وہ اپنی سرزمین کے معاشی وسائل کے علاوہ مفتوحہ ممالک کے وسائلِ معیشت سے بھی بھرپور فائدہ اٹھایا کرتے تھے۔ ان کی آن بان اور ٹھاٹھ باٹھ دیکھنے والوں کو حیرت زدہ کر دیا کرتی تھی، لیکن یہ ساری قوتیں اور خوشحالیاں انہیں ہماری گرفت سے نہ بچا سکیں۔ اے اہلِ مکہ! تم کس برتے پر یہ نخرے کر رہے ہو؟ نَقَّبُوْا کی تحقیق کرتے ہوئے علامہ آلوسی لکھتے ہیں وَ فُسِّرَ التَّنْقِيْبُ فِي الْبِلَادِ بِالتَّصَرُّفِ فِيْهَا بِمُلْكِهَا وَ نَحْوِهَا (4)۔ یعنی کسی ملک کا مالک و بادشاہ بن کر اس میں ہر طرح کا تصرف کرنے کو عربی میں تنقیب فی البلاد

1۔ صاحبِ تفسیر کی طرف منسوب ہے
2۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 17، ص 21
3۔ تفسیر مظہری زیرِ آیت ہذا، ج 9، ص 74۔ کنز العمال، ج 2، ص 25، رقم الحدیث 2993
4۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 26، ص 191

لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

کے لیے جو دل (بینا) رکھتا ہو یا (کلامِ الٰہی کو) کان لگا کر سُنے متوجّہ ہو کر ۳۴ اور ہم نے پیدا فرمایا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں ۳۵ اور ہمیں تھکن نے چھُوا تک نہیں ۳۶

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ

پس آپ صبر فرمائیے ان کی (دل دُکھانے والی) باتوں پر اور پاکی بیان کیجیے اپنے رب کی حمد کے ساتھ طلوعِ آفتاب سے پہلے اور

کہتے ہیں۔ نَقَّبُوْا فِی الْبِلَادِ کا یہی معنی ہے۔ سیر و سیاحت کے لیے کسی ملک میں جانا، کاروبار اور تجارت کے لیے کسی ملک میں جگہ جگہ اقامت گزیں رہنا یہ بھی اس لفظ کا مدلول ہو سکتا ہے۔

دولت مند لوگ جب کسی بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں اور اپنے ملک کے معالجین کے علاج سے فائدہ نہیں ہوتا تو وہ موت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے دور دراز ممالک میں جاتے ہیں۔ سفر کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں، لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔ لیکن جب موت کا مقررہ وقت آتا ہے تو کوئی ڈاکٹر اور حکیم انہیں نہیں بچا سکتا۔

۳۴ لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ۔ قلب سے مراد دلِ بینا ہے۔ جو حقیقت کو دیکھتا اور سمجھتا ہے۔ جو دل دیکھنے سے محروم ہو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے اور اس کو دل کہنا بھی صحیح نہیں۔ (1)

اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ۔ یعنی جو وحی اسے سنائی جا رہی ہے اس کو وہ بڑے غور سے کان لگا کر سنتا ہے۔

زجاج کہتے ہیں کہ جب وہ سن رہا ہوتا ہے تو اس کا دل حاضر ہوتا ہے۔ قَالَ الزُّجَاجُ اَیْ وَقَلْبُهٗ حَاضِرٌ فِیْمَا یَسْمَعُ (2)۔ سفیان کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوتا کہ جب آیاتِ الٰہی کی تلاوت کی جا رہی ہو اس وقت اس کا جسم تو موجود ہو لیکن دل غائب ہو۔ (3)

۳۵ چھ دنوں سے مراد یہ ہمارے بارہ چودہ گھنٹے کے دن نہیں بلکہ اس سے چھ مختلف ادوار مراد ہیں۔ اس کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔

۳۶ اس میں یہود و نصاریٰ کے اس زعمِ باطل کی تردید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے چھ دن میں کائنات کی تخلیق کی اور ساتویں دن آرام کیا۔ گویا کائنات کی تخلیق سے اللہ تعالیٰ تھک گیا اور اسے آرام کی ضرورت محسوس ہوئی۔ موجودہ تورات میں ہے۔ ''خداوند نے چھ دن میں آسمان اور زمین، دریا اور سب کچھ جو ان میں ہے بنایا اور ساتویں دن آرام کیا''۔ (خروج ۲۰: ۱۱) (4) اسی باب میں دوسری جگہ ہے۔ ''چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور ساتویں دن آرام کیا اور تازہ دم ہوا'' (خروج ۳۱: ۱۷) (5) انجیل میں ہے۔ ''خدا نے اپنے سارے کاموں کو پورا کر کے ساتویں دن آرام کیا''۔ (عبرانیوں ۴: ۴) (6)

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 26، ص 191
2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 23
3۔ ایضاً
4۔ کتاب مقدس (پرانا عہد نامہ)، خروج، باب 20، آیت 11، ص 72
5۔ ایضاً، باب 31، آیت 17، ص 84
6۔ کتاب مقدس (نیا عہد نامہ)، عبرانیوں، باب 4، آیت 4، ص 214

قَبْلَ الْغُرُوْبِ ۚ﴿۳۹﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ

غروبِ آفتاب سے پہلے۔ اور رات کے وقت بھی اس کی پاکی بیان کیجیے اور نمازوں کے بعد بھی ۳۷ اور کان کھول کر سنو ۳۸ اس

يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ

دن کے بارے میں جب پکارنے والا قریب سے پکارے گا ۳۹ جس دن سنیں گے سب لوگ ایک گرجدار آواز بالیقین۔ وہی دن (قبروں سے)

يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ

نکلنے کا دن ہوگا۔ بے شک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری طرف ہی (سب نے) لوٹنا ہے۔ جس روز زمین پھٹ جائے گی ۴۰

۳۷ حضرت ابنِ عباس سے مروی ہے: اَلصَّلٰوۃُ قَبْلَ الطُّلُوْعِ الْفَجْرُ وَ قَبْلَ الْغُرُوْبِ الظُّهْرُ وَ الْعَصْرُ وَ مِنَ اللَّيْلِ الْعِشَاءَ اِنِ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ النَّوَافِلُ بَعْدَ الْفَرَائِضِ۔ یعنی طلوعِ آفتاب سے قبل نماز سے مراد فجر ہے اور غروب سے قبل مراد ظہر اور عصر ہے اور من اللیل سے مغرب اور عشاء۔ اَدْبَارَ السُّجُوْدِ سے وہ نوافل مراد ہیں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ (روح المعانی)(1)

ادبار السجود سے مراد وہ اذکار بھی ہیں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں اور جو احادیثِ صحیحہ میں بکثرت موجود ہیں۔ ان میں سے ایک حدیث ملاحظہ فرمائیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر نمازِ فرض کے بعد تینتیس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ تینتیس مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور تینتیس مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہے اور آخر میں کہتا ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی خطاؤں کو بخش دیتا ہے خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (رواہ الشیخان)(2)

۳۸ جو بات اب بتائی جانے والی ہے وہ بڑی اہم ہے اس لیے اس کے ذکر سے پہلے اِسْتَمِعْ کہہ کر سامع کو جھنجھوڑا کہ کان کھول کر سن لے، یوں ہونے والا ہے۔

۳۹ اس روز منادی کرنے والا منادی کرے گا اور ہر شخص یوں محسوس کرے گا کہ یہ آواز کہیں دور سے نہیں آ رہی بلکہ بالکل قریب سے آ رہی ہے۔

۴۰ قبروں سے ان کے نکلنے کا منظر بیان کیا جا رہا ہے کہ زمین اوپر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ قبروں سے نکلنا شروع ہو جائیں گے۔

سِرَاعاً جمع ہے سَرِیْعٌ کی اور یہ یُحْشَرُوْنَ مقدر میں ھُمْ ضمیر فاعل کا حال ہے۔ جَمْعُ سَرِیْعٍ حَالٌ مِنَ الضَّمِیْرِ الْمَرْفُوْعِ فِی الْفِعْلِ الْمُقَدَّرِ یَعْنِیْ یُحْشَرُوْنَ سِرَاعًا (مظہری)(3)

1۔ روح المعانی زیر آیت ہذا، ج26، ص193
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص77۔ صحیح بخاری، کتاب الاذان، باب الذکر بعد الصلوٰۃ، ج1، ص116-17
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص78

الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ

ان کے اوپر سے جلدی سے نکل پڑیں گے۔ یہی حشر ہے یہ ہمارے لیے بالکل آسان ہے ۴۱ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع ۳ ۱۶ ۱۷

اور آپ ان پر جبر کرنے والے نہیں ۴۲ پس آپ نصیحت کرتے رہیے اس قرآن سے ہر اس شخص کو جو میرے عذاب سے ڈرتا ہے ۴۳

۴۱ یہ ہے حشر کی کیفیت۔ یہ نہیں کہا کہ یہ آسان ہے بلکہ فرمایا یہ ہمارے لیے بالکل آسان ہے۔ کیونکہ ہمارا علم اور ہماری قدرت ہر چیز کو احاطہ میں لیے ہوئے ہیں۔

۴۲ سالہا سال سے اللہ کا محبوب انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کر رہا ہے۔ انہیں اللہ کی آیتیں پڑھ کر سنا رہا ہے لیکن ان کی ہٹ دھرمی میں دن بدن اضافہ ہی ہوتا جاتا ہے جس سے حضور کو بڑا دکھ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ تسلی دے رہے ہیں کہ اے حبیب! ہم ان کی کارستانیوں سے خوب واقف ہیں۔ ان کی باتوں کو خوب سن رہے ہیں۔ آپ رنجیدہ خاطر کیوں ہوتے ہیں؟ ہم نے آپ کو اس لیے تو نہیں بھیجا کہ سختی اور تشدد سے کام لے کر آپ ان کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کریں۔ ان کے بارے میں آپ جواب دہ نہیں۔

۴۳ اے میرے پیارے رسول! آپ قرآنِ کریم کی آیات سے ان کو یاددہانی کراتے رہیے۔ جو ہمارے عذاب سے لرزاں و ترساں رہتے ہیں وہی اس کو کان لگا کر سنیں گے، وہی اس کو سمجھیں گے اور انہیں خوش نصیبوں کو اس پر عمل کرنے کی توفیق نصیب ہوگی۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَ نَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ مَنْ تَبِعَهٗ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ۔

تعارف سُورۃ الذّاریات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اِس سورت کا نام الذاریات ہے جو اس کا پہلا کلمہ ہے۔ اس میں تین رکوع، ساٹھ آیتیں، تین سو ساٹھ کلمے، ایک ہزار دو سو انتالیس حروف ہیں۔

نزول: باتفاقِ علماء اس کا نزول مکہ مکرمہ میں ہوا۔ (1)

مضامین: عقیدۂ قیامت، اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ زندگی کا جو پروگرام اسلام پیش کرتا ہے، اس پر صحیح طور پر عمل اسی وقت ہوسکتا ہے، اس کے فیوض و برکات سے انسان اسی وقت مستفیض ہوسکتا ہے جب قیامت پر اس کا یقین محکم ہو۔ اس لیے متعدد چیزوں کی قسمیں کھا کر یہ بتایا گیا کہ قیامت کی آمد کا وعدہ سچا ہے اور وہ دن ضرور آئے گا جب نیک و بد کو جزا و سزا ملے گی۔ کفار جو قیامت کا انکار کرتے ہیں ان کے پاس اس انکار کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے، صرف قیاس آرائیاں ہیں۔ جن کی کوئی حقیقت نہیں اور وہ ان قیاس آرائیوں سے اس لیے مطمئن ہیں کہ وہ عیش و عشرت کے نشہ میں مدہوش ہیں۔ جب موت کا تلخ گھونٹ پئیں گے اس وقت خوفناک حقائق سے ان کی آنکھیں چار ہوں گی۔ مگر اس وقت بجز حسرت و ندامت کچھ حاصل نہ ہوگا۔

پھر بتایا اِن کے برعکس کچھ اور لوگ بھی ہیں جو ہر وقت اپنے ربِ کریم سے لرزاں ترساں رہتے ہیں۔ اس کے ہر ارشاد کی تعمیل کرتے ہیں۔ ان کی راتیں اس کے ذکر میں گزرتی ہیں اور سحری کے وقت اپنی کوتاہیوں اور غفلتوں پر مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں اور جو مال انہیں اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اس میں سے غریبوں اور محروموں کو دیتے رہتے ہیں۔

دوسرے رکوع میں متقیوں کے سرتاج اور مقبولین کے امام حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حالات بیان فرمائے اور پیرانہ سالی میں انہیں فرزندِ ارجمند کی ولادت کا مژدہ سنایا۔

اس کے بعد چند ایسی قوموں کا تذکرہ کیا جو فسق و فجور کی زندگی میں سرشار رہیں۔ اپنے نبیوں کی دعوت کو ٹھکراتی رہیں۔ اس سرکشی کی پاداش میں اُن کا جو انجام ہوا، وہ سب کے لیے باعثِ عبرت ہے۔

تیسرے رکوع میں اللہ تعالیٰ کی شان و عظمت بیان کرنے کے بعد بتایا کہ اسی کے دامنِ کرم میں پناہ لو۔ اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ پہلے بھی لوگوں نے اپنے انبیاء کو ساحر اور مجنوں کہا اور سرکش بنے رہے۔ اے محبوب! اگر یہ کفار آپ کے بارے میں ایسی نازیبا باتیں کرتے ہیں تو آپ ان سے رُخ موڑ لیں، اور نصیحت کرتے رہیں، اہلِ ایمان اس نصیحت سے نفع

1۔ روح المعانی، جز 27، ص 2

حاصل کریں گے، پھر جن وانس کی تخلیق کی غایت بتادی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور اس کے احکام کی پابندی کریں۔

اللہ تعالیٰ کو ان کی ضرورت نہیں۔ نہ وہ ان سے رزق مانگتا ہے نہ خوراک کا طلبگار ہے بلکہ ساری کائنات اُس کے دسترخوانِ کرم کی ریزہ چین ہے اور جو لوگ اس حقیقت کو نہیں سمجھتے ان کے لیے ہلاکت اور خرابی ہے۔

نیو ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا

۳۰۔۴۔۷۷

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الذاریات مکی ہے اس کی ساٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۙ﴿۳﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ

قسم ہے ان ہواؤں کی جو اُڑا کر بکھیرنے والیاں ہیں پھر ان بادلوں کی جو بارش کا بوجھ اٹھانے والے ہیں پھر کشتیوں کی جو آہستہ چلنے والیاں ہیں پھر فرشتوں کی جو حکم الٰہی سے [1]

[1] عرب کہتے ہیں ذَرَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: اَطَارَتْهُ وَفَرَّقَتْهُ (1)۔ ہوا نے مٹی کو اُڑایا اور اسے منتشر کر دیا۔ اسی سے الذاریات ہے۔ معنی ہوگا اُڑا کر بکھیر دینے والیاں۔ وِقْرٌ: بوجھ (2)۔ اَلْجَارِيَاتُ: چلنے والیاں۔ يُسْرًا: آہستہ آہستہ، نرم خیز۔ مُقَسِّمَاتٌ: تقسیم کرنے والیاں۔

اس سورت کی ابتدا بڑی پُرجلال ہے۔ پے در پے چار قسمیں کھائی گئی ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ وقوعِ قیامت کی اہمیت کفار کے ذہن نشین کی جائے اور اس کے بارے میں جو شکوک وشبہات ان کو پریشان کرتے رہتے ہیں ان کا قلع قمع کیا جائے۔ یعنی جس چیز کے وقوع پذیر ہونے کی خبر اللہ تعالیٰ دے رہا ہے اور قسم پر قسم کھا رہا ہے اس کے بارے میں تو کسی کو ادنیٰ سا تردد بھی نہیں ہونا چاہیے۔

ان آیات کی تفسیر حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول ہے۔ آپ کے ارشاد کے بعد کسی کا قول کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ امیر المومنین نے ایک روز برسرِ منبر یہ اعلان فرمایا کہ مجھ سے پوچھ لو جو پوچھنا چاہتے ہو۔ وَلَنْ تَسْئَلُوْا بَعْدِيْ مِثْلِيْ۔ پھر میرے جیسا بتانے والا تمہیں کوئی نہیں ملے گا۔ ابن الکوّاء نامی ایک شخص اٹھا۔ اس نے ان آیات کا مطلب دریافت کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: فَالذّٰرِيٰتُ: اَلرِّيَاحُ کہ ذاریات سے مراد ہوائیں ہیں جو چیزوں کو اڑاتی اور بکھیرتی رہتی ہیں۔ حَامِلَاتٌ سے مراد اَلسَّحَابُ یعنی بادل ہیں جو پانی کی عظیم مقدار بخارات کی صورت میں اٹھائے پھرتے ہیں۔ اَلْجَارِيَاتُ سے مراد اَلْفُلْكُ یعنی کشتیاں ہیں جو سینکڑوں آدمیوں اور ہزاروں من سامان کو اٹھائے آہستہ آہستہ سطحِ آب پر منزلِ مقصود کی طرف رواں دواں رہتی ہیں۔ اَلْمُقَسِّمَاتُ سے مراد اَلْمَلٰٓئِكَةُ یعنی وہ فرشتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے رزق اور نعمتوں کی تقسیم پر متعین ہیں۔ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے (3)۔ میں نے ترجمہ اسی کے مطابق کیا ہے۔

بعض علماء نے ان چاروں صفات کا موصوف ہواؤں کو بنایا ہے (4)۔ اس میں یکسانیت تو بے شک ہے، لیکن مقسم بہ کے تعدد سے کلام میں جو قوت اور جلال پیدا ہوتا ہے وہ محتاج بیان نہیں اور یہاں یہی مقصود ہے۔

1۔ المنجد، ص 235 2۔ ایضاً، ص 912 3۔ تفسیر کشاف مع حاشیہ، ج 4، ص 395 4۔ ایضاً

اَمۡرًا ۘ اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ۙ وَّاِنَّ الدِّيۡنَ لَوَاقِعٌ ۙ وَالسَّمَآءِ

بانٹنے والے ہیں۔ بے شک جو وعدہ تم سے کیا گیا ہے وہ سچا ہے ۲ اور یقیناً جزا و سزا کا دن ضرور آئے گا ۳ قسم ہے آسمان

ذَاتِ الۡحُبُكِ ۙ اِنَّكُمۡ لَفِىۡ قَوۡلٍ مُّخۡتَلِفٍ ۙ يُّؤۡفَكُ عَنۡهُ مَنۡ

کی جس میں راستے ہیں ۴ بے شک تم مختلف (بے ربط) باتوں میں پڑے ہو ۵ منہ پھیرے ہے اس (قرآن) سے جس کا منہ ازل سے

۲ تم سے جو وعدہ کیا گیا ہے کہ تمہیں دوبارہ زندہ کیا جائے گا، اس دنیوی زندگی کے بارے میں تم سے باز پُرس ہوگی اور تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق جزا یا سزا دی جائے گی۔ ہم بار بار قسم کھا کر تمہیں بتا رہے ہیں کہ یہ وعدہ سچا ہے۔ اس میں قطعاً کوئی شک نہیں۔

۳ اور بے شک جزا و سزا وقوع پذیر ہو کر رہے گی۔ قرآنِ کریم نے اس عقیدہ کو تسلیم کرنے پر اس لیے اتنا زور دیا ہے کہ وہ پاکیزہ انسانی معاشرہ جو اسلام قائم کرنا چاہتا ہے، اس کے بغیر ممکن نہیں۔ قانون کتنا سخت اور مکمل کیوں نہ ہو انسانی زندگی کے ایک محدود حصہ پر اپنی بالادستی قائم کر سکتا ہے۔ پھر اس قانون میں بھی تاویلات کے بے شمار امکانات ہیں۔ انسان کی جلوت و خلوت اسی وقت نفس اور شیطان کی دست درازیوں اور ہنگامہ آرائیوں سے محفوظ رہ سکتی ہے جب اسے یقین ہو کہ قیامت کے روز اسے اس ہستی کے سامنے جوابدہ ہونا ہے جو اس کے ظاہر و باطن سے پوری طرح آگاہ ہے اور جس سے اس کی کوئی بات مخفی نہیں۔

عقل کا تقاضا بھی یہ ہے کہ انسان، جسے عقل و فہم کی نعمت بخشی گئی ہے، جسے بے پناہ وسائل کا مالک بنا دیا گیا ہے، جسے اختیار و ترک کی پوری آزادی دی گئی ہے، اس سے اس کے تمام اعمال کے بارے میں باز پُرس کی جائے، ورنہ ایک حیوان اور انسان میں کوئی تفاوت باقی نہیں رہے گا۔

۴ حُبُك جمع ہے۔ اس کا واحد حِبَاك ہے (1)۔ اس لفظ کے متعدد معانی بیان کیے گئے ہیں: وہ کپڑا جس کو بننے والے نے بڑی نفاست اور خوبصورتی سے بنا ہو تو عرب کہتے ہیں حَبَكَ الثَّوْبَ يَحْبُكُهُ حَبْكًا۔

حُبُك: ان لہروں کو بھی کہتے ہیں جو ہوا کے چلنے سے ریت پر یا ساکن پانی میں پیدا ہوتی ہیں۔ حُبُك کا معنی طُرُق: راستے بھی ہے اور حُبُك کہکشاں کو بھی کہتے ہیں۔ نیز گھنگھریالے بالوں میں جو سلوٹیں ہوتی ہیں انہیں بھی حُبُك کہا جاتا ہے۔ (قرطبی) (2)

اکثر علماء نے اس سے مراد طَرَائِق یعنی راستے لیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آسمان کی قسم کھا رہے ہیں۔ وہ آسمان جس میں ستاروں کی مختلف قسم کی حرکات کے باعث انگنت راستے بنے ہوئے معلوم ہوتے ہیں جو مختلف اور متباین سمتوں میں جا رہے ہیں۔ کہکشاں کا معنی بھی انسب ہے۔ اس کے باعث آسمان کا حسن دوبالا ہوتا ہے (3) اور اس کے بارے میں جدید تحقیقات نے حیرت انگیز انکشافات کیے ہیں یعنی کہکشاں والے آسمان کی قسم۔

۵ اے کافرو! راستوں والے آسمان کی قسم! تمہاری کوئی رائے قطعی نہیں۔ تمہاری کوئی بات حتمی نہیں۔ حضور نبی اکرمؐ کے بارے میں رائے زنی کرتے ہو تو کبھی کہتے ہو یہ جادوگر ہے، کبھی اسے کاہن اور مجنون کہتے ہو اور کبھی اس پر شاعر ہونے کی تہمت

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص80 2۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز17، ص31-32 3۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز27، ص4

أُفِكَ ۝٩ قُتِلَ الْخَرّٰصُونَ ۝١٠ الَّذِينَ هُمْ فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ ۝١١

ہی پھیر دیا گیا ہے ۶ سٹیا ناس ہو اٹکل پچو باتیں بنانے والوں کا ۷ جو غفلت (کے نشہ) میں بے سُدھ پڑے ہیں ۸

لگاتے ہو۔ اسی طرح قرآنِ کریم کے بارے میں بھی تمہاری کوئی متفقہ رائے نہیں۔ کبھی اسے سحر کہتے ہو اور کبھی اسے شعر کہتے ہو اور تم میں سے جو زیادہ منہ پھٹ ہیں وہ اس پُر از حکمت کتاب کو اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ (جھوٹے افسانے) کہنے سے بھی نہیں شرماتے۔ قیامت کے بارے میں بھی تمہاری آرا کا تضاد حیرت انگیز ہے۔ تم میں اکثر تو اسے بعید از عقل کہتے ہیں۔ بعض تناسخ کے قائل ہیں۔ غرضیکہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم ہوش و فہم سے کام نہیں لیتے۔ دلائل و براہین سے کوئی نتیجہ اخذ نہیں کرتے، بلکہ محض ظن و تخمین کی وادیوں میں بھٹکتے پھر رہے ہو اور وہم و گمان پر اپنے مفروضات کی بنیاد رکھے ہوئے ہو۔

۶ علامہ قرطبی لکھتے ہیں: اَفَکَهٗ یَأْفِکُهٗ اِفْکًا ای قَلَبَهٗ وَصَرَفَهٗ عَنِ الشَّیْئِ (1)۔ کسی شے سے کسی کا رخ پھیر دینا۔

صاحبِ قاموس لکھتے ہیں: رَجُلٌ مَأْفُوْكٌ: مَصْرُوْفٌ عَنِ الْحَقِّ اِلَی الْبَاطِلِ (2) یعنی جو شخص حق سے منہ موڑ کر باطل کی طرف متوجہ ہو جائے اسے مَأْفُوْكٌ کہتے ہیں۔ آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص حق قبول کرنے سے منہ موڑ لیتا ہے اللہ تعالیٰ کی توفیق اس کی دستگیری نہیں کرتی اور اسے گمراہی کی ڈگر پر دوڑنے کے لیے آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے۔ حضرت حسن بصری کہتے ہیں: اَیْ یُصْرَفُ عَنِ الْاِیْمَانِ بِمُحَمَّدٍ وَّالْقُرْاٰنِ مِنْ صَرَفَ (3)۔ یعنی جو روگردانی کرتا ہے اسے اللہ کے نبی اور قرآن پر ایمان لانے سے روک دیا جاتا ہے۔

۷ قتل کا معنی جان سے مار دینا ہے لیکن یہاں بددعا کے لیے استعمال ہوا ہے۔ یعنی ان پر لعنت اور پھٹکار ہو (4)۔ خَرَصَ: بغیر تحقیق کے محض قیاس و گمان سے کوئی بات کہہ دینے کو عربی میں خَرَصَ کہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے کھجور کے درختوں اور انگور کی بیلوں پر لگے ہوئے پھل کے بارے میں صرف اندازہ سے جو مقدار بتایا کرتا ہے اسے خَرَّاصْ کہتے ہیں (5)۔ مقصد یہ ہے کہ کفار حضور نبی کریمؐ، قرآن مجید اور قیامت کے بارے میں جو بھانت بھانت کی بولیاں بول رہے ہیں یہ محض ان کی قیاس آرائیاں اور ٹامک ٹوئیاں ہیں۔ جو لوگ زندگی کی ان بنیادی حقیقتوں کے بارے میں محض قیاس آرائی پر اکتفا کرتے ہیں انہیں بڑی جاں گسل ناکامی اور روح فرسا مایوسی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ خود سوچو جس دن ان لوگوں کو حشر کے میدان میں لا کھڑا کیا جائے گا اور انہیں کہا جائے گا کہ اپنی دنیوی زندگی کا حساب پیش کرو، تم نے ہماری دی ہوئی قوتوں کو کیسے استعمال کیا؟ ہماری بخشی ہوئی دولت کو کس طرح خرچ کیا؟ ہمارے احکام کی کہاں تک تعمیل کی؟ اس وقت ان لوگوں پر جو گزرے گی اس کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اسی لیے قُتِلَ الْخَرَّاصُوْنَ کے رعب دار الفاظ سے ان کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنے کی سعی فرمائی گئی ہے۔

۸ علامہ راغب اصفہانی غَمْرَةٌ کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اَصْلُ الْغَمْرَةِ اِزَالَةُ اَثَرِ الشَّیْئِ وَ مِنْهُ قِیْلَ لِلْمَاءِ الْکَثِیْرِ الَّذِیْ یُزِیْلُ اَثَرَ سَیْلِهٖ غَمْرٌ وَّ غَامِرٌ۔ وَ الْغَمْرَةُ مُعْظَمُ الْمَاءِ السَّاتِرَةِ لِمَقَرِّهَا وَ جُعِلَ مَثَلًا لِلْجَهَالَةِ الَّتِیْ تَغْمُرُ صَاحِبَهَا (6)۔ یعنی غمر کا اصل معنی کسی چیز کے اثر و نشان کو مٹا دینا ہے۔ کثیر پانی کو بھی غمر کہتے ہیں کیونکہ یہ بھی اپنے بہنے کی جگہ کو چھپا دیتا ہے۔ کیونکہ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 33
2۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 150
3۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 33
4۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 27، ص 6
5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 34-33
6۔ مفرداتِ راغب، ص 614

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

وہ پوچھتے ہیں روزِ جزا کب آئے گا ۹ یہ اس دن ہوگا جب وہ آگ پر تپائے جائیں گے ۱۰

ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

اپنی سزا کا مزہ چکھو ۱۱ یہی ہے وہ جس کے لیے تم جلدی مچا رہے تھے۔ البتہ اللہ سے ڈرنے والے

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

(اس روز) باغات اور چشموں میں ہوں گے ۱۲ (بصد شکر) لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں بخشے گا ۱۳ بے شک یہ لوگ

قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

اس سے پہلے بھی نیکوکار تھے ۱۴ یہ لوگ رات کو بہت کم سویا کرتے تھے ۱۵

جہالت بھی جاہل کو بالکل ڈھانپ دیتی ہے اور لوگوں کی آنکھوں سے اسے اوجھل کر دیتی ہے اس لیے اسے بھی غَمْرَۃٌ کہا گیا ہے۔

۹ ان کا یہ سوال طلبِ علم کے لیے نہ تھا بلکہ بطورِ استہزاء تھا۔(1)

۱۰ اسی قسم کا ہی انہیں جواب بھی دیا گیا۔ عرب کہتے ہیں فَتَنْتُ الذَّهَبَ اَیْ اَحْرَقْتُهٗ لِتَخْتَبِرَهٗ(2)۔ یعنی جب تو سونے کو پرکھنے کے لیے آگ میں جلائے تو کہا جاتا ہے فَتَنْتُ الذَّهَبَ۔ آیت میں یُفْتَنُوْنَ اسی معنی میں مستعمل ہے یعنی جس روز انہیں آگ میں تپایا جائے گا۔

۱۱ انہیں کہا جائے گا کہ اپنے کرتوتوں کا عذاب چکھو۔

۱۲ اغیار کے ذکر کے بعد اب احباب کا ذکر ہو رہا ہے۔ ارشاد فرمایا: یہ جنت کے سدا بہار باغات میں لطف اندوز ہو رہے ہوں گے۔ ان کی شاداب ٹہنیوں پر رنگ برنگ پھول کھل رہے ہوں گے۔ ان کی شاخیں لذیذ، رسیلے اور خوبصورت پھلوں سے لدی ہوں گی۔ وہاں میٹھے اور ٹھنڈے پانی کے چشمے پھوٹ رہے ہوں گے اور اس ماحول کو مزید شگفتہ اور شاداب بنا رہے ہوں گے۔

۱۳ بڑا پر لطف جملہ ہے۔ مولا کریم اپنے دستِ کرم سے خود انہیں نعمتیں عطا فرما رہے ہوں گے اور یہ بصد شکر و ہزار مسرت انہیں وصول کر رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ دے رہا ہو اور بندہ لے رہا ہو اس میں جو مزہ اور لطف ہے اس کا اندازہ ہمارے لیے آسان نہیں۔

۱۴ ان نوازش ہائے بے پایاں کی حکمت بیان کی جا رہی ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی دنیوی زندگی میں نیکوکار تھے۔ ان کے دامنِ حیات پر نافرمانی کا کوئی داغ نہیں۔ جب وہ عبادت کرتے تھے اس وقت ان کی محویت کا یہ عالم ہوتا تھا کہ وہ دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جاتے اور اپنے محبوب کے حسنِ ازل کے مشاہدہ میں مستغرق ہو جاتے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 34 2۔ ایضاً

۱۵ ان کی دوسری خوبی یہ تھی کہ ان کی راتیں فسق و فجور کی نذر نہیں ہوجایا کرتی تھیں اور نہ یہ شام سے دن چڑھے تک غفلت کی چادر اوڑھے نیند میں مست پڑے رہتے تھے، بلکہ تھوڑی دیر ستانے کے بعد یہ اٹھ کھڑے ہوتے اور باقی رات ذکر و عبادت میں بسر کر دیتے۔ جب سحری کا وقت ہوجاتا تو یہ اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کے احساس سے مضطرب ہوجاتے اور بادیدۂ گریاں اپنی تقصیرات پر مغفرت طلب کرتے۔ کیونکہ وہاں دل شکستہ ہی رحمت کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔

درکوئے عشق شوکت شاہی نمی خرند اقرار بندگی کن و دعوئے چاکری(1)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے غلاموں کو سحری کے وقت اٹھ کر ذکرِ الٰہی میں مشغول رہنے کی بڑے دلنشیں انداز میں ترغیب دی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْزِلُ اللّٰہُ اِلَی السَّمَاءِ الدُّنْیَا کُلَّ لَیْلَۃٍ حِیْنَ یَبْقٰی ثُلُثُ اللَّیْلِ وَ یَقُوْلُ اَنَا الْمَلِکُ۔ مَنِ الَّذِیْ یَدْعُوْنِیْ فَاَسْتَجِیْبُ لَہٗ، مَنِ الَّذِیْ یَسْئَلُنِیْ فَاُعْطِیَہٗ، مَنِ الَّذِیْ یَسْتَغْفِرُنِیْ فَاَغْفِرُ لَہٗ۔(2)

یعنی جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نزولِ اجلال فرماتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ میں بادشاہ ہوں، کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے اور میں اس کی دعا قبول کروں۔ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے اور میں اس کا سوال پورا کروں۔ کون ہے جو مجھ سے مغفرت طلب کرے اور میں اس کے گناہ بخش دوں؟

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم بلا ناغہ تہجد ادا فرمایا کرتے اور اس کے بعد جو ذکر اور دعا حضور فرمایا کرتے وہ پیشِ خدمت ہے خدا کرے کوئی صاحبِ دل اس کو یاد کرلے اور اسے اپنا وظیفہ بنالے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَنْ فِیْھِنَّ وَ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَنْ فِیْھِنَّ وَ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَ وَعْدُکَ الْحَقُّ بِقَاءُکَ حَقٌّ وَّ قَوْلُکَ حَقٌّ وَّ النَّارُ حَقٌّ وَّ النَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَّ مُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّ السَّاعَۃُ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَ اِلَیْکَ اَنَبْتُ وَ بِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ اَنْتَ رَبُّنَا وَ اِلَیْکَ الْمَصِیْرُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَا اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ۔(3)

ترجمہ: اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے، کو قائم رکھنے والا ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ تو ہی آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے، کا بادشاہ ہے۔ ساری تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ تو حق ہے۔ تیرا وعدہ حق ہے۔ تیری بقاء حق ہے۔ تیرا فرمان حق ہے۔ آگ حق ہے۔ سارے نبی حق ہیں اور (تیرا محبوب) محمد (علیہ السلام) حق ہے اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے اپنا سر تیرے آگے خم کر دیا ہے۔ میں تجھ پر ایمان لے آیا ہوں۔ تجھ پر ہی میرا بھروسہ ہے۔ میں تیری طرف ہی دل سے مائل ہوں۔ میں تیری مدد سے ہی دشمن کا مقابلہ کرتا ہوں اور تجھے ہی اپنا

1۔ دیوان حافظ شیرازی، ص388، مطبوعہ شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص82
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص82۔ صحیح بخاری، کتاب التہجد، باب التہجد، ج1، ص151

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾

اور سحری کے وقت (اپنی خطاؤں کی) بخشش طلب کرتے تھے ۱۶ اور ان کے اموال میں حق تھا سائل کے لیے اور محروم کے لیے ۱۷

وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

اور زمین میں ہماری قدرت کی نشانیاں ہیں اہلِ یقین کے لیے ۱۸ اور تمہارے وجود میں بھی (نشانیاں ہیں) کیا تمہیں نظر نہیں آتیں ۱۹

حکم تسلیم کرتا ہوں۔ تو ہی سب کا رب ہے اور تیری طرف ہی ہم نے لوٹنا ہے۔

(اے اللہ!) میرے گزشتہ گناہ بھی بخش دے اور آئندہ گناہ بھی معاف کر دے۔ جو میں نے چھپ کر کیے ہیں اور جو میں نے اعلانیہ کیے ہیں اور میری وہ خطائیں بھی بخش دے جنہیں تو مجھ سے بہتر جانتا ہے۔ تو ہی سب سے پہلے ہے۔ تو ہی سب سے بعد بھی ہے۔ تیرے سوا کوئی خدا نہیں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

۱۶ سحری کا وقت کس قدر بابرکت ہے اور جو لوگ اللہ کی جناب میں اس وقت حاضر ہو کر دامنِ طلب پھیلاتے ہیں ان پر کیسی کیسی نوازشات کی جاتی ہیں اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہیں یہ توفیق نصیب ہوئی ہو۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں ؎

ہر گنج سعادت کہ خداداد بحافظ — از یمنِ دعائے شب و وردِ سحری بود (1)

اور حضرت علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کا ارشاد بھی سنیے!

عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو — کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی (2)

۱۷ ان کی تیسری خوبی یہ تھی کہ اگر کوئی سائل ان کے در پر آجاتا تو وہ اسے مایوس اور تہی دست واپس نہ کرتے۔ اگر انہیں پتہ چل جاتا کہ فلاں شخص کسبِ معاش سے معذور ہے، مرض یا قرض نے اس کی کارکردگی کی صلاحیت کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے یا محلہ میں فلاں بیوہ ہے جس کا کوئی پرسانِ حال نہیں یا کسی گھر میں کوئی یتیم بچہ ہے تو وہ خود وہاں دوڑے ہوئے جاتے اور حسبِ مقدور ان کی خدمت بجالاتے اور ایسا کرنا وہ اپنا فرض سمجھتے، نہ کسی پر احسان جتلاتے اور نہ کسی سے شکرگزاری کی تمنا کرتے۔

اکثر علماء کا یہی قول ہے کہ اس سے مراد زکوٰۃ نہیں بلکہ اس کے علاوہ ہے۔ (3)

۱۸ پہلے تو صرف یہ کہا گیا کہ اے کفار! ہم تمہیں یقین دلاتے ہیں کہ قیامت ضرور برپا ہوگی۔ اب ان کی توجہ تکوینی اور آفاقی دلائل کی طرف مبذول کرائی جا رہی ہے جو زبانِ حال سے شہادت دے رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان سچا ہے۔ فرمایا اس زمین، اس کی ساخت اور اس میں رونما ہونے والے عجیب و غریب تغیرات میں غور کرو، قدم قدم پر تمہیں ایسے آثار و نشانات ملیں گے جن کو اگر تم نے غور سے دیکھا تو حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

۱۹ انہیں کہا جا رہا ہے کہ اگر ان کی نظر اتنی رسا نہیں کہ وہ اپنے اردگرد پھیلی ہوئی کائنات کے حکیمانہ نظام کی باریکیوں اور

1۔ دیوانِ حافظ، ص 120
2۔ کلیاتِ اقبال (اردو)، ص 280، بالِ جبریل، ص 46
3۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز 27، ص 9۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، جز 17، ص 38

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ

اور آسمان میں ہے تمہارا رزق اور ہر وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے ۲۰ پس قسم ہے آسمان اور زمین کے رب کی یہ

لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ ع هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ

حق ہے ۲۱ (بعینہٖ اسی طرح) جس طرح تم باتیں کر رہے ہو۔ (اے حبیب!) کیا پہنچی ہے آپ کو خبر ۲۲ ابراہیم (علیہ السلام) کے معزز

الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ج

مہمانوں کی ۲۳ جب وہ آپ کے پاس آئے تو انہوں نے سلام عرض کیا۔ آپ نے فرمایا تم پر بھی سلام ہو (دل ہی دل میں سوچا) بالکل انجان لوگ ہیں ۲۴

نزاکتوں کو سمجھ سکیں تو وہ اپنی ذات میں ہی غور و فکر کریں کہ کس طرح ایک حقیر قطرہ سے اس کی آفرینش کا آغاز ہوتا ہے؟ کس طرح پے در پے نازک ترین تغیر کی منزلیں طے کرتا ہوا وہ بے جان قطرہ ایک زندہ انسان کی شکل میں نمودار ہوتا ہے؟ پھر وہ ننھا ناتواں بچہ کس طرح آہستہ آہستہ پروان چڑھتا ہے؟ یہاں تک کہ اس کی خوبیاں پرورش پا کر عروجِ کمال تک پہنچتی ہیں۔ حصولِ علم کے لیے جو ظاہری اور باطنی وسائل اسے بخشے گئے ہیں، عمل اور اختیار کی جس آزادی سے اسے نوازا گیا ہے، اس کی روح میں فرازِ عرش پر خیمہ زن ہونے کی جو صلاحیتیں ودیعت کی گئی ہیں اگر ان تمام امور میں غور کیا جائے اور ان حقائق کو چشمِ بصیرت سے دیکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ، حکمتِ بالغہ اور علمِ محیط پر یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ اور اس میں کوئی خلش باقی نہیں رہتی کہ ایسی ہستی اگر مُردوں کو دوبارہ زندہ کرنا چاہے تو قطعاً کوئی مشکل نہیں۔ (1)

۲۰ یہاں رزق سے مراد ہر وہ چیز ہے جس کی انسان کو اپنی بقاء اور اپنی ذہنی، جسمانی اور روحانی نشوونما کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ فرمایا: ہر قسم کی نعمتوں کے خزانے ہمارے پاس ہیں۔ ہم سے مانگو، ہم تمہاری جھولیاں بھر دیں گے۔

۲۱ پہلے مختلف چیزوں کی قسمیں کھائیں۔ اب اللہ تعالیٰ اپنی ذات والا صفات کی قسم اٹھا کر فرما رہے ہیں کہ یومِ جزا حق ہے، وہ ضرور آئے گا۔ اس روز تمہیں تمہارے اعمال کے مطابق بدلہ دیا جائے گا یا قرآن اللہ کی سچی کتاب ہے۔ اسے کسی انسان نے تصنیف نہیں کیا۔ اِنَّهٗ لَحَقٌّ میں ضمیر کا مرجع قرآن اور آخرت دونوں ہو سکتے ہیں۔ (2)

۲۲ یہاں سے قانونِ مکافات کی سچائی کو ثابت کرنے کے لیے تاریخی دلائل کا سلسلہ شروع ہو رہا ہے۔ اس رکوع میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ ان متعدد قوموں کا ذکر ہے جو راہِ راست سے بھٹک گئیں۔ ان کو ہدایت دینے کے لیے انبیائے کرام تشریف لائے۔ انہوں نے بڑی دلسوزی سے انہیں سمجھایا لیکن جب ان کی مخلصانہ کوششیں بھی بار آور نہ ہوئیں اور وہ لوگ گمراہی میں آگے ہی نکلتے چلے گئے تو انجامِ کار مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آیا اور انہیں نیست و نابود کر کے رکھ دیا گیا۔ رکوع کی ابتدا میں حضرت ابراہیم علیہ السلام، آپ کے معزز مہمانوں اور ایک فرزندِ ارجمند کی ولادت کی بشارت کا ذکر کیا گیا ہے اور پھر بات اصل مقصد کی طرف بڑھتی چلی گئی ہے۔

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 40 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 27، ص 10۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا

پس چپکے سے اپنے اہلِ خانہ کی طرف گئے اور ایک (بھنا ہوا) موٹا تازہ بچھڑا لے آئے ۲۵ لاکر ان کے قریب رکھ دیا فرمایا کھاتے کیوں

تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ

نہیں ۲۶ پس دل ہی دل میں ان سے خوف کرنے لگے۔ وہ بولے ڈریے نہیں ۲۷ اور انہوں نے بشارت دی آپ کو

عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ

ایک صاحبِ علم بیٹے کی۔ پس آئی آپ کی بیوی چیں بجبیں ہو کر ۲۸ اور (فرطِ حیرت سے) طمانچہ مارا اپنے چہرہ پر اور بولی (میں) بوڑھی (ہیں)

عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

بانجھ (کیا میرے ہاں بچہ ہوگا!) انہوں نے کہا ایسا ہی تیرے رب نے فرمایا ہے۔ بے شک وہی بڑا دانا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

یہ واقعہ دوسرے مقامات پر گزر چکا ہے۔ ملاحظہ ہو سورۂ ہود، ضیاء القرآن، سورۂ حجر، ضیاء القرآن اور دیگر مقامات پر۔

۲۳ آپ کے پاس آنے والے مہمانوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ گیارہ اور کم سے کم تین بتائی گئی ہے، لیکن ضُیُوْفٌ (جمع) کے بجائے ضَیْفٌ (واحد) کا لفظ استعمال کیا گیا ہے کیونکہ ضَیْف مصدر ہے اور مصدر ایک، دو یا زیادہ کے معنوں میں بھی بولا جاتا ہے۔(1)

۲۴ ان کی شکل وصورت دیکھ کر دل ہی دل میں کہا یہ لوگ غریب الدیار اور اجنبی معلوم ہوتے ہیں۔ اس علاقہ کے لوگوں سے ان کی وضع قطع بالکل مختلف نظر آرہی ہے۔ ۲۵ رَاغَ کا معنی ہے اِنْسَلَّ خُفْيَةً فِيْ سُرْعَةٍ۔(2) تیزی سے چپکے چپکے کھسک جانا۔ یعنی اپنے مہمانوں کو آرام سے بٹھایا، خود چپکے سے اٹھے اور ان کی ضیافت کے انتظام میں مصروف ہو گئے۔ جلدی جلدی ایک موٹا تازہ بچھڑا ذبح کیا، اس کو بھونا اور اٹھا کر ان کی خدمت میں پیش کر دیا۔

۲۶ کھانا دسترخوان پر چن دیا گیا ہے لیکن مہمان ہیں کہ کھانے کے لیے ہاتھ نہیں بڑھاتے۔ آپ نے فرمایا: آپ لوگ کھانا تناول نہیں کریں گے؟ قبائلی زندگی میں ایک دستور تھا کہ اگر مہمان ضیافت قبول کر لیتا تو سمجھا جاتا کہ اس کا آنا خیر سے ہوا ہے، لیکن اگر وہ کھانا تناول کرنے سے انکار کر دیتا تو سمجھ لیا جاتا کہ یہ کسی بری نیت سے یہاں آیا ہے۔ جب فرشتوں نے ہاتھ آگے نہ بڑھائے تو آپ کو ان سے ایک گونہ خدشہ سا محسوس ہونے لگا۔ حضرت ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب آپ نے دیکھا کہ وہ ہاتھ نہیں بڑھا رہے تو آپ سمجھ گئے کہ یہ انسان نہیں بلکہ فرشتے لباسِ بشری میں آئے ہیں اور ان کا اس طرح لباسِ بشری میں آنا خطرہ سے خالی نہیں۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَعَ فِيْ نَفْسِهٖ اَنَّهُمْ مَلَائِكَةٌ اُرْسِلُوْا لِلْعَذَابِ فَخَافَ۔(3)

۲۷ فرشتوں نے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ آپ ہراساں نہ ہوں۔ ہم تو آپ کو ایک فرزندِ ارجمند کی بشارت دینے حاضر ہوئے ہیں۔

۲۸ حضرت سارہ قریب ہی کہیں بیٹھی یہ گفتگو سن رہی تھیں۔ اس وقت آپ کی عمر نوّے سال اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر

1۔ تفسیر مظہری، زیرِ آیت ہذا، ج9، ص86 2۔ تفسیر ابن کثیر، زیرِ آیت ہذا، ج4، ص235 3۔ روح المعانی، زیرِ آیت ہذا، جز27، ص12

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ

آپ نے پوچھا تمہارے آنے کا کیا مقصد ہے اے فرشتو! ۲۹ وہ بولے ہم بھیجے گئے ہیں ایک قوم کی طرف جو

الجزء ۲۷

۱۰۰ سال سے متجاوز تھی(1)۔ انہوں نے جب یہ سنا کہ ایک بچہ کی ولادت کا مژدہ سنایا جارہا ہے تو اپنے جذباتِ تحیر کو ضبط نہ کر سکیں اور جہاں حضرت ابراہیم فرشتوں سے مصروفِ گفتگو تھے وہاں آ پہنچیں اور کہنے لگیں کہ آپ لوگ کیسی باتیں کررہے ہیں۔ میں بوڑھی اور بانجھ، میرے ہاں بچہ پیدا ہوگا، یہ کیونکر ممکن ہے؟ آیت میں دو لفظ تحقیق طلب ہیں۔ صَرَّۃ اور فَصَکَّتْ۔

علامہ ابنِ منظور نے صرۃ کی تحقیق کرتے ہوئے کئی صفحات لکھے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے۔ قَالَ الزُّجَاجُ اَلصَّرَّۃُ اَشَدُّ الصِّیَاحِ تَکُوْنُ فِی الطَّائِرِ وَالْاِنْسَانِ وَغَیْرِھِمَا(2)۔ یعنی زور سے چیخنے کو صرۃ کہتے ہیں خواہ وہ چیخ پرندہ کی ہو یا انسان کی۔ یعنی جب مائی صاحبہ نے بچہ کی ولادت کا مژدہ سنا تو ان کے تحیر کی کوئی حد نہ رہی۔ چیختی اور شور مچاتی وہاں آئیں۔ صرۃ کا دوسرا معنی ابنِ منظور نے جماعت لکھا ہے(3)۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم یہ ہوگا کہ جب آپ نے یہ بات سنی تو جو عورتیں اس وقت ان کی خدمت میں حاضر تھیں ان کو ساتھ لے کر آپ تشریف لے آئیں۔

آخر میں انہوں نے اس لفظ کا ایک اور معنی بھی لکھا ہے۔ چونکہ وہی مناسبِ حال ہے، اس لیے میں نے اسی کو پسند کیا ہے اور اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔ لکھتے ہیں: اَلصَّرَّۃُ تَقْطِیْبُ الْوَجْہِ مِنَ الْکَرَاھَۃِ(4)۔ اظہارِ ناپسندیدگی کے لیے چہرہ پر بل ڈالنا، چیں بجبیں ہونا۔ جب انسان از حد متحیر ہوتا ہے، اس کی پیشانی پر بل پڑ جانا اور اس کا چیں بہ جبیں ہونا ایک قدرتی امر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فَصَکَّتْ: عورتوں کی عام عادت ہوتی ہے کہ جب وہ حیرت زدہ ہوتی ہیں تو اپنے منہ پر طمانچہ دے مارتی ہیں(5)۔ شوہرِ محترم کی عمر سو سال اور اپنی عمر نوے سال، اس پر یہ بشارت کہ تم بچہ جنو گی، اس پر مائی صاحبہ جتنا بھی اظہارِ حیرت کرتیں بجا تھا۔

بعض نادان لوگ فَصَکَّتْ وَجْھَھَا کے لفظ سے ماتم کرنے اور پیٹنے کے جواز پر استدلال کرتے ہیں اور اسے حضرت سارہ کی سنت کہتے ہیں۔ وہ خود ہی فرمائیں کہ کیا انہیں حضرت امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے ایسی ہی حیرت اور مسرت ہوئی ہے جس طرح حضرت سارہ کو فرزند کی بشارت سے ہوئی تھی۔ اگر ایسا ہی ہے تو انہیں زور زور سے منہ پر طمانچے مارنے چاہئیں۔ خاندانِ نبوت کی پامالی پر وہ جتنا حیرت اور جس طرح مسرت کا اظہار کریں انہیں اس کا حق پہنچتا ہے، کیونکہ ان لوگوں نے امام پاک کو دھوکہ سے کوفہ بلایا اور پھر ابنِ زیاد کے ساتھ مل کر گلستانِ نبوت کو تاخت و تاراج کیا۔ اگر ایسے نامبارک منصوبے کی کامیابی پر وہ خوش نہ ہوں گے تو اور کون خوش ہوگا؟ لیکن وہ ایماندار جن کے دل سانحۂ کربلا سے ٹکڑے ٹکڑے ہیں، جن کی آنکھیں اس حادثۂ فاجعہ سے اشکبار رہتی ہیں وہ کس طرح خوشی کا اظہار کر سکتے ہیں؟

خوشی اور حیرت کے موقع پر کسی عورت کا اپنے منہ پر یوں طمانچہ لگانا اور ہے اور کسی کے غم میں اپنا منہ اور سینہ لہولہان کرنا اور ہے۔ اسلام جو صبر کا سبق دیتا ہے وہ ان مردانِ پاکباز کا ماتم کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتا جنہوں نے اپنے ربِ کریم کا نام بلند کرنے کے لیے اپنا سر کٹایا ہو، اپنا گھر لٹایا ہو اور اپنے بھائی اور بچے ذبح کرائے ہوں۔ اسلام تو ان کو مردہ تسلیم ہی نہیں

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص87 (ماخوذ)، تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز17، ص47
2۔ لسان العرب، ج4، ص450
3۔ ایضاً، ج4، ص451
4۔ ایضاً، ج4، ص455
5۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز17، ص47

مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۵﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ

جرائم پیشہ ہے ۳۰ تاکہ ہم برسائیں ان پر گارے کے بنے ہوئے پتھر (کھنگر) جن پر نشان لگے ہیں آپ کے رب

رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۶﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾

کی طرف سے حد سے بڑھنے والوں کے لیے۔ (نزولِ عذاب سے پہلے) ہم نے نکال لیا وہاں کے تمام ایمانداروں کو ۳۱

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً

پس نہ پایا ہم نے اس (ساری) بستی میں بجز ایک مسلم گھر کے۔ اور ہم نے باقی رہنے دی وہاں ایک

لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

نشانی ان لوگوں (کی عبرت پذیری) کے لیے جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں ۳۲ اور (داستانِ) موسیٰ میں بھی نشانی ہے جب ہم نے انہیں بھیجا

کرتا اور اپنے ماننے والوں کو بتاتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ ان کے بارے میں یہ گمان کرنا ہی سراسر غلط ہے کہ وہ مردہ ہیں۔

۲۹ اس گفتگو سے فارغ ہونے کے بعد ان سے ان کے آنے کا مقصد دریافت کرتے ہیں۔ فرشتوں کا بشری لباس میں آنا کوئی معمولی بات نہ تھی، اس لیے آپ نے پوچھا کون سی مہم درپیش ہے جس کو سر کرنے کے لیے آپ تشریف لائے؟ اَلْخَطْبُ کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ راغب لکھتے ہیں: اَلْخَطْبُ: اَلْاَمْرُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ يَكْثُرُ فِيْهِ التَّخَاطُبُ (مفردات) (1) یعنی وہ اہم کام جس کے بارے میں بکثرت تبادلۂ خیال کیا جاتا ہے۔ منجد میں ہے اَلْخَطْبُ: اَلشَّأْنُ، اَلْاَمْرُ، صَغُرَ اَوْ عَظُمَ۔ وَغَلَبَ اسْتِعْمَالُهٗ لِلْاَمْرِ الْعَظِيْمِ الْمَكْرُوْهِ (2)۔ یعنی ویسے تو الخطب ہر کام کو کہتے ہیں، بڑا ہو یا چھوٹا، لیکن اس کا غالب استعمال کسی اہم لیکن ناخوشگوار کام کے لیے ہوتا ہے۔

۳۰ فرشتوں نے بتایا کہ وہ قومِ لوط کو فنا کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں۔ سرکاری اسلحہ خانہ میں ان کے لیے ایسے پتھر تیار کیے گئے ہیں جن پر خاص نشان لگا دیے گئے ہیں اور ہر پتھر ایک مجرم کی سرکوبی کے لیے مختص کر دیا گیا ہے۔ ہمیں حکم ملا ہے کہ ان نشان زدہ پتھروں کی ان مجرموں پر موسلا دھار بارش کر دیں۔ مُسَوَّمَةً: جن پر نشان لگا دیا گیا ہو۔

۳۱ حضرت خلیل کے پوچھنے پر یا فرشتوں نے از خود یہ بتا دیا کہ آپ فکر نہ کریں حضرت لوطؑ اور ان کے اہلِ خانہ پر کوئی آنچ نہیں آئے گی۔ اس ساری بستی میں یہ ایک ہی خاندان ہے جس نے حق کا پرچم بلند رکھا، نہ باطل کو قبول کیا اور نہ اس سے مصالحت کی بلکہ اس کو نیچا دکھانے کے لیے مقدور بھر جدوجہد کرتا رہا۔ سو ہم نے ان کو وہاں سے نکالنے کا پوری طرح انتظام کر لیا ہے۔

آپ یہ جانتے ہیں کہ حضرت لوطؑ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سگے بھتیجے تھے۔

۳۲ بحرِ مردار (DEAD SEA) کا محلِ وقوع بتا رہا ہے کہ یہاں پہلے بڑے بڑے شہر آباد تھے جو بعد میں کسی زلزلہ کی وجہ سے زمین میں دھنس گئے۔ مولانا مودودی لکھتے ہیں: ۱۹۶۵ء میں آثارِ قدیمہ کی تلاش کرنے والی ایک امریکی جماعت کو اللسان

1۔ مفرداتِ راغب، ص: 286 2۔ المنجد، ص 186

فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾

فرعون کی طرف ایک روشن دلیل دے کر ۳۳ پس اس نے رُوگردانی کی اپنی قوت کے بَل بوتے پر اور کہنے لگا یہ شخص جادوگر ہے یا دیوانہ ۳۴

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ

تو ہم نے اس کو اس کے لشکر سمیت پکڑا اور انہیں سمندر میں پھینک دیا اور وہ قابلِ ملامت بن گیا ۳۵ اور (قصّہ) عاد میں بھی نشانِ عبرت ہے

(اس بحیرہ کا جنوبی حصہ) پر بہت بڑا قبرستان ملا ہے جس میں بیس ہزار سے زیادہ قبریں ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قریب میں کوئی بڑا شہر ضرور آباد ہوگا مگر کسی ایسے شہر کے آثار آس پاس کہیں موجود نہیں ہیں جس سے متصل اتنا بڑا قبرستان بن سکتا ہو۔ اس سے بھی یہ شبہ تقویت پاتا ہے کہ جس شہر کا یہ قبرستان تھا وہ بحیرہ میں غرق ہو چکا ہے۔ (تفہیم القرآن۔ سورۃ الذاریات) (1)

مزید وضاحت کے لیے ضیاء القرآن، سورۂ اعراف آیات ۸۰ تا ۸۴ کا مطالعہ کیجیے۔

۳۳ اب بتایا جا رہا ہے کہ اے اہلِ مکہ! جس طرح تمہارے پاس میرا رسولِ مکرم دلائل و براہین کی روشنی لے کر آیا ہے اسی طرح ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو سلطانِ مبین (روشن دلیل) دے کر فرعون کی طرف بھیجا تھا تا کہ اس کو قبولِ حق کی دعوت دے۔ لیکن فرعون نے اپنے لشکرِ جرار، اپنی بے پایاں طاقت اور اپنی ذاتی قوت کے بل بوتے پر ایک درویش صفت رسول کی سچی بات ماننے سے منہ پھیر لیا۔ پھر اس کا جو انجام ہوا وہ سب کو معلوم ہے۔

۳۴ تَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ کے الفاظ تحقیق طلب ہیں۔ رکن کا معنی ذاتی قوت بھی کیا گیا ہے۔ اور اس سے مراد اس کا لشکر، اس کی فرمانبردار رعایا بھی لی جا سکتی ہے۔ ''باء'' مصاحبت کی بھی ہو سکتی ہے اور تعدیہ کی بھی۔ مصاحبت کی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اس نے اپنے لشکر، اپنے اعوان و انصار اور اپنی قوم سمیت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کو سننے سے منہ پھیر لیا اور اگر ''باء'' تعدیہ کے لیے ہو تو اس سے مراد یہ ہوگی کہ اس نے اپنے لشکرِ جرار، اپنے اعوان و انصار یا اپنی ذاتی طاقت سے مغرور ہو کر موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابنِ عباسؓ اور قتادہؓ سے مروی ہے۔ بِرُكْنِهٖ: اَیْ بِقُوَّتِهٖ۔ یعنی اس نے اپنی ذاتی قوت کے بل بوتے پر آپ کی دعوت کو ٹھکرا دیا اور اس نے موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا یہ شخص یا تو جادوگر ہے یا اس کا دماغ چل گیا ہے۔ اسے یہ خبر بھی نہیں کہ وہ کس کے دربار میں کھڑا ہے اور کیا بات کر رہا ہے۔

۳۵ جب یہ واقعہ ہوا ہوگا تو آناً فاناً فرعون اور اس کے لشکرِ جرار کی غرقابی کی خبر اردگرد کے علاقوں میں پہنچ گئی ہوگی، لیکن اس عظیم سانحہ پر کوئی آنکھ نمناک نہ ہوئی۔ کسی نے بھی اظہارِ افسوس تک نہ کیا، بلکہ سب کی زبان پر ایک ہی بات تھی کہ ''خس کم جہاں پاک''۔ فرعون بڑا ظالم تھا اور اس کا یہی انجام ہونا تھا۔ وَهُوَ مُلِيْمٌ میں اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ مرنے کے بعد بھی اس کو لوگ ملامت کرتے رہے اور برا بھلا کہتے رہے۔ مُلِيْمٌ کی تحقیق کرتے ہوئے صاحبِ لسان العرب لکھتے ہیں: اَلَامَ الرَّجُلُ فَهُوَ مُلِيْمٌ: اِذَا اَتٰى ذَنْبًا يُلَامُ عَلَيْهِ (2)۔ جب کوئی شخص ایسے گناہ کا ارتکاب کرے جو قابلِ ملامت ہو تو اس شخص کو ملیم کہتے ہیں۔

1۔ تفہیم القرآن، زیرِ آیت ہذا، ج 5، ص 148 2۔ لسان العرب، ج 12، ص 557

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ

جب ہم نے ان پر آندھی بھیجی جو خیر و برکت سے خالی تھی ۳۶ نہیں چھوڑتی تھی کسی چیز کو جس پر گزرتی

اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾

مگر اس کو ریزہ ریزہ کر دیتی۔ اور (واقعۂ) ثمود میں بھی نشانی ہے جب انہیں کہہ دیا گیا کہ لطف اٹھالو ایک وقت تک ۳۷

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا

پس انہوں نے سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے تو پکڑ لیا انہیں ایک خوفناک کڑک نے دراں حال کہ وہ دیکھ رہے تھے۔ پھر ان

اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ

میں نہ اُٹھنے کی طاقت رہی ۳۸ اور نہ وہ (ہم سے) انتقام لے سکے ۳۹ اور قوم نوح کا اس سے

سیبویہ کہتے ہیں اَلاَمْ: صَارَ ذَا لَائِمَةٍ۔

۳۶ قومِ عاد کا انجام بھی بڑا عبرتناک ہوا۔ ان کی سرکشی کی جب حد ہوگئی، ان کو راہ راست پر لانے کی ساری پیغمبرانہ مساعی ناکام ہوگئیں تو ان پر ایسی ہوا کا جھکڑ مسلط کر دیا گیا جو عقیم تھی۔ عقیم بانجھ عورت کو کہتے ہیں۔ اس سے مراد وہ ہوا ہے جو خیر و برکت سے یکسر عاری ہو۔ نہ بادلوں کو اڑا کر لائے، نہ درختوں کو بارآور کرے، نہ اس میں رحمت کا کوئی شائبہ ہو۔ وَهِيَ الَّتِيْ لَاتُلَقِّحُ سَحَابًا وَّلَا شَجَرًا وَّلَا رَحْمَةً فِيْهَا وَلَا بَرَكَةً وَلَا مَنْفِعَةً (قرطبی)(1) دوسرے مقامات پر تصریح کی گئی ہے کہ یہ جھکڑ آٹھ دن اور سات رات تک مسلسل چلتا رہا اور جو چیز بھی اس کی زد میں آئی اس کو ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیا۔

۳۷ قومِ ثمود نے جب نافرمانی اور سرکشی کی انتہا کر دی اور اس اونٹنی کی کونچیں بھی کاٹ ڈالیں جو بطورِ معجزہ ظاہر کی گئی تھی تو انہیں بتا دیا گیا کہ تمہاری بربادی میں صرف تین دن کی مہلت رہ گئی ہے۔ جی بھر کر دادِ عیش دے لو اور خرمستیاں کر لو، لیکن انہیں پھر بھی ہوش نہ آیا۔ تین روز بعد ایک ایسی کڑک دار آواز پیدا ہوئی کہ مارے دہشت کے ان کے کلیجے پھٹ گئے اور ان میں اتنی سکت بھی نہ رہی کہ وہ بیٹھے ہوئے اٹھ سکیں۔

۳۸ مِنْ قِيَامٍ کا ایک مفہوم یہ بھی بیان کی گیا ہے کہ وہ عذابِ الٰہی کو برداشت نہ کر سکے۔ اَیْ مَا اَطَاقُوْا اَنْ يَّسْتَقِلُّوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ وَاَنْ يَّتَحَمَّلُوْهُ وَيَقُوْمُوْا بِهٖ۔(2)

۳۹ اس کے دو معنے ہیں۔ اِنْتَصَرَ مِنْ عَدُوِّهٖ اَيِ انْتَقَمَ، وَانْتَصَرَ عَلٰى خَصْمِهٖ اسْتَظْهَرَ(3)۔ پہلی صورت میں معنی یہ ہوگا کہ ہم نے ان پر اپنا عذاب مسلط کیا۔ وہ لوگ جنہیں اپنی طاقت کا بڑا گھمنڈ تھا ان میں سکت نہ رہی کہ وہ ہم سے انتقام لے سکیں اور

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج17، ص50 2۔ ایضاً 3۔ المنجد، ص812

قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا ع ۲ ۲۳ ۱

پہلے (یہی حشر ہوا) بے شک وہ لوگ بھی (پرلے درجے کے) نافرمان تھے ۴۰ اور ہم نے آسمان کو (قدرت کے) ہاتھوں سے بنایا ۴۱ اور ہم نے

لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ

ہی اس کو وسیع کر دیا ۴۲ اور زمین کا ہم نے فرش بچھایا پس ہم کتنے اچھے (فرش) بچھانے والے ہیں ۴۳ اور ہم نے ہر چیز کے

دوسری صورت میں معنی یہ ہوگا کہ وہ ہم پر غالب نہ ہو سکے اور اپنی قوت سے ہمارے بھیجے ہوئے عذاب کو ٹال نہ سکے۔

۴۰ نوح علیہ السلام کی قوم کی داستان بھی بڑی بصیرت افروز ہے۔ انہوں نے بھی فسق و فجور کو اپنا شعار بنا لیا تھا چنانچہ پانی کا طوفان آیا اور انہیں تنکوں کی طرح بہا لے گیا۔

۴۱ اس کا عطف قومِ نوح پر ہے۔ یعنی پہلے ہم نے تمہیں اپنی قدرت کے تاریخی دلائل سنائے ہیں۔ اب ذرا آفاقی دلائل سماعت فرمایئے۔ پہلے بتایا آسمان کو اس کی وسعت اور فراخی کے ساتھ ہم نے خود بنایا۔ نہ تو اس کے بنانے میں کوئی شریک ہے اور نہ اس کے بنانے میں ہمیں کسی سے کوئی مشورہ یا کوئی امداد لینے کی ضرورت پڑی۔ ہم نے خود محض اپنی قدرت اور اپنی حکمت سے اس کی تخلیق کی ہے۔ بِاَیْدٍ: اَیْ بِقُوَّةٍ۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔ (بحر)(1)

۴۲ مُوْسِعُوْن، اَوْسَعَ سے ہے۔ یہ متعدی اور لازم دونوں طرح سے استعمال ہوتا ہے۔ متعدی ہونے کی صورت میں اس جملہ کا یہ مفہوم ہوگا کہ ہم نے اسے بڑا وسیع اور کشادہ بنایا ہے۔ یہاں تک کہ زمین کا یہ طویل و عریض کرہ اس کے سامنے ایسا ہے جیسا دائرہ کے وسط میں ایک نقطہ اور لازمی ہونے کی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ہم بڑی وسعت اور غناء کے مالک ہیں۔ ہماری قدرت بے کراں ہے۔ علامہ ابنِ منظور لکھتے ہیں: اَوْسَعَهٗ وَ وَسَّعَهٗ: صَيَّرَهٗ وَاسِعًا وَّ قِيْلَ اَوْسَعَ الرَّجُلُ صَارَ ذَا سَعَةٍ وَّ غِنًى وَّ قَوْلُهٗ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اَیْ اَغْنِيَاءُ قَادِرُوْنَ۔ (لسان العرب)(2) ابھی آپ نے سورۂ ق کا تعارف پڑھا ہوگا۔ اس کے مطالعہ سے آپ کو آسمان کی بے اندازہ وسعتوں کا اندازہ ہو گیا ہوگا۔

اب وقوعِ قیامت کا انکار کرنے والے سوچیں اور انصاف سے بتائیں کہ ایسے قدرت والے پر مُردوں کو زندہ کرنا کیا کوئی مشکل امر ہے؟

۴۳ یہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے کہ زمین جس پر تم آباد ہو اسے کس نے ایک آرام دہ فرش کی طرح بچھا دیا ہے اور اس میں تمہارے رزق اور ضرورت کے تمام اسباب مہیا کر دیے ہیں۔ فَنِعْمَ سے یہ بتایا کہ ہم نے صرف اسے بچھایا ہی نہیں بلکہ اس کو تمہارے لیے آرام دہ بنا دیا ہے۔ اس بچھانے میں جو خوبی اور حکمت ہے، چشمِ بینا اسے دیکھ کر دنگ رہ جاتی ہے۔ زرخیز، ہموار اور وسیع میدان ہیں۔ مناسب مقامات پر دریا بہہ رہے ہیں۔ جگہ جگہ پہاڑ نصب کر دیے گئے ہیں۔ زمین کی تہہ میں نیچے میٹھے اور

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 142 2۔ لسان العرب، ج 8، ص 392

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ

جوڑے بنائے ۴۴ تاکہ تم غور و فکر کرو۔ پس دوڑو اللہ کی طرف (اور اس کی پناہ لے لو) ۴۵ بے شک میں تمہیں اس

مُبِينٌ ﴿۵۰﴾ وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۖ إِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿۵۱﴾

(کے غضب) سے کھلا ڈرانے والا ہوں ۴۶ اور نہ بناؤ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ۴۷ بے شک میں تمہیں اس (کے غضب) سے کھلا ڈرانے والا ہوں۔

ٹھنڈے پانی کے سمندر رواں ہیں۔ میدانی علاقوں میں زمین کھود کر پانی نکالا جاتا ہے، لیکن پہاڑوں کی بلندیوں پر بغیر کسی کے کھودے چشمے بہہ رہے ہیں۔ ہر قسم کی اجناس، پھل اور سبزیاں اُگ رہی ہیں۔ موسم میں از خود خوشگوار تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں۔ لیل و نہار کی گردش کا سلسلہ جاری ہے۔ زمین کو سورج سے اتنی دوری اور اس ہیئت پر رکھ دیا گیا ہے کہ زندگی اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ محوِ خرام ناز ہے۔

آپ اس فرشِ زمین کو کسی نقطۂ نظر سے دیکھیں آپ کو اس کے بنانے والے کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا اعتراف کرنا پڑے گا۔ ایسی ہستی اگر کہے کہ میں روزِ حشر زندہ کروں گا، کون سمجھدار اس کا انکار کر سکتا ہے؟

۴۴ قدرت و حکمت کا ایک اور نشان پیش کیا جا رہا ہے کہ ہم نے جو چیز بنائی ہے اسے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے تاکہ باہم اختلاط سے افزائشِ نسل کا سلسلہ جاری رہے۔ انسان اور حیوانات میں زوج زوج کا ہونا سب کو ہمیشہ سے معلوم ہے۔ نباتات کی دنیا میں بھی زوجیت کا یہ اصول جس دقت اور خوبی سے کارفرما ہے اس کا پوری طرح اب انکشاف ہوا ہے۔ علمی تحقیقات کے قدم جب آگے بڑھیں گے تو جمادات وغیرہ میں بھی یہ اصولِ زوجیت کارفرما نظر آئے گا۔

ان کے علاوہ بھی تضادات اور متقابلات کی ایک دنیا آباد ہے۔ رات اور دن، شقاوت و سعادت، ہدایت و ضلالت، آسمان و زمین، سیاہی و سفیدی، صحت و مرض، کفر و ایمان۔ انسان کہاں تک گنتا جائے۔ قَالَ مُجَاهِدٌ اِشَارَةٌ اِلَى الْمُتَضَادَاتِ وَ الْمُتَقَابِلَاتِ كَاللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ الشَّقَاوَةِ وَ السَّعَادَةِ وَ الْهُدٰى وَ الضَّلَالِ وَ السَّمَاءِ وَ الْاَرْضِ وَ السَّوَادِ وَ الْبَيَاضِ وَ الصِّحَّةِ وَ الْمَرَضِ وَ الْكُفْرِ وَ الْاِيْمَانِ۔ (البحر المحیط)(1)

۴۵ مقصد تو یہ ہے کہ انہیں ایمان قبول کرنے کی دعوت دی جائے لیکن یہاں فَفِرُّوْا کا حکم استعمال کیا گیا ہے۔ گویا بتایا جا رہا ہے کہ شیطان تمہارے پیچھے ہے۔ نہ معلوم کس وقت آ کر تمہیں دبوچ لے، اس لیے جلدی کرو، بھاگو اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر اللہ کی پناہ میں آ جاؤ۔ جسے وہاں پناہ مل جائے اسے شیطان کی وسوسہ اندازیاں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتیں۔ علامہ پانی پتی لکھتے ہیں: فَفِرُّوْا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَى اللّٰهِ بِالتَّوَجُّهِ وَ الْمَحَبَّةِ وَ الْاِسْتِغْرَاقِ وَ امْتِثَالِ الْاَوَامِرِ (2)۔ یعنی ہر چیز سے دامن چھڑا کر اس کی طرف بھاگو۔ اس راہ میں جو چیز حائل ہو اسے ٹھوکر سے پرے ہٹا دو۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی تمہاری توجہ اور محبت کا مرکز بن جائے۔ اس کے ذکر اور اس کے انوار کے مشاہدہ میں ہی تم محو ہو اور اس کے ہر حکم کی تعمیل بڑے ذوق و شوق سے کرو۔

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 142 2۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 89

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ

اسی طرح نہیں آیا ان سے پہلے لوگوں کے پاس کوئی رسول مگر انہوں نے یہی کہا کہ یہ ساحر ہے یا

مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ

دیوانہ ۴۸ کیا پہلوں نے پچھلوں کو یہی وصیت کی تھی (نہیں) ۴۹ بلکہ یہ لوگ سرکش ہیں ۵۰ پس آپ ان سے رُخ انور پھیر لیجیے آپ پر کوئی

بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ

الزام نہیں۔ اور آپ سمجھاتے رہیے یقیناً سمجھانا اہلِ ایمان کے لیے فائدہ بخش ہے ۵۱ اور نہیں پیدا فرمایا میں نے جن

۴۶ اکثر علماء نے مِنْهُ کی ضمیر کا مرجع عذاب اور غضب بتایا ہے۔ یعنی میں تمہیں عذاب سے ڈرانے آیا ہوں۔ لیکن علامہ حقی نے مِنْهُ کا مرجع ذاتِ باری کو بنایا ہے۔ (روح البیان) (1) یعنی میں از خود تمہارے پاس نہیں آیا یا کسی اور نے مجھے تمہاری طرف نہیں بھیجا، بلکہ میں تو اللہ تعالیٰ کا فرستادہ ہوں۔ اس نے مجھے اپنی طرف سے بھیجا ہے کہ میں تمہیں خوابِ غفلت سے بروقت بیدار کروں۔ مجھے یہ قول بہت پسند ہے۔

۴۷ یہ آفاقی اور انفسی دلائل جن کا تمہارے سامنے انبار لگا دیا گیا ہے ان سے جس طرح روزِ قیامت کا ثبوت ملتا ہے اسی طرح یہ حقیقت بھی عیاں ہوگئی ہے کہ وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ جب اس محیّر العقول کارخانۂ کائنات کا خالق اور مالک وہی ہے تو پھر اور کون ہے جس کو اس کا کسی جہت سے بھی ہمسر بنایا جائے یا اس کی عبادت کی جائے؟ اس لیے یہاں واضح طور پر تنبیہ کر دی کہ خبردار! اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی غیر کو خدا اور معبود نہ بنانا، ورنہ ابدی عذاب میں مبتلا کر دیے جاؤ گے۔ نجات کے سارے دروازے بند ہو جائیں گے۔ مجھے اس نے تمہاری طرف بھیجا ہے کہ تمہیں بروقت خبردار کر دوں۔

۴۸ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے حبیب! یہ اہل عرب آپ کو کبھی ساحر کہتے ہیں اور کبھی دیوانہ کہتے ہیں۔ یہ کوئی نرالی بات نہیں۔ آپ سے پہلے بھی جو انبیاء تشریف لائے ان کی قدر ناشناس قوموں نے ایسے ہی القابات سے انہیں نوازا ہے۔

۴۹ زمان و مکان کے واضح بعد اور تفاوت کے باوجود ان کے فکر اور قول میں یہ یکسانیت کہاں سے آگئی؟ ہر داعیٔ حق کو ہر زمانہ میں ان الفاظ سے کیوں یاد کیا گیا ہے؟ کیا ایسا تو نہیں ہوا کہ اگلے، پچھلوں کو وصیت کرتے گئے ہوں کہ ہم نے اپنے نبیوں کے ساتھ ایسا سلوک کیا ہے اور ان کے ایسے ایسے نام دھرے ہیں یاد رکھنا اگر تمہارے پاس بھی کوئی نبی آئے تو تم بھی ہماری طرح اس کو ساحر اور مجنوں ہی کہنا؟

۵۰ پہلی بات کی تردید کر دی۔ نہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ بھی سرکش لوگ ہیں اور پہلے بھی سرکش اور نافرمان لوگ تھے۔ اسی سرکشی نے ان میں فکر و خیال کی یہ یکسانیت پیدا کر دی ہے۔ جب بھی کوئی خیر اندیش کسی سرکش کو اس کی

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 173

وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ

وانس کو مگر اس لیے کہ وہ میری عبادت کریں ۵۲ نہ طلب کرتا ہوں میں ان سے رزق اور نہ یہ طلب کرتا ہوں کہ وہ

يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ

مجھے کھلائیں ۵۳ بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی (سب کو) روزی دینے والا، قوت والا (اور) زور والا ہے ۵۴ پس ان ظالموں کے لیے

ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾ فَوَيْلٌ

عذاب کا ویسا ہی حصہ ہے جیسا ان کے ہم مشربوں کو حصہ ملا تھا پس یہ جلد بازی نہ کریں ۵۵ پس تباہی ہے

سرکشی سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے تو وہ اسے اپنی توہین تصور کرتا ہے اور اسے یہ نصیحت جس میں اس کی بھلائی مقصود ہے، اسے ذاتی معاملات میں مداخلت بے جا محسوس ہوتی ہے اور وہ اپنے ناصح و مشفق کو دیوانہ یا ساحر کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

۵۱ سرکشوں کی سرکشی سے آپ کو کیا خوف؟ اے محبوب! آپ تو اس کے لیے جواب دہ نہیں۔ آپ کا کام نصیحت کرنا ہے۔ آپ اپنے محبت بھرے انداز سے اپنا فرض ادا کرتے رہیے۔ کج طبع لوگ اگر اس سے فائدہ نہیں اٹھاتے تو ان کی قسمت۔ اہل ایمان تو اس چشمۂ فیض سے اپنی کشت ایمان کو سیراب کر رہے ہیں اور تا قیامت سیراب کرتے رہیں گے۔ سورج کا کام چمکنا اور ہر سُو نور افشانی کرنا ہے۔ اگر اندھے اس کی روشنی سے مستفیض نہیں ہو رہے تو کیا ہوا، آنکھوں والے تو فیضیاب ہو رہے ہیں۔ اندھوں کی وجہ سے سورج چمکنا چھوڑ دے، یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

۵۲ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس آیت کی تشریح یوں بیان فرمائی ہے: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِآمُرَهُمْ بِالْعِبَادَةِ (1)۔ یعنی میں نے جن وانس کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ میں انہیں حکم دوں کہ وہ میری عبادت کریں۔ انسان کو عقل و فہم، اعتبار و اختیار کی جو نعمتیں ارزانی کی گئی ہیں ان کا تقاضا ہے کہ وہ اپنی جبینِ نیاز اسی ذات کے سامنے جھکائے جس نے اسے پیدا فرمایا اور اپنے گوناگوں احسانات سے اسے مالا مال فرمایا۔ اب اگر وہ کسی اور کی عبادت کرنے لگے جو نہ اس کا خالق ہے اور نہ اس کا پروردگار ہے یا بالکل الحاد و دہریت کا راستہ اختیار کر لے تو گویا وہ اپنی فطرت سے جنگ آزما ہے اور اپنی طبعِ سلیم کو مسخ کرنے کی کوششیں کر رہا ہے۔

۵۳ میں ان سے رزق کا طلبگار نہیں اور نہ اس کے لیے ان کو اپنی عبادت کا حکم دے رہا ہوں کہ مجھے ان کے سجدوں اور ان کی طاعتوں کی حاجت ہے۔ نہیں، ہرگز نہیں! اس میں انہی کا فائدہ ہے۔ میرے حضور میں جب وہ سرِ نیاز جھکائیں گے تو ان کی خفتہ صلاحیتیں بیدار ہو جائیں گی۔ حیوانی اور شیطانی ہتھکنڈوں سے ان کو چھٹکارا مل جائے گا۔ ان کا عقابِ ہمت ایسی بلندیوں پر پرکشا ہو گا جہاں فرشتوں کی رسائی بھی نہیں ہو سکتی۔ جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے محروم رہتے ہیں، ساری عمر ان کا قدم حیوانی زندگی کے دائرہ سے ہی باہر نہیں نکلتا، انہیں انسانی عظمتوں اور اس کی صلاحیتوں کی بیکرانیوں کا علم ہی نہیں ہوتا۔ حیوانی زندگی کی لذتوں

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 55

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع

ان کے لیے جنہوں نے کفر کیا اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے ۵۶

میں ہی وہ مگن رہتے ہیں اور اپنی اصلاح کے زرّیں مواقع کو ضائع کر دیتے ہیں۔

۵۴ رزق دینے والا خود اللہ تعالیٰ ہے۔ وہی قوت والا اور مضبوط ہے۔ وہ کسی کا دست نگر نہیں۔ ہر چیز اپنے وجود اور اپنی بقا میں اس کے جود و کرم کی محتاج ہے۔

۵۵ ذنوب بڑے ڈول کو کہتے ہیں جس سے کنویں سے پانی نکالا جاتا ہے۔ ڈول میں جتنا پانی آتا ہے وہ ڈول کھینچنے والے کا ہی حصہ ہوتا ہے۔ اس لیے ذنوب کا لفظ حصہ اور نصیب کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس آیت میں بتایا جا رہا ہے کہ کفارِ مکہ کے لیے بھی عذاب کا ایک حصہ مقرر ہے۔ جس طرح اپنے اپنے وقت پر پہلی قوموں کے فاسقین کو اپنا اپنا حصہ ملا۔ ان لوگوں کو بھی مل کر رہے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کے پیشِ نظر ان پر نزولِ عذاب کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے۔ یہ لوگ جلد بازی سے کام لے رہے ہیں۔ سوچنے اور سمجھنے کی جو مہلت انہیں دی گئی ہے، اسے بھی عبث تکرار میں ضائع کر رہے ہیں۔ آپ انہیں فرمائیے کہ نزولِ عذاب کے لیے جلدی مت مچاؤ، عذاب آئے گا اور ضرور آئے گا، لیکن اپنے مقررہ وقت پر۔ جب یہ عذاب آئے گا تو یہ ہزار بھاگیں گے، لیکن وہ ان کا پیچھا نہ چھوڑے گا۔

۵۶ منکرینِ حق جو آفتابِ ہدایت کی ضیاء پاشیوں کے باوجود اندھے بنے ہوئے ہیں اور کفر و الحاد کی راہ پر بھاگے چلے جا رہے ہیں۔ جب وہ دن طلوع ہوگا جو ان کی تباہی کے لیے متعین ہے تو اس روز ان بدبختوں کی حالتِ زار بڑی خوفناک ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ وَ اَشْهَدُ بِقَلْبِيْ وَ اُقِرُّ بِلِسَانِيْ بِاَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَ لَكَ الْحَمْدُ وَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدِكَ وَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ وَ اَشْهَدُ بِقَلْبِيْ وَ اُقِرُّ بِلِسَانِيْ بِاَنَّ سَيِّدِيْ وَ مَوْلَايَ وَحَبِيْبِيْ وَ قُرَّةَ عَيْنِيْ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ وَ نَبِيُّكَ وَ صَفِيُّكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ اَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَطْيَبِهَا وَ مِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَزْكٰهَا وَ مِنَ التَّحِيَّاتِ اَسْنٰهَا وَ مِنَ الْبَرَكَاتِ اَجْمَلِهَا كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَ ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ۔ آمِيْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسِيْنَ۔

1۔ بحر محیط، زیر آیت ہذا، ج 8، ص 143

تعارف
سُورۃ الطُّور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام: اس سورت کا نام الطُّور ہے اور یہ اس سورت کا پہلا لفظ ہے۔ اس میں دو رکوع، انچاس آیتیں، تین سو بارہ کلمات اور ایک ہزار پانچ سو حروف ہیں۔

زمانۂ نزول: اس سورۂ مبارکہ کے مضامین، لب ولہجہ اور طرزِ استدلال میں سابقہ سورتوں سے بہت یکسانیت رکھتے ہیں جس سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے زمانۂ نزول میں کوئی زیادہ بعد نہیں۔

مضامین: کفار یہ سن کر بہت سیخ پا ہیں کہ قیامت آئے گی اور انہیں صدہا ہزار سال بعد زندہ کر کے داورِ محشر کے سامنے پیش کیا جائے گا جہاں ان سے ان کی دنیوی زندگی کے بارے میں باز پُرس ہوگی۔ کفار اسے ناممکن اور خلافِ عقل کہنے کی رٹ لگا رہے ہیں اور اعلانیہ کہہ رہے ہیں کہ وہ قیامت پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ آغازِ سورت میں کئی اہم چیزوں کی قسمیں کھا کر اعلان کیا جارہا ہے کہ قیامت آئے گی، ضرور آئے گی۔ دنیا میں کوئی ایسی قوت نہیں جو قیامت کو برپا ہونے سے روک دے۔ اگر ایک حقیقت کو نہ مانا جائے، تو وہ حقیقت مٹ نہیں سکتی۔ تم اگر ایک سچائی کو تسلیم نہ کرو تو وہ سچائی جھوٹ میں تبدیل نہیں ہوجائے گی۔ تمہاری ناپسندیدگی، تمہارا یہ شور وغل خداوندی فیصلوں کو بدلنے کی قوت نہیں رکھتا۔ ذرا غور کرو اگر تم انکار بھی کرتے رہو اور یہاں سے چل دو، پھر الٰہی فیصلہ کے مطابق تمہیں میدانِ حشر میں لا کھڑا کر دیا گیا، تو بتاؤ تمہارا کیا حال ہوگا؟ جس چیز سے مفر نہ ہو، اس کو شرحِ صدر سے تسلیم کر لینا ہی دانائی ہے۔

منکرین اور متقین کے ساتھ قیامت کے روز جو برتاؤ ہوگا، اس کی تفصیل بڑے دلنشین انداز میں بیان کی گئی ہے تاکہ انسان خود فیصلہ کرلے کہ وہ کس گروہ میں اپنا حشر پسند کرتا ہے۔

كُلُّ امۡرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيۡنٌ ﴿۲۱﴾ (آیت نمبر ۲۱) فرما کر ایک ابدی صداقت کو آشکارا کر دیا گیا کہ جیسا کرو گے، ویسا ہی بھرو گے، جو بوگے وہی کاٹو گے۔

حضور سرورِ عالم ﷺ کا رخِ زیبا اور سیرتِ پاک اسلام کی صداقت کی ایسی روشن دلیل تھی جس کا ان کے پاس کوئی توڑ نہ تھا۔ وہ اس کی اثر انگیزی اور جلال کے سامنے اپنے آپ کو بے دست و پا محسوس کرتے تھے، اس لیے کسی ایک موقف پر ٹھہرے رہنا ان کے بس میں نہ تھا۔ کبھی کاہن کہتے، کبھی مجنوں، کبھی شاعر ہونے کا الزام لگاتے اور کبھی کہتے یہ کتاب خدا کا کلام نہیں، بلکہ ان کے ذہن کی اختراع ہے۔ ان الزامات کا بڑی خوبی سے رد کر دیا۔

کفار کو جب اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کی دعوت دی جاتی تو ہڑبونگ مچانے لگتے۔ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ اس اکڑفوں کی وجہ کیا ہے؟ کیا تمہارا کوئی خالق نہیں یا تم خود اپنے خالق ہو یا زمین و آسمان کی آفرینش میں تمہارا کچھ حصہ ہے؟ جب ان سوالات کا جواب نفی میں ہے تو پھر اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں سرِ نیاز خم کرنے میں تمہیں ہرگز تامل نہیں ہونا چاہیے۔

آخر میں اپنے حبیبِ پاک کو بتایا کہ یہ لاعلاج مریض ہیں۔ ان کے دل کی آنکھ اندھی ہو چکی ہے۔ اپنی صداقت کا کتنا ہی بڑا معجزہ آپ ان کو دکھائیں، یہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ فکر نہ کریں، ہم آپ سے بے خبر نہیں ہیں۔ آپ کو دشمنوں کے حوالے کر کے آپ سے لاتعلق نہیں ہو گئے۔ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا (الطور:48) آپ ہماری آنکھوں میں بس رہے ہیں۔ کس کی مجال ہے کہ آپ کو کوئی گزند پہنچائے۔ البتہ دو چیزیں آپ اپنے اوپر لازم کر لیں۔ (۱) اس راہ میں پیش آنے والی مشکلات اور مصائب کا مقابلہ صبر سے کریں۔ (۲) ہماری تسبیح و تحمید کو اپنا وظیفہ بنا لیں۔ اس سے آپ کے دل کو تقویت ملے گی اور کسی قسم کا خوف و ہراس آپ کو پریشان نہ کر سکے گا۔

اپنے ہادیٔ برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتباع میں دعوت و ارشاد کی راہ پر چلنے والے راہرو کا فرض ہے کہ وہ ان دو باتوں کا خوب خیال رکھے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ طور کی ہے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ انچاس آیتیں اور دو رکوع

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾

قسم ہے (کوہِ) طور کی اور کتاب کی جو لکھی گئی ہے - کھلے ورق پر - اور قسم ہے بیتِ معمور کی۔

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾

اور بلند چھت کی - اور سمندر کی جو لبالب بھرا ہے۔ یقیناً آپ کے رب کا عذاب واقع ہو کر رہے گا [1]

[1] ابتدائی آٹھ آیتوں میں جو تشریح طلب الفاظ ہیں پہلے ان کی تشریح کی جائے گی۔ اس کے بعد ان آیات کے مطالب اور معانی بیان کیے جائیں گے۔ بِیَدِہٖ اَزِمَّةُ التَّوْفِیْقِ۔

طُوْر سریانی لغت کا لفظ ہے (1)۔ اس پہاڑ کو کہتے ہیں جو سرسبز و شاداب ہو۔ خشک پہاڑ کو طور نہیں کہتے۔ بعض نے اسے عربی لغت کا لفظ کہا ہے، لیکن اب طور اس پہاڑ کو کہا جاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی ہمکلامی کے شرف سے نوازا، انہیں نبوت سے سرفراز فرمایا، یدِ بیضاء اور عصا کے معجزات سے مؤید فرما کر اس وقت کی دنیا کے سب سے طاقتور اور ظالم حکمران کو دعوتِ حق دینے کے لیے بھیجا جو خدائی کا دعویدار تھا، جس نے بنی اسرائیل کو اپنی غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا تھا، جس کی سطوت و جبروت کے سامنے کوئی شخص دم مارنے کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔

مَسْطُوْر: لکھی ہوئی مرتب کتاب۔

اَلرَّقُّ: اس کا معنی ہے کھال، چمڑا۔ قدیم زمانہ میں جبکہ کاغذ سازی کی صنعت ابھی اپنے ابتدائی دور میں تھی، حسبِ ضرورت پائیدار کاغذ نایاب تھا اس لیے دستور یہ تھا کہ کھال کو رگڑ رگڑ کر خوب باریک اور مصفّٰی بنا لیا جاتا، اس میں چمک سی پیدا ہو جایا کرتی اور ایسی تیار شدہ کھال پر آسمانی صحائف، قیمتی دستاویزات اور شاہی فرامین لکھے جاتے۔

مَنْشُوْر: کھلی ہوئی۔ جس کا جی چاہے آئے اور مطالعہ کرے۔

اَلْبَیْتُ الْمَعْمُوْر: اس کا لغوی معنی آباد گھر ہے، جس میں خوب چہل پہل ہو۔ حضرت حسن بصری کے نزدیک یہاں اس سے مراد کعبہ شریف ہے جو اللہ تعالیٰ کے بندوں سے ہر وقت آباد رہتا ہے۔ کوئی طواف کر رہا ہے، کوئی نماز پڑھ رہا ہے، کوئی دعا مانگ رہا ہے، کوئی ذکرِ الٰہی میں مشغول ہے۔ رات دن میں کوئی ایسی گھڑی نہیں آتی جبکہ وہ عبادت کرنے والوں سے خالی ہو۔ بعض علماء کا قول ہے کہ جس طرح زمین میں کعبہ شریف ہے اسی طرح ہر آسمان میں وہاں کے مکینوں کے لیے ایک قبلہ گاہ موجود ہے جو وہاں کے ذاکرین اور عابدین کا مرکزِ توجہ ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ ساتویں آسمان پر جو قبلہ ہے وہ کعبہ شریف کے عین اوپر ہے۔

1۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 93۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 58-59

یہاں اسی کی قسم کھائی جارہی ہے کیونکہ حدیثِ معراج میں اسی کو البیت المعمور فرمایا گیا ہے۔

قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ اَیْ اِذَا اَنَا بِاِبْرَاهِيْمَ مُسْنِدًا ظَهْرَهٗ اِلَى الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ وَاِذَا هُوَ يَدْخُلُهٗ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفًا لَّا يَعُوْدُوْنَ اِلَيْهِ (1)۔ یعنی جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا، وہاں میری ملاقات حضرت ابراہیمؑ سے ہوئی جو بیت معمور کے ساتھ پشت لگائے بیٹھے تھے۔ اس میں ہر روز ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں۔ دوبارہ انہیں موقع نہیں ملتا۔ جب نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے آسمانِ ہفتم کے قبلہ کا نام بیت معمور فرمادیا تو اس کے بعد کسی اور توجیہہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

اَلسَّقْفُ الْمَرْفُوْعُ: اونچی بلند و بالا چھت۔ اس سے مراد آسمان ہے۔

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ: عربی زبان میں مسجور کے کئی معنی ہیں:

(۱) اَلْمَسْجُوْرُ الَّذِیْ ذَهَبَ مَاءُهٗ۔ وہ چشمہ یا تالاب جس کا پانی خشک ہوجائے یا زمین میں جذب ہوجائے اسے مسجور کہتے ہیں۔

(۲) وہ تنور جسے ایندھن سے بھر دیا گیا ہو (2) اور وہ خوب بھڑک رہا ہو، اسے بھی اَلتَّنُّوْرُ الْمَسْجُوْرُ کہتے ہیں۔

(۳) مسجور جو پانی سے بھرا ہوا ہو اور متحرک نہ ہو بلکہ ساکن ہو۔ (3)

(۴) حضرت ابنِ عباس سے مسجور کا معنی محبوس منقول ہے (4) یعنی جس کا پانی ایک جگہ رکا رہے وہاں سے بہہ کر کہیں چلا نہ جائے۔ بے شک وقوعِ قیامت کے وقت سمندروں کا پانی خشک ہوجائے گا اور قیامت کے روز وہ ابلے گا، لیکن یہاں قسم سمندروں کی موجودہ حالت کی اٹھائی جارہی ہے۔ اس لیے یہاں اس کا تیسرا معنی مراد ہوگا یعنی قسم ہے اس سمندر کی جو پانی سے لبریز ہے یا جس کے پانی کو مقررہ حدود میں بند کردیا گیا ہے۔

دَافِعٌ: دور کرنے والا، ٹالنے والا۔

پہلے پانچ قسمیں اٹھائی گئیں۔ اِنَّ عَذَابَ جواب قسم ہے کہ مجھے ان پانچ عظیم الشان چیزوں کی قسم، مجرمین و منکرین پر عذاب آکر رہے گا۔ کسی کی مجال نہیں کہ اس عذاب کو ٹال سکے یا روک سکے۔

کفارِ مکہ کو اپنی بہادری، اپنی قوت اور کثرت تعداد پر بڑا گھمنڈ تھا۔ کعبہ شریف کے باعث سارا جزیرۂ عرب ان کا عقیدتمند تھا اور ان کا دل سے احترام کرتا تھا۔ اس بات نے ان کے نشۂ پندار کو مزید تیز کردیا تھا۔ وہ دل میں یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ پہلے تو عذاب آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور نہ مرنے کے بعد کوئی دوبارہ زندہ ہوگا، لیکن اگر ایسا ہو بھی گیا اور عذاب آ بھی گیا تو ہم اپنی قوت و شوکت اور اپنے حلیف قبائل کی اعانت سے اسے بآسانی روک لیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اس خام خیالی کا قلع قمع کردیا کہ جو خدا طور سے اپنے ایک بندے کو بھیج کر فرعون جیسے متکبر فرمانروا کی سرکوبی کرسکتا ہے، جس خدا نے اپنے انبیاء و رسل پر جو کتابیں نازل کی ہیں ان سب میں یہ لکھا ہے کہ ہر شخص کو اس کے اعمالِ بد کی سزا مل کر رہے گی، جس خدا کی عظمت و کبریائی کا اعتراف کرنے کے لیے، اس کے حضور جبینِ نیاز جھکانے کے لیے بیت معمور میں فرشتوں کا تانتا بندھا رہتا ہے، جس نے آسمان کی یہ اونچی اور پائیدار چھت بنائی ہے اور وہ خدا جس کے امرِ کُنْ سے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر معرضِ وجود میں آگئے ہیں۔ ظالمو! تم کہتے ہو کہ ہم ایسے جبار و قہار کے عذاب کو روک دیں گے۔ ذرا عقل کے ناخن لو۔ تم کیسی بہکی بہکی باتیں کررہے

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 27، ص 28 2۔ تاج العروس، ج 3، ص 56-255 3۔ المنجد، ص 321 4۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 63

مَّالَهٗ مِنۡ دَافِعٍ ﴿۸﴾ یَّوۡمَ تَمُوۡرُ السَّمَآءُ مَوۡرًا ﴿۹﴾ وَّتَسِیۡرُ الۡجِبَالُ سَیۡرًا ﴿۱۰﴾

اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ۔ جس روز آسمان بُری طرح تھرتھرا رہا ہوگا ۲ اور پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ کر تیزی سے چلنے لگیں گے ۳

فَوَیۡلٌ یَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۱۱﴾ الَّذِیۡنَ هُمۡ فِیۡ خَوۡضٍ یَّلۡعَبُوۡنَ ﴿۱۲﴾

پس بربادی ہوگی اس روز جھٹلانے والوں کے لیے ۴ جو محض تفریحِ طبع کے لیے فضول باتوں میں لگے رہتے ہیں ۵

یَوۡمَ یُدَعُّوۡنَ اِلٰی نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ بِهَا

اس روز انہیں دھکے دے کر آتشِ جہنم میں پھینک دیا جائے گا ۶ (انہیں کہا جائے گا) یہی وہ آگ ہے جسے تم

ہو۔ جب اس نے تمہیں تباہ کرنے کا ارادہ فرمالیا تو اس کی آتشِ غضب سے کوئی چیز تمہیں نہیں بچا سکے گی۔

۲ وقوعِ قیامت کے وقت کائنات میں جو اضطراب اور توڑ پھوڑ کا عالم ہوگا اس کو بڑے پُرجلال انداز میں بیان فرمایا جا رہا ہے۔ لفظِ تَمُوۡرُ کی تشریح کرتے ہوئے علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

قَالَ اَهْلُ اللُّغَةِ مَارَ الشَّیْئُ یَمُوْرُ مَوْرًا اَیْ تَحَرَّكَ وَ جَاءَ وَ ذَهَبَ كَمَا تَتَكَفَّأُ النَّخْلَةُ الْعِیْدَانُ اَیِ الطَّوِیْلَةُ (1): اہلِ لغت کہتے ہیں کبھی آگے بڑھے کبھی پیچھے ہٹے اور اس طرح جھومے جس طرح تیز جھکڑ میں لمبی کھجور جھومتی ہے تو اس حالت کو بیان کرنے کے لیے مَارَ یَمُوْرُ کے لفظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ مقصد یہ بتانا ہے کہ یہ وسیع و عریض آسمان جس کو اپنے مقام سے کبھی بال برابر سرکتے نہیں دیکھا گیا۔ کبھی اضطرابی حرکت اس میں رونما نہیں ہوئی، وہ اس روز ایک معمولی اور ہلکی چیز کی مانند ڈول رہا ہوگا، جھول رہا ہوگا۔

۳ پہاڑ جو بڑے گہرے زمین میں گڑے ہوئے ہیں جنہیں آج تک اپنی جگہ سے کوئی بھی ہلا نہیں سکا وقوعِ قیامت کے وقت وہ ہوا میں اڑ رہے ہوں گے۔ یوں معلوم ہوگا کہ کسی نے جڑوں سے انہیں اکھیڑ پھینکا ہے اور ہوا کے جھونکے انہیں پتوں کی طرح اڑائے پھرتے ہیں۔ اس وقت جب ان دو قوی ہیکل چیزوں کی بے بسی کا یہ عالم ہوگا تو دوسری اشیاء جو نسبتاً ان سے کہیں کم ہیں ان کی حالت کا آپ بآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

۴ جو لوگ آج اللہ تعالیٰ کی آیتوں اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں وہ دن ان کی تباہی اور بربادی کا دن ہوگا۔

۵ علامہ راغب خَوْض کی تحقیق کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اَلْخَوْضُ هُوَ الشُّرُوْعُ فِی الْمَاءِ وَ الْمُرُوْرُ فِیْهِ یُسْتَعَارُ فِی الْاُمُوْرِ وَ اَكْثَرُ مَا وَرَدَ فِی الْقُرْاٰنِ وَرَدَ فِیْمَا یُذَمُّ الشُّرُوْعُ فِیْهِ (مفردات) (2)

یعنی خوض کا اصلی معنی تو پانی میں گھسنا اور اس میں سے گزرنا ہے۔ بطورِ استعارہ کوئی کام شروع کرنے کو بھی کہتے ہیں لیکن قرآنِ کریم میں عموماً کسی ایسے کام میں شروع ہونے کے لیے استعمال ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مذموم اور ناپسندیدہ ہے۔ یہاں اس کا مفہوم یہ ہے کہ کفار قیامت اور اسلام کے دوسرے نظریات کے بارے میں تبادلۂ خیالات کرتے ہیں لیکن سنجیدگی

1۔ تفسیر قرطبی، زیرِ آیت ہذا، ج 17، ص 63 2۔ مفرداتِ راغب، ص 302

تُكَذِّبُونَ ﴿۱۴﴾ أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ﴿۱۵﴾ اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا

جھٹلایا کرتے تھے ۷ کیا یہ (آگ) جادو (کا کرشمہ) ہے یا تمہیں یہ نظر ہی نہیں آ رہی ۸ اس میں (تشریف لے) چلو ۹ اب چاہے

أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۱۶﴾

صبر کرو یا نہ کرو دونوں برابر ہیں تمہارے لیے۔ تمہیں اسی کا بدلہ دیا جا رہا ہے جو تم کیا کرتے تھے ۱۰

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ﴿۱۷﴾ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ

بے شک پرہیزگار (اس روز) باغوں میں اور نعمتوں میں ہوں گے۔ شاد و مسرور ان نعمتوں پر جو انہیں ان کے رب نے دی ہوں گی ۱۱ اور

وَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ

بچا لیا انہیں ان کے رب نے دوزخ کے عذاب سے ۱۲ (حکم ملے گا) کھاؤ پیو خوب مزے لے لے کر ان (نیکیوں) کے بدلے جو تم

اور متانت سے نہیں محض دل بہلانے کے لیے، محض اپنا وقت گزارنے کے لیے۔ تحقیقِ حق ان کے پیشِ نظر نہیں ہوتی بلکہ ان کا مقصد اس کا استہزاء کرنا اور پھبتیاں کسنا ہوتا ہے۔

۶ یعنی انہیں دھکے دے کر زبردستی جہنم میں پھینکا جائے گا۔ دَعَّ يَدُعُّ دَعًّا۔ مَعْنَاهُ يُدْفَعُونَ إِلَى جَهَنَّمَ بِشِدَّةٍ وَّعُنْفٍ۔(1)

۷ ادھر ان کو زنجیروں میں جکڑ کر جہنم میں پھینکا جا رہا ہوگا اور ساتھ ہی انہیں یہ بھی کہا جا رہا ہوگا کہ یہ ہے وہ دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ جس سے تمہیں ڈرایا جاتا تھا اور تم اس کو جھٹلایا کرتے تھے اور اس کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔

۸ ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ یہ تمہاری آنکھوں کے سامنے آگ دہک رہی ہے۔ سرخ سرخ شعلے اٹھ رہے ہیں۔ یہ کوئی جادو کا کرشمہ نہیں کہ اس کی حقیقت تو کچھ نہ ہو صرف دکھائی دے رہی ہو۔ ذرا آگے تشریف لے چلو، خود بخود ہی حقیقت آشکارا ہو جائے گی اور ہمارے انبیاء نے اس کے بارے میں جو کچھ تمہیں بتایا تھا اس کی تصدیق تم خود کرو گے۔ اے کفار! جہنم کے یہ چیختے چنگھاڑتے ہوئے شعلے تمہیں نظر ہی نہیں آ رہے یا تم اسے جادو کی نظر فریبی قرار دے رہے ہو؟

۹ یہ صَلِیَ یَصْلٰی صَلْیًا کا امر ہے۔ یہ دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ آگ میں کسی چیز کو بھوننا اور گرم کرنا یا آگ میں کسی چیز کو جھونک دینا، داخل کر دینا۔ وَقِيْلَ صَلَى النَّارَ: دَخَلَ فِيْهَا وَاَصْلَاهَا غَيْرَهٗ (المفردات)(2) آیت میں دوسرا معنی زیادہ مناسب ہے۔

۱۰ اب چیخنا چلانا بے سود ہے۔ اب تو تمہیں اپنے کرتوتوں کی سزا ہر حالت میں بھگتنی ہوگی۔

۱۱ اللہ تعالیٰ اپنے نیک اور پرہیزگار بندوں پر جو فضل و احسان فرمائے گا ان آیات میں اس کا بیان ہو رہا ہے۔ فرمایا جن لوگوں نے ہماری رضا کے لیے نفس کی خواہشات اور دنیاوی حقیر لذات سے عمر بھر کنارہ کشی اختیار کی ہم انہیں سدا بہار باغات میں

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 64 2۔ مفرداتِ راغب، ص 490

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

کیا کرتے تھے۔ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے بچھے ہوئے پلنگوں پر اور ہم انہیں بیاہ دیں گے گوری گوری آہو چشموں سے ۱۳ھ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی پیروی کی ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ، ہم ملادیں گے ان کے ساتھ ان کی اولاد کو ۱۴ھ

ٹھہرائیں گے۔ ان پر اپنی گوناگوں نعمتوں کی برسات کریں گے اور ان کے دلوں کی دنیا میں مسرت و شادمانی کے چراغ روشن کر دیں گے۔ ہر لفظ کی معنویت توجہ طلب ہے۔ اَلنَّعِیْم: اَلنِّعْمَةُ الْكَثِيْرَةُ۔ بے پایاں نعمتیں۔ (المفردات)(1)

۱۲ھ اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں بھی داخل فرمائے گا اور انہیں عذابِ جہنم سے بھی بچائے گا۔ اس کو علیحدہ ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ عذابِ دوزخ سے بچنا محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر موقوف ہے ورنہ انسان کے اعمال تو اس قابل نہیں کہ دوزخ سے بچنے کی ضمانت بن سکیں۔ ہم جو نیک اعمال کرتے ہیں ان میں بھی ایسی ایسی خامیاں اور کمزوریاں پائی جاتی ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت سے قبول نہ فرمائے تو ان کی حیثیت کھوٹے سکے سے زیادہ نہیں ہوتی۔ یہ تو صرف اس کی مہربانی ہے کہ وہ ہماری ناقص عبادتوں کو شرفِ قبولیت بخشے اور ہمیں جہنم سے بچالے۔

۱۳ھ اپنے انعامات کو ذرا تفصیل سے بیان کیا جارہا ہے۔ ان دو آیتوں کے چند کلمات کے معانی ملاحظہ فرمایئے۔ هَنِيْئًا: كُلُّ مَالَا يَلْحَقُ فِيْهِ مَشَقَّةٌ وَّلَا يَعْقُبُ وَخَامَةٌ (المفردات)(2) جس کے حصول میں تکلیف اور مشقت نہ ہو اور جس کو کھا لینے کے بعد بدہضمی وغیرہ کی شکایت نہ ہو۔ یعنی لذیذ و خوشگوار، پرلطف۔ مُتَّكِـِٕيْنَ: تکیہ پر ٹیک لگا کر بیٹھنا۔ اس انداز کی نشست اطمینان اور خوشی کے وقت ہوتی ہے۔ سُرُر، سریر کی جمع ہے: اس کا معنی ہے پلنگ، تخت۔ مَّصْفُوْفَةٍ: صفوں کی صورت میں بچھے ہوئے۔ حُور، حَوْرَاءُ کی جمع ہے جو اَحْوَر کی تانیث ہے۔ سفید گوری رنگت والے کو بھی کہتے ہیں اور اس کو بھی جس کی آنکھوں کا سفید حصہ خوب سفید ہو اور سیاہ حصہ خوب سیاہ ہو۔ یہ آنکھوں کی خوبصورتی کی حد ہے۔ اسی طرح عِيْنٌ، عَيْنَاءُ کی جمع ہے جو اَعْيَنُ کی تانیث ہے۔ اس شخص کو کہتے ہیں جس کی آنکھیں نیل گائے کی آنکھوں کی طرح بڑی بھی ہوں اور سیاہ بھی۔

۱۴ھ ایک مزید انعام کا ذکر ہو رہا ہے جس سے اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کو سرفراز فرمائے گا۔ اگر ان کی اولاد باایمان اس دنیا سے رخصت ہوئی ہے تو جنت میں وہ اپنے والدین کے ساتھ ملادی جائے گی، اگرچہ ان کے اعمال زیادہ اچھے نہ ہوں۔ یہ مضمون اس سے پہلے سورۃ الرعد آیت نمبر ۲۳ اور سورۃ المومن آیت نمبر ۸ میں بھی گزر چکا ہے کہ مقبولانِ بارگاہِ الٰہی کے والدین، ان کی بیویاں اور ان کی اولاد کو ان کے طفیل مقاماتِ رفیعہ پر فائز کر دیا جائے گا، لیکن وہاں ماں باپ کے نیک اور صالح ہونے کی قید ہے اور یہاں صرف ایمان کی شرط ذکر کی گئی ہے۔ نیز پہلی دو آیتوں میں جنت عدن میں داخل ہونے کا ذکر تھا، یہاں فرمایا کہ ہم ان کو ان کے متقی والدین کے ساتھ ملادیں گے۔ وہ انہی کے پاس ان کے مقاماتِ رفیعہ میں ہمارے لطف و احسان سے محظوظ ہوتے

1۔ مفرداتِ راغب، ص 815 2۔ ایضاً، ص 846

وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِیْنٌ ﴿۲۱﴾

اور ہم کمی نہیں کریں گے ان کے عملوں (کی جزاء) میں ذرہ بھر ۱۵ ہر شخص اپنے اپنے اعمال میں اسیر ہوگا ۱۶

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا یَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ یَتَنَازَعُوْنَ فِیْهَا كَاْسًا

اور ہم مسلسل دیتے رہیں گے انہیں (ایسے) میوے اور گوشت جو وہ پسند کریں گے ۱۷ وہ چھینا جھپٹی کریں گے وہاں جام شراب پر

رہیں گے۔ اپنے بچوں کو اپنے پاس یوں خوش وخرم دیکھ کر ہمارے پیارے بندوں کی آنکھیں ٹھنڈی اور دل مسرور ہوں گے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَيَرْفَعُ ذُرِّيَّةَ الْمُؤْمِنِ مَعَهٗ فِيْ دَرَجَتِهٖ فِي الْجَنَّةِ وَاِنْ كَانَ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهٖ لِتَقَرَّ بِهِمْ عَيْنُهٗ ثُمَّ قَرَءَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ الآية (قرطبی)(1)

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل مومن کی اولاد کو بھی جنت میں اس کا درجہ عطا فرمائے گا اگرچہ وہ اپنے عمل کے ذریعہ وہاں رہنے کے مستحق نہ ہو۔ یہ اس لیے تاکہ انہیں اس مقام پر فائز دیکھ کر اس نیک بندے کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ پھر حضورؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

علامہ زمخشری لکھتے ہیں: فَيَجْمَعُ اللّٰهُ بِهِمْ اَنْوَاعَ السُّرُوْرِ بِسَعَادَتِهِمْ فِيْ اَنْفُسِهِمْ وَبِمُزَاوَجَةِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَبِمُؤَانَسَةِ الْاِخْوَانِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبِاجْتِمَاعِ اَوْلَادِهِمْ وَنَسْلِهِمْ بِهِمْ (کشاف)(2) یعنی اللہ تعالیٰ ان کے لیے گوناگوں مسرتیں فراہم کر دے گا، وہ بذاتِ خود جنت کی نعمتوں سے سعادت انگیز ہوں گے۔ حورعین کے ساتھ ان کا بیاہ ہوگا۔ اپنے مومن بھائیوں کے ساتھ وہ دل بہلائیں گے۔ ان کی اولاد اور ان کی نسل کو بھی ان کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔

۱۵ والدین کو اپنی کم مرتبہ اولاد کے ساتھ ملانے کی ایک یہ صورت بھی تھی کہ انہیں اپنی بلند منازل سے نیچے بھیج دیا جاتا، ان الفاظ سے اس احتمال کی تردید کردی گئی ہے کہ ان کے درجات میں کمی نہیں کی جائے گی اور نہ ان کے ثواب میں کوئی نقصان ہوگا۔ ان نیکوکاروں کو تو ان کے اعمالِ صالحہ کا پورا پورا اجر ملے گا۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کے دلوں کو مسرور کرنے کے لیے ان کی اولاد کو بلند درجات پر فائز فرما دے گا۔ لَاتَ (ثلاثی مجرد) اور اَلَاتَ (مزید) دونوں ہم معنی ہیں۔ نَقَصَهٗ حَقَّهٗ (مفردات)(3) کسی کے حق میں کمی کرنا۔ علامہ جوہری لکھتے ہیں: مَا اَلَاتَهٗ مِنْ عَمَلِهٖ شَيْئًا اَيْ مَا نَقَصَهٗ۔ (الصحاح)(4)

۱۶ علامہ آلوسی لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو عمل کی جو قوتیں اور عقل وفہم کی جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں وہ بطورِ قرض ہیں اور ان کے بدلہ میں بندے کا نفس اللہ تعالیٰ کے پاس بطورِ رہن ہے۔ اگر وہ قرض ادا کرے گا تو وہ رہن شدہ نفس اسے واپس دے دیا جائے گا ورنہ بحقِ قرض خواہ ضبط ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے اس قرض کی ادائیگی کی صورت یہ ہے کہ انسان ان قوتوں اور نعمتوں کو اس کے حکم کے مطابق استعمال کرے۔ اگر اس نے ایسا کیا تو وہ نفس اسے واپس مل جائے گا۔ بصورت دیگر وہ گروی

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، ج17، ص66۔ شرح مشکل الآثار، رقم الحدیث 1075، ج3، ص106، مکتبہ مؤسسۃ الرسالۃ (بیروت)
2۔ تفسیر کشاف، زیر آیت ہذا، ج4، ص411 3۔ مفردات راغب، ص749 4۔ الصحاح، ج1، ص265

لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

(لیکن) اس میں نہ کوئی لغویت ہوگی اور نہ گناہ ۱۸ھ اور (خدمت بجالانے کے لیے) چکر لگاتے ہوں گے ان کے گرد ان کے غلام (اپنے حسن کے باعث) یوں

مَّكْنُونٌ ﴿۲۴﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿۲۵﴾ قَالُوا إِنَّا كُنَّا

معلوم ہوں گے گویا وہ چھپے موتی ہیں ۱۹ھ اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر پوچھیں گے ۲۰ھ کہیں گے ہم بھی اس سے

قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ ﴿۲۷﴾

پہلے اپنے اہلِ خانہ میں (اپنے انجام کے بارے میں) سہمے رہتے تھے۔ سو بڑا احسان فرمایا ہے اللہ نے ہم پر اور بچا لیا ہے ہمیں گرم لُو کے عذاب سے۔

ہی رہے گا اور اس کو رہائی نصیب نہیں ہوگی۔ (1)

اس جملہ سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی جو اولاد نعمتِ ایمان ہی سے محروم ہو اور جن کی موت کفر و شرک پر ہوئی ہو، وہ دوسرے کفار کی طرح دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔ مغفرت، شفاعت اور اپنے پاکباز بزرگوں کے ساتھ الحاق کی شرطِ اول یہ ہے کہ انسان مومن ہو۔ اگر ایمان ہی نصیب نہیں تو اس کی مغفرت ہوگی نہ شفاعت ہوگی اور نہ اس کے بزرگوں کی اطاعتیں اس کے کسی کام آئیں گی۔

۱۷ھ اہلِ جنت کی خوشیوں اور لطف اندوزیوں کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے۔ پہلے بتایا کہ ان کے دسترخوان پر ان کے پسندیدہ پھل اور مرغوب گوشت چن دیے جائیں گے۔ اب بتایا جا رہا ہے کہ ادھر وہ ختم ہوتے جائیں گے، ادھر ساتھ ہی پھلوں سے بھری ہوئی طشتریاں اور لذیذ گوشت سے پُر قابیں آتی جائیں گی۔ جب تک ان کی مرضی ہوگی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

۱۸ھ جنت میں منعقد ہونے والی مجلسِ نشاط و سرور کی کتنی عمدہ تصویر کشی کی گئی ہے۔ اہلِ جنت جب اپنی مجلسِ نشاط سجائیں گے، مہوش ساقی بلوریں جاموں میں شرابِ طہور ڈال کر پیش کریں گے اور چھلکتے ہوئے جام جب گردش میں آئیں گے تو انس و محبت اور بے تکلفی کے عالم میں وہ ایک دوسرے سے چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ یہ اس کے ہاتھوں سے جام چھینے گا اور وہ اس سے اچکنے کی کوشش کرے گا۔ یہ سب کچھ از راہِ ملاعبت و ملاطفت ہوگا، لیکن کیف و سرور کے اس عالم میں بھی وہ بے ہودہ گوئی اور ہرزہ سرائی کی قریب تک نہیں جائیں گے۔ کوئی ناشائستہ حرکت اور گناہ اس وقت بھی ان سے صادر نہیں ہوگا۔ علامہ آلوسی نے بڑے پیارے انداز سے یتنازعون کی تفسیر لکھی ہے۔ اَیْ یَتَجَاذَبُوْنَهَا فِی الْجَنَّةِ هُمْ وَ جُلَسَاءُهُمْ تَجَاذُبَ مُلَاعَبَةٍ كَمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ النُّدَامٰى بَيْنَهُمْ فِی الدُّنْيَا بِشِدَّةِ سُرُوْرِهِمْ (روح المعانی) (2) یعنی وہ لوگ اپنے ندیموں سے از راہِ ملاعبت و ملاطفت پیالے چھینیں گے جس طرح اس دنیا میں مے خواری کے وقت مے خوار کیا کرتے ہیں۔ اسی طرح علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں: اَلْمُرَادُ بِالتَّنَازُعِ هُنَا التَّعَاطِیْ وَ التَّدَاوُلُ عَلٰی طَرِيْقِ التَّجَاذُبِ يَعْنِیْ تَجَاذُبَ الْمُلَاعَبَةِ لِفَرْطِ السُّرُوْرِ وَالْمَحَبَّةِ وَفِيْهِ نَوْعُ لَذَّةٍ (روح البیان) (3) کأس اس پیالہ کو کہتے ہیں جو

1۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز 27، ص 33 2۔ ایضاً، ص 34 3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 195

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ﴿٢٨﴾ فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ

بے شک ہم پہلے بھی (دنیا میں) اس سے دعا کیا کرتے تھے ۲۱ یقیناً وہ بہت احسان کرنے والا، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے پس آپ سمجھاتے رہیے۔ آپ اپنے رب

رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ﴿٢٩﴾ أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ

کی مہربانی سے نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون ۲۲ کیا یہ (نابکار) کہتے ہیں کہ آپ شاعر ہیں (اور) ہم انتظار کر رہے ہیں ان کے متعلق

شراب سے بھرا ہوا ہو۔ خالی پیالہ کو کاس نہیں کہتے۔ لغو: بیہودہ گوئی فضول گفتگو۔ تاثیم: جس کے ارتکاب سے گناہ لازم آئے۔ (1)

۱۹ دیگر آسائشوں کے علاوہ اہلِ جنت کو خدمت گار بھی مہیا کیے جائیں گے جو ہر وقت ان کے اردگرد گھومتے رہیں گے تاکہ ان کے ہر اشارۂ ابرو کی فوراً تعمیل کر سکیں۔ وہ خدمت گزار دنیا کے خدام کی طرح بدوضع، غلیظ اور اکھڑ مزاج نہیں ہوں گے بلکہ بہت خوبصورت اور صاف ستھرے ہوں گے۔ یوں محسوس ہوگا کہ وہ آبدار موتی ہیں جو اب تک آغوشِ صدف میں مستور رہے اور ابھی ابھی باہر نکلے ہیں۔

۲۰ جب بے تکلف دوست کسی دعوت میں شرکت کرتے ہیں تو کھا اڑا کر چلے نہیں جاتے بلکہ اس کے بعد مل بیٹھتے ہیں اور راز و نیاز، محبت و پیار کی باتیں ہوتی ہیں۔ ہر ایک اپنے دل کی بات کہتا ہے اور دوسرے کی سنتا ہے۔ جنت میں جنتی بھی کھانے پینے سے فارغ ہو کر اسی طرح مل بیٹھیں گے۔ سلسلۂ گفتگو شروع ہوگا، طبعی طور پر جنت اور جنت کی نعمتوں کا تذکرہ ہوگا۔ اس وقت وہ کہیں گے ہم نے اپنی دنیوی زندگی بہت ڈر ڈر کر گزاری تھی مبادا کوئی قصور ہو جائے اور ہم اپنے رب کو ناراض کر بیٹھیں۔ گھر میں بھی جب اپنے اہل و عیال کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملتا تو اکثر و بیشتر ہماری گفتگو کا موضوع یہی ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی بے نیازی اور اپنی کوتاہیوں کا احساس ہمہ وقت بے چین و مضطرب رکھتا۔ دیکھو ہمارے کریم و رحیم پروردگار نے ہم پر کتنا احسان فرمایا ہے کہ دنیا میں ہمیں شیطان کے فریب سے محفوظ رکھا اور یہاں ہمیں نعیمِ جنت میں پہنچا دیا اور ہمیں دوزخ کے لپکتے ہوئے شعلوں اور اس کی گرم لو سے بھی بچا لیا۔

۲۱ ہم دنیا میں ہمیشہ اس سے دعا مانگا کرتے تھے کہ الٰہی! ہمیں ہمیشہ راہِ ہدایت پر ثابت قدم رکھ اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔ دیکھو اس رحیم و کریم نے ہم عاجز بندوں کی دعاؤں کو قبول فرما لیا اور ہمیں اپنے انعامات و احسانات سے سرفراز فرمایا۔ بے شک وہ بہت ہی احسان کرنے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

۲۲ اس رکوع میں کفار و مشرکین کے اقوال، ان کے اعمال اور ان کے نظریات پر اس طرح سخت تنقید کی جا رہی ہے اور ان کا محاسبہ کیا جا رہا ہے جس کے بعد انہیں اپنی لغویت اور گمراہی کے بارے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہا اور اندھے تعصب اور بے جا ہٹ دھرمی کے بغیر ان کے لیے گوشۂ عافیت باقی نہ رہا۔ وہ تمام احتمالات، امکانات اور غلط یا صحیح توجیہات جن کا آسرا لے کر وہ حضورؐ کی نبوت اور حضورؐ کی تعلیمات کا انکار کرتے تھے، ان تمام کا بودا پن ان پر روزِ روشن کی طرح عیاں کر دیا گیا ہے۔ چھوٹے چھوٹے فقرے ہیں لیکن کفار کے فکری اور نظریاتی قلعوں پر بجلی بن کر گر رہے ہیں اور ان کو خاکستر بناتے چلے جا رہے ہیں۔ حضرت جبیر ابن مطعم کہتے ہیں کہ جنگِ بدر کے اسیروں کی رہائی کے متعلق بات چیت کرنے کے لیے میں حضورؐ کی خدمت میں

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 195

الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ

گردشِ زمانہ کا ۲۳ فرمائیے وہاں ضرور، انتظار کرو پس میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں ۲۴ کیا حکم دیتی ہیں انہیں ان

حاضر ہوا۔ جب میں مدینہ طیبہ پہنچا اس وقت حضور مغرب کی نماز پڑھا رہے تھے اور سورۃ الطور کی تلاوت فرما رہے تھے۔ جب میں نے اس سورت کو سنا تو مجھے یوں محسوس ہوا گویا میرا دل پھٹ گیا ہے۔ فَكَأَنَّمَا صُدِعَ قَلْبِیْ(1)۔ بعد میں یہی واقعہ میرے ایمان لانے کا باعث بنا۔ اب آپ بھی انتہائی توجہ کے ساتھ ان آیات کو پڑھیے اور ان کے مطالب کو سمجھنے کی صدقِ دل سے کوشش کیجیے۔ پہلی آیت میں تو اللہ تعالیٰ اپنے محبوبِ کریم ﷺ کو ارشاد فرما رہے ہیں کہ لوگوں کو دعوتِ حق دینے کا جو فریضہ آپ کو سونپا گیا ہے آپ اس کو بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہیں۔

اس کے فوراً بعد کفار نبی کریم ﷺ پر جو بہتان لگاتے تھے ان کی تردید کر دی اور اس کی لغویت کو فاش کر دیا۔ یہ لوگ آپ کو کبھی کاہن کہتے ہیں اور کبھی مجنون۔ ان کا یہ قول خود اپنی تردید کر رہا ہے۔ ایک ہی شخص کاہن اور مجنون نہیں ہو سکتا۔ کاہن تو وہ شخص ہے جو اپنے اندر مافوق الفطرت بصیرت اور فراست کا مدعی ہوتا ہے۔ وہ لوگوں کو غیب کی باتیں بتاتا ہے اور ان کے سربستہ رازوں کا انکشاف کرتا ہے۔ اس کا کلام مقفّٰی اور مسجع ہوتا ہے۔ اس کا اسلوب اور اس کا لہجہ عام لوگوں سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ اس کے برعکس مجنون اس شخص کو کہتے ہیں جس کی عقل میں فتور واقع ہو جائے۔ جو غور و فکر کی صلاحیت سے محروم ہو جائے۔ اس کی باتیں بے ربط اور اس کے کام بے ہودہ ہوتے ہیں۔ تمہارے اس الزام کے ابطال کے لیے کسی خارجی دلیل کی ضرورت نہیں بلکہ وہ از خود اپنے ابطال کے لیے کافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محبوب! اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون۔ یہ اپنی زبان سے بکتے ہیں تو بکتے رہیں۔

۲۳ کفار جب یہ سوچتے کہ ہم کیسے بے سروپا الزامات لگا رہے ہیں، کوئی سنے گا تو کیا کہے گا، چنانچہ پھر پہلو بدلتے ہیں اور کہتے ہیں یہ شاعر ہے۔ حالانکہ ان سے بڑھ کر اس حقیقت سے اور کون واقف ہے کہ جو کلام بلاغت نظام یہ پیش کرتے ہیں اس کا شاعری کے ساتھ دور کا واسطہ بھی نہیں ہے۔ بہر حال وہ اپنے دل کو تسلی دینے کے لیے یہ کہا کرتے، یہ شاعر ہے۔ بہت جلد اس کی زندگی کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا اور اس کے بعد دنیا اسے اور اس کے اقوال کو فراموش کر دے گی جس طرح دوسرے نامی گرامی شعراء کا حال ہوا ہے۔ اس لیے تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ خواہ مخواہ اپنے آپ کو ہلکان مت کرو۔ بس انتظار کی چند گھڑیاں ہیں، انہیں گزار لو، معاملہ خود ہی رفع دفع ہو جائے گا۔ اس آیت میں رَیْبَ الْمَنُوْنِ کا لفظ غور طلب ہے۔ منون زمانہ کو کہتے ہیں کیونکہ اس کے شب و روز زندگی کو کاٹتے رہتے ہیں۔ ریب مصدر ہے۔ یہ کسی کو بے چین کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اس سے مراد حوادثات ہیں۔

وَ الرَّیْبُ مَصْدَرُ رَابَهٗ: اِذَا اَقْلَقَهٗ اُرِیْدَ بِهٖ حَوَادِثُ الدَّهْرِ وَ صُرُوْفُهٗ لِاَنَّهَا تُقْلِقُ النُّفُوْسَ(2): یعنی ریب، رَابَ کا مصدر ہے۔ معنی ہے قلق و اضطراب میں مبتلا کر دینا۔ اس سے مراد زمانہ کے حوادثات اور لیل و نہار کی گردش ہے جو انسان کو پریشان کرتی رہتی ہے۔

۲۴ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے میرے نبی! ان بے سروپا امیدیں باندھنے والوں سے کہو: بڑی اچھی بات ہے، تم بھی انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کروں گا۔ وقت خود ہی فیصلہ کر دے گا، کون حق پر تھا کون گمراہ تھا؟ کامیابیاں کس کے قدم

1۔ تفسیر ابن کثیر، زیر آیت ہذا، ج4، ص244۔ مسند امام احمد بن حنبل، ج4، ص85، دار صادر، بیروت 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، جز27، ص36

اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۚ﴿۳۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ

کی عقلیں ان (مہمل) باتوں کا ۲۵ یا یہ لوگ ہی سرکش ہیں ۲۶ کیا وہ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے خود ہی (قرآن) گھڑ لیا ہے ۲۷

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۚ﴿۳۳﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ؕ﴿۳۴﴾ اَمْ

درحقیقت یہ بے ایمان ہیں ۲۸ پس (گھڑ کر) لے آئیں وہ بھی اس جیسی کوئی (رُوح پرور) بات اگر وہ سچے ہیں ۲۹ کیا

چومتی ہیں اور عذابِ الٰہی کس پر نازل ہوتا ہے؟

۲۵ حضورؐ کے بارے میں یہ لوگ کسی ایک بات پر متفق نہیں تھے۔ کبھی کاہن کہتے کبھی مجنون کہتے اور کبھی شاعری کا الزام لگاتے۔ ان کی نفی تو پہلے کر دی گئی ہے، لیکن اب ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ تم جو کبھی کچھ کہتے ہو اور کبھی کچھ، یہ بتاؤ کیا تمہاری عقل اور سمجھ تمہیں ایسی متضاد باتیں کہنے کا حکم دیتی ہے۔

۲۶ اس جملہ سے اس کی نفی کر دی گئی کہ ان کی عقل تو ایسی لغو باتوں کا انہیں حکم نہیں دیتی۔ بات دراصل یہ ہے کہ عقل کا چراغ تو انہوں نے پہلے دن ہی گل کر دیا ہے۔ عقل و فہم سے تو انہوں نے کبھی کا رشتہ توڑ لیا ہے۔ یہ سرکش لوگ ہیں اور ان کی سرکشی ان کو باطل سے چمٹے رہنے پر مجبور کر رہی ہے اور مسلمہ حقیقتوں کو سمجھ لینے کے باوجود وہ انکار کرتے چلے جاتے ہیں۔

ان الفاظ میں ان پر کتنی زبردست چوٹ ہے۔

۲۷ اسی طرح قرآنِ کریم کے بارے میں بھی ان کی آراء مختلف تھیں۔ ان کا ایک خیال یہ بھی تھا کہ یہ قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے بلکہ یہ خود مسلسل کئی رات سوچتے رہتے ہیں اور خود فقرے گھڑ کر لوگوں کے سامنے آ کر پڑھتے ہیں اور لوگوں کو مرعوب کرنے کے لیے کہتے ہیں کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل کیا ہے۔ تَقَوَّلَهٗ: اِبْتَدَعَهٗ كَذِبًا (منجد) (1) اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ لینا۔

۲۸ اس سے اس چیز کی طرف اشارہ ہے کہ اپنے اس قول کی صحت پر انہیں قطعاً یقین نہیں۔ وہ خود جانتے ہیں کہ وہ غلط بات کہہ رہے ہیں، لیکن چونکہ انہوں نے طے کر رکھا ہے کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے اس لیے کوئی نہ کوئی عذر اپنے ایمان نہ لانے کا تلاش کر لیتے ہیں۔ اس طرح اپنے آپ کو دھوکہ دیتے رہتے ہیں اور لوگوں کو بھی اس غلط فہمی میں مبتلا رکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ان کا رویہ بے جا ضد پر موقوف نہیں بلکہ ان کے پاس دلائل ہیں جن پر اسلام کے بارے میں ان کے طرزِ عمل کا دارومدار ہے۔

۲۹ اور اگر وہ اپنے اس قول میں پختہ ہیں اور انہیں یقین ہے کہ وہ سچ کہہ رہے ہیں کہ یہ کلام ان کا اپنا بنایا ہوا ہے تو پھر ایسا کیوں نہیں کرتے کہ اس جیسا کوئی کلام پیش کر دیں؟ اور بات ہی ختم ہو جائے۔ ان میں بڑے بڑے فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب ہیں، وہ کوشش کریں، باہمی مشورہ کریں اور چند سطریں اس جیسی بنا کر پیش کر دیں۔ لیکن اگر جزیرۂ عرب کے تمام فصحاء بلغاء اپنی انتہائی خواہش اور کوشش کے باوجود ایسا کلام پیش کرنے سے قاصر رہیں تو پھر انہیں اپنی ہرزہ سرائی سے باز آ جانا چاہیے۔

1۔ المنجد، ص 663

خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

وہ پیدا ہو گئے بغیر کسی (خالق) کے یا وہ خود ہی (اپنے) خالق ہیں؟ ۳۰ کیا انہوں نے پیدا کیا ہے آسمانوں

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

اور زمین کو؟ (ہرگز نہیں) بلکہ وہ یقین سے محروم ہیں ۳۱ کیا ان کے قبضہ میں ہیں آپ کے رب کے خزانے یا انہوں نے ہر چیز

الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

پر تسلّط جما لیا ہے ۳۲ کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے (جس پر چڑھ کر) وہ (خفیہ باتیں) سُن لیا کرتے ہیں۔ (اگر ایسا ہے) تو لے آئے ان میں سے

۳۰ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی تلقین فرمایا کرتے لیکن وہ از راہِ غرور اس فرمان کو بھی پسِ پشت ڈال دیا کرتے۔ ان کے اس طرزِ عمل کے بارے میں ان سے پوچھا جا رہا ہے کہ کیا وہ بغیر کسی خالق کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں یا انہوں نے اپنے آپ کی خود تخلیق کی ہے؟ کیا آسمانوں اور زمین کو انہوں نے پیدا کیا ہے؟ اگر یہ ساری باتیں غلط ہیں اور انہیں بھی اعتراف ہے کہ نہ وہ خود بخود پیدا ہوئے ہیں نہ انہوں نے اپنے آپ کو پیدا کیا ہے اور نہ زمین و آسمان کی آفرینش میں ان کا کوئی دخل ہے تو پھر ان کا اپنے خالق کی عبادت نہ کرنا اور اس کے حضور میں جبینِ نیاز نہ رکھنا کہاں کی دانشمندی ہے؟

۳۱ اس سے اس حقیقی علت سے پردہ اٹھا دیا جس کی وجہ سے وہ عبادت نہیں کرتے؟ یعنی اگر ان سے پوچھا جائے کہ تمہیں کس نے پیدا کیا ہے؟ تو جواب دیتے ہیں اللہ نے اس زمین اور آسمان کا خالق کون ہے تو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کو خالق مانتے ہیں تو پھر اس کی عبادت سے انکار کیوں کرتے ہیں؟ فرمایا: یہ صرف زبان سے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا خالق ہے۔ وہی زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا ہے، لیکن ان کے دلوں میں کوئی ایمان اور یقین نہیں ہے۔ ان کے نفاق کو کس طرح آشکارا فرما دیا۔

۳۲ ان کی ایک اور غلط فہمی کا ازالہ کیا جا رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو نبی بنا کر ضرور بھیجنا ہی تھا تو مکہ اور طائف میں بڑے بڑے رئیس، دولتمند اور با اثر لوگ موجود تھے، ان میں سے کسی کو منتخب کیا ہوتا۔ یہ کیا تماشہ ہے کہ نبی بنایا تو اس کو جس کے پاس نہ زمین، نہ زر، نہ بھائی نہ اعوان و انصار کا کوئی جتھہ، ہم کیسے مان لیں کہ یہ انتخاب اللہ تعالیٰ کا ہے؟

فرمایا نبوت تو اللہ تعالیٰ کی دین اور اس کی نعمت ہے۔ اس کی مرضی جس کو چاہے اس نعمت سے سرفراز فرما دے۔ ان کفار کو مداخلت کا حق کس نے دیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے خزانوں کی کنجیاں اگر ان کے پاس ہوتیں اور تقسیم کرنے کا اختیار انہیں تفویض ہوتا تو کوئی بات بھی تھی۔ جب خزانے اس کے اپنے ہیں اور تقسیم کا کلّی اختیار بھی اس کے دستِ قدرت میں ہے تو یہ کہاں سے آئے اللہ تعالیٰ کی عطا پر انگشت نمائی کرنے والے۔ مصیطرون کی تشریح کرتے ہوئے علامہ جوہری لکھتے ہیں: اَلْمُصَيْطِرُ: اَلْمُسَلِّطُ عَلَى الشَّيْءِ يَشْرُفُ عَلَيْهِ وَيَتَعَاهَدُ اَحْوَالَهٗ (صحاح)(1) یعنی جو کسی چیز پر مسلط ہو، اس کی نگہبانی کرے اور اس کے تمام

1۔ الصحاح، ج2، ص684

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا

سننے والا روشن دلیل ۳۳ (ظالمو!) کیا اللہ کے لیے نری بیٹیاں اور تمہارے لیے نرے بیٹے ۳۴ (اے حبیب!) کیا آپ ان سے کوئی

فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾

اُجرت مانگتے ہیں پس وہ چٹی کے بوجھ سے دبے جارہے ہیں ۳۵ کیا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے پس وہ لکھتے جاتے ہیں ۳۶

حالات سے خبردار ہو، اسے مصیطر کہتے ہیں۔

۳۳ یہ لوگ نبی کی نبوت اور اس کی تعلیمات کا انکار کرتے ہیں۔ آخر اس انکار کی ان کے پاس کوئی دلیل بھی ہے؟ اگر ان کے پاس کوئی ایسا زینہ ہوتا جس کے ذریعے وہ آسمان پر چڑھ جاتے اور وہاں قضا وقدر کے جو فیصلے ہو رہے ہیں انہیں سن لیتے یا لوحِ محفوظ تک رسائی حاصل کر کے کسی چیز کے صحیح یا غلط ہونے کا انہیں علم ہو جاتا تو کوئی بات بھی تھی، لیکن ان کے پاس تو آسمان پر چڑھنے کے لیے کوئی زینہ نہیں ہے۔ یہ جو کچھ کہتے ہیں یہ محض ان کی اپنی قیاس آرائیاں ہیں اور ان کے وہم وگمان کی پیداوار ہیں۔ انہیں قطعاً یہ بات زیب نہیں دیتی کہ اللہ تعالیٰ کے رسول کے ارشادات کا انکار کریں جس کا علم یقینی ہے، جس کی دانش نورانی ہے اور جس کی فراست کی رسائی بہت دور تک ہے اور اگر انہیں اس بات کا دعویٰ ہے کہ وہ آسمان تک پہنچ سکتے ہیں تو اپنے دعوے کو ثابت کرنے کے لیے کوئی روشن دلیل پیش کریں۔

۳۴ وہ کم بخت بڑے وثوق سے یہ کہتے تھے کہ (معاذ اللہ) فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔ اگر وہ آسمان پر چڑھ کر فرشتوں کو دیکھ سکتے اور اپنے مشاہدہ کی بنا پر یہ بات کہتے تو کوئی بات بھی ہوتی۔ یونہی الل ٹپ باتیں بنا رہے ہیں۔ ان کی یہ جسارت از حد قبیح ہے۔ نیز اپنے لیے تو بیٹے پسند کرتے ہیں۔ اگر ان کے ہاں لڑکی پیدا ہو جائے تو شرم کے مارے منہ نہیں دکھا سکتے۔ عجیب ذہنیت ہے ان کی۔ جسے اپنے لیے ناپسند کرتے ہیں وہ اللہ کے حصہ میں ڈال دیتے ہیں۔ ان کی ساری باتیں بے ڈھبی اور عقل ودانش کے سراسر خلاف ہیں۔

۳۵ اے میرے پیارے رسول! اگر آپ ان سے اپنی ذات کے لیے چندہ طلب کرتے، سیم وزر مانگتے، خوراک اور دیگر ضروریات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے اور ان سے اپنے وعظ ونصیحت کا معاوضہ طلب کرتے اور یہ لوگ ہر روز کی فرمائشوں سے تنگ آ کر دینِ حق سے منہ موڑ لیتے تو کوئی بات بھی ہوتی۔ آپ تو بلا معاوضہ ان کی بہتری کے لیے کوشاں ہیں۔ اپنے دن کا آرام اور رات کی نیند اس غرض کے لیے قربان کر دی ہے کہ خدا کرے ان کا بجھا ہوا چراغ روشن ہو جائے۔ پھر یہ کیوں اتنے نادان بنے ہوئے ہیں کہ سرمدی نعمتیں مفت مل رہی ہیں اور یہ دم دبائے بھاگے چلے جا رہے ہیں۔ مَغْرَمٌ: مَا يُعْطٰى مِنَ الْمَالِ عَلٰى كُرْهٍ (منجد)(1) وہ مال جو جبراً ادا کرنا پڑتا ہے۔ مُثْقَلُوْنَ: اَثْقَلَ سے ہے جس کا معنی ہے کسی پر بھاری بوجھ لاد دینا۔ اَثْقَلَ: حَمَّلَهُ ثَقِيْلًا (منجد)(2) مُثْقَلٌ: وہ شخص جس پر بھاری بوجھ لاد دیا گیا ہو۔

۳۶ کیا انہیں غیب کا علم ہے اور اس علم کے باعث وہ اللہ کے رسول کی نبوت کا انکار کرتے ہیں اور اس کی تعلیمات کو جھٹلاتے

1۔ المنجد، ص 549 2۔ ایضاً، ص 71

أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۚ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ

کیا وہ (رسولِ خدا سے) کوئی فریب کرنا چاہتے ہیں تو وہ کافر خود ہی اپنے فریب کا شکار ہو جائیں گے ۳۷ کیا ان کا کوئی اور خدا

إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٣﴾ وَإِن يَرَوْا كِسْفًا مِّنَ

ہے اللہ کے سوا۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ اس شرک سے جو وہ کرتے ہیں ۳۸ اور اگر وہ دیکھ لیں آسمان کے کسی

السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ

ٹکڑے کو گرتا ہوا تو یہ (احمق) کہیں گے یہ تو بادل ہے تہہ در تہہ ۳۹ پس انہیں (یونہی) چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ وہ اپنے اس

ہیں؟ اگر ایسا ہے تو وہ تھوڑی سی زحمت گوارا کریں اور اس مضمون کی ایک تحریر لکھ دیں تا کہ یہ تحریر بوقتِ ضرورت کام آئے۔

۳۷ ان کی ایک اور غلط فہمی کو دور کیا جا رہا ہے۔ وہ دار الندوہ میں بیٹھتے اور باہمی مشورہ کرتے کہ کوئی ایسا منصوبہ تیار کیا جائے جس سے دین کی روز افزوں مقبولیت کو پسپا کیا جا سکے۔ ان کی یہ محفلیں بکثرت منعقد ہوا کرتیں اور رات گئے تک وہ سوچ بچار میں لگے رہتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے کفار! کان کھول کر سن لو کہ میرے دین اور میرے رسول کے خلاف تمہاری کوئی سازش کامیاب نہ ہوگی بلکہ تمہاری یہ سازشیں انجام کار تمہارے لیے ہی تباہی اور بربادی کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی۔ جس چراغ کو اللہ تعالیٰ روشن کرے اسے کوئی آندھی بجھا نہیں سکتی۔ جس دین کو غالب کرنے کا ذمہ اس نے لیا ہو دنیا کی کوئی طاقت اسے مغلوب نہیں کر سکتی، اس لیے یہ عبث کوششیں چھوڑ دو۔ تم کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو گے۔ علامہ قرطبی هُمُ الْمَكِيدُونَ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں أَيِ الْمَكْرُوْرُ بِهِمْ (1): یعنی نبی رحمت کے خلاف مکر و فریب کے جو جال وہ بن رہے ہیں اس میں وہ خود ہی پھنسیں گے۔ جو گڑھا وہ مسلمانوں کے لیے کھود رہے ہیں اس میں وہ خود گریں گے اور ہلاک و برباد ہو جائیں گے۔

۳۸ آخر میں فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر اگر کوئی معبودِ برحق ہوتا تو بے شک اس کی عبادت کرتے۔ جب اس کے بغیر اور کوئی معبود ہے ہی نہیں تو اب اس کے بغیر کسی کی عبادت کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔ جن چیزوں کو وہ خدا کا شریک سمجھتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام سے پاک ہے۔ کوئی اس کا شریک نہیں، کوئی اس کا ہمسر نہیں۔

یہ بیان جو مسلسل کئی آیات پر مشتمل ہے اس میں کفار کے تمام شبہات اور احتمالات کو دلائل و شواہد سے مسترد کر دیا گیا ہے اور ہر جگہ بتایا گیا ہے کہ باطل سے ان کے چمٹے رہنے کی وجہ یہی ہے کہ سرکشی کو انہوں نے اپنا شعار بنا لیا ہے۔ ان میں ایمان اور ایقان کا فقدان ہے۔ اپنے موقف کو صحیح ثابت کرنے کے لیے ان کے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جسے عقلِ سلیم قبول کر سکے۔

۳۹ آخر میں ان کی ہٹ دھرمی کی کیفیت بیان کی جا رہی ہے کہ اگر آسمان کا ٹکڑا کاٹ کر بھی ان کی ہدایت کے لیے نیچے پھینک دیا جائے تو وہ نہیں مانیں گے بلکہ یہ کہیں گے کہ یہ بادل کی ایک گھٹا ہے جو اُمڈ کر ان کی طرف آ رہی ہے۔ مَرْكُوْمٌ: رَكَمَ يَرْكُمُ رَكْمًا سے ماخوذ ہے۔ رکم کا معنی ہے کسی چیز کو ایک دوسرے کے اوپر رکھ کر ڈھیر لگا دینا جس طرح ریت کا ٹیلہ ہوتا ہے۔ رَكَمَ: جَمَعَهُ

1۔ تفسیر قرطبی، زیر آیت ہذا، جز 17، ص 76

الَّذِیْ فِیْهِ یُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ عَنْهُمْ كَیْدُهُمْ شَیْـًٔا وَّ لَا هُمْ

دن کو پالیں جس میں وہ غش کھا کر گر پڑیں گے ۴۰ جس روز ان کی فریب کاری ان کے کسی کام نہ آئے گی اور نہ ان کی مدد

یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ اِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

کی جائے گی۔ اور بے شک ظالموں کے لیے (ایک) عذاب (دنیا میں) اس سے پہلے بھی ہے ۴۱ لیکن ان میں سے اکثر

لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْیُنِنَا وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

(اس سے) بے خبر ہیں۔ اور آپ صبر فرمائیے اپنے رب کے حکم سے ۴۲ پس آپ بلاشبہ ہماری نظروں میں ہیں ۴۳ اور پاکی بیان کیجیے اپنے رب کی حمد کرتے

وَجَعَلَ بَعْضَهٗ فَوْقَ بَعْضٍ حَتّٰی یَصِیْرَ رُكَامًا مَّرْكُوْمًا كَرُكَامِ الرَّمْلِ (منجد)(1) بادل جب سخت گھنا اور تاریک ہو تو اسے سحاب مرکوم کہتے ہیں۔

۴۰ اے محبوب! یہ متعصب لوگ حق کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ آپ ان کو نظر انداز کر دیجیے۔ جب موت کی بجلی کڑکے گی پھر ان کی آنکھیں کھلیں گی۔ اس وقت انہیں پتہ چلے گا کہ ان کی تمام حیلہ سازیاں ان کے کسی کام نہ آئیں اور ان کے دوست اس مشکل لمحہ میں انہیں بے یار و مددگار چھوڑ کر چلے گئے۔

یُصْعَقُوْنَ: صعق کے دو معنی ہیں۔ غُشِیَ عَلَیْهِ وَ ذَهَبَ عَقْلُهٗ مِنْ صَوْتٍ یَّسْمَعُهٗ كَالْهَدَّةِ الشَّدِیْدَةِ(2)۔ بیہوش ہو جانا، کسی زوردار آواز کو سن کر عقل کا مختل ہو جانا۔ اس کا دوسرا معنی مات یعنی مر جانا۔ اکثر علما کا یہی خیال ہے یُصْعَقُوْنَ: یَمُوْتُوْنَ۔

۴۱ بتایا جا رہا ہے کہ عذابِ قیامت سے پہلے منکرین کو طرح طرح کے آلام و مصائب میں گرفتار کر دیا جائے گا لیکن اس سے بھی انہیں تنبیہ نہیں ہوگی بلکہ اپنی پرانی روش پر وہ گامزن رہیں گے۔ ایسے ناسمجھ کی مثال ایک حدیث شریف میں بیان کی گئی ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُنَافِقَ اِذَا مَرِضَ ثُمَّ اُعْفِیَ كَانَ كَالْبَعِیْرِ عَقَلَهٗ اَهْلُهٗ ثُمَّ اَرْسَلُوْهُ فَلَمْ یَدْرِ لِمَ عَقَلُوْهُ وَلَمْ یَدْرِ لِمَ اَرْسَلُوْهُ (ابوداؤد، کتاب الجنائز)۔(3)

کہ منافق جب بیمار ہوتا ہے اور پھر صحتیاب ہو جاتا ہے تو اس کی مثال ایک اونٹ کی سی ہے جسے گھر والوں نے پہلے باندھا اور پھر آزاد چھوڑ دیا۔ اسے اس کی خبر نہیں ہوتی کہ اسے باندھا کیوں گیا تھا اور اسے کھول کیوں دیا ہے۔

۴۲ جس قوم کو دعوتِ حق دینے کے لیے اے حبیب! آپ کو مبعوث فرمایا گیا ہے ان کے حالات سے آپ باخبر ہیں۔ وہ اکھڑ مزاج ہیں، عقل و دانش کے چراغ انہوں نے گل کر دیے ہیں، غور و تدبر سے کام لینا ان کا معمول ہی نہیں۔ ہر وقت آپ کو اذیت پہنچانے اور دینِ حق کی شمع گل کرنے کے لیے وہ آپس میں مشورے کرتے رہتے ہیں۔ ہم نے آپ کو بھیجا ہے تاکہ ان کے بے نور سینوں کو آپ روشن کر دیں۔ ان درندہ صفت لوگوں کو فرشتہ سیرت بنا دیں۔ ان کی ہٹ دھرمی کی خو کو یکسر بدل دیں اور تسلیم و رضا کا ان کو ایسا درس دیں کہ حق قبول کرنے میں انہیں پھر کبھی تامل نہ ہو۔ اتنا بڑا انقلاب برپا کرنا آسان نہیں۔ اس کے

1۔ المنجد، ص 277 2۔ ایضاً، ص 425 3۔ سنن ابوداؤد، کتاب الجنائز، باب امراض المنکرۃ، ج 2، ص 84

لیے آپ کو بڑی محنت کرنی پڑے گی، بڑے دکھ سہنے پڑیں گے، بڑی مصیبتیں برداشت کرنا ہوں گی۔ اس لیے آپ صبر و استقامت کا دامن مضبوطی سے پکڑے رہیں اور اپنا فرض پوری دل سوزی سے انجام دیتے رہیں۔ ان کلمات میں آپ پھر غور کیجیے۔ یہ نہیں فرمایا کہ ان کی اذیت رسانی پر صبر کیجیے، بلکہ فرمایا کہ صبر کیجیے کیونکہ یہ آپ کے رب کا حکم ہے۔ اپنے مالک کے حکم کے باعث صبر کرنے میں جو لطف ہے اسے اہلِ محبت ہی سمجھ سکتے ہیں۔

۴۳ آپ ہماری نگاہوں میں ہیں۔ ہم خود آپ کے محافظ اور نگہبان ہیں۔ کوئی دشمن آپ کو ناکام نہیں بنا سکتا۔ اہلِ معرفت علما کہتے ہیں کہ اسی قسم کا جملہ موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی فرمایا گیا۔ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝ (طٰہٰ) تاکہ آپ میری نگاہ کے سامنے تیار ہوں لیکن اس آیت میں عین واحد اور حرفِ جار علیٰ استعمال ہوا ہے جس کا معنی ہے میری ایک آنکھ کے سامنے، لیکن یہاں فرمایا بِاَعْيُنِنَا، حرف جار با اور اعین جمع۔ یعنی ایک آنکھ نہیں بلکہ ہماری ساری آنکھوں میں۔ علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں۔

وَ نَحْنُ نَرَاكَ بِجَمِيْعِ عُيُوْنِ الصِّفَاتِ وَ الذَّاتِ بِنَعْتِ الْمَحَبَّةِ وَ الْعِشْقِ تَنْظُرُهَا اِلَيْكَ شَوْقًا اِلَيْكَ وَ حَرَاسَةً لَّكَ(1)۔

یعنی ہم آپ کو دیکھتے ہیں اپنی ذات اور اپنی صفات کی تمام آنکھوں سے بڑے محبت بھرے انداز سے، ہم شوق سے آپ کی طرف دیکھتے ہیں اور آپ کی نگہبانی کرتے ہیں۔

علامہ آلوسی اس جملہ کی تشریح کے بعد لکھتے ہیں:

وَمَنْ نَظَرَ بِعَيْنِ بَصِيْرَتِهٖ عَلِمَ مِنَ الْاٰيَتَيْنِ الْفَرْقَ بَيْنَ الْحَبِيْبِ وَالْكَلِيْمِ عَلَيْهِمَا اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَاَكْمَلُ التَّسْلِيْمِ (روح المعانی)(2)

یعنی جو شخص نگاہِ بصیرت سے ان دو آیتوں کا مطالعہ کرے گا اسے حبیب و کلیم کے درمیان جو فرق ہے وہ معلوم ہو جائے گا۔

حضرت ابراہیم بن ادہم بلخی قدس سرہٗ نے اپنے مریدین کو صبح اور شام کے وقت یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی۔ آپ بھی اگر ان نورانی کلمات سے دستِ طلب پھیلائیں گے تو خداوندِ کریم اسے خالی واپس نہ کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ اَحْرِسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَ اَحْفَظْنَا بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَ ارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا فَلَا نَهْلِكُ وَاَنْتَ ثِقَتُنَا وَ رَجَاؤُنَا۔ (روح البیان)(3)

ترجمہ: اے اللہ! ہماری اس آنکھ سے نگہبانی فرما جو سوتی نہیں ہے اور اس گوشہ میں ہماری حفاظت فرما جس کا کوئی جابر قصد نہیں کر سکتا اور اپنی اس قدرت سے ہم پر رحم فرما جو تجھے ہم ناچیز بندوں پر حاصل ہے۔ جب تک تو ہمارا بھروسہ اور ہماری امید ہے ہم ہلاک نہیں ہوں گے۔

1۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 206 2۔ روح المعانی، زیر آیت ہذا، ج 27، ص 40 3۔ روح البیان، زیر آیت ہذا، ج 9، ص 207

حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾ ع ۲ ۲۱ ۴

ہوئے جبکہ آپ اُٹھتے ہیں۔اور رات کے کسی حصہ میں بھی اس کی تسبیح کیجیے اور اس وقت بھی جب ستارے ڈوب رہے ہوتے ہیں ۴۴

۴۴ راہِ حق میں پیش آنے والی مشکلات پر صبر کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ بڑے بڑے پیل تن بہادر میدان سے بھاگ جاتے ہیں۔ جب آفت پر آفت اور مصیبت پر مصیبت ٹوٹتی ہے تو بڑے بڑے جوانمردوں کے قدم اُکھڑ جاتے ہیں۔ اس لیے صبر کا حکم دینے کے بعد ہدایت فرمائی کہ اپنے پروردگار کی حمد و تسبیح میں ہر وقت مشغول رہا کریں۔ ذکرِ الٰہی سے ہی ایسی قوت پیدا ہوتی ہے کہ انسان پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹتے ہیں اور وہ اُف تک نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ صبر کی توفیق ان سعادتمندوں کو بخشتا ہے جو دن رات اس کے ذکر میں محو رہتے ہیں۔ فرمایا: جب بھی آپ کھڑے ہوں تو اپنے رب کی حمد اور اس کی پاکی بیان کریں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے غلاموں کو بھی یہی تلقین فرمایا کرتے۔ امام ترمذی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ فِيْ مَجْلِسٍ وَّكَثُرَ فِيْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ (1)۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو کسی مجلس میں بیٹھتا ہے اور خوب گپیں ہانکتا ہے لیکن اس مجلس سے اٹھنے سے پہلے یہ کہتا ہے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ اللہ تعالیٰ اس مجلس میں جو گناہ اس سے ہوئے ہیں، بخش دیتا ہے۔

اسی طرح اگر رات کو سوئے سوئے انسان کی آنکھ کھل جائے تو اس وقت یہ تسبیح پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ یہ کہنے کے بعد جو دعا مانگے گا وہ قبول ہوگی اور اگر وضو کرے، نماز پڑھے تو اس کی وہ نماز بھی قبول ہوگی۔ (بخاری شریف) (2)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معمول مبارک تھا کہ جب خطبہ ارشاد فرماتے تو اس کی ابتدا اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح سے کرتے۔

وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ سے مراد نمازِ صبح ہے (3) کیونکہ سورج کے طلوع ہونے کا وقت جب قریب آجاتا ہے تو ستاروں کی روشنی ماند پڑنے لگتی ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ گویا رات بھر نور افشانی کرنے کے بعد وہ یہاں سے پیٹھ پھیر کر کہیں جا رہے ہیں۔

اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نمازِ صبح کے بعد ذکر بڑی بابرکت چیز ہے۔ اہلِ سنت کی مساجد میں نمازِ صبح کے بعد بڑے اہتمام اور پورے شوق سے کلمہ شریف اور درود شریف کا ذکر دراصل اسی آیت کی تعمیل ہے۔

رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَيْلًا وَّنَهَارًا، سِرًّا وَّجَهَارًا۔ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى نُوْرِ عَرْشِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ كَثِيْرًا كَثِيْرًا۔

1۔ جامع ترمذی، ابواب الدعوات، باب مایقول اذا قام من مجلسہ، ج2، ص181
2۔ صحیح بخاری، کتاب التہجد، باب فضل من تعار من اللیل فصلی، ج1، ص155
3۔ تفسیر مظہری، زیر آیت ہذا، ج9، ص102

التحقیقات اللّغویہ

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
و		
اسوہ	۳۳	۴۲
اھل البیت	۳۳	۶۳
اکل	۳۴	۲۸
اثل	۳۴	۲۸
تؤفکون	۳۵	۹
اجاج	۳۵	۱۹
اساور	۳۵	۴۷
امام	۳۶	۱۲
امّر	۴۳	۲۶
اَسَفُوْنَا	۴۳	۶۰
استبرق	۴۴	۴۰
افّاك	۴۵	۶
اثیم	۴۵	۶
اَثَارَة	۴۶	۵
آسِنٍ	۴۷	۲۱
آزر	۴۸	۶۱
اوّاب	۵۰	۲۹
اِفْك	۵۱	۶
الآزفة	۴۰	۳۲
الافك	۴۰	۷۹

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ب		
بادون	۳۳	۴۱
تبرّج	۳۳	۶۱
یبور	۳۵	۱۷
بحر	۳۵	۱۹
بَیْض	۳۷	۱۶
مُبِین	۴۳	۲
بالھم	۴۷	۳
بھیج	۵۰	۸
مبصرا	۴۰	۷۸
ت		
اتراب	۳۸	۵۳
تعسًا	۴۷	۱۴
تَوْب	۴۰	۳
ث		
مثانی	۴۵	۳۲
اثخنتموھم	۴۷	۶
ج		
جلابیب	۳۳	۹۸

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
جنة	۳۴	۱۱
جفان	۳۴	۲۰
جُدَدٌ	۳۵	۳۹
اجداث	۳۶	۴۵
جِبِلاً	۳۶	۵۵
جياد	۳۸	۳۶
اجتبٰی	۴۲	۲۰
الجوار	۴۲	۵۵
جعل	۴۳	۳
جاريات	۵۱	۱
ح		
حناجر	۳۳	۱۹
حداد	۳۳	۳۷
حميد	۳۴	۹
محاريب	۳۴	۲۰
حوت	۳۷	۴۳
محراب	۳۸	۲۳
حميم	۳۸	۵۴
حفيظ	۴۲	۷۳
حكيم	۴۳	۵
تحبرون	۴۳	۷۰
محله	۴۸	۴۶
الحميّة	۴۸	۴۷
تحِيْد	۵۰	۱۸

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
حبك	۵۱	۴
حور	۵۲	۱۳
حجاب	۴۱	۷
خ		
خاتم	۳۳	۷۳
خمط	۳۴	۲۸
خامدون	۳۶	۲۸
خوّله	۳۹	۱۹
فاستخف	۴۳	۵۸
خرّاصون	۵۱	۷
خطب	۵۱	۲۹
خوض	۵۲	۵
د		
تدعون	۳۵	۲۵
تدعون	۴۶	۴
الدعا	۴۰	۷۶
فادعوه	۴۰	۸۴
دحورا	۳۷	۵
داخرون	۳۷	۷
مدحضين	۳۷	۴۳
الدهر	۴۵	۳۳
ماادری	۴۶	۱۲
يُدَعُّوْن	۵۲	۶

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
لیدحضوا	۴۰	۹
ذ		
ذاریات	۵۱	۱
ذنوب	۵۱	۵۵
ذوالعرش	۴۰	۲۸
ر		
مرجفون	۳۳	۱۰۱
راسیات	۳۴	۲۰
رجز	۴۵	۱۰
رکّعًا	۴۸	۵۷
راشدون	۴۹	۱۲
مرِیبٍ	۵۰	۲۴
	۴۱	۷۰
راغ	۵۱	۲۵
برکنہٖ	۵۱	۳۴
رقٍ	۵۲	۱
ریب المنون	۵۲	۲۳
مرکوم	۵۲	۳۹
رفیع الدرجات	۴۰	۲۸
الروح	۴۰	۲۸
مرتاب	۴۰	۵۳
رَواسی	۴۱	۱۴
ربت	۴۱	۶۲
ز		
یزِفُّوْن	۳۷	۳۱
ازواج	۴۳	۱۳
زخرف	۴۳	۳۹
رھوًا	۴۴	۲۴
الزقوم	۴۴	۳۷
تَزَیَّلُوْا	۴۸	۴۶
س		
سلق	۳۳	۳۷
ساھم	۳۷	۴۳
تسوّروا	۳۸	۲۳
سوق	۳۸	۳۶
استویٰ	۴۳	۱۵
	۴۸	۶۱
سندس	۴۴	۴۰
سخّر	۴۵	۱۱
سوّل	۴۷	۳۴
سکینہ	۴۸	۶
سجّدا	۴۸	۵۷
سیماھم	۴۸	۵۹
سوق	۴۸	۶۱
المسجور	۵۲	۱
سیئات	۴۰	۱۸

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
سلطان	۴۰	۳۸
مسرف	۴۰	۵۳
اسباب	۴۰	۵۴
یسجبون	۴۰	۸۹
یسجرون	۴۰	۸۹
استویٰ	۴۱	۱۹
ش		
اشحّہ	۳۳	۳۵
شقاق	۳۸	۳
لاتشطط	۳۸	۲۴
متشاکسین	۳۹	۳۴
شرع	۴۲	۱۷
شوریٰ	۴۲	۶۰
شریعۃ	۴۵	۲۳
اشداء	۴۸	۵۶
شطأہ	۴۸	۶۱
ص		
صیاصی	۳۳	۵۱
صافنات	۳۸	۳۶
صفحًا	۴۳	۶
صُبّوا	۴۴	۳۸
صدّوا	۴۷	۱
صرّۃ	۵۱	۲۸

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
فصکّت	۵۱	۲۸
اِصلوھا	۵۲	۹
مصیطر	۵۲	۳۲
یصعقون	۵۲	۴۰
صاعقہ	۴۱	۲۶
صرصرا	۴۱	۳۰
ض		
اضغانھم	۴۷	۳۷
اضغانکم	۴۷	۴۲
ط		
تطؤھم	۴۸	۴۶
طور	۵۲	۱
طول	۴۰	۵
ظ		
اظنّہ	۴۰	۵۵
ع		
الاعراب	۳۳	۴۱
معاجزین	۳۴	۸
عرم	۳۴	۲۷
عذب	۳۵	۱۹
عین	۳۷	۱۶
	۵۲	۱۳

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
عزّۃ	۳۸	۳
عُجاب	۳۸	۷
عشیّ	۳۸	۳۶
الاعلام	۴۲	۵۵
عزم	۴۲	۶۶
یعش	۴۳	۴۱
عابدین	۴۳	۷۷
فاعتلوا	۴۴	۳۸
یستعتبون	۴۵	۴۲
	۴۱	۴۰
معکوفا	۴۸	۴۶
المعرّۃ	۴۸	۴۶
العنید	۵۰	۲۴
عتید	۵۰	۱۷
عقیم	۵۱	۳۶
علٰی	۴۱	۶۹
غ		
نُغرینّک	۳۳	۱۰۱
غرور	۳۵	۱۱
غرابیب سُود	۳۵	۳۹
غول	۳۷	۱۶
غسّاق	۳۸	۵۴
یغضون	۴۹	۶
غمرۃ	۵۱	۸

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ف		
یفتح	۳۵	۶
فاطر	۳۵	۲
فرات	۳۵	۱۹
فواق	۳۸	۱۶
یفرق	۴۴	۶
تفیضون	۴۶	۹
ق		
قدور	۳۴	۲۰
قطمیر	۳۵	۲۵
مقمحون	۳۶	۶
قِطَّنَا	۳۸	۱۷
مقرنین	۴۳	۱۵
نقیّض	۴۳	۴۲
ق	۵۰	۱
ک		
کافّۃ	۳۴	۴۸
کأس	۳۷	۱۶
یکوّر	۳۹	۱۲
یکفّر	۳۹	۳۹
یکفّر	۴۸	۹
کفّار	۵۰	۲۴

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
مکیدون	۵۲	۳۷
الکنّہ	۴۱	۷
ل		
لغوب	۳۵	۴۷
ملیم	۳۷	۴۳
لطیف	۴۲	۳۷
ملیم	۵۱	۳۵
التناھم	۵۲	۱۵
یُلقّاھا	۴۱	۵۶
یُلحدون	۴۱	۶۳
م		
مزّقتم	۳۴	۱۰
تماثیل	۳۴	۲۰
مواخر	۳۵	۲۲
مارد	۳۷	۵
ملأ اعلیٰ	۳۷	۵
المھل	۴۴	۳۷
مثل	۴۸	۶۰
امتحن	۴۹	۶
مجید	۵۰	۲
مریج	۵۰	۶
مورا	۵۲	۲
ممنون	۴۱	۱۲
ن		
نبیّ	۳۳	۱
نحب	۳۳	۴۶
مِنسأتہ	۳۴	۲۳
تناوش	۳۴	۶۹
نصب	۳۵	۴۷
ینسلون	۳۶	۴۵
ننکسہٗ	۳۶	۶۰
ینزفون	۳۷	۱۶
انداداً	۳۹	۲۰
ینتصرون	۴۲	۶۱
نقبوا	۵۰	۳۳
انذرتکم	۴۱	۲۶
ینزغنّک	۴۱	۵۷
و		
وقَرْن	۳۳	۶۱
وجیھًا	۳۳	۱۰۹
واصب	۳۷	۵
یتوفّٰی	۳۹	۴۵
وحی	۴۲	۷۶
اوزعنی	۴۶	۲۲
اولیٰ	۴۷	۳۱
وقرا	۵۱	۱

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
موسعون	۵۱	۴۲
وقرٌ	۴۱	۷
یوزعون	۴۱	۳۳
لا ــــــ		
یھیج	۳۹	۲۹
الھدی	۴۸	۴۶

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
ھدینا	۴۱	۳۱
اھتزّ	۴۱	۶۲
ی ــــــ		
یقطین	۳۷	۴۳
یوم التناد	۴۰	۴۹
ایّام	۴۵	۱۵

التحقیقات النحویہ

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
لایجاورنك الاقلیلا	۳۳	۱۰۱
وماارسلناك الاکافۃ للناس	۳۴	۴۸
الحمد للّٰہ الذی	۳۴	۱
افمن زُیّن لہ سوء عملہٖ	۳۵	۱۳
لات حین مناص	۳۸	۴
قال فالحق والحق اقول	۳۸	۷۰
الاالمودّۃ فی القربٰی	۴۲	۴۲
انّنی بُراء مما تعبدون	۴۳	۳۰
امرحسب الذین اجترحوا السیئات	۴۵	۲۸
واضلّہ اللّٰہ علی علم	۴۵	۳۱
تنزیل الکتاب	۴۰	۲
ربناوسعت کل شی رحمۃ وعلما	۴۰	۱۵

	سورۃ نمبر	حاشیہ نمبر
تنزیل من الرحمٰن الرحیم	۴۱	۲
قرآنا عربیا	۴۱	۴
حفظاً	۴۱	۲۴
ان الذین کفروا	۴۱	۶۴
اتخذوا من دون اللّٰہ قربانا آلھۃ	۴۶	۳۹
ضرب الرقاب	۴۷	۵
ھآانتم ھؤلاء	۴۷	۴۳
ان تحبط اعمالکم وانتم لاتشعرون	۴۹	۵
عن الیمین وعن الشمال قعید	۵۰	۱۶
اَلقیا فی جھنّم میں اَلقیا کو تثنیہ ذِکر کرنے کی وجہ	۵۰	۲۳
وعنھو سراعا	۵۰	۴۰

اللہ جلّ مجدہٗ وعزّ شانہٗ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
توحید		
سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو زمین و آسمان کی ہر چیز کا مالک ہے۔	۳۴	۱
سب تعریفیں فاطر السمٰوٰت والارض کے لیے جس نے مختلف قوّت کے فرشتے پیدا کیے۔	۳۵	۱
سب تعریفیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے	۳۷	۱۸۲
" " " " " " " " "	۴۵	۳۶
ساری برکتیں اللہ کے لیے جو رب العالمین ہے	۴۰	۶۴
ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب العالمین ہے۔	۴۰	۶۵
اُس کے بغیر نہ کوئی خالق ہے نہ رازق	۳۵	۳
اُس کے بغیر کوئی معبود نہیں	۳۵	۳
" " " " " "	۳۹	۶
اُس واحد و قہّار کے سوا کوئی معبود نہیں	۳۸	۶۵
وُہ اللہ ہی واحد و قہار ہے	۳۹	۴
اُس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔	۴۴	۸
" " " " " " " " "	۴۷	۱۹
" " " " " " " " "	۴۰	۳
اُس کے سوا کوئی معبود نہیں وُہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	۴۰	۶۲
" " " " " " " " "	۴۰	۶۵
" " " " " " " " "	۴۱	۶
تمھارا معبود ایک ہے	۳۷	۴
" " " "	۴۱	۶
وُہ آسمانوں اور زمین کا رب ہے	۳۷	۵
وُہ مشارق کا رب ہے	۳۷	۵
وُہ میرا رب ہے	۴۲	۱۰
آسمانوں اور زمین میں بڑائی اُسی کے لیے ہے۔	۴۵	۳۷
اللہ ہی کارساز ہے	۴۲	۹
وُہی تمھارا رب ہے	۳۹	۶
آسمانوں میں اور زمین میں وُہی خُدا ہے	۴۳	۸۴
خلوص کے ساتھ اُسی کی عبادت کرو	۴۰	۱۴
وُہی زندہ ہے	۴۰	۶۵
بُت کسی ذرّہ کے مالک نہیں	۳۴	۱
زمین و آسمان میں اُن کا کوئی حصّہ نہیں	۳۴	۱
حاملینِ عرش اور دُوسرے فرشتے اُس کی تسبیح و تحمید کرتے ہیں	۴۰	۷
حکم کا اختیار اللہ کے لیے جو علی کبیر ہے۔	۴۰	۱۲

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
دلائلِ توحید		
کفّار سے پُوچھو رازق کون ہے کہیں گے اللہ	۳۴	۲۴
جو نعمت کسی کو دینا چاہے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے روکنا چاہے کوئی دے نہیں سکتا۔	۳۵	۲
ہوائیں، بادل، بارش اور مُردہ زمین کا زندہ ہونا۔	۳۵	۹
میٹھے پانی اور کھاری پانی کے ذخائر	۳۵	۱۲
تسخیرِ شمس و قمر، ساری بادشاہی اللہ کی ہے	۳۵	۱۳
بارش کا برسنا، مختلف رنگوں کے پھل، پہاڑوں کے مختلف رنگ کوئی سفید، کوئی سُرخ، کوئی سیاہ۔	۳۵	۲۷
انسانوں، چارپایوں اور جانوروں کے مختلف رنگ اور رُوپ۔	۳۵	۲۸
مُردہ زمین کو زندہ کرنا، اجناس اور پھلوں کا پیدا ہونا، چشموں کا جاری ہونا تاکہ تم کھاؤ اور ان سے مُربّے، اچار، چٹنیاں وغیرہ بناؤ۔	۳۶	۳۳ تا ۳۵
وُہ ہر عیب سے پاک ہے جس نے زمین سے اُگنے والی ہر چیز کو جوڑا جوڑا بنایا	۳۶	۳۶
تابیرِ نخل کا اعتراض اور جواب	۳۶	حاشیہ ۳۱
رات کا آنا، سُورج کا چلنا، عزیز و علیم کا مقرر کردہ ہے	۳۶	۳۸،۳۷
چاند اور اُس کی مختلف منزلیں	۳۶	۳۹
چاند کی منزلوں کے نام	۳۶	حاشیہ ۳۵
نہ سُورج چاند سے آگے نکل سکتا ہے اور نہ رات دن سے۔	۳۶	۴۰
سب سیّارے اپنے اپنے فلک میں تیر رہے ہیں	۳۶	۴۰
سفینۂ نوحؑ بھی اُس کی قدرت کی نشانی ہے۔	۳۶	۴۱
سمُندر اور دریا تمھارے لدے ہُوئے جہازوں کو اُٹھاتے ہُوئے ہیں۔ یہ محض ہماری رحمت ہے	۳۶	۴۲ تا ۴۴
جانور بنائے سواری کے لیے اُنھیں مسخّر کیا، اُن کے گوشت کو خوراک بنایا اور دیگر فوائد	۳۶	۷۱ تا ۷۳
اُس نے سبز درخت میں آگ رکھ دی	۳۶	۸۰
آسمانِ دُنیا کو ستاروں سے آراستہ کیا	۳۷	۶
ہم نے آسمان و زمین کو باطل پیدا نہیں کیا۔	۳۸	۲۷
آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا	۳۹	۵
گردشِ لیل و نہار، تسخیرِ شمس و قمر۔	۴۵	۲۲
تمھیں ایک نفس سے پیدا کیا	۳۹	۶
تمھاری خدمت کے لیے آٹھ قسم کے جانور پیدا کیے۔	۳۹	۶
شکمِ مادر کے تین اندھیروں میں تمھیں پیدا فرمایا	۳۹	۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مینہ کا برسنا چشموں کا جاری ہونا، کھیتوں کا اُگنا پھر پکنا، اہلِ عقل کے لیے اس میں نصیحت ہے۔	۳۹	۲۱
آسمانوں اور زمین کی تخلیق، اس میں گوناگوں جانور اُس کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں۔	۴۲	۲۹
ہر صبّار و شکور کے لیے کشتیوں، ہواؤں اور سمندر کی لہروں میں نشانیاں ہیں	۴۲	۳۲، ۳۳
اُس کی قدرت کی نشانیاں، آسمان سے رزق کا نزول	۴۰	۱۳
رات کو آرام کے لیے بنایا اور دن کو کام کے لیے روشن بنایا	۴۰	حاشیہ ۶۱
اُس نے زمین کو تمھارے لیے قرار اور آسمان کو چھت بنایا۔ تمھیں حسین صورت دی، پاکیزہ رزق دیا۔	۴۰	۶۴
کھانے کے لیے اور سواری کے لیے جانور بنائے اور اُن میں دیگر فوائد ہیں		
کشتی پر تم سوار ہوتے ہو۔	۴۰	۷۹، ۸۰
اُس کی قدرت کی دیگر نشانیاں	۴۰	۸۱
زمین کی تخلیق دو دن میں کی، اس میں پہاڑ بنائے، ہر قسم کی خوراک کا انتظام چار دن میں کیا۔	۴۱	۹، ۱۰
دخان سے سات آسمان دو دن میں بنائے	۴۱	۱۱
ہر آسمان کو اُس کے حسبِ حال وحی فرمائی	۴۱	۱۲
آسمانِ دُنیا کو ستاروں سے مزیّن کیا۔	۴۱	۱۲
ذالك تقدیر العزیز العلیم	۴۱	۱۲
رات، دِن، سُورج، چاند اُس کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔	۴۱	۳۷
بنجر زمین پر مینہ کا برسنا، کھیتوں کا لہلہانا اُس کی قدرت کے نشان ہیں	۴۱	۳۹
آفاق و انفس میں اللہ کی نشانیاں ہیں	۴۱	۵۲ حاشیہ ۷۵
اُس نے زمین کو گہوارہ بنایا اس میں راستے بنائے، وُہ بارش برساتا ہے وغیرہ آیاتِ قدرت، زمین و آسمان کی تخلیق	۴۳	۱۰ تا ۱۲
تمھاری اپنی پیدائش، حیوانات، گردشِ لیل و نہار، بارش، ہوائیں سب اُس کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں	۴۵	۳ تا ۵
تسخیرِ بحر	۴۵	۱۲
تمھارے لیے زمین و آسمان کی ہر چیز کو مسخّر کر دیا	۴۵	۱۳
اہلِ فکر کے لیے ان میں اُس کی قدرت کی آیات ہیں۔	۴۵	۱۳
آسمان کی طرف دیکھو اُسے کیسا بنایا اور آراستہ کیا۔	۵۰	۶
زمین کو کیسے بچھایا، پہاڑ کھڑے کیے ہر قسم کی چیزیں اگائیں	۵۰	۷
ہر فرمانبردار بندے کے لیے اس میں بصیرت افروزی اور یاد دہانی کا سامان ہے	۵۰	۸
بارش کا نزول، باغات، اجناس وغیرہ	۵۰	۹ تا ۱۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا فرمایا	۵۰	۳۸
آسمان کو بنایا اور اُسے وسعتیں بخشیں	۵۱	۴۷
زمین کا آرام دِہ فرش بچھایا	۵۱	۴۸
ہر چیز کے جوڑے بنائے تاکہ تم غور و فکر کرو	۵۱	۴۹

صفاتِ الٰہی

(الف) علمِ الٰہی

اللہ علیم حکیم ہے	۳۳	۱
〃 〃 〃	۴۹	۸
اللہ لطیفٌ خبیرٌ ہے	۳۳	۳۴
جو تم کرتے ہو اُس کو جانتا ہے	۳۳	۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۵	۸
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۱۱
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۲۴
وُہ ہر چیز کو جانتا ہے	۳۳	۴۰
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۹	۱۶
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۳	۵۵
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۴	۱
جو تمھارے دِلوں میں ہے وُہ جانتا ہے		
وُہ علیم اور حلیم ہے	۳۳	۵۱
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۵	۳۸
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۹	۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو تمھارے دِلوں میں ہے وُہ جانتا ہے	۴۲	۲۴
وُہ تمھارے ظاہر و باطن ہر چیز کو جانتا ہے	۳۳	۵۴
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۳۶	۷۶
علمِ قیامت اللہ کے پاس ہے	۳۳	۶۳
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۳	۸۵
وُہ عالم الغیب ہے	۳۴	۳
زمین و آسمان کا کوئی ذرّہ اُس سے مخفی نہیں	۳۴	۳
علّام الغیوب ہے	۳۴	۴۸
ہر عورت اُس کے علم سے حاملہ ہوتی ہے	۳۵	۱۱
عالم الغیب والشہادہ	۳۹	۴۶
وُہ غیبُ السمٰوات والارض کو جاننے والا ہے	۴۹	۱۸
اِلَّا لِنَعْلَمَ (علمِ الٰہی کی حقیقت)	۳۴	۲۱ حاشیہ ۳۹
وُہ فتّاحُ علیم ہے	۳۴	۲۶
وُہ حکیمٌ خبیر ہے	۳۴	۱
وُہ سمیعٌ قریب ہے	۳۴	۵۰
وُہ خبیرٌ بصیر ہے	۳۵	۳۱
وُہ علیمٌ قدیر ہے	۳۵	۴۴
وُہ بکلِّ خلق علیم ہے	۳۶	۷۹
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۲	۱۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۸	۲۶
وُہ سمیعٌ بصیر ہے	۴۲	۱۱
〃 〃 〃 〃	۴۰	۲۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وُہ سمیعٌ بصیر ہے	۴۰	۵۶
وُہ حکیم علیم ہے	۴۳	۸۴
〃 〃 〃 〃	۴۸	۴
〃 〃 〃 〃	۴۹	۸
وُہ سمیعٌ علیم ہے	۴۴	۶
〃 〃 〃 〃	۴۹	۱
عُمر کی زیادتی اور کمی لوحِ محفوظ میں درج ہے	۳۵	۱۱
وُہ بندوں کو اندازے سے رزق دیتا ہے	۴۲	۲۷
وُہ شہ رگ سے قریب ہے	۵۰	۱۶
دائیں بائیں دو فرشتے ہر شخص کی ہر بات لکھ رہے ہیں	۵۰	۱۸،۱۷
جو وُہ کہتے ہیں ہم جانتے ہیں	۵۰	۴۵
وُہ خائن آنکھ اور دِلوں کے بھیدوں کو جانتا ہے	۴۰	۱۹
اُس کا علم محیط ہے	۴۱	۴۷
(ب) قوّت و عزّتِ خداوندی		
وُہ قوی اور عزیز ہے	۳۳	۲۵
وُہ حکیم اور خبیرٌ ہے	۳۴	۱
وُہ عزیزٌ اور حکیم ہے	۳۴	۲۷
〃 〃 〃 〃	۳۵	۲
〃 〃 〃 〃	۴۶	۲
جو عزّت چاہتا ہے تو عزّت اللہ کے پاس ہے	۳۵	۱۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُسے کوئی ہرا نہیں سکتا	۳۵	۴۴
وُہ عزیز و وہاب ہے	۳۸	۹
وُہ عزیز و غفار ہے	۳۸	۶۶
〃 〃 〃 〃	۳۹	۵
وُہ عزیزٌ حکیم ہے	۳۹	۱
وُہ عزیز ذی انتقام ہے	۳۹	۳۷
اللہ عزیز حکیم ہے	۴۲	۳
وُہ علی و عظیم ہے	۴۲	۴
وُہ ولی حمید ہے	۴۲	۲۸
وُہ عزیز حکیم ہے	۴۵	۳۷
〃 〃 〃 〃	۴۶	۲
〃 〃 〃 〃	۴۸	۷
〃 〃 〃 〃	۴۸	۱۹
〃 〃 〃 〃	۴۰	۸
اگر اللہ چاہتا تو کفّار سے خود ہی بدلہ لے لیتا لیکن اس کی حکمت ہے وُہ تمھیں آزمانا چاہتا ہے	۴۷	۴
وُہ عزیز علیم ہے	۴۰	۲
(ج) رحمت و مغفرتِ الٰہی		
اللہ تعالیٰ غفورٌ رّحیم ہے	۳۳	۵
〃 〃 〃 〃	۳۳	۲۴
〃 〃 〃 〃	۳۳	۵۰
〃 〃 〃 〃	۳۳	۵۹
〃 〃 〃 〃	۳۳	۷۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے	۴۲	۵
" " " " "	۴۶	۸
" " " " "	۴۸	۱۴
اللہ غفور رحیم ہے	۴۹	۵
" " " "	۴۹	۱۴
وہ رحیم وغفور ہے	۳۴	۲
وہ عزیز غفور ہے	۳۵	۲۸
وہ غفور شکور ہے	۳۵	۳۰
" " " "	۴۲	۲۳
وہ اپنے بندوں کے ساتھ لطیف ہے	۴۲	۱۹
اگر لوگوں کے اعمال کے مطابق اللہ تعالیٰ گرفت کرتا تو کوئی جاندار زندہ نہ رہتا	۳۵	۴۵
لیکن اُس نے ایک وقت مقرر فرما دیا	۳۵	۴۵
اُس کی رحمت سے مت ناامید ہو	۳۹	۵۳
توبہ کا اسلامی فلسفہ	۳۹	حاشیہ ۵۴
وقت سے پہلے توبہ کر لو	۳۹	۵۴
اگر اُس کی رحمت نہ ہوتی تو فرشتے اہلِ زمین کے لیے مغفرت طلب نہ کرتے		
اور آسمان پھٹ جاتے	۴۲	۵
جو نیکی کرتا ہے اُس کی نیکی کا حُسن دوبالا کر دیا جاتا ہے	۴۲	۲۳
فنا فی الشیخ، فنا فی الرسول، فنا فی اللہ	۴۲	حاشیہ ۴۳
اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے ان کی برائیوں کو معاف کر دیتا ہے	۴۲	۲۵
توبہ کی حقیقت اور شرائط	۴۲	حاشیہ ۴۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مایوسی کے بعد بارش برساتا ہے	۴۲	۲۸
تمھاری تکالیف تمھارے اعمال کا نتیجہ ہیں۔ ویعفوا عن کثیر	۴۲	۳۰
تم سے ناراض ہو کر ہم قرآن سے تمھیں محروم نہیں کریں گے۔	۴۳	۵
وہ العزیز الرحیم ہے	۴۴	۴۲
اللہ تعالیٰ توّاب رحیم ہے	۴۹	۱۲
وہ البر الرحیم ہے	۵۲	۲۸
گناہ بخشنے والا توبہ قبول کرنے والا ہے	۴۰	۳
ذی الطول	۴۰	۳
آپ کا رب بخشش والا اور دردناک عذاب والا ہے۔	۴۱	۴۳
(د) اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق و مالک ہے		
وہ آسمانوں اور زمین کا فاطر (پیدا کرنے والا) ہے	۳۵	۱
" " " " " " " " "	۳۹	۴۶
انسان کو مٹی سے پھر نطفہ سے پیدا فرماتا ہے	۳۵	۱۱
پھر جوڑا جوڑا بناتا ہے	۳۵	۱۱
ہر عورت اُس کے علم سے حاملہ ہوتی ہے	۳۵	۱۱
ہر شے اُس کے قبضۂ قدرت میں ہے اور وہ ہر عیب سے پاک ہے۔	۳۶	۸۳
آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا	۳۹	۵
" " " " " " " "	۴۶	۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
رات کو دِن پر اَور دن کو رات پر لپیٹتا ہے	۳۹	۵
تم سب کو ایک نفس سے پیدا فرمایا	۳۹	۶
شفاعت کا مالک اللہ ہے	۳۹	۴۴
آسمان اَور زمین اَور مُلک اُس کے قبضہ میں ہیں	۳۹	۴۴
وُہ آسمانوں اَور زمین کا پیدا کرنے والا	۴۲	۱۱
تمھیں جوڑا جوڑا بنانے والا بھی وُہی ہے	۳۹	۶۲
ہر چیز کا خالق اللہ ہے	۳۹	۶۳
آسمانوں اَور زمین کی کنجیاں اُس کے قبضہ میں ہیں	۴۲	۱۲
" " " " " " " "	۴۲	۴
آسمانوں اَور زمین میں سب کچھ اُسی کا ہے		
جس کو چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے	۴۲	۱۲
جس کو چاہتا ہے تنگ روزی دیتا ہے	۴۲	۴۹
آسمانوں اَور زمین کی بادشاہی اللہ کے لیے ہے	۴۲	۵۳
" " " " " " " " "	۴۳	۸۵
" " " " " " " " "	۴۸	۱۴
وُہ آسمانوں اَور زمین کا رب ہے	۴۴	۷
ہم نے زمین و آسمان کو کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا	۴۴	۳۸
ہم نے انھیں حق کے ساتھ پیدا کیا	۴۴	۳۹
آسمانوں اَور زمین کے لشکر اللہ تعالیٰ کے ہیں	۴۸	۴
" " " " " " " "	۴۸	۷
ہم نے اِنسان کو پیدا فرمایا	۵۰	۱۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ہم اُس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اُس کے نزدیک ہیں	۵۰	۱۶
ارض و سما کو چھ دِن میں پیدا کیا پھر بھی تھکا نہیں	۵۰	۳۸
ہم ہی زندہ کرتے ہیں اَور مارتے ہیں	۵۰	۴۳
تمھارا رب وُہی ہے جو ہر شئی کا خالق ہے	۴۰	۶۲
اِنسان کو پہلے مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر علقہ سے تخلیق کے مختلف مرحلوں سے گزارا۔ پھر بچپن، جوانی، بڑھاپا زندگی کی مختلف منزلوں میں اُس کا سفرِ حیات جاری رکھا	۴۰	۶۷

(۸) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے

اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے	۳۳	۲۷
" " " " " " " "	۳۵	۱
" " " " " " " "	۴۱	۳۹
کسی پر جو رحمت کرنا چاہے کوئی روک نہیں سکتا، جو روکنا چاہے کوئی دے نہیں سکتا	۳۵	۲
اللہ کا حکم ہو کر رہتا ہے	۳۳	۳۷
اللہ کا حکم مقرر تقدیر ہے	۳۳	۳۸
آپ کا رب ہر چیز کا نگہبان ہے۔	۳۴	۲۱
وُہ علی کبیر ہے	۳۴	۲۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
میرا رب جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے	۳۴	۳۹
اگر چاہے تو تمھیں فنا کر دے اور کوئی دوسری قوم لے آئے	۳۵	۱۶
آسمانوں اور زمین کو سرکنے سے اُس نے روکا ہوا ہے	۳۵	۴۱
اُسے کوئی نیچا نہیں دکھا سکتا	۳۵	۴۴
ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور اُن کے اعمال کو لکھتے ہیں	۳۶	۱۲
کُنْ فَیَکُوْن	۳۶	۸۲
بے شک تو بہت بخشنے والا ہے (الوھاب)	۳۸	۳۵
تسخیر شمس و قمر، یہ نظام ایک مقررہ وقت تک چل رہا ہے	۳۹	۵
موت اور نیند دونوں حالتوں میں اللہ تعالیٰ رُوح کو قبض کر لیتا ہے	۳۹	۴۲
جسے چاہتا ہے فراخ روزی دیتا ہے		
جسے چاہتا ہے تنگ تقسیمِ رزق میں بڑی حکمتیں ہیں	۳۹	۵۲
اللہ کی بے پایاں قدرت، زمین اور آسمان اُس کی دائیں مٹھی میں ہے	۳۹	۶۷
وُہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے	۴۲	۹
ہر چیز پر قادر ہے اس آیت کی صوفیانہ تفسیر	۴۲	حاشیہ ۱۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے وُہ قوی عزیز ہے	۴۲	۱۹
وُہ باطل کو مٹاتا ہے حق کو غلبہ دیتا ہے	۴۲	۲۴
تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے۔ اُس کے بغیر تمھارا کوئی کارساز نہیں	۴۲	۳۱
وُہ علیم و قدیر ہے	۴۲	۵۰
وُہ شدید العقاب ہے	۴۰	۳
وُہ درجات بلند کرنے والا عرش کا مالک ہے	۴۰	۱۵
آج بادشاہی اللہ واحد قہار کی ہے	۴۰	۱۶
وُہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	۴۴	۸
اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کو پیدا کر کے تھک نہیں گیا	۴۶	۳۳
وُہ مُردوں کو پھر زندہ کرے گا	۴۶	۳۳
بائیبل میں ہے وُہ تھک گیا اور اُس نے آرام کیا۔	۴۶	حاشیہ ۴۱
جس کو چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے	۴۸	۱۴
اللہ رزّاق ہے قوت والا ہے	۵۱	۵۸
وُہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے	۴۰	۶۸
(و) اللہ تعالیٰ کسے ہدایت دیتا ہے		
اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے لیے چُن لیتا ہے اور جو صدقِ دل سے جُھکتا ہے		
اُس کو ہدایت دیتا ہے	۴۲	۱۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
شانِ اجتباء کی تشریح	۴۲	حاشیہ ۲۰
ہم جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں	۴۲	۵۲
اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبّت کرتا ہے	۴۹	۹
(ز) وُہ کِسے ہدایت نہیں دیتا اَور محبّت نہیں کرتا		
اللہ تعالیٰ جُھوٹے اَور ناشکرے کو ہدایت نہیں دیتا	۳۹	۳
جسے خدا گمراہ کردے اُسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۳۹	۲۳
ظالموں کا کوئی مددگار نہیں	۴۲	۸
وُہ ظالموں سے محبّت نہیں کرتا	۴۲	۴۰
اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا	۴۶	۱۰
ہر متکبّر سرکش کے دل پر وُہ مُہر لگا دیتا ہے	۴۰	۳۴
(ح) وُہ ہر عیب سے پاک ہے		
وُہ وعدہ خلافی نہیں کرتا	۳۹	۲۰
زمین و آسمان اَور عرش کا رب اُن کے بیان کردہ خرافات سے پاک ہے	۴۳	۸۲
آپ کا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا	۴۱	۴۶
کائنات کو پیدا کرکے ہم تھک نہیں گئے	۵۰	۱۵
ہم بندوں پر ظلم نہیں کرتے	۵۰	۲۹
ہمیں تھکاوٹ نہیں ہوئی	۵۰	۳۸
میں اُن سے رزق طلب نہیں کرتا	۵۱	۵۷
جن کو وُہ شریک ٹھہراتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن سے پاک ہے	۵۲	۴۳
(ط) متفرّق		
اللہ تعالیٰ حق کہتا ہے اَور سیدھی راہ کی ہدایت دیتا ہے	۳۳	۴
اللہ وکیل کافی ہے	۳۳	۳
"اللہ کی سُنّت" میں تُو تبدیلی نہیں پائے گا	۳۳	۶۲
پاکیزہ کلمے اُسی کی طرف بلند ہوتے ہیں اَور عملِ صالح اُس کے درجے کو بلند کرتے ہیں	۳۵	۱۰
لوگ محتاج ہیں اللہ غنی ہے	۳۵	۱۵
اللہ کی سُنت میں تو تبدیلی نہیں پائے گا	۳۵	۴۳
جس کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اُس کی قوّتیں کمزور کر دیتے ہیں	۳۶	۶۸
اگر سب بندوں کو اللہ تعالیٰ کُشادہ روزی دیتا تو وُہ باغی بن جاتے لیکن وُہ اندازے سے رِزق دیتا ہے	۴۲	۲۷
اللہ غنی ہے اَور تم فقراء ہو	۴۷	۳۸
اللہ کی یہ سُنت ہے کہ آخر کار حق غالب آتا ہے اَور باطل شکست کھاتا ہے۔	۴۸	۲۳
اِس سُنّت میں ردّوبدل نہیں ہوسکتا	۵۰	۲۹
میرا فیصلہ میرے نزدیک بدلتا نہیں		

سیّدنا و مولٰنا محمّد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
(الف) نبوّت و رسالت		
نبوّت کی لغوی اور اصطلاحی تعریف	۳۳	حاشیہ ۱
رسُولوں سے تبلیغِ حق کا پختہ وعدہ لیا گیا	۳۳	۷
جو کام اللہ تعالیٰ نبی پر فرض کرے اُس کو بجالانا ضروری ہوتا ہے	۳۳	۳۸
حضورؐ کی کثرتِ ازواج پر یہود و نصاریٰ کا اعتراض اور اُس کا جواب	۳۳	حاشیہ ۶۹
انبیاء و رُسل اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے	۳۳	۳۹
حق آگیا باطل کی قوّت کا خاتمہ ہو گیا	۳۴	۴۹
ہر اُمّت میں ڈرانے والا بھیجا گیا ہے	۳۵	۲۴
قسم ہے قرآن کی آپ رسُولوں میں سے ہیں	۳۶	۳
آپ سیدھی راہ پر ہیں	۳۶	۴
آپ کی بعثت کا مقصد	۳۶	۶
اللہ کے رسُول ہی آخرکار فتح یاب ہوتے ہیں	۳۷	۱۷۱ تا ۱۷۳
سب انبیاء نوحؑ، ابراہیمؑ، موسٰےؑ، عیسٰےؑ علیہم السّلام کو حکم ہے کہ دین کو قائم کریں آپ کا فرض تبلیغِ حق ہے آپ ان کے ذمہ دار نہیں۔	۴۲	۱۳
	۴۲	۴۸
انبیاء پر نزُولِ وحی اور خطابِ الٰہی کے مختلف طریقے	۴۲	۵۱
حضورؐ کی رسالت کا اعلان	۴۸	۲۹
آپ نصیحت کیا کریں کیونکہ نصیحت کرنا مومنین کے لیے نفع مند ہے	۵۱	۵۵
آپ نصیحت کیا کریں اللہ کے احسان سے نہ کاہن ہیں نہ مجنوں	۵۲	۲۹
کفّار کا عتبہ کو تحقیقِ حق کے لیے بھیجنا	۴۱	حاشیہ ۲۸
قرآنِ کریم سُن کر اُس کا دنگ رہ جانا		
(ب) رحمت و خُلقِ عظیم		
اپنی اُمّت کے ساتھ حضُور کی حد درجہ محبّت	۳۳	۶ حاشیہ ۱۱
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر اللہ کے ذِمّے	۳۴	۴۷
آپ بدکاروں کے لیے آزُردہ خاطر نہ ہوں	۳۵	۸
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا اور نہ میں تکلّف کرنے والوں سے ہوں	۳۸	۸۶
آپ بھی دینِ حق کی طرف دعوتِ حق دیجیے	۴۲	۱۵
عظیم آیت = اِس میں دس احکام ہیں	۴۲	۱۵
کیا آپ بہروں اور اندھوں کو راہ دکھانا چاہتے ہیں	۴۳	۴۰
ہم اِن منکرین کو جلد یا بدیر ضرور سزا دیں گے	۴۳	۴۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مکّہ میں شدید قحط، ابُوسفیان کا مدینہ میں حاضر ہوکر التماسِ دُعا کرنا، حضُور کی دُعا اور بارش	۴۴	حاشیہ ۱۳
واستغفر لذنبك وللمؤمنين اپنی اُمّت کی مغفرت کے لیے دُعا	۴۷	۱۹
مانگیے اور صُبح شام تسبیح وتحمید کیجیے	۴۰	۵۵
کفّار کی اذیّت رسانی پر صبر کی تلقین اور ہر لحظہ ذِکرِ الٰہی کی تاکید	۵۰	۳۹، ۴۰
حضورؐ کوئی اجر نہیں مانگتے	۵۲	۴۰
صبر کی تلقین محض تانیس ودِلجوئی کے لیے ہے	۴۰	۷۷
		حاشیہ ۹۴
(ج) شانِ مُصطفویؐ		
حضرت زید کی محبّت بے پایاں اور اُس کی برکات	۳۳	حاشیہ ۱۰
النبی اولیٰ بالمؤمنین	۳۳	۶
حضورؐ کی ازواج مومنوں کی مائیں ہیں	۳۳	۶
انبیاء کے ذِکر میں حضُورؐ کو مقدّم کیا کیونکہ حضُورؐ اوّل الخلق ہیں	۳۳	۷
اہلِ ایمان کے لیے رسُولؐ کی ذات بہترین نمُونہ ہے	۳۳	۲۱
اُسوۂ حسنہ کی تشریح	۳۳	حاشیہ ۴۲
حضرت زید کے بارے میں فرمایا جس پر اللہ نے اِنعام فرمایا اور آپ نے اِنعام فرمایا اِس واقعہ کا تفصیلی تجزیہ	۳۳	۳۷
		حاشیہ ۶۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
حضُورؐ اللہ کے رسُول اور خاتم النّبیین ہیں	۳۳	۴۰
عقیدۂ ختمِ نبوّت کے عقلی اور نقلی دلائل، تاویلاتِ باطلہ کا ردّ، مفصّل بحث	۳۳	۴۰
		حاشیہ ۷۳
ہم نے آپ کو شاہد، مبشّر، نذیر، داعی اِلی اللہ اور سراجِ مُنیر بنا کر بھیجا ہے	۳۳	۴۵، ۴۶
اِن اسماءِ حُسنیٰ نبویہ کی تشریح	۳۳	حواشی ۷۹۔۸۱
حضورؐ کی کثرتِ ازواج کی حِکمت	۳۳	حاشیہ ۸۵
مساوی سلوک کرنے کی پابندی نہیں پھر بھی حضُورؐ مساوی سلوک فرمایا کرتے	۳۳	حاشیہ ۸۷
مزید نکاح کی ممانعت	۳۳	۵۲
حضورؐ کی ازواجِ مطہرات سے نکاح کی ممانعت	۳۳	۵۳
اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے نبی کریمؐ پر دُرود بھیجتے ہیں	۳۳	۵۶
اَے ایمان والو تم بھی دُرود وسلام بھیجا کرو	۳۳	۵۶
دُرود شریف کے فضائل وبرکات صلوٰۃ وسلام کا لغوی اور اِصطلاحی معنی، دُرود شریف پڑھنے کے خصُوصی مقامات، مفصّل بحث	۳۳	حاشیہ ۹۵
جو اللہ اور اُس کے رسُولؐ کو اذیّت پہنچاتے ہیں اُن پر اللہ کی لعنت اور رُسوا کُن عذاب	۳۳	۵۷
آپؐ سب بنی نوعِ انسان کے رسُول ہیں	۳۴	۲۸
آپؐ کو حق کے ساتھ بشیر ونذیر بنا کر بھیجا گیا	۳۵	۲۴

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ابوجہل کا حضورؐ کو پتھر مارنے کے ارادہ سے آگے بڑھنا اور اُس کا انجام	۳۶	حاشیہ ۶
قرآن کی قسم حضورؐ سچے نبی ہیں	۳۸	حاشیہ ۱
حضورؐ کی حکومت کا دائرہ سلیمانی حکومت سے کہیں وسیع تھا	۳۸	حاشیہ ۳۸
جب حضرت سلیمانؑ کو اختیار دیا تو سید الرسلؐ کو کیا نہ دیا ہوگا۔	۳۸	حاشیہ ۴۱
میں ڈرانے والا ہوں	۳۸	۶۵
حضورؐ اوّل المسلمین ہیں	۳۹	۱۲
وہ آپ کو اپنے بتوں سے ڈراتے ہیں	۳۹	۳۶
میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا		
الا المودۃ فی القربیٰ (اس کی وضاحت)	۴۲	حاشیہ ۲۳
اعلانِ نبوت سے پہلے کیا حضورؐ کو کتاب و ایمان کا علم نہ تھا؟ تفصیلی بحث	۴۲	حاشیہ ۷۸
آپ صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی کرتے ہیں الخ	۴۲	۵۲، ۵۳
بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں	۴۳	۴۳
قرآن آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے وجہِ عزّ و شرف ہے	۴۳	۴۴
حضورؐ کے قول کی قسم (وقیلہٖ)	۴۳	۸۸
مزارِ پُر انوار سید الابرار عرش سے افضل ہے	۴۴	حاشیہ ۴
تُبّع ابوکرب کا مشرف باسلام ہونا حضورؐ کی خدمت میں عریضہ کہ میں حضور کے پہلے پہلے غلاموں سے ہوں مجھے روزِ قیامت	۴۴	حاشیہ ۳۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
فراموش نہ فرمایئے۔ ابوایوب انصاری کا وہ عریضہ پیش خدمت کرنا، حضورؐ کا تبعّ کے ایمان کو قبول فرمانا اور شفاعت کا ذمہ لینا		
بارگاہِ رسالت میں فریاد شرک نہیں۔ عین ایمان اور پاکانِ اُمّت کا معمول ہے	۴۶	حاشیہ ۶
میری رسالت کا خدا گواہ ہے	۴۶	۸
لا ادری مایفعل بی ولا بکم الآیہ کی تشریح	۴۶	حاشیہ ۹
جنّات بھی حضورؐ کے اُمّتی ہیں۔ اُن کا قرآن سُننا، اُس پر ایمان لانا، اپنی قوم میں واپس جاکر تبلیغِ اسلام کرنا	۴۶	۲۹ تا ۳۲
حضرت سواد ابنِ کارب کا ایک جنّ کے کہنے پر ایمان لانا اور بارگاہِ رسالت میں یہ قصیدہ پیش کرنا وانّک مامونٌ علی کل غائب	۴۶	حاشیہ ۴۰
آپ صبر کیجئے جس طرح اُولوالعزم رسولوں نے صبر کیا	۴۶	۳۵
عصمتِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم (واستغفر لذنبك وللمؤمنین)	۴۷	حاشیہ ۲۸
ہم نے آپ کو فتحِ مبین عطا فرمائی	۴۸	۱
عصمتِ نبوّت (لیغفر لك اللہ ما تقدم من ذنبك وما تاخر)	۴۸	حاشیہ ۲
حضورؐ پر اللہ نے اپنی نعمت تمام کردی اور آپؐ کی زبردست مدد فرمائی	۴۸	۲، ۳
آپؐ کو شاہد، مبشّر اور نذیر بنا کر بھیجا	۴۸	۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپؐ کی تعظیم اور توقیر کا حکم وتعزّروہ وتوقّروہ	۴۸	حاشیہ ۹
جو آپ کی بیعت کرتے ہیں وہ اللہ کی بیعت کرتے ہیں	۴۸	۱۰
اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں کے اُوپر ہوتا ہے	۴۸	۱۰
حضورؐ کے دستِ مبارک پر بیعت کرنے والوں سے اللہ راضی ہوگیا اور اُن پر دیگر انعامات	۴۸	۱۸
حضورؐ کا خواب کہ تم مسجدِ حرام میں ضرور داخل ہوگے۔ اللہ نے وہ خواب سچّا کر دکھایا۔	۴۸	۲۷
حضورؐ کو ہدایت اور دینِ حق دے کر مبعوث فرمایا تاکہ سارے دینوں پر اس دین کو غلبہ دے	۴۸	۲۸
آپ ہماری قُدرت کی آنکھوں میں بستے ہیں (فانّك باعیننا)	۵۲	۴۸
(د) نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا علم		حاشیہ ۴۳
ہم نے آپ کو شعر نہیں سکھایا بلکہ ذِکر اور قرآن سکھایا	۳۶	۶۹
شعر کی تشریح	۳۶	حاشیہ ۶۱
کیا حضورؐ کو اپنے انجام کا علم نہ تھا؟	۴۶	حاشیہ ۱۲
(وانّك مامونٌ علیٰ کل غائب) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو منافقین کا علم دے دیا گیا تھا	۴۶	حاشیہ ۴۰
ثابتؓ ابنِ قیس کو سعادت، شہادت اور جنّت کی بشارت	۴۷	۳۰
میرا یہ بیٹا سردار ہے یہ دو مسلمان گروہوں میں صلح کرائے گا	۴۹	حاشیہ ۳
جن رسُولوں کا ذِکر قرآن میں نہیں اُن کا علم بھی دیا گیا	۴۹	حاشیہ ۱۵
(ہ) آدابِ نبوّت	۴۰	حاشیہ ۹۵
حضورؐ کے حُجروں میں جانے کے آداب	۳۳	۵۳
حضورؐ کے گھر سے کوئی چیز مانگنا ہو تو پردہ کے باہر کھڑے ہو کر مانگو	۳۳	۵۳
جس طرح بنی اسرائیل نے موسیٰؑ کو ستایا تھا۔ اے ایمان والو میرے نبی مکرّم کے ساتھ یہ سلوک مت کرو	۳۳	۶۹
حضورؐ کی تعظیم اور توقیر کا حکم (وتعزّروہ وتوقّروہ)	۴۸	۹
اللہ اور اُس کے رسولؐ سے آگے بڑھنے کی کوشش مت کرو	۴۹	۱
حضورؐ کے سامنے آواز تک بلند نہ کرو ورنہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں گے	۴۹	۲
صحابہ کا ادب حضرت ثابت ابنِ قیس	۴۹	حواشی ۳ تا ۵
بارگاہِ نبوّت کا ادب ملحوظ رکھنے والوں کی شان	۴۹	حاشیہ ۳
	۴۹	۳

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
بلند آواز سے دُرود شریف پڑھنے کا حکم	۴۹	حاشیہ ۵
علماء صلحاء کا ادب	۴۹	۸
حجرات کے باہر سے آواز دینا نادانی ہے	۴۹	۴
وفد بنی تمیم کی آمد اُن کا طرزِ عمل اَور فرمائش	۴۹	حاشیہ ۷
حضُورؐ کی آمد کا صبر سے اِنتظار کرو	۴۹	۵
(د) اہلِ بیتِ نبوّت		
فتوحات سے پہلے ازواجِ مطہّرات کی درویشانہ زندگی، فتوحات کے بعد اُن کے مطالبات، اِرشادِ الٰہی کہ اگر تمھیں مال واسباب چاہیئے تو آؤ تمھیں رُخصت کر دیا جائے اَور اگر تمھیں اللہ اَور اُس کا رسُولؐ چاہیئے تو تمھیں اجرِ عظیم ملے گا۔ ازواجِ مطہّرات نے اللہ اَور رسُولؐ کو پسند کیا۔	۳۳	۲۹،۲۸
جو تم میں سے کھُلی غلطی کرے گی اُس کو دُگنی سزا ملے گی	۳۳	۳۰
جو تم میں سے فرماں بردار ہوگی اُسے دُگنا اجر ملے گا اَور رزقِ کریم	۳۳	۳۱
اَے ازواجِ النبی تم عام عورتوں کی مانند نہیں ہو	۳۳	۳۲
پردہ کا حکم	۳۳	۳۳
اُمّ المومنین صدّیقہؓ پر شیعہ کا اِعتراض اَور اُس کا رد	۳۳	حاشیہ ۶۱

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
جنگِ جمل کے تفصیلی حالات	۳۳	۳۳
اُقتلوا نعثل والی روایت جھُوٹی ہے	۳۳	حاشیہ ۶۱
اُمّ المومنین اَور امیر المومنین کے دلوں میں باہمی قدر و منزلت	۳۳	حاشیہ ۶۱
نماز، زکوٰۃ کی ادائیگی اَور اُس کے رسُولؐ کی اطاعت کا حکم	۳۳	۳۳
اَے اہلِ بیت اللہ تعالیٰ تم سے رجس دُور کرنے کا اِرادہ کرتا ہے	۳۳	۳۳
کیا ازواجِ مطہّرات اہلِ بیت میں داخل ہیں یا نہیں تفصیلی بحث، شیعہ کا نقطۂ نظر		
اُن کے دلائل اَور اُن کا ردّ	۳۳	حاشیہ ۶۳
ازواج و بنات کے لیے پردہ کا خصُوصی حکم	۳۳	۵۹
حضُورؐ کی چار صاحبزادیاں تھیں	۳۳	حاشیہ ۹۸
اِلّا المودّۃ فی القربیٰ کی تشریح	۴۲	حاشیہ ۴۲
(ز) حضُورؐ کی اطاعت		
اہلِ ایمان کے لیے حضُورؐ کی ذات میں بہترین نمُونہ ہے	۳۳	۲۱
اللہ اَور اُس کے رسُولؐ کے فیصلہ کے بعد کسی مومن مرد یا عورت کو کوئی اِختیار نہیں رہتا	۳۳	۳۶
اللہ اَور رسُولؐ کا نافرمان کُھلا گمراہ ہے	۳۳	۳۶
حضُورؐ کا مطیع ہی فوزِ عظیم حاصل کرے گا	۳۳	۷۱
شریعت کی پابندی کا حکم اَور اہوا نفس کی متابعت کی ممانعت	۴۵	۱۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اطاعتِ خُدا اَور رسُولؐ کا حکم	۴۷	۳۳
جو اللہ اَور اُس کے رسُولؐ کی اطاعت کرے گا اُس کو جنّت ملے گی	۴۸	۱۷
اَور جو مُنہ پھیرے گا اُس کو عذابِ الیم	۴۸	۱۷
اطاعتِ رسُولؐ کا حکم	۴۹	۱
اگر اللہ اَور رسُولؐ کی اطاعت کروگے تو تمھارے اعمال میں کمی نہیں کی جائے گی	۴۹	۱۴
(ح) اِظہارِ عبدیّت		
اللہ سے ڈرے	۳۳	۱
کفّار و مُنافقین کی اطاعت کی ممانعت	۳۳	حاشیہ ۳
" " " " " " "	۳۳	۴۸
اِتّباعِ وحی کا حُکم	۳۳	۲
اللہ پر توکّل کا حُکم	۳۳	۳
" " " " " "	۳۳	۴۸
انّك میّت وانّهم میّتون	۳۹	۳۰
اللہ کی عبادت کرو اَور شکر گزار بندوں میں شامل ہو جاؤ	۳۹	۶۶
قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ	۴۱	۶
قرآن کو مضبُوطی سے پکڑے رہیئے	۴۳	۴۳
شریعت کی پابندی کا حکم	۴۵	۱۸
وما ادری مایفعل بی ولابکم	۴۶	۹
استغفر لذنبك وللمؤمنین	۴۷	۱۹
اپنے رب کے حکم پر صبر کیجئے	۵۲	۴۸
اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کیجئے	۵۲	۴۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
(ط) اِسلام		
دین کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہُوئے اُس کی عبادت کرو	۳۹	۲
خبردار دین خالص فقط اللہ کے لیے ہے	۳۹	۳
جس کا سینہ وُہ اِسلام کے لیے کھول دے وُہ اپنے رب کی طرف سے نُور پر ہے	۳۹	۲۲
شریعت کی پابندی کا حکم اَور جاہلوں کی خواہشات سے اِجتناب کی تاکید	۴۵	۱۸
دینِ اِسلام کو سب دینوں پر اللہ تعالیٰ غلبہ دینا چاہتا ہے	۴۸	۲۸
مکارمِ اخلاق کی تعلیم، مُسلمان بھائی بھائی ہیں۔ اگر لڑیں تو اُن کے درمیان صُلح کرادو	۴۹	۱۰
ایک دُوسرے کا تمسخر نہ اُڑاؤ	۴۹	۱۱
ایک دُوسرے پر عیب نہ لگاؤ	۴۹	۱۱
بُرے القاب سے یاد نہ کرو	۴۹	۱۱
بئس الاسم الفسوق بعد الایمان	۴۹	۱۱
سوءِ ظن سے بچو	۴۹	۱۲
ایک دُوسرے کی جاسُوسی مت کرو	۴۹	۱۲
غیبت نہ کرو یہ تو مُردہ بھائی کا گوشت کھانا ہے	۴۹	۱۲
نسب اَور رنگ وجہِ شرف نہیں	۴۹	۱۳
ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔ جو تم میں سے زیادہ متقی ہے وُہ اللہ کے نزدیک عزّت والا ہے		
شعُوب و قبائل پہچان کے لیے ہیں		حاشیہ ۲۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر		سورۃ نمبر	آیت نمبر
اِسلام لانے کا اِحسان اللہ پر مت جتلاؤ۔ یہ اُس کا اِحسان ہے کہ	۴۹	۱۷	اُس نے تمھیں ہدایت دی	۴۹	حاشیہ ۳۰

انبیاء علیہم السّلام

	سورۃ نمبر	آیت نمبر		سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے وحی نازل فرماتا ہے	۴۰	۱۵	مخلص بندوں کے	۳۸	۸۲، ۸۳
ہم اپنے رسُولوں کی اَور مومنین کی مدد کرتے ہیں	۴۰	۵۱	اللہ تعالیٰ کا جواب	۳۸	۸۴، ۸۵
بعض انبیاء کا ذِکر قرآن میں ہے بعض کا نہیں	۴۰	۷۸	**اِبراہیم علیہ السّلام**		
نبی اِذنِ الٰہی سے معجزہ پیش کرتا ہے	۴۰	۷۸	حضرت اِبراہیمؑ نوحؑ کی جماعت سے تھے	۳۷	۸۳
آدم علیہ السّلام			آپ کا قلب سلیم تھا	۳۷	۸۴
تخلیقِ آدم کیچڑ سے ہوئی۔ نفخت فیہ من روحی کا شرف آدم کو حاصل ہوا	۳۸	۷۲	آپ کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا	۳۷	۸۵
فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم	۳۸	۷۳، ۷۲	قوم کا میلہ منانے کے لیے جانا۔ آپ کا بُت خانہ میں بُتوں کو ریزہ ریزہ کرنا تفصیلی تذکرہ قوم کی میلہ سے واپسی۔ ہوش رُبا منظر	۳۷	۸۸ تا ۹۳
اِبلیس کا اِنکار اَور تکبّر کا اِظہار کہ میں آدم سے بہتر ہُوں	۳۸	۷۳ تا ۷۶	آپ کے پاس دوڑے آئے	۳۷	۹۴
ابلیس کا راندہ جانا	۳۸	۷۷، ۷۸	اُن کے غلط عقائد پر آپ کا بھرپُور وار		۹۵ تا
اُس کا مُہلت مانگنا اَور مُہلت کا مِلنا	۳۸	۷۹ تا ۸۱	اُن کا آتش کدہ بھڑکانا اَور آپ کا محفوظ رہنا	۳۷	۹۸
شیطان کا چیلنج کہ تیری عزّت کی قسم میں اولادِ آدم کو گمراہ کروں گا سوائے تیرے			آپ کا وہاں سے ہجرت کر جانا	۳۷	۹۹
			بچے کے لیے دُعا اَور اس کی قبولیّت	۳۷	۱۰۰، ۱۰۱
			بچے کو ذبح کرنے کا حکم۔ باپ بیٹے کا جذبۂ تسلیم و رضا	۳۷	۱۰۲ تا ۱۰۵
			یہ فرزند کون تھا، اِسمٰعیل یا اِسحاق علیہما السّلام	۳۷	حاشیہ ۳۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کا ذکرِ خیر ہمیشہ باقی رہے گا	۳۷	۱۰۸ تا ۱۱۱
حضرت اِسحاقؑ کی بشارت	۳۷	۱۱۲
ابراہیمؑ، اِسحاقؑ، یعقوبؑ بڑے طاقتور اور روشن دِل تھے (اولی الایدی والابصار)	۳۸	۴۵
وُہ ہمیشہ یادِ آخرت میں لگے رہتے	۳۸	۴۶
یہ چُنے ہُوئے پسندیدہ لوگ تھے	۳۸	۴۷
حضرت اِبراہیمؑ کا اپنے باپ اور قوم کو وعظ	۴۳	۲۶ تا ۲۸
ابراہیمؑ کے پاس اِنسانی شکل میں فرشتوں کی آمد، آپ کا گوشت بھون کر پیش کرنا	۵۱	۲۴ تا ۲۶
فرشتوں کا بیٹے کی بشارت دینا	۵۱	۲۸
حضرت سارہ کا اس پر متعجّب ہونا،	۵۱	۲۹ تا
فرشتوں کا جواب	۵۱	۳۰
کیا اِس سے ماتم کا جواز ثابت ہوتا ہے؟	۵۱	حاشیہ ۲۸
فرشتوں کا بتانا کہ وُہ قومِ لُوط کو برباد کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں	۵۱	۳۱ تا ۳۷
الیاس علیہ السّلام		
حضرت الیاسؑ رسُول تھے	۳۷	۱۲۳
اپنی قوم کو دعوتِ توحید	۳۷	۱۲۴ تا ۱۲۶
قوم نے آپ کو جھٹلایا	۳۷	۱۲۷
اُن کا ذکرِ خیر، اُن پر سلام	۳۷	۱۲۸ تا ۱۳۲
اِسحاق علیہ السّلام		
آپ کی بشارت	۳۷	۱۱۲
ہم نے آپ پر اور اسحٰق پر برکت دی	۳۷	۱۱۳
ان کی اولاد میں کچھ نیک ہیں اور کچھ ظالم	۳۷	۱۱۳
حضرت اِسحٰقؑ، آپ کی صفاتِ حمیدہ	۳۸	۴۵ تا ۴۷
اِسماعیل علیہ السّلام		
آپ کی ذبح کا اِیمان افروز واقعہ	۳۷	۱۰۲ تا ۱۰۵
کیا ذبیح آپ تھے تحقیق	۳۷	حاشیہ ۳۸
آپ کا ذِکر باقی رہے گا	۳۷	۱۰۸ تا ۱۱۱
آپ اخیار میں سے تھے	۳۸	۴۸
اَیُّوب علیہ السّلام		
آپ کی آزمائش، آپ کی دُعا	۳۸	۴۱ تا ۴۳
آپ پر عنایاتِ خداوندی	۳۸	۴۳
قسم پُورا کرنے کا طریقہ	۳۸	۴۴
نعم العبد انّہٗ اوّاب کا خطاب	۳۸	۴۴
داؤد علیہ السّلام		
داؤد علیہ السّلام کو فضیلت بخشی، پہاڑ اور پرندے اُن کے ساتھ مِل کر تسبیح کہتے		
لوہے کو نرم کر دیا	۳۴	۱۰
آپ کو زرہ بنانے کا فن سِکھایا	۳۴	۱۱
زرہ سازی کے ساتھ ساتھ نیک کام کرنے کا حکم دیا	۳۴	۱۱
آپ بڑے طاقتور تھے	۳۸	۱۷
پہاڑ، پرندے سب اُن کے فرمانبردار تھے	۳۸	۱۸، ۱۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپ کو مُلک، حکمت اور فصل الخطاب کا انعام دیا گیا	۳۸	۲۰
آپ کے حجرۂ عبادت میں دو فریقوں کا اچانک آ جانا، آپ کے پاس اپنا مقدمہ پیش کرنا تفصیلی تذکرہ	۳۸	۲۱ تا ۲۵
بائبل کی آپ پر تہمت اور اس کی تحقیق	۳۸	حاشیہ ۳۱
آپ کو زمین میں خلیفہ مقرر کیا گیا	۳۸	۲۶
آپ کو عدل قائم کرنے کا حکم اور خواہشِ نفس کی اتباع سے ممانعت	۳۸	۲۶
سُلیمان علیہ السّلام		
ہوا کو آپ کے ماتحت کر دیا، صبح و شام ایک ماہ کی مسافت طے ہوتی	۳۴	۱۲
عین القطر جنّات کو بھی ان کا تابع فرمان بنا دیا گیا	۳۴	۱۲
جنّات آپ کے لیے مختلف چیزیں بناتے، پختہ عمارتیں، مجسّمے، لگن، دیگیں وغیرہ	۳۴	۱۳
آپ کو شکر ادا کرنے کا حکم	۳۴	۱۳
جنّات کو آپ کی وفات کا کیسے علم ہوا	۳۴	۱۴
حیاتِ انبیاء علیہم السّلام	۳۴	حاشیہ ۲۳
سلیمان علیہ السّلام کو نعم العبد انّہٗ اوّاب فرمایا گیا	۳۸	۳۰
آپ کا گھوڑوں کو مُلاحظہ کرنا، اس بارے میں روایات کی تحقیق	۳۸	حاشیہ ۳۶
آپ کی آزمائش (اسرائیلی روایات کی تہمت)	۳۸	حاشیہ ۳۷
آپ کی دُعا	۳۸	۳۵
ہوا آپ کے ماتحت تھی	۳۸	۳۶
سب شیطان (دیو) بھی ماتحت کر دیئے، (کوئی معمار کوئی غوطہ خور)	۳۸	۳۷، ۳۸
یہ ہمارا انعام ہے چاہے پاس رکھ چاہے کسی کو دے دے عام اجازت ہے	۳۸	۳۹
آپ بڑے مقرّب، آپ کا انجام بہت عمدہ	۳۸	حاشیہ ۴۱
جب حضرت سلیمان علیہ السّلام کی یہ شان ہے تو محبوبِ ربّ العالمین کی شان کیا ہوگی	۳۸	۴۰
صالح علیہ السّلام		
آپ کی قوم ثمود کی سرکشی اور تباہی	۵۱	۴۳ تا ۴۵
آپ کی قوم نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی اور ہلاک و برباد ہوئی	۴۱	۱۷
عیسٰی علیہ السّلام		
ابنِ مریم کے ذکر پر اہلِ مکّہ کا شور و غُل	۴۳	۵۷، ۵۸
حالانکہ وُہ ہمارا بندہ ہے جس پر ہم نے انعام فرمایا	۴۳	۵۹
آپ قیامت کی نشانی، تفصیلی بحث	۴۳	۶۱
آپ کی آمد اور وعظ کہ اللہ کی عبادت کیا کرو	۴۳	۶۳، ۶۴
عیسائی فرقوں کا اختلاف	۴۳	۶۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
لُوط علیہ السّلام		
آپ رسُول تھے	۳۷	۱۳۳
آپ کی نجات اَور منکرین کی تباہی	۳۷	۱۳۴ تا ۱۳۶
مُوسٰی و ہارُون علیہما السّلام		
آپ پر قوم نے جو الزام لگایا اللہ نے اُس سے آپ کو بری کر دیا	۳۳	۶۹
آپ اپنے رب کے ہاں بڑے معزّز تھے	۳۳	۶۹
قوم کا آپ کے ساتھ معاندانہ رویّہ، بحوالہ بائیبل	۳۳	حاشیہ ۱۰۸
ہم نے مُوسٰیؑ و ہارُون پر احسان فرمایا اُنھیں اَور اُن کی قوم کو غلامی کے عذاب سے نجات دی	۳۷	۱۱۴
	۳۷	۱۱۵، ۱۱۶
اُنھیں روشن کتاب دی	۳۷	۱۱۷، ۱۱۸
اُن کے ذِکر کو دوام بخشا	۳۷	۱۱۹ تا ۱۲۱
مُوسٰی علیہ السّلام اَور فرعون کا تذکرہ	۴۳	۴۶
فرعون کا آپ کو ساحر کہنا	۴۳	حاشیہ ۵۵
فرعون کا اِترانا کہ میں مصر کا مالک ہُوں یہ دریا اَور نہریں میری ہیں اَور مُوسٰیؑ مہین ہیں	۴۳	۵۱ تا ۵۳
قومِ فرعون کی گمراہی اَور تباہی	۴۳	۵۴ تا ۵۶
آپ کا فرعون سے بنی اسرائیل کو آزاد کرنے کا مطالبہ اَور سرکشی سے باز آنے کی نصیحت	۴۴	۱۷ تا ۱۹
میں تمھاری سنگ باری سے اپنے رب کی پناہ مانگتا ہُوں	۴۴	۲۰ تا ۲۲
مِصر سے ہجرت کا حکم، بحرِ احمر کو عبُور کرنے کی ہدایت اَور اُن کے غرق ہونے کی خبر	۴۴	۲۳، ۲۴
فرعون کی غرقابی، اِتنے باغات، محلّات وُہ پیچھے چھوڑ کر چلے گئے	۴۴	۲۵ تا ۲۸
نہ اُن پر آسمان رویا نہ زمین	۴۴	۲۹
ہم نے بنی اِسرائیل کو متکبّر فرعون سے نجات دی	۴۴	۳۰، ۳۱
بنی اِسرائیل کو چُن لیا	۴۴	۳۲، ۳۳
سُلطانِ مبین کے ساتھ آپ کا فرعون کے پاس جانا، اُس کی رُوگردانی اَور غرقابی	۵۱	۳۸ تا ۴۰
حضرت مُوسٰیؑ کو دلائل کے ساتھ فرعون، ہامان اَور قارُون کی طرف بھیجا گیا	۴۰	۲۳، ۲۴
فرعون اُن کے بیٹوں کو قتل کرتا ہے اَور عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا ہے	۴۰	۲۵
فرعون کا غیض و غضب، یہ تمھارا دین بدل دے گا۔ یہ فِتنہ و فساد کی آگ بھڑکا دے گا۔	۴۰	۲۶
فرعونی دھمکی کے جواب میں آپ کا ارشاد (انی عذت بربی)	۴۰	۲۷
قومِ فرعون کا مومن حضرت کلیمؑ کا دفاع کرتا ہے اَور اُنھیں بڑے مؤثر انداز میں نصیحت کرتا ہے	۴۰	۲۸ تا ۳۵
فرعون کی بے بسی	۴۰	۲۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
فرعون قوم کی توجہ حضرت موسیٰؑ سے ہٹانے کے لیے ہامان کو ایک بلند مینار تعمیر کرنے کا حکم دیتا ہے	۴۰	۳۷
مومن آلِ فرعون کا دوسرا وعظ	۴۰	۳۸ تا ۴۴
اللہ نے اس مومن کو فرعون کے شر سے بچالیا	۴۰	۴۵
فرعون کی تباہی، فرعونی صبح و شام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں	۴۰	۴۶
موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی گئی	۴۱	۴۵
لوگوں نے اس میں بھی اختلاف کیا		
نوح علیہ السلام		
حضرت نوحؑ کی فریاد اور اس کی قبولیت	۳۷	۷۵، ۷۶
اُن کی اولاد کو باقی رکھا	۳۷	۷۷
اُن کا ذکرِ خیر ہمیشہ ہوتا رہے گا	۳۷	۷۸ تا ۸۰
اُن کے مخالفوں کو غرق کر دیا	۳۷	۸۲
آپ کی قوم بھی نافرمان تھی	۵۱	۴۶
ہود علیہ السلام		
حضرت ہودؑ کی قوم عاد کے حالات، احقاف کا محلِ وقوع	۴۶	۲۱ تا ۲۶
قوم کا آپ پر الزام کہ تم ہمیں ہمارے خداؤں سے برگشتہ کرنا چاہتے ہو	۴۶	۲۲
ہم نے عاد کو زمین میں قوت بخشی انھیں کان، آنکھیں اور دل دیئے لیکن سب بے سود	۴۶	۲۶
ان کی بربادی	۴۶	۲۴، ۲۵
آپ کی قوم عاد پر جھکڑ کا چلنا اور اُن کا ملیامیٹ ہو جانا	۵۱	۴۱، ۴۲
〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃	۴۱	۱۵، ۱۶
یونس علیہ السلام		
حضرت یونسؑ رسولوں میں سے ہیں	۳۷	۱۳۹
آپ کا اپنی قوم سے بھاگ جانا	۳۷	۱۴۰
مچھلی کا آپ کو نگل جانا	۳۷	۱۴۲
پھر اُس کا ساحل پر آپ کو اُگل دینا وغیرہ حالات	۳۷	۱۴۵ تا ۱۴۸
پھر قوم کے پاس واپسی اور اُن کا ایمان	۳۷	۱۴۷، ۱۴۸
بعض دوسری قومیں		
قومِ سبا کے حالات، ان کا آب پاشی کا بہترین نظام، ان کے ملک کی زرخیزی	۳۴	۱۵ تا ۱۷
ان کی نافرمانی، سیلِ عرم اور اُن کی بربادی		حواشی ۲۴ تا ۲۸
ان کی خوشحالی کے دور میں بستیاں آباد تھیں تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر سرائیں	۳۴	۱۸
ان کی ناشکری اور تباہی	۳۴	۱۹
ابلیس نے اپنا ظن سچ کر دکھایا	۳۴	۲۰
اصحاب القریہ کے پاس رسولوں کا آنا اُن کا ایمان لانے سے انکار، رسولوں پر الزام تراشی	۳۶	۱۳ تا ۱۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ایک مردِ مومن کی آمد اس کا اظہارِ ایمان	۳۶	۲۰
پیغمبروں کی اطاعت کی تلقین	۳۶	۲۱
اپنے مومن ہونے کی وجہ	۳۶	۲۲ تا ۲۵
اُس کی شہادت، بارگاہِ الٰہی میں اُس کی مقبولیت	۳۶	۲۶ تا ۲۷
اصحابِ قریہ کی بربادی (تفصیلی جائزہ)	۳۶	۲۹
قومِ تُبّع، ایک تُبّع کا مسلمان ہونا اور حضورؐ کی خدمت میں شفاعت کے لیے عریضہ لکھنا	۴۴	۳۷
		حاشیہ ۳۱
انسان اور اُس کی عظمت کا قرآنی تصوّر		
انسان کے سینہ میں صرف ایک ہی دل ہے (اس کی حکمت)	۳۳	۴
		حاشیہ ۶
آسمانوں، زمین اور پہاڑوں نے امانت کو نہ اُٹھایا انسان نے اُٹھا لیا	۳۳	۷۲
اِس کی حکمت	۳۳	۷۳
دستکاری میں کوئی عیب نہیں۔ جو کام کرو بڑی ہنرمندی سے کرو۔	۳۴	۱۱
		حاشیہ ۱۶
ہر شخص سے اُس کے اعمال کے بارے میں بازپرس ہوگی	۳۴	۲۵
سب منکرین کو غور و فکر کی دعوت دو دو مل کر یا اکیلے اکیلے کھڑے ہو کر سوچو		
کیا یہ نبی کریم مجنون ہے	۳۴	۴۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
عملِ صالح انسان کو بلند کرتا ہے	۳۵	۱۰
تخلیقِ انسان	۳۵	۱۱
کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا	۳۵	۱۸
جو پاکیزگی اختیار کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے	۳۵	۱۸
اندھا اور بیمار، ظلمت اور نور، سایہ اور دھوپ برابر نہیں	۳۵	۱۹ تا ۲۱
زندہ اور مُردے برابر نہیں	۳۵	۲۲
اللہ سے علماء ہی ڈرتے ہیں، علم کی حقیقت	۳۵	۲۸
		حاشیہ ۴۱
انسان کی تخلیق ایک بُوند پانی سے اور پھر وہ سرکشی کرتا ہے۔ زمین، آسمان اور مافیہا کو عبث پیدا نہیں کیا گیا۔	۳۶	۷۷
	۳۸	۲۷
کیا ہم نیکوں اور بدکاروں کو، پرہیزگاروں اور فاجروں کو ایک جیسا بنا دیں گے۔	۳۸	۲۸
میں نے انسان کو درست کیا، اُس میں اپنی رُوح پھونکی، اے فرشتو اسے سجدہ کرو	۳۸	۷۲
شیطان کا اعتراف، میں تیرے مخلص بندوں کو گمراہ نہیں کر سکتا	۳۸	۸۲، ۸۳
اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے ناشکری کو پسند نہیں کرتا اور شکر کو پسند کرتا ہے۔	۳۹	۷
(مشیّت اور رضا میں فرق)	۳۹	حاشیہ ۱۷
کوئی کسی کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا	۳۹	۷
تکلیف کے وقت انسان فریاد کرتا ہے		
اور نعمت کے وقت شرک کرنے لگتا ہے	۳۹	۴۹

	سُورۃ نمبر	آیت نمبر
کہتا ہے یہ میرے علم کی برکت ہے۔	۳۹	۴۹
شب بیدار، ہر وقت ڈرنے والا اُس کی رحمت کا اُمیدوار اور جاہل کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔	۳۹	۹
جو اچھی بات کی پیروی کرتے ہیں وُہی ہدایت میں ہیں، وُہی دانشمند ہیں۔	۳۹	۱۸
جس کا سینہ وُہ اِسلام کے لیے کھول دے تو وُہ نورِ ہدایت پر ہے۔	۳۹	۲۲
جو ہدایت قبول کرتا ہے وُہ اپنا بھلا کرتا ہے۔	۳۹	۴۱
جو گمراہ ہوتا ہے وُہ اپنا نقصان کرتا ہے	۳۹	۴۱
اَب فرصت ہے اچھے قول کی پیروی کرو۔ ورنہ پچھتاؤ گے۔	۳۹	۵۵ تا ۵۹
اگر اُسے راحت پہنچے تو پھولے نہیں سماتا	۴۲	۴۸
تکلیف پہنچے تو مایوس ہو جاتا ہے		
زمین و آسمان کی ہر چیز تمھارے لیے مسخّر کر دی	۴۵	۱۳،۱۲
اہلِ فکر کے لیے اِس میں نشانیاں ہیں	۴۵	۱۳
جو اچھا عمل کرتا ہے وُہ اپنے لیے کرتا ہے جو بُرا کرتا ہے اپنے لیے کرتا ہے	۴۵	۱۵
بدکاروں اَور نیکوں کی زندگی اَور موت یکساں نہیں	۴۵	۲۱
کیا راہِ ہدایت کا مُسافر اَور اعمالِ بد پر فریفتہ اَور خواہشات کا غلام یکساں ہیں	۴۷	۱۴
ایک دُوسرے کا تمسخر مت اُڑاؤ	۴۹	۱۱
عیب نہ لگاؤ اَور بُرے نام نہ دھرو	۴۹	۱۱
مُسلمان ہو کر فاسق کہلانا بہت بُرا ہے	۴۹	۱۱
ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم	۴۹	۱۳
ہم شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔	۵۰	۱۶
(قرب کی حقیقت)	۵۰	حاشیہ ۱۵
اس کے دائیں بائیں کاتب تیار بیٹھے ہیں	۵۰	۱۸،۱۷
قلب بینا اَور کان لگا کر سُننے والے کے لیے یہ تذکرہ ہے	۵۰	۳۷
اِنس و جان کی تخلیق عبادت کے لیے ہے	۵۱	۵۶
ہر شخص اپنے اعمال کا اسیر ہوگا	۵۲	۲۱
اندھا اَور بینا، مومن صالح اَور فاسق برابر نہیں ہیں	۴۰	۵۸
جو اچھا کام کرتا ہے اُس میں اس کا اپنا بھلا ہے	۴۱	۴۶
جو بُرا کام کرتا ہے اس کا وبال اُس پر ہوگا۔	۴۱	۴۶
اِنسان بھلائی کی دُعا کرنے سے نہیں تھکتا۔ اگر اُسے تکلیف پہنچے تو مایوس ہو جاتا ہے	۴۱	۴۹
جب خوشحال ہوتا ہے تو اُس کا ردِّ عمل	۴۱	۵۰
رنج و مسرّت میں اِنسان کی حالت	۴۱	۵۱

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اَوامر		
اللہ پر توکّل کرو	۳۳	۳
اَے اِیمان والو اللہ سے ڈرو اَور سچ بات کہا کرو	۳۳	۷۰
اپنے رب سے ڈرتے رہو	۳۹	۱۰
دین کو اللہ کے لِیے خالص کرتے ہُوئے اس کی عبادت کرو	۳۹	۲
" " " " " " " " " "	۳۹	۱۱ تا ۱۴
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے اِیمان لاؤں	۳۹	۱۲
موت سے پہلے اپنے رب کا حُکم مانو	۴۲	۴۷
اہلِ اِیمان کو کفّار سے درگزر کرتے رہنے کا حُکم	۴۵	۱۴
شرِیعت کی پابندی کا حکم، اللہ تمھارا مددگار ہوگا	۴۵	۱۸، ۱۹
ماں باپ کی خدمت اَور حُسنِ سلوک	۴۶	۱۵
کافر اولاد کا اپنے والدین سے سلوک	۴۶	۱۷
اولوالعزم رسُولوں کی طرح صبر فرمائیے	۴۶	۳۵
اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم	۴۷	۳۸
مُسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو صُلح کرادو	۴۹	۹
جو زیادتی کرے اُس کے ساتھ سب لڑو		
صُلح عدل و اِنصاف سے کراؤ	۴۹	۹
اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے	۴۹	۱۰
باہمی مصالحت کی فضیلت	۴۹	حاشیہ ۱۷
سُوءِ ظن سے بچو بعض ظن گناہ ہیں	۴۹	۱۲
اللہ کی طرف دوڑ کر جاؤ (فرار کا مفہوم)	۵۱	حاشیہ ۴۵
بنی اِسرائیل		
قوم نے حضرت کلیمؑ پر اِلزام لگایا اللہ نے انھیں بلند کر دیا	۳۳	۶۹
قوم کا آپ کے ساتھ معاندانہ برتاؤ	۳۳	حاشیہ ۱۰۸
بحوالہ بائیبل		
اُنھیں غلامی سے نجات دی	۳۷	۱۱۵، ۱۱۶
بنی اِسرائیل کی آزادی کا مطالبہ	۴۴	۱۷، ۱۸
مِصر سے ہجرت کا حُکم	۴۴	۲۳، ۲۴
ہم نے بنی اِسرائیل کو متکبّر فرعون سے نجات دی	۴۴	۳۰، ۳۱
بنی اِسرائیل کو چُن لیا	۴۴	۳۲، ۳۳
بنی اِسرائیل کو کتاب، حکومت اَور نبوّت بخشی اَور عالمین پر فضیلت دی	۴۵	۱۶
اُن کا باہمی اِختلاف دانستہ تھا اس کی وجہ بغیٌ بینھم	۴۵	۱۷
جبر و قدر		
اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اَور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے	۳۵	۸
ان میں سے اکثر اِیمان نہیں لائیں گے	۳۶	۷ تا ۱۰
اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک اُمّت بنا دیتا	۴۲	۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جس کو اللہ گمراہ کردے اُس کا کوئی کارساز نہیں	۴۲	۴۴
کفّار کی بہانہ سازی، اگر اللہ نہ چاہتا تو ہم بُتوں کی عبادت نہ کرتے۔ جو اپنی خواہش کو خدا بنالیتا ہے اور علم کے باوجود اللہ اُسے گمراہ کردیتا ہے تو اُس کے کان اور دِل پر مُہر اور آنکھوں پر پردہ ڈال دیا جاتا ہے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۴۵	۲۳
بدقسمت ہی قرآن سے گمراہ ہوتا ہے	۵۱	۹
جہاد		
غزوۂ خندق		
تفصیلی جائزہ	۳۳	حاشیہ ۱۶
یہودی قبائل کی اہلِ مکّہ کے ساتھ خُفیہ ساز باز		۹
اہلِ مکّہ اور قبائلِ عرب کی مدینہ پر یلغار		
خندق کھودنے کی تجویز		
خندق کھودتے وقت رُوحِ پرور مناظر	۳۳	حاشیہ ۱۶
چٹان کو تین ٹکڑے فرمادیا اور ایران، رُوم اور یمن کی فتوحات کی خوشخبری		
شیعہ کتب کے حوالہ سے		
حضرت فاروقِ اعظمؓ کے عہد میں ان بشارتوں کی تکمیل		
شیرِ خُدا اور عمرو ابنِ عبدود کا معرکہ		
بنی قریظہ کی سازش میں شمولیت		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
انصار کا کفّار کو محاصرہ اُٹھانے کے لیے ایک کھجور بھی دینے سے اِنکار		
نُعیم ابنِ مسعود کا اسلام اور کفّار و یہود میں پھوٹ ڈالنے کا کارنامہ		
آخر میں نصرتِ الٰہی آندھی کی صُورت میں نمودار ہوئی		
کفّار کے کیمپ میں کھلبلی		
بدحواسی کے عالم میں اُن کا فرار	۳۳	حاشیہ ۱۶
کفّار کی یلغار کے وقت اہلِ ایمان پر اللہ تعالیٰ نے جو انعام فرمایا اُس کو یاد رکھو	۳۳	۹ تا ۱۱
اُس وقت منافقین کا طرزِ عمل وہ کہتے اللہ اور رسُولؐ نے فتح کا جو وعدہ کیا تھا وہ محض دھوکا تھا	۳۳	۱۲
مُنافقین نے میدانِ جنگ سے کھسکنا شروع کردیا	۳۳	۱۳، ۱۴
سرفروشی کی پہلے بڑی ڈینگیں مارتے تھے اب بھاگ رہے ہیں	۳۳	۱۵
یہ فرار تمھیں موت سے نہیں بچاسکتا	۳۳	۱۶، ۱۷
جہاد سے روکنے والوں کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے	۳۳	۱۸
یہ بخیل اور حریص	۳۳	۱۹
جنگ کے وقت بُزدِل اور امن کے وقت زبان دراز	۳۳	۱۹
اہلِ ایمان کا جذبۂ ایمان و تسلیم اور جانفروشی اور ان کی جزا	۳۳	۲۲ تا ۲۴ حواشی ۴۴ تا ۴۶
شہداء کے مزارات کی زیارت۔ انھیں		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
سلام کہنے کا حکم اور اُن کا جواب دینا	۳۳	حاشیہ ۴۶
کفار کو ناکام واپس لوٹا دیا اہلِ ایمان کو		
جنگ کے بغیر فتح عطا فرمائی	۳۳	۲۵
بنی قریظہ		
اس یہودی قبیلے کا محاصرہ،		
ان کا قلع قمع	۳۳	۲۶
تفصیلی جائزہ	۳۳	حاشیہ ۵۱
جنگِ جمل	۳۳	حاشیہ ۶۱
دشمن کے مقابلہ کے لیے نکلو تو اُن کی		
گردنیں اُڑا دو	۴۷	۴
اسیرانِ جنگ کے ساتھ کیسا سلوک		
کیا جائے (تفصیلی بحث)	۴۷	۶، ۷ حواشی
شہداء کے اعمال ضائع نہیں ہوں گے		
ان پر انعامات	۴۷	۴ تا ۶
جہاد		
اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری		
مدد فرمائے گا اور تمہیں ثابت قدم		
رکھے گا	۴۷	۷
ہمّت مت ہارو		
صلح کی پیش کش مت کرو		
تم ہی سربلند ہو گے		
اللہ تمہارے ساتھ ہے	۴۷	۳۵
جنگجو قوم سے جہاد کرنے کی دعوت	۴۸	۱۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وہ کون لوگ تھے؟ مُسیلمہ کذّاب کی قوم	۴۸	۱۶
اُن سے جہاد کی تفصیل		حاشیہ ۲۵
معذوروں پر جہاد فرض نہیں	۴۸	۱۷
غزوۂ خیبر		
اس کے محرّکات		
خیبر کا علاقہ دو حصّوں میں منقسم تھا۔ دونوں		
حصّوں میں بہت سے مستحکم قلعے تھے		
اِن قلعوں کو فتح کرنے کے تفصیلی حالات۔		
ذوالفقارِ حیدری نے مرحب کو دولخت		
کر کے جزیرۂ عرب میں یہودیت کا خاتمہ		
کر دیا۔ تفصیلی جائزہ	۴۸	حاشیہ ۳۱
دیگر فتوحات کی بشارتیں	۴۸	۲۱
صُلح حُدیبیہ		
اِس سفر میں اللہ تعالیٰ نے دو احسانات		
مسلمانوں پر فرمائے۔	۴۸	۲۰ تا ۲۴
صُلح میں ایک حکمت یہ تھی کہ مکّہ مکرّمہ		
میں کئی مومن مرد اور عورتیں تھیں جنہیں		
تم نہیں پہچانتے تھے	۴۸	۲۵
جنگ کی صُورت میں انھیں گزند پہنچنے		
کا اندیشہ تھا	۴۸	۲۵
اگر کفّار مسلمان قیدیوں کو آڑ بنا لیں تو		
کیا اِسلامی لشکر کو حملہ کرنے کی		
اِجازت ہے؟	۴۸	۴۶ حاشیہ

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
دُعائیں		
حضرت سُلیمانؑ کی دُعا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ	۳۸	۳۵
بڑی پیاری دُعا	۳۸	حاشیہ ۶۴
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ الخ		
سوتے وقت جو دُعا مانگنی چاہیئے	۳۹	حاشیہ ۴۵
گھوڑے وغیرہ پر سوار ہوتے وقت کی دُعا	۴۳	حاشیہ ۱۵
سفر پر روانہ ہوتے وقت کی دُعا	۴۳	حاشیہ ۱۵
رَبِّ اَوْزِعْنِیْ ان اشکر الخ		
بڑی جامع دُعا	۴۶	۱۵
نمازِ تہجّد کے بعد کی دُعا	۵۱	حاشیہ ۱۵
کسی مجلس سے اُٹھتے وقت کی دُعا	۵۲	حاشیہ ۴۴
رات کو سوتے سوتے آنکھ کھُل جائے تو کیا دُعا مانگیں	۵۲	حاشیہ ۴۴
مجھ سے دُعا مانگو میں قبول کروں گا	۴۰	حاشیہ ۶۷
شرائطِ قبولیّتِ دُعا	۴۰	حاشیہ ۶۷
جو عبادت سے تکبّر کرتے ہیں وُہ دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔ شرِّ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ	۴۰	۶۰
سیاسیات		
شریعتِ نبویؐ کی پابندی کیوں ضروری ہے؟	۳۳	حاشیہ ۱۱
مومنوں کو جنگ کے بغیر فتح	۳۳	۲۵
خلیفہ کون ہوتا ہے؟	۳۸	حاشیہ ۳۲
عدل قائم کرنے اور ہوائے نفس سے اجتناب کا حکم	۳۸	۲۶
خلیفہ اور بادشاہ میں فرق، حضرت عمرؓ کا اپنے بارے میں استفسار سربراہِ مملکت کے لیے خلیفہ کا لفظ کیوں پسند کیا گیا۔	۳۸	حاشیہ ۳۶
اُن کے کام مشورے سے طے ہوتے ہیں (وامرھم شوریٰ بینھم)	۴۲	۳۸
غلامی رُسوا کُن عذاب ہے	۴۴	۳۰
ظالم فرعون سب کچھ چھوڑ کر ہلاک ہو گیا	۴۴	۲۵ تا ۲۸
ظالم کی بربادی پر کوئی آنکھ نمناک نہ ہوئی۔	۴۴	۲۹
ایمان کامل نہ ہو تو برسرِ اقتدار لوگ فتنہ برپا کرتے ہیں اور قطع رحمی شروع کر دیتے ہیں	۴۷	۲۲
شدید ضرورت کے بغیر کفّار کو صُلح کی پیش کش درست نہیں	۴۷	حاشیہ ۴۱
اگر جہاد میں بُخل کرو گے تو اپنے اُوپر ظُلم کرو گے	۴۷	۳۸
اگر تم اپنے فرائض انجام نہیں دو گے تو اللہ تعالیٰ تمھیں ہٹا کر کسی اور قوم کو تمھاری جگہ کھڑا کر دے گا	۴۷	۳۸
صلح حدیبیہ کو فتحِ مُبین فرمایا گیا	۴۸	۱
اس کی وجہ، حالات کا تفصیلی جائزہ	۴۸	تعارف
فاسق کی خبر بغیر تحقیق کے مت مانو۔ ایسا نہ ہو کہ پچھتانا پڑے	۴۹	۶
دو مسلمان گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو اُن میں صلح کرا دو اور جو زیادتی کرے اُس کے ساتھ سب لڑو	۴۹	۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں	۴۹	۱۰
باغی گروہ کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے	۴۹	۹
حضورؐ کا حکم، حضرت علیؓ کا عمل۔ اُن کے زخمیوں اور مقتولوں کے ساتھ برتاؤ	۴۹	حاشیہ ۱۵
کیا ظالم حکمران کے ساتھ جنگ جائز ہے	۴۹	حاشیہ ۱۵
باغی گروہ کے قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے	۴۹	حاشیہ ۱۵
حضرت امام حسنؓ کی مصالحت	۴۹	حاشیہ ۱۵
حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے باغیوں کے بارے میں پوچھا گیا۔ کیا وہ مشرک ہیں؟ کیا وہ منافق ہیں؟ آپ کا جواب	۴۹	حاشیہ ۱۵
مسلمان بھائی بھائی ہیں ان میں صلح کراؤ	۴۹	حاشیہ ۱۷
فرعونی سیاست جس نے حضرت موسیٰؑ پر فتنہ و فساد برپا کرنے کا الزام لگایا	۴۰	۲۶
بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نجات دلا کر اُن پر احسان کیا	۳۷	۱۱۶،۱۱۵
فرعون نے آپ پر ساحر ہونے کا الزام لگایا	۴۳	حاشیہ ۵۵
فرعون کا غرور و تکبّر	۴۳	۵۱ تا ۵۳
حضرت موسیٰؑ نے فرعون سے مطالبہ کیا کہ وہ بنی اسرائیل کو آزاد کر دے	۴۴	۱۸،۱۷
فرعونی سیاست کا انجام تباہی و بربادی	۴۴	۲۵ تا ۲۸
اُن کی تباہی پر کوئی آنکھ بھی نمناک نہیں ہوئی	۴۴	۲۹
فرعون نے بنی اسرائیل کی کثرت سے ڈر کر اُن کے بچوں کو قتل کرنا شروع کر دیا۔	۴۰	۲۵

شرک کا بطلان

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُن کے معبود ایک ذرّہ کے بھی مالک نہیں	۳۴	۲۲
بُت کھجلی کے چھلکے کے بھی مالک نہیں	۳۵	۱۳
اللہ کا کوئی شریک نہیں	۳۴	۲۷
نہ وہ پکار سنتے ہیں نہ جواب دے سکتے ہیں	۳۵	۱۴
قیامت کے دن اپنے پجاریوں کی پوجا کا انکار کریں گے	۳۵	۱۴
معبودانِ باطل اپنے پرستاروں کے دشمن ہوں گے	۴۶	۶
تمھارے معبودوں نے کیا بنایا ہے؟ دکھاؤ	۳۵	۴۰
باطل معبودوں نے کیا پیدا کیا ہے؟ دکھاؤ	۴۶	۴
ایک مثال سے شرک کی قباحت	۳۹	۲۹
اگر پوچھا جائے زمین و آسمان کا خالق کون ہے تو کہیں گے اللہ	۳۹	۳۸
اگر اُن سے پوچھا جائے کہ زمین و آسمان کا خالق کون ہے تو کہیں گے عزیز و علیم خدا	۴۳	۹
اگر اُن سے پوچھا جائے کہ انھیں کس نے پیدا کیا ہے تو کہیں گے اللہ نے	۴۳	۸۷
نہ وہ تکلیف دور کر سکیں نہ وہ انعام روک سکیں	۳۹	۳۸
تم اپنا کام کرو میں اپنا کام کروں گا پھر دیکھو عذاب کس پر آتا ہے	۳۹	۳۹
اے جاہلو کیا تم غیر خدا کی عبادت کا مجھے		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
محکم دیتے ہو۔	۳۹	۶۴
حالانکہ مجھے بتایا گیا ہے کہ شرک سے		
سارے عمل برباد ہو جاتے ہیں	۳۹	۶۵
اُن کے شریکوں کے من گھڑت دین کی		
اجازت اللہ نے نہیں دی	۴۲	۲۱
ظالموں کے لیے عذاب الیم ہے	۴۲	۲۱
ظالم اپنے کرتوتوں کے باعث لرزاں		
ہوں گے	۴۲	۲۲
گزشتہ رسولوں سے پوچھو کیا اللہ نے		
کوئی اور خدا بنائے	۴۳	۴۵
اگر رحمٰن کا کوئی بیٹا ہو تو میں سب سے		
پہلے اُس کی عبادت کرنے والا ہوں۔	۴۳	۸۱
تمہارے معبودوں کو شفاعت کا حق نہیں	۴۳	۸۶
غیروں کو خدا سمجھ کر پکارنے والا بڑا گمراہ ہے	۴۶	۵
جب عذاب آیا تو بتوں نے ان کی		
کیوں مدد نہ کی	۴۶	۸
اللہ کے ساتھ کسی غیر کو خدا نہ بناؤ	۵۱	۵۱
غیر خدا کی عبادت سے مجھے منع کیا گیا ہے	۴۰	۶۶
مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اُس کی عبادت کرو	۴۰	۶۶

شریعت

(الف) شریعت کی خصوصیات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
خطا سے غلطی سرزد ہو تو مواخذہ نہیں،		
دانستہ پر مواخذہ ہے	۳۳	۵
یہ شریعت ایسے نبی کی ہے جو اولیٰ		
بالمؤمنین ہے	۳۳	۶
		حاشیہ ۱۱
شریعت میں حیلہ کا حکم	۳۸	حاشیہ ۴۷
جس چیز کا اصل ثابت ہو اُس کی پابندی		
سے وُہ بدعت نہیں بن جاتی	۴۸	حاشیہ ۵۶

عبادات

کثرتِ ذکر کا حکم	۳۳	۴۱
صُبح و شام اُس کی تسبیح کرو	۳۳	۴۲
متقی رات کو بہت کم سوتے ہیں	۵۱	۱۷
وُہ سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں	۵۱	۱۸
طلوعِ شمس اور غروبِ شمس سے پہلے		
تسبیح و تحمید کا حکم	۵۰	۳۹
رات کے وقت تسبیح کا حکم	۵۰	۴۰
میری عبادت کرو یہی صراطِ مستقیم ہے	۳۶	۶۱
جو عبادت کرنے سے تکبّر کرتے ہیں وُہ		
ذلیل و خوار ہوں گے اور وُہ دوزخ میں		
پھینک دیئے جائیں گے	۴۰	۶۰
ازواجِ مطہرات کو نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے		
کا حکم	۳۳	۳۳

نماز، زکوٰۃ و صدقات

ازواجِ مطہرات کو نماز اور زکوٰۃ ادا کرنے		
کا حکم	۳۳	۳۳
اُس کی راہ میں جو کچھ خرچ کرو گے وُہ اُس		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کا معاوضہ تمھیں دے گا	۳۴	۳۹
جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں، ظاہر اور پوشیدہ ہمارے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرتے ہیں اُن کی تجارت میں گھاٹا نہیں۔	۳۵	۲۹
کافروں کو اگر خرچ کرنے کے بارے میں کہا جائے تو کہتے ہیں جن کو خدا نے نہیں دیا ہم انھیں کیوں دیں	۳۶	۴۷
اُن کے مالوں میں سائل اور محروم کا حق ہے۔	۵۱	۱۹
پردہ کے احکام		
"عورت" کے عنوان کے نیچے ملاحظہ فرمائیے		
حلال و حرام		
عورتوں کے لیے ریشم اور سونا حلال ہے	۴۳	حاشیہ ۲۰
دیگر شرعی احکام		
متبنّٰی کے بارے میں زمانہ جاہلیت کا رواج جس میں قرآنی اصلاح	۳۳	۵،۴
ہر شخص کی نسبت اُس کے باپ کی طرف کرو	۳۳	۵
اولوالارحام بعض بعض سے مقدّم ہیں۔	۳۳	۶
ماں باپ سے حسنِ سلوک	۴۶	۱۵ حاشیہ ۱۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
شیطان		
شیطان نے قومِ سبا کو گمراہ کرنے کا وعدہ پورا کر دیا	۳۴	۲۰
شیطان کو لوگوں پر قابو حاصل نہیں ہوتا۔ وہ محض انھیں بہلاتا ہے اور یہ پھسل جاتے ہیں	۳۴	۲۱
شیطان تمھارا دشمن ہے اُسے دشمن ہی سمجھا کرو	۳۵	۶
وہ اپنے گروہ کو جہنّمی بنانے کے درپے رہتا ہے	۳۵	۶
شیطانوں کی شہابِ ثاقب سے خبر لی جاتی ہے۔ وہ ملاءِ اعلیٰ کی باتیں نہیں سُن سکتے۔	۳۷	۷ تا ۱۰
شیطان کا سجدہ نہ کرنا		
درِ رحمت سے راندہ جانا، اللہ سے مُہلت طلب کرنا		
مُہلت کا مِل جانا		
اس کا چیلنج	۳۸	۷۴ تا ۸۵
شیطان تمھارا دشمن ہے تمھیں راہِ حق سے روک نہ دے۔	۴۳	۶۲
ہم نے بنی آدم کو تاکید کی کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا، وہ تمھارا کھلا دشمن ہے	۳۶	۶۰
اُس نے بڑی قوموں کو گمراہ کیا	۳۶	۶۲

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بدکاروں پر ہم نے بُرے ساتھی مسلّط کردیئے۔ فزینوالہٗ	۴۱	۲۵
وُہ اُنھیں سیدھے راستے سے روکتے ہیں اَور یہ اپنے آپ کو ہدایت یافتہ خیال کرتے ہیں	۴۳	۳۷
شیطان فریب دیتا ہے اَور لمبی زندگی کی آس دلاکر گمراہ کردیتا ہے	۴۷	۲۵
جو رحمان کے ذِکر سے آنکھیں بند کرتا ہے ہم شیطان کو اُس کا ساتھی مقرر کردیتے ہیں	۴۳	۳۶
صحابہؓ کرام اَور اُمّتِ مُصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ		
حضرت زیدؓ کے فراق میں اُن کے والد حارث کی بے تابی، پُردرد اشعار، ان کا مِل جانا، آپ کا باپ کو چھوڑ کر حضورؐ کو اِختیار کرنا	۳۳	حاشیہ ۱۰
غزوۂ خندق کے وقت صحابہؓ کا جذبۂ اِیمان و تسلیم اَور بڑھ گیا	۳۳	۲۲
ان جوانمردوں نے جان دے کر اپنی نذر پُوری کردی بعض منتظر ہیں	۳۳	۲۳
صحابہؓ کرام کی جانفروشیوں کے مناظر	۳۳	حاشیہ ۴۶
شیخینؓ کے اِیمان کی دلیل	۳۳	حاشیہ ۱۰۳
حضرت سواد ابنِ قارب کا اِیمان لانا اَور قصیدہ پیش کرنا	۴۶	حاشیہ ۴۰
اُن کے گناہ مٹادیئے گئے۔ ان کے حالات سنوار دیئے گئے	۴۷	۲
صلح حدیبیہ سے صحابہ کے دِلوں کو تسکین اَور قوتِ اِیمان میں اضافہ	۴۸	۴
صحابہؓ پر مزید عنایات تکفیرِ سیّات	۴۸	۵
بیعتِ رضوان کا پس منظر	۴۸	۱۰
شیعہ کتب سے بیعتِ رضوان کرنے والوں کے فضائل	۴۸	حاشیہ ۱۳
صحابہؓ کرام کا جذبۂ سرفروشی اَور رضائے اِلٰہی کا تاج (رضی اللہ الخ)	۴۸	۱۸
صحابہؓ کے مومنِ برحق ہونے پر اللہ تعالیٰ کی گواہی	۴۸	۱۸
دیگر بشارتیں	۴۸	۱۸، ۱۹
اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ اَور اس کے غلاموں پر سکینہ اُتارا	۴۸	۲۶
اَور انھیں متقی بنایا (والزمھم کلمۃ التقویٰ وکانوا احق بھا واَھلھا)	۴۸	۲۶
صحابہ کرامؓ کے خصائلِ حمیدہ		حاشیہ ۴۸
حضورؐ کی ہمراہی،		
کفّار پر سخت،		
آپس میں رحیم و شفیق،		
بکثرت رکوع و سجود کرنے والے	۴۸	۲۹
فضلِ اِلٰہی کے متلاشی		
چہروں پر نورِ عبادت		
تورات اَور انجیل میں اُن کی مثالیں		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کفار اسلام کے باغ کو ہرا بھرا دیکھ کر غصہ سے بے قابو ہو جاتے	۴۸	۲۹
منھود کے لفظ سے صحابہؓ کے ایمان، شیعہ کا اعتراض اور ان کی کتب سے اس کا رد	۴۸	حاشیہ ۶۴
احادیث میں صحابہؓ کی شان اور ان کے گستاخوں پر اللہ کی پھٹکار	۴۸	حاشیہ ۶۳
بارگاہِ رسالتؐ میں صحابہؓ کا ادب	۴۹	حاشیہ ۳
استاد کا ادب و احترام	۴۹	حاشیہ ۸
اللہ تعالیٰ نے ایمان کو صحابہ کرام کی نگاہوں میں محبوب اور مزین کر دیا اور کفر و فسوق کو مکروہ بنا دیا	۴۹	۷
یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں (اولئک ھم الراشدون)	۴۹	۷
یہ اللہ کا ان پر فضل و انعام ہے	۴۹	۸
حضرت فاروق اعظمؓ کا اپنے ایک دوست کو نصیحت آموز خط	۴۰	حاشیہ ۷
انبیاء، شہداء اور اولیاء کے اجسام کو زمین نہیں کھاتی	۵۰	حاشیہ ۵

عملِ صالح

ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک	۴۶	۱۵
ہر شخص کو اس کے اعمال کے مطابق درجات پر فائز کیا جاتا ہے	۴۶	۱۹
جو عمل صالح کرتا ہے اس کے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور اس کے حالات درست کر دیئے جاتے ہیں	۴۷	۲
حسنِ عمل کا نور حبشی کے چہرہ کو بھی رشکِ ماہ بنا دیتا ہے	۴۸	حاشیہ ۵۹
نیک مومن کے لیے نہ ختم ہونے والا اجر ہے	۴۱	۸

عورت

ظہار کی تشریح اور اس کے احکام	۳۳	حاشیہ ۷
متبنّٰی کے بارے میں کفار کا رواج اور قرآنی اصلاح	۳۳	۵،۴
متبنّٰی کی بیوی سے نکاح کی اجازت	۳۳	۵،۴
پردے کا حکم	۳۳	۳۳
آرائش کی نمائش کی ممانعت	۳۳	۳۳
مومن عورت کی صفات	۳۳	۳۵
حضورؐ کے متبنّٰی زید کی طلاق کے بعد حضرت زینبؓ سے حضورؐ کا نکاح	۳۳	۳۷
اس واقعہ کے بارے میں قدیم و جدید معاندین کے شکوک و شبہات اور ان کا ازالہ	۳۳	حاشیہ ۶۷
غیر مدخولہ کو طلاق ہو تو اس پر عدّت نہیں	۳۳	۴۹
اس کو خوبصورتی کے ساتھ رخصت کرنے کا حکم	۳۳	۴۹
کون سے مرد محرم ہیں جو عورت کے پاس آجا سکتے ہیں	۳۳	۵۵
پردے کے مفصل احکام اور اس کی حکمت	۳۳	۵۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
بے پردگی کی سخت ممانعت (احادیث)	۳۳	حاشیہ ۹۸
عورتوں کے لیے سونا اور ریشم حلال ہے	۴۳	حاشیہ ۲۰
ماں کا ادب اور حسنِ سلوک	۴۶	حاشیہ ۱۹
دودھ پلانے کی مدّت	۴۶	۱۵
حمل کی مدّت	۴۶	حاشیہ ۲۰
قرآن کریم		
یہ کتاب بذریعہ وحی آپ کو عطا فرمائی گئی ہے	۳۵	۳۱
یہ کتاب حق ہے	۳۵	۳۱
اپنے جن بندوں کو وہ چن لیتا ہے ان کو اپنی کتاب کا وارث بنا لیتا ہے	۳۵	۳۲
بعض لوگ ظالم ہیں بعض متوسط بعض نیکیوں میں آگے بڑھنے والے۔ یہی "فضلِ کبیر" ہے	۳۵	۳۲
یہ کتاب عزیز و رحیم نے نازل کی ہے	۳۶	۵
تاکہ غافلوں کو ڈرایا جائے	۳۶	۶
قرآن زندوں کو ہدایت دیتا ہے	۳۶	۷۰،۶۹
ہم نے آپ پر مبارک کتاب نازل کی ہے تاکہ لوگ اس میں تدبّر کریں اور نصیحت پکڑیں۔	۳۸	۲۹
قرآن نصیحت ہے	۳۸	۴۹
یہ سب جہانوں کے لیے نصیحت ہے	۳۸	۸۷
یہ عزیز و حکیم خدا نے نازل کی ہے	۳۹	۱
ہم نے اسے حق کے ساتھ اُتارا ہے	۳۹	۲

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
یہ عمدہ کلام اللہ نے نازل کیا ہے	۳۹	۲۳
قرآن میں ہر قسم کی مثالیں ہیں	۳۹	۲۷
یہ عربی زبان میں ہے اس میں ذرا کجی نہیں	۳۹	۲۸
ہم نے آپ پر قرآن کو حق کے ساتھ نازل کیا	۳۹	۴۱
یہ قرآن عربی میں ہم نے آپ پر نازل کیا ہے	۴۲	۷
قرآن کو اللہ نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے	۴۲	۱۷
ہم نے انھیں سمجھانے کے لیے قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے	۴۳	۳،۲
قرآن لوحِ محفوظ میں ثبت ہے۔ وہ ہمارے نزدیک اعلیٰ اور پُر از حکمت ہے۔	۴۳	۴
کفّار کا اعتراض، مکّہ اور طائف کے کسی رئیس پر کیوں نازل نہ ہوا اور اس کا ردّ	۴۳	۳۱
کیا رب کی رحمت وہ بانٹنے والے ہیں	۴۳	۳۲
قرآن آپ کے لیے اور آپ کی قوم کے لیے وجہِ عزّ و شرف ہے	۴۳	۴۴
ہم نے قرآن کو مبارک رات میں نازل فرمایا	۴۴	۲ تا ۵
اس سے مراد کونسی رات ہے ۱۵ شعبان کی رات کے فضائل۔ گنبدِ خضرا، عرش سے افضل ہے	۴۴	۴، ۶، ۷ حواشی
یہ کتاب عزیز و حکیم نے نازل کی ہے	۴۵	۲
" " " " " " " "	۴۶	۲
قرآن "بصائر"۔ "ہدایت" اور "رحمت" ہے	۴۵	۲۰

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قرآن کو رسولؐ نے نہیں گھڑا	۴۶	۸
قرآن کتبِ سابقہ کا مصدق، محسنین کے لیے مژدہ اور بدکاروں کے لیے تنبیہ ہے	۴۶	۱۲
قرآن اگر خدا کا کلام نہیں تو اس جیسا بنا کر دکھاؤ	۵۲	۳۳، ۳۴
یہ کتاب عزیز و علیم کی نازل کردہ ہے	۴۰	۲
یہ رحمٰن و رحیم کی نازل کردہ ہے	۴۱	۲
یہ عزیز و حکیم نے نازل کی ہے	۴۵	۲
" " " " " " "	۴۶	۲
یہ عزیز و رحیم نے نازل کی ہے	۳۶	۵
یہ عزیز و حکیم خدا نے نازل کی ہے	۳۹	۱
یہ حکیم و حمید نے نازل کی ہے	۴۱	۴۲
اس کی آیتیں مفصل ہیں	۴۱	۳
یہ بشیر و نذیر ہے	۴۱	۴
جو اس میں تحریف کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں، انھیں سزا ملے گی۔	۴۱	۴۰
باطل اس کے نزدیک نہ آگے سے آ سکتا ہے نہ پیچھے سے۔ اہلِ ایمان کے لیے ہدایت اور شفاء ہے	۴۱	۴۲
کفّار کے لیے یہ مشتبہ ہے	۴۱	۴۴
دیگر آسمانی کتب	۴۱	۴۴
انجیل۔ یہ کتابِ منیر ہے	۳۵	۲۵
تورات۔ یہ ہدایت اور نصیحت ہے (ھدی و ذکریٰ)	۴۰	۵۴
یہ امام و رحمت ہے	۴۶	۱۲
قیامت		
قیامت کا علم اللہ کے پاس ہے	۳۳	۶۳
قیامت کب آئے گی۔ احادیث سے	۳۶	۴۸ تا ۵۰
اس کی تفصیل		حاشیہ ۴۳
قیامت ضرور آئے گی	۳۴	۳
قیامت یقیناً آئے گی	۴۰	۵۹
اس کی حکمت	۳۴	۴، ۵
انکارِ قیامت	۳۴	۷، ۸
دلیلِ قیامت		
مُردہ زمین کو زندہ کرنا	۳۵	۹
کذالك النشور		
جب صور پھونکا جائے گا تو قبروں سے نکل نکل کر اپنے رب کے پاس جانے لگیں گے	۳۶	۵۱
اُس وقت چلّائیں گے	۳۶	۵۲
اُس روز کسی پر ظلم نہیں کیا جائے گا	۳۶	۵۴
بوسیدہ ہڈیوں کو وہی زندہ کرے گا		
جس نے پہلے پیدا فرمایا	۳۶	۷۸، ۷۹
دلائلِ قیامت	۳۶	۸۰، ۸۱
اس کی قدرتِ قاہرہ	۳۶	۸۲، ۸۳
صور پھونکا جائے گا سب غش کھا کر گر پڑیں گے۔ اِلّا ماشاء اللہ	۳۹	۶۸، ۶۹
منظرِ قیامت، دفترِ عمل، نبی اور گواہ		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
پیش ہوں گے۔ انصاف سے فیصلہ ہوگا	۳۹	۷۰،۶۹
قیامت کے روز سب کو بدلہ ملے گا۔ ظلم نہیں ہوگا	۴۰	۱۷
مارے خوف کے دِل گلے میں اٹک رہے ہوں گے	۴۰	۱۸
اُس روز ظالموں کا کوئی دوست اَور شفیع نہیں ہوگا	۴۰	۱۸
کفّار کہتے ہیں بس یہی زندگی ہے، حشر نہیں ہوگا	۴۴	۳۴ تا ۳۶
روزِ قیامت سب جمع ہوں گے	۴۴	۴۰
جن بندوں پر اللہ نے رحم فرمایا ہے		
ان کے سوا کوئی دوست کام نہیں آئے گا	۴۴	۴۱، ۴۲
اِنکارِ قیامت، ہمارے باپوں کو زندہ کر دکھا	۴۵	۲۵
اس کا ردّ	۴۵	۲۶
روزِ قیامت باطل پرست خسارے میں ہوں گے	۴۵	۲۷
ہر اُمت گھٹنوں کے بل گری ہوگی اَور		
اُسے اپنے دفترِ عمل کی طرف بُلایا جائے گا	۴۵	۲۸، ۲۹
اِنکارِ قیامت	۴۵	۳۲
ان کا انجام	۴۵	۳۳
روزِ قیامت انھیں فراموش کر دیا جائے گا	۴۵	۳۴
قیامت کی نشانیاں	۴۷	حاشیہ ۲۶
انکارِ قیامت اَور اس کا ردّ	۵۰	۳۔۴
دلیلِ قیامت	۵۰	۱۱
منظرِ قیامت	۵۰	۲۰ تا ۲۲
منظرِ قیامت	۵۲	۹۔۱۰
قیامت کے روز مکذّبین کی حالت	۵۲	۱۱ تا ۱۶
کُفّار و مُشرِکین		
غزوۂ خندق سے لشکرِ کفّار کی ناکام واپسی	۳۳	۲۵
کفّار پر لعنت اَور ان کے لیے بھڑکتی آگ	۳۳	۶۴
اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا	۳۳	۶۵
آگ میں ڈالے جائیں گے۔ کہیں گے		
کاش ہم نے اللہ اَور اس کے رسُولؐ کی اطاعت کی ہوتی	۳۳	۶۶
کہیں گے ہمارے لیڈروں نے ہمیں گمراہ		
کیا اِنھیں دوگنا عذاب دیا جائے	۳۳	۶۷۔۶۸
جو ہماری آیات کو جُھٹلا کر ہمیں ہرا دینا		
چاہتے ہیں انھیں عذابِ الیم	۳۴	۵
کفار کے معبُود ایک ذرّہ کے مالک نہیں		
اَور نہ زمین و آسمان میں ان کا کوئی حصّہ ہے	۳۴	۲۲
اس کے اِذن کے بغیر کوئی شفاعت نہیں کر سکے گا	۳۴	۲۳
کفّار کا قیامت کے بارے میں سوال کہ وُہ		
کب ہوگی۔ ان کا جواب	۳۴	۲۹۔۳۰
کفّار کا قرآن کو ماننے سے اِنکار	۳۴	۳۱
قیامت کے دن ان کی حالتِ زار	۳۴	۳۱
سرداروں اَور ماتحتوں کا باہمی تکرار	۳۴	۳۱ تا ۳۳
مترفین نے انبیاء کا اِنکار کیا کیونکہ ان		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کے پاس مال واَولاد انبیاءؑ سے زیادہ ہے	۳۴	۳۴-۳۵
ان کے اِس شُبہ کا ردّ	۳۴	۳۶
اموال واولاد قربِ الٰہی کا ذریعہ نہیں	۳۴	۳۷
اُن کا عقیدہ		
اِنکارِ قیامت	۳۴	۳
مُنکرین کو عذاب اَور ضلال بعید	۳۴	۷-۸
کفّار ملائکہ کی نہیں بلکہ جنّات کی پُوجا کرتے ہیں	۳۴	۴۰-۴۱
کفّار کسی کو نفع وضرر نہ پہنچا سکیں گے	۳۴	۴۲
بارگاہِ رسالتؐ میں کفّار کی گستاخی		
یہ ہمیں اپنے آباء کے دین سے روکتا ہے		
یہ کلام خود گھڑتا ہے۔ سحرِ مُبین	۳۴	۴۳-۴۴
پہلے کفّار نے بھی ایسا ہی کیا اَور برباد ہُوئے	۳۴	۴۵
ان کو غور وفکر کی دعوت	۳۴	۴۶
روزِ قیامت کفّار کی حالت	۳۴	۵۱ تا ۵۴
کفّار نے آپؐ سے پہلے انبیاء کی تکذیب کی	۳۵	۴
کفّار کے لیے اُن کے بُرے اعمال مزیّن کر دیئے گئے	۳۵	۸
کفّار مکر کرتے ہیں لیکن اُن کا مکر تباہ ہو کر رہے گا	۳۵	۱۰
کفّار نے اپنے انبیاء کا پہلے بھی اِنکار کیا اَور تباہ ہُوئے	۳۵	۲۵-۲۶
اُن کا حالِ زار۔ نہ موت آئے گی نہ عذاب میں تخفیف	۳۵	۳۶-۳۷
جھُوٹا اَور بدکار آیاتِ الٰہی کا مذاق اُڑاتا ہے اس کا انجام	۴۵	۷ تا ۱۱
اللہ کی آیتوں میں کفّار ہی جھگڑا کرتے ہیں	۴۰	۴
ان کی آمد ورفت، جاہ وجلال انھیں دھوکہ میں نہ ڈالے	۴۰	۴
پہلے کفّار کا بھی یہی وتیرہ تھا۔ ان کا انجام	۴۰	۵-۶
روزِ حشر کفّار کو سرزنش	۴۰	۱۰
اُن کا اِعترافِ جُرم۔ اِظہارِ ندامت	۴۰	۱۱-۱۲
پہلی کافر قومیں طاقت اَور آثار میں ان سے زیادہ تھیں لیکن برباد ہو گئیں	۴۰	۲۱-۲۲
اِس کی وجہ	۴۰	۸۲ تا ۸۴
فرعونی غرق ہُوئے۔ صُبح وشام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں۔ قیامت کے روز		
اشدّ العذاب میں داخل کیے جائیں گے	۴۰	۴۶
دوزخ میں اُن کا آپس میں تکرار	۴۰	۴۷-۴۸
دوزخ کے داروغوں کی منّت سماجت		
اَور اُن کا جواب	۴۰	۴۹-۵۰
مُوسیٰؑ کو ہدایت عطا فرمائی	۴۰	۵۳
ایسی کتاب دی جو ھدًی وذکریٰ لاولی الالباب ہے	۴۰	۵۴
کفّار محض ہوسِ اقتدار کے لیے اِیمان نہیں لائے۔ لیکن وُہ کامیاب نہیں ہوں گے	۴۰	۵۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اللہ کی کتاب اور رسولوں کو جھٹلانے والوں کا ہولناک انجام	۴۰	۶۹ تا ۷۶
حالتِ یاس میں ایمان منظور نہیں	۴۰	۸۵
کفّار کہتے ہیں۔ قلوبنا فی اکنّۃ ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	۴۱	۵
مشرکین جو زکوٰۃ نہیں دیتے ان کے لیے ہلاکت ہے	۴۱	۶۔۷
وُہ کہتے اللہ چاہتا تو فرشتے ہماری طرف رسُول بنا کر بھیجتا	۴۱	۱۴
عقبہ کی ہٹ دھرمی	۴۱	حاشیہ ۲۸
قومِ عاد نے ناحق تکبّر کیا اور ہلاک ہُوئے	۴۱	۱۵
قومِ ثمود نے ہدایت پر گمراہی کو پسند کیا	۴۱	۱۷۔۱۸
روزِ حشر کفّار گروہوں میں بانٹ دیئے جائیں گے	۴۱	۱۹
اُن کے کان۔ آنکھیں اور جلود یا چمڑے اُن کے خلاف گواہی دیں گے	۴۱	۲۰ تا ۲۲
قرآن مت سُنو۔ اس میں شور مچاؤ	۴۱	۲۶
اِنکارِ آیات کی سزا	۴۱	۲۷۔۲۸
کفّار اُن لوگوں کو رگیدنا چاہیں گے جنھوں نے اُنھیں گمراہ کیا	۴۱	۲۹
جھوٹا اور بدکار آیاتِ الٰہی کا مذاق اُڑاتا ہے اس کا انجام	۴۵	۷ تا ۱۱
جو اپنی خواہش کو اپنا خدا بناتا ہے اور جان بُوجھ کر گمراہ ہوتا ہے اُسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا	۴۵	۲۳

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
وُہ صرف دُنیوی زندگی کے قائل ہیں	۴۵	۲۴
کہتے ہیں ہمیں دہر ہلاک کر دے	۴۶	۷
کفّار قرآن کو سحر کہتے ہیں	۴۶	۱۱
کفّار کہتے اگر یہ دین سچّا ہوتا تو یہ لوگ اسے قبول کرنے میں ہم سے سبقت نہ لے جاتے	۴۶	۲۰
روزِ حشر کفّار کو کہا جائے گا جو اچھے مُفید کام تم نے کیے اُن کا اجر تم دُنیوی زندگی میں لے چکے ہو	۴۶	۱
کفّار نہ خود حق قبول کرتے ہیں اور دُوسروں کو بھی روکتے ہیں	۴۷	۱
کفّار کی بربادی	۴۷	۱۰
کفّار عیش و عشرت اور ڈنگروں کی طرح کھانے میں مصروف ہیں	۴۷	۱۲
کفر کی حالت میں مرنے والوں کی بخشش نہیں ہوگی	۴۷	۳۴
کفّار کے دِلوں میں حمیّتِ جاہلیّہ	۴۸	۲۶
اُنھیں اعتراض ہے کہ رسُول ان میں سے کیوں آیا	۵۰	۲
کفّار خیر سے منع کرنے والے، حد سے بڑھنے والے۔ شک میں گرفتار وغیرہ	۵۰	۲۵،۲۶
قرآن کریم کے بارے میں کفّار کا باہمی اختلاف	۵۱	۷۔۸
قیامت کا اِنکار اور عذاب	۵۱	۱۱ تا ۱۴
وُہ حضورؐ کو کبھی کاہن کبھی مجنُوں اور کبھی شاعر کہتے ہیں	۵۲	۲۹۔۳۰
یہ اللہ کی عبادت کیوں نہیں کرتے	۵۲	۳۵۔۳۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
کسی رئیس کو نبی کیوں نہ بنایا	۵۲	۳۷
اللہ کے لیے بچیاں، ان کے لیے بیٹے	۵۲	۳۹
ان کے اطوار		
کفّار پہلے قسمیں کھایا کرتے کہ اگر ان کے پاس کوئی رسُول آیا تو وُہ اُس پر ضرُور ایمان لائیں گے۔ لیکن جب آیا تو تکبّر کرنے لگے	۳۵	۴۲-۴۳
مجرموں کو الگ کر دیا جائے گا۔ ان کو سرزنش	۳۶	۵۹-۶۴
ان کے لبوں پر مُہریں، ان کے ہاتھ اور پاؤں گواہی دیں گے	۳۶	۶۵
اگر ہم چاہتے تو ان کو اندھا کر دیتے۔ ان کے چہرے مسخ کر دیتے	۳۶	۶۶-۶۷
اُنھوں نے اللہ کے سوا دُوسرے خدا بنائے	۳۶	۷۴
کہتے بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا اس کا جواب	۳۶	۷۸،۷۹
نصیحت قبول نہیں کرتے، آیات کا تمسخر اُڑاتے ہیں، قرآن کو سحر کہتے ہیں قیامت کا انکار کرتے ہیں۔ ان کا ردّ	۳۷	۱۳ تا ۱۹
قیامت کے روز ان کی حالت	۳۷	۲۰ تا ۲۶
ایک دُوسرے پر الزام تراشی	۳۷	۲۷ تا ۳۴
جب ان کو کہا جاتا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ تو تکبّر کرتے اور کہتے ہم ایک شاعر اور	۳۷	۳۵-۳۶
مجنُون کے لیے اپنے خُداؤں کو چھوڑنے والے نہیں	۳۷	۳۵-۳۶
زقوم کے ذِکر پر کفّار کا مذاق	۳۷	۶۲ حاشیہ ۱۹
وُہ اپنے گمراہ باپ دادا کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں	۳۷	۶۹-۷۰
کیا اللہ کے لیے بیٹیاں اور ان کے لیے بیٹے	۳۷	۱۴۹ تا ۱۵۴
حضُور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو ساحر و کذّاب کہتے	۳۸	۴
بہت سے خُداؤں کو ایک خُدا بنا دیا۔	۳۸	۵
یہ عجیب و غریب بات ہے	۳۸	۶
اپنے عقیدۂ شرک پر بکار رہنے کی تاکید	۳۸	۷
کہتے عقیدۂ توحید من گھڑت ہے	۳۸	۸
ہم رئیسوں کو چھوڑ کر یتیم عبدُ المطّلب کو نبی بنانے میں کیا تُک ہے	۳۸	۹
کیا آپ کے رب کے خزانے وُہ بانٹ رہے ہیں	۳۹	۱۲ تا ۱۴
پہلی قوموں نے بھی اپنے انبیاء کو جُھٹلایا اور تباہ ہُوئیں	۳۸	۱۶
کفّار فوری نزُولِ عذاب کا مطالبہ کرتے ہیں	۳۸	۵۵ تا ۶۱
سرکشوں کا انجام، دوزخ، کھولتا پانی، پیپ، آپس میں تُو تُو مَیں مَیں	۳۸	۶۲ تا ۶۴
جن کو ہم شرِیر اور ذلیل (مسلمان) کہا کرتے تھے وُہ آج نظر نہیں آ رہے	۳۸	۶۳ حاشیہ ۵
مانعبدھم الا لیقرّبونا الی اللہ	۳۹	

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
زلفیٰ اس کی تشریح ، ناروا الزام	۳۹	۳
اور اس کا ازالہ		حاشیہ ۵
مشرک کھلے گھاٹے میں ہیں۔ ان کے		
اوپر نیچے آگ ہی آگ ہوگی	۳۹	۱۵۔۱۶
تکذیب کرنے والوں کا حشر	۳۹	۲۴ تا ۲۶
ان کا عبرتناک انجام		
بڑا ظالم وہ ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھتا		
ہے اور قرآن کو جھٹلاتا ہے	۳۹	۳۲
جب صرف اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو		
کڑھنے لگتے ہیں اور جب بتوں کا ذکر کیا		
جاتا ہے تو خوش ہوتے ہیں	۳۹	۴۵
ایک ناروا الزام اور اس کا رد	۳۹	حاشیہ ۴۵
کفار دنیا بھر کی دولت سے فدیہ ادا کرنا		
چاہیں گے حقیقت سے پردہ اس روز		
اٹھے گا	۳۹	۴۷۔۴۸
جب ہم اسے کوئی نعمت بخشتے ہیں تو		
کہتا ہے کہ یہ تو میرے علم و ہنر کا ثمر ہے	۳۹	۴۹ تا ۵۲
روز قیامت کفار کے منہ کالے ہوں گے۔		
کفار کو جہنم کی طرف ہانکا جائے گا	۳۹	۶۰
فرشتوں سے ان کی بات چیت	۳۹	۷۱۔۷۲
کفار نے بتوں کو اپنا کارساز بنا لیا ہے	۴۲	۹
جو لوگ حجت بازی کرتے ہیں ان کا انجام	۴۲	۱۶
کفار قیامت کے لیے جلدی مچاتے ہیں	۴۲	۱۷
دنیا کے طلبگار کو صرف دنیا ملے گی	۴۲	حاشیہ ۳۸

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
ظالموں کے لیے عذاب الیم	۴۲	۲۱
ظالم اپنے کرتوتوں کے باعث لرزاں		
ہوں گے	۴۲	۲۲
گمراہوں اور ظالموں کی حالت زار	۴۲	۴۴ تا ۴۶
منکرین کا انبیاء کے ساتھ سلوک اور		
اس کا انجام	۴۳	۶ تا ۸
کفار اللہ کی اولاد مانتے	۴۳	۱۵
خدا کے لیے بیٹیاں اور اپنے لیے بیٹے	۴۳	۱۶
اگر اسے بیٹی کی پیدائش کی خبر دی جائے		
تو رنگ فق ہو جائے	۴۳	۱۷۔۱۸
جب فرشتوں کو بیٹیاں بنایا تو کیا یہ لوگ		
دیکھ رہے تھے	۴۳	۱۹
کفار کی بہانہ سازی کہ اگر اللہ نہ چاہتا تو		
ہم بتوں کی عبادت نہ کرتے	۴۳	۲۰
وہ اندھی تقلید کے خوگر ہیں	۴۳	۲۱ تا ۲۳
سب کے گمراہ ہونے کا خدشہ نہ ہوتا تو ہم	۴۳	۳۳ تا
کفار کے دروازے اور چھتیں سونے کی		۳۵
بنا دیتے		
جو اللہ کے ذکر سے اندھا بنتا ہے ہم اس		
پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں	۴۳	۳۶
قیامت کے روز اس سے بیزاری کا		
اظہار کریں گے	۴۳	۳۸
مجرمین کی حالت زار	۴۳	۷۴ تا ۷۸
انھیں کھیلنے کودنے دو	۴۳	۸۳
وہ شک میں کھیل رہے ہیں	۴۴	۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
قحط سالی کا عذاب	۴۴	۱۰-۱۱
بدخانِ مبین		
عذاب معاف کرنے کی دُعا وقتی طور پر	۴۴	۱۲ تا ۱۵
منظور پھر عذابِ الیم		
حضورؐ کو معلم اور مجنون کہنا	۴۴	۱۴
کفّار کا دردناک انجام	۴۴	۴۳ تا ۵۰
مؤمنین و متقین		
غزوۂ خندق کی روشنی میں اہلِ ایمان کا کردار	۳۳	۲۲
تکالیف کے وقت ان کا جذبۂ ایمان فزوں تر ہو جاتا ہے۔ ان کی جانفروشیاں اور اجر	۳۳	۲۲ تا ۲۴، ۴۶، ۴۷ حواشی
اہلِ ایمان مرد و زن کی صفات	۳۳	۳۵
اللہ کا ذکر کرنے والوں کی شان	۳۳	۳۵ حاشیہ ۶۴
اہلِ ایمان کو کثرتِ ذکر اور تسبیح کا حکم	۳۳	۴۱-۴۲
اللہ تعالیٰ مؤمنین پر اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اس کے فرشتے ان کے لیے دُعائیں مانگتے ہیں	۳۳	۴۳
اُنھیں سلامت رہو کی دُعا اور اجرِ کریم ملے گا	۳۳	۴۴
مؤمنین کو فضلِ کبیر کی بشارت	۳۳	۴۷
مؤمنین کے لیے مغفرت اور رزقِ کریم	۳۴	۴
جنھیں اذن ہو گا وُہ شفاعت کریں گے	۳۴	۲۳
اموال و اولاد نہیں بلکہ ایمان اور عمل صالح قُربِ الٰہی کا ذریعہ ہیں	۳۴	۳۷
جو لوگ کتاب کی تلاوت کرتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں۔ اللہ کے رزق سے خرچ کرتے ہیں، اُن کی تجارت نفع والی ہے	۳۵	۲۹
ان کو ان کا پُورا اجر بھی ملے گا اور اپنے فضل سے مزید بھی	۳۵	۳۰
نیکیوں میں سبقت لے جانے والوں کو جناتِ عدن اور دیگر نعمتیں	۳۵	۳۳
وُہ اللہ کی حمد کریں گے	۳۵	۳۴-۳۵
وعظ و نصیحت کا فائدہ اللہ سے ڈرنے والوں کو ہوتا ہے	۳۶	۱۱
مومن کی زندگی اور موت	۳۶	۲۰ تا ۲۷
اہلِ جنّت کی لُطف اندوزیاں، وُہ اور ان کی بیویاں، سلام کا پیغام، علّامہ پانی پتی کی تفسیر	۳۶	۵۵ تا ۵۷ حاشیہ ۵۰
اللہ کے مخلص بندوں پر انعامات کی بارش	۳۷	۴۰ تا ۴۹
اہلِ جنّت کا ایک منکرِ قیامت ساتھی کو یاد کرنا اور وہاں سے اس دوزخی سے بات چیت	۳۷	۵۰ تا ۵۷
اہلِ جنّت کو پھر موت نہیں آئے گی۔ یہی فضلِ عظیم ہے	۳۷	۵۸ تا ۶۱
پرہیزگاروں پر نوازشات (جناتِ عدن، پھل، شرابِ طہور اور حُوریں)	۳۸	۴۹ تا ۵۴
بندۂ مومن رات بھر جاگتا ہے پھر ڈرتا ہے	۳۹	۹

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُس کی رحمت کی آس لگائے رہتا ہے		
وُہ اَور جاہل برابر نہیں ہو سکتے	۳۹	۹
صابروں کو بغیر حساب اجر ملے گا	۳۹	۱۰
جو دُنیا میں اچھے کام کرتے ہیں اُنھیں اچھا صِلہ ملے گا	۳۹	۱۰
اہلِ اِیمان کو مُژدہ	۳۹	۱۷_۱۸
قرآن سُن کر اُن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں	۳۹	۲۳
ان کے دِل نرم ہو جاتے ہیں	۳۹	۲۳
حضورؐ پر اِیمان لانے والوں کی شان	۳۹	۳۳ تا ۳۵
مُتّقیوں کو نجات ملے گی۔ کوئی تکلیف نہ ہوگی	۳۹	۶۱
متقیوں کو جنّت کی طرف لے جائیں گے		
وہاں ان کی عزّت افزائیاں	۳۹	۷۳_۷۴
اہلِ اِیمان قیامت سے خوفزدہ رہتے ہیں	۴۲	۱۸
جو آخرت کا طلبگار ہے اس پر مہربانی	۴۲	حاشیہ ۳۸
نیکوں پر فضلِ کبیر	۴۲	۲۲_۲۳
اہلِ اِیمان کی دُعائیں قبول فرماتا ہے	۴۲	۲۶
ویزیدھم من فضلہ		
اہلِ اِیمان کے لیے خیرٌ و ابقٰی	۴۲	۳۶ تا ۳۸
اہلِ اِیمان کی صفات	۴۲	۳۸
جب ان پر زیادتی کی جاتی ہے تو بدلہ لیتے ہیں	۴۲	۳۹ تا ۴۲ حاشیہ ۶۱ تا ۶۵
لیکن بخش دینا افضل ہے	۴۲	۴۳
من عزم الامور		

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
آخرت مُتّقین کے لیے ہے	۴۳	۳۵
قیامت کے روز بجُز پرہیزگاروں کے سب دوست دُشمن ہوں گے۔ (الاخلاّء یومئذٍ)	۴۳	۶۷ حاشیہ ۶۸
اُنھیں اُس روز خوف و حُزن نہ ہوگا	۴۳	۶۸_۶۹
دِیگر اِنعامات	۴۳	۷۰ تا ۷۳
جن پر اللہ رحم فرمائے گا ان کی دوستی کام آئے گی	۴۴	۴۲
مُتّقین پر نوازشات	۴۴	۵۱ تا ۵۷
اہلِ اِیمان کے لیے زمین و آسمان میں اللہ کی قدرت و حکمت کی نشانیاں ہیں	۴۵	۳
تمھاری پیدائش، حیوانات، گردشِ لیل و نہار یہ نشانیاں ہیں	۴۵	۴_۵
جو اللہ کو رب مانتے ہیں۔ پھر اِستقامت اِختیار کرتے ہیں اُنھیں نہ خوف اَور نہ حُزن ہوگا و دیگر اِنعامات	۴۶	۱۳
جو اللہ کے محبُوبؐ پر اِیمان لائے۔ اُن کے گناہ مٹا دیئے۔ ان کے حالات کو درُست کر دیا۔ اللہ اہلِ اِیمان کا مددگار ہے۔ کفّار کا کوئی مددگار نہیں	۴۷	۱۱
اہلِ اِیمان جنّت میں	۴۷	۱۲
اہلِ اِیمان کے لیے جنّت جس میں شہد و شراب کی نہریں	۴۷	۱۵
جو راہِ ہدایت پر ہیں اُن کے نورِ ہدایت میں اضافہ کر دیا جاتا ہے، تقویٰ بخشا جاتا ہے	۴۷	۱۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مومنین کی آزمائش	۴۷	۳۱
ہمت مت ہارو تم ہی سربلند ہو گے	۴۷	۳۵
اہلِ ایمان کے دلوں میں سکینہ نازل کیا اور ان کی قوتِ ایمان میں اضافہ	۴۸	۴
اولیاء اللہ کے ساتھ بیعت کا ثبوت	۴۸	حاشیہ ۱۳
مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں	۴۹	۱۰
مومن کی صفات	۴۹	۱۵
جنت ان کے نزدیک کردی جائے گی	۵۰	۳۱
آخرت میں قرب و بعد کا مفہوم	۵۰	حاشیہ ۲۸
ان کی صفات، خشیت اور قلبِ منیب	۵۰	۳۲-۳۳
جو مانگیں گے وہ بھی ولدینا مزید	۵۰	۳۵
متقین پر انعامات	۵۱	۱۵-۱۶
وہ رات کو کم سوتے ہیں	۵۱	۱۷
سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں	۵۱	۱۸
ان کے اموال میں سائل اور محروم کا حق ہے	۵۱	۱۹
آیات زمینی اور انفسی میں غور کرنا ان کا شیوہ ہے	۵۱	۲۰-۲۱
متقین پر نوازشات کی بارش	۵۲	۱۷ تا ۲۴
متقین کی ایماندار اولاد بھی ان کے ساتھ ملا دی جائے گی	۵۲	۲۱ حاشیہ ۱۴
ایک دوسرے سے گزشتہ احوال کا تذکرہ	۵۲	۲۵ تا ۲۸
فرشتے مومنین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں	۴۰	۷
فرشتے نیکوں کے والدین، بیویوں اور اولاد کے لیے بھی دعائیں کرتے ہیں	۴۰	۸-۹
مومن اپنے ماں باپ کو بخشوائے گا	۴۰	حاشیہ ۱۷
شانِ بندگی اور شانِ بندہ نوازی	۴۱	۳۰ تا ۳۲
دیگر بے پایاں انعامات		حاشیہ ۴۵، ۴۶
دوسروں کو گمراہی سے نکالنا بہترین کام ہے	۴۱	۳۳
برائی کا بدلہ نیکی سے دینے کا حکم	۴۱	۳۴-۳۵

معاشیات

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
جو لوگ راہِ حق میں خرچ کرتے وقت کنجوسی کرتے ہیں اور ضرورت مند طبقہ کی کفالت نہیں کرتے اُن کا انجام	۳۳	۱۹ حاشیہ ۳۶
حضرت داؤدؑ کو عمدہ زرہیں بنانے کا فن سکھایا گیا	۳۴	۱۱
مصنوعات کو مضبوط اور خوب صورت بنانے کی تلقین	۳۴	حاشیہ ۱۶
دریا اور سمندر میں گوشت اور سامانِ زینت ہے	۳۵	حاشیہ ۱۲
بحری تجارت سے تلاشِ رزق کو فضلِ الٰہی کہا گیا	۳۵	۱۲
بگڑے ہوئے لوگوں کو غریبوں کی امداد کے لیے کہا جاتا ہے تو کہتے ہیں جنھیں خدا نے نہیں دیا ہم اُنھیں کیوں دیں۔		
سرمایہ دارانہ ذہنیت	۳۶	۴۷

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ	۴۲	۳۸
ہم نے کسی کو رزق کم دیا، کسی کو زیادہ، درجات میں فرق کر دیا۔ اس کی حکمت، ایک دوسرے سے کام لے سکو	۴۳	۳۲
سب کے گمراہ ہونے کا خطرہ نہ ہوتا	۴۳	۳۳ تا
تو ہم کفّار کے دروازے اور چھتیں سونے اور چاندی کی بنا دیتے		۳۵
آخرت تیرے رب کے پاس متقین کے لیے ہے	۴۳	۳۵
ان کے مالوں میں سائل اور محروم کا حق ہے	۵۱	۱۹
(متقین کی صفات)		
زمین پیدا فرمائی۔ اس نے رزق کا انتظام کیا۔ سب کے لیے برابر موقع سواء للسّائلین	۴۱	۱۰
		حاشیہ ۱۸
مُنافقین		
مُنافقین کے کردار کا تفصیلی تجزیہ	۳۳	۱۲ تا ۲۰
غزوۂ خندق کی روشنی میں		
مُنافقین کو مدینہ سے نکال دیا جائے گا		
انھیں قتل کر دیا جائے گا۔ ان کا انجام تباہی ہے	۳۳	۶۰ تا ۶۲
مُنافقین جب بارگاہِ رسالتؐ میں حاضر ہوتے ہیں	۴۷	۱۶

	سورۃ نمبر	آیت نمبر
اُن کے دِلوں پر مُہریں، وُہ نفس کے پیروکار ہیں	۴۷	۱۶
جہاد پر جانے کا حکم سُن کر موت کی غشی طاری ہو گئی	۴۷	۲۰_۲۱
اگر انھیں حکومت مِل جائے تو فتنہ برپا کر دیں اور قطع رحمی کرنے لگیں	۴۷	۲۲
موت کے وقت مُنافقین کی حالت	۴۷	۲۷،۲۸
صلح حدیبیہ سے مُنافقین کو عذاب	۴۸	۶
مُنافقین کی جہاد سے پیچھے رہنے کی بہانہ سازیاں	۴۸	۱۱
یہ سمجھتے تھے کہ اَب اللہ کا رسولؐ اور مُسلمان اہلِ مکّہ سے بچ کر واپس نہیں آئیں گے	۴۸	۱۲
غنیمت کے لالچ کے لیے جہاد میں شرکت کی خواہش کریں گے لیکن انھیں اجازت نہیں	۴۸	۱۵
فرمایا تمھیں پھر موقع دیا جائے گا جب جنگجو قوم سے لڑنے کی نوبت آئے گی	۴۸	۱۶
جنگجو قوم سے کون مُراد ہیں		حاشیہ ۲۵
نواہی		
تمھیں دُنیوی زندگی دھوکہ میں نہ ڈال دے	۳۵	۵
شیطان تمھیں اللہ سے فریب میں مُبتلا نہ کر دے	۳۵	۵

	سورۃ نمبر	آیت نمبر		سورۃ نمبر	آیت نمبر
آپس میں تفرقہ نہ ڈالو،	۴۲	۱۳ تا ۱۴	(اہلِ پاکستان کے لیے لمحۂ فکریہ)	۴۵	حاشیہ ۲۵
تفرقہ بازی کی وجہ بغیٌ بینھم	۴۲	حاشیہ ۱۸	مذاق مت کرو عیب چینی مت کرو۔		
جاہلوں کی طرح خواہشاتِ نفس کی			بُرے القاب سے مت بُلاؤ	۴۹	۱۱
پیروی نہ کرو۔ وُہ تمھاری کوئی مدد			ایک دُوسرے کی جاسُوسی نہ کرو	۴۹	حاشیہ ۲۴
نہیں کر سکیں گے	۴۵	۱۸۔۱۹	اللہ کے ساتھ کسی کو خُدا نہ بناؤ	۵۱	۵۱

سرٹیفکیٹ

میں نے اِس قرآنِ مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اَور امعانِ نظر سے پڑھا ہے اَور
میں تصدیق کرتا ہُوں کہ اِس کے متن میں کوئی کمی بیشی اَور کتابت کی کوئی غلطی نہیں ہے۔

ابُوالفیض محمد عبدالکریم
خطیب جامع مسجد خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپُورہ

طبع جدید سرٹیفکیٹ

ہم نے اس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً نہایت غور اور امعان نظر سے پڑھا ہے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' ہم تصدیق کرتے ہیں
کہ ان شاء اللہ اس کے متن میں کوئی کمی بیشی یا کتابت کی غلطی نہیں ہے۔

قاری محمد اشرف خوشابی
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پنجاب (پاکستان)

مولانا ملک محمد بوستان
فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف


محمد زاہد سیفی
فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

مولانا غلام علی
فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

فرہنگ

نمبر شمار	لفظ	معنی ومفہوم	صفحہ	جلد	حاشیہ
1	پوزش پذیری	معذرت قبول کرنا	38	4	49
2	تاب مقاومت	مقابلہ کی طاقت	40	4	51
3	سان گمان	وہم وخیال	48	4	61
4	دسیسہ کاری	سازش کرنا	49	4	61
5	زاغ	کوا	74	4	73
6	موقلم	باریک برش	154	4	40
7	یک بار دیگر بینم	ایک دفعہ پھر دیدار	154	4	40
8	مقدر کو کوسو	مقدر کو ملامت کرو	173	4	19
9	قابوں	تھالوں	184	4	50
10	کہنگی	پرانے ہونے، بڑھاپے	191	4	71
11	چشم آز	حریص آنکھ	233	4	27
12	کشتگان خنجر تسلیم	ہر حال میں اطاعت گزار	274	4	48
13	چرخ نیلوفری	نیلگوں آسمان	334	4	23
14	قشون قاہرہ	جابر لشکر	347	4	55
15	فرومایہ	گھٹیا	355	4	75
16	پادرہوا	خیالی، وہمی	373	4	33
17	جانکاہیوں	محنتوں	376	4	42
18	ربع مسکون	دنیا کا چوتھائی جو خشکی پر ہے جسے آباد خیال کیا جاتا ہے (باقی سب پر پانی ہے)	377	4	42
19	نوک مژگان	پلکوں کے کنارے	377	4	42

20	مہبط	نازل ہونے کی جگہ	379	4	45
21	کالے کوسوں	بہت دور	404	4	15
22	سرافگندی	فرمانبرداری	404	4	15
23	برناوپیر	جوان اور بوڑھا	411	4	35
24	کسمساتے	بل کھاتے	416	4	44
25	الاہنیاں	شکایتیں	416	4	45
26	دریوزہ گر	بھکاری	456	4	25
27	زہرہ گدازیوں	مشقتوں	461	4	33
28	بھاڑ جھونکنے والے	آگ جلانے والے مراد تنگدستی وغربت کی زندگی بسر کرنے والا	469	4	تعارف
29	زہرہ گداز	پتا کو پگھلا دینے والی، انتہائی مشکل	534	4	4
30	کینہ توز	بغض رکھنے والا	553	4	31
31	بادصرصر	جھکڑ	580	4	5
32	خاطر عاطر	معطر دل	580	4	5
33	فرستادہ	پیغمبر، بھیجا ہوا	639	4	46
34	داور محشر	میدان حشر میں انصاف کرنے والا، خدا تعالیٰ	643	4	تعارف
35	بوداپن	ضعف، کمزوری	652	4	22
36	پیل تن	ہاتھی جیسے جسم والا، مراد انتہائی جسیم	660	4	44


ZIA-UL-QURAN PUBLICATIONS